خزینۂ معارف

اُردو ترجمہ،

ابریزی حواشی و پیش لفظ از مترجم

مُترجَم،

ڈاکٹر پیر محمد حسن

ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی

ہاشمی پبلی کیشنز راولپنڈی

معرفت اور علمِ لُدنی پر لاجواب کتاب

خزینہ معارف

(اُردو ترجمہ: ابریز مع حواشی وپیش لفظ از مترجم)

جس میں حضرت العلامہ احمد بن مبارک سلجماسی رحمۃ اللہ علیہ نے غوث زماں حضرت سید عبدالعزیز دباغ مغربی کے مختصر حالات زندگی، متعدد آیات قرآنی، احادیثِ نبوی کی بے نظیر تشریحات اور علم وعرفان کی نادر باتیں جمع کی ہیں۔

مترجم

ڈاکٹر پیر محمد حسن

ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی

ہاشمی پبلی کیشنز، راولپنڈی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	:	خزینہ معارف
تالیف	:	ڈاکٹر پیر محمد حسن
نظرِ ثانی	:	جناب محمد رئیس احمد قادری
طبع اول	:	2009ء
ناشر	:	ہاشمی پبلی کیشنز، راولپنڈی
تعداد	:	1000
مطبع	:	پیر بھائی پرنٹنگ پریس، لاہور
قیمت	:	500

ملنے کا پتہ

احمد بک کارپوریشن

عالم بزنس سنٹر، اقبال روڈ، کمیٹی چوک، راولپنڈی

فون۔051-5558320

فہرستِ مضامین

حرفِ اوّل	محمد رئیس قادری	18
ڈاکٹر پیر محمد حسن بحیثیت محقق	ڈاکٹر محمد طفیل	19
سوانحی خاکہ ڈاکٹر پیر محمد حسن	ڈاکٹر محمد طفیل	23
پیر محمد حسن اے زندہ دل	ڈاکٹر محمد حسن تسبیحی	24
پیش لفظ	محمد حسن	26
دیباچہ		27

حصہ اوّل

خطبہ	61
نسب نامۂ حضرت عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ	61
جبرئیل کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حقیقتِ ایمان سے متعلق سوال کرنا	62
جامع کتاب کی حضرت دباغ رحمۃ اللہ علیہ سے پہلی ملاقات	62
ابتداءِ تالیفِ کتاب	63
ولادت سے پہلے کے حالات	64
العربی الفشتالی کا مبارک بن علی کی بیعت کرنا	64
عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کا فارحہ سے نکاح	64
العربی کی مسعود دباغ سے محبت	65
عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کی ولایت کی پیشگوئی	65
العربی کی وفات	65
عبدالعزیز کی ولادت	65
الفشتالی رحمۃ اللہ علیہ کا رُتبہ	66
الفشتالی رحمۃ اللہ علیہ کے کشف کی ایک اور مثال	66
کشف کی تیسری مثال	66
فشتالی رحمۃ اللہ علیہ کا اپنے احوال کو چھپانا	67
عمر بن الفارض کے ایک شعر کا الفشتالی پر اثر	67
اخفاءِ حال کی ایک اور شہادت	67
کشف، کی ایک اور مثال	68
قیامُ اللّیل میں فشتالی رحمۃ اللہ علیہ کی حالت	68
کشف کی مثال	68
آدابِ شرع کا پاس	68
فشتالی رحمۃ اللہ علیہ کا صبر و تحمل	69
ہمسایوں سے برتاؤ	69
کشف و کرامت کی ایک اور مثال	69
ایک واقعہ	69
کشف کی مثال	69
فشتالی کا شاہد عادل ہونا	69
فصل ثانی	70
عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کی خضر سے ملاقات	70

عمر بن محمد ہواری کی وفات 70
حضرت عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کا شرح صدر 71
عبداللہ برنادی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات 72
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت 72
عبداللہ برنادی کا دباغ رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے عورت کی صورت میں آنا 73
عبداللہ برنادی کی وفات 73
صالحین خواہ ایک دوسرے سے کتنا دُور ہی کیوں نہ رہتے ہوں اُن کے درمیان بُعد نہیں ہوتا 73
دباغ رحمۃ اللہ علیہ نے برنادی سے اسرار ورثے میں لیے 74
قطبِ زمان منصور بن احمد سے ملاقات 74
منصور بن احمد کی وفات 74
سید عبداللہ برنادی رحمۃ اللہ علیہ منصور بن احمد رحمۃ اللہ علیہ سے بڑے تھے 74
محمد لہواج رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات 75
کتمانِ سرّ کی تاکید 75
کتمانِ سرّ کے بارے میں پہلی حکایت 75
دوسری حکایت 76
تیسری حکایت 76
چوتھی حکایت 77
پانچویں حکایت 79
تیسری فصل 80
شیخ کی بعض کرامات کا بیان 80
کرامت اول سلامتی تحقیدہ 80
احادیثِ صفات کے متعلق سوال 81
احادیثِ صفات کے متعلق مؤلف کی تشریح 81
دوسری کرامت 82
تیسری کرامت 82
چوتھی کرامت 82
پانچویں کرامت 83
چھٹی کرامت 83
ساتویں کرامت 83
آٹھویں کرامت 84
نویں کرامت 86
دسویں کرامت 86
اللہ کی معرفت سے پہلے نبی کریم ﷺ کی معرفت ضروری ہے 87
وہ کرامات وکشوف جو محمد بن احمد زیراری سے پیش آئیں 87
حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا ایک کشف 88
دوسرا کشف 88
تیسرا کشف 88
چوتھا کشف 89
پانچواں کشف 89
چھٹا کشف 89
ساتواں کشف 89
آٹھواں کشف 90
نواں کشف 90
کرامت 90
دسواں کشف 90
گیارہواں کشف 91
بارھواں کشف 92
تیرھواں کشف 92
کرامت 92
چودھواں کشف 92
پندرہواں کشف 93
ایک اور کرامت 93
فقیہ علی بن عبداللہ الصبّاغی رحمۃ اللہ علیہ کی بیان کردہ کرامات 93

پہلی کرامت 93
دوسری کرامت 94
تیسری کرامت 94
چوتھی کرامت 95
پانچویں کرامت 96
چھٹی کرامت 97
ساتواں کشف 97
آٹھواں کشف وکرامت 97
نواں کشف 98
حضرت کی اُن کرامات کا ذکر جو الفقیہ عبداللہ بن علی 98
تازی نے بیان کیں
پہلی کرامت 98
دوسری کرامت 99
تیسری کرامت 99
چوتھی کرامت 99
پانچویں کرامت 99
چھٹی کرامت 100
ساتویں کرامت 100
آٹھویں کرامت 100
نویں کرامت 100
الارضی سید العربی الزیادی کی تحریر کردہ کرامات 100
پہلی کرامت 101
دوسری کرامت 101
تیسری کرامت 101
چوتھی کرامت 102
پانچویں کرامت 102
چھٹی کرامت 103
ساتویں کرامت 103
آٹھویں کرامت 103
نویں کرامت 103
دسویں کرامت 104
گیارہویں کرامت 104
بارہویں کرامت 105
تیرہویں کرامت 105
چودھویں کرامت 106
پندرہویں کرامت 106
سولہویں کرامت 106
سترہویں کرامت 107
اٹھارہویں کرامت 107
انیسویں کرامت 108
بیسویں کرامت 108
احادیث کے متعلق استفسار 109
اِکیسویں اور سب سے بڑی کرامت 109
اُمِرْتُ اَنْ اَحْکُمَ بِالظَّواھِرِ 109
کَنْزًا لَا اُعْرَفُ 109
اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلَ 109
اِتَّخِذُوْا عِنْدَالْفُقَرَآءِ یَدًا 110
اُحِبُّ الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ 110
عُلَمَآءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَآءِ بَنِیْ اِسْرَائِیلَ 110
اَنَا اَفْصَحُ مَنْ نَطَقَ بِالضَّادِ 110
کلام نبی چھپا نہیں رہتا/اولیاء کلام نبی کو کیسے پہچانتے ہیں؟ 110
دوسری پہچان 111
اولیاء خواہ اُمّی ہی کیوں نہ ہوں قرآن اور حدیث میں امتیاز کر سکتے ہیں 111
قرآن اور حدیث قدسی میں فرق 111
نور ذات نبی اور نور روح میں فرق 111

حدیث قدسی کی قسمیں 112
حدیثِ قدسی کلام خداوندی نہیں بلکہ کلام نبیؐ ہے 112
نورِ نبی ﷺ کی تشریح 113
دوسری تشریح 113
نورِ نبی ﷺ کی تین حالتیں 113
تیسری تشریح 114
کلام پاک کی ہیبت اور دبدبہ شاہی فرمان کا سا ہے 114
کلام اللہ کی پہچان 115
حواشی 116

پہلا باب

وہ احادیث جن کا مطلب ہم نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا

پہلی حدیث 121
اس حدیث پر اعتراض اور اس کا جواب 121
دوسری حدیث 123
سات حروف کیا ہیں؟ 124
شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تقریر پر اعتراض 126
شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے اعتراض کا جواب 126
حروف کی مزید تشریح 127
آدمیت
اجزاء آدمیت اور اس کا پہلا جزو 127
دوسرا جزو 127
تیسرا جزو 127
چوتھا جزو حسنِ باطنی کا کمال 127
پانچواں جزو نر ہونا 127
چھٹا جزو۔ انسانی جسم سے شیطانی حصہ نکال دینا 128
ساتواں جزو کمال عقل 128

۲۔ قبض

۱۔ حاصہ 128
۲۔ انصاف 128
۳۔ ضد سے نفرت 128
۴۔ حق بات کہنے سے نہ شرمانا 128
۵۔ تعمیلِ احکام 129
۶۔ میل اِلَی الجنس 129
۷۔ کمالِ گرفت 129

۳۔ بسط

۱۔ فرحِ کامل 129
۲۔ سکونِ خیر فی الذّات 130
۳۔ فتح حواسِ ظاہر 130
فتحِ حواس ظاہرہ اور کمالِ حواسِ ظاہرہ میں فرق 130
۴۔ فتح حواسِ باطنہ 130
۵۔ مقامِ رفعت 131
۶۔ حُسن تجاوز 131
۷۔ نرم خوئی اور تواضع 131
آدمیت، قبض اور لبسط کے اجزاء انبیاء و غیر انبیاء دونوں میں پائے جاتے ہیں، لیکن انبیاء میں بدرجۂ اکمل ہوتے ہیں 131
ذاتِ نبی اور غیر نبی کے قبض میں فرق 132
شیاطین کا قبض 132
عامۃ المومنین کا قبض 132

۴۔ نبوت

۱۔ حق گوئی 132
حکایت 133
دوسری حکایت 133
۲۔ صبر 134

۳۔رحمت 134
۴۔معرفت الٰہی 135
۵۔خوفِ تام 135
۶۔بُغضِ باطل 135
۷۔عفو 136

۵۔رُوح

۱۔ذوق الأنوار 137
ذوقِ رُوح اور ذوقِ جسم میں فرق 137
روحِ محمدی ﷺ اور دیگر ارواح میں فرق 137
۲۔طہارت 138
آنحضرت ﷺ کی رُوح سب سے بڑی رُوح ہے 138
خوان کی صفائی چار باتوں سے حاصل ہوتی ہے 138
۳۔تمیز 139
رُوحِ محمدی سے کوئی چیز محجوب نہیں 139
علم ازلی الٰہی اور علمِ نبوی میں کیا فرق ہے 139
۴۔بصیرت 140
۵۔عدمِ غفلت 140
إِنِّیْ لَا أَنْسَیٰ وَلٰکِنْ أَنْسیٰ لِأَسُنَّ 141
۶۔قوتِ سریان 141
یحییٰ علیہ السلام کا قصہ 142
اولیاء اللہ میں بھی یہ قوت پائی جاتی ہے 142
واقعۂ معراج 142
۷۔مولّماتِ اَجرام کا عدمِ احساس 142

۶۔عِلم

۱۔معلومات کا بار اٹھانا 143
۲۔ضائع نہ کرنا 144
۳۔زبانوں، حیوانوں اور جمادات کی آوازوں کی معرفت 145
۴۔انجام سے واقفیت 145
۵۔ان علوم کی معرفت جن کا تعلق انسانوں اور جنّوں سے ہے 146
۶۔ان علوم کی معرفت جن کا تعلق کونین کے احوال کے ساتھ ہے 147
۷۔جہالت کا ایک جہت میں محصُور رہونا 147

۷۔رسالت

۱۔رُوح کا جسم میں برضا و رغبت قیام 147
۲۔علمِ کامل 148
۳۔صِدق 148
۴۔سکینہ و وَقار 149
۵۔مشاہدۂ کاملہ 150
۶۔زندگی میں موت 150
۷۔جنتیوں کی سی زندگی بسر کرنا 150
قرآنِ مجید میں لَحن کے بارے میں ابوبکر باقلانی کی رائے 156
نزولِ وحی کے بعد آنحضرت ﷺ معجزہ کے طور پر لکھنا اور پڑھنا جاتے تھے 160
قرآن کا رسم الخط توقیفی ہے 161
اِنَّ فِی الْقُرْاٰنِ لَحْناً پر بحث 162
حرکاتِ ثلٰثہ اور جزم کے اَنوار 164
رفع کی سات قسمیں ہیں 164
جَزم کے اقسام 165
زَبر کے اقسام 165
زِیر کے اقسام 165
سورۂ فاتحہ کی مختلف قراءتوں کے معانی 170
حضرت علیؓ کی قراءت مَلَاکِ یَوْمِ الدِّیْنِ 173
ابوطیوۃ کی قراءت مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ 173
عُمر بن عبدالعزیز کی قراءت مَلْکِ یَوْمِ الدِّیْنِ 174

مذکورہ بالا قراءتوں کے علاوہ اور قراءتیں 174
اِیَّاکَ کی مختلف قراءتیں 174
اسواری کی قرأت اِیَاکَ 175
بعض اہل مکہ کی قرأت نَعْبُدُ 175
اِیَّاکَ یَعْبُدُ 175
قرأت نَعْبُدُدْ 176
یحییٰ بن وثاب رحمۃ اللہ علیہ کی قراءت نَسْتَعِیْنُ 177
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قرأت غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ 177
ابوایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ کی قراءت وَلَا الضَّآلِّیْنَ 178
مقامِ نبوی 178
شرح حالِ رُوح 178
معارفِ اولیاء کی شرح 179
شرح حدیث: اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ ط 179
اَئِمّہ قُرّاء اور حضرت کے بیان میں فرق 180
کہیں کوئی یہ خیال نہ کر بیٹھے کہ قرآن کی تفسیر انہی سات باطنی حروف سے ہوسکتی ہے اور بس 180
حروفِ ملفوظہ کے اسرار کا علم سوائے اصحابِ کشف کے کسی کو نہیں ہوسکتا 181
قرآن مجید کا رسم الخط توقیفی ہے۔ اصطلاحی نہیں 181
دو اعتراض اور ان کا جواب 181
کلامِ شیخ اور احادیث میں تطبیق 182
اختلافِ قرأت سات قسم کا ہے 186
تیسری حدیث اَلرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ الخ 187
اس حدیث کی وہ شرح جو امام غزالیؒ نے کی ہے 190
مازریؒ کی تشریح 191
ابوسعید سفاقسی کی تشریح 191
اس پر اعتراض 192
تیسرے اعتراض کا جواب 192
جواب الجواب 192
چوتھے اعتراض کا جواب 192
دوسرے اعتراض کا جواب 192
ابن حجرؒ کے بیان پر اعتراض 193
ابوجعفر طبریؒ کا بیان 193
ابنِ بطال کا بیان 193
ایک اور بیان 194
امام ابومحمد ابن ابی جمرہؒ کا بیان 194
رحمانی و شیطانی خوابیں 194
سچی اور جھوٹی خوابیں 195
ضرر رساں اور غیر ضرر رساں خوابیں 196
جب خواب نقصان دہ نہیں تو پھر تعوذ کا کیوں حکم دیا گیا 197
بائیں طرف تھوکنے کا کیوں حکم دیا گیا 197
دائیں جانب سے کیا مراد ہے 198
تین بار تھتکارنے میں حکمت 198
پریشان خواب دیکھنے کے بعد نماز پڑھنے کا حکم 199
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کی دی ہوئی تعبیر کے متعلق سوال 200
حدیث کے الفاظ کی روایت میں اختلاف 200
ابوبکر رضی اللہ عنہ کی غلطی کے بارے میں علماء کا اختلاف 201
قاضی عیاضؒ کی رائے 201
قتیبہ بن سعید وغیرہ کی رائے اور اس کا جواب 201
امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کی رائے 202
ایک اور قول 202
ایک اور قول 202
ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے 202
حضرت سیّد عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کی بیان کردہ تشریح 203
اُمراءِ ثلٰثہ سے کون مراد ہیں؟ 205

خواب کیا ہے اور کیسے نظر آتی ہے؟ 207
مازری کی رائے 207
فلاسفہ کی رائے 207
معتزلہ کی رائے 207
ابن عربی کی رائے 207
صالح معتزلی کی رائے 208
خواب کے متعلق اہل سنت کی رائے 208
ایک اور رائے 208
ایک اور قول 208
اس حدیث کے متعلق ذہبی کی رائے 209
ایک اور رائے 209
خواب کی دو قسمیں ہیں، خواطر اور ادراکات 209
پہلی قسم۔ ادراکات 210
ظلام۔ ظلمت کے دس درجے ہیں 211
درجات طہارت 214
طہارت کا پہلا درجہ 215
دوسرا درجہ 215
تیسرا درجہ 216
چوتھا درجہ 216
پانچواں درجہ 216
چھٹا درجہ 216
ساتواں درجہ 217
آٹھواں درجہ 217
نواں درجہ 217
دسواں درجہ 217
سوال 218
جواب۔ انبیاء کی خوابیں دو قسم کی ہیں۔ معاینہ اور وحی 218
معراج دو مرتبہ ہوئی ایک مرتبہ روحانی اور دوسری مرتبہ جسمانی 219
خواب وحی 219
جناب سید الوجود علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا 221
خواب کی دوسری قسم 222
تعبیر رؤیا ایک وہبی علم ہے جو کسب سے حاصل نہیں ہو سکتا 223
حدیث اَلْاِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہ الخ 223
تشریح 223
سوال و جواب 226
قرآن کی آیت کو بھلا دینے کی حدیث کے متعلق سوال 225
جواب 225
جنت اور دوزخ کی بحث والی حدیث کے متعلق سوال 226
جبرئیل کا کچھ مدت تک وحی نہ لے کر آنے والی حدیث کے متعلق سوال 227
محشر میں اللہ کا مومنین کے سامنے آنا، سوال و جواب 227
حدیث اِنَّ قَلْبَ الْعَبْدِ بَیْنَ الخ کے متعلق سوال و جواب 229
حدیث حجرِ اسود دنیا میں اللہ کا دایاں ہاتھ ہے کے متعلق 230
سوال و جواب
یُنْوُتِیْ بِالْمَوْتِ فِیْ صُوْرَۃِ کَبْشٍ الخ کے متعلق 230
سوال و جواب
کنکریوں کی تسبیح وغیرہ کے متعلق بیان
حضرت داؤد اور مینڈک کا قصہ 231
محمد ہواج اور مچھلیوں کا قصہ 231
موسیٰ علیہ السلام کا اللہ سے کلام والی حدیث کے متعلق 231
سوال و جواب
جبرئیل کا ایک سائل کی صورت میں آنا اور آنحضرت ﷺ کا اُسے نہ پہچاننا 234
حدیث مَامِنْ نَبِیٍّ اِلَّا وَقَدْ اَعْطٰی مَا مِثْلُہٗ اٰمَنَ عَلَیْہِ الْبَشَرُ 235
مشاہدۂ نبی کریمؐ 236

حدیث الاشعریین 238
تابیر نخل کا قصہ 240
حدیث اِذَا اُذِّنَ بِالصَّلٰوۃِ اَدْبَرَ الشَّیْطَانُ وَلَہٗ صُرَاط 241
حدیث اَبِیْتُ عِنْدَ رَبِّیْ یُطْعِمُنِیْ وَ یَسْقِیْنِیْ 242
ولادت نبوی ﷺ 242
ولادتِ نبوی ﷺ کس ماہ میں ہوئی 243
آنحضرت ﷺ کا یومِ ولادت 243
آنحضرت ﷺ کا سالِ ولادت 244
آنحضرت ﷺ کی مدتِ حمل 244
آنحضرت ﷺ کے بغل کے بال 244
کیا آنحضرت ﷺ کے ابرُو ملے ہوئے تھے؟ 244
آنحضرت ﷺ کی چال 245
آنحضرت ﷺ کی داڑھی مبارک 245
آنحضرت ﷺ کے بال، سفید بال، خضاب اور چونہ کا استعمال 245
شقِ صدر 245
کیا آنحضرت ﷺ کی انگشت شہادت درمیانی انگشت سے بڑی تھی؟ 246
جبرائیل کا آنحضرت ﷺ کو تین بار بھینچنا 246
حدیث اَرَاَیْتُکُمْ لَیْلَتَکُمْ ھٰذِہٖ 247
حواشی 248

دوسرا باب

قرآنی آیات اور قرآنی آیات میں سریانی الفاظ کی تشریح

۱۔ فَلَمَّا اٰتَاھُمَا صَالِحاً الایۃ 266
۲۔ اَتَجْعَلُ فِیْھَا 266
۳۔ اِتَّبِعُوْا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ 267
قرآن مجید کی متعدد آیات میں سَمع کو بَصر پر مقدم کیوں لایا گیا ہے؟ 269

وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً الایۃ 270
وَاَلْزَمَھُمْ کَلِمَۃَ التَّقْوٰی الایۃ 270
وَاَنَّہٗ اَھْلَکَ عَادَنِ الْاُوْلٰی الایۃ 171
حضرت دباغ رحمۃ اللہ علیہ غوثِ وقت تھے 273
نوح علیہ السلام سے پہلے سات سو رسول آئے 273
وَدَاوٗدَ وَ سُلَیْمٰنَ اِذْ یَحْکُمَانِ فِی الْحَرْثِ . الایۃ 274
حکایت 275
یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ 276
مشیخا یا مشیحا 276
انجیل کے معنی 276
توراۃ کے معنی 277
مسیح 277
ایک اور قصہ اور اَحْمٰی حَمِیْثاً وَّاَطْمٰی طَمِیْثاً کی تشریح 277
سریانی ارواح کی زبان ہے 278
سریانی کے سوا تمام زبانوں میں اطناب پایا جاتا ہے 278
سریانی زبان تمام زبانوں میں ساری ہے 279
حضرت آدمؑ کی زبان سُریانی تھی 280
اہل دیوان کی زبان سریانی ہے 281
کیا سوال قبر سریانی میں ہوگا یا کسی اور زبان میں؟ 281
سوال و جواب کے الفاظ 282
مرادزیرہو 283
کلمات قرآینہ کے متعلق سوال 284
اَسْفَاراً 284
الرَّبَّانِیُّوْنَ 284
ھَیْتَ لَکَ 284
شھر 284
عَدْن 285
رَھْواً 285

کیا قرآن مجید لوح محفوظ میں عربی میں لکھا ہوا ہے؟ 286
کھٰیٰعٓصٓ 287
الٓمٓ 287
صٓ 289
کھٰیٰعٓصٓ 289
ایک واقعہ 291
ایک اعتراض 291
سریانی زبان میں حروف تہجی کے معانی 296
آیت وَلِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا 299

۱۵ مسلۂ غرانیق

ابن حجرؒ کا بیان 300
حضرت دباغ رحمہ اللہ کا جواب 301
وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ الایۃ 303
پہلی تفسیر 303
دوسری تفسیر 304
تیسری تفسیر 304
۱۶۔ قصۂ ہاروت و ماروت 304
۱۷۔ وَیُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِیْهَا مِنْ بَرَدٍ 305
سوال 305
جواب 305
زلزلہ وراس کا سبب 308
خسف کا سبب 309
یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ . الایۃ 310
یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ ۔الایۃ 311
رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْکَ . الایۃ 312
یَمْحُوْا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ. الایۃ 312
وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰئِکَةُ یٰمَرْیَمُ . الایۃ 313
اہل فتح کو کن باتوں کا مشاہدہ ہوتا ہے 315
دوسرے مقام کے مشاہدات 316
۲۲۔ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِباً. الایۃ 317
۲۳۔ وَاَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ . الایۃ 318
۲۴۔ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِکْرِیْ. الایۃ 319
۲۵۔ وَهَمَّ بِهَا لَوْ لَآاَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ . الایۃ 320
۲۶۔ وَکَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰی تَکْلِیْماً. الایۃ 321
۲۷۔ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ. الایۃ 321
۲۸۔ فِی الْغَنَمِ السَّآئِمَةِ زکوٰۃ 322
۲۹۔ فَلَمَّا جَنَّ عَلَیْهِ الَّیْلُ 323
۳۰۔ هُوَالَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِا لْهُدٰی 324
۳۱۔ وَمِنْهُمْ مَنْ عَاهَدَ اللّٰهَ . الایۃ 325
۳۲۔ وَاِذْاَخَذَرَبُّکَ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ . الایۃ 326
کیا انبیاء نبوت سے پہلے بھی معصوم ہوتے ہیں 328
۳۳۔ وَتَخْشَی النَّاسَ وَ اللّٰهُ اَحَقُّ. الایۃ 329
۳۴۔ عَفَا اللّٰهُ عَنْکَ. الایۃ 330
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقین کا علم تھا 331
۳۵۔ وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ. الایۃ 332
۳۶۔ وَمَا صَاحِبُکُمْ بِمَجْنُوْنٍ . الایۃ 333
۳۷۔ وَمَا یَکُوْنُ لَنَا اَنْ نَعُوْدَ فِیْهَا اِلَّا اَنْ. الایۃ 333
۳۸۔ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی . الایۃ 334
اَلصَّمَدُ 335
اہل اعراف 335
۳۹۔ اِنَّا فَتَحْنَالَکَ فَتْحًا . الایۃ 335
۴۰۔ عَالِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی. الایۃ 338
اور اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ. الایۃ 338
حواشی 340

حصہ دوم 347

تیسرا باب

اُن ظلمتوں کا بیان جو بندوں کی ذات اور اعمال میں داخل ہو جاتی ہیں اور انہیں اس کا علم ہی نہیں ہوتا

فاسق کون ہے؟ 347
محرومین 348
اپنے اعمال پر غرّہ نہیں ہونا چاہیے 348
حکایت 319
لوگ جنت میں اللہ کی رحمت سے جائیں گے نہ کہ اعمال کی وجہ سے 349
کیا آنحضرت ﷺ کو ہمارے درود پڑھنے سے فائدہ پہنچتا ہے 352
لوگ بزرگوں کی قسمیں کھا کر یا بزرگوں کا نام لے کر کیوں فریاد کرتے ہیں۔ اللہ کا نام کیوں نہیں لیتے 354
اللہ سے منقطع کرنے والے اسباب 355
صحابہؓ میں کیا خصال پائی جاتی تھیں؟ 358
کن امور سے ایمان بڑھتا ہے 358
اغلام کیوں حرام ہے؟ 359
زنا کیوں حرام ہے؟ 360
قیامت کے دن سب سے سخت عذاب کسے ہوگا 360
رسولوں کے بھیجنے کا مقصد 363
ذکر کے وقت چیخنا چلانا 364
حکایت 366
تمباکو نوشی 366
بدکاروں کی مجلس میں بیٹھنا منع ہے 367
جہنم کا ذکر 368
علوم کشف (جفر رمل وغیرہ) میں اشتغال کا سبب 369
کشف کا سبب انقطاع القلب عین الحق 369
عجیب حکایت 369
حکایت 370
حکایت 370
ولی کو کسی کے جُنبی ہونے کا علم کیسے ہوتا ہے 371
ولی کامل انسان کو ایک لحظہ میں واصل باللہ بنا سکتا ہے 371
مومنین کی محبت توبۂ نصوح کا سبب ہوتی ہے 373
اگر تمام مومنین سے محبت کی جائے تو حُب فی اللہ اور بغض فی للہ کہاں رہا 374
بُغض معصیت سے ہونا چاہیئے نہ کہ مومن سے 374
لوگوں کی توجہ اپنی طرف کرنے کی غرض سے عمدہ لباس پہننا یا علیحدہ خوراک کھانا وغیرہ بُری بات ہے 375
طولِ عمر میں حکمت 375
حکایت 377
ایک عابد کا واقعہ جس نے اپنے اعمال پر اعتماد کیا تھا 377
اہل دیوان مرنے کے بعد اپنے آپ کو خود غسل دیتے ہیں 380
ایک واقعہ 380
حواشی 384

چوتھا باب

دیوانِ صالحین

گذشتگان میں سے بعض کاملین بھی دیوان میں حاضر ہوتے ہیں 387
اموات اولیاء سے زندوں کے اُمور کے بارے میں مشورہ نہیں کیا جاتا 388
مُردوں کے لیے دعاء مغفرت کرتے وقت فوت شدہ اولیاء میں سے کسی کا وسیلہ لانا بہتر ہے 388

دیوان میں جن وملائکہ کے حاضر ہونے کے سبب 388
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی کبھی کبھی دیوان میں تشریف فرما ہوتے ہیں 388
دیوان کا وقت 389
ساعتِ قبولیت پانے کا طریقہ 389
اُمّت محمدیہ سے پہلے اصحابِ دیوان ملائکہ تھے 389
ہر شہر میں اولیاء کی مدد کے لیے فرشتوں کی ایک جماعت ہوتی ہے 390
کیا انبیاء علیہم السلام بھی دیوان میں شرکت فرماتے ہیں 391
حضرت خدیجہؓ اور حضرت عائشہؓ میں کون افضل ہے 391
حضرت عائشہؓ کی افضلیت 391
لیلۃ القدر کی اصل 391
ساعتِ جمعہ کی قبولیت کا سبب 392
مشرق ومغرب کے اعتبار سے اس ساعت کو کس طرح پایا جائے 393
ساعتِ جمعہ اور شبِ قدر کے منتقل ہونے کا کیا سبب ہے 393
احادیث سے حضرت کے بیان کی تائید 393
اہل دیوان میں سے ہر کوئی لوحِ محفوظ کو نہیں دیکھ سکتا 395
اولیاء کبار مختلف شکلیں اختیار کر سکتے ہیں 395
دیوان سے غوث کی غیر حاضری 396
غوث کی موجودگی میں کسی کو مخالفت کی جرأت نہیں ہوسکتی 397
ایک واقعہ 397
مجاذیب کا دیوان میں کوئی دخل نہیں، اُن کا دخل تباہی کی علامت ہے 398
خروجِ دجّال کے وقت تصرف مجذوبوں کے ہاتھ میں ہوگا 398
سالک اور مجذوب میں فرق 399
ایک عارف اور ان کے بیٹے کا قصہ 400
سالک چند باتوں میں مجذوب سے پرہیز کرتا ہے 400
اولیاء اللہ کے لیے اشیاء کا مسخر ہونا اور ان کا حیرت انگیز اُمور کا کرنا 401
اُمتِ محمدیہ کے اولیاء کی فضیلت 401
اہلِ تصرف اولیاء کفار کو ہلاک کیوں نہیں کر دیتے 402
ایک واقعہ 402
کافروں سے جنگ کرنے میں اہلِ تصرف باطن کو استعمال نہیں کر سکتے 402
ایک عیسائی بچی کا واقعہ 403
اگر ولی اپنے جسم کے سوا کسی اور جسم میں قتل ہو تو تکلیف کسے ہوگی 403
صاحبِ تصرف ولی جس کی جیب میں سے چاہے بدون اس کے کہ اسے پتہ چلے ہاتھ ڈال کر پیسے نکال سکتا ہے 405
مال لینے میں ولی اور چور میں فرق 406
حواشی 407

پانچواں باب

پیر پکڑنے اور مرید بننے کے بارے میں اور اس کے متعلق جو کچھ حضرت سے سننے میں آیا

پہلا سوال: کیا تربیت منقطع ہوگئی ہے 410
خیر القرون میں پیری مریدی کیوں نہ تھی 410
دوسرا سوال: بیداری میں دیدار آنحضرت ﷺ 412
تیسرا سوال: پیر کی موجودگی اور عدم موجودگی 414
چوتھا سوال: کیا طریق شکر افضل ہے یا طریق مجاہدہ؟ 415
پانچواں سوال: انسان کے لیے کیا یہ ممکن ہے کہ وہ یہ معلوم کر سکے کہ آیا وہ مرید بننے کے قابل ہے یا نہیں؟ 417
ایک عورت کا قصہ 418
ایک معلّم کا واقعہ 418
چھٹا سوال: 419

ساتواں سوال: 420
آٹھواں سوال: 421
نواں سوال: 422
ایک عیسائی کی محبت کا واقعہ 423
جب تک مرید کو شیخ سے محبت نہ ہو محض شیخ کی محبت سے مرید کو فائدہ نہیں ہوتا 423
شیخ کی ولایت اور سرّ کی خاطر محبت کیوں فائدہ مند نہیں ہوتی؟ 425
محبت شریک نہیں چاہتی 425
کیا محبت کی کوئی علامت ہوسکتی ہے؟ 426
شیخ سے سچی محبت کی علامات 426
حضرت محمد بن عبدالکریم کا پانی پر چلنا 428
شیخ عبدالعلی کا قصہ 428
ایک مرید کا امتحان 429
ایک اور سچے مرید کا واقعہ 430
ایک مجذوب کا قصہ 434
اولیاء اللہ کے سوانح نگاروں نے بہت نقصان پہنچایا ہے 434
ولی معصوم نہیں ہوتا 436
مؤلف کتاب کا ایک فقیہ کے ساتھ مناظرہ 438
صاحبِ فتح ولی حق بات کو جانتا ہے اور مذاہب اربعہ سے کسی کا مقید نہیں ہوتا 439
ولی سے ظاہر کی مخالفت کے اسباب 444
تائیرِ نخل کا واقعہ 444
ولی سے بیعت کا مقصد 448
حواشی 450

چھٹا باب

شیخ تربیت کا بیان

قصیدہ شریف 454

شیخ کی باتوں پر اعتراض نہیں کرنا چاہیے 460
ایک اور مرید کا واقعہ 463
حضرت ثابتؒ کا واقعہ 465
ابوالحسن ہندی کی حالت 470
ناظمِ قصیدہ کے حالات 477
حضرت عبدالعزیز دباغ کے مشائخ 478
منصور بن احمدؒ 479
محمد سراجؒ 479
احمد بن عبداللہ مصریؒ 479
علی بن عیسیٰ مغربی 480
محمد بن علیؒ، محمد مغربی، عبداللہ جزاریؒ 480
اسمِ اعظم 482
اسماءِ حُسنیٰ 483
ایک اعتراض اور اس کا جواب 483
روح کا احاطہ نہیں ہوسکتا 485
روح کا سمجھنا مشکل امر ہے 485
انسان حق سبحانہٗ کی معرفت کی طاقت نہیں رکھتا 485
ذکر عبادت سے زیادہ بھاری ہے 486
قَرِیْبٌ 486
اَلْمُتَعَالِیْ 486
اسماء حسنیٰ کے وِرد کے لیے کسی عارف سے تلقین لینا ضروری ہے 487
اَلْاَیَعْلَمُ مِنْ خَلَقَ وَھُوَا اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُا کا ورد فقر اور مصیبت کے لیے مفید ہے 488
حضرۃ کب سے شروع ہوا 488
حواشی 490

ساتواں باب

وہ تشریح جو حضرت نے اولیاء اللہ کے مشکل کلام کی فرمائی

(۱) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ مِنْہُ اَشَقَّتِ الْاَسْرَارِ 494
دوسری تشریح 495
تیسری تشریح 495
نورِ محمدی کی آفرینش 497
لَیلۃُ القَدر کی اصل 501
وَفِیْہِ اِرْتَقَتِ الْحَقَآئِقُ 501
وَتَنَزَّلَتْ عُلُوْمُ اٰدَمَ 502
عالم ملکوت و جبروت 503
عالم الملک کی ایک اور تعریف 503
دوسری تعریف 503
تیسری تعریف 503
ایک اور تشریح 504
اَللّٰھُمَّ الْحِقْنِیْ بِنَسَبِہٖ وَحَقِّقْنِیْ بِحَسَبِہٖ 504
دوسری تشریح 504
لَیْسَ مِنَ الْکَرَمِ اَنْ لَّا تُحْسِنَ اِلَّا لِمَنْ اَحْسَنَ اِلَیْکَ 505
ابن فارض کے شعر کی تشریح 505
شَرِبْنَا عَلٰی ذِکْرِ الْحَبِیْبِ مُدَامَۃً 506
امام غزالیؒ کے ایک قول پر بحث 509
جبرائیل آنحضرت ﷺ سے زیادہ عالم نہ تھے 509
نمازِ عید میں پہلی رکعت میں سات بار دوسری میں چھ بار کیوں تکبیر کہی جاتی ہے۔ 510
خُضْفًا بُجُوْراً وَّ قَفَتِ الْاَنْبِیَآءُ 512
کوئی ولی مقام نبوت تک نہیں پہنچ سکتا۔ 512
لَیْسَ فِی الْاِمْکَانِ اَبْدَعَ مِمَّا کَانَ 512

فصل 516
پہلا گروہ۔ معترضین 517
دوسرا گروہ 518
شعرانیؒ کا بیان 518
زرکشیؒ کا جواب 520
احمد زرقؒ کا جواب 521
برہان الدین بن ابی شریف کا بیان 521
ابوالمواہب تونسی کا جواب 522
شیخ الاسلام زکریاؒ کا جواب 522
سیوطیؒ کا جواب 523
شرف الدین بن تلمسانیؒ کا بیان 524
ابنِ ہمامؒ کا بیان 524
سید سمہودی کا جواب 524
تیسرا گروہ 524
پہلی عبارت 524
دوسری عبارت 525
تیسری عبارت 525
حواشی 527

آٹھواں باب

حضرت آدم کی پیدائش اور ان کا مختلف مدارج میں سے گزرنا..... 530
اَکْرِمُوْا عَمَّتَکُمُ النَّخْلَۃَ حدیث نہیں ہے 534
ذاتِ آدم ذاتِ ملائکہ سے افضل ہے 535
حواشی 536

نواں باب

فتح ظلمانی اور فتح نورانی میں فرق..... 537
حکماء و منجمین کو یہ علم کہاں سے حاصل ہوا 537

ابراہیم خواص اور یہودی کا قصہ 540

فلسفہ اور نجوم کی اصل 540

ولی آئندہ آنے والے واقعات کے متعلق بہت کم بات کرتے ہیں 541

حوادث دنیا کیوں باطل رہیں 543

فتح اول میں اہلِ حق اور اہلِ باطل میں فرق 543

بعض اوقات چھوٹے ولی کو بڑے ولی سے زیادہ مکاشفہ ہوتا ہے 544

خضر علیہ السلام نبی نہ تھے 545

مشاہدۂ نبوی کی علامت 545

مشاہدۂ الٰہی حاصل ہونے کی علامت 547

کیا ولی کے لیے ترک نماز ممکن ہے؟ 548

مجذوب صاحب تصرف نہیں ہوتا 549

ولی کے وارث کا کسی کو علم نہیں ہوتا 553

صلوٰۃ العارفین 557

حواشی 559

دسواں باب

برزخ اور اس میں روحوں کے اُترنے کی کیفیت

بیتِ معمور 561

اصحابِ فتح کبیر کو قیامت کا علم ہوتا ہے 563

حواشی 571

گیارہواں باب

جنت، اس کی ترتیب اور تعداد

جنتِ عالیہ 573

جنتوں کی تعداد 575

جنتوں کی ترتیب 576

جنت کی کیفیت و وضع 576

توبہ کا دروازہ 578

توبہ کے دروازے کے بند ہونے سے کیا مراد ہے؟ 578

درود شریف کے پڑھنے سے جنت میں وسعت پیدا ہوتی ہے 579

کیا ہر درود پڑھنے والے کا درود قبول ہوتا ہے 579

اہلِ جنت کا لباس 581

حواشی 583

بارہواں باب

جہنم کا بیان

حکایت 588

حکایت 589

حواشی 592

حرفِ اوّل

نحمدہٗ ونصلّی ونسلّم علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین

''الابریز'' غوثِ زمان حضرت سیّدنا عبدالعزیز دبّاغ رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے، جو اُن کے مرید حضرت احمد بن مبارک بن محمد بن علی سلجماسی رحمۃ اللہ علیہ نے (متوفی ۱۱۵۶ھ) اُن کے فیضانِ محبت سے مرتب فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ ''قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی'' یعنی فلاح کے حصول کی خاطر تزکیۂ نفس شرطِ لازم کی حیثیت رکھتی ہے۔ تزکیۂ نفس کی بے پایاں دولت کی حصولی کے لیے اہل اللہ کی صحبتیں ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ حضرت دبّاغ ایک اُمّی ولی اللہ تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ انہیں ایک ایسی مضبوط نسبت عطا فرما رکھی تھی جس کے نتیجہ میں ان کا سینۂ مبارک اسرار و معارف کا خزینہ تھا۔ آپ اپنی محافل و مجالس میں اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی اکرم ﷺ کے قرب کی خیرات حاصل کرنے کی خاطر تربیتی انداز میں حاضرین و سامعین کو جن ربانی اسرار سے آگاہ فرماتے تھے، اُن کے نتیجہ میں ان لوگوں کو اصلاح و احوال کا ایک بہترین موقع میسّر آتا تھا اور قلوب کو طہارت کی بے پناہ خیرات ملتی تھی۔ موجودہ دور میں خانقاہی نظام بڑی حد تک زوال آشنا ہو چکا ہے اور اصل تصوّف پر دبیز پردے پڑ چکے ہیں، تصوف کی روح مسخ ہو چکی ہے، ان حالات میں تصوف کے میدان میں کیے جانے والے اس منفرد کام کو اُردو زبان میں ایک خوبصورت انداز میں نسلِ نَو کے سامنے لانے کی ضرورت تھی۔ ایک عرصہ قبل ڈاکٹر پیر محمد حسن صاحب کی جانب سے کیا جانے والا اُردو ترجمہ ''ناشرانِ قرآن، لاہور'' والوں نے چھاپا تھا۔ افسوس ہوتا تھا کہ علومِ لَدُنّی پر مشتمل اس کتابِ عظیم کا یہ ترجمہ شدید حد تک طباعتی اغلاط کا شکار تھا، جو مناسب انداز میں پروف ریڈنگ کا اہتمام نہ ہو سکنے کا نتیجہ تھا۔ تاہم میں کہوں گا کہ پھر بھی ''ناشرانِ قرآن لمیٹڈ'' نے اس لحاظ سے ایک یادگار کام کیا، جس کی بناء پر یہ اُردو ترجمہ کسی نہ کسی صورت

میں ہمارے ہاں موجود تھا۔ جہاں تک اردو ترجمہ کے حواشی کا تعلق ہے، ان کے حوالے سے مترجم کے ساتھ اتفاق ضروری نہیں۔ آج جبکہ اُردو زبان میں اس کتاب کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ تھی، یہ امر روحانی مسرت کا باعث ہے کہ اللہ کریم نے احمد بک کارپوریشن کو جدید انداز میں کمپیوٹر کتابت کے بعد دیدہ زیب صورت میں اس کتاب کو پھر سے منظرِ عام پر لانے کا اہتمام کیا ہے۔ ہر ممکن حد تک کوشش کی گئی ہے کہ کتاب طباعتی اغلاط سے مبرّا ہو۔

بہر حال پھر بھی انسان خطاء کا پتلا ہے، اگر دورانِ طباعت کسی بھی قسم کی غلطی کسی بناء پر رہ گئی ہو تو قارئین سے استدعا ہے کہ وہ پبلشر کو اس سے مطلع کریں تا کہ آئندہ چل کر مزید خوبصورت انداز میں اس خزینہء معارف کو پیش کیا جا سکے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم سب کو ''الابریز'' سے علمی اور عملی، ظاہری اور باطنی ہر لحاظ سے بھرپور استفادے کی توفیق عطا فرمائے اور ''احمد بک کارپوریشن'' کے بانی جناب حافظ مشتاق احمد ہاشمی صاحب کو عالمِ آخرت میں درجاتِ عالیہ کی خیرات عطا فرمائے۔ امین

بندۂ ناچیز

محمد رئیس احمد قادری

خادم، آستانہء قادریہ، ڈھوک قاضیاں، موضع تخت پڑی، تحصیل راولپنڈی

۵ نومبر ۲۰۰۸ء

ڈاکٹر پیر محمد حسن بحیثیت محقّق

میرے لیے انتہائی اور اعزاز کا موقعہ ہے کہ اپنے جلیل القدر استاذ گرامی عالی مرتبت ڈاکٹر پیر محمد حسن صاحب کی علمی و تحقیقی خدمات سے متعلق چند گزارشات پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے ساتھ اپنی ذاتی عقیدت و وابستگی کے اظہار کی بھی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

ڈاکٹر صاحب نے علمی موضوعات، فلسفہ، ادب، تصوف جس موضوع پر بھی قلم اُٹھایا تحقیق و تدوین کا حق ادا کیا۔ لیکن لغت کے میدان میں کام کرنے والے وہ واحد شخص ہیں جنہوں نے محمد بن حسن الصاغانی لاھوری متوفی ۶۵۰ھ کی شہرۂ آفاق کتاب ''العباب الزاخر واللباب الفاخر'' ۱۲ جلدوں میں ایڈٹ کر کے اس بلند پایہ لغت کو نہ صرف حیاتِ نو بخشی بلکہ اسے تحقیق کے اعلیٰ اور مروجہ اصولوں کے مطابق ایڈٹ کر کے قابلِ اشاعت بنا دیا۔

بارہ جلدوں میں مکمل ہونے والا یہ تحقیقی کام قریباً ربع صدی کی محنت شاقہ اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے۔ جسے طبع کرنے کا قرعہ فال نیشنل ہجرہ کونسل کے نام پڑا اور وہ اعلیٰ درجے کے اس علمی اور تحقیقی کام کو زیورِ طبع سے آراستہ کرنے کا آغاز کر رہی ہے۔

''العباب'' کی اہمیت اور ڈاکٹر پیر محمد حسن کی بلند پایہ تحقیق، حواشی نگاری اور علم لغت پر کامل دسترس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ مجمع العلمی العراقی نے ۱۹۷۸ء میں اس علمی کتاب کو طباعت کے لیے منتخب کیا اور اس کی طباعت کا آغاز کیا، چنانچہ ہمارے ہاتھوں میں ۱۱۲ صفحات کا مطبوعہ کراسہ موجود ہے لیکن ایران، عراق جنگ کی وجہ سے یہ کام پایہ تکمیل کو نہ پہنچ سکا۔ الحمدللہ! اب ڈاکٹر خالد سعید بٹ کی ذاتی دلچسپی اور کوششوں سے قومی ہجرہ کونسل اس کتاب کو زیور طبع سے آراستہ کرنے کے انتظامات کر رہی ہے۔ گویا اہل عرب کا قرض اہلِ عجم چکا رہے ہیں۔

ڈاکٹر پیر محمد حسن کے علمی کاموں کو بنیادی طور پر دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ عربی زبان سے متعلق تدوینی کام۔

۲۔ علم تصرف کی امہات الکتب کے اُردو تراجم۔

جیسا کہ ان کے سوانحی خاکہ سے واضح ہے کہ وہ عمر بھر تدریس کے شعبے سے وابستہ رہے اور ابتدائی چند سالوں کے علاوہ انہوں نے پوری عمر عربی زبان و ادب کی تدریس کا فریضہ سرانجام دیا۔ اس لیے عربی زبان و ادب سے ان کی دلچسپی پیدا ہونا ایک قدرتی امر تھا۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنی زندگی کا زیادہ تر حصہ عربی زبان و ادب کے لیے وقف کیے رکھا اور بفضل اللہ تعالیٰ یہ کام جاری و ساری ہے۔

ڈاکٹر پیر محمد حسن نے نامور مصنف محمود شکری آلوسی کی چار جلدوں پر مشتمل کتاب ''بلوغ الارب'' کو اُردو قالب میں ڈھالا۔ ''بلوغ الارب'' کا شمار عربی ادب و ثقافت کی بلند پایہ کتب میں ہوتا ہے۔ جس میں عربوں کے حالات کے بارے میں وسیع تر معلومات جمع کر دی

گئی ہیں۔ اس کتاب کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ اس کی تقلید میں کئی کتابیں لکھی گئیں۔ ڈاکٹر پیر محمد حسن کا ترجمہ ''بلوغ الارب'' صرف اُردو ترجمہ ہی نہیں بلکہ حواشی سے بھی مزین ہے۔ یہ کتاب چار جلدوں میں مئی ۱۹۶۶ء اور مارچ ۱۹۶۸ء کے دوران طبع ہوئی۔

علم تصوف ڈاکٹر پیر محمد حسن کی خصوصی دلچسپی کا موضوع رہا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے والد گرامی ریلوے میں ملازم تھے۔ انہوں نے پیر صاحب کی تربیت نہایت عمدہ انداز سے کی۔ چنانچہ وہ ایک متدین مسلمان اور صوفی منش انسان ہیں اور ان کی زندگی زہد و تقویٰ، قناعت پسندی اور توکل علی اللہ سے عبارت ہے۔ تصوف اور حاملین تصوف سے محبت ان کے رگ و پے میں سرایت کئے ہوئے ہے۔ ان کے ان جذبات کی ترجمان ان کی معروف کتاب ''حیاتِ جاوداں'' ہے۔ جو پہلی بار غالباً ۱۹۵۹ء میں طبع ہوئی تھی۔ اس کتاب کو دوبارہ ۱۹۸۹ء میں اسلامک بک فاؤنڈیشن لاہور نے طبع کیا، اس کتاب میں روح، حیات بعد الممات اور انبیاء علیہم الصلوٰت والتسلیمات کے زندہ ہونے پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس اہم اور علمی موضوع پر یہ کتاب بہت سے دوسرے علمی پہلوؤں کا احاطہ بھی کرتی ہے۔ اس کتاب کے آخر میں انبیاء علیہم السلام کے زندہ ہونے کے بارے میں اکابر مسلمان علماء کے تین رسالے اور ان کا اُردو ترجمہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

حیاۃ الانبیاء	از شیخ عبدالحق محدث دہلوی
انباہ الاذکیا فی حیاۃ الانبیاء	از جلال الدین سیوطی
حیاۃ الانبیاء	از بیہقی

ڈاکٹر صاحب موصوف نے تصوف کی امہات الکتب کو عربی سے اُردو میں منتقل کرنے کا مشکل ترین فریضہ بھی سرانجام دیا تا کہ اہل علم تصوف کی حقیقت اور تعلیمات سے اکابر صوفیہ کی تحریروں کی روشنی میں آگاہ ہو سکیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے ابوالقاسم القشیری متوفی ۴۶۵ھ کو خاص مطالعے کا موضوع بنایا۔ چنانچہ انہوں نے ''الرسائل القشیریہ'' کے نام سے امام قشیری کے تین رسالے ایڈٹ کیے اور ان کے عربی متن کو اُردو ترجمے کے ساتھ ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد سے طبع کیا۔ اس مجموعے میں یہ تین رسائل شامل ہیں۔

۱۔ رسالۃ شکایۃ اہل السنۃ

۲۔ رسالۃ ترتیب السلوک

۳۔ رسالہ احکام السماع

امام قشیری کی دوسری معرکۃ الآراء تصنیف ''رسالۃ قشیریہ'' کا اُردو ترجمہ کرنے کا اعزاز بھی جناب ڈاکٹر پیر محمد حسن کو حاصل ہے۔ جس کا شمار تصوف اسلامی کی چند قدیم ترین کتابوں میں ہوتا ہے۔ یہ ترجمہ قریباً ایک ہزار صفحات پر مشتمل ہے جسے ۱۹۷۰ء میں ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد نے طبع کیا۔

ادارہ تحقیقاتِ اسلامی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے ''کتاب اللمع فی التصوف'' کا اُردو ترجمہ بھی چھاپا جسے ڈاکٹر پیر صاحب نے عربی سے اُردو میں منتقل کیا۔ قریباً سات سو صفحات پر مشتمل یہ ترجمہ ۱۹۸۶ء میں طبع ہوا۔

تصوف کی بلند پایہ کتاب ''ابریز'' مصنفہ احمد بن مبارک سلجماسی کو بھی پیر صاحب نے اُردو میں منتقل کیا۔ یہ کتاب ''خزینۃ المعارف'' کے نام سے ۱۹۵۸ء میں طبع ہوئی تھی اور اب تک اس کے متعدد ایڈیشن طبع ہو چکے ہیں۔ اسی موضوع پر محمد بن ابراہیم کلاہ بازی کی شہرۂ آفاق تصنیف ''کتاب التعرف لمذہب اہل التصوف'' کا بھی ڈاکٹر صاحب نے اُردو ترجمہ کیا جسے مکتبۃ المعارف لاہور نے ۱۳۹۱ھ میں طبع کیا۔ یہ کتاب صوفیائے کرام کے عقائد و احوال پر قدیم ترین کتاب شمار ہوتی ہے۔ یہ کتاب تصوف کے فلسفہ اور حقیقت سے

بحث کرتی ہے۔

اُردو تراجم میں ڈاکٹر پیر صاحب نے یہ طریق کار اختیار کیا کہ پہلے صحیح متن کا تعین کیا جائے کیونکہ جب تک متن درست نہیں ہوگا صحیح ترجمہ نہیں ہو سکے گا۔ اس دشوار عمل سے گزرتے ہوئے پیر صاحب نے ترجمہ کرنے سے پہلے کتاب کا متن درست کیا۔ بعد ازاں اس کتاب کا رواں ترجمہ کیا۔ ایسا رواں ترجمہ جو انہیں کا حصہ ہے۔ پیر صاحب محض ترجمہ نہیں کرتے بلکہ متن میں موجود ہر شخص، جگہ اور واقعہ سے متعارف کراتے ہیں، محاورات کا پس منظر بیان کرتے اور آیات و احادیث کے مکمل حوالے پیش کرتے ہیں۔ نیز اشعار کے بھی حوالے مکمل کرتے ہیں۔ اس طرح ڈاکٹر پیر صاحب ترجمہ کے ساتھ ساتھ کتاب کو جدید تحقیقی اسلوب سے بھی مزین کر دیتے ہیں۔

الحمدللہ! ڈاکٹر صاحب موصوف کے علمی کام سے تشنگانِ علم سیراب ہو رہے ہیں مگر بعض اہم مسودات نے اب تک طباعت کے مرحلے طے نہیں کیے جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔

۱۔ نزھۃ الارواح وروضۃ الافراح۔ یہ ان کا پی ایچ ڈی کا مقالہ ہے اور ابھی تک زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہوا۔ جس میں تحقیق متن کے ساتھ ساتھ اس کتاب کا تنقیدی مطالعہ بھی شامل ہے۔ اس کتاب کے مصنف کا نام محمد بن محمود شہرزوری متوفی ۵۲۰ھ ہے، پانچ نسخوں کی مدد سے تحقیق متن کا کام سرانجام دیا گیا ہے۔

۲۔ شان الصلوٰۃ

۳۔ علل العبادات

۴۔ الدر المکنون فی اسئلۃ ما کان وما یکون۔ یہ تینوں کتابیں محمد بن علی حکیم ترمذی کی تصنیف ہیں جنہیں ڈاکٹر پیر صاحب نے ایڈٹ کیا۔

۵۔ کتاب الخلوۃ والتنقل فی العبادات، مصنفہ حارث بن اسد المحاسبی بھی پیر صاحب نے ایڈٹ کی۔

۶۔ شرح فصوص الحکم: یہ کتاب ابن العربی کی فصوص الحکم کی فارسی شرح ہے۔ جسے خواجہ محمد پارسا نے ترتیب دیا اور ڈاکٹر پیر صاحب نے اسے ایڈٹ کیا۔

۷۔ تنقید بر قصیدہ ایجازیہ: غلام احمد قادیانی نے عربی زبان میں ایجازیہ قصیدہ تحریر کیا جب یہ قصیدہ طبع ہوا تو اہل علم میں سے پیر صاحب نے اس قصیدے پر علمی تنقید لکھی۔ جس میں قصیدہ ایجازیہ کے شعری و فنی نقائص کی نشان دہی اور اس امر کو قوی دلائل سے ثابت کیا کہ زیرِ نظر قصیدہ لسانی، لغوی اور قواعد کی غلطیوں سے پُر ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی یہ تحریر ماہنامہ ''الفقیہ'' امرتسر میں ۱۹۳۱ء میں کئی قسطوں میں طبع ہو چکی ہے۔

۸۔ تصریح فی شرح التشریح: یہ علم ھیئت کے موضوع پر ایک مفید کتاب ہے۔ جس کا خلاصہ ڈاکٹر پیر صاحب نے تیار کیا تھا جو طبع نہ ہو سکا۔ اور قیامِ پاکستان کے وقت ہندوستان میں ہی رہ گیا۔

۹۔ کتاب سیبویہ کا انڈیکس: کتاب سیبویہ ایک علمی کتاب ہے اس کا شمار علم نحو کی اساسی کتب میں ہوتا ہے۔ نیز اسے عربی ادب میں اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ اہلِ علم اسکتاب سے بکثرت استفادہ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر پیر محمد حسن نے ۱۹۴۶ء میں اس کتاب کا مفصل انڈیکس تیار کیا تھا جو طبع نہ ہو سکا۔ فاضل مصنف کی اپنی رائے کے مطابق ان کا انڈیکس بعد میں طبع ہونے والے دیگر انڈیکسوں سے بہتر تھا۔

۱۰۔ سفر حج: ڈاکٹر پیر صاحب کے ایک قریبی دوست نے ۱۹۲۰ء میں حج کا مبارک سفر تحریر کیا تھا۔ ڈاکٹر پیر صاحب نے ان کی زبانی

بیان کردہ سفرنامہ حج مرتب کیا تھا۔ جو۱۹۲۲ء میں امرتسر سے طبع ہوا تھا۔

پیر صاحب نے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی کتاب ''لمحات'' کا بھی فارسی سے اُردو میں ترجمہ کیا تھا۔ جسے ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور نے ۱۹۶۶ء میں طبع کیا تھا۔ یہ کتاب چھوٹے بڑے ساٹھ لمحات پر مشتمل ہے اور ہر لمحہ تصوف کے ایک خاص موضوع یا مقام سے متعارف کراتا ہے۔

عربی لغت نگاری سے ڈاکٹر پیر صاحب کی دلچسپی ہمیشہ قائم رہی۔ انہوں نے چکوال قیام کے دوران غالباً ۱۹۴۹ء میں اُردو عربی لغت ترتیب دینے کا آغاز کیا تھا۔ اس کتاب کا نام بھی ''العباب'' رکھا گیا تھا۔ یہ لغت مکمل نہ ہوسکی، ہمارے پاس اس لعت کی پہلی جلد کے ۱۸۲ صفحات ہیں ہر صفحہ دوہرے کالم پر مشتمل ہے اور ب ن دتک کے حصہ کو محیط ہے۔

ڈاکٹر پیر صاحب نے درسی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے بھی چند کتب ترتیب دیں جن میں عربی طلبہ کے لیے ''مرقاۃ الادب'' اور علوم اسلامیہ کے طلبہ کے لیے ''انوارِ رسالت'' لکھی گئی۔ یہ دونوں کتابیں ایک عرصے تک شامل نصاب رہیں اور اب قریباً نایاب ہو چکی ہیں تاہم ان کے نسخے قدیم کتب خانوں میں موجود ہے۔

ڈاکٹر پیر محمد حسن صاحب نے ہزارہ کے ترین قبائل پر بھی ایک تاریخی دستاویز مرتب کی تھی۔ یہ کتاب ترتیب دیتے وقت انہوں نے افغانستان کا سفر بھی کیا تھا۔ یہ کتاب ترین قبائل کی ابتداء، تاریخ اور تہذیبی وثقافتی پہلوؤں پر روشنی ڈالتی ہے لیکن افسوس کہ یہ کتاب دست بردِ زمانہ کی نظر ہوگئی۔ نہ طبع ہوسکی اور نہ ہی اس کا مسودہ دستیاب ہے۔

مذکوہ بالا تصانیف کا مطالعہ کرنے سے یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ فاضل مصنف نے بھرپور علمی زندگی بسر کی ہے۔ اپنی تصانیف کی وجہ سے وہ ہمیشہ اہلِ علم کی آنکھ کا تارا رہیں گے۔ ان کی ایڈٹ کی ہوئی کتابیں عربی ادب، لغت اور علم تصوف میں ایک گراں بہا اضافہ ہے جس سے آئندہ نسلیں مستفید ہوتی رہیں گی۔ ان کے اُردو تراجم اُردو ادب میں ایک خوبصورت اضافہ ہیں۔ جن کے ذریعے سے مذہبی کتابوں کے اُردو تراجم کا معیار اور منہج متعین کی جاسکتی ہے۔

ان مختصر گزارشات کی روشنی میں مجھے یہ کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ ڈاکٹر صاحب وہ فخر روزگار شخصیت ہیں کہ جن پر اہلِ علم وتحقیق کو ناز ہے اور ان کے تلامذہ، شرف تلمذ کو سرمایہ افتخار سمجھتے ہیں۔ وہ علمی وتحقیقی ادارے جو پیر صاحب کے علمی مقام کے معترف ہیں، ان پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ ان کے غیر مطبوعہ مسودات کو زیور طبع سے آراستہ کر کے علمی اعتراف کا عملی ثبوت فراہم کریں۔

ڈاکٹر محمد طفیل

سوانحی خاکہ ڈاکٹر پیر محمد حسن

سہ ماہی فکر ونظر کے گوشہ پیر محمد حسن سے اقتباس

تحقیق: ڈاکٹر محمد طفیل

تاریخ پیدائش: ۸ مارچ ۱۹۰۴ء

میٹرک: ۱۹۲۱ء۔ ایم۔اے او ہائی سکول، امرتسر

ایم۔اے عربی: ۱۹۳۰ء پنجاب یونیورسٹی لاہور (پہلی پوزیشن حاصل کی اور گولڈ میڈل عطا کیا گیا)

ایم۔اے فارسی: ۱۹۳۶ء پنجاب یونیورسٹی لاہور

پی ایچ ڈی: جون ۱۹۳۶ء میں کام کا آغاز کیا، اگست ۱۹۳۸ء میں کامیابی حاصل کی، پنجاب یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کرنے والے اوّلین افراد میں شمار ہوئے۔

موضوع تحقیق: وہ نزھۃ الارواح وروضۃ الافراح'' کا تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ

مشہور اساتذہ: ابوالدرداء محمد عالم لآسی الغطاسی

ڈاکٹر مولوی محمد شفیع

ڈاکٹر کرانکو (پی ایچ ڈی کے ممتحن)

لاہور میں قیام: قلعہ گوجر سنگھ، ایڈورڈ ہاسٹل موہنی روڈ، آسٹریلیا بلڈنگ

تدریسی خدمات

۱۹۳۰ء سناتن دھرم کالج لاہور سے تدریسی کام کا آغاز کیا۔ لاہور کالج برائے خواتین سے بھی وابستہ رہے۔

۱۹۴۰ء ملتان تبادلہ ہوا۔

۱۹۴۷ء قیام پاکستان کے وقت ہوشیار پور میں تقرری تھی۔

۱۹۴۸ء پاکستان میں لائل پور (فیصل آباد) میں تقرری ہوئی گورنمنٹ کالج چکوال اور راولپنڈی میں بھی استاد رہے۔

۱۹۵۵ء پرنسپل مقرر ہوئے اور گورنمنٹ کالج مظفر گڑھ میں تقرری عمل میں آئی۔

۱۹۵۷ء پرنسپل گورنمنٹ کالج سٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی مقرر ہوئے۔

۱۹۵۹ء پچپن سال کی عمر میں گورنمنٹ سروس سے ریٹائر ہو گئے۔

۱۹۶۰۔۶۴ء سرسید پبلک سکول راولپنڈی اور عبداللہ کالج راولپنڈی سے وابستہ رہے۔

۱۹۶۴ء اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں شیخ الادب (صدر شعبہ عربی) مقرر ہوئے۔

۱۹۶۹ء اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سے ریٹائر ہوئے۔

پیر محمد حسن اے زندہ دل

ڈاکٹر محمد حسن تسبیحی

(مرکز تحقیقات فارسی اسلام آباد) کا ڈاکٹر پیر محمد حسن صاحب کی خدمت میں منظوم نذرانہ عقیدت

پیر محمد حسن ای زندہ دل
گشتہ ام از لطف و کمالت خجل
شیخ قشیریّہ ز تو زندہ شد
اَللُّمَع از دست تو شد مکتحل
چہرۂ سَرّاج ز تو ضوفشان
ماہ منیر از سخنت منفعل
ماہر الفاظ عرب گشتہ ای
ہیچ نباشد بہ کلامت ممل
شرح تعرف ہمہ معروف شد
ترجمہ اش ہیچ نباشد مخل
ہادی عشّاق طریقت توای
توسنِ عشق از قلمت پابہ گل
محفل فارسی (ا) ز تو آوازہ حوان
فنّ سماع عرفا را بحل
شرح فصوص ہمچو گلستان شدہ
چون کہ محشی توای و ہم مدل
ہر کہ بلوغ الاربت را بخواند
شد ز تعجب بدلش مشتعل

ا۔ کذا

پیـــر صـــغـــانـــی بـــه تـــو امیّـد وار
چـون کـه لـغـاتش ز تو شد نور دل
هـــر کـــه بـــه میـدان ادب زد قـدم
در دل و در جـــان تـــو شـد مشتـمل
مشـــعـــل را ادب مـــا تـــویـــی
تـــابـع تـــو هیـــچ نبـاشـد مُـضِـلّ
ای هـمـــه از دانـــش تـو بهـره مند
پیـــر و جـــوان راه تـــو را متـصّـــل
در گـــه تـــو مـحـضـر انـوار عـلـم
طـــالـب عـلـم از تو نباشد کسل
طـــالـــب عـــلـــم و ادب تـــو مـنـم
قـلـــب مـن از تـو نشـده مـنـفصل
راه مـــحـبـــت ز تـــو هـمـــوار شـد
پیـــر مـــحـــمـد حسـن ای زنـده دل
گشتـــه "رَهـــا" بـلـبـل گـلـزار تـو
شـمـع وُجُـودت نشـود مـضـمـحل

پیش لفظ

مجھ سے پہلے ابرِیز کا ترجمہ مولوی عاشق الٰہی صاحب میرٹھی کر چکے ہیں اور درحقیقت انہوں نے بہت اچھا ترجمہ کیا ہے۔ عیوب سے پاک ذاتِ باری تعالیٰ ہے، اس لیے مجھے کسی کے عیوب کا تذکرہ کرنا منظور نہیں ہے۔ میں نے مولوی عاشق الٰہی صاحب کے ترجمہ سے بہت مدد لی ہے۔ اس لیے میرے ترجمہ کی اگر تعریف ہوگی تو اسے انہی کی تعریف سمجھا جانا چاہیئے۔ پھر اَلْفَضْلُ لِلْمُتَقَدِّمُ کے اعتبار سے بھی وہ مجھ پر فوقیت رکھتے ہیں۔

میں نے اس ترجمہ میں تقلید نہیں کی بلکہ مستقل طور پر ترجمہ کیا ہے اور چھوٹے چھوٹے عنوانات قائم کر دیئے ہیں۔ پھر الگ الگ پیرے بنا کر قارئین کی سہولت کے لیے کتاب کو جدید طرز میں پیش کیا ہے۔ جن علماء، صحابہ اور دیگر بزرگوں کا کتاب میں ذکر آیا ہے اُن کے متعلق حواشی دے دیئے ہیں تا کہ پڑھنے والوں کو ان کے متعلق کسی قدر معلومات حاصل ہو جائیں۔

مولوی عاشق الٰہی صاحب نے حضرت عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کے بیان سے دو جگہ اختلاف کیا ہے، مگر میرے خیال میں حق حضرت دباغ کے ساتھ ہے۔ مولوی صاحب اپنے عقیدہ کے مطابق بات کر رہے ہیں اور حضرت دباغ اپنے عقیدہ اور مرتبہ کے مطابق۔ نیز انہوں نے چند مقامات کا ترجمہ نہیں کیا مگر میں نے تمام کتاب کا ترجمہ کیا ہے۔

آخر میں یہ سراسر ناانصافی ہوگی اگر میں اپنے محترم دوست میجر عبدالعزیز صاحب اے۔ ایم۔ سی، او۔ سی ہیلتھ سینٹر راولپنڈی کا شکریہ ادا نہ کروں۔ انہوں نے اپنے قیمتی کتب خانہ سے مجھے فتح الباری، تذکرۃ الحفاظ، اصابہ، اخبار الاخیار، لسان المیزان، کشف الظنون، کتاب الانساب اور فہرست ابن الندیم وغیرہ عاریۃً دیں جن کی مدد سے میں حواشی لکھنے کے قابل بنا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ان کی مدد کے بغیر میں اپنے کام کو کامیابی سے نہ کر سکتا تھا۔

محمد حسن

ڈاکٹر پیر محمد حسن صاحب، ایم اے

پی ایچ ڈی، راولپنڈی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

دیباچہ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰٓی اٰلَآئِہٖ. وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰٓی اَنۡبِیَائِہٖ لَا سِیۡمَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ سَلَّمَ وَاٰلِہٖ وَاَتۡبَاعِہٖ وَالرَّحۡمَۃُ وَالۡمَغۡفِرَۃُ عَلٰٓی اَوۡلِیَائِہٖ

دنیا میں حق و باطل، ظلمت و نور، سچ اور جھوٹ میں قدیم سے جنگ چلی آتی ہے۔ باطل کی ہمیشہ یہی کوشش رہی کہ حق یا تو بالکل ہی مٹ جائے یا کم از کم چھپا رہے۔ وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوۡرِہٖ وَلَوۡ کَرِہَ الۡکَافِرُوۡنَ یہی حال اللہ والوں کا رہا کہ باطل پرست ہر زمانہ میں اُن کے مخالف رہے۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کو اِنَّہٗ لَکَبِیۡرُکُمُ الَّذِیۡ عَلَّمَکُمُ السِّحۡرَ کہا گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نعوذ باللہ، شاعر، کاہن اور مجنوں تک کہا گیا

قِیۡلَ اِنَّ اِلۡاِلٰہَ ذُوۡوَلَدٍ قِیۡلَ اِنَّ الرَّسُوۡلَ قَدۡ کَھَنَا

(کہا گیا کہ اللہ کی اولاد ہے اور رسول اللہ کاہن ہیں) مگر اللہ والے ان باتوں سے متاثر ہو کر اپنا اصلی مقصد ترک نہیں کر دیتے۔ ان کا مقصد لوگوں کو راہِ حق دکھانا ہوتا ہے اور اس فرض کی ادائیگی میں وہ کسی قسم کی ملامت یا طعن و تشنیع کی پرواہ نہیں کرتے۔ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی اتباع میں اولیاء کرام بھی اسی راہ پر گامزن رہے۔ لوگوں نے ان پر طرح طرح کی الزام تراشیاں کیں، مگر آوازِ سگاں کی پروانہ کرتے ہوئے قافلہ بدستور چلتا رہا۔ مزے کی بات یہ ہے کہ جو لوگ ان بزرگوں پر زبانِ طعن دراز کرتے ہیں اور انہیں ہدف سہامِ ملام بناتے ہیں وہ یہ کام ''اصلاح'' کی آڑ لے کر کرتے ہیں:۔

وَاِذَا قِیۡلَ لَھُمۡ لَاتُفۡسِدُوۡا فِی الۡاَرۡضِ قَالُوۡٓا اِنَّمَا نَحۡنُ مُصۡلِحُوۡنَ o

اَلَآ اِنَّھُمۡ ھُمُ الۡمُفۡسِدُوۡنَ وَلٰکِنۡ لَّا یَشۡعُرُوۡنَo

(جب انہیں کہا جاتا ہے کہ دنیا میں فساد بپا مت کرو تو کہتے ہیں کہ ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں یاد رکھو! یہی لوگ مفسدہ پرواز ہیں، لیکن نہیں سمجھتے)

لوگ اولیاء اللہ کو طعن و تشنیع کا نشانہ بناتے اور اولیاء اللہ خندہ پیشانی سے اسے برداشت کرتے ہیں اور بحکم اَللّٰھُمَّ ھُد قَوۡمِیۡ فَاِنَّھُمۡ لَایَعۡلَمُوۡنَ (خدایا! میری قوم کو ہدایت کرنا کیونکہ انہیں معلوم نہیں کہ میں کون ہوں) یہ ان کے لیے دعاء خیر ہی کرتے ہیں۔

سب سے زیادہ اور سخت جرح محی الدین ابن العربی معروف بہ شیخ اکبر پر ہوئی۔ انہیں مُشرک تک قرار دیا گیا اور یار لوگ توحید کی پرچار کی آڑ لیتے لیتے اپنا ایمان کھو بیٹھے۔ ابنِ عربی پر ردّ وقدح کی سب سے بڑی وجہ ان کی عبارتوں کا نہ سمجھنا ہے اور ان لوگوں نے اپنی کج فہمی کو بنیاد قرار دیتے ہوئے ایک عمارت کھڑی کر ڈالی اور ابن العربی کو اس کج فہمی کی بنا پر کافر اور کیا کچھ کہہ ڈالا۔

خشتِ اوّل چُوں نہد مِعمار کجَ
تا ثُریّا می رَوَدُ دیوار کجَ

حقیقت کو ظاہر کرنے کے لیے بزرگوں نے کتابیں لکھیں۔ چنانچہ شیخ الاسلام قاضی القضاۃ مجد الدین محمد بن یعقوب متوفیٰ ۸۱۷ھ۔ ۱۴۱۴ء مصنف قاموس اور حافظ ابن حجرؒ کے استاد جلال الدین سیوطیؒ متوفیٰ ۹۱۱ھ۔ ۱۵۰۵ء اور امام عبدالوہاب شعرانی متوفیٰ ۹۷۲ھ۔ ۱۵۶۵ء نے اس سلسلہ میں تصانیف کیں، موجودہ دور میں مولانا اشرف علی صاحب تھانوی متوفیٰ ۱۳۶۲ھ۔ ۱۹۴۲ء نے بھی ابن عربی کی بریت میں ایک کتاب لکھی ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ جعلی اور بناوٹی صوفی حقیقی اولیاء اللہ اور صوفیاء کے بھیس میں لوگوں کے سامنے آکر ان کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالتے اور طرح طرح کی چالوں سے عوام کو دھوکہ دیتے ہیں جس سے حقیقی صوفی اور اہل طریقت بدنام ہو جاتے ہیں اور لوگ ان سے بھی بدظن ہو جاتے ہیں۔ انہی صوفی نما لوگوں کے متعلق مولانا رومؒ فرماتے ہیں:

حرفِ دردیشاں بدزدیدہ بسے
تا گماں آید کہ ہست او خود کسے
خردہ گیرد در سخن بر بایزیدؒ
ننگ دارد از درونِ اُو یزید
ہر کہ داند مر را چوں با یزیدؒ
روزِ محشر حشر گردد با یزید[1]

(یہ صوفی نما لوگ صوفیوں کے الفاظ یاد کر لیتے ہیں تا کہ لوگوں کو ان کے متعلق بھی صوفی ہونے کا گمان ہو، یہ لوگ اپنی تقریروں میں حضرت بایزید بسطامیؒ پر بھی نکتہ چینی کر جاتے ہیں۔ حالانکہ ان کا باطن اس قدر سیاہ ہوتا ہے کہ اسے دیکھ کر یزید کو بھی شرم آجائے۔ لہٰذا جو شخص ایسے آدمی کو بایزید بسطامی رحمتہ اللہ جیسا کہے گا اس کا حشر یزید کے ساتھ ہوگا)

نیز فرماتے ہیں:

اے بسا ابلیس آدم روی ہست
پس بَہر دستے نباید داد دست

(بہت سے شیطان انسانی شکل میں پھر رہے ہیں لہٰذا تمہیں ہر کسی کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ نہیں دینا چاہیئے)

درحقیقت اس قسم کے لوگوں نے اسلام کو بہت نقصان پہنچایا ہے اور انہی غلط کار اور صوفی نما لوگوں کو دیکھ کر بعض لوگوں نے تمام صوفیاء پر بلا امتیاز بدعتی اور مُشرک ہونے کا فتویٰ لگانا شروع کر دیا ہے۔

قرُونِ اولیٰ سے لے کر آج تک جتنے بھی حقیقی صوفی اور اولیاء اللہ گزرے ہیں۔ سب کے سب خالص توحید اور اتباع سنت پر کار بند رہے ہیں اور انہوں نے سرِ مُو اس سے انحراف نہیں کیا اور انہوں نے اسی کی تلقین میں عمریں گذار دیں۔ اگر ان تمام اقوال کو جمع کیا جائے جن میں ان بزرگوں نے توحید اور اتباع سنت پر زور دیا ہے تو ایک مستقل کتاب ہو جائے۔ میں یہاں چیدہ چیدہ بزرگوں کے چند اقوال پیش کرتا ہوں تا کہ قارئین کرام کو معلوم ہو جائے کہ یہ لوگ کس حد تک توحید پر قائم اور سنت نبوی کے متبع رہے ہیں۔ ان سے یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ ظالموں نے ان بزرگوں پر کس قدر غلط اور بے بنیاد الزامات لگا رکھے ہیں۔

۱۔ ابُوسُلیمانؒ دَارانی کا قَول:

ابوسلیمانؒ عبدالرحمٰن بن احمد بن عطیہ اَلعَنسی متوفیٰ ۲۱۵ھ احمد بن ابی الحواری کے استاد تھے۔ احمد بن ابی الحواری کا تمام خاندان زاہدوں کا خاندان تھا اور ان کی وفات ۲۳۰ھ میں ہوئی۔ ابوسلیمان فرماتے ہیں: رُبَمَا يَقَعُ فِيْ قَلْبِيْ النُّكْتَةُ مِنْ نُكَتِ الْقَوْمِ اَيَّا مًا فَلَا اَقْبَلُ مِنْهُ اِلَّا بِشَاهِدَيْنِ عَادِلَيْنِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ[۲]

(بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ میرے دل پر صوفیاء کے نکات معرفت وارد ہوتے ہیں اور کئی دنوں تک رہتے ہیں مگر جب تک کتاب و سنت کے دو گواہ اس کی تائید نہیں کرتے میں اسے قبول نہیں کرتا۔)

صوفیاء پر اعتراض کرنے والے انصاف سے کام لیتے ہوئے ذرا غور کریں اور بتائیں کہ کوئی متبع سنت اس سے بڑھ کر اتباعِ سُنت کا دعویٰ کر سکتا ہے۔

۲۔ المحاسبیؒ کا قول:

ابوعبداللہ الحارثؒ بن اسد المحاسبی علوم ظاہر اور باطن دونوں کے حامل تھے اور انہوں نے بہت سی تصانیف بھی کی ہیں۔ ان کی وفات امام احمد بن حنبلؒ کی وفات کے دو سال بعد ۲۴۳ھ میں بغداد میں ہوئی۔ فرماتے ہیں: مَنْ صَحَّحَ بَاطِنَهُ بِالْمُرَاقَبَةِ وَالْاِخْلَاصِ زَيَّنَ اللّٰهُ ظَاهِرَهُ بِالْمُجَاهَدَةِ وَاتِّبَاعِ السُّنَّةِ[۳]

جس نے مراقبہ اور اخلاص کے ذریعہ سے اپنا باطن درست کر لیا۔ اللہ اس کے ظاہر کو مجاہدہ اور اتباع سُنّت سے مزّین کر دیتا ہے۔

۳۔ سہل تستریؒ کا قول

ابو محمد سہل بن عبداللہ تستری آئمہ صوفیاء میں سے ہوئے ہیں۔ پرہیز گاری میں یکتائے روزگار اور صاحبِ کرامات تھے۔ شیطان سے اُن کا مناظرہ مشہور ہے۔ ذوالنُّون مصریؒ سے اُن کی ملاقات مکّہ میں ہوئی۔ جب کہ یہ وہاں حج کے لیے آئے ہوئے تھے انہوں نے ۲۸۳ھ میں وفات پائی فرماتے ہیں:

اُصُوْلُنَا سَبْعَةُ اَشْيَآءَ: اَلتَّمَسُّکُ بِکِتَابِ اللّٰهِ وَالْاِقْتِدَاءُ بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ وَاَکْلُ الْحَلَالِ وَ کَفُّ اَلْاَذٰی وَ اِجْتِنَابُ الْمَعَاصِیْ وَالتَّوْبَةُ وَاَدَآءُ الْحَقِّ [۴]

(ہمارے سات اصول ہیں: (۱) قرآن پر پابند رہنا، (۲) سنت نبوی کی اقتداء (۳) اکل حلال (۴) کسی کو دُکھ نہ دینا (۵) گناہوں سے پرہیز (۶) توبہ (۷) ادائے حق)

۴۔ جُنید بَغدادیؒ کا قول:

سیّد الطائفہ حضرت ابوالقاسم جُنید بن محمدؒ بغدادی متوفی ۲۹۷ھ مشہور و معروف اولیاء کبار میں سے ہوئے ہیں، شیخ شبلی رحمتہ اللہ متوفی ۳۳۴ھ نے انہی سے تربیت حاصل کی۔ فرماتے ہیں:

(الف) اَلطُّرُقُ کُلُّهَا مَسْدُوْدَةٌ عَلٰی الْخَلْقِ اِلَّا مَنِ اقْتَفٰی اَثَرَ الرَّسُوْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ [۵]

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلنے والوں کے سوا تمام لوگوں کے لیے قرب الٰہی کے راستے بند ہیں)

(ب) مَنْ لَمْ يَحْفَظِ الْقُرْاٰنَ وَلَمْ يَکْتُبِ الْحَدِيْثَ لَا يُقْتَدٰی بِهٖ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ لِاَنَّ عِلْمَنَا هٰذَا مُقَيَّدٌ بِالْکِتَابِ وَالسُّنَّةِ.

(جس شخص نے نہ قرآن مجید یاد کیا ہو اور نہ حدیث لکھی ہو۔ طریقت میں اُس شخص کی پیروی نہیں کی جاسکتی۔ اس لیے کہ ہمارے اس علم طریقت میں کتاب و سنت کی قید پائی جاتی ہے۔)

(ج) عِلْمُنَا هٰذَا مُقَيَّدٌ بِحَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ [۶]

(ہمارا علم طریقت حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مضبوط ہوتا ہے۔)

(د) مَذْهَبُنَا هٰذَا مُقَيَّدٌ بِاُصُوْلِ الْکِتَابِ وَ السُّنَّةِ.

(ہمارا مذہب اصول کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ سے مقید ہے۔)

۵۔ ابوحمزہ بُغدادیؒ کا قول:

ابوحمزہ محمد ابراہیمؒ بغدادی عیسیٰ بن آبار کی اولاد میں سے تھے۔ قرآن مجید کی قراءتوں اور فقہ کے عالم تھے۔ ابوبکر کتانی متوفی ۳۲۲ھ اور خیر نساج متوفی ۳۲۲ھ وغیرہ نے ان سے حدیث کی روایت کی ہے یہ وہی بزرگ ہیں جن سے امام احمد بن حنبلؒ متوفی ۲۴۱ھ مسائل حل کرانے کے لیے آیا کرتے تھے۔ ان کی وفات ۲۹۸ھ میں ہوئی۔ ان کی وفات کا واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ جمعہ کے دن اپنی مجلس میں تقریر فرما رہے تھے کہ یکا یک ان کی حالت بدل گئی اور وہیں منبر پر گر پڑے۔ آئندہ جمعہ تک یہی حالت رہی اور انتقال کر گئے۔

فرماتے ہیں:

مَنْ عَلِمَ طَرِیْقَ الْحَقِّ سَهَلَ عَلَیْهِ سُلُوْکُهٗ وَلَا دَلِیْلَ عَلیٰ الطَّرِیْقِ اِلَی اللّٰهِ اِلَّا مُتَابَعَةُ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِی اَحْوَالِهٖ وَاَفْعَالِهٖ وَاَقْوَالِهٖ [۷]

(جس نے حق تعالیٰ کا راستہ معلوم کرلیا اُس کے لیے اس پر چلنا بھی آسان ہو جاتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال، افعال اور اقوال میں تابعداری کئے بغیر اس راہ کی طرف کوئی رہنمائی بھی نہیں ہوسکتی)

۶۔ابنِ عطاء آدمیؒ کا قول

ابوالعباس احمد بن محمد بن سہل بن عطاء الآدمیؒ صوفیا کے کبار مشائخ میں سے تھے۔ انہوں نے تصوّف کے رنگ میں قرآن مجید کی تفسیر بھی لکھی ہے۔ جب القاہر باللہ کے وزیر نے منصور حلاجؒ کو قتل کیا تو اُن سے پوچھا کہ تم منصور حلاجؒ کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ انہوں نے جواب بدل کر کہا: خود تمہارے پاس لوگوں کا مال پڑا ہے اسے واپس کیوں نہیں کرتے؟ وزیر نے کہا: کہ تم بات ٹال رہے ہو اور حکم دیا کہ ایک ایک کر کے ان کے تمام دانت نکال دیئے جائیں اور ان کے سر میں گاڑ دیئے جائیں۔ اسی سے ان کی وفات ہوئی۔ یہ واقعہ ذوالقعدہ ۳۰۵ھ کا ہے۔ فرماتے ہیں [۸]:

مَنْ اَلْزَمَ نَفْسَهٗ اٰدَابَ الشَّرِیْعَةِ نَوَّرَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ بِنُوْرِ الْمَعْرِفَةِ وَلَا مَقَامَ اَشْرَفَ مِنْ مَّقَامِ مُتَابَعَةِ الْحَبِیْبِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ اَوَامِرِهٖ وَاَفْعَالِهٖ وَاَخْلَاقِهٖ [۹]

(جس نے اپنے نفس پر آدابِ شریعت کا لحاظ رکھنا لازم قرار دیا اللہ اس کے دل کو نورِ معرفت سے منور فرمائیں گے۔ پیارے نبی ﷺ کے اوامر، افعال اور اخلاق کی تابعداری سے بڑھ کر کوئی مقام نہیں ہوسکتا)۔

۷۔عبداللہ بن منازلؒ کا قول

ابومحمد عبداللہ بن منازلؒ یکتائے روزگار و ملامتیہ [۹] کے شیخ اور عالم تھے۔ انہوں نے کثرت سے احادیث لکھیں، ان کی وفات ۳۲۹ھ یا ۳۳۰ھ میں نیشاپور میں ہوئی، فرماتے ہیں:

لَمْ یُضَیِّعْ اَحَدٌ فَرِیْضَةً مِّنَ الْفَرَآئِضِ اِلَّا ابْتَلَاهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ بِتَفْوِیْتِ السُّنَنِ وَلَمْ یُبْلَ اَحَدٌ بِتَضْیِیْعِ السُّنَنِ اِلَّا اَوْشَکَ اَنْ یُّبْتَلیٰ بِالْبِدَعِ [۱۰]

(جس کسی نے ایک فرض بھی ترک کیا وہ سنتوں کے ترک کرنے میں مبتلا ہوگا اور جو سنتوں کے ترک کرنے میں مبتلا ہوا وہ عنقریب بدعتوں کے ارتکاب میں مبتلا ہوگا۔)

۸۔ابوبکر طمستانیؒ کا قول:

ابوبکر طمستانیؒ کو صوفیاء کے پانچویں طبقہ میں شمار کیا جاتا ہے علم وحال کے اعتبار سے یگانۂ روزگار تھے۔شیخ شبلی متوفی ۳۴۴ھ اور ابراہیم دباغؒ کے شاگرد تھے۔ان کی وفات ۳۴۰ھ کے بعد ہوئی فرماتے ہیں:

(الف) مَنْ اِتَّبَعَ الْکِتَابَ وَالسُّنَّۃَ وَھَاجَرَ اِلَی اللّٰہِ بِقَلْبِہٖ وَاتَّبَعَ اٰثَارَ الصَّحَابَۃِؓ لَمْ تَسْبِقْہُ الصَّحَابَۃُؓ اِلَّا بِکَوْنِھِمْ رَاَوْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ط[11]

(جس نے کتاب وسنت کی پیروی کی دل سے اللہ طرف ہجرت کی اور صحابہؓ کے نقش قدم پر چلا تو صحابہؓ اس سے صرف اس لیے افضل ہوں گے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے۔)

(ب) اَلطَّرِیْقُ وَاضِحٌ وَّالْکِتَابُ وَالسُّنَّۃُ قَائِمٌ بَیْنَ اَظْھُرِنَا وَفَضْلُ الصَّحَابَۃِ مَعْلُوْمٌ لِسَبْقِھِمْ اِلَی الْھِجْرَۃِ وَ بِصُحْبَتِھِمْ فَمَنْ صَحِبَ مِنَّا الْکِتٰبَ وَالسُّنَّۃَ وَتَغَرَّبَ عَنْ نَّفْسِہٖ وَالْخَلْقِ وَھَاجَرَ بِقَلْبِہٖ اِلَی اللّٰہِ وَھُوَ الصَّادِقُ الْمُصِیْبُ [12]

(ہمارا طریقہ واضح ہے اور کتاب وسنت ہمارے درمیان قائم ہے اور ہجرت اور صحبت نبوی کی وجہ سے صحابہؓ کا افضل ہونا بھی معلوم ہے لہٰذا ہم میں سے جو شخص کتاب وسنت کا ساتھ دے اور اپنے نفس اور مخلوق سے دور ہو جائے اور دل سے اللہ کی طرف ہجرت کرے تو وہ سچا ہے اور صحیح راہ پر ہے۔)

۹۔ابُو القاسم قُشیریؒ کا قول:

ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن قشیریؒ۔رسالہ قشیریہ اور تفسیر لطائف الاشارات کے مُصنف ہیں انہوں نے ان دو کتابوں کے علاوہ اور بھی بہت سی تصانیف کی ہیں یہ ابوعلی وقاقؒ متوفیٰ ۴۰۳ کے مرید اور ابوعلی فارمدیؒ کے استاد تھے۔سید علی بن عثمان بن ابوعلی الجلابی الغزنویؒ متوفیٰ ۴۶۵ھ،۱۰۷۲ء، سید علی ہجویری اور داتا گنج بخش کے نام سے مشہور ہیں،ان کے ہمعصر تھے۔ہندوستان آنے سے پہلے داتا صاحب کی ان سے اکثر ملاقات رہتی تھی۔داتا صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے ان سے دریافت کیا کہ طریقۂ فکر میں آپ کی ابتدا کس طرح ہوئی جواب دیا کہ مجھے ایک بار گھر کی کھڑکی کے لیے پتھر درکار تھا،جس پتھر کو اُٹھاتا گوہر بن جاتا۔لہٰذا میں اسے پھینک دیتا۔سید علی ہجویریؒ فرماتے ہیں کہ اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے نزدیک گوہر اور پتھر برابر تھے، بلکہ ان کے نزدیک گوہر پتھر سے کم تھا،اس لیے کہ انہیں پتھر کی ضرورت تھی گوہر کی ضرورت نہ تھی۔[13] قشیریؒ کی وفات ۴۶۵ھ میں ہوئی۔فرماتے ہیں:

اِعْلَمُوْا رَحِمَکُمُ اللّٰہُ اَنَّ شُیُوْخَ ھٰذِہِ الطَّائِفَۃِ بَنَوْا قَوَاعِدَ اَمْرِھِمْ عَلٰی اُصُوْلٍ صَحِیْحَۃٍ فِی التَّوْحِیْدِ صَانُوْھَا عَقَائِدَھُمْ عَنِ الْبِدَعِ وَدَانُوْا بِمَا وَجَدُوْا عَلَیْہِ السَّلَفَ وَاَھْلَ السُّنَّۃِ مِنْ تَوْحِیْدٍ لَیْسَ فِیْہِ تَمْثِیْلٌ وَّلَا تَعْطِیْلٌ وَّعَرَفُوْا مَاھُوَ حَقُّ الْقِدَمِ [14]

(یاد رکھو! خدا تم پر رحم کرے کہ اس جماعت کے جس قدر شیوخ گزرے ہیں انہوں نے تصوف کی بنیاد توحید کے صحیح اصولوں پر رکھی ہے اور انہوں نے

اپنے عقائد کو بدعتوں سے بچائے رکھا ہے اور انہی امور کی پیروی کی ہے جن پر انہوں نے سلف صالحین اور اہل سنت کو پایا ہے۔ یعنی ایسی توحید جس میں نہ (فرقۂ ممثلہ کی) تمثیل اور نہ (فرقۂ مُعطلہ) کی تعطیل پائی جاتی ہے اور انہوں نے خدائے لم یزل ولا یزال کے حق کو پہچانا ہے۔)

پھر کبار صوفیاء کے حالات لکھ چکنے کے بعد امام قشیریؒ فرماتے ہیں:

هٰذَا هُوَ ذِكْرُ جَمَاعَةٍ مِّنْ شُيُوْخِ هٰذِهِ الطَّائِفَةِ كَانَ الْغَرْضُ مِنْ ذِكْرِهِمْ فِيْ هٰذَا الْمَوْضِعِ التَّنْبِيْهُ عَلٰى اَنَّهُمْ مُجْمِعُوْنَ عَلٰى تَعْظِيْمِ الشَّرِيْعَةِ مُتَّصِفُوْنَ بِسُلُوْكِ طُرُقِ الرِّيَاضَةِ مُقِيْمُوْنَ عَلٰى مُتَابَعَةِ السُّنَّةِ [15]

(صوفیاء کے شیُوخ کی ایک جماعت کا ہم نے ذکر کر دیا ہے۔ ان کا ذکر کرنے سے ہماری غرض یہ ہے کہ لوگوں کو آگاہ کر دیا جائے کہ تمام کے تمام صوفیاء اس بات پر متفق ہیں کہ شریعت کی تعظیم کی جائے۔ یہ لوگ طرح طرح کی ریاضتیں کرتے ہیں اور اتباع سنت پر کاربند رہتے ہیں۔)

۱۰۔ شیخ بقاءؒ بن بطُوؒ کا قول:

شیخ بقاء بن بطو متوفیٰ ۵۵۲ھ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ متوفیٰ ۵۶۱ھ کے ہمعصر اور صاحبِ کرامات تھے۔ ان کے متعلق شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرمایا کرتے تھے:

''اکثر مشایخ کو اللہ تعالیٰ نے ناپ تول کر معرفت عطا کی ہے مگر انہیں بغیر اندازے کے ہی عطا کر دی گئی ہے''

انہوں نے سیّد عبدالقادر جیلانیؒ کے طریقہ کے متعلق یوں رائے ظاہر کی ہے۔

كَانَ طَرِيْقُ الشَّيْخُ عَبْدُالْقَادِرِ الْجِيْلَانِيْ..... وَمُوَافَقَةِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ فِيْ كُلِّ نَفْسٍ وَّخَطْرَةٍ [16]

(شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا طریقہ ہر دم اور ہر لحظہ کتاب وسنت کی موافقت کرنا تھا۔)

۱۱۔ ابنِ حجرؒ کی رائے:

شیخ الاسلام علامہ ابن حجر عسقلانیؒ شارح صحیح بخاری سے کسی نے سوال کیا کہ یہ سماع، جسے بعض فقراء نے وقوف وآلات کے ساتھ اختیار کر رکھا ہے کیا شیخ عبدالقادرؒ بھی اس سماع میں حاضر ہوا کرتے تھے یا کسی کو حاضر ہونے کا حکم دیتے تھے یا اس کے جواز یا حُرمت کا حکم دیتے تھے یا نہیں؟

جواب: علامہ ابن حجرؒ نے جواب دیا، شیخ عبدالقادرؒ کے متعلق جو صحیح اطلاع ہمیں ملی ہے وہ یہ ہے کہ وہ ایک فقیہ، زاہد اور عابد تھے وعظ فرماتے تو زہد اور توبہ کی ترغیب دیتے اور گناہ پر سزا ملنے کا خوف دلاتے۔ چنانچہ لاتعداد مخلوق نے ان کے ہاتھوں پر توبہ کی جتنی کرامات ان کی مشہور ہیں نہ ان کے زمانہ اور نہ ان کے بعد ہم نے کسی سے ظاہر ہوتی ہوئی نہیں سنیں۔ [17]

۱۲۔ امام نَوویؒ کی رائے:

شیخ الاسلام محی الدین نوویؒ شارح صحیح مسلم اپنی کتاب بُستان العارفین میں لکھتے ہیں، [18] ''معتبر روایات سے جس قدر کرامات ہم

تک شیخ عبدالقادرؒ کے متعلق پہنچی ہیں اس قدر کسی اور کے متعلق نہیں پہنچیں۔ یہ بغداد میں اپنے زمانہ کے شافعیہ اور حنبلیہ کے رئیس تھے اور علم کے اعتبار سے بھی انہیں مانا جاتا تھا۔ متعدد اکابر نے ان کی صحبت سے فیضان حاصل کیا اور عراق کے بڑے بڑے شیوخ کو انہی سے نسبت ہے۔ ان کے لاتعداد مرید تھے اور تمام مشائخ اور علماء کا ان کی تعظیم وتکریم کرنے پر اتفاق ہے۔ ہر جہت اور ہر ملک سے لوگ اُن کی زیارت کے لیے اور مرادیں لے کر آتے۔ ہر طرف سے اہل سلوک کھچے چلے آتے تھے۔ یہ اچھی صفات، شریف اخلاق، کامل ادب اور مروت والے تھے۔ نہایت متواضع خندہ پیشانی، وافر علم اور عقل کے مالک تھے۔ کلام شرع اور احکام شرع کی شدت سے پیروی کرتے۔ اہل علم کی تعظیم کرتے۔ دیندار اور متبع سُنت کی قدر کرتے۔ اہل بدعت اور اہل ہوا کو بُرا جانتے۔ مختصر یہ کہ ان کے زمانہ میں اُن جیسا کوئی شخص نہ تھا۔

۱۳۔ سَیّد عبدالقادرؒ اور شیطان:

سید عبدالقادرؒ کے بیٹے سیّد موسیٰؒ ۵۳۹ھ تا ۶۱۸ھ۔ بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ سے سُنا کہ میں ایک مرتبہ جنگل میں نکل گیا اور کئی دنوں تک مجھے پانی نہ ملا اور مجھے سخت پیاس لگی۔ اس پر بادل آئے اُن سے کچھ نمی ہوئی اور مجھے قدرے تسکین ہوگئی اس کے بعد میں نے ایک نور دیکھا جس سے تمام افق روشن ہوگیا اور اس میں سے ایک صورت نمودار ہوئی جس نے مجھے پکار کر کہا: اے عبدالقادر میں تمہارا رب ہوں، میں نے تمہارے لیے تمام محرّمات جائز کر دیئے ہیں۔ میں نے فوراً اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط پڑھا اور کہا: اے ملعون دُور ہو جا۔ بس پھر کیا تھا تمام نور ظلمت میں بدل گیا اور وہ صورت دھواں بن گئی۔ اس نے پھر مجھے مخاطب کر کے کہا: اے عبدالقادر اپنے علم اور منزلت کی وجہ سے مجھ سے بچ گئے۔ میں نے اس طرح ستّر صوفیاء کو گمراہ کیا ہے۔ میں نے جواب میں کہا: یہ اللہ کا فضل اور احسان ہے۔ اس کے بعد کسی نے حضرت سے دریافت کیا کہ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ یہ شیطان ہے، تو آپ نے فرمایا، اس کا یہ کہنا کہ میں نے تمام محرّمات تمہارے لیے حلال کر دیئے ہیں، میرے لیے اُس کے شیطان ہونے کا کافی ثبوت تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ تو بُری باتوں کا حکم نہیں کرتے۔[19]

۱۴۔ سُہروردیؒ کا قول:

شیخ شہاب الدین ابوحفص عمر بن محمد بن عبداللہ السُہروردیؒ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے تھے۔ اسی لیے انہیں ''البکری'' کہا جاتا ہے انہوں نے راہ طریقت اپنے چچا شیخ ضیاء الدین ابوالنجیب عبدالقادر سہروردیؒ متوفیٰ ۵۶۳ھ سے حاصل کی اور سید عبدالقادر جیلانیؒ اور دیگر مشائخ کی صحبت پائی، اُن کی متعدد تصانیف ہیں جن میں سے عوارف المعارف، رشفُ النصائح، اَعلامُ الہُدیٰ اور عقیدۃ ارباب التقیٰ زیادہ مشہور ہیں۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے انہیں لکھا کہ ''اگر میں عمل کرنا چھوڑ دیتا ہوں تو باطل کی طرف لگ جاتا ہوں اور اگر عمل کرتا ہوں تو مجھ میں غرور پیدا ہو جاتا ہے، آپ نے جواب میں لکھا ''عمل کئے جاؤ اور غرور سے اللہ سے معافی مانگو۔''[20]

شیخ سعدالدین حمویؒ متوفیٰ ۶۵۰ھ سے کسی نے پوچھا کہ محی الدین ابنِ عربیؒ کو آپ نے کیسا پایا؟ جواب دیا: وہ ایک ایسا موجزن

سمندر ہے جس کی کوئی انتہا نہ ہو۔ پھر پوچھا شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کو کیسا پایا تو جواب دیا:

نُوْرُ مَتَابَعَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ جَبِيْنِ السُّهْرَوَرْدِيِّ شَيْئٌ اٰخَرُ.[21]

(سہروردیؒ کی پیشانی میں اطاعت الرسول کا نور کچھ اور ہی دکھائی دیتا ہے۔)

سہروردی کی ولادت ۵۳۹ھ میں اور وفات ۶۳۲ھ میں ہوئی۔

سہروردی عوارف المعارف کے خطبہ میں فرماتے ہیں۔[22]

ثُمَّ اَنَّ اِيْثَارِيْ لِهَدْيِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ وَ مَحَبَّتِيْ لَهُمْ عِلْمًا بِشَرْفِ حَالِهِمْ وَصِحَّةِ طَرِيْقَتِهِمُ الْمُبَيِّنَةِ عَلَى الْكِتَابِ وَ السُّنَّةِ الْمُتَحَقِّقِ بِهِمَا مِنَ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ الْفَضْلُ وَ الْمِنَّةُ حَدَانِيْ اَنْ اَذْهَبَ عَنْ هٰذِهِ الْعِصَابَةِ بِهٰذِهِ الصُّبَابَةِ وَاُؤَلِّفَ اَبْوَاباً فِي الْحَقَآئِقِ وَالْاٰدَابِ مُعْرِبَةً عَنْ وَّجْهِ الصَّوَابِ فِيْمَا اعْتَمَدُوْهُ مُشْعِرَةً بِشَهَادَةِ صَرِيْحِ الْعِلْمِ لَهُمْ فِيْمَا اعْتَقَدُوْهُ حَيْثُ كَثُرَ الْمُتَشَبِّهُوْنَ وَاخْتَلَفَتْ اَحْوَالُهُمْ وَ تَسَتَّرَ بِزَيِّهِمُ الْمُتَسَتِّرُوْنَ وَفَسَدَتْ اَعْمَالُهُمْ وَسَبَقَ اِلٰى قَلْبِ مَّنْ لَّا يَعْرِفُ اُصُوْلَ سَلَفِهِمْ سُوْءُ ظَنٍّ وَّكَادَ لَا يَسْلَمُ مِنْ وَقِيْعَةٍ فِيْهِمْ وَطَعْنٍ ظَنًّا مِّنْهُ اَنَّ حَاصِلَهُمْ رَاجِعٌ اِلٰى مُجَرَّدِ رَسْمٍ وَ تَخَصُّصَهُمْ عَآئِدٌ اِلٰى مُطْلَقِ اِسْمٍ.

پھر چونکہ مجھے اُن کے حال کی بزرگی کا علم تھا اور میں یہ بھی جانتا تھا کہ ان کا طریقہ صحیح ہے اور اُس کی بنیاد کتاب وسنت پر ہے اور انہیں دو کی بدولت اللہ کی طرف سے فضل اور احسان ہوتا ہے اس لیے میں ان کے طریقہ کو اپناتا اور ان سے محبت کرتا تھا اور اسی بات نے مجھے مجبور کیا کہ میں اس مختصری کتاب کے ذریعہ سے ان لوگوں کی حمایت کروں اور حقائق وآداب کے متعلق چند ابواب تالیف کروں تا کہ جن امور میں لوگوں نے بے اعتدالی کی ہے ان میں انہیں صحیح راہ کا پتہ چل جائے اور انہیں یہ بھی معلوم ہو جائے کہ ان کے جو عقائد ہیں اُن کے متعلق اُن کے پاس صریح علم کی شہادت موجود ہے۔ اس لیے کہ کثرت سے ایسے لوگ پائے جاتے ہیں جنہوں نے صوفیاء کا سارا طریقہ اختیار کر رکھا ہے مگر درحقیقت اُن کے حالات صوفیاء سے مختلف ہیں اور کچھ لوگ صوفیاء کے لباس میں لوگوں کے سامنے آرہے ہیں، حالانکہ یہ لوگ بداعمال ہیں جس کی وجہ سے ان لوگوں کے دلوں میں جو صوفیاء کے اسلاف کے اصولوں سے ناواقف ہیں، بدگمانی پیدا ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے وہ صوفیاء کو بُرا کہنے لگ جاتے ہیں اور وہ یہ گمان کر بیٹھتے ہیں کہ تصوف محض ایک رسم ہے اور صوفی محض نام جس کی کوئی حقیقت نہیں۔

۱۵۔ابن العربیؒ:

محی الدین محمد بن علی ابن العربیؒ مرسیہ (اندلس) میں ۱۷ رمضان ۵۶۰ھ جولائی ۱۱۶۵ء میں پیدا ہوئے۔ ۵۶۹ھ۔۱۱۷۳ء سے لے کر ۵۹۹ھ۔۱۲۰۲ء تک اشبیلیہ میں رہے اور پھر مشرق کی طرف سیاحت کے لیے نکل گئے۔ یہ مصر سے ہوتے ہوئے حجاز پہنچے اور وہاں ایک مدت تک قیام پذیر رہنے کے بعد بغداد موصل اور ایشیائے کوچک کا سفر کیا اور بالآخر دمشق پہنچ کر سکونت اختیار کر لی اور وہیں ۶۳۸ھ۔۱۲۴۰ء میں وفات پائی۔ ان کی پانچ صد سے زائد تصانیف ہیں۔ انہوں نے اپنے ایک مرید کی درخواست پر خود ایک رسالہ لکھا ہے، جس میں انہوں نے اپنی دوسو پچاس سے زائد تصانیف کا ذکر کیا ہے۔ اُن کی بیشتر تصانیف تصوف میں ہیں۔ اسی رسالہ کے خطبہ میں

رماتے ہیں کہ دیگر اشخاص کی طرف ان کی تصانیف سے میرا مقصد محض مؤلف بننا نہیں بلکہ بعض تصانیف کا سبب تو یہ ہوا کہ حق سبحانہ کی رح سے مجھ پر معانی کا ورود ہوتا تھا اور اگر ان کا اظہار نہ کرتا تو مجھے جل جانے کا اندیشہ تھا اور بعض تصانیف کے متعلق مجھے خواب یا کاشفہ میں حکم دیا گیا۔ [۲۳]

بن العربیؒ کے متعلق سہروردیؒ کی رائے:

امام عفیف الدین عبداللہ بن اسعد یافعیؒ متوفی بعد از ۷۵۰ھ مرآۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفتہ حوادث الزمان میں تحریر فرماتے ں کہ شیخ شہاب الدین سہروردیؒ سے ابن العربیؒ کی ملاقات ہوئی۔ دونوں کچھ دیر تک ایک دوسرے کو دیکھتے رہے اور پھر کسی قسم کی گفتگو ئے بغیر ایک دوسرے سے جُدا ہو گئے۔ اس کے بعد کسی نے ابن عربیؒ سے شہاب الدین سہروردیؒ کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا:

فَرْدٌ مَمْلُوٌّ مِنْ فَرْقِهٖ اِلٰی قَدَمِهٖ مِنَ السُّنَّةِ

یہ شخص سر سے پاؤں تک سنت سے لبریز ہے

اور جب سہروردی سے ابن العربیؒ کے متعلق دریافت کیا گیا تو کہا هُوَ بَحْرُ الْحَقَآئِقِ یہ شخص حقائق کا سمندر ہے۔ ابن العربیؒ کی انیف میں سے زیادہ تر لے دے ان کی دو تصانیف پر ہوئی۔ ایک فصوص الحکم پر اور دوسرے فتوحات مکیہ پر۔ فتوحاتِ مکیہ بڑی ضخیم ناب ہے جو پانچ سو ساٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ اس کے مقابلہ میں فصوص الحکم ایک مختصری کتاب ہے جو ستائیس ابواب پر مشتمل ہے۔

ولانا جامی کی رائے:

مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ متوفی ۸۹۸ھ، ۱۴۹۲ء ابن العربیؒ پر طعن کرنے کا سبب بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''واعظم اسبابِ طعن طاعناں دروے کتاب فُصُوص الحکم است و ہمانا کہ منشاء طعن طاعناں یا تقلید وتعصب است یا عدمِ اطلاع براصطلاحات وے یا غموض معانی وحقائق کہ درمصنفات خود درج کردہ است وآں قدر حقائق و معارف کو درمصنفات وے بہ تخصیص درفصُوص وفتوحات اندراج یافتہ است در ہیچ کتاب یافت نمی شود واز ہیچ کس ازیں طائفہ ظاہر نہ شدہ است وایں فقیر از خدمت خواجہ برہان الدین ابونصر پارسا قُدس سرّہ جنیں استماع دارد کہ می گفت کہ والدِ مامی فرمود فصوص جان است وفتوحات دِل۔ [۲۴]

''ان پر طعن کرنے والوں کے لیے سب سے بڑا سبب کتاب فصوص الحکم ہے جس کی وجہ یا تقلید اور تعصب ہے یا اُن کی اصطلاحات سے ناواقفی یا ان معانی اور حقائق کا دقیق ہونا جو انہوں نے اپنی تصانیف میں درج کئے ہیں اور جس قدر حقائق ومعارف انہوں نے اپنی تصانیف میں درج کئے ہیں بالخصوص فصوص اور فتوحات میں اس قدر کسی اور کتاب میں پائے نہیں جاتے اور نہ ہی اس قدر کسی اور بزرگ سے ظاہر ہوئے ہیں۔ میں نے خواجہ برہان الدین ابونصر پارسا قدس سرّہ سے سنا ہے کہ ان کے والدؒ نے فرمایا کہ فصوص جان ہے اور فتوحات دل۔''

امام شعرانیؒ کی رائے:

امام شعرانیؒ اُن پر طعن کرنے کا سبب بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

وَمَا اَنْكَرَ مَنْ اَنْكَرَ عَلَيْهِ اِلَّا لِدِقَّةِ كَلَامِهٖ [۲۵]

''جنہوں نے اُن کا انکار کیا ہے۔ انہوں نے صرف ان کے کلام کے دقیق ہونے کی وجہ سے کیا ہے۔''

علماء وصوفیاء نے ان کے کلام کی دِقّت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ان کی کتابوں کی شرح لکھی ہیں چنانچہ عزّ بن جماعہ۔ عبدالرزاق کاشانی، جامیؒ اور آفندی بالی نے فصوص الحکم کی شرح لکھیں اور موجودہ دور میں مولانا اشرف علی تھانوی صاحبؒ متوفی ۱۳۶۲ھ/۱۹۴۲ء ـ اردو میں فصوص الحکم کے بعض مشکل مقامات کو حل کیا ہے اور کتاب کا نام خُصُوصُ الْكَلِمِ فِیْ حَلِّ فُصُوْصِ الْحِكَم رکھا ہے اور جب بعض لوگوں نے اپنی کم مائیگی اور جہالت کی وجہ سے ابن عربی کے کلام کو نہ سمجھا اور ان پر نکتہ چینی شروع کر دی تو متعدد علماء نے ابن العربی کی طرفداری میں کتابیں لکھیں چنانچہ عبدالغنی نابلسیؒ نے اَلرَّدُّ الْمَتِیْنَ عَلٰی مُنْتَقِصِ الْعَارِفِ مُحِیُ الدِّیْنِ لکھی، علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے تَنْبِیْهُ الْغَبِیُ فِیْ تَنْزِیْهِ ابنِ الْعَرَبِی لکھی اور عبدالوہاب شعرانیؒ نے تَنْبِیْهِ الْاَغْنِیَآءِ عَلٰی قَطْرَةٍ مِّنْ بِحْرِ عُلُوْمِ الْاَوْلِیَآ لکھی۔ اس کے علاوہ سراج الدین مخزومیؒ اور حافظ ابن حجرؒ کے استاد مجد الدین فیروز آبادیؒ مصنف قاموس نے بھی ان کی تائید میں کتابیں لکھیں۔ موجودہ دور میں مولانا اشرف علی تھانوی نے ابن عربی کی طرفداری میں اَلتَّنْبِیْهُ الطَّرَبِیُ مِنْ تَنْزِیْهِ ابْنِ الْعَرَبِیُ لکھی ہے۔ تھانوی صاحب نے کتاب کے خاتمہ پر ابن العربیؒ کے متعلق اپنا عقیدہ اور ان کی مشکل عبارات کے متعلق اپنا مسلک بیان کر دیا ہے نیز فرمایا ہے کہ مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ نے جہاں کہیں ابن العربی پر تنقید کی ہے۔ یہ انہی کا حق ہے ہمارا حق نہیں۔ اب میں یہاں ابن عربیؒ کی فتوحاتِ مکّیہ میں سے عبارتیں پیش کرتا ہوں جن میں انہوں نے شریعت اور کتاب وسنت کی پابندی پر زور دیا ہے۔

۱۔ پہلی عبارت

مولانا جامی فرماتے ہیں: وہم و لے آوردہ است حکایت از حال خود:

وَلَقَدْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِرَسُوْلِهٖ وَمَاجَآءَ بِهٖ مُجْمَلاً وَّ مُفَصَّلاً مِمَّا وَصَلَ اِلَيْنَا مِنْ تَفْصِيْلِهٖ وَمَالَمْ يَصِلْ اِلَيْنَا اَوَلَمْ يَثْبُتْ عِنْدَنَا فَنَحْنُ مُؤْمِنُوْنَ بِكُلِّ مَا جَآءَ بِهٖ فِیْ نَفْسِ الْاَمْرِ [۲۶]

ابن عربی اپنی کیفیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے ہیں اور ان امور پر ایمان لائے ہیں جو ہمارے پاس مجمل یا مفصل طور پر پہنچے خواہ ان کی تفصیل ہم تک پہنچی ہے یا نہیں پہنچی یا ہمارے نزدیک ثابت نہیں ہوئی۔ ہم اُن تمام امور پر ایمان لائے ہیں جنہیں درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لے کر آئے۔

۲۔ دوسری عبارت:

ابن عربیؒ نے فتوحاتِ مکّیہ کے آخری باب (باب ۵۶) میں تقریباً دوسو وصیتیں دی ہیں۔ یہ وصیتیں اگرچہ تمام کی تمام نہایت قابل

قدر مگر یہاں پر صرف ایک دی جاتی ہے۔

عَلَیْکَ بِالْاِقْتِدَآءِ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ فِیْ اَحْوَالِہٖ وَ اَقْوَالِہٖ وَ اَفْعَالِہٖ اِلَّا مَانَصَّ عَلَیْہِ مِنْہُ مُخْتَصٌّ بِہٖ مِمَّا لَایَجُوْزُلَنَا اَنْ نَّفْعَلَہٗ [۲۷]

تم پر آنحضرت ﷺ کے احوال، اقوال اور افعال میں اقتداء کرنی لازم ہے۔ سوائے ان امور کے جن کے متعلق آنحضرت ﷺ نے صریح طور پر فرما دیا ہے کہ وہ آپ کی خصوصیات میں سے تھے اور جن کا ذکر کرنا ہمارے لیے جائز نہیں۔

۳۔ تیسری عبارت:

ابن عربی باب ۱۶۴ فی مَعْرِفَةِ مَقَامِ التَّصَوُّفِ میں لکھتے ہیں:

قَالَ اَھْلُ الطَّرِیْقِ اللّٰہِ التَّصَوُّفُ خُلُقَ فَمَنْ زَادَ عَلَیْکَ فِی الْخُلُقِ زَادَ عَلَیْکَ فِی التَّصَوُّفِ وَسُئِلَتْ عَائِشَةُ اُمّ الْمُؤْمِنِیْنَ عَنْ خُلُقِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ خُلُقُہُ الْقُرْاٰنُ وَاِنَّ اللّٰہَ اثْنٰی عَلَیْہِ بِمَا اَعْطٰہُ مِنْ ذَا لِکَ فَقَالَ وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ وَمِنْ شَرْطِ الْمَنْعُوْتِ بِالتَّصَوُّفِ اَنْ یَّکُوْنَ حَکِیْمًا ذَا حِکْمَةٍ فَاِنَ لَّمْ یَکُنْ فَلا حَظَّ لَہٗ فِیْ ھٰذَا اللَّقْبِ فَاِنَّہٗ حِکْمَةٌ کُلُّہٗ فَاِنَّہٗ اَخْلَاقٌ وَھِیَ تَحْتَاجُ اِلٰی مَعْرِفَةٍ تَامَّةٍ وَّعَقْلٍ رَاجِحٍ وَّ حُضُوْرٍ وَّتَمَکُّنٍ قَوِیٍّ مِّنْ نَفْسِہٖ حَتّٰی لَایَحْکُمَ عَلَیْہِ الْاَعْرَاضُ النَّفْسِیَّةُ وَنَجْعَلِ الْقُرْاٰنَ اُمَامَہٗ صَاحِبُ ھٰذَاالْمَقَامِ ط

اہل طریقت کہتے ہیں کہ تصوف ہمہ تن خُلق ہے۔ جس کے اخلاق تم سے بہتر ہوں گے وہ تم سے بہتر صوفی ہوگا۔ اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ سے آنحضرت ﷺ کے خُلق کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا: قرآن آپ کا خُلق تھا۔ نیز جو اخلاق اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو عطا کئے ہیں ان کی تعریف یوں فرمائی ہے آپ کے اخلاق بہت بلند ہیں'' اور جو شخص تصوف سے موصوف ہوا اس کے لیے دانا ہونا بھی ضروری ہے اگر ایسا نہیں تو صُوفی کا لقب اسے نہیں دیا جا سکتا۔ اس لیے کہ تصوف ہمہ تن حکمت ہے کیونکہ اس میں اخلاق پائے جاتے ہیں اور اخلاق کے لیے معرفت تامہ عقل راجح و حاضر اور اپنے نفس پر پورا قابو ہونا ضروری ہے تا کہ خواہشاتِ نفسانیہ اس پر قابو نہ پالیں۔ مقام تصوف والے انسان کو چاہیے کہ وہ قرآن مجید کو اپنی نگاہ میں رکھے۔

۴۔ چوتھی عبارت:

باب ۴۱۹. فِی مَعْرَفَةِ حَالِ قُطْبٍ کَانَ مَنْزِلُہٗ اسْتَجِیْبُوْالِلّٰہِ وَ لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاکُمْ لِمَا یُحْیِیْکُمْ اِعْلَمْ اَیَّدَنَا اللّٰہُ وَ اِیَّاکَ اَنَّہٗ مَافِیْ الْقُرْاٰنِ دَلِیْلٌ اَوَلٌ عَلٰی اَنَّ الْاِنْسَانَ اَالْکَامِلَ مَخْلُوْقٌ عَلٰی الصُّوْرَةِ مِنْ ھٰذَا الذِّکْرِ لِدُخُوْلِ اللَّامِ فِیْ قَوْلِہٖ وَلِلرَّسُوْلِ وَفِیْ اَمْرِہٖ تَعَالٰی لِمَنْ ایة [۲۸] مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ بِالْاِجَابَةِ لِدَعْوَةِ اللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ وَلِدَعْوَةِ الرَّسُوْلِ فَاِن اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ مَایَدْعُوْنَا اِلَّا لِمَایُحْیِیْنَا فَلْیَکُنْ مِّنَّا الْاِجَابَةِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ

اِذَا دَعَانَا فَاِنَّهٗ مَایَکُوْنُ فِیْ حَالٍ اِلَّامِنْهُ فَلَا بُدَّ اَنْ نُجِیْبَهٗ اِذَا دَعَانَا فَاِنَّهُ الَّذِیْ یُقِیْمُنَا فِی اَحْوَالِنَا وَاِنَّمَا فَصَّلَ هٰهُنَا بَیْنَ دَعْوَةِ اللّٰهِ وَ دَعْوَةِ الرَّسُوْلِ لیتَحَقَّقَ مِنْ ذالِکَ صُوْرَةُ الْحَقِّ الَّتِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمُ عَلَیْهَا وَهُوَ الدَّاعِیْ فِی الْحَالَتَیْنِ اِیَّانَا فَاِذَا دَعَانَا بِالْقُرْاٰنِ کَانَ مُبَلِّغًا وَّتَرْجُمَانًا وَّکَانَ الدُّعَآءُ دُعَاءُ اللّٰهِ فَلْیَکُنْ اِجَابَتَنَا لِلّٰهِ وَالْاِسْمَاعُ لِلرَّسُوْلِ وَاِذَا دَعَانَا بِغَیْرِ الْقُرْاٰنِ کَانَ الدُّعَاءُ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلْیَکُنْ اِجَابَتُنَا لِلرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا فَرَقَ فِیْ دُعَاءُیْنِ فِیْ اِجَابَتِنَا وَاِنْ تَمَیَّزَ کُلُّ دُعَآءٍ بِتَمَیُّزِ الدَّاعِیْ. الخ

یادرکھیں! خداتمہاری بھی اور ہماری بھی مدد کرے کہ قرآن مجید میں اس آیت سے بڑھ کر کوئی دلیل نہیں کہ آنحضرت ﷺ انسان کامل کی صورت میں مخلوق ہوئے اس لیے کہ ''الرسول'' پر الف اور لام داخل ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو جو آنحضرت ﷺ پر ایمان لائے ہیں۔ دعوتِ الٰہی اور دعوتِ رسول کی اطاعت کا حکم دیا ہے اس لیے کہ خدا اور اس کا رسول ہمیں صرف انہی امور کی دعوت دیتے ہیں جو ہمیں زندگی بخشتے ہیں لہٰذا جب رسول اللہ ﷺ ہمیں کسی امر کی طرف بلائیں تو ہمیں ہر حالت میں سرِ تسلیم خم کرنا ہوگا۔ اس لیے کہ ہر حالت میں دعوت تو رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ہو گی۔ لہٰذا ہمیں ان کے بلانے کا جواب دینا ضروری ہے کیونکہ وہی ہمارے حالات کی اصلاح کرنے والے ہیں۔ یہاں پر دعوتِ خداوندی اور دعوت نبوی میں امتیاز اس لیے کیا ہے تا کہ وہ صحیح صورت جس پر آنحضرت ﷺ ہیں لوگوں کو معلوم ہو جائے۔ کیونکہ ہر دو صورت میں داعی تو وہی ہیں۔ لہٰذا جب آنحضرت ﷺ قرآن کے الفاظ میں دعوت دیں تو اس صورت میں آپ مبلغ اور ترجمان ہوں گے اور دعوت اللہ کی طرف سے ہوگی۔ لہٰذا ہمیں اللہ کی اطاعت کرنی چاہیے اور رسول ﷺ کی بات پر کان لگانا چاہیے اور جب قرآن کے علاوہ کسی اور الفاظ میں بلائیں تو یہ دعوت رسول ﷺ کی طرف سے ہوگی۔ لہٰذا ہمیں رسول ﷺ کی بات بھی ماننی چاہیے۔ جہاں تک اجابت کا تعلق ہے ہمارے لیے دونوں دعوتوں میں کوئی فرق نہیں۔ حالانکہ داعی کے لحاظ سے دعوتوں میں فرق ہے۔

اس کے بعد ابنِ عربی نے حُجیتِ حدیث اور اُس کے واجبُ العمل ہونے پر بحث کی۔ اہل ذوق تفصیل وہاں سے ملاحظہ فرمائیں۔

۵۔ پانچویں عبارت:

باب ۵۶۰ کی ابتداء میں ابن العربیؒ لکھتے ہیں:

فَهُدٰی اَحْمَدَ عَیْنُ الْهُدٰی اَجْمَعُهٗ وَ مِلَّةُ الْمُصْطَفٰی مِنْ اَنْوَارِ الْمِلَلِ.

حقیقی راستہ وہی ہے جو آنحضرت ﷺ کا راستہ ہے اور تمام ملتوں سے زیادہ روشن ملت بھی انہی کی ملت ہے۔

۶۔ چھٹی عبارت:

اسی باب میں فرماتے ہیں:

عَلَیْکَ بِمُلَا زَمَةِ مَااَفْتَرَضَهُ اللّٰهُ عَلَیْکَ عَلیٰ الْوَجْهِ الَّذِیْ اَمَرَکَ اَنْ تَقُوْمُ فِیْهِ فَاِذَا اَکْمَلْتُ نَشَأَةَ فَرَائِضِکَ وَکَمَا لَهَا فَرَضَ حِیْنَئِذٍ عَلَیْکَ (اَنْ) تَتَفَرَّعَ مَابَیْنَ الْفَرْضَیْنِ لِنَوَافِلِ الْخَیْرَاتِ کَانَتْ مَا کَانَتْ [۲۹]

جوامور اللہ تعالیٰ نے تم پر فرض کئے ہیں۔انہیں اسی طرح ادا کرو جس طرح اللہ تعالیٰ نے ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔جب تم فرائض کو پورا کر چکو تو دو فرضوں کے درمیان نوافل کی طرف توجہ دو خواہ وہ کسی کے ہوں۔

۷۔ساتویں عبارت:

نیز اسی باب میں فرماتے ہیں:

وَعَلَیْکَ بِالصَّلٰوةِ الْمَکْتُوْبَةِ حَیْثُ یُنَادِیَ بِهَا مَعَ الْجَمَاعَةِ فَاِنَّ الْمَسَاجِدَ مَااتُّخِذَتْ اِلَّالِاِقَامَةِ الصَّلٰوةِ الْمَکْتُوْبَةِ فِیْهَا وَمَا یُنَادٰی اِلَّااِلَی الْاِتْیَانِ اِلَیْهَا فَاِنَّ ذَالِکَ سُنَّةُ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَالْمُرَادُ بِذَالِکَ الْاِجْتِمَاعُ عَلیٰ اِقَامَةِ الدِّیْنِ وَاَنْ لَّانَتَفَرَّقَ فِیْهِ بِهٰذَا اِخْتَلَفَ النَّاسُ فِیْ صَلٰوةِ لفَهَا اَلْمَکْتُوْبَةِ اِذَا قَدَرَ عَلیٰ الْجَمَاعَةِ هَلْ یُجْزِیْهِ اَمْ لَاوَمَنْ تَرَکَ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ سَلَّمَ ضَلَّ بِلَا شَکٍّ [۳۰]

جب اذان ہو تو فرض نماز کو جماعت کے ساتھ ادا کیا کرو۔اس لیے کہ مسجدیں فرض نمازوں کو ادا کرنے کے لیے ہی بنائی گئی ہیں اور اذان جو دی جاتی ہے تو صرف اس لیے کہ ہم نماز باجماعت ادا کرنے کے لیے آئیں کیونکہ یہ رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے اور اس کا مقصد یہ ہے کہ ہم دین کو قائم کرنے کے لیے اکٹھے ہوں تا کہ آپس میں تفرقہ نہ پڑے۔اسی لیے علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ اگر کوئی شخص فرض نماز اکیلے ادا کرے حالانکہ وہ جماعت کے ساتھ ادا کرنے پر قادر ہے، آیا یہ نماز ہو جائے گی یا نہیں اور جس نے رسول اللہ ﷺ کی سنت کو ترک کیا وہ یقیناً گمراہ ہوا۔

ابن عربی کی کتابوں میں سے ہم بے شمار مثالیں پیش کر سکتے ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ کتاب وسنت کے متبع تھے اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کرتے تھے۔حق پسند اور منصف مزاج حضرات پر یہ بات واضح ہوگئی ہوگی کہ ابن العربیؒ پر کتاب وسنت کی مخالفت کا الزام بے بنیاد اور محض افتراء ہے میں نے بمقابلہ دوسرے صوفیاء کے ان کے متعلق ذرا زیادہ وضاحت سے کام لیا ہے اس لیے کہ طاعنین نے نہیں بدنام کرنے کی بہت کوشش کی ہے جن بزرگوں کو حق بات معلوم کرنے کے لیے مزید وضاحت کی ضرورت ہو تو وہ مولانا اشرف علی تھانوی کی التَنْبِیهُ الطَربی کا مطالعہ کریں۔

۱۶۔شیخ احمد ملثمؒ کا قول:

شیخ ابوالعباس احمد ملثمؒ مصر کے جلیل القدر مشائخ سے ہوئے ہیں۔ان کے والد ممالک مشرق میں بادشاہ تھے مگر انہوں نے سب کچھ چھوڑ کر طریق فقر اختیار کر لیا تھا انہوں نے بڑی لمبی عمر پائی ہے۔شیخ عبدالغفار قوصی جن کی وفات تقریباً ۶۷۰ھ میں ہوئی۔فرماتے ہیں کہ میں نے ان سے ان کی عمر کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا کہ اس وقت میری عمر تقریباً چار سو سال ہے ان کی وفات ۶۰۰ھ کے قریب ہوئی علماء ظاہرا کثر اُن کے مخالف رہتے، لیکن اُن کا اپنا قول ہے:

لَمْ یَکُنِ الْاَقْطَابُ اَقْطَابًا وَّ الْاَوْتَادُ الْاَوْتَادًا وَّالْاَوْلِیَآءُ اَوْلِیَآءَ بِتَعْظِیْمِهِمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَعْرِفَتِهِمْ بِهٖ وَاِجْلَالِهِمْ لِشَرِیْعَتِهٖ وَقِیَامِهِمْ بِاٰدَابِهٖ [۳۱]

نہ کوئی قطب قطب بن سکا ہے، نہ اوتاد اوتاد اور نہ ولی ولی جب تک کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم نہیں کی اور اسے آنحضرت ﷺ کی معرفت حاصل نہیں ہوئی اور جب تک اس نے آپ ﷺ کی شریعت کی تعظیم نہیں کی اور اس کے آداب بجا نہیں لائے۔

۱۷۔ شیخ عبدالغفار قُوصیؒ اور اِتّباعِ سُنّت:

شیخ عبدالقادر قوصی متوفی ۶۷۰ھ (تقریباً) کا اتباع سنت میں یہ حال تھا کہ ایک مرتبہ اپنے بیٹے کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھا رہے تھے۔ کھانے میں کدو بھی تھا، فرمایا: بیٹا نبی ﷺ کو کدو بہت پسند تھا، بیٹے کی زبان سے نکل گیا کہ یہ تو ایک گندی چیز ہے ان سے یہ الفاظ برداشت نہ ہو سکے اس لیے کہ ان میں شانِ نبوی ﷺ کے بارے میں تحقیر پائی جاتی تھی اور اسی وقت تلوار سے اپنے بیٹے کی گردن اُڑا دی اور نبی ﷺ کی پسند کو اپنے بیٹے کی جان سے زیادہ بھی عزیز جانا۔ [۳۲]

۱۸۔ ابراہیم وَسُوقیؒ:

سید ابراہیم بن ابی المجد قرشی وسوقیؒ جلیل القدر صوفی اور صاحبِ کرامات بزرگ گزرے ہیں۔ انہیں فارسی، عربی، سریانی، زنگی اور تمام پرندوں اور وحشی جانوروں کی بولیاں آتی تھیں۔ ان کی وفات تینتالیس ۴۳ سال کی عمر میں ۶۷۶ھ میں ہوئی۔ فرماتے ہیں:

اَلشَّرِیْعَةُ اَصْلٌ وَّالْحَقِیْقَةُ فَرْعٌ فَالشَّرِیْعَةُ جَامِعَةٌ لِکُلِّ مَشْرُوْعٍ وَّالْحَقِیْقَةُ جَامِعَةٌ لِکُلِّ عِلْمٍ خَفِیٍّ [۳۳]

شریعت اصل ہے اور طریقت اس کی فرع۔ شریعت میں تمام مشروع باتیں آ جاتی ہیں اور حقیقت میں تمام مخفی عُلوم۔

حضرت وسوقیؒ جب کسی مرید سے عہد لیتے تو ان الفاظ میں لیتے۔

یَافُلَانُ اُسْلُکَ طَرِیْقَ النُّسُکِ عَلٰی کِتَابِ اللّٰهِ وَ سُنَّةِ نَبِیِّهٖ وَ اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ اِیْتَاءِ الزَّکٰوةِ وَ صَوْمِ رَمَضَانَ وَالْحَجِّ اِلٰی بَیْتِ الْحَرَامِ وَّاِتِّبَاعِ جَمِیْعِ الْاَوَامِرِ الْمَشْرُوْعَةِ وَالْاَخْبَارِ الْمَرْضِیَّةِ وَالْاِشْتِغَالِ بِطَاعَةِ اللّٰهِ قَوْلاً وَفِعْلاً وَّ اِعْتِقَادًا وَّلَاتَنْظُرْ یَا وَلَدِیْ اِلٰی زَخَارِفِ الدُّنْیَا وَ مَطَایَاهَاوَمَلَابِسِهَا وَقِمَا شِهَاوَرِیَاشِهَا وَحُظُوْظِهَا وَاتَّبِعْ نَبِیَّکَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِی اَخْلَاقِهٖ فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَاتَّبِعْ خُلُقَ سُبْحَنَکَ فَاِنْ نَزَلْتَ عَنْ ذَالِکَ هَلَکْتَ یَاوَلَدِیْ [۳۴]

اے فلاں! عبادت کے طریقہ میں کتاب اللہ اور اس کے نبی کی سنت پر چلنا نماز پڑھتے رہنا، زکوٰۃ ادا کیا کرنا، روزے رکھا کرنا، بیت اللہ کا حج کرنا اور تمام شرعی اوامر اور احادیث مرضیہ کی تابعداری کرنا، قولاً، فعلاً اور اعتقاداً ہر طرح سے اللہ کی اطاعت میں لگے رہنا! بیٹا دنیاوی زخارف، سواریوں، لباس، زیب وزینت اور حظوظ کی طرف دھیان نہ کرنا۔ اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کی پیروی کرنا اگر اتنا نہ کر سکو تو کم از کم اپنے پیر کے اخلاق کی ہی پیروی [۳۵] کر لینا اور اگر کہیں اس سے بھی نیچے گر گئے تو ہلاک ہو جاؤ گے۔

ذرا غور فرمائیں کس قدر واضح الفاظ میں کتاب وسنت کی پیروی کرنے کا عہد لیا جارہا ہے ان امور کی پابندی کے باوجود اگر کسی سے بظاہر کوئی خلاف شریعت امر دکھائی دے تو اس کے متعلق فرماتے ہیں:

وَلَایُقْدَحُ فِیْ صَاحِبِ الْخِرْقَةِ اِلَّا اَنْ خَالَفَ صَرِیْحَ الْکِتَابِ وَالسُّنَّةِ اِخْتِیَاراً [۳۶]

صاحب خرقہ پر صرف اُس وقت عیب جوئی کی جاسکتی ہے جب وہ کتاب وسنت کے صریح احکام کی خلاف ورزی کرے۔

۱۹۔ شیخ ابوالحسن شاذلی کا بیان:

شیخ ابوالحسن علی بن عبداللہ بن عبدالجبار شاذلیؒ افریقہ میں شاذلہ کے رہنے والے اور حسینی سادات میں سے تھے، یہ نابینا تھے۔ انہی نے سلسلہ شاذلیہ کی بنیاد ڈالی ہے کبار اولیاء کی کثیر تعداد ان سے فیضیاب ہوئی، جب یہ حج کے لیے مکہ جو جارہے تھے تو راستہ میں ایک صحرا میں ۶۵۶ھ [۳۷] میں وفات پائی۔ تقی الدین ابن دقیق العیدؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوالحسن شاذلیؒ سے بڑھ کر کسی کو عارف باللہ نہیں دیکھا۔ حزب البحر انہی کی طرف منسوب ہے، حضرت شاذلی اکثر فرمایا کرتے تھے۔

اِذَا عَارَضَ کَشْفُکَ الْکِتَابَ وَالسُّنَّةَ فَتَمَسَّکَ بِالْکِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَدَعِ الْکَشْفَ [۳۸]

جب تمہارا کشف کتاب وسنت کے خلاف ہو تو کتاب وسنت پر پابند رہو اور کشف کو چھوڑ دو۔

پھر فرماتے ہیں:

مَاثَمَّ کَرَامَةٌ اَعْظَمُ مِنْ کِرَامَةِ الْاِیْمَانِ وَ مُتَابِعَةِ السُّنَّةِ فَمَنْ اُعْطِیْهَا وَجَعَلَ یَشْتَاقُ اِلٰی غَیْرِهٖ فَهُوَ مَغْتَرٍ کَذَّابٌ اَوْ ذُوْ خَطَاً فِی الْعِلْمِ بِا الصَّوَابِ کَمَنْ اُکْرِمَ بِشُهُوْرِ الْمَلِکَ فَاشْتَاقَ اِلٰی سِیَاسَةِ الدَّوَآبِ [۳۹]

ایمان اور اتباع سنت سے بڑھ کر کوئی کرامت نہیں ہے جسے دونوں باتیں حاصل ہو جائیں اور پھر وہ کسی اور چیز کا مشتاق ہو تو وہ شخص مفتری اور کذاب ہے یا اسے اپنے علم میں صحیح بات معلوم کرنے میں غلطی لگی ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص کو بادشاہ کے دربار میں حضوری کا شرف حاصل ہو مگر وہ جانوروں کا داروغہ بننا چاہے۔

۲۰۔ علی بن شہابؒ کا قول:

شیخ علی بن شہابؒ امام عبدالوہابؒ شعرانی کے دادا تھے، نہایت متقی اور پرہیز گار تھے۔ انہوں نے ستاسی سال کی عمر میں ۸۹۱ھ میں وفات پائی۔ ایک مرتبہ شیخ عبدالرحمٰن بن شیخ وہیب سطوحی جو اس وقت کے احمدیہ فرقہ کے رئیس تھے ان کے شہر میں آرہے تھے تو علی بن شہاب نے انہیں کہلا بھیجا:

یَا شَیْخُ عَبْدَالرَّحْمٰنِ اِنْ کُنْتَ تَطْلَعُ بَلَدَنَا فَاطْلَعْهَا بِالْکِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَاِلَّا فَاَنْتَ مَعْهُجْراً [۴۰]

اے شیخ عبدالرحمٰن اگر تو ہمارے شہر میں آنا چاہتا ہے تو کتاب وسنت کے ساتھ آنا ورنہ ہمارے اور تمہارے درمیان جدائی ہوگی۔

محمد عنانؒ کا فرمان:

شیخ محمد عنانؒ اپنے زمانے کے بہت بڑے عابد اور زاہد تھے ان کی کرامات مشہور ہیں۔ انہوں نے ایک سو دس برس کی عمر میں ۹۲۲ھ ت پائی، ان کے پاس اگر کوئی راہ طریقت کی تلاش میں آتا تو فرماتے:

''یہ لوگ راہ حق سے مذاق کرتے ہیں''

اور کسی کو ذکر کی تلقین نہ کرتے۔ شیخ احمد بخاریؒ قرآن مجید لے کر اُن کے پاس آئے اور کہا تمہیں اُس خدا کی قسم جس کا یہ کلام ہے کہ مجھے ضرور ذکر کی تلقین کریں۔ شیخ محمد عنان نے جب اللہ کی قسم کا لفظ سنا تو بیہوش ہو کر گر پڑے پھر اُٹھ کر فرمایا:

يَا وَلَدِیْ اَلطَّرِیْقُ مَا هِیَ بِهٰذَا اِنَّمَا هِیَ بِا اِتِّبَاعِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ [41]

بیٹا! راہ طریقت یہ نہیں۔ کتاب اللہ اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری ہی کا نام طریقت ہے۔

۔ابوبکر حدیدیؒ اور اتباعِ سُنّت:

شیخ ابوبکر حدیدیؒ کبار صوفیہ میں سے تھے اور امام عبدالوہاب شعرانیؒ کے پیر تھے۔ انہوں نے مدینہ میں ۹۲۵ھ میں وفات پائی ج میں دفن ہوئے، ایک مرتبہ انہوں نے شیخ محمد العدلؒ کو دیکھا کہ وہ کسی بیمار عورت کا پیٹ ٹٹول رہے ہیں اس پر انہوں نے بلند سے کہا:

اے محمد! ہائے دین۔ اے عدل خدائے بزرگ تمہارے اوپر ہے۔

محمد عدل نے جواب دیا: میں نے کوئی بُری نیت سے تو نہیں ٹٹولا۔

فرمایا: کیا تو معصوم ہے؟ ہم تو سنت کے ظاہری حکم کو جانتے ہیں۔ [42]

۔ابن داؤد منزلاویؒ اور اتباع سُنّت:

امام شعرانی ابن داؤدؒ کے متعلق لکھتے ہیں:

نَ سَیِّدِیْ مُحَمَّدُ بْنُ دَاؤُدَ يُضْرَبُ بِهِ الْمَثَلُ فِی اِتِّبَاعِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَوَلَدُهُ الشَّيْخُ شِهَابُ الدِّيْنِ كَانَ يُضْرَبُ بِهِ الْمَثَلُ فِی اِتِّبَاعِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَمَارَايْتُ فِیْ عَصْرِیْ هٰذَا اَضْبَطَ مِنْهُ لِلسُّنَّةِ [43]

ری محمد بن داؤدؒ اتباع کتاب وسنت میں ضرب المثل ہے..... اسی طرح ان کے بیٹے شیخ شہاب الدین بھی کتاب وسنت کی اتباع میں ضرب المثل تھے میں نے اپنے زمانہ میں اُن سے بڑھ کر کسی کو سنت پر کاربند نہیں دیکھا۔

پھر آگے چل کر شہاب الدینؒ کے متعلق لکھتے ہیں:

كَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُلَا زِمًا لِلْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ مَارَأَيْتُ عَيْنِيْ بَعْدَ الشَّيْخِ مُحَمَّدُبْنِ عِنَانٍ اَضْبَطَ لِلسُّنَّ

یہ ہمیشہ کتاب وسنت پر کاربند رہتے۔ میں نے شیخ محمد بن عنانؒ کے بعد ان سے زیادہ محافظ سنت نہیں دیکھا۔

اس کے بعد شعرانیؒ لکھتے ہیں کہ چالیس سال تک میں ان کی صحبت میں رہا مگر میں نے انہیں کبھی بھی مسنون طریقہ سے منح
نہیں پایا، خود منزلاوی فرماتے ہیں:

مَنْ اَرَادَ حِفْظَ السُّنَّةِ فَلْيَعْمَلْ بِهَا فَاِنَّهَا تَتَقَيَّدُ عِنْدَهٗ وَلَايَنْسَاهَا

جو شخص سنت کی محافظت کرنا چاہے وہ اس پر عمل کرے کیونکہ اس طرح سنت محفوظ ہو جاتی ہے اور بھولتی نہیں۔

۲۴۔ امام شعرانیؒ کا قول:

امام عبدالوہاب بن احمد بن علی شعرانیؒ متوفی ۹۷۳ھ، ۱۵۶۵ء بہت بڑے عالم اور صوفی ہوئے ہیں ان کی متعدد تصا
فرماتے ہیں:

(الف) وَاعْلَمْ اَنَّ طَرِيْقَ الْقَوْمِ عَلٰى وَفْقِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ فَمَنْ خَالَفَهَا خَرَجَ عَنِ الصِّرَاطِ الْمُسْتَ

یاد رکھو کہ صوفیاء کا طریقہ کتاب وسنت کے عین مطابق ہے جس نے کتاب وسنت کے خلاف کیا وہ راہ مستقیم سے بھٹک گیا۔

(ب) فَرَحِمَ اللّٰهُ اِمْرَءً رَأَ فِيْهَا شَيْئًا يُخَالِفُ ظَاهِرَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَاَصْلَحَهٗ وَلٰكِنْ بِشَرْطِ اَنْ يَّكُوْ
يَقِيْنٍ وَّمَعْرِفَةٍ لَّيْسَ فِيْهِ شَكٌّ [۴۶]

خدا اُس شخص پر رحم کرے جس نے اس کتاب میں کتاب وسنت کے خلاف کوئی بات پائی اور اس نے اس کی اصلاح کر دی بشرطیکہ اسے اس
اور معرفت حاصل ہو کہ اسے کسی قسم کا شک وشبہ نہ ہو کہ یہ امر کتاب وسنت کے خلاف ہے۔

(ج) فَيَنْبَغِيْ لِسَالِكِ طَرِيْقِ الْعَارِفِيْنَ اَنْ يَّتُوْبَ مِنْ تَرْكِ السُّنَّةِ كَمَا يَتُوْبُ مِنْ تَرْكِ الْوَاجِ

عارفین کے طریقہ پر چلنے والے کے لیے ضروری ہے کہ جس طرح وہ ترک واجب سے توبہ کرتا ہے اسی طرح سنت کے ترک کرنے سے بھی تو

(د) وَاِلَّا فَلَوْ رَاَيْنَا الصُّوْ فِيَّ يَتَرَبَّحُ فِي الْهَوَآءِ لَانَعْبَاُبِهٖ اِلَّا اَنْ اِمْتَثَلَ اَمْرَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاجْتَنَبَ فَهْ
الْمُحَرَّمَاتِ الْوَارِدَةِ فِي السُّنَّةِ مُخَاطِبًا كُلَّ الْخَلْقِ الْمُكَلَّفِيْنَ لَا يَخْرُجُ عَنْ ذَالِكَ اَحَدٌ مِّنْهُمْ
اِدَّعٰى اَنَّ بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ اللّٰهِ تَعَالٰى حَالَةً اَسْقَطَتْ عَنْهُ التَّكَالِيْفَ الشَّرْعِيَّةِ مِنْ غَيْرِ ظُهُوْرِا مَادَةٍ تُصَدِّ
دَعْوَاهُ فَهُوَ كَاذِبٌ [۴۸]

ورنہ اگر ہم صوفی کو ہوا پر چوکڑی لگائے بیٹھے ہوئے بھی کیوں نہ دیکھ لیں تب بھی اس کا کچھ اعتبار نہ کریں گے البتہ اگر وہ فرات کے ترک کر
کرتا ہو اور سنت نبویؐ میں جن محرمات سے منع کیا گیا ہے ان سے پرہیز کرتا ہو اور تمام مخلوق خدا کو محرمات کے ترک کرنے کا حکم کرتا ہو تب ہ

ہے کہ کوئی شخص بھی احاکم شرعیہ سے مستثنیٰ نہیں ہے اور اگر کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ اللہ اور اس کے درمیان ایک حالت ہے جس کی وجہ سے شرعیہ اس سے ساقط ہو چکے ہیں اور اُس کے پاس اس دعویٰ کی تصدیق میں کوئی ظاہری علامت بھی پائی جاتی ہو تو وہ شخص کاذب ہے۔

ھُوْرُالْکِرَامَۃِ لَبُسَتْ بِشَرْطِ الْوَ لَایَتِہٖ. اِنَّمَا یُشْرَطُ اِمْتِثَالُ اَوَا مِرِ اللّٰہِ وَ اِجْتَنَابُ نَوَاھِیْہِ فَیَکُوْنَ اَمْرُہٗ مَضْبُوْطًا عَلیٰ الْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ فَمَنْ کَانَ کَذٰلِکَ فَالْقُرْاٰنُ شَاھِدُ بِوَلَایَتِہٖ

ے کرامت کا ظاہر ہونا شرط نہیں۔ اگر شرط ہے تو یہ کہ وہ احکامِ خداوندی کی تابعداری کرے اور نواہی سے پرہیز کرے تا کہ اس کی حالت کتاب وسنت سے مطابقت کی وجہ سے پختہ ہو لہٰذا جس شخص کا یہ حال ہوگا تو اس کی ولایت پر قرآن گواہ ہے۔

ہ بالا اقوال پر بے شمار اقوال کا اضافہ کیا جا سکتا ہے مگر میں نے اتنے پر اکتفا کی ہے ان سے قارئین بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ رح خود بھی کتاب وسنت پر کاربند رہے اور دوسروں کو بھی اسی کی تلقین کرتے رہے ان پر کتاب وسنت کی مخالفت کا الزام محض س سے ان کا دامن کلیتہً پاک ہے مگر اس کے باوجود بعض اہل ظاہر نے ان پر زبان طعن دراز کی اور ان پر ناروا الزامات لگائے ن مصریؒ (۲۴۵ھ) جنید بغدادیؒ (م ۲۹۷ھ) سہل تستریؒ (م ۲۸۳ھ) ابوالحسن شاذلیؒ (م ۶۵۶ھ) ابن العربیؒ (م ۶۳۸ھ) ن ابی الحسن الرفاعیؒ (م ۵۷۸ھ) پر قسم قسم کے الزامات تراش کر انہیں بدنام کرنے کی کوشش کی گئی بعض طاعنین نے کتاب و لے کر انہیں قتل تک کرانے کی کوشش کی، یہ وہ لوگ تھے جن کا تعلق محض علم ظاہر سے تھا اور علم باطن سے سراسر کورے تھے، ان کا م کا تھا جس کے متعلق مولانا روم فرماتے ہیں۔[۴۹]

عِلم رابر دلِ زنی یارے بود
عِلم رابر گِل زنی مارے بود!
عِلمِ تقلیدی وبالِ جانِ ماست
عاریہ است و مانشستہ کانِ ماست
زیں خرد جاہل ہمی باید شدن
دست در دیوانگی باید زدَن
عِلمِ تقلیدی بَود بہرِ فروخت
چوں بیاید مُشتری خوش بر فروخت
مشتری عِلم تحقیق حق است
دائماً بازارِ اُو با رونق است

خدا کے پاس ایسے علم سے پناہ لیتے ہیں جو بجائے فائدہ پہنچانے کے ''مار'' کا کام کرے۔ آمین

اکابر عُلماء کا صوفیاء اور اولیاء اللہ کی تعظیم کرنا:

اکابر عُلماء کو چونکہ یقینی طور پر معلوم تھا کہ صوفیاء متبع کتاب وسنت ہیں اور یہ کہ ان کے باطن نُور سے معمور ہیں اس لیے وہ ان کی
کرتے اور ان کے ذکر کو باعثِ رحمت سمجھتے ہم ذیل میں اس کی چند مثالیں پیش کرتے ہیں:

ا۔ عبداللہ بن مبارک کا قول:

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ بڑے پایہ کے محدث اور عالم تھے اور اپنے زہد وتقویٰ کی وجہ سے مشہور تھے۔ ان کی وفات ۱۸۱
ہوئی فرماتے ہیں:

اِنَّ الرَّحْمَةَ تَنْزِلُ عِنْدَ ذِكْرِ الصَّالِحِيْنَ

جب صالحین کا ذکر کیا جائے تو رحمتِ خداوندی کا نزول ہوتا ہے۔

۲۔ ابو ہاشمؒ اور سفیان ثوریؒ:

ابو ہاشم شام کے مشہور شیخ تھے۔ یہ دراصل کوفہ کے رہنے والے اور حضرت سفیان ثوریؒ متوفی ۱۶۱ھ کے ہم عصر تھے ان کی صحیح
وفات معلوم نہیں۔ نکلسن [۵۰] نے لکھا ہے کہ ان کی وفات ۸۰۰ء، ۱۸۴ھ سے پہلے ہوئی۔ اگر چہ ابو ہاشم سے پہلے بھی بہت سے بزرگ
چکے تھے جو اپنے زہد و ورع، حسن معاملت طریق توکل اور طریق محبت کے اعتبار سے مشہور تھے مگر سب سے پہلے بزرگ جنہیں ص
لقب دیا گیا وہ ابو ہاشمؒ تھے۔ انہی نے صوفیاء کے لیے سب سے پہلی خانقاہ [۵۱] بنوائی۔ اس کے بنوانے کا سبب یہ ہوا کہ ایک عیسائی
شکار کے لیے نکلا ہوا تھا۔ راستہ میں اس نے دو شخصوں کو نہایت محبت سے آپس میں ملتے اور ہم آغوش ہوتے دیکھا۔ اس کے بعد انہو
باہم مل کر کھانا کھایا۔ عیسائی رئیس کو ان کا طرز معاشرت بہت پسند آیا۔ اس نے ان میں سے ایک کو بلا کر پوچھا کہ یہ دوسرا شخص کون
نے جواب دیا کہ میں نہ اسے جانتا ہوں اور نہ میرا کوئی اس سے تعلق ہے اور نہ ہی مجھے معلوم ہے کہ یہ کہاں کا رہنے والا ہے۔ اس پ
رئیس نے دریافت کیا کہ پھر یہ آپس میں محبت کیسی ہے۔ درویش نے جواب دیا کہ یہ تو ہمارا طریقہ ہے۔ پھر رئیس نے پوچھا کیا تم
پاس کوئی جگہ ہے جہاں تم مل کر بیٹھ سکو۔ جواب دیا نہیں۔ اس پر رئیس نے رملہ (فلسطین) میں پہلی خانقاہ بنوادی۔ [۵۲]

حضرت سفیان ثوریؒ جو مشہور محدث اور عالم ہوئے ہیں انہی ابو ہاشمؒ کے متعلق فرماتے ہیں:

(الف) لَوْلَا اَبُوْ هَاشِمِ الصُّوْفِيُّ مَا عَرَفْتُ دَقَآئِقَ الرِّيَآءِ

اگر ابو ہاشمؒ صوفی نہ ہوتے تو میں ریاء کی باریکیاں نہ جان سکتا۔

(ب) جب تک میں نے ابو ہاشم کو نہ دیکھا تھا مجھے معلوم نہ تھا کہ صوفی کسے کہتے ہیں۔ [۵۳]

۴۔امام احمد بن حنبلؒ اور ابوحمزہ بغدادیؒ:

امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ اتباع سنت اور اجتناب بدعت میں ضرب المثل تھے۔ انہوں نے ستتر ۷۷ برس کی عمر میں ۲۴۱ھ میں ات پائی۔ علم حدیث اور دیگر علوم میں ان کا مرتبہ کسی پر مخفی نہیں۔ انہیں جب کسی مسئلہ میں دقت پیش آتی تو ابوحمزہ بغدادیؒ متوفی ۲۸۹ھ سے دریافت کیا کرتے اور جب ان کی مجلس میں صوفیاء کے اقوال کا ذکر ہوتا تب بھی انہی کی رائے دریافت کیا کرتے۔[۵۴]

شیخ قطب الدینؒ بن ایمن بیان کرتے ہیں کہ امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ اپنے بیٹے کو صوفیاء کی مجلس میں جانے کی ترغیب دیا کرتے رفرمایا کرتے کہ لوگ اخلاق میں اس درجہ تک پہنچے ہوئے ہیں کہ ہم وہاں تک نہیں پہنچ سکتے۔[۵۵]

۵۔امام احمدؒ اور شیبان راعیؒ:

ایک مرتبہ امام احمد بن حنبلؒ امام شافعیؒ کے پاس بیٹھے تھے کہ شیبان راعیؒ ادھر آ نکلے۔ امام احمدؒ نے امام شافعیؒ سے کہا اے ابوعبداللہ ں اسے اس کی جہالت پر متنبہ کرنا چاہتا ہوں تا کہ یہ کچھ علم سیکھنے کی طرف توجہ دے، امام شافعیؒ نے انہیں اس سے روکا مگر یہ باز نہ آئے اور یبان راعیؒ سے کہا:

ایک شخص رات اور دن میں ایک نماز پڑھنی بھول گیا ہے اور اسے یہ بھی یاد نہیں کہ اُس نے کون سی نماز نہیں پڑھی اب اسے کیا رنا چاہیے؟

یہ سن کر حضرت شیبانؒ پر خاص کیفیت طاری ہوگئی اور فرمایا: اے احمد آپ ایسے شخص کا ذکر کر رہے ہیں جس کا دل اللہ سے غافل ہو کا ہے لہٰذا اسے سزا دینی چاہیئے تا کہ آئندہ اللہ سے غافل نہ ہو۔

یہ جواب سن کر احمد بیہوش ہوگئے۔ جب ہوش میں آئے تو امام شافعیؒ نے فرمایا: کیا میں نے تجھے اسے چھیڑنے سے منع نہ کیا تھا؟[۵۶]

اس واقعہ کے لکھنے کے بعد امام قشیریؒ فرماتے ہیں: یہ شیبان راعیؒ کا حال ہے جو اُمّی محض تھے جب اُمّی صوفیوں کا یہ حال ہو تو پھر ان کے آئمہ کا کیا حال ہوگا۔

۶۔ابُو العباسؒ بن سُریج اور جنیدؒ بغدادی:

ابوالعباسؒ بن سُریج متوفی ۳۰۶ھ، ۹۹۸ء امام شافعیؒ رحمتہ اللہ کے شاگردوں میں سے تھے انہیں امام شافعیؒ کے تمام شاگردوں ہاں تک کہ مُزانیؒ سے بھی افضل سمجھا جاتا ہے۔ جب یہ حضرت جُنید بغدادی متوفی ۲۹۷ھ، ۹۰۹ء کے پاس آئے اور ان کا کلام سنا تو کسی نے آپ سے پوچھا کہ آپ کا اس کلام کے متعلق کیا خیال ہے تو فرمایا:

لَآ اَدْرِیْ مَایَقُوْلُ وَلٰکِنِّیْ أَرٰی لِھٰذَا الْکَلَامِ صَوْلَۃً لَیْسَتْ بِصَوْلَۃِ مُبْطَلٍ[۵۷]

جو کچھ یہ فرما رہے ہیں میں اسے نہیں جانتا مگر اس کلام میں اس قدر دبدبہ پایا جاتا ہے کہ ایک باطل شخص کے کلام میں نہیں ہوسکتا۔

۶۔عبداللہ بن سعیدؒ اور جنیدؒ:

عبداللہ بن سعید بن کلاب ہر شخص کی باتوں پر نکتہ چینی کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ لوگوں نے انہیں کہا کہ آپ ہر کسی کی بات پر اعتراض کرتے ہیں یہاں جنید نامی ایک شخص ہے۔ ذرا اس کی باتیں بھی سنیں۔ پھر دیکھیں کیا آپ ان پر اعتراض کر سکتے ہیں یا نہیں۔ چنانچہ عبداللہ جنید کے حلقہ میں آئے اور اُن سے توحید کے بارے میں سوال کیا۔ حضرت جنید نے ایسا جواب دیا کہ عبداللہ حیران رہ گئے اور کلام کو دوبارہ دہرانے کی درخواست کی۔ حضرت جنیدؒ نے بالکل مختلف الفاظ میں وہی بات دہرادی۔ عبداللہؒ نے کہا یہ تو کچھ اور ہی بات ہے جسے میں یاد نہیں رکھ سکتا۔ اور ایک بار پھر دہرانے کی درخواست کی۔ انہوں نے پھر ایک نئے طرز میں وہی بات دہرادی۔ عبداللہ نے کہا: اس طرح تو یہ کلام مجھے یاد نہیں رہ سکتا۔ آپ مجھے یہ لکھا دیں اور حضرت جنیدؒ کی فضیلت اور علوِ مرتبہ کا متصرف ہو گیا۔ [۵۸]

۷۔ابوعمرانؒ اور شیخ شبلی:

ابوعمرانؒ ایک فقیہ تھے۔ جامع منصور میں اُن کا حلقۂ درس اور شیخ ابوبکر دُلفؒ بن جحدر شبلیؒ جنہوں نے ستاسی (۸۷) سال کی عمر میں ۳۳۴ھ، ۹۴۵ء میں وفات پائی، کا حلقۂ درس ساتھ ساتھ تھا۔ ابوعمران درس دے رہے ہوتے اور جب شبلیؒ کلام شروع کرتے تو ان کا حلقہ درہم برہم ہو جاتا اور لوگ اُٹھ کر شبلیؒ کے پاس چلے جاتے۔ یہ دیکھ کر ابوعمران سخت برافروختہ ہوتے۔ ایک دن انہوں نے چاہا کہ شبلیؒ کے مبلغِ علم کا راز فاش کریں اور ان کے ایک شاگرد سے شبلیؒ سے مسئلہ حیض کے متعلق سوال کیا۔ شبلیؒ نے تقریر کی جس میں انہوں نے علماء کے اقوال اور اختلافات کا ذکر کیا۔ ابوعمرانؒ تقریر سن کر ششدر سے رہ گئے اور اُٹھ کر شبلی کے سر پر بوسہ دیا اور کہا اے شبلی اس مسئلہ میں مجھے آپ سے دس ایسے اقوال معلوم ہوئے ہیں جن کا علم مجھے پہلے نہ تھا اور جتنے اقوال آپ نے بیان فرمائے ہیں ان میں سے مجھے صرف تین اقوال آتے تھے۔ [۵۹]

اسی باطنی اور حقیقی علم کی وجہ سے شیخ شبلیؒ فرمایا کرتے تھے۔

مَاظَنُّکَ بِعِلْمٍ عِلْمُ الْعُلَمَآءِ فِیْهِ تُهْمَةٌ [۶۰]

ایسے علم کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے جس کے مقابلہ میں علماء کا علم تہمت کے برابر ہو۔

مولانا جلال الدین رومیؒ متوفی ۶۷۲ھ علم ظاہر اور علم باطن کا مقابلہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

علم ہائے اہل دل خیالِ شاں
علم ہائے اہل تن احمالِ شاں

اہل دل کو اپنا علم اُٹھانے کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ ان کا علم انہیں اُٹھائے ہوتا ہے برخلاف اس کے اہل تن کا علم ان کے لیے بار ہوتا ہے۔

علم چوں بر دل زند یاری شود
علم چوں برتن زند ماری شود

علم اگر دل پر اثر کرے تو وہ مددگار ہوتا ہے اور اگر تن پر اثر کرے تو بار ہو جاتا ہے۔

گفت ایزد یَحْمِلُ اَسْفَارَہٗ
بار باشد علم کاں نبُود ز ہُوا

جو علم اللہ کی طرف سے نہ ہو وہ بار ہوتا ہے اور اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یَحْمِلُ اَسفَارَہٗ کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔

علم کآں نبود زِ ہُو بے واسطہ
آن نپاید، ہمچو رنگ ماشطہ

جو علم بلاواسطہ اللہ سے حاصل کیا ہوا وہ ماشطہ کے ظاہری بناؤ سنگھار کی طرح پائیدار نہیں ہوتا۔

لیک چوں ایں بار را نیکو کشی
بار برگیرند و بخشندت خوشی

لیکن اگر تو اس علم کو اچھی طرح سے اٹھائے تو تجھے اس بار کے عوض خوشی عطا کی جائے گی۔

ہیں مکش بہر ہوا آں بارِ علم
تا شوی راکب تو بر رہوارِ علم

خبردار اپنی خواہشات کی خاطر علم حاصل نہ کرنا تا کہ تو علم کے گھوڑے پر سوار ہو سکے۔

ہیں بکش بہر خدا ایں بارِ علم
تا بینی دَر دروں انبارِ علم

اللہ کی خاطر علم حاصل کرو تا کہ تمہارے اندر علم کے انبار دکھائی دیں۔

تا کہ بَر رہوارِ علم آئی سوار
آنگہاں اُفتد ترا از دوش بار

جب تو علم کے گھوڑے پر سوار ہو گیا تب تیرے کندھوں سے بوجھ بھی اُتر جائے گا۔

از ہَواہا کے رہی بے جامِ ہو
اے ز ہُو قانع شدہ بانامِ ہو[۱۷]

اے اللہ کو چھوڑ کر محض اسم اللہ پر قناعت کرنے والے اللہ کی معرفت کا پیالہ پیے بغیر تو اپنی خواہشات سے رہائی نہیں پا سکتا۔

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

علم ہائے اہلِ حس شد پوزبند
تا نگیرد شیر ازاں علم بلند

جب تک اہل حس علم بلند باطن سے خوراک حاصل کرتے ان کا علم منہ تک محدود رہتا ہے (دل میں نہیں اُترتا)۔

قطرۂ دل را یکے گوہر فتاد
کاں بگردونہا و دریاہا نداد

علم کا جو گوہر دل میں آپڑتا ہے وہ سمندروں کو حاصل ہوتا ہے نہ آسمانوں کو۔

چند صورت آخر اے صورت پرست
جانِ بے معنیت از صورت نرست

اے صورت پرست تو کب تک صورت کے پیچھے لگا رہے گا۔ جو صورت سے آزاد نہیں ہوتا اس کی جان بے رُوح ہوتی ہے۔

گر بصورت آدمی انسان بدے
احمدؐ و بوجہل خود یکساں بدے

اگر محض صورت سے آدمی انسان کہلاتا تو پھر احمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوجہل یکساں ہوتے۔

احمدؐ و بوجہل در بُت خانہ رفت
زیں شدن تا آں شدن فرقیست ربت

احمد ﷺ اور ابوجہل دونوں بت خانہ میں جاتے ہیں (مگر غور کرو) اُن کے وہاں جانے اور ابوجہل کے جانے میں کس قدر فرق ہے۔

ایں در آید سر نہند آں را بتاں
واں در آید سر نہد چُوں اُمتاں

احمد ﷺ تشریف لاتے ہیں تو بُت سرنگوں ہو جاتے ہیں۔ لیکن ابوجہل آکر اُمتیوں کی طرح ان کے سامنے سر جھکاتا ہے۔

نقش بر دیوار مثلِ آدم است
بنگر از صورت چہ چیز اُو را کم است

دیوار پر جو تصویر کھچی ہوتی ہے وہ ہُو بہُو آدمی کی طرح ہوتی ہے۔ ذرا غور کرو کہ اس میں کس چیز کی کمی ہے؟

جاں کم است آں صورتِ بیتاب را
روَ بجُو آں گوہرِ کم یاب را![62]

اس بے رونق صورت میں جان کی کمی ہے، لہٰذا تو اسی کمیاب گوہر کی تلاش کر۔

۸۔ امام نوَویؒ اور پیر مُراکشیؒ:

امام محی الدین یحییٰ بن شرف نوویؒ متوفیٰ ۶۳۱ھ، ۱۲۳۳ء اپنے عصر کے بہت بڑے محدث اور امام تھے ان کے شیخ پر مراکشیؒ دمشق کے بیرونجات میں رہتے تھے۔ امام نوویؒ کو جب کبھی کسی ایسے مسئلہ میں دقت پیش آتی جسے وہ اپنی تصنیف میں درج کرنا چاہتے تو پیر مراکشیؒ کی طرف رجوع کرتے اور ان سے تحقیق کر لینے کے بعد درج کرتے۔[63]

۹۔عز بن عبدالسلام اور صوفیاء:

عزالدین عبدالعزیز بن عبدالسلام السُلمیٰ الشافعی بہت بڑے عالم اور صاحبِ تصانیف گزرے ہیں یہاں تک کہ انہیں سلطان العلماء کا خطاب دیا گیا۔ یہ پہلے صوفیاء کے مخالف تھے مگر بعد میں جب انہوں نے ابوالحسن شاذلیؒ کی بیعت کر لی تو ان کی فضیلت اور کمال کے معترف ہو گئے تھے۔خود بھی صاحب کرامات تھے ان کی وفات ۶۶۶ھ میں ہوئی۔فرماتے ہیں۔

مِمَّا یَدُلُّکَ عَلیٰ صِحَّۃِ مَذْھَبِ الْفُقَرَآءِ کَثْرَۃُ کَرَامَاتِھِمْ وَمَا رَأَیْنَا اَحَدًا مِّنَ الْفُقَھَآءِ وَقَعَ عَلیٰ یَدَیْہِ کَرَامَۃٌ اِلَّا اَنْ سَلَکَ مِنْھَا جَھُمْ وَمَنْ لَمْ یُؤْ مِنْ بِکَرَامَا تِھِمْ حُرِّمْ بَرَکَتُھُمْ. وَقَدْ شَاھَدْنَا کُلَّ مَنْ اَنْکَرَ عَلیٰ الْفُقَرَآءِ مِنْ غَیْرِ دَخُوْلٍ فِیْ طَرِیْقِھِمْ بَصِیْرٌ عَلیٰ وَجْھِہٖ کَابَۃٌ وَّ عَلَا مَۃٌ عَلیٰ الطَّرْدِ وَالْمَقْتِ لَا تَخْفٰی عَلیٰ ذِیْ بَصِیْرَۃٍ وَّلَا یَنْفَعُ اللّٰہُ بِعِلْمِہٖ اَحَدًا ۴ بِخَلَافِ اَھْلِ الْاِعْتِقَادِ فِیْھِمْ [۶۴]

فقراء کے طریقہ کے صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ان سے کثرت سے کرامات کا ظہور ہوا ہے برخلاف اس کے کہ ہم نے کسی فقیہ سے کوئی کرامت ظاہر ہوتی نہیں دیکھی۔ البتہ اگر وہ بھی فقراء کے طریقہ پر چلے تو ظاہر ہو سکتی ہے جو لوگ فقراء کی کرامت کے منکر ہیں وہ اُن کی برکت سے بھی محروم رہتے ہیں۔ہم نے ان لوگوں کو دیکھا ہے جو ان کے طریقہ کو جانے بغیر ان پر اعتراض کرتے رہتے ہیں کہ ان کے چہرے بے رونق ہوتے ہیں اور اُن پر غضب خداوندی اور راندہ ہونے کی علامت پائی جاتی ہے جو اہلِ بصیرت سے پوشیدہ نہیں ہوتی اور ایسے لوگوں کے علم سے کسی کو نفع بھی نہیں پہنچتا۔ برخلاف ان لوگوں کے جو فقراء کے معتقد ہوتے ہیں (کہ ان کے علم سے عوام کو فائدہ پہنچتا ہے۔)

۱۰۔ابنِ حجرؒ اور محمد بن فرغلؒ:

شیخ السلام قاضی القضاۃ حافظ ابوالفضل شہاب الدین احمدؒ بن علی بن حجر عسقلانی متوفیٰ ۸۵۳ھ، ۱۴۴۹ء اپنے زہد و تقویٰ اور علمی تبحر کی وجہ سے مشہور تھے۔محمد بن احمد فرغلؒ متوفیٰ ۸۵۰ھ (تقریباً) بھی اسی زمانہ میں ایک صاحب کرامات ولی مگر اُمّی تھے۔محمد بن احمد فرغلؒ، عمرؒ کی اولاد کی سفارش کے لیے مصر گئے تو علامہ ابن حجرؒ کا ان پر گزر ہوا۔ابن حجرؒ نے انہیں دیکھ کر اپنے دل میں کہا: اللہ تعالیٰ کسی جاہل کو اپنا ولی نہیں بناتے اور اگر بنائیں تو اسے علم بھی عطا کر دیتے ہیں۔ یہ خیال کر کے ابن حجرؒ نے دل ہی دل میں ان کی ولایت کا انکار کیا اس پر ابنِ فرغلؒ نے کہا ''اے قاضی ذرا ٹھہر جاؤ۔'' پھر پکڑ کر انہیں تھپڑ مارتے گئے اور کہتے گئے:

بَلْ اِتَّخَذَنِیْ وَعَلَّمَنِیْ [۶۵]

بلکہ مجھے اللہ نے اپنا ولی بنایا ہے اور علم بھی دیا ہے۔

ابن حجرؒ نے یہ سب کچھ خاموشی سے برداشت کیا اور ایک کلمہ بھی منہ نہ نکالا۔

ان مثالوں سے یہ بات واضح ہو گئی ہو گی کہ اہل طریقت کا علم کس قدر واضح اور صحیح ہوتا ہے۔اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ لوگ براہ راست سرچشمۂ حقیقی سے علم حاصل کرتے ہیں اور درمیان میں کوئی واسطہ نہیں ہوتا کہ غلطی کا احتمال پیدا ہو۔ان پر نکتہ چینی کا حق صرف انہی لوگوں کو حاصل ہے جو بحرِ عرفان کے شناور ہوں۔گندی نالیوں میں غوطہ کھانے والوں کو کیسے حق حاصل ہو سکتا ہے کہ وہ ان پر حرف گیری

کریں۔ چنانچہ جب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے حلاجؒ کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا: یہ ایک بازو تھا جس نے لمبا دعویٰ کیا لہٰذا اس پر شریعت کی قینچی چلائی گئی، پھر ایک اور مرتبہ حلاج کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: حسین حلاجؒ پھسل گیا۔ اس کے عہد میں کوئی اس کا ہاتھ پکڑنے والا نہ تھا، اگر میں اُس زمانہ میں ہوتا تو اُس کا ہاتھ پکڑ لیتا۔ [۶۶]

علی الخواص اور علم لدُنّی:

عبدالوہاب شعرانیؒ کے پیر علی الخواصؒ برلی اُمّی تھے نہ لکھنا جانتے تھے نہ پڑھنا اس کے باوجود جب قرآن مجید اور حدیث نبویؐ کے معانی پر گفتگو کرتے تو بڑے بڑے علماء بھی انگشت بدنداں رہ جاتے۔ عبدالوہاب شعرانیؒ نے ان کے اقوال کو اپنی کتاب الجواہر الدرر میں جمع کر دیا ہے۔ علی فرماتے ہیں:

لَا یُسَمّٰی عِنْدَنَا عَالِمًا اِلَّا مَنْ کَانَ عِلْمُهٗ غَیْرُ مُسْتَفَادٍ مِّنْ نَقْلٍ اَوْ صَدْرٍ بِاَنْ یَّکُوْنَ خِضْرِیَّ الْمَقَامِ وَ اَمَّا غَیْرُهٗ فَاِنَّمَا هُوَ حَاکٍ بِعِلْمِ غَیْرِهٖ فَلَهٗ اَجْرُ مَنْ حَمَلَ الْعِلْمَ حَتّٰی اَدَّمَهٗ لَا اَجْرُ الْعَالِمِ وَاللّٰهُ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ [۶۷]

ہمارے نزدیک، وہی شخص عالم کہلا سکتا ہے جس نے علم نہ کسی نقل اور نہ صدر سے حاصل کیا ہو۔ یعنی یہ کہ وہ خضری مرتبہ رکھتا ہو۔ دوسرے لوگ تو اوروں کے علم کی صرف حکایت کرنے والے ہوتے ہیں لہٰذا انہیں عالم کا اجر نہ ملے گا بلکہ اس شخص کا اجر ملے گا جس نے علم اٹھایا اور دوسروں تک پہنچا دیا، اور اللہ تعالیٰ اچھے کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

یہاں سے معلوم ہو گیا ہو گا کہ علماء کو حاملین علم کا اجر تو ملے گا۔ مگر اُن کا علم نہ حقیقی کہلا سکتا ہے اور نہ یہ اس قدر یقینی ہوتا ہے جس قدر کہ اہل باطن کا علم۔ علم ظاہر میں ذہول ونسیاں واقع ہو سکتا ہے مگر علم باطن میں اس قسم کے حوادث طاری نہیں ہوتے۔ یہی وجہ ہے کہ علم باطن میں عمل علم کے مطابق ہوتا ہے۔ اس کے برعکس علم ظاہر میں ضروری نہیں کہ علم وعمل میں مطابقت پائی جائے۔ چنانچہ ہم بالعموم دیکھتے ہیں کہ علماء ظاہر کے علم وعمل میں سخت تفاوت پایا جاتا ہے۔ لیکن اگر علم باطن میں عمل علم کے مطابق نہ ہو تو علم کے سلب ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ انہی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے علی خواص فرماتے ہیں:

لَایَکْمُلُ الْفَقِیْرُ فِیْ بَابِ الْاِتِّبَاعِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰی یَصِیْرَ مَشْهُوْدًا لَّهٗ فِیْ کُلِّ عَمَلٍ مَّشْرُوْعٍ وَّ یَسْتَاذِنُهٗ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِهٖ مِنْ کُلٍّ وَّلُبْسٍ وَّجِمَاعٍ وَّدَخُوْلٍ وَّ خُرُوْجٍ فَمَنْ فَعَلَ ذَالِکَ شَارَکَ الصَّحَابَةَ فِیْ مَعْنَی الصُّحْبَةِ [۶۸]

کوئی فقیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں اس وقت تک کامل نہیں ہو سکتا جب تک ہر مشروع عمل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نگاہ میں نہ ہوں اور اپنے تمام امور میں مثلاً کھانا، لباس، جماع اور دخول وخروج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اِذن حاصل نہ کر لے۔ پس جس نے ایسا کیا وہ صحبتِ نبویؐ میں صحابہؓ کا شریک ہو گیا۔

جس صوفی کا یہ حال ہو کہ وہ بھی صحابہؓ کی طرح آسمان شریعت کا ستارہ بن چکا ہو۔ جس کی اقتداء عین ہدایت اور عین نجات ہو اس لیے کہ جب ہر فعل میں خواہ ادنیٰ ہو خواہ اعلیٰ اس کی نظر سنت نبوی پر ٹھہری اور وہاں سے اجازت حاصل کرنے کے بعد عمل کیا گیا تو وہاں غلطی کا احتمال کہاں رہا۔ لہٰذا ان بزرگوں کے ظاہری اقوال والفاظ کو لے کر ان پر فتویٰ لگانا کہاں تک مناسب وارد ا ہے۔ افسوس اُن بزرگوں پر آتا ہے جو علم بیان میں حقیقت ومجاز کی بحث کرتے ہوئے یہ تسلیم کر لیتے ہیں کہ اگر کوئی مسلمان یہ کہے کہ فلاں ستارہ کی وجہ سے بارش ہوئی تو یہ مجاز ہوگا حقیقت نہ ہوگی اس لیے کہ کہنے والا مسلمان ہے مگر اگر کوئی عارف باللہ کوئی بات کہہ دے حالانکہ جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں ان کے طریقہ کی بنیاد کتاب وسنت پر ہے تو یہی لوگ بغیر سوچے اور بغیر اس کے کہ ان کے معانی کو سمجھیں اُن پر فتویٰ لگانے پر اُتر آتے ہیں۔ مثال کے طور پر اسی کتاب کے اندر اولیاء اللہ کے بعض اقوال پر بحث کی گئی ہے جن میں سے ایک قول یہ ہے:

خُصِصْنَا بِحُوْراً وَقَفَتِ الْاَنْبِیَآءُ عَلیٰ سَوَاحِلِهَا

اگر ہم اس قول کے ظاہری الفاظ کو لیں تو معنی جو درحقیقت غلط معنی ہیں یوں ہوں گے

ہم ایسے سمندر میں گھسے کہ انبیاء ان کے ساحل پر ہی کھڑے رہے۔

ان ظاہرہ معانی میں کفر پایا جاتا ہے اس لیے کہ ان معانی کے مطابق یہ لوگ (نعوذ باللہ) انبیاء سے بھی افضل ٹھہرتے ہیں حالانکہ بڑے سے بڑا ولی بھی انبیاء تو کُجا کسی ادنیٰ ترین صحابی کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتا لہٰذا ہمیں اس قول کے معانی میں غور کرنا پڑے گا اور ایسے معانی نکالنے پڑیں گے کہ یہ قول شریعت کے منافی نہ ہو حضرت عبدالعزیز دباغ رحمتہ اللہ کی تشریح تو آپ اس کتاب میں دیکھ لیں گے میں یہاں دو اور بزرگوں کی تشریحیں پیش کرتا ہوں۔

شاذلیؒ کی تشریح:

پہلی تشریح ابوالحسن شاذلیؒ کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ اس قول میں بایزید بسطامیؒ (م ۲۶۱ھ) اس بات کی شکایت کر رہے ہیں کہ وہ انبیاء کے درجہ تک پہنچنے سے قاصر ہیں اس لیے کہ انبیاء علیہم السلام تو توحید کے سمندر میں گھس کر پار نکل گئے اور دوسری جانب جا کر کھڑے ہو گئے اور پھر وہاں کھڑے ہو کر مخلوق کو توحید کے سمندر میں داخل ہونے کی دعوت دے رہے ہیں۔ مطلب یہ کہ اگر میں بھی کامل ہوتا تو وہاں کھڑا ہوتا جہاں انبیاء کھڑے ہیں۔ ابن عطاؒ کہتے ہیں کہ اس قول کی جو تشریح شیخ شاذلیؒ نے کی ہے وہی ابو یزید بسطامیؒ کے مقام و مرتبہ کے مناسب ہے اس لیے کہ بایزیدؒ خود فرماتے ہیں کہ انبیاء کے مرتبہ کے مقابلہ میں اولیاء اللہ نے جو کچھ حاصل کیا اس کی مثال ایسی ہے کہ شہد سے بھرا ہوا ایک مشکیزہ ہو جس کے تھوڑے سے چھینٹے مثال ہیں۔ اولیاء اللہ کے علم اور مرتبہ کی مزید برآں ابو یزیدؒ سے انبیاء کی تعظیم اور اُن کا کمال اور ادب ہی منقول ہے۔[۶۹]

علی دلدہؒ کی تشریح:

دوسری تشریح علی دلدہؒ (۷۶۱ھ، ۱۳۵۹ء تا ۸۰۱ھ، ۱۳۹۸ء) کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ اس قول کا مطلب یہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ

والسلام بحرِ تکلیف کو عبور کر چکے ہیں اور اب سلامتی کے ساحل پر کھڑے ان لوگوں کو اپنے سایۂ عاطفت میں لے رہے ہیں جو سلامتی سے وہاں پہنچ جائیں۔ انہیں یہی حکم ملا ہے اور اسی کے لیے انہیں بھیجا گیا ہے۔ کیونکہ کشتی تو اسی دن ٹوٹ گئی تھی جس دن حضرت آدم علیہ السلام نے درخت کا پھل کھایا تھا۔ [۷۰]

اولیاء اللہ کے اقوال میں جہاں کہیں کوئی بات ہمیں ظاہر شریعت کے مخالف نظر آئے اُس کی اسی طرح تاویل کر کے اسے شریعت کے مطابق سمجھنا اور بنانا چاہیئے اور ان کا انکار کرنے اور فتویٰ لگانے میں جلد بازی سے کام نہیں لینا چاہیئے ہمارا یہ رویہ ہر اس ولی کے قول سے ہونا چاہیئے جو پختہ کار اور کامل ہو البتہ خام کار اور غیر کاملین کے اقوال میں اگر کوئی غیر مشروع بات نظر آئے تو اس قول کو ترک کر دینا چاہیئے لیکن نہ انہیں بُرا کہنا چاہیے اور نہ فتویٰ لگانا چاہیے۔

مُہمل فتویٰ باز:

ہم دیکھتے ہیں کہ بعض لوگ افتاء کا باب کھولنے میں نہایت عجلت اور بے احتیاطی سے کام لیتے ہیں اور ان میں سے بعض کے فتوے تو نہایت بیہودہ ہوتے ہیں۔ چنانچہ عبدالوہاب شعرانیؒ لکھتے ہیں کہ میری موجودگی میں ایک شخص نے ایک عالم سے پوچھا کہ جو لوگ رات بھر بلند آواز سے قرآن مجید پڑھتے رہتے ہیں ان کے متعلق کیا حکم ہے۔ اُس عالم نے بغیر سوچے سمجھے فوراً کہہ دیا کہ یہ حرام ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے رات کو آرام وراحت کا سبب بنایا ہے۔ (جَعَلَ اللَّیْلَ سَکَناً) اور یہ لوگ اس حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں لہٰذا رات کے وقت بلند آواز سے قرآن مجید پڑھنا حرام ہے۔ [۷۱]

اسی طرح ایک اور شخص نے ان لوگوں کے متعلق دریافت کیا جو جمعہ کی رات ذکر الٰہی کرنے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے میں گزار دیتے ہیں۔ اُس کے جواب میں فقیہ صاحب نے فرمایا کہ یہ بیہودہ لوگوں کا کام ہے اور بدعت ہے۔ [۷۲]

آج کل صوفیاء پر اعتراض کرنے والوں کا بالعموم یہی حال ہے کہ بلا امتیاز اور بغیر سوچے سمجھے بدعت اور کفر کے فتوے لگاتے جاتے ہیں۔ اللہ انہیں ہدایت کرے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّ اَرْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَالْبَاطِلَ بَاطِلاً وَّاَرْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ.

لَامَشَاحَةَ فِی الْاِصْطِلَاحِ کا مقولہ عام مشہور ہے۔ لہٰذا ہر شخص کو اپنی اصطلاح قائم کرنے کا حق حاصل ہے۔ چنانچہ صوفیاء نے بھی اصطلاحات قائم کیں اور مخالفین نے ان بزرگوں کی اصطلاحات سے ناواقف ہوتے ہوئے ان کے الفاظ میں اپنے معانی گھسیڑ دیئے اور ان بزرگوں پر الزام تراشی شروع کر دی۔ اسی لیے تو شیخ محی الدین ابن العربی فرماتے ہیں کہ جو لوگ ہمارے مقام اور اصطلاح کو نہیں سمجھتے اُن پر ہماری کتابوں کا مطالعہ کرنا حرام ہے۔ [۷۳]

مولانا عبدالرحمٰن جامی متوفیٰ ۸۹۸ھ، ۱۴۹۲ء نفحات الانس میں شیخ سعدالدین حمویؒ متوفیٰ ۶۵۰ھ کے متعلق لکھتے ہیں:

> ''در مصنفات دے سخناں مرموز کلمات مشکل وارقام واشکال ودوائر کہ نظرِ عقل وفکر از کشف وحل آں عاجز است بسیار است وہمانا کہ تاویدۂ بصیرت بنورِ کشف منفتح نشود ادراکِ آں متعذر است'' [۷۴]

ان کی تصانیف میں بہت سے رموز، مشکل کلمات، ارقام، اشکال ودوائر آتے ہیں جنہیں عقل وفکر حل کرنے سے عاجز ہے اور جب تک دیدۂ بصیرت نورِ کشف کے ساتھ روشن نہ ہوا ہو ان رموز کا سمجھنا مشکل ہے۔

امام الحرمین کا قول:

قزوینی نے سراج العقول میں نقل کیا ہے کہ کسی نے امام الحرمین ابوالمعالی جوینیؒ (م ۴۷۸ھ، ۱۰۸۵ء) سے عالی صوفیاء کے کلام کے متعلق جن میں بظاہر کفریہ کلمات پائے جاتے ہیں دریافت کیا تو فرمایا:

''ان کا کلام سخت مشکل ہے جس کا سمجھنا ہر کس وناکس کے بس کی بات نہیں۔ یہ لوگ تو توحید کے سمندر سے گھونٹ بھرتے ہیں''[۵]

تقی الدین سبکی کا قول:

علامہ تقی الدین سبکیؒ سے کسی نے عالی مبتدعہ پر حکم کفر لگانے کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا۔ جس شخص کے دل میں اللہ کا خوف ہوگا وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہنے والوں کو کافر کہنے سے ڈرے گا اس لیے کہ مومن کو کافر کہنا بہت خطرناک چیز ہے۔[۶]

شیخ عبدالحقؒ کا قول:

شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں:

لَانُکَفِّرُ اَحَدًا مِّنْ اَھْلِ الْقِبْلَۃِ ۔اہل قبلہ را یعنی آنہا کہ نماز بجانب قبلۂ مسلماناں کنند و بہ کتاب وسنت تمسک نمایند وتلفظ بشادتین کنند کافر نباید گفت اگر از بعضے کلمات ایشاں کفر لازم آید ولیکن مادام کہ التزام آن نکنند یا لزوم در غایت درجۂ ظہور نبود تکفیر نباید کرد تا ممکن است توجیہ واصلاح حال مسلمانان باید کرد ومبادرت بہ تکفیر وتغلیظ نباید کرد در حدیث آمدہ است کہ ہر کہ دیگرے را کافر گوید اگر وے در نفس الامر کافر نبود قائل بالفعل کافر گردد وحکم لعن ہمچنیں آمدہ است اگر آنکسی مستحق لعنت نبود لعن او بقائل عاید گردد پس احتیاط در ترک لعن وتکفیر باشد واللہ اعلم۔[۷]

ہم اہل قبلہ میں سے کسی کو کافر قرار نہیں دیتے۔ یعنی وہ لوگ جو مسلمانوں کے قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ اور وہ کتاب وسنت پر کاربند ہیں اور کلمۂ شہادت پڑھتے ہیں، اگر ان کے کسی کلمہ سے کفر لازم آئے تو انہیں کافر نہیں کہنا چاہیئے اور جب تک وہ ان کفریہ کلمات پر مُصر نہ رہیں یا جب تک ان کا ان کلمات پر ڈٹے رہنا بالکل ہی واضح نہ ہو انہیں کافر نہ کہنا چاہیئے بلکہ جہاں تک ممکن ہو سکے اس کی کوئی نہ کوئی وجہ نکالنی چاہیئے اور مسلمانوں کے حال کی اصلاح کرنی چاہیئے۔ حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص دوسرے کو کافر کہے گا اور وہ درحقیقت کافر نہ ہو تو کہنے والا خود کافر ہو جاتا ہے کسی پر لعنت کرنے کا بھی یہی حکم ہے اگر وہ شخص لعنت کا مستحق نہ ہوگا تو لعنت لعنت کنندہ پر لوٹ آئے گی لہٰذا احتیاط اسی میں ہے کہ نہ کسی کو لعنت کی جائے اور نہ کافر کہا جائے۔ واللہ اعلم۔[۸]

لہٰذا جولوگ ان بزرگوں پر اتہام لگاتے اوران کو بدعتی یا مشرک قرار دیتے ہیں انہیں چاہئے کہ ان پرفتویٰ لگانے سے پہلے ان کے کلمات کے معانی کی وضاحت کرالیں۔ اگر وہ کلمات کسی خام بزرگ کے ہیں تو انہیں یک قلم ترک کردیں اور تاویل کی زحمت نہ اٹھائیں مگر اگر کسی پختہ کار کے کلمات ہوں تو تاویل کی ضرورت پڑے گی۔ مگر پھر بھی یادرہے کہ شریعت کی بنیاد کتاب وسنت پر ہے۔ لہٰذا اگر کسی کو ان کے بعض کلمات سمجھ میں نہ آتے ہوں تو بہتر یہی ہے کہ وہ اس بارے میں خاموشی اختیار کرے۔

آخر میں ہم یہ بھی بیان کردیں کہ جہاں ایک طرف اولیاء اللہ اور بزرگان دیں کی تعظیم وتکریم کرنا ضروری ہے وہاں یہ بھی خیال رکھنا ضروری ہے کہ ہم ان کی تعظیم میں حد سے تجاوز نہ کرجائیں۔

ع گرفرقِ مراتب نہ کنی زندیقی

اولیاء اللہ کی کرامات حق ہیں۔ چنانچہ لوگ عہدِ صحابہؓ سے لے کر آج تک اولیاء اللہ کی کرامات دیکھتے چلے آئے ہیں مگر ہمیں ان کی کرامات کی طرف توجہ دینے سے زیادہ ان کے اعمال اوران کی زندگی کی طرف توجہ دینی چاہیئے اوران کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ اسی لیے حضرت عبدالعزیز دباغؒ نے خوداسی کتاب میں فرمایا ہے:

''اولیاء اللہ کے سوانح نگاروں نے بہت نقصان پہنچایا ہے۔''[۹]

اس لیے کہ انہوں نے زیادہ تر ان کی کرامات کا ذکر کرنے پر زور دیا ہے اوران کے اقوال واعمال کا کم تذکرہ کیا ہے۔

ولی معصوم نہیں ہوتا:

مزید برآں ایک ولی کے متعلق ہمیں یہ بھی عقیدہ رکھنا چاہیئے کہ وہ ایک انسان ہے کوئی فوق البشر شخصیت نہیں اور یہ کہ ضروری نہیں کہ وہ ایک نبی کی طرح معصوم ہو مگر ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے گناہ سے بچائے رکھے اوراگر اس سے کوئی لغزش وغیرہ ہو بھی جائے تو فوراً سنبھل جائے۔ چنانچہ حضرت جنیدؒ سے کسی نے پوچھا: کیا عارف گناہ کا مرتکب ہوسکتا ہے؟ تو صرف اسی قدر فرمایا:

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا

اللہ کا حکم مقدور ہو چکا ہے۔

اب میں اس بحث کو بخاری کی ایک حدیث پر ختم کرتا ہوں جس میں حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں:

حَفِظْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ وِعَائَيْنِ فَاَمَّا اَحَدُ هُمَا فَبَثَثْتُهٗ فِيْكُمْ وَاَمَّا الْاٰخِرُ فَلَوْ بَثَثْتُهٗ قُطِعَ هٰذَا الْبُلْعُوْمُ.

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو قسم کے علموں کے خزانے حاصل کئے ان میں سے ایک کو تو میں نے تم میں ظاہر کردیا ہے لیکن دوسرے کو ظاہر کروں تو گلا کٹتا ہے۔

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

حواشی

۱۔ مثنوی معنوی دفتر اول، صفحہ ۴۹

۲۔ رسالہ قشیریہ، ۱۶ اور نفحات الانس: ۴۱، نفحات الانس میں یہ قول یوں دیا ہے ربما ینکت الحقیقۃ قلبی اربعین یوما فلا اذن لھا ان تدخل قلبی الا بشاہدین الکتاب والسنہ

۳۔ لوائح الانوار ۱: ۶۶

۴۔ لوائح الانوار ۱: ۶۶

۵۔ رسالہ قشیریہ ۲۰

۶۔ رسالہ قشیریہ ۲۶

۷۔ نفحات الانس ۱۴۱۔۱۴۲ نفحات میں القاہر باللہ کا نام دیا ہے حالانکہ قاہر باللہ کا عہد خلافت ۳۲۰ھ تا ۳۲۲ھ ہے اور ابن عطاء کا قتل قاہر کے باپ المقتدر باللہ کے عہد میں ہوا ہے۔ مقتدر کا عہد خلافت ۲۹۵ھ تا ۳۲۰ھ ہے۔

۸۔ رسالہ قشیریہ: ۲۵

۹۔ ملامتیہ، صوفیاء کا ایک فرقہ ہے جو اخلاق کا مجسمہ ہوتے ہیں اور ان لوگوں کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ ان کے نیک اعمال لوگوں پر ظاہر نہ ہوں اور وہ اپنی برائیوں کو نہیں چھپاتے۔ (عوارف المعارف ج ۱: ۳۵۹)

۱۰۔ رسالہ قشیریہ: ۲۸

۱۱۔ لوائح الانوار: ۱: ۱۰۴

۱۲۔ رسالہ قشیریہ: ۳۱

۱۳۔ نفحات الانس: ۲۸۸

۱۴۔ رسالہ قشیریہ: ۳

۱۵۔ رسالہ قشیریہ: ۳۳

۱۶۔ قلائد الجواہر: ۱۰۵ لوائح الانوار ۱: ۱۱۰ شیخ بقاء بن بطو کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہوں: لوائح الانوار ۱: ۶۶ نفحات الانس ۴۶۹ اور قلائد الجواہر: ۱۰۵

۱۷۔ قلائد الجواہر، ۱۳۵

۱۸۔ قلائد الجواہر ۱۳۷

۱۹۔ قلائد الجواہر ۲۰: ۲۱

۲۰۔ نفحات الانس، ۴۲۰

۲۱۔ عوارف المعارف

۲۲۔ اصل کتاب میں اَذَبّ کی بجائے ''اذھب'' چھپا ہے جو غلط ہے مَیں نے اس کی تصحیح کر دی ہے۔

۲۳۔ نفحات الانس ۴۹۶

۲۴۔ ایضاً ۴۹۶۔۴۹۷

۲۵۔ لوائح الانوار ۱: ۱۶۳

۲۶۔ نفحات الانس ۴۹۷۔ فتوحات کا جو قلمی نسخہ مجھے دستیاب ہوا ہے وہ ناقص ہے اسی لیے نفحات کا حوالہ دیا ہے۔

۲۷۔ فتوحات مکیہ قلمی نسخہ ۹۴۹۔ ب۔ مَیں یہاں پر اس نسخہ کا تعارف کرا دینا چاہتا ہوں، یہ قلمی نسخہ میرے مکرم دوست میجر عبدالعزیز اے۔ ایم۔ سی کی ملکیت میں ہے۔ محترم میجر صاحب پاکستان میں عظیم القدر ہستیوں میں سے ایک ہیں جن کی ذاتی لائبریری میں پچیس ہزار سے زائد کتابیں ہیں مجھ پر ان کی خاص عنایت ہے جتنی چاہوں مطالعہ کے لیے کتابیں لے آتا ہوں ان میں سے ایک فتوحات مکیہ کا نایاب نسخہ ہے۔ یہ نسخہ نہایت خوشخط اور بڑی تقطیع کے عمدہ کاغذ پر لکھا ہوا ہے اس کا حاشیہ اور ابواب کی تمام سرخیاں سنہرے حروف میں لکھی ہوئی ہیں اور یہ نسخہ ۸۷۹ھ کا لکھا ہوا ہے، کتاب کے خاتمہ پر کاتب نے یہ عبارت لکھی ہے جس میں اس نے اپنا نام بھی لکھ دیا ہے۔

تُرَابُ الْقَدَمَ اَقَلُّ الْخَدَمِ یُوسُفُ بِنْ اَحْمَدُ بِنْ مُحَمَّدُ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ الزُّلّاتِ وَ اَزَالَ عَنْهُ حُبَ الْغُفْلاتِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ اَنْ تُزِیْحَ عَنَّاشَتَّاتَ الْقَرَاطِعِ وَ تَجْتَبِنَا اَلَیْکَ وَ تُمِدَّنَا بِالسِّرِّ الْجَامِعِ الْمَانِعِ وَ تُحَلِّنَا مقالا؟ الْجَمعیّة الْحَقِیْقِیَّةِ وَ تَمُدَّنَا بِفُیُوْضِ فُتُوْحَاتِکَ الْغَیْبِیَّةِ الْحَقِیَّةِ وَاَنْ تَجْعَلَنَا مِنْ خَاصَّةِ الْاَخْیَارِ وَصَفْوَةِ الْعَبِیْدِ یَا حَیُّ یَا عَلِیْمُ یَا قَدِیْرُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَکَانَ ذَالِکَ الْاِتْمَامَ فِیْ سَابِعِ (عشرین) ثالث تاسع ثامن تاسعة مجریّة نبویة

اور حاشیہ پر اسی کے دستخطوں میں لکھا ہے اغنی ۲۷ ربیع الاول ۸۷۹ھ اس کے بعد کاتب نے فتوحاتِ مکیّہ اور ابن العربی کی تعریف میں عربی میں کچھ اشعار لکھ دیئے ہیں جن سے بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے یہ اشعار کاتب کے اپنے ہیں مگر کتابت کی اغلاط کی وجہ سے اس میں شک پیدا ہو جاتا ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ یہ نسخہ ناقص ہے ابتدائی حصہ کسی اور کا لکھا ہوا ہے جس کا خط اس قدر خراب ہے کہ اس کے پڑھنے میں سخت دقت پیش آتی ہے۔ درمیان میں کچھ اوراق خالی پڑے ہیں جن کی وجہ سے کتاب ناقص رہ گئی ہے آخری ورق پر ورق کا نمبر ۹۴۸ دیا ہے کتاب پر چند جگہوں پر مغلیہ سلاطین کی مہریں بھی ثبت ہیں۔ ایک مہر پر احمد شاہ بادشاہ لکھا ہے اور ۱۱۶۱ھ دیا ہے میں نے جو حوالے دیئے ہیں وہ اسی نسخہ کے ہیں۔

۲۸۔ اصل کتاب میں اسی طرح دیا ہے میرے خیال میں یہ لفظ لِمَنْ اَمَنَ یہ ہے اور میں نے اسی طرح ترجمہ کیا ہے۔

۲۹۔ فتوحات مکیّہ ۹۱۴ الف

۳۰۔ فتوحات مکیّہ ۹۲۳ ف

۳۱۔ لوائح الانوار ۱: ۱۳۶

۳۲۔ لوائح الانوار ۱: ۱۰۹

۳۳۔ لوائح الانوار ۱: ۱۴۴

۳۴۔ لوائح الانوار ۱: ۱۵۱

۳۵۔ یہ اس لیے فرمایا کہ پیر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلتا ہے۔

۳۶۔ لوائح الانوار ۱: ۱۵۰

۳۷۔ جامی رحمۃ اللہ نے نفحات الانس میں ان کی تاریخ وفات ۶۵۴ھ دی ہے۔

۳۸۔ لوائح الانوار ۲: ۴

۳۹۔ لوائح الانوار ۲: ۶

۴۰۔ لوائح الانوار ۲: ۱۰۳

۴۱۔ لوائح الانوار ۲: ۱۰۹

۴۲۔ لوائح الانوار ۲: ۱۱۹

۴۳۔ لوائح الانوار ۲: ۱۱۴

۴۴۔ لوائح الانوار ۲: ۱۶۹

۴۵۔ الانوار القدسیہ ۱: ۴۱

۴۶۔ الانوار القدسیہ ۱: ۴۱

۴۷۔ الانوار القدسیہ ۱: ۳۲

۴۸۔ انوار القدسیہ ۱: ۳۸

۴۹۔ لوائح الانوار ۱: ۵۱

۵۰۔ اے لٹریری ہسٹری آف دی عربز، ۲۲۹

۵۱۔ نفحات الانس ۱۳۱ اور اے لٹریری ہسٹری آف دی عربز، ص ۲۲۹

۵۲۔ نفحات الانس، ۳۲

ایضاً،۳۱

لواقح الانوار ا: ۴ رسالہ قشیریہ،۲۶

لواقح الانوار ا: ۴

رسالہ قشیریہ،۱۹۸

لواقح الانوار ا: ۴ اور رسالہ ٔ قشیریہ ۱۹۸

رسالہ ٔ قشیریہ ۱۹۸

ایضاً اور لواقح الانوار ا: ۴

لواقح الانوار ا: ۸۹

مثنوی معنوی: دفتر اوّل ۶۸

مثنوی معنوی دفتر اوّل،۲۳

الانوار القدسیہ ا: ۴۶

الانوار القدسیہ ا: ۴۶

لواقح الانوار ۲: ۹۵

قلائد الجواہر ۱۷

لواقح الانوار ۲: ۱۳۷

لواقح الانوار ۲: ۱۳۷

لواقح الانوار ۲: ۱۵

لواقح الانوار ۳: ۳۶، اس تشریح کے مطابق مطلب یہ نکلا کہ مَیں بھی اسی سمندر میں گھستا ہوں خدا کرے کامیابی سے پار نکل کر آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پہنچ جاؤں۔

الانوار القدسیہ ا: ۱۱۲

ایضاً

ایضاً ۲: ۶۴

نفحات الانس ۳۸۴

لواقح الانوار ا: ۱۱

ایضاً

تکمیل الایمان ۷۲، مطبعہ مجتبائی

رسالہ قشیریہ ۱۸۵ اور خزینہ معارف ۴۴۱

ملاحظہ ہو صفحہ ۴۴۱

کتابیات

میں نے اس کتاب کے حواشی اور دیباچہ لکھنے میں مندرجہ ذیل کتابوں سے مدد لی ہے:

۱۔ فتوحاتِ مکیہ: قلمی نسخہ مملوکہ میجر عبدالعزیز صاحب۔ میں نے اس کا دیباچہ میں ذکر بیان کر دیا ہے۔ اس نسخہ پر متعدد بادشاہوں کی مہریں ہیں اور نایاب نسخہ ہے۔

۲۔ تکمیل الایمان (فارسی) از شیخ عبدالحقؒ محدث دہلوی مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱۳۲۰ھ

۳۔ قلائد الجواہر فی مناقب عبدالقادرؒ: از علامہ محمد بن یحییٰ التاذفی الحلبی متوفی ۹۶۳ طبع مصر۔

۴۔ لواقح الانوار فی طبقات الاخیار جو بالعموم طبقات کبریٰ کے نام سے مشہور ہے: از امام عبدالوہاب شعرانیؒ۔ مطبوعہ مصر

۵۔ الانوار القدسیہ فی بیان آداب العبودیہ از شعرانیؒ۔ بر حاشیہ لواقح الانوار

۶۔ رسالہ قشیریہ: از امام ابوالقاسم عبدالکریمؒ بن ہوازن۔ طبع مصر ۱۹۴۰ء

۷۔ التنبیہ الطربی فی تنزیہ ابن العربی: مولانا اشرف علی تھانوی۔ مطبع اشرف المطابع تھانہ بھون

۸۔ نفحات الانس: از مولانا عبدالرحمن جامیؒ مطبع نول کشور

۹۔ A Literary History of the Arabs by Nichlson, 1953

۱۰۔ عوارف المعارف: از شہاب الدین سہروردیؒ بر حاشیہ احیاء العلوم طبع مصر (مطبع مصطفیٰ بابی ۱۳۳۹ھ)

۱۱۔ مثنوی معنوی: از مولانا رومؒ۔ طبع تہران از سال ۱۳۱۵ھ تا ۱۳۱۹ھ

۱۲۔ معالم التنزیل: از ابومحمد الحسین الفراء البغوی متوفیٰ ۵۱۶ھ

۱۳۔ فتح الباری: از علامہ ابن حجرؒ العسقلانی۔ طبع مصر

۱۴۔ الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰؐ: از قاضی عیاض متوفیٰ ۵۲۴ھ

۱۵۔ نسیم الریاض شرح الشفا: از شہاب الدین خفاجی

۱۶۔ استیعاب: از ابن عبدالبرؒ

۱۷۔ الاصابہ: از ابنِ حجر

۱۸۔ وفیات الاعیان: از ابن خلکان

۱۹۔ کشف الظنون: از حاجی خلیفہ

۲۰۔ تہذیب التہذیب از ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۔ درمختار: از محمد علاؤالدین الحصفکی

۲۲۔ مشکوٰۃ المصابیح: مطبع مجتبائی

۲۳۔ مؤطا امام مالکؒ: طبع مصر

۲۴۔ تنویر الحوالک شرح مؤطا امام مالکؒ: از جلال الدین سیوطیؒ

۲۵۔ شرح الصدور: از جلال الدین سیوطیؒ

۲۶۔ تذکرۃ الحفاظ: ذہبیؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خطبہ

شکر ہے اُس خدا کا جس نے اپنے اولیاء کے لئے وسائل کے طریقے کھول دیئے اور اُن کے کریم ہاتھوں پر قسم قسم کے فضائل جاری
۔لہٰذا جس کسی نے اُن کی اقتدا کی وہ غالب آیا اور اس نے راہ راست پائی اور جو اُن کے راستہ سے منحرف ہوا وہ سرنگوں اور ہلاک ہوا۔
نے ان کا دامن پکڑا وہ کامیاب ہوا اور نجات پا گیا جس نے ان پر نکتہ چینی کی وہ منقطع اور ہلاک ہوا۔
میں خدا کی حمد اس شخص کی طرح بیان کرتا ہوں جسے یقین ہے کہ خدا کے پاس جانے کے سوا کوئی جائے پناہ نہیں اور اس شخص کی
ح خدا کا شکر یہ ادا کرتا ہوں جسے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ دنیا اور آخرت کی بھلائی خدا ہی کے پاس ہے اور میں خدا سے اس طرح مدد چاہتا
جس طرح کہ وہ شخص مدد چاہتا ہے جو اپنے معاملات میں سوائے اس کے کسی پر اعتماد نہیں کرتا اور میں سیدنا محمد ﷺ اور آپ کی آل پر
ندر درود و سلام بھیجتا ہوں جس قدر کہ اللہ کریم کی مخلوقات اور انعامات ہیں۔

اَمَّابَعْد جب اللہ تعالیٰ نے مجھ پر یہ احسان کیا جس کے لئے میں اُس کی تعریف کرتا ہوں اور شکر یہ ادا کرتا ہوں کہ میں نے ولی کامل'
ک حافل' صوفی' باہر اور عرفان کے درخشندہ ستارے' صاحب اشارات عالیہ اور صاحب عبادات سنیہ' صاحب حقائق قدسیہ و انوارِ
یہ ﷺ اور صاحب اسرار ربانیہ وہم عرشیہ موجد۔ معالم طریقت بعد ازاں کہ اس کے آثار پوشیدہ ہو چکے تھے اور علوم وحقائق کے پیدا
نے والے کو بعد ازاں کہ اس کے انوار بجھ چکے تھے پہچان لیا۔ یعنی شریف وجیہ' حسب ونسب والا جو جسمانی اور روحانی دونوں طرح کی
ہ نسبتوں کا مالک ہے۔ وَالْوِلایتین الْکرَیمتین المکیة وَالملکوتیة المحمدی العلوی الحسنیٰ قطب السّالکین
مِلُ لِوَاءِ العَارِفِین.

نسب نامہ حضرت عبدالعزیز دبّاغ رح

شیخنا وسیدنا ومولانا عبدالعزیز بن مسعود بن احمد بن محمد بن محمد بن احمد بن عبدالرحمٰن بن قاسم بن محمد بن احمد بن قاسم بن محمد بن ابراہیم

بن عمر بن عبدالرحیم بن عبدالعزیز بن ہارون بن قنون بن علوش بن مندیل بن علی بن عبدالرحمٰن بن عیسیٰ بن احمد بن محمد بن عیسیٰ بن ادر
بن ادریس بن عبداللہ الکامل بن الحسن المثنّٰی بن الحسن السبط بن علی رضی اللہ عنہم اجمعین، خدا ہمیں ان کی برکتوں سے مستفیض کرے۔ آمین

چنانچہ میں نے اُن کے اس قدر علوم و معارف اور شمائل و لطائف کا مشاہدہ کیا کہ میرے ہوش جاتے رہے اور انہوں نے مجھے ہ
مسحور و مقیّد کرلیا۔ میں نے ان کی زبان سے سید الوجود اور علم الشہود حضرت محمد ﷺ کی قدر و منزلت کے متعلق وہ کچھ سنا جو میں نے کبھی
نہ کسی انسان سے سنا تھا اور نہ ہی کسی کتاب میں دیکھا تھا۔ چنانچہ آپ اس کتاب کے دوران میں انشاء اللہ خود دیکھ لیں گے اور جو
آنحضرت ﷺ کو سب سے زیادہ پہچانتا ہے وہ قیامت کے دن آپ سے سب سے زیادہ قریب ہوگا۔

اسی طرح میں نے اُن سے اللہ تعالیٰ اس کی بلند صفات اور عظیم اسماء کے متعلق وہ کچھ سنا جس کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی اور
کوئی اس کی طاقت رکھ سکتا ہے اور ان باتوں کا ادراک خدائے خلاق کی عنایت کے بغیر نہیں ہوسکتا۔

اسی طرح میں نے اُن سے اللہ کے انبیاء اور رسولوں کی معرفت کے متعلق وہ کچھ سنا جس سے یہ گمان پیدا ہوتا ہے کہ وہ ہر نبی
ساتھ اس کے زمانہ میں ہوئے ہیں گویا کہ وہ اُن کے معاصرین میں سے تھے۔

اسی طرح میں نے اُن کی زبان سے ملائکہ کرام' ان کی مختلف جنسوں اور اُن کے تفاوتِ مراتب کے متعلق وہ وہ معرفت کی با
سنیں جن سے خیال پیدا ہوا کہ آیا بشر بھی اس قدر علم جان سکتے ہیں اور کیا وہ اس حد تک پہنچ سکتے ہیں!

اسی طرح میں نے ان سے کتب سماویہ اور گزشتہ انبیاء کی شریعتوں کے متعلق وہ معرفت کی باتیں سنیں جن سے سننے والا یہ قطعی
کرلے کہ یہ شخص سیّد العارفین اور اپنے زمانہ کے اولیاء کا امام ہے۔ اسی طرح میں نے اُن سے یوم آخرت' حشر و نشر' صراط اور میزان
متعلق وہ معرفت کی باتیں سنیں جن سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ مشاہدہ سے بات کر رہے ہیں اور تحقیق اور عرفان سے بات کہہ رہے ہیں
جاکر مجھے ان کی ولایت عظمیٰ کا یقین ہوگیا اور میں اُن کی ذات سے وابستہ ہوگیا اور میں نے کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا
لِنَهْتَدِیَ لَوْلَا اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ (شکر ہے خدا کا کہ اس نے ہمیں اس طرف کی راہ دکھادی اور اگر خدا راستہ نہ دکھاتا تو ہم یہاں پہنچ نہ
تھے) کیونکہ ہر مومن کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ گزشتہ امور کے متعلق معلومات حاصل کرے اور اس سے اس کا سودا سودمند ہوسکتا ہے۔

جبرئیل کا آنحضرت ﷺ سے حقیقتِ ایمان کے متعلق سوال کرنا:

ہم دیکھتے ہیں کہ جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام[1] نے سیدنا و مولانا محمد ﷺ سے حقیقت ایمان کے متعلق سوال کیا تو آنحضرت ﷺ
فرمایا حقیقتِ ایمان یہ ہے کہ اللہ اور اس کے فرشتوں' اس کی کتابوں' اس کے پیغمبروں' روز قیامت اور تقدیر پر ایمان کہ بھلی یا بری س
کی طرف سے ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ جو ان امور میں سب سے زیادہ واقف ہوگا وہی ان سب سے بہتر ایمان والا اور زیادہ کامل ع
والا ہوگا۔ لہٰذا خدا تجھے توفیق دے۔ یہی روشن راہ ہے۔

جامع کتاب کی حضرت دبّاغؒ سے پہلی ملاقات:

میری اور اُن کی ملاقات رجب ۱۱۲۵ء میں ہوئی۔ اس کے بعد آپ کی صحبت میں اور آپ کی محبت کے جھنڈے تلے رہا۔ ا
بیشمار معارف سنتا لیکن میں نے کسی بات کو قلمبند نہ کیا۔ لیکن سب کچھ سنتا اور سمجھتا تھا اور میں اپنے دوستوں اور خاص ساتھیوں سے اس

کرتا جو کوئی سنتا، تعجب کرتا اور کہتا کہ ایسے بے مثل حقائق و معارف ہمارے کانوں میں کبھی نہیں پڑے۔ زیادہ تعجب کی بات یہ تھی کہ حضرت ممدوح اُمّی محض تھے اور کبھی ظاہری علم سے لگاؤ نہ ہوا تھا اور وہ اُن لوگوں میں سے تھے جنہوں نے بظاہر علم سے انتہا درجہ کا اعراض کیا ہو اور جو کوئی بھی کچھ باتیں سن پاتا وہ اُن کی لذت ایک یا دو دن تک محسوس کرتا اور بعض ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک محسوس کرتے رہتے۔ جب میں اُن سے ملتا یا وہ مجھے ملنے آتے تو وہ مجھ سے دریافت کرتے کہ کیا تم نے ان معارف میں سے کچھ سنا ہے؟ جس قدر ہو سکتا میں انہیں بیان کرتا اور ان کا تعجب اور محبت اور بڑھ جاتی۔ بخوفِ طوالت میں ان حضرات کے نام نہیں گنواتا جو مجھ سے ان کا کلام سنتے اور محظوظ ہوتے کیونکہ جو شخص ان لوگوں کے ناموں سے واقف ہوگا وہ ہمارے شیخ کی قدر و منزلت کو سمجھ جائے گا اس لئے کہ یہ لوگ عوام میں اپنی ولایت کی وجہ سے مشہور ہیں اور لوگ اُن کی انتہا درجہ کی تعظیم کرتے ہیں اور وہ اکثر صالحین اور اولیاء کی صحبت میں رہنے والے لوگ ہیں اور اُن کے فیضان سے بہرہ ور ہو چکے ہیں۔ چنانچہ انہیں اسرار ولایت اور عارفوں کی علامات اور صادقین کے اوصاف کا علم ہے اور وہ ہادی اور مُہتدی کے حالات سے واقف ہیں اس کے علاوہ وہ اکابر علماء و فقہا میں سے ہیں۔ جب وہ مجھ سے ہمارے شیخ (عبدالعزیز دباغ") کی باتیں سنتے تو مجھے کہتے کہ دیکھنا کہیں اس شخص کی محبت کا دامن نہ چھوڑنا۔ یہ تو واللہ ولی کامل اور عارف واصل ہے مختصر یہ کہ جو کوئی بھی ان کا کلام سنتا وہ اُن کو فوراً قبول کر لیتا جیسا کہ تمہیں کتاب سے معلوم ہو جائے گا۔ اِنْ شَاء اللّٰہ تعالیٰ بِمَنِّہٖ وَ کَرَمِہٖ

ابتداء تالیف کتاب در ۱۱۲۹:

جب رجب ۱۱۲۹ھ ہوا تو اللہ نے میرے دل میں خیال ڈالا کہ ان کے بعض فوائد کو قلمبند کروں تا کہ ان کا فائدہ عام لوگوں کو ہو۔ چنانچہ میں نے رجب شعبان، رمضان، شوال اور ذی قعدہ میں جو کچھ سنا تھا جمع کیا اور یہ ۱۵ جز کے قریب بن گئے۔ خیال ہوا کہ اگر میں اُن باتوں کو بھی قلمبند کرتا جو میں نے گزشتہ چار سالوں میں سنی تھیں تو یہ دو سو جز سے بھی زیادہ ہو جاتا۔ علم کی آفت اس کے قلمبند نہ کرنے سے ہوتی ہے۔

یاد رکھیں میں نے جو کچھ لکھا ہے وہ آپ کے بحرِ زخار میں سے محض چند قطرے ہیں، لیکن جو علوم شیخ" کے سینے میں تھے انہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

اس کے بعد میں کہتا ہوں کہ اس مبارک مجموعہ سے مقصود صرف ان بعض باتوں کا جمع کرنا ہے جو ہم نے اُن سے سنیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ پہلے ہم ایک مقدمہ میں اس شیخ کریم کے شمائل کا ذکر کریں اور بتائیں کہ ان کی ابتداء کیسے ہوئی۔ ان کے لئے فتحِ بابِ علم کیسے ہوا؟ کس نے انہیں ذکر کی تلقین کی؟ وہ ظاہری اور باطنی شیوخ میں سے کن کن سے ملے وغیرہ۔ ان تمام باتوں کا ذکر تین فصلوں میں کیا جائے گا۔

☆.....☆.....☆

فصل اوّل

ولادت سے پہلے کے حالات

اَلعَرَبی الفشتالی کا مبارک بن علیؒ کی بیعت کرنا:

میں نے انہیں یہ کہتے سنا کہ میرے آقا العربی الفشتالیؒ اولیاء اللہ میں سے تھے۔ پہلے علم باطن محمد بن ناصر وادیٔ زرعہ والے سے حاصل کیا۔ پھر مبارک بن علی سے۔ مبارک بن علی قصابوں کی خدمت کیا کرتے تھے۔ واقعہ یوں ہوا کہ عربی فشتالی نے حضرت مبارک بن علیؒ کو فارس میں قرویین کی جامع مسجد میں دیکھا اور اپنی فراست سے ان میں خیر وصلاح کے آثار دیکھے تو کہا اے میرے آقا مجھے بتائیں کہ ارباب سِرّ کو سِرّ کیسے حاصل ہوتا ہے؟ اس پر شیخ مبارک نے فرمایا ''اچھا چھینکو'' فشتالی نے کہا ''چھینک تو اس وقت مجھے نہیں آ رہی۔ فرمایا اسی طرح مجھے بھی خیال نہیں آ رہا کہ تمہیں بتادوں کہ ارباب سِرّ کو سِرّ کیسے حاصل ہوتا ہے؟'' (یعنی یہ میرے اختیار کی بات نہیں ہے۔)

عبدالعزیز دبّاغ کے والد مسعود دبّاغؒ کا العربی الفشتالیؒ کی بھانجی فارحہ کے ساتھ نکاح:

عبدالعزیز دباغ کہتے ہیں کہ العربی الفشتالی کی ایک بہن تھی جس کی ایک بیٹی تھی۔ ان کے بہنوئی کا نام علال القمارشی تھا جو بڑا مالدار آدمی تھا۔ علال القمارشی مرگیا اور ان کی بہن سے علال کے بعد مکناستہ الزیتون کے ایک شخص نے شادی کرلی لیکن بچی العربیؒ کے پاس ہی رہی۔ انہوں نے اس کی تربیت کی اور بڑی محبت سے پالا اور اس پر خوب روپیہ خرچ کیا اور العربی ولی ہونے کے علاوہ فقیہ اور قاری بھی تھے۔ چنانچہ وہ علم کا درس دیتے۔ طالب علم اپنی تختیاں ان سے درست کرواتے اور ان سے علم تجوید سیکھتے میرا باپ مسعود بھی ان کے شاگردوں میں سے تھا۔

ایک دن ایسا ہوا کہ مجلس علم ختم ہونے پر العربیؒ نے میرے والد کو بلا کر کہا کہ میں اپنی بھانجی کی شادی تم سے کرنا چاہتا ہوں۔ ان کی بہن کا نام راضیہ اور بھانجی کا نام فارحہ تھا۔ میرے والد نے جواب دیا اگر آپ دیتے ہیں تو مجھے قبول ہے۔ العربیؒ نے کہا میں نے اپنی بھانجی کو تمہیں دے دیا۔

میرے باپ مسعود نے کہا میں نے قبول کیا۔ اس کے بعد العربیؒ نے کہا کہ مہر اور جہیز سب میرے ذمہ ہے تم کو کسی قسم کا فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس پر میرے باپ کو انتہائی خوشی ہوئی۔ اس سے پہلے بھی العربی ان سے بہت محبت کرتے تھے اور جب کبھی ان سے ملتے جو کچھ حاضر ہوتا دیتے۔ جب عقد نکاح ہو چکا تو العربی نے اپنی بھانجی کو تیار کر کے میرے والد کے ہاں بھیج دیا۔ اس کے بعد والد صاحب سے ملے اور کہا میری دکان پر آیا کرو۔ ان کی دوکان محلّہ سماط عدول میں تھی۔ میرے والد ہر روز نمازِ عصر کے بعد ان کے پاس آتے

اورالعربی انہیں ہر روز دو موزونہ[2] دیا کرتے۔

میں نے اپنے آقا محمد بن عبدالرحمٰن فاسی سے سُنا کہ میں اپنی تختی دکھا رہا ہوتا کہ تمہارے (عبدالعزیز دباغؒ کے) والد مسعود دباغ آتے اور العربی الفشتالیؒ جو کچھ بھی دکان سے حاصل کیا ہوتا انہیں دے دیتے۔ زواغہ میں ان کی بھانجی کی بہت سی زرعی زمین تھی جو اُسے اپنے والد علال القمارشی سے وراثت میں ملی تھی۔ ایک دن العربیؒ نے میرے والد مسعود سے کہا تمہاری بیوی بڑی نیک ہے وہ تمہیں ان تمام اراضی کے بیع کرنے کے لئے اپنا وکیل بناتی ہے جو زواغہ میں ہیں۔ جاؤ اور سب کو بیچ ڈالو میرے والد میری والدہ کے پاس گئے۔ والدہ نے انہیں وکیل بنا دیا۔ میری والدہ کی ایک علاتی بہن[3] تھی۔ ان کے پاس میرے والد گئے تا کہ وہ بھی انہیں ساری زمین کے فروخت کرنے پر وکیل بنادے لیکن میری خالہ نے انکار کر دیا۔ میرے والد نے میری والدہ کا حصہ فروخت کر دیا اور میری خالہ اپنے حصہ کے محاصل تقریباً تین سال تک وصول کرتی رہیں۔ اس کے بعد ظالم وِدِّیہ فرقہ آیا۔ انہوں نے زواغہ کی تمام اراضی غصب کر لی جن میں میری خالہ کی زمین بھی تھی۔ اس دن سے انہیں وہاں سے ایک حبہ بھی وصول نہ ہوا۔ اس سے لوگوں کو علم ہوا کہ یہ العربی کا کشف تھا۔

العربیؒ کی مسعود دباغؒ سے محبت:

العربی میرے والد سے اُلفت سے پیش آتے رہے اور عجیب وغریب کھانے لاتے۔ یہاں تک کہ میں نے والدہ سے سُنا فرماتی تھیں ماموں صاحب کی وفات کے بعد ہم نے طنجیہ ہی نہیں کھایا (ایک قسم کا حلوہ ہے) ماموں صاحب روزانہ اُس کو ہمارے لئے تیار کرواتے' اپنی مسجد میں عشاء کی جماعت کرا چکنے کے بعد آتے اور دستک دیتے۔ ہم نکلتے طنجیہ دیتے۔ مرتے دم تک ان کا یہی معمول رہا۔

عبدالعزیز دباغؒ کی ولایت کی پیشین گوئی:

ماموں صاحب فرمایا کرتے۔ تمہارے ہاں ایک لڑکا ہوگا جس کا نام عبدالعزیز ہوگا۔ ولایت میں بڑی شان والا ہوگا۔ دباغ کہتے ہیں کہ میں نے والدہ کو کہتے سنا کہ ان کے ماموں العربی الفشتالیؒ نے انہیں بتایا کہ انہوں نے خواب میں نبی ﷺ کو دیکھا کہ مجھ سے فرما رہے ہیں تمہاری بھانجی کے ہاں ایک ولی کبیر پیدا ہوگا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اس کا باپ کون ہوگا؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا مسعود دباغ۔ یہی وجہ تھی کہ عربی فشتالیؒ نے میرے والد مسعود کا رشتہ کے لئے انتخاب کیا۔

العربیؒ کی وفات ۱۰۹۰ھ:

العربی کی تمنا تھی کہ عبدالعزیز کی ولادت اُن کی زندگی میں ہو لیکن ۱۰۹۰ھ میں وبا آئی اس میں وہ انتقال کر گئے۔ جب وفات کا وقت قریب آیا تو میرے والد مسعود کو بلا بھیجا۔ پوچھا تمہاری بیوی کہاں ہے؟ اسے بھی بلا بھیجو۔ جب دونوں آئے تو العربی نے کہا یہ اللہ کی امانت تمہیں دیتا ہوں جب عبدالعزیز پیدا ہو تو یہ امانت اسے دے دینا۔ امانت میں ململ کا ایک ٹکڑا اور سیاہ رنگ کا بچوں کا جوتا تھا۔

عبدالعزیزؒ کی ولادت:

اس زمانے میں یہی کچھ پہنا جاتا تھا۔ چنانچہ میری والدہ نے امانت لے لی اور اسے بڑی حفاظت سے رکھا لیکن اس حمل سے

ایک بیٹی پیدا ہوئی، پھر کچھ عرصہ بعد دوسرے حمل سے میں پیدا ہوا۔ جب میں بڑا ہوا اور رمضان کے روزے رکھے تو والدہ کو اللہ تعالیٰ نے امانت یاد دلادی۔ وہ امانت لے آئیں اور فرمایا بیٹا العربی الفشتالیؒ نے یہ امانت تمہیں دینے کی وصیت کی تھی۔ عبدالعزیز کہتے ہیں کہ میں نے امانت لے لی۔ شاشیہ سر پر رکھ لی جوتا پاؤں میں پہن لیا اس سے مجھے بہت سخت گرمی محسوس ہوئی یہاں تک کہ میری آنکھوں میں آنسو آ گئے' جو کچھ العربیؒ نے میرے متعلق کہا تھا میں نے سمجھ لیا اور ان کا اشارہ معلوم کرلیا۔ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۔ یہ ۱۱۰۹ھ کی بات ہے۔

الفشتالیؒ کا مرتبہ:

احمد بن مبارک کہتے ہیں کہ میں نے عبدالعزیزؒ کی زبانی العربی الفشتالیؒ کے متعلق سنا تھا میں نے ان کا زمانہ نہیں پایا کیونکہ میں تو اس وقت ابھی تقریباً چھ ماہ کا بچہ تھا۔ لیکن میں نے لوگوں سے ان کی تعریف ہی سُنی ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ وہ صاحب ورع صاحب زہد اور قائم اللیل تھے۔ میں نے ثقہ لوگوں سے سنا کہ احمد بن عبداللہ جو ایک ولی کبیر اور مشہور عارف ہوئے ہیں اور اَلْمَخْفِیَّۃُ کے مصنف ہیں۔ وہ فشتالی کی بہت تعریف کیا کرتے کہ وہ اکابر اولیاء میں سے تھے۔ مجھے خود احمد بن عبداللہ کی ایمانداری کا علم ہے لوگوں کا ان کی ولایت' کشف اور نور بصیرت پر اتفاق ہے۔

میں نے عبدالقادر احماموش سے سنا اور وہ شہر صفر کے رہنے والے تھے اور احمد بن عبداللہؒ کے مریدوں میں سے تھے کہ العربی الفشتالیؒ اکابر اولیاء میں سے تھے اور اگر ان کی وفات نہ ہو چکی ہوتی تو میں ان کے حالات قطعاً تمہیں نہ بتاتا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں العربیؒ کے شاگردوں میں سے تھا۔ مجھے خود احمد بن عبداللہؒ کی ایمانداری کا علم ہے لوگوں کا ان کی ولایت' کشف اور نور بصیرت پر اتفاق ہے۔

فشتالیؒ کے کشف کی ایک اور مثال:

احمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں سالیس میں تھا کہ العربی نے مجھے کہا ایک بڑا حادثہ پیش آ گیا ہے میں نے عرض کیا ''وہ کیا ہے'' فرمایا ''محمد بن ناصر رحمتہ اللہ ابھی فوت ہوئے ہیں۔ میں نے عرض کی' آپ کو کیسے معلوم ہوا؟ فرمایا اس کی وفات میں تو کوئی شک نہیں ہے۔ مجھے تعجب ہوا پھر فرمایا یہ شخص جو سامنے سے آ رہا ہے اسے دیکھو۔ وہ محمد بن ناصر کی وفات کی خبر لا رہا ہے اور وہ شخص بہت دور دھندلا سا خیال دکھائی دے رہا تھا۔ پھر ہم اُس شخص کی طرف چلتے گئے یہاں تک کہ ہم اسے آ ملے ہم نے پوچھا کیا نبر ہے؟ اس نے کہا محمد بن ناصرؒ فوت ہو گئے ہیں۔

کشف کی تیسری مثال:

احمد بن عبداللہؒ فرماتے ہیں ایک دن میں قروبیین میں تھا کہ العربیؒ سے ملاقات ہوئی۔ میرا شادی کرنے کا کوئی ارادہ نہ تھا۔ مجھے دیکھ کر فرمایا ''وہ عورت بڑی مبارک ہے'' میں نے عرض کیا کون سی عورت؟ فرمایا ''جس سے تمہاری شادی ہوگی۔'' میں نے عرض کیا ''میرا تو ارادہ نہیں ہے۔'' فرمایا ''تیری اس سے شادی ہوگی۔'' ابھی ایک ہفتہ ہی گزرا تھا کہ میرے دل میں شادی کی خواہش پیدا ہوئی۔ چنانچہ

میں نے شادی کرلی۔

(احمد بن المبارک راوی کتاب کہتا ہے) اسی قسم کی ایک حکایت میں نے احمد بن عبداللہ سے سنی، لیکن اس میں انہوں نے خبر دہندہ (یعنی فشتالیؒ) کا نام نہیں دیا۔

احمد بن عبداللہ کہتے ہیں العربی الفشتالیؒ کے ساتھ اولیاء کے بارے میں گفتگو ہو رہی تھی، میں نے کئی ایک کا ذکر کیا۔ فرمایا میں تم سے اکابر کے متعلق بات کر رہا ہوں۔ میں تو یہاں سے بازغہ تک (جو فاس سے ایک مرحلہ پر واقع ہے) کے تقریباً ۴۰۰ چھوٹے اولیاء کو جانتا ہوں۔

فشتالیؒ کا اپنے احوال کو چھپانا:

احمد بن عبداللہؒ کہتے ہیں کہ الفشتالیؒ اپنے حالات کو چھپا کر رکھتے تھے۔ ایک روز اپنے چند شاگردوں سے کہنے لگے کیا تم سمجھتے ہو کہ کشف بھی کوئی چیز ہے؟ یہ تو محض چالاکی اور سرعت فہم ہے اگر تمہیں شک ہو تو میری طرف دیکھو۔ تم مجھے اور میرے تمام حالات جانتے ہو۔ تمہیں معلوم ہے کہ میں تو کوئی ولی نہیں ہوں۔ سب نے کہا جی ہاں، ہمیں خوب معلوم ہے کہ آپ ولی نہیں ہیں۔ اس کے بعد آپ نے ایک طالب علم کی طرف توجہ فرمائی اور کہا'' کیا فلاں وقت تمہارا فلاں کام کرنے کا ارادہ نہیں تھا؟ طالب علم نے عرض کیا ہاں۔ فشتالیؒ نے فرمایا یہی تو ہے جو میں نے بتایا کہ کشف محض چالاکی ہے سب کو یقین آ گیا کہ ہاں ٹھیک ہے اور پھر فشتالیؒ ان سے غافل ہو گئے۔

عمر بن الفارضؒ کے ایک شعر کا الفشتالیؒ پر اثر:

احمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ ایک دن قرویین کی مسجد میں گیا۔ وہاں العربی الفشتالیؒ بھی تھے۔ ان کا رنگ بدلا ہوا اور زرد ہو رہا تھا کہا ''اس وقت میں تم سے یا کسی اور سے کوئی بات نہیں کر سکتا۔ میں نے عرض کیا آخر کیا سبب ہے؟ فرمایا میں نے عمر بن الفارضؒ کے تائیہ قصیدہ کا شعر پڑھا ہے۔

فَلَوْ خَطَرَتْ لِیْ سِوَاکَ اِرَادَۃً عَلیٰ خَاطِرِیْ سَھْوًا قَضَیْتُ بِرِدَّتِیْ

ترجمہ ''(اے خدا) اگر تیرے سوا کسی اور کا خیال بھول کر بھی میرے دل پر گزرے تو میں اپنے مرتد ہونے کا حکم لگا دوں۔''

دیکھا تو میرے دل میں کسی اور کا خیال آیا ہوا تھا۔ لہٰذا میں نے اپنے آپ کو مرتد سمجھ لیا۔ اب میں گیا گذرا ہو گیا۔ یہ کہتے ہی ان کا رنگ اُڑ گیا۔ میں نے کہا یہ تو غلبہ حال تھا جو ابن فارض پر طاری ہوا اور پھر جاتا رہا۔ بس اتنا کہنا تھا کہ فشتالیؒ کو سکون ہو گیا اور فرمایا۔ اللہ تمہیں جزائے خیر دے تمہارے ان لفظوں سے میرا غم دور ہو گیا۔

اخفاء حال کی ایک اور شہادت:

مولانا العربیؒ القادری صوفیا کے طریقہ پر چلتے تھے اور اولیاء اللہ کے کچھ انوار ان پر ظاہر بھی ہوتے تھے۔ ان کی العربی الفشتالیؒ سے جان پہچان تھی۔ وہ انہیں ولی نہ سمجھتے بلکہ صرف عالم سمجھتے تھے۔ جب العربی الفشتالیؒ کی قادری سے ملاقات ہوتی تو بہت خوش ہوتے اور ان

کی بڑی آؤ بھگت کرتے۔ ایک دن فشتالی احمد بن عبداللہؒ کے پاس بیٹھے علوم عالیہ اور معرفت کی باتیں کر رہے تھے کہ القادری آ گئے۔ محمد دُرّیج النطاونی کو کہنے لگے کیا فشتالیؒ احمد بن عبداللہؒ سے اس سے پہلے بھی اس طرح کی معرفت کی باتیں کیا کرتے ہیں یا صرف آج ہی ایسی باتیں کر رہے ہیں؟ محمد دریج نے جواب دیا وہ تو ہمیشہ ایسی باتیں کرتے ہیں۔ سید عبدالقادر مشد کہتے ہیں اس دن القادری کو الفشتالی کی ولایت کا علم ہوا۔ جب فشتالی کو علم ہوا کہ القادری کو اس کا پتہ چل گیا ہے تو اس دن سے جب انہیں دیکھتے چھپ جاتے اور پہلی سی خوشی اور آؤ بھگت کرنا سب چھوڑ دیا کیونکہ وہ تو اپنے آپ کو چھپانا چاہتے تھے۔

کشف کی ایک اور مثال:

احمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ جب زیدان نے فاس کا محاصرہ کیا تو میں وہیں تھا۔ محاصرہ نے طول پکڑا اور فاس والوں کو بہت تکلیف کا سامنا ہوا۔ احمد بن عبداللہؒ کہتے ہیں کہ فشتالیؒ یہی کہتے رہے اُویر ہو یا سویر سلطان اسماعیل کے بغیر چارہ نہیں۔ باغیوں کو اس کا پتہ چلا تو کہنے لگے کہ فشتالی اپنے آپ کو اسماعیل سمجھتا ہے ابھی چند دن ہی گزرے تھے کہ العربی کی سچائی ظاہر ہوگئی۔ باغیوں نے ہتھیار ڈال دیئے اور امان کی درخواست کی اور صلح ہوگئی۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

قیام اللیل میں فشتالیؒ کی حالت:

فشتالیؒ کے پڑوسی بیان کرتے ہیں کہ فشتالی رات کا اکثر حصہ نماز اور تلاوت میں گزارتے رات کے پہلے حصے میں تو ان کی قرأت کی آواز سنائی دیتی لیکن جب ان پر حالت اور واردات الٰہیہ کا نزول ہوتا تو سوائے حرکت' اضطراب اور زمین پر رینگنے کے کچھ سنائی نہ دیتا۔

کشف کی مثال:

احمد بن عبداللہؒ کہتے ہیں کہ میں فشتالیؒ کے ساتھ سُوق الخمیس میں تھا اور یہ سلطان رشید کے عہد کی بات ہے۔ سلطان رشید کے عروج کا زمانہ تھا۔ بڑے آرام کی زندگی گزرتی نہ کہیں فتنہ تھا اور نہ فساد۔ فشتالیؒ کے ساتھ سُوق الخمیس میں جا رہا تھا کہ یکا یک کہنے لگے "مجھے تو رشید کے ماتم کی آواز آ رہی ہے۔ حالانکہ رشید کی موت مراکش میں واقع ہوئی تھی میں نے کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ لیکن ابھی یہ بات کر ہی رہے تھے کہ رشید کی وفات کی خبر آ پہنچی۔

آداب شرع کا پاس:

احمد بن عبداللہؒ کہتے ہیں کہ فشتالیؒ ظاہر شریعت کا پورا پورا خیال رکھتے تھے۔ ایک دن اُن کے ساتھ قرویین کی مسجد میں بیٹھا باتیں کر رہا تھا کہ موذن نے اذان دی۔ العربی مسجد سے نکل کر تھوڑی دیر غائب رہے اور پھر واپس آ گئے۔ میں نے کہا کیا بات تھی؟ نہ تو آپ کسی کام کے لئے گئے کہ کہہ سکیں کام تھا اور نہ ہی جماعت کا وقت ہے لہٰذا آپ کیوں باہر تشریف لے گئے تھے لیکن آپ خاموش رہے میں نے اصرار کیا۔ کہنے لگے تو بہت کُرید کُرید کر باتیں پوچھتا ہے۔ میں اس لئے نکلا تھا تا کہ خانہ خدا کی طرف میرا چلنا نماز کے لئے ہو جائے۔ کیونکہ پہلے میں نے جو قدم اٹھائے تھے وہ تمہارے پاس بیٹھنے کے لئے اٹھائے تھے۔

فشتالیؒ کا صبر وتحمل:

احمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ فشتالیؒ بڑے اچھے اخلاق والے اور صبر وتحمل والے تھے اور عُدُول[5] لوگوں میں سے تھے۔ ایک دن انہوں نے ایک شخص کے خلاف سچی گواہی دی تھی۔ اس شخص نے ناراض ہوکر فشتالی کو بہت سی گالیاں دیں جب وہ گالیاں دے چکا تو صرف اتنا کہا میری شہادت کی شرعی وجہ یوں ہے۔ گالی دینے والا ان کے حسن خلق کو دیکھ کر بہت نادم ہوا اور توبہ کی۔

ہمسایوں سے برتاؤ:

ممدوح کے پڑوسیوں کا بیان ہے کہ حضرت فشتالیؒ جب اپنے گھر کے لئے گوشت خریدا کرتے تو ہمسایوں کے لئے بھی ضرور خریدتے فرماتے یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ میں تو گوشت کھاؤں اور میرے پڑوسی بغیر گوشت کے رہیں۔

کشف وکرامت کی ایک اور مثال:

بہت سے ثقہ لوگوں کا بیان ہے کہ مسجد کا بڑا دروازہ کھلنے سے پہلے فشتالی المخفیہ کے زاویہ (خانقاہ) میں آئے تو جہاں اب مسجد کا بڑا دروازہ ہے اس کی طرف نظر اُٹھا کر فرمانے لگے۔ یہاں سے ایک دروازہ کھلے گا جس سے لوگ مسجد میں جایا کریں گے۔ یہ الفاظ بہت سے لوگوں نے سُنے جن میں المہدی الفاسیؒ شارح دلائل الخیرات بھی تھے۔ تھوڑے عرصہ کے بعد اسی جگہ پر دروازہ کھولا گیا یہیں سے لوگ وضو کے محل کو جاتے ہیں۔

ایک واقعہ:

محمد بن سودہ کہتے ہیں کہ ایک شخص فشتالیؒ کے گھر گیا۔ وہ اس وقت اپنے آپ کو پنکھا کررہے تھے اور بے تکی باتیں کررہے تھے۔ پوچھا کیا بات ہے؟ فرمایا فَضلُ اللّٰہِ یُؤتِیہِ مِنَ یَّشَآءُ (اللہ کی دین ہے، جسے چاہے دے)

کشف کی مثال:

شامی کا بیان ہے کہ وہ فشتالیؒ سے باتیں کررہے تھے اور گزشتہ حکام مثلاً ابن صالح وغیرہ کی مذمت کرتے اور موجودہ حاکموں کی تعریف کررہے تھے۔ اس پر فشتالیؒ نے آئندہ آنے والے حاکموں کے احوال بیان کرنے شروع کردیئے۔

فشتالیؒ کا شاہد عادل ہونا:

متعدد لوگوں کا بیان ہے کہ فشتالیؒ شاہد عادل تھے لیکن شہادت دینے سے اکثر پرہیز کرتے۔ صرف انہیں اُمور میں شہادت دیتے جو روز روشن کی طرح ہوں۔ کوئی زیادہ اُجرت دیتا تو ردّ کردیتے۔ ایک شخص سے گواہی کا وعدہ کرلیتے تو دوسرے کو انکار کردیتے۔

الغرض یہ کہ ممدوح کے کشف وکرامات بہت زیادہ ہیں اور لوگوں میں مشہور ہیں۔ آپ کی جلالت شان اور فخر ومباہات کے لئے تو صرف یہی رابطہ کافی ہے جو آپ کے اور غوث الزمان حضرت عبدالعزیز قدس سرہ کے درمیان قائم ہوا۔

فصل ثانی

حضرت عبدالعزیز دباغؒ کا مدارج سلوک طے کرنا یہاں تک کہ آپ پر اسرار کا انکشاف ہوگیا اور ان عارفین کا بیان جن سے آپ کو ظاہری اور باطنی وراثت ملی۔

عبدالعزیز دباغؒ کی خضر علیہ السلام سے ملاقات:

حضرت دباغؒ فرماتے تھے جب سے میں نے العربی الفشتالیؒ کی امانت کو پہنا اور جو کچھ اس میں مجھے کہا گیا تھا میں سمجھ گیا تو اللہ نے میرے دل میں خالص عبودیت کا شوق ڈال دیا۔ لہٰذا میں لوگوں سے اس کے متعلق دریافت کرتا رہتا جس بزرگ کا ذکر سنتا اس کے پاس جا کر اسے اپنا پیر بنالیتا۔ ان کے فرمانے کے مطابق اوراد پڑھتا لیکن کچھ مدت گزرنے کے بعد جب ان کے پاس مزید ترقی نہ پاتا تو انہیں چھوڑ کر کسی اور کے پاس چلا جاتا۔ اسی طرح جب اس کے پاس بھی مزید معرفت نہ پاتا تو اسے بھی چھوڑ دیتا۔ اسی طرح میں ۱۱۰۹ھ سے لے کر ۱۱۲۱ھ تک حیران و پریشان پھرتا رہا۔ ہر جمعہ کی رات علی بن حرزہمؒ کے مزار پر لوگوں کے ساتھ مل کر قصیدہ بُردہ[1] ختم کیا کرتا۔ ایک جمعہ کی رات حسبِ دستور بُردہ ختم کر کے روضہ سے باہر نکل ہی رہا تھا کہ ایک شخص کو اُس بیری کے درخت کے نیچے جو روضہ کے دروازے کے پاس تھی بیٹھا ہوا دیکھا۔ اس نے مجھ سے میرے ہی دل کی بتانی شروع کر دی جس سے میں سمجھ گیا کہ یہ شخص اولیاء عارفین میں سے ہے۔ میں نے عرض کیا مجھے کوئی ورد عطا کریں اور ذکر کی تلقین کریں۔ اس نے بات ٹالنی چاہی اور اِدھر اُدھر کی باتیں شروع کر دیں۔ میں اصرار کرتا جاتا اور آپ ٹالتے جاتے ان کا مقصد میرے صحیح عزم کو معلوم کرنا تھا تا کہ میں ان سے جو بات سنوں اُسے پھر ترک نہ کروں۔ میں اسی طرح چمٹا رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی اور خانقاہ میں گردسی دکھائی دی تو کہنے لگا جب تک تو اللہ کا عہد نہیں دے گا کہ ورد نہ چھوڑوں گا اور میرا خیال تھا کہ وہ مجھے ان بزرگوں کی طرح کا کوئی ورد بتائیں گے جن کی پہلے بیعت کر چکا ہوں، لیکن انہوں نے فرمایا۔ ہر روز سات ہزار بار یہ ذکر کیا کرو اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاہِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ فِی الدُّنْیَا قَبْلَ الْاٰخِرَۃِ (یا اللہ سیدنا محمد بن عبداللہ ﷺ کے طفیل مجھے دنیا میں انہیں ملا دے) پھر ہم اُٹھے اور عمر بن محمد الہواریؒ کے روضہ کے متولی آ گئے۔ اس شخص نے انہیں کہا۔ تمہیں اس سے نیک برتاؤ کرنے کی نصیحت کرتا ہوں۔ عمر بن محمد کہنے لگے یہ تو ہمارا سردار ہے۔ عمر بن محمد نے مرتے وقت مجھ سے پوچھا تمہیں معلوم ہے کہ بیری کے درخت کے نیچے کس نے تمہیں ذکر کی تلقین کی تھی۔ میں نے کہا نہیں فرمایا وہ خضر علیہ السلام تھے۔

عمر بن محمد ہواریؒ کی وفات ۱۱۲۵ھ:

دباغ فرماتے ہیں کہ جب اللہ نے میرا سینہ کھول دیا تو جو کچھ عمرؒ نے فرمایا تھا مجھے سمجھ میں آ گیا۔ اب میں نے یہ ذکر شروع کر دیا لیکن پہلے اس قدر بوجھل معلوم ہوا کہ رات ہونے تک بھی مکمل نہ ہوا۔ پھر کچھ کچھ ہلکا معلوم ہونے لگا اور مجھے اس سے اُنس ہونے لگا تو زوال تک مکمل کر لیتا۔ پھر ہلکے ہونے میں ترقی ہوئی حتیٰ کہ اشراق کے وقت پورا ہونے لگا۔ پھر ثقل میں اور کمی ہوئی حتیٰ کہ طلوع آفتاب

تک پورا پڑھ لیا کرتا تھا۔ اُس زمانے میں حضرت عمر بن محمد ہواریؒ کے پاس بیٹھتا اٹھتا رہا اور وہ بھی میرے ساتھ محبت فرماتے رہے۔ حتیٰ کہ ۱۱۲۵ھ میں ان کی وفات ہوگئی۔ بوقت وفات میں ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ فرمانے لگے جانتے بھی ہو میرے پیر کون تھے؟ میں نے کہا مجھے تو معلوم نہیں۔ فرمایا سید فشتالی قدس سرّہ اور یہ بات دنیا سے رخصت ہوتے وقت ہی بتائی۔ الحمد اللہ کہ حضرت فشتالی رحمۃ اللہ علیہ کے تمام اسرار و کیفیات بالواسطہ سید عمر رحمۃ اللہ علیہ مجھے حاصل ہوئے اور اس کا مشاہدہ مجھے شرح صدر کے بعد ہوا۔ حالانکہ سید عمر رحمۃ اللہ علیہ بھی حضرت فشتالی رحمۃ اللہ علیہ کے تمام اسرار کے حامل نہ تھے بلکہ چند ہی کے حامل تھے مگر مجھے حق تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ان کے تمام اسرار عطا فرمائے بلکہ ان سے بھی زیادہ اور اتنے زیادہ کہ میں اپنے مولیٰ کریم کا شکر ادا نہیں کر سکتا۔

ایک دن فرمایا کہ حضرت فشتالی رحمۃ اللہ علیہ عارف باللہ اور اپنی زندگی میں دیوان الصالحین[1] کے حاضر ہونے والوں میں سے تھے۔ میں نے عرض کیا اور بعد وفات فرمایا نہیں اور ایسا ہی سیدنا منصور رحمۃ اللہ علیہ کی بابت فرمایا کہ وہ اقطاب میں سے تھے اور صرف بحالت حیات اہل دیوان میں سے تھے۔ انتقال کے بعد اس مجلس میں حاضر ہوتے اور اس کا ایک خاص سبب بیان فرمایا جس کا ذکر ان شاء اللہ کتاب میں آئے گا۔

حضرت عبدالعزیز دبّاغ رحمۃ اللہ علیہ کا شرح صدر جمعرات ۸ رجب ۱۱۲۵ھ:

حضرت نے فرمایا کہ سید عمر رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے تین دن بعد مجھے شرح صدر ہوا اور ہم نے حقیقت نفس سے اللہ کو پہچانا۔ فَلَهُ الْحَمْدُ وَلَهُ الشُّكْرُ بروز پنج شنبہ آٹھ رجب ۱۱۲۵ھ کا واقعہ ہے کہ میں گھر سے نکلا تو حق تعالیٰ نے ایک صاحب خیر کے ہاتھ سے مجھے چار مُوزے دلائے۔ چنانچہ میں نے مچھلی خریدی اور اس کو لے کر گھر آیا۔ میری بیوی نے کہا علی بن حرزہمؒ کے پاس جاؤ اور مچھلی تلنے کے لئے تیل لے آؤ۔ چنانچہ میں گیا اور ابھی باب الفتوح تک ہی پہنچا تھا کہ بدن میں رعشہ سا پیدا ہوا۔ پھر زور کی کپکپی طاری ہوئی۔ اس کے بعد گوشت میں بکثرت چیونٹیاں سی چلتی ہوئی محسوس ہوئیں۔ مگر میں چلتا گیا مگر حالت اور خراب ہوتی گئی۔ حتیٰ کہ سید یحییٰ بن علال کے مزار تک پہنچا اور یہ علی بن حرزہم رحمۃ اللہ علیہ کے راستہ ہی میں آتا ہے۔ حالت نے اور شدت پکڑی اور میرا سینہ سخت مضطرب ہونے لگا۔ یہاں تک کہ داڑھی چنبر گردن سے ٹکراتی تھی میں نے سمجھا کہ یقیناً موت کا وقت آ گیا پھر میرے جسم سے دھوئیں کی طرح کی ایک چیز نکلی۔ پھر میرا جسم ہوتا ہوتا بہت ہی لمبا ہو گیا اور دنیا کی چیزیں منکشف ہو کر میری نظروں کے سامنے آنے لگیں۔ تمام شہر، قصبے اور دیہات جو کچھ بھی زمین پر ہے میں نے سب کو دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ عیسائیت[8] اپنے بچے کو گود میں لئے دودھ پلا رہی ہے۔ میں نے تمام سمندر دیکھے جو کچھ بھی سات زمینوں میں جانور اور مخلوقات ہے سب دیکھی۔ میں نے دیکھا کہ گویا آسمان کے اوپر بیٹھا ہوں اور اس کے اندر کی تمام اشیاء کو دیکھ رہا ہوں۔ اچانک ہر طرف سے کوندنے والی بجلی کی طرح نور عظیم آتا ہوا دکھائی دیا۔ یہ نور میرے اوپر سے بھی، نیچے سے بھی، داہنے سے بھی، بائیں جانب سے بھی اور آگے بھی، پیچھے سے بھی سب طرف سے آیا اور اُس سے مجھے سخت سردی لگی۔ یہاں تک کہ میں نے سمجھا کہ مرنے لگا ہوں۔ میں جلدی سے منہ کے بل لیٹ گیا تا کہ اُس نور کو نہ دیکھ سکوں، لیکن پھر بھی یوں معلوم ہو رہا تھا کہ میرا تمام وجود آنکھیں بن گیا ہے۔ آنکھ دیکھتی ہے سر دیکھ رہا ہے، پاؤں دیکھ رہے ہیں اور تمام اعضاء دیکھ رہے ہیں۔ میں نے اپنے پہنے ہوئے کپڑوں پر نظر ڈالی تو دیکھا کہ وہ اس نظر کو نہیں روک سکتے جو میری ذات میں سرایت کر چکی ہے۔ مجھے یقین ہو گیا کہ اوندھا لیٹنا اور کھڑا رہنا دونوں برابر ہیں۔ کچھ دیر تک یہی حالت رہی مگر پھر جاتی رہی اور میں اپنی پہلی حالت پر آ گیا۔ اس وقت میں گھر واپس آیا اور علی بن حرزہمؒ کے پاس نہ پہنچ سکا۔

مجھے اپنی جان کا خطرہ ہوا اور میں رونے لگا۔ اس کے بعد تھوڑی دیر کے لئے پھر وہی حالت طاری ہوئی اور پھر جاتی رہی۔ اسی طرح کبھی یہ حالت ہو جاتی اور کبھی ہٹ جاتی۔ اس کے بعد دائمی ہوگئی۔ اللہ نے مجھ پر رحم فرمایا کہ اپنے اولیاء میں سے ایک عارف سے مجھے ملا دیا جس کی، صورت یوں ہوئی کہ فتح کے اگلے روز میں مولائی ادریس رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کے لئے چلا۔ ابھی ساطِ عدُول کے محلّہ تک پہنچا تھا کہ فقیہ الحاج احمد جرندیؒ سے ملاقات ہوئی۔ احمد جرندی رحمۃ اللہ علیہ مولائی ادریس رحمۃ اللہ علیہ کے امام تھے۔ میں نے جو کچھ دیکھا تھا اُس کا اُن سے ذکر کیا۔ فرمایا میرے ساتھ میرے گھر چلو۔ میں اُن کے ساتھ ان کے گھر گیا جو اس سقایہ [8] کے قریب تھا جو اُن غَسّالین [9] کے پاس ہے جو صفارین [10] میں رہتے ہیں۔ میں اُن کے ساتھ مکان میں داخل ہوا اور وہ اندر ایک چبوترے پر بیٹھ گئے اور میں بھی اُن کے ساتھ بیٹھ گیا۔ پھر فرمانے لگے جو کچھ تم نے دیکھا ہے پھر سے بیان کرو۔ میں نے سارا واقعہ دہرایا، مگر ان پر جو میری نظر پڑی تو دیکھا کہ وہ رو رہے ہیں۔ واقعہ سن کر فرمایا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ چار سو سال گزر چکے ہیں کہ ایسا واقعہ بیان کرنے والا ہم نے کوئی نہیں سنا۔ اس کے بعد مجھے بہت سا روپیہ دیا ایک بار فرمایا کہ مجھے پانچ مثقال [11] دیئے اور کہا کہ ان کو اپنی ضروریات میں خرچ کرو اور جب ختم ہو جائیں تو کسی اور کے پاس نہ جانا۔ میرے ہی پاس آنا کہ جو ضرورت ہوگی میں تم کو دوں گا اور میں تمہیں سید عبداللہ التاودی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جانے کی تاکید کرتا ہوں۔ انشاء اللہ خیر نصیب ہوگی۔ غرض میں اُن سے رخصت ہوا اور اس دن کے بعد پھر مجھے سید احمد جرندی رحمۃ اللہ علیہ کی ملاقات نصیب نہ ہوئی کیونکہ ان کو دفعتاً مرض الموت لاحق ہوا اور وہ انتقال کر گئے۔

عبداللہ تاودی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات:

مگر میں نے اُن کی وصیت پر عمل کیا اور سید عبداللہ تاودی رحمۃ اللہ علیہ کی جانب چل پڑا۔ جب باب الجیسۃ پر پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ دروازے سے باہر ایک سیاہ فام شخص اس بڑے پتھر کے پاس کھڑا ہے جس کے قریب الحدیؒ بیٹھا کرتے تھے۔ اُس نے مجھے غور سے دیکھنا شروع کیا۔ میں نے دل میں کہا آخر اس کا کیا ارادہ ہے؟ جب قریب پہنچا تو میرا ہاتھ پکڑ لیا اور سلام کیا۔ جس کا میں نے جواب دیا۔ پھر کہنے لگے میں چاہتا ہوں کہ جامع مسجد تک میرے ساتھ چلو، وہاں بیٹھ کر کچھ دیر باتیں کریں۔ میں نے کہا بڑی خوشی سے چنانچہ ہم مسجد میں پہنچ کر بیٹھ گئے۔ مجھ سے فرمانے لگے مجھے فلاں فلاں مرض ہے اور میں نے ایسا ایسا واقعہ دیکھا ہے اور مجھے یہ یہ پیش آیا ہے۔ الغرض تمام وہ باتیں جو مجھے پیش آتی تھیں از خود ذکر کر دیں۔ ان کی اس گفتگو سے میرا بوجھ اُتر گیا اور میں سمجھ گیا کہ یہ شخص اولیاء عارفین میں سے ہے۔ خود ہی بتایا کہ میرا نام عبداللہ برناویؒ اور میں برنو کا باشندہ ہوں اور یہاں شہر فاس میں صرف تمہارے لئے آیا ہوں۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی اور اس وقت میں نے سید احمد جرندیؒ کے کلام کی برکت کو سمجھا کہ مرحوم اہل خیر و صلاح میں سے تھے۔ غرض سید عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ میرے ساتھ رہے میری رہبری فرماتے، مجھے کجی و بدراہی سے بچاتے۔ قلب کو قوت پہنچاتے اور میرے دل سے وہ خوف مٹاتے رہتے تھے جو بقیہ رجب اور تمام شعبان و رمضان و شوال و ذی قعدہ اور ذی الحجہ کی دسویں تاریخ تک مجھے پیش آتے رہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت:

جب عیدالاضحیٰ کا تیسرا دن ہوا تو مجھے سید الوجود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ اس وقت عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔

ے عبدالعزیز! اب تک تو مجھے تمہارے متعلق اندیشہ تھا مگر آج چونکہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اپنی رحمت کاملہ یعنی سیدالوجود حضرت محمد ﷺ سے لا دیا ہے، اس لئے میرا دل مطمئن ہوگیا ہے اب میں تمہیں اللہ کے حوالے کر کے جاتا ہوں۔ چنانچہ مجھے چھوڑ کر وہ اپنے وطن چلے گئے۔ راصل ان کا میرے ساتھ رہنے سے یہ مقصد تھا کہ جو مشاہدات مجھے پیش آ رہے تھے ان میں ظلمت کا دخل ہونے سے مجھے بچائے رکھیں۔ تیٰ کہ مشاہدہ محمدیہ ﷺ نصیب ہو جائے۔ کیونکہ صاحب فتح پر اس کے بعد کوئی اندیشہ نہیں رہتا جو کچھ اندیشہ وخطرات ہوتے ہیں وہ اُس مشاہدے سے پہلے ہی ہوتے ہیں۔

حضرت عبداللہ برنادی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ مجھے بہت قصے پیش آئے۔ جن میں عجیب ترین یہ ہے کہ ایک دن انہوں نے عورت کی صورت میں آ کر مجھے بہت کچھ پھسلایا اور اصرار سے اپنی طرف مائل کرنا چاہا۔

عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ کا دبّاغ رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے عورت کی صورت میں آنا:

واقعہ یوں ہوا کہ میں جزائر ابن عامر میں تھا کہ ایک عورت چادر اوڑھے منہ پر نقاب ڈالے خوشبو میں مہکی ہوئی' صاف ستھری' نہایت خوبصورت' میرے پاس آئی اور کہنے لگی میں تنہائی میں آپ سے بات کرنا چاہتی ہوں۔ میں پورے زور سے اس سے بھاگا حتیٰ کہ میں نے کہا کہ اب تو میں اس سے بھاگ کر لوگوں میں آ گیا ہوں مگر جب رصیف میں پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ میرے پاس کھڑی ہے اور مجھے پھسلا رہی ہے میں پھر بھاگا اور شراطین پہنچ کر دم لیا اور سمجھا کہ اب اس کی امید منقطع ہو چکی ہے۔ پھر میری چال بھاری ہوگئی۔ اور دیکھا کہ وہ پھر میرے پاس کھڑی ہے اور پھسلا رہی ہے۔ میں پھر بھاگا اور ایک بار پھر شماعین پہنچا مگر دیکھتا کیا ہوں کہ میرے پاس کھڑی ہے۔ میں پھر بھاگا اور مسجد قرویین کی شرقی جانب پہنچا اور مسجد میں داخل ہوگیا اور سمجھا کہ بس اب نجات مل گئی مگر دیکھا کہ وہ میرے پاس کھڑی ہے۔ میں پھر بھاگا حتیٰ کہ صفارین تک پہنچا اور سمجھا کہ بس اب بچ گیا، مگر دیکھتا ہوں کہ وہ پاس کھڑی ہے۔ میں پھر بھاگا اور دوبارہ شماعین تک پہنچا اور سمجھا کہ اب چھٹکارا مل گیا مگر دیکھتا ہوں کہ وہ پاس کھڑی ہے۔ میں پھر بھاگ کر مسجد قرویین میں جا گھسا اور سمجھا کہ اب نجات مل گئی۔ لیکن جب بڑے شمعدان تک پہنچا تو دیکھا کہ وہ میرے پاس کھڑی ہے۔ اس وقت مجھ پر حال کا غلبہ ہوا اور ابھی چلّانے کو ہی تھا تا کہ لوگ جمع ہو جائیں کہ دفعتاً وہ عورت عبداللہ البرنادی بن گئی اور فرمایا یہ کارنامہ تو میرا تھا اور تم کو آزمانے کے لئے کیا تھا کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ سادات کا میلانِ طبع عورتوں کی طرف زیادہ ہے۔ سوالحمدللہ تم کو ایسا ہی پایا جیسا میں چاہتا تھا اور بہت خوش ہوئے۔

عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات ۱۱۲۶ھ:

حضرت برناوی رحمۃ اللہ علیہ کے بعض معارف کے فوائد اثناء کتاب میں آئیں گے۔ دباغ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ان کی وفات ۱۱۲۶ھ میں ہوئی۔

صالحین خواہ ایک دوسرے سے دُور رہتے ہوں لیکن ان کے درمیان بُعد نہیں ہوتا:

حضرت برناوی رحمۃ اللہ علیہ کے اپنے وطن کو چلے جانے کے بعد میں نے حضرت دباغ کو کہتے ہوئے سنا آج میں عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ تھا انہوں نے مجھ سے یہ فرمایا اور میں نے یوں کہا اور ہم نے یہ یہ کام کیا' حالانکہ اس زمانہ میں میں ہر وقت اُن کے ساتھ آتا جاتا۔ چنانچہ ہم شاید ہی کبھی جُدا ہوتے۔ جب اُن سے ایسی بات سنتا تو عرض کرتا کیا عبداللہ اپنے وطن کو نہیں چلے گئے۔ فرمایا صالحین کے وطن خواہ

کتنے دور ہی کیوں نہ ہوں ان کے درمیان بُعد نہیں ہوتا۔ چنانچہ مغرب کا اللہ کا بندہ سوڈان یا بصرہ وغیرہ کے دوسرے اللہ کے بندے سے باتیں کرسکتا ہے بعینہٖ اس طرح جس طرح کہ پاس کے آدمی سے باتیں کی جاتی ہیں اور جب کوئی تیسرا اللہ والا ان سے باتیں کرنا چاہتا تو وہ بھی کرلیتا ہے اور اسی طرح چوتھا۔ حتیٰ کہ صالحین کی ایک جماعت جو مختلف علاقوں میں بکھرے ہوتے ہیں وہ اس طرح آپس میں باتیں کرلیتے ہیں جیسے کہ ایک جگہ پر جمع ہوجانے والے لوگ کرتے ہیں۔

دباغ رحمۃ اللہ علیہ نے برناوی رحمۃ اللہ علیہ سے اسرار ورثہ میں لئے:

فرمایا سید عبداللہ برنادی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات پر ان کے تمام اسرار کا میں وارث بنا۔ والحمدللہ

قطب زمان منصور بن احمد رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات:

نیز فرمایا منجملہ ان بزرگوں کے جن کی مجھے ملاقات نصیب ہوئی۔ حضرت منصور احمد رحمۃ اللہ علیہ ہیں جو قطب وقت تھے اور میرا اُن سے ملنا سورج گرہن سے ایک ماہ قبل ہوا۔

ملنے کی صورت یہ ہوئی کہ حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ ایک جولاہے کے پاس سُوت بٹنے کا کام کرتے تھے۔ میں اپنے بھائی علال کو لے کر اس غرض سے گیا کہ کوئی اسے بُننے کا کام سکھاوے۔ چنانچہ میں ایک طراز[13] (کشیدہ کاری کا کارخانہ) میں ٹھہر گیا۔ خادموں کو آلات کے ساتھ کام کرتے ہوئے دیکھتا رہا۔ ایک شخص کو دیکھا جس سے میری بات ٹھہر گئی۔ جب فارغ ہوا اور باہر آنے لگا تو ایک ناواقف شخص نے مجھے آواز دی اور کہا کہ میں تم سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ میں اس کے پاس آیا تو اس نے پوچھا آپ کون ہیں؟ میں نے کہا سید ہوں۔ کہا ماشاء اللہ! اچھے پاک اور نیک لوگوں کی اولاد ہو۔ پھر نام پوچھا۔ میں نے عبدالعزیز بتایا کہا کس قدر پیارا اور بزرگ نام ہے۔ پھر پوچھا کیا آپ کے ماں باپ حیات ہیں؟ میں نے کہا نہیں دونوں کا انتقال ہوچکا ہے۔ کہنے لگے میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کے بیوی بچے ہیں؟ میں نے کہا ہاں۔ کہنے لگے کچھ روپیہ پیسہ بھی پاس ہے؟ میں نے کہا نہیں' کہنے لگے یہ موزُونے لے لو۔ دیکھا تو تیس موزُونے تھے۔ اُن سے جان پہچان اس طرح ہوئی۔ پھر ان کے ساتھ مجھے عجیب وغریب واقعات پیش آئے جن میں چند کا تذکرہ اس کتاب میں ان شاء اللہ آئے گا۔

منصور بن احمد رحمۃ اللہ علیہ کی وفات ۱۱۲۹ھ:

غرض اللہ ورسول ﷺ کی محبت میں میرا اُن کا ساتھ رہا' حتیٰ کہ ۱۱۲۹ھ میں ان کی وفات ہوگئی (احمد بن مبارک) کہتے ہیں کہ سورج گرہن ۱۱۱۸ھ کی ابتداء میں ۲۹ محرم کو ہوا۔ لہٰذا تقریباً بارہ سال ان کی صحبت رہی۔

سید عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ منصور بن احمد رحمۃ اللہ علیہ سے بڑے تھے:

میں نے حضرت ممدوح سے پوچھا کہ دونوں میں بڑا کون تھا' عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ یا منصور بن احمد رحمۃ اللہ علیہ؟ فرمایا حضرت عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ بڑے تھے۔ اگرچہ یہ دونوں قطب تھے نیز فرمایا کہ جب حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوا تو ان کے اسرار کا بھی میں ہی وارث ہوا۔ والحمدللہ۔

محمد لہواج رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات:

حضرت ممدوح نے فرمایا کہ منجملہ ان مشائخ کے جن کی ملاقات وصحبت مجھے نصیب ہوئی۔ حضرت محمد لہواج رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ جن کا وطن طاون کے قریب تھا جیسا کہ جبل حصب میں شہر فحص حضرت منصور کا وطن تھا۔

اُن سے ملنے کی صورت یہ ہوئی کہ جب میرے والد بزرگوار کا انتقال ہوگیا تو میرے چچا مجھے اور میرے بھائی العربی کو لے کر ایک طراز خانہ میں گئے جہاں ململ پر کام کیا جاتا تھا۔ کارخانے کا ایک کاریگر حضرت محمد لہواج رحمۃ اللہ علیہ کا رشتہ دار تھا اور حضرت ممدوح جب بھی اس رشتہ دار کو ملنے آتے تو میرے پاس بھی آ کر بیٹھ جایا کرتے اور باتیں کرتے رہتے۔ یہاں تک میرے اور ان کے درمیان مکمل جان پہچان ہوگئی اور میرے اور اُن کے درمیان عجیب وغریب حکایات وکرامات پیش آئیں۔ جن میں سے بعض کا ذکر اثناء کتاب میں آئے گا۔

میری ان سے ملاقات حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ سے پہلے ہوئی تھی کیونکہ ان سے میری ملاقات ۱۱۱۲ھ میں ہوئی لیکن ان کی وفات حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے چند دن بعد ہوئی۔ ان کی وفات پر ان کے اسرار کا وارث بھی میں ہی بنا والحمدللہ۔

یہ وہ لوگ ہیں جن کی صحبت مجھے حاصل ہوئی۔

۱۔ شیخ الشیوخ سیدنا خضر علیہ السلام

۲۔ عمر بن محمد ہواری رحمۃ اللہ علیہ خادم روضہ علی بن حرزہم' بہ وصیت خضر علیہ السلام

۳۔ عبداللہ برناوی رحمۃ اللہ علیہ۔ ان سے میری ملاقات شرح صدر یا فتح سے دوسرے دن ہوئی۔

۴۔ منصور بن احمد رحمۃ اللہ علیہ۔

۵۔ محمد اللہواج رحمۃ اللہ علیہ

کتمان سر کی تاکید:

مؤلف کتاب احمد بن المبارک کہتا ہے لیکن حضرت دباغ رحمۃ اللہ علیہ کو دیگر اولیاء کاملین کی بھی ملاقات وصحبت نصیب ہوئی اور حضرت ممدوح اُن کے اسرار باطنیہ کے وارث ہوئے۔ ان بزرگوں کا ذکر اثناء کتاب میں آئے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ منجملہ اُن کے غوثِ وقت حضرت احمد بن عبداللہ مصریؒ ہیں' چنانچہ میں نے حضرت ممدوح کو یہ فرماتے سنا کہ جس روز میں دیوان (مجلس اقطاب واغواث) میں داخل ہوا ہوں اس دن مجھ سے احمد بن عبداللہ اور اسی طرح دیگر اہل دیوان نے بجز اس کے کوئی بات ہی نہیں کی کہ مجھے کتمان سرّ کی تاکید کرتے رہے۔ حتیٰ کہ احمد بن عبداللہ نے تمامی اہل دیوان کو حکم فرمایا کہ اس بارے میں ایک ایک واقعہ مجھے سنائیں۔ چنانچہ ان حضرات نے تقریبا دوسو واقعات مجھے سنائے۔ ان میں آٹھ واقعات میں نے حضرت ممدوح سے سنے تھے۔ لیکن یہاں صرف پانچ درج کئے جاتے ہیں۔

کتمان سِرّ کے بارے میں پہلی حکایت:

پہلی حکایت احمد بن عبداللہ غوث کی ہے۔ فرمایا میرا ایک مرید تھا اور اس کے ساتھ بڑی محبت تھی۔ ایک دن میں آنحضرت ﷺ کی عظمت شان اس کو سنانے لگا کہ بیٹا اگر سیدنا محمد ﷺ کا نور نہ ہوتا تو زمین کے اسرار میں سے ایک سِرّ بھی ظاہر نہ ہوتا۔ وہ نور معظم نہ ہوتا تو

نہ کوئی چشمہ ابلتا نہ کوئی دریا بہتا بیٹا! آنحضرت ﷺ کا نور مبارک مارچ کے مہینے (شروع موسم بہار) میں تین مرتبہ تمام بیجوں پر مہکتا ہے جس کی برکت سے ان میں پھل آتا ہے۔ اگر نور محمدی ﷺ نہ ہوتا تو کوئی تخم بھی پھل نہ لاتا۔ بیٹا! سب سے کم درجہ کا ایمان اس شخص کا ایمان ہے جو اپنے ایمان کو پہاڑ بلکہ پہاڑ سے بھی بڑا سمجھے اور وہ اپنے آپ کو اوروں سے زیادہ حق دار سمجھے لیکن ذات انسانی بسا اوقات ایمان کے بوجھ کو اُٹھانے سے عاجز آ کر اسے پھینک دینے کا ارادہ کرتی ہے کہ دفعتاً نور محمدی ﷺ مہکتا ہے اور بار ایمان کے اُٹھانے میں مددگار ہوتا ہے جس کی وجہ سے مومن کو ایمان شیریں اور پاکیزہ معلوم ہونے لگتا ہے (اور وہ تباہ ہونے سے بچ جاتا ہے۔)

جب میں اس طرح آنحضرت ﷺ کی عظمت کا ذکر کر رہا تھا اور اُن برکات کا ذکر کر رہا تھا جو آپ سے حاصل ہوئیں یہاں تک کہ میں ذات محمدی ﷺ میں محو ہو گیا۔ مرید نے جب میری یہ حالت دیکھی تو کہا اے میرے آقا! اسی نبی محترم ﷺ کی جاہ کا واسطہ مجھے سرّ عطا فرما دیجئے۔ میں نے باز رہنا چاہا مگر جب بڑی ذات کے جاہ کا واسطہ نظر کے سامنے آیا تو میں نے اس کی بات مان لی اور اسے راز دے دیا۔ مگر چند ہی دن گزرے تھے کہ لوگوں نے اس پر کفر کی گواہیاں دیں اور اسے قتل کر دیا گیا۔ یہ شخص خوزعربوں میں سے تھا اور مصر کے ایک شہر میں محلّہ کے ایک گوشہ میں رہتا تھا۔ مجھ سے سرّ الٰہی لے کر وطن چلا گیا۔ لوگ اس کے پاس آئے اور یہ ان کو اسرار الٰہیہ سنانے لگا جو ان کی عقلوں سے بالا تھے اس پر انہوں نے اس کے خلاف ان باتوں کی شہادتیں دے کر جو اُس سے سنی تھیں اسے قتل کروا دیا۔

دوسری حکایت:

ایک نے فرمایا میرا ایک مرید تھا جس نے بارہ سال میری خدمت کی اور مجھے اس سے بہت محبت تھی۔ حتیٰ کہ میرا ارادہ تھا کہ اپنی لڑکی کی شادی اس سے کر دوں۔ میں ہر ہفتے میں تین دن کے لئے بستی چھوڑ کر ساحل سمندر پر جا بیٹھتا' ایسا اتفاق ہوا کہ ان غائب رہنے کے دنوں کے اندر عید آ گئی۔ میرے چھ لڑکے اور تین لڑکیاں اور ایک خادم تھا جب میں گھر آیا تو دیکھا کہ اس نے سب کے لئے کپڑے سلوائے اور جس جس چیز کی ضرورت تھی وہ بھی خرید دی۔ یہ دیکھ کر مجھے بڑی خوشی ہوئی۔ جب وہ میرے سامنے آیا تو محبت وعقیدت سے مل اور درخواست کی کہ اسے سرّ الٰہی عطا کر دوں اور اس پر بڑا اصرار کیا۔ چنانچہ میں نے اسے بادل ناخواستہ سرّ الٰہی دے دیا۔ ابھی چالیس دن ہی گزرے تھے کہ لوگوں نے اس سے ایسی راز کی باتیں سنیں جنہیں عوام کی عقلیں باور نہیں کر سکتی تھیں ان کی شہادتیں بہم پہنچائیں اور اسے پھانسی دے دی گئی۔

تیسری حکایت:

ایک صاحب نے فرمایا میرا ایک مرید تھا جس نے نو سال میری خدمت کی۔ اس کی خدمت اور حسن معاشرت کی وجہ سے مجھے اس سے بہت محبت تھی۔ وہ میرا ہم محلّہ اور ہمسایہ بھی تھا۔ میری بیوی اکثر بیمار رہا کرتی اور وہ اپنی خوبصورت بیوی کو میرے گھر لے آیا کرتا تھا جو کام میری بیوی نہ کر سکتی اس کو وہ انجام دیا کرتی۔ غرض دونوں میاں بیوی ہماری خدمت میں لگے رہتے۔ اسی وجہ سے مجھے اس سے بڑی محبت تھی۔ ایک دن میں ایک جگہ کھڑا تھا کہ وہ اپنی چھوٹی سی بچی کو لے کر آیا جس کے ہاتھ میں قرآن مجید تھا۔ مجھے پتہ بھی نہ چلا کہ یکا یک کیا دیکھتا ہوں کہ بچی میرے پاؤں پر پڑی ہے اور قرآن مجید اس کے ہاتھ میں ہے۔ میں نے پیچھے ہٹ کر کہا اے شخص آخر تو کیا چاہتا ہے؟ تو یہ بہت بڑا واسطہ لایا ہے۔ بولا "مجھے آپ سرّ الٰہی عطا فرما دیں۔" میں نے کہا "ارے تجھ میں اس کی برداشت کی طاقت نہیں

رّ الٰہی تو ایک بڑی چیز ہے۔ صرف وہی اس کے اٹھانے کی طاقت رکھ سکتا ہے جسے اللہ تعالیٰ قوت دے اور اس کے حامل کو دو تہائی آدمی واہ
ہ کہتے ہیں اور اسی میں اس کی ہلاکت و موت ہوتی ہے۔ اُس نے کہا آپ عطا فرمادیں میں ضرور برداشت کرلوں گا۔ غرض اس کی اور اس
ی بیوی کی خدمتوں پر اور اُن تعلقات و حقوق پر جو اس کے میرے ساتھ قائم تھے۔ نیز معصوم بچی اور کلام اللہ کا واسطہ لانے پر نظر کرتے
وئے میں نے ہاں کرلی اور اسے سِرّ الٰہی دے دیا۔ (شیخ فرماتے ہیں) اس نے سِرّ الٰہی بغیر ذات کے لیا تھا اور جس کو بھی سِرّ الٰہی بغیر
ات کے ملا کرتا ہے وہ اس کو تباہ کردیتا ہے۔ میں نے عرض کیا ذات سے کیا مراد ہے؟ فرمایا کہ پیر کی ذات اور اس کے اسرار اور یہ پیر کی
فات کے بعد ہی مرید کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ ولی سِرّ تو دے سکتا ہے لیکن ذات نہیں دے سکتا۔ ذات صرف خدا ہی دے
کتا ہے۔ الحاصل اس نے سِرّ لیا اور چلا گیا اور تین دن تک اپنے پیر سے غائب رہا ابھی تین دن نہ گزرے تھے کہ اپنے پیر کی شان میں
واس کرنے لگا۔ کسی نے آکر پیر کو اطلاع دے دی کہ آپ کا فلاں مرید آپ کی شان میں گستاخی کرتا ہے۔ پیر نے تغافل برتا، لیکن اس
آزمائش کا وقت آتا رہا۔ چنانچہ اسی گمراہی اور تاریکی میں اُس نے کچھ عرصہ گزارا کہ ایک قافلہ آیا اور یہ اُس کے ساتھ بحری سفر میں چلا
یا۔ وہاں جا کر قید ہوگیا، پھر عیسائی ہوگیا (خدا بچائے) یہ بدبختی اُسے اس لئے حاصل ہوئی کہ اس نے سِرّ کو قبل از وقت لینا چاہا جس کے
تاب میں وہ اسلام سے بھی محروم ہوگیا۔ ہم اللہ سے سلامتی چاہتے ہیں۔

وتھی حکایت:

ایک صاحب نے فرمایا۔ میں اور ایک اور آدمی دینی بھائی تھے۔ ایک مرتبہ ہم نے یہ طے کیا کہ سفر کو نکلیں اور کسی اللہ کے ولی کی
اش کریں جو ہمارا ہاتھ پکڑ لے اور ہمیں اللہ سبحانہ کے راستہ پر چلائے۔ چنانچہ ہم سیاحت کرتے رہے تا آنکہ اللہ نے ہماری ملاقات اپنے
ب ولی سے کرادی۔ یہ بزرگ ثرید (ایک قسم کا کھانا) کی دکان کرتے تھے چنانچہ ہم میں سے ایک آگ جلایا کرتا اور دوسرا ثرید تول کر
اہکوں کو دیا کرتا اور شیخ ثرید پکایا کرتے۔ ہم مدت تک یہی کرتے رہے۔ پھر شیخ کی موت کا وقت قریب آگیا اور ایک بار تو اُن کے حواس
ی جاتے رہے۔ دینی بھائی نے آکر شیخ سے درخواست کی کہ مجھے سِرّ عطا فرمائیں۔ شیخ نے فرمایا تو ابھی اس کی طاقت نہیں رکھتا پھر کہا
پ کو ضرور دینا ہوگا۔ شیخ نے میری طرف دیکھا اور کہا کیا تو راضی ہے؟ [14] میں نے عرض کیا حضرت اگر آپ کی مرضی ہے تو میں بھی راضی
ں۔ فرمایا تو راضی ہوجا' خدا تجھے اس کا بدلہ اپنے پاس سے دے گا۔ چنانچہ میں راضی ہوگیا اور اس نے سِرّ لے لیا۔ دو دن کے بعد شیخ کی
ات ہوگئی اور میرا دینی بھائی اپنے وطن چلا گیا اور میں شیخ کی دکان پر خدمت کرتا رہا۔ جو کچھ کماتا اُسے شیخ کے گھر والوں پر صرف کرتا اُن
ا ایک بیوی۔ تین لڑکیاں اور ایک لڑکا تھا۔ میں دکان پر بارہ سال کام کرتا رہا اور مجھ میں اب بھی شیخ کی پہلی کی سی محبت تھی۔ اس میں ذرہ
ر بھی کمی واقع نہ ہوئی تھی۔ جب بارہ برس گزر گئے تو شیخ کی بیٹیوں کی شادیاں ہوگئیں اور وہ اپنے اپنے گھر چلی گئیں۔ شیخ کا بیٹا مغرب کو
ا گیا اور شیخ کے بھائی نے اُن کی بیوی سے نکاح کرلیا۔ جن سے تعلق تھا کوئی بھی نہ رہا، میں کچھ تنگ دل سا ہوا اور اپنے وطن واپس آنے کا
ادہ کیا جو کچھ میرے پاس تھا۔ میں نے بیچ ڈالا اور سامان سفر تیار کرلیا۔ اب صرف شیخ کی قبر کی زیارت کرنی رہ گئی تھی۔ جب میں شیخ کی
ر کی زیارت کے لئے گیا اور یہ آبادی سے دُور ایک وحشت ناک جگہ پر تھی۔ زیارت کرنے کے بعد واپس آنے لگا تو میرے دل نے کہا
سوس کیا تو ہمیشہ کے لئے اپنے شیخ کی قبر کو چھوڑ کر جارہا ہے؟ میرے دل میں شیخ کے لئے ولولہ پیدا ہوا چنانچہ میں واپس آگیا اور کچھ دیر

اور وہاں رہا۔ پھر واپس آنے لگا تو دوبارہ مجھ پر دہشت طاری ہوئی پھر واپس آیا اور زوال تک وہاں رہا۔ پھر لوٹنے کا ارادہ کیا تو وہی پہلی کی سی حالت ہوئی۔ اس پر میں رات ہونے تک وہاں رہا۔ میں شیخ کی محبت کی وجہ سے رو رہا تھا پھر میں نے قبر پر ہی رات گزاری اور میری بے چینی اور شیخ کی محبت بڑھتی گئی۔ یہاں تک کہ فجر ہوگئی اس وقت حضرت خضر علیہ السلام تشریف لائے اور مجھے ذکر تلقین فرمایا اور اللہ نے (شرح صدر) نصیب کی اور میں اپنے وطن کو روانہ ہوا۔ راستہ میں اپنے دینی بھائی کے وطن سے گزر ہوا۔ جب میں اس شہر میں پہنچا تو دیکھ کہ لوگ ایک شخص کو جلانے کے لئے ایندھن جمع کر رہے ہیں۔ میں اس شخص کو دیکھنے کے لئے گیا۔ دیکھا تو وہی میرا دینی بھائی تھا۔ میں نے ایندھن جمع کرنے والوں سے پوچھا کہ اس نے کیا قصور کیا ہے؟ کہنے لگے یہ ایسا' ایسا کہتا ہے یعنی اسرار الٰہیہ میں سے ایک راز کا اس نے افشاء کیا ہے جس کی عقول عامہ متحمل نہ ہوسکیں۔ انہوں نے علماء سے استفتاء کیا اور علماء نے اس کے جلانے کا فتویٰ دیا۔ میں اپنے بھائی کی طرف آگے بڑھا۔ میں نے تو اُسے پہچان لیا تھا لیکن وہ اپنی مصیبت کی وجہ سے مجھے نہ پہچان سکا۔ میں نے اُس سے پوچھا تجھے کس لئے جلا رہے ہیں؟ کہا انہوں نے مجھے ایسا ایسا کہتے سنا ہے اور میں نے تو سچی بات کہی ہے۔ میں نے کہا کیا تو نے اس کے علاوہ بھی کچھ کہا ہے؟ کہنے لگا نہیں اور کچھ بھی نہیں کہا۔ اب میں نے مجمع کی طرف منہ کر کے کہا جب تک میں سلطان کے پاس سے واپس نہ آجاؤں۔ اس وقت تک تم ہاتھ روکے رکھنا۔ میں سلطان کے پاس اس کے متعلق بات کرنے جا رہا ہوں۔ میں سلطان سے عرض کروں گا کہ اس شخص پر قتل کا حکم صحیح نہیں۔ لہٰذا تم میرے آنے تک صبر کرو اور اگر کسی نے کوئی کارروائی کی تو اس کی اپنی جان کی خیر نہیں کیونکہ مجھے امید ہے کہ جب میں سلطان سے بات کروں گا تو وہ ضرور اپنا حکم واپس لے لیں گے۔ سب نے کہا بہتر جب تک آپ واپس نہ آئیں گے ہم کچھ نہ کریں گے۔ چنانچہ میں سلطان کے پاس پہنچا دیکھا کہ علماء اس کے پاس ہیں اور اسی شخص کا تذکرہ ہو رہا ہے اور اس کو اس کے قتل پر ابھار رہے ہیں۔ میں نے عرض کی والا جاہ خدا آپ کا ناصر و مددگار ہو اور ہر معاملے میں آپ کو اپنے محبوب و پسندیدہ راستہ پر چلاتا رہے۔ دیکھیے ہر انسان پر تین سو چھیاسٹھ فرشتے تعینات ہیں جو شخص کسی ایک ذات کو بھی ناحق قتل کرے گا تو مقتول کی ذات کے فرشتوں کی اتنی کثیر تعداد کو اس کے سوا کوئی مشغلہ نہیں ہوتا کہ قاتل پر لعنت کرتے رہیں کہ اس نے ذات کو قتل کر کے اُن کو بلاوجہ باہر نکالا ہے اور ظاہر ہے کہ فرشتوں کی دعا مقبول و مستجاب ہے۔ لہٰذا والا جاہ کو اس بددعا سے بچنا چاہیے۔ مزید برآں ہر ذات پر سات بزرگ فرشتے بغرض محافظت و کتابت اعمال تعینات ہیں۔ پس جب کوئی ذات بلاوجہ قتل کی جائے تو ان فرشتوں کا اب صرف یہی کام ہوتا ہے کہ مقتول کے اعمال نامے سے اس کی خطاؤں کو منتقل کر کے قاتل کے اعمال نامے میں لکھ دیں اور قاتل نے جو بھی عمل نیک کیا ہو وہ اس کے اعمال نامے سے منتقل کر کے مقتول کے اعمال نامے میں درج کریں۔ قاتل کے مرتے دم تک ان کا یہی شغل رہتا ہے پھر اس کے مرنے کے بعد اس کی بدیوں کا ذکر کرتے رہتے ہیں اور فرشتوں کا ذکر بارش کا حکم رکھتا ہے۔ ہر ذکر کے ساتھ خیر نازل ہوتی ہے لیکن اگر کسی کا بدی سے نام لیں تو اس پر برائی نازل ہوتی ہے۔ لہٰذا مقتول کا تذکرہ بھلائی کے ساتھ کرتے ہیں اور اس پر خیر و برکت کا نزول ہوتا رہتا ہے اور قاتل کا تذکرہ برائی کے ساتھ کرتے رہتے ہیں اور اس پر آفات برستی رہتی ہیں۔ اے بادشاہ کیا آپ اس سے نہیں ڈرتے؟ بادشاہ نے جواب دیا کہ ان علماء نے اس کے قتل کا فتویٰ دیا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ انہوں نے قتل کا فتویٰ دینے میں جلدی کی ہے۔ انہیں چاہیے تھا کہ اس کے لفظ اور نیت دونوں پر غور کر لیتے اگر الفاظ اس کے قتل کا تقاضا کرتے ہوں تو اس کی نیت و مراد معلوم کی جاتی ہے۔ اگر اس کی نیت صحیح ہوئی تو اس پر قتل کا حکم نہیں لگ سکتا۔ لہٰذا کسی کو بھیج کر اس شخص کو بلوا لیا جائے اور اس کی نیت معلوم کر لی جائے۔ علماء نے کہا ہاں بالکل ٹھیک ہے اور ہمیں اس

ضرور عمل کرنا چاہیے۔ چنانچہ اسے بلایا گیا اور اس سے پوچھا گیا کہ تمہاری اس سے کیا مراد تھی؟ دیکھا تو اس کی مراد درست تھی جس سے ں پر قتل کا حکم نہ دیا جا سکتا تھا۔ لہٰذا اسے رہا کر دیا گیا۔

میں نے حضرت دباغ رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا کہ رہا ہونے کے بعد کیا ہوا؟ فرمایا جس بھائی نے اسے رہا کرایا تھا اسی نے اس کا سر ب کر دیا اور اسے منجملہ عوام کے بنا دیا اور تمام وہ سر جو شیخ نے اسے عطا کیا تھا اس سے لے لیا۔

میں نے عرض کیا کہ پہلے اور دوسرے قصے والوں کا قتل ہونے کے بعد کیا انجام ہوا۔ فرمایا اُن کی موت ولایت پر ہوئی مگر تیسری ایت والا کفر پر مرا۔

پچویں حکایت:

ایک نے کہا' میرا ایک مرید تھا جو بارہ برس سے میری خدمت کر رہا تھا۔ مرید سخی اور صاحب کرم تھا اس نے مجھ پر اور اپنے غریب دران طریقت پر ایک بھاری رقم خرچ کر دی تھی۔ میرا ایک بھائی شاہی ملازم تھا۔ ایک مرتبہ سلطان اس پر ناراض ہو گیا اور اُسے اس قدر اری جرمانہ کر دیا جس کے ادا کرنے کی اس میں طاقت نہ تھی۔ چونکہ عام لوگ میری تعظیم و تکریم کرتے تھے اس لئے حکومت [15] مجھے کوئی سان نہ پہنچا سکی۔ مرید نے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر کہا کہ حضرت یا تو مجھے سر عطا کر دیجئے یا جو رقم کثیر میں نے آپ پر اور آپ کے تی فقیروں پر خرچ کی ہے وہ سب ادا کیجئے ورنہ تمہیں حکومت میں بلا لیں گے۔ ان تینوں میں سے جو بات پسند ہو اختیار کر لیں میں نے ارے اللہ سے ڈر۔ اللہ تعالیٰ تجھے عنقریب سر عطا کر دے گا۔ جیسا کہ تو چاہتا ہے بلکہ تیری توقع سے بھی زیادہ۔ اگر تجھے میرے کلام ں شک ہو تو میں اللہ کا عہد میثاق دیتا ہوں مگر میری ایذا رسانی پر برانگیختگی اور بھی زیادہ ہو گئی اور کہنے لگا۔ خدا کی قسم جب تک تمام وہ رقم میں نے تم پر خرچ کی ہے نہ دو گے نہیں چھوڑوں گا۔ ورنہ تمہیں حکومت میں بلا لوں گا اور اگر حکومت کو پتہ چل جاتا تو مجھے نہ چھوڑتے۔ ں نے بطریق سابق مجھ سے کلام کیا اور وہی الفاظ دہراتا گیا۔ پھر میں نے سر بسجود ہو کر اس کے لئے سر کی دعا کی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سے سر عطا فرما دیا۔ ابھی تھوڑے دن ہی گزرے تھے کہ اسے ایک چیز دکھائی دی جس کو اللہ نے تمام بندوں کی عقلوں سے مخفی رکھا تھا۔ ونکہ وہ اسے برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ یہ شخص راز کی باتیں لوگوں سے بیان کرنے لگا لوگوں نے اس سے یہ باتیں سن کر اس کے خلاف ادتیں دیں اور اسی وقت اسے قتل کرا دیا اور اگر وہ صبر کرتا یہاں تک کہ اسے سر ذات حاصل ہوتا جس سے سر ولایت ہمیشہ ساتھ رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے توفیق بخشتا اور اسرار ولایت کا کہیں تذکرہ نہ کرتا لیکن جب اس نے عجلت کی تو اللہ نے اسے سزا دی اس پر میں نے نرت شیخ سے پوچھا یہ شخص کس حال پر مرا فرمایا ولایت ہی پر مرا اس پر میں نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ جو اسرار ان لوگوں کی موت کا سبب بنے ں نے اپنے شیخ سے سب سنے تھے مگر ان کو اس لئے تحریر نہیں کیا کہ یہ وہ اسرار الٰہیہ ہیں جو قابل بیان نہیں ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان باتوں کے کرنے کی توفیق دے جنہیں وہ پسند کرتا ہے۔ ہمارے شیخ کی برکت سے اور اس کی پاک نسب کی لت سے۔ آمین۔

ہم اتنی ہی حکایات پر اکتفا کرتے ہیں تا کہ لوگ اُکتا نہ جائیں۔ خدا توفیق دینے والا ہے۔

تیسری فصل

شیخ کی بعض کرامات کا بیان

یادرکھیں کہ ہمارے شیخ عجیب وغریب ہستی تھے اور ایسے انسان کو کرامت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کیونکہ آپ تو مجسّم کرامت تھے کیونکہ بوجہ اُمّی محض ہونے کے کہ قرآن تک بھی حفظ نہ تھا چہ جائیکہ کوئی علم پڑھا ہو اور باوجود یہ کہ بچپن سے لے کر بڑھاپے تک کسی مجلس درس میں آپ کو دیکھا نہ گیا تھا پھر بھی ایسے علوم پر بحث کرتے تھے جن پر بحث کرنے سے بڑے بڑے فاضل بھی قاصر ہوں اور جو کچھ بھی فرماتے معقول ومنقول کے مطابق ہوتا۔

کرامت اوّل سلامت عقیدہ:

سب سے پہلے ہم اس کرامت کا ذکر کرتے ہیں جس سے بڑھ کر کوئی کرامت نہیں اور وہ صحیح العقیدہ ہونا ہے۔ جب مجھے آپ کی صحبت نصیب ہوئی تو میں نے آپ سے توحید کے متعلق آپ کا عقیدہ دریافت کیا۔ آپ نے اہل سنت والجماعت کا عقیدہ بیان فرمایا اس میں سے ایک بات بھی نہ چھوڑی۔ ایک بار فرمایا کسی بندہ کو فتح (کشف صدر) نصیب ہی تب ہوتی ہے کہ وہ اہل السنّت والجماعت کے عقیدے پر ہو اور اللہ کا کوئی ولی بھی کسی دوسرے عقیدے کا نہیں ہوا اور اگر فتح سے پہلے کسی دوسرے عقیدے پر تھا بھی تو فتح کے بعد اس کے لئے اس عقیدے سے توبہ کرنا اور اہل السنّت کے عقیدے پر آنا ضروری ہے۔ میں (احمد بن المبارک) کہتا ہوں کہ بدرالدین زرکشی نے تاج الدین السبکی [17] کی کتاب جمع الجوامع کی شرح میں ایسا ہی ذکر کیا ہے۔

میں نے حضرت ممدوح کو ہمیشہ اہل سنت کی تعریف کرتے ہوئے سُنا۔ فرماتے تھے کہ مجھے اہل سنت سے بہت زیادہ محبت ہے اللہ سے دعا مانگا کرتا ہوں کہ ان ہی کے عقیدے پر وفات ہو۔

پھر میں ان سے دیگر مذہب والوں کے شبہات پیش کرتا۔ آپ ان شبہوں کو بڑی اچھی طرح سے سمجھ لیتے اور پھر اس طرح ان کا جواب دیتے گویا کہ کوئی اپنی آنکھوں سے تمام امور کو دیکھ رہا ہو۔ چنانچہ ہم نے امر ربوبیّت اور سرّ الوہیّت کی وہ وہ باتیں ان سے سنیں نہ کبھی آنکھوں نے دیکھیں نہ کانوں نے سنیں اور نہ کبھی ہماری عقلوں پر ان کا گزر ہوا۔ حالانکہ معقول ومنقول کے حاصل کرنے میں قدر زور لگایا تھا۔ یہاں تک کہ اگر کسی کو اللہ تعالیٰ توفیق بخشتا اور وہ ان باتوں کا آپ سے مذاکرہ کرتا اور اہل ہوا فرقوں کے شبہوں کا جواب سُنتا تو اسے قوۃِ ایمان حاصل ہو جاتی اور وہ اس قابل ہو جاتا کہ بہتر فرقوں کے شبہات کو حل کر سکتا۔

ایک مرتبہ کشف وعیان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا! ہم تو انہی باتوں پر ایمان لائے ہیں جنہیں ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔ کیا بے دیکھی چیز پر بھی کوئی ایمان لا سکتا ہے؟ اس لئے کہ وسواس تو بغیر دیکھے دور نہیں ہو سکتے۔

احادیثِ صفات کے متعلق سوال:

پھر میں نے آپ سے احادیث صفات [18] کے متعلق دریافت کیا کہ سلف کے طریقے کے مطابق ان میں ''تفویض'' واجب ہے یا ''تاویل'' جیسا کہ متاخرین کا طریقہ ہے؟ فرمایا ''تفویض'' ہی ضروری ہے۔ شان خداوندی اس قدر عظیم ہے کہ اس کا اندازہ نہیں لگا سکتے اور نہ ہی اس کی کسی ایک بات کی حقیقت تک پہنچ سکتے ہیں۔

احادیث صفات کے متعلق مؤلف کی تشریح:

میں کہتا ہوں کہ تفویض ہی مذہب ہے اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ [19]، سفیان ابنِ عینیہ رحمۃ اللہ علیہ [20]، سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ [21]، حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ [22]، حماد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ [23]، شعبہ رحمۃ اللہ علیہ [24]، شریک رحمۃ اللہ علیہ [25]، ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ [26]، ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ [27]۔

الاوزاعیؒ [28]، ابوحنیفہؒ [29]، شافعی [30]، احمد بن حنبلؒ [31]، ولید بن مسلم [32]، بخاری [33]، ترمذی [34]، ابن المبارک، ابن ابی حاتمؒ [35] اور یونسؒ [36] بن عبدالاعلیٰ کا۔

اور یہی قرون ثلاثہ کے لوگوں کا قول ہے جو بہترین و افضل لوگ ہیں۔ یہاں تک کہ امام ابوحنیفہؒ کے شاگرد امام محمد [38] بن الحسن الشیبانی فرماتے ہیں۔ مشرق سے لے کر مغرب تک تمام فقہاء کا ربّ کی صفات کے بارے میں قرآنی آیات پر نیز اُن احادیث پر جنہیں ثقہ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا ہے بلاتشبیہ [39] و تفسیر ایمان ہے۔

امام الحرمین [40] رسالہ نظامیہ میں کہتے ہیں ان ظواہر کے متعلق علماء کے مسلک مختلف ہیں۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ ان کی تفسیر کی جائے اور انہوں نے قرآن کی آیات اور صحیح حدیثوں میں اسی کا التزام کیا ہے۔ لیکن آئمہ سلف کی یہ رائے ہے کہ ان کی تاویل سے باز رہیں اور ان کے معانی اللہ کے سپرد کریں۔ ہمارے نزدیک پسندیدہ رائے اور جو کچھ بھی اللہ کے متعلق ہمارا عقیدہ ہے وہ یہی ہے کہ آئمہ سلف کی تابعداری کی جائے۔ کیونکہ اجماع اُمت کا حجت ہونا قطعی طور پر ثابت ہو چکا ہے اور اگر ان ظواہر کی تاویل کرنا ضروری ہوتا تو یقیناً ان کو ان ظواہر کا فروع شریعت سے زیادہ اہتمام ہوتا۔ لہٰذا جب صحابہؓ اور تابعینؒ کا زمانہ اسی بات پر گزرا کہ وہ تاویل کرنے سے گریز کریں تو ہمارے لئے بھی یہی قابل اتباع طریقہ ہے۔

حافظ ابن حجر [41] فرماتے ہیں کہ قرون ثلاثہ کے لوگوں کا قول نقل ہو چکا ہے اور وہ مثلاً یہ لوگ الثوریؒ، الاوزاعیؒ، مالکؒ، لیثؒ [42] اور ان کے ہمعصر لوگ اور ان کے شاگردوں کا بھی یہی مسلک ہے۔ لہٰذا جس بات پر قرون [43] ثلاثہ کے لوگ متفق ہوں اور وہ آنحضرت ﷺ کے فرمان کے مطابق تمام قرنوں سے بہتر و افضل ہیں تو اس پر اعتماد کیسے نہ کیا جائے۔ لہٰذا ہمارے شیخ کا عقیدہ وہی قرون ثلاثہ کے لوگوں کا عقیدہ ہے اور یہی سب سے بڑی کرامت ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ ناصر الدین ابن المنیر [44] کا قول ہے صحیح عقیدہ [45] پر استقامت ہی حتمی طور پر کرامت ہوتی ہے۔ برخلاف دیگر خوارق کے کیونکہ وہ کبھی رحمت ہوتے ہیں اور کبھی فتنہ۔

ان باتوں کے سننے کے بعد یاد رکھو کہ جس قدر کہ ہم نے حضرت شیخ کی کرامات اور کشف دیکھے ہیں وہ احاطہ سے باہر ہیں لہٰذا ہم یہاں کچھ تھوڑے سے ذکر کرتے ہیں۔

دوسری کرامت:

شیخ سے ابھی میری ابتداء معرفت ہی تھی کہ میرا ایک بیٹا مر گیا اس کی والدہ کو اس کا بہت غم ہوا۔ اس سے پہلے ایک اور بیٹا مر چکا تھا، میں نے اسے تسلی دینی شروع کی اور کہا میں نے خانقاہ مخفیہ کے بزرگ احمد بن عبداللہ کو کہتے ہوئے سنا کہ جب میں بچوں کو دیکھتا ہوں اور ان پر آئندہ اترنے والی مصیبتوں کو دیکھتا ہوں تو ان پر مجھے رحم آتا ہے۔ لیکن جو بچے مر جاتے ہیں وہ ان مصائب سے بچ جاتے ہیں اور تمہارا بچہ بھی مر گیا ہے۔ (لہٰذا وہ آئندہ کی مصیبتوں سے بچ گیا) یا اسی طرح کی اور باتیں کہیں جن سے اسے تسلی ہو جائے اور اسے صبر آ جائے۔ دوسرے دن صبح کے وقت میں حضرت کی خدمت میں گیا فرمایا۔

تم نے کل رات اپنی بیوی سے ایسی ایسی بات کہی اور جو قول میں نے احمد بن عبداللہ کا نقل کیا تھا وہی دہرایا میں سمجھ گیا کہ جو بات گھر کے اندر مجھ سے واقع ہوئی اسے انہوں نے کشف سے معلوم کر لیا ہے۔

تیسری کرامت:

حضرت ممدوح سینے کی کسی تکلیف کے سبب لونگ کھایا کرتے تھے۔ لہٰذا ان سے لونگ کی خوشبو آیا کرتی تھی۔ جب میں ان کے پاس دن کے وقت ہوتا تو اسے اکثر سونگھا کرتا۔ جب آپ سانس لیتے تو لونگ کی خوشبو سانس کے ساتھ بھی آیا کرتی۔ پھر جب میں رات کو اپنے گھر میں ہوتا تو یہی خوشبو مجھے رات کو بھی آتی رہتی۔ حالانکہ دروازے بند ہوتے اور حضرت ممدوح رائس الجنان کے محلہ میں ہوتے اور میرا مکان بکر نقر کے محلہ میں تھا اور یہ خوشبو کئی بار ہمیں آتی۔ میں نے اس پر غور کیا اور اپنی بیوی سے اس کا ذکر کیا۔ اسے بھی حضرت سے بڑی محبت تھی اور اسی طرح حضرت کو بھی اس سے بڑی محبت تھی۔ ایک مدت دراز تک یہ خوشبو آتی رہی۔ ایک دن میں نے حضرت سے ذکر کیا کہ آپ کی خوشبو رات کے وقت ہمیں آتی ہے اور ہم اکثر اسے سونگھتے رہتے ہیں۔ کیا آپ ہمارے پاس ہوتے ہیں؟ فرمایا ہاں میں نے ہنسی کے طور پر کہا کہ میں خوشبو کو پکڑنے کے بہانے آپ کو پکڑ لیا کروں گا۔ انہوں نے بھی ہنسی میں جواب دیا میں گھر کے کسی اور گوشہ میں ہولوں گا۔ ایک بار پھر میں نے خوشبو کا ذکر کیا تو فرمایا یہ تو سونگھنا ہوا شوق کہاں ہے۔

ایک مرتبہ مجھے فرمایا۔ میں نہ دن کو نہ رات کو تم سے جُدا ہوتا ہوں۔

ایک اور بار فرمایا۔ اگر ایک گھنٹے میں پانچ سو مرتبہ تمہارا خیال نہ کرتا ہوں تو تم مجھے خُدا کے ہاں پکڑ لینا۔

ایک بار میں نے عرض کیا اے میرے آقا میں نے جواب میں اپنے آپ کو اور آپ کو ایک ہی کپڑے میں دیکھا ہے۔ فرمایا یہ تو سچا خواب ہے۔ آپ کا اشارہ اس بات کی طرف تھا کہ وہ کبھی بھی نہ دن میں نہ رات مجھ سے جُدا نہیں ہوتے۔

ایک بار فرمایا۔ آج رات تمہارے پاس آؤں گا ذرا دھیان رکھنا۔ جب رات کا آخیر ہوا اور میں کچھ سو رہا تھا کچھ جاگ رہا تھا تو آپ آ گئے۔ جب آپ قریب آئے تو میں نے آپ کا ہاتھ پکڑ لیا اور بوسہ دینے کا ارادہ کیا جب میں نے آپ کے ہاتھ اور سر کو بوسہ دیا تو آپ غائب ہو گئے۔

چوتھی کرامت:

ایک بار سلطان نے فرمان جاری کیا اور دو قاصد بھی ساتھ بھیجے تا کہ میں مکناسہ جا کر الریاض کی جامع مسجد میں امامت کراؤں۔ اس

سے مجھے اس قدر پریشانی ہوئی جس کا علم صرف اللہ ہی کو ہے۔ حضرت کو اس کا علم ہوا تو فرمایا ڈرو نہیں جب تم مکناسہ جاؤ گے تو میں بھی تمہارے ساتھ جاؤں گا، لیکن ڈرنے کی کوئی بات نہیں، جو بات سلطان چاہتا ہے۔ وہ نہ ہوگی، میں ان دونوں قاصدوں کے ساتھ مکناسہ گیا۔ اللہ کی مرضی سے معاملہ خیر سے گزر گیا اور اسی طرح ہوا جس طرح کہ شیخ نے فرمایا تھا، میں فاس (فیض) میں اپنے گھر واپس آ گیا۔ جب میرے خسر فقیہ محمد بن عمر نے میری آمد کا سنا تو مجھے لکھا تم مکناسہ گئے اور سلطان سے نہ ملے اور نہ باقاعدہ استعفا دیا، معلوم نہیں تم پر کیا عتاب نازل ہو۔ مناسب ہے کہ فوراً مکناسہ واپس جاؤ اور سلطان سے ملو اور مسجد مذکور کی امامت پر رضامندی کا اظہار کرو۔ اس کے سوا کسی اور رائے پر عمل نہ کرنا۔ میں خط لے کر شیخ کے پاس آیا۔ فرمایا اپنے گھر بیٹھے رہو۔ کسی قسم کا خطرہ نہیں اور ایسا ہی ہوا جیسا کہ شیخ نے فرمایا تھا۔

یہ ایک عجیب وغریب کرامت ہے۔ اگر میں حکایت کو کھول کر بیان کردوں تو اس کا انوکھا پن ظاہر ہو جائے۔ یہاں تک کہ میں نے ایک قریبی دوست کو کہتے سنا کہ ہم نے اس سے عجیب تر بات نہیں دیکھی سلطان نے تمہیں بلا بھیجا اور تاکید بھی کی اور اپنے دو قاصد بھی بھیجے جو تمہیں لے کر آئے۔ پھر تم نے اس سے ملاقات بھی نہیں کی اور سلطان کی پرواہ کئے بغیر فاس واپس چلے گئے۔ یہ عجیب بات ہے اور یہ سب حضرت کی برکت تھی۔

پانچویں کرامت:

میری بیوی حاملہ تھی۔ حضرت نے فرمایا: لڑکا ہوگا۔ جب نواں مہینہ ہوا اور اس کی عادت نویں مہینہ کی ابتداء میں بچہ جننے کی تھی اسے درد اُٹھا ہم نے سمجھا کہ دردزہ ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ یہ درد تو کسی اور مرض کا درد ہے۔ ولادت تو ابھی دور ہے۔ چنانچہ جیسا حضرت نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا۔

چھٹی کرامت:

ایک دفعہ مولانا محمد مَیّارہ سے میری ملاقات ہوئی اور انہوں نے حضرت شیخ کے لئے چار موزے دیئے۔ اس کے بعد مجھے حضرت نے فرمایا محمد میارہ بڑی چیز ہیں جیب میں ہاتھ ڈالا تو بُرے موزے نکلے۔ لہٰذا ان کو لوٹا کر دوبارہ اچھے موزے نکالے اور ہمیں دیئے۔ میں مولانا محمد مَیّارہ سے ملا تو حضرت کا فرمان بیان کیا۔ کہا بالکل ٹھیک ہے پہلے کھوٹے موزے نکلے تھے میں نے ان کو لوٹا دیا اور پھر کھرے نکال کر پیش کئے۔

فقیہ مذکور سے ایک روز باتیں ہو رہی تھیں کہ ایک شخص کا ذکر ہوا جس کے بارے میں فقیہ مذکور اچھی رائے رکھتے تھے۔ ان کے متعلق جو میں جانتا تھا وہ میں نے ذکر کر دیا۔ شیخ نے فرمایا جب تو نے اس شخص کے متعلق باتیں بیان کیں تو فقیہ مذکور کی انتڑیاں بھی پیٹ میں نیک نیتی کی وجہ سے لرزنے لگ گئی تھیں۔ جب میری ملاقات فقیہ مذکور سے ہوئی تو حضرت کا قول نقل کیا۔ کہا آپ نے سچ فرمایا ہے ایسا ہی ہوا تھا۔

ساتویں کرامت:

حضرت کا صاحبزادہ ادریس سخت بیمار پڑ گیا، جس سے ان کی والدہ سخت فکرمند ہوئیں۔ ایک دن میں مغرب کے بعد گیا تو دیکھا کہ مرض کی شدت کی وجہ سے وہ کلام بھی نہ کر سکتا تھا۔ مجھے بھی فکر دامن گیر ہوئی۔ جب نکلا تو حضرت نے فرمایا کہ یہ اس مرض سے نہیں مرے گا

اور یہ عنقریب صحت یاب ہوگا۔ جیسا حضرت نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا۔

اسی طرح کا واقعہ اُن کی بیٹی فاطمہ سے پیش آیا۔ وہ بیمار پڑ گئی اور بیماری نے طول پکڑا۔ حضرت نے مجھ سے فرمایا یہ مرے گی نہیں، عنقریب صحت یاب ہوگی اور ایسا ہی ہوا۔

اسی طرح میں حضرت کے ساتھ محمد میارہ کے بیٹے کی عیادت کے لئے گیا اور وہ سخت بیمار تھا۔ حضرت نے فرمایا وہ اس مرض سے نہیں مرے گا اور ایسا ہی ہوا۔

اسی طرح حاجی محمد بن علی بن عبدالعزیز بن علی المرابطی السجلماسیؒ کا بیٹا بیمار پڑ گیا اور باپ بیٹے کی حیات سے مایوس ہوگیا۔ میں نے اس کا ذکر حضرت سے کیا جبکہ ہم جامع اندلس سے جمعہ کی نماز پڑھ کر نکل رہے تھے اور باب الفتوح کی طرف جارہے تھے۔ حضرت نے فرمایا کوئی بات نہیں۔ اس کی والدہ تو نہیں چاہتی کہ اس کا بیٹا مرے، اگر مر گیا تو ماں پر پہاڑ ٹوٹ پڑے گا۔ لہٰذا یہ نہیں مرے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ یہ سب لوگ آج تک زندہ ہیں اور آج بائیس ربیع الاول ۱۱۳۰ھ ہے۔

آٹھویں کرامت:

ایک مرتبہ ہم قطب زماں عبدالسلامؒ[۴۶] بن مشیش کی زیارت کے لئے گئے۔ ہم حضرت کے پاس ظہر کی نماز کے وقت پہنچے۔ ہمارا خیال تھا کہ آپ ہمیں اپنے پاس ٹھہرائیں گے۔ لیکن آپ نے فرمایا سواریوں سے نہ اترنا۔ ہم شیخ کی زیارت کر کے ابھی واپس آتے ہیں۔ میں آپ کے ساتھ پہاڑ پر چڑھ کر شیخ عبدالسلام کے مزار کی زیارت کے لئے گئے۔ کہنے لگے کیسی زیارت رہی اور کیا دعا مانگی۔ میں نے عرض کیا کہ اس بار تو میں محض آپ کے لئے دعا مانگتا رہا۔ جب سے زیارت کیلئے بیٹھا ہوں میں آپ ہی کے لئے دعائے خیر کر رہا ہوں اور میں نے کہا اوروں کا تو ذکر ہی کیا، اپنے لئے بھی دعا نہیں مانگی۔ حضرت نے فرمایا اسی طرح میں نے صرف تمہارے لئے دعا کی ہے کسی اور کے لئے نہیں کی۔ مجھے اس سے انتہائی خوشی ہوئی۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔

پھر ہم پہاڑ سے اُترے تو ہمیں شہر تطاون جانے کا حکم فرمایا۔ میں نے عرض کیا شہر تو دُور ہے، ہم وہاں تک نہ پہنچ سکیں گے۔ لیکن جو آپ فرمائیں وہی کیا جائے گا۔ آپ نے اصرار سے کہا تو ہم سمجھ گئے کہ آپ صحیح بات ہی فرماتے ہیں۔ ہم سواریوں پر سوار ہوئے اور صبح طلوع ہونے تک چلتے رہے اور شہر تطاون میں داخل ہوئے۔ بس شہر میں گھسنا تھا کہ آسمان نے پکھالیں کھول دیں اور اس قدر زور کی بارش ہوئی کہ الٰہی پناہ دو دن تک بارش جاری رہی۔ حضرت مجھے لے کر اس گھر کی چھت پر گئے جہاں ہم ٹھہرے ہوئے تھے۔ ابھی بارش ہو رہی تھی فرمانے لگے کیا دیکھ رہے ہو؟ کس قدر زور کی بارش ہو رہی ہے۔ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا اسی لئے تو میں نے تمہیں رات بھر چلایا تھا کیونکہ جب میں عبدالسلام کے مزار پر پہنچا تھا تو میں نے اسے دیکھ لیا تھا اگر ان سیڑھیوں میں یہ بارش آ کر ہمیں گھیر لیتی تو ہمارا کیا حشر ہوتا۔ نہ ہمارے کھانے کے لئے کچھ ہمارے پاس تھا نہ جانوروں کے کھانے کے لئے اور یہ بارش متواتر رہتی۔ میں نے عرض کیا پھر تو اگر موت سے بچ جاتے تو ہر طرح کی مشقت اٹھانی پڑتی۔ اس کے بعد میں نے آپ کا ہاتھ چوما اور عرض کیا اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ جب دو دن کے بعد ہم تطاون سے نکلے تو ابھی بارش انتہائی زور کی ہو رہی تھی۔ میں نے عرض کیا کہ ہم بارش سے ہی بھاگے تھے اور پھر اسی کی طرف لوٹ رہے ہیں لیکن آپ خاموش رہے پھر ہم نکلے اور جانوروں کے لئے جو خریدنے کا ارادہ کیا حضرت نے منع فرمادیا۔ آخر اسی

زور کی بارش میں ہم نکل پڑے۔ ابھی ایک دو میل ہی چلے ہوں گے کہ بادل پھٹ گئے۔ ہوا ٹھہر گئی اور سورج نکل آیا اور موسم اچھا ہو گیا۔ ہمیں اس پر بڑا تعجب ہوا۔ پھر جب عصر کا آدھا وقت گزر گیا تو ہم نے عرض کیا کہ حضرت سواریوں کا چارہ کہاں ہے؟ آپ نے رفقاء سے پوچھا کہ آبادی کتنی دور ہے؟ معلوم ہوا کہ اس قدر دور ہے کہ آدھی رات سے پہلے وہاں نہیں پہنچ سکتے لیکن آپ خاموش رہے اور ہم بھی ہر بات پر آپ کو لبیک کہتے تھے۔ جب مغرب ہوئی تو فرمایا دائیں طرف مڑ چلو۔ چنانچہ ہم راستہ چھوڑ کر دائیں طرف کو ہو لئے۔ ابھی تھوڑی دور ہی گئے تھے کہ غلہ کے کھلیان نظر آئے جنہیں ابھی روندا نہ گیا تھا۔ اور پاس ہی ایک پانی کا چشمہ بھی تھا۔ فرمایا یہاں اُتر جاؤ۔ خدا نے جانوروں کا چارہ بھیج دیا ہے۔ ہم نے ضرورت کے مطابق کھلیان میں سے لے لیا اور بڑے آرام سے رات گزاری۔ جب عشاء کا وقت قریب آیا تو کھلیان کا مالک آیا اور ہمیں دیکھ کر نہایت خوش ہوا۔ شیخ نے جس قدر کہ جانوروں نے کھایا تھا اس سے زیادہ قیمت ادا کر دی۔ اس پر کھلیان کا مالک بہت ہی زیادہ مسرور ہوا اور رات بھر ہمارے پاس رہا اور ہمارے ساتھ ہی کھانا کھایا اور ایسا بن گیا گویا ہمارا ساتھی ہے۔

اسی طرح کا واقعہ ایک بار اور پیش آیا۔ ہم شیخ عبدالسلام مذکور کی قبر کی زیارت کے لئے جا رہے تھے اور ابھی وہاں پہنچے نہ تھے جب بنی زکار کی گھاٹی کو عبور کر لیا تو عصر کا وقت نکل چکا تھا۔ جو لوگ ہم سے پہلے اس گھاٹی کو عبور کر چکے تھے وہ پڑاؤ ڈال چکے تھے۔ ہم نے عرض کیا کہ حضرت جو لوگ ہم سے پہلے آئے تھے وہ تو پڑاؤ ڈال چکے ہیں۔ فرمایا چلتے جاؤ ہم نے پھر عرض کیا حضرت چلیں کیسے؟ نہ ہمیں راستہ معلوم، نہ کوئی راستہ بتانے والا ہمارے ساتھ، فرمایا پھر بھی چلے چلو۔ چنانچہ ہم چلتے گئے اور ان لوگوں کو جو پڑاؤ ڈال چکے تھے وہیں چھوڑا بغیر کسی رہنما کے چل پڑے۔ ہم چلتے رہے اور اللہ تعالیٰ ہمارے دل میں ڈال دیتا کہ اس راستہ پر چلو۔ یہاں تک کہ پانی کے ایک چشمے پر پہنچے جس کے پاس ہی غلے کے کھلیان تھے۔ ہم کھلیانوں کے مالک سے ملے اس نے ہمیں وہاں ٹھہرنے کے لئے کہا اور ہم نے بڑے آرام سے رات گزاری۔ ہمارے جانور رات بھر بھوسہ کھاتے رہے اور جو قافلہ ہم سے پہلے گھاٹی پر اترا تھا ان کے جانوروں کو رات بھر بھوسہ نہ ملا۔

اس سفر میں حضرت کی زبان مبارک سے بڑے بڑے دقائق وحقائق سننے میں آئے، ان میں سے اکثر کا ذکر ہم نے اس کتاب میں کر دیا ہے۔ حضرت ممدوح جب شہروں کا ذکر فرماتے تو ناواقف آدمی یوں سمجھتا کہ حضرت نے ان مقامات کا ضرور سفر کیا ہے۔ حالانکہ وہ محض کشف ہوتا۔ اکثر آپ دُور دُور کے مقامات کا سفر بغیر رہبر کے کرتے اور ایسے چھوٹے راستوں پر چلتے جن کا اکثر لوگوں کو علم نہیں ہوتا۔

ایک دن فقیہ علی بن عبداللہ الصباغیؒ سے جن کا گھر شہر فاس سے چار منزل پر موضع صباغات میں تھا۔ فرمایا کہ ایک بار میں گھوڑ سواروں کی جماعت کے ساتھ آنکلا اور فلاں فلاں موضع پر پہنچا۔ حضرت نے اس جگہ کا نام بھی بتایا اور اُس کی صورت و کیفیت بھی بتائی اور میں تمہارے مرشد کے پاس بھی گیا۔ پھر ان کا حُلیہ اور ان کے گھر کی ایسی کیفیت بیان کی جیسے کہ وہ ان کی نظروں کے سامنے ہے اور گھوڑوں پر سوار ہونے کا ذکر محض کشف کو چھپانے کے لئے کیا تھا۔ شیخ علی فرماتے ہیں کہ حضرت نے بغیر کم و کاست اس طرح بیان کیا گویا یہ ان کی آنکھوں کے سامنے ہے۔ پھر فرمایا جہاں تم گھوڑے باندھتے ہو، وہاں ایک ولی کی قبر ہے۔ وہاں گھوڑے مت باندھا کرو۔ اس کے بعد انہوں نے تحقیق کی تو اسے سچ پایا اور اس جگہ مزار بنا دیا گیا۔

میں نے حضرت کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ وہ ولی ہمارے آباء میں سے ہیں یعنی غوث تھے اور یہ بات واضح طور پر فرمائی۔

ایک روز میں آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص زاسے آیا جو ایک مشہور بستی ہے آپ نے پوچھا کہاں سے آئے ہو؟ جواب دیا کہ زاسے۔ حضرت اس بستی کا حلیہ اور اس کے مقامات و علامات بیان فرمانے لگے اور وہ شخص آپ کی تصدیق کرتا اور یوں سمجھتا رہا کہ حضرت وہاں جا چکے ہیں۔ جب وہ شخص اٹھ گیا تو میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ لوگ کشف کو پسند کرتے ہیں حالانکہ اس میں خود ولی کے لئے اور طالب کشف کے لئے بھی بڑی مُضِرت ہے۔ ولی کے لئے ضرر تو اس لئے ہے کہ اس میں ولی مشاہدہ حق کو چھوڑ کر مشاہدہ خلق کی طرف آتا ہے اور یہ چوٹی سے نیچے اُترنے کی مثال ہے۔ کشف چاہنے والے کے لئے اس لئے کہ کشف و کرامت کا طالب وہی ہوتا ہے جس کی محبت سرسری ہوتی ہے اور جب ولی نے اس کا ساتھ دیا تو گویا اُسے اسی اندھے پن پر رہنے دیا۔ ان دونوں باتوں کی تشریح ان شاء اللہ آئندہ کتاب میں آئے گی۔

نویں کرامت:

سادات میں سے ایک شخص مجھ سے علوم دقیقہ میں سے کوئی علم پڑھا کرتا تھا اور میں اپنی بساط کے مطابق اس کی تشریح کر دیا کرتا اور اسے بہت پسند آتی اور کہتا کہ کوئی فقیہ آپ جیسی تشریح نہیں کر سکتا۔ ایک بار میں اس کتاب کی تشریح کر رہا تھا کہ ایسا مسئلہ آ گیا جس میں مصنف نے اسرار الٰہیہ میں سے کسی ایک سِرّ کی بحث کی تھی اس سید نے مجھ سے اس کا مطلب پوچھا۔ میں نے لاعلمی ظاہر کی کیونکہ افشاء سِرّ سے ڈر لگتا تھا لیکن اس کا شوق بڑھتا رہا اور میں نے کہا اللہ کی قسم جب تک تو یہ وعدہ نہ کرے کہ جو کچھ تو مجھ سے سنے گا' اس کا کہیں بھی ذکر نہ کرے گا نہ اپنے سے، نہ بیگانے سے، تب تک تشریح نہ کروں گا۔ اس نے وعدہ کیا اور میں نے مطلب بیان کر دیا اور تمام اعتراضات جو پیدا ہوتے تھے اُن کا بھی جواب دے دیا۔ یہاں تک کہ مسئلہ آفتاب کی طرح واضح ہو گیا۔ اس پر وہ بہت خوش ہوا۔ میں نے اُسے کہا دیکھو اگر ہمارے حضرت سے ملنے کا اتفاق ہو اور پھر اس مسئلہ کا ذکر چھڑ جائے اور وہ تشریح فرمانے لگیں تو تم لاعلمی ظاہر کرنا اور ایسا بھولا بننا کہ گویا تم نے یہ مسئلہ کبھی سنا ہی نہیں۔ اُس نے یہ بھی وعدہ کر لیا پھر اتفاق سے اسی دن حضرت سے ملاقات ہو گئی تو سب سے پہلی بات آپ نے یہی کی کہ فلاں سید سے تم نے یہ گفتگو کی اور وہ مسئلہ بھی ذکر فرما دیا میں نے عرض کیا ہاں۔ لیکن میری نیت نیک ہی تھی اس کے بعد میں حضرت کے خاطر مبارک کو ٹٹولتا رہا کہ کہیں ناراض تو نہیں ہیں مگر الحمد اللہ آپ کی خاطر مبارک کو دودھ کی طرح صاف پایا۔

حضرت کے کشف لاتعداد ہیں۔ ان کی کرامات کا ذکر کرنے کو تو ایک مستقل تالیف کی ضرورت ہے اور حق بات یہ ہے کہ جو کچھ اس کتاب میں ہے وہ انہی کی کرامات ہیں۔

دسویں کرامت:

یہ بھی آپ کی کرامت تھی کہ آپ کے کلام کا لوگوں کے دلوں پر اثر ہوتا تھا۔ ایک دن ایک فقیہہ آپ کے پاس آیا اور آپ سے درخواست کی کہ حضور دعا فرمائیں کہ میرے دل میں وسوسے نہ آیا کریں۔ فرمایا وسواس تو اُسی وقت ہوتا ہے جب راستہ سے بے خبری ہو۔ اگر کوئی شخص کسی شہر کا راستہ نہ جانتا ہو اور اس شہر کا سفر اختیار کرے تو وسوسے تو ضرور آئیں گے۔ کبھی خیال آئے گا کہ راستہ ادھر کو ہے اور وہ ادھر چل پڑے گا۔ پھر خیال آئے گا کہ نہیں راستہ ادھر کو ہے اور وہ حیران و پریشان رہ جائے گا کہ کدھر کو جاؤں اور جو شخص راستہ کو جانتا ہو وہ

راستہ پر بغیر تردد کے چلا جائے گا۔ پس دنیا و آخرت کا راستہ چونکہ ذات حق ہے اس لئے جس نے اس راستہ کو معلوم کرلیا اس نے دنیا و آخرت کی بھلائی حاصل کرلی خدا اسے عمدہ زندگی عطا کرے گا اور جو اس سے ناواقف ہوگا وہ اس کے برعکس ہوگا۔ آپ سے یہ الفاظ سن کر میری یہ کیفیت ہوگئی کہ جب طبیعت کسی ضرورت کے پورا کرنے میں غیر اللہ کی طرف جاتی تو ایک اندرونی کشش اُسے پھیر کر اللہ کی طرف لے آتی۔ اللہ سے دعا ہے کہ معرفت کو اتمام تک پہنچائے۔

آپ نے ایک مرتبہ فرمایا مومن جب سوتا ہے تو اللہ ہی کے دھیان میں سوتا ہے اور جب جاگتا ہے تو اللہ ہی کے دھیان میں جاگتا ہے۔ یہ بات سن کر اس کا مفہوم میرے قلب میں اُتر گیا اور الحمدللہ کہ سوتے وقت بھی اللہ میرے دل میں ہوتا ہے۔

ایک مرتبہ فرمایا کہ بندہ کا خیال جب غیر اللہ کی طرف جاتا ہے تو اللہ جل جلالہ سے بے تعلق بن جاتا ہے۔ پھر فرمایا کہ بعض لوگ ایسے ہیں کہ ایک دن میں اللہ کی طرف لوٹ آتے ہیں۔ کوئی دو پہر بعد اور کوئی اس سے بھی کم وقت میں اور کوئی اس سے زیادہ وقت میں۔ لہٰذا بندے کو دیکھنا چاہیے کہ اُس کے دل کا تعلق اللہ کے ساتھ کیسا ہے۔

آپ کے ان الفاظ نے میرے دل کے لئے لگام کا کام کیا۔ جب کبھی میرا دل غفلت کے سمندر میں آزاد پھرنا چاہتا تو یہ کلام اُسے کھینچ لیتا۔

اللہ کی معرفت سے پہلے نبی کریم ﷺ کی معرفت ضروری ہے:

ایک بار آپ نے فرمایا کہ جب تک سیّد الوجود ﷺ کی معرفت حاصل نہ ہو اس وقت تک اللہ کی معرفت حاصل نہیں ہوسکتی۔ اور شیخ کی معرفت کے بغیر سیّد الوجود ﷺ کی معرفت حاصل نہیں ہوتی اور شیخ کی معرفت اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتی جب تک تمام مخلوقات مرید کی نگاہ میں فنا نہ ہو جاوے۔ نہ کسی پر نظر جائے نہ خیال۔ لہٰذا سب کو مُردہ سمجھے اور سب کی طرف سے تمام توقعات کو منقطع کرلے۔

آپ کے اس کلام سے اللہ نے مجھ پر بڑا کرم کیا۔ ہر قسم کی خیر و خوبی نصیب ہونے کا یہی وسیلہ بنا۔

اس کلام کی تشریح بڑی لمبی ہے اگر اس کے پیچھے پڑیں تو بڑی دور نکل جائیں۔ اس لئے جتنا ذکر کردیا اتنا ہی کافی ہے۔

میں نے اپنے برادران طریقت سے درخواست کی تھی کہ حضرت ممدوحؒ کی کچھ کرامات جو انہوں نے دیکھی ہوں مجھے لکھ بھیجیں۔ چنانچہ ان تحریروں میں ایک تحریر محمد بن احمد بن حنین الزیراری کی بھی تھی۔ انہیں میں نے حضرت کو پیش کیا۔ آپ نے اُن کی تصدیق فرمائی۔

وہ کرامات و کشوف جو محمد بن زیراری سے درپیش آئیں

اللہ کے احسانات میں سے ایک فضل یہ ہے کہ جب میری ملاقات غوث زماں عبدالعزیز بن مسعود سے ہوئی۔ اس وقت میرا دل تجارت، زراعت وغیرہ دنیوی امور میں لگا ہوا تھا۔ چنانچہ اس کیلئے مجھے بہت کاوش کرنی پڑی۔ دھیان دُنیا کی طرف لگا رہتا اور آخرت کا خیال محض ایک خواب تھا۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے کچھ علم بھی عطا کیا تھا میں نے ارادہ کرلیا کہ محکمہ شہادت کی افسری اختیار کرلوں یا قاضی کا عہدہ

حاصل کرنے کی کوشش کروں۔ والعیاذ باللہ لیکن خدا نے مجھ پر رحم کیا اور اُن سے ملاقات کرادی اور اللہ نے میرا دل پاک کردیا۔ یہ آپ ہی کی برکت اور حسن سیاست کی وجہ سے تھا کیونکہ جب اُن سے ملا ہوں اور اُن سے بیعت ہوا اور جو مرض مہلک مجھے لگا ہوا تھا اُسے آپ نے دریافت کرلیا تو مجھے حکم ہوا کہ کھیتی باڑی کے تمام بیل بیچ ڈالوں اور اُس سے فلاں فلاں کام کروں اور انہوں نے وہ کام کرنے کو کہا جو دنیوی اسباب کے منافی نہ تھا اور درحقیقت ان کا مقصد اسباب دنیا کو میرے دل سے مٹانا تھا۔ اس امام کے حُسنِ سیاست کے قربان جائیں کہ جس حالت خبیثہ سے مجھے نکالنا چاہتے تھے تو ایسے نکالتے کہ مجھے خبر بھی نہ ہوتی اور میں اپنے آپ کو پہلی حالت سے زیادہ عمدہ اور احسن حالت میں پاتا اور پہلی حالت کا خبث اور تاریکی نمایاں طور پر ظاہر ہو جاتی۔ اس امام عظیم کا میرے ساتھ اور دیگر برادران طریقت کے ساتھ یہی دستور ہے چنانچہ اگر کوئی قبیح بات آپ میں دیکھیں گے تو صراحتاً یہ نہ فرمائیں گے کہ اسے چھوڑ دو۔ یا یہ کہ اس پر تجھے بُرا بھلا کہیں یا یہ کہ اگر تو اس کام کو نہ چھوڑے تو تجھ سے بیزاری ظاہر کریں کیونکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ انسان کا نفس ان باتوں سے اِبا کرتا ہے اور پھر یہ مخالفت کا سبب بن جاتا ہے، بلکہ تجھ سے مہربانی سے پیش آئیں گے اور تیرے کام کی کسی حد تک تعریف بھی کردیں گے۔ پھر آہستہ آہستہ تجھے اپنے ساتھ چلاتے یہاں تک کہ تو اپنے نفس کو ایسی حالت میں پاتا جس پر تو پہلے نہ تھا اور پہلی حالت کو قبیح سمجھتا اور اُس کے ساتھ تیرا سینہ کھل جاتا اور تجھے خوشی محسوس ہوتی۔ بیلوں کو بیچے ابھی چند دن ہی گزرے تھے کہ کھیتی کی محبت میرے دل سے نکل گئی بلکہ میں اسے بُرا سمجھنے لگ گیا۔ پھر آپ نے تمام کتابوں کو بیچ دینے کا حکم دیا اور کہا کہ انہیں بیچ کر ایسا کام کروں جسے میرا دل چاہتا ہے اور جس سے مجھے خوشی ہوتی ہے۔ پھر اس کے بعد لوگوں سے مال کی طمع اور حرص نے میرا دامن پکڑا کہ اہلِ ثروت کی طرف نظر جاتی اور ان کے مال و دولت کو لالچ بھری نگاہوں سے دیکھتا، لیکن حضرت مجھے اس سے اور اُونچا لے گئے۔ یہاں تک کہ طمع کا تو ذکر ہی کیا مجھے نہ لوگوں سے کچھ نفع نظر آتا نہ نقصان۔

حضرت کا ایک کشف:

ابھی ابتداء ملاقات ہی تھی کہ ایک دن مجھ سے پوچھا کیا تمہارے پاس کچھ گھی ہے؟ میں نے عرض کیا ہاں بہت ہے۔ فرمایا تھوڑا سا لے آنا۔ میں نے عرض کیا اچھا۔ میرے ایک پیر بھائی نے کہا: شاید کہ باقی ماندہ گھی ارزانی کے موسم تک نہ چل سکے۔ میں نے کہا، ہاں صحیح ہے۔ حضرت نے فرمایا کیا باقی ماندہ گھی فلاں وقت تک چل جائے گا؟ میں نے عرض کیا۔ ہاں۔ فرمایا جتنا اس سے زائد ہو وہ لے آنا۔ چنانچہ میں لے آیا اور جب وہ وقت آیا تو ایک شخص جس کا مجھے وہم و گمان بھی نہ تھا مجھے گھی دے گیا اور یہ گھی مجھے ارزانی کے موسم تک کافی ہوگیا۔

دوسرا کشف:

میں اپنی غلے کی فصل کی فروخت میں آپ سے مشورہ کرلیا کرتا تھا تو ایک بار فرمایا فلاں مہینہ کی پانچ تاریخ کو جو کچھ بیچنا ہے بیچ دینا۔ جب وہ مہینہ آیا تو اس ماہ کی پانچویں اور چھٹی تاریخ کو غلے کی خوب فروخت ہوئی لیکن جب ساتویں تاریخ ہوئی تو خوب بارش ہوئی جس سے غلہ سستا ہوگیا۔ والحمدللہ

تیسرا کشف:

ایک مرتبہ میری ایک بیوی حاملہ تھی۔ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا اور حمل کا ذکر کیا۔ فرمایا لڑکا ہوگا جس کا نام احمد ہوگا۔ میں نے

آ کر بیوی سے ذکر کیا اور ایسا ہی ہوا۔

پھر میری دوسری بیوی کو غیرت آئی کہ سوکن نے لڑکا جنا ہے اور ابھی اس کی گود میں ایک شیر خوار لڑکی تھی۔ جسے اُس نے قبل از وقت دودھ چھڑا دیا۔ اس امید پر کہ شاید حمل ہو جائے میں نے اس پر اُسے ملامت بھی کی۔ کہنے لگی میں حاملہ ہوں اور مجھے بچی کا خطرہ تھا اور اس نے اس بات پر قسم بھی کھائی۔ جب حضرت کی خدمت میں پہنچا تو یہ قصہ بیان کیا۔ فرمایا جھوٹ کہتی ہے حمل تو کچھ بھی نہیں ہے۔ میں نے واپس آ کر کرید کی تو ایسا ہی پایا جیسا کہ حضرت نے فرمایا تھا۔ تین ماہ گزر جانے کے بعد پھر حاضر ہوا تو فرمایا کہو بیوی کو حمل ہے؟ میں نے عرض کیا حضرت مجھے تو علم نہیں ہے۔ فرمایا پندرہ دن سے حمل قرار پا چکا ہے اور انشاء اللہ لڑکا ہوگا۔ اس کا نام میرے نام پر عبدالعزیز رکھنا اور اس کی شکل بھی انشاء اللہ میری جیسی ہوگی۔ میں نے واپس آ کر بیوی کو خبر دی۔ وہ خوش ہوئی، چنانچہ لڑکا پیدا ہوا اور اس کا چہرہ حضرت سے مشابہ تھا۔

چوتھا کشف:

میری پہلی بیوی کو پھر حمل ہوا۔ میں نے حضرت سے حمل کی نسبت سوال کیا۔ فرمایا بیٹی ہوگی اور اس کا نام میری والدہ کے نام پر (فارحہ) رکھنا۔ اور ایسا ہی ہوا۔ ہمارے ہاں ایک اور لڑکی آ گئی اور اس کا نام حضرت کی والدہ کے نام پر فارحہ رکھا۔

پانچواں کشف:

ایک روز میں آپ کے پاس بیٹھا تھا اور مجھ سے خوش طبعی کر رہے تھے۔ فرمایا کیا تم نے فلاں کام کیا اور وہ ایک معصیت کا کام تھا۔ میں نے عرض کیا کہ میں نے نہیں کیا۔ دوسری بار کہا، پھر تیسری بار کہا، لیکن جب چوتھی بار کہنے لگا اور سوچا تو معلوم ہوا کہ پندرہ سال گزرے ایک دور دراز کے علاقہ میں جو فاس سے سات منزل پر ہے میں نے وہ کام کیا تھا۔ مجھے شرم آ گئی اور آپ سمجھ گئے۔ فرمایا اب بھی قسم کھا کر کہو گے؟ میں نے عرض کیا نہیں اور آپ کے ہاتھ پر بوسہ دیا اور عرض کی حضرت آپ کو کیسے اس کا علم ہو گیا؟ فرمایا کیا کوئی چیز اللہ سے مخفی ہو سکتی ہے اور یہی حال ان لوگوں کا ہے جنہیں اللہ اپنے اسرار پر مطلع کر دے۔ پھر آپ نے چند ایسی باتیں بتلائیں جو اس کام سے پہلے اور بعد کی تھیں۔ اس پر میں نے آپ کے ہاتھ پر نیکی نیتی سے توبہ کی۔ والحمدللہ۔

چھٹا کشف:

ایک روز آپ کے سامنے کے رُخ پر بیٹھا تھا اور آپ اپنے داہنے ہاتھ پر ٹیک لگائے خواب و بیداری کے درمیان لیٹے ہوئے تھے کہ میرے دل میں ایک بُرا خیال آیا۔ والعیاذ باللہ۔ فوراً آپ نے آنکھیں کھولیں اور فرمایا کیا کہا؟ میں نے عرض کیا حضرت میں نے تو کچھ نہیں کہا۔ فرمایا اپنے دل میں تم نے کیا کہا؟ مجھے بڑی شرم آئی اور میں نے توبہ کی۔

ساتواں کشف:

ایک رات خلوت میں اپنی بیوی کے ساتھ محبت کر رہا تھا اور وہ چت لیٹی ہوئی تھی کہ اس کی شرمگاہ پر میں نے قصداً نظر ڈالی۔ جب

اُن کی زیارت کے لئے آیا اور حالانکہ میرے اور ان کے درمیان دو منزل کا فاصلہ تھا۔ مزاح کے طور پر فرمانے لگے اے علمائے دین عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھنا کیسا ہے؟ میں نے علماء کا قول نقل کر دیا (کہ مکروہ ہے) فرمایا کیا تم ایسا کرتے ہو؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ اس لئے کہ میں اپنا واقعہ بھول گیا تھا۔ فرمایا حتیٰ کہ فلاں رات بھی نہیں؟ مجھے اپنا فعل یاد آ گیا اور مجھے شرم آ گئی۔ فرمایا پھر ایسا نہ کرنا۔ اپنی نظر کعبہ کی طرف لگائے رکھو۔ انشاء اللہ۔

آٹھواں کشف:

ایک مرتبہ کسی عذر کی بناء پر دونوں بیویاں اپنے اپنے گھر میں نہ سو سکیں اور انہیں میں نے ایک ہی گھر میں ایک رات جمع کیا۔ دونوں الگ الگ بستر پر سو گئیں اور میں الگ بستر پر سو گیا۔ اور ایک چوتھا بستر خالی رہا جس پر کوئی نہ سویا۔ رات کو جماع کی خواہش ہوئی اور یہ خیال کر کے کہ دوسری سو رہی ہے ایک سے جماع کیا۔ پھر جب آپ کی زیارت کے لئے آیا اور باوجود بُعد مسافت کے میں اکثر آپ کے پاس آیا کرتا تھا۔ آپ نے مجھ سے مزاحاً فرمایا کہ لوگوں کی اس مسئلہ میں کیا رائے ہے کہ ایک شخص دو بیویوں کو ایک ہی مکان میں جمع کر کے ایک سے جماع کرے۔ میں سمجھ گیا کہ آپ کا اشارہ میرے فعل کی طرف ہے۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت آپ کو اس کا کیسے علم ہوا؟ فرمایا اور چوتھے بستر پر کون سو رہا تھا؟ میں نے عرض کیا کہ حضرت میں نے سمجھا کہ وہ سو رہی ہے۔ فرمایا نہ پہلی سوئی ہوئی تھی نہ دوسری۔ اس کے علاوہ خواہ وہ سو بھی رہی ہو تب بھی مناسب نہیں۔ میں نے عرض کیا کہ علماء کا یہی فتویٰ ہے اور میں ان سے توبہ کرتا ہوں۔

نواں کشف:

ایک مرتبہ برادران طریقت کے ساتھ آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور حضرت کی زوجہ محترمہ گھر میں نہ تھیں۔ ہم میں سے ایک کو رفع حاجت کی ضرورت ہوئی۔ بیت الخلا نیچے تھا اور اس کا دروازہ گھر کے دروازہ کے عین بالمقابل تھا اور گھر میں داخل ہونے والے کی نظر بیت الخلا میں بیٹھے ہوئے شخص پر پڑ سکتی تھی۔ یکا یک آپ اُٹھے اور بڑی تیزی سے اوپر گئے اور گھر کا دروازہ بند کر دیا اور پھر جلدی سے اُتر آئے۔ ہم نہ سمجھ سکے کہ آپ نے یہ کیوں کیا اور ہم حیران تھے کہ اچانک ان کی زوجہ محترمہ تشریف لے آئیں ہم سمجھ گئے کہ آپ نے دروازہ انہی کے لئے بند کیا تھا۔

کرامت:

ایک بار آپ کی زیارت کے لئے حاضر ہوا۔ آپ میرے ساتھ گھر کے ایک کمرے میں بیٹھے تھے یہاں تک کہ سونے کا وقت آ گیا۔ آپ نے فرمایا سو جاؤ اور خود اُتر گئے۔ میں کپڑے اتار کر لیٹ گیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک ہاتھ مجھے گدگدی کر رہا ہے میں مجبور ہو کر ہنس پڑا اور آپ بھی ہنس پڑے حالانکہ آپ گھر کے نچلے حصہ میں اپنی خوابگاہ میں تھے میں جان گیا کہ آپ نے گدگدی کی تھی۔

دسواں کشف:

ایک مرتبہ برادران طریقت کی ایک جماعت کے ساتھ آپ کی زیارت کے لئے گیا۔ جب آپ کے پاس سے واپس لوٹے اور

رے پاس نہ کوئی ہتھیار تھا نہ کوئی اور ایسی چیز تھی جس سے چوروں کا دفعیہ کر سکیں۔ ہم آبادی کا راستہ بھول گئے اور ایک چٹیل اور خطرے
ں جگہ پر جہاں چوروں کا گھر تھا رات گزارنی پڑی۔ ہمارے ساتھی سو گئے میں اور ایک اور ساتھی رہ گیا دیکھا تو قریب ہی شیر کھڑا ہے۔
ں نے ساتھی سے کہا باقی ساتھیوں کو جگانا نہیں تا کہ کہیں وہ اچانک شیر کو دیکھ کر گھبرا نہ جائیں اور ان میں ایسے لوگ بھی تھے جنہیں
عاملات کا تجربہ نہ تھا ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ خود ہی اسے ہم سے دور کر دے جب صبح قریب ہوئی اور ہم چلنے لگے تو پاس ہی ایک خرگوش
یکھا یوں معلوم ہوتا تھا کہ وہ ابھی مرا ہے۔

پھر جب دوبارہ برادران طریقت کے ساتھ آپ کی زیارت کے لئے آیا تو میں نہ سویا اور جانوروں پر پہرہ دیتا رہا۔ جب آپ کے
س آئے تو عرض کیا حضرت میں سونا چاہتا ہوں کیونکہ میں کل رات نہیں سویا۔ پوچھا کیوں؟ میں نے عرض کیا کہ میں جانوروں کی پاسبانی
رتا رہا۔ فرمایا تمہاری پاسبانی سے کیا ہوتا ہے اور رات کے وقت کوئی درندہ آ جائے تو اور آپ نے شیر والی رات کی طرف اشارہ کیا۔ میں
نے عرض کیا حضرت وہ کیسے؟ فرمایا، جب فلاں وادی میں پہنچے تھے کیا تمہارے پاس تین آدمی نہیں آئے تھے؟ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا جب
ہ پہاڑ پر پہنچے تو وہاں انہیں چار اور آدمی ملے جو قافلوں کے منتظر تھے تا کہ وہ ان پر ڈاکہ ڈالیں۔ جب ان کے پاس پہنچے تو انہیں خبر دی اور
اتوں مل کر تمہارے پیچھے پیچھے ہو لئے تا کہ دیکھیں کہ تم کہاں رات گزارتے ہو جب تم رات گزارنے کے لئے ٹھہرے تو وہ تمہارے سو
نے کا انتظار کرتے رہے۔ جب انہوں نے خیال کر لیا کہ اب سو گئے ہوں گے تم پر ڈاکہ ڈالنے کے لئے آئے۔ لیکن تمہارے قریب ایک
ر کو پایا۔ وہ آپس میں مشورہ کرنے لگے کہ کیا کریں۔ اگر شیر سے لڑتے ہیں تو لوگ بیدار ہو جاتے ہیں اور اگر ان کی طرف جاتے ہیں تو
ہمیں روکتا ہے۔ لہٰذا وہ تمہیں چھوڑ کر دوسرے قافلے کی طرف چلے گئے۔ لیکن جب وہاں بھی کچھ نہ ملا تو دوسری طرف سے تمہاری طرف
ئے وہاں بھی شیر نے راستہ روکا اور اسے ایک دوسرا شیر خیال کیا۔ ان میں ایک کہنے لگا کیا بات ہے کہ فلاں جہت سے آئے ہیں۔ تب بھی
یر نے ان کی حفاظت کی ہے پھر دوسری جہت سے آئے ہیں تب بھی شیر نے ان کی حفاظت کی ہے۔ انہوں نے اس معاملہ کو سمجھنا چاہا لیکن
للہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی۔ پھر میں نے خرگوش کے متعلق سوال کیا۔ فرمایا شیر میں انسانوں کی طرح نخوت ہوتی ہے۔ جیسے کہ انسان
کے چہرہ پر مکھی بیٹھتی ہے تو وہ اسے اڑا دیتا ہے۔ یہی حال شیر کا ہے جب وہ بیٹھا ہوا تھا تو کیا دیکھتا ہے کہ اس کے پاس ہی ایک خرگوش ہے
ر خرگوش نے شیر کو نہ دیکھا تھا لہٰذا شیر نے اسے مار ڈالا۔

گیارھواں کشف:

میں نے زیراری عورت سے شادی کرنا چاہی۔ مجھے اس کی صفات معلوم نہ تھیں۔ آپ نے اس کی صفات بیان کیں جنہیں نکاح
کے بعد میں نے ویسا ہی پایا اور اس کے بارے میں کچھ ایسے امور کا بھی ذکر کیا جن کا اللہ کے سوا کسی اور کو علم نہ تھا۔ پھر جب شب زفاف
آئی، فرمایا آج رات میں تمہارے پاس ہوں گا میں نے عرض کیا مجھے اس کا کیسے علم ہوگا۔ فرمایا میں کوئی ایسا فعل کروں گا جس میں اس کی
علامت پائی جائے۔ پھر جب میں بیوی کے پاس گیا اور ابھی کچھ باتیں کی تھیں کہ کیا دیکھتا ہوں کہ اس کی ناک میں سے خون بہہ رہا ہے
میں نے سبب دریافت کیا کہنے لگی کہ آپ نے ہی تو ناک پر مارا ہے۔

اس پر میں چپ رہا اور سمجھ گیا کہ یہ حضرت کا کام ہے۔ پھر جب میں آپ کی زیارت کے لئے گیا اور ان سے قصہ بیان کیا فرمایا:

ہاں اگر یہ خون اس کی ناک سے نہ اُترتا تو وہ بیمار پڑ جاتی۔اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ دور سے آئی تھی اور دن ٹھنڈا تھا جس سے ناک میں خون جم گیا تھا۔

بارھواں کشف:

ایک مرتبہ میں آپ کے ساتھ آپ کے گھر میں تھا۔آپ نیچے کچھ کام کر رہے تھے اور میں اوپر اپنے سامنے کے مکان کی چھت کی طرف دیکھ رہا تھا کہ ایک عورت اُوپر چڑھی۔ میں نے اس کے چہرے میں سرخی دیکھی۔ میں نے غور سے دیکھا کہ یہ سرخی خون کی ہے رنگ کی۔ ابھی دیکھا ہی تھا کہ نیچے سے میری طرف نظر کر کے کہنے لگے۔اللہ سے ڈرو یہ بدنظر اور میرے سامنے؟ اور ہنسنے لگے۔

تیرھواں کشف:

ایک بار آپ کی زیارت کے لئے خچر پر سوار ہو کر روانہ ہوا۔ جب ایک دشوار گزار مقام پر پہنچا تو میں خچر پر سے اُتر گیا اور وہ خود چلتی رہی۔ جب وہ مقام گزر گیا اور میں نے پھر خچر پر سوار ہونا چاہا تو وہ خچر بھاگ گئی۔ میں نے زور زور سے پکارنا شروع کر دیا یا سیدی مولای عبدالعزیز۔ اللہ نے کچھ لوگ پیدا کر دیئے جنہوں نے خچر کو پکڑ لیا۔ جب آپ کے پاس پہنچا تو مسکرانے لگے اور فرمایا عبدالعزیز کیا کر سکتا ہے؟ تو فلاں جگہ پر تھا اور میں اس جگہ پر۔ ہاں اگر تمہارے پاس ہوتا تو ضرور تمہاری مدد کرتا۔ میں نے عرض کیا حضرت آپ کے لئے ایک ہی بات ہے، خواہ آپ دور ہوں، خواہ نزدیک۔

کرامت:

ایک دن عبدالقادر فاسیؒ کی خانقاہ میں قبلہ کی دیوار سے تکیہ لگائے بیٹھا تھا اور میرے سامنے ستون تھا جس کے ساتھ کوئی شخص نہ بیٹھا تھا اور نہ ہی میرے اور ستون کے درمیان کوئی اور شخص تھا اور میں ذکر الٰہی میں مشغول تھا۔ کچھ دیر کے بعد حضرت کے گھر کی طرف آنے کے لئے اُٹھا۔ ابھی تھوڑے قدم ہی چلا ہوں گا کہ مجھے یاد آ گیا کہ میں کوئی چیز بھول آیا ہوں۔ پھر واپس آیا تو دیکھا کہ حضرت ستون کے ساتھ کھڑے ہیں۔ حالانکہ مجھے یقین ہے کہ وہاں کوئی نہ تھا۔ میں نے عرض کیا حضور آپ کب سے یہاں ہیں؟ اور کب یہاں تشریف لائے ہیں؟ فرمایا جب سے تو فلاں ذکر کر رہا تھا۔ حالانکہ میں یہ ذکر دل میں کر رہا تھا اور میرے ساتھ والا آدمی بھی اسے سن نہ سکتا تھا میں سمجھ گیا کہ وہ ایسی حالت میں تھے جس میں وہ آنکھوں سے اوجھل تھے۔

چودھواں کشف:

ایک بار ایک اجنبی عورت سے میں نے ایسی بات کی جسے شریعت پسند نہیں کرتی، لیکن وہ معمولی سی بات تھی۔ ایک روز آپ کے پاس بیٹھا تھا اور عورتوں کا ذکر ہو رہا تھا اور اس عورت کا بھی ذکر آ گیا۔ مجھے معلوم نہیں اس کا ذکر کیسے چھڑ گیا آپ نے فوراً فرمایا۔ میں تمہارے اور اس عورت کے درمیان نیلا دھاگہ [۴۸] دیکھتا ہوں اور یہ کیوں ہے؟ مجھے وہ واقعہ یاد آ گیا اور میں شرما گیا اور اس واقعہ کو پانچ سال گزر چکے تھے۔

...درھواں کشف:

ایک مرتبہ آپ سے خوردونوش کا غلہ وغیرہ خریدنے میں مشورہ لیا۔فرمایا جتنا تمہارے پاس ہے کافی ہے البتہ گھی خرید لو کیونکہ ...ارے پاس اتنا نہیں کہ موسم تک چل سکے۔ میں نے عرض کیا ہاں مگر میرے پاس فلاں عورت کا گھی امانت کے طور پر رکھا ہے۔ایک دن ...عورت کی موجودگی میں میں نے گھی کی کمی کا ذکر کیا۔ کہنے لگی گھی تو میرے پاس بہت ہے جتنا ضرورت ہو لے لینا۔ میں نہ سمجھ سکا کہ آیا ...وجہِ اللہ مجھے عطیہ کے طور پر دے رہی ہے یا اُدھار دے رہی ہے۔اور میں سمجھ رہا تھا کہ وہ سچ کہتی ہے۔حضرت نے تھوڑی دیر خاموش رہ ...فرمایا گھی خرید لو اور اُسے دوسری اور تیسری مرتبہ دہرایا۔ میں سمجھ گیا کہ جو کچھ عورت نے زبانی کہا ہے وہ اُسے پورا نہ کرے گی۔ چنانچہ ایسا ...ہوا، جب فروخت کا وقت آیا وہ آئی اور میرے گھر میں بیٹھ کر گھی فروخت کر دیا۔ حالانکہ اُسے میری حالت معلوم تھی کہ میرے پاس کچھ ...ں ہے۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے شیخ کی برکت سے مجھ توقع سے زیادہ فراخی عطا فرمائی۔

...ب اور کرامت:

ایک مرتبہ ایک شخص نے کچھ رقم مجھے قرض دی اور بقیہ میرے پاس امانت رکھ گیا۔ کچھ عرصہ بعد اپنی امانت اور قرض دونوں وصول ...نے کے لئے آیا مگر میرے پاس اُس وقت کچھ نہ تھا کہ دے دوں' نہ کوئی ایسی چیز تھی کہ بیچ کر قرض ادا کر دوں۔ میرا خیال تھا کہ کہیں دیر ...بعد اسے ضرورت پڑے گی۔ میں نے اس کی امانت تو اسے نکال کر دے دی اور دل میں حضرت شیخ کو یاد کرنے لگا کہ یہ قرض کا مطالبہ ...رے وہ خاموش رہا اور اب تک بھی کہ چھ مہینے گزر چکے ہیں اُس نے قرض کا مطالبہ نہیں کیا حالانکہ وہ آیا ہی اسی نیت سے تھا کہ دونوں ...ں لے کر جائے۔اِنَا الْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ

یہاں پر محمد بن احمد بن حنین کی بیان کردہ کرامات وکشوف ختم ہوتے ہیں۔

فقیہ علی بن عبداللہ الصباغیؒ کی بیان کردہ کرامات

فقیہ علی بن عبداللہ الصباغیؒ نے بھی جو کرامات دیکھیں وہ مجھے لکھ بھیجیں، میں نے انہیں ایک ایک حرف کر کے شیخ کو پیش کیا۔ آپ ...اقرار فرمایا اور تصدیق کی کیونکہ میرا ارادہ اس مجموعہ میں صرف ان کرامات کے ذکر کرنے کا ہے جو میں نے خود دیکھی ہوں یا میں نے ...رت سے خود سنی ہوں۔

فقیہ علی بن عبداللہ کی عبارت یوں ہے۔اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَحْدَہٗ یہ تحریر ان کرامات کے متعلق ہے جو میں نے اپنے شیخ الامام الاستاد ...الغوث الاشہر سیدی ومولائی عبدالعزیز ابن مولائی مسعود جو فاس کے سادات میں سے ہیں اور جن کا نسب دباغ کے نام سے مشہور ہے ...دیکھیں۔

...ا بن عبداللہ کی بیان کردہ پہلی کرامت:

جب پہلی بار آپ کی زیارت ہوئی اور آپ کی صحبت میں بیٹھا اور بیعت کی تو گھر آنے کے دس دن بعد یہ واقعہ پیش آیا کہ کسی ایک

رشتہ دار کے ہاں ایک سخت معاملہ پیش آیا۔ کچھ لوگوں کو اس کا علم ہو گیا اور کچھ لوگ اس واقعہ پر موجود تھے جن کی تعداد چھوٹے بڑے اور م
وعورت ملا کر تقریباً بیس ہوگی اور یہ ایک ایسا معاملہ تھا کہ اگر حکومت کو اس کا علم ہو جاتا تو تمام قبیلہ تباہ ہو جاتا۔ میں نے کھلے میدان
جا کر بلند آواز سے تین مرتبہ پکارا حضرت اس قبیلہ کی پردہ پوشی کریں اور اس معاملہ کی آگ سے بچائیں۔ اور ایسا ہوا جیسا کہ اس معاملہ
پہاڑ گر گیا ہے یا اسے سمندر میں پھینک دیا گیا ہے۔ اور تمام وہ لوگ جنہیں اس بات کا علم تھا خاموش ہو گئے اور ایسے خاموش ہو گئے جی
انہیں اس کا علم ہی نہیں ہے اور اگر کوئی پوشیدہ طور پر اس کا ذکر بھی کر بیٹھتا تو لوگ اس کو جھوٹا قرار دیتے اور اللہ نے قبیلے کو اور اس فعل
کرنے والوں کو شیخ کی برکت سے بچالیا۔

دوسری کرامت:

جب دوسری بار آپ کی خدمت میں آیا اور میں نے آپ کے مکاشفات دیکھے اور مشورہ کرنے والوں کو اچھی طرح جواب د
ہوئے سنا تو عرض کیا جو لوگ آپ کے قریب ہیں وہ کامیاب اور سعادت مند ہیں۔ کیونکہ جب کوئی معاملہ پیش آیا آپ ان کے پاس مو
ہیں۔ لہٰذا وہ آپ سے مشورہ کر لیتے ہیں میں آپ سے چار دن کی مسافت پر ہوں۔ میں کیا کروں؟ اور کس سے مشورہ کروں؟ حضرت
فرمایا جب کوئی معاملہ درپیش ہو اور تمہیں سمجھ نہ آئے کہ تم کیا کرو تو جنگل میں چلے جاؤ اور وہاں دو رکعت نماز ادا کرو، ہر رکعت میں گیارہ م
سورہ اخلاص پڑھو اور سلام پھیرنے کے بعد تین بار مجھے پکارو اور یہ اعتقاد رکھو کہ میں تمہارے پاس ہوں اور مجھ سے اس معاملہ میں مش
کرو۔ تمہیں جواب مل جائے گا۔

اس کے بعد ایک مہم پیش آ گئی اور مجھے اس کی سخت فکر ہوئی۔ چنانچہ میں نے جنگل میں جا کر اسی طرح کیا جس طرح حضرت
فرمایا تھا۔ تو آپ کی برکت سے معاملہ حل ہو گیا۔ اس وقت برادران طریقت شیخ کے پاس تھے اور میں آپ سے چار دن کی مسافت پر
اس کے بعد جب میں ان برادران طریقت سے ملا تو انہوں نے کہا فلاں فلاں دن تم نے ایسا کیا؟ میں نے کہا ہاں کہنے لگے ہم شیخ کے پ
تھے کہ آپ ہنسے اور فرمایا مسکین علی بن عبداللہ کی یہ نیت ہے اور جنگل میں مجھے پکار رہا ہے اور میں کہاں اور وہ کہاں؟ جب آپ سے ملاق
ہوئی تو فرمایا آئندہ کبھی بھی کسی بات کا غم نہ کرنا خواہ ضرورت کس قدر بھی سخت کیوں نہ ہو۔ اُن کے ان کلمات سے میرا تمام غم جاتا
چنانچہ جب کبھی کسی معاملہ میں مجھے غم لاحق ہونے لگتا تو غم سے پہلے ہی خدا اسے آپ کی برکت سے آسان کر دیتا۔

میں نے عرض کیا دو رکعتوں کا مسئلہ خاص میرے لئے ہے یا ہر کسی کے لئے۔ فرمایا جو کوئی بھی ایسا کرنا چاہے، اُسے اجازت ہے
پر میں نے اللہ کا شکر یہ ادا کیا۔

تیسری کرامت:

جب پہلی بار آیا اور آپ سے رخصت ہونے لگا اور اُس وقت رمضان کا آخر تھا۔ فرمایا، بقر عید کے لئے ہمارے واسطے ایک میں
لانا۔ میں نے عرض کیا اچھا جب عید قریب آئی تو میں نے دو مینڈھے خریدے۔ اس وقت آپ کے پاس میرا ایک پیر بھائی موجود تھا
میرے اور اس بھائی کے درمیان دو دن کی مسافت تھی، یعنی شیخ کی مسافت سے نصف۔ حضرت نے اسے کہا کہ فلاں شخص دو مینڈھے
کر تمہارے پاس آئے گا۔ ایک کو تم قربانی کے لئے رکھ لینا اور دوسرا میرے پاس لے آنا۔ جب میں اس کے پاس آیا تو شیخ کا فرمان

دیا۔ مجھے اس میں شک بھی نہ گزرا کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ حضرت اس کی بڑی قدر کرتے تھے۔ میں نے اسے کہا ان میں سے جو چاہیں آپ لے لیں۔ کہا ہم ادنیٰ لیں گے اور عمدہ کو شیخ کی خدمت میں لے جائیں گے۔ ہم نے ادنیٰ کو وہیں چھوڑا اور جو بظاہر عمدہ تھا اسے لے کر حضرت کے پاس آئے۔ جب حضرت نے مینڈھے کا سنا فرمایا فلاں نے تم سے دھوکہ کیا اس نے عمدہ تو لے لیا اور تو ادنیٰ کو میرے لئے لایا ہے۔ میں نے عرض کیا ہمیں تو یہی عمدہ اور موٹا دکھائی دیا تھا۔ ارشاد فرمایا اس کی تو صرف اوجھ میں چربی ہے۔ حالانکہ آپ نے مینڈھے کو ابھی دیکھا بھی نہ تھا۔ عید میں قربانی ہونے پر دونوں مینڈھے ایسے ہی نکلے جیسے حضرت نے فرمایا تھا۔

اور جب ہم ایک مینڈھے کو چھوڑ کر دوسرے کو لے کر روانہ ہونے لگے تو فکر ہوئی کہ دوسرے کو لے کر کیسے چلیں اور یہ ہمارے ساتھ کیسے چل سکے گا، حالانکہ ہم سوار ہیں۔ اللہ نے یہ بات بھی آسان کردی کہ بکریوں کا ایک گلہ فاس کو جانے والا مل گیا۔ ہم میں سے صرف میرا علاقی بھائی پیادہ چل رہا تھا۔ لہٰذا اسی کو مینڈھے کے ساتھ چھوڑا تا کہ گلے کیساتھ مینڈھے کو لے کر آئے اور وہ دو دن بعد پہنچا۔ شیخ نے اسے دیکھ کر فرمایا لو ہمارے لئے مینڈھا لے کر آیا ہے، ہم نے تجھ کو لڑکا دیا۔ میں نے عرض کیا حضرت یہی تو اس کی خواہش تھی۔ میرے بھائی کو اولاد کی بڑی خواہش تھی۔ اس کی بیوی چھوٹی عمر کی تھی اور پندرہ برس شادی کو گزر چکے تھے لیکن کوئی اولاد نہ ہوئی تھی اور وہ اولاد سے مایوس ہو چکی تھی اور وہ خاوند کو بانجھ ہونے کا الزام دیتی تھی۔ جب ہم نے مینڈھے کو ایک جگہ پر باندھ دیا اور شیخ ہمیں لے کر گھر کی طرف روانہ ہوئے اور یہ رات کا وقت تھا۔ جب چراغ کی روشنی میں میرے بھائی کو دیکھا فرمایا میرے قریب آؤ۔ وہ قریب گیا اور اس کی پیشانی کھول کر تین مرتبہ کچھ کلمات پڑھے اور کہا ارے فلاں یہ کوئی ہیجڑا تو نہیں ہے۔ یہ الفاظ تین بار فرمائے اور پھر اسے کہا لڑکے کا کیا نام رکھو گے؟ عرض کیا آپ ہی رکھ دیں۔ پھر تھوڑی دیر خاموش رہ کر فرمایا اس کا نام رَحَال رکھنا۔ یہ نام نہ ہمارے قبیلے میں تھا اور نہ ہمارے اجداد میں سے کسی کا یہ نام تھا۔ جو برادران طریقت حاضر تھے ان میں سے ایک نے عرض کیا یہ انوکھا نام آپ کو کہاں سے مل گیا؟ آپ نے مسکرا کر فرمایا مجھے تو یہی دکھائی دیا ہے۔ جب واپس آئے تو دیکھا کہ بھائی کی بیوی کو حمل قرار پا چکا تھا اور اس سے پہلے اس کا کسی کو علم نہ تھا۔ چنانچہ بچہ ہوا اور اس کا نام شیخ کے فرمانے کے مطابق رحال رکھا گیا۔ لوگ اس نام سے تعجب کرتے آپ نے تو اس کا نام رحال اس بات کی طرف اشارہ کرنے کی غرض سے رکھا تھا کہ یہ جلدی کوچ کر جائے گا اور ایسا ہی ہوا۔ کیونکہ وہ صرف تین سال زندہ رہنے کے بعد مر گیا۔ اس نام میں بھی آپ کی ایک اور کرامت پائی جاتی ہے۔

میں نے شیخ کو اس شخص سے فرماتے سنا کہ پہلی بار تو ہم نے تجھے رحال دیا تھا اور اب ہم تجھے ایسا لڑکا دیں گے جو تمہارے پاس رہے گا اور کوچ نہیں کرے گا۔

چوتھی کرامت:

ایک روز ایک دوست کے ساتھ شکار کو گیا اور مجھے شکار کا بہت شوق تھا۔ ہم نے اپنے گھر میں علی الصبح ناشتہ کر لیا اور کھانا ساتھ لئے بغیر نکل گئے کیونکہ ہمارا خیال تھا کہ دیر نہ لگے گی۔ ہمیں پہاڑ کے دامن میں ہی کچھ ہڑیال دکھائی دیئے جنہیں ہمارے ملک میں جلیذ کہتے ہیں اور اس علاقے میں بہت سے ہرن تھے، لیکن شکار کرتے کرتے دیر ہوگئی اور شام ہونے تک ہمیں خوب بھوک لگ گئی۔ ہمیں کھانا ساتھ نہ لینے پر ندامت ہوئی اس کے بعد جب حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا۔ فرمایا بُدھ کے روز شکار کے لئے بغیر کھانا ساتھ لئے کیوں گئے

تھے؟ تمہیں ایک آدمی ملا۔ اس نے تمہیں ٹٹولا مگر تمہارے پاس کھانے کو کچھ نہ پایا۔ پھر تمہیں پہاڑ کے دامن میں ایک ہڑیال مل گیا اور اُس تمام شکار کا حال بیان کر دیا اور پہاڑ کا حال بھی بیان کیا اور فرمایا اس پہاڑ کی چوٹی پر پیالے جتنا پانی کا ایک چھوٹا سا چشمہ ہے نہ تو خشک ہو ہے اور نہ اپنی جگہ سے باہر نکل کر بہتا ہے نہ کم ہوتا ہے اور نہ زیادہ اور مجھے اس چشمہ کا علم ہی نہ تھا اور شکاری بھی بہت کم ہی پہاڑ کی چوٹی پ جاتے ہیں۔ جب حضرت کے پاس سے واپس آیا تو اس چشمہ کے متعلق لوگوں سے دریافت کیا جو لوگ اس سے واقف تھے انہوں نے اید ہی بیان کیا جیسا کہ حضرت نے فرمایا تھا۔

(مولف کتاب کہتا ہے) کہ جو شخص اسے ملا تھا اور اس نے ان کا سامان ٹٹولا تھا وہ شیخ خود تھے۔ میں نے حضرت سے اس شخص کی نسبت سوال کیا تھا اور حضرت نے مجھے اس کی تشریح کر دی تھی۔ میں نے حضرت کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کئی بار میں نے او سیّدی منصُور نے اس چشمہ کے پاس نماز پڑھی ہے جو پہاڑ کی چوٹی پر ہے اور یہ جگہ اپنی بلندی کی وجہ سے ہمیں بہت پسند تھی۔

علی کہتے ہیں ایک بار انہوں نے میرے تمام علاقہ کی اور ہمارے گھر کی ہُو بہُو صفت بیان کی اور حالانکہ آپ نے اسے کبھی دیکھا تھا اور آپ چار دن کی مسافت پر تھے اور حقیقت بعینہ اسی طرح تھی جس طرح آپ نے بیان کی۔

پانچویں کرامت:

ایک بار پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ نے ہمارے گھر کا حال بیان کرنا شروع کر دیا اور کہا تم فلاں جگہ پر گھوڑے کیوں باندھتے ہو؟ وہاں تمہارے گھوڑوں کے پاؤں کے پاس ایک ولی مدفون ہیں اور ہم نے کبھی قبر کا کوئی نشان نہ دیکھا اور وہاں سے قبرستان بھی نصف میل دور تھا۔ پھر فرمایا تمہارے جانور باندھنے کی جگہ میں سات قبریں ہیں اور وہاں جانور باندھنے سے کوئی حرج نہیں سوائے اس قبر کے جو تمہارے گھوڑوں کے پاؤں کے پاس ہے۔ لہٰذا تم گھوڑوں کو وہاں سے ہٹا لو اور اس قبر کی تعظیم و توقیر کرو وہاں کوئی جنگلہ بنا دو جس سے گھوڑے اسے ایذا نہ پہنچا سکیں۔ برادران طریقت میں سے ایک نے سوال کیا حضرت وہ صاحب قبر کن میں سے ہے۔ فرمایا وجدہ اور تلمسان کے درمیان رہنے والے عربوں میں سے ہے۔ جو صباغات میں رہا کرتا تھا اور وہ اسے ایک طالب علم سمجھتے تھے اور کسی کو ان کے ولی ہونے کی خبر نہ تھی اور جب مرا تو وہیں دفن ہو گیا پھر ہم نے وجدہ اور تلمسان کے درمیان جو عرب قومیں رہتی ہیں ان کے نام لینے شروع کئے اور آپ نہ نہ فرماتے گئے یہاں تک کہ جب آل رباح کا نام لیا تو فرمایا ہاں انہی میں سے ہے۔ حالانکہ نہ کبھی آپ وہاں گئے اور نہ انہیں کبھی دیکھا۔ پھر فرمایا اگر تحقیق کرنا چاہتے ہو تو کدال لے کر دیکھ لو۔ تحقیق ہو جائے گی۔ میں نے عرض کیا کہ جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں وہ قبر کہاں پر ہے؟ فرمایا تمہارے بیٹے کے گھر کے غربی جانب اس تہ خانہ کے بالمقابل جو جانوروں کی جگہ کے دروازے کی طرف سے آتا ہے۔ ہمارے وہاں تین تہ خانے تھے۔ جب گھر واپس آیا تو گھر والوں سے اس بات کا ذکر کیا اور کدال لے کر اس جگہ کو کھودا جو آپ نے بتلائی تھی تو بالکل حضرت کے ارشاد کے مطابق پایا اور لوگوں کو تعجب ہوا۔

میں نے حضرت سے عرض کیا کہ باقی قبروں کو چھوڑ کر صرف اسی ولی کی قبر میں کیا خصوصیت ہے کہ اس کا تو احترام کیا جائے اور ان کا نہ کیا جائے۔ فرمایا کہ اس ولی کی رُوح آزاد ہے اور باقیوں کی روحیں برزخ میں مقید ہیں اور ان پر زمانہ بھی تقریباً تین سو سال کا گزر چکا ہے۔ میرا شبہ رفع ہو گیا۔ والحمد للہ علیٰ ذالک

چھٹی کرامت:

ایک مرتبہ حضرت کی زیارت کے لئے میرا چچازاد بھائی علال میرے ساتھ آیا جو کہ میرا نسبتی بھائی بھی ہوتا تھا۔ ہم آپ کے پاس آئے اور میرے چچازاد بھائی کی بیوی حاملہ تھی۔ اس کی نیت یہ تھی کہ حضرت سے تنگ دستی کی شکایت کرے اور یہ اس کی پہلی ملاقات تھی حضرت نے دیکھتے ہی فرمایا کیا تمہاری بیوی حاملہ ہے؟ عرض کیا جی حضرت نے فرمایا کیا تم پسند کرتے ہو کہ تم کو لڑکی عطا ہو اور وہ رزق لے کر آوے۔ اس نے عرض کیا حضرت بڑی خوشی سے۔ ہم یہی تو چاہتے ہیں اور آپ نے اس میں دو باتیں جمع کر دیں۔ لڑکی کی پیدائش کی خبر اور رزق کی فراخی کی جو اس کی خواہش تھی گھر پہنچے تو دیکھا کہ بیوی نے لڑکی جنی ہے اور وضع حمل کو سات دن گزر چکے تھے اور گھر والے سوچ رہے تھے کہ اس کا کیا نام رکھیں۔ حضرت شیخ نے اسے فرمایا تھا جب لڑکی پیدا ہوگی تو اس کا کیا نام رکھو گے؟ عرض کیا جیسے آپ کی مرضی ہو۔ حضرت نے اس کا نام خدیجہ رکھا تھا اور ہمارے ہاں اس نام کا قطعاً رواج نہ تھا۔ لوگوں کو اس نام سے تعجب ہونے لگا۔ میں نے حضرت سے سوال کیا آپ نے اس کا نام خدیجہ کیسے رکھا فرمایا کہ جس خوش نصیب کو بھی حق تعالیٰ نے فتح کبیر عطا فرمائی اور اس نے نکاح کرنے کا قصد کیا تو ایسی عورت کی جستجو کی جس کا نام خدیجہ ہو کیونکہ آنحضرت ﷺ کو ام المومنین سیدہ خدیجہؓ سے بڑی راحت حاصل ہوئی اور ان ہی کے پاس ہر قسم کی دنیوی اور دینی خوبیاں آپ کو عطا ہوئیں۔ اگر میرے ہاں ایک اور لڑکی پیدا ہو تو میں اس کا نام خدیجہ ہی رکھوں گا۔

ساتواں کشف:

ایک مرتبہ آپ نے میری بیوی کے سر سے پاؤں تک کے ایک ایک عضو کے خواص خواہ ظاہری ہوں خواہ پوشیدہ بیان کر دیئے اور وہ بیان بالکل درست تھا۔ یہاں تک کہ اگر میں بھی بیان کرنا چاہتا تو حضرت کی طرح بیان نہ کر سکتا اور اگر وہ خود بھی حضرت کے سامنے آتی تو آپ کے علم میں کوئی اضافہ نہ ہوتا۔ وہ آپ سے چار دن کی مسافت پر تھی اور آپ نے اسے کبھی دیکھا بھی نہ تھا۔

آٹھواں کشف و کرامت:

مجھے نیند بہت آیا کرتی تھی کبھی طلوع فجر کے وقت آنکھ کھل جاتی تو اس وقت بیوی سے مجامعت کرتا اور کبھی سوتے سوتے ہی فجر ہو جاتی۔ جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت نے حاضرین سے فرمایا، فلاں شخص کے پاس جب بھی ہم گئے تو یا اس کو سوتا ہوا پایا یا وہ اس وقت بیوی سے مجامعت کر رہا ہوتا۔ کسی نے عرض کیا حضرت اس وقت میں سونا بہتر ہے یا مجامعت۔ فرمایا اس وقت مجامعت سونے سے افضل ہے۔ لیکن اوقات صلوٰۃ میں مجامعت سے اگر حمل قرار پا جائے تو جو اولاد ہوگی وہ ماں باپ کی نافرمان ہوگی۔ میں نے اسی دن سے توبہ کی اور پھر ایسا نہیں کیا اور نہ ہی پھر اُس وقت کبھی سویا۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے) کہ حضرت کا یہ فرمانا کہ اس وقت جو بچہ پیدا ہوگا[49] عاق ہوگا اس میں بھی حضرت کی ایک اور کرامت پائی جاتی ہے۔ کیونکہ علی بن عبداللہ ہمیشہ اپنی اولاد کے نافرمان ہونے کی شکایت کرتے رہتے تھے اور ہم نے خود دیکھا ہے کہ اُن کی اولاد ان سے بڑی بُری حرکتیں کرتی رہتی۔

نواں کشف:

میں اپنی بیوی سے بہت چہل بازی کیا کرتا تھا اور اسے کئی طرح کرتا، میں نے اس کا ذکر اپنے ایک پیر بھائی سے کر دیا اور اس نے شکایت کے طور پر اس کا ذکر حضرت سے کر دیا۔ آپ سن کر مسکرائے اور فرمایا اس نے تو تھوڑا سا ذکر کیا ہے وہ تو اور کچھ بھی کرتا ہے وہ تو ایسا ایسا بھی کرتا ہے اور جو کچھ میں کیا کرتا تھا سب ذکر کر دیا اور میں سن رہا تھا اور یہ ایسی باتیں تھیں جن کا ذکر کوئی شخص کسی سے نہیں کر سکتا اور ان کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہ تھا۔ پھر فرمایا یہی سُنت ہے اور ایسا کرنے والے کو نیکیاں ملیں گی۔ مجھے یہ سُن کر خوشی ہوئی۔ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

تحریر کے وقت ہمیں اتنی ہی یاد تھیں۔ حضرت کی کرامات تو بیشمار ہیں۔ خدا ہمیں حضرت کے وجود سے نفع پہنچائے اور آپ کی محبت میں ہماری موت ہو اور انہی کی جماعت میں ہمارا حشر ہو بوسیلہ سیدنا محمد ﷺ۔

(مولف کہتا ہے) خدا نے اُن کی دُعا قبول کی، کیونکہ جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو دل میں خیال پیدا ہوا کہ اب مرنے کا وقت قریب آیا ہے وہ بیوی سے کہہ کر کہ میں حضرت کی خدمت میں فاس جاتا ہوں تا کہ وہیں وفات پاؤں صباغات چھوڑ کر اور اہل وطن سے رخصت ہو کر آستانہ شیخ پر آ پڑے اور بیمار پڑ گئے۔ شیخ نے وصیت کرنے کا اور اللہ کی ملاقات کی تیاری کا حکم دیا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ حضرت نے اپنے گھر رکھ کر ان کی تیمارداری کی۔ آپ کی زوجہ محترمہ اور ان کے متعلقین مریض کی ضروریات تیار کر دیتے۔ آخر جب وقت اخیر آ گیا۔ حضرت نیچے اپنے گھر میں تشریف فرما تھے اور علی بن عبداللہ بالا خانہ میں تھے۔ حضرت نے فرمایا ابھی علی کو نبی ﷺ اور ابو بکرؓ کی زیارت ہوئی ہے۔ یہ سن کر وہ لوگ بالا خانہ میں علی کے پاس آئے تا کہ یہ دریافت کریں۔ دیکھا تو ان کی زبان بند ہو چکی تھی۔ پھر بھی لوگوں نے حضرت کا مقولہ ذکر کیا۔ وہ سمجھ گئے اور سر ہلا کر کہا کہ ہاں سچ ہے اور منہ کھولا جیسے کوئی ہنس رہا ہوتا ہے اس کے بعد متواتر مسکراتے رہے یہاں تک کہ رُوح پرواز ہو گئی۔ اس کے بعد میں نے حضرت کو فرماتے سنا اللہ نے اپنے فضل و کرم سے اس پر رحم کیا اور اگر صباغات میں نوے سال بھی اور زندہ رہتا تو بھی جس حال میں وہ مرا ہے حاصل نہ کر سکتا۔

حضرت کی اُن کرامات کا ذکر جو الفقیہ عبداللہ بن علی التازی نے بیان کیں

مندرجہ ذیل کرامات عبداللہ بن علی التازی نے لکھ کر بھیجیں۔ یہ ایک صاحب کا عینی مشاہدہ تھا۔ حضرت کے سامنے ان کا ذکر کیا تو آپ نے ان کی تصدیق کی۔

عبداللہ بن علی کی بیان کردہ پہلی کرامت:

عبدالرحمٰن مخوخی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں شیخ کے ساتھ مولائی ادریسؒ کے مزار پر گیا اور وہاں علامہ احمد بن مبارک بھی تھے۔ شیخ نے کسی کام کے لئے مجھے اپنے گھر بھیجا۔ میں بڑی تیزی سے وہاں چلا اور شیخ کو وہیں چھوڑا۔ گھر پہنچا تو ایک آدمی دیکھا جو دھونے کی غرض سے کپڑے لینے کے لئے حضرت کی تلاش میں دروازہ پر کھڑا ہے۔ ابھی ہم مولائی ادریس کے مزار سے شیخ کی تشریف آوری کے منتظر تھے کہ دیکھتے کیا ہیں کہ آپ اپنے گھر سے ہاتھ میں کپڑے لئے نکلے اور دھوبی کو دے دیئے۔ حالانکہ جب میں نے آپ کو مولائی ادریس کے مزار پر چھوڑا تھا تو آپ راستہ میں کیچڑ اور دلدل کی وجہ سے کھڑاؤں پہن کر آ رہے تھے۔ اگر آپ جوتا پہن کر بھی آتے ہوتے اور معمول

کے طور پر چلتے تب بھی مجھ سے آگے نہیں نکل سکتے تھے۔ کیونکہ میں نہایت تیز چل کر آیا تھا۔

دوسری کرامت:

عبدالرحمٰن نے یہ بھی بیان کیا۔ حضرت کی ایک عینک تھی جو گم ہوگئی میں ایک اور عینک الحاج محمد کواش کی دوکان سے لے آیا، لیکن وہ ٹھیک نہ لگی۔ فرمایا پہلی ہی تلاش کرو وہ صاف تھی شاید مل جائے۔ ہم نے جس کتاب میں وہ رکھا کرتے تھے اسے ایک ایک ورق کر کے کئی بار تلاش کیا، لیکن عینک نہ ملی، اس پر حضرت کا رنگ بدل گیا میں نے دریافت کیا۔ حضرت کیا بات ہے؟ فرمایا مجھے اس عینک پر غصہ آ گیا ہے، پھر جس کتاب کا ورق ورق چھان مارا تھا اسے اٹھایا اور جو ناقص عینک انہوں نے لگا رکھی تھی وہ ناک سے گر پڑی اور آپ نے کتاب نیچے رکھ دی۔ دیکھا تو پرانی عینک کتاب کے اوپر پڑی ہے۔ پھر اپنے بیٹے عمر سے فرمایا جاؤ اپنی والدہ سے کہہ دو اللہ نے میری عینک مجھے واپس دے دی ہے۔

تیسری کرامت:

یہی عبدالرحمٰن فرماتے ہیں۔ سخت جاڑے کے موسم میں ہم شیخ کے پاس بیٹھتے تو آپ کے ماتھے سے بکثرت پسینہ ٹپکتا ہوا دیکھتے۔ مگر پھر یہ حالت نہ رہی، ہم نے اس کا سبب دریافت کیا۔ فرمایا یہ پسینہ مجھے ابتداء میں آتا تھا۔ جب مشاہدہ سامنے آتا اور پھر غائب ہو جاتا۔ جب غائب ہو جاتا تو میں عام لوگوں کی طرح ہو جاتا، لیکن جب پھر مشاہدہ ہوتا تو مجھے انسانی حالت سے باہر نکال دیتا اور پھر غائب ہو جاتا تو میں عام انسانوں کی طرح بن جاتا۔ اس سے مجھے سخت تکلیف ہوتی جب یہ مشاہدہ دائم رہنے لگا اور کسی وقت بھی غائب نہ ہوتا اور میری ذات اُس سے مانوس ہوگئی اس لئے اب مجھ پر اس کا اثر نہیں ہوتا۔

چوتھی کرامت:

ایک مرتبہ میں اور میرا بھائی عبدالرحمٰن مذکور مدرسہ عطارین کی چھت پر چڑھ گئے اور ہمیں گھروں کی چھتوں پر عورتیں نظر آئیں۔ کہیں اکٹھی اور کہیں الگ الگ۔ ہم نے اُن کو دیکھنا شروع کیا اور اُن کا ذکر کر کے آپس میں ہنسے۔ حتیٰ کہ ہم میں سے ایک خوش طبعی کے زور میں ہوا میں بڑے زور سے اُچھلا بھی۔ جب ہم شیخ کے مکان پر آئے اور بالا خانہ میں بیٹھے تو آپ خوب ہنسے اور فرمایا وہ شخص بہت ہی اچھا ہے جسے کشف نہ ہوتا ہو۔ اس کے بعد فرمایا سچ بتاؤ جھوٹ نہ بولنا تم دونوں کہاں گئے تھے۔ ہم نے واقعہ عرض کر دیا اس پر حضرت نے عورتوں کا قصہ اور جس جس چھت پر وہ تھیں اس طرح بیان کرنا شروع کر دیا گویا وہ ہمارے ساتھ تھے۔ یہاں تک کہ اچھلنے کا واقعہ جو ہم نے ان سے چھپایا تھا وہ بھی ذکر کر دیا آپ نے یہ بھی فرمایا کہ آپ اس وقت ملنے والوں کے پاس بیٹھے تھے۔ جب آپ نے عبداللہ اور عبدالرحمٰن کو اچھلتے دیکھا تو آپ قہقہہ لگا کر ہنس پڑے۔ حاضرین نے سمجھا کہ ان میں سے کسی پر ہنسے ہیں۔

پانچویں کرامت:

ایک مرتبہ حاضر خدمت ہوا اور میری بیوی حاملہ تھی۔ آپ نے حمل کا تذکرہ کیا۔ حاضرین میں سے ایک نے بطریق تمسخر کہا لڑکی

ہوگی، لیکن شیخ نے مجھے فرمایا قریب آؤ۔ جب میں قریب گیا تو کان میں فرمایا لڑکا ہوگا اور ایسا ہی ہوا۔

چھٹی کرامت:

عبدالرحمٰن کہتا ہے ایک بار پھر حاضر ہوا اور میرا لڑکا بیمار تھا۔ میں نے عرض کی کہ بچے کی صحت کے لئے دعا فرماویں۔ فرمایا پھر کبھی کہنا تو دعا کروں گا میں سمجھ گیا کہ بچے کی موت کا وقت قریب ہے اور ایسا ہی ہوا۔

ساتویں کرامت:

ایک بار پھر حاضر ہوا اور بیوی حاملہ تھی۔ فرمایا تمہارے ہاں ایک بیٹی کا اضافہ ہونا ہے اور ایسا ہی ہوا۔

آٹھویں کرامت:

عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ میں آپ کی زیارت کے لئے فاس روانہ ہوا اور شیخ کے لئے تیس اوقیہ ۵۰ ساتھ لے کر چلا۔ جب شہر کے قریب پہنچا تو اس میں سے ایک اوقیہ نکال لیا۔ جب باقی رقم حضرت کو پیش کی تو فرمایا اپنی کارروائی تم چھوڑتے نہیں؟ جاؤ ایک موزونہ کی کھجور اور تین موزونہ کا پنیر لے کر آؤ۔ اس اوقیہ کے عوض جو تم نے نکال لیا ہے میں نے کہا حضرت کی عقل و دانش کس قدر خالص ہے۔

نویں کرامت:

عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ حضرت کی زیارت کے لئے گیا۔ جب آپ کے سامنے بیٹھ گیا تو فرمایا اتوار کی رات کیا کر رہے تھے؟ میں نے عرض کیا حضور کون سی بات؟ فرمایا جب تو اپنی بیوی سے مجامعت کر رہا تھا اور تو نے اپنے بیٹے کو تکیے پر بٹھایا ہوا تھا۔ کیونکہ وہ سویا ہوا نہ تھا اور لالٹین بھی صندوق پر پڑی تھی۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ میں اس وقت تیرے پاس موجود تھا۔

القصہ شیخ کی کرامات لاتعداد ہیں

مؤلف کتاب کہتا ہے کہ اس وقت سے اب تک بے شمار کرامات آپ سے صادر ہوئیں اور ان بزرگوں نے جو کرامات لکھ کر بھیجی تھیں وہ ۱۱۲۸ھ کے اختتام تک کی تھیں۔ انہیں میں نے عاشورہ کے دن دس محرم ۱۱۲۹ھ کو حضرت کو پیش کیا تھا۔

الارضی سیدی العربی الزیاوی کی تحریر کردہ کرامات

اکثر کرامات جو انہوں نے ذکر کی ہیں میں بھی اُس وقت حاضر تھا اور میں نے خود دیکھی ہیں اور جن میں میں حاضر نہ تھا اُن کی نسبت میں نے حضرت سے دریافت کر لیا تھا اور آپ نے ان کی تصدیق کی تھی۔

پہلی کرامت:

میں حکومت کے ایک سیکرٹری کے لئے کتابیں خریدا کرتا تھا۔ میں نے بہت سی کتابیں خرید کر اس کے پاس بھیج دیں۔ اس نے بھی کتابیں پہنچنے سے پہلے ہی مجھے رقم ادا کر دی۔ لیکن جب کتابیں اس کے پاس پہنچیں تو اسے پسند نہ آئیں اس لئے وہ بہت گرجا اور چمکا۔ پھر کتابیں مجھے واپس بھیج دیں اور کہا کہ انہیں مالک کو واپس کر کے قیمت واپس کر دو ورنہ جو ہم سے ہو سکے گا وہ ہم کریں گے۔ یہ سن کر میں گھبرایا اور مغموم و پریشان ہوا اور سیکرٹری سے ڈرا کیونکہ اس کا بڑا دبدبہ تھا۔ چنانچہ میں نے شیخ کے پاس جا کر قصہ سنایا اور عرض کیا کہ مالکوں نے کتابیں واپس لینے سے انکار کر دیا ہے اور میرے پاس اتنی رقم نہیں ہے کہ ادا کر سکوں اور سیکرٹری کا بڑا اقتدار ہے۔ اسی قسم کی اور مشکلات کا ذکر کیا۔ اس پر شیخ نے فرمایا بیٹا کوئی ڈر کی بات نہیں ان شاء اللہ جلدی کوئی سبیل نکل آئے گی۔ ابھی چند ہی دن گزرے تھے کہ سلطان نے اسے قتل کرا دیا اور شیخ کے فرمانے کے مطابق میری مشکل حل ہو گئی۔

دوسری کرامت:

ایک مرتبہ ہمارے وطن تامسنا میں سخت فساد ہوا اور قاضی شہر میرا بھائی بنا ہوا تھا۔ مجھے اس کی نسبت ڈر ہوا کہ کہیں اس پر کوئی عتاب نہ آئے۔ میں شیخ سے اس کے لئے دعا کرانے آیا۔ فرمایا سیّد طاہر کو تو خطرہ نہیں، لیکن میں میر منشی کا ضامن نہیں ہوں۔ یہ میر منشی بھی میرا اور قاضی دونوں کا دوست تھا۔ لیکن میں نے اس کا ذکر نہ کیا تھا۔ یہ وہی کتابوں والے صاحب ہیں جن کا اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ چنانچہ جیسا شیخ نے فرمایا تھا وہی ہوا۔ قاضی صاحب تو بال بال بچ گئے اور میر منشی قتل کر دیئے گئے۔

تیسری کرامت

نیز جب ہمیں میر منشی کے قتل کی خبر پہنچی اور اس کا ابھی صرف چند لوگوں کو علم تھا کہ میں نے شیخ کے گھر جا کر دستک دی۔ آپ نکلے لیکن ہم نے میر منشی کی موت کا ذکر نہ کیا۔ خود ہی فرمایا میر منشی مر گیا۔ میں نے کہا۔ جی ہاں۔ فرمایا میں نے تو تمہیں پہلے ہی کہہ دیا تھا پھر فرمایا اس کی کتابوں میں سے کوئی کتاب تمہارے پاس ہے؟ میں نے عرض کیا ہاں۔ فرمایا اللہ انجام بخیر کرے۔ آپ کے ان الفاظ سے مجھے ڈر لگا اور گھبراتے ہوئے میں نے حضرت کے ہاتھوں کو جھک کر بوسہ دیا اور عرض کیا مجھے اس میر منشی کی طرف سے بڑا ڈر ہے۔ حاضرین نے میری مدد کی اور شیخ سے دعا خیر کی درخواست کی۔ فرمایا طلبی تو ضرور ہو گی لیکن سلامتی سے گزر جائے گی۔ میں اس کا منتظر رہا۔ پھر ان تمام لوگوں کی طلبی و تحقیق و تفتیش ہونے لگی جن کا میر منشی سے میل جول تھا اور جو گرفتار ہوئے انہیں طرح طرح کی سزائیں دی گئیں۔ کسی کی گردن اُڑا دی گئی کسی کا مال ضبط کر لیا گیا اور کسی کی ذلت و خواری کی گئی اور مجھے خوف پہ خوف طاری ہوا۔ میں شیخ کی خدمت میں جاتا تو فرماتے موت تو نہیں ہے البتہ تکلیف ضرور ہو گی۔ آپ یہی فرماتے رہے حتیٰ کہ مکناسہ دارالسلطنت لے جانے کے لئے میرے پاس بھی قاصد آ گیا۔ میں اسے لے کر شیخ کی خدمت میں آیا۔ آپ اسے بڑی مسرت و انبساط سے ملے۔ اُس کے لئے دعاء خیر کی اور میرے متعلق بہت کچھ نصیحت کی۔ اس نے عرض کیا بسر و چشم۔ شیخ نے مجھے فرمایا کہ تو صحیح و سلامت واپس آ جائے گا اور اس آدمی کے ہاتھ اُس حاکم کو جو میر منشی کے معاملہ کی تفتیش کر رہا تھا سلام بھی کہلا بھیجا۔ میں مکناسہ گیا اور میر منشی کی جو کتابیں میرے پاس تھیں، دے دیں اور انہوں نے مجھے چھوڑ دیا اور میں

فاس واپس چلا آیا۔ والحمدللہ

اس کے بعد چندلوگوں نے جوظلم پسند حکام میں مقرب بننا چاہتے ہیں افسر تفتیش کو مجھ پر بھڑکایا اور افترا باندھ کر اس کو سنایا کہ فلاں شخص کے پاس ابھی بہت کچھ مال باقی ہے۔ چنانچہ مجھے گھر آئے ابھی ایک جمعہ ہی گزرا تھا کہ قاصد پھر آ موجود ہوا اور مجھ سے دوستی ومحبت کا اظہار کیا اور کہا کہ جب تامسنا کے قاضی کو معلوم ہوا کہ تمہارا معاملہ بخیر وخوبی طے پا چکا ہے تو اس نے افسر تفتیش کو لکھا کہ سید عربی کو ہمارے پاس بھیج دو کہ موضع سلا میں ہم سے آ کر ملاقات کرے۔ اب آپ کی مرضی ہے خواہ چلیں یا نہ چلیں۔ میں اسے لے کر حضرت کے پاس آیا۔ اس نے وہاں بھی اسی طرح کہا۔ شیخ خاموشی سے سن رہے تھے پھر مجھے فرمایا کہ میری رائے ہے کہ اس کے ساتھ چلے جاؤ لیکن تیس اوقیہ ساتھ ضرور لے لو تا کہ افسر تفتیش کو دے سکو۔ قاصد نے کہا حضور میری بھی یہی رائے ہے۔ میں نے عرض کیا اگر وہ مجھے قاضی السید الطاہر کی وجہ سے لے جانا چاہتا ہے تو میں اسی کے ساتھ کیوں جاؤں اور اگر جانا ہی ضروری ہے تو تیس اوقیہ لے جانے کی کیا ضرورت ہے؟ حضرت نے فرمایا میری بات مانو میں ہنسی نہیں کر رہا۔ مجھے اس شخص کے خبث باطن کا علم نہ تھا اور نہ ہی یہ خبر تھی کہ وہ مجھے اور فریب دے رہا ہے اور میں اپنی نادانی پر جمار ہا اس پر شیخ نے وضاحت سے فرمادیا اور وہ شخص سن رہا تھا مگر ہنسی میں ٹال گیا۔ پھر جب ہم شیخ کے پاس سے اٹھ کر آنے لگے تو فرمایا موت کا خطرہ نہیں البتہ قید کئے جاؤ گے۔ چنانچہ میں اس شخص کے ساتھ کمناسا روانہ ہو گیا مگر تیس اوقیہ جس کا شیخ نے حکم فرمایا تھا ساتھ نہ لئے۔ جب مکناسہ پہنچے تو افسر مذکور نے میری طرف سے منہ پھیر لیا اور اپنے گھر میں مجھے قید کرنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ جب تک میں سلطان سے تمہارے بارے میں مشورہ نہ کر آؤں تم یہاں سے نہ نکلنا۔ مجھ سے پہلے میرے شہر کے چندلوگوں کے متعلق اس نے سلطان سے مشورہ کیا تھا اور انہیں قتل کر ڈالا تھا۔ میں اس قدر ڈرا کہ اللہ ہی جانتا ہے۔ میں نے کہا اب تو قتل ہی باقی رہ گیا ہے۔ یہ افسر مشورے کے لئے روانہ ہوا۔ جب وہاں پہنچا تو اتفاق ایسا ہوا کہ اس وقت میر منشی مذکور کا ایک بھائی ابوالعباس سُبتی کا غلاف لے کر آیا تھا۔ سلطان نے اس غلاف لانے والے کو اور ان لوگوں کو جن کا تعلق میر منشی سے تھا سب کو شیخ کی برکت سے معاف کر دیا۔ لیکن مجھے سخرہ[51] کے بارے میں گرفتار کر لیا اور سخرہ کی قیمت تیس اوقیہ تھی۔ اس وقت مجھے شیخ کی بات سمجھ میں آئی کہ تیس اوقیہ ساتھ لے جانا۔ میں بہت بے قرار و پریشان پھرتا رہا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے معاملہ آسان کر دیا اور مجھے رہائی نصیب ہوئی۔ والحمدللہ اور یہ سب شیخ کی برکت سے ہوا۔

چوتھی کرامت:

ایک مرتبہ میں مغرب کی نماز کے بعد حضرت کے گھر گیا اور دیر تک دروازے پر بیٹھا رہا، مگر دروازہ نہ کھٹکھٹایا۔ آپ بالا خانہ سے اترے اور میں نے سیڑھیوں سے آپ کے اُترنے کی آواز سنی۔ آپ نے میرا نام لے کر پکارا۔ میں نے عرض کیا جی حضور۔ فرمایا کیا تو ایک گھنٹہ سے دروازے پر نہیں بیٹھا رہا۔ میں نے کہا۔ جی ہاں۔ اور اس وقت تاریکی بھی تھی۔ میں نے دستک بھی نہ کیا تھا اور نہ ہی جب تک آپ نے مجھے پکارا تھا، نہ کسی کو بتلایا تھا کہ میں دروازے پر ہوں۔ اور میں نے آپ کے دست مبارک کو بوسہ دیا۔

پانچویں کرامت:

ایک رات میں نے گھر سے باہر مدرسے میں گزاری اور صبح کو آپ کے پاس گیا۔ آپ نکلے اور فرمایا، کل رات کہاں گزاری اور گھر

میں رات کیوں نہ گزاری۔ میں نے عرض کیا نہیں حضرت میں تو رات گھر میں ہی رہا اور اس طرح آپ کو دھوکہ دینا چاہا۔ فرمایا۔ کیا فلاں جگہ رات نہیں گزری؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ حضرت فرمانے لگے اگر سچ نہ کہو گے تو جو کچھ تم نے کل رات وہاں کیا ہے سب کچھ بتا دوں گا۔ میں رسوائی سے ڈرا اور آپ کے ہاتھ پر بوسہ دے کر کہا حضور سچ فرماتے ہیں۔

چھٹی کرامت:

ایک بار میں مدرسے میں ایک جاہل شخص سے جو حضرت کا مرتبہ نہ سمجھتا تھا جھگڑ پڑا۔ اس کے بعد جب آپ کی خدمت میں جانا ہوا تو فرمایا وہ کون شخص تھا جس سے کل رات تو جھگڑ رہا تھا اور تو نے اسے کیا کہا اور اس نے کیا کہا۔ میں چپ رہا، لیکن آپ نے تمام قصہ کہہ سنایا۔ آپ کی کرامات لاتعداد ہیں۔

ساتویں کرامت:

مولف کتاب کہتا ہے کہ ایک بار آپ سے ایک شخص کے بارے میں باتیں ہو رہی تھیں تو میں نے عرض کیا اسے آپ سے بڑی محبت ہے۔ آپ نے فرمایا اسے مجھ سے محبت نہیں ہے۔ اگر تو اُسے آزمانا چاہے تو اسے یوں ظاہر کرنا کہ تو نے مجھ سے محبت کرنا چھوڑ دیا ہے پھر دیکھنا وہ کیا کہتا ہے۔ وہ شخص میرے پاس آیا تو میں نے کہا مجھے تو کچھ اور ہی پتہ چلا ہے اور میں نے اس طرح باتیں کیں جن سے یہ ظاہر ہو کہ میرا خیال بدل گیا ہے۔ یہ سن کر کہنے لگا میں نے تو تجھے پہلے ہی کہہ دیا تھا اور اپنا خبث باطن ظاہر کر دیا۔ تب میں نے کہا کہ جناب والا میں تو آپ کو آزما رہا تھا سو آپ کی حقیقت کھل گئی۔ اس پر وہ بہت شرمندہ ہوا۔ پھر میں نے حضرت سے اس کا ذکر کیا آپ نے فرمایا میں نے تو تمہیں پہلے کہہ دیا تھا۔

آٹھویں کرامت:

ایک بار بالا خانے میں آپ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا اور کچھ باتیں ہو رہی تھیں کہ یکا یک پیرانی صاحبہ کے رونے کی آواز آئی اور شدّتِ غم کی وجہ سے گھر میں گھومنے لگیں۔ کیونکہ انہیں بھائی کے مرنے کی خبر ملی تھی جو پردیس میں تھا۔ حضرت نے اُوپر سے جھانکا اور فرمایا اُس کا انتقال نہیں ہوا۔ اس کی موت کی خبر دینے والے نے جھوٹ کہا ہے اور اس پر قسم بھی کھائی مگر پھر بھی وہ رونے سے باز نہ آئیں کیونکہ انہیں انتہائی غم ہوا تھا۔ اس کے بعد حضرت کے فرمان کے مطابق خبر آئی۔ پیرانی صاحبہ کا بھائی اب تک زندہ ہے۔

نویں کرامت:

ایک مرتبہ آپ محلّہ عرصہ کی طرف جا رہے تھے کہ آپ سے ایک شخص ملا جس کا ایک اور رشتہ دار عبدالملک بن السلطان کے ساتھ محلّہ (جگہ کا نام) میں تھا۔ شیخ اُسے دیکھ چکے تھے کہ وہ ایک ایسے شخص کے پاس بیٹھا تھا جو مدعی ولایت تو تھا لیکن درحقیقت ولی نہ تھا، لیکن جب اس کی نظر شیخ پر پڑی تو اٹھ کر ان کے پاس آ گیا اور عرض کی مجھے پردیس (یعنی محلّہ میں) گئے ہوئے بھائی کے متعلق بتلائیں کیا وہ زندہ ہے یا مر گیا۔ کیونکہ فلاں صاحب نے (اس کی مراد مذکورہ مدعی ولایت سے تھی) مجھے بتلایا ہے کہ وہ زندہ ہے۔ شیخ نے تجاہل برتا، لیکن اس شخص

نے اصرار کیا۔ شیخ نے فرمایا اگر تم ضرور پوچھنا چاہتے ہو تو لو صحیح خبر یہ ہے خدا غریب الوطن حاجی عبدالکریم السبکی پر رحم کرے۔ اس کے بھائی کا یہی نام تھا۔ اُس کی خبر تمہیں وہ شخص دے گا جس نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی ہے۔ سلطان نے تو اسے قتل کر دیا ہے۔ اس کے بعد شیخ کے فرمانے کے مطابق خبر آ گئی۔

دسویں کرامت:

شیخ کا ایک خادم ماہوار تنخواہ پر عرصہ سے کام کر رہا تھا اور وہ حکومت کے ظلم سے رُوپوش تھا۔ اس کا ایک بھائی اُس کی تلاش میں تھا اور اس کی ایذا کے درپے تھا۔ شیخ نے اسے کہا کہ اسے چھوڑ دو۔ لیکن وہ نہ مانا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ وہ حاکم ضلع کے پاس پہنچا اور کہا کہ میرا بھائی شیخ عبدالعزیز کے پاس موجود ہے اور انہوں نے مجھے اُسے یہاں لانے نہیں دیا۔ حاکم نے ایک سپاہی بھیجا۔ جب سپاہی آیا اس وقت میں آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ کہنے لگا آپ کو حاکم بلاتا ہے۔ حضرت نے کہا مجھے؟ کہا ہاں، حضرت نے فرمایا بسر و چشم۔ میں تو ایک مسکین اور رعیّت ہوں۔ مجھے بھی کہا اُٹھو۔ ہم دونوں حاکم کی طرف روانہ ہو گئے۔ سپاہی کو ندامت ہوئی تو کہنے لگا۔ حضرت ہمارا مقصد تو صرف اس شکایت کنندہ کے بھائی سے ہے۔ آپ اُسے ہمارے حوالے کر دے اور واپس چلے جائیں۔ فرمایا کیا میں نے تمہیں اس سے روکا ہے، چنانچہ وہ اُسے لے کر روانہ ہو گئے۔ اس کے بعد اس شخص کا بھائی صرف ایک ماہ زندہ رہا اور وہ شخص اس عرصہ میں واپس چلا آیا اور اُسے کوئی خطرہ نہ رہا۔

گیارھویں کرامت:

جب بزتاسن کے مشہور قبیلہ نے سلطان کے خلاف بغاوت کی اور سُلطان نے اُن کے کچھ لوگ گرفتار کر لئے تو تازہ کے ایک اہلکار نے گرفتاریوں کی آگ کو اہل تازہ کی طرف منتقل کرنا چاہا۔ اُس نے اس غرض سے ایک جعلی دستاویز مرتب کی جس میں یہ ظاہر کیا کہ یہ خط انہوں نے بنی بزتاسن کو لکھا تھا اور انہیں یقین دلایا تھا کہ وہ ان کے ساتھ ہیں اور اس تحریر کو سلطان کے سامنے پیش کیا اور پڑھ کر سنایا۔ سلطان یہ سُن کر آگ بگولا ہو گیا اور ارادہ کیا کہ کسی کو ان سے بدلہ لینے کے لئے روانہ کرے لیکن پھر خیال آیا اور اہل کار کو قید کرنے کا حکم دیا۔ اہل تازہ کو بھی اس کا پتہ چل گیا ان میں سے کچھ لوگ شیخ کے پاس سے گزرے اور شیخ سے مشورہ کیا کہ کیا ہم اپنا وطن چھوڑ کر بھاگ جائیں کیونکہ انہیں سلطان سے خطرہ تھا۔ شیخ نے فرمایا اگر جیسا میں کہوں تم کرو تو کہوں انہوں نے عرض کیا حضور فرمایئے ہم تو آپ کی نصیحت پر عمل کرنے کے لئے آئے ہیں۔ فرمایا سیدھے سُلطان کا رُخ کرو لیکن پہلے وزیر کے پاس جانا انہوں نے ایسا ہی کیا۔ وزیر انہیں لے کر سُلطان کی خدمت میں آیا۔ ان کی تعریف کی اور جو الزام اس اہلکار نے لگایا تھا اس سے انہیں بری قرار دیا۔ اس پر سُلطان نے اسے قتل کرا دیا۔ یہ اس کی بددیانتی کا انجام تھا۔

اسی طرح ایک اور واقعہ پیش آیا جو فاس کے اسی سرکاری عملہ میں سے تھا جن کے کچھ اوپر بیس آدمی شوال ۱۱۳۰ء میں قتل ہو چکے تھے۔ اتفاق ایسا ہوا کہ جب اس شخص نے حاکم ضلع کی گرفتاری سے پہلے تفتیش کی خبر سُنی تو یہ بھاگ جانے کے متعلق شیخ سے مشورہ کرنے کو آیا۔ آپ نے فرمایا بھاگنا نہیں اور خود حاکم کے پاس چلے جاؤ اور کہو میں حاضر ہوں آپ جو چاہیں سزا دیں، لیکن میں تو فرمانبردار ہوں۔ اس نے ایسا ہی کیا۔ حاکم نے کہا اگر تو سچا ہے تو فوج چلا جا اور تیراندازوں کے ساتھ فوجی خدمت انجام دے۔ اس نے شیخ کے پاس آ کر بتایا کہ مجھے حاکم نے یہ حکم دیا ہے۔ شیخ نے فرمایا فوراً اُدھر چلا جا۔ اس کے چند دن بد حاکم اور اس کے ساتھی گرفتار ہو گئے اور اُن کے اتنے

آدمی مارے گئے جتنے عملہ والوں کے مارے گئے تھے اور اللہ تعالیٰ نے شیخ کی برکت سے اس شخص کو نجات دلوائی۔

اس قسم کے معاملات میں حضرت کا یہی طریقہ تھا، کیونکہ جس کسی نے آپ سے حکومت سے بھاگ جانے کا مشورہ کیا تو آپ نے مشورہ دیا کہ سرکار کے ہاں خود چلے جاؤ اور اس کا انجام اچھا ہی نکلتا۔ اگر اس قسم کی حکایات ذکر کرنے لگوں تو قصہ طولانی ہو جائے۔

رھویں کرامت:

ایک حاکم کو سلطان نے معزول کر دیا۔ اس نے کسی کو شیخ کی خدمت میں روانہ کیا تا کہ اُن سے دعا کرائے کہ وہ دوبارہ اپنے دے پر مقرر ہو جائے آپ نے وعدہ فرمالیا۔ چند ہی روز گزرے تھے کہ سلطان نے اُسے اپنے عہدے پر بحال کر دیا۔ حضرت نے چند ظ قرآن لوگوں کے بارے میں سفارش کی کہ کچھ ٹیکس اُنہیں معاف کر دیئے جائیں۔ لیکن اس نے نہ مانا اور انکار کر دیا۔ اب اُس حاکم کا ئی حضرت کی خدمت میں آیا اور حضرت نے اس سے وعدہ فرمالیا کہ بھائی کا عہدہ تمہیں مل جائے گا اور ایسا ہی ہوا، کیونکہ حضرت کا مان نہ ماننے کے چند دن ہی بعد وہ آخرت کی طرف سفر کر گیا اور اس کا بھائی اس عہدے پر مقرر ہو گیا اور اس نے جن لوگوں کے متعلق ضرت نے سفارش کی تھی اُن کا کام کر دیا۔

یرھویں کرامت:

ابھی میری شیخ سے جان پہچان کی ابتدا ہی تھی اور میری شادی مولانا العلامہ محمد بن عمر السلجماسیؒ (جو خانقاہ ادریس میں رہتے تھے اور ہاں مسجد کے امام اور خطیب بھی تھے) کی بیٹی سے ہوئی تھی۔ مجھے ان کے مرتبہ کا بھی علم تھا اور لڑکی کے کمال عقل، حسن معاشرت اور سلیقہ عاری کی وجہ سے مجھے اس سے سخت محبت تھی جب شیخ کو اس کا علم ہوا کہ میرے دل میں اس کی کتنی قدر ہے اور اُس سے کس قدر محبت ہے تو بھی مجھ سے یوں پوچھتے کیا تجھے مجھ سے اس جتنی محبت ہے یا اس کی محبت زیادہ ہے۔ میں سچ کہہ دیتا اور عرض کرتا کہ اس کی محبت زیادہ ہے اور میں معذور تھا کیونکہ مجھے شیخ کے مرتبہ اور ان کے امام وقت ہونے کا علم نہ تھا۔ حضرت پر اس جواب کا اثر ہوتا اور ہونا بھی چاہیے تھا کیونکہ جب تک مرید کے دل میں شیخ، اللہ اور رسول ﷺ کے سوا کسی اور چیز کی محبت ہو تو اس کا کچھ کام نہیں بن سکتا۔[۵۲] آپ اس میں میرا ساتھ دیتے اور مجھے اس حالت سے نکالنا چاہتے لیکن جب میں نہ مانا اور اللہ کی تقدیر میں جو کچھ لکھا ہونا تھا لکھا جا چکا تھا۔ ۲۷ رمضان ۱۱۲۷ھ کی صبح جب میں حاضر ہوا تو آپ نے اثناء گفتگو میں فرمایا کہ اولیاء کے ساتھ میل جول رکھنا بمنزلہ زہر کھانے کے ہے۔ ہمارے فلاں شیخ نے اپنے مرید کے لئے نہ بیوی چھوڑی نہ بچہ اور اُس کو اپنا بنالیا۔ لیکن اس اشادہ کو نہ سمجھا۔ اس کلام کے چند دن ہی بعد عورت سے جو واقعہ ہونا تھا ہوا۔ وہ بیمار ہوئی اور مر گئی۔ حضرت کو بھی اُس سے بڑی محبت تھی اس لئے آپ دلاسا دیتے رہتے اور اسے دوائیں، شربت اور جن چیزوں کی مریض کو رغبت ہوتی ہے اس کے لئے بھیجتے اور اسے شفا کا وعدہ کرتے اور آپ کی مراد شفا آخرت ہوتی جیسا کہ اس کا اظہار بعد میں فرمایا۔ اس کی وفات کے بعد میری گرویدگی بچہ کے ساتھ بڑھی جسے وہ نشانی چھوڑ گئی تھی کہ جب اس کو دیکھتا تو دل اسی میں لگا رہتا۔ ماں کے بعد وہ بھی چند دن ہی زندہ رہا اور چل بسا۔ اس کے بعد میں نے فقیہ مذکور کی دوسری بیٹی سے شادی کی۔ جب اس کے پاس گیا تو اسے اپنے گمان سے کہیں زیادہ خوبصورت اور عقل و کمال والی پایا اور وہ میرے دل پر قابض ہو گئی۔ تھوڑی مدت بعد وہ بھی چل بسی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے مجھے شیخ کی محبت کاملہ نصیب کی۔ جس سے بالا کوئی محبت نہیں۔ اس کی صورت یوں ہوئی کہ ایک مرتبہ میں آپ کے

پاس گھر میں بیٹھا ہوا تھا اور آپ محبت الٰہی کے متعلق تقریر فرما رہے تھے کہ وہ کیسی ہوتی ہے۔ میں نے اس پر کئی ایک سوالات کیے ج
حضرت نے جواب دیا۔ میں نے یہ جواب وسوال لکھ دیئے ہیں جنہیں آئندہ چل کر انشاء اللہ آپ دیکھ لیں گے۔ پھر آپ مسکرائے اور ف
ہم تمہارے ساتھ کیا تدبیر کریں تم دنیا میں دو بیویوں سے محبت کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ نے انہیں اپنی رحمت میں لے لیا اور آ
برزخ میں باقی تمام ارواح کے ساتھ اتارا اس کے باوجود بھی تم ان سے کامل محبت کرتے رہے اب بتاؤ کہ اللہ انہیں برزخ سے کہاں
جا کر رکھے تا کہ وہ تمہارے دل سے غائب ہو جائیں۔ اللہ کی قسم شیخ کے ان الفاظ سے ان کی محبت میرے دل سے جاتی رہی اور اب ر
محبت خالص شیخ کے ساتھ ہوگئی۔ حالانکہ میں نے فقیہ مذکور کی تیسری بیٹی سے بھی شادی کر لی تھی لیکن دل اس کے ساتھ نہ لگا۔ چنانچہ
اللہ بخیر و عافیت ہے۔

چودھویں کرامت:

ایک مرتبہ حضرت مخدومہ پیرانی صاحبہ کو حمل قرار پایا۔ کہنے لگیں اے میرے سردار عبدالعزیز! مجھے خدا نے کافی اولاد دی ہے۔
مجھے اس حمل کی ضرورت نہیں، خاص طور پر جبکہ مجھے خانگی اُمور میں کافی مشقت اٹھانی پڑتی ہے اور نہ ہی کوئی باندی ہے جو میری مدد کر
لہٰذا اگر آپ واقعی ولی ہیں جیسا کہ لوگ کہتے ہیں تو دعا کریں کہ حمل گر جائے۔ شیخ ان سے فرمایا کرتے تھے کہ جب سویا کرو تو سر ڈھ
کے بعد چہرہ کھلا نہ چھوڑا کرو مبادا ایسی چیز نظر آ جائے جس کی برداشت نہ کر سکو۔ ایک رات اتفاق سے انہوں نے چہرے سے کپڑا اٹ
انہوں نے شیخ کے پاس تین مردان غیب دیکھے۔ اس سے وہ اتنی ڈریں کہ حمل گر گیا۔

پندرھویں کرامت:

تمام گھر والوں نے اور ان لوگوں نے جو حضرت کی زیارت کے لئے آئے ہوئے تھے اس کرامت کا مشاہدہ کیا ہے کہ کبھی آ
اپنے جسم سے خفیف غیبوبت [۵۳] حاصل ہوتی تھی یہاں تک کہ جو آپ کے پاس بیٹھے ہوتے وہ یہ خیال کرتے کہ آپ کی رُوح جسم
پرواز کر گئی ہے اور آپ کی ذات میں کوئی حرکت نہ ہوتی۔ نہ سانس میں نہ ہونٹوں میں نہ رگوں میں چنانچہ ایک دن ایسی حالت طاری
اور ایک آدمی آیا۔ اُس نے دیکھا کہ نور بجلی کی طرح اُوپر کو چڑھ رہا ہے اور پھیل رہا ہے۔ اگرچہ یہ سرعت میں بجلی سے کم تیز ہے مگر ص
میں اُس سے زیادہ صاف ہے۔ اُس نے باہر جا کر لوگوں کو خبر دی۔ لوگوں نے آ کر یہ حالت دیکھی۔ دوسرے دن جب حضرت سے ملا
آپ کے ساتھ عرصہ کی طرف گیا تو آپ نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھا اور فرمایا کل ایسی بات ظاہر ہوگئی جسے میں مخفی رکھا کرتا
میں نے عرض کیا حضرت واقعہ تو میں سن چکا ہوں، لیکن اس میں کیا راز ہے۔ فرمایا یہ جناب محمد ﷺ کا نور تھا اور پھر تمام واقعہ بیان کیا
ہمیں حضرت کی ذات سے نفع پہنچائے۔

سولہویں کرامت:

میرا ایک حافظ قرآن دوست مشہور قبیلہ بھاٹیہ میں سے تھا۔ جب ۱۱۲۷ھ میں اس قبیلے پر ظلم وستم ڈھائے گئے تو جو شخص ان پر
مقرر تھا میں نے اُس کے پاس ایک شخص کو اپنے مذکورہ بالا دوست کی سفارش کرنے کو بھیجا۔ اُس نے میرے دوست کو تمام مطالبات

ئی دے دی۔ پھر وہ حاکم دو سال مامور رہنے کے بعد معزول ہوگیا اور اس کی جگہ ایسا شخص حاکم مقرر ہوا جس کے بارے میں پختہ یقین تھا
ہ جیسا میں کہوں گا ویسا ہی کرے گا۔ چنانچہ میں نے اسی دوست کے بارے میں کہلا بھیجا لیکن اس نے کسی قسم کا کوئی کام نہ کیا میں نے
ا کہ حاکم اعلیٰ کو کہلا بھیجوں تو شیخ نے فرمایا اگر اللہ کی مرضی اسے آزاد کرنے کی ہوتی تو حاکم تمہاری بات مان لیتا اور کام کر دیتا لیکن میں
ے تغافل برتا اور سفارش پر سفارش بھیجتا گیا جو لوگ میرا سفارشی رقعہ لے کر جاتے انہیں دیکھ کر وہ بہت خوش ہوتا اور واضح طور پر کہتا کہ میں
م کر دوں گا۔ لیکن اس کے باوجود نہ کرتا۔ میں نے کئی بار کوشش کی لیکن اس سے اللہ نے کوئی کام نہ ہونے دیا۔ مجھے شیخ کے کشف کی
راقت معلوم ہوگئی۔

ترھویں کرامت:

ایک روز میں آپ کے پاس عرصہ میں تھا اور آپ کے پاس عبدالسلامؒ بن مشیش کی اولاد میں سے ایک سیّد بھی بیٹھا ہوا تھا۔ اس سیّد
ے عرض کیا کہ حضرت سادات نے سلطان کے پاس پہاڑ کے رہنے والوں میں سے جو شیخ عبدالسلام کی قبر کے پاس ہے ایک شخص کی
ایت کی ہے کہ اس نے سیدانیوں سے شادی کی ہے۔ حالانکہ وہ عوام میں سے ہے اور سلطان اس بات کو سخت بُرا جانتا ہے۔ جب اس
ے یہ سنا تو اسے گرفتار کر کے لایا گیا اور قتل کی دھمکی دی گئی۔ شیخ نے فرمایا کیا یہ شخص اللہ سے نہیں ڈرتا۔ اس نے کیسے مولائی عبدالسلام کی
یوں سے شادی کر لی۔ حالانکہ اس میں کئی قسم کے عیب [۵۴] پائے جاتے ہیں۔ اس سید نے عرض کیا حضور آپ کو یہ کیسے معلوم ہوگیا حالانکہ
تو آپ اس شخص کو جانتے ہیں اور نہ ہی کبھی آپ نے اسے دیکھا اور نہ کبھی پہلے اس کے متعلق کچھ سنا اور یہ عیب جس کا ذکر آپ نے کیا
ہے اس کا تو اس کے قبیلے کے چند لوگوں کو علم ہے۔ اس کو شیخ کا کشف دیکھ کر تعجب ہوا اور اس نے شیخ کے ہاتھوں کو بوسہ دیا۔

ٹھارویں کرامت:

یہ کرامت میں نے آپ کے اپنے ہاتھ سے الحاج عبدالقادر التازی کی بیاض میں لکھی ہوئی دیکھی ہے۔

حضرت پہلے محمد بن عمر الدلامی رحمۃ اللہ علیہ کے حمام میں ملازم تھے۔ وہ حج کی غرض سے چلے گئے تو آپ اسی خدمت پر الحاج عبدالقادر
ازی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ملازم ہوگئے۔ عبدالقادر بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت نے کاپی لی اور اس پر لکھا۔ شکر ہے خدا کا جو ایک ہے۔
یدی محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ آج فوت ہوگئے اور جوار رحمت میں چلے گئے۔ یہ الفاظ ماہ ذوالقعدہ ۱۱۱۸ھ میں عبدالعزیز بن مسعود الدباغ رحمۃ اللہ علیہ نے
کہے اور لکھے۔ خدا اس پر مہربانی کرے۔ آمین

عبدالقادر کہتے ہیں میں نے بلند آواز سے کہا کیا لکھ رہے ہو وہ کہتے ہیں کہ اس سے پہلے بھی میں کرامات کا مشاہدہ کر چکا تھا۔ اس پر
ضرت نے قلم لے کر لکھی ہوئی عبارت کاٹ دی اور فرمایا کچھ نہیں لکھا۔ عبدالقادر کہتے ہیں کہ جب حاجی آئے تو انہوں نے محمد بن عمر مذکور
کی وفات کی خبر دی کہ اسی ماہ میں انتقال ہوا جس میں شیخ نے فرمایا تھا۔

میں نے شیخ سے عرض کیا آپ نے یہ کیسے کیا۔ حالانکہ آپ کو فتح (کشف) تو ۱۱۲۵ھ میں حاصل ہوئی تھی۔ فرمایا جب سے میں نے
ہ امانت پہنی تھی جس کی وصیت سیدی عربی فشتالی رحمۃ اللہ علیہ نے کی تھی، مجھے فتح حاصل ہو چکی تھی، لیکن وہ تنگ تھی اور جب کسی چیز کی طرف توجہ

دیتا تو وہ مجھ سے چھپتی نہ تھی لیکن ساتھ ہی اس کے سوا کچھ اور نظر نہ آتا تھا۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے) کہ حضرت نے صحیح فرمایا کیونکہ جو لوگ آپ سے دوسرے دور میں ملتے رہتے تھے وہ آپ کے کشف کرامات کا ذکر کرتے رہتے تھے۔

اُنیسویں کرامت:

جس زمانہ میں آپ محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ مذکور کے پاس ملازم تھے تو ایک دن علی الصبح آپ اس دیگچے کے قریب گئے جس پر وہ کا کرتے تھے اس پر دیگچے کے منتظم نے آپ کو ڈانٹا۔ شیخ کو غصہ آ گیا اور فرمایا جتنی دیر چاہو لکڑیاں جلاتے رہو۔ اللہ کی قسم یہ دیگچہ کبھی گر ہوگا۔ چنانچہ صبح سے لے کر عصر تک وہ لکڑیاں جلاتے رہے اور بہت سا ایندھن ضائع ہو گیا۔ لیکن پھر بھی پانی ٹھنڈا تھا۔ محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ گئے ہوئے تھے۔ جب آئے تو انہوں نے سارا قصہ سنایا۔ کہنے لگے، سیدی عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کیا مجھے آپ چھوڑنا چاہتے ہیں؟ مجھے تو سے محبت ہے اور آپ سے نیکی کرتا رہتا ہوں۔ جس نے آپ کو ڈانٹا ہے اسے تو کوئی نقصان نہیں پہنچ رہا۔ نقصان تو میرا ہے اور میرا قصور نہیں۔ الغرض وہ شیخ سے مہربانی کی درخواست کرتے رہے اور اُن کو راضی کرنا چاہتے تھے۔ شیخ فرماتے ہیں کہ مجھے شرم آ گئی، کیونک کا مجھ پر بڑا احسان تھا کیونکہ خواہ میں کام کرتا یا نہ کرتا وہ مجھے اُجرت دے دیا کرتے اور کہتے کہ میں نے تو آپ کو برکت کے لئے رک ہے، نہ کام کے لئے۔ شیخ فرماتے ہیں کہ میں نے ایندھن لے کر دیگچے کے نیچے ڈالا اور کہا تمہیں تو آگ جلانا نہیں آتا۔ یہ لو دیگ ہونے لگا۔ انہوں نے پانی کو چھوا تو اسے گرم پایا۔ اس سے سب متعجب ہوئے۔

اس حکایت اور کرامت کو میں نے کئی ایک شخصوں سے سنا ہے اور خود شیخ سے بھی سنا ہے۔

بیسویں کرامت:

آپ کی ایک کرامت یہ بھی ہے کہ جب میں آپ سے کسی مسئلہ کے متعلق علماء کے اقوال دریافت کرتا (تو باوجود اُمی ہونے آپ کو پورا علم ہوتا کہ اس مسئلہ میں اتفاق ہے اور اس میں اختلاف ہے اور ہر مسئلہ میں علماء ظاہر اور علماء باطن کے اقوال سے واقف پُورے چھ سال تک میں اس کا تجربہ کرتا رہا۔ آپ کو گزشتہ زمانہ کے حوادث کا بھی علم تھا۔ ایک روز میں آپ کے ساتھ سُوق الخمیس کہ آپ سے بجلی کی گرج اور کڑک کا سبب دریافت کیا تو آپ نے اس کے متعلق ایسی باتیں بیان کیں جنہیں آپ جیسا شخص ہی بیان ہے پھر دوران گفتگو میں اُس آگ کا ذکر ہوا جو قریظہ میں جمادی الآخر ۶۵۴ھ میں ظاہر ہوئی تھی اس کا ذکر قرطبی [۵۵] نے تذکرہ میں، ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الفتن میں اور ابوشامہ [۵۶] اور نووی [۵۷] نے اپنی تصانیف میں بالتفصیل کیا ہے۔ میرا ارادہ ہوا کہ ان کی روایات کو سناؤں۔ لیکن آپ نے اس کا قصہ اور اس کی کیفیت بیان کرنی شروع کر دی اور علماء کے اقوال بھی نقل کر دیئے اور اپنی طرف سے سبب بھی بیان فرما دیا اور اس شخص کا نام بھی جس کو آخرت میں اس آگ کا عذاب دیا جائے گا مع دیگر اسرار کے جن کا اظہار مناسب ہے۔ اس سے مجھ کو بہت تعجب ہوا۔ یاد رکھیں کہ آپ کی کرامات لاتعداد ہیں۔ اگر جتنی کرامات کا مجھے علم ہے اور جن کا علم دوستوں سب کا ذکر کرنے لگوں تو ایک ضخیم کتاب بن جائے لیکن ہم اتنے پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔

احادیث کے متعلق استفسار

سویں اور سب سے بڑی کرامت:

جس طرح میں نے ایک بڑی کرامت (سلامتی عقیدہ واستقامت علی الدین) سے ابتداء کی تھی اسی طرح ایک بڑی کرامت پر اس کو ختم کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ شروع میں جب آپ سے تعارف ہوا اور میں نے آپ کے وسعت عرفان اور فیضان ایمان کو دیکھا تو نے آپ کو آزمانا شروع کر دیا اور آپ سے صحیح اور موزوں احادیث کے متعلق دریافت کیا اس وقت میرے پاس حافظ جلال الدین[58] ی کی مشہور کتاب الدر والمنتشرہ فی الأحادیث المشتھرۃ تھی۔ یہ ایک عجیب تالیف ہے جس میں سیوطیؒ نے مشہور احادیث کو ف تہجی پر مرتب کیا ہے اور ہر حدیث کے متعلق بیان کیا ہے کہ یہ صحیح ہے یا موضوع۔ چنانچہ صحیح کے متعلق کہتے ہیں کہ صحیح ہے اور جھوٹی کو ں۔ یہ کتاب ہر طالب علم کے پاس ہونی چاہیے۔ کیونکہ یہ ایک نفیس کتاب ہے۔

یث: أُمِرْتُ أَنْ أَحْكُمَ بِالظَّوَاهِرِ وَاللّٰهُ يَتَوَلَّى السَّرَائِرَ

چنانچہ میں نے آپ سے حدیث اُمِرْتُ اَنْ اَحْكُمَ بِالظَّوَاهِرِ کے متعلق دریافت کیا فرمایا یہ آنحضرت ﷺ کا فرمودہ نہیں۔ چہ حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہی لکھا ہے۔

یث: كُنْتُ كَنْزًا لَّا اُعْرَفُ :

میں نے كُنْتُ كَنْزًا لَّا اُعْرَفُ کے متعلق پوچھا۔ فرمایا آنحضرت ﷺ کا فرمودہ نہیں ہے۔ اسی طرح حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔

یث: اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰهُ الْعَقْلَ :

پھر حدیث اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰهُ الْعَقْلَ کے متعلق دریافت کیا۔ فرمایا نبی ﷺ نے نہیں فرمایا۔ احمد بن حنبل نے بھی یہی کہا ہے۔ ابن زی[59] نے اس کا ذکر موضوعات میں کیا ہے۔ ابن تیمیہ[60] نے تصریح کی ہے کہ یہ جھوٹ ہے۔ زرکشی نے بھی کہا ہے کہ بالاتفاق یہ وع ہے۔ اسی طرح حافظ سیوطیؒ نے اپنی کتاب اَللَّآلِئُ الْمَصْنُوْعَةُ فِیْ الْاَحَادِیْثِ الْمَوْضُوْعَةِ میں لکھا ہے اگرچہ ذُرَرُ الْمُنْتَثِرَةِ میں اس کی تائید میں ایک اور حدیث نقل کی ہے (اس سورت میں یہ روایت بالمعنی ہوگی جو محتاط محدثین کے ہاں مقبول نہیں اور روایت بالمعنی میں حدیث کے الفاظ آنحضرت ﷺ کے الفاظ نہیں ہوتے)

(مؤلف کہتا ہے) کہ یہ موید حدیث حسن بصری[61] کی مرسل احادیث میں سے ہے۔ جن کے متعلق ابن حجر نے شرح میں کہا ہے کہ ن بصری کی مرسل احادیث قابل استدلال نہیں ہیں۔

حدیث: اِتَّخِذُوْا عِنْدَ الْفُقَرَآءِ یَدًا فَاِنَّ لَهُمْ دَوْلَةً یَوْمَ الْقِیَامَةِ :

پھر میں نے اِتَّخِذُوْا عِنْدَ الْفُقَرَآءِ یَدًا فَاِنَّ لَهُمْ دَوْلَةً یَوْمَ الْقِیَامَةِ کے متعلق پوچھا فرمایا آنحضرت ﷺ نے ایسا نہیں فرمایا
حافظ سیوطی نے اَلْحَاوِیْ فِیْ الْفَتَاوٰی میں یہی کہا ہے۔

حدیث: اُحِبُّ الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ:

پھر حدیث اُحِبُّ الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ لِاَنِّیْ فِیْ عَرَبِیٌّ وَ الْقُرْاٰنُ عَرَبِیٌّ وَّکَلَامُ اَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِیٌّ کے متعلق پوچھا۔ فر
نبی ﷺ نے نہیں فرمایا۔ ابن الجوزی نے موضوعات میں یہی لکھا ہے حاکم [۶۲] نے جو اسے صحیح لکھا اس میں شک ہے۔

حدیث: عُلَمَآءُ اُمَّتِیْ:

پھر حدیث عُلَمَآءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَآءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ کے متعلق دریافت کیا۔ فرمایا یہ حدیث ہی نہیں ہے سیوطی نے الدرر میں یہی لکھا ہے۔

حدیث: اَکْرِمُوْا عَمَّاتِکُمُ النَّخْلَ :

پھر حدیث اَکْرِمُوْا عَمَّاتِکُمُ النَّخْلَ کے متعلق پوچھا فرمایا یہ حدیث نہیں ہے۔ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے شرح میں، سیوطی نے الا
المصنوعہ میں اور ابن جوزی نے موضوعات میں یہی لکھا ہے۔

حدیث: اَنَا اَفْصَحُ مَنْ نَطَقَ بِالضَّادِ:

پھر حدیث اَنَا اَفْصَحُ مَنْ نَطَقَ بِالضَّادِ کے متعلق دریافت کیا۔ فرمایا یہ بھی حدیث نہیں ہے۔ حافظ ابن کثیر [۶۳] اور حافظ ا
الجزریؒ نے النشر اور سیوطی نے الدرر میں اسی طرح لکھا ہے۔

اسی طرح میں نے بہت سی احادیث کے متعلق دریافت کیا جو اس وقت مجھے یاد نہیں ہیں اور آپ کا جواب بالکل علماء و محد
کے موافق پایا۔

عجیب بات تو یہ تھی کہ جب میں آپ سے اس قسم کی گفتگو کرتا تو آپ اُس حدیث کو جسے بخاری نے بیان کیا ہے اور مسلم [۶۴] میں نہ
ہے یا مسلم نے دی ہے اور بخاری نے نہیں دی اُن میں امتیاز کر لیتے بلآخر جب ایک عرصے تک آپ کا امتحان لیتا رہا اور مجھے تحقیق ہوگئی
آپ حدیث اور غیر حدیث میں امتیاز کر سکتے ہیں تو میں نے دریافت کیا کہ آپ کیسے یہ معلوم کرتے ہیں؟ تو ایک بار فرمایا کہ

کلام نبی ﷺ چھپا نہیں رہتا / اولیاء اللہ کلام نبی ﷺ کو کیسے پہچانتے ہیں؟

نبی ﷺ کا کلام چھپا نہیں رہ سکتا۔ لیکن ایک بار پھر یہی سوال کیا تو فرمایا جب انسان موسم سرما میں بات کرتا ہے تو اس کے منہ
بھاپ نکلتی ہے لیکن یہ بھاپ موسم گرما میں نہیں نکلتی یہی حال اُس شخص کا ہے جو کلام نبی ﷺ پڑھتا ہے کہ اس کے کلام سے نور نکلتا ہے
جو کسی اور کا کلام پڑھتا ہے تو کلام بغیر نور کے نکلتا ہے۔ [۶۵]

ی پہچان:

ایک بار پھر پوچھا تو فرمایا جب چراغ غذا حاصل کرتا ہے تو اس کا نُور قوی ہو جاتا ہے، لیکن جب غذا کے بغیر چھوڑ دیا جائے تو اپنی پر رہتا ہے۔

عارفین کا بھی یہی حال ہے کہ جب وہ نبی ﷺ کا کلام سنتے ہیں تو اُن کے انوار قوی اور ان کے معارف میں بیشی ہو جاتی ہے لیکن یر کا کلام سنتے ہیں تو اپنی حالت پر رہتے ہیں۔

ءاللہ خواہ وہ امی ہی کیوں نہ ہوں قرآن اور حدیث میں امتیاز کر سکتے ہیں:

جب مجھے یہ معلوم ہو گیا کہ آپ اس معاملہ میں راسخ ہیں اور آپ ان الفاظ کو پہچاننے میں جو نبی ﷺ کے دہن مبارک سے نکلے ہاڑ کی طرح متزلزل نہیں ہوتے تو میں نے چاہا کہ قرآن اور حدیث میں فرق کے متعلق آپ کو آزماؤں کیونکہ انہیں دوسری سورتوں کا ی کیا سَبِّحِ کا حزب بھی یاد نہ تھا۔ چنانچہ کبھی میں ایک آیت پڑھتا اور پوچھتا حضور یہ حدیث ہے یا قرآن۔ فرماتے یہ تو قرآن ہے، یث پڑھتا اور پوچھتا کیا یہ قرآن ہے یا حدیث؟ فرماتے حدیث ہے۔ مدت تک اس کا بھی امتحان کرتا رہا حتیٰ کہ ایک مرتبہ یوں حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلَوٰتِ الْوُسْطٰى وَهِيَ صَلٰوةُ الْعَصْرِ وَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ اور پوچھا آیا یہ قرآن ہے یا ۔ فرمایا کچھ قرآن ہے کچھ حدیث وَهِيَ صَلٰوةُ الْعَصْرِ کے الفاظ آنحضرت ﷺ کے دہن مبارک سے نکلے ہیں۔ یہ قرآن کے یں ہیں اور باقی قرآن کے ہیں۔ جب میں نے یہ سوال کیا تھا تو میرے ساتھ علماء کی ایک جماعت بھی بیٹھی ہوئی تھی۔ یہ سن کر واللہ یران رہ گئے۔

ن اور حدیثِ قدسی میں فرق:

جب مجھے علم ہو گیا کہ آپ قرآن اور حدیث میں امتیاز کر سکتے ہیں تو خیال آیا کہ قرآن اور حدیث قدسی کے فرق کے بارے میں وں۔ اس پر میں نے حدیث قدسی ذکر کرنی شروع کی اور پوچھتا گیا یہ قرآن ہے یا حدیث؟ آپ فرماتے یہ نہ تو قرآن ہے نہ ایسی ث ہے جیسی تم پہلے پوچھتے رہے ہو۔ یہ تو حدیث کی ایک اور قسم ہے جسے حدیث ربانی کہا جاتا ہے۔ میں نے آپ کے دست مبارک پر دیا اور عرض کیا کہ ہم اللہ سے پھر آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ ان تینوں میں فرق بیان کر دیں۔ کیونکہ حدیث قدسی ایک طرف تو ن سے مشابہت رکھتی ہے اور دوسری طرف اس حدیث سے جو قدسی نہیں ہے قرآن سے اس کی مشابہت تو اس لئے ہے کہ یہ اللہ کی سے مُنَزَّل ہوتی ہے اور غیر قدسی حدیث سے مشابہت اس لئے ہے کہ اس کی تلاوت کا حکم نہیں دیا گیا۔

آپ نے فرمایا: یہ تینوں کلام اگرچہ آنحضرت ﷺ کے دہن مبارک سے نکلے ہیں اور ان میں آنحضرت ﷺ کے انوار پائے تے ہیں، پھر بھی ان میں یہ فرق ہے کہ قرآن میں جو نور ہے وہ قدیم ہے اور ذات حق سبحانہ میں سے نکلا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا کلام[66] قدیم ہے اور حدیث قدسی کا نور آنحضرت ﷺ کی رُوح کا نور ہے اور نور قرآن[67] کی طرح قدیم نہیں ہے اور جو نور حدیث غیر ں میں پایا جاتا ہے وہ آپ کی ذات کا نور ہے۔ رُوح کا نہیں۔ لہٰذا یہ تین قسم کے نور ہوئے جو اپنی نسبت کے لحاظ سے مختلف ہوتے

ہیں۔ چنانچہ نورقرآن ذات حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے ہے۔نورحدیث قدسی رُوح نبی ﷺ کی طرف سے اور غیرقدسی حدیث کا آنحضرت ﷺ کی ذات سے۔

نورذات نبی ﷺ اورنورِرُوح میں فرق:

میں نے عرض کیا نورِرُوح اورنورذات میں کیا فرق ہے۔فرمایا: کہ ذات کی پیدائش تو مٹی سے ہوئی اور تمام مخلوقات بھی مٹی پیدا ہوئی اور رُوح ملاء اعلیٰ سے ہے اور ملاء اعلیٰ حق سبحانہ وتعالیٰ کی سب سے زیادہ معرفت رکھتے ہیں اور چونکہ ہر شے اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔لہٰذا نُورِرُوح کو حق سبحانہٗ کے ساتھ تعلق ہوگا اورنورذات کو مخلوق سے۔

حدیث قدسی کی قسمیں:

اسی لئے احادیث قدسیہ کا تعلق حق سبحانہٗ کے ساتھ ہے یا تو ان میں حق سبحانہ کی عظمت کا اظہار ہوگا یا اظہار رحمت کا یا اظہار وسعتِ ملک اور کثرت عطا کا۔ چنانچہ پہلی قسم کی حدیث قدسی کی مثال جس میں عظمت خداوندی کا اظہار ہے مسلم کی یہ حدیث ہے جس کو روایت ابوذرؓ نے کی ہے۔یَا عِبَادِیْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ وَاٰخِرَکُمْ وَاِنْسَکُمْ وَجِنَّکُمْ۔الخ[۶۸]

دوسری قسم کی حدیث کی مثال جس میں اظہار رحمت ہوتا ہے یہ حدیث ہے اَعْدَدْتُّ لِعِبَادِیَ الصّٰلِحِیْنَ۔

تیسری قسم کی حدیث کی مثال جس میں وسعت ملک اور کثرت عطا کا ذکر ہے، یہ حدیث ہے۔یَدُ اللّٰہِ مَلَاٰی لَا تَغِیْضُھَا نَفَقَۃٌ سَحَّاءُ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ۔الخ[۶۹]

اورحق سبحانہ تعالیٰ کے بارے میں یہ علوم رُوح کے علوم ہیں اور جو احادیث غیرقدسیہ ہیں ان میں اُن کا روئے سخن صرف ان امور کی جانب ہوتا ہے جن کا تعلق عباد و بلاد کی اصلاح کے ساتھ ہے۔مثلاً یہ کہ ان میں حلال وحرام بیان ہوتا ہے یا وعدہ و وعید کا ذکر کرکے طاعت کی ترغیب دی جاتی ہے۔

میں نے حضرت کی تقریر سے جو کچھ سمجھا یہ اس کا خلاصہ ہے۔ورنہ حق بات یہ ہے کہ میں اسے پورے طور پر بیان نہیں کرسکا ہی پورا مفہوم ادا کیا ہے۔

حدیث قدسی کلام خداوندی نہیں بلکہ کلام نبی ﷺ ہے:

پھر میں نے دریافت کیا کہ حدیث قدسی اللہ کا کلام ہے یا نہیں۔فرمایا یہ اللہ کا کلام نہیں ہے، یہ تو نبی ﷺ کا کلام ہے۔میں سوال کیا تو پھر اسے اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں منسوب کیا جاتا ہے اور اسے حدیث قدسی کیوں کہا جاتا ہے اور پھر اس حدیث کے متعلق الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں کہ اس حدیث کو آنحضرت ﷺ نے اپنے رب سے روایت فرمایا ہے اور جب یہ حدیث کلام نبی۔قرار پھر رب سے روایت کہاں ہوئی؟ مزید برآں ان احادیث میں جو ضمیر متکلم کی آتی ہے ان کا کیا کریں؟

مثلاً اس حدیث میں یَا عِبَادِیْ لَوْ اَوَّلَکُمْ وَاٰخِرَکُمْ الخ اور اس حدیث میں اَعْدَدْتُّ لِعِبَادِیَ الصَّالِحِیْنَ اور اس میں اَصْبَحَ مِنْ عِبَادِیْ مُؤْمِنٌ بِیْ وَکَافِرٌ کیونکہ اس طرح خطاب کرنا تو اللہ ہی کو مناسب ہے۔لہٰذا احادیث قدسیہ کو اللہ کا کلا

چاہیے۔ اگر چہ ان کے الفاظ معجزہ نہیں ہیں اور نہ ہی ہمیں ان کی تلاوت کا حکم دیا گیا ہے۔ حضرت نے ایک بار تو اس کا یوں جواب دیا کہ حق سبحانہ کی طرف سے ذات نبی ﷺ پُر انوار اس کثرت سے برستے کہ آپ ﷺ کو ایک خاص قسم کا مشاہدہ حاصل ہوتا۔ اگر چہ عام مشاہدہ تو آپ کو ہر وقت حاصل ہوتا۔ چنانچہ ایسی حالت میں اگر انوار کے ساتھ حق سبحانہ وتعالیٰ کا کلام بھی سنائی دیتا یا کوئی فرشتہ نازل ہوتا تو یہ قرآن تھا۔ لیکن اگر کلام سنائی نہ دیتا اور نہ ہی کوئی فرشتہ اترتا تو یہ وقت حدیث قدسی کا ہوتا۔ چنانچہ اس حالت میں جب آپ کلام فرماتے تو شان ربوبیت میں کلام فرماتے۔ اس کی عظمت کی وجہ سے اور اس کے حقوق کے ذکر کی وجہ سے اب اس کلام کو رب کی طرف منسوب کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ کلام اس مشاہد کے ساتھ ہوتا جس میں امور مخللط ہو جاتے۔ یہاں تک کہ غیب بمنزلہ شہادت ہو جاتا اور باطن بمنزلہ ظاہر کے۔ اسی لئے اسے رب کی طرف منسوب کیا گیا اور کہا گیا کہ یہ حدیث ربانی ہے اور یہ کہ یہ وہ حدیث ہے جسے آنحضرت ﷺ نے اپنے رب سے روایت کیا اور ضمیر متکلم لانے کی وجہ یہ ہے کہ اپنے رب کی شان مشاہدہ کر کے بزبان حال (حق تعالیٰ کی طرف سے) نقل فرمایا اور تو حدیث قدسی نہیں ہوتی، اس کے ساتھ وہ نُور نکلتا ہے جو آنحضرت ﷺ کی ذات میں دائم رہتا ہے اور اس سے کبھی جدا نہیں ہوتا۔

نور نبی ﷺ کی تشریح:

اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی ذات کو انوار حق سے مستفیض کیا ہے۔ بعینہٖ اسی طرح جس طرح اللہ تعالیٰ نے جرم آفتاب کو انوار محسوسہ سے نوازا ہے لہٰذا جس طرح سورج کے لئے نور ہونا ضروری ہے اسی طرح آپ کی ذات شریفہ کے لئے بھی نور کا ہونا لازم ہے۔

دوسری تشریح:

دوسری مرتبہ فرمایا ہم فرض کر لیتے ہیں کہ ایک شخص کو دائمی بخار ہے اور ہے بھی ایک معین درجہ کا۔ اور پھر فرض کر لیں کہ بخار اسے زیادہ زور کا ہو گیا یہاں تک کہ اس کے حواس جاتے رہے اور وہ ایسی باتیں کرنے لگتا ہے کہ وہ خود بھی نہیں سمجھتا کہ میں کیا کہہ رہا ہوں۔ پھر یہ فرض کر لیں کہ یہ بخار اسی قدر زور پکڑ جائے کہ وہ اپنے حواس کھوئے اور اپنی عقل پر قائم رہے اور جو کچھ بولے اسے سمجھتا بھی ہو اور اس بخار کی تین حالتیں ہوئیں۔

۱۔ بخار کی معلوم مقدار۔

۲۔ بخار کی اس قدر شدت کہ مریض حواس کھو بیٹھے۔

۳۔ بخار کی اس قدر شدت کہ مریض حواس نہ کھوئے۔

نور نبی ﷺ کی تین حالتیں:

آنحضرت ﷺ کی ذات مطہرہ کے انوار کا بھی یہی حال ہے (۱) معین مقدار کے نور کے وقت جو کلام فرمائیں گے وہ حدیث غیر قدسی ہوگی۔ (۲) اگر انوار پھیل جائیں اور ذاتِ نبی ﷺ کو مشتعل کر دیں یہاں تک کہ آپ اپنی معتاد الحالت سے باہر ہو جائیں تو اس وقت جو کلام ہوگا وہ کلام اللہ ہوگا۔ نزول قرآن کے وقت آپ کی یہی حالت ہوتی تھی۔ (۳) اگر انوار پھیل جائیں لیکن آپ کو اپنی حالت

سے نہ نکالیں تو اس وقت جو کلام آپ فرمائیں گے وہ حدیث قدسی کہلائے گی۔

تیسری تشریح:

ایک اور مرتبہ یوں فرمایا جب نبی ﷺ کلام فرمائیں تو اگر یہ کلام آپ کے اختیار سے باہر ہو تو یہ قرآن ہے۔ اگر آپ کے اختیا
میں ہے اور پھر اس میں عارضی انوار پھیل جائیں تو یہ حدیث قدسی ہے اور اگر انوار دائمی ہوں تو یہ حدیث غیر قدسی ہے اور چونکہ آپ ک
کلام کے ساتھ حق سبحانہ کے انوار کا ہونا ضروری ہے اس لئے جو بات بھی آپ فرماتے ہیں وہ سب وحی الٰہی ہے۔ البتہ ان میں انوار ک
اختلاف کی وجہ سے تین قسمیں بن گئیں ہیں۔ واللہ اعلم

میں نے عرض کیا یہ تو نہایت عمدہ کلام ہے، لیکن اس بات کی کیا دلیل ہے کہ حدیث قدسی اللہ کا کلام نہیں ہے۔ فرمایا بھلا اللہ کا کلا
بھی چھپ سکتا ہے؟ میں نے عرض کیا: کیا کشف کے ذریعے سے فرمایا کشف کے ذریعہ سے بھی اور بغیر کشف کے بھی جس کسی میں عقل
اور وہ خاموشی سے قرآن سُنے، پھر خاموشی سے کسی اور کا کلام سنے تو دونوں میں بالضرور فرق پائے گا۔ صحابہؓ سب سے عقلمند لوگ تھے ا
انہوں نے اپنے آباء کے دین کو صرف اس لئے چھوڑا کہ ان پر یہ بات واضح ہوگئی تھی کہ یہ اللہ کا کلام ہے اور اگر آنحضرت ﷺ کے پا
صرف احادیث قدسیہ کا سا کلام ہوتا تو ایک شخص بھی آپ پر ایمان نہ لاتا۔ وہ چیز جس کے سامنے ان کی گردنیں جھک گئیں وہ قرآن ع
ہی ہے جو رب سبحانہ وتعالیٰ کا کلام ہے۔

میں نے عرض کیا کہ انہیں کیسے معلوم ہوا کہ یہ رب کا کلام ہے۔ حالانکہ عرب لوگ تو بت پرست تھے اور انہیں اس سے پہلے ا
تعالیٰ کی پہچان نہ تھی کہ وہ معلوم کر سکتے کہ یہ اللہ کا کلام ہے۔ زیادہ سے زیادہ انہیں یہ سمجھ آتا تھا کہ ایسا کلام کہنا بشری طاقت سے باہر ہے
سو ہوسکتا ہے کہ مثال کے طور پر یہ فرشتوں کا کلام ہو۔

کلام اللہ کی ہیبت اور دبدبہ شاہی فرمان کا سا ہے:

حضرت نے جواب دیا جو شخص بھی قرآن کو سُنے گا اور اس کے معانی کو دل پر جاری کرے گا تو اسے لازمی طور پر یہ محسوس ہو جا
کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ کیونکہ جو عظمت اس میں پائی جاتی ہے اور جو ہیبت اس سے طاری ہوتی ہے وہ عظمت ربوبیت اور سطوۃ الوہ
کے سوا کسی اور کی نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ جب ایک عقلمند اور ذی فہم انسان کسی دنیاوی بادشاہ کا کلام سن لے، پھر اس کے بعد اس کی رعیت
کلام سنے تو بادشاہ کے کلام میں ایک خاص بات پائے گا جس سے وہ پہچانا جائے گا۔ حتیٰ کہ اگر ہم فرض کرلیں کہ وہ شخص نابینا ہے اور
جگہ نیچے لوگ بیٹھے باتیں کر رہے ہوں اور بادشاہ بھی اُن میں چھپ کر بیٹھا ہو اور باری باری تقریر کریں تو یہ اندھا بادشاہ کے کلام کو دوس
کے کلام سے پہچان لے گا اور اس میں قطعاً شک وشبہ نہ ہوگا۔ جب فانی کا فانی کے ساتھ یہ رنگ ہے تو کلام قدیم کا کیا رنگ ہوگا صحابہؓ
قرآن ہی سے اپنے پروردگار کو پہچانا۔ اس کی صفات کو پہچانا اور جس ربوبیت کا وہ مستحق ہے اس کو پہچانا۔ قرآن کا محض سن لینا ہی ان
لئے اللہ کا علم الیقین حاصل کرنے میں معاینہ اور مشاہدہ کا قائم مقام ہوگیا۔ یہاں تک حق سبحانہ ان کے نزدیک ایسا بن گیا جیسا ہمنشین
کسی سے اس کا ہمنشین چھپا نہیں ہوتا۔

کلام اللہ کی پہچان:

پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی پہچان ان اُمور سے ہوتی ہے۔

۱۔ پہلی پہچان: طاقت بشری سے خارج ہونا۔ یہ کلام انسانوں بلکہ تمام مخلوقات کی قدرت سے باہر ہوتا ہے کیونکہ اللہ کا کلام اللہ کے علم محیط[۲] فیصلے اور حکم کے مطابق ہے اور فانی کا علم نہ تو محیط ہوتا ہے اور نہ اس کے فیصلے نافذ ہوتے ہیں۔ لہٰذا فانی اپنے فانی علم اور عاجز حکم کے مطابق بات کرے گا۔ کیونکہ اس کے اختیار میں کوئی چیز نہیں ہوتی۔

۲۔ دوسری پہچان: اس میں دبدبہ پایا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے کلام میں وہ عظمت پائی جاتی ہے جو اوروں کے کلام میں نہیں پائی جاتی۔ کیونکہ کلام جس ذات سے نکلتا ہے اسی کے احوال کے تابع ہوتا ہے۔ لہٰذا جب اللہ کا کلام نکلے گا تو اس کے ساتھ الوہیت کی سطوت اور ربوبیت کی شان ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن میں انعام کے وعدے کے ساتھ ساتھ سزا کی دھمکی اور اجر کی بشارت کے ساتھ ساتھ عذاب کا خوف دلایا گیا ہے۔ اگر بالفرض اللہ میں صرف اتنی عظمت ہوتی کہ وہ کلام کر رہا ہے اور سارا ملک اس کی ملکیت ہے اور تمام شہروں پر اُس کی حکومت ہے اور سارے بندے اس کے غلام ہیں۔ زمین اس کی ملکیت ہے اور آسمان اس کا ہے مخلوقات اسی کی ہے جس میں کسی اور کا دخل نہیں ہے۔ تب بھی اس کا کلام پہچاننے کے لئے یہ کافی تھا اور دوسرے کے کلام میں بالضرور خوف کی علامت پائی جائے گی۔ کیونکہ متکلم خواہ کتنا مقرب کیوں نہ ہو اُس کے دل میں اللہ کا خوف بھرا ہوگا اور اللہ تعالیٰ تو کسی سے ڈرتا نہیں ہے کیونکہ وہ غالب ہے اور اس کا کلام بھی غالب ہے۔

۳ تیسری پہچان: جب کلام قدیم سے ان فانی حروف کو علیحدہ کر دیا جائے اور خالص معانی قدیمہ رہ جائیں تو تُو دیکھے گا کہ ان کا تخاطب تمام مخلوقات سے (یعنی ابتدائے آفرینش سے انتہائے آفرینش تک) ہے اور اس کلام میں ماضی حال اور مستقبل[۳] میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ معنی[۴] قدیم میں نہ ترتیب ہے نہ تجزیہ۔ اللہ جس شخص کی بصیرت کی آنکھ کھول دے اور وہ معنی قدیم کو دیکھے تو اسے لاانتہاء پائے گا۔ اس کے بعد جب وہ حروف پر نظر ڈالے گا کہ یہ ایک قسم کی صورت ہے جس میں معنی قدیم چھپے ہوئے ہیں۔ لہٰذا جب اس صورت کو الگ کر دیتا ہے تو اسے ایک غیر متناہی شے دکھائی دیتی ہے اور یہی باطن قرآن ہے اور جب صورت کو دیکھتا ہے تو اس کو دو پٹھوں میں محدود دیکھتا ہے اور یہ ظاہر قرآن ہے اور جب قرآن کو کان لگا کر سنتا ہے تو معانی قدیمہ کو الفاظ کے سایہ میں اس طرح پڑا ہوا پاتا ہے کہ وہ انہیں صاف دیکھ لیتا ہے بعینہ اسی طرح جس طرح کہ وہ محسوسات کو بینائی کے ذریعے سے دیکھ لیتا ہے۔

۴۔ چوتھی پہچان: وہ امتیاز جو آنحضرت ﷺ نے اپنے کلام اور اللہ تعالیٰ کے کلام میں قائم رکھا۔ کیونکہ آپ نے اللہ تعالیٰ کے کلام کے لکھنے کا حکم دیا اور اس کے علاوہ کسی اور کلام کے لکھنے سے منع فرما دیا اور حکم دیا کہ جو کچھ کلام اللہ[۵] کے علاوہ لکھا ہے اسے مٹا دیا جائے اور یہ جو کہیں ثبوت ملتا ہے کہ صحابہ نے احادیث قدسیہ کو بھی لکھ لیا تھا تو یہ منجملہ اُن تحریروں کے ہوگا جس میں انہوں نے آنحضرت ﷺ کے کلام کو لکھ لیا تھا۔ نہ ان تحریروں میں جن میں کلام الٰہی لکھا تھا مزید برآں مذکورہ بالا تین خصلتیں احادیث قدسیہ میں نہیں پائی جاتیں۔ یعنی طاقت بشریٰ سے خارج ہونا وغیرہ۔

یہ خلاصہ ہے جو ہم نے ان تینوں (عام احادیث' حدیث قدسی اور قرآن) میں فرق کے متعلق حضرت کے ارشادات سے سمجھا ہے اور آپ کا آخری جواب یعنی آپ کا یہ فرمانا کہ جو شخص بھی قرآن کو غور سے سنے گا اور پھر اور کلام سنے گا تو وہ یقیناً دونوں میں فرق پائے گا۔ اس کے قریب قریب امام ابو بکر باقلانی[۶] نے کتاب الانتصار میں اشارہ کیا ہے اور اس پر بہت زور دیا ہے حتیٰ کہ اسی سے روافض کے بہتیرے دعوے جن میں غیر قرآن کو انہوں نے قرآن کی طرف منسوب کیا ہے۔ رد کیا ہے اگر طوالت کا اندیشہ نہ ہوتا تو ان کا کلام بھی یہاں نقل کر دیتا تا کہ تُو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتے۔

الحاصل جب حضرت نے جواب دینا شروع ہی کیا تھا تو میں حیران ہو گیا تھا کہ آپ نے فوراً وہ بات کہی جس کا ذکر امام مذکور (امام باقلانی) نے کیا ہے۔ پھر یہ کہ آپ نے آخری جواب میں ایک پانچواں فرق بھی بیان فرما دیا جس کی بنیاد محض کشف پر ہے، لیکن ہم نے یہ جواب درج نہیں کیا۔ کیونکہ یہ عوام کی عقلوں سے بالا ہے۔ اس مقدمہ میں ہم جو کچھ لکھنا چاہتے تھے اسے اسی پر ختم کرتے ہیں۔

اب ہم اصل مقصد کی طرف آتے ہیں اور وہ ان علوم کا جمع کرنا ہے جو ہم نے شیخ سے سنے اس کا ذکر کئی ابواب میں آئے گا۔

حواشی:

۱۔ مشکوٰۃ کتاب الایمان ص ۱۱، صوفیہ اس سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ جبرئیل یہاں پر بطور اُستاد کے آتے تھے تا کہ آدابِ شاگردی سکھائیں۔

۲۔ اُسے اُوجہ بھی کہتے ہیں۔ یہ چاندی کا ایک سکّہ ہے جو مراکش میں اٹھارویں اور انیسویں صدی عیسوی میں شریفوں نے رائج کیا۔ یہ سب سے چھو چاندی کا سکہ تھا جو ۲۴ کلوس کے برابر تھا۔ انسائیکلو پیڈیا آف اسلام۔

۳۔ سوتیلی بہن

۴۔ عمر بن الفارض: ابوحفص عمر بن علی المعروف بابن الفارض۔ قاہرہ میں ۵۷۶ھ: ۱۱۸۰ء میں ان کی پیدائش ہوئی۔ فقہ، لغت اور ادب میں مہارت حاصل کی۔ پھر طریقت کی راہ پر چلے اور مقاماتِ مقدسہ کی زیارت کی۔ ۶۳۶ھ، ۱۲۳۴ء میں وفات پائی۔ یہ عربی زبان کے واحد صوفی شاعر ہیں۔

۵۔ عادل

۶۔ آنحضرتe کی مدح میں علامہ بوصیریؒ نے عربی میں ایک قصیدہ کہا ہے جسے قصیدۂ بردہ کہا جاتا ہے۔ صوفیاء کے ہاں خاص طریقہ پر اس کا ورد کیا جاتا ہے اور اس کے ورد کرنے میں بہت سے فوائد مضمر ہیں۔ ناظم قصیدہ علامہ بوصیریؒ کو اس قصیدہ کی بدولت فالج سے شفا ملی تھی۔ علامہ بوصیریؒ ۶۰۹ھ ۱۲۱۲ء میں مصر میں پیدا ہوئے اور ۶۹۶ھ: ۱۲۹۶ء میں وفات پائی۔

۷۔ وہ مجلس جس میں اقطابِ عالم و اغواث کا اجتماع ہوا کرتا ہے۔ کتاب کے آخر میں اس کا تفصیلی بیان آئے گا۔

۸۔ نصرانیت کے غلبہ کی طرف اشارہ ہے۔

۹۔ حوض

۱۰۔ غسل دینے والوں

۱۱۔ محلّہ کا نام

۱۲۔ آج کل کے حساب سے ایک مثقال قریباً ۲/۱-۴ ماشہ کا ہوتا ہے پانچ مثقال تقریباً ۲ تولے بنے یعنی اس قدر سونا دیا۔

۱۳۔ کپڑے کے اوپر مقیش یا کشیدہ کاری کرنے کو طراز کہتے ہیں اور بنانے والے کو طرّاز۔ اس زمانے میں الجزائر، مصر وغیرہ میں طراز کے کارخانے پائے جاتے تھے۔ طراز کے معنی طراز کے کارخانہ کے بھی ہیں چنانچہ یہاں یہی مراد ہیں۔

۱۴۔ مقصد یہ تھا کہ اصل حقدار اور اہل تو تُو ہے لیکن تیرا مطالبہ نہیں اس لیے اگر تُو راضی ہو تو اُسے دیا جائے۔

۱۵۔ اصل کتاب میں مخزن کا لفظ ہے جو مراکشی زبان میں حکومت (Government) کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ (انسائیکلو پیڈیا آف اسلام، مقالہ مخزن

۱۶۔ بدرالدین زرکشی: بدرالدین محمد عبداللہ الزرکشی شافعی بزرگ ہیں ان کی وفات ۷۹۴ھ: ۱۳۹۱ء میں ہوئی۔ انہوں نے تاج الدین سبکی کی کتاب جمع الجوامع کی شرح لکھی ہے جس کا نام تشنیف المسامع رکھا۔ (کشف الظنون ۱/۳۰۵)

۱۷۔ ابونصر عبدالوہاب بن علی تاج الدین سبکی ۷۲۷ھ: ۱۳۲۵ء میں پیدا ہوئے اور ۷۷۱ھ: ۱۳۷۰ء میں وفات پائی۔ یہ شافعی بزرگ تھے اور انہوں نے بہت سی تصانیف کیں۔ ان کی جمع الجوامع اصول فقہ کی کتاب ہے۔

۱۸۔ احادیث الصفات وہ احادیث ہیں جن میں اللہ کے ہاتھ، پاؤں، آنکھ، انگلی وغیرہ کا ذکر آیا ہے۔ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق خدا کا کوئی جسم نہیں کہ اس کے ہاتھ پاؤں وغیرہ ہوں لیکن اس کے باوجود خود قرآن مجید میں بھی اور احادیث میں بھی اللہ کی طرف ہاتھ پاؤں وغیرہ منسوب کیے گئے ہیں۔ اس بارے میں محدثین کے دو گروہ ہو گئے۔ ایک متقدمین کا اور دوسرا متاخرین کا۔ متقدمین نے معاملہ خدا اور رسول پر چھوڑا اور کہہ دیا کہ ہمیں علم نہیں۔ ہم تو اسی طرح مانتے ہیں جیسا کہ ان احادیث میں آیا ہے۔ ان کی حقیقت کیفیت کا علم خدا کو ہی ہے۔ اسے ''تفویض'' کہتے ہیں یعنی ''معاملہ کو خدا کے سپرد کر دینا'' متاخرین ان احادیث کی تاویل کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہاتھ سے مراد قوت ہے۔ سننے سے مراد علم ہے وغیرہ اور یہ دونوں طریقے اہل سنت کے ہیں۔ حضرت سے یہی پوچھا گیا تھا کہ ان میں سے بہتر کون سا طریقہ ہے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ یہ سوال کون شخص کر رہا ہے۔ سوال کرنے والا ایک عالم ہے اور پھر ہے بھی اہلِ باطن میں سے، جواب دینے والا غوثِ زمان ہے لہٰذا ان کا جواب اہلِ دل کے لیے زیادہ موزوں ہے اب رہے عوام اور اہلِ ظاہر تو ان کے لیے ''تاویل'' کا طریقہ زیادہ مناسب ہے۔

۱۹۔ امام مالک: اہل سنت کے دوسرے امام' مالک بن مالک بن انسؒ، امام مالکؒ مدینہ میں ۹۳ھ ۷۱۰ء میں پیدا ہوئے۔ تمام لوگوں کا اتفاق ہے کہ وہ حدیث کے امام ہیں۔ انہوں نے مدینہ ہی میں قیام کیا اور وہاں سے کسی دوسرے شہر میں نہیں گئے۔ ان کی وفات ۱۷۹ھ' ۷۹۵ء میں ہوئی۔

۲۰۔ سفیان بن عیینہؒ: ابومحمد سفیان بن عیینہ کوفہ میں ۱۰۷ھ' ۷۲۵ء میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے چار برس کی عمر میں قرآن حفظ کیا اور سات برس کی عمر میں حدیث لکھی۔ ان کا شمار کبار محدثین میں ہوتا ہے۔ ۱۹۸ھ ۸۱۳ء میں اکانوے برس کی عمر میں مکہ میں وفات پائی۔

۲۱۔ سفیان ثوریؒ: سفیان بن سعید ثوری۔ انہیں حدیث کا امیر المومنین کہا جاتا ہے۔ ۹۷ھ ۷۱۴ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۵۵ھ' ۷۷۰ء میں کوفہ سے بصرہ چلے گئے اور وہیں ۱۶۱ھ' ۷۷۶ء میں وفات پائی۔ نہایت ہی عابد و زاہد تھے۔

۲۲۔ حماد بن زید: مشہور ثقہ راوی اور عالم تھے۔ انہوں نے ثابت بنانیؒ وغیرہ سے روایت حدیث کی اور ان سے عبداللہ بن مبارکؒ اور دیگر محدثین نے۔ یہ نابینا تھے ۱۹۹ھ' ۷۱۳ء میں وفات پائی۔

۲۳۔ حماد بن سلمہؒ: حماد بن سلمہ بن دینار۔ مشہور بصرہ کے عالم حمید الطویل کے بھانجے تھے۔ انہوں نے بکثرت روایت حدیث کی۔ ان کی وفات ۱۶۷ھ' ۷۸۳ء میں ہوئی۔

۲۴۔ شعبہؒ: شعبہ بن حجاج انہیں امیر المومنین فی الحدیث والروایۃ کہا جاتا تھا۔ نہایت عابد و زاہد تھے۔ ان کے اقوال مشہور ہیں۔ ۱۶۰ھ' ۷۷۶ء میں ستانوے برس کی عمر میں وفات پائی۔

۲۵۔ شریکؒ: شریک بن شہاب ان کا شمار تابعین میں ہوتا ہے مگر یہ زیادہ مشہور نہیں ہیں۔ ۱۴۰ھ' ۷۵۷ء میں وفات پائی۔

۲۶۔ ابوعوانہؒ: ابوعوانہ وضاح بن خالد الزار حافظ حدیث اور ثقہ تھے۔ انہوں نے حسن بصریؒ اور ابن سیرینؒ سے ملاقات کی۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں ان کی لکھی ہوئی حدیثیں صحیح ہیں مگر جب حافظہ سے حدیث بیان کرتے ہیں تو انہیں وہم پیدا ہو جاتا ہے۔ ۱۷۶ھ' ۷۹۲ء میں بصرہ میں ان کی وفات ہوئی۔ محدثین میں ایک اور حافظ حدیث ابوعوانہ ہیں جن کا نام یعقوب بن اسحٰق اصفرائنی ہے۔ انہوں نے ایک صحیح احادیث کی مسند مسلم صحیح کے طرز پر لکھی ہے۔ ان کی وفات ۳۱۶ھ' ۹۲۸ء میں ہوئی۔

۲۷۔ ربیعہؒ: ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰنؒ مدینہ کے فقہاء میں سے تھے۔ ان سے امام مالکؒ نے روایت کی ہے ۱۳۶ھ' مطابق ۷۵۳ء میں وفات پائی۔

۲۸۔ الاوزاعیؒ: عبدالرحمٰنؒ بن عمرو الاوزاعی ۸۸ھ' ۷۰۵ء میں پیدا ہوئے اور ۱۵۷ھ' ۷۷۲ء میں وفات پائی۔ ان کی وفات اس طرح ہوئی کہ یہ بیروت میں حمام میں گئے اور حمام والا دروازہ بند کر کے چلا گیا واپس آیا تو یہ مرے پڑے تھے۔ خلفاء ان کی بہت تعظیم کرتے تھے۔

۲۹۔ ابوحنیفہؒ: ابوحنیفہ نعمانؒ بن ثابتؒ: ان کی پیدائش ۸۰ھ' ۶۹۹ء میں ہوئی اور ۱۵۰ھ' ۷۶۷ء میں وفات پائی۔ اہل سنت کے پہلے امام ہیں اور ان کا شمار

تابعین میں ہوتا ہے۔ زہد وتقویٰ میں بے نظیر تھے۔

۳۰۔ شافعیؒ: محمد بن ادریس شافعیؒ اہل سنت کے تیسرے امام ہیں۔ ۱۵۰ھ ۷۶۷ء میں پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ ۸۱۹ء میں وفات پائی۔ اتباع حدیث پر سختی سے کاربند تھے۔ ان کے مناقب بے شمار ہیں۔

۳۱۔ احمد بن حنبلؒ: ابوعبداللہ احمد بن حنبلؒ۔ اہل سنت کے چوتھے امام ہیں۔ امام شافعیؒ کے شاگرد تھے علم وتقویٰ میں اپنے زمانے میں نظیر نہ رکھتے تھے۔ ۱۶۴ھ ۷۷۹ء میں بغداد میں پیدا ہوئے اور ۲۴۱ھ ۸۵۵ء میں وفات پائی۔

۳۲۔ ولید بن مسلمؒ: امام اور حافظ حدیث تھے۔ ان کی پیدائش ۱۱۹ھ ۷۳۷ء میں ہوئی۔ امام احمد بن حنبل، اسحاق وغیرہ نے۔ ان سے روایت کی۔ ذہبی تذکرۃ الحفاظ میں فرماتے ہیں کہ ان کے علم اور حافظ میں کوئی کلام نہیں مگر یہ تدریس کرتے ہیں۔ اسی لئے جب تک مراحۃ سماع کا ذکر نہ کریں ان کی حدیث کو دلیل نہ سمجھنا چاہیے۔ ۱۹۵ھ ۸۱۰ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۳۳۔ بخاریؒ: ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاریؒ ۱۹۴ھ ۸۰۸ء میں پیدا ہوئے اور ۲۵۶ھ ۸۶۸ء میں وفات پائی۔ ان کی کتاب صحیح بخاری کا شمار صحاح ستہ میں ہوتا ہے۔ بڑے متقی اور زاہد وعالم تھے۔

۳۴۔ ترمذی: محمد بن عیسیٰ ترمذی ۲۰۹ء، ۸۲۴ء میں پیدا ہوئے اور ۲۷۹ء، ۸۹۲ء میں ستر برس کی عمر میں وفات پائی۔ ان کی کتاب جامع ترمذی صحاح ستہ میں شمار کی جاتی ہے۔

۳۵۔ ابن المبارک: عبداللہ بن المبارکؒ علماء ربانیین میں سے تھے۔ ان کی پیدائش ۱۱۸ھ ۷۳۶ء میں ہوئی اور وفات ۱۸۱ھ ۷۹۷ء میں ہوئی۔

۳۶۔ ابن ابی حاتمؒ: ابومحمد عبدالرحمٰنؒ بن ابی حاتم۔ علوم اور معرفت رجال میں انہیں سمندر سمجھا جاتا تھا۔ زاہد تھے اور ان کا شمار ابدال میں ہوتا ہے۔ ان کی وفات ۳۲۷ھ ۹۳۸ء میں ہوئی۔

۳۷۔ یونس بن عبدالاعلی: عالم مصر تھے۔ ۱۷۰ھ ۷۸۶ء میں ان کی پیدائش ہوئی۔ انہوں نے ورش وغیرہ سے قرآن پڑھا اور سفیان بن عیینہؒ ولید بن مسلمؒ وغیرہ سے حدیث سنی ان کی وفات ۲۶۴ھ ۸۷۷ء میں ہوئی۔

۳۸۔ محمد بن حسن شیبانیؒ: واسط میں ۱۳۲ھ: ۷۴۹ء میں پیدا ہوئے اور کوفہ میں نشو ونما پائی۔ امام ابوحنیفہؒ کے مشہور شاگرد ہیں۔ انہوں نے بہت سی کتابیں لکھیں ۱۸۹ھ: ۸۰۳ء میں مقام رے میں وفات پائی۔

۳۹۔ امام الحرمینؒ: ابوالمعالی عبدالملک بن عبداللہ الجوینی المعروف بہ امام الحرمین۔ اپنے والد سے فقہ کی تعلیم حاصل کی اور فقہ اصول اور کلام میں نیشاپور بلکہ کل مشرق کے امام ہو گئے۔ مکہ میں چار سال تک مجاورت کی اور وہیں سے امام الحرمین کا لقب حاصل کیا۔ ان کی تصنیفات میں فقہ کی ایک کتاب نہایہ ہے ان کی وفات ۴۷۸ھ: ۱۰۸۸ء میں ہوئی۔

۴۰۔ بلاتشبیہ وتفسیر سے مراد یہ ہے کہ وہ خدا کی ان صفات کی انسان یا غیر کے اعضا سے تشبیہ نہیں دیتے اور نہ ہی دینی چاہیے کیونکہ اللہ انسان کی طرح تو نہیں ہے اور نہ ہی اس کی تشریح کرتے ہیں۔

۴۱۔ ابن حجرؒ: ابن حجر عسقلانیؒ صحیح بخاری کے مشہور شارح ہیں۔ شرح کا نام فتح الباری ہے جس کا ذکر کئی بار اس کتاب میں آیا ہے۔ انہوں نے بہت سی کتابیں لکھیں جن میں سے ایک اصابہ فی تمیز الصحابہؓ ہے۔ ۸۵۳ء: ۱۴۴۹ء میں وفات پائی۔

۴۲۔ قرونِ ثلاثہ سے مراد صحابہ وتابعین اور تابع تابعین کا زمانہ ہے۔

۴۳۔ لیثؒ: لیث بن سعد ابوالحارثؒ۔ یہ اہل مصر کے فقیہ تھے۔ ۹۴ھ: ۷۱۱ء میں مصر میں پیدا ہوئے۔ بہت سی مخلوق نے ان سے روایت حدیث کی۔ بہت بڑے مالدار تھے مگر کبھی زکوٰۃ فرض نہیں ہونے دی یعنی سب کچھ صدقہ وخیرات میں دے دیتے۔ ۱۵۷ھ: ۷۷۲ء میں وفات پائی۔

۴۴۔ امام ناصرالدین علی بن محمد بن المنیر اسکندرائی انہوں نے دس ضخیم جلدوں میں بخاری کی شرح لکھی ہے اور ابن بعال کی شرح پر حواشی لکھے ہیں ان کی ایک اور کتاب انتصاف ہے۔

۴۵۔ ابوالحسن شاذلی فرماتے ہیں ایمان اور اتباع سنت سے بڑھ کر کوئی کرامت نہیں ہو سکتی جیسے یہ حاصل ہو جائے اور پھر وہ کسی اور چیز کے پیچھے پھرنے لگے وہ مفتری اور کذاب ہے (لواقح الانوار فی طبقات الاغیار ج ۲:۶)

۴۶۔ عبدالسلام بن مشیشؒ: ابوالحسن شاذلیؒ کے پیر تھے۔ ابوالطواجن نے بلادِ مغرب میں انہیں قتل کر دیا تھا۔ (شعرانی ۲:۶)

۴۷۔ چونکہ شیخ کا کام مریدوں کی اصلاح کرنا اور اُن کو ہر مکروہ بات سے طریق ہدایت کی طرف لانا مقصود ہوتا ہے اسی لیے ان باتوں کا ذکر کیا کہ اگرچہ یہ اُمور کبائر میں سے نہ تھے لیکن پھر بھی ان سے منع کر دیا تا کہ اصلاحِ نفس ہو۔ مرید نے ان مکرُوہ چیزوں کا ذکر کر دیا ہے۔ حالانکہ وہ خود ان کا مرتکب ہوا تھا، لیکن چونکہ مسئلہ آخر مسئلہ ہی ہے اس لیے اوروں کی ہدایت کے لیے مولفِ کتاب نے یہاں یہ بات ذکر کر دی ہے۔

۴۸۔ نیلا دھاگہ ظلمت اور مَعصیّت کی علامت ہے۔

۴۹۔ نافرمان

۵۰۔ اوقیہ۔ ایک اونس

۵۱۔ سخرہ کے معنی معلوم نہ ہو سکے۔ (مترجم)

۵۲۔ شیخ کا کام مرید کو واصل باللہ بنانے کا ہوتا ہے اور جب مرید علائقِ دُنیاوی میں پھنسا ہوا ہو اس وقت اس کی توجہ ذات باری کی طرف کیسے ہو سکتی ہے؟ اس لیے شیخ دنیا و مافیہا سے قطع تعلق کرا کے پہلے اسے فنافی الشیخ کے درجہ میں لاتا ہے جب اس میں کمال حاصل کرتا ہے تو پھر فنافی الرسول کی باری آتی ہے۔ اور پھر فنافی اللہ میں پہنچ کر کمال حاصل کرتا ہے اس طرح شیخ وَاللّٰہُ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْن ۔ مشکوٰۃ باب الایمان ص ۱۲ اور قُلْ اِنْ کَانَ آبَاؤُکُمْ وَاَبْنَآءُکُمْ وَ اَزْوَاجُکُمْ وَ عَشِیْرَتُکُمْ وَ اَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْھَا وَتِجَارَۃٌ تَخْشَوْنَ کَسَادَھَا اَحَبَّ اِلَیْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَجِھَادٍ فِیْ سَبِیْلِہٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰہُ بِاَمْرِہٖ کا مفہوم سمجھا کر سعادتِ دارین عطا کرتا ہے۔

۵۳۔ روح کی جسم سے علیحدگی

۵۴۔ اصل کتاب میں تجرطافیت لکھا ہے جس کے معنی معلوم نہ ہو سکے۔ (مترجم)

۵۵۔ قرطبیؒ: شمس الدین محمد بن احمد بن فرح انصاری اُندلسی متوفی ۶۷۱ھ: ۱۲۷۲ء کتاب کا پورا نام التذکرہ باحوال الموتیٰ والامور الآخرۃ ہے۔ اس کا اختصار امام عبدالوہاب شعرانی نے کیا اور مختصر التذکرہ نام رکھا یہ دونوں چھپ چکے ہیں۔

۵۶۔ ابوشامہؒ: حافظ علاء مجتہد، ذوالفنون شہاب الدین ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن اسمٰعیل المقدسی، شافعی تھے۔ ۵۹۹ھ: ۱۲۰۳ء میں پیدا ہوئے اور ۶۶۵ھ: ۱۲۶۶ء میں ان کی وفات ہوئی۔ کتاب الروضتین فی اخبار الدولتین اور کتاب الذیل ان کی تصانیف میں سے ہیں۔

۵۷۔ نوویؒ: ابوزکریا محی الدین بن یحییٰ بن یحییٰ بن شرف مشہور محدث اور شارح صحیح مسلم ۶۳۱ھ: ۱۲۳۲ء میں پیدا ہوئے اور ۶۷۶ھ: ۱۲۷۷ء میں وفات پائی۔

۵۸۔ حافظ جلال الدین سیوطیؒ: سیوطی میں ۸۴۹ھ: ۱۴۴۵ء میں پیدا ہوئے۔ ابھی آٹھ سال کی عمر نہ ہوئی تھی کہ قرآن مجید حفظ کر لیا تھا۔ قاہرہ میں عرصہ تک درس دیتے رہے۔ اُن کی پانچ سو کے قریب تصانیف ہیں۔ ۹۱۱ھ: ۱۵۰۵ء میں وفات پائی۔ انہیں خاتم الحفاظ بھی کہا جاتا ہے۔

۵۹۔ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن الجوزی الحنبلیؒ: پیدائش ۵۱۰ھ میں اور وفات ۵۹۷ھ میں ہوئی۔ مشہور محدث اور مؤرخ گزرے ہیں۔

۶۰۔ ابن تیمیہؒ: حران میں ۶۶۲ھ: ۱۲۶۳ء میں پیدا ہوئے۔ دمشق میں تعلیم حاصل کی، ان کا بلا کا حافظہ تھا چنانچہ کہا جاتا ہے کہ جس حدیث کو ابنِ تیمیہ تسلیم نہ کریں وہ حدیث ہی نہیں ان کی بہت سی تصانیف ہیں ۷۲۹ھ: ۱۳۲۸ء میں وفات پائی۔

۶۱۔ حسن بصریؒ: مشہور صوفی اور زاہد گزرے ہیں۔ وہ ان لوگوں میں سے تھے جو خدا کے بارے میں لومۃ لائم کی پروا نہیں کرتے تھے۔ ۱۱۰ھ: ۷۲۸ء میں وفات پائی۔

۶۲۔ حاکمؒ: ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ المعروف بالحاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ: ۱۰۱۴ء انہوں نے مستدرک تالیف کی جس میں صحیحین کی شرط پر احادیث کا اخراج کیا مگر اس کتاب میں بہت سی ضعیف اور موضوع احادیث پائی جاتی ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ انہوں نے پہلے مستدرک لکھی پھر اُس میں کانٹ چھانٹ کرنا چاہا مگر موت نے مہلت نہ دی اس لیے ضعیف احادیث رہ گئیں۔

۶۳۔ ابن کثیرؒ: امام حافظ ابوالفداء اسمٰعیل بن عمر القرشی الدمشقی متوفی ۷۷۴ھ: ۱۳۷۲ء مشہور محدث ہیں۔ ان کی متعدد تصانیف ہیں۔ ان میں سے ایک تفسیر

قرآن بھی ہے۔

۶۴۔ مسلمؒ: مسلم بن حجاج القشیر ی ۲۰۴:۸۱۹ء میں پیدا ہوئے اور ۲۶۱ھ: ۸۷۴ء میں وفات پائی۔ان کی صحیح مسلم کا شمار صحاح ستہ میں ہوتا ہے۔

۶۵۔ امام عبدالوہاب شعرانیؒ متوفی ۹۷۳ھ نے اسی قسم کا ایک واقعہ شیخ محمد بن احمد فرغل متوفی ۸۵۳ کا نقل کیا ہے۔حضرت فرغل اُمی تھے ایک روز ایک فقیہ ان کے پاس آ کر بیٹھ گئے اور قرآن پڑھنا شروع کیا۔فقیہ نے قرأت میں چند آیات چھوڑ دیں اور آگے پڑھنا جاری رکھا۔حضرت فرغلؒ بول اُٹھے آپ نے عبارت چھوڑ دی ہے حضرت فرغل نے فرمایا: جب آپ قرآن پڑھ رہے تھے تو مجھے آسمان تک چڑھتا ہوا ایک نُور دکھائی دیتا تھا کہ یکا یک درمیان میں منقطع ہو گیا اور بعد کے نور سے اس کا اتصال نہ ہوا۔اس سے میں سمجھ گیا کہ آپ نے عبادت چھوڑ دی ہے۔(لواقح الانوار ج ۲:۹۶)

۶۶۔ بندۂ عاجز مترجم کہتا ہے کہ اس میں بھی حضرت دباغؒ کی کرامت پائی جاتی ہے کیونکہ حضرت کا یہ عقیدہ عین اہلِ السنّت کے عقیدہ کے مطابق ہے کہ کلام اللہ قدیم ہے، حادث نہیں ہے برخلاف معتزلہ کے کہ اُن کے عقیدہ کے مطابق کلام اللہ قدیم نہیں بلکہ حادث ہے اور تمام محدثین وفقہا اہل السنت کا اجماع ہے کہ معتزلہ کا عقیدہ باطل ہے۔(مترجم)

۶۷۔ حضرت عبدالعزیز دباغؒ کے اس فرمان سے کہ آنحضرت ﷺ کا نور حادث ہے۔قدیم نہیں ہے ایک اہم مسئلہ حل ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے آج کل مسلمان کے دو مقتدر گروہوں کے درمیان جھگڑا چل رہا ہے۔یعنی دیوبندی اور بریلوی۔ایک گروہ نورِ محمدی ﷺ پر زور دیتا ہے اور دوسرا گروہ توحید باری تعالیٰ کے پیش نظر اس سے انکار کرتا ہے لیکن اگر حضرت دباغ کے بیان کو مدنظر رکھا جائے تو کوئی اشکال نہیں رہتا اور درست بھی یہی ہے کہ نورِ محمدی ﷺ حادث ہے اور نورِ خداوندی ازلی وقدیم اور دونوں کے درمیان بیّن فرق ہے۔(مترجم)

۶۸۔ مشکوٰۃ باب الاستغفار ص ۲۰۳ نیز ص ۲۰۵ باب التوبہ

۶۹۔ مشکوٰۃ باب صفۃ الجنۃ واھلہا ص ۴۹۵

۷۰۔ علماء حدیث نے حدیث قدسی کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اس کا مفہوم اللہ کی طرف سے ہوتا ہے مگر الفاظ نبی ﷺ کے ہوتے ہیں۔

۷۱۔ عام حالت

۷۲۔ اللہ کا علم ہر چیز پر محیط ہے وہ عالم الغیب ہے۔اس کے حکم کو کوئی رد نہیں کر سکتا اور نہ اس کے فیصلے کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔لہٰذا اللہ کے کلام میں ان باتوں کے پائے جانے سے معلوم ہو جائے گا کہ یہ غیر کا کلام نہیں بلکہ اللہ کا کلام ہے۔

۷۳۔ ماضی حال اور مستقبل نام ہے زمانے کا، لیکن زمانہ ہی اُٹھ گیا تو نہ ماضی رہا نہ حال وغیر کیونکہ احکام تو مخلوقات کے لیے ہیں اور جب اس میں تخلیقِ عالم سے قیامت تک کی تمام مخلوقات کو مخاطب کر لیا گیا تو پھر ماضی یا حال یا مستقبل کی ضرورت ہی اُٹھ جاتی ہے اور اس قسم کا تخاطب اسی کو زیب دیتا ہے ازلی وابدی ہو اور وہ ذاتِ باری ہے لہٰذا اس کے کلام میں بھی یہ وصف ہے۔

۷۴۔ اللہ کے ہاں زمانہ کا امتیاز نہیں۔ ماضی اس کے سامنے حال اور مستقبل اُس کے سامنے لہٰذا یہ سب کچھ اس کے لیے حال ہے اور ترتیب انہی زمانوں سے مطابق ہوتی ہے لہٰذا جب زمانہ نہ رہا تو ترتیب بھی نہ رہی۔شیخ کے فرمان سے ایک اور اشکال بھی حل ہو گیا کہ کلام اللہ کسی خاص ترتیب سے مرتب نہیں نہ زمانہ نزول کے لحاظ سے اور نہ بیان کردہ واقعات کے لحاظ سے۔پھر اگر ماضی کو ایک لحہ کے لیے نظر انداز کر دیا جائے تو قرآن زمانِ نزول سے لے قیامت تک کے تمام زمانوں کے لیے ہے کیونکہ یہ آخری الہامی کتاب ہے اس لیے بھی اس میں حال و مستقبل برابر ہوئے۔

۷۵۔ تا کہ کہیں آپ کا کلام اللہ کے کلام سے نہ مل جائے۔

۷۶۔ ابوبکر باقلانی: قاضی ابوبکر محمد بن الطیب اشعری باقلانی متوفی ۴۰۳ھ

پہلا باب

وہ احادیث جن کا مطلب ہم نے شیخ سے دریافت کیا

پہلی حدیث:

ترمذی میں عبداللہ بن عمرو بن العاص سے مروی ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور آپ کے دونوں ہاتھوں میں دو کتابیں تھیں۔ ایک کتاب کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ کتاب رب العالمین کی طرف سے ہے اور اس میں اہل جنت کے نام ان کی ولدیت اور قومیت درج ہے۔ ان میں کبھی بھی کوئی کمی یا بیشی نہ ہوگی، پھر بائیں ہاتھ کی کتاب کی طرف اشارہ کر کے اسی قسم کے الفاظ دوزخیوں کے متعلق فرمائے۔ اس کے بعد آپ نے ہاتھ سے اشارہ فرما کر ان کو پھینک دیا اور فرمایا پروردگار بندوں سے فارغ ہو چکا۔ ایک فریق جنت میں جائے گا اور ایک فریق دوزخ میں۔[1] ابن حجر کہتے ہیں کہ اس حدیث کے اسناد حسن ہیں۔ ایک شخص کو اس میں اشکال پیدا ہوا اس نے خیال کیا کہ اس حدیث میں قدرت کا تعلق ناممکن چیز سے کیا ہے کیونکہ تمام اہل جنت کے نام ایک ایسی کتاب میں جمع کر دیئے گئے ہیں جس کو آنحضرت ﷺ کا دایاں ہاتھ اُٹھا سکے اور اسی طرح اہل دوزخ کے نام ایک ایسی کتاب میں جمع کر دیئے گئے ہیں جسے آپ بائیں ہاتھ میں اُٹھا سکیں۔ اس شخص نے سوال وضاحت سے کیا اور اس نے کئی ایک باتیں پوچھیں۔

اس حدیث پر اعتراض اور اس کا جواب:

علماء کلام کہتے ہیں کہ قدرت الٰہیہ کا تعلق ممکنات سے ہوتا ہے' محال سے نہیں۔ اس کے باوجود اس حدیث میں آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ اپنے دونوں ہاتھوں میں دو کتابیں لئے باہر نکل کر آئے اور فرمایا کہ اہل جنت کے نام مع والدیت' قومیت اور قبیلے کے ایک میں اور اہل دوزخ کے نام مع ان کی قوم اور قبیلے کے دوسری کتاب میں ہیں۔ حالانکہ دونوں کتابیں چھوٹی سی تھیں اور ناموں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ اس میں صغیر شئی کو کبیر پر وارد کیا گیا ہے۔ بدون اس کے کہ بڑی کو چھوٹا اور چھوٹی کو بڑا کیا جائے ورنہ کون سا دفتر ان کے ناموں کو ضبط کر سکتا ہے۔ یہ محال عقلی کی بڑی مضبوط دلیل ہے کہ وسیع چیز کو تنگ چیز پر داخل کیا گیا ہے باوجود اس کے کہ چھوٹی چھوٹی رہی اور بڑی بڑی حالانکہ اس کی خبر دینے والا نبی ﷺ معصوم ہیں جو اپنی خواہش سے نہیں بولتے بلکہ بذریعہ وحی بولتے ہے۔

حضرت نے جواب دیا کہ جو کچھ علماء کلام نے اور اہل السنت والجماعت نے کہا ہے عقیدہ وہی ہے، ولی کی کرامت اور نبی کے معجزات میں ایسی چیز نہیں ہو سکتی جسے عقل ناممکن قرار دے لیکن ان میں ایسی باتیں ہوتی ہیں جن کے سمجھنے سے عقل قاصر ہوتی ہے مگر جب

معنی مراد کی طرف ہدایت کی جاتی ۔ ہے تو پھر عقل اس کو قبول کر لیتی ہے۔

مذکورہ کتابوں میں کتابت سے مراد کتابت قلم نہیں بلکہ کتابت نظر ہے۔ اس کی تشریح یہ ہے کہ صاحب بصیرت بالخصوص سید الاولین والآخرین سیدنا ومولانا محمد ﷺ جب کسی چیز کو دیکھنے کا ارادہ کریں تو ان کی بصیرت اُن کے اور اُس شے کے درمیان ہر قسم کے پردوں کو پھاڑ کر نکل جاتی ہے۔ حتیٰ کہ اس کی روشنی اس چیز تک پہنچ کر اس کا احاطہ کر لیتی ہے لہٰذا جب اس چیز کی صورت بصیرت میں حاصل ہو جاتی ہے اور ہم نے بصیرت کا ملہ فرض کیا ہے تو اس کا اثر بصر تک جا پہنچتا ہے۔ لہٰذا جو قدرت بصیرت کو حاصل ہوتی ہے وہی بصر کو حاصل ہو جاتی ہے۔

چنانچہ بصر اپنے سامنے کی چیز میں اس شی کی نقوش دیکھ لیتی ہے لہٰذا اگر بصر کے بالمقابل دیوار ہوگی تو اس چیز کو دیوار میں دیکھے گا اگر اس کا ہاتھ ہوگا تو اسے ہاتھ میں دیکھے گا اور اگر اس کے بالمقابل کاغذ ہوگا تو اس چیز کو کاغذ میں دیکھ لیگا۔ یہی مراد ہے حضور کے اس فرمان کی[3] کہ مُثِّلَتْ لِیَ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فِیْ عُرْضِ هٰذَا الْحَائِطِ (مجھے اس دیوار کی پہنائی میں جنت و دوزخ دکھائی گئی ہے) کیونکہ آنحضرت ﷺ نے اپنی بصیرت کی توجہ ان کی طرف کی جبکہ آپ صلوٰۃ الکسوف[4] پڑھ رہے تھے تو تمام پردوں کو پھاڑ کر آپ کی بینائی میں یہ دونوں آ گئیں اور آپ کے سامنے دیوار کا عرض تھا۔ لہٰذا آپ نے ان دونوں کی صورت دیوار میں دیکھ لی۔

دو کتابوں کی حدیث سے یہی مراد ہے کیونکہ آپ نے اپنی بصیرت سے جنت کی طرف توجہ کی تو اس کی صورت آپ کی بصر میں آ گئی۔ اس وقت آپ کے سامنے وہ کتاب تھی جو آپ کے دائیں ہاتھ میں تھی تو آپ جنت اور اہل جنت کی صورت اس جسم میں دیکھنے لگ گئے جو آپ کے داہنے ہاتھ میں تھا اور فرمایا کہ یہ رب العالمین کی طرف سے کتاب ہے۔ اس میں اہل جنت کے نام مع ولدیت اور قومیت کے درج ہیں۔ پھر آپ نے اپنی بصیرت کو دوزخ کی طرف متوجہ کیا تو اس کی صورت آپ کی بصر میں آ گئی اور آپ کے بالمقابل وہ جسم جو آپ کے بائیں ہاتھ میں تھا۔ چنانچہ آپ اس کی صورت اور اس کی تمام چیزوں کی صورت دیکھنے لگ گئے اور فرمایا یہ رب العالمین کی طرف سے کتاب ہے اس میں دوزخیوں کے نام مع ولدیت اور قومیت کے درج ہیں اگر مُثِّلَتْ لِیَ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ والی حدیث میں کو اشکال[5] ہو سکتا ہے تو اس میں بھی ہو سکتا ہے اور اگر اُس میں کوئی اشکال نہیں ہے تو اس میں بھی نہیں ہے۔ اشکال اسی صورت میں ہو سکتا جب ہم قلم کی لکھت مراد لیں۔ اگر اس حدیث میں قلم کی لکھت مراد لی گئی ہوتی تو حدیث کے آخری حصے میں اور اس میں تناقض[6] پیدا جاتا۔ کیونکہ اس حدیث کے آخر میں ہے ''پھر آپ نے ان دونوں کتابوں کو پھینک دیا اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ اس کتاب جو ربّ العالمین کی طرف سے آئی ہو اور اس میں اللہ کے رسولوں' اصفیا اور برگزیدہ لوگوں کے نام ہوں پھینک دیں۔ حالانکہ آپ اللہ اس کے رسولوں اور فرشتوں کی سب سے زیادہ تعظیم کرنے والے تھے۔

آپ نے تو اس صورت کو جو اس جسم میں حاصل ہوئی تھی کتاب کا نام اس لئے دیا کہ وہ خارجی چیز پر دلالت کرنے میں کتابت مشابہ تھی۔ علاوہ برایں جو چیز خارج میں ہو اس پر بھی کتابت کا لفظ استعمال کیا جا سکتا ہے کیونکہ ''کتابت'' کا لفظ[7] جمع سے لیا گیا ہے لہٰذا مجموعے کو مکتوب کہہ سکتے ہیں۔ اسی وجہ سے فوجی دستوں کو کتائب کہا جاتا ہے کیونکہ وہ مجتمع ہوتے ہیں اور کتائب کا مفرد کَتِیْبَةٌ ہے مجموعہ اور دوسرے دستوں سے ملی ہوئی۔

کتابت کو ربّ العالمین کی طرف اس لئے منسوب کیا گیا کہ وہ نُور جو اس صورت کے حاصل ہونے کا سبب ہے جسے کتابت تعبیر کیا گیا ہے وہ نہ انسانی طاقت میں ہے نہ اس کے اکتساب میں وہ صرف مدد ربانی ہے اور اللہ سبحانہ کا نور ہے اس سے ظاہر ہو گیا

ثابت سے مراد صرف وہ صورت ہے جو نظر میں حاصل ہے اور بس اور نظر میں اس صورت کا حاصل ہونا کوئی مشکل نہیں۔ جس طرح
م مرئی اشیاء نظر میں حاصل ہوتی ہیں کیونکہ باوجود اس کے کہ آنکھ کی پتلی چھوٹی ہے اس میں ایک بڑی صورت مرتسم ہو جاتی ہے۔ مثلاً
سمان کی صورت اور آنکھ کی پتلی ایک مسور کے دانے سے بھی چھوٹی ہے۔ لہٰذا یہ حدیث ممکنات میں سے ٹھہری۔ تمام معجزات اور خوارق
بھی یہی حال ہے۔

دوسری حدیث:

میں نے کئی بار آپ سے اس حدیث کے متعلق سوال کیا۔ اِنَّ [8] هٰذَا الْقُرْآنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ قرآن سات حرفوں پر
را گیا۔ آپ نے اس کے کئی ایک جواب دیئے مگر پھر بھی طبیعت مطمئن نہ ہوئی اور جواب شافی کی منتظر رہی۔ اشکال اس طرح پیدا ہوا کہ
ف کا لفظ لغت کے اعتبار سے ظاہر ہے جس میں اس قسم کا کوئی اشکال نہیں جس قسم کا صورتوں کے ابتدائی حروف[9] میں ہے اور علماء نے
ں کی تشریح میں بہت اختلاف کیا ہے جس کے مطالعہ سے پریشانی اور اشکال بڑھتا ہے۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ کی مُراد تو ایک ہی ہوگی اور
تلافی اقوال کی تعداد چالیس تک پہنچ جاتی ہے، جو اس کے مبہم اور دقیق ہونے کے موجب ہیں۔ کیونکہ کسی بات میں اقوال کی کثرت اس
نے کے متعلق عدم واقفیت کی سبب بنتی ہے لیکن اس کے باوجود ممکن ہو سکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی مراد کچھ اور ہی ہو جس کا ذکر ان تمام
ال میں سے کسی ایک میں بھی نہیں کیا گیا اور اس حدیث کی روایت متعدد صحابہؓ نے کی ہے مثلاً عمر بن الخطابؓ، ھشام[10] بن حکیمؓ، ابی[11] بن
عبؓ، عبدالرحمٰن[12] بن عوفؓ، عثمان بن عفانؓ، عمر[13] بن ابی سلمہؓ، ابی جہیم، سمرہ بن جندب، عمرو[14] بن العاصؓ ام ایوب[1] انصاریہ اور ان
کے علاوہ اور صحابہ نے بھی رضی اللہ عنہم اجمعین یہاں تک کہ ابو یعلیٰ موصلی[15] نے اپنی مسند کبیر میں لکھا کہ ایک دن حضرت عثمان بن عفانؓ
بر پر خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے اور فرمایا میں تمہیں خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ تم میں سے جس جس نے آنحضرت ﷺ
ا زبانی یہ الفاظ سنے ہیں کہ قرآن سات حرفوں پر اتارا گیا اور ہر حرف ایک شان بیان کرتا ہے۔ وہ کھڑا ہو جائے اس پر ہر جانب سے
حابہؓ جن کی تعداد مجھے یاد نہیں اٹھ کھڑے ہوئے ہر ایک یہی کہتا تھا کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے یہ الفاظ سنے تھے حضرت عثمانؓ نے
لہا میں نے بھی حضور ﷺ کو یہی کہتے ہوئے سنا تھا۔ اسی لئے ابو عبیدہؓ[16] اور دیگر حفاظ حدیث نے کہا ہے کہ یہ حدیث متواتر حدیثوں
ں سے ہے قدیم زمانے سے لے کر آج تک علماء نے اس پر خوب بحث کی ہے اور بعض نے تو اس پر مستقل کتابیں لکھیں۔ مثلاً ابو شامہؒ
نے اس پر بہترین بحثیں تو میں نے چار بڑے بڑے عالموں کی دیکھیں ہیں۔

- لسان المتکلمین قاضی ابو بکر باقلانیؒ کی کتاب الانتصار میں۔ انہوں نے مسئلہ کو اچھی طرح سے واضح کیا ہے۔
- حافظ کبیر ابن الجزریؒ کی النشر میں۔ اس نے دس فصلوں میں کئی طرح سے بحث کی ہے اور ان صحابہؓ کے نام ذکر کئے ہیں جنہوں نے اس حدیث کو آنحضرت ﷺ سے روایت کیا ہے۔
- حافظ امیر المومنین فی الحدیث امام ابن حجرؒ شرح بخاری میں فضائل قرآن کے باب میں۔
- امام جلال الدین سیوطیؒ الاتقان فی علوم القرآن میں۔ انہوں نے چالیس مختلف اقوال نقل کئے ہیں۔

باوجود اس کے کہ مجھے ان بزرگ علماء کے اقوال کا علم تھا اور ان کو خوب اچھی طرح سمجھتا تھا پھر بھی میری سمجھ میں نہ آیا کہ آنحضرت

ﷺ کی مراد کیا ہے اور تعیین مراد میں مجھے شک ہی رہا۔ لہٰذا میں نے شیخ سے عرض کیا کہ میں تو آپ سے صرف یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آنحضرت ﷺ نے اس سے کیا مراد لی ہے۔ فرمایا انشاء اللہ کل جواب دیں گے۔ دوسرا دن ہوا تو فرمایا اور سچ فرمایا کہ میں نے نبی ﷺ سے دریافت کیا ہے کہ ان کی اس حدیث سے کیا مراد ہے؟ تو آپ نے اپنی مراد کی تشریح کردی ہے۔ میں نے اس مسئلہ پر حضرت سے تین دن بحث کی اور آپ تشریح فرماتے رہے کہ اس سے یہ معنی مراد لئے گئے ہیں۔ جس سے مجھے معلوم ہوگیا کہ اس حدیث کی بڑی شان ہے اور اس کے متعلق میں نے وہ اسرار سنے جن کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی اور نہ کسی کو سمجھنے کی طاقت ہے۔ مختصر بات جو تحریر کر سکتے ہیں وہ یہ ہے۔

نبی ﷺ کی ذات شریف میں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی قوت ودیعت[1] کر رکھی ہے جس کے انوار سات قسم کے ہیں۔ ان ساتوں نوروں کے دو دو رُخ ہیں۔ ایک حق تعالیٰ کی طرف اور دوسرا مخلوقات کی طرف۔ یہ انوار پہلے رُخ میں متواتر فیضان کرتے رہتے ہیں اور کبھی نہیں تھمتے اور نہ ہی سست پڑتے ہیں۔ پس جب اللہ تعالیٰ آنحضرت ﷺ پر قرآن نازل کرنا چاہتے ہیں تو جو آیت نازل ہوتی ہے اس کے ساتھ پہلے رُخ کے نور میں سے تھوڑا سا نور بھی ہوتا ہے۔ سارا تو نہیں ہوتا کیونکہ وہ تو خدا کی طرف توجہ ہونے کی وجہ سے نہ تھمتا ہے اور نہ سُست پڑتا ہے۔ اس لئے مخلوقات کی طرف توجہ کے وقت صرف تھوڑا سا نُور ظاہر ہوتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ دوسری آیت اتارتا، تو اس میں دوسرے رخ کا کچھ نور ہوتا ہے۔ پھر تیسری آیت اترتی ہے اور اس میں تیسرے نور میں سے کسی قدر نور ہوتا ہے، اسی طرح ساتویں نور تک۔

سات حروف کیا ہیں؟

اس پر میں نے عرض کیا یہ ساتوں نُور جن کی طرف سات حروف کہہ کر اشارہ کیا گیا ہے، کیا چیز ہیں؟ حضرت نے فرمایا: وہ سات حروف یہ ہیں (۱) حرفِ نبوت (۲) حرفِ رسالت (۳) حرفِ آدمیت (۵) حرفِ رُوح (۵) حرفِ علم (۶) قبض (۷) حرفِ بسط۔

۱۔ حرفِ نبوت: حرفِ نبوت کی شناخت یہ ہے کہ آیت صبر کا حکم دے رہی ہو' حق راہ بتا رہی ہو اور دنیا و شہوات دنیا سے نفرت دلا رہی ہو۔ کیونکہ نبوت کا طبعی خاصہ حق کی طرف جھکنا حق بات کہنا' حق راہ بتانا اور حق میں خیر خواہی کرنا ہے۔

۲۔ حرفِ رسالت: حرفِ رسالت کی یہ علامت ہے کہ آیت میں آخرت، اس کے درجات، مقامات اور ثواب وغیرہ کا ذکر ہو۔

۳۔ حرفِ آدمیت: حرفِ آدمیت کا ماحصل وہ نور ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ نے انسانوں میں ودیعت کر رکھا ہے اور انہیں اس سے انسان کلام کرنے پر قادر کیا ہے تاکہ ان کا کلام ملائکہ جنوں اور باقی تمام کلام کرنے والی مخلوقات کے کلام سے ممتاز ہو۔ اور باوجود یہ کہ یہ صفت ہر انسان میں پائی جاتی ہے۔ اسے ان ساتوں میں اس لئے شامل کیا گیا کہ یہ صفت آنحضرت ﷺ میں طہارت اور صفائی کے لحاظ سے انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ طہارت اور صفائی آپ کی ذات کا کمال اس درجے تک پہنچ چکا ہے جس سے بڑھ کر کوئی کمال نہیں ہوسکتا اور آنحضرت ﷺ کی ذات کے سوا کسی اور کی ذات میں اس کا ہونا بھی ناممکن ہے۔ مختصر یہ کہ جب یہ نُور جس سے انسان کلام کرتا ہے آنحضرت ﷺ کی ذات میں نور نبوت۔ نور رسالت' نور رُوح' نور علم' نور قبض اور نور بسط کے ساتھ پایا گیا تو انتہائی کمال پر ہوگا کیونکہ آپ کی ذات' ان چھ نوروں سے مستفیض ہو رہی ہوتی ہے لہٰذا آپ پر آیات کا نزول

اور کوئی آیت بھی ایسی نہ ہوگی، جس میں یہ نور نہ پایا جائے کیونکہ قرآن اسی بشری لغت میں نازل ہوا ہے۔

۔حرفِ رُوح: حرفِ رُوح کی نشانی یہ ہے کہ آیت کا تعلق اللہ تعالیٰ اور اس کی بلند صفات سے ہو اور اس میں مخلوق کا کوئی ذکر نہ ہو۔ کیونکہ رُوح ہمیشہ حق کا مشاہدہ کر رہی ہوتی ہے لہٰذا جب اس صفت پر آیت اُترے گی تو اس کے ساتھ نورِ رُوح موجود ہوگا۔

۔حرفِ علم: حرفِ علم کی پہچان یہ ہے کہ آیت میں گزشتہ لوگوں کے حالات بیان کئے گئے ہوں۔ مثلاً عاد، ثمود، قوم نوح، قوم ہود، قوم صالح وغیرہ کے حالات یا اس میں کسی رائے کے مذموم ہونے کی اطلاع دی گئی ہو۔ مثلاً اللہ کا فرمان اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ [19] ط ترجمہ (یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے میں گمراہی خرید لی۔ نہ تو انہیں اس سودے میں فائدہ ہوا اور نہ ہی وہ سیدھی راہ پر تھے)

مختصر یہ کہ قصص [20]، مواعظ اور حکم [21] وغیرہ حرف علم پر نازل ہوں گی اور اس حرف کا نور سے عطا ہو جائے اس سے جہالت کی نفی ہو جاتی ہے اور وہ عارف مُتَعَرِّف [22] بن جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر فرض کر لیا جائے کہ ایک شخص پہاڑ کی چوٹی پر پیدا ہوا اور بغیر کسی سے میل جول رکھنے کے وہیں رہا سہا ہو یہاں تک کہ جوان ہو گیا ہو پھر اسے شہر میں ایسی حالت میں لایا جائے جبکہ اللہ تعالیٰ نے اُسے اس حرف کے نور سے مدد کی ہو تو اس صورت میں جس شخص نے تمام عمر علم حاصل کرنے میں لگا دی ہو وہ اس شخص کے ساتھ کسی باب میں بھی بحث نہیں کر سکتا۔

۔حرفِ قبض: حرفِ قبض کی پہچان یہ ہے کہ آیت کا رُوئے سخن کفار اور تاریکی کی طرف ہو چنانچہ آپ دیکھیں گے کہ کبھی تو آپ انہیں بددعا دے رہے ہیں اور کبھی انہیں دھمکی دے رہے ہیں مثلاً اللہ تعالیٰ کا فرمان [23] فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ ۝ (ان کے دلوں میں شک و کفر کا مرض ہے خدا نے (ان کی ضد کی وجہ سے) اس مرض کو اور بڑھا دیا اور ان کے جھٹلانے کی وجہ سے انہیں دردناک عذاب دیا جائے گا)

اس کی وجہ یہ ہے کہ نور اور تاریکی کی فوجیں متواتر آپس میں لڑتی رہتی ہیں۔ جب آنحضرت ﷺ کی توجہ تاریکی کی طرف ہوتی ہے تو آپ میں انقباض [24] پیدا ہوتا ہے جس کی وجہ سے مذکورہ قسم کی آیات آپ سے نکلتی ہیں۔

۔حرفِ بسط: حرفِ بسط [25] کی علامت یہ ہے کہ مخلوقات پر اللہ تعالیٰ نے جو انعامات کئے ہیں ان کا ذکر آیت میں کیا جائے اور مخلوقات کو یہ نعمتیں گنائی جائیں کیونکہ آنحضرت ﷺ کی توجہ ان نعمتوں کی طرف ہوتی جو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوقات پر کی ہیں تو آپ کو انبساط [26] ہوتا جس کی وجہ سے آیت بھی مقامِ بسط سے نکلتی۔

حضرت نے فرمایا ان ساتوں حرفوں میں سے ہر حرف کی تقریباً یہی پہچان ہے جو ذکر کی گئی ہے ورنہ ہر حرف میں ۳۶۶ وجہیں ہیں۔
۔میں ہر حرف میں اُن وُجوہ کی تشریح کروں اور اُن کی تشریح ہر آیت میں ظاہر کروں تو لوگوں کے سامنے آنحضرت ﷺ [27] کا باطن
رج کی طرح روشن ہو جائے، مگر یہ اُن اسرار میں سے ہے جن کا چھپانا واجب ہے اور جن لوگوں پر اللہ کی فتح کبیر ہوتی ہے وہ اسے
نتے ہیں اور جسے فتح حاصل نہیں اُسے اپنی حالت پر ہی چھوڑ دینا چاہیے۔

شیخ کی تقریر پر اعتراض:

میں نے عرض کیا حضرت اس بارے میں جتنی احادیث وارد ہوئی ہیں ان میں حروف سبعہ سے قرآنی الفاظ کے بولنے کی کیفیت مر لی گئی ہے۔ مثلاً حضرت عمرؓ کا فرمانا کہ میں نے ہشام بن حکیم کو ان حروف پر قرآن مجید پڑھتے ہوئے سنا جو آنحضرت ﷺ نے مجھے نہیں پڑھائے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ اور حضرت ہشامؓ دونوں کے حروف کو درست قرار دیتے ہوئے فرمایا اِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ (ترجمہ: قرآن مجید سات حرفوں پر اتارا گیا ہے جسے جو حرف آسان معلوم ہوں وہی پڑھ لے) لیکن جناب کی تقریر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ حروف آنحضرت ﷺ کی ذات میں باطنی اوصاف اور انوار ربانیہ ہیں جن میں حضرت عمرؓ اور حضرت ہشامؓ کا باہمی اختلاف کرنا ناممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ انہیں یہ جواب دیں کہ قرآن ان سات انوار پر نازل ہوا ہے۔

شیخ کی طرف سے اعتراض کا جواب:

حضرت نے فرمایا کہ تلفظ کے اختلاف کے بارے میں جو کچھ بھی حدیثوں کے اندر مذکور ہے وہ ان انوار باطنیہ کے اختلاف کی فر ہے۔ چنانچہ حروف کا ساکن ہونا یا اُن پر پیش کا ہونا قبض سے پیدا ہوتا ہے۔ زبر حروف رسالت سے پیدا ہوتی ہے اور زیر حروف آدمیت سے پیدا ہوتی ہے اور ہر آیت کے لئے ایک خاص فتح اور مخصوص ذوق ہوتا ہے۔

جب میں نے حضرت سے یہ نورانی کلام سنا تو میں نے فوراً سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ کی ابتدائی آیتیں پڑھیں۔ چنانچہ حضرت نے تشریح مذکورہ بالا بیان کے مطابق کی میں اسے سُن کر ششدر رہ گیا۔ میں نے ان آیات کو دوبارہ پڑھا اور میں نے قرأت نافع[۲۷] ابن کثیر[۲۸]، ابی عمرو بن العلا، البصری[۲۹]، ابن عامر[۳۰]، عاصم[۳۱]، حمزہ[۳۲]، کسائی[۳۳] کی ساتوں روایات پڑھیں۔ جن کی تشریح میں میں آپ سے حیرت انگیز باتیں سنیں اور میں نے دیکھ لیا کہ ان ساتوں قرأتوں میں باطنی انوار کے لحاظ سے اختلاف پیدا ہوا ہے۔ چنا الحمدللہ اس حدیث کے مفہوم میں جس چیز کو میں تیس سال سے زائد عرصہ سے تلاش کر رہا تھا وہ مجھے مل گئی۔ مجھ سے پہلے حافظ ابن الجو بھی تیس سال سے اوپر اسے تلاش کرتے رہے۔ تب جا کر انہیں اس حدیث کے معنی کی وجہ ظاہر ہوئی تھی اس کے بعد ابن الجوزی نے ہے کہ انہیں اور لوگوں کی کی ہوئی تشریحات کا بھی پتہ چلا ہے اس کا بیان مصنف[۳۴] کتاب الانتصار نے شرح وبسط سے کیا ہے۔ لیکن تشریح صرف ظاہر تلفظ اور اس کے اختلافات تک محدود ہے اور ان میں انوار باطنیہ کا ذکر نہیں ہے جن کی وجہ سے یہ لفظی اختلافات ہوئے۔ مختصر یہ کہ یہ تشریح اور دوسری تشریحات جو اس حدیث میں کی گئیں اس میں بیان کنندگان نے صرف درخت کے سائے کو لیا ہے یہ تشریح جو ہمارے شیخ نے آنحضرت ﷺ سے سُنی اس میں تمام درخت کا اس کی جڑوں کا اور اس کی شاخوں کا ذکر ہے اور تمام چیزو ذکر ہے جو اس درخت سے پیدا ہوتی ہیں۔ حضرت نے فرمایا: اگر میں اس کے متعلق سات کتابیں بھی لکھانا چاہوں تو لکھا سکتا ہوں۔ چونکہ راز کی باتیں ہیں اس لئے نہیں لکھاتا۔

جب آپ تشریح فرما رہے تھے تو میں نے آپ کو فرماتے سنا کہ آیت میں کچھ تو اجزاء نبوت کے ہوتے ہیں، کچھ اجزار سالت اور اسی طرح باقی سات حروف کے اس لئے میں نے عرض کیا کہ حضرت ان سات حروف کے اجزاء کی تشریح فرما دیجئے، پھر یہ بھی فرما کہ ان حروف کی ان پر تفریع[۳۵] کیسے ہوتی ہے تاکہ ان کا فائدہ مکمل ہو جائے۔

حروف کی مزید تشریح:

فرمایا ان سات حرفوں میں سے ہر ایک کے سات اجزاء ہیں۔ چنانچہ (۱) آدمیت کے سات' (۲) نبوت کے سات' (۳) رسالت کے سات' (۴) رُوح کے سات' (۵) قبض کے سات' (۶) بسط کے سات اور (۷) علم کے سات کل ۱۴۹ اجزاء ہوئے۔

۱۔ آدمیت

اجزاء آدمیت اور اس کا پہلا جزو:

آدمیت کا پہلا جزو ظاہری صورت کا کمال حُسن ہے اس طرح کہ چہرہ' ہاتھ' پاؤں' انگلیاں اور باقی تمام اجزا اور ظاہری اوصاف مثلاً حسن کی سفیدی و رونق نہایت عمدہ اور خوبصورت ہوں۔

دُوسرا جُز:

جسم کے ظاہری منافع کا کمال مثلاً حواس خمسہ ظاہرہ کہ ان کی قوتِ سماع بھی پورے کمال کی ہو، بینائی بھی کمال کی ہو۔ اسی طرح قوت شامہ [۳۶]، ذوق لمس [۳۷] ہو اور مثلاً آواز اور ان حروف کا تلفظ بھی حدِ کمال تک پہنچا ہو کہ یہ حروف نہایت کمال اور فصاحت و بلاغت تک پہنچ چکے ہوں۔

تیسرا جُزو:

صورت باطنیہ کا کمال حسن تا کہ دل بہترین شکل اور بہترین حالت کا ہو اور جگر بھی کامل شکل کا ہو، اسی طرح دماغ، رگیں وغیرہ حتیٰ کہ تمام اجزا کمال پر ہوں۔

چوتھا جُزو:

حسن باطنی کا کمال۔ تا کہ لذت و حُسن کی جو کیفیت اسے حاصل ہو وہ کمال پر ہو۔

پانچواں جُزو: نر ہونا:

پانچواں جزو ذکوریت (نر ہونا) ہے کیونکہ یہی آدمیت کا کمال ہے اس لیے کہ اس میں فعل (دوسرے پر اثر کرنے کا) کا راز پایا جاتا ہے اور انوثیت (مادہ ہونا) میں انفعال (اثر قبول کرنے) کا راز ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم کو اپنے لیے پیدا کیا اور باقی تمام چیزوں کو آدم کے لیے پیدا کیا اور ان میں عورتیں بھی شامل ہیں اور جب اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء کو آدم کے لیے پیدا کیا تو اسے فعل کا راز بھی عطا کیا اور اسے اپنا خلیفہ بنایا اور خلافت کو قیامت تک آپ کی نرینہ اولاد میں مقرر فرمایا۔

چھٹا جُز وانسانی جسم سے شیطانی حصہ نکال دینا

چھٹا جز وجسم انسانی سے شیطانی حصے کا نکال لینا ہے کیونکہ اسی سے آدمیت کی تکمیل ہوتی ہے، یہی وجہ تھی کہ ملائکہ نے آنحضرت ﷺ کا سینہ شق کیا اور اس میں سے جو نکالنا تھا نکالا اور پھر جس چیز سے دھونا تھا دھویا اور اسے ایمان وحکمت سے بھر دیا۔

ساتواں جُز وکمال عقل:

ساتواں جز وکمال عقل ہے اس طرح کہ عقل انتہا درجہ کی صاف اور معرفت میں کمال تک پہنچتی ہو۔ یہ وہ سات جزو ہیں جنہیں قریب قریب آدمیت کے اجزا سے تعبیر کیا جاتا ہے اور آدمیت کے اجزا اپنے انتہائی کمال میں آنحضرت ﷺ کی ذات کے سوا کسی اور میں نہیں پائے گئے۔

۲۔ قبض

۱۔ حاسہ:

اس کا پہلا جز وہ حاسہ [۳۸] ہے جو ذات انسانی میں رکھا ہوا اور اس کے تمام جواہر میں پھیلا ہوا ہے جس کے ذریعے ذاتِ انسانی اپنے تمام جواہر میں خیر سے لذت حاصل کرتی ہے بعینہٖ اسی طرح جس طرح انسان شہد کی مٹھاس سے لذت حاصل کرتا ہے اور اسی کے ذریعہ سے ذات انسانی کو اپنے تمام جواہر میں تکلیف پہنچتی ہے، جس طرح انسان حنظل وغیرہ کی کڑواہٹ سے تکلیف محسوس کرتا ہے۔

۲۔ انصاف:

دوسرا جز وانصاف ہے اس کے بغیر قبض کی تکمیل نہیں ہوتی، کیونکہ یہاں پر قبض نُورانی کی بحث ہو رہی ہے چنانچہ اگر اس قبض کے ساتھ انصاف نہ ہوگا تو یہ قبض ظلماتی ہوگی اور قبض ظلماتی والا انسان اللہ کے غضب کا مستحق ہوتا ہے۔

۳۔ ضد سے نفرت:

تیسرا جز وضد سے نفرت ہے۔ جس طرح ہر ضد اپنی ضد سے نفرت کرتی ہے اور اس کے ساتھ اکٹھی نہیں ہوتی جیسا کہ سفیدی اور سیاہی اکٹھی نہیں ہوتی اور قیام اور قعود جمع نہیں ہو سکتے۔ (ایک وقت اور ایک مقام میں ایک ہی چیز ہوگی)

۴۔ حق بات کہنے سے نہ شرمانا:

چوتھا جز وحق بات کہنے سے شرم نہ کرنا ہے۔ چنانچہ انسان خواہ حق بات کڑوی ہی کیوں نہ ہو کہہ دے اور اللہ کے بارے میں وہ طعنہ اور مُلامت کی پرواہ نہ کرے۔

۵۔تعمیل احکام:

پانچواں جزو تعمیل احکام ہے۔ کیونکہ بحث قبض نورانی کی ہورہی ہے لہٰذا اگر قبض کے ساتھ شریعت کی مخالفت ہوتو یہ قبض ظلماتی ہوگی جس کی وجہ سے انسان حق تعالیٰ کی ناراضگی کا مستوجب ہوتا ہے۔

۶۔میل الی الجنس:

چھٹا جزو ہم جنس کی طرف میل تام ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنے اندر ہمجنس کی کیفیت پیدا کرلے۔ مثلاً آنحضرت ﷺ جب کسی کو یہ کہتا سنتے کہ اللہ برحق ہے وہی ہمارا خالق اور رازق ہے اور وہ واحد ہے اس کے ملک میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے یا اسی قسم کا کوئی اور کلام سنتے تو آپ کا قلب اس کی طرف کھینچتا اور آپ اسے اس حد تک محبت کرتے کہ آپ کے اعضاء میں انشراح[۳۹] پیدا ہوتا حتیٰ کہ اس کلام کے راز کی کیفیت آپ[۴۰] پر طاری ہوجاتی اور آپ کی ذات اس نور کو بیان کرتی جو اُس کلام کے ساتھ نکلا تھا۔ پس جس طرح ضد سے کلی نفرت ہوتی تھی اسی طرح ہم جنس کی طرف کلی میلان ہوتا تھا۔

7۔کمالِ گرفت:

ساتواں جزو کمال گرفت کی قوت ہے۔ چنانچہ اگر کسی چیز کو جھپٹ کر پکڑنا چاہے تو اس میں ذرا بھر بھی ہاتھ سے نہ گرے۔ محسوسات میں اس کی مثال یہ ہے کہ جو شخص جھپٹ کر دس چیزوں کو لینا چاہے تو اگر ان میں سے ایک بھی گر جائے تو اس میں قوتِ کاملہء گرفت نہیں ہے اور اگر ایک بھی نہ گرے تو اس میں گرفت کی قوت کاملہ ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص کسی چیز کو جھپٹ کر لے کر اس پر دائم نہ رہا تو بھی اس میں گرفت کی قوت کاملہ نہیں ہے اور اگر اس پر دائم رہے تو پھر یہ قوت اس میں پائی جائے گی۔ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ قبض کے اجزاء میں سے ایک جزو میل الی الجنس اور جنس کی کیفیت اخذ کرنا ہے اور اس اخذِ کیفیت کے ساتھ ساتھ گرفت کی قوت کاملہ کا ہونا ضروری ہے اسی طرح قبض کا ایک جزو ضد سے نفرت ہے اس میں بھی گرفت کی قوتِ کاملہ ہونا ضروری ہے تاکہ اپنی نفرت پر قائم رہے۔

۳۔بَسط

۱۔فرح کامل:

بَسط کا پہلا جزو فرح[۴۱] کامل ہے اور یہ ایک نُور باطن ہوتا ہے جس کے اندر بھی یہ پایا جائے تو یہ نور اس شخص کے دل سے کینہ، حسد، تکبر، بخل اور عداوت کو نکال دیتا ہے کیونکہ یہ اوصاف فرح کامل کے منافی ہیں۔ لہٰذا جب اس فرح کے ساتھ کسی ذات میں نُور ایمان پایا جائے تو اس کا نزول اس ذات پر مُجانِست[۴۲] اور موافقت کا نزول ہوگا اور یہ فرح ذات میں مناسب طور متمکن[۴۳] ہوجائے گی اور اس کی مثال ایسی ہوگی جیسے کہ ایک اچھی زمین پر بارش کا نزول ہو، لہٰذا اس سے پاکیزہ اخلاق پیدا ہوں گے۔

۲۔سکون خیر فی الذات:

دوسرا جزو ذات انسانی میں بُرائی کے بجائے نیکی کا ساکن ہونا ہے یہ ایک نُور ہے کہ جسے حاصل ہو، بھلائی اس کی طبیعت ثانیہ بن جاتی ہے اور وہ بھلائی اور بھلائی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور اس کے ذہن میں بھی وہی خیالات آتے ہیں جو بھلائی کی طرف لے جائیں اور اگر کوئی شخص اس سے بھلائی کرتا ہے تو وہ کبھی نہیں بھولتا، لیکن اگر کوئی ایذا رسانی کرتا ہے تو وقت گزرنے پر وہ اسے بھول جاتا ہے اور وہ ایذا رسانی اس کے ذہن میں نہیں رہتی، حتیٰ کہ اگر اس کے بعد اسے آزماؤ تو اس کا دل اس سے خالی پائیں گے اور وہ خود مطمئن اور خوش ہوتا ہے۔ گویا کوئی ایذا پہنچانے والی بات ہی نہیں ہوئی اور یہ بسط کا کمال ہے۔

۳۔فتح حواس ظاہر:

تیسرا جزو حواس ظاہری کی فتح [۴۴] ہے۔ یہ ایک لذت ہوتی ہے جو حواس ظاہرہ میں حاصل ہوتی ہے۔ اس طرح کہ یہ لذت ان رگوں کو کھول دیتی ہے جو ان حواس میں پائی جاتی ہیں۔ پھر جو ادراک حواس کو ہوتا ہے اس کی کیفیت اُن عروق [۴۵] میں آجاتی ہے اور اسی لذت سے بسط کا کمال ہوتا ہے چنانچہ بصر میں ایک لذت ہے جس کے ذریعہ سے خوبصورت صورتوں کی طرف میلان حاصل ہوتا ہے اور اسی سے اس چیز سے جسے دیکھا گیا ہو عشق اور انقطاع باطنی پیدا ہوتا ہے اور سمع میں بھی ایک لذت ہے جس کی وجہ سے خوش آوازوں اور نغموں کو سنکر انکساری پیدا ہوتی ہے اور بعض اوقات اس سے ذات میں اضطراب اور وجد پیدا ہو جاتا ہے، باقی حواس کا بھی یہی حال ہے۔ چنانچہ ہر حس میں مطلق [۴۶] ادراک کے علاوہ ایک زائد لذت پائی جاتی ہے۔

فتح حواس ظاہرہ اور کمال حواس ظاہرہ میں فرق

حواس ظاہرہ کی فتح جو بسط کا جزو ہے اور حواس ظاہر کے کمال، جو آدمیت کا جزو ہے میں فرق یہ ہے کہ حواس ظاہرہ کی فتح عروق سابقہ کو کھول کر اس کے کمال کو بڑھا دیتی ہے کیونکہ رگوں کا کھلنا اس ادراک سے زائد چیز ہے جو کمال حواس میں پایا جاتا ہے۔ عروق کی اسی فتح اور کیفیت جاذبہ کی وجہ سے گرویدگی پیدا ہوتی ہے برخلاف مطلق ادراک کے کیونکہ اس کے ہوتے ہوئے گرویدگی حاصل نہیں ہوتی۔ کیونکہ بہت سے لوگ حسین امور دیکھنے کے باوجود ان سے متاثر نہیں ہوتے اور کئی دوسرے حضرات ہیں کہ خوش آوازیں سنتے ہیں، لیکن ان پر کچھ اثر نہیں ہوتا۔ اسی فتح اور تکیف [۴۷] سے کمال بسط حاصل ہوتا ہے۔

۴۔فتح حواس باطنہ:

چوتھا جزو فتح حواس باطنہ فتح عُروق اور ان کا مدرک بالحواس [۵] سے اثر پذیر ہونا اور اس کے ساتھ انسان کا مُدرَک کا گرویدہ ہو جانا جن کا ذکر ہم فتح حواس ظاہرہ میں کر چکے ہیں، وہی سب امور یہاں بھی جاری ہوں گے اور مذکورہ بالا فرق یہاں بھی فتح حواسِ باطنہ اور کمال حواسِ باطنہ میں اسی طرح پایا جائے گا۔

5۔ مقام رفعت:

پانچواں جزو مقام رفعت [49] ہے، کیونکہ جب انسان اجزاء آدمیت سے آراستہ ہو جاتا ہے، اس کے بعد اجزاء قبض اور پھر مذکورہ چار اجزاء بسط سے آراستہ ہوتا ہے تو اسے اس چیز کی قدر معلوم ہو جاتی ہے جو اسے عطا کی گئی اور اسے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ اوصاف کسی بڑی ہستی کو ہی عطا ہوتے ہیں تو وہ سمجھ جاتا ہے کہ وہ اپنے رب کے نزدیک بلند قدر والا اور بڑے درجے والا ہے اور بڑا شخص وہی ہوتا ہے جو بلند مرتبہ کام کرے اور اس میں مکارم اخلاق پائے جائیں چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ولقد کرمنا بنی آدم (ہم نے بنی آدم کو عزت دی) اور فرمایا ولقد [50] خلقنا الانسان فی احسن تقویم (ہم نے انسان کو عمدہ صورت عطا کی) چنانچہ جب اُسے علم ہوگا کہ وہ کبیر القدر اور رفیع الدرجہ ہے تو اس کا بسط بھی کامل ہوگا۔ اسی وجہ سے مقام رفعت اجزاء بسط میں سے ہے۔

٦۔ حسن تجاوز:

چھٹا جزو حسن تجاوز ہے جس کی وجہ سے یہ اس شخص کو معاف کر دیگا جس نے اس پر ظلم کیا ہے اور جس نے اس سے بُرا برتاؤ کیا ہے اسے درگزر کر دے گا۔ حسن تجاوز اجزاء بسط میں سے اس لیے ہے کہ ہماری بحث بسط نورانی سے ہے نہ کہ بسط ظلمانی سے اور ہم پہلے اجزاء بسط میں مقام رفعت کا ذکر کر چکے ہیں اور یہ بھی بتا چکے ہیں کہ مقام رفعت سے مراد رفعت قدر اور شان کی بزرگی ہے اور اگر اس رفعت کے ساتھ حسن تجاوز بھی ہوگا تو یہ بسط نورانی ہوگا لیکن اگر اس رفعت کے ساتھ بُرا برتاؤ اور ظلم ہوگا تو یہ مقام رفعت ظلمانی ہوگا جس کی وجہ سے انسان غضب الٰہی کا مستوجب [51] ہوگا، یہاں سے یہ بات واضح ہوگئی کہ بسط نورانی کی حقیقت اور اس کے اجزاء کے لیے حسن تجاوز کا ہونا ضروری ہے۔

۷۔ نرم خوئی وتواضع:

ساتواں جزو نرم خوئی وتواضع ہے۔ بَسط کے اجزاء میں اس کے داخل ہونے کی وہی وجہ ہے جو ہم حسن تجاوز میں ذکر کر چکے ہیں۔ کیونکہ بَسط والے کا مرتبہ بلند ہوتا ہے۔ لہٰذا اپنے ہم جنسوں کے ساتھ جو اس کے رفیق ہیں تواضع اور نرمی کرنا ضروری ہے کیونکہ اگر وہ اپنے آپ کو اُن سے بلند ظاہر کرے گا تو اس بسط میں کبر داخل ہو جائے گا جس کی وجہ سے غضب خداوندی کا مستحق ہوگا۔

آدمیت، قبض اور بسط کے اجزاء انبیاء اور غیر انبیاء وغیرہ دونوں میں پائے جاتے ہیں، لیکن انبیاء میں بدرجہء اکمل ہوتے ہیں

یاد رہے کہ آدمیت اور اس کے اجزاء اسی طرح قبض اور بسط اور ان کے اجزاء جیسے نبی ﷺ میں پائے جاتے ہیں اسی طرح اوروں میں بھی پائے جاتے ہیں خواہ وہ شخص کافر ہی کیوں نہ ہو، لیکن نبی ﷺ میں وہ مخصوص آدمیت پائی جاتی ہے جس سے بڑھ کر خارج میں کوئی آدمیت نہیں پائی جاسکتی اور یہ جو آدمیت کے اجزاء میں نزع حظا الشیطان (شیطانی حصے کا نکالنا) کا ذکر کیا گیا ہے اس سے شق صدر النبی ہی مراد ہے، یہ اوصاف اور انسانوں میں کمال کے درجات میں سے صرف ایک حد تک پائے جاتے ہیں اعلیٰ درجات نہیں پائے جاتے اور

وہاں نزع حظ الشیطان سے مراد ذات سے قباحت اور بے حیائی کا نکالنا ہوگا تا کہ وہ شخص نہ شریر ہو نہ بد خلق، ان لوگوں سے نزع حظ الشیطان سے مراد اس گوشت کے لوتھڑے کا نکالنا نہیں جس کا ذکر شق صدر النبی ﷺ میں کیا گیا، کیونکہ یہ بات تو درجہ نبوت کے ساتھ مخصوص ہے۔

ذات نبی اور غیر نبی کے قبض میں فرق

اب رہا قبض تو نبی ﷺ کی ذات کے ساتھ صرف وہی قبض نورانی مختص ہے جو بلند ترین درجے کا ہو۔ رہے دوسرے لوگ سو اگر وہ آپ کے طریقے کے متبع اور آپ کی سیرت پر چل رہے ہیں تو ان کا قبض اسی قدر نورانی ہوگا جس قدر کہ وہ آپ کی تابعداری کرتے ہیں، لیکن پھر بھی وہ قبض نورانی انتہائی کمال کا نہ ہوگا۔ بلکہ مراتب کمال میں سے ایک پر ہوگا اس لیے کہ انتہائی کمال خصائصِ نبوت میں سے ہے

شیاطین کا قبض:

اور اگر وہ آپ کی شریعت کا مخالف ہوگا تو یہ قبض ظلماتی ہوگا اور قبض کے جزو اوّل میں حواس کی جو کیفیت بیان کی گئی ہے یہاں اس کے برعکس ہوگی، جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ یہ شخص شر سے لذت حاصل کرے گا اور خیر سے تکلیف پائے گا اور قبض کا جزو ثانی یعنی انصاف تو بالکل ہی جاتا رہے گا کیونکہ جب اُسے بدی سے مزہ آئے گا اور خیر سے تکلیف ہوگی تو اس صورت میں اس سے انصاف کا واقع ہونا محال ہے کیونکہ انصاف تو اُسی شخص سے ممکن ہوگا جو خیر سے لذت پاوے اور شر سے دل دکھے اور قبض کا تیسرا جزو یعنی ضد سے نفرت بھی اس میں بالکل برعکس ہو جاتے ہیں اور جب تمام اجزاء قبض منعکس ہو گئے تو یہ ایسا قبض ظلمانی ہے۔ جو سرکش شیاطین اور کفار میں پایا جاتا ہے۔ ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اس سے بچائے، یہی وجہ تھی کہ آنحضرت ﷺ سے اس قدر معجزات دیکھنے کے باوجود ان کی سرکشی اور کفر بڑھتا ہی گیا۔

عامۃ المومنین کا قبض:

اور اگر قبض کے بعض اجزاء منعکس ہوئے اور بعض نہ ہوئے تو یہ عامۃ المومنین کا قبض ہے۔

بَسط کا بھی یہی حال ہے کہ ذات محمدی ﷺ میں بسط نورانی کا اعلیٰ ترین درجہ کمال ہے اور دوسروں میں وہی تفصیل جاری ہوگی جو قبض میں بیان ہوئی۔ ہاں بسطِ نورانی حسن تجاوز اور تواضع ہوگی کہ دونوں اس کے جُزو ہیں اور بسطِ ظلمانی میں یہ دونوں باتیں نہ ہوں گی۔ واللہ اعلم۔

۴۔ نبوت

۱۔ حق گوئی:

نبوت کا پہلا جزو حق گوئی ہے اور یہ صفت اس ذاتی نُور سے پیدا ہوتی ہے جو حق گوئی پر مجبور کرتا ہے اور یہ اس کی طبیعت اور خصلت

بن جاتی ہے اور وہ دشمن حق گوئی سے باز نہیں آتا خواہ دوست احباب اُس کے مخالف ہی کیوں نہ ہو جائیں اور اسے وطن ہی کیوں نہ چھوڑنا پڑے۔ بلکہ خواہ اس میں اس کی گردن ہی کیوں نہ کٹ جائے، چنانچہ مشرکین مکہ نے کتنا چاہا کہ آنحضرت ﷺ حق گوئی [۵۲] چھوڑ دیں اور ہر ممکن طریقے سے آپ کو پھسلانا چاہا مگر آپ نے انکار کر دیا اور آپ نہ مانے۔ اس پر وہ آپ کے مخالف ہو گئے اور سب نے متحد ہو کر آپ ﷺ سے جنگ کی اس کے باوجود آپ کی ثابت قدمی بڑھتی گئی اس لیے کہ آپ کی ذات مقدس کی سرشت میں حق گوئی ہے اور اس کے خلاف تصور میں ہی نہیں آسکتا۔ اس کے بعد آپ نے دو حکایتیں بیان کیں۔

حکایت۔۱

عجم کے کسی شہر میں سدھائے ہوئے پرندے دروازے پر ہوتے ہیں۔ اگر کوئی چور گھر میں گھس آئے تو پرندے شور مچانے لگ جاتے ہیں ''چور آ گئے'' اور یہ پرندے ان الفاظ کو دوہرانے سے باز نہیں آتے خواہ انہیں کتنا ہی دھمکایا جائے اور ڈرایا جائے۔ اسی طرح اگر ان کو کھانے کو بھی کوئی چیز دی جائے تب بھی یہ باز نہیں آتے۔ مختصر یہ کہ یہ پرندے خواہ انہیں قتل بھی کر دیا جائے تب بھی باز نہیں آتے۔ اس حکایت کے بیان کرنے سے آپ کا مقصد حق گوئی کی تشریح کرنا تھا اور یہ بھی سمجھانا مقصود تھا کہ تعلیم سے بھلائی حاصل ہو جاتی ہے کیونکہ پرندے نے باوجود دوری کے یہ بات سیکھ لی یہاں تک کہ یہ اس کی طبیعت بن گئی تو انسان کا کیا حال ہوگا اور مومن کا تو کیا ہی کہنا۔

حکایت۔۲ :

ایک مرید نے اپنے پیر سے کہا مجھے کوئی ایسی بات بتائیں جس سے مجھے اللہ کے ہاں راحت ہو، شیخ نے کہا اگر تمہارا ارادہ یہی ہے تو اللہ تعالیٰ کے اوصاف [۵۳] میں سے کسی ایک کی مشابہت اختیار کر لو۔ کیوں کہ اگر تو ان میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی موصوف ہو جائیگا تو اللہ تعالیٰ تجھے قیامت کے دن اپنے اولیاء کے ساتھ رہنے کی جگہ دے گا اور تجھے جہنم میں اپنے دشمنوں کے ساتھ نہیں رکھے گا۔ مرید نے عرض کیا یہ کیسے ہو سکتا ہے، اللہ کے اوصاف تو بیشمار ہیں، فرمایا کسی ایک میں اس کی شبیہ بن جاؤ۔ مرید نے عرض کیا وہ کونسا وصف ہے، فرمایا: ان لوگوں میں سے ہو جاؤ جو حق بات کہتے ہیں کیونکہ حق گوئی اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ اگر تو حق گو بن گیا تو اللہ تجھ پر رحم فرمائے گا، اُس نے سچ بولنے کا وعدہ کیا اور چلا گیا۔ مرید کے پڑوس میں ایک لڑکی رہتی تھی، وہ شیطان کے نرغے میں آ گیا اور اس نے اس سے بدکاری کر کے اس کی بکارت کو زائل کر دیا، لڑکی سے نہ رہا گیا حالانکہ اسی نے ابتدا کی تھی کیونکہ اسے معلوم تھا کہ یہ بات چھپنے والی نہیں اور اس نے اپنے باپ کو کہہ دیا اور اس نے عدالت میں دعویٰ دائر کیا۔ حاکم نے مرید سے کہا کہ سنتے ہو یہ شخص کیا کہہ رہا ہے؟ اس نے کہا ہاں یہ سچ کہہ رہا ہے مجھ سے یہ فعل سرزد ہوا ہے اور اسے اپنے پیر کا عہد یاد تھا۔ اس لیے وہ انکار نہ کر سکا، حاکم نے یہ سنکر کہا: یہ شخص دیوانہ ہے اسے پاگل خانہ لے جاؤ کیونکہ کوئی عقلمند انسان ایسی بات کا اقرار نہیں کرتا جس سے اسے دکھ پہنچے۔ چنانچہ اسے پاگل خانہ میں بھیج دیا گیا۔ کچھ دنوں بعد کسی نے اس کی سفارش کی اور حاکم نے اسے چھوڑ دیا۔

اس قصہ سے حضرت کا یہ بیان مقصود تھا کہ حق گوئی کا انجام ہمیشہ اچھا ہی ہوتا ہے واللہ اعلم۔

۲۔صبر:

وہ ایک نُور ہے جو جسم کو ان مصائب وآلام کا احساس نہیں ہونے دیتا جو اسے اللہ کی خاطر پہنچیں۔ یہی حقیقی صبر ہوتا ہے جو بغیر تکلیف کے ہوتا ہے اس لیے کہ اپنے فکر کی وسعت کی وجہ سے صابر کی عقل بھی وسیع ہو جاتی ہے کیونکہ جسم کو اس کا راز کھل چکا ہوتا ہے تو اس کی عقل اللہ تعالیٰ کے لاتعداد کمالات کی سیر کرتی رہتی ہے۔ لہٰذا جب جسم کو کوئی تکلیف ہونے لگتی ہے تو جسم اس تکلیف کا خیال چھوڑ کر ان امور میں مشغول ہو جاتا ہے جن میں فکر مشغول ہوتا ہے (اور یہی مشغولیت اسے تکلیف کا احساس نہیں ہونے دیتی) چنانچہ ایسا واقعہ ایک ولی سے پیش آیا جو اپنے زمانے کا غوث تھا کہ چار آدمی اسے قتل کرنے کو آئے۔ اس ولی کے کئی ایک بچے بھی تھے۔ یہ آدمی اسے اس کے گھر اور بیوی بچوں کے درمیان سے گھسیٹ کر لے گئے اور اس کی اولاد چیخ و پکار کرتی رہ گئی اور انہوں نے اسے ذبح کر دیا اس واقعہ کے دوران اس ولی کی فکر اپنے دھیان میں لگی ہوئی تھی اور اس نے قطعاً اس بات کی طرف توجہ ہی نہیں کی کہ اس کے ساتھ کیا واقعہ گزر رہا ہے اور نہ ہی اپنی اولاد اور عورتوں کے چلانے کی طرف توجہ دی، یہ عجیب وغریب صبر ہے جو سننے میں آیا۔ جب اولیاء اُمت کی یہ شان ہے تو آنحضرت ﷺ کے صبر[۵۴] کا کیا حال ہوگا۔ لیکن اگر ذات حجاب میں ہو تو عقل کا نور ذات میں جمع ہو جائے گا اور اسی میں بند ہو کر رہ جائے گا، چنانچہ جب جسم پر کوئی تکلیف دہ چیز نازل ہوتی ہے تو جسم بہت زیادہ تکلیف کا احساس کرتا ہے اور اگر تو ایک سلاخ سے اسے داغ دے گا تو اسے اس قدر تکلیف ہوگی جس قدر کہ سو سلاخوں سے داغنے سے ہوتی ہے، لیکن اگر تو اسی سلاخ سے صاحب فتح (ولی) کو داغ دے تو یا تو وہ بالکل ہی محسوس نہ کرے گا جیسا کہ ولی مذکور سے ہوا یا اگر محسوس کرے گا بھی تو تھوڑا۔

۳۔رحمت:

تیسرا جزو رحمت ہے اور یہ ذات کے اندر ایک نور ہے جس کا تقاضا ہے کہ تمام مخلوقات پر رحم کھایا جائے اور یہ نور اس رحمت سے پیدا ہوتا ہے جو اللہ کی طرف سے بندے کو پہنچتی ہے اور جس قدر کہ اللہ کی رحمت بندے پر ہوتی ہے اسی قدر اس بندے کی رحمت تمام لوگوں کے لیے ہوتی ہے اور اس بات میں شک نہیں ہو سکتا کہ تمام مخلوقات میں کوئی شخص ایسا نہیں جس پر اللہ تعالیٰ کی اس قدر رحمت ہوتی ہو جس قدر کہ آنحضرت ﷺ پر ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ عامتہ الخلائق پر آنحضرت ﷺ کی رحمت کے برابر کسی اور کی رحمت نہیں ہے اور آپ کی رحمت عظیم اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ آپ کی رحمت عالم صفلی[۵۵]، عالم علوی[۵۶] اور اہل دنیا اور اہل آخرت[۵۷] سب پر عام ہے۔

اللہ تعالیٰ نے بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَحِيْمٌ کی آیت میں چار باتوں کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

۱۔ یہ وہ نور ہے جس سے اس تمام مخلوق کو سیراب کیا جاتا ہے جنہیں خوشنودی حق کا پروانہ حاصل ہو چکا ہے (یعنی مومنین)

۲۔ اس نور کو خدا کا قرب حاصل ہے اور قُرب سے مراد قُرب مرتبہ ہے نہ قرب مکانی۔

۳۔ یہ نور جسے اللہ کا قرب حاصل ہے، تمام کا تمام ذات نبی ﷺ میں پایا جاتا ہے،

۴۔ آنحضرت ﷺ کی ذات مبارک کو اس کے نور کے برداشت کرنے کی طاقت ہے چنانچہ اس کے اٹھانے میں آپ کو کسی قسم کی کلفت ومشقت نہیں ہوتی اور یہی وہ کمال ہے جس کی وجہ سے آپ کو تمام مخلوقات پر فوقیت حاصل ہوئی ہے۔

اس آیت شریفہ میں ان چار باتوں کی طرف اشارہ کرنے کا جو حقیقی سبب ہے وہ ان اسرار میں سے ہے جن کا چھپانا ضروری ہے اس آیت میں اور اشارات بھی ہیں، واللہ اعلم۔

۴۔ معرفت الٰہی:

چوتھا جزو معرفت الٰہی ہے ایسی کہ جیسی ہونی چاہیئے۔

۵۔ خوف تام[۵۸]:

پانچواں جزو کامل خوف خدا ہے۔ کامل خوف خدا سے ہماری مراد یہ ہے کہ باطنی خوف جو اصلی خوف ہے اور تمام اجسام میں پایا جاتا ہے، اس کے ساتھ ظاہری خوف بھی ملا ہوا ہو جس کا سبب عقل سلیم اور اللہ تعالیٰ کی ظاہری معرفت ہے۔ باطنی خوف تو تمام جسم میں پایا جاتا ہے اور جسم کے ایک ایک عضو پر حاوی ہوتا ہے کیونکہ ہر جوہر کا خالق خدا ہے اور مخلوق اپنے رب سے ڈرتی ہے جس طرح حادث[۵۹] قدیم سے ڈرتا ہے اور یہ خوف ہر مخلوق میں خواہ وہ جاندار ہو یا غیر جاندار موجود ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءُ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَالْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَائِعِيْنَ (سورۃ حم سجدہ آیت ۱۱) ترجمہ: (پھر اللہ تعالیٰ نے آسمان کی طرف توجہ فرمائی اور یہ ابھی دھوئیں کی شکل میں تھا اور اس سے اور زمین سے فرمایا کہ دونوں حاضر ہو جاؤ خواہ بخوشی یا بجبر۔ دونوں نے کہا ہم بخوشی حاضر ہیں۔) ان کی زبان سے ان الفاظ کے نکلنے کا سبب وہی اصلی اور باطنی خوف ہے اور اسی خوف کی وجہ سے وہ تسبیح ظہور پذیر ہوتی ہے جو آیت وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ (ہر چیز خدا کی تسبیح بیان کرتی ہے) میں مذکور ہے۔ اس خوف کا حکم دوام و استمرار[۶۰] ہے تاکہ ایک لحہ کے لیے بھی جدا نہ ہو، لیکن ظاہری خوف کا سبب اللہ کی طرف توجہ ہے، جب تک یہ توجہ رہے گی خوف رہے گا، لیکن اگر خیالات کسی اور طرف مشغول ہو جائیں تو یہ توجہ اور خوف دونوں زائل ہو جائیں گے، مگر جس پر اللہ کی رحمت ہوتی ہے تو وہ اس حجاب کو جو خوف ظاہری اور خوف باطنی حقیقی اصلی دائمی کے درمیان حائل ہوتا ہے زائل کر دیتا ہے۔ اس کیلئے یہ خوف بھی ظاہر، دائمی اور صافی بن جاتا ہے جو تاریکی سے پاک ہوتا ہے، پھر اس کے خوف کی یہ کیفیت ہو جاتی ہے کہ یہ اپنے رب کی معرفت سے مدد حاصل کرتا ہے، اسی واسطے اس کے خوف کی کوئی انتہا نہیں کیونکہ معرفت الٰہی کی کوئی انتہا نہیں لہٰذا جس خوف کو اس معرفت سے مدد حاصل ہو وہ بھی لا انتہا ہوگا مختصر یہ کہ ظاہر باطن سے صفاء اور دوام حاصل کرتا ہے اور باطن ظاہر سے زیادتی اور فیضان حاصل کرتا ہے اسی کا نام خوف تام ہے۔ باطن ظاہر سے زیادتی اس لیے حاصل کرتا ہے کہ باطنی خوف کی تمام اجسام کے ساتھ برابر کی نسبت ہے۔ صرف خوف ظاہری میں اجرام[۶۱] کی نسبت مختلف ہوتی ہے کیونکہ خوف ظاہری کا سبب معرفت الٰہیہ ہے اور معرفت الٰہیہ میں اجرام کے درجات مختلف ہیں۔ واللہ اعلم۔

۶۔ بغضِ باطل:

چھٹا جزو بغض باطل ہے اور یہ اُس نور سے پیدا ہوتا ہے جو ذات کے اندر ہر وقت موجود ہوتا ہے جس کا کام یہ ہے کہ وہ تاریکی کی طرف متوجہ ہوئے اور ان کو اس طرح حاضر کر لے گویا وہ اس کی آنکھوں کے سامنے ہیں اور پھر اس کو رفع کرنے کے لیے اس طرح

بالمقابل آجائے جس طرح ایک ضد دوسری ضد کے بالقابل آجاتی ہے اور ضد کا استحضار[۶۲] اس چیز سے مکمل طور پر بغض رکھنے میں ممد ہوتا ہے لہٰذا جب ضد کا استحضار دائمی ہوگا تو اس چیز سے بغض بھی دائمی ہوگا اور باطل سے ہمیشہ اور ہر لحظہ بغض رکھنا اجزاء نبوت کا ایک جزو ہے واللہ اعلم۔

۷۔ عفو:

ساتواں جزو عفو[۶۳] ہے۔ یہ اس نور سے پیدا ہوتا ہے جو ذات کے اندر ہمیشہ موجود ہوتا ہے اس نور کی طبیعت ہے کہ جو اسے نقصان پہنچائے یہ اسے نفع پہنچاتا ہے اور جو اس سے تعلقات منقطع کرے یہ اس سے تعلقات جوڑتا ہے جو اس پر ظلم کرے یہ اس سے درگزر کرتا ہے جو اس سے برائی کرے یہ اس سے نیکی کرتا ہے اور جو عفو اس قسم کا ہو وہ نبوت کا ایک جزو ہے اور اس کا دائمی ہونا ضروری ہے، کیونکہ اس کا سبب نور سابق (بغض باطل) ہوتا ہے اور وہ (بغض باطل) ذات کے اندر ہمیشہ موجود ہوتا ہے۔ لہٰذا حالت عفو بھی دائمی ہوگی، آنحضرت ﷺ کی یہی کیفیت تھی۔

یاد رہے کہ آنحضرت ﷺ کے سوا کسی اور نے خصائل نبوت کو اس اکمل طریقہ پر حاصل نہیں کیا جس سے اوپر کوئی کمال نہیں ہوسکتا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ آدمیت، قبض اور بسط کی خصلتیں کسی ذات میں اس کمال تک نہیں پہنچیں جس حد تک آپ ﷺ کی ذات میں پہنچی تھیں۔ لہٰذا جب یہ خصلتیں آپ ﷺ کی ظاہری ذات میں اعلیٰ درجے کی تھیں اور پھر ان پر نبوت کی خصلتوں کا اضافہ ہوا تو اس کے انوار بڑھ گئے اور اس کے اسرار پھیل گئے۔ لہٰذا خصائل نبوت کی پہلی خصلت آدمیت، قبض اور بسط کی خصلتوں پر اُترتی ہے۔ یہاں تک کہ یہ خصلت اس طرح ہوجاتی ہے گویا مذکورہ بالا خصلتوں کے نور اس میں گھل مل گئے ہیں اور نبوت کی دوسری خصلت میں بائیس خصلتیں اترتی ہیں اور ان خصلتوں کے تمام انوار اس میں جمع ہوجاتے ہیں۔ تیسری خصلت تئیس خصلتوں پر اترتی ہے اور ان کے انوار اس میں جمع ہوجاتے ہیں۔ مختصر یہ کہ نور حق ایسا ہوجاتا ہے جیسا کہ یہ بائیس نوروں سے مرکب ہو۔ اس کے اپنے نور سے اور ماقبل کے انوار سے اور نور صبر تئیس نوروں سے مرکب ہے، اپنے نور اور ماقبل کے انوار سے نور رحمت چوبیس نوروں سے مرکب ہے، اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ کی رحمت مذکورہ بالا صفت سے موصوف ہوئی۔ یہاں تک کہ تمام مخلوقات پر عام ہوئی۔ آپ کی معرفت الٰہیہ کی شرح بیان نہیں ہوسکتی۔ مختصر یہ کہ جب تو نبوت کے جلال کو اپنی آنکھوں کے سامنے رکھے گا پھر جو کچھ اس کی شرح میں کہا گیا اس پر غور کرے گا اور اس کی حقیقت تک پہنچے گا، پھر اس کے انوار کو ماقبل کے انوار پر اتارے گا اور ماقبل کے انوار کو اس میں شامل کرلے گا تو تجھے نبی ﷺ کی بزرگی اور اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کی عظمت کا پتہ چل جائے گا جیسا کہ علامہ بوصیری نے کہا ہے:

مُنَزَّهٌ[۶۴] عَنْ شَرِيْکَ فِیْ مَحَاسِنِهٖ فَجُوْهَوُالْحُسْنِ فِيْهِ غَيْرُ مُنْقَسِمِ

(ترجمہ: آنحضرت ﷺ کے محاسن میں آپ کا کوئی شریک نہیں (یعنی آپ جیسے محاسن کسی اور میں نہیں پائے جاتے) لہٰذا آپ کا جوہر حسن غیر منقسم ہے) صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و صحبہ اجمین۔

۵۔روح

ا جزو: ذوق الانوار

روح کا پہلا جزو ذوق الانور[۶۵] ہے اور یہ نور رُوح کے اندر جاری وساری ہوتا ہے جس کی وجہ سے رُوح اللہ تعالیٰ کے افعال کے نور ائنات میں اوران انوار میں چکھتی ہے جو عالم علوی میں موجود ہوتے ہیں۔اس اندازے سے جو تقدیر میں لکھا جا چکا ہے اوراس کے حصے آچکا ہے۔یہ ذوقِ رُوح ذوقِ ذات سے کئی لحاظ سے مختلف ہوتا ہے۔

ق رُوح اور ذوق جسم میں فرق

ذوق رُوح نورانی ہوتا ہے اس لیے اس کا تعلق بھی نور ہی سے ہوتا ہے برخلاف جسمانی ذوق کے کہ اس کا تعلق اجسام سے ہوتا ہے، لہٰذا جب شہد کا جسم ہماری زبان سے لگتا ہے تو جسم شہد کی مٹھاس کا ذوق محسوس کرتا ہے، لیکن رُوح شہد کی مٹھاس کو شہد کے جسم سے محسوس نہیں کرتی بلکہ اُس نور عقل سے محسوس کرتی ہے جس کی وجہ سے اس مٹھاس کی حقیقت قائم ہے یہی حال دوسری ذائقہ دار اشیاء کے ذوق کا ہے۔

ذوقِ رُوح میں اتصال ضروری ہے جیسے کہ لوگوں میں عام عادت ہے اور رُوح کی عام عادت یہ ہے کہ اس کے ذوق میں اتصال شرط نہیں۔

- روح میں یہ فرق کسی خاص حصہ کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ یہ ذوق تمام ظاہری اور باطنی جواہر میں سرایت کئے ہوئے ہے۔برخلاف جسم کے ذوق کے کیونکہ وہ عادتاً صرف زبان کے ساتھ مخصوص ہے۔
- ذوقِ رُوح تمام حواس میں پایا جاتا ہے اس سے ہماری مراد یہ ہے کہ یہ ذوق تمام حواس سے پیدا ہوتا ہے لہٰذا جب رُوح کوئی چکھنے کی چیز دیکھے گی مثلاً شہد تو رُوح کو اس نور عقل سے جو مٹھاس میں پایا جاتا ہے مٹھاس کا ذائقہ حاصل ہو جائے گا۔یہی حال ہر ذائقہ دار چیز اور تمام انوار علویہ کے دیکھنے سے ہوگا۔اسی طرح الفاظ کے سننے سے بھی اسے ذوق حاصل ہوگا۔چنانچہ جب رُوح شہد کا لفظ سنے گی تو اس نور کا ذوق حاصل کرلے گی جو شہد میں ہے اور اسے مٹھاس کا ذائقہ حاصل ہو جائے گا۔اسی طرح جب یہ جنت یا رضوان یا رحمت کا لفظ سنے گی تو یہ ذوق اسے حاصل ہوگا، لیکن جب رُوح قرآن مجید کو سنے گی تو سب سے پہلے اسے کلام الٰہی کے نور کا ذوق حاصل ہوگا پھر اس کے بعد اسے اور مزے آئیں گے جن کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی۔

الغرض رُوح اپنے تمام جسم اور جواہر سے مزہ لیتی ہے جو اسے تمام حواس کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے۔واللہ اعلم۔

وح محمدی ﷺ و دیگر ارواح میں فرق

ارواح اگرچہ مذکور بالا طریقہ پر ذوق میں مساوی ہیں لیکن وہ قوت اور ضعف کے اعتبار سے متفاوت ہیں، سب سے قوی وہ رُوح ہے جس کا ذوق عرش، فرش اور دیگر عوالم کو چیر کر نکل جائے اور یہ طاقت آنحضرت ﷺ کی رُوح کو ہی ہے کیونکہ آپ کی رُوح سلطان

الارواح ہے اور یہ رُوح آپ ﷺ کے جسم مبارک میں رضا، محبت اور قبول کی طرح ساکن ہو چکی ہے اور دونوں کے درمیان سے حجا
اُٹھ چکا ہے، چنانچہ آپ ﷺ کی رُوح مقدس کا ذوق آپ کے کمال کے مطابق ہے اور آپ ﷺ کے طاہر خُرابی جسم کا عوالم کو چیر کر نکا
ثابت ہے اور یہی وہ کمال ہے جس سے بڑھ کر کوئی کمال نہیں ہو سکتا۔

۲۔ طہارت:

روح کا دوسرا جزو طہارت ہے طہارت سے مراد رُوح کی وہ صفائی ہے جس پر یہ پیدا کی گئی ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں۔ ح
معنوی۔ حسّی طہارت تو اس لیے ہے کہ رُوح ایک نور ہے اور نور انتہائی درجے کا صاف اور پاک ہوتا ہے۔ اب رہی معنوی تو اس
معرفت باطنی اور معرفت ظاہری کا امتزاج [۶۸] ہے اس کی تشریح یہ ہے کہ تمام مخلوقات خواہ وہ زبان دار ہو یا بے زبان، ذی حیات ہو
اپنے خالق کو پہچانتی ہے اور کوئی ایسی مخلوق نہیں جس کے تمام جواہر میں یہ معرفت باطنیہ نہ پائی جاتی ہو۔ جیسے خوف تام کے تحت ذکر ک
ہے۔ پھر جس پر اللہ کی عنایت ہو جائے تو اس کے لیے باطن بھی ظاہر کی طرح ہو جاتا ہے۔ چنانچہ وہ تمام جواہر کی معرفت الٰہیہ
کرنے لگ جاتا ہے اور باطن کی طرح ظاہر کے تمام اجزا عارف بن جاتے ہیں اور یہی معرفت کا اعلیٰ درجہ ہے جو حق تعالیٰ نے تمام
کو بخشا ہے اور وہ اپنی ذات کے ساتھ اپنے ظاہر میں اپنے رب کو جانتی نہیں، لیکن باوجود اس کے کہ یہ صفائی میں برابر ہوتی ہیں۔ ا
اور چھٹائی کے تفاوت کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں، کیونکہ بعض ارواح کا حجم چھوٹا ہوتا ہے بعض کا بڑا، اور اس میں کوئی شک نہیں ک
حجم بڑا ہوگا اس کے جواہر بھی زیادہ ہوں گے۔ اسی وجہ سے اسے معرفت الٰہی بھی زیادہ ہوگی۔

آنحضرت ﷺ کی رُوح سب سے بڑی رُوح ہے

تمام ارواح سے بڑی قدر والی اور حجم کے لحاظ سے عظیم ترین رُوح آنحضرت ﷺ کی رُوح ہے کیونکہ وہ تمام زمینوں اور آ
پر کیے ہوئے ہے، مگر بایں وسعت آپ ﷺ کی ذات مقدس نے اسے اپنے اندر لے لیا ہے اور وہ اس کے تمام اسرار پر حاوی ہے
ہے وہ خدا جس نے آپ ﷺ کی ذات کو یہ قدرت عطا کی۔)

مزید برآں جب رُوح ذات میں برضا و محبت قیام پذیر ہوا اور دونوں کے درمیان حجاب زائل ہو چکا ہو تو یہ رُوح اپنی حسّی اور معن
سے فیض پہنچائے گی اور ذات میں حسّی صفائی حاصل ہوگی جس کی وجہ سے جسم کے خون کی صفائی پیدا ہوگی اور یہ صفائی چار باتوں سے ہوگی

خون کی صفائی چار باتوں سے حاصل ہوتی ہے:

۱۔ خون کو ہلکا کرنے اور اس کے ثقل [۶۹] کو زائل کرنے سے۔ کیونکہ جس قدر خون بھاری ہوگا اسی قدر اس میں خباثت ہوگی ا
کے ہوتے ہوئے شہوات کی کثرت ہوگی۔

۲۔ بو کی صفائی: اس کی پہچان یہ ہے کہ اس کی بو گندھے ہوئے آٹے کی سی ہو اور اگر خون خبیث ہوگا تو اس کی بو سڑی ہوئی کیچڑ کی

۳۔ رنگ کی صفائی: اس کی علامت یہ کہ خون زردی مائل ہو کیونکہ خون فاسد کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے اور جتنا زیادہ سیاہی

اسی قدر فساد خون بھی زیادہ ہوگا۔

مزہ کی صفائی: اس کی شناخت یہ ہے کہ خون میٹھا ہو۔ کیونکہ خون فاسد کا مزہ جلی ہوئی چیز کا سا ہوتا ہے۔

لہٰذا جب جوہر خون صاف ہوگا تو اس سے تمام شیطانی حصے نکل جائیں گے اور شہوات اور معصیت کی تاریکیاں منقطع ہو جائیں گی۔ کے بعد جسم کی رگیں اس صاف خون سے غذا حاصل کریں گی اور وہ بھی خون کی صفائی کے باعث صاف ہو جائیں گی اور ان سے بھی ت اور شیطانی علائق منقطع ہو جائیں گے۔ جب جسم کے اندر یہ حسی صفائی حاصل ہوگئی تو پھر رُوح معنوی صفائی سے اس کی مدد کریگی ے تمام جواہر کے ساتھ معرفت الٰہی حاصل ہو جائے گی اور چونکہ ذات محمدی روح شریف پر محیط اور اس کے تمام اسرار کو حاصل کر چکی ں لیے اسے حسی اور معنوی دونوں قسم کی صفائی حاصل ہو چکی ہے۔

تمیز:

تیسرا جزو تمیز ہے اور یہ رُوح میں ایک قسم کا نور ہوتا ہے جس کی مدد سے رُوح اشیاء کی حقیقت کو کامل طور پر پہچان لیتی ہے، لیکن پہچان کے لیے رُوح کسی تعلیم کی محتاج نہیں ہوتی بلکہ محض دیکھ کر یا سن کر ہی پہچان لیتی ہے کہ یہ کیا ہے۔ اس کے حالات کیا ہیں، اس کا ور منتہیٰ کیا ہے۔ اس کا انجام کیا ہوگا اور اسے کیوں پیدا کیا گیا ہے۔

پھر اپنی اطلاع کے مطابق روحیں اس پرکھنے میں مختلف ہوتی ہیں، چنانچہ بعض ارواح کی اطلاع قوی ہوتی ہے اور بعض کی ضعیف رت ﷺ کی رُوح کی اطلاع قوی ترین ہے۔

ح محمدی ﷺ سے کوئی چیز محجوب نہیں

کیونکہ دنیا کی کوئی شئی اس سے محجوب نہیں ہے اسی لیے آپ ﷺ کو عرش و فرش، علو و سفل، دنیا و آخرت اور دوزخ و جنت سب کی ہے۔ اس لیے کہ یہ سب کچھ تو آپ ﷺ ہی کی بدولت پیدا ہوا ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ کی تمیز ان تمام جہانوں کو چیر کر نکل جانے والی چنانچہ آپ ﷺ کو اجرام سماویہ میں سے ہر جرم کا علم ہے کہ یہ کہاں سے پیدا کیا گیا ہے کب اور کیوں پیدا کیا گیا اور اس کا منتہیٰ کیا آپ ﷺ کو ہر آسمان کے فرشتوں کا پتہ ہے کہ کون فرشتہ کس فلک پر پیدا کیا گیا۔ کب پیدا کیا گیا۔ کیوں پیدا کیا گیا اور ان کا انجام وگا اور آپ ﷺ کو ان کے اختلاف مراتب اور منتہیٰ درجات کا بھی علم ہے اور اسی طرح آپ ﷺ کو ستر حجابوں اور ہر حجاب کے ں کا بھی علم ہے اسی طرح آپ ﷺ کو عالم علوی کے جرام نیرہ کا بھی علم ہے مثلاً ستارے، سورج، چاند، لوح، قلم، برزخ اور وہ ا جو برزخ میں ہیں، اسی طرح آپ ﷺ کو ساتوں زمینوں، ہر زمین کی مخلوقات اور بر و بحر کی تمام اشیاء کا علم ہے، اسی طرح ﷺ کو جنت، اس کے درجات، اس کے رہنے والوں کی تعداد اور ان کے مقامات کی پوری واقفیت ہے۔ علیٰ ہذا القیاس دیگر عوالم علق بھی آپ ﷺ کے علم کا یہی حال ہے۔

ازلی الٰہی اور علم نبوی ﷺ میں کیا فرق ہے

آنحضرت ﷺ کا علم اللہ تعالیٰ کے قدیم ازلی علم سے مزاحم نہیں ہوتا، کیونکہ علم خداوندی کی معلومات لاانتہا ہیں۔ اس لیے کہ اللہ

تعالیٰ کا علم اس عالم میں نہیں سما سکتا۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ اسرار ربوبیت اور اوصاف الوہیت جن کی کوئی انتہا نہیں ہے ان سے اس
کوئی نسبت نہیں ہو سکتی۔

پھر جب رُوح کو ذات سے محبت ہوتی ہے تو وہ ذات کی اس تمیز کے ساتھ مدد کرتی ہے' اسی واسطے آنحضرت ﷺ کو
مقدس اور تمام عوالم کو جانتی تھی جن کا ذکر ہو چکا۔ پاک ہے وہ خدا جس نے آپ کی ذات کو شرف بخشا' عزت بخشی اور اس
قدرت دی۔

۴۔ بصیرت:

چوتھا جزو بصیرت ہے۔ اس سے مراد تمام اجزاء' رُوح میں فہم کا اس طرح سرایت کرنا ہے جس طرح تمام حواس یعنی ب
سماعت وقوت شامہ وذوق اور لمس اجزا رُوح میں سرایت کئے ہوئے ہیں چنانچہ علم تمام اجزاء میں قائم ہے اور بصر بھی تمام اجزاء
ہے یہی حال شیم [۱]، ذوق اور لمس [۲] کا ہے یہاں تک کہ رُوح کا کوئی ایسا جزو نہیں جس میں علم وسمع وبصر وشم' ذوق ولمس موجود
چنانچہ رُوح ہر جہت سے دیکھتی ہے اور یہی حال باقی حواس کا ہے۔ لہٰذا جب رُوح ذات سے محبت رکھتی ہے اور ان دونوں کے درم
حجاب اُٹھ جائے تو وہ اسے اس بصیرت سے مدد دیتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ذات کے سامنے اور پیچھے' اوپر اور نیچے دائیں
اپنے تمام اجزاء کے ذریعہ سے دیکھتی ہے اور اسی طرح سنتی ہے اور سونگھتی ہے وغیرہ الغرض جو شان رُوح کی ہوتی ہے وہی جسم
ہے چنانچہ جب بچپن میں ملائکہ نے آنحضرت ﷺ کا سینہ مبارک چاک کیا تو اس وقت سے آپ ﷺ کی ذات طاہر اور رُو
کے درمیان حجاب اُٹھ گیا تھا اور اسی وقت سے آپ ﷺ کی رُوح اور ذات کے درمیان اتحاد اور خلا ملا ہو گیا تھا اور آپ ﷺ
ان امور پر مطلع ہو گئی تھی جس پر آپ ﷺ کی رُوح مطلع تھی۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ اپنے پیچھے سے اسی طرح دیکھ سکتے
طرح سامنے سے۔ چنانچہ آپ نے صحابہ سے فرمایا اَقِیْمُوا رُکُوْعَکُمْ وَسُجُوْدَکُمْ فَاِنِّیْ اَرَاکُمْ مِنْ خَلْفِیْ کَمَا اَرَ
اَمَامِیْ [۳] (اپنے رکوع اور سجود کو ٹھیک ادا کیا کرو کیونکہ میں تم کو اپنے پیچھے سے ایسا ہی دیکھتا ہوں جیسا سامنے سے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۵۔ عدم غفلت:

پانچواں جزو عدم غفلت ہے یعنی جس قدر کہ رُوح کا مبلغ علم ہے اور جہاں تک رُوح کی نظر پہنچتی ہے اس سے علم کی ضد
تمام کیفیات ایسی منتفی [۴] ہوں کہ اس معلوم مقدار میں نہ سہو پیش آئے نہ غفلت نہ نسیان [۵] اور رُوح کے لئے حصول
تدریجی [۶] نہیں ہے بلکہ یہ اسے ایک ہی نظر میں حاصل ہو جاتا ہے اور نہ اس کا علم ایسا ہوتا ہے کہ اگر ایک چیز کی طرف متوجہ ہ
سے غافل ہو جائے بلکہ یوں ہوتا ہے کہ جب ایک چیز کی طرف متوجہ ہو تو دوسری چیز بھی اس کے ساتھ حاصل ہو جاتی ہے کیونک
علوم فطری ہوتے ہیں اور اس کی ابتداء فطرت میں ہی دفعتاً اسے علوم حاصل ہو چکے ہوتے ہیں۔ پھر یہ علوم اس کے لئے قائم ر
اس کی ذات قائم ہے۔ عدم غفلت سے یہی مراد ہے اور یہ وصف ہر رُوح میں موجود ہوتا ہے۔ صرف مقدار علم میں فرق ہوتا ہے
علوم قلیل ہوتے ہیں۔ بعض کے کثیر اور سب سے زیادہ علم والی اور سب سے قوی نظر والی رُوح آنحضرت ﷺ کی رُوح

لارواح ہے اور جیسے کہ ذکر ہو چکا ہے، یہ ایک ہی دفعہ بغیر ترتیب اور بغیر تدریج کے تمام عوالم کی موجودات پر مطلع ہے پھر جب
یہؐ کی ذات شریف اور رُوح میں خلا ملا پیدا ہو گیا تو رُوح نے عدم غفلت کے ساتھ ذات کی مدد کی' یہاں تک کہ ذات بھی عالم کی
ء پر مطلع ہوگئی اور اسے اس علم میں غفلت لاحق نہ ہوگی لیکن ذات کا علم رُوح کا سا نہیں ہوتا کیونکہ رُوح کی اطلاع بغیر ترتیب کے
ں ہے اور ذات کی اطلاع بتدریج و بترتیب ہوتی ہے اس طرح کہ جس چیز کی طرف متوجہ ہوگی اسے معلوم کر لے گی مگر توجہ کے بغیر یہ
نہیں ہوتا۔ اس کے بعد جب ذات کسی اور چیز کی طرف متوجہ ہوگی تو اسے بھی معلوم کر لے گی۔ علیٰ ہذا القیاس اور چیزوں کی طرف
ے گی یہاں تک کہ تمام اشیاء عالم کا علم حاصل کر لے گی اور اسے موجودات عالم پر تسلط ہو جائے گا مگر یہ توجہ کا محتاج ہوگا لیکن دفعتاً
ں جو طاقت رُوح میں پائی جاتی ہے وہ ذات میں نہیں۔ عدم غفلت کے لحاظ سے بھی دونوں میں یہی فرق ہے کہ توجہ کے وقت ذات
ں چوک نہ ہوگی نہ یہ کہ توجہ ہٹ جانے پر بھی سہو و نسیان لاحق نہ ہو اسی واسطے آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے جیسا کہ صحیح بخاری میں
اَنَا بَشَرٌ اَنْسیٰ کَمَا تَنْسَوْنَ فَاِذَا انْسِیْتُ تُذَکِّرُوْنِیْ (مشکوٰۃ طبع مجتبائی دہلی ۹۲ باب السہو) (میں ایک انسان ہوں' تمہاری
ں بھی بھول جاتا ہوں۔ لہٰذا جب بھول جاؤں تو یاد دلا دیا کرو) آپ ﷺ نے یہ الفاظ اس وقت فرمائے جب آپ سے سہو ہوا اور
ے آپ کو آگاہ نہ کیا۔

(مولف کتاب کہتا ہے) خدا حضرت عبدالعزیز دباغ کا بھلا کرے آپ نے طریقت اور حقیقت دونوں کا حق ادا کر دیا۔

ث: اِنِّیْ لَاْ اَنْسیٰ وَلٰکِنِّ اُنْسیَ لِاُسِنَّ:

ری وہ حدیث جس میں حضرت کا یہ ارشاد مروی ہے اِنِّیْ لَاْ اَنْسیٰ وَلٰکِنِّ اُنْسیَ لِاُسِنَّ (میں بھولتا نہیں ہوں بلکہ مجھ پر بھول
ا ہے تاکہ بھول کے لئے بھی ایک طریقہ قرار دے دیا جائے)[۷۷] سو حفاظ حدیث مثلاً امام عبدالبر[۷۸] نے تمہید میں حافظ ابن حجرؒ
یں اور جلال الدین سیوطیؒ نے مؤطا کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ ایک ایسی حدیث ہے جس کی سند کسی حدیث کی کتاب میں
ت ﷺ تک متصل نہیں ہے۔ ابن حجر کہتے ہیں کہ اس کے رد میں آپ کا یہی ارشاد کافی ہے اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَنْسیٰ کَمَا تَنْسَوْنَ
نحضرت ﷺ نے اپنی طرف صرف بشریت کو منسوب کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اپنے نسیان کو صحابہؓ کے نسیان سے تشبیہ دی ہے۔
فتح الباری میں دیکھیں۔ واللہ اعلم

تِ سریان:

چھٹا جزو قوتِ سریان[۷۹] ہے اور یہ اس طرح کہ حق تعالیٰ نے رُوح کو طاقت دی ہے کہ وہ اجرام کو پھاڑ کر اُن میں داخل ہو جائے
پہاڑوں' پتھروں' چٹانوں اور دیواروں کو پھاڑ کر ان میں گھس جاتی ہے اور ان کے اندر جہاں چاہتی ہے چلتی پھرتی ہے اور رُوح
ت میں سکونت پذیر ہو جائے اور اس سے محبت کرنے لگے اور اسے اپنا ساتھی بنا لے تو رُوح اس قوت سے ذات کی مدد کرتی ہے اور
ی کام کرنے لگ جاتی ہے جو رُوح کرتی ہے۔

یحییٰ علیہ السلام کا قصہ:

یحییٰ علیہ السلام کا قصہ بھی اسی قبیل سے ہے کہ آپ کی قوم نے آپ کو گرفتار کرنا چاہا تو آپ ان سے بھاگ کر ایک درخت کے گھس گئے کیونکہ آپ کی رُوح نے بدن کو باہمی محبت کے سبب اجرام میں سرایت کرنے کی طاقت دی تھی۔ اس واسطے آپ کا جسم درخت کو پھاڑ کر اُس کے اندر گھس گیا۔

اولیاء اللہ میں بھی یہ قوت پائی جاتی ہے:

اسی قبیل سے ہیں اولیاء اللہ کے واقعات کہ وہ کسی جگہ بغیر دروازہ کھولے داخل ہو گئے اور مکان کے اندر پائے گئے۔ اور اسی سے ہیں اولیاء اللہ کے واقعات کہ ایک قدم اٹھایا اور ایک پاؤں مشرق میں رکھا اور دوسرا مغرب میں کیونکہ جسم تو ایک لحظہ میں اس ہوا کر نکل جانے کی طاقت نہیں رکھتا جو مشرق و مغرب کے درمیان ہے اس لئے کہ ہوا اس کے جوڑوں کو توڑ ڈالے گی اور اس کے ریزہ ریزہ کر دے گی اور اس کے خون اور رطوبتوں کو خشک کر دے گی لیکن رُوح نے قوت سریان سے جسم کی مدد کر کے اسے اس فعل کرنے کے قابل بنا دیا۔

واقعہ معراج:

معراج کا واقعہ بھی اسی قبیل سے ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ تھوڑی سی مدت کے اندر جہاں پہنچے، پہنچے اور پھر واپس بھی آ گئے سب کچھ رُوح کا کام تھا کہ اس نے اپنی سرایت کرنے والی قوت سے جسم کی مدد کی۔ واللہ اعلم۔

7۔ مئولمات اجرام کا عدم احساس:

ساتواں جزو اجسام کو دکھ دینے والی اشیاء کا احساس نہ کرنا مثلاً بھوک، پیاس، گرمی اور سردی وغیرہ کیونکہ رُوح تو ان میں سے کوئی کو محسوس نہیں کرتی چنانچہ اس کے نزدیک بھوک، پیاس، گرمی، سردی کوئی چیز نہیں۔ اسی طرح جب رُوح کسی تیز چیز میں نفوذ کرتی ہے کوئی تکلیف نہیں پہنچتی، اسی طرح جب رُوح گندگی کی جگہ سے گزرتی ہے تو اسے اس سے کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔ برخلاف اس کے کہ اس آخری امر میں (یعنی تعفن سے) انہیں تکلیف پہنچتی ہے کیونکہ ان کا میلان خوشبو کی طرف ہوتا ہے اور بدبو سے انہیں نفرت ہے اگر رُوح میں عدم احساس کی قوت نہ پائی جاتی تو جس جسم میں یہ موجود ہوتی ہے اس میں ایک لمحہ بھی قرار نہ پا سکتی۔ واللہ تعالیٰ

یہ سات اُمور ہیں جن کا ہونا ہر رُوح میں ضروری ہے۔ اسی واسطہ ہم نے کہا ہے کہ قریب قریب یہی رُوح کے اجزا ہیں اسی طرح ان میں روحوں کے حالات مختلف ہوتے ہیں اور یہ بھی بیان کیا جا چکا ہے کہ اعلیٰ ترین رُوح، رُوح محمدی ﷺ ہے اور یہ بھی بیان ہو چکا کہ ان اوصاف میں جو اوصاف آپ ﷺ کی رُوح میں پائے جائیں وہی آپ ﷺ کی ذات میں بھی پائے جائیں گے ساتوں کو اٹھائیس کیساتھ ملایا جائے گا۔ اٹھائیس سے مراد آدمیت، قبض، بسط اور نبوت کے اٹھائیس انوار ہیں کہ پہلا نور یعنی ذوق آپ کی ذات شریف میں ہے، اس میں تمام سابقہ انوار شامل ہو جائیں گے اور وہ انتیس انوار کا مرکب ہوگا پھر اسی طرح تیسرا جو ساتواں نور پینتیس انوار سے مرکب ہوگا۔

۶۔علم

علم سے ہماری مراد علمِ کامل ہے جو پاکیزگی اور طہارت میں انتہائی درجے کو پہنچا ہو اور اس میں مندرجہ ذیل سات خصلتیں جمع
یاد رکھو کہ علم نور عقل ہے اور عقل نور رُوح ہے اور رُوح نور ذات ہے یہ مذکور ہو چکا ہے کہ وہ ذات طاہر جسم کے اور رُوح کے درمیان
اب زائل ہو چکا ہو اُن تمام اوصاف سے موصوف ہوتی ہے جو نور عقل کے لئے ثابت ہو چکے ہوتے ہیں اور نور عقل علم ہی ہے لہٰذا
ان ساتوں انوار سے متصف ہوتی ہے جو علم میں پائے جاتے ہیں۔

علومات کا بار اُٹھانا:

علم کا پہلا جزو معلومات کا بار اٹھانا ہے۔ یہ علم کے اندر ایک نور ہے جس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ معلومات اس درجہ حاصل کی ہوں کہ آنکھ
ں دیکھی ہوئی اور کان کو اپنی سنی ہوئی اسی طرح باقی حواس کی ادراک کی ہوئی چیزوں کا جتنا حصول ہوتا ہے، ان سب پر فوقیت لے
۔لہٰذا نور علم میں اشیاء کا حصول بمنزلہ ذات کے ہوتا ہے اور بصر میں اشیاء کا حصول بمنزلہ ظل اور خیال کے ہوتا ہے' بالفاظ دیگر پہلے
ں کے مقابلے میں دوسرا حصول بمنزلہ خیال کے ہوتا ہے چنانچہ نور علم میں ادرک حقیقی ہوتا ہے اور بصر میں خیال، لیکن لوگوں میں اس
کس مشہور ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگوں میں نور علم بہت کم بلکہ محض بال برابر یا اس سے بھی کم ہوتا ہے اور جب علم ان میں کم ہو گیا تو
نے حواس پر اعتماد کرنا شروع کر دیا لیکن جسے اللہ تعالیٰ نے علم کامل عطا کیا ہو تو بصر اور باقی حواس اس علم کے مقابلے میں جو اسے
ا ہے اس کے نزدیک محض ایک خیال ہوگا پھر اس حالت کو واضح کرنے کے لئے شیخ نے ایک مثال بیان کی اور فرمایا

اگر ہم فرض کر لیں کہ ایک شخص نے ایک گھر بنایا اور اُس کی تعمیر میں ہر چھوٹا اور بڑا کام اس نے خود اپنے ہاتھوں سے کیا کہ مٹی خود لایا
سے پکا کر اینٹیں بنائیں اور پتھر لایا اور انہیں پکا کر چونا بنایا۔ پھر خود ہی لکڑی لایا' خود ہی اسے چیرا' عمارت تیار کر لی اور اسے چونے کا
یا۔ان تمام امور میں کسی نے اس کی مدد نہ کی۔ بلکہ اول سے آخر تک تمام کاموں کو اس نے خود ہی کیا ہو اور جو کچھ بھی اس نے کیا ہو وہ
ے' نیت اور سوچ و بچار سے کیا ہو، حتیٰ کہ ہر چیز ایسی ہو گئی ہو گویا اس کی طبعی اور فطری چیز ہے اور یہ تمام چیزیں اس کے ذہن میں
دہوں اور کبھی غائب نہ ہوتی ہوں۔ اب اگر وہ اس گھر سے کچھ مدت تک غائب رہے اور پھر واپس آئے اور اس گھر کو دیکھے اور اس
ساتھ ایک اور شخص بھی اسی گھر کو دیکھے تو ہر چند دونوں اس گھر کو دیکھنے میں تو برابر ہوں گے لیکن بنانے والے کا دیکھنا دوسرے آدمی کے
ے سے بہت بڑھا ہوا ہو گا کیونکہ اس کے تمام اجزاء اور اجزاء کے اجزاء اور کام کی تفصیل اور تفصیل کی تفصیل ایسی چیزیں ہیں جنہیں مانع
خود اپنے ہاتھ سے کیا ہے چنانچہ وہ گھر کو ظاہر اور باطن اور بیرون اور اندرون سے اس طرح جانتا ہے جس کا دوسرے کو علم نہیں۔ یہی
علم کامل کا ہے کہ وہ شے کے ظاہر و باطن' اجزاء اور اجزاء کے اجزاء اور تفصیل اور تفصیل کی تفصیل پر محیط ہوتا ہے اور بصر کا تعلق محض گھر
طح سے ہوتا ہے عام نہیں ہوتا چہ جائیکہ وہ چیر کے باطن تک پہنچ سکے یہ مثال تقریبی ہے' تحقیقی نہیں ہے کیونکہ علم کامل کا تو صرف انہی
ں کا علم ہوتا ہے جن پر اللہ کی عنایت ہو اور اس کی حقیقت تک پہنچنے کے لئے مثالوں سے ہی کام لیا جاتا ہے۔

میں نے عرض کیا کہ علم اشیا کا کیسے ادراک کرتا ہے؟ فرمایا اگر ہم فرض کرلیں کہ علم بمنزلہ ایک اونس صاف سفید پانی کے ہے جو اصلی حالت پر قائم ہو۔ پھر ہم ایک اونس اور پانی فرض کریں جو کئی ایک مختلف قسم کے قطرات سے مرکب ہو مثلاً ایک قطرہ نمکین ہو' ایک میٹھا' ایک کڑوا ایک ترش' ایک ٹھنڈا' ایک گرم وغیرہ وغیرہ پھر ہم اس ایک اونس مرکب پانی کو صاف پانی میں ڈال دیں تو یہ دونوں آ میں مخلوط ہو کر ایک ہی پانی بن جائیں گے۔ پہلا اونس پانی بمنزلہ علم کے ہے اور دوسرا اونس اپنے اختلاف کی وجہ سے بمنزلہ معلومات ہے' میں نے عرض کیا کہ کیا یہ قطرے مل جل کر ایک ہی ہو جاتے ہیں یا ہر قطرہ علیحدہ علیحدہ متمیز رہتا ہے؟ فرمایا یہ مخلوط ہوتے ہیں، پھر نے ہتھیلی بھر پانی لیا اور فرمایا یہ علم ہے پھر ایک اور قطرہ لیا اور اسی پانی میں ملا دیا اور فرمایا کیا یہ اس سے مل جل نہیں گیا؟ میں نے عرض ہاں۔ فرمایا یہ گویا منجملہ معلومات کے ایک معلوم ہے، پھر ایک اور قطرہ لیا اور اسی پانی میں ملا دیا اور فرمایا کیا یہ بھی اس سے مل جل نہیں میں نے عرض کیا ہاں۔ فرمایا یہ گویا دوسرا معلوم ہے پھر تیسرا قطرہ لیا اور اس پانی میں ملا دیا اور کہا بس علم اور معلومات کے حاصل ہو۔ یہی کیفیت ہے۔ کیونکہ نور علم پہلے قطرے میں علوم سے خالی ہوتا ہے' پھر معلومات کے آنے سے تدریجاً بڑھتا ہے معلومات حاصل ہ رہتے ہیں اور نور علم بڑھتا رہتا ہے۔ اسی لئے نور علم کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ جس طرح معلومات کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ علم معلومات کے بمنزلہ غلاف کے ہے۔ اگر غلاف کے اندر تھوڑی چیز ہوگی تو غلاف کا جسم چھوٹا ہوگا۔ اگر کثیر ہوں گی تو غلاف بڑا ہو جائے گا۔ عجیب با ہے کہ ابتداء میں یہ غلاف بہت ہی چھوٹا ہوتا ہے اس قدر کہ اس میں ایک ہی معلوم سما سکتا ہے۔ اگر اس میں ایک اور معلوم کا اضا غلاف بڑا ہو جاتا ہے اور اسی طرح بڑھتے بڑھتے بے حد بڑھ جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔

۲۔ ضائع نہ کرنا:

دوسرا جزو۔ عدم تضیع (ضائع نہ کرنا) ہے اور وہ ایک نور ہے جس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ اس کی معلومات صرف مستحق کو پہنچیں۔ لہٰذ نااہل لوگوں تک پہنچنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ چنانچہ یہ نور براہ راست نااہل تک نہیں پہنچتا اور اگر بالفرض نااہل تک یہ نور پہنچ بھی جا اسے واپس لے آتا ہے۔ اسے چوس لیتا ہے اور اپنی اصل تک پہنچا دیتا ہے اور نااہل کے پاس قائم رہنے سے بچاتا ہے۔

یہی حال آنحضرت ﷺ کا تھا کہ آپ جب کلام فرماتے تو انوار علوم نکلتے اور اسے نیک و بد اور مومن و منافق ہر قسم کے لوگ اور جو بد اور منافق لوگ ہوتے تو یہ نور ان کے پاس قرار نہ پاتا اور نہ ان کے دل پر اس کا اثر ہوتا کیونکہ نور مذکور ان انوار کو اپنی پاکیز اور روشن محل کی طرف واپس لے آتا۔ یعنی ذات محمدی ﷺ کی طرف، لیکن جو اہل محبت اور اہل ایمان ہوتے، وہ حکمت کے اہل او قبول کرنے کے قابل ہوتے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَكَانُوْا اَحَقَّ بِهَاوَاَهْلَهَا تو ان کی طہارت کی وجہ سے انوار ان کے کر قائم و برقرار رہتے۔

غرض علم کی دو قسمیں ہیں، پاک جس کے نور میں سفیدی ہو اور دوسرا ناپاک جس میں نیلا پن ہو۔ فرض کرو چار آدمی ہیں ا طاہر اور کامل ہے۔ دوسرے کا علم طاہر اور قلیل ہے۔ تیسرے کا علم غیر طاہر مگر کامل ہے اور چوتھے کا علم غیر طاہر اور قلیل ہے پھر فرض کہ وہ ایک جگہ اکٹھے ہو کر باتیں کرنے لگیں تو طاہر ناقص علم والا طاہر کامل علم والے سے استفادہ کرے گا اور تیسرے سے کچھ بھی ا کر سکے گا۔ اس لئے کہ وہ دونوں ہم جنس نہیں ہیں اور ناپاک ناقص علم والا مستفید ہوگا۔ ناپاک کامل والے سے اور پاک علم کا کچھ ا

کا کیونکہ ان میں مجانست نہیں ہے۔ علم مطلق کا خاصہ عدم تضیع ہے (ضائع نہ جانا) اس لئے طاہر غیر طاہر پر داخل نہ ہوگا اور اس کے پاس نہ ٹھہر سکے گا۔ اسی طرح غیر طاہر طاہر کے ساتھ نہیں ملے گا اور نہ اس کے پاس ٹھہر سکے گا۔ طاہر طاہر کے پاس جائے گا اور خبیث خبیث کے پاس۔

۳۔ زبانوں اور حیوانات اور جمادات کی آرزوؤں کی معرفت:

تیسرا جزو معرفت لغات واصوات ہے۔ اس کی تشریح اس طرح ہے کہ جب علم کامل میں اشیاء کا حصول ہوتا ہے تو یہ علم مع ان کے حقائق' ذاتیات' لوازمات اور عوارض کے ہوتا ہے اور اصوات (آوازیں) امور عرضیہ سے پیدا ہوتی ہیں اور یہ ناممکن ہے کہ عرضیات کا علم تو حاصل ہو جائے اور ان اشیاء کا علم نہ ہو جو ان سے پیدا ہوتی ہیں۔

پھر جن معلومات کے حقائق علم میں حاصل ہو چکے ہیں اُن کی دو قسمیں ہیں۔ حیوان اور جماد' جماد کی بھی آواز ہوتی ہے۔ مثلاً پانی کی سرسراہٹ اور دروازے کی کھڑاہٹ اور ایک پتھر کی دوسرے پر گرنے کی آواز وغیرہ وغیرہ اور علم والا انسان آوازوں کو سن کر مطلب سمجھ جاتا ہے۔

پھر حیوان کی بھی دو قسمیں ہیں ناطق اور غیر ناطق۔ حیوان ناطق یعنی انسان کی کوئی نہ کوئی زبان ہوتی ہے جسے عام لوگ جانتے ہوتے ہیں اور حیوان غیر ناطق جس کی قسمیں پرندے حیوانات وغیرہ ہیں اور ان تمام کی الگ الگ بولیاں مشہور ہیں اور کامل علم والا انسان ان سب کو جانتا ہوتا ہے۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے کہ) میں نے اس کے متعلق حضرت سے بہت سی حکایتیں سنی ہیں جن میں سے بعض کا ذکر دوران کتاب ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

حضرت نے فرمایا کہ صامت جس کی آواز نہیں ہوتی مثلاً دیوار' گھر' جنگل' چٹیل میدان' پہاڑ' درخت وغیرہ ان کی آواز کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور یہ آواز ان کے اور ان کے حقائق کے درمیان باطنی ہے مگر بعض اوقات ان کی آواز کو بھی اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کے معجزے کی صورت میں یا ولی کی کرامت کی صورت میں ظاہر کر دیتا ہے۔

۴۔ انجام سے واقفیت:

چوتھا جزو معرفت انجام ہے' اجزاء رُوح میں تمیز کی بحث میں مذکور ہو چکا ہے کہ یہ ایک نور ہے کہ جس کے ذریعہ سے اشیاء کی حقیقت نفس الامری مکمل طور پر متمیز ہو جاتی ہے لہٰذا اس نور سے ایک دوسرے سے اشیاء کا امتیاز ہوتا ہے اور یہ انہیں درجہ بدرجہ لے آتا ہے یہاں تک کہ یہ انجام تک پہنچ جاتی ہیں اور جب انجام کو پہنچ گئیں تو تمیز کا کام ختم ہو گیا اور اس علم یعنی معرفتِ عواقب کا کام شروع ہو جاتا ہے اس طرح کہ یہ ہر شے کا حقیقی انجام تفصیل وار نظر کے سامنے لے آتا ہے۔

پھر انجام کی دو قسمیں ہیں (۱) دارُالآخرت میں فنا جیسا کہ جمادات وغیرہ کا حال ہے جنہیں آخرت میں کوئی زندگی نصیب نہ ہوگی۔ (۲) یا بقاء جیسا کہ مکلفین ۸۰ (انسان و جنات) وغیرہ کے لئے ہے۔ جس کا انجام فناء ہو تو یہ جزو دیکھ لیتا ہے کہ اس کی فنا کب اور کس طرح ہوگی اور یہ شے کس طرح فنا تک بتدریج پہنچے گی۔ اس کے اجزا کس طرح کم ہوتے ہوتے بالآخر معدوم ہو جائیں گے۔ یہاں

تک کہ آخر کار یہ عدم محض بن جائیں گے۔ اس کی فناء کس جگہ ہوگی اس فناء کے اسباب و مقتضیات کیا ہوں گے۔ حتیٰ کہ اس کا فناء ہو
بالکل امر ظاہر اور معقول بن جائے گا کہ نہ اس میں کوئی بعد اور نہ خرق عادت ہوگا اس کے اندر کئی ایک علم شامل ہیں۔

لیکن جس کا انجام بقا ہے تو نور تمییز اسے درجہ بدرجہ لے جا کر جنت یا دوزخ تک پہنچا دیتا ہے پھر یہ جزو آتا ہے اور اس کی جزاء میں
غور کرتا ہے اور ہر شخص کی جزاء کے مطابق جنت میں ہے تو جنت کی اور دوزخ میں ہے تو دوزخ کی جزا میں بالتفصیل غور کرتا ہے اس کی
شرح بڑی لمبی ہے اور ممکن ہے کہ حضرت سے سنے ہوئے کچھ واقعات اثناء کتاب میں ذکر کر دیں۔ بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ

۵۔ اُن علوم کی معرفت جن کا تعلق انسانوں اور جنوں سے ہے:

پانچواں جزو ان علوم کی معرفت ہے جن کا تعلق جن وانس سے ہے اور یہ بہت سے علوم ہیں' خاص انسانوں سے تعلق رکھنے وا
علوم کی تعداد تین سو چھیاسٹھ ہے اور جنوں سے متعلق علوم کی تعداد ان سے تین کم یعنی تین سو تریسٹھ ہے۔ انہی میں وہ علوم بھی شامل ہیں جر
سے ان اسباب کی معرفت حاصل کی جاتی ہے جن پر ان کی زندگی ظاہری اور باطنی کا بقاء موقوف ہے ظاہری معاش وہ ہے جس پر ان
ذات کا انحصار ہے اور جس سے ان کی زندگی قائم رہتی ہے۔ لہٰذا اس میں کسب کے اسباب مثلاً کھیتی کرنا' ہل چلانا' بڑھئی کا کام وغیرہ
دستکاری سب شامل ہیں اس لئے ان تمام کا جاننا اور اُن اسباب کا جاننا ضروری ہے جس سے فائدہ ہوتا ہو یا نقصان۔ اسی میں علم ادب بھ
شامل ہے جسے آج کل لوگ علم سیاست کہتے ہیں کیونکہ اسباب معاشرت کا جاننا بھی ضروری ہے اور اس میں بھی بہت سے علوم شامل ہیں

اب رہی باطنی معاش تو یہ ایسی معاش ہے جو بندے کو رب سے ملا دے۔ انہیں ہانک کر ادھر لے آئے اور اللہ کی راہ بتائے۔ ا
میں شریعتوں کا جاننا اور ان کے انوار اور اُن اسرار کا جاننا شامل ہے جو اللہ تک پہنچا دیں۔ چنانچہ انسان واقعات میں اللہ کی حکمتوں کو جا
لگتا ہے اور جانتا ہے کہ شریعت میں اس کے حکم کرنے کا کیا راز ہے اور یہ کہ دنیا اور آخرت میں بندے کو اس سے کیا نفع پہنچتا ہے۔ اگر ا
بارے میں ہم تمام امور کا ذکر کر دیں جنہیں ہم نے حضرت سے سنا اور ہم جزئیات اور بڑی تفاصیل کو بیان کریں جن کے متعلق ہم نے
سے سوال کیا تو ہمیں بے شمار عجائب وغرائب کا ذکر کرنا پڑے گا۔ نیز اس نور والا حکم شرعی کو سنتے ہی سمجھ جائے گا کہ یہ یقیناً حق بات
کیونکہ میں نے حضرت سے ان اختلافات کے متعلق بحث کی جو شیوخ مذاہب میں واقع ہوئے (مثلاً چشتیہ' سہروردیہ وغیرہ) پھر ا
اختلافات میں بحث کی جو اصحاب مذاہب اربعہ (یعنی) امام ابوحنیفہؒ امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمد بن حنبلؒ کے درمیان واقع ہو
اور پھر ان اختلافات میں جو انبیاء کی شریعت میں واقع ہوئے۔ یہ گفتگو کئی سال تک جاری رہی۔ اس عرصے میں آپ سے وہ اسرا
معارف سننے میں آئے جن کا شمار نہیں' خدا ہمیں اپنے فضل وکرم سے ان سے دنیا وآخرت میں نفع پہنچائے۔

حضرت نے فرمایا کہ انہی علوم میں ان آفات کی معرفت بھی شامل ہے جو اسباب معاش ظاہری وباطنی کو لاحق ہوتی ہیں اور یہ کہ
آفات سے بچنے کا کیا طریقہ ہے تاکہ اس علم کا جاننے والا اپنی معاش کے تمام اسباب میں صاحب بصیرت ہو جائے۔ چنانچہ اسے یہ مع
ہو جائے کہ دونوں جہانوں میں اسے خاص طور پر کون سی چیز نفع رساں ہے اور کون سی ضرر رساں۔ اسی میں علم طب کی ایسی کامل معرفت
شامل ہے جو نفس الامری ہو اور یہ یا تو ظاہری ہے جس کا تعلق ظاہری معاش کی بہتری کے ساتھ ہے یا باطنی جس کا تعلق معاش باطنی
ساتھ ہے۔

۶۔ اُن علوم کی معرفت جن کا تعلق کونین کے احوال کے ساتھ ہے:

چھٹا جزو ان علوم کی معرفت ہے جن کا تعلق کونین کے احوال کے ساتھ ہے اور کونین سے مراد عالم عُلوی اور عالم سفلی ہے۔ اس کا بیان اس طرح ہے کہ عالم کا انحصار سات امور پر ہے۔ عناصر اربعہ یعنی پانی، مٹی، ہوا اور آگ پر اور مرکبات ثلٰثہ پر یعنی نباتات، حیوانات اور معدنیات پر۔ لہٰذا علم کامل میں ان اشیاء کی حقیقت کو کامل طور پر جاننا ضروری ہے۔ نیز ان کی امتیازی خاصیتوں کا علم۔ ان میں نفع رساں اور ضرر رساں اشیاء کا علم، ان کی قوتوں کا علم اور ان قوتوں میں ان کے تمام افراد کے اختلاف کا علم بھی ہو کیونکہ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آگ کا جسم تو بہت وسیع ہوتا ہے لیکن اس کی قوتیں کمزور ہوتی ہیں اور اس کے برعکس بھی یعنی جرم چھوٹا لیکن حرارت قوی۔ اس کی بحث لمبی ہے واللہ اعلم

۷۔ جہات کا ایک جہت میں محصور ہو جانا:

ساتواں جزو جہات کا ایک جہت میں محصور ہونا ہے اور وہ ایک جہت سامنے کی جہت ہے اور یہ علم کامل کے اجزاء میں سے ہے اس کی تشریح یہ ہے کہ علم چونکہ ایک نور ہے جسے تمام جہات میں اشیاء کا ادراک کرنا ہے لیکن اگر کسی کو اللہ کی طرف سے زائد نور عطا ہو کہ جو کچھ وہ سامنے کی جہت کے علاوہ اور جہات میں دیکھتا ہے وہ اس کے لئے ایسے ہی ہو جائیں جس طرح کہ بدن کم و کاست کے سامنے کی اشیاء کو دیکھتا ہے اور اس وقت اس کی نگاہ میں صرف ایک جہت رہ جاتی ہے اور باقی تمام جہات معدوم ہو جاتی ہیں۔ اس لئے کہ اس کا علم کامل ہوتا ہے اور یہ کیفیت صاحب فتح (کشف) کے سوا کسی اور کو حاصل نہیں ہوتی۔ یہی مفہوم ہے اس حدیث کا جس میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ[۸۱] اِنِّیْ لَاَرَاکُمْ مِنْ خَلْفِیْ کَمَا أَرَاکُمْ مِنْ اَمَامِیْ (ترجمہ: میں اپنے پیچھے سے تمہیں اس طرح دیکھتا ہوں جس طرح سامنے سے) لہٰذا باوجود اس کے کہ صحابہؓ آپ ﷺ کے پیچھے ہوتے۔ آپ ﷺ انہیں اپنے سامنے دیکھتے بعینہٖ اسی طرح جس طرح آپ ﷺ سامنے کے رخ کی چیزوں کو دیکھتے لیکن اگر صاحب علم الگ الگ جہات کو محسوس کرے تو اس کا علم کامل نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۷۔ رِسَالت

۱۔ رُوح کا جسم میں برضا و رغبت قیام:

رسالت کا پہلا جزو رُوح کا جسم میں برضا و رغبت قیام پذیر ہونا ہے۔ اس لئے کہ پاکیزہ اجسام کے اندر وہ نور ہوتے ہیں جو ایمان باللہ سے فیضیاب ہوتے ہیں انہی انوار کی قلت و کثرت کے مطابق جسم میں نور کا قیام قوی ہوتا ہے یا ضعیف کیونکہ نور بہ نسبت رُوح کے زیادہ مائل ہوتا ہے اور ارواح بھی نور ہی میں سے ہیں، صرف اتنا فرق ہے کہ نور ایمان کو کسی ذات میں دیکھتی ہے تو وہ اس کی طرف مائل ہوتی ہے اور اس سے لذت پاتی ہے پھر جس ذات میں نور ایمان مثلاً ایک ہاتھ برابر ہو اس میں رُوح کی سکونت اس قدر رضا و رغبت کی نہ ہوگی جس قدر کہ اس ذات میں ہوگی جس میں نور ایمان دو ہاتھ برابر ہے وعلیٰ ہذا القیاس۔

مزید براں نور ایمان نیک اعمال کے اجر کی زیادتی سے بڑھتا رہتا ہے۔ اس لئے کہ اعمال کے اجر ہیں اور اجور کا خاص نور ہوتا ہے

جن کا عکس ذات پر پڑتا ہے جن کی بدولت اجسام کو دنیا میں نیک نفع حاصل ہوتا ہے۔ اس طرح کہ ان کی وجہ سے ان کا نور ایمان بھی بڑھ جاتا ہے اور آخرت میں ظاہر نفع ہوتا ہے کہ یہی اجور جنت میں نعمتیں بن جائیں گے جن سے عمل کنندگان حظ حاصل کریں گے۔

حضرت نے فرمایا: اگر ہم فرض کرلیں کہ دو آدمی نور ایمان میں برابر ہیں اور ان میں سے ایک دن بھر نیک اعمال کرتا رہے اور دوسرا نہ کرے۔ پھر دونوں رات کو سو جائیں تو نیک اعمال والے کا نور رات بھر روشن اور زیادہ پھیلا ہوا ہوگا۔ برخلاف اس شخص کے نور کے جس نے کوئی نیک کام نہیں کیا۔ پھر فرمایا کہ تمام اعمال میں رسالت کے اعمال سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں ہوسکتا۔ اسی لئے مرسلین کے ایمان کے برابر پہنچنا ناممکن ہے، پھر خود مرسلین میں بھی ان کے متبعین کی قلت و کثرت کے اعتبار سے فرقِ مراتب ہے اور کوئی مرسل کثرت متبعین کے اعتبار سے ہمارے نبی ﷺ کے برابر نہیں ہوسکتا اسی لئے آنحضرت ﷺ کا اجر دیگر مرسلین کے اجر سے بڑھ کر ہوگا۔ اس لئے کہ آپ ﷺ کا نور ایمان اس عظمت تک پہنچ چکا ہے کہ دوسرا کوئی نہیں پہنچ سکتا۔ اس سے یہ لازم آیا کہ جس طرح مرسلین کی ارواح ذوات میں سکونت پذیر ہیں اس طرح دوسروں کی ارواح نہیں۔ اسی خاص رہائش کو ہم نے جزو رسالت قرار دیا ہے۔ یہ بھی معلوم ہو چکا کہ ذات محمدی ﷺ میں رُوح محمدی ﷺ کی سکونت دیگر مرسلین سے بڑھ کر ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ کی ذات میں یہ جزو بھی انتہائے کمال پر ہوگا۔ نیز رُوح کی رہائش میں اس اعتبار سے بھی فرق مراتب ہوتا ہے کہ کسی کا نور ایمان جرم رُوح کے مساوی ہوتا ہے اور کسی کا چھوٹا اور کسی کا بڑا۔ لہٰذا جس کا نور ایمان جرم رُوح سے بڑا ہوگا تو اس کی رُوح کا قیام بھی زیادہ ہوگا۔ پھر فرمایا کہ جن کی ذات میں نور ایمان قطعاً ہوتا ہی نہیں وہ کافروں کی ذات ہے۔ ان میں رُوح کا قیام صرف بحکم تقدیر قہری اور جبری ہوتا ہے ورنہ حقیقت میں رُوح ان کی ذات کو سخت ناپسند کرتی ہے۔

۲۔ علم کامل:

دوسرا جزو علم کامل ہے خواہ غیب کا ہو خواہ سامنے موجود اشیاء کا (غیباً وشہادۃً) اس جگہ علم غیب سے ہماری مراد وہ علوم ہیں جن کا تعلق اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات کی معرفت سے ہے اور علم شہادت سے مراد وہ علوم ہیں جن کا تعلق مخلوقات سے ہے۔ لہٰذا اس میں وہ علوم جن کا تعلق جن وانس کے احوال سے ہے اور وہ علوم جن کا تعلق احوال کونین سے ہے اور وہ علوم جن کا تعلق احوال عاقبت سے ہے سب شامل ہوں گے۔ اس کے متعلق پہلے بھی کچھ اشارہ کیا جاچکا ہے لیکن یہاں جسے جزو رسالت شمار کیا گیا ہے وہ ان امور کی معرفت میں کمال حاصل کرنا ہے۔ لہٰذا ان امور میں کمال اور پھر کمال کا انتہائی درجہ حاصل کرنا رسالت کا ایک جزو ہے جس کا ہر رسول میں ہونا ضروری ہے اور یہ کمال ہمارے نبی ﷺ کی ذات میں انتہائی غایت کو پہنچ چکا تھا۔ واللہ اعلم

۳۔ صدق:

تیسرا جزو ہر ایک کے ساتھ قول وفعل میں سچائی ہے، اسی طرح کہ افعال واقوال اللہ کی خوشنودی اور محبت کے مطابق ہوں کیونکہ مخلوقات کو پیغمبروں علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تابعداری کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ لہٰذا رسولوں کا مذکورہ حالت پر ہونا ضروری ہے لہٰذا رسول حق و سچائی کے سوا کوئی بات دل سے نہیں نکالتے۔ ان کا مزاج بھی سنجیدہ ہوتا ہے۔ لہٰذا جب وہ کسی بات کی خبر دے دیں تو وہ ہو کر رہے گی اور اگر کوئی بات بظاہر اس کے خلاف نظر آتی ہو تو اس کی صحیح تاویل کی جائے گی اور انشاء اللہ ہم اس کتاب میں اس کا کچھ ذکر کریں گے۔

غرض رسولوں کے کلام اور اہل جنت کی خواہشات ایک ہی قسم کی ہیں۔ چنانچہ جس طرح اہل جنت جب کسی چیز کی خواہش کریں گے تو یہ یقیناً پوری ہوگی۔ اسی طرح جب رسول کوئی بات کریں تو وہ پوری ہو کر رہے گی۔ واللہ اعلم۔ لہٰذا جو کچھ ہم قول حق (جو کہ نبوت کا جزو ہے) کے تحت میں پہلے کہہ آئے ہیں اس کے مقابلے میں "صدق" میں صرف اسی قدر مفہوم کا اضافہ ہے کیونکہ یہاں صدق بمنزلہ اس شخص کے ہے جو ان امور کی حکایت کر رہا ہو جو تقدیر میں لکھی جا چکی ہیں گویا کہ اس کا قائل مسلوب الاختیار ہے۔ برخلاف قول حق کے کیونکہ وہ اس درجے تک نہیں پہنچا ہوتا لہٰذا صدق میں قولِ حق کے مقابلے میں زائد نور ہوتا ہے۔

۴۔ سکینہ و وقار:

جزو چہارم سکینہ اور وقار ہے اور وہ دل میں ایک نور ہے جو صاحب نور کے لئے ضروری کر دیتا ہے کہ اس کا اللہ پر اطمینان اور اعتماد ہو اور یہ کہ وہ ہر قسم کی قوت اور طاقت اللہ کی طرف پھیرے اور اللہ کے سوا کسی اور کی پرواہ نہ کرے' یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ صاحب سکینہ اور وقار کو کسی امر کا لوگوں تک پہنچانے کا حکم دیتا ہے اور تمام دنیا کے لوگ اس معاملے میں اُس کی مخالفت اور دشمنی کا ارادہ کر لیں تو وہ ان کی قطعاً پرواہ نہ کرے بلکہ ان کو کالعدم سمجھے اور اس کے نزدیک ان کا دوستی کرنا' محبت کرنا اور مدد کرنا سب یکساں ہو کیونکہ اس کے نزدیک تو انہیں مخالفت یا موافقت کرنے کی طاقت ہی نہیں۔

لیکن جسے سکینہ حاصل نہ ہو تو جب اسے معلوم ہوگا کہ فلاں شخص اسے نقصان پہنچانے کا قصد کرتا ہے تو جس طرح وہ اپنے اندر قوت و طاقت محسوس کرتا ہے اسی طرح وہ دشمن میں بھی قوت و طاقت دیکھتا ہے لہٰذا وہ دشمن کی مدافعت کی تدبیریں سوچے گا کہ وہ کیسے بھاگ جائے اور کبھی سوچے گا کہ جب مقابلہ آن پڑا تو نجات کی کیا صورت ہوگی۔ ابھی اس شش و پنج میں ہوتا ہے کہ دشمن سے مقابلہ آن پڑتا ہے اس لئے وہ کچھ بھی نہیں کر سکتا، یہی وجہ ہے کہ سکینہ کو اجزاء رسالت میں سے شمار کیا گیا ہے کیونکہ صاحب رسالت کو دنیا والوں سے عداوت کا حکم دیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنے کفر و باطل سے باز آ جائیں۔ اسی لئے اسے ان کی توجہ یا عدم توجہ ان کی محبت یا ان کی روگردانی کی پرواہ نہیں ہوتی چنانچہ حضرات مرسلین کی یہی حالت تھی کیونکہ دنیا والوں نے اُن سے عداوت کی اور متحد ہو کر ان سے لڑے لیکن ان کے دل پر اس کا اثر نہ ہوا پھر حضرت نے فرمایا کہ قرآن مجید کی کئی آیات میں اسی سکینہ کا ذکر ہے مثلاً ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ (سورہ توبہ آیت ۲۶) (پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اور مومنین پر سکینہ اتاری) رسول پر سکینہ اتارنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے آثار کا مشاہدہ کرا دیا کہ آپ کثیر التعداد دشمن کے مقابلے پر بھی ڈٹے رہے اور مومنین پر انزال سکینہ سے مراد یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی برکت سے ان کے دلوں میں سکون و اطمینان پیدا کر دیا۔

پھر سلسلہ کلام میں اس سکینہ کا تذکرہ ہوا جو بنی اسرائیل کے تابوت میں تھی جس کا ذکر قرآن مجید کی اس آیت میں ہے۔[۸۲] اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ (کہ تمہارے پاس ایک تابوت آئے گا جس میں تمہارے رب کی طرف سے سکینہ ہوگی۔) اور پھر اس سکینہ کا ذکر ہوا جس کا ذکر اسید[۸۳] بن حضیرؓ کی حدیث میں ہے اور اس سکینہ کا ذکر ہوا جن کا ذکر دیگر احادیث میں کیا گیا ہے جو کچھ آئمہ تفسیر نے ان کے بارے میں لکھا ہے مجھے اس کا علم تھا لیکن حضرت نے ان مقامات کی اس طرح تشریح کی جس طرح کوئی معاملے کا مشاہدہ کر رہا ہو۔ حتیٰ کہ حضرت جبرئیل کا دحیہ[۸۴] کلبیؓ کی صورت میں آنے کا ذکر ہوا۔ اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ کہیں پڑھنے والے اکتا نہ جائیں تو میں یہ سب کچھ لکھ دیتا واللہ اعلم۔

۵۔مشاہدہ کاملہ:

پانچواں جزو مشاہدہ کاملہ ہے اس کی تشریح نہیں کی جاسکتی کیونکہ یہ عقول کی دسترس سے باہر ہے جیسے کہ معرفت باری تعالیٰ کی جو جزو نبوت ہے، تشریح نہیں کی جاسکتی۔

۶۔زندگی میں موت:

چھٹا جزو زندگی ہی میں موت ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ اپنی زندگی کے احوال کا مشاہدہ اسی طرح کریں جس طرح مُردے اپنی موت کے بعد کریں گے۔اسے جزو رسالت اس لئے شمار کیا گیا ہے کیونکہ مرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام کو رغبت اور خوف دلانے (ترغیب وترہیب) کی غرض سے بھیجا گیا اور ترغیب وترہیب وہی شخص کرسکتا ہے جو آخرت کے احوال کا مشاہدہ کررہا ہو۔لہٰذا وہ جنت کے حاصل کرنے کی ترغیب لوگوں کو دے سکے گا اور دوزخ سے بچنے کے لئے لوگوں کو ڈرا سکے گا اور تشریح کرسکے گا۔عذاب قبر کیسے ہوگا اور برزخ میں ارواح کس طرح چڑھ جاتی ہیں اور اسی قسم کی اور باتوں کی تشریح کرسکے گا جنہیں لوگوں کی عقلیں برداشت کرسکیں۔

میں نے عرض کیا کہ انبیاء کو ان کے متعلق وحی کا آجانا کافی ہے۔مشاہدے کی کیا ضرورت ہے حضرت نے فرمایا کہ وحی ایک خطاب ہے اور خطاب کلام انہی سے ہوتی ہے جو معنی کو سمجھتے ہوں۔پس مشاہدہ پیغمبر کے لئے آخرت کے احوال کو واضح کردیتا ہے جس سے ان سے عینی واقفیت حاصل کرلیتا ہے لیکن وحی جو ہوتی ہے اس سے پیغمبر کو اللہ کی طرف سے اجازت حاصل ہوجاتی ہے کہ جن باتوں کا تبلیغ کرنا مقصود ہے ان کی تبلیغ کرے، ایسی باتیں جن کو لوگوں کی عقول برداشت کرسکیں اور ان کی ذوات ان کے سُننے کی قدرت رکھیں۔الا جن باتوں کو عقلیں برداشت نہ کرسکتی ہوں اور ان کے سننے سے جگر پھٹ جانے کا خطرہ ہو۔پیغمبر اپنے سابق مشاہدہ پر ہی رہتا ہے اس کے متعلق کوئی وحی نازل نہیں ہوتی اور اگر کلام کسی ایسے کے ساتھ ہو جو معانی کو نہیں سمجھتا تو اس شخص کے لئے تو سمجھنا اور سمجھانا ہی ناممکن ہے۔واللہ اعلم

۷۔جنتیوں کی سی زندگی بسر کرنا:

ساتواں جز جنتیوں کی سی زندگی بسر کرنا ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ذات رسول علیہ السلام انہی انوار سے سیراب ہو جن سے اہل جنت جنت میں داخل ہونے کے بعد سیراب ہوں گے۔لہٰذا مرسلین علیہم السلام کی ذات ایسی ہی ہوتی ہے جیسے جنتی کی جنت میں۔اس کی شرح یہ ہے کہ عالم دو ہیں۔دار فنا اور دار بقاء۔پھر ہر ایک کی دو قسمیں ہیں۔ظلماتی اور نورانی۔دار البقاء کی نورانی قسم جنت اور ظلمانی کی دوزخ ہے۔جب حجاب زائل ہوجائے تو دار بقاء کی ہر قسم اپنی موافق نوع کو مدد پہنچاتی ہے۔چنانچہ نورانی نورانی کو اور ظلماتی ظلماتی کو مدد پہنچاتی ہے۔پھر یہ بات بھی ہے کہ حجاب کے زائل ہونے کا عمل مختلف ہوتا ہے۔چنانچہ مرسلین علیہم السلام میں یہ حجاب اسی دنیا میں پہلے ہی سے زائل ہوچکا ہوتا ہے جیسا کہ چھٹے جزو میں مذکور ہوچکا اور مرسلین اسی دنیا میں ہر نورانی سے بڑھ کر نورانی ہوتے ہیں اور ان کی ذات شریف دار بقاء کے نورانی حصے یعنی جنت سے مدد لیتی رہتی ہے۔لیکن عامۂ الخلائق کے لئے حجاب صرف قیامت کے دن زائل ہوگا اور اسی دن انہیں مدد بھی حاصل ہوگی چنانچہ جو ایمان والا ہوگا وہ انوار جنت سے مدد حاصل کرے گا اور سرکش نار جہنم سے مدد حاصل کرے گا۔خدا ہمیں اپنے فضل وکرم سے دوزخ سے پناہ دے۔مختصر یہ کہ استمداد کا انحصار زوال حجاب پر ہے اور یہ حجاب مرسلین حضرات علیہم السلام سے

زائل ہو چکا ہوتا ہے اس لئے ان کی زندگی اہل ۸۵جنت کی زندگی کی طرح ہوتی ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ (۱) آدمیت، (۲) قبض، (۳) بسط، (۴) نبوت، (۵) روح، (۶) علم، (۷) رسالت کے ہر حرف کے سات جزاء کی یہ تشریح ہے جو بیان ہو چکی۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے) کہ ہم انہیں دوبارہ بیان کر دیتے ہیں کیونکہ یہ اختلافات کی تفریع کے لئے ہے جس کے متعلق سوال کیا گیا تھا، بہت مفید ہے۔ چنانچہ یہ اس طرح ہیں۔

(۱) آدمیت کے اجزاء: (۱) کمال حُسنِ ظاہری' (۲) کمال حواس ظاہری (۳) کمال حسن باطنی (۴) کمال حواس باطنی (۵) ذکوریت (یعنی نر ہونا) (۶) نزع حظ شیطان اور (۷) کمال عقل۔

(۲) قبض کے اجزاء: (۱) وہ حِس، جس سے خیر میں لذت ہو اور باطل سے کلفت، (۲) انصاف، (۳) ضد سے نفرت، (۴) امتثال امر، (۵) جنس کی طرف میلان اس طرح کہ اس کی کیفیت اختیار کر لے، (۶) انقباض کی قوت کاملہ اور حق گوئی سے شرم نہ کرنا۔

(۳) بسط کے اجزاء: (۱) فرح کامل، (۲) ذات میں خیر کا قیام، (۳) فتح حواس ظاہری، (۴) فتح حواس باطنی، (۵) رفعت، (۶) حسن تجاوز، (۷) انکساری۔

(۴) نبوت کے اجزاء: (۱) قول حق، (۲) صبر، (۳) رحمت، (۴) معرفت الٰہیہ، (۵) خوف تام، (۶) بغض باطل، (۷) عفو۔

(۵) روح کے اجزاء: (۱) ذوق انوار، (۲) طہارت، (۳) تمییز، (۴) بصیرت، (۵) عدم غفلت، (۶) قوت سریان اور تکلیف والے اجرام سے بے حِسی۔

(۶) علم کے اجزاء: (۱) حمل علوم' (۲) عدم اضاعت (۳) معرفت لغات' (۴) انجام سے واقفیت' ا(۵) حوال کونین سے تعلق رکھنے والے علوم سے آگاہی، (۶) احوال ثقلین سے تعلق رکھنے والے علوم کی واقفیت اور (۷) جہات کا صرف سامنے کی جہت میں محصور ہو جانا۔

(۷) رسالت کے اجزاء: (۱) برضا و رغبت رُوح کا ذات میں قیام، (۲) علم کامل، (۳) ہر ایک سے سچائی، (۴) سکینہ و وقار، (۵) مشاہدہ کاملہ، (۶) موت بحالت حیات، (۷) اہل جنت کی سی زندگی۔

حضرت نے فرمایا اب رہا صحابہؓ و تابعینؒ میں قُراء کے لفظی اختلافات کا سات باطنی' انوار پر مُتفرع ہونے کی تشریح یوں ہے کہ تجھے علم ہو چکا ہے کہ باطنی حروف کے اجزاء انچاس ہیں اور تجھے یہ بھی معلوم ہے کہ عربی کلام کے حروف تہجی انتیس ہیں اور ہر حرف کے لئے مذکورہ اجزاء میں سے ایک جزو ہے۔

چنانچہ ہمزہ (ا) ءٔ کے لئے امتثال ہے جو قبض کا ایک جزو ہے۔ (۲) ب' کے لئے سکینت ہے جو رسالت کا ایک جزو ہے۔ (۳) ت' کے لئے کمال حواس ظاہری ہے کہ اجزاء آدمیت میں سے ہے۔ (۴) ث' کے لئے انصاف جو قبض کا جزو ہے۔ (۵) ج' کے لئے صبر ہے جو جزو نبوت ہے۔ (۶) ح' کے لئے رحمت کاملہ ہے اور یہ اجزاء نبوت میں سے ہے۔ (۷) خ' کے لئے ذوق انوار ہے اور وہ

رُوح کا جزو ہے۔(۸)ذ کے لئے طہارت کہ اجزاءرُوح میں سے ہے۔(۹)ذ کے لئے معرفت لغات کہ اجزاعلم میں سے ہے۔(۱۰)
کے لئے حسن تجاوز جو اجزاء بسط میں سے ہے اور(۱۱)ز کے لئے ہر شخص کے ساتھ سچائی ہے اور وہ اجزاء رسالت میں سے ہے۔(۱۲)س
کے لئے انکسار ہے کہ اجزاء بسط میں سے ہے۔(۱۳)ش کے لئے حق گوئی ہے کہ اجزاء قبض میں سے ہے۔(۱۴)ص کے لئے عقل کامل
ہے کہ اجزاء آدمیت میں سے ہے۔(۱۵)ض کے لئے حق گوئی ہے کہ اجزاء نبوت میں سے ہے۔(۱۶)ط کے لئے تمییز کو اجزاء رُوح میں
سے ہے۔(۱۷)ظ کے لئے نزع حظ الشیطان ہے کہ اجزاء آدمیت میں سے ہے۔(۱۸)ع کے لئے عفو ہے اور وہ اجزاء نبوت میں سے
ہے۔(۱۹)غ کے لئے کمال صورت ظاہری ہے اور جو اجزاء آدمیت میں سے ہے۔(۲۰)ف کے لئے حمل علوم ہے کہ جزو علم ہے۔
(۲۱)ق کے لئے بصیرت اور وہ اجزاء رُوح میں سے ہے۔(۲۲)ک کے لئے معرفت الٰہی ہے جو اجزاء نبوت میں سے ہے۔
(۲۳)ل کے لئے علم کامل ہے جو اجزاء بسط میں سے ہے۔(۲۴)م کے لئے ذکوریت جو اجزاء آدمیت میں سے ہے۔(۲۵)ن کے
لئے فرح کامل کہ اجزاء بسط میں سے ہے۔(۲۶)د کے لئے موت بحالت حیات کہ اجزاء رسالت میں سے ہے۔(۲۷)ہ کے لئے ضد
سے نفرت ہے کہ اجزاء قبض میں سے ہے۔(۲۸)ھ کے لئے عدم غفلت کہ اجزاء رُوح میں سے ہے اور(۲۹)ی کے لئے خوف تامہ کہ
اجزاء نبوت میں سے ہے۔یہ انتیس حروف ہوئے۔ان میں سے آدمیت کے پانچ ہیں۔ت۔ظ۔م۔ص۔غ۔ت کے لئے کمال حس
ظاہری۔ظ کے لئے نزع حظ شیطان۔م کے لئے ذکوریت۔ص کے لئے کمالِ عقل اور غ کے لئے کمال صورت ظاہری اور آدمیت کے
لئے دو جزو باقی رہ گئے۔

ان حروف میں سے قبض کے لئے چار ہیں۔ء۔ث۔ش۔مد۔ہمزہ کے لئے امتثال۔ث کے لئے انصاف۔ش کے لئے قوت
انکماش اور ھ کے لئے نفرت عن الضد۔قبض کے اجزاء میں سے تین باقی رہ گئے۔

بسط کے لئے تین حرف۔ر۔ف۔س۔ز کے لئے حسن تجاوز،ن کے لئے فرح کامل اور س کے خفض جناح الذل (انکساری) بسط
کے چار جزو باقی رہ گئے۔

نبوت کے لئے چھ حروف ہیں۔ج،ح،ک،ض،ع،ی چنانچہ ج کے لئے صبر،ح کے لئے رحمت کاملہ،ک کے لئے معرفت الٰہی
ض کے لئے حق گوئی،ع کے لئے عفو اوری کے لئے خوفِ خدا تامّ اور نبوت کا ایک جزو باقی رہ گیا۔

روح کے پانچ حروف ہیں۔د،خ،ط،ق،ہ۔چنانچہ د کے لئے طہارت۔خ کے لئے ذوق انوار،ط کے لئے تمییز ق کے لئے بصیرت
۔ھ کے لئے عدم غفلت اور رُوح کے دو جزو باقی رہ گئے۔

علم کے دو حرف ہیں۔ذ اور ف۔چنانچہ ذ کے لئے معرفتِ لُغات اور ف کے لئے حمل علم اور اجزاء علم میں سے پانچ جزو باقی رہ گئے

رسالت کے چار حروف ہیں۔ب۔ز۔ل۔و۔چنانچہ۔پ کے لئے سکینہ۔ز کے لئے ہر ایک سے سچائی۔ل کے لئے علم کامل او
کے لئے موت اور حیات۔اس طرح رسالت کے تین جزو باقی رہ گئے۔

یہ اُنتیس حروف اس طرح اُنتیس اجزاء پر منقسم ہیں اور بیس جزو باقی رہ گئے۔اب ہم ان باقی ماندہ بیس جزوں کا ذکر کرتے ہیں
اس کے بعد ان کی تقسیم کریں گے اور وہ یہ ہیں۔

(۱) کمال حسن باطنی، (۲) کمال حواس باطنی، (۳) قوت ساریہ، (۴) میل الی الجنس، (۵) عدم الحیاز قول حق، (۶) سکون خیر

ت،(۷)فتح حواس ظاہرہ،(۸)فتح حواس باطنہ،(۹)مقام رفعت،(۱۰)بغض باطل،(۱۱)قوت سریان،(۱۲)تکلیف دہ اشیاء سے دردمند ہونا،(۱۳)عدم تضیع،(۱۴)جہات کا سامنے کی جہت میں محصور ہونا،(۱۵)انجام کی معرفت' (۱۶)جن وانس سے متعلق علوم کی معرفت، ۱۷)احوال کونین سے متعلق علوم کی معرفت،(۱۸)سکون رُوح درذات (۱۹)اہل جنت کی سی زندگی بسر کرنا اور(۲۰)مشاہدہ کاملہ۔

ان میں سے پہلا جزوآدمیت کا ہے جس کے بعد کے تین قبض کے اور پھر بُعد کے چار بَسط کے پھر ایک نبوت کا اس کے بعد کے دو ح کے اور پھر بعد کے پانچ علم کے اور آخری تین رسالت کے۔

اس کے بعد یادرکھو کہ ان میں سے اٹھارہ حروف مدولین پر منقسم ہوتے ہیں۔حروفِ مدّ ولین یہ ہیں۔ا۔و۔ی چنانچہ الف کے چھ' و ے چھ' اوری کے چھ۔ان میں سے ہرایک کے لئے چھ چھ حروف اس لئے ہوئے کہ آنحضرت ﷺ نے ان کو چھ مراتب تک لمبا کیا۔ انچہ آپ نے کبھی ایک الف کی مقدار لمبا کیا کبھی دوالف جتنا' کبھی تین الف جتنا اور کبھی چار' کبھی پانچ اور کبھی چھ الف جتنا لمبا کیا اور یہ ازہ بھی تقریبی ہے تحقیقی نہیں ہے۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے) کہ شیخ المقرئین حافظ ابن ۸۷الجزریؒ نے اپنی کتاب النشر میں اسی طرح ذکر کیا ہے کیونکہ انہوں نے مدّ ے مراتب پر بحث کرتے ہوئے یوں لکھا ہے۔

''پہلا مرتبہ قصر ہے اور اس کی لمبائی کی مقدار ایک الف جتنی ہوتی ہے اور اس نے اس قرأت کو ابن کثیرؒ اور ابو جعفرؒ کی طرف منسوب کیا ہے۔دوسرا مرتبہ قصر سے ذرا بڑھ کر ہے اور اس کی مقدار دوالف جتنی ہوتی ہے اور بعض ڈیڑھ الف جتنی بتاتے ہیں اور اسے زیادتی کے بعد زیادتی یا تمکین بغیر اشباع کے یا زیادت متوسط کہتے ہیں اور بعض نے اس قرأت کو دوری ۸۸اور قالون ۸۹ کی طرف منسوب کیا ہے۔تیسرا مرتبہ دوسرے مرتبے سے تھوڑا زیادہ ہے اور یہ متوسط لمبائی ہے اور اسے اندازاً تین الف تک کہا گیا ہے۔بعض ڈیڑھ الف اور بعض نے دوالف کہا ہے، جنہوں نے تیسرا درجہ دوالف بتایا ہے ان کے نزدیک دوسرا مرتبہ ڈیڑھ الف کا ہے اور اس قرأت کو الکسائیؒ کی طرف منسوب کیا ہے چوتھا مرتبہ تیسرے سے تھوڑا زیادہ ہے اور اندازاً اسے چار الف تک کہا گیا ہے بعض نے ساڑھے تین الف بتایا ہے اور بعض نے تین الف اور اس قرأت کو عاصمؒ اور ابن عامرؒ کی طرف منسوب کیا ہے۔پانچواں مرتبہ چوتھے سے تھوڑا اوپر ہے اور اس کا اندازہ پانچ الف تک کیا گیا ہے۔بعض نے ساڑھے چار الف تک کہا ہے اور بعض نے چار اور اس قرأت کو حمزہؒ اور ورشؒ کی طرف منسوب کیا ہے۔چھٹا مرتبہ پانچویں سے ذرا زیادہ ہے اور اسے تمطیط کہا جاتا ہے اور اندازاً اسے چھ الف تک بتایا جاتا ہے۔ابوالقاسم ۹۰نے اس کا ذکر کیا ہے اور قاریوں کی ایک جماعت سے اسے روایت کیا ہے اور اس قرأت کو ورشؒ ۹۱ کی طرف منسوب کیا ہے اور پانچویں مرتبہ کو صرف حمزہؒ کی طرف منسوب کیا ہے۔''

لیکن ابن الجزریؒ نے اس میں سے اختلاف کیا ہے۔

اس کے بعد ابن الجزریؒ نے دو مرتبے بیان کئے ہیں۔ایک قصر سے بھی پہلے کا جسے ستر کہتے ہیں اور اس سے مراد حرف مدّ کو حذف

کر دینا اور کلام سے اسے منقطع کر دینا ہے۔ پھر اس نے نقل کیا ہے کہ ابو عمرو الدانیؒ نے بتر کے قائلوں کی تردید کی ہے لیکن اس کے بعد ا
کی ایک عمدہ تاویل کی ہے اور یہ فیصلہ دیا ہے کہ قصر کے مرتبہ کا ہونا ضروری ہے اور حروف مدّ کا حذف کرنا درست نہیں اور دوسرے مرت
پانچویں اور چھٹے مرتبے کے درمیان بیان کیا ہے اور لکھا ہے کہ زیادہ صحیح یہی ہے کہ اس مرتبے کو شمار نہ کیا جائے۔ لہٰذا ان کے کلام کا ما حص
بھی یہی ہوا۔ شیخ کے فرمان کے مطابق ان کے نزدیک بھی مراتب چھ ہی ہیں۔ اس کے بعد ابن الجزریؒ نے شرح و بسط سے بیان کیا
کہ ان کا الفوں سے اندازہ لگانا کوئی تحقیقی امر نہیں ہے۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے کہ) اگر میں اس کی تفصیل اور دلیل دینے لگ جاؤں تو اصل غرض سے دور ہٹ جاؤں گا۔ اور اس مسئ
کتب اصول سے مدد ملتی ہے۔ چنانچہ ابن حاجبؒ[92] نے کہا ہے کہ مدّ وغیرہ متواتر نہیں ہے جو شخص تواتر اور اس کے شرائط کو جانتا ہو اور
بھی جانتا ہو کہ کیا یہ تواتر مراتب مد میں موجود ہے یا نہیں تو وہ اس مسئلہ کی گہرائی کو سمجھ جائے گا۔

اب ہم اصل مقصد کی طرف لوٹتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو چھ جزو الف کے لئے ہیں۔ وہ یہ ہیں (۱) کمال صورت باطنی، (۲) س
رُوح در ذات، (۳) سرایت حس در ذات، (۴) کمال حواس باطنہ، (۵) بغض باطل، (۶) سکون خیر در ذات۔

پھر الف ممدودہ کی دو قسمیں ہیں۔ کبھی تو مدّ ایک ایسے کلمہ میں ہوتی ہے جسے نفس متکلم کہتے ہیں مثلاً اِنَّآ اٰمَنَّا کیونکہ الف ممدودہ
متکلم میں واقع ہوا ہے۔ دوسرے یہ کہ الف ممدودہ ایسے کلمہ میں واقع ہو جس میں ضمیر متکلم نہ پائی جاتی ہو۔ مثلاً مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لہٰذ
مدّ ضمیر متکلم میں ہو تو پہلی مرتبہ یعنی قصر کے لئے کمال حسن باطنی ہوگی اور دوسرے مرتبہ کے لئے جو دو الفوں کے برابر ہے تو کمال حسن
کے علاوہ سکون رُوح بھی ہوگا اور تیسرے مرتبہ کے لئے پہلے اور دو رے مرتبہ کے مقابلہ میں سرایت حس کا اور اضافہ ہوگا اور چوتھے م
کے لئے پہلے تین مرتبوں کے اجزاء کے علاوہ کمال حواس باطنی ہوگا۔ اسی طرح پانچویں مرتبہ میں بغض باطل کا اضافہ ہوگا اور چھٹے مرتبہ
سکون خیر در ذات کا اضافہ ہوگا۔ لہٰذا پہلے مرتبہ میں ایک جزو ہوگا۔ دوسرے میں دو تیسرے میں تین' چوتھے میں چار' پانچویں میں پانچ
چھٹے میں چھ جزو ہوں گے اور اگر الف ضمیر متکلم کے علاوہ کسی اور حرف میں پایا جائے تو پہلے مرتبہ کے لئے کمال صورت باطنہ اور دوس
کے لئے بغض باطل کا اضافہ ہوگا اور علیٰ ہذا القیاس تیسرے میں سکون خیر در ذات کا' چوتھے میں قوت ساریہ کا' پانچویں میں کمال باطنی ح
اور چھٹے میں سکون رُوح در ذات کا اضافہ ہوگا۔

پہلے مرتبہ میں کمال حسن باطنی اور دوسرے میں کمال صورت باطنی سے ابتدا کرنے کا راز یہ ہے کہ جب الف ضمیر متکلم کا جزو ٹھ
کمال حسن باطن کی طرف اشارہ کرے گا اور آدمیت کمال کا بچھونا ہے اور اسی پر کمال کی تربیت ہوتی ہے۔ لہٰذا جب کلام نفس متکلم سے
تو اس کا بچھونا بھی ذاتی آدمیت ہوگی اور جب کلام نفس متکلم کے سوا کسی اور میں ہو مثلاً سمآء اور مآء تو آدمیت غیر ذات متکلم ہوگی او
بات میں کوئی شک نہیں کہ صورت باطنی کے کمال کا مرجع خلقت باطنی کو خوبصورت بنانا ہے کیونکہ خلقت باطنی سے ہی خوبصورت آوا
ہوتی ہے۔ مثلاً اَلسَّمَآءَ اور اَلْمَآءَ میں برخلاف کمال حس باطنی کے کیونکہ اس کا تعلق قوای نفس کو خوبصورت بنانے سے ہے۔ واللہ اعلم

اب رہے وہ چھ مراتب جو واؤ کے ہیں تو وہ یہ ہیں۔ (۱) عدم حیاء، (۲) میل بجنس، (۳) فتح حواس ظاہرہ، (۴) فتح حواس
(۵) جسم کا تکلیف دہ اشیاء کا احساس نہ کرنا اور (۶) قوت شریان۔

اگر واؤ ممدودہ متکلم کے سوا کہیں اور آ جائے مثلاً لِیَسُوءَ اوُجُوهَكُمْ تو پہلے مرتبہ میں مقدار ایک واؤ تک ہوتی ہے اس کے لئے
ء ہے۔ دوسرے مرتبہ کے لئے جس کی مقدار دو واؤ کی ہوتی ہے۔ عدم حیاء اور میل الی الجنس۔ تیسرے کے لئے عدم حیاء میل الی
ور فتح حواس ظاہرہ ہے۔ چوتھے میں عدم حیاء، میل الی الجنس، فتح حواس ظاہرہ اور فتح حواس باطنہ پانچویں کے لئے عدم حیاء، میل الی
فتح حواس ظاہرہ، فتح حواس باطنہ اور دکھ دینے والی اشیاء کا محسوس نہ کرنا اور چھٹے کے لئے پانچویں مرتبے کے تمام اجزاء کے علاوہ
سرایت بھی ہے چنانچہ ہر بعد کے مرتبے میں پہلے مرتبے کے تمام اجزاء مع اضافے کے پائے جاتے ہیں۔

اور اگر واؤ ضمیر متکلم میں ہو مثلاً قَالُوْا آمَنَّا تو پہلے مرتبہ کے لئے فتح حواس باطنی، دوسرے کے لئے یہ اور فتح حواس ظاہری۔
ے کے لئے یہ دونوں اور میل بجنس۔ چوتھے کے لئے یہ تینوں اور عدم حیا، پانچویں کے لئے یہ چاروں اور جسم کا دکھ دینے والی اشیاء کا
نہ کرنا اور چھٹے کے لئے یہ پانچویں اور قوت سرایت، چنانچہ یہاں بھی ہر مرتبہ میں پہلے مرتبے پر ایک جزو کا اضافہ ہوگا اور اس کی وجہ
ہے کیونکہ دو واؤں میں ایک واؤ شامل ہے۔ اسی طرح تین واؤں میں دو واؤیں شامل ہیں۔ یہی حال الفوں اور یاؤں کا ہے۔

ی کے یہ چھ جزو ہیں۔ (۱) عدم تضیع، (۲) تمام جہات کا سامنے کی جہت میں محصور ہونا، (۳) انجام کی معرفت (۴) انس و جن
ل کے متعلق علوم کی معرفت۔ (۵) احوال کونین کے متعلق علوم کی معرفت، (۶) اہل جنت کی سی زندگی۔

پھر اگر ی ضمیر متکلم میں ہوگی مثلاً اِنِّیْ اُلْقِیَ اِلَیَّ تو پہلے مرتبہ کے لئے احوال کونین کے متعلق اُمور کی معرفت۔ دوسرے کے لئے یہ
ضیع، تیسرے کے لئے یہ دونوں اور انجام کی معرفت، چوتھے کے لئے یہ تینوں اور انحصار جہات، پانچویں کے لئے یہ چاروں اور
لین سے متعلق علوم کی معرفت اور چھٹے کے لئے یہ پانچواں کے لئے یہ اہل جنت کی سی زندگی۔

اگر ی ضمیر متکلم کے سوا کہیں اور ہو مثلاً وَفِیْ اَنْفُسِکُمْ تو پہلے مرتبہ کے لئے انحصار جہات دوسرے کے لئے یہ اور ثقلین کے متعلق
عرفت، تیسرے کے لئے یہ اور اہل جنت کی سی زندگی چوتھے کے لئے یہ اور انجام کی معرفت پانچویں کے لئے یہ تمام اور عدم تضیع
کے لئے یہ تمام اور احوال کونین کے متعلق علوم کی معرفت۔

یہ اٹھارہ اجزاء کی اور اُن مراتب کی تشریح ہے جو اُن سے مُتفرّع ہوتے ہیں۔

اب رہے باقی دو جزو جن سے بیس مکمل ہوتے ہیں تو وہ مشاہدہ حق اور کمال رفعت ہیں اور قرآن مجید کا رسم الخط انہی دونوں کے
عجیب وغریب اسرار کے مطابق آیا ہے۔ چنانچہ وہ حروف جنہیں لکھا تو جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا مثلاً الصلوٰۃ، الزکوٰۃ، الرِّبوٰا،
ۃ، عیسیٰ ملائہ بِاَیْدٍ میں ی یہ تمام کے تمام واؤ یا ی ان دونوں اسرار میں سے کسی نہ کسی سرّ کے لئے آئے ہیں۔ لیکن اگر کلمہ کا
مرمحسوس اور بظاہر دکھائی دیتا ہوگا جیسے موسیٰ۔ عیسیٰ۔ ملاۂ۔ منوۃ۔ مشکوٰۃ تو ان میں مشاہدہ کا راز پایا جائے گا، لیکن اگر ان کا مدلول غیر
یا امر معنوی ہوگا مثلاً هٰذٰهُمْ سَاوُرِیْکُمْ بِاَیْدٍ تو ان میں مقام رفعت کا راز ہوگا۔

اس پر میں نے عرض کیا کہ اس طرح کا رسم الخط آنحضرت ﷺ کے فرمان سے استعمال کیا گیا یا صحابہؓ نے خود ہی اختیار کر لیا تھا۔
نے فرمایا کہ یہ آنحضرت ﷺ کے حکم سے ہوا تھا۔ آپ ﷺ ہی نے صحابہؓ کو اس طرح لکھنے کا حکم دیا تھا چنانچہ جو کچھ انہوں نے
رت ﷺ سے سنا اس پر نہ اضافہ کیا اور نہ اس سے کم کیا۔

میں نے عرض کیا کہ علماء کی ایک جماعت نے رسم الخط کے معاملہ میں کھلی اجازت دے رکھی ہے اور وہ کہتے ہیں کہ یہ تو صحا
اصطلاح تھی اور اسی رسم الخط میں لکھتے رہے جس میں قریش جاہلیت کے زمانے میں لکھتے تھے یہاں تک کہ فزاء نے ربٰو کو واؤ سے لکھ
متعلق کہا ہے کہ قریش نے اسے واؤ سے اس لئے لکھا کہ انہوں نے اہل حیرہ سے لکھنا سیکھا تھا اور اہل حیرہ ربٰو کو واؤ سے بولتے ہیں
انہوں نے اسی طرح لکھ دیا جس طرح وہ اسے بولتے ہیں لیکن قریش ربٰو کو الف سے بولتے ہیں لہٰذا ربٰو کو واؤ سے لکھنا اپنی زبا
مطابق نہ تھا بلکہ دوسروں کی بولی کے مطابق تھا اور اس میں انہی کی تقلید کی گئی تھی یہاں تک کہ قاضی ابوبکر باقلانیؒ نے کتاب الانتصار
ہے کہ خطوط تو صرف علامات ونشانات ہیں جو اشاروں، عقود[93] اور رموز کے قائم مقام ہوتے ہیں لہٰذا ہر نشان جو کسی کلمہ پر دلالت
اور اس کی قرأت کی وجہ کے لئے مقید ہو اُسے صحیح طور پر لکھنا چاہیے خواہ وہ کسی صورت میں ہو، اب ابوبکر باقلانیؒ کا کلام اگرچہ لمبا
کے الفاظ میں نقل کرتے ہیں۔

قرآن مجید میں لحن کے بارے میں ابوبکر باقلانی کی رائے:

حضرت عثمانؓ کے اس قول پر کہ اِنَّ فِی الْمُصْحَفِ لَحْنًا سَتُقِیْمُهُ الْعَرَبُ بِاَلْسِنَتِهَا (قرآن میں لحن غلط اعراب
ہے جسے عرب لوگ اپنی زبانوں سے ٹھیک کرلیں گے) پر بحث کرتے ہوئے ابوبکر باقلانیؒ لکھتے ہیں۔

''کہ حضرت عثمانؓ کے اس قول کی تاویل کہ اِنَّ الْقُرْاٰنَ اُدّیٰ فِیْهِ لَحْنًا سَتُقِیْمُهُ الْعَرَبُ بِاَلْسِنَتِهَا کی جائز تاویل
ہے کہ اس قول سے مراد وہ حذف یا اختصار یا کسی حرف کا اضافہ ہے جسے کاتب نے دوران کتابت میں کر دیا ہو اور یہ کہ اگر کاتب
مخارج لفظ اور اس کی ظاہری صورت کے مطابق لکھا ہوتا تو زیادہ مناسب اور بہتر ہوتا۔ نیز ان لوگوں کے لئے جنہیں زبان سے
عادت نہیں ان سے شبہ نہ پڑ سکتا اور سَتُقِیْمُهُ الْعَرَبُ بِاَلْسِنَتِهَا سے یہ مراد ہے کہ عرب لوگ کتابت کے ظاہری نقش کی پرواہ نہیں
وہ تو اسے مخرج لفظ اور اس کی صورت کے مطابق پڑھ جاتے ہیں چنانچہ وہ الصَّلٰوۃ اَلزَّکٰوۃ الْحَیٰوۃ کو واؤ سے لکھتے ہیں حالانکہ
کے مطابق نہیں ہے اور اسی طرح اسماعیل، اسحٰق، ابراہیم، الرَّحمٰن اور مَلِک ایسے حروف ہیں جن میں مخرج کے خلاف الف حذف
ہے۔ اسی طرح قَالُوْ، خَرَجُوْا اور کَفَرُوْا وغیرہ الفاظ میں الف زیادہ کر دیا گیا ہے۔ حالانکہ اسے بولا نہیں جاتا لہٰذا حضرت
رائے تھی کہ ان کلمات کو مخرج کے مطابق لکھنا بہتر اور زیادہ مناسب تھا چنانچہ اگر کوئی ان الفاظ کو کتابت کے مطابق پڑھے گا تو غلط
مگر ساتھ ہی حضرت عثمانؓ اور دیگر صحابہؓ کو معلوم تھا کہ عرب ان الفاظ کو اسی طرح نہیں پڑھتے جس طرح کہ انہیں لکھا گیا ہے
فرمایا سَتُقِیْمُهُ الْعَرَبُ (عرب انہیں ٹھیک کرلیں گے) اس تاویل کے درست ہونے کی دلیل وہ روایت ہے جسے ابوعبیدہؒ نے
اس نے ہارون بن موسیٰؒ سے اس نے زبیر بن حریثؒ سے اس نے عکرمہؒ سے روایت کیا ہے کہ عکرمہؒ نے کہا کہ جب قرآن مجید
اور انہیں حضرت عثمانؓ کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے اس میں لحن (غلطی) دیکھ کر فرمایا اسے اسی طرح رہنے دو کیونکہ عرب
کرلیں اور اگر کاتب قبیلہ ثقیف سے اور لکھانے والا بنی ہذیل سے ہوتا تو یہ حروف قرآن میں نہ پائے جاتے ان کی مراد اللہ بہتر
صحیح ہے کہ ثقیف کے لوگ حروف تہجی کو خوب سمجھتے تھے اور الفاظ کو مخارج کے مطابق لکھنے پر بہت زور دیتے تھے اور انہیں دوسر
مقابلے میں اس کا زیادہ علم تھا لیکن قبیلہ ہذیل اپنے کلام میں ہمزہ کا استعمال بکثرت کرتے ہیں اور ہمزہ کو واضح طور پر بولتے ہیں

ھانے والا واضح طور پر بولے گا تو کاتب بھی اسے سن کر مخرج کے مطابق لکھ دے گا اس کے بعد قاری کو اختیار ہوگا خواہ وہ اسے لغت
کے مطابق تلیین ہمزہ کر کے اسے گرادے یا ھذیل کی بولی کے مطابق ہمزہ کو برقرار رکھے۔ اگر حضرت عثمانؓ کے اس قول کی یہی
ہوتی تو ثقیف اور ہذیل کا ذکر کرنا بے معنی ہوتا ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ حضرت عثمانؓ کی لحن سے مراد یہی ہے کہ کاتب نے ظاہری
حاظ نہیں رکھا۔ اب رہی یہ بات کہ آپ نے اسے نہ صرف یہ کہ خود تبدیل نہیں کیا بلکہ اوروں کو بھی تبدیل کرنے سے منع کیا تو اس کی
کہ آپ نے دیکھا کہ یہ رسم الخط عام پھیل چکا ہے اور قرآن مجید کے نسخوں میں اس قدر کثرت سے لکھا جا چکا ہے کہ ان کا تلاش کرنا
ں ہے۔ مزید برآں اس صورت میں انہیں ان تمام نسخوں کو باطل قرار دینا پڑتا جو آپ کو پیش کئے گئے تھے اور نئے نسخے لکھوانے
ں میں بڑی مشقت کا سامنا کرنا پڑتا اور جنہیں لکھنے کے لئے مقرر کیا گیا تھا انہیں بھی مشکل پڑتی کیونکہ وہ ان الفاظ کو اسی صورت
کے عادی تھے یا یہ کہ حضرت عثمانؓ اس بات سے ڈرے کہ اس طرح ان پر نکتہ چینی کرنے سے ان کے دلوں میں نفرت پیدا ہو
۔لہٰذا انہوں نے انہیں اسی طرح رہنے دیا کیونکہ انہیں علم تھا کہ عرب الفاظ کو کتابت کے مطابق کبھی نہیں بولتے۔

گر اس جواب پر یہ اعتراض کیا جائے کہ تم نے تو یہ مان لیا ہے کہ قرآن مجید کے لکھنے میں خطا واقع ہوئی ہے اور اس میں وہ حروف
گئے ہیں جن کا داخل ہونا صحیح نہ تھا بلکہ بہتر طریقہ کوئی اور تھا اور یہ بھی تم نے مان لیا ہے کہ تمام قوم نے اسے جائز قرار دیا ہے جس کا
ہے کہ ان کا اجماع ایک غلط بات پر ہوا ہے۔

س کے جواب میں میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے بیان پر آپ کا اعتراض وارد نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اُمت محمدیہ ﷺ کو
راس کے الفاظ کی حفاظت کا حکم دیا ہے کہ وہ اس میں کسی قسم کی کمی یا بیشی نہ کریں اور نہ ہی الفاظ کو آگے پیچھے کریں اور قرآن مجید
پڑھیں جس طرح کہ انہیں رسول ﷺ نے پڑھ کر سنایا ہے لیکن کتابت کے متعلق اللہ کا کوئی حکم صادر نہیں ہوا کیونکہ قرآن مجید کے
ں اور خطاط کے لئے کوئی ایک قسم کا رسم الخط مقرر نہیں کیا گیا جس سے یہ ظاہر ہو کہ اس قسم کا رسم الخط ضروری ہے اور دوسرے کا
جب ہے کیونکہ اگر ایک معین رسم الخط میں قرآن مجید کا لکھنا واجب ہوتا تو آنحضرت ﷺ سے ضرور مروی ہوتا' لیکن نہ تو نص
ر نہ مفہوم قرآن میں کہیں اس کا ذکر ہے کہ قرآن مجید کو ایک مخصوص طرز میں لکھا جائے یا یہ ایک خاص حد میں لکھا جائے جس سے
نے کی اجازت نہ دی گئی ہو۔ نیز نص سنت میں بھی کوئی ایسی بات نہیں پائی جاتی جس سے قرآن مجید کا ایک خاص رسم الخط میں لکھنا
ار دیا جائے یا اس پر دلالت ہی کر سکے اور نہ ہی اجماع میں کوئی بات پائی جاتی ہے جس سے اسے واجب قرار دے سکیں اور نہ
شرعیہ میں اس کا کہیں پتہ چلتا ہے۔

لکہ سنت میں تو قرآن مجید کا جس طرح بھی آسان ہو سکے، لکھنے کا پتہ چلتا ہے۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ قرآن مجید کے لکھنے کا تو حکم
یں، لیکن آپ نے اس کے لکھنے کا کوئی معین طریقہ بیان نہیں فرمایا اور نہ ہی کسی کو لکھنے سے منع فرمایا۔ یہی وجہ تھی کہ قرآن مجید کے
یں اختلاف پیدا ہو گیا چنانچہ کوئی کاتب مخرج لفظ کے مطابق لکھتا اور کوئی ایک حرف زائد یا کم کر دیتا، اس لئے کہ وہ جانتا تھا کہ یہ
طلاح ہے جس کا لوگوں کو علم ہے، اسی وجہ سے خطِ کوفی اور خطِ اول میں قرآن مجید کا لکھنا جائز تھا اور یہ بھی جائز تھا کہ ل کو ک کی
الف کو ٹیڑھا لکھا جائے یا کسی اور طرز میں لکھا جائے اور کاتب کو اس کی بھی اجازت تھی کہ وہ قرآن مجید کو قدیم خط یا ہجا میں لکھے یا

جدید میں اوران دونوں طرزوں کے بین بین لکھنے کی بھی اجازت تھی۔ لہٰذا جب قرآن مجید کے خطوط اوراس کے اکثر حروف میں اخ
ہے اور لوگوں نے ان کے لکھنے کو جائز قرار دیا ہے اوراس بات کی بھی اجازت دی ہے کہ ہر شخص اپنی عادت کے مطابق جس طرز
آسان یا بہتر معلوم ہو لکھے بغیر اس کے کہ کوئی اسے گناہ قرار دے یا اس سے انکار کرے۔ تو اس سے معلوم ہوگیا کہ اس بارے میں
طرح کہ قرآن کے پڑھنے میں حد مقرر کی گئی تھی لوگوں کے لئے کوئی مخصوص حد مقرر نہیں کی گئی تھی اس کی وجہ یہ ہے کہ خطوط تو محض علا
نقوش ہیں جو اشارات، عقود اور رموز کا کام دیتے ہیں۔ لہٰذا ہر نقش جو کلمہ پر دلالت کرتا ہو اور اس طرز قرأت کے لئے مفید بھی
درست سمجھنا چاہیے اور جس طرح بھی کاتب نے لکھا ہو اس پر صادر کرنا چاہیے۔ مختصر یہ کہ جس کا یہ دعویٰ ہو کہ ایک خاص رسم الخط میں
مجید کا لکھنا واجب ہے اسے اپنے دعوے کی دلیل پیش کرنا چاہیے مگر یہ ناممکن ہے یہ قاضی ابوبکر باقلانیؒ کے کلام کا ماحصل ہے۔

حضرت شیخ عبدالعزیز دباغ نے فرمایا کہ رسم قرآن میں صحابہؓ نے ایک بال بھر بھی تغیر وتبدل نہیں کیا۔ یہ سب آنحضرت
طرف سے توفیقی تھا۔ آپ ہی نے انہیں ایک خاص طرز میں کہیں حروف کو زیادہ کر کے کہیں کم کر کے لکھنے کا حکم خاص اسرار کی وجہ۔
جن تک عقل کی رسائی نہیں ہوسکتی۔ جاہلیت میں نہ عرب اس رسم الخط کو جانتے تھے اور نہ دیگر امتیں اپنے مذاہب میں اس قسم کی بات
تھیں اور نہ ہی ان کی عقل یہاں تک پہنچ سکتی تھی۔ یہ بھی ایک خداوندی راز ہے جو صرف قرآن مجید کے ساتھ مخصوص ہے چنا
کتابت نہ تورات میں پایا جاتا ہے نہ انجیل میں اور نہ کسی اور آسمانی کتاب میں جیسا کہ نظم قرآن معجزہ ہے اسی طرح رسم قرآن بھی مع
عقل کیا جانے کہ مائة میں الف کیوں زائد ہے اور فئة میں کیوں نہیں یا یہ کہ اسے اس راز کا کیا پتہ کہ قرآن مجید کی اس آیت وَا
بَنَيْنَاهَا بِأَيْيدٍ میں بِأَيْيدٍ میں ہی کیوں زائد لکھی گئی ہے یا یہ کہ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْ اٰيٰتِنَا مُعَاجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَ
الْجَحِيْمِ ط (حج ۲۲:۱) میں سورہ حج میں سَعَوْا میں الف بڑھانے کا کیا راز ہے اور سبا (آیت ۵) میں وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْ
مُعٰجِزُوْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٍ میں کیوں نہیں بڑھایا گیا۔ اسی طرح فَعَقَرُوْا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ
بڑھانے کا کیا راز ہے اور عَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا میں کیوں حذف کر دیا گیا اور اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ میں يَعْفُوَا
بڑھانے کا کیا راز ہے اور فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ میں حذف کرنے کا کیا اور اٰمَنُوْا. كَفَرُوْا. خَرَجُوْا. بَا
تَبُوْءُ میں گرا دیا گیا یا بیچاری عقل کی رسائی اس راز تک کیسے ہوسکتی ہے کہ ایک جیسے کلمات میں کہیں الف حذف کر دیا گیا اور کہیں لک
مثلاً سورہ یوسف اور الزخرف میں قُرءٰنًا الف گرا کر لکھا ہے اور باقی تمام مقامات میں الف سے لکھا گیا ہے اسی طرح سورہ فصّ
سَمٰوٰت میں واؤ کے بعد الف لکھا گیا ہے اور باقی مقامات پر اسے حذف کر دیا گیا ہے اور لفظ میعاد میں ہر جگہ الف قائم رکھ
سورہ انفال میں اسے حذف کیا گیا۔ سراجاً میں ہر جگہ الف برقرار رکھا گیا لیکن سورہ الفرقان میں حذف کر دیا گیا اسی طرح بعض
لکھا گیا اور کہیں ۃ لکھا گیا جیسے رَحْمَةَ . نِعْمَةَ . قُرَّةٌ. شَجَرَةٌ کیونکہ ان میں ۃ کو بعض جگہ تو ت لکھا گیا اور بعض جگہ ۃ اسی طر
اور اَلْحَيَاة کو کہیں تو واؤ سے لکھا گیا ہے مثلاً اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَالْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَعَلٰى حَيٰوة اور بعض جگہ الف سے لکھا گیا
صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ. كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَاِذْ هَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ ال
اور یہ سب کسی نہ کسی خداوندی راز اور نبوی ﷺ غرض کے لیے اسی طرح آتے ہیں لوگوں سے یہ راز اس لیے پوشیدہ ہیں کہ

ار میں سے ہے جن کا ادراک فتح ربانی (خدا کی طرف سے شرح صدر) کے بغیر نہیں ہوسکتا چنانچہ ان کی حیثیت سورتوں کے شروع میں ف مقطعہ کی سی ہے اور ان کے بڑے اسرار اور بہت سے معانی ہیں یہاں تک کہ جن سورتوں کی ابتدا میں یہ حروف آئے ہیں ان کے م معانی اور اسرار ان حروف میں پائے جاتے ہیں چنانچہ جو کچھ بھی معانی واسرار سورہ ص میں ہیں وہ سب حروف ص میں پائے جاتے ہیں ی طرح جو کچھ سورہ ق، سورہ ن، سورہ یس، سورہ طٰہٰ وغیرہ میں ہیں وہ ان رموز میں مشتمل ہے۔ اکثر لوگ ان کے اسرار کو نہیں سمجھ سکتے نہ ہی جن معانی کی طرف اشارہ کیا گیا انہیں دریافت کرسکتے ہیں حتیٰ کہ بعض نے خیال کرلیا کہ یہ سورتوں کے نام ہیں اوروں نے یہ ں کیا کہ ان کا شمار معلوم تعداد کی طرف ہے۔ ایک اور جماعت نے خیال کیا کہ یہ مہمل حروف ہیں جن کے کوئی معنی نہیں حالانکہ ان سب ن کے عجیب وغریب اور واضح معانی کی خبر ہی نہیں ہے یہی حال قرآن مجید کے ایک ایک حرف کی کتابت کا ہے۔

یہ کہنا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس طرز پر لکھنے کی اصطلاح بنالی تھی تو اس سے کئی قباحتیں پیدا ہوں گی۔ اس لیے کہ قرآن مجید رت ﷺ کے عہد میں اور اس کے سامنے ایک طرز میں لکھا گیا۔ لہٰذا صحابہ رضی اللہ عنہم کا طرز تحریر یا تو وہی ہوگا جو آنحضرت ﷺ کا بتلایا ہوا وئی اور تھا اگر وہی طرز تھا اسے صحابہ رضی اللہ عنہم کی اصطلاح کہنا درست نہیں کیونکہ اصطلاح ایجاد واختراع کی جاتی ہے اور اس کا توقیفی ہونا ع کے منافی ہے اور اس کی اتباع کرنا ضروری ہے اگر اس کے باوجود بھی یہ کہا جائے کہ وہ اصطلاح کے پیچھے چلتے تھے تو اس کی مثال یہ جیسے کوئی کہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پانچ نمازوں کی اصطلاح گھڑلی ہے یا یہ کہ مثلاً رکعات کی تعداد چار ہے اور اگر صحابہ رضی اللہ عنہم کا طرز تحریر رت ﷺ کے لکھائے ہوئے طرز سے مختلف تھا تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے تو قرآن کو ایک طرز پر لکھوایا ہو اور رضی اللہ عنہم نے اس کی مخالفت کرکے کسی اور ہیئت پر لکھ لیا ہو اور یہ دو وجہ سے درست نہیں ہوسکتا (اس میں صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف جو اُمت کے فعل ہدایت ہیں آنحضرت ﷺ کی مخالفت منسوب کی گئی ہے اور یہ ناممکن ہے۔

(۲) صحابہ وغیرہم تمام اُمت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن مجید میں ایک حرف کی بھی کمی یا بیشی کرنا جائز نہیں اور کتابت چار وجودوں میں سے ایک وجود ہے اور ابتدا سے انتہا تک تمام کا تمام اللہ کا کلام ہے۔

لہٰذا اگر نبی ﷺ نے ایک ہیئت پر لکھا ہو مثلاً اَلرَّحْمٰن اور اَلْعٰلَمِیْنَ میں الف لکھا ہو اور مَائَه، کَفَرُوا، خَرَجُوْا میں الف زیادہ ہو اور نہ بِاَیْیْدٍ اور اَفَاِیْن مِتَّ میں ی وغیرہ جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔ نیز وہ مقامات جن میں زیادتی تو پائی جاتی ہے لیکن ہم نے اوپر ں اور پھر بعد میں صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس کے برخلاف کیا ہو اور آنحضرت ﷺ کی ہیئت کتاب کی مخالفت کی ہو تو اس سے یہ لازم ہے کہ نعوذ باللہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے قرآن مجید میں کمی یا بیشی کرکے اس میں تصرف کیا ہے اور وہ ایسے فعل کے مرتکب ہوئے ہیں کہ جس کے واز پر سب کا اتفاق ہے اور تمام قرآن مجید میں اس طرح لازمی طور پر شک پیدا ہوجاتا ہے کیونکہ جب ہم نے قرآن میں ان حروف ضافہ کی اجازت دے دی جو آنحضرت ﷺ کو نہ معلوم تھے اور نہ ہی اس قرآن میں پائے جاتے تھے جو آپ کے پاس تھا اور وہ حروف) میں سے تھے نہ اللہ کی طرف سے، تو اس سے تمام قرآن کے متعلق شک وشبہہ پیدا ہوجاتا ہے اور اگر ہم ایک صحابی کے لیے اس بات ئز قرار دیتے ہیں کہ وہ قرآن مجید کی کتابت میں ایک ایسا حرف زائد کردے جو وحی میں سے نہیں ہے تو پھر ایک دوسرے صحابی رضی اللہ عنہ کو جازت دینی پڑے گی کیونکہ وحی میں کمی یا بیشی دونوں ایک سی باتیں ہیں (یعنی دونوں ناجائز ہیں) اور اس طرح تو اسلام کا تمام شیرازہ ر جائے گا، ہاں اگر صحابہ رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کو آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد لکھا ہوتا تو اسے ہم صحابہ رضی اللہ عنہ کی اصطلاح کہہ سکتے

تھے، لیکن جب حقیقت امر یہ نہیں ہے تو ثابت ہوا کہ قرآن مجید کا رسم الخط توقیفی ہے اصطلاحی نہیں ہے اور آنحضرت ﷺ نے ہی خود قرآ
مجید کو اس طرح لکھنے کا حکم دیا تھا۔

میں نے عرض کیا کہ آنحضرت ﷺ تو لکھنا نہیں جانتے تھے اور آپ کی تعریف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا م
قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ (سورہ عنکبوت: آیت ۴۸) اے نبی (ﷺ) نزول قرآن سے پہلے
تو آپ کوئی کتاب پڑھ سکتے تھے اور نہ ہاتھ سے لکھ سکتے تھے (اگر ایسا ہوتا) تو اہل باطل کو قرآن مجید کے مُنَزَّل مِنَ اللّٰہ ہونے پر شک
ہوسکتا تھا۔

نزول وحی کے بعد آنحضرت ﷺ معجزہ کے طور پر لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔

حضرت نے فرمایا کہ یہ صحیح[1] ہے کہ آنحضرت ﷺ اصطلاحی معنوں میں کتابت نہ جانتے تھے اور نہ ہی آپ ﷺ نے لوگوں
لکھنا پڑھنا سیکھا تھا لیکن فتح ربانی کے طور پر آپ لکھنا اور پڑھنا جانتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ جانتے تھے۔ ایسا کیوں نہ ہو جب
آپ ﷺ کی اُمت کے اولیاء جنہیں اللہ تعالیٰ نے فتح (شرح صدر) عطا کی ہے وہ آنحضرت ﷺ کے طفیل آدم علیہ السلام سے
آج تک کی تمام اُمتوں اور قوموں کے خطوط اور ان کے رسم الخط جانتے ہیں، تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو ان کا علم نہ ہو۔

حضرت نے فرمایا جسے اللہ تعالیٰ نے فتح (شرح صدر) عطا فرمائی ہو اور وہ قرآن مجید کی تختیوں کے حروف کی شکلیں دیکھے اور
کے بعد لوح محفوظ میں لکھے ہوئے الفاظ کی شکل دیکھے تو اسے دونوں کے درمیان مشابہت دکھائی دے گی اور وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ
کہ لوح محفوظ میں كَفَرُوْا آمَنُوْا وغیرہ الفاظ میں جن کا ذکر ہو چکا ہے الف زائد موجود ہے اور اسے یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ ان
خاص راز پایا جاتا ہے جو لوگوں کی عقلوں سے بالا ہے۔

(مؤلف کتاب احمد بن مبارک کہتا ہے کہ) میں نے حضرت سے باوجود اُن کے اُمّی ہونے کے كَفَرُوْا مِائَة وغیرہ تمام الفاظ
اسرار سنے اور میں نے ان کا مقابلہ ان تحریروں سے کیا جو آئمہ رسم نے اپنی تصانیف میں کی ہیں تو حضرت کے فرمان کو صحیح پایا۔ شاید اللہ
اپنے کرم سے مجھے توفیق دے کہ میں اس کے متعلق ایک مستقل کتاب تصنیف کروں تا کہ ہماری عقلیں آئمہ رسم کے اقوال پر ہی قا
ہو جائیں تاہم آئمہ رسم نے جو کچھ لکھا ہے اس میں بہت ہی تھوڑے الفاظ کی توجیہ بیان کی گئی ہے ہمیں رسم قرآن اور اسے صحابہؓ کی ط
منسوب کرنے میں کئی اشکال پیش آئے مگر حضرت نے تشریح کر کے ان اشکال کو دور کر دیا خدا آپ کو ہماری طرف سے بہترین جز
اس کے باوجود کہ مجھے معلوم تھا کہ آپ جواب دینے سے قاصر نہیں ہیں اور باوجود اس کے کہ آپ کو قرآن مجید کا ایک حرف بھی یاد نہیں
نے بطور امتحان کے آپ سے سوال کیا کہ بِاَيْيُدٍ میں کونسی ی زائد ہے پہلی یا دوسری۔ فرمایا دوسری۔ میں نے آپ کو شک میں ڈالا مگ
نے یقین سے فرمایا کہ دوسری ی زائد ہے ابوعبدا ' الخراز[95] نے یہی لکھا ہے کہ بِاَيْيُدٍ کی دوسری ی ایید اور الایہ میں فرق کرنے
زائد لکھی گئی ہے۔

پھر میں نے مَلَائِهٖ کے الف زائد کے متعلق سوال کیا کہ یہ کونسا ہے کیا وہ الف جو لام سے ملا ہوا ہے یا ہمزہ جو بصورت ی
ہے۔ فرمایا الف زائد ہے اسی قسم کے اور سوالات میں نے کئے اور ان کے اسرار دریافت کیے۔ آپ نے صحیح جواب دیئے جس طرح

حافظ قرآن دیتا ہے۔ پھر میں نے عرض کیا یہ جو آپ نے فرمایا ہے کہ رسم قرآن توقیفی ہے اس پر مخالف کہہ سکتا ہے کہ مان لیا کہ یہ رسم ہے، لیکن قرآن مجید کو قیاسی رسم کے مطابق لکھنا کیوں کرنا جائز ہوا تا کہ جہاں، قیاس الف کو لکھنے کا مقتضی ہے وہاں الف لکھا جائے ہاں زوائد کو حذف کرنا ہے وہاں انہیں حذف کیا جائے اور اس طرح کرنے میں حرج ہی کیا ہے؟

حضرت نے فرمایا اللہ کے کلام میں اسرار پائے جاتے ہیں اور ان اسرار میں کتابت کا بھی دخل ہے لہٰذا جو شخص قرآن مجید کو اسی (یعنی نبی ﷺ کے بتلائے ہوئے) طرز پر لکھے گا وہی اسے ٹھیک بمع تمام اسرار کے ادا کر سکے گا مگر جو قیاسی طرز پر لکھے گا تو وہ اس اسرار کو کم کر دے گا اور جو کچھ وہ لکھے گا وہ خدا کے اتارے ہوئے کلمات نہ ہوں گے۔ پھر آپ نے مثال دے کر سمجھایا کہ فرض کر لیا ئے کہ ایک شخص لفظ کَانَ کہ جو افعال ناقصہ میں سے ہے الف کو اُلٹا کر واؤ کے ساتھ کون کی شکل میں لکھتا ہے اور اس میں اس نے کوئی لکھا ہو جس کی کسی کو خبر ہو اور کسی کو نہ ہو۔ اس کے بعد ایک ایسا شخص آتا ہے جسے اس راز کا علم نہیں ہے اور وہ کہتا ہے کہ کَانَ کو کَوْن سے معنی میں کوئی فرق نہیں پڑتا اس لیے میں تو اسے الف کے ساتھ کَانَ ہی لکھوں گا کیونکہ معنی تو دونوں کے ایک ہی ہیں اور اصل ب بھی الف ہی کے ساتھ ہے، لیکن جو اس راز سے واقف ہوگا وہ کہے گا کہ تو نے اس کا راز ناقص کر دیا کیونکہ تو نے کوئی اور کَانَ لکھا ہ کَانَ نہیں لکھا جو اصل لکھنے والے کو مقصود تھا کیونکہ اس نے تو واؤ کے ساتھ کَوْن کی شکل میں لکھا تھا اور واؤ کے اوپر الف لکھا تھا تا کہ یہ جو ایجاد دونوں مفہوم ادا کرے، یوں سمجھو کہ کَوْن لکھنے میں اس نے کَانَ وَکَوَّنَ دونوں لفظ لکھ دیئے ہیں جس کے معنی کَانَ زَیْدٌ وَّنَہُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ (زید کا وجود تھا اور یہ وجود اسے اللہ نے بخشا ہے) یہی حال اس شخص کا ہے جو اَلصَّلٰوۃ، الزَّکٰوۃ اور الحیٰوۃ یر واؤ کے الصلوۃ، الزکاۃ اور الحیاۃ کی شکل میں لکھے کیونکہ اس طرح لکھنے سے وہ شخص اس کے اسرار کو ناقص کر رہا ہے۔

آن کا رسم الخط توقیفی ہے:

میں نے عرض کیا کہ اگر یہ رسم الخط توقیفی ہے اور آنحضرت ﷺ پر بطور وحی کے نازل ہوا ہے اور اس کی حیثیت الفاظ قرآن کی سی تو پھر قرآن کی طرح اسے بھی بطریق تواتر منقول ہونا چاہیے تھا تا کہ الفاظ قرآن کی طرح اس میں بھی کوئی شک وشبہہ باقی نہ رہتا اور ں کو اطمینان ہوتا کیونکہ قرآن مجید کا ایک ایک حرف بطریق تواتر منقول ہے اور اس میں کسی قسم کا اختلاف وغیرہ نہیں ہے برعکس اس کے قرآن جیسا کہ اس موضوع پر لکھی ہوئی کتابوں سے پتہ چلتا ہے خبر واحد کے ذریعہ سے منقول ہے یہی وجہ ہے کہ اس کے نقل کرنے ں میں کئی ایک جگہ اختلاف پیدا ہو گیا ہے ورنہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اُمت محمدیہ ﷺ وحی الٰہی کا ذرا سا حصہ بھی ضائع کر دے؟

حضرت نے فرمایا کہ اُمت نے وحی کو بال برابر بھی ضائع نہیں کیا اور قرآن مجید بحمد اللہ بلحاظ الفاظ اور بلحاظ رسم الخط ہر طرح سے وظ ہے کیونکہ اہل عرفان نے جنہیں مشاہدہ حق حاصل ہے قرآن مجید کے الفاظ اور رسم الخط دونوں کو محفوظ رکھا اور اس میں بال برابر بھی ں نہ آنے دیا۔ یہ بات انہیں معائنہ ومشاہدہ سے حاصل ہوئی ہے جو تواتر سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے اور دونوں نے ان الفاظ کو محفوظ رکھا بطریق تواتر ان کے پاس پہنچے۔ رہا بعض الفاظ میں رسم الخط کا اختلاف تو اس سے کوئی خلل پیدا نہیں ہوتا اور نہ اُمت کو ضائع کنندہ کہا سکتا ہے۔ بعینہ اسی طرح جس طرح عوام کی الفاظ قرآن سے جہالت اور ان کا یاد نہ ہونا وحی وقرآن کے لیے مضر نہیں۔

میں کہتا ہوں کہ شیخ نے جو کچھ فرمایا ہے نہایت عمدہ اور معرفت کا کلام ہے آپ کے کلام میں سے بہت سے اسرار وانوار باقی رہ گئے ں جنہیں ہم نے طوالت کے خوف سے درج نہیں کیا۔

حدیث: اِنَّ فِیُ الْقُرْاٰن لَحْنًا سَتُقِیْمُهُ الْعَرَبُ بِاَلْسِنَتِهَا :

یہ حدیث حضرت عثمانؓ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا اِنَّ فِیُ الْقُرْاٰنِ لَحْنًا سَتُقِیْمُهُ اِلْعَرَبُ بِاَلْسِنَتِهَا سو یہ تو حدیث مرسل ہے اور مرسل ہونے کے علاوہ اس کے اسناد میں اضطراب پایا جاتا ہے جس کی وجہ سے بعض رجال اسناد کا پتہ نہیں چلتا اور قاضی ابوبکر باقلانی نے خود مذکورہ بالا کتاب میں اس کا رد کیا ہے اور اسی طرح اہل علم کی ایک جماعت نے بھی اس کا رد کیا ہے [96] ابوعمر الدانی رحمتہ اللہ علیہ اَلْمُقنِع میں جس کا موضوع قرآن مجید کا رسم الخط ہے چنانچہ وہ اَلْمُقنِع کے آخر میں لکھتے ہیں اگر کوئی یہ سوال کرے کہ تمہارے پاس اس حدیث کا جواب جسے تم نے یحیٰ [97] بن یعمر اور ابن عباس [98] کے غلام عکرمہ [99] کی سند سے حضرت عثمانؓ سے روایت کیا کہ جب قرآن مجید لکھے جا چکے اور انہیں حضرت عثمانؓ کے روبرو پیش کیا گیا تو آپ نے ان میں غلط تحریر شدہ الفاظ پائے۔ اس پر حضرت عثمانؓ نے فرمایا انہیں اسی طرح رہنے دو کیونکہ عرب انہیں ٹھیک کرلیں گے یا یہ فرمایا کہ عرب اپنی زبان کے ذریعہ سے معلوم کرلیں گے۔ اس روایت کے ظاہر الفاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رسم خط میں اغلاط رہ گئے تھے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ روایت بھی ہمارے نزدیک قابل حجت نہیں اور اس سے استدلال کرنا بھی دو طرح سے درست نہیں ہے۔

۱۔ اس کے اسناد میں تخلیط اور الفاظ میں اضطراب پائے جانے کے علاوہ یہ حدیث مُرسل ہے کیونکہ ابن یعمر اور عکرمہ دونوں نے نہ حضرت عثمانؓ کو دیکھا اور نہ ان سے کوئی حدیث سنی (لہٰذا حضرت عثمانؓ سے روایت کیسی؟) مزید برآں اس روایت کے الفاظ خود اس بات کی نفی کرتے ہیں کہ یہ الفاظ حضرت عثمانؓ کی زبان سے نہیں نکلے ہوں گے کیونکہ اس مین حضرت عثمانؓ پر طعن پایا جاتا ہے باوجود اس کے کہ ان کا دین اسلام میں بڑا مرتبہ ہے اور باوجود اس کے کہ وہ اُمت کی خیر خواہی میں سخت کوشاں رہتے اور اُمت کی اصلاح کے لیے بڑا اہتمام کرتے۔ لہٰذا یہ ناممکن ہے کہ کہ وہ نیک اور پرہیز گار صحابہؓ کے ساتھ مل کر قرآن کو جمع کرنے کا کام تو اپنے ذمہ لیں تاکہ اُمت میں بھی قرآن مجید کے بارے میں اختلاف نہ ہو اور پھر اس میں لحن اور اغلاط چھوڑ دیں تاکہ بعد میں آنے والے لوگ جو بلاشک وشبہہ حضرت عثمانؓ کے مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتے ان اغلاط کو درست کریں۔ اور یہ بات کہنا یا یہ اعتقاد رکھنا کسی طرح بھی درست نہیں۔ اس کے بعد اس نے اپنی سند سے یحیٰ بن یعمر اور عکرمہ کا طریق سند نقل کیا ہے جو انہیں دیکھنا چاہیئے اس کی کتاب میں دیکھ لے۔ نیز ملاحظہ ہو وہ بحث جو الانتصار میں کی گئی ہے کیونکہ اس میں زیادہ بسط سے رد کیا گیا ہے۔

نیز ابوالقاسم [100] الشاطبیؒ نے العقلیہ میں کہا ہے:

وَمَنْ رَوٰی سَتُقِیْمُ الْعَرَبُ اَلْسُنَهَا
لَحْنًا بِهٖ قَوْلَ عُثْمَانٍ فَمَا شُهِرَا

(حضرت عثمانؓ سے مستقیم العرب الخ کی روایت ایک غیر معروف روایت ہے) الجعبری [101] نے اس شعر کی شرح میں حدیث نقل کرنے کے بعد کہا ہے کہ مصنف نے اس کا وہی جواب دیا ہے جو جواب المقنع میں دیا گیا ہے کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے اس لیے کہ اس کا سند مضطرب اور منقطع ہے میں کہتا ہوں کہ اس روایت کے تو الفاظ بھی مضطرب ہیں کیونکہ آپ کا کہنا اَحْسَنْتُمْ وَاَجْمَلْتُمْ اَرٰی فِیْهِ شَیْئًا مِنْ لَّحْن الخ (تم نے بہت اچھا کیا مجھے اس میں کچھ لحن دکھائی دیتی ہے) مدح ہے اور حضرت عثمانؓ برے کام پر کیسے ان کی تعریف کرتے

؟ نیز یہ کہ ان کا مطلب یہ تھا کہ صحابہ آپ کی طرف رجوع کریں اور اگر حضرت عثمانؓ کی صحت کا دارومدار صحابہ پر ہوتا اور ان کی صحت کا پر تو اس سے دور لازم آتا ہے جو محال ہے۔ نیز اگر مصحف سے مراد جنس مصحف ہے تو پھر سارا معاملہ ہی بگڑ جاتا ہے اور اگر مراد ایک خاص ف ہے تو اس میں ہمیں کوئی بھی لحن کا اختلاف دکھائی نہیں دیتا۔ لہٰذا معلوم ہو گیا کہ قرآن کے کسی ایک نسخے میں بھی کسی قسم کا لحن نہ تھا۔ ابت اور فصاحت نے قریش میں نشو ونما پائی، دیگر قبائل تو ان کی فرع شمار ہوتے ہیں پس ہم فرع کو اصل کیسے قرار دے سکتے ہیں؟ لہٰذا قبائل کو اصل قرار دینا خلاف حقیقت ہے یہاں پر الجعبری رحمتہ اللہ علیہ کا قول ختم ہوتا ہے اور اگر یہ حدیث بھی درحقیقت مردود ہو تو پھر لہ آسان ہے۔

خدا ابوالحسن القابسی[92] رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کو جزائے خیر دے کیونکہ انہوں نے استاد ابوبکر بن فورک[103] رحمتہ اللہ علیہ پر اعتراض کیا کہ انہوں نے مشکل احادیث کا جواب دینے کا ذمہ لیا، حالانکہ یہ احادیث ہی باطل تھیں۔ القابسی فرماتے ہیں کہ کسی حدیث کے اشکال کا ب دینے کی ضرورت صرف اس وقت پڑتی ہے جب کہ حدیث صحیح ہو۔ باطل حدیث کے جواب میں اس کا باطل ہونا ہی کافی ہوتا ہے۔

قاضی ابوبکر بن فورک رحمتہ اللہ کا یہ کہنا کہ نہ کتاب اللہ نہ سنت رسول اللہ ﷺ نہ اجماع نہ قیاس میں کوئی بات ایسی پائی جاتی ہے ں سے رسم قرآن کا اتباع واجب قرار دیا جا سکے تو اس کا جواب پہلے گزر چکا ہے۔ کیونکہ انہوں نے رسم قرآن کو اصطلاح صحابہ سمجھ کر یہ ت کہی ہے لیکن ہم نے جب رسم قرآن کو توقیفی قرار دیا تو اس کا اتباع بھی واجب ہوا۔ اس کے اتباع کی قرآنی دلیل تو یہ آیت ہے وَمَآ ءَاتَىٰكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ ۗ وَمَا نَهَىٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (سورہ حشر آیت ۷) (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس کام کے کرنے کا حکم دیں پر عمل کرو۔ (یا جو کچھ بھی وہ دیں، لے لو) اور جس سے آنحضرت ﷺ روکیں، اس سے رک جاؤ) جب کوئی دوسرا رسم الخط پورے طور ارع کے مفہوم کو ادا نہیں کر سکتا اس لیے ضروری ہو گیا کہ قرآن مجید کو اسی ہیئت میں لکھا جائے جو آنحضرت ﷺ نے بتلائی اور اسی ہیئت تباع واجب ہو گیا اور مذکورہ بالا آیت میں فَخُذُوهُ کا فعل امر اس مسئلہ میں وجوب کے لیے ہوگا کیونکہ توقیفی رسم الخط کی طرح کوئی اور الخط پورے معنی ادا نہیں کرتا، سنت میں سے اس کی دلیل آنحضرت ﷺ کا عمل ہے اور آپ کا فرمان ہے جو صحابہ کے لیے امر کے معنی ناہے۔ آنحضرت ﷺ تو انہیں ایک خاص ہیئت میں لکھنے کا حکم دیا تھا۔

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ آنحضرت ﷺ نے تو اس طرز میں لکھنے کا حکم نہیں دیا تو ہم کہیں گے چلیے اگر آپ یہ نہیں مانتے کہ نحضرت ﷺ نے اس طرز میں لکھنے کا حکم دیا تھا تو اس میں تو آپ کو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے کہ آپ کے سامنے اس طرح لکھا گیا اور پ نے اسے برقرار رکھا اور آنحضرت ﷺ کا کسی ایسی بات کو برقرار رکھنا جس کی جگہ کسی اور کو نہ رکھ سکیں۔ اس کے واجب ہونے کی ل ہے اور وہ بات لازم ہو جاتی ہے۔ مزید برآں امام مالک اور احمد بن حنبل اور دیگر آئمہ اجتہاد کے صریح فرمان اسی بات کی تائید کرتے ا کہ قرآن مجید کے رسم الخط میں تغیر جائز نہیں۔

حافظ ابوعمرو الدانی نے المقنع میں لکھا ہے حَدَّثَنَا ابو مُحَمَّدٍ عَبْدُالْمَلِک بن الْحَسَنِ ان عبد العزیز بن علی حَدَّثَهُمْ ل حَدَّثَنَا المقدام بن تلید قال حَدَّثَنَا عبداللہ بن عبدِالحکم قَالَ قَالَ اَشْهَبُ سُئِلَ مَالِک رحمتہ اللہ تعالیٰ فقیل لَهُ أَيُسَتَ من اسْتَكتب مُصْحَفًا الیوم اَتَرَی اَنْ يَكْتُبَ عَلٰی مَا اَحْدَثَ النَّاسُ مِن الهِجَاءِ الیوم فقال لااَرَی ذلک وَلٰکن كْتَبُ عَلٰی الکتابة الاُولیٰ (امام مالکؒ سے پوچھا گیا کہ قرآن مجید کی کتابت اگر جدید حروف تہجی کے مطابق کی جائے تو آپ کی

رائے میں کیسا ہے فرمایا: میں اس کو جائز نہیں سمجھتا، لیکن اسے قدیم طرز پر ہی لکھا جانا چاہیے۔ ابوعمر فرماتے ہیں کہ علماء اُمت میں سے کسی کو بھی امام مالک سے اس بارے میں اختلاف نہیں ہے۔ ابوعمرو نے ایک اور جگہ مذکورہ بالا سند سے روایت کی ہے کہ امام مالک سے سوال کیا گیا کہ واؤ اور الف جو قرآن مجید میں لکھنے میں زائد ہوتی ہیں، کیا ان کو تبدیل کر کے واؤ یا الف کے بغیر لکھنا جائز ہے؟ فرمایا جائز نہیں ہے ابوعمرو[۱۰۴] کہتے ہیں کہ سائل سے مراد اس واؤ اور الف زائدہ سے تھی جو لکھنے میں کسی معنی کے لیے زائد لکھے جاتے ہیں مثلاً اُولٰئِکَ، اُولی اور اُولاَتِ وغیرہ میں واؤ اور لَنْ نَدْعُوْا، قَتَلُوْا ولا اَوْضَعُوْا، لَاأُذْبَحَنَّهٗ، مِائَةٌ، مِائَتَيْنِ، لَاتَيْأَسُوْا، يَبْدَؤا، تَفْتَؤا، يَعْبَسؤُا، وغیرہ میں الف اسی طرح نَبِیُّ الْمُرْسَلِیْن مَلَائِهٖ وغیرہ میں ی۔

الجعبری[۱۰۵] نے عقیلہ کی شرح میں لکھا ہے ابوعمرو نے امام مالک کا جو قول نقل کیا ہے وہی چاروں اماموں کا مذہب ہے۔ اس نے خصوصیت سے امام مالک کا قول اس لیے نقل کیا ہے کہ ابوعمرو خود مالکی ہے اور امام مالک اس کا امام ہے اور چاروں اماموں کی سند خلفا اربعہ ہیں۔

یہ بحث تو بہت لمبی ہے اور اگر ہم اسے بالتفصیل بیان کرنا چاہیں تو اس کے لیے ایک یا دو جلدیں بھی کافی نہ ہوں گی اور اس تفصیل میں پڑنے سے ہم اپنی غرض اصلی سے کہ حضرت کا کلام جمع کرنا ہے دور نکل جائیں گے۔

حرکات ثلثہ اور جزم کے انوار:

حضرت نے فرمایا کہ انچاس انوار پر انتیس حروف ہجاء مدہ کے مراتب اور رسم الخط میں حروف زوائد کی تفریع کا بیان تو ہو چکا اور بھی بیان ہو چکا کہ ہر حرف کے لیے کون کون سے اجزاء ہیں۔ رہیں حرکات ثلثہ (زیر، زبر، پیش) اور جزم سو ان کے الگ الگ انوار ہیں چنانچہ پیش اور جزم منجملہ قبض کی ہے۔ زبر منجملہ رسالت کے اور زیر منجملہ آدمیت کے۔ پس اگر کوئی حرف جو منجملہ قبض کے ہو، پیش یا جزم وا ہو تو اس میں قبض کے دو جزو ہوں گے اور اگر قبض کے حروف میں سے نہ ہوگا تو حرف کو تو اپنے نور کی طرف منسوب کیا جائے گا اور اس حرف کی پیش اور جزم قبض کی طرف منسوب ہوں گی۔ مثال کے طور پر ث، ش، ہ، قبض کے حروف ہیں اور ان کے پیش یا جزم بھی قبض میں سے ہے اور ی، ب، ت قبض کے حروف نہیں ہیں اور ان کی پیش اور جزم قبض میں سے ہے، اسی طرح اگر حرفِ رسالت زبر والا ہوگا تو اس میں رسالت کے دو جزو پائے جائیں گے ایک جزو حرف کا اور ایک زبر کا۔ یہی حال حروف آدمیت کا ہے اگر زیر والے ہوں گے تو ان میں آدمیت کے دو جزو پائے جائیں گے ایک جزو حرف کا اور دوسرا زیر کا، لیکن حروف نبوت، حروف بسط، حروفِ رُوح اور حروف علم کی حرکات ان حروف میں کوئی حصہ نہیں کیونکہ اُن کی رفع (پیش) قبض کے لیے ہے نصب (زبر) رسالت کے لیے اور خفض (زیر) آدمیت کے اور جزم قبض کے لیے یہاں سے واضح ہو گیا کہ قبض رسالت اور آدمیت باقی چاروں پر داخل ہوں گے۔

رفع کی سات قسمیں ہیں:

رفع (پیش) جو قبض کے لیے ہے اس کی اجزاء قبض کے لحاظ سے سات قسمیں ہیں۔ چنانچہ جو پیش هُدًی. لِلْمُتَّقِیْنَ. یُوْمِنُوْ اَلْحَمْدُلِلّٰهِ. نَعْبُدُ اور نَسْتَعِیْنُ میں ہے وہ اس حس کے لیے ہے جو خیر سے لذت حاصل کرتی ہے اور شر سے درد محسوس کرتی ہے کَفَرُوْا اَلْکَافِرُوْنَ اور هُمُ الْکَافِرُوْنَ اور هُمُ الظَّالِمُوْنَ کی پیش نفرت از ضد کے لیے ہے اُنْزِلَ وغیرہ کی رفع امتثال کے لیے

وُلٰئِکَ جہاں بھی آئے اُس کی رفع میل بسوی جنس کے لیے خَرَجُوْا ، اَخْرِجُوْهُمْ اور تُنْذِرُهُمْ کی پیش تَ پر آتی ہے قوتِ انقباض کے لیے اور اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ اور اسی طرح کی اور حق کی باتیں جن میں کوئی نزاع نہیں ہے ان کی پیش انصاف کے لیے ہے اور سَالَ اللّٰهُ وغیرہ کی پیش حق گوئی سے شرم نہ کرنے کے لیے۔

جزم کے اَقسام:

جزم کی بھی سات قسمیں ہیں: اَلْحَمْدُ کا جزم حاسہ سار یہ کے لیے ہے اَلْعٰلَمِیْنَ کا جزم انصاف کے لیے اَلرَّحْمٰنِ کا امتثال امر کے لیے، نَعْبُدُ کا انقباض کے لیے اور اِهْدِنَا کا نفرت، ازضد کے لیے اور غَیْرِ کا حق گوئی سے شرم نہ کرنے کے لیے اور رَبِّهِمْ وغیرہ کا جزم سیل بَسوی جنس کے لیے۔

زبر کے اقسام:

زبر کی بھی اجزاء رسالت کے اعتبار سے سات قسمیں ہیں چنانچہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ میں ہمزہ کا زبر مشاہدہ کے لیے ہے اور ح کا زبر ملکیت کے لیے اور اَلْعَالَمِیْنَ کے نون کا زبر حیاتِ اہل جنت کے لیے اور مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ کا زبر اور یَوْمِ الدِّیْن کی ی کا زبر صدق کے لیے اِیَّاکَ کے ک کا زبر اور ع کا زبر اور عَلَیْهِمْ کے ل کا زبر علم کامل کے لیے اور نَسْتَعِیْنُ کی ت کا اَلصِّرَاطَ کی ط کا زبر جسم میں روح کی برضاء ورغبت رہائش کے لیے اور اُولٰئِکَ، عَبْدِکَ، عِبَادِکَ کے کاف کی زبر موت بحالت حیات کے لیے۔

زیر کے اقسام:

زیر کی بھی آدمیت کے اجزاء کے لحاظ سے سات قسمیں ہیں لِلّٰهِ کی زیر اور ہر اس ل کی زیر جو پہلے یا بیچ میں آئے کمال حسنِ باطنی کے لیے اور لِلّٰهِ کی ھ کی زیر ذکوریت کے لیے اور رَبِّ کی ب کی زیر عقل کامل کے لیے اور اَلْعَالَمِیْنَ کے میم کی زیر کمال حواس ظاہری کے لیے اور اَلرَّحْمٰنِ کے ن کی زیر کمال صورت باطنی کے لیے مٰلِکِ کے ک کی زیر کمال صورت ظاہری کے لیے اور اَلدِّیْنِ کے ن کی زیر نزعِ حظِ شیطان کے لیے۔

جب تو نے یہ سمجھ لیا اور تجھے معلوم ہوگیا کہ تمام حروف، حرکات اور مراتب مد میں سے کوئی بھی انوار سبعہ باطنیہ سے باہر نہیں ہیں تو تجھے حدیث کا مفہوم سمجھ میں آجائے گا اور آنحضرت ﷺ کے اس فرمان کہ [106] اِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ (یہ قرآن سات حرفوں پر نازل ہوا ہے) کے معنی سمجھ میں آجائیں گے اور تجھے بدون شک وشبہہ یہ بات واضح طور پر معلوم ہوجائے گی کہ آئمہ قراء کے درمیان جو لفظی اختلافات پائے جاتے ہیں، وہ آنحضرت ﷺ کی مراد اور حدیث شریف سے جو لطیف راز مقصود ہے، اس سے خارج نہیں ہے۔ اب ہم سورہ فاتحہ کو لے کر اس کی تشریح کرتے ہیں تا کہ تم خود اس کا مشاہدہ کرلو۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ میں آدمیت کے تین جزو ہیں ایک میم میں کہ ذکوریت کے لیے ہے دوسرا ھ کا زیر کہ وہ بھی ذکوریت کے لیے ہے تیسرا ل کا زیر کہ کمال حسن باطنی کے لیے ہے اور اس کی ح میں نبوت کا جزو ہے کہ وہ رحمت کے لیے ہے اور ایک جزو رُوح کا ہے۔ د میں جو طہارت کے لیے اور اس کے حروف اور حرکات میں قبض کے پانچ جزو ہیں چنانچہ امتثال کے لیے، ل اور م کا جزم اور د کا پیش تینوں حاسہ

ساریہ کے لیے ہیں سورہ فاتحہ میں ہر پیش حاسہ ساریہ کے لیے ہ ضد سے نفرت کے لیے۔اس میں رسالت کے چھ جزو ہیں ا کا زبر مشا
کے لیے۔ل علم کامل کے لیے۔ل کا شد اور زبر مشاہدہ کے لیے۔سورہ فاتحہ میں جہاں بھی شد زبر کے ساتھ آئے وہ مشاہدہ کے لیے ہے
لہٰذا یہ واضح ہوگیا کہ اس میں آدمیت کے تین جزو ہیں ایک جزو نبوت کا، ایک جزو رُوح کا پانچ جزو قبض کے اور چھ جزو رسالت کے ہیں
چنانچہ ا میں حروف کے لحاظ سے قبض ہے اور حرکت کے اعتبار سے رسالت، ل میں اس کے برعکس ہے کہ حرف کی جہت سے نور رسال
ہے اور جزم کے لحاظ سے قبض اور ح میں حرف کے اعتبار سے نبوت اور حرکت کے اعتبار سے رسالت اور م میں حرف کے لحاظ سے آدمیت
اور جزم کے لحاظ سے قبض۔د میں حرف کے اعتبار سے رُوح اور حرکت کے اعتبار سے قبض۔پہلے لام میں بروئے حرف رسالت اور برو
حرکت آدمیت دوسرے تشدید والے ل میں حرف اور حرکت دونوں اعتبار سے رسالت ہے اور ہ میں حرف کے اعتبار سے قبض اور حرک
کے اعتبار سے آدمیت۔

رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اس میں آدمیت کے چار اجزاء ہیں۔ب کا زیر عقل کامل کے لیے۔ع کے بعد کا الف کمال حس ظاہری کے
۔م ذکوریت کے لیے اور اس کی زیر کمال حواسِ ظاہری کے لیے۔

اس میں قبض کے دو جزو ہیں۔ہمزہ وصل امتثال کے لیے اور الٰ کے ل کا جزم انصاف کے لیے۔

بسط کے بھی دو جزو ہیں۔رحسن تجاوز کے لیے اور ن فرحِ کامل کے لیے اور اس میں نبوت کا ایک جزو ہے کیونکہ ع عفو کے لیے ہے

اس میں رسالت کے آٹھ اجزاء ہیں۔رکا زبر سکینت کے لیے اور ب بھی سکینت کے لیے ہمزہ کا زیر مشاہدہ کے لیے۔ل علم کا
کے لیے۔ع کا زبر سکینت کے لیے۔ل علم کامل کے لیے ل کا زبر مشاہدے کے لیے اور ن کا زبر اہل جنت کی سی زندگی کے لیے اور
سب اجزاء رسالت ہیں۔

اس میں علم کا ایک ہی جزو ہے اور وہ م کے بعد کا ی ہے جو جہات کو سامنے کی جہت میں محصور کرنے کے لیے ہے۔

لہٰذا اس میں حرف کے لحاظ سے بسط ہے اور حرکت کے لحاظ سے رسالت۔ل ساکن میں حرف کے لحاظ سے رسالت اور جزم
اعتبار سے قبض۔ع میں حرف کی نبوت اور حرکت کی رسالت الف میں آدمیت اور ل میں حرف اور حرکت دونوں اعتبار سے رسالت اور
میں بھی حرف اور حرکت دونوں لحاظ سے آدمیت ہے۔ی میں علم۔ن میں حرف کے لیے بسط اور حرکت کی رسالت۔

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔اس میں آدمیت کے پانچ جزو ہیں۔م ذکوریت کے لیے۔ن کا زیر کمال صورت باطنی کے لیے۔ح کا
کمال حسن ظاہری کے لیے، پھر م ذکوریت کے لیے اور اس کا زیر کمال عقل کے لیے۔

اس میں قبض کے بھی پانچ جزو ہیں۔ا امتثال کے لیے۔ل کا جزم حاسہ ساریہ کے لیے، ح کا جزم امتثال کے لیے اور ابھی امتث
کے لیے اور ل کا جزم حاسہ ساریہ کے لیے:

اس میں بسط کے تین جزو ہیں۔رحسن تجاویز کے لیے۔ن فرح کامل کے لیے اور دوسرا بھی حسن تجاوز کے لیے۔اس میں نبو
کے دو جزو ہیں۔پہلا ح اور دوسرا ح دونوں رحمت کاملہ کے لیے۔

اس میں رسالت کے لیے سات جزو ہیں۔ا کا زبر مشاہدے کے لیے۔ل علم کامل کے لیے۔رمشدد کا زبر مشاہدے کے لیے
کا زبر حق گوئی کے لیے۔ا کا زبر مشاہدہ کے لیے۔ل علم کامل کے لیے اور رمشدد کا زبر مشاہدے کے لیے۔اگر ما بعد میں مدغم ہونے کی

سے دونوں لام ساقط کر دیئے جائیں تو پھر پانچ رہ جاتے ہیں۔اس طرح رسالت اور قبض میں سے دو جزو ساقط ہوں گے۔

اس میں علم کا ایک ہی جزو ہے اور وہ ی ممدودہ ہے جو سامنے کی جہت میں جہات کے محصور ہونے کے لیے ہے۔م کے بعد کا الف کمالِ حواس ظاہری کے لیے ہے،اس طرح ایک جزو کَا آدمیت کے اجزاء میں اضافہ ہو جائے گا۔

مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۔اس میں سات آدمیت کے اجزاء۔م ذکوریت کے لیے۔ل کا زیر کمال حس باطنی کے لیے ک کا زیر کمال صورت باطنی کے لیے۔ن کا زیر نزعِ حظِّ شیطان کے لیے۔یہ اس صورت میں ہے جب مقصود پڑھا جائے۔لیکن اگر ممدودہ پڑھا جائے رم کے بعد الف بڑھایا جائے یعنی مٰالِکِ پڑھا جائے تو آدمیت کے آٹھ اجزاء ہو جائیں گے کیونکہ الف ممدودہ جسے ایک الف کے برابر یا کیا جائے کمال حواس باطنی کے لیے ہے جب یہ ضمیر متکلم میں نہ ہو۔

اس میں قبض کا ایک جزو ہے اور وہ واؤ کا جزم ہے جو حاسہ ساریہ کے لیے ہے اور ل جو الدین کی دال میں مدغم ہو چکا ہے اس کے زم کا اعتبار نہ کیا جائے

اس میں بسط کا بھی ایک ہی جزو ہے اور وہ ن ہے جو فرح کامل کے لیے ہے۔

اس میں نبوت کے دو جزو ہیں کیونکہ ک معرفتِ الٰہی کے لیے اور ی خوفِ تام کے لیے۔

اس میں رُوح کا ایک جزو ہے اور وہ د ہے جو طہارت کے لیے ہے۔

اس میں رسالت کے تین جزو ہیں۔ل علمِ کامل کے لیے،ال کا ہمزہ اور ل دونوں ساقط ہیں میم کا زبر صدق کے لیے۔اسی طرح ا کا زبر بھی صدق کے لیے۔

اس میں علم کے دو جزو ہیں۔واؤ موت در حیات کے لیے۔اور ی انحصار جہات در امام کے لیے ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔اس میں آدمیت کے چھ جزو ہیں۔ہمزہ کا زیر جو کمال عقل کے لیے الف ممدودہ کمال حواس ظاہرہ کے لیے اور اُولٰئِکَ کے ہمزہ کا کسرہ اور الف ممدودہ اور ت کمالِ حواسِ ظاہرہ کے لیے۔ع کا زیر کمال حس باطنی کے لیے۔

قبض کے چھ اجزاء ہیں۔ابتدائی ہمزہ اتصال کے لیے۔ع کا جزم انقباض کی قوۃ کاملہ کے لیے ب کا پیش حاسہ ساریہ کے لیے۔ی طرح د کا پیش حاسہ ساریہ کے لیے۔س کا جزم اتصال کے لیے۔آخری ن کا پیش حاسہ ساریہ کے لیے۔

اس میں بسط کے چار اجزاء ہیں۔تینوں ن فرح کامل کے لیے۔س انکساری کے لیے۔

اس میں نبوت کے چھ اجزاء ہیں۔ی خوف تام کے لیے۔ک معرفت الٰہی کے لیے۔ع عفو کے لیے اسی طرح وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کی ی۔ک اور ع خوفِ تام،معرفت الٰہی اور عفو کے لیے ہیں۔

اس میں رُوح کا صرف ایک جزو ہے اور وہ د ہے جو طہارت کے لیے ہے۔

اس میں رسالت کے دس جزو ہیں۔ی کا زبر ہر ایک سے حق گوئی کے لیے،ک کا زبر علم کامل کے لیے ن کا فتح حیات اہل جنت کے لیے۔ی سکینت کیل یے۔واؤ موت در حیات کے لیے۔ واؤ کا زبر مشاہدے کے لیے۔اسی طرح ی کا زبر حق گوئی کے لیے۔ک کا زبر علم کامل کے لیے اور ن کا زبر (حیات اہل جنت کے لیے) ی کا زیر برضا و رغبت سکون رُوح در ذات کے لیے۔

اس میں علم کا ایک جزو ہے اور وہ ی ممدودہ ہے اور یہاں یہ کونین کے حالات کی معرفت کے لیے ہے۔

اِھْدِنَاالصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۔اس میں آدمیت کے نو اجزاء ہیں۔ اِ کا زیر کمال عقل کے لیے د کا زیر کمال صورت باطنی کے لیے ہ کمال عقل کے لیے اور ص کا زیر کمال حس باطنی کے لیے اور الف ممدودہ بھی کمال حس باطنی کے لیے۔ م ذکوریت کے لیے۔

اس میں قبض کے آٹھ اجزاء ہیں۔ ء امتثال کے لیے ھ نفرت از ضد کے لیے۔ ھ کا زیر بھی نفرت از ضد کے لیے۔ الصراط کا ا وصل امتثال کے لیے۔ اسی طرح اَلْمُسْتَقِیْم کا ہمزہ وصل بھی امتثال کے لیے ہے ل کا جزم حاسہ ساریہ کے لیے۔ م کا پیش بھی حا ساریہ کے لیے۔ س کا جزم انصاف کے لیے۔

اس میں بسط کے تین جزو ہیں۔ ن فرح کامل کے لیے۔ ر حسن تجاوز کے لیے اور س انکساری کے لیے یہ اس صورت میں الصر کوص سے پڑھا جائے، لیکن اگر س سے پڑھا جائے جو قنبل [107] اور اس کے موافقین کی قرأت ہے تو اس صورت میں اس میں بسط کے جزو ہوں گے کیونکہ الصراط کی س کے اضافہ سے چار جزو بن جائیں گے۔

اس میں نبوت کا کوئی جزو نہیں ہے:

اس میں رُوح کے تین جزو پائے جاتے ہیں۔ و طہارت کے لیے۔ ط تمیز کے لیے اور ک بصیرت کاملہ کے لیے۔

اس میں رسالت کے آٹھ جزو ہیں۔ د طہارت کے لیے۔ ط تمیز کے لیے ہے۔ اَلصِّرَاطَ کے ہمزہ کا زبر مشاہدے کے لیے ز بر سکینت کے لیے اور ط کا زبر رُوح کا برضا و رغبت جسم میں قیام کے لیے و کا ہمزہ مشاہدے کے لیے اور ل علم کامل کے لیے ت کا سکینت کے لیے م کا زبر بھی سکینت کے لیے ہے۔

اس میں علم کا ایک ہی جزو ہے اور وہ ی ممدودہ ہے جو یہاں جہات کا سامنے کی جہت میں محصور ہونے کے لیے ہے۔

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ اس میں آدمیت کے آٹھ جزو ہیں۔ ص کمال عقل کے لیے۔ ص کا زیر کمال حس باطنی کے لیے۔ ا الف ممدودہ کمال حس ظاہری کے لیے۔ ذ کا زیر کمال حس باطنی کے لیے۔ م ذکوریت کے لیے۔ ت کمال حواس ظاہری کے لیے۔ ت کا بھی کمال حواس ظاہرہ کے لیے ہے۔ م ذکوریت کے لیے۔

اس میں قبض کے سات اجزاء ہیں۔ اَنْعَمْتَ کا ہمزہ امتثال کے لیے۔ ن کا حاسہ ساریہ کے لیے م کا جزم انصاف کے لیے۔ ع جزم بھی انصاف کے لیے۔ ھ نفرت از ضد کے لیے۔ حمزہ اور اس کے موافقین کی قرأت کے مطابق ھ کا پیش بھی میل بجنس کے لیے جزم بھی میل بجنس کے لیے اسی طرح ابن کثیر اور اس کے موافقین کی قرأت کے مطابق م کا پیش بھی میل بجنس کے لیے۔

اس میں بسط کے چار اجزاء ہیں۔ قنبل اور اس کے موافقین کی قرأت کے مطابق سراط کا س لیکن ص کو ز سے اشمام کر کے پڑھے قرأت کی صورت میں حمزہ نے الصراط کے لفظ میں اسے اسی طرح پڑھا ہے اور خلف [108] نے بھی صراط، صِرَاطِیْ اور صِرَاطَکَ اسی طرح ص کو ز سے اشمام کر کے پڑھا ہے۔ اس صورت میں اس لفظ میں آدمیت کا جزو ہوگا کیونکہ اس میں ص کا ایک جزو ہے آدمیت کے حروف میں سے ہے اور ایک جزو رسالت کا ہوگا کیونکہ اس میں ز کا ایک جزو ہے جو حروف رسالت میں سے ہے۔ مختص اشمام کئے گئے حرف میں کچھ حصہ آدمیت کا ہے اور کچھ رسالت کا۔ بسط کا دوسرا جزو، ر ہے۔ جو حسن تجاوز کے لیے۔ تیسرا جزو پہلا ا اور چوتھا جزو ن ثانی جو فرح کامل کے لیے ہے۔

اس میں نبوت کے تین جزو ہیں۔ پہلی ع اور دوسری ع عفو کے لیے ی ساکن اللہ سے خوفِ تام کے لیے۔

اس میں رسالت کے بارہ جزو ہیں۔ ر کا زبر سکینت کے لیے۔ ط کا زبر برضا ورغبت رُوح کا جسم میں قیام کے لیے۔ ہمزہ وصل کا برمشاہدے کے لیے۔ ل علم کامل کے لیے۔ ل کا زیر مشاہدے کے لیے۔ ن کا زبر حیات اہل جنت کے لیے۔ ہمزہ کا زبر مشاہدے کے لیے۔ ع کا زیر سکینت کے لیے۔ ت کا زبر علم کامل کے لیے اسی طرح عَلَيْهِمْ کے ع اور ل کا زیر نیز حرف ل سب علم کامل کے لیے ہے

اس میں علم کے دو جزو ہیں۔ ذ معرفت لغات کے لیے۔ ی ممدودہ انحصار جہات در امام کے لیے۔

اس میں رُوح کا ایک جزو ہے اور وہ ط ہے جو تمیز کے لیے ہے۔

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ ۔ اس میں غ کمال صورت ظاہرہ کے لیے جو آدمیت کا جزو ہے اور غ کا زبر سکینت کے لیے ہے جو اجزاء رسالت میں ہے، ی ساکن اللہ سے خوف تام کے لیے جو اجزاء نبوت میں سے ہے۔ ی کا جزم حق گوئی سے نہ شرمانے کے لیے جو قبض کے اجزاء میں سے ہے۔ ر حسن تجاوز کے لیے ہے جو بسط کا جزو ہے۔ ر کا زیر کمال صورت باطنہ کے لیے جو آدمیت کا جزو ہے ہمزہ وصل امتثال کے لیے جو قبض کا جزو ہے۔ ہمزہ کا زبر مشاہدے کے لیے ہے جو رسالت کا جزو ہے۔ ل ساکن علم کامل کے لیے جو رسالت کا جزو ہے۔ ل کا جزم حاسہ ساریہ کے لیے جو قبض کا جزو ہے۔ م ذکوریت کا ہے۔ اور یہ آدمیت کا جزو ہے۔ م کا زبر سکینت کے لیے اور یہ رسالت کا جزو ہے۔ غ کمال صورت ظاہرہ کے لیے جو آدمیت کا جزو ہے۔ غ کا جزم انقباض کی قوت کاملہ کے لیے جو قبض کا جزو ہے۔ ض حق گوئی کے لیے جو اجزاء نبوت میں سے ہے۔ ض کا پیش حاسہ ساریہ کے لیے جو قبض کا جزو ہے واؤ ممدودہ حق گوئی سے نہ شرمانے کے لیے جو قبض کا جزو ہے۔ ب سکینت کے لیے جو رسالت کا جزو ہے۔ ب کا زیر عقل کامل کے لیے جو آدمیت کا جزو ہے۔ ع عفو کے لیے جو نبوت کا جزو ہے۔ ع کا زبر علم کامل کے لیے جو رسالت کا جزو ہے۔ ل علم کامل کے لیے جو رسالت کا جزو ہے۔ ل کا زبر بھی علم کامل کے لیے ہے جو رسالت کا جزو ہے۔ ی اللہ سے خوف تام کے لیے اور وہ اجزاء نبوت میں سے ہے۔ ی کا جزم انصاف کے لیے ہے جو قبض کا جزو ہے۔ ھ نفرت کے لیے جو قبض کا جزو ہے۔ ھ کا زیر کمال حسن ظاہری کے لیے جو جزو آدمیت ہے، لیکن ھ پر پیش پڑھیں تو تو ں قرأت کے مطابق ھ کا پیش ضد سے نفرت کے لیے اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ میں عَلَيْهُمْ کے پیش کے برعکس کیونکہ وہاں یہ میل بجنس کے ہے ں لیے کہ جن پر اللہ کا انعام ہو، ان کی طرف طبیعت کا میلان ہوتا ہے اور جن پر اللہ کا غضب ہو، ان سے نفرت ہوتی ہے۔ م ذکوریت کے لیے جو جزو آدمیت ہے اور ابن کثیر اور اس کے موافقین کی قرأت کے مطابق م کا پیش ضد سے نفرت کے لیے جو قبض کا جزو ہے۔ دوسروں کی قرأت کے مطابق م کا جزم اس نفرت پر زور دینے کے لیے جس کا مفہوم ابن کثیر کی قرأت سے حاصل ہوتا ہے۔ اس لیے کہ پیش اصل ہے جزم تو اس پر بعد میں واقع ہوئی واؤ موت در حیات کے لیے جو جزو رسالت ہے واؤ کا زیر مشاہدے کے لیے جو رسالت کا جزو ہے اور ہ لم کامل کے لیے جو جزو رسالت ہے لا کا زبر بھی علم کامل کے لیے جو جزو رسالت ہے۔ الف وصل امتثال کے لیے جو قبض کا جزو ہے۔ اس کا زبر مشاہدے کے لیے جو رسالت ہے۔ الف ہوائی ممدودہ جو یہاں ضمیر متکلم میں نہیں ہے لہٰذہ مدہ کے چھ کے چھ مراتب آئیں گے۔ اگر سے ایک الف جتنا لمبا کریں تو یہ کمال صورت باطنی کے لیے اگر دو الف کے برابر لمبا کریں تو یہ کمال صورت باطنی اور رُوح کے رضا ورغبت جسم میں قیام کے لیے۔ اگر تین الف کے برابر لمبا کریں تو یہ کمال صورت باطنی سکون رُوح برضا ورغبت اور قوت ساریہ کے لیے ہے۔ اگر چار الف جتنا لمبا کریں تو کمال صورت باطنی سکون رُوح برضا ورغبت، قوت ساریہ، کمال حس باطنی کے لیے ہے۔ اگر پانچ

الف جتنا لمبا کریں تو یہ کمال صورت باطنی ،سکون رُوح ،قوت ساریہ، کمال حس باطنی اور بعض باطل کے لیے ہے اور اگر چھ الف جتنا کریں تو یہ کمال صورت باطنی ۔سکون رُوح ۔قوت ساریہ کمال حس باطنی ۔بغض باطل اور مع سکون خیر در ذات کے لیے ہے اور تو یہ مع کر چکا ہے کہ کمال صورت باطنی جزو آدمیت ہے۔سکون رسالت کا۔قوت ساریہ قبض کا۔کمال حس باطنی آدمیت کا۔بغض باطل نبوت کا سکون خیر در ذات بسط کا جزو ہے۔پس جب مدالف کے برابر ہو تو اس میں صرف آدمیت ہوگی ۔ بقدر دو الف ہو تو آدمیت اور رسالت بقدر تین الف ہو تو آدمیت ،رسالت ،قبض ، بقدر چار الف ہو تو آدمیت ،رسالت قبض اور آدمیت ، بقدر پانچ الف ہو تو آدمیت ،رسالت قبض ، آدمیت اور نبوت ، بقدر چھ الف ہو تو آدمیت ، رسالت ،قبض ، آدمیت ، نبوت اور بسط ، زیر والا لام ، مشد و علم کامل کے لیے رسالت کا جزو ہے ل کا زیر کمال حس باطنی کے لیے جو آدمیت کا جزو ہے ی ممدودہ اگر ن پر وقف کریں اور اسے ساکن پڑھیں تو یہاں چھ مراتب ہوں گے۔ چنانچہ اگر بقدر ایک ی کے لمبا کریں تو یہ سامنے کی جہت میں جہات کے انحصار کے لیے۔اگر دو ی جتنا لمبا کریں انحصار جہات اور ثقلین کے متعلق علوم کی معرفت کے لیے ہے اگر بقدر تین ی لمبا کریں تو یہ انحصار جہات ، ثقلین کے متعلق علوم کی معر اور اہل جنت کی سی زندگی کے لیے ہے۔ بقدر چار ی لمبا کریں تو انحصار جہات ، ثقلین کے متعلق علوم کی معرفت ، اہل جنت کی سی زندگ انجام کی معرفت کے لیے ہے۔ بقدر پانچ ی لمبا کریں تو انحصار جہات ، ثقلین کے متعلق علوم کی معرفت ، اہل جنت کی سی زندگی ، انجا معرفت اور عدم تضیع کے لیے ہے۔ بقدر چھ ی لمبا کریں تو انحصار جہات ، ثقلین کے متعلق علوم کی معرفت ، اہل جنت کی زندگی انجا معرفت ، عدم تضیع ، اور احوال کونین کے متعلق علوم کی معرفت کے لیے ہے اور تو یہ معلوم کر چکا ہے کہ انحصار ۔ معرفت علوم متعلقہ با ثقلین ۔انجام کی معرفت ، معرفت علوم متعلقہ باحوال کونین اور عدم تضیع سب اجزاء علم میں سے ہیں اور ان چھ میں سے صرف اہل جن سی زندگی جزو رسالت ہے لہٰذا اس مدّ میں جو ایک ی کے برابر ہو علم کا ایک جزو ہے بقدر دو ی دو جزو ، بقدر تین ی میں دو جزو علم کے اور جزو رسالت کا۔ بقدر چار ی میں تین جزو علم کے اور ایک جزو رسالت کا۔ بقدر پانچ ی میں چار جزو علم کے اور ایک جزو رسالت کا۔ بقد ی میں پانچ جزو علم کے اور ایک جزو رسالت کا۔ن مفتوحہ فرح کامل کے لیے جو بسط کا جزو ہے۔ن کا زبر اہل جنت کی سی زندگی کے جو رسالت کا جزو ہے۔ عام قرأت کے مطابق سورہ فاتحہ سے جو متعلقہ باتیں تھیں سب ذکر کر دی گئیں اور تو نے یہ بھی دیکھ لیا ہے کہ حروف میں سے زیادہ آنے والے تین حرف ہیں ۔آدمیت ، قبض اور رسالت اور یہ حروف اور حرکات سب میں آتے ہیں۔ چنانچہ ہر ر جزم قبض کے لیے ہے ہر زبر رسالت کے لیے۔ ہر زیر آدمیت کے لیے لہٰذا جس کلام میں زبر زیادہ آئے اس میں نور رسالت بھی زیاد اور جس میں زیر زیادہ آئے اس میں نور آدمیت زیادہ ہوگا اور جس میں پیش یا جزم زیادہ ہو اس میں قبض زیادہ ہو۔

سورۂ فاتحہ کی مختلف قرأتوں کے معانی!

جو باتیں سورۂ فاتحہ کے متعلق سات قرأتوں کے علاوہ اور قرأتوں کے اعتبار سے ہیں ان کے متعلق جان لینا چاہیے کہ ان میں سا اختلاف ہے۔ چنانچہ ان میں سے زید بن رؤبہ بن العجاج اور العتکی [109] نے اَلْحَمْدَلِلّٰہِ دال کے زبر سے پڑھا ہے بظاہر اس کی تو ہے کہ یہاں فعل محذوف ہے اور اَلْحَمْدَ اس کا مفعول مطلق ہے یعنی یہ دراصل اَحْمَدُاللّٰہ حَمْدًا تھا۔ پھر اسے اس خاص ترکیب بدل دیا گیا اور پیش کی قرأت کی توجیہ یہ ہے کہ اَلْحَمْدُ مبتدا ہے۔ باطن کے لحاظ سے اس کی توجیہ پیش اور زبر کی حرکات کے راز

ہے چنانچہ پیش کی قرأت کے لحاظ سے اس میں اللہ کی تعریف کا ذکر ہوگا اور ساتھ ہی آنحضرت ﷺ کی ذات میں حمد کی ایک ایسی کیفیت یدا ہوگی جو آپ کی تمام ذات میں سرایت کر جائے گی کیونکہ اس سے دل کے پیش کی کیفیت پیدا ہوتی ہے جو حاسہ ساریہ کے لیے ہے۔ ں سمجھو کہ آنحضرت ﷺ کی ذات نے اللہ کی حمد بیان کرنے کے بعد اس کے معنی کو بھی محسوس کیا اور وہی کیفیت آپ ﷺ میں پیدا بھی وگئی چنانچہ آپ ﷺ کی مثال اس شخص کی سی ہے کہ جس نے ایک بات کہی ہو اور پھر اس کے مطابق عمل کر کے بھی دکھا دیا ہو۔ برخلاف ل پر زبر کی قرأت کے کیونکہ دال کا نصب تو یہ بتاتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو اللہ کے متعلق علم کامل تھا اور یہ بھی معلوم تھا کہ خدا احمد کا مستحق ہے لیکن اس بات کے بیان کرنے سے آیت بالکل خاموش ہے کہ آیا آنحضرت ﷺ میں یہ کیفیت بھی پیدا ہوئی یا نہ۔ اسی وجہ سے پیش والی رأت زیادہ درست زیادہ مشہور اور زیادہ کثرت سے پائی جاتی ہے۔

اگر آپ اس پر یہ اعتراض کریں کہ ل اور م کا جزم حاسہ ساریہ کے لیے ہے جو تکیف کا فائدہ دیتا ہے لہٰذا پیش اور جزم کی دونوں أتیں ایک جیسی ہوئیں۔ ایک کے جواب میں میں کہتا ہوں کہ یہ جیسا آپ نے کہا کہ حاسہ ساریہ تکیف کا فائدہ دیتا ہے لیکن اگر یہ تکیف ط کے پورا ہو جانے سے پہلے ہی پیدا ہو جائے مثلاً ل اور م کا جزم تو اس صورت میں تکیف کا تعلق محض لفظ کے ساتھ ہوگا بالفاظ دیگر یہ کہ ت اس لفظ سے متکیف ہوئی اور اس نے اس کے حروف کی لذت اٹھائی، لیکن اگر تکیف کلمہ کے ختم ہو جانے کے بعد ہو جس طرح دال کا ں تو تکیف کا تعلق معنی کے ساتھ ہوگا اور یہ بات دال کی زبر والی قرأت میں نہیں پائی جاتی اور پیش والی قرأت میں موجود ہے یہی وجہ ہے پیش والی قرأت بہتر و افضل ہے۔

یا قرأت شاذہ میں امام حسن بصریؒ (م ۱۱۰ھ) کی قرأت ہے اَلْحَمْدَ لِلّٰهِ دال اور لام دونوں پر زبر اس کی ظاہری توجیہ تو یہ ہے کہ م کو دال کے زبر کی اتباع میں زبر دیا گیا ہے (نصب جوار) اور باطنی توجیہ تو یہ ہے کہ زبر تو کمال حس باطنی کے لیے تھی جس سے کمال و دان حاصل ہوتا ہے لہٰذا زیر والی قرأت کا مفہوم یہ ہوگا کہ خدا کی طرف حمد کی نسبت کو وجدان نے بھی محسوس کیا ہے اور اس کی کیفیت بھی صل کی ہے۔ برخلاف زبر والی قرأت کے کہ وہ علم کامل کے لیے ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ذات کو علم کامل حاصل ہے کہ حمد خدا کے یہ ہے، لیکن تکیف اور تاثر کا ذکر نہیں اور کسی شئی کا احساس اس کے علم کے مقابلہ میں زیادہ قوی ہوتا ہے اسی لیے زیر والی قرأت زیادہ صحیح، یادہ مشہور اور افضل ہے۔ یا مثلاً الکسائی سے روایت کرتے ہوئے قتیبہ[۱۱] کی قرأت لِلّٰـــهِ جس میں ل کے اوپر الف کوی کی طرف امالہ ر کے پڑھا گیا ہے (لِلّٰيهِ) اور امالہ میں زیر کا جزو پایا جاتا ہے اور ہر زیر جو درمیانی لام یا ابتدائی لام کے نیچے ہو وہ کمال حس باطنی کے لیے تی ہے۔ لہٰذا امام میں مفہوم کے احساس کا شعور پایا جاتا ہے جو تعظیم اور تبلیغ معنی کے لیے ہے۔

اسی الکسائی سے روایت کی ہوئی قتیبہ کی دوسری روایت ہے جس میں اَلْعَالَمِيْنَ، اَلرَّحْمٰن اور مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ تین میں امالہ یا گیا ہے، لیکن یہ احساس چونکہ لفظ کے مکمل ہونے اور معنی کے ظہور سے پہلے پیدا ہوتا ہے اس لیے اس احساس کا تعلق محض لفظ کے ساتھ کا اسی وجہ سے امالہ زبر سے افضل نہیں ہے کیونکہ امالہ سے جو احساس لفظی حاصل ہوتا ہے وہ آنحضرت ﷺ کو کبھی کبھی ہوتا یعنی صرف اس ت ہوتا جب آپ ﷺ کو نشاط ہوتا اور صرف اپنی ذات کے لیے قرآن مجید پڑھتے۔ لہٰذا آپ ﷺ باطنی معنوں کو نکال کر اپنی قرأت ں ظاہر کرتے۔ لیکن جب آپ ﷺ اُمت کی تبلیغ اور تعلیم کے لیے قرآن مجید پڑھتے تو، اغلب حالات میں آپ ﷺ الفاظ کو اس کیفیت ں مشغول کرنا نہیں چاہتے تھے جس میں آپ ﷺ کا باطن مشغول ہوتا۔ اسی وجہ سے زبر والی قرأت زیادہ مشہور اور افضل ہے کیونکہ یہ

آپ ﷺ کی عام عادت کے مطابق ہے۔

اسی طرح رَبُّ الْعَالَمِیْنَ ، الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ کی ابوزید الانصاری[111] کی پیش والی قرأت ہے انہیں زبر سے بھی پڑھا گیا۔ ان قرأتوں کی ظاہری توجیہ یہ ہے کہ زیر تو ان پر اللہ کا تابع ہونے کی وجہ سے آئی ہے اور پیش اور زبر اس لحاظ سے آئے ہیں کہ یہ پہلے سے منقطع ہیں اور پیش کی صورت میں مبتدا محذوف ہے اور زبر کی صورت میں فعل ناصب اور باطن کے اعتبار سے تینوں حرکات کے اختلاف کے مطابق توجیہ ہوگی زیر عقل کے لیے ہے جو جزو آدمیت ہے اور آدمیت ہمہ تن تواضع اور باادب ہونا ہے لہٰذا یہاں عقل متکلم میں اپنے رب کے لیے تواضع کا زیادہ شعور پیدا کرتی ہے تاکہ وہ یہ مشاہدہ کرے کہ وہ مفعول اور پروردہ ہے اور یہ زیر کا ایک راز۔ زبر والی قرأت کا زبر علم کامل کے لیے ہے جس سے یہ لازم آتا ہے کہ متکلم اشیاء کی حقیقت کو جان لے چنانچہ وہ رب کو رب جانتا عالمین کو پروردہ رب۔ یہ الگ بات ہے کہ آیا اس کی ذات نے اپنے رب کے سامنے تواضع کی یا باادب رہی یا نہ، پیش والی قرأت میں حاسہ سار یہ کے لیے ہے لیکن یہ حاسہ مفہوم مکمل ہونے سے پہلے ہی حاصل ہو جاتا ہے کیونکہ مضاف الیہ کے ذکر سے پہلے مضاف مکمل نہیں ہوتے۔ لہٰذا یہاں پر حاسہ نے یہ معلوم تو کر لیا کہ ذات نے لفظ رب سے تاثر حاصل کیا اور اس سے خط اٹھایا اسی لیے زیر قرأت معنی کے اعتبار سے زیادہ بہتر ہے۔ اسی واسطے یہ زیادہ مشہور بھی ہے۔

یا مثلاً مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْن کی قاریوں نے کئی ایک قرأتیں بیان کی ہیں۔ جمہور نے اسے مَلِکِ بغیر الف کے پڑھا ہے۔ عاصم اور ان کے موافقین نے مَالِکِ میم کے بعد الف سے پڑھا ہے اس کی ظاہری وجہ تو یہ ہے کہ:

بغیر الف کے پڑھنے کی صورت میں صفت مشبہ ہے جسے مَلِکِ النَّاسِ میں اور مَالِکِ الف کے ساتھ پڑھنے کی میں مَالِکُ الْمُلْکِ کی طرح اسم فاعل ہے اور باطن کے لحاظ سے اس کی بناء مدوالی قرأت میں الف مدہ کے راز پر ہوگی صورت باطنی کے لیے اس سے یہ اشارہ نکلتا ہے کہ مخبر عنہ نے ایک کام کیا ہے لہٰذا الف کا اشارہ اس طرف ہوگا کہ اللہ تعالیٰ مَلِک صفت سے موصوف ہے جو اس کے افعال میں سے ایک ہے۔ نیز یہ قرأت اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ اس کلام والے حاضرین کو اس امر عظیم سے متنبہ کر دیا جائے۔ چنانچہ الف کی آواز کمال صورت باطنی سے نکلی ہے اور آواز کے دو مقصد ہیں مقصد مخبر عنہ کے متعلق ہے کہ جو بات اس کی طرف منسوب کی گئی ہے وہ مخبر عنہ کے افعال میں سے ہے اور دوسرا مقصد سامعین ہے کہ غفلت کی نیند سے بیدار ہو جائیں۔ حضرت نے فرمایا کہ یہ معنی بغیر الف والی قرأت (مَلِکِ) میں نہیں پائے جاتے قرأت میں ایک اور راز پایا جاتا ہے وہ اضافت کا راز ہے یعنی مَلِک کی یَوْم الدِّین کی طرف اضافت اور یہ مفہوم مَالِ قرأت میں بہت کم پایا جاتا ہے۔

مولف کتاب کہتا ہے کہ یہ قواعد نحویہ کے عین مطابق ہے کیونکہ اسم فاعل حدوث اور تجدد کے لئے آتا ہے۔ الف سابق کا ہے اور اس کی اضافت بہ نیت انفصال ہے۔ حضرت کے فرمان کہ یہ مفہوم پیش والی قرأت میں کمزور ہے کا یہی مطلب ہے خدا ان جزا خیر دے۔

اور یمانی[112] کی قرأت مَلِیْکِ یَوْمِ الدِّیْن ہے۔ (باضافہ بعد لام) اور یہاں یہ ی انجام کی معرفت کے لئے ہے کیونکہ بھی ہو تب بھی بناء حرف میں کوئی فرق نہیں آتا اس لئے یہ انجام کی معرفت کے لئے ہوئی۔ ورنہ یہ مذکورہ بالا تفصیل کے مطابق ہو

ائدہ میں نفس متکلم کی طرف اشارہ کا سر پایا جاتا ہے۔ لہٰذا اگر وہ انجام سے واقف ہوگا تو اپنے نفس کو متنبہ کرے گا اور یہ قرأت اس لئے
ہے کہ تنبیہ نفس میں جس پر، ی دلالت کرتی ہے یہ بات بتانی ہے کہ کلام کا مفہوم کچھ ایسا ہے جس سے کبھی غفلت بھی برتی جاسکتی ہے
س مقام پر اس بات کی کہیں بھی روایت نہیں ملتی کیونکہ ہر ایک اس سے خود بخود آگاہ ہو جاتا ہے اسی لئے ی کے بغیر (مَـــلِکِ) کی
ت بہتر ٹھہری۔

رت علیؓ کی قرأت مَلَّاکِ یَوْمِ الدِّیْنِ:

اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی قرأت مَلَّاکِ یَوْمِ الدِّیْنِ جس میں مَلَّاک بصیغہ مبالغہ ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ اس قرأت کے
پہلی قرأتوں کے معانی کی نسبت بہت مخصوص معنی ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ اس کا یہ مفہوم بن جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمام
ت کو چھوڑ کر خاص طور پر مکلف لوگوں کی گردنوں کا مالک ہوگا۔ اس مفہوم کی وجہ یہ ہے کہ ک نیچے کا زیر کمال صورت ظاہری کے لئے
رصورت ظاہری انسانوں کی صورت ہے جو ک کے نیچے سے سر نکالے ہوئے دکھائی دیتی ہے اور الف مدہ سے جو آواز پیدا ہوتی ہے
ا تنبیہ کر رہی ہے۔ ل کال میں ادغام اور اس کا مکرر آنا اس کی اور بھی تاکید اور تحقیق معنی کر رہا ہے اور تاکید و تحقیق دوسروں کو خارج
نے کے متقاضی ہیں۔ برخلاف قرأت مشہورہ کے کہ اس میں تاکید و تحقیق نہیں پائی جاتی لہٰذا وہ غیر کے اخراج کی بھی متقاضی نہیں۔
یہ کہ ادغام اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ غیر بنی آدم کے لئے دروازہ بند کر دیا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ غیر بنی آدم اس قرأت میں داخل
ہیں۔ لہٰذا یہ قرأت بھی ضعیف ٹھہری۔

مؤلف کتاب کہتا ہے کہ فعال کے صیغہ پر مَلَکَ سے جو اسم مبالغہ بنتا ہے اس کا یہی تقاضا ہے کیونکہ مَلِکَ وہ ہے جو صاحب
ت ہو اور عذاب و ثواب کے ساتھ تصرف بنی آدم میں دوسروں کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے کیونکہ مقصود بالذات تو انسان ہیں اور
ے مقصود بالتبع۔ اسی واسطے مَلَّاک اسی معنی کا زیادہ تر مفہوم ادا کرے گا۔ لہٰذا قرأت متواتر زیادہ مشہور ہوئی کیونکہ اس قرأت میں بنی
دوران کے علاوہ اور اشیاء بھی شامل ہو جاتی ہیں۔

یوۃ کی قرأت مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ:

اور ابوحیوۃ [۱۱۳] کی قرأت مَـالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ کی زبر سے اس خیال سے کہ یہ یا تو منادی مضاف ہے یا اس کا فعل محذوف ہے
کے لحاظ سے ک کا زبر علم کامل کے لئے ہے۔ لہٰذا جس نے ک پر زبر پڑھا اس نے نہ اپنے آپ کو خدا کی غلامی میں داخل کیا نہ اور کو۔
ب اس کے جس نے ک کے نیچے زیر پڑھا کیونکہ زیر آدمیت کے لئے ہے اور آدمیت میں متکلم کی طرف سے ادب اور عاجزی پائی
ہے۔ مزید برآں آدمیت کا ادب آدمیت کے ساتوں اجزاء سے پیدا ہوتا ہے اور یہاں آدمیت کا جز و کمال صورت ظاہری ہے جس پر
الت کرتا ہے۔ لہٰذا زیر میں جو ادب پایا جاتا ہے اس کی وجہ ایک تو آدمیت پر اللہ کا احسان ہے اور دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں
ورت اچھی طرح سے بنائی ہے اور متکلم اور غیر متکلم کا خدا کی مالکیت کا اعتراف کرنے سے یہی مراد لی جاتی ہے لیکن زبر والی قرأت
یہ معنی نہیں پائے جاتے۔ اسی لئے یہ قرأت مشہور نہیں ہے۔

عمر بن عبدالعزیزؒ کی قرأت مَلْکِ یَوْمِ الدِّیْن:

یا مثلاً عمر بن عبدالعزیزؒ[۱۱۴] کی قرأت مَلْکِ یَوْمِ الدِّیْن جس میں ل کو ساکن پڑھا گیا ہے اس کی ظاہری وجہ تو یہ ہے کہ ل کے ز
کو تخفیف کی غرض سے ساکن کر دیا گیا ہے جس طرح کَتِفٌ کے ت کو تخفیف کر کے کَتْفٌ پڑھ لیتے ہیں اور اس کی باطنی توجیہہ یہ ہے ک
یوں سمجھو کہ یہ الفاظ حق تعالیٰ کی زبان سے نکلے ہیں اور متکلم باوجود طاقت نہ رکھنے کے اللہ تعالیٰ کا نائب بن کر ان الفاظ کو لڑکھڑاتے ہو
ادا کرتا ہے اور اس مفہوم کول کا جزم ادا کرتا ہے جو قرأت کے بدلنے کا سبب ہے ان معنوں پر اس کے دلالت کرنے کی وجہ یہ ہے کہ حرف
رسالت کو مثلاً ل جو علم کامل کے لئے ہے جب ساکن کیا جائے تو یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس کے ماقبل کی حرکت بھی علم کامل کے
لئے ہے اور اگر ماقبل کی حرکت جزم کے ساتھ نہ آئے تو علم کامل کے لئے نہیں۔ لہٰذا ضروری ہوا کہ جب وہ جزم کے ساتھ آئے تو علم کامل
کے لئے ہو جیسا کہ یہاں ہے کیونکہ جب لام پر حرکت تھی۔ تو م کی حرکت صدق کے لئے تھی لیکن جزم کے ساتھ یہ علم کامل کے لئے ہو
کیونکہ جزم ماقبل کی تاکید کرنے والے کی تحقیق کے لئے ہے جس کی وجہ سے جزم ماقبل کی حرکت کو اپنے معنی سے خارج کر دیتی ہے ا
حرف کو بھی اپنی حرکت سے نکال دیتی ہے کیونکہ اگر ل پر زبر ہو تو وہ علم کامل کے لئے ہے اور اگر زیر ہو تو کمال حس باطنی کے لئے۔ لفظ
تغیر اور اس میں لرزہ صرف اسی صورت میں پیدا ہوا ہے جب متکلم کی ذات میں اضطراب اور زلزلہ پیدا ہوا اور یہ اضطراب اور زلزلہ اس
پیدا ہوا کہ اس نے وہ الفاظ بولے ہیں جن کے بولنے کی اس میں طاقت نہ تھی۔ یعنی یہ کہ اس نے مَلْک کی نسبت اپنی ذات سے کر
جس کی قدرت محض ذات قدیم کو ہے۔ اسی لئے متکلم کی ذات عبودیت کی طرف ہوئی جس طرف ک کا زیر جو آدمیت کے لئے اشارہ
ہے لہٰذا ل کا جزم حاسہ ساریہ کے لئے ہے لیکن جب اس سے لفظ میں اضطراب پیدا ہو گیا تو اس نے یہ بھی بتا دیا کہ متکلم کی ذات میں
اسی قسم کا اضطراب پیدا ہو گیا ہے اور متکلم کی ذات میں اضطراب اسی صورت میں پیدا ہو سکتا ہے جب اس کی مثال ایک بچے کی سی ہو
اپنی طاقت سے بڑھ کر اٹھا لے۔ اسی واسطے جمہور کی قرأت بہتر اور زیادہ مشہور ہے کیونکہ اس قرأت کے مطابق ذات متکلم اس درجہ
نہیں گری کہ وہ ناقابل برداشت چیز کو اٹھائے۔ واللہ اعلم

مذکورہ بالا قرأتوں کے علاوہ اور قرأتیں:

کچھ اور قرأتیں رہ گئی ہیں۔ ان میں سے ایک مَلَکَ یَوْمَ الدِّیْن کی قرأت ہے۔ اس طرح مَلَکَ فعل ماضی ہے اور یَوْمَ ال
اس کا مفعول اور یہ علیؓ بن ابی طالب کی قرأت ہے اور مَالِکٌ یَوْمِ الدِّیْنِ ک پر تنوین والا پیش اور یوم پر زبر اور یہ عاصم جحدریؒ کی قر
ہے اور مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ ک پیش (تنوین کے بغیر) اور یوم کے میم کے نیچے اضافت کی وجہ سے زیر ان قرأتوں کے اسرار ان
حرکات کے اسرار سے معلوم ہو سکتے ہیں اور ان غیر مشہور قرأتوں میں سے کسی ایک میں بھی وہ اسرار نہیں پائے جا
دونوں متواتر قرأتوں کے معانی و اسرار کو ادا کر سکیں

اِیَّاکَ کی مختلف قراتیں:

سورہ فاتحہ کی قرأتوں کے اختلاف میں ایک اختلاف اِیَّاکَ میں ہے۔ جمہور نے اسے ہمزہ کی زیر پڑھا ہے۔ سفیان ثوری

ک ہمزہ کی فتح (زبر) سے پڑھا ہے۔اس کی ظاہری وجہ تو یہ ہے کہ اَیَّاکَ اور اِیَّاکَ دونوں نعتیں ہیں لیکن باطنی وجہ یہ ہے کہ زیر کا راز ہے اور زبر کا راز اور۔ زیر میں اللہ کے سامنے ادب اور انکساری اور اس امر مطلوب میں تواضع پائی جاتی ہے اور متکلم کی اللہ تعالیٰ کی ت کرنے میں یہی نسبت ہوتی ہے۔ زیر سے یہ معانی یوں مستفاد ہوئے کہ زیر عقل کامل کے لئے ہے اور کمالِ عقل تواضع اور انکساری کا نی ہے کیونکہ اسے علم ہوتا ہے کہ بندے کا مرتبہ کیسا ہونا چاہیے اور رب کا مرتبہ کیسا۔ زبر کا راز مشاہدہ کاملہ سے حاصل ہوتا ہے جو ت کا جزو ہے اور یہ مشاہدہ خدا سے وصل اور اجتماع کا احساس دلاتا ہے اور ان دونوں میں ایک قسم کا عاجز کرنا پایا جاتا ہے مگر زیر میں ی پائی جاتی ہے اور یہی بات عام مخلوقات کے لئے مناسب بھی ہے اسی وجہ سے زیر والی قرأت زیادہ مشہور اور افضل ہے۔

اری کی قرأت إیَاکَ:

اسواری کی قرأت اِیَّـــاکَ ہے جس میں ی پر تشدید نہیں پڑھی گئی بلکہ اسے مخفف کیا گیا ہے۔ قرأت جمہور اور اس قرأت میں کوئی فرق نہیں ہے اگر فرق ہے تو صرف اتنا کہ جمہور کی قرأت (اِیَّـــاکَ) میں اللہ سے ڈرنے کی تاکید اور اس خوف کے اندر حق گوئی کی ہے اور یہ دونوں امور اللہ سے مضبوط تعلق اور سخت خوف کا تقاضا کرتے ہیں اور یہ بات تخفیف والی قرأت میں نہیں پائی جاتی کیونکہ اس میں بھی خوف اور سچائی پائی جاتی ہے اس لئے کہ ی خوف کے لئے ہے اور اس کا زبر صدق کے لئے جیسا کہ بیان ہو چکا ہے تشدید والی قرأت میں زیادہ تاکید پائی جاتی ہے۔

ں اہلِ مکہ کی قرأت نَعْبُدْ :

قرأت کے اختلافات میں سے ایک قرأت اہل مکہ کی ہے کہ انہوں نے دال کو ساکن کر کے نَعْبُدْ پڑھا ہے۔ تخفیف کی وجہ وہی ہے مرو نے یَـا مُـرُ کُـمْ کی را کو ساکن کرنے کی بیان کی ہے۔ باطن کے اعتبار سے اس کی وجہ یہ ہے کہ اگرچہ پیش کا راز اس مقام پر جزم ز کے قریب ہے کیونکہ پیش اور جزم دونوں حاسہ سار یہ کے لئے ہیں پھر بھی ان دونوں میں فرق پایا جاتا ہے۔ اس طرح کہ جزم میں ا راز شامل ہوتا ہے اور اس میں اسی قدر زیادتی بھی ہے کیونکہ پیش تو اصل ہے اور جزم اس پر عارضی طور پر واقع ہوتی ہے اور اصلی راز ی چیز کے پیدا ہونے سے زائل نہیں ہوسکتا اس لئے جزم میں پیش کے مقابلہ میں زیادہ تاکید پائی گئی لیکن چونکہ جزم تو ایک عارضی چیز ی آئے گی اور کبھی نہیں اسی لئے پیش زیادہ مشہور اور افضل ٹھہری' مزید برآں اصلی راز تمام مومنین کے لئے عام ہے اور عارضی راز الخواص ہے' اس لئے پیش کی قرأت میں عوام کے لئے قبض عام ہے اور جزم کی قرأت میں خاص لوگوں کے لئے قبض خاص ہے۔

ک یُعْبَدُ کی قرات:

ایک اور قرأت اِیَّاکَ یُعْبَدُ کی ہے جس میں یُعْبَدُ کو مجہول پڑھا گیا ہے۔ صیغہ مخاطب سے صیغہ غائب کی طرف التفات کی وجہ باطن کے اعتبار سے اس کی توجیہ یہ ہے کہ ی کا پیش انقباض کے لئے ہے اور جس چیز سے انقباض پیدا ہوا ہے وہ ی اور ع کے معنی کی ہے۔ ی اللہ تعالیٰ سے خوف کے لئے ہے جس کی ضد عدم خوف یعنی خدا کی نافرمانی ہے۔ ع عفو کے لئے ہے جس کی ضد ظلم اور برا برتاؤ لہٰذا یہ متکلم دونوں حرفوں کے معنوں سے متصف ہونے کے بعد ان دونوں بُرے معنوں سے منقبض ہوا اور یہ انقباض اس قدر مضبوط ہوا

کہ متکلم کی حالت یہاں تک پہنچ گئی کہ وہ ان عارفین میں سے ہوگیا جو اہل جنت کی سی زندگی بسر کرتے ہیں اور یہ حال ان اہل باطن کا ہوتا ہے جو اللہ کی ہر مخلوق کی عبادت اور تسبیح کا مشاہدہ کرتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ ہم نے جو یہ کہا ہے کہ وہ ان لوگوں میں سے ہو جاتا ہے جو اہل جنت کی سی زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ اس لئے کہا ہے کہ ع کے بعد کا زبر اہل جنت کی سی زندگی کے معنوں کو ادا کرتا ہے۔ لہٰذا یہ قرأت صرف عارف لوگ ہی ادا کر سکتے ہیں۔

حضرت نے فرمایا سعید بن جبیر[116] اس آیت کو اسی طرح پڑھا کرتے تھے کیونکہ وہ اکابر عارفین میں سے تھے۔ نَفَعَنَا اللّٰہُ بِہٖ آمین۔ یہی وجہ ہے کہ اس قرأت والے کو اس بات کی ضرورت نہ ہوئی کہ وہ اپنے آپ کو اس بات میں شامل کرے کیونکہ وہ تو اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر رہا ہے کہ کوئی شخص بھی اللہ کی عبادت سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتا۔ برعکس قرأت جمہور کے جون اور مضارع معروف سے ہے کیونکہ اس صورت میں متکلم اپنے آپ کو عبادت میں شامل کرتا ہے اور اس قرأت میں عارف و غیر عارف سب شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر وہ مشاہدہ ہی کیوں نہ کر لے کہ کوئی شخص اللہ کی عبادت سے باہر نہیں رہ سکتا تو اس صورت میں اس کا اپنے آپ کو عبادت میں شامل کرنا لذت حاصل کرنے کے لئے ہوگا اور اگر وہ مشاہدہ نہ کر رہا ہوگا تو قاری غیر عارف ہوگا۔ اس کے باوجود جمہور کی قرأت بہتر ہے کیونکہ جب قاری قرأت میں مشغول ہو جائے تو حروف کے معانی کے انوار چمک اٹھتے ہیں اور متکلم کی ذات کو ان انوار سے سیراب کرتے ہیں لہٰذا اگر وہ عارف ہے تو وہ نور جس پر ن دلالت کرتا ہے اس سے چھوٹ جائے گا حالانکہ سورہ فاتحہ کے پڑھنے سے ہماری غرض اُسے تمام انوار کے ساتھ پڑھنے سے ہے۔ عارف سے انوار نہیں چھوٹ سکتے کیونکہ وہ خود دیکھ رہا ہوتا ہے کہ کوئی شخص بھی اللہ کی عبادت سے خارج نہیں ہو سکتا۔ مختصر یہ کہ ن والی قرأت تمام اُمت کے لیے مناسب ہے خواہ وہ عارف ہو یا غیر عارف برخلاف ی کی قرأت کے کیونکہ اسے پڑھنے والا ضروری ہے کہ عارف ہو کیونکہ اس کی قرأت میں وہ معانی پائے جاتے ہیں جو یہ ظاہر کرتے ہیں کہ اس نے خدا کا حق بھی ادا کیا ہے اسے خدا سے خوف تام حاصل ہے اور یہ مفہوم ی سے مستفاد ہوتا ہے اور خلق کا حق بھی ادا کیا ہے یعنی انہیں معاف کرنا' درگزر کرنا اور ان سے برائی نہ کرنا اور یہ مفہوم ع سے حاصل ہوتا ہے پھر عارف جب ان دو بڑے اہم اخلاق سے مزین ہو چکتا ہے تو ان کی ضد سے منزہ ہوتا ہے اور یہ مفہوم ی کے پیش اور ع کے جزم سے سمجھ میں آتا ہے اور یہ کیفیت بہت اعلیٰ درجہ کی کیفیت ہے یہی وجہ ہے کہ وہ ان انوار سے سیراب ہوتا ہے جن سے اہل جنت سیراب ہوتے ہیں تاکہ وہ ان کی سی زندگی بسر کر سکے۔

قرأت نَعْبُدُوْ:

اسی طرح بعض نے نَعْبُدُوْ دال کے بعد و کی زیادتی سے پڑھا ہے۔ یہ نافعؒ کی روایت ہے جسے[117] اصبہانی نے ورش سے روایت کیا ہے۔ اس کی ظاہری وجہ تو یہ ہے کہ دال کی پیش کا اشباع کر کے واؤ پڑھا گیا لیکن باطن کے لحاظ سے اس قرأت میں جمہور کی روایت واؤ زیادہ کی گئی ہے اور یہاں واؤ حق گوئی سے نہ شرمانے کے لئے ہے اور عدم معیار کے معنی یہ ہیں کہ بندے نے اپنے الفاظ میں کردی تاکہ جب وہ اللہ کے سامنے ہو اس معنی کی تحقیق ہو جائے اور اس کی اس حد تک تاکید کر دی جائے کہ اس میں کوئی شبہ نہ رہے مفہوم اگرچہ ایک اچھا مفہوم ہے مگر اس سے بھی اچھی بات یہ ہے کہ بندہ یہ خیال کرے کہ اس نے کوئی عمل کیا ہی نہیں۔ ایسا کیوں

اہی اس کا اور اس کے حرکات وسکنات کا خالق ہے۔ یہی وجہ ہے جمہور کی قرأت سے واؤ گرادی گئی ہے کیونکہ اس مقام پر حیا کرنا عدم حیا ے بہتر ہے کیونکہ اس میں اپنے عمل کو دیکھنا اور اللہ سے بے ادبی پائی جاتی ہے۔ حضرت نے فرمایا واؤ کی قرأت صحیح ہے اور نبی ﷺ سے ت ہے اور جمہور کی قرأت کو ترجیح صرف اس لئے ہے کہ اس کی نسبت ہم سے ہے۔ آنحضرت ﷺ کے ساتھ نہیں کیوں کہ حضرت ﷺ کی نسبت سے جو قراتیں آتی ہیں ان کے پیچھے اتنے انوار آتے ہیں جتنے اللہ چاہتا ہے۔

حضرت نے فرمایا اس قرأت میں واؤ کے بعد الف اس لئے نہیں لکھا جاتا ہے کہ واؤ تو یہاں صرف کلمہ کے معنی کو ثابت کرنے کے ے آئی ہے اس لئے اس کے بعد الف زائد نہیں لکھا گیا۔

ی بن وثابؒ کی قرأت نِسْتَعِيْنُ :

ان قرأتوں میں سے ایک قرأت [118] یحییٰ بن وثاب کی ہے جنہوں نے نِسْتَعِيْنُ ن کے نیچے زیر سے پڑھا ہے اس کی ظاہری وجہ کہ یہ ایک لغت ہے۔ اگرچہ مشہور لغت نون کی زبر سے ہے۔ باطن کے اعتبار سے اس کی وجہ یہ ہے کہ زبر کا راز الگ ہے اور زیر کا ۔ اس لئے کہ زیر کی قرأت میں غیر متکلم کو خارج کر دیا جاتا ہے اور یہ بات زبر میں نہیں پائی جاتی۔ اس کا سبب یہ ہے کہ زیر حس باطنی لئے ہے جو آدمیت کا جزو ہے اور تو معلوم کر چکا ہے کہ آدمیت میں ادب اور انکساری پائی جاتی ہے لہٰذا زیر کا اشارہ خود متکلم کی طرف جس نے عاجزی کی اور با ادب رہا اور چونکہ اس نے اشارہ اپنی طرف ہی کیا ہے اس لئے غیر کو اس سے خارج کرنا لازم ٹھہرا۔ اسی وجہ ے جمہور کی قرأت بہتر ہے کیونکہ وہ زیادہ عام اور زیادہ فائدہ مند ہے۔

ضرت عمرؓ کی قرأت غَيْرُ الْمَغْضُوْب:

انہی میں سے حضرت عمرؓ کی قرأت غَيْرُ الْمَغْضُوْبِ ہے۔ بعضوں نے غَيْرَ الْمَغْضُوْب زبر کے ساتھ بھی پڑھا ہے اور یہ ابن ثیر کی سند سے خلیل بن احمد [119] کی قرأت ہے۔ خلیل سے جمہور کی زیر والی قرأت بھی مروی ہے۔ نحوی اعتبار سے اس کی توجیہ ظاہر ہے باطن کے اعتبار سے ان کی توجیہ تینوں حرکات کے راز کے مطابق ہوگی چنانچہ زیر آدمیت کے لئے ہے جو یہاں کمال صورت باطنی کے ئے ہے اور اس میں بہت ادب پایا جاتا ہے اس کا سبب یہ ہے کہ زیر کی صورت میں مغضوب علیھم کی تعیین پائی جاتی ہے اور اشارہ یہ ہے کہ وہ ہماری جنس میں سے ہی نہیں بلکہ ہمارے ہی رشتہ داروں اور اصل میں عم زادوں میں سے ہیں۔ یوں سمجھو کہ جس نے غَيْرِ کو زیر ے پڑھا وہ یہ کہہ رہا ہے کہ سوائے ان لوگوں کے جن پر تیرا غضب ہوا مثلاً یہودی اور وہ ہمارے اقارب میں سے ہیں لیکن اس کے باوجود رمایا تو نے ہم کو ان پر فضیلت اور ہدایت دے کر ان سے ممتاز کر دیا۔ لہٰذا ہم تیرا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ لہٰذا اس میں بڑا بھاری ادب پایا تا ہے۔ اسی واسطے جمہور نے اسی طرح پڑھا ہے۔ پیش کی قرأت میں بھی مغضوب علیہم کی تعیین اور تخصیص ایک معین قوم سے کی گئی ہے اور ساتھ ہی اُن سے نفرت' ان سے دوری اور بیزاری کا اظہار کیا گیا ہے اور یہ پیش کا راز ہے' کیونکہ ضمہ' قبض' ضد سے نفرت اور بیزاری کے لئے ہے۔ لہٰذا اس میں وہ انکساری نہیں پائی جاتی جو زیر میں پائی جاتی ہے۔

زبر کی قرأت (غَيْرَ) میں مغضوب علیہم کی تعیین نہیں اور کلام اپنے عموم پر قائم رہتا ہے اور پہلی دو قرأتوں میں عام سے مراد وہ عام وگا جس سے خاص مراد لیا جاتا ہے۔

ابوایوب سختیانیؒ کی قرأت وَلاَ الضَّالِّیْنَ:

ان میں ایک قرأت ابوایوب[۱۲۰] سختیانیؒ کی قرأت وَلاَ الضَّالِّیْنَ کی قرأت ہے جس میں الف کو ہمزہ ساکن میں تبدیل کردیا ہے اس کی وجہ ظاہری یہ ہے کہ یہ ایک نہایت شاذ لغت ہے۔ باطنی وجہ یہ ہے کہ ہمزہ بھی امتثال کے لئے ہے اور اس کا جزم بھی امتثال لئے ہے۔ چنانچہ اس میں دو قبض پائے گئے ایک ہمزہ کا اور دوسرا حرکت کا اور یہ قبض امتثال کا قبض ہے اور امتثال سے مراد یہ ہے کہ ہم قول کو مان لیں کہ گمراہ لوگ ہمارے دشمن ہیں۔ لہٰذا اس ہمزہ کی مثال ایسی ہوئی جیسے کہ کوئی کہے نہ گمراہ لوگوں کی اور وہ ہمارے دشمن ہیں ہمزہ ساکن یہاں پر اس جملے کے قائم مقام ٹھہری۔ اس کے باوجود جمہور کی قرأت اس سے بہتر ہے کیونکہ الف ممدودہ اور اس کے مرا میں وہ معانی پائے جاتے ہیں جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے جن کے ایک حصے کو بھی یہ قرأت ادا نہیں کرسکتی۔

یہ تمام اس کلام کا خلاصہ ہے جو ہم نے شیخ سے ان قرأتوں کی تفسیر اور ان کی توجیہ کے بارے میں سنا۔ ان کے علاوہ اور قرأتیں ہیں جن کا ذکر آئمہ قرأ نے کیا ہے اور شیخ نے ان کے علاوہ اور قرأتوں کا بھی ذکر کیا تھا جن کا ذکر میں نے اس خیال سے نہیں کیا کہ لوگ اُکتا نہ جائیں کیونکہ اگر میں اس مسئلہ کی تفصیلات میں جاتا اور جو معلومات حضرت کے بطن میں تھیں۔ ان تمام کو لکھنا چاہتا تو دو جلدوں میں بھی سما نہیں سکتی تھیں۔

شیخ کے مذکورہ بالا بیان میں کئی ایک نکات پائے جاتے ہیں جن کا ہم ذیل میں ذکر کئے دیتے ہیں۔

۱۔ مقام نبوی ﷺ:

پہلی بات جس سے مطالعہ کنندہ کو آگاہ ہونا چاہیے وہ یہ ہے کہ حضرتؒ کے منور کلام میں نبی ﷺ کے باطن کی تشریح اور آپ کے قلب وجسم مبارک کے اسرار کے بلند مقام کے متعلق تنبیہ پائی جاتی ہے اور اسی سے آنحضرت ﷺ کے بلند مرتبہ ومقام کا پتہ چلتا کیونکہ انچاس اجزاء کے نور جس طرح آنحضور ﷺ کی ذات شریف میں پائے جاتے ہیں کسی اور میں نہیں پائے جاتے۔ اس آپ ﷺ کی ذات میں ان کے حقائق وانوار مکمل طور پر پائے جاتے ہیں۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ آنحضرت ﷺ سے اُسے اور محبت ہو جائے تو اسے چاہیے کہ ان انچاس اجزاء کو ایک ایک کرکے آپ ﷺ کے پہلو میں رکھے' پھر ان سب انوار کو مرکب کرکے ایک نور بنادے تو اسے بہت بڑا نور دکھائی دے گا جس کی نہ کیفیت بیان کی جاسکتی ہے اور نہ کوئی دوسرا شخص ان کو برداشت کرنے کی طاقت سکتا ہے۔ پھر ان انوار کو آنحضرت ﷺ کے باطن میں رکھے تو اسے بالضرور آنحضرت ﷺ سے محبت زیادہ ہو جائے گی اور اس طرح کے لئے آنحضرت ﷺ کی ظاہری اور باطنی صورت کی تشریح بھی ہو جائے گی۔

۲۔ شرح حال روح:

آپ کے بیان میں جو دوسری بات پائی جاتی ہے وہ رُوح کے حال کی تشریح اس کے خصال حمیدہ اور عجیب وغریب اوصاف ہے۔ رُوح کے اوصاف یہ ہیں۔ ذوق' تمییز' بصیرت' عدم غفلت' قوت سریان اور جسم کا آزار رساں اشیاء کو محسوس نہ کرنا۔ لہٰذا جو شخص اوصاف کو جان لے اور ان معانی کو اچھی طرح سمجھ لے تو اسے رُوح کے متعلق مع اس کے لوازمات اور خواص کے بہت سی معلومات

ہو جائیں گی۔ لوگوں میں رُوح کے متعلق سخت اختلاف پایا جاتا ہے۔ کوئی یہ کہتا ہے کہ میں تو اس بحث میں پڑنا ہی نہیں چاہتا لہٰذا اس نے اس بحث کا دروازہ ہی بند کر دیا اور کچھ لوگ اس کی بحث میں پڑتے ہیں اور اس بات کے مدعی ہیں کہ رُوح کے متعلق انہیں معلومات حاصل ہیں۔ اس کے باوجود انہوں نے رُوح کے خواص کا ذکر نہیں کیا جس کی وجہ سے لوگوں کی عقلیں حیران رہ گئیں مگر حضرت کا کلام رُوح کے خواص اور لوازمات کو نہایت عمدہ طور پر بیان کرتا ہے۔ لہٰذا جو شخص اس بحث میں پڑنا چاہے تو اسے بھی شیخ کا مسلک اختیار کرنا چاہیے۔

اب رہی یہ بات کہ رُوح کیا چیز ہے؟ اس کی ماہیت کیا ہے؟ روحوں کا ہم جنس یا مخالف ہونا کیسے ہوتا ہے اور اجسام میں داخل ہونے سے پہلے ارواح کی کیا کیفیت تھی؟ تو ان کے متعلق ہم نے شیخ سے نہایت عجیب وغریب باتیں سنی ہیں جن میں سے ہم بعض کا ذکر کتاب میں کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۳۔ معارف اولیاء کی شرح:

آپ کے کلام میں جو تیسری بات پائی جاتی ہے وہ اولیاء اللہ کے معارف کی تشریح ہے جس سے ولایت اور عرفان کا پتہ چلتا ہے کہ یہ کیا ہیں؟ کیونکہ ولی اور غیر ولی میں اس وقت تک فرق معلوم نہیں ہو سکتا جب تک کہ ولی کی ذات اور رُوح کا درمیانی پردہ نہ اٹھ جائے لہٰذا جس کی ذات پر رُوح کے اسرار کھل جائیں اور اُن کے درمیان کا پردہ زائل ہو جائے وہی ولی عارف اور صاحب فتح کہلائے گا اور جس کی ذات رُوح سے حجاب میں رہے تو وہ ایک عامی شخص ہے خواہ وہ ہوا میں ہی کیوں نہ اڑ سکتا ہو یا پانی پر ہی کیوں نہ چل سکتا ہو۔ اگر میں ان تمام باتوں کا ذکر کروں جو میں نے حضرت سے اس بارے میں سنیں تو کلام طول پکڑ جائے گا۔ شاید ہم آئندہ چل کر کچھ باتیں کتاب میں درج کریں۔ واللہ اعلم۔

۴۔ شرح حدیث اُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلیٰ سَبْعَةِ اَحْرُفٍ:

چوتھی بات حدیث شریف کی شرح ہے جسے حضرت نے آنحضرت ﷺ کے انوارِ باطنی اور اسرارِ قلبی کے مطابق بیان فرمایا ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ نبی کریم اور رسول عظیم ہیں۔ آپ ﷺ کا باطن بھی بہت بڑا باطن ہے اور آپ ﷺ کا قلب مبارک انوار سے مالا مال ہے اور قرآن مجید آپ ﷺ کے اس بڑی صفت والے ولی پر نازل ہوا ہے چنانچہ حضرت کی بیان کردہ تفسیر ان تمام امور کو پورا کر رہی ہے اور ان تمام انوار پر شامل ہے۔

اب رہی حدیث کی ظاہری شرح اور اسے ظاہری عبارت اور عربی زبان کے مطابق پیش کرنا تو یاد رکھنا چاہیے کہ اس قسم کی شرح کو مقام نبوت اور مقام رسالت کے ساتھ کوئی نسبت نہیں کیونکہ اسرار باطن کے اختلاف کے بغیر لفظی اختلافات صرف اس باطن میں پیدا ہوتے ہیں جو اسرار سے عاری ہو۔

اس سے بھی زیادہ عجیب تفسیر اس شخص کی تفسیر ہے جس نے سات حرفوں کی تشریح حلال، حرام، وعد وعید، استخبار اور ندا سے کی ہے کیونکہ اس صورت میں یہ کہنا درست نہ ہوگا کہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا۔ لہٰذا تم جتنا آسانی سے پڑھ سکو، پڑھ لو اور نہ ہی صحابہ کے لئے یہ مناسب تھا کہ وہ ان معانی میں آپس میں جھگڑتے۔ اسی طرح جنہوں نے اس کی تشریح امر، نہی، وعد، وعید وغیرہ سے کی ہے وہ بھی

درست نہیں۔ الغرض عاقل وذکی آدمی پر حق بات مخفی نہیں رہ سکتی۔

۵۔ آئمہ قراء اور حضرت کے بیانات میں فرق:

اگر آئمہ قراء کی بیان کردہ سات قرأتوں کی توجیہ اور حضرت کے بیان کا غور سے مطالعہ کیا جائے تو دونوں میں نمایاں فرق ظاہر ہو جاتا ہے کیونکہ جو کچھ آئمہ قراء نے بیان کیا ہے اگر چہ وہ اپنی جگہ پر درست ہے لیکن وہ تو ایک عام بات ہے جس میں آنحضرت ﷺ کی ہمارے نبی ہونے کی حیثیت میں کوئی خصوصیت نہیں پائی جاتی کیونکہ مَلٰکِ یَوْمِ الدِّیْن میں لام کی جزم والی قرأت میں جو توجیہ انہوں نے بیان کی ہے کہ لام کی جزم عضد اور کتف کی طرح تخفیف کے لئے ہے وہ تو تمام عربی کلام میں پائی جاتی ہے چنانچہ یہی بات عضد اور کتف میں موجود ہے حالانکہ یہ دونوں لفظ قرآن مجید میں نہیں پائے جاتے۔ کجا یہ توجیہ اور کجا حضرت کے بیان کردہ اسرار۔

اسی طرح اِیَّاکَ یُعْبَدُ جہاں یُعْبَدُ مضارع مجہول ہے کی جو قرأنے توجیہ کی ہے کہ یہاں التفات ہے۔ مخاطب سے غائب کی طرف تو سب جانتے ہیں کہ التفات عام عربوں کے کلام میں پایا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ توجیہ حضرت کے بیان کردہ اسرار کا کیسے مقابلہ کر سکتی ہے۔ جہاں انہوں نے ی اور اس کی مخصوص حرکت ع اور اس کی مخصوص جزم کا راز بیان کیا ہے اس کے بعد ب اور اس کی مخصوص زبر اور ال اور اس کی مخصوص حرکت کا راز بیان کیا ہے۔

۶۔ کہیں کوئی یہ خیال نہ کر بیٹھے کہ قرآن مجید کی تفسیر انہی سات باطنی حروف سے ہو سکتی ہے اور بس:

کہیں یہ نہ سمجھ لینا کہ قرآن مجید کی تفسیر انہی سات باطنی حروف سے ہو سکتی ہے اور بس۔ کیونکہ یہ سمجھ لینا درست نہیں بلکہ قرآن مجید کے اور معانی بھی ہیں جن میں علوم اولین و آخرین مندرج ہیں اور یہ سات باطنی حروف ان معانی کے لئے بمنزلہ لباس کے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ یہ معنی ایک الگ چیز ہے اور اس کا لباس الگ۔ سورۃ فاتحہ کی مذکورہ بالا تشریح میں غور کرنے سے اس کا تھوڑا سا نقشہ ذہن میں آجائے گا اور قرآن مجید کی اس کے حقیقی معنوں میں تفسیر کی جائے تو قرآن مجید کے ظاہری اور باطنی دونوں معنی معلوم ہو جائیں گے اور اس کے باطن سے یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ جسم میں داخل ہونے سے پہلے ارواح کی کیا کیفیت تھی اور جسم سے مغارقت کے بعد اس کی کیا کیفیت ہو جائے گی۔ نیز یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ قرآن مجید سے ان تمام علوم کا استخراج کیسے ہو سکتا ہے جن پر زمین و آسمان کے رہنے والوں کے علوم مشتمل ہیں اور اس سے شریعت محمدیہ ﷺ نہیں بلکہ تمام شرائع کا استخراج کس طرح ہو سکتا ہے اور اسی طرح ان تمام معارف کا اخراج جن کی طرف ہم نے اجزاء علم میں اشارہ کیا ہے مثلاً انجام کی معرفت، علوم متعلقہ باحوال کونین کی معرفت' علوم متعلقہ باحوال ثقلین کی معرفت اور تمام لغات کا جاننا وغیرہ وغیرہ اور یہ سب کچھ آنحضرت ﷺ کے باطن کے سمندر کا ایک قطرہ ہے اگر قرآن کریم کو اس طریقے پر سمجھا جائے پھر اس تعبیر کو ان سات حروف کے انوار سے ملا دیا جائے اور معانی کو ان کا لباس پہنا دیا جائے تو ایسی باتیں ظاہر ہوں گی جن کے سننے سے عقلیں حیران ہو جائیں گی تب جا کر یہ بات واضح ہو جائے گی کہ اگر زمینوں اور آسمانوں کے لوگ مل کر قرآن کی سی ایک سطر بھی پیش کرنے کی کوشش کریں تو نہ کر سکیں گے۔ لہٰذا پاک ہے وہ خدا جس نے ہمارے نبی کریم ﷺ کو ان اسرار کے ساتھ مخصوص کیا جن کی نہ کیفیت بیان کی جا سکتی ہے اور نہ ان کی کوئی شخص طاقت رکھ سکتا ہے۔

حروف ملفوظہ کے اسرار کا علم سوائے اصحاب کشف کے کسی کو نہیں ہوسکتا!

قرآن کے حروف تلفظیہ کے اسرار کا علم اور ہر حرف کا ایک سرّ خاص سے مخصوص ہونے کی وجہ مثلاً اُ امتثال کے لئے ہے اور ب سکینت کے لئے اورت کمال حس ظاہری کے لئے وغیرہ وغیرہ بجز اہل فتح اور صاحب عرفان اور ارباب شہود کے کسی دوسرے کو معلوم نہیں ہو سکتی اسی طرح اعرابی حرکات کا خاص خاص اسرار کے ساتھ متصف ہونا بھی بغیر فتح وعرفان کے ناممکن ہے کیونکہ اگر ان اسرار وتخفیصات کا کوئی ضابطہ ہوتا تو لوگ ان اسرار کو معلوم کر لیتے لہٰذا اگر کوئی ان سے واقف ہونا چاہے تو وہ ارباب شہود وعرفان سے بالمشافہ گفتگو کرے اور ان سے ہر حرف اور ہر حرکت کا راز دریافت کرے۔ انشاء اللہ اسے حق تک رسائی ہوگی۔ وَمَا تَوْفِيْقِیْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ۔

۸۔ قرآن مجید کا رسم الخط توقیفی ہے۔ اصطلاحی نہیں:

آٹھواں یہ کہ قرآن مجید کا رسم الخط توقیفی ہے اور نبی ﷺ کے حکم سے اسی طرح لکھا گیا تھا اور اس کے خاص اسرار ہیں جن سے رسم قرآن کے متعلق اشکالات رفع ہو جاتے ہیں جب اکثر لوگوں نے اسے صحابہؓ کی اصطلاح سمجھ لیا تو وہ دو گروہوں میں بٹ گئے۔ ایک جماعت کا خیال ہے کہ یہ اصطلاح درست ہے اور اس میں اسرار رکھے ہوئے ہیں جن میں بعض کو ہم سمجھتے ہیں اور بعض کو ہم نہیں سمجھتے۔ پس جن کو ہم سمجھتے ہیں وہ ان آیات واحکام کی طرح ہیں جن کے معانی سمجھ میں آسکتے ہیں اور بعض کو ہم نہیں سمجھتے۔ یہ دونوں خیال درست ہیں لیکن ان کے ذہن سے یہ خیال نکل گیا کہ اتباع تعبدی صرف احکام الٰہیہ میں ہی ہوتا ہے لوگوں کی تجویز کردہ اصطلاح میں اتباع تعبدی [121] نہیں ہوا کرتا اور اتباع تعبدی جس کا ذکر انہوں نے کیا ہے وہ صرف رسم خط کو توقیفی ماننے کی صورت میں ہے نہ کہ اصطلاح ماننے کی صورت میں۔ ایک جماعت نے اسے اصطلاح قرار دینا صحیح نہیں سمجھا اور وہ کہتے ہیں کہ عرب کتابت سے واقف نہ تھے اس لئے انہوں نے غلطی سے الفاظ کو جس طرح چاہا لکھ لیا اور قراء کے مذکورہ بالا قول کا مطلب بھی یہی ہے ابو اسحٰق ثعلبی [122] مفسر نے اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا کے تحت فراء [123] کے اس قول کو نقل کیا ہے۔ ولی الدین ابن خلدون [124] نے اپنی تاریخ کبیر کے مقدمہ میں بھی اسی رائے کا اظہار کیا ہے۔

۹۔ دو اعتراض اور ان کا جواب:

نواں نکتہ دو سوالوں میں پایا جاتا ہے جو میں نے حضرت سے کئے۔ پہلا سوال تو یہ تھا کہ میں نے عرض کیا آپ نے فرمایا ہے کہ ہم نے حروف کو انوار باطنیہ پر تقسیم کیا ہے چنانچہ ان میں سے مثلاً [1]ا ت، [2]ط، [3]م، [4]ص، [5]ع، آدمیت (۱) کے لئے نکلے۔ [6]ء، [7]ث، [8]ش، [9]ہ، قبض (۲) کے لئے اور [10]ر، [11]ن، [12]س، بسط (۳) کے لئے اور [13]ج، [14]ح، [15]ک، [16]ص، [17]ع، [18]ی، نبوت (۴) کے لئے اور [19]خ، [20]د، [21]ط، [22]ق، [23]ہ روح (۵) کے لئے اور [24]ذ، [25]ف علم (۶) کے لئے اور [26]ب، [27]ز، [28]ل، [29]و رسالت (۷) کے لئے۔ مگر یہی حروف عام لوگوں کے کلام میں بھی تو پائے جاتے ہیں۔ قرآن مجید کے ساتھ مخصوص نہیں جس سے یہ لازم آتا ہے کہ جس کلام میں بھی یہ حروف پائے جاتے ہوں اس میں یہ سات انوار بھی پائے جائیں گے حالانکہ یہ شان تو صرف قرآن مجید کے ساتھ مخصوص ہے۔ عام کلام کا تو ذکر ہی کیا۔ دیگر آسمانی کتابوں کی بھی یہ شان تو نہیں ہوسکتی کیونکہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ نبی ﷺ نے ابن [125] مسعودؓ سے فرمایا کہ دیگر کتب سماویہ ایک دروازے سے اور ایک حرف پر اترا کرتی تھیں مگر قرآن مجید سات دروازوں سے سات حروف پر نازل ہوا ہے۔

حضرت نے اس کے جواب میں فرمایا کہ حروف کی یہ تقسیم صرف قرآن مجید کے حروف کے ساتھ مخصوص ہے۔ کسی اور کلام کے حروف کے لئے ثابت نہ ہوگی۔ لہٰذا ہر ہمزہ قبض کے لئے نہیں ہے اور نہ ہر ب سکنیت کے لئے اور نہ ہر ت کمال حواس ظاہرہ کے لئے اور نہ ہر ج صبر کے لئے اور نہ ہر ح رحمت کے لئے اور نہ ہر خ ذوق انوار کے لئے بلکہ ان حروف کے لئے ان انوار کے ہونے کی شرط یہ ہے کہ یہ حروف قرآن مجید میں پائے جائیں، تب ان کے یہ انوار ہوں گے لیکن اگر یہ حروف قرآن مجید کے علاوہ کسی اور کلام میں ہوں گے تو اس صورت میں ان کی تقسیم اور طرح سے ہوگی۔ اس طرح کہ انتیس کے انتیس حروف آدمیت کے سات اجزاء میں محصور ہوں گے۔ چنانچہ کمال صورت باطنی تو ہر حرف کے لئے اسی پر وہ نور نکلیں گے اور اسی کے نور سے ان کی آوازیں پیدا ہوں گی اور ذکوریت پیش کے لئے اور کمال صورت ظاہری زبر کے لئے اور کمال عقل زیر کے لئے اور کمال حس باطنی جزم کے لئے اور الف ممدودہ کے لئے نزع حظ شیطان اوری ممدودہ کے لئے کمال حواس ظاہرہ، رہا داد کا مدسوودہ کچھ حصہ نزع حظ شیطان کا لیتا ہے اور کچھ حصہ کمال حواس ظاہرہ کا۔ یہ ان حروف کی تقسیم ہے جو قرآن مجید کے علاوہ دیگر کتب سماویہ، احادیث قدسیہ وغیرہ اور دیگر لوگوں کے کلام میں پائے جاتے ہیں۔ باقی چھ حروف یعنی (۱) قبض، (۲) بسط، (۳) نبوت، (۴) روح، (۵) علم، (۶) رسالت کے انوار ان کلاموں میں راکد و ساکن ہوں گے اور وہ چمکتے نہیں ہیں۔

میں نے عرض کیا کہ یہ چھ انوار تو تمام پیغمبروں کی ذات میں موجود ہوتے ہیں۔ لہٰذا جب کوئی کتاب ان پر نازل ہوگی تو یہ ضرور ہوگا کہ وہ کتاب ان انوار کے ساتھ نازل ہو۔ اس صورت میں وہ کتاب بھی سات حروف پر نازل ہوئی ہوگی۔

حضرت نے جواب دیا کہ یہ درست ہے کہ یہ چھ انوار دیگر پیغمبروں کی ذات میں بھی اسی طرح موجود ہوتے ہیں جس طرح آنحضرت ﷺ کی ذات میں، جب آپ ﷺ احادیث قدسیہ یا دیگر احادیث بیان فرماتے ہیں، مگر ان انوار کے وجود سے ان کا مشتعل ہونا اور اسرار کا پایا جانا لازم نہیں آتا۔ ان کے انوار صرف اس وقت چمکتے ہیں جب یہ قرآن مجید میں ہوں، کیونکہ ان میں ایک راز اس حکم کا ہوتا ہے جس کے متعلق آیت نازل ہوئی ہوتی ہے اور دوسرا راز آنحضرت ﷺ کی ذات میں ہوتا ہے۔ مگر دوسری کتب سماویہ سرِّ ثانی کا مرتبہ رکھتی ہیں کیونکہ ان میں آنحضرت ﷺ کی ذات نہیں پائی جاتی اسی لئے احادیث نبویہ کا مرتبہ سرِّ اول کا مرتبہ ہے اس طرح دو سرّ ہوئے۔ حضرت نے سرّ اول اور سرِّ ثانی کی ایسی تشریح کی تھی جس کا علم کشف اور علم لدنی کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتا۔

حضرت نے فرمایا یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید معجزہ ہے جس کا مقابلہ نہ اس کی نظم میں، نہ ترکیب میں اور نہ معانی میں ہوسکتا ہے۔ برخلاف دیگر کتب سماویہ کے کہ ان کا مقابلہ نظم اور ترکیب میں تو ہوسکتا ہے مگر معانی میں نہیں ہوسکتا، جس کی وجہ یہ ہے کہ یہ کلام قدیم میں سے ہیں۔ واللہ اعلم۔

کلام شیخ اور حدیث میں تطبیق:

دوسرا سوال حضرت کی بیان کردہ تفسیر اور ان احادیث میں تطبیق دینے کے متعلق تھا جو آنحضرت ﷺ سے اس بارے میں مروی ہیں۔ لہٰذا ہم پہلے ان احادیث کو بیان کرتے ہیں، پھر ان میں تطبیق دینے کی طرف رجوع کریں گے۔

ان میں سے ایک حدیث حضرت عمرؓ کی ہے جو ہشام [۱۲۶] بن حکیمؓ کے ساتھ پیش آئی اور یہ حدیث متفق علیہ ہے اور اس کا قصہ بھی مشہور ہے جو صحیح بخاری وغیرہ میں موجود ہے۔

ابن حجر [127] کہتے ہیں کہ طبری [128] کے ہاں اسحٰق بن [129] عبداللہ بن ابی طلحہ عن آبیہ حسن جدہ کی سند سے مروی ہے کہ ایک شخص نے
ن مجید پڑھا اور حضرت عمرؓ نے اس کی اصلاح کی۔ پھر دونوں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں فیصلے کے لئے حاضر ہوئے اس شخص نے
کیا۔ یارسول اللہ ﷺ کیا آپ ﷺ نے مجھے اس طرح نہیں پڑھایا؟ آپ ﷺ نے فرمایا کیوں نہیں۔ راوی کہتا ہے کہ حضرت عمرؓ
ل میں پریشانی سی پیدا ہوگئی جیسے آنحضرت ﷺ حضرت عمرؓ کے چہرے سے پہچان گئے۔ آنحضرت ﷺ نے حضرت عمرؓ کی چھاتی پر
مار کر کہا۔ شیطان کو نکال دو۔ یہی الفاظ تین مرتبہ فرمائے۔ اس کے بعد فرمایا اے عمرؓ قرآن سب ٹھیک ہے جب تک کہ رحمت کے الفاظ
اب اور عذاب کے الفاظ کو رحمت نہ بنا دیا جائے۔

دوسری حدیث ابی بن کعب [130] کی ہے کہ میں مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے گیا ایک اور آدمی آیا اور اس نے سورہ نحل پڑھنی شروع
راس کی قرأت میری قرأت سے مختلف تھی۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو میں نے اس سے پوچھا کہ تمہیں کس نے یہ سورت پڑھائی
اس نے جواب دیا، رسول اللہ ﷺ نے پھر ایک اور آدمی نے آ کر نماز پڑھنی شروع کی اس نے بھی سورہ نحل پڑھنی شروع کی اور اس
رأت ہم دونوں کی قرأت سے مختلف تھی۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو میں نے پوچھا تمہیں یہ سورت کس نے پڑھائی۔ اس نے بھی
جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ نے۔ اس پر میرے دل میں اس قدر سخت شک وشبہ پیدا ہوگیا کہ جاہلیت میں پیدا نہ ہوا تھا۔ پھر میں ان
کو پکڑ کر آنحضرت ﷺ کی خدمت میں لے آیا اور میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ان سے سورہ نحل پڑھوایئے۔ آپ ﷺ نے
کو پڑھنے کے لئے فرمایا جب اس نے پڑھ کر سنایا تو آپ ﷺ نے فرمایا بہت خوب اس پر میرے دل میں اس قدر شک وشبہ پیدا ہوگیا
جاہلیت میں پیدا نہ ہوا تھا۔ پھر آپ ﷺ نے دوسرے کو پڑھنے کے لئے فرمایا۔ جب اس نے پڑھا تو اسے بھی فرمایا۔ بہت خوب اس
رے دل میں اور شک پیدا ہوگیا پھر آنحضرت ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے سینے پر مار کر فرمایا اے ابی میں تمہیں اس شک سے
کی پناہ میں لے جاتا ہوں۔ پھر فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام نے مجھے آ کر کہا کہ اللہ تعالیٰ کا آپ کو حکم ہے کہ قرآن کو ایک ہی حرف پر پڑھا
ئے میں نے کہا خدایا میری اُمت سے تخفیف کر دی جائے جبرئیلؑ پھر آئے اور کہا کہ اللہ کا حکم ہے کہ قرآن کو دو حرفوں پر پڑھا جائے۔
نے پھر کہا خدایا میری اُمت سے تخفیف کر دی جائے۔ جبرئیل پھر آئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ قرآن کو سات حرفوں پر پڑھ لیا
ئے اور ہر حرف کے عوض میں آپ کی ایک درخواست منظور کی جائے گی۔ (الحدیث)

اس حدیث کو حارث بن اسامہ [131] نے ان الفاظ میں اپنی مسند میں روایت کیا ہے اس کا تذکرہ ابن الجزری نے النشر میں کیا ہے۔
بن کعب [2] سے مسلم کی روایت یوں ہے کہ جب نبی ﷺ بنی غفار (غین کے نیچے زیر اور ف مخفف ہے) کے تالاب کے پاس کھڑے
ہ کہ جبرئیل آپ ﷺ کے پاس آئے اور کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آپ اپنی اُمت کو ایک حرف پر قرآن مجید پڑھائیں آنحضرت ﷺ
نے کہا میں خدا سے عافیت اور مدد کی درخواست کرتا ہوں کیونکہ میری اُمت یہ برداشت نہ کر سکے گی۔ پھر جبرئیل نے دوبارہ آ کر دو حرفوں
پڑھنے کی اجازت دی۔ آپ ﷺ نے وہی پہلے الفاظ دہرائے۔ پھر جبرئیل تیسری بار تین حرفوں کی اجازت لے کر آئے۔ آپ ﷺ
نے پھر وہی الفاظ دہرائے' جبرئیل چوتھی مرتبہ آئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ قرآن کو سات حرفوں پر پڑھا جائے آپ ﷺ کی اُمت
س حرف پر بھی پڑھ لے ٹھیک ہے۔

صحیح مسلم میں عبدالرحمٰن [۱۳۳] بن ابی لیلیٰؒ کے سلسلے سے ابی بن کعبؓ کی ایک روایت اس طرح ہے ابی بن کعب کہتے ہیں کہ میں مسج
میں تھا کہ ایک آدمی نے آ کر نماز پڑھنی شروع کی اور اس طرح قرآن مجید کی قرأت کی جسے میں نے ناپسند کیا پھر ایک اور آیا اور اس نے
کسی اور طرز میں پڑھنا شروع کیا۔ نماز پڑھنے کے بعد ہم سب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو میں نے عرض کیا یا رسول
اللہ ﷺ اس شخص نے قرآن کو اس طرح پڑھا ہے جسے میں نے پسند نہیں کیا۔ پھر ایک اور شخص آیا اور اس نے پہلے سے بھی مختلف قرأت
پڑھی۔ آنحضور ﷺ نے دونوں کو پڑھنے کے لئے فرمایا اور آپ نے دونوں کی قرأت کو پسند فرمایا۔ ابیؓ کہتے ہیں کہ میرے دل میں
جاہلیت کے زمانے سے بڑھ کر شکوک پیدا ہو گئے۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے میرے سینے پر دست مبارک مارا جس سے میں پسینہ پسی
ہو گیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں خوف کے مارے اللہ کی طرف دیکھ رہا ہوں۔ پھر فرمایا ''اے ابی! مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں قرآن کو سات
حروف پر پڑھوں۔''

اس حدیث میں طبری کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: میرے دل میں شیطانی وسوسہ داخل ہو گیا یہاں تک کہ میرا چہرہ سرخ ہو گیا
آنحضرت ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مار کر فرمایا خدایا! شیطان کو اس سے دور کر دے۔

طبری کی ایک اور روایت میں ہے کہ یہ واقعہ ابیؓ اور ابن مسعودؓ کے درمیان پیش آیا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم دونوں خوب ہو اور
دونوں ٹھیک پڑھ رہے ہو۔ ابیؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ ہم دونوں تو ٹھیک ہو سکتے نہیں اس پر آپ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا۔

اسی طرح عمرو بن العاص [۱۳۴] کی حدیث ہے کہ ایک شخص نے قرآن مجید کی ایک آیت پڑھی تو عمرو نے کہا یہ آیت تو اس طر
ہے۔ پھر بعد میں اس نے اس کا تذکرہ آنحضرت ﷺ سے کیا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ قرآن مجید سات حرفوں پر نازل ہوا ہے ا
میں سے جو بھی پڑھ لو ٹھیک ہے۔ لہٰذا اس میں جھگڑا نہ کیا کرو۔ اس حدیث کو احمد [۱۳۵] نے سند حسن سے روایت کیا ہے۔

احمد ابی عبید [۱۳۶] اور طبری میں ابوجہیم [۱۳۷] کی یہ حدیث ہے کہ قرآن مجید کی ایک آیت میں دو شخصوں کا اختلاف ہو گیا۔ ان میں سے
ایک یہی کہتا تھا کہ اس نے یہ آیت رسول اللہ ﷺ سے پڑھی تھی اس کے بعد اسی طرح ذکر کیا جس طرح عمرو بن العاص کی حدیث میں گزر چکا

طبری اور طبرانی [۱۳۸] نے زید [۱۳۹] بن ارقمؓ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا کہ ا
مسعودؓ نے مجھے ایک سورت پڑھائی جو پہلے زیدؓ سے پڑھ چکا تھا اور ابی بن کعب نے بھی وہی سورت پڑھائی ہے مگر ان کی قرأتوں میں
اختلاف ہے۔ اب میں کس کی قرأت کو اختیار کروں؟ آنحضرت ﷺ خاموش رہے۔ حضرت علیؓ آپ کے پاس بیٹھے تھے۔ انہوں نے
فرمایا جس طرح تمہیں پڑھایا گیا ہے اسی طرح پڑھو۔ وہی اچھا ہے۔

ابن حبان [۱۴۰] اور حاکم [۱۴۱] نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے مجھے سورہ آل عمران کی کچھ آیتیں پڑھائیں
اس کے بعد میں مسجد میں گیا تو ایک شخص کو پڑھنے کے لئے کہا تو وہ کسی اور طرح پڑھ رہا تھا اور وہ بھی یہی کہتا تھا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے
یہ آیتیں پڑھائی ہیں۔ پھر ہم دونوں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ کا چہرہ مب
ہو گیا اور فرمایا کہ تم سے پہلے لوگوں کو اسی اختلاف نے تباہ کیا ہے۔ پھر آپ نے حضرت علیؓ کے کان میں کچھ فرمایا تو حضرت علیؓ نے کہا
رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ جس طرح تمہیں پڑھایا گیا ہے اسی طرح پڑھا کرو۔ پھر ہم چلے گئے اور ہر ایک وہ قرأت پڑھتا تھا جو د
شخص نہیں پڑھتا تھا۔

ایک اور طریقہ سے ترمذی کی روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ اے جبرئیل! مجھے ایک اُمّی قوم کی طرف بھیجا گیا ہے جن بڑھیا' بوڑھا' لڑکی' لڑکا اور وہ آدمی بھی ہے جس نے کبھی کوئی کتاب نہیں پڑھی تو جبرئیل علیہ السلام نے کہا انہیں کہہ دیں کہ قرآن کو ت حروف پر پڑھ لیا کریں۔

اس حدیث کے کئی اور طریقے ہیں۔ اگر ہم ان سب کا بالتفصیل ذکر کریں تو بات طول پکڑ جائے اور ان تمام احادیث کی ظاہری ت اس بات کی گواہ ہے کہ حروف سے لفظی اختلافات مراد ہیں جس کی دلیل آنحضرت ﷺ کا یہ فرمان ہے کہ وہ جس حرف پر بھی پڑھ یک ہے اور یہ قول بھی کہ ہم چلے گئے اور ہر کوئی دوسرے سے الگ حروف پڑھتا تھا۔ پھر راوی کا یہ کہنا کہ جبرئیلؑ پہلی بار ایک حرف کر آئے پھر دوسری بار دو حرف اور تیسری بار تین حرف اور چوتھی بار سات حرف لے آئے اور یہ صرف لفظی اختلافات میں ہی ہوسکتا کیونکہ باطنی حروف تو آنحضور ﷺ کی ذات کی طبیعت ہیں۔ لہٰذا یہ کہنا درست نہیں کہ ایک بار تو جبرئیل ایک لے کر آئے ہوں۔ پھر ری بار دو حروف اور اسی طرح سات تک کیونکہ سب آنحضرت ﷺ کے باطن میں پہلے ہی موجود تھے بالخصوص اس لئے بھی کہ ضرت ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے قرآن مجید کو سات حروف میں اتارنے کی درخواست مدینہ میں کی تھی۔ جیسا کہ ابی بن کعب کی حدیث ذکر ہو چکا۔

حضرت نے اس کے جواب میں فرمایا کہ لفظی اختلافات کی مثال سایہ کی سی ہے اور انوار باطنی جسم کی طرح ہیں تو جو شخص سایہ کا ہوا سے جسم کا منکر نہیں کہا جاسکتا بلکہ وہ درحقیقت جسم کا قائل ہے کیونکہ سایہ جسم کے بغیر نہیں ہوسکتا جبھی تو ایک سایہ ایک جسم کا مقتضی اور متعدد سائے متعدد جسموں کے۔ لہٰذا جب جبرئیل سایہ کا کوئی حرف لے کر آئیں تو درحقیقت وہ جسم کا حرف لے کر آئے ہوں گے۔ یہ کہ اسے قرأت کے لئے متعین کر دیا اگرچہ وہ پہلے سے موجود تھا اور جب ظل کے دو حروف لے کر آئیں تو دراصل جسم کے دو حرف کر آئے ہیں۔ یعنی یہ کہ انہیں قرأت کے لئے متعین کر دیا ہے۔ اگرچہ وہ دونوں پہلے ہی سے آپ کی طبیعت میں موجود تھے اور جب ئے کے سات حروف لے کر آئے تو آپ کو تمام ساتوں انوار باطنیہ پر پڑھنے کی اجازت دی۔

اس پر میں نے عرض کیا ہم سات باطنی حروف کو تو آپ کی برکت سے سمجھ گے۔ یہ سات لفظی اختلافات کیا ہیں؟ کیا یہ اختلافات ت ہیں جیسا کہ بعض کا خیال ہے اور پھر ان اختلافات کی تعیین میں ان کے کئی فرقے بن گئے یا کیا یہ اختلاف اختلاف احکام ہے جیسا ایک دوسرے گروہ کا خیال ہے اور ان کی دلیل ابن مسعود کی یہ حدیث ہے کہ پہلی کتابیں ایک دروازے سے ایک حرف پر نازل ہوا کرتی ں اور قرآن مجید سات دروازوں سے سات حروف پر نازل ہوا ہے۔ یعنی (۱) زجر، (۲) امر، (۳) حلال، (۴) حرام، (۵) محکم، (۶) بہ اور (۷) امثال لہٰذا تم اس کے حلال کو حلال سمجھو اور حرام کو حرام۔ جن باتوں کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے ان پر عمل کرو اور متشابہات پر ان لاؤ اور کہو اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا (ہم اس پر ایمان لے آئے یہ سب ہمارے رب کی طرف سے ہے)

ان کے مخالفین نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہے کیونکہ ابوسلمہ [۱۴۲] بن عبدالرحمٰن اور عبداللہ بن مسعود کا درمیانی حلقہ طع ہے اس لئے کہ ابوسلمہ کی عبداللہ بن مسعود سے تو ملاقات ہی نہیں ہوئی اور وہ ابن مسعود سے روایت کر رہا ہے یا کیا یہ مختلف قرأتوں کا تلاف ہے اور اس کی تعیین میں بھی ان کے کئی فرقے ہو گئے ہیں۔ سات قرأتوں سے معین تعداد مراد نہیں ہے۔ سات سے مراد وسعت اور ولت ہے نہ کہ تعداد معین۔ لہٰذا آنحضرت ﷺ کے اس فرمان کا کہ قرآن سات حرفوں پر اتارا گیا ہے۔ یہ مطلب ہے کہ اسے سہولت

وسعت اور آسانی کے لئے اتارا گیا ہے لہٰذا جس طرح کسی کو آسان معلوم ہو پڑھ لیا کرے چنانچہ بعض لوگوں کی یہی رائے ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ اختلافِ قرأت ہی مراد ہے مگر ہم انہیں کیا کہیں کیونکہ انہوں نے تو ہمیں بچپن میں قرأت سکھائی ہی نہیں کیونکہ جس حد تک قرأت میں اختلاف ہوا ہے وہ سب میری نظر میں ہے لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں اسے کس طرح بیان کروں۔ پھر حضرت جو کچھ کہ دیکھ رہے تھے اس کی طرف اشارہ کرتے رہے اور اس کے اخراج اور تعیین کے لئے مثالیں دیتے رہے یہاں تک کہ آپ کی مراد سمجھ گئے۔ والحمد اللہ۔ ہم نے بار بار یہ مفہوم آپ کو پیش کیا آپ نے یہی فرمایا کہ میری مراد یہ ہے۔

اختلافِ قرأت سات قسم کا ہے:

اختلافِ قرأت سات قسم کا ہے:

۱۔ حرکات وسکون ووجہ اعراب کے اعتبار سے قرأت کا اختلاف مثلاً لَهُمْ عَذَابٌ مِنْ رِجْزٍ اَلِيْمٌ۔ میم [۱۴۳] کے نیچے زیر اور پیش کے ساتھ بھی۔

۲۔ اختلاف قرأت بلحاظ حرفوں کی کمی اور بیشی کے جیسے وَسَارِعُوْ اور سَارِعُوْا یا جیسے رَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا اور قَالُو اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا۔

۳۔ اختلاف قرأت بلحاظ کلمات کی کمی یا بیشی کے جیسے اِنَّ اللّٰهَ هُوَالْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ کہ ایک قرأت میں هُوَ کا لفظ ہے اور دوسری میں نہیں ہے۔

۴۔ اختلاف قرأت بنا بر تقدیم وتاخیر۔ جیسے وَقُتِلُوْا وَقَاتَلُوْا پہلا فعل مجہول اور دوسرا معروف اور اس کا برعکس (یعنی [۱۴۴] وَقَاتَلُوْا وَقُتِلُوْا) یا جیسے فَيَقْتَلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْداً عَلَيْهِ حقًا کیونکہ اسے بھی دونوں طرح پڑھا گیا ہے یا جیسے وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ اسے وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْحَقِّ بِالْمَوْتِ بھی پڑھا گیا ہے اور یہ ابوبکر الصدیق، طلحہ [۱۴۵] ابن مطرف اور زین العابدین کی قرأت ہے۔

۵۔ مخارج حروف کے اعتبار سے اختلاف قرأت جیسے اَلصِّرَاط کو اشمام کے ساتھ پڑھنا کیونکہ اشمام کا مخرج ص کا مخرج نہیں ہے۔ تفخیم جیسے قِيْلَ میں زیر اور اشمام کے ساتھ ق کا مخرج اسی طرح حِيْلَ، جِيْئَ، سِيْئَ اور سِيْقَ میں۔ اسی طرح اَلصَّلَاةَ میں لام کو ترقیق کے ساتھ پڑھنے میں۔ اسی طرح مُنْذِر جیسے کلمات میں رکو مفخم یا مرقق کر کے پڑھنے میں۔

۶۔ زبر اور امالہ اظہار اور ادغام کے اعتبار سے اختلاف قرأت۔

۷۔ تیزی اور آہستگی سے پڑھنے کے اعتبار سے اختلاف قرأت کیونکہ آنحضرت ﷺ کبھی ترتیل سے پڑھتے اور کبھی تیزی سے (رواں جس کو حدر کہتے ہیں)

حضرت نے فرمایا ان مختلف وجوہ کو انوار باطنیہ سے مربوط کیا جاتا ہے اور یہ انوار ان انوار سے علاوہ ہیں جن کا ذکر حروف وحرکات کی تقسیم میں کیا جا چکا ہے۔ چنانچہ ترتیل اور آہستگی رُوح سے پیدا ہوتی ہے اور روانی بشرطیکہ حروف درست ادا ہوں۔ قبض سے پیدا ہوتی ہے۔ امالہ نبوت سے پیدا ہوتا ہے۔ زبر رسالت سے اور اشمام ہر قسم کا رُوح کے لئے ہے اور عدم اشمام نبوت کے لئے ہے۔ حروف کی زیادتی قبض کے لئے اور کمی رُوح کے لئے اور کلمات کی زیادتی رسالت کے لئے اور کمی علم کے لئے اور تقدیم آدمیت کے لئے اور تاخیر کے لئے اور وہ حرکات جن میں کسی قسم کا اختلاف نہیں ہے بسط کے لئے ہیں۔

تمام تشریح حضرت کی بیان کردہ ہے:

ن[147] قتیبہ نے اَلْمُشْکِل میں وجوہ قرأت کو شمار کیا ہے اور ابن الجزری نے النشر میں اور ابن حجر نے شرح (بخاری) میں نقل کیا ہے۔ قاسم بن ثابت[148] نے الدلائل میں اس پر اعتراض کیا ہے۔ ابوالفضل[149] رازی نے اور پھر ابن الجزری نے بھی میں ان قرأتوں کو شمار کیا ہے اور ان کے بیانات میں بہت معمولی اختلاف پایا جاتا ہے۔ اسی طرح قاضی ابوبکر نے بھی کتاب ی قرأتوں کا شمار کیا ہے اگر ان کے شمار کردہ اختلافات کا حضرت کے بیان کردہ اختلافات سے مقابلہ کیا جائے تو انشاء اللہ حق بات ئے گی۔ بالخصوص اس لئے بھی کہ حضرت کے بیان کا منبع کشف صحیح ہے کیونکہ آپ کو تو انہی قرأت کا علم ہے جن کا آپ نے کشف شاہدہ کیا، خاص طور پر اس لئے بھی کہ آپ کی بیان کردہ وجوہ قرأت کا ربط انوار باطنیہ کے ساتھ ہے جیسا کہ گزر چکا یہاں پر اس ث ختم ہوتی ہے خدا ہمیں اس سے دنیا اور آخرت میں نفع پہنچائے۔ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ وَحَسْبُنَا اللّٰه وَكَفٰى بِهٖ وَكِيْلاً۔

تیسری حدیث

نے حضرت سے نبی کریم ﷺ کے اس فرمان کے متعلق دریافت کیا کہ

اَلرُّوْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ الرَّجُلِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ اَرْبَعِيْنَ جُزْئًا مِّنَ النُّبُوَّةِ

نیک آدمی کی نیک خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزو ہے۔ (مشکوٰۃ کتاب الرویا ۳۹۴)

م بخاری نے اس حدیث کو اس طرح روایت کیا ہے۔ مسلم میں ابوہریرہؓ[151] کی روایت سے پینتالیس میں سے ایک جزو ہے۔ ام احمد' عبداللہ بن عمرو بن العاص کی روایت سے انچاس میں سے ایک جزو ہے اور قرطبی[152] کی شرح میں سینتالیس میں سے ایک طبری نے عبادہؓ[153] کی روایت سے چوبیس میں سے ایک جزو۔ ابن ابی جمرہ[154] کی شرح میں پچیس میں سے ایک جزو۔ اسی ں میں سے ایک جزو کی بھی روایت ہے۔

د روایتیں ہیں۔ پانچ اربعین کی' چار بیس کی۔ ان کے علاوہ اور روایتیں بھی ہیں۔ ستر کی بہتر کی۔ چھہتر کی' پچاس کی' چالیس کی اور ۔ یہ کل پندرہ روایتیں ہیں۔ ان میں صحیح ترین چھیالیس اور پھر پینتالیس کی روایت ہے باقی روایتوں میں کلام ہے ماسوائے ستر ے کے کیونکہ اسے مسلم نے اپنی صحیح میں ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔

میں نے حضرت سے سوال کیا اجزاء نبوت سے کیا مراد ہے؟ اور ان روایات کے اختلافات میں کیا حکمت ہے؟ اور کیا ان تمام احادیث میں تطبیق ہو سکتی ہے؟ تاکہ ان سب کے مطابق حدیث کی روایت ہو سکے کیونکہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں بڑے بڑے محدثین کی عقلیں حیران ہیں اور انہوں نے کوئی نتیجہ خیز بات نہیں کہی۔

حضرت نے فرمایا جزاء نبوت سے مراد وہی آدمیت' قبض' بسط اور خود نبوت کے اجزاء ہیں۔ چنانچہ (۱) آدمیت کے اجزاء کمال صورت ظاہری' (۲) کمال حواس ظاہری (۳) کمال صورت باطنی' (۴) کمال حواس باطنی' (۵) ذکوریت' (۶) نزع حظ شیطان اور (۷) کمال عقل اور قبض کے سات اجزاء (۱) حاسہ' (۲) ساریہ' (۳) انصاف' نفرت عن (۴) الضد' حق گوئی سے

نہ شرمانا' (۵) امتثال امر' (۶) ہیل الی الجنس' (۷) قوت انقباض'

بسط کے اجزاء (۱) فرح کامل' (۲) ذات میں خیر کا قیام، (۳) فتح حواس ظاہر، (۴) فتح حواس باطنہ، (۵) مقام رفعت

حسن تجاوز اور (۷) انکساری'

نبوت کے سات اجزا' (۱) حق گوئی، (۲) صبر، (۳) رحمت کاملہ، (۴) معرفت الٰہیہ، (۵) خوف تام' (۶) بغض

اور (۷) عفو کل اٹھائیس ہوئے' ان اجزاء کی شرح بیان کی جا چکی ہے۔ اگر چاہو تو اس کو دیکھ لو۔ پھر ذکوریت اس ب

ہو جاتی ہے کیونکہ مرد اور عورت دونوں کو خواب آتی ہے۔ لہٰذا ستائیس رہ گئے اور ابن ابی جمرہ کی ستائیس والی روایت اس

کی جائے گی اور اگر کمال صورت ظاہرہ کو بھی خارج کر دیں کیونکہ اگر چہ یہ اجزاء نبوت میں سے ہے مگر خواب سے اس

خاص تعلق نہیں ہے تو باقی چھبیس رہ جائیں گے تو ابن عبدالبر[155] کی مذکورہ چھبیس والی روایت کو اسی پر محمول کریں گے او

وجہ سے کمال صورت باطنہ کو بھی نکال دیں تو پچیس باقی رہ جائیں گے۔ ابن ابی جمرہ کی مذکورہ بالا پچیس والی روایت

محمول کریں گے اور کمال حواس ظاہرہ کو بھی اسی سبب سے نکال دیں تو چوبیس باقی رہ جائیں گے اور نووی[156] کی

چوبیس والی روایت کو اسی پر محمول کریں گے۔

حضرت نے فرمایا یہ تو اس صورت میں ہے جب بغیر رسالت کے صرف نبوت کے اجزاء لئے جائیں گے۔ ورنہ رُو

رسالت تینوں کے سات سات اجزاء جن کی تفصیل و شرح گزر چکی ہے اس پر اضافہ ہوں گے اور نبوت کے مجموعی اجزا انچاس

گے۔ اس پر طبری اور احمد کی عبداللہ بن عمرو بن العاص کی روایت محمول ہوگی اور اگر ذکوریت اور کمال صورت باطنی کو بھی خارج کر

تو سینتالیس باقی بچیں گے اور اس پر قرطبی کی روایت محمول ہوگی اور اگر کمال صورت باطنی کو بھی خارج کر دیں تو چھیالیس رہ جائیں

یہی بخاری کی صحیح متفق علیہ روایت ہے اور اگر کمال حواسِ ظاہرہ کو بھی خارج کر دیا جائے تو باقی پینتالیس رہ جاتے ہیں جس

روایت محمول ہوگی۔

حضرت نے فرمایا یہ ان سات روایتوں کی توجیہات ہیں اور باقی روایات کی صحت کی مجھے کوئی وجہ نظر نہیں آتی لہٰذا ان

کرنی بیکار ہے۔

میں نے عرض کیا یہ توجیہ جو آپ نے بیان کی ہے اس میں خواب کو اجزاء نبوت میں سے شمار کرنے کا ذکر نہیں ہے اور حد

بات کا تقاضا کرتی ہے کہ خواب نبوت کے اجزاء میں سے ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ نے تو یہ فرمایا ہے کہ نیک خواب نبوت کے

اجزاء میں سے ایک جزو ہے جس سے لازم آتا ہے کہ خواب ان اجزاء نبوت میں سے ایک جزو ہے اور آپ نے تو اسے اجزاء میں

نہیں کیا۔

حضرت نے فرمایا: نیک خواب آدمیت کے اجزاء میں سے ایک جزو یعنی نزغِ شیطان سے اور پھر اجزاء رُوح میں سے

بصیرت سے مدد لیتی ہے۔ لہٰذا جب بصیرت کا نزول شیطانی حصے کے نکل جانے پر ہو تو ان کے مجموعے سے اچھی خوابیں پیدا ہونگی

میں نے عرض کیا اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ حدیث میں اجزاء نبوت میں سے دو جزوں کا ذکر ہوتا، کیونکہ نزغِ شیطان

بصیرت دو جزو ہیں۔ ایک نہیں لہٰذا رویا بھی دو جزو ہونی چاہیے تھی نہ کہ ایک جزو۔

حضرت نے فرمایا کہ درحقیقت خواب کا دارومدار نزغ حظِ الشیطان پر ہے۔ رُوح کا جزو صرف تابع اور مددگار ہونے کی حیثیت سے
ا جس سے اللہ تعالیٰ شیطانی حصہ نکال دے تو اس کے تمام افکار نیک ہوں گے اور وہ جب سوئے گا تو وہی خیالات دیکھے گا جن میں
ں حالت میں سوچا کرتا تھا لہٰذا اس کا خواب بھی نیک ہوگا اور جس سے شیطانی حصہ نکالا نہ گیا ہو اس کے خیالات اس کے برعکس
لہٰذا اس کا خواب بھی بد ہوگا۔

مؤلف کتاب کہتا ہے کہ جو کچھ شیخ نے فرمایا ہے وہ محض کشف اور صفائی معرفت کی وجہ سے ہے کیونکہ علماء نے ان میں سے ایک جزو
ر نہیں کیا اور انہوں نے ان کے شمار کی ذمہ داری حقائق نبوت کے عارفین کے ذمہ ڈال دی۔ امام حلیمی نے بڑے تکلف سے کام
ئے کچھ باتیں بیان کی ہیں جن کا ذکر میں یہاں کئے دیتا ہوں تا کہ تو حقیقت حال سے واقف ہو جائے۔

شیخ علاؤ الدین قونوی فرماتے ہیں کہ اس مقام پر حلیمی [157] نے رویائے صالحہ کو چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزو ثابت کرنے کی
ہے اور اس سلسلے میں انبیاء کے خصائص علمیہ کی کئی وجوہ بیان کی ہیں جن میں سے بعض میں تکلف سے کام لیا ہے۔ یہاں تک کہ
و چھیالیس تک پہنچا دیا ہے تا کہ رویا ان اجزاء میں سے ایک جزو بن جائے چنانچہ نبوت کا بلند ترین جزو اللہ تعالیٰ سے بلا واسطہ
رتا ہے۔ اس کے بعد (۲) الہام جس میں کلام نہ ہو' (۳) وحی بزبان فرشتہ' (۴) فرشتہ کا دل میں القاء' (۵) کمال عقل' (۶)
ظ کا کمال کہ ایک بار سننے سے پوری سورت یاد ہو جائے۔ (۷) اجتہاد میں خطا سے معصوم ہونا' (۸) ذکاء فہم تا کہ کئی قسم کے مسائل
ر سکے۔ (۹) کمال بصر تا کہ دنیا کے بعید ترین حصوں میں ان اشیاء کو دیکھ سکے جو دوسروں کو دکھائی نہیں دے سکتیں۔ (۱۰) کمال
کہ دنیا کے بعید ترین علاقوں کی وہ باتیں سن سکے جن کو دوسرے نہ سن سکیں۔ (۱۱) کمالِ قوتِ شامہ جیسے حضرت یعقوب علیہ السلام
یوسف علیہ السلام کی قمیض کا واقعہ پیش آیا۔ (کہ انہوں نے دور سے ہی قمیض کی بو سونگھ لی) (۱۲) جسمانی طاقت کہ ایک ہی رات
اہ کی مسافت طے کر سکے۔ (۱۳) آسمانوں پر عروج۔ (۱۴) وحی کا گھنٹی کی سی آواز میں آنا۔ (۱۵) بکری کا کلام کرنا۔ (۱۶)
گویا کرنا۔ (۱۷) کھجور کے تنے کا گویا کرنا۔ (۱۸) پتھر کو گویا بنانا۔ (۱۹) بھیڑیوں کے چیخنے کو سمجھنا کہ وہ آپ سے کوئی چیز کھانے کو
ہے ہیں۔ (۲۰) آپ کا اونٹوں کے بلبلانے کی آواز کو سمجھنا۔ (۲۱) ایسی آواز کا سننا جس کا بولنے والا دکھائی نہ دے رہا ہو۔
ت کے مشاہدے کی قدرت رکھنا۔ (۲۳) نظر سے اوجھل چیزوں کا سامنے آجانا جیسے شب معراج کی صبح کو بیت المقدس
ﷺ کے سامنے لا رکھا گیا۔ (۲۴) ایسے واقعہ کا پیش آنا جس سے انجام کا علم حاصل ہو۔ مثلاً جب آپ کی اونٹنی حدیبیہ کے
ٹھ گئی تو آپؐ نے فرمایا کہ ہاتھیوں کو روکنے والے نے اسے بھی آگے جانے سے روک دیا ہے۔ (۲۵) نام سے کسی معاملہ پر
رنا چنانچہ جب صلح حدیبیہ میں سہیل [158] بن عمرو آیا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا تمہارا معاملہ آسان ہو گیا۔ (۲۶) کسی آسمانی چیز
کے کسی واقعہ پر استدلال کرنا مثلاً آنحضرت ﷺ نے بادل کو دیکھ کر فرمایا کہ یہ بنی کعب کی فتح کی خوشخبری دے رہا ہے۔
ت کی طرف سے دیکھنا۔ (۲۸) کسی مرنے والے کے متعلق ایسے معاملہ کی اطلاع پانا جو اس کے مرنے سے پہلے واقع ہوا تھا۔ مثلاً
ظلۃ الغسیل [159] کے متعلق فرمانا کہ میں نے دیکھا کہ ملائکہ اسے غسل دے رہے ہیں اور حنظلہؓ مرنے سے پہلے جنبی تھے۔ (۲۹)
کا ظہور جن سے آئندہ ہونے والی فتوحات پر استدلال ہو سکے جیسا کہ خندق کے دن کا واقعہ ہوا۔ (۳۰) دنیا کے اندر ہی جنت و
طلاع پانا۔ (۳۱) فراست' (۳۲) درخت کا آپ کی اطاعت کرنا یہاں تک کہ وہ ٹہنیوں اور جڑوں سمیت ایک جگہ سے دوسری

جگہ منتقل ہوگیا۔ (۳۳) ہرنی کا واقعہ اور اپنے چھوٹے بچے کی ضرورت کی شکایت کرنا۔ (۳۴) خواب کی تعبیر کو جاننا اور اس میں غلطی نہ کھانا۔ (۳۵) کسی چیز کا انداز معلوم کر لینا اور اس کا ٹھیک اسی طرح نکلنا۔ (۳۶) مخلوقات کو اسلام کی طرف ہدایت کرنا، مخلوق کو دینی و دنیوی سیاست کی راہ دکھانا۔ (۳۸) نیکی اور ہدایت کے راستوں کی طرف مخلوق کی ہدایت کرنا۔ (۳۹) طبّی طریقہ اصلاحِ جسمانی کی تعلیم۔ (۴۰) قربِ الٰہی حاصل کرنے کی راہ دکھانا۔ (۴۱) مفید صنعتوں کی تعلیم۔ (۴۲) مغیبات کا علم جن کا ذکر نے نہ کیا ہو۔ (۴۳) آئندہ پیش آنے والے واقعات کا علم۔ (۴۴) لوگوں کے مخفی معاملات اور اسرار سے واقفیت۔ (۴۵) استا طریقوں کی تعلیم۔ (۴۶) معاشرے میں مہربانی کے طریقوں کا علم۔

اس طرح عالی نبوی خصائص کی تعداد چھیالیس ہو جاتی ہے۔ ان میں سے ہر وجہ رویائی صالحہ کے مل جانے کے قابل چھیالیس اجزاء نبوت کا ایک جزو بن جائے اور اگرچہ ان میں سے خصائل غیر نبی میں بھی پائے جاتے ہیں، لیکن نبی سے ان میں واقع نہیں ہوتی اور دوسروں کو کبھی غلطی لگ جاتی ہے۔ واللہ اعلم۔

مؤلف کتاب کہتا ہے کہ حلیمی کے بیان پر اعتراض ہے کیونکہ اس کا مقصد محض اجزاء نبوت کا شمار کرنا تھا اور جن وجوہ کا میں سے اکثر ایسی خصال ہیں جو صرف ذات محمدی کے ساتھ مخصوص ہیں۔ مثلاً بکری کا کلام کرنا۔ پتھر کا سلام کرنا' کھجور کے بھیڑیے اونٹ اور ہرنی کی زبان سمجھنا۔ بیت المقدس کا آنکھوں کے سامنے آجانا اور یہ فرمانا کہ ہاتھیوں کو روکنے والے نے ا ہے اور آپ کا فرمایا ''تمہارا کام تمہارے لئے آسان ہوگیا۔'' اور آپ کا فرمایا ''یہ بادل بنی کعب کی فتح کی خبر دے رہا ہے۔ جنابت کا علم اور جو کچھ خندق کے کھودنے میں پیش آیا درخت کا آپ کی اطاعت کرنا اور ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا وغیرہ وغ اجزاء نبوت میں شامل نہیں کی جاسکتیں کیونکہ یہ تو ایسی جزئیات ہیں جو واقع ہوئیں اور منقطع ہوگئیں مزید براں ان میں سے پہ معرفت لغات میں شامل ہیں جس طرح آنحضرت کا فرمانا کہ حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيْل (اسے اسی خدا نے روکا ہے جس نے تھا) اور اس کے اگلے چار اور اجزاء یہ سب انجام کی معرفت میں شامل ہیں۔ یہ گیارہ خصلتیں تو محض دو خصلتیں رہ گئیں۔ پھر یہ خصلتیں جن کے متعلق اس نے کہا ہے کہ یہ وجود علم میں سے ہیں۔ تمام کی اصل رسالت کی خصلتوں میں سے ایک خصلت حالت میں اور موجودگی میں علم کامل کا وجود ہے جیسا کہ اس کی شرح میں گزر چکا ہے۔ چنانچہ اس طرح بھی رسالت کی خصلتوں لحاظ سے بھی یہ سب لوٹ کر ایک خصلت بن گئیں۔ علامہ حلیمی رحمتہ اللہ نے صرف اتنا کیا ہے کہ اس نے ان معجزات آنحضرت ﷺ کے ہاتھوں ظاہر ہوئے تھے کچھ معجزات لے لئے ہیں جن کو اس نے نبوت مطلقہ کے ان اجزاء میں سے آنحضرت ﷺ اور دیگر انبیاء میں پائے جاتے تھے۔ پھر ان معجزات میں سے بہت سے معجزات آنحضرت ﷺ کے اولیاء کی ہیں۔ کیونکہ ایک نبی کا معجزہ ایک ولی کے لئے کرامت بن سکتا ہے جیسا کہ اہل السنّت والجماعت کا عقیدہ ہے جس سے یہ وا مذکورہ بالا معجزات غیر نبی کے لئے بھی ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا یہ کسی صورت میں بھی اجزاء نبوت میں سے نہیں ہو سکتے۔ واللہ اعلم۔

اس حدیث کی وہ شرح جو امام غزالی نے کی ہے:

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ نبی ﷺ کی بیان کردہ مقدار آپ کی زبان پر محض اتفاقیہ

آپ تو صحیح حقیقت بیان کیا کرتے تھے مثلاً آپ کا یہ فرمانا کہ صالح آدمی کا رؤیائے صالحہ نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزو کیونکہ یہ ایک صحیح تخمینہ ہے، لیکن دوسرے لوگوں کو طاقت نہیں کہ وہ اسے تخمینہ کے بغیر سمجھ سکیں کیونکہ نبوت اس مرتبے کا نام ہے جو نبی ساتھ مخصوص ہے، جس سے نبی و غیر نبی میں امتیاز ہو سکے اور اس کے چند خواص ہیں تا کہ

) نبی کو اللہ اور اس کی صفات' ملائکہ اور دار آخرت سے متعلق حقیقی معرفت حاصل ہو مگر اس طرح کی معرفت نہیں جس طرح اوروں کو حاصل ہوتی ہے بلکہ نبی کے پاس کثرت معلومات اور یقین و تحقیق اس قدر ہو کہ کسی اور کو حاصل نہ ہو۔

) نبی میں ایک صفت یہ ہوتی ہے کہ ملائکہ اور عالم ملکوت کو اس طرح دیکھتا ہے کہ اس میں اور دوسروں میں وہی فرق ہوتا ہے جو اندھے اور بینا میں۔

) اس میں ایک اور قوت ہوتی ہے جس کے ذریعہ سے وہ آئندہ آنے والے مغیبات کو معلوم کر لیتا ہے اور اسی قوت کے ذریعہ سے وہ لوح محفوظ کا بھی مطالعہ کر سکتا ہے اور قوت کی مثال بعینہٖ اس قوت کی سی ہے جس سے ذکی اور کند ذہن کا امتیاز ہو سکتا ہے۔

نبی میں ایک اور قوت بھی پائی جاتی ہے جس سے وہ خارقِ عادت افعال کو اس طرح کر جاتا ہے جس طرح ایک عامی انسان اری افعال کو کرتا ہے۔ یہ تمام صفات تحقیقی طور پر آنحضرت ﷺ میں پائی جاتی تھیں جن میں سے ہر ایک کو کئی مزید قسموں میں تقسیم کیا ہے۔ چنانچہ ہو سکتا ہے کہ ہم ان کی چالیس قسمیں بنالیں یا پچاس یا اس سے بھی زیادہ۔ اسی طرح یہ بھی ممکن ہو سکتا ہے کہ ہم انہیں الیس جزوں میں اس طرح تقسیم کر لیں کہ نیک خواب اس کا ایک جزو بن جائے مگر ہماری تقسیم محض اندازہ اور تخمینہ ہوگی نہ یہ کہ ضرت ﷺ کی مراد درحقیقت یہی تھی۔ یہ امام کی تشریح کا خلاصہ ہے۔ ہم نے اسے اس لئے یہاں نقل کر دیا ہے تا کہ تجھے حضرت کی گی کا پتہ چل جائے اور ان کے علم و عرفان کا اندازہ ہو سکے اور یہ کہ اللہ جس پر چاہتا ہے اپنا فضل کرتا ہے۔

ری رحؒ کی تشریح:

مازری[161] کہتے ہیں کہ یہ ضروری نہیں کہ عالم کو ہر چیز کا پورا اور تفصیلی علم ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے عالم کے لئے بھی ایک حد مقرر کر دی ہے جہاں پہنچ کر وہ ٹھہر جاتا ہے اور آگے نہیں چل سکتا۔ چنانچہ بعض ایسے امور ہوتے ہیں جن کا نہ اجمالی علم ہوتا ہے نہ تفصیلی۔ بعض ایسے تے ہیں جن کا اجمال علم تو ہو جاتا ہے مگر تفصیلی علم نہیں ہوتا اور یہ حدیث اسی زمرے میں سے ہے۔ اھ اس سے ان کی مراد چھیالیس جزو ا حدیث ہے۔

ابن بطال[162]، ابن العربی[163] اور الخطابی[164] وغیرہ کا بھی یہی بیان ہے۔

وسعید سفاقسی رحؒ کی تشریح:

ابوسعید[165] السفاقسی کی سند سے ابن بطال نے بیان کیا ہے کہ بعض علماء نے ذکر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ پر پہلے چھ تو خواب میں وحی نازل فرمائی پھر باقی زندگی میں اللہ تعالیٰ نے بیداری میں آپ پر وحی نازل فرمائی۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ صحیح روایت کے مطابق اس کے بعد تیئیس سال زندہ رہے۔ اس طرح وحی منامی کی بیداری سے جو نسبت ہے وہ ایک اور چھیالیس کی ہے۔

اس پر اعتراض:

اس پر کئی طریقوں سے اعتراض کیا گیا ہے۔

۱۔ وحی منامی کے بعد جو وحی آنحضرت ﷺ پر نازل ہوئی اس کی مدت میں اختلاف ہے۔ تیئیس سال کی مدت پر سب کا اتف نہیں ہے۔

۲۔ اگر چھیالیس کی روایت صحیح بھی ہو تو پھر یہ توجیہ کرنے والا باقی روایات کے متعلق کیا کہے گا۔ مثلاً پینتالیس، انچاس، تر پچاس جن کا اوپر ذکر ہو چکا۔

۳۔ یہ کہ ہم تسلیم نہیں کرتے کہ وحی منامی کی مدت چھ ماہ ہے۔ اگر ہے تو اس کی کیا دلیل ہے۔

۴۔ یہ کہ وحی منامی کی مدت کے بعد جو وحی نازل ہوئی وہ صرف بیداری ہی میں نہیں نازل ہوئی بلکہ بعض اوقات خواب میں بھی وحی ہوئی اور نیک خواب بھی آئے جنہیں چھ ماہ کے ساتھ ملا دینا چاہیے تو اس طرح وحی منامی کی مدت چھ ماہ سے بڑھ جائے گی۔

تیسرے اعتراض کا جواب:

تیسرے اعتراض کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ ابن اسحٰق [۱۶۶] وغیرہ کے بیان کے مطابق آنحضرت ﷺ کو وحی کی ابتداء چالیس کی عمر کے شروع میں ربیع الاول میں ہوئی۔ پھر غار حرا میں جبرئیل علیہ السلام ماہ رمضان میں آنحضرت ﷺ کے پاس آئے اور درمیانی عرصہ چھ ماہ کا ہے۔

جواب الجواب:

اس جواب کا پہلا جواب تو یہ دیا گیا ہے کہ اس پر اتفاق نہیں کہ وہ مہینہ رمضان کا ہی مہینہ تھا۔ ایک جماعت کی رائے ہے کہ یہ کا مہینہ ہے ایک اور جماعت کہتی ہے کہ یہ ربیع الاول کا مہینہ تھا۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر ہم یہ بات تسلیم بھی کر لیں کہ یہ مدت چھ ماہ کی مدت تھی پھر بھی اس میں یہ تصریح نہیں پائی جاتی عرصہ میں وحی خواب میں ہوئی۔

چوتھے اعتراض کا جواب:

چوتھے اعتراض کا یہ جواب ہے کہ خواب سے ہماری مراد متواتر خواب ہیں نہ کہ مطلق خواب۔ لہٰذا ان میں توفیق پیدا کر ضرورت نہیں رہتی۔

دوسرے اعتراض کا جواب:

دوسرے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ روایات میں تعداد کا جو اختلاف پایا جاتا ہے وہ اس وقت کے اعتبار سے ہے جب آ ﷺ نے حدیث بیان فرمائی مثلاً وحی آنے کے بعد تیرہ سال مکمل کر لینے کے بعد جب آپ نے بیان فرمایا ہو کہ نیک خواب

بیسواں حصہ ہے اور یہ وقت ہجرت کا وقت تھا۔ بیس سال مکمل کر لینے کے بعد فرمایا ہو کہ چالیسواں جزو ہے اسی طرح بائیس سال کے بعد الیسواں اور آخر عمر چھیالیسواں جزو فرمایا ہو۔ ان کے سوا دوسری تمام روایات ضعیف ہیں۔ پچاس کی روایت ممکن ہے کہ کسر کو پورا کرنے لئے ہو اور ستر کی روایت مبالغہ کے لئے ان کے سوا دوسری روایات صحیح ثابت نہیں ہو سکتیں۔ ان روایات میں جو مناسبت پیدا کی گئی ہے کا ذکر صرف حافظ ابن حجر نے کیا ہے۔ اس کے بعد اس نے کہا ہے کہ اس مناسبت میں بھی ایک اعتراض رہ جاتا ہے۔

ن حجر کے بیان پر اعتراض:

اس حدیث سے جو معنی متبادر ہوتے ہیں وہ یہ ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی مراد مومن صالح کے خواب کی فضیلت بیان کرنا ہے اور سبت مذکورہ اس بات کی متقاضی ہے کہ یہ جز صرف اس خواب کے متعلق ہے جو آنحضرت ﷺ کو آئی جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مدت ں میں آنحضرت ﷺ کو خواب میں وحی نازل ہوئی اس مدت کا چھیالیسواں حصہ ہے جس میں آنحضرت ﷺ کو بیداری میں وحی ل ہوئی اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہر نیک آدمی کی خواب میں بھی یہی نسبت پائی جائے۔ مزید برآں ابن ابی جمرہ نے اس تاویل کو رنہیں کیا کیونکہ اس تاویل سے مقصد حل نہیں ہوتا۔ آنحضرت ﷺ جنہیں اللہ تعالیٰ نے کمال فصاحت و بلاغت عطا کی تھی ان کے ان ظ سے اس قسم کے معنی مراد لینا مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ شاید اس کے قائل کا یہ مقصد ہو کہ رویائ صالحہ اور نبوت کے درمیان ایک قسم کی سبت پیدا ہو جائے اور اجزاء کی تعداد میں جو اختلاف ہے اسے اسی میں کھول دیا جائے۔

اس مذکورہ بالا اختلاف میں مناسبت پیدا کرنے کی کئی ایک علماء نے کوشش کی ہے۔

وجعفر طبری کا بیان:

امام ابو جعفر طبری نے لکھا ہے کہ ستر والی روایت ہر مسلمان کی سچی خواب کے متعلق ہے اور چالیس والی روایت سچے اور دیندار مومن ا خواب کے بارے میں ہے اور ان کے درمیان والی روایتیں عام مومنین کے حالات کے اعتبار سے ہوں گے۔

ن بطال کا بیان:

امام ابن بطال فرماتے ہیں۔ تعداد اجزاء میں کمی یا بیشی کے اعتبار سے جو اختلاف پایا جاتا ہے تو ان میں صحیح ترین روایت چھیالیس ر ستر والی روایتیں ہیں۔ کیونکہ خواب کی دو قسمیں ہیں۔ ایک صاف اور واضح خواب مثلاً اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اسے پھل دیا گیا ہے ر پھر بیداری میں وہی واقعہ پیش آئے اور اسے اسی قسم کا پھل دیا جائے۔ اس قسم کی خواب کی تعبیر میں نہ کوئی دقت پیش آتی ہے اور نہ اس ی تفسیر میں کوئی رمز یا اشارہ ہوتا ہے اور دوسری مخفی جو ظاہر نہ ہو۔ اس قسم کی خواب کی تعبیر ایک ماہر ہی کر سکتا ہے کیونکہ اس میں بہت دور کی ثال دی گئی ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے ہو سکتا ہے کہ خواب کی دوسری قسم ستر میں سے ایک جزو ہو اور پہلی قسم چھیالیسواں جزو۔ کیونکہ جس قدر جزاء کم ہوں گے اسی قدر خواب سچائی کے زیادہ قریب ہوگی اور اسی قدر اس کی تعبیر سے غلطی کا کم احتمال ہوگا اس کے برخلاف جس قدر جزاء زیادہ ہوں گے اس کی تعبیر میں غلطی کا زیادہ احتمال ہوگا ابن بطال کہتے ہیں کہ میں نے یہ جواب کئی ایک لوگوں کو سنایا تو انہوں نے سے پسند کیا۔

ایک اور بیان:

کسی اور نے اس میں یہ اضافہ کیا ہے کہ نبوت اسی قسم کے دو وصفوں پر مشتمل ہے آنحضرت ﷺ نے جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ سے انہی دو طریقوں پر نبوت حاصل کی۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں کہ کبھی آپ کو وحی آتی تو آپ جبرئیل علیہ السلام سے بے تکلفی سے باتیں کرتے اور بعض اوقات جبرئیل آنحضرت ﷺ کو کچھ جملے اور جوامع کلمات پڑھاتے تو آپ ﷺ کو شدید معلوم ہوتے یہاں تک کہ آپ ﷺ کو لرزہ طاری ہو جاتا اور آپ ﷺ سے پسینہ بہنا شروع ہو جاتا۔

مارزی نے اس کا خلاصہ یوں کیا ہے کہ خواب میں اصل واقعہ پر کئی ایک دلالتیں پائی جاتی ہیں چنانچہ بعض دلالتیں واضح ہوتی ہیں اور بعض خفی۔ مگر جلی میں دلالتوں کی تعداد بہت کم ہوتی ہے اور خفی میں زیادہ اور ان کے درمیان دیگر درمیانی مدارج ہیں۔

امام ابو محمدؒ ابن ابی جمرہ کا بیان:

امام ابو محمد ابن [167] ابی جمرہؒ کے بیان کا خلاصہ یہ ہے کہ نبوت تو واضح امور لے کر آئی ہے۔ چنانچہ بعض وحیوں میں اجمال ہوتا ہے جسے کسی دوسری جگہ واضح کر دیا گیا ہوتا ہے۔ اسی طرح بعض خوابیں بھی صریح ہوتی ہیں جن کی تاویل کی ضرورت نہیں ہوتی اور بعض میں تاویل کی ضرورت ہوتی ہے لہٰذا اس خواب میں سے جس قدر حق بات کو عارف سمجھ جائے وہ اجزاء نبوت میں سے ایک جزو ہوتا ہے اور یہ جزو عارف کی سمجھ کے مطابق کبھی کم ہوتا ہے کبھی زیادہ۔ چنانچہ بلند ترین عارف وہ ہوگا جس کے فہم اور نبوت کے درجے کے درمیان کم سے کم اجزاء کی تعداد اور ادنیٰ ترین عارف وہ ہوگا جس میں تعداد زیادہ ہوگی اور ان کے علاوہ کے لئے درمیانی مدارج ہیں۔

مؤلف کتاب کہتا ہے کہ اس کلام کا خلاصہ یہ ہوا کہ جس قدر عارف زیادہ فہم والا ہوگا تو اس میں اجزاء کی تعداد بھی کم ہوگی اور سب سے زیادہ اجزاء کی تعداد ضعیف الفہم عارف کی تعبیر میں ہوگی اور درمیانی فہم والے کے لئے درمیانی حالت اور اس پر اعتراض وارد ہوتا ہے کیونکہ اس صورت میں تعداد کے اختلاف کو مُعَبِّر کے فہم سے متعلق کیا گیا ہے۔ حالانکہ خواب تو کسی اور کو آئی ہوتی ہے نہ کہ مُعَبِّر کو۔ اگر بات اسی طرح ہوتی تو حدیث کے الفاظ یوں ہونے چاہئیں تھے۔ نیک آدمی کی نیک خواب کا سمجھنا نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزو ہے۔ لہٰذا یہ عارف کے فہم کی خوبی ہوئی نہ کہ خواب کی اور یہ حدیث کے مفہوم کے خلاف ہے۔ واللہ اعلم۔

رحمانی و شیطانی خوابیں:

میں نے حضرت سے رحمانی اور شیطانی خواب کے متعلق دریافت کیا تو حضرت نے فرمایا کہ ذات انسانی کی دو قسمیں ہیں ایک جو ہر وقت حق میں مشغول ہوتی ہیں اور ان کا تعلق حق کے ساتھ ہوتا ہے دوم وہ جو ہر وقت باطل میں لگی رہتی ہیں۔ اور ان کا تعلق بھی باطل سے ہوتا ہے اور ان میں سے ہر ایک کو وہی چیز مل جاتی ہے جو اس کے مناسب ہوتی ہے اور جو ہمیشہ سے اس کی حالت رہی ہوتی ہے۔ آپ نے اس کی تشریح اس طرح کی کہ فرض کرو کہ دو سائل ہیں۔ ہر ایک نے دس دینار مانگے جو انہیں دے دیئے گئے اور وہ بہت ہی خوش ہوئے مگر ایک کی خوشی کا تعلق عطیہ دینے والے کے ساتھ ہے یہاں تک کہ اس خوشی کی شعاعیں اس کے باطن پر بھی پڑیں گو رباطن بھی اس سے مسرور ہوا تا آنکہ یہ اس کی دن رات کی عادت بن گئی یہ تو وہ شخص ہے جو حق پر قائم ہے اور حق سے وابستہ ہے۔ دوسرے کی خ

ساروں کے ساتھ ہے کہ ان سے حاجت پوری کرے گا۔ چنانچہ دینار ملنے کے بعد اس کا خیال ان حاجتوں کی طرف جائے گا جنہیں وہ سے پورا کرے گا لیکن اپنی حاجتیں پورا کرنے اور مراد حاصل کر لینے کے بعد وہ پھر مانگنا شروع کر دے گا اور کہے گا خدایا مجھے دس دینار دے اس شخص کا دل تو حاجتوں میں مبتلا ہے اور اس کی نظر بھی انہی کی طرف لگی رہتی ہے اور اس کا یارب کہنا محض برائے نام ہوتا ہے دل سے بالکل خالی ہوتا ہے کیونکہ وہ خدا سے بے تعلق اور حجاب کے پردے میں ہوتا ہے۔ یہی وہ شخص ہے جو باطل میں لگا رہتا ہے اور اسی کا تعلق ہوتا ہے۔ چنانچہ پہلے کے خواب اللہ سے تعلق ہونے کی وجہ سے اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور دوسرے کے شیطان سے تعلق ہونے کی وجہ سے شیطان کی طرف سے۔

درحقیقت دونوں خواب اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں۔ دوسری قسم کی خواب کو شیطان کی طرف اس لئے منسوب کیا گیا کہ شیطان سے خوش ہوتا ہے اور بنی آدم کے لئے اسے پسند کرتا ہے کیونکہ یہ ان ظلمتوں سے پیدا ہوتی ہیں جنہیں شیطان پسند کرتا ہے بعینہٖ اس طرح جس طرح ایک فرع اپنی اصل کو پسند کرتی ہے کیونکہ شیطان کی اصل تاریکی ہے۔

(مؤلف کہتا ہے) آئمہ حدیث مثلاً ابن حجرؒ ابن العربیؒ ابن بطالؒ اور ابن ابی جمرہؒ وغیرہ نے بھی یہی لکھا ہے کہ خوابیں خواہ کسی قسم کی بھی ہوں اللہ کی طرف سے ہوتی ہیں۔ شیطان کی طرف انہیں صرف اس لئے منسوب کیا جاتا ہے کہ وہ ان سے خوش ہوتا ہے۔

ی اور جھوٹی خواب:

پھر میں نے سچی اور جھوٹی خواب کے متعلق سوال کیا۔ حضرت نے جواب دیا کہ سچی خواب وہ ہے جس کے دیکھنے والے کا دل تے ہوئے بھی معائینہ و مشاہدہ حق میں لگا ہوا ہو۔ جیسا کہ اکثر جاگتے میں رہتا ہے اور جھوٹی خواب اس کے برعکس حالت والے کی ہوتی ہے کہ اس کا دل سوتے میں ایسا ہوتا ہے جیسے عام لوگ کہا کرتے ہیں وہم لے کر گیا اور وہم لے کر واپس آیا۔ اسی لئے جس طرح وہ بیداری ں معائینہ حق سے محجوب ہوتا ہے اسی طرح خواب میں بھی محجوب ہوتا ہے۔

میں نے عرض کیا کہ بعض اہل کلام کی خوابیں بھی کبھی سچی ہوتی ہیں اور خواب والے کے دل کو محجوب نہیں کرتیں حالانکہ آپ نے رمایا ہے کہ اہل ظلمت کے خواب شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں اور جو شیطان کی طرف سے ہو اس میں حجاب کا ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ زیز مصر نے خواب دیکھا جس کا ذکر قرآن مجید میں کیا گیا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْٓ اَرٰی سَبْعَ بَقَرَاتٍ سَمَانٍ (الآیہ) (سورہ یوسف آیت نمبر ۴۲)

حضرت نے فرمایا یہ اس لئے ہوا کہ اس میں یوسف علیہ السلام کا راز اور حق شامل تھا اور یہی خواب حضرت یوسف علیہ السلام کی ہرت۔ اُن کے قید خانہ سے نکلنے اور ملک پر تسلط کا باعث ہوا۔ اس کے علاوہ بھی کبھی کافر کی خواب سچی نکل آتی ہے۔ جب اس کے ساتھ کسی اور کا تعلق ہو اور اس خواب کا تعلق بادشاہ کے تمام معاصرین کے ساتھ ہے اسی لئے یہ خواب اوروں کے لیے تھا' خاص بادشاہ کے لئے نہ تھا۔

میں نے عرض کیا تو کیا قید خانہ میں حضرت یوسف علیہ السلام کے دو ساتھیوں کی خواب انہی کی متعلق نہ تھی کیونکہ ہر ایک کی خواب واقعہ کے مطابق نکلی تھی لہٰذا غیر کا تعلق کہاں رہا۔

حضرت نے فرمایا: اس میں بھی یوسف علیہ السلام کا حق تھا اور یہی اُن کی شہرت' اُن کے قید سے نکلنے اور ملک پر قابض ہونے کا سبب بنا۔ مختصر یہ کہ اہل ظلمت کی خواب اُسی وقت سچی نکلتی ہے جب اس میں اور کا حق شامل ہو یا اس میں خواب دیکھنے والے کے لئے اس مذہب حق کے حق ہونے کی شہادت ہو، جس مذہب پر خواب دیکھنے والا خود نہیں ہے یا یہ خواب اس کی توبہ کا سبب ہو وغیرہ۔

(مؤلف کہتا ہے) فتح الباری میں اسی طرح دیا ہے۔ حافظ ابن حجر بے حیا' مفسدہ پرواز اور مشرکوں کی خواب کے باب میں لکھتے ہیں کہ معبرین کا کہنا ہے کہ اگر کوئی خائن یا فاسق کوئی نیک خواب دیکھے تو یہ خواب بعض اوقات اس کے ایمان لے آنے کی خوشخبری ہوتی ہے یا توبہ کرنے کی یا اس میں اس کے کفر وفسق پر قائم رہنے کی اطلاع پائی جاتی ہے اور بعض اوقات یہ خواب اوروں کے لیے ہوتی ہے مثلاً اُن اہلِ فضل لوگوں کے لیے جن کے ساتھ اسے نسبت ہوتی ہے اور بعض اوقات انہیں ایسی خواب آتی ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ وہ کر رہے ہیں وہ درست ہے حالانکہ یہ ایک قسم کی آزمائش' دھوکہ اور فریب ہوتا ہے۔

(میں کہتا ہوں) جب وہ ایسی خواب دیکھے جس میں کفر پر رضامندی پائی جائے تو یہ نیک نہیں کیونکہ نیک خواب تو سچی خواب ہوتی ہے یا اس سے بھی خاص جیسا کہ اس سے پہلے مذکور ہو چکا۔ ہوسکتا ہے کہ حضرت کا ذہن نیک خواب کی بجائے کافر کی مطلق خواب کی طرف چلا گیا ہو۔

ضرر رساں اور غیر ضرر رساں خوابیں:

پھر میں نے حضرت سے سوال کیا کہ کون سی پریشان کن خواب ضرر رساں ہوتی ہے اور کونسی غیر ضرر رساں اور اس سے پہلے عورت کا قصہ بھی سنا دیا جس نے خواب میں دیکھا کہ اس کے گھر کا ستون گر گیا ہے اور اس نے ایک کانا بیٹا جنا ہے اور خواب کے وقت اس کا خاوند تجارت کے لئے دور سفر میں گیا ہوا تھا۔ اس عورت نے آ کر یہ خواب آنحضرت ﷺ کی خدمت میں سنایا تو آپ ﷺ نے فرمایا تمہارا خاوند انشاء اللہ صحیح وسلامت واپس آ جائے گا اور تیرے ہاں ایک صالح بچہ پیدا ہوگا۔ اس کے بعد وہی عورت پھر ایک بار آئی اور آنحضرت ﷺ اس وقت تشریف فرمانہ تھے۔ اس لئے اس نے اپنی خواب حضرت عائشہ [168] سے بیان کی۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ اگر تمہاری خواب سچی ہے تو تمہارا خاوند سفر میں مر جائے گا اور تیرے ہاں ایک بدکار بچہ پیدا ہوگا۔ جب آنحضرت ﷺ تشریف لائے اور حضرت عائشہؓ نے ان سے خواب اور تعبیر کا ذکر کیا۔ آنحضرت ﷺ کو ناگوار گزرا اور فرمایا اے عائشہؓ جب کسی مسلمان کی خواب کی تعبیر کرو تو اچھی تعبیر کیا کرو کیونکہ خواب اپنی تعبیر کے مطابق واقع ہوتی ہے۔

ابن حجر کہتے ہیں کہ دارمی [169] نے اس حدیث کو سلیمان بن یسار [170] کی سند سے حضرت عائشہؓ سے بسند حسن روایت کیا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ پریشان کن خواب اللہ کی طرف سے بندے کے لئے تنبیہ اور آزمائش ہوتی ہے کہ آیا اس خواب کے دیکھنے کے بعد بھی وہ اپنے رب کے ساتھ رہتا ہے یا نہیں۔ لہٰذا اگر بندے کا تعلق اللہ کے ساتھ ہو اور وہ پریشان کن خواب دیکھے تو وہ نہ اس کی طرف توجہ دے گا اور نہ پرواہ کرے گا۔ کیونکہ اسے علم ہے کہ یہ خواب اس خدا کی طرف منسوب ہے جس کے قبضہ میں تمام معاملات اور ان کا ردوبدل ہے اور یہ کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اختیار کرلیا ہے وہ تقدیر میں لکھا جا چکا ہے اس لئے وہ خواب سے نہیں ڈرے گا اور نہ اس کی طرف توجہ دے گا اور انشاء اللہ یہ خواب اس کے لیے نقصان دہ نہ ہوگا۔ مگر جب بندے کا تعلق اللہ سے نہ ہوگا اور اُسے پریشان کن خواب

ئے گا تو وہ اُسے اپنی آنکھوں کے سامنے رکھے گا اور اس کا باطن ہمہ تن اسی کی طرف مشغول ہوگا اور وہ اپنے رب سے منقطع ہو جائے گا وہ سمجھے گا کہ یہ خواب ضرور پورا ہو کر رہے گا اور وہ اس سے غافل ہو جائے گا کہ اللہ نے اس کی تقدیر میں کیا لکھا ہے اور جو کسی چیز سے تا ہے وہ اس پر مسلّط ہو جاتی ہے۔ لہٰذا خواب اس قسم کے آدمیوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔

ب خواب نقصان دہ نہیں تو پھر تعوذ کا کیوں حکم دیا گیا؟

میں نے عرض کیا جب خواب نقصان نہیں دے سکتی تو پھر دیکھنے والے کو کیوں حکم دیا گیا کہ وہ اس خواب اور شیطان سے اللہ کی پناہ ب کرے اور بائیں جانب تین بار تھوکے۔

حضرت نے فرمایا کہ مومنین کے دل اللہ کے نام پر سوتے ہیں اور اسی کے نام پر بیدار ہوتے ہیں۔ لہٰذا جب وہ سوتے ہیں تو اللہ ان دل میں ہوتا ہے اور جب بیدار ہوتے ہیں تب بھی اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں ہوتا ہے۔ لہٰذا جب ان میں سے کوئی شخص پریشان کن ب دیکھتا ہے اور بیدار ہوتا ہے تو اس کا دل اس حالت سے متزلزل ہو جاتا ہے جس پر سویا تھا اسی واسطے آنحضرت ﷺ نے اسے اپنی ت پر لوٹ جانے کا حکم دیا۔ اس طرح کہ وہ اللہ کی طرف لوٹے اور اللہ تعالیٰ کو اپنے اور پریشان کن خواب کے درمیان رکھے۔ استعاذہ ہی مراد ہے اس طرح اس کا تعلق اللہ سے ہو جائے گا اور پریشان کن خواب سے منقطع ہو جائے گا اور چونکہ شیطان تو یہ پسند نہیں کرتا وہ اللہ کی طرف رجوع کرے اس لئے اُسے اللہ کی پناہ لینے کے لئے کہا گیا ہے کہ وہ اللہ کو اپنے اور اس لعین (یعنی شیطان) کے درمیان دے اور اس کا تعلق لعین سے منقطع ہو کر اللہ سے ہو جائے اور تھوکنے کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ وہ جس حالت سے رجوع کر رہا ہے اس پلید (استقذاراً) سمجھے اس لئے کہ اس حالت میں وہ اللہ سے منقطع ہو چکا ہے اسی لئے اس حالت کو حقیر سمجھتے ہوئے وہ بائیں جانب تین ھوکتا ہے۔

ئیں طرف تھوکنے کا حکم کیوں دیا گیا:

حضرت نے فرمایا کہ بائیں طرف تھوکنے کا حکم اس لئے دیا گیا کہ شیطان جب کسی کے پاس آتا ہے تو بائیں جانب سے آتا ہے۔ رفرمایا کہ ہر طرح کی بھلائی دائیں جانب سے ہوتی ہے چنانچہ وہ حافظ کتاب فرشتے جن کا نور قوی ہوتا ہے دائیں طرف ہوتا ہے اور جس نور کمزور ہوتا ہے وہ بائیں طرف ہوتا ہے۔ جنت دائیں طرف ہے اور جہنم بائیں طرف۔ جبرئیل علیہ السلام جب کبھی آنحضرت ﷺ کے پاس آتے تو دائیں جانب سے آتے۔ آنحضرت ﷺ شہداء کی ارواح کو دائیں جانب سے ہی دیکھا کرتے تھے کیونکہ بدر اور اُحد یرہ میں ان کی شہادت کے بعد آنحضرت ﷺ جب ان کی وجہ سے پریشان ہوتے تو آپ دائیں طرف دیکھتے اور انہیں گھوڑوں پر سوار فار کے خلاف جہاد کرتے ہوئے دیکھتے۔ عرش دائیں جانب ہے اور فرش (زمین) بائیں جانب۔ زمین کے جس حصے میں بنی آدم کے ومنین آباد ہیں وہ دائیں جانب ہی ہے اور جس حصہ میں جن آباد ہیں وہ بائیں جانب ہے۔ دائیں جانب کی رگیں کثرت سے اللہ کی تسبیح بان کرتی ہیں۔ برخلاف اس کے بائیں جانب کی رگیں خاموش ہیں۔ نور حق دائیں طرف سے آتا ہے اور باطل بائیں سے۔ مختصر یہ ہے کہ خیر دائیں جانب سے آتی ہے اور شر بائیں جانب سے۔

دائیں جانب سے کیا مراد ہے؟

میں نے عرض کیا کہ دائیں جانب سے کیا مراد ہے؟

حضرت نے فرمایا جسے اللہ کی طرف سے فتح (شرح صدر) نصیب ہوا سے ہر طرح کی بھلائی دائیں جانب سے ہی حاصل ہوتی ہے اور ہر طرح کی شر بائیں جانب سے۔ پھر جب وہ رُخ بدلتا ہے تو صورت حال بھی بدل جاتی ہے۔ چنانچہ اگر فرض کرلیا جائے کہ وہ مشرق کی طرف جارہا ہے تو ہر قسم کی بھلائی مثلاً جنت' عرش' ارواح' شہداء کو دائیں جانب یعنی جنوب کی طرف دیکھے گا اور اپنی بائیں جانب یعنی شمال کی جانب جہنم' شیاطین اور اشقیاء کی ارواح وغیرہ ظلمانی چیزیں دکھائی دیں گی۔ اسی طرح اگر وہ پلٹ کر مغرب کی جانب رُخ کرے اور اس کا دایاں ہاتھ شمال کی جانب ہو اور بایاں جنوب کی جانب تو اسے مذکورہ بالا خیرات دائیں جانب دکھائی دیں گی اور ہر قسم کی مذکورہ بالا شر وغیرہ بائیں طرف۔ علیٰ القیاس، جب وہ کسی اور جانب رُخ پھیرے تو صورت حال بھی اسی کے مطابق پھر جائے گی۔

حضرت نے فرمایا کہ اس کا راز یہ ہے کہ عارف کے دو آئینے ہوتے ہیں جن سے وہ دیکھتا ہے ایک نورانی جس سے صرف نور ہی نظر آتا ہے اور دوسرا ظلمانی جس سے صرف تاریکیاں ہی دکھائی دیتی ہیں۔ نورانی اشیاء اس کی دائیں جانب ہوتی ہیں اور یہ دراصل اس کا نور ایمان ہوتا ہے اور ظلمانی اس کی بائیں جانب اور یہ دراصل نفس خبیثہ کی شہوات اور ان کا خبث ہے جو بمقابلہ نور ایمان کے ہے۔ لہٰذا جب دائیں جانب دیکھے گا تو اس کا دیکھنا نور ایمان کے ساتھ ہوگا۔ اسی لئے اسے نور ایمان کے مشابہ اشیاء جو حق و نور میں دکھائی دیں گی اور جب وہ بائیں جانب دیکھے گا تو شہوات نفس کی ظلمتوں کو دیکھے گا۔ اسی لئے اسے اس کی ہم شکل اشیاء دکھائی دیں گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا دیکھنا طبیعت ذات کی نگاہ سے ہوتا ہے کیونکہ اس میں رُوح اور ذات دونوں کام کر رہی ہوتی ہیں۔ لہٰذا جب رُوح ایمان کے ہوتے ہوئے ذات میں محبت رضا اور قبول سے قرار پائے گی تو ان دونوں کے ساتھ نور برقرار رہے گا اور یہ نور اس کا نور ایمان ہی ہوتا ہے جو اس کی ذات سے مل کر ایک ہوگیا ہوتا ہے اور دیکھنے والی چیز عقل ہوتی ہے چنانچہ جب یہ عقل نور رُوح کے آئینہ سے دیکھتی ہے تو اُسے پاکیزہ چیزیں دکھائی دیتی ہیں، لیکن جب نورِ ذات کے آئینہ سے دیکھتی ہے تو اسے تاریک اور اسی قسم کی دیگر اشیاء نظر آتی ہیں۔

وہ حدیث اسی پر محمول ہے جس میں اُن اشکال کا ذکر آتا ہے جو آدم علیہ السلام کی دائیں جانب تھیں اور جنہیں دیکھ کر وہ ہنستے اور اُن اشکال کا جو آدم علیہ السلام کی بائیں جانب تھیں اور جنہیں دیکھ کر وہ رو پڑتے تھے۔ پہلی قسم کی شکلیں نیک لوگوں کی روحیں تھیں دوسری قسم کی شکلیں بدبختوں کی روحیں تھیں۔

تین بار تھتکارنے میں حکمت:

حضرت نے فرمایا کہ تین بار تھتکارنے کا حکم اس لئے دیا کہ پہلا ذات کی طرف سے۔ دوسرا رُوح کی طرف سے اور تیسرا بندہ حق تعالیٰ سے مدد چاہنے کے لئے۔ تین بار تھتکارنے میں یہی راز پایا جاتا ہے کہ آنکھ کھلنے پر کروٹ بدلے تو یہ اس لئے ہے کہ پہلی نیند کا معاملہ ختم ہو جائے اور وہ ایسا ہوگا جیسا کہ اس نے ازسرنو اللہ کے ذکر سے نیند شروع کی ہو برخلاف اس کے اگر کروٹ نہ بدلے گا تو یہ سمجھا جائے گا کہ وہ ابھی پہلی نیند ہی سو رہا ہے۔

پریشان خواب دیکھنے کے بعد نماز پڑھنے کا حکم!

حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے ایک بار تو نماز پڑھنے کو فرمایا (مؤلف کہتا ہے کہ یہ روایت صحیح مسلم کی ہے) اور دوسری مرتبہ آنحضرت ﷺ نے نماز کا ذکر نہیں کیا (مؤلف کہتا ہے کہ یہ بخاری کی روایت ہے) لہٰذا جس کا دل چاہے نماز پڑھ لے اور جس کا دل چاہے اپنی حالت پر رہے اور نہ پڑھے۔ نماز پڑھنے کے حکم میں یہ راز ہے کہ جو ظلمت پریشان خواب کی وجہ سے اس کی ذات میں داخل ہوگئی ہے وہ مٹ جائے اور وہ نماز سے ذات کو اس ظلمت سے نکال کر پاک کرلے۔

مؤلف کتاب کہتا ہے کہ پریشان خواب کے آداب یہ ہیں۔ (۱) اس کے شر سے اللہ کی پناہ چاہنا، (۲) شر شیطان سے پناہ مانگنا' (۳) تین بار بائیں طرف تھنکارنا' (۴) جس کروٹ خواب آئی ہو اُسے بدلنا اور (۵) نماز کے لئے کھڑا ہونا' پہلی چار باتیں ضروری ہیں اور پانچویں کے متعلق ایک روایت میں حکم دیا گیا ہے اور دوسری میں نہیں۔ ان کے علاوہ علماء نے دو اور آداب کا ذکر کیا ہے ایک یہ کہ آیت الکرسی پڑھے۔ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ بعض علماء نے اس کا ذکر کیا ہے لیکن مجھے اس کی کوئی سند معلوم نہیں ہوسکی۔ حضرت نے فرمایا کہ بات اسی طرح ہے جس طرح کہ ابن حجرؒ نے فرمایا ہے، کیونکہ آنحضرت ﷺ نے اس کے پڑھنے کا حکم نہیں دیا۔ دوسرے یہ کہ اس خواب کا کسی سے تذکرہ نہ کرے اور یہ بخاری میں مذکور ہے۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ خواب کے شر سے اعوذ باللہ پڑھنے کے متعلق ایک صحیح روایت آئی ہے جس کی روایت سعید [۱۷۱] بن منصور' ابن ابی شیبہ [۱۷۲] اور عبدالرزق [۱۷۳] نے ابراہیم [۱۷۴] نخعی سے صحیح سندوں سے کی ہے کہ جب تم سے کوئی شخص بُری خواب دیکھے تو بیدار ہونے پر یہ الفاظ پڑھے۔

اَعُوْذُبِمَا اَعَاذَتْ بِهٖ مَلَائِكَةُ اللّٰهِ وَرُسُلُهٗ مِنْ شَرِّ رُؤْيَا هٰذِهٖ اَنْ يُّصِيْبَنِىْ مِنْهَا مَا اَكْرَهُ فِىْ دِيْنِىْ وَدُنْيَا ىَ (ترجمہ: میں اس خواب کے شر سے اسی ہستی کے پاس پناہ لیتا ہوں جس کے پاس اللہ کے فرشتے اور رسول پناہ لیتے رہے ہیں تاکہ مجھے اس خواب سے دین و دنیا کی کوئی تکلیف نہ پہنچے)

ڈراؤنی خواب دیکھ کر استعاذہ کے بارے میں امام مالک کی ایک اور روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ خالد [۱۷۵] بن ولیدؓ خواب میں ڈرا کرتے تھے انہوں نے اس کا ذکر آنحضرت ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا جب خواب میں ڈرو تو یہ کلمات پڑھ لیا کرو۔

اَعُوْذُبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَاتِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَعَذَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنَ وَ اَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کے علم تام کے ساتھ اللہ کے غضب' اس کے عذاب' اس کے بندوں کے شر اور شیطانی وساوس سے پناہ لیتا ہوں' خدایا میں تیرے پاس پناہ لیتا ہوں تاکہ یہ شیاطین وغیرہ میرے پاس نہ آسکیں۔

نسائی [۱۷۶] نے عمر بن شعیب [۱۷۷] عن ابیہ عن جدہ کی سند سے اسے یوں روایت کیا ہے کہ خالد بن الولیدؓ خواب میں ڈر جایا کرتے تھے۔ پھر باقی روایت اسی طرح ہے لیکن اس کی ابتداء میں یہ الفاظ زائد دیئے ہیں کہ جب تو سونے لگے تو یہ الفاظ پڑھ لیا کر۔ اور وہی پہلی دعا ذکر کی ہے اصل حدیث [۱۷۸] ابوداؤد اور ترمذی [۱۷۹] میں ہے۔ حاکم نے اسے حسن اور صحیح کہا ہے واللہ اعلم۔

۵۔ آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں حضرت ابوبکرؓ کی دی ہوئی تعبیر کے متعلق سوال:

میں نے حضرت سے اس خواب کے متعلق سوال کیا جس کی تعبیر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں دی تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کچھ ٹھیک بتائی ہے اور کچھ غلط۔ امام بخاری نے اس قصہ کا مفصل ذکر کیا ہے۔ چنانچہ امام بخاری فرماتے ہیں:

حَدَّثَنَا يَحْيٰى بن بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنْ اِبْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰه بِنْ عُتْبَةَ اَنْ اِبن عَبَّاسٍ كَانَ يُحَدِّثُ اَنَّ رَجُلاً اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ وَعَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ فِي الْمَنَامِ ظُلَّةً تَنْطِفُ السَّمَنَ وَالْعَسَلَ فَأَرَى النَّاسَ يَتَكَفَّفُوْنَ مِنْهَا فَالْمُسْتَكْثِرُوَ الْمُسْتَقِلُّ وَاِذَا سَبَبٌ وَاصِلٌ مِنَ الْاَرْضِ اِلَى السَّمَآءِ فَاَرَاكَ اَخَذْتَ بِهٖ فَعَلَوْتَ ثُمَّ اَخَذَبِهٖ رَجُلٌ اٰخَرَ فَعَلَابِهٖ ثُمَّ اَخَذَهٗ رَجُلٌ اٰخَرُ فَعَلَابِهٖ ثُمَّ اَخَذَهٗ رَجُلٌ اٰخَرُفَا نْقَطَعَ ثُمَّ وَصَلَ

ترجمہ: ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی میں نے آج رات خواب میں ایک سایہ دار بادل دیکھا جس سے گھی اور شہد ٹپک رہا تھا دیکھا تو لوگ ہاتھ پھیلائے اس سے لے رہے ہیں چنانچہ کسی نے زیادہ لے لیا اور کسی نے کم۔ پھر ایک رسی دیکھی جو زمین سے آسمان تک پہنچی ہوئی تھی چنانچہ میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ اس کو پکڑ کر اوپر چڑھ گئے پھر اسے ایک اور شخص نے پکڑا اور وہ بھی اوپر چڑھ گیا۔ پھر تیسرے نے پکڑا اور وہ بھی چڑھ گیا پھر چوتھے نے پکڑا تو رسی ٹوٹ گئی لیکن پھر جڑ گئی۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں۔ آپ ﷺ مجھے اس کی تعبیر بیان کرنے دیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا بہت اچھا اس کی تعبیر بیان کرو۔

ابوبکرؓ نے کہا سایہ دار بادل تو اسلام ہے اور جو گھی اور شہد اس سے ٹپک رہا ہے وہ قرآن ہے جس کی مٹھاس ٹپک رہی ہے کوئی اس میں سے زیادہ لے رہا ہے کوئی کم اور جو رسی زمین سے آسمان تک پہنچی ہوئی ہے وہ طریق ہے جس پر آپ ﷺ قائم ہیں۔ آپ ﷺ اسے پکڑے ہوئے ہیں اور اللہ آپ ﷺ کو اوپر چڑھا رہا ہے۔ پھر آپ ﷺ کے بعد کوئی اور اسے تھامے گا اور وہ بھی اوپر جائے گا۔ پھر تیسرا تھامے گا اور اوپر چڑھ جائے گا پھر چوتھا تھامے گا تو وہ ٹوٹ جائے گی پھر اسے جوڑا جائے گا اور وہ اوپر چڑھ جائے گا۔

یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں مجھے بتلائیں کیا میں نے درست تعبیر کی یا غلط؟ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کچھ ٹھیک ہے کچھ غلط۔ پھر عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کو قسم ہے اللہ کی مجھے ضرور بتائیں کہ میں نے کیا غلطی کی آنحضرت ﷺ نے فرمایا ''قسم نہ دو''

حدیث کے الفاظ کی روایت میں اختلاف:

وَاِذَا سَبَبٌ وَاصِلٌ کی بجائے ابن وہب[۱۸۰] کی روایت میں سَبَباً وَاصِلاً ہے اور وَاَمَّا الَّذِیَ یَنْطِفُ مِنَ الْعَسَلِ السَّمَنِ کی بجائے سلیمان[۱۸۱] بن کثیر کی روایت میں وَاَمَّا الْعُسَلُ وَالسَّمَنُ فَالْقُرْاٰنُ فِی حَلاَوَةِ الْعَسَلِ وَلِیْنِ اللَّبَنِ سے اور تُقْسِمُ کی بجائے ابن ماجہ[۱۸۲] میں لَا تُقْسِمْ یَا اَبَابَکْرٍ ہے۔

ی غلطی کے بارے میں علماء کا اختلاف:

علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ ابو بکرؓ نے تعبیر میں کہاں غلطی کھائی۔ مہلب [۱۸۳] اور اس کے متبعین کا قول ہے کہ ابو بکرؓ نے ثُمَّ لَهٗ کے الفاظ میں غلطی کھائی ہے اس لئے کہ حدیث میں صرف ثُمَّ وَصَلَ ہے لَهٗ کا لفظ اس میں نہیں ہے۔ انہیں وہی ٹھہر جانا چاہیے ں خواب ختم ہوئی اور جس کے لئے رسی جوڑی گئی تھی اس کا تذکرہ نہ کرتے اس صورت میں معنی یوں ہوئے کہ حضرت عثمانؓ کے لئے اور پھر کسی اور کے لئے جوڑی گئی یعنی خلافت کسی اور کے پاس پہنچی۔

عیاضؒ کی رائے:

قاضی عیاض [۱۸۴] فرماتے ہیں کہ کسی نے کہا ہے کہ ابو بکرؓ کی خطا ''وَصَلَ لَهٗ'' کہنے میں تھی حالانکہ حدیث میں صرف وَصَلَ کا لَهٗ کا نہیں ہے۔ اسی لئے حضرت عثمانؓ کے لئے رسی نہیں جوڑی گئی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لئے جوڑی گئی یعنی اُن تک پہنچی۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ لَهٗ کا لفظ اُصیلی [۱۸۵] اور کریمہ [۱۸۶] کے نزدیک لیث [۱۸۷] کی روایت میں سے ساقط ہو گیا ہے لیکن تینوں استادوں کی روایت سے ابوذر [۱۸۸] کی حدیث میں لَهٗ کا لفظ موجود ہے۔ اسی طرح نسفی [۱۸۹] کی روایت میں بھی یہ لفظ موجود مسلم کے ہاں بھی یونس [۱۹۰] سے ابن وہب وغیرہ کی روایت میں یہ لفظ پایا جاتا ہے اور ترمذی کے ہاں مُعمر [۱۹۱] کی روایت میں۔ اسی سائی اور ابن ماجہ کے ہاں ابن عینیہ [۱۹۲] سے سلیمان کی روایت میں۔ امام احمد کے ہاں ابنِ حسین [۱۹۳] کی روایت سے۔ دارمی [۱۹۴] اور ہ [۱۹۵] کے ہاں سلیمان بن کثیر کی روایت سے۔ ان سب نے زہری [۱۹۶] سے روایت کی ہے۔ سلیمان بن کثیر کی روایت میں اِتَّصَلَ افہ سے ''فَوَصَلَ لَهٗ فَاتَّصَلَ'' کے الفاظ ہیں۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ لَهٗ کا لفظ حدیث میں موجود ہے اس صورت میں معنی یوں ہوئے کہ ت عثمانؓ ان امور کے سبب جو اُن کی خلافت میں واقع ہوئے اور لوگوں نے انہیں ناپسند کیا، قریب تھا کہ اپنے ساتھیوں تک نہ پہنچ رجب ان کی شہادت واقع ہوئی تو رسی جڑ گئی اور وہ بھی ان تک پہنچ گئی۔

بن سعیدؒ وغیرہ کی رائے اور اس کا جواب:

قتیبہ [۱] بن سعید، ابو محمد [۱] بن ابی زید، ابو محمد [۱] الاصیلی، ابو بکر [۱] الاسماعیلی، احمد [۱] بن نصر الداؤدی وغیرہ کی رائے ہے کہ ابو بکرؓ کی غلطی یہ تھی کہ نے پیشتر اس کے کہ نبی ﷺ خواب کی تعبیر بیان کرنے کا حکم فرماتے تعبیر کرنے میں جلدی کی۔ لہٰذا آنحضرت ﷺ کے فرمان کا ب یہ ہوا کہ تو نے تعبیر تو ٹھیک کی ہے لیکن عجلت کرنے میں غلطی کھائی۔

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابو بکرؓ نے آنحضرت ﷺ سے تعبیر بیان کرنے کی اجازت طلب کر لی تھی اور آپ ﷺ نے اجازت ے دی تھی۔ لہٰذا عجلت نہ ہوئی کیونکہ انہوں نے اجازت حاصل کرنے کے بعد تعبیر بیان کی ہے۔ مزید برآں آنحضرت ﷺ کے اَصَبْتَ بَعْضًا وَّاَخْطَاْتَ بَعْضًا سے جو فوراً مفہوم سمجھ میں آتا ہے یہ ہے کہ ان کی تعبیر کا کچھ حصہ صحیح اور کچھ غلط ہے۔

امام طحاویؒ وغیرہ کی رائے:

امام طحاوی[197]، خطابیؒ[198]، ابن العربیؒ، ابن الجوزیؒ اور کچھ جماعت اس طرف گئی ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے سمن (گھی) او (شہد) دونوں کی قرآن سے تعبیر کی ہے حالانکہ یہ دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ حق تو یہ تھا کہ ان کی تعبیر بھی دو چیزوں سے کی جاتی۔ ج عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث میں ہے جس کی روایت امام احمد نے کی ہے عبداللہؓ کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے ک ایک انگلی میں گھی اور دوسری میں شہد ہے اور میں دونوں کو چاٹ رہا ہوں۔ صبح ہوئی تو میں نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں جا کر خ ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم قرآن اور تورات دونوں پڑھو گے چنانچہ بعد میں آپ ان دونوں کتابوں کا مطالعہ کیا کرتے تھے۔ ا اس حدیث میں آنحضرت ﷺ نے گھی اور شہد کی تعبیر دو چیزوں سے دی۔ اسی طرح اس حدیث میں بھی ان دونوں کی تعبیر کتاب او اور سنت یا علم اور عمل یا حفظ اور فہم وغیرہ کے ساتھ کرنی چاہیے۔

ایک اور قول:

بعض کی رائے ہے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ''سایہ دار بادل'' کی تعبیر ''اسلام'' سے دینے میں غلطی کھائی۔ حالانکہ اس کی تعبیر سے دینی چاہیے تھی اور گھی اور شہد کی تعبیر کتاب اور سنت سے ہونی چاہیے۔

ایک اور قول:

بعض نے کہا ہے کہ خطا سے یہاں مراد ''ترک'' ہے یعنی تو نے کچھ حصہ تعبیر کیے بغیر ہی چھوڑ دیا ہے کیونکہ نبی ﷺ کے ب والے تین آدمیوں کی تعیین نہیں کی۔ اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ نے ابوبکرؓ کے قسم دلانے کی پروا نہ کی اور اس کو پورا نہ کیا کیونکہ کرنے کا مطالبہ اسی صورت میں کیا جا سکتا ہے جب اس قسم کے پورا کرنے میں کوئی خرابی یا ظاہری مشقت نہ پائی جاتی ہو، لیکن جاتی ہو پھر اس کو پورا کرنا ضروری نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ اس کی خرابی یہ ہو کہ آنحضرت ﷺ کو حضرت عثمانؓ کی رسی ٹوٹنے کا سبب مع ان کے قتل اور جنگوں اور فتنوں کے اشتعال کا باعث بنا۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ ابوبکرؓ کی قسم کو پورا کرتے تو آنحضرت ﷺ کو تینوں کی تعیین کرنی پڑتی اور اگر تعیین کر دیتے تو یہ ان کی خلافت کا صریح حکم ہوتا۔ حالانکہ مشیت ایزدی میں یہ بات قرار پا چکی تھی کہ خلا طرح بغیر تعیین کے ہوگی۔ اسی لیے آپ ﷺ نے فساد کے خوف سے ان کی تعیین نہ کی۔ یہ ساری تشریح محی الدین نووی[1] کی ہے۔

ابن العربیؒ کی رائے:

ایک گروہ کی یہ رائے ہے کہ ابوبکر صدیقؓ کی تعظیم کو مدنظر رکھتے ہوئے اس بحث میں پڑا ہی نہ جائے چنانچہ ابوبکر ابن ا رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک عارف سے جو خواب کی تعبیر کے فن سے واقف تھے، پوچھا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کیا غلط فرمایا بھلا یہ کس کو معلوم ہے؟ اگر آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں حضرت ابوبکر صدیق کا تعبیر کرنے میں پیش قدمی کرنا غلطی ہے ابوبکر صدیقؓ کی غلطی تعیین کرنے میں پیش قدمی کرنا اس سے بھی بڑھ کر غلطی ہے۔ لہٰذا دانش مندی اور دینداری یہی ہے کہ اس پڑا ہی نہ جائے۔

رت سید عبدالعزیز دباغؒ کی بیان کردہ تشریح:

حضرت نے فرمایا سایہ دار بادل اسلام ہے اور جو شہد اور گھی اس سے ٹپک رہا ہے وہ لوگوں کے صرف وہ اعمال ہیں جو مقبول اعمال یہ محض تلاوت قرآن کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ تمام مقبول اعمال پر مشتمل ہے مثلاً نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، صدقہ، غلام آزاد کرنا، مومن جت روائی کرنا، شرکت جنازہ کرنا، قیدیوں کا فدیہ ادا کر کے ان کو رہا کرانا وغیرہ وہ ظاہری اعمال جن سے ذات حرکت میں آتی ہے ی ظاہری اعمال برزخ کو چڑھتے ہیں اور انہیں برزخ کی روحیں دیکھتی ہیں اور کہتی ہیں کہ یہ فلاں بن فلاں کی نیکی ہے جو ہمارے پاس لاں دن آئے گا چنانچہ اس کا باپ اور اس کا دادا وغیرہ اس کے نیک عمل کو دیکھتے ہیں اور اس مشاہدے میں سب روحیں یکساں ہیں ہ زمین پر اُتر کر پھر برزخ کی طرف لوٹ گئی ہوں یا اعمال کے بعد زمین پر نہ اتری ہوں، یہاں تک کہ اگر اللہ تعالیٰ چھوٹے بچے کو فتح کر دے تو وہ لوگوں کو ان کے نیک اعمال سے واقف کر سکتا ہے اور وہ کہہ سکتا ہے کہ اے فلاں! تمہارا فلاں عمل فلاں دن ہمارے زخ میں پہنچا تھا۔ اور اے فلاں تمہارا مقبول عمل اس سے پہلے یا بعد ہمارے پاس آیا تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں پوشیدہ رکھنے کا یا ہے اس لیے اجسام میں داخل ہونے کے بعد انہیں یہ باتیں بھلا دی جاتی ہیں۔

پھر ان ظاہری اعمال کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو محض لِلّٰہ ہوتی ہیں اور ان سے مخلوقات کو بظاہر کوئی فائدہ نہیں پہنچتا مثلاً اللہ کے رہ یا رکوع کرنا، نماز روزہ سے اس کی عبادت کرنا، اس سے ڈرنا، اس کی طرف رغبت کرنا وغیرہ تمام وہ اعمال جن کا تعلق صرف بندے ب کے ساتھ ہوتا ہے۔

دوسری قسم وہ ہے جس سے مخلوق کو نفع پہنچے مثلاً غلام آزاد کرنا، صدقہ، قیدیوں کو رہا کرانا، لوگوں کی حابت روائی کرنا اور تمام وہ نیک جن میں مخلوقات کا نفع ہو اللہ کی طرف سے پہلی قسم کے اعمال کی جزا یہ ہے کہ وہ اسے نور عطا کرے جس سے اس کا ایمان بڑھے اور کے عرفان کو قوت حاصل ہو۔ اس سے اس کے دل سے وسوسے مٹ جائیں گے اور شکوک رفع ہو جائیں گے اور دنیا ہی میں اس کا صاف ہو جائے گا اور آخرت میں اسے مشاہدہ عظیم حاصل ہوگا لہٰذا اس قسم کی جزاء نور محض اور قوت ایمان ہے۔ دوسری قسم کے اعمال زاء اصلاح ذات سے دی جاتی ہے جیسے کثرت رزق اور اترنے والی مصیبتوں کو دور کرنا اس طرح ذات کو بہت نفع حاصل ہوتا ہے ۔ جب اس سے مصائب دور ہو جائیں اور وہ مصائب سے محفوظ ہو جائے اور اسے رزق کثیر حاصل ہو تو ذات ان سے فائدہ اٹھائے گی ا دنیا میں خوب پھلے پھولے گی۔ لیکن آخرت میں یہی صدقات جن سے اس نے مخلوقات کو فائدہ پہنچایا ہوتا ہے اس کے لیے اس کی ا نعمتیں بن جاتی ہیں مثلاً پلاؤ، کیک، وہ پرندے جن کا گوشت حلال ہے اور مجامعت کے لیے بیویاں وغیرہ اور اشیاء جن کا نفس خواہش وتا ہے اور جن سے آنکھیں لذت یاب ہوتی ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ قسم اوّل کی جزا ایسی ہوتی ہے جو ایمان کے لیے مفید ہو اور قسم ثانی ب اصلاح ذات کے لیے نافع ہے لہٰذا اس خواب میں شہد کا اشارہ قسم اول کی طرف ہے اور گھی کا اشارہ قسم ثانی کی طرف ہے اس کی ہے کہ شہد ذات کے لیے تقویت کا سبب ہوتا ہے اور جو اشیاء تقویت کے منافی ہوں ان کے ضرر کو روکتا ہے، لیکن نہ یہ جسم کو موٹا کرتا ور نہ گوشت پیدا کرتا ہے لہٰذا یہ قسم اول کے مشابہ ہوا جو ذات کے لیے قوت ایمان کا سبب بنتی ہے مگر رزق میں وسعت نہیں ہوتی اور یہ لوک و شبہات کو دور کر کے نور ایمان کو صاف کر دیتی ہے یہی خاصہ شہد کا ہے کہ وہ بھی جسم کو تقویت دیتا ہے اور اسے کمزوری اور سستی

سے بچاتا ہے لیکن گھی جسم کو تر و تازہ کرتا ہے گوشت پیدا کرتا ہے اور جسم کو موٹا کرتا ہے، لیکن اس سے وہ قوت پیدا نہیں ہوتی جو شہد سے ہوتی ہے لہٰذا گھی دوسری قسم کے اعمال کے مشابہ ہوا جن سے رزق میں وسعت حاصل ہوتی ہے اور جسم کے بیرونی مصائب دور ہوتے لہٰذا اس خواب میں شہد اور گھی سے یہی دونوں قسم کے اعمال مراد ہیں۔ پس شہد مقوی ہے اور گھی نشو نما دینے والا۔ اسی طرح پہلی قسم اعمال ایمان کو تقویت دیتے ہیں اور دوسری قسم کے رزق میں وسعت۔ لہٰذا شہد سے مراد قسم اول کی عبادت ہوئی اور گھی سے قسم ثانی کی۔

میں نے عرض کیا ان دونوں قسم کے اعمال میں سے کون سی قسم افضل ٹھہری؟

حضرت نے فرمایا تمہارے نزدیک کون سی صورت بہتر ہے آیا یہ کہ تم گھاس کی طرح پتلے دبلے ہو مگر تم میں چالیس آدمیو طاقت ہو یا یہ کہ تم اس قدر موٹے ہو جاؤ کہ چلنے سے بھی عاری ہو جاؤ اور جسم میں طاقت بھی نہ ہو۔

میں نے عرض کیا مجھے تو یہی پسند ہے کہ میں گھاس کی طرح دبلا پتلا ہوں مگر مجھ میں چالیس آدمیوں کی طاقت ہو۔ حضرت نے یہی حال ان اعمال کا ہے جو نور ایمان کو زیادہ کرتے ہیں اور ان اعمال کا جو رزق میں وسعت دیتے ہیں۔ پھر میں نے عرض کیا کہ یہ اعمال جو دو قسموں پر منقسم ہیں، زمین سے آسمان کو چڑھتے ہیں اور شہد اور گھی تو خواب میں نیچے اُتر رہا تھا۔ لہٰذا ان دونوں سے اعمال مراد لینا کیسے درست ہوا؟

حضرت نے فرمایا کہ چڑھنا اور اُترنا تو امر اضافی ہے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ ایک چیز جسے اوپر چڑھتی ہوئی سمجھ رہے ہیں دوسر نزدیک نیچے اُتر رہی ہو لہٰذا ہوسکتا ہے کہ خواب دیکھنے والے کی رُوح آسمان میں ہمارے مقابل جہت میں ہو۔ (یعنی سر ہماری طرف پاؤں آسمان کی جانب) اور اس جہت میں نہ ہو جو دوسرے آسمان کے بالمقابل ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ جن لوگوں کے ہماری طرف ہیں ان کے سر ہماری طرف ہیں اور پاؤں دوسری طرف لہٰذا جب ان کے سر ہماری طرف ہونگے تو جو چیز زمین سے کو چڑھ رہی ہوگی وہ اسے اترتی ہوئی ہی سمجھیں گے۔

مزید برآں خواب کا مقصد تو صرف یہ ہوتا ہے کہ دیکھنے والا اسے سمجھ جائے اور اگر اسلام کا سائبان زمین پر ہمارے سروں رکھا جاتا تو خواب دیکھنے والے کو چڑھنے والے امور دکھائی نہ دیتے۔ یہی وجہ ہے کہ ''چڑھنے کو ''اترنے'' کے لفظ سے تعبیر کیا گیا۔ ''نزول'' میں بھی تاویل و تعبیر کرنے کی ضرورت ہے نہ یہ کہ ''نزول'' حقیقی معنوں میں ہے۔

حضرت نے فرمایا جو رسی آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی تھی اس سے مراد ایمان کامل ہے لیکن اس سے ہر ایمان کامل مراد نہیں بلکہ اس کے لیے شرط ہے کہ یہ ایمان کامل ان حکام میں پایا جائے جو شریعت کے حدود کو اپنی رعایا پر کامل طور پر قائم رکھتے ہیں کیونکہ سائبان سے ملی ہوئی ہے اور یہی گھی اور شہد برسانے کا سبب بھی ہے یہاں تک کہ یہ لوگوں پر بھی اترا اور انہوں نے اس سے ہاتھ بھ بعض نے زیادہ اور بعض نے تھوڑے اور ایمان کامل ان کے اعمال کی مقبولیت، کثرت عبادت اور ان پر نزول برکات کا اس وقت نہیں ہوسکتا جب تک صاحب ایمان کامل کا مومنین پر پورا اختیار نہ ہو اس طرح کہ وہ کمزوروں کی مدد کرے اور طاقتوروں کو کمزور کرنے سے روکے اور حدود شریعت کو کامل طور پر قائم کر لے تب جا کر بندگان خدا میں نیکیاں زیادہ ہوں گی اور گناہ کم ہوں گے چ تو زنا کریں گے نہ چوری کریں گے اور نہ ناجائز طور پر کسی کو قتل کریں گے اور اس وقت تمام اُمت نیک ہوگی اور امیر بمنزلہ اس شخص

ں کے لیے اسلام کا ستون مضبوط کر رہا ہو اور ان پر نیکیوں اور برکات کا مینہ برسا رہا ہو اور یہ حالت آنحضرت ﷺ کے عہد میں درجہ
پر تھی۔

ثلثہ سے کون مراد ہیں؟

حضرت نے فرمایا کہ اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ خواب میں جن امراء ثلثہ کا ذکر ہے وہ کون ہیں؟ اولیاء عارفین کا اس میں
ہے چنانچہ اولیاء کا ایک گروہ جنہیں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے متبعین ہونے کی وجہ سے صدیقیہ کہا جاتا ہے اور میرے شیوخ
میں سے ہیں اس طرف گیا ہے کہ ان سے مراد خلفاء ثلثہ یعنی ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمان رضی اللہ عنہم ہیں اور حضرت عثمانؓ کی رسی ٹوٹنے
دو اعتراضات ہیں جو ان پر کیے گئے اور اس کے جڑ جانے سے مراد آپ کی شہادت ہے اولیاء کے ایک اور گروہ کی جنہیں حسین
ی اللہ عنہا کے متبع ہونے کی وجہ سے حسینیہ کہا جاتا ہے یہ رائے ہے کہ ان امراء سے آنحضرت ﷺ کی اولاد میں سے وہ اشراف
جن میں سے دو پر تو امت اسلامیہ کا اتفاق ہوگا اور پھر تیسرے پر پہلے تو سب متفق ہوں گے پھر اختلاف پڑ جائے گا اور اس کے
ب متفق ہو جائیں گے۔ رسی کٹنے اور اس کے جڑ جانے سے یہی مراد ہے۔ پھر فرمایا کہ خواب کا مقصد وہی ہے جو اس گروہ نے
ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ کا مقام بہت بلند ہے۔ آپ ﷺ کے مقام پر وہی شخص قدم رکھ سکتا ہے یا آپ کی سیڑھی پر وہی چڑھ
جو یا تو نبی ہو یا نبی کی اولاد میں سے ہو اور جب خواب میں نظر آنے والی رسی ایک ہی تھی اور اس پر تینوں امراء اسی طرح چڑھے
ح آنحضرت ﷺ چڑھے تھے تو اس میں اس امر کا اعلان ہے کہ آنحضرت ﷺ اور ان امراء میں مجانست ہے اور یہ بات تو پہلے
و چکی کہ کوئی شخص بھی ایمان کامل میں آپ کا ہم جنس نہیں ہو سکتا لہٰذا اب صرف نسبی مجانست باقی رہ گئی اور یہ مذکورہ اولاد نبی کے
ؐ کے لیے ثابت ہے کیونکہ کسی آدمی کی جگہ اور گھر میں یا وہ خود داخل ہوتا ہے یا اس کی اولاد مزید برآں خواب دیکھنے والا شخص ایک
ہے جو ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ کو پہچانتا ہے۔ اگر خواب میں یہی لوگ مراد ہوتے تو وہ ان کو پہچانتا ہوتا اور آنحضرت ﷺ کے ذکر کے
کہتا کہ میں نے ابوبکرؓ کو دیکھا جنہوں نے رسی کو پکڑا اور چڑھ گئے پھر عمرؓ نے اور پھر عثمانؓ نے لیکن جب اس نے ان کا ذکر نہیں کیا
کے بجائے یوں کہا کہ میں نے ایک آدمی دیکھا ہے پھر ایک اور تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے ایسے شخص کو دیکھا جنہیں وہ
ں رہا تھا لہٰذا وہ خلفاء ثلثہ نہیں ہیں۔

(مؤلف کہتا ہے) کہ میں نے شیخ سے اس بارے میں کئی بار بحث کی اور ان سے کئی بار جھگڑا مگر حضرت نے یہی فرمایا کہ حق بات
جو میں کہہ رہا ہوں، یعنی یہ کہ ان سے مراد اشراف ہیں نہ کہ خلفاء ثلثہ پھر مذکورہ بالا دو دلیلیں دے کر مجھے تسکین کرا دی اور فرمایا کہ
صدیقیہ طائفہ میں سے ہوں لیکن حق بات کہنی ہی پڑتی ہے۔

پھر میں نے شیخ سے عرض کی کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ تو خواب کی تعبیر سمجھ جائے اور ابوبکرؓ پر مخفی رہے۔ اگرچہ یہ تو اللہ کا فضل ہے جسے
ے مگر ہمارا عقیدہ ہے کہ نبی ﷺ کے بعد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تمام اُمت کے سید العارفین اور امام الاولیاء ہیں اور ہم کئی بار
زبان مبارک سے یہ بھی سن چکے ہیں کہ اُمت محمدیہ ﷺ میں کوئی شخص معرفت الٰہیہ میں ابوبکرؓ کی برابری نہیں کر سکتا اور اولیاء اور
میں کوئی شخص بھی ایسا نہیں جو ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرح باطن نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو جانتا ہو اور وہی سید العارفین امام المحبین ہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ اس خواب کی تعبیر کو جانتے تھے بلکہ اس سے بھی ہزار گنا زیادہ جانتے تھے مگر اس وقت خواب کی تعبیر ان پر آنحضرت ﷺ کی موجودگی کی وجہ سے مخفی رہی اس لیے کہ آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں حاضرین کے علمی ا غائب ہوجاتے تھے اور ان میں روشنی نہیں رہتی تھی کیونکہ ان کا انعکاس نور محبت پر پڑتا تھا جس سے شوق کی آگ بھڑک اٹھتی اور اس افکار اسی محبت میں مشغول ہوجاتے اور باطن بھی اسی میں مستغرق ہوجاتا اور اس میں کوئی شک نہیں کہ جب انوار علم غائب ہوجاتے ہ محبت اور شوق کے انوار مشتعل ہوجاتے ہیں تو جو شخص بھی اس حالت میں گفتگو کرتا ہے اس کی مثال ایسی ہوتی ہے جیسے کہ ایک لاعلم ا کیونکہ قلب کی توجہ ایک ہی طرف ہوسکتی ہے لہٰذا جب ایک چیز کی طرف متوجہ ہوگا تو دوسری چیزوں سے منقطع ہوجائے اور عارفین کے جن کے سردار ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں آنحضرت ﷺ کی ذات ہی مقصود اصلی اور امید حقیقی ہے لہٰذا جب آپ کی ذات ان کے سامنے ہ نہ وہ کسی علم کی طرف متوجہ ہوں گے اور نہ کسی اور چیز کی طرف کیونکہ علم تو آنحضرت ﷺ کی ذات کا ایک نور ہے لہٰذا جب ذات نظ سے اوجھل ہوتی ہے تو ان کا تعلق اس کے انوار سے ہوجاتا ہے تاکہ وہ صاحب انوار ذات تک پہنچادیں مگر جب خود ذات موجود ہو وسائل ساقط ہوجاتے ہیں اور اس ذات کی طرف توجہ واجب ہوجاتی ہے اور دل اس کی طرف پھر جاتے ہیں۔

میں نے عرض کیا کہ آنحضرت ﷺ کی ذات کی طرف توجہ کس طرح حاصل ہوتی ہے؟ حضرت نے فرمایا: تین باتوں سے۔ تعظیم اور ان کمالات پر تعجب کرنے سے جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمائے ہیں۔ جب یوسف علیہ السلام کے متعلق عورتیں یہ ہیں کہ حَاشَ لِلّٰہِ مَاھٰذَا بَشَراً اِنْ ھٰذَا اِلَّا مَلَکٌ کَرِیْمٌ (خدا پاک ہے یہ تو انسان نہیں۔ یہ تو بڑی خوبیوں والا فرشتہ ہے) فرمائیں کہ عارفین سید الوجود ﷺ کے بارے میں کیا کہتے ہوں گے اور ان تینوں کی تکمیل اور آنحضرت ﷺ کی ذات کی طرف صرف اسی وقت ہوسکتی ہے جب عارف کی طرف سے سات امور پورے طور پر آنحضرت ﷺ پر ہی مرکوز ہوجائیں اور ان ساتوں صرف آنحضرت ﷺ کی ذات شریفہ ہی ہو۔ لہٰذا اگر ان میں سے کسی ایک میں بھی خلل پیدا ہوگا تو توجہ میں بھی خلل پیدا ہوجائے سات امور یہ ہیں: (۱) فکر نفس، (۲) خیال یعنی نظر نفس، (۳) عقل (۴) مثال یعنی نظر عقل، (۵) ذات، (۶) اور (۷) عل عارف کی توجہ کاملہ کے لیے یہ شرط ہے کہ ان سات امور کے تصور کا انحصار آنحضرت ﷺ کی ذات شریفہ میں ہو اور جب ان سا انوار آنحضرت ﷺ کی ذات پر مرکوز ہوں گے تو محبت، تعظیم اور تعجب کے ساتھ توجہ حاصل ہوگی اور ماسویٰ کی آرزو نہ رہے گی حض فرمایا کہ جب عارف اس حالت میں ہو اور اس سے اگر اس کے فرزند کا رنگ پوچھا جائے کہ سفید ہے یا نہیں تو وہ حیران ہوجائے نہ بتا سکے گا اور اگر کچھ جواب بھی دے گا تو بے خبری کے عالم میں دے گا اور فرض کرلیں کہ جواب درست دیا گیا ہے تو وہ صرف اس کہ اسے درست بات کہنے کی عادت پڑی ہوتی ہے یہی وجہ تھی کہ ابو بکر صدیقؓ سے خواب کی تعبیر میں خطا ہوئی اور اگر سائل ابو ب رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی خلافت کے زمانے میں آتا اور خواب کی تعبیر دریافت کرتا تو آپ سے اس بارے میں عجیب وغریب اور یہ تعبیر بھی ہمیں تو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے واسطے سے معلوم ہوئی ہے لہٰذا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ایک بات کو ہم تو جانتے ہوں صدیقؓ نہ جانتے ہوں۔ یہ ناممکن ہے، لیکن اصل راز وہی ہے جس کا ذکر ہم کرچکے ہیں۔ واللہ اعلم۔

(مولف کہتا ہے) یہ سب کچھ ہم نے اپنے اُمّی پیر سے سنا۔ عنایات اللہ کے ہاتھ میں ہیں جس پر چاہے کرے مجھے کئی

ہ کہ میں اس خواب کی تسلی بخش تعبیر کرنا چاہتا تھا مگر یہ مجھے حضرت کے سوا نہ کسی کتاب میں اور نہ کسی انسان سے حاصل ہوئی اور ظاہر یوخ متقدین کا مذکورہ بالا بیان اصل مقصد سے بہت دور ہے۔ واللہ اعلم۔

ب کیا ہے اور کیسے نظر آتی ہے:

میں نے حضرت سے سوال کیا کہ خواب کی حقیقت کیا ہے؟ یہ کیا چیز ہے؟ اور کیسے واقع ہوتی ہے؟ کیونکہ لوگوں کا اس میں بہت سا ہے اطبا کا خیال ہے کہ اخلاط اربعہ کی وجہ سے خوابیں آتی ہیں چنانچہ جس آدمی کے مزاج میں بلغم کا غلبہ ہو تو وہ خواب میں یوں دیکھتا کہ پانی میں تیر رہا ہے وغیرہ، اس لیے کہ پانی کی بلغم سے مناسبت ہے اور جس پر صفرا کا غلبہ ہو وہ خواب میں آگ، ہوا میں بلند ہونا کی پریشان صورتیں دیکھتا ہے جس پر خون کا غلبہ ہو وہ شیریں چیزیں اور خوش کن باتیں دیکھتا ہے اس لیے کہ خون میٹھا اور مفرح ہے پر سودا کا غلبہ ہو وہ سوداوی باتیں اور ترش چیزیں دیکھتا ہے۔

ں کی رائے:

علامہ مازریؒ کہتے ہیں کہ یہ سب غلط ہے کیونکہ گو عقل اسے جائز قرار دیتی ہے مگر اس پر کوئی دلیل قائم نہیں ہوتی اور نہ ہی اس پر ائی ہو سکتی ہے جواز اور امکان کی صورت کو قطعی قرار دینا درست نہیں ہے۔

ی کی رائے:

فلاسفہ کی یہ رائے ہے کہ زمین پر جو واقعات کی صورت پیش آتی ہے وہی صورتیں عالم بالا میں نقوش کی طرح منقش ہوتی ہیں۔ لہٰذا سے جو صورت بھی نفس کے سامنے آجاتی ہے اور اس کا نقش نفس میں اُتر آتا ہے۔

علامہ مازری کہتے ہیں کہ یہ بھی غلط ہے کیونکہ یہ دعویٰ بلا دلیل ہے اور نقش قبول کرنا اجسام کی صفت ہے حالانکہ اکثر چیزیں جو عالم ں واقع ہوتی ہیں وہ از قسم اعراض کے ہیں اور اعراض کا نقش نہیں ہوتا۔

ہ کی رائے:

معتزلہ کی یہ رائے ہے کہ یہ محض بے حقیقت خیالات ہوتے ہیں اور ان کا اس سے مقصد خواب کو بالکل باطل قرار دینے سے ہے اسی عذاب قبر کا بھی انکار کرتے ہیں۔

ربی کی رائے:

ابن العربی [207] اپنی کتاب ''القبس'' میں فرماتے ہیں کہ معتزلہ عوام کے ساتھ اپنی چالبازی کے اصولوں پر قائم رہے چنانچہ انہوں ں اور اُن کے کلام کرنے، فرشتوں اور اُن کے کلام کرنے کے متعلق اصول شریعت کا ہی انکار کر دیا یہاں تک کہ یوں کہہ دیا کہ اگر علیہ السلام آنحضرت ﷺ سے بآواز کلام کرتے تو حاضرین بھی اسے ضرور سنتے۔

صالح معتزلی کی رائے:

صالح معتزلی [۲۰۸] کی رائے ہے کہ خواب سر کی آنکھوں سے دیکھی ہوئی چیز ہوتی ہے۔ابن العربی کہتے ہیں کہ یہ بات جمہور کے خلاف ہے۔

ایک اور رائے

اوروں کی یہ رائے کہ دل میں وہ آنکھیں ہوتی ہیں جن سے دل دیکھتا ہے اور دو کان ہوتے ہیں جن سے دل سنتا ہے چنانچہ انہی دل کی نگاہوں اور دل کے کانوں کا سنا اور دیکھا ہوا منظر ہوتا ہے۔

خواب کے متعلق اہل سنت کی رائے:

اہل سنت کی یہ رائے ہے کہ خواب ایسے اعتقادات اور ادراکات ہوتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ سونے والے کے دل میں کر دیتا ہے بعینہ اسی طرح جس طرح کہ بیدار آدمی کی آنکھوں اور دل میں پیدا کرتا ہے اور جب انہیں پیدا کر چکتا ہے تو انہیں ان اشیاء کی علامت بناتا ہے جو بعد میں پیدا ہونے والی ہوتی ہیں کبھی ان اعتقادات کے پیدا ہونے کے وقت فرشتہ موجود ہوتا ہے تو اچھی خواب ہوتی ہے اور کبھی شیطان حاضر ہوتا ہے تو یہ خواب پریشان کن ہوتی ہے۔

ایک اور رائے:

بعض کا خیال ہے کہ ایک فرشتہ ان مناظر پر مقرر ہوتا ہے جو انہیں سوتے ہوئے آدمی کے سامنے پیش کرتا ہے۔لہٰذا وہ کبھی ایسی صورتیں پیش کرتا ہے جو آئندہ ہونے والے واقعات کے مطابق ہوتی ہیں اور کبھی یہ معانی معقولہ کی مثالیں ہوتی ہیں قرطبی کہتے ہیں یہ قول بھی مردود ہے کیونکہ یہ قول بھی دلیل کا محتاج ہے۔

ایک اور قول:

بعض کا خیال ہے کہ ان مناظر کا سبب رُوح کا عرش کی طرف چڑھنا ہے لہٰذا سونے والے کو جو باتیں پیش آتی ہیں وہ انہیں ہے اگر رُوح کے عرش تک پہنچنے تک وہ بیدار نہ ہو تو خواب سچی ہوگی اور اگر اس سے پہلے ہی بیدار ہو جائے تو خواب جھوٹی ہوگی اس قائل نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے جسے حاکم، عقیلی [۲۰۹] نے محمد بن عجلان [۲۱۰] عن سالم [۲۱۱] بن عبداللہ بن عمر بن اسیر [۲۱۲] کی روایت کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ملاقات ہوئی تو کہا اے ابوالحسن آدمی خواب دیکھتا ہے تو بعض ہے اور بعض جھوٹی حضرت علیؓ نے فرمایا ہاں کہ جو بندہ یا عورت بھی سوتا ہے پھر اسے گہری نیند جب آتی ہے تو اس کی رُوح عرش پر ہے لہٰذا جو شخص رُوح کے عرش تک پہنچنے سے پہلے بیدار نہیں ہوتا اس کا خواب سچا ہوتا ہے اور جو عرش پر پہنچنے سے پہلے ہی بیدار ہو اس کا خواب جھوٹا ہوتا ہے۔

ں حدیث کے متعلق ذہبی کی رائے:

امام ذہبی [۲۱۳] اپنی کتاب تلخیص میں فرماتے ہیں کہ یہ حدیث منکر ہے اور حاکم نے بھی اسے صحیح قرار نہیں دیا۔ شاید اس نے جو گرفت ہے وہ اس راوی پر ہے جس نے ابن عجلان سے روایت کی ہے اور اس راوی کا نام عبداللہ الازدی [۲۱۴] خراسانی ہے۔ عقیلی نے اس کا ذکر ہے اور کہا ہے کہ وہ غیر محفوظ ہے پھر اس نے ایک طریقہ سے **عن اسرائیل عن ابی اسحق عن الحرث عن علی** کی روایت میں کے ایک حصے کی روایت کی ہے اور اس حدیث کے مرفوع اور موقوف ہونے کے متعلق اختلاف بیان کیا ہے۔

ں اور رائے:

اور بعض کی یہ رائے ہے کہ خواب ایک قسم کا کلام ہے اور اس طریقے سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ اپنے بندے سے کلام کرتا ہے انہوں نے دیث سے استدلال کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ کَلَامٌ یَکلِّمُ بِهِ الْعَبْدُ رَبَّهٗ (مومن خواب کے ذریعہ پنے رب سے کلام کرتا ہے) اس حدیث کی روایت حکیم ترمذی [۲۱۵] نے عبادہ بن [۲۱۶] الصامت کی سند سے کی ہے اور نوادر الاصول کی ویں اصل میں اس کا ذکر کیا ہے اور اس نے اس کی روایت اپنے استاذ عمر بن ابی [۲۱۷] عمر سے کی ہے جو ضعیف ہے مزید برآں اس ا ایسے لوگ ہیں جنہیں محدثین پسند نہیں کرتے۔

حکیم ترمذی فرماتے ہیں کہ بعض مفسرین نے وَمَا کَانَ لِبَشَرٍ أَنْ یُکلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْیًا اَوْ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ میں مِنْ وَّرَاءِ اب کی تشریح فِی الْمَنَام (خواب میں) کی ہے۔ کچھ اور مفسرین اس طرف کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے خواب پر ایک فرشتہ کو مقرر ا ہے جو لوح محفوظ سے بنی آدم کے حالات معلوم کر کے کچھ حالات لکھ لیتا ہے اور پھر ہر انسان کے واقعات کی مثال بیان کرتا ہے۔ جب وہ سو جاتا ہے تو اسے یہی مثال اشیاء حکمت کے طرز میں اسے پیش کرتا ہے تا کہ یہ اشیاء اس کے لیے بشارت دینے والی ہوں یا نے والی یا عتاب کرنے والی بعض اوقات شیطان انسان کی سخت عداوت کی وجہ سے اس پر مُسلّط ہو جاتا ہے اور طرح طرح کی چالیں سے چلتا ہے اور اس کے معاملات کو ہر طرح سے خراب کرنا چاہتا ہے لہٰذا یا تو وہ اس کی خواب کو گڑ بڑ ڈال کر تلف کر دیتا ہے یا اسے سے غافل کر دیتا ہے۔

ب کی دو قسمیں ہیں خواطر اور ادراکات:

حکیم ترمذی فرماتے ہیں کہ خواب کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) خواطر اور (۲) ادراکات بعینہٖ اسی طرح جس طرح بیداری میں ہوتا ہے بیداری میں انسان کے دل میں کئی قسم کے خیالات گزرتے ہیں اور اسی طرح بیداری میں کئی قسم کے علوم کا ادراک کرتا ہے یا اپنے کے ذریعہ اشیاء کو محسوس کرتا ہے

یہی حال سوئے ہوئے انسان کا ہوتا ہے کہ کبھی اسے خواب ان خواطر کی وجہ سے آتی ہے جو اس کے دل میں پیدا ہوتے ہیں اور کبھی شے کے ادراک اور اس کے مشاہدے کی وجہ سے۔ لہٰذا خواب کی دو قسمیں ہوئیں ادراکات اور خواطر۔

پہلی قسم: ادراکات:

پہلی قسم ادراکات ہیں اور ادراکات کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو رُوح کی طرف منسوب ہیں۔ کیونکہ درحقیقت دیکھنے والی شئ رُوح ہی ہے اور اس کا دیکھنا بصیرت کے ذریعہ سے ہوتا ہے اور ہم اجزاءِ رُوح میں اِنَّ هٰذا الْقُرْآنُ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ حدیث پر بحث کرتے ہوئے بصیرت پر بحث کر چکے ہیں لہٰذا اگر رُوح اپنی بصیرت کے ذریعہ سے دیکھے گی تو اسے رُوح کی طرف منسو کریں گے اور اگر ذاتِ انسانی اور قلب کے ذریعہ سے ایسی اشیاء کو دیکھے گی جنہیں انسان دیکھنے کا عادی ہے مثلاً گھر، مسجد، باغ وغیرہ تو ا خواب کو ذات کی طرف منسوب کریں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح رُوح کے دو کان ہیں ایک وہ جس کی طرف رُوح ذات میں ہونے سے پہلے منسوب ہوتی ہے اور وہ دنیا کے مشرق اور مغرب تک کی اشیاء سن لیتے ہیں اور دوسرے وہ کان ہیں جن کی طرف ذات مجوب ہونے کے بعد منسوب ہوتی ہے اور وہ صرف یہی کان ہیں جن سے انسان سنتا ہے اسی طرح رُوح کی دو بصارتیں ہیں۔ ایک مجو ہونے سے پہلے جو مشرق اور مغرب تک جا پہنچتی اور ساتوں طبقوں کو بھی چیر کر نکل جاتی ہے اور دوسری مجوب ہونے کے بعد کی بصارت یہ صرف آنکھ کے ذریعہ سے ہوتی ہے اور دو مشیتیں [۲۱۸] ہیں ایک مجوب ہونے سے پہلے اور یہ وہ مشیت ہے جس کے ذریعہ سے رُ مشرق اور مغرب کو ایک قدم اٹھانے سے طے کر لیتی ہے اور دوسری مجوب ہونے کے بعد اور یہ محض پاؤں کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔ طرح اس کی دو نظریں ہوتی ہیں۔ ایک مجوب ہونے سے پہلے اور یہ وہ نظر ہوتی ہے جو روح کی بصیرت کے ذریعہ سے ہوتی ہے اور یہ کے تمام جواہر کے ذریعہ سے ہوتی ہے اور رُوح کے ذریعہ سے اپنی تمام معلومات کو ایک لحظہ کے اندر دیکھ لیتی ہے اور اس کے لیے قـ و بعد کوئی نہیں یہاں تک کہ جس ذات میں یہ ہوتی ہے اور دوسری طرف عرش ہو تو اس کے نزدیک دونوں برابر ہوں گے اور دوسری مجـ ہونے کے بعد کی اور یہ صرف دل میں ہوتی ہے لہٰذا جب کوئی شخص سو جاتا ہے اور خواب میں کوئی چیز دیکھتا ہے تو کبھی اسے رُوح کی نظر دیکھتا ہے اور کبھی ذات کی نظر سے اور ان کے درمیان صرف صفائی اور پاکیزگی کا فرق ہے۔ کیونکہ جو نظر رُوح کی طرف منسوب ہے میں صفائی اور پاکیزگی ہوتی ہے اور جو ذات کی طرف منسوب ہوتی ہے وہ اس کے برعکس ہوتی ہے اسی لیے پہلی قسم کے خواب کی کوئی نہیں ہوتی یا اگر ہوتی بھی ہے تو بہت قریب کی تعبیر ہوتی ہے لیکن دوسری قسم میں اس میں دور کا اور مخفی اشارہ ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے میں دقت پیش آتی ہے۔ مثلاً فرض کرو کہ زید کو کسی شخص نے زخمی کر دیا پھر فرض کر لیا جائے کہ واقعہ سے پہلے یہی واقعہ اس نے خواب دیکھا پس اگر اس نے رُوح کی نظر سے دیکھا ہے تو بعینہٖ وہی صورت پیش آئے گی، لیکن اگر بنظر ذات دیکھا ہوگا تو اس طرح دیکھے گا راستہ میں جا رہا ہے اور کوئی لکڑی لگی جس سے زخمی ہو گیا۔ پہلی خواب میں چونکہ صفائی اور پاکیزگی پائی جاتی ہے اس لیے کہ یہ نور رُو دیکھی جاتی ہے اور نور رُوح صحیح ہوتا ہے اور وہ ہر چیز کی حقیقی صورت پیش کرتا ہے برخلاف ثانی کے کہ وہ نور ذات سے دیکھی گئی نور ذات میں باطل شامل ہوتا ہے اور باطل کسی چیز کی حقیقی صورت پیش نہیں کرتا بلکہ اس کو متغیر و متبدل کر دیتا ہے لہٰذا خواب میں بصورت مینڈک اور پرندہ بصورت پتھر اور انسان بصورت لکڑی دکھائی دے گا اور چونکہ بجز نبی کے کہ ان کی ذات معصوم ہوتی ہے ذات ظلمت سے خالی نہیں ہے (اسی لیے امتی کے ہر خواب میں کم و بیش ہوتا ہے اور تعبیر کی ضرورت پیش آتی ہے)

ام۔ظلمت کے دس درجے ہیں:

ت وضعف کے اعتبار سے ظلمت کے دس درجے ہیں:

پہلا درجہ: پہلا درجہ وہ ظلمت ہے جو فعل مکروہ کے سہواً مرتکب ہونے سے ذات پر آتی ہے۔جیسا کہ کوئی شخص سہواً بائیں ہاتھ سے
ی چیز کھائے یا اسی قسم کی کوئی مکروہ بات کا مرتکب ہو۔لہٰذا جب اس قسم کا سہو بندہ سے سرزد ہوتو اس سے اُس کی ذات میں ہلکی سی تاریکی
ں ہوجاتی ہے اور جب وہ شخص سوئے گا اور یہ تاریکی اس کی ذات میں ہوگی تو جب خواب دیکھے گا تو یہ اس کو کسی قدر پلٹ دے گی۔
ں کے طور پر اس قسم کا آدمی اگر خواب میں جنت دیکھے اور اس میں داخل ہونے کا ارادہ نہ کرے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس نے ایک غیر
ب نیکی کرنی چاہی مگر پھر اس سے رجوع کرلیا۔اس تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ نیکی جنت میں داخل ہونے کا سبب ہے اسی لیے خواب میں
ے کے واقع ہونے سے مراد نیکی ہے اور جنت میں داخل ہونے کا ارادہ نہ کرنا اس بات کی علامت ہے کہ وہ اس نیک کام کرنے سے رک
ہے اور بغیر پلٹنے کے خواب کی حقیقت یہ ہے کہ وہ یوں دیکھے کہ اس نے ایک نیک کام کرنے کا ارادہ کیا،لیکن پھر اس سے رک گیا اسی
خواب میں تھوڑا سا ردوبدل ہوگیا جس کا سبب تاریکی ہے۔

دوسرا درجہ: دوسرا درجہ اس ظلمت کا ہے جو ایک حرام بات کو سہواً کرنے سے ذات کے اندر داخل ہوجاتی ہے۔مثلاً یہ کہ کوئی شخص
ہ رکھ کر سہواً کچھ کھالے یا اسی قسم کی کوئی اور حرام بات جو انسان سے سہواً سرزد ہوجائے مگر اس سہو کی وجہ سے اسے گناہ گار نہ کہا جاسکتا ہو
نکہ یہ ظلمت میں اس ظلمت سے جو مکروہ میں سہو واقع ہوجانے سے پیدا ہوتی ہے، زیادہ ہوتی ہے اور اس میں خواب کو اس صورت سے
وہ پلٹ دیا جاتا ہے۔مثلاً اگر کوئی شخص خواب میں جنت دیکھے اور اس میں داخل ہونے کا ارادہ بھی کرے مگر اسے داخل ہونے سے روک
جائے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ ایک فرض کفایہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے مگر پھر نہیں کرتا۔اس کی تعبیر کی وہی وجہ ہے جو پہلے گزر چکی ہے۔
خواب میں تاریکی اس قدر قوی ہوگئی ہے کہ خواب میں اسے اس شخص کی طرح دکھایا گیا ہے جسے جنت میں داخل ہونے سے روکا گیا
تاکہ یہ تاریکی فرض کفایہ سے روکتی ہے اور یہ حرام چیز کو سہواً کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔برخلاف مذکورہ بالا خواب کے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

تیسرا درجہ: تیسرا درجہ اس ظلمت کا ہے جو ذات میں مکروہ چیز کو عمداً کرنے سے داخل ہوجاتی ہے مثلاً کسی نے عمداً بائیں ہاتھ سے
ھانا کھایا وغیرہ۔لہٰذا جب کبھی اس قسم کا فعل کسی انسان سے عمداً سرزد ہوگا تو اس میں اس قدر ظلمت داخل ہوجائے گی جو حرام فعل کو سہواً
رنے سے زیادہ ہوگی لہٰذا اس کی خواب پچھلی صورت کے مقابلہ میں زیادہ بدل کر آئے گی۔مثلاً کسی نے خواب میں دیکھا کہ شیاطین اس
ے گھر میں گھس آئے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اس کی بیوی زانیہ ہے اور لوگ اس کے پاس آتے رہتے ہیں اس تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ
اب میں شیاطین کو دیکھنے سے مراد زانی لوگ ہیں۔کیونکہ ان کی آپس میں مشابہت ہے اور شیاطین کے گھس جانے سے مراد زنا ہے اور گھر
سے مراد بیوی ہے اور اس تعبیر میں بُعد پایا جاتا ہے مگر اس میں خواب کو زیادہ نہیں پلٹا گیا،لیکن جو چیز خواب سے مقصود ہے اس میں خبث اور
ریکی کی زیادتی پائی گئی۔اس لیے کہ اس میں عار، بے عزتی اور آبروریزی سب پائی جاتی ہیں۔چنانچہ یہاں جس شخص کے متعلق تعبیر
یان کی جاتی ہے اس میں تاریکی قوی ہے۔یہاں سے معلوم ہوجائے گا کہ تاریکی بعض اوقات تعبیر میں قوی ہوتی ہے اور کبھی خواب میں

دیکھی ہوئی چیز میں۔

چوتھا درجہ: وہ تاریکی ہے جو حرام کو ارادتاً کرنے سے پیدا ہو جاتی ہے۔ مثلاً کسی نے ارادتاً زنا کیا یا ارادتاً روزہ رکھ کر پھر توڑ
وغیرہ۔ لہٰذا جب اس قسم کا فعل انسان سے قصداً سرزد ہوگا تو اس سے انسان میں پہلے درجوں سے بڑھ کر ظلمت داخل ہو جائے گی مثلاً ک
نے دیکھا کہ وہ ایک بوڑھے مسلمان کے آگے آگے چل رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ صاحب معصیت ہے لیکن اس کا ایمان صحیح
کیونکہ بوڑھے مسلمان سے مراد اس کا ایمان ہے کیونکہ بڑھاپا اور کبرسنی اس پر دال ہیں کہ وہ بصیرت پر ہے لہٰذا اس کے ایمان کی پختگی معل
ہوگئی، لیکن اس کے آگے آگے چلنا گناہوں پر دلالت کرتا ہے کیونکہ صاحب ایمان ایمان کی تابعداری نہیں کرتا بلکہ اس کی پرواہ نہ کر
ہوئے اس کے آگے آگے جا رہا ہے۔ لہٰذا اس خواب کی تعبیر میں تاریکی بھی قوی ہوگی کیونکہ بوڑھے آدمی سے ایمان صحیح مراد لینے میں کا
بُعد ہے اور اسی طرح اس سے آگے چلنے سے معصیت مراد لینے میں بھی کافی بُعد پایا جاتا ہے۔ اسی لیے ہم نے کہا ہے کہ اس درجے
ظلمت پہلے درجات کی نسبت زیادہ قوی ہے اور خواب میں بھی ظلمت قوی ہے کیونکہ معصیت کا معاملہ اور ان کا خطرہ کوئی معمولی چیز نہیں۔

پانچواں درجہ: پانچواں درجہ اس ظلمت کا ہے جو خفیف عقیدے میں جہل بسیط کی وجہ سے داخل ہو جاتی ہے کیونکہ عقیدہ دو قسم
ہے عقیدہ خفیفہ اور ثقیلہ۔ خفیفہ وہ ہے جس کی وجہ سے صاحب عقیدہ ہمیشہ دوزخ میں نہیں رہے گا مگر اس پر سزا ضرور ملے گی۔ مثلاً یہ ایک
عقیدہ ہے کہ آخرت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا اور یہ کہ اللہ تعالیٰ پر جزا واجب نہیں۔ یعنی نیک اعمال پر ثواب اور برے اعمال پر عذاب و
واجب نہیں بلکہ ثواب اس کی مہربانی سے ملے گا اور اگر وہ عذاب دیگا تو یہ اس کا عدل ہوگا اور یہ کہ اللہ تعالیٰ اپنے افعال میں کسی واسطے
محتاج نہیں اور وہ تمام واسطے اور وہ اشیاء جو ان سے پیدا ہوتی ہیں سب اللہ تعالیٰ کے افعال میں شامل ہیں۔ چنانچہ آگ اور اس کا جلانا
کھانا اور اس کے پیٹ کو بھر دینا، تلوار اور اس کا کاٹنا یہ سب اللہ کے افعال میں سے ہے نیز یہ بھی ایک عقیدہ ہے کہ جنت اب بھی موجود
اور دوزخ بھی اس وقت موجود ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نہ دنیا میں کسی پر ظلم کرتا ہے نہ آخرت میں کرے گا۔ یہ تمام امور عقائد خفیفہ میں
جس کا یہ عقیدہ ہوگا وہ صحیح مومن ہے اور اس کا ایمان کامل ہے اور جو ان سے بے خبر ہے مثلاً یہ کہ اس کا عقیدہ یہ ہو کہ اللہ کا دیدار نہ ہوگا یا یہ
اللہ پر جزا و سزا دینا واجب ہے یا یہ کہ اللہ اپنے افعال میں واسطہ کا محتاج ہے یا یہ کہ جنت اور دوزخ موجود نہیں تو اس قسم کے عقائد ر
والوں کو قیامت کے دن اس قدر عذاب ہوگا جو غیر اعتقادی گناہوں سے زیادہ ہوگا۔

عقیدہ ثقیلہ وہ ہے جس سے جہالت کی وجہ سے اعتقاد رکھنے والے کو ہمیشہ کے لیے دوزخ میں جانا پڑے گا۔ مثلاً یہ ایک عقیدہ ثق
ہے کہ اللہ تعالیٰ موجود ہے اور اس کا وجود ازلی اور ابدی ہے اور یہ کہ وہ جو کام کرتا ہے اپنے اختیار سے کرتا ہے اور اس کے افعال نہ طبعی طو
سرزد ہوتے ہیں اور نہ ہی کسی علت یا سبب کی وجہ سے اور یہ کہ وہ ہمارے افعال کا خالق ہے اور ان میں ہمارا قطعاً کوئی اختیار نہیں اور یہ
اس کے ملک میں نہ دنیا کا کوئی بڑا انسان مثلاً بادشاہ یا وزیر اور نہ ہی آسمان کا مثلاً سورج، چاند ستارے اور تمام فرشتے کوئی بھی اس کا شر
نہیں۔ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ سننے اور دیکھنے والا ہے اور یہ کہ وہ علیم ہے۔ یہ سب عقائد ثقیلہ ہیں۔ لہٰذا جب کوئی بندہ عقائد خفیفہ کے ساتھ ال
بھی عقیدہ رکھے تو اس کا ایمان مکمل ہو جاتا ہے، لیکن اگر ان سے عدم واقفیت ہو یا ان میں سے کسی ایک سے بھی ناواقف ہو تو اس کے
خُلُود فی النار واجب ہے۔ خدا ہمیں اس سے بچائے۔

جب تو نے یہ بات سمجھ لی تو اب ہم عقیدہ خفیفہ میں جہل بسیط کی طرف لوٹتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان عقائد سے ذات انسانی پر اس ظلمت طاری ہوجاتی ہے جو مذکورہ بالا تاریکیوں سے زیادہ ہوتی ہے اور اس سے اس کے خواب میں ردو بدل بھی بہت زیادہ ہوگا۔ مثلاً کوئی شخص خواب میں کوئی مردہ دیکھے اور اسے علم بھی ہو کہ وہ مردہ ہے اور وہ اس سے اس کا حال پوچھے اور پوچھے اللہ تعالیٰ نے تم سے کیا وکیا اور میت اپنی حالت کی شکایت کرنے لگ جائے اور اپنی بداعمالیوں کا ذکر کرے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ یہ دیکھنے والے کے دیندار کی دلیل ہے اور یہ کہ اس کی آخرت اچھی ہوگی اور وہ عنقریب اپنے بُرے اعمال سے توبہ کرے گا۔ اس تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ خواب میں ت کرنے کا ضرور اثر ہوتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے زبر وتوبیخ کے قائم مقام قرار دیا ہے اور جو بات اللہ کی طرف سے ہو تو وہ ضرور رہے گی، بندے کی طاقت نہیں کہ وہ میت سے ملاقات کر سکے اور اس سے اس کی حالت کی بابت سوال کرے، بلکہ یہ اللہ ہی کی طرف ہے کہ اس نے خواب دیکھنے والے اور میت کو اکٹھا کر دیا تا کہ وہ جو کچھ بھی سن سکے سن لے تا کہ اس پر اللہ کی رحمت ہو اور اگر اللہ چاہتا تو وہ خص کو اپنی گمراہی میں حیران چھوڑ دیتا۔ پس اس تعبیر میں ظلمت قوی ہوئی کہ اشارہ بہت خفی اور تعبیر بہت زیادہ دقیق ہوگئی۔ واللہ اعلم۔

چھٹا درجہ: وہ ظلمت جو ذاتِ انسانی پر جہل مرکب کے طور پر عقیدہ خفیفہ میں جہالت کی وجہ سے طاری ہوجاتی ہے مثلاً یہ عقیدہ کہ اللہ تعالیٰ کا دیدار نہ ہوگا۔ یا یہ کہ اللہ کے لیے جزا وسزا دینا واجب ہے اور ساتھ ہی یہ عقیدہ رکھنا کہ اس کا یہ عقیدہ درست ہے لہٰذا جو ت اس جہل مرکب عقیدے کے رکھنے سے ذات پر طاری ہوگی وہ اس ظلمت سے زیادہ ہوگی جو اس مرتبے کے پہلے مرتبے میں طاری ہے۔ اس کی مثال یوں ہے کہ کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ وہ دوزخ کا تھوہر کھا رہا ہے اور دوزخ کا گرم پانی پی رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ کہ وہ ہر طرح سے حرام میں داخل ہوگا خواہ روپیہ جمع کرنے کے اعتبار سے خواہ حرام سے منع رہنے کے اعتبار سے چنانچہ وہ ناجائز طور پر کو جمع کریگا اور اسے حقداروں پر صرف نہ کریگا اس تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ حرام دوزخ میں لے جانے دوزخ کا زقوم کھانے اور اس کا گرم پینے کا سبب ہے اور تعبیر کے اعتبار سے اس کی ظلمت یہ ہے کہ زقوم اور گرم پانی دونوں طبعاً مکروہ چیزیں ہیں اور مال وزر طبعاً محبوب ہے مکروہ محبوب ہونے میں دونوں میں فرق ہوا۔ لہٰذا یہ تعبیر بالضد ہوئی مزید برآں جس بات سے تعبیر دور کی ہوجاتی ہے یہ ہے کہ جس کی بر کی جائے وہ تو دنیا کی چیز ہو اور جس سے تعبیر کی گئی ہو وہ آخرت کی چیز ہو یا بالعکس کیونکہ دونوں گھروں (دنیا وآخرت) میں بُعد ہے اور کے درمیان کے اشارے میں بھی بُعد ہے کیونکہ جہنم تھوہر اور گرم پانی مکروہ چیزیں ہیں، لہٰذا یہاں تین وجہ سے ظلمت قوی ہوگئی ہے جو رہ ظلمتوں میں سے کسی ظلمت میں نہیں پائی جاتی۔ واللہ اعلم۔

ساتواں درجہ: وہ ظلمت جو ذات پر عقیدہ ثقیلہ میں جہل بسیط کی وجہ سے داخل ہوتی ہے مثلاً کوئی شخص عقیدہ مذکورہ میں بیان کردہ عقادات کے منافی عقیدہ رکھتا ہو مگر اگر کوئی اسے بتادے تو وہ اس عقیدے سے باز آجائے۔ لہٰذا یہ ظلمت پہلے ذکر کردہ ظلمتوں سے بڑھ کر ہے اس کی مثال یہ ہے کہ کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ وہ جہنم میں داخل ہوا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ والدین کا نافرمان ہے یا اسی قسم کے کسی کبیرہ گناہ میں مبتلا ہے اس تعبیر کی وجہ ظاہر ہے اور ظلمت کی قوت تعبیر کے لحاظ سے ہے، اس لیے کہ یہاں دونوں جہانوں میں اختلاف ہے کیونکہ مرئی شی دار آخرت میں ہے اور جس چیز سے اس کی تعبیر کی گئی ہے وہ دنیا میں ہے اور خواب کے لحاظ سے بھی ہے کہ جہنم میں داخل ہونا اور والدین کی نافرمانی دونوں بُری چیزیں ہیں اور ان کی ظلمت کسب حرام کی ظلمت سے زیادہ ہے اسی لیے اس مرتبے کی ظلمت زیادہ قوی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

آٹھواں درجہ: وہ ظلمت جو ذات پر عقیدہ ثقیلہ میں جہل مرکب کی وجہ سے داخل ہوتی ہے مثلاً یہ عقیدہ رکھنا کہ انسان اپنے افعا
کا خالق ہے اور پھر یہ سمجھتا ہو کہ اس کا یہ عقیدہ درست عقیدہ ہے لہٰذا یہ ظلمت اوپر والی ظلمت سے بھی زیادہ ہوگی اور اس سے خواب میں ا
سے بھی زیادہ ردو بدل ہوگا۔ اس کی مثال یوں ہے کہ کسی شخص نے دیکھا کہ اسے ایک فرشتے نے پکڑ لیا اور جہنم میں ڈال دیا ہے تو اس
تعبیر یوں ہوگی کہ تقدیر الٰہی اسے معصیت کی طرف لے جائے گی اور اس تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ یہاں فرشتہ کا اشارہ تقدیر کی طرف
اور جہنم کا اشارہ معصیت کی طرف ہے اور اس میں ظلمت کی وجہ یہ ہے کہ فرشتے سے مراد تقدیر لی گئی ہے اور یہ بہت خفی اور دقیق اشارہ
اور ساتھ ہی خواب بھی گھناؤنی ہے کیونکہ فرشتے کا بندہ کو جبراً پکڑنا اور اسے دوزخ میں ڈالنا نہایت ہی مکروہ بات ہے برخلاف اس کے
جس نے دیکھا کہ وہ جہنم میں داخل ہوگیا ہے یا یہ کہ اس نے زقوم کھایا ہے اور دوزخ کا گرم پانی پیا ہے کیونکہ وہاں کسی قسم کا جبر نہیں
جاتا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے کہا ہے کہ اس مرتبہ کی ظلمت مذکورہ بالا مراتب سے بڑھ کر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

نواں درجہ: وہ ظلمت جو ذات پر آنحضرت ﷺ کی ذات کے متعلق جہل بسیط کی وجہ سے داخل ہوتی ہے مثلاً یہ کہ
آنحضرت ﷺ کے بارے میں ایسی صفات کا عقیدہ رکھے جو درحقیقت آپ ﷺ میں نہیں پائی جاتیں مگر یہ عقیدہ ایسا ہو کہ اگر اسے
ہو جائے تو اس سے باز آجائے۔ لہٰذا یہ ظلمت ماقبل کی ظلمت سے زیادہ ہوگی کیونکہ آنحضرت ﷺ اللہ کا دروازہ ہیں اور جو دروازے
ناواقف ہوگا اور اس سے بھٹک جائے گا تو وہ گھر میں کبھی بھی داخل نہ ہو سکے گا۔ کیونکہ اگر آنحضرت ﷺ نہ ہوتے تو نہ تو ہمارا ایمان
درست ہوتا اور نہ ہی دنیا اور آخرت کی کوئی بھلائی درست ہوتی۔ اس کی مثال یہ ہے کہ کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ وہ جوان ہوگیا
حالانکہ وہ دراصل بوڑھا تھا تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اسے بہت سی دنیا حاصل ہوگی جس میں وہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری نہ کریگا۔ اس تعبیر
وجہ یہ ہے کہ بڑھاپے کی حالت کا اشارہ فقر کی طرف ہے اور جوانی جس کی طرف وہ لوٹ کر گیا ہے اس کا اشارہ مالداری کی طرف اور
میں ظلمت کی قوت تعبیر کی وجہ سے ہے کیونکہ شباب سے حصول دنیا مراد لینا نہایت ہی خفی امر ہے اور خود خواب میں بھی ظلمت قوی ہے کہ
ہر گناہ کی اصل ہے بالخصوص جب کہ بکثرت ملے جیسے کہ اس خواب میں اور اس لیے بھی کہ وہ مالداری میں نیک کام نہ کریگا۔ واللہ اعلم۔

دسواں درجہ: وہ ظلمت جو ذات پر آنحضرت ﷺ کی ذات کے متعلق جہل مرکب کی وجہ سے داخل ہو۔ مثلاً یہ کہ
آنحضرت ﷺ کے متعلق ایسی صفات کا عقیدہ رکھے جو درحقیقت آپ میں نہیں ہیں اور پھر یہ بھی عقیدہ رکھے کہ اس کا عقیدہ صحیح ہے
یہ ظلمت جو ذات پر مذکورہ بالا جہل مرکب کی وجہ سے داخل ہوگی ہر پہلی ذکر کردہ ظلمت سے بڑھ کر ہوگی مثلاً کوئی یہ دیکھے کہ وہ
نوجوان کے پیچھے پیچھے چل رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ لوطیوں والا کام کرے گا اور اس میں تعبیر کی وجہ ظاہر ہے اور ظلمت کی قوت
خواب میں ہے کہ لواطت بہت بڑا گناہ ہے۔ نَسْأَلُ اللّٰهَ السَّلَامَةَ بِعِنِّهٖ وَكَرَمِهٖ۔ حضرت نے فرمایا یہ ظلمت کے دس درجے نگاہ
کی طرف منسوب ہیں۔

درجات طہارت

رہے درجات طہارت جو رُوح کی طرف منسوب ہیں وہ بھی دس ہیں اور یہ مذکورہ بالا درجات کا عدم اور ان کی ضد ہیں اس
درجات طہارت کا حال ثقل اور خفت کے اعتبار سے درجات ظلمت کے برعکس ہوگا۔ کیونکہ مذکورہ بالا دس درجوں میں سے ثقیل تر

ری درجہ بارگاہ محمد یہ ﷺ میں جہل مرکب کا ہے اور یہاں درجات طہارت میں جہل مرکب سے پاک ہونا، پھر جہل بسیط سے پاک ہونا
رخصیفہ میں جہل مرکب سے پاک ہونا، پھر جہل بسیط سے پاک ہونا، پھر حرام چیز کا عمداً نہ کرنا، پھر مکروہ بات کا عمداً نہ کرنا پھر حرام میں سہو کا
ع نہ ہونا اور یہ ثقیل ترین امر ہے کیونکہ مکروہ میں سہو کے نہ ہونے کے ساتھ ساتھ جہل مرکب یا بسیط بھی ہوسکتا ہے جس کی مثالیں ہم
ریب بیان کریں گے۔ پھر یاد رکھیں کہ جب رُوح اپنی بصیرت اور صاف نگاہ سے خواب دیکھتی ہے تو اصلی حالت پر دیکھتی ہے کہ اس میں
ی قسم کی تبدیلی یا تغیر نہیں ہوسکتی پھر جب رُوح اسے ذات کے حوالے کرنے لگتی ہے تو ذات کی طرف دیکھتی ہے پس اگر ذات ظلام سے
ی اور ہر لحاظ سے معصوم ہو تو وہ اس خواب کی رُوح تک بغیر تبدیلی اور تغیر کے جیسا اس نے دیکھا ہوتا ہے ادا کر دیتی ہے، لیکن اگر ذات میں
ت ہوگی تو اسے ادا کرتے وقت خواب میں ردو بدل ہوگا اور تعبیر اس کی ظلمت کی مقدار کے مطابق ہوگی اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ رُوح جب
ت تک خواب پہنچاتی ہے تو اس کا پہنچانا انہی دو قسموں میں منقسم ہو جاتا ہے لہٰذا خواب کی ادائیگی کے وقت خواب میں ذات طاہرہ کے لیے
ی قسم کا ردو بدل نہیں ہوتا یہ ردو بدل تو صرف ظلمتوں کی وجہ سے ہوتا ہے اور ہم نے ذات کو پاک فرض کیا ہے کہ غیر طاہر ذات کے لیے
ت کی مقدار کے مطابق ردو بدل واقع ہوتا ہے کیونکہ اگرچہ اس میں صفائی ہوتی ہے مگر ظلمت کسی اور وجہ سے ہوتی ہے۔ مختصر یہ کہ صفائی یا تو
ی صفائی ہوتی ہے اور وہ صرف انبیاء معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ذات میں ہوتی ہے یا جزئی ہوتی ہے اور ایک جہت سے ہوتی ہے اور
سری جہت سے نہیں ہوتی۔ اسی لیے اس کے بھی دس درجے ہیں اور ان کی ترتیب مذکورہ بالا دس درجوں کی ترتیب سے برعکس ہے۔

ہارت کا پہلا درجہ:

آنحضرت ﷺ کی ذات کی نسبت جہل مرکب کا نہ ہونا اس قسم کے جہل سے پاک ہونا ہر طرح کی دوسری صفائی سے بڑھ کر ہے
ا لئے اس صفائی کے ہوتے ہوئے جو خواب آئے گا۔ اس کی تعبیر کی گویا کوئی ضرورت ہی نہیں مثلاً کوئی شخص یہ دیکھے کہ حق تعالیٰ اس سے
نی اور خوش ہیں اور تبسم فرما رہے ہیں تو اس کی تعبیر یہی ہے کہ اللہ اس سے راضی ہے اور اس کے اعمال اللہ کے نزدیک پاک ہیں۔

وسرا درجہ:

بارگاہ عالیہ رسالت مآب ﷺ کے بارے میں جہل بسیط سے پاک ہونا۔ اس صفائی کا درجہ مذکورہ بالا صفائی کے درجہ سے کم ہے مگر
ں کے بعد اس کا درجہ آتا ہے، اسی لئے اس صفائی والے آدمی کی خواب میں تھوڑی تعبیر کی ضرورت ہے مثلاً کوئی دیکھے کہ وہ فرشتوں سے لڑ
ہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اسے یا پھنسیاں نکلیں گی یا کھجلی لاحق ہوگی یا کسی عادی سبب کے بغیر اس کے کسی عضو کی ہڈی ٹوٹ جائے گی۔
ں تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ دیکھنے والی تو رُوح ہے اور جو فرشتے دکھائی دیئے ہیں وہ ذات کے فرشتے ہیں جو اس کی حفاظت پر مقرر ہیں اور رُوح
ن سے جھگڑ رہی ہے کیونکہ جب رُوح نے دیکھا کہ عنقریب ذات میں پھوڑے پھنسیاں وغیرہ نکلنے والی ہیں تو ذات کے محافظ فرشتوں
ے جھگڑنا شروع کر دیا تو گویا وہ یوں کہہ رہی ہے کہ یہ تمہاری حفاظت میں کوتاہی کی وجہ سے ہے۔ لہٰذا یہ خواب اس کلام کی طرح ہے جس
یں کچھ حذف کیا گیا ہو۔ پس جب اس محذوف کلام کو مقدر مان لیا تو کلام صحیح اور مطلب واضح ہوگیا۔ یہی حال اس جگہ ہے کہ اگر جھگڑنے
کا سبب ذکر کر دیا جاتا تو خواب واضح ہو جاتی اور تعبیر کی ضرورت ہی نہ پڑتی۔

تیسرا درجہ:

تیسرا درجہ عقیدہ ثقیلہ میں جہل مرکب سے پاک ہونا ہے اس درجے کی صفائی کا درجہ گزشتہ درجے کی صفائی کے بعد آتا ہے اسی لئے اس کی خواب میں تعبیر کی ضرورت پڑتی ہے مثلاً کوئی یوں دیکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے خوف زدہ اور مرعوب حالت میں کھڑا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی مصیبت میں گرفتار ہوگا اور اللہ تعالیٰ اسے نجات بخشے گا اور اس میں اسے اجر عظیم ملے گا اور اس تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے لوگ صرف قیامت کے دن کھڑے ہونگے اور وہ بھی مومن لوگ۔ اگر اس مومن کی ذات ظلمت سے پاک نہ ہوتی تو اسے خواب میں ڈانٹ ضرور پڑتی۔ پھر انجام کار اسے نجات ملے گی اور وہ ہمیشہ کے لئے جنت میں جائے گا۔ لہٰذا جب اس نے دیکھا کہ وہ اس حالت میں (یعنی گھبراہٹ کے عالم میں) اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہے تو اس کی تعبیر وہی ہے جو ذکر کی گئی۔ درحقیقت دیکھنے والی تو رُوح ہے اور تعبیر کی ضرورت تو اس وقت پڑی جب رُوح نے یہ خواب جسم کے حوالے کی نہ اس لئے کہ رُوح کی نگاہ میں کوئی ظلمت تھی اور اگر اس خواب کا دیکھنے والا کوئی ولی یا عارف یا نبی یا رسول ہوتا تو اس کی تعبیر کسی اور طرح ہوتی جس کا ذکر بہت لمبا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

چوتھا درجہ:

چوتھا درجہ عقیدہ ثقیلہ میں جہل بسیط سے پاک ہونے کا ہے اس صفائی کا درجہ ماقبل کے درجے سے بعد آتا ہے۔ مثلاً کسی نے عزرائیل علیہ السلام کو دیکھا وہ اسے دیکھ کر ہنس رہے ہیں اور خوش ہو رہے ہیں' اس کی تعبیر درازی عمر ہے۔ اس تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ اس شخص کے ایسے بزرگ فرشتہ کے ساتھ خوش ہونے کا مطلب سوائے درازی عمر کے اور کچھ نہیں ہوسکتا مگر ذات کے حوالے کرتے وقت اس میں ظلمت آئی اور تعبیر میں دقت واقع ہوئی۔ اس لئے کہ ملک الموت کی ہنسی سے درازی عمر مراد لینا ایک خفی اور دقیق اشارہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

پانچواں درجہ:

پانچواں درجہ عقیدہ خفیفہ میں جہل مرکب سے پاک ہونا ہے۔ یہ عدم اور صفائی ماقبل سے بھی نیچے درجے کی ہے۔ مثلاً یہ کہ کسی نے ابوبکر صدیقؓ کو خواب میں دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ دیکھنے والے کو نبی کریم ﷺ سے بہت محبت ہے اور اس میں ذات کو حوالے کرتے میں جو ظلمت آئی وہ یہ ہے کہ ابوبکرؓ سے آنحضرت ﷺ کی طرف اشارہ لیا گیا حالانکہ دونوں میں کوئی تلازم[219] نہیں۔ اسی لئے یہ اشارہ بہت خفی ہوا اور ذات کے حوالے ہوتے وقت ظلمت کی وجہ سے خفا لاحق ہوا۔ اس لئے اس کی ظلمت پہلے سے زیادہ ہوئی۔

چھٹا درجہ:

چھٹا درجہ عقیدہ خفیفہ میں جہل بسیط سے پاک ہونا ہے کہ اس عدم کا درجہ ماقبل کے بعد آتا ہے۔ مثلاً کسی نے فرشتوں کو کسی ایک جگہ دیکھ لیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس مقام پر ایک مسجد بنے گی۔ جس میں اللہ کی عبادت اور اس کی تسبیح و تقدیس ہوا کرے گی اس تعبیر کی وجہ ظاہر ہے اور اس میں ذات کے حوالے ہوتے وقت جو ظلمت آئی وہ یہ ہے کہ کہاں عالم انوار کے فرشتے اور کہاں عالم اغیار کی مسجد برخلاف ماقبل کے کہ وہاں اگرچہ حضرت صدیقؓ اور محبت محمدیہ ﷺ میں کوئی تلازم نہ تھا مگر عالم تو ایک تھا۔

ؤاں درجہ:

ساتواں درجہ یہ ہے کہ حرام کا قصداً ارتکاب نہ کیا جائے مثلاً کسی نے اسرافیلؑ کو کسی جگہ دیکھ لیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس جگہ سخت ہوگا یا بڑی خوشی واقع ہوگی۔ وجہ تعبیر یہ ہے کہ حضرت اسرافیلؑ فتنوں اور خوشی کے معاملات پر متعین ہیں اور اس میں حوالہ ذات ہونے ت کی ظلمت ماقبل سے زیادہ قوی اس اعتبار سے ہے کہ فتنہ وسرور کیساتھ حضرت اسرافیل علیہ السلام کا تعلق اتنا مشہور نہیں جتنا حضرت ل علیہ السلام کا تعلق عمر وزندگی کے ساتھ معروف ومشہور ہے۔ مزیں برآں اس میں عالم انوار اور عالم اغیار کا بُعد موجود ہے۔ لہٰذا اس ل والی ظلمت کے ساتھ مزید ظلمت بھی پائی گئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اں درجہ:

آٹھواں درجہ مکروہ بات کا عمداً نہ کرنے کا ہے مثلاً کسی نے دیکھا کہ شیاطین اسے گھیرے ہوئے ہیں پس اس کی تعبیر یوں ہوگی روں کا گروہ اس پر حملہ آور ہوگا یا اس کا مال چوری ہو جائے گا یا لوگ اس کی بلاوجہ غیبت کریں گے۔ وجہ تعبیر ظاہر ہے اور ظلمت ں خواب میں ہے کہ مال چوری ہو جانا اور غیبت ہونا اس خواب دیکھنے والے کے لئے پریشان کن اور ناگوار امر ہے جو کہ پہلی ں میں نہ تھا۔

درجہ:

نواں درجہ عدم سہو حرام ہے مثلاً دیکھا کہ کسی مقام پر قیامت بپا ہوگئی ہے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس جگہ کی حالت بدل جائے گی۔ اگر ور ہا تھا تو ظلم ہونے لگے گا یا بالعکس۔ اس میں ظلمت ذات کے حوالے ہوتے وقت تعبیر میں آئی ہے کیونکہ حقیقی قیامت اور تبدیل میں بہت بُعد پایا جاتا ہے پھر قیام قیامت سے عدل سے ظلم کی طرف منتقل ہونا تو اور بھی زیادہ بعید ہے کیونکہ قیامت کے دن کسی قسم کا وگا۔ لہٰذا اس میں اسرافیل علیہ السلام کو دیکھنے کے مقابلے میں زیادہ ظلمت پائی گئی کیونکہ ان کا تعلق فتنہ وفرح کے ساتھ یکساں تھا مگر یام قیامت کا تعلق عدل وظلم کے ساتھ ایک جیسا نہیں۔ واللہ اعلم

ا درجہ:

دسواں درجہ عدم سہو مکروہ کا ہے یہ درجہ سب سے زیادہ ثقیل اور ذات کا حوالہ کرتے وقت سب سے زیادہ ظلمت والا ہے۔ مثلاً یہ دیکھنا شیطانوں کا دوست ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے دوست واحباب بُرے لوگ ہیں۔ وجہ تعبیر ظاہر ہے اب اس کی ظلمت کو دیکھو س ظلمت جتنی ہے جو ذات کی نگاہ میں ہے کیونکہ انسان اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے لہٰذا جب ہمنشینوں میں کوئی بھلائی نہیں تو ں بھی ویسا ہی ہوگا۔ لہٰذا یوں سمجھنا چاہیے کہ اس خواب کی ظلمت خبث ذات اور اس کی بداعمالی کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔ بعینہٖ اُن ں کی طرح جو ذات کی طرف منسوب کردہ دس قسموں میں پائی جاتی ہیں۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک اگرچہ ان کے مراتب مختلف خبث ذات کی طرف اشارہ کرتی ہے جیسا کہ گزر چکا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال:

میں نے عرض کیا حضرت اس تعبیر کا تو یہ مطلب نکلا کہ تعبیر کا سبب وہ ظلمت ہے جو ذات میں پائی جاتی ہے۔ اگر چہ صورت مختلف ہوتی ہے کہ رُوح کے دیکھے ہوئے میں تعبیر کی ضرورت ذات کو حوالہ کرتے وقت ہوئی اور ذات کے دیکھے ہوئے میں تعبیر کی ضرورت خواب میں ہوئی جیسا کہ ذکر ہو چکا مگر جب کسی ذات میں اس کے ہر لحاظ سے معصوم ہونے کی وجہ سے کوئی ظلمت نہ ہو مثلاً انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ذات تو وہاں تعبیر کی حاجت نہ ہونی چاہیے کیونکہ جو تعبیر کا سبب تھا۔ یعنی ظلمت وہ ان میں مفقود ہے مگر ہم دیکھتے ہیں کہ انبیاء کی بہت سی خوابوں کی تعبیر کی گئی مثلاً یوسف علیہ السلام کا خواب جس کا ذکر اس آیت میں ہوا ہے۔ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُهُمْ لِیْ سَاجِدِیْنَ ○ (سورہ یوسف۔ آیت نمبر ۴) کیونکہ درحقیقت جنہوں نے یوسف علیہ السلام کو سجدہ کیا ان کے بھائی اور والدین تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا (وہ سجدے میں گر گئے) وَقَالَ یٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِیْلُ رُءْیَایَ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا ؕ (سورہ یوسف) (ابا جان یہ میرے خواب کی تعبیر ہے۔ میرے رب نے میرے خواب کو سچ کر دکھا اسی طرح ابراہیم علیہ السلام کا خواب ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یٰبُنَیَّ اِنِّیْۤ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْۤ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی (الصّٰفّٰت آیت ۱۰۲) (بیٹا میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تمہیں ذبح کر رہا ہوں اب دیکھ لو کہ تمہاری کیا رائے ہے)

کیونکہ درحقیقت ذبح تو مینڈھے کو کیا گیا تھا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ (ہم نے اس کے فدیہ ایک بڑا ذبیحہ دے دیا) اسی قسم کا خواب آنحضرت ﷺ کا خواب ہے کہ آپ ﷺ نے دیکھا کہ گائے ذبح کی جا رہی ہے اور آپ کی تلوار کی دھار دندانہ دار ہو گئی ہے اور ایک مضبوط زرہ ہے (جس میں آپ داخل ہو گئے) تو آپ نے گائے ذبح کئے جانے سے یہ سمجھا کہ آپ کے گھرانے کا ایک فرد شہید ہو گا اور مضبوط زرہ سے مراد مدینہ لی اور یہ کہ اگر آپ ﷺ مدینہ سے باہر نہ نکلتے تو آپ ﷺ کو کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔ اسی طرح آپ کی یہ خواب ہے کہ لوگ قمیض پہنے آپ کے سامنے پیش ہو رہے ہیں۔ بعض کی قمیصیں پستانوں تک ہیں اور بعض کی اس سے نیچے اور پھر عمر کو دیکھا کہ ان کی قمیض اس قدر لمبی ہے کہ وہ اسے گھسیٹتے ہوئے چلے آ رہے ہیں۔ اس پر صحابہ نے کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ نے اس کی کیا تعبیر فرمائی ہے۔ فرمایا دین۔ اسی طرح آنحضرت ﷺ کے دیگر کثیر التعداد خواب ہیں میں تعبیر کی گئی۔

جواب:

انبیاء کی خوابیں دو قسم کی ہیں معاینہ اور وحی: اس کے جواب میں حضرت نے فرمایا کہ انبیاء علیہ السلام کی نیند عام لوگوں کی طرح ہوتی کیونکہ وہ خواہ سوئے ہوئے ہی کیوں نہ ہوں۔ مشاہدہ حق میں لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ ان کی آنکھیں تو سوئی ہوتی مگر دل بیدار ہوتے تھے اسی لئے ان کی خوابیں بھی دو قسم کی تھیں۔ (۱) معانیہ اور (۲) وحی۔ معانیہ یہ ہے کہ نبی خواب میں ایک چیز کا کرے اور بیداری میں وہ چیز بغیر کم و کاست کے بعینہ اسی طرح نکل آئے۔ آنحضرت ﷺ کی یہ خواب کہ آپ ﷺ اور آپ ﷺ صحابہ بڑے امن سے سر منڈا کر یا کتروا کر مسجد حرام میں داخل ہوں گے۔ اسی قسم کی تھی۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ (سورہ فتح آیت ۲۷) (اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی خواب سچی کر دی۔) چنانچہ اس جگہ خواب کو نہ تو محض

لرف اور نہ محض ذات کی طرف منسوب کیا جائے گا بلکہ دونوں کی طرف منسوب کیا جائے گا کیونکہ صفائی اور طہارت دونوں میں یکساں ۔اسی قسم میں سے وہ تمام امور ہیں جو آنحضرت ﷺ نے معراج کی رات دیکھے کیونکہ ایک بار تو معراج روحانی طور پر ہوئی۔ جیسے کہ ی بار آپ ﷺ کی ذات کو معراج کرائی گئی۔

راج دو مرتبہ ہوئی۔ ایک مرتبہ روحانی' دوسری مرتبہ جسمانی:

چنانچہ پہلی ۲۲۰ بار جو معراج رُوح کے ساتھ ہوئی وہ رویای منامی تھا۔ چنانچہ اس وقت آپ ﷺ کی ذات سو رہی تھی اور جو کچھ بھی ارُوح نے دیکھا اور اس میں کسی قسم کی تاویل یا تعبیر نہ کی گئی۔ مختصر یہ کہ اس قسم کی خواب آنکھوں دیکھی بات کی مانند ہوتی ہے چنانچہ بصیرت میں کوئی تبدیلی نہیں کی جاسکتی۔ اس طرح اس خواب میں بھی کوئی تبدیلی نہیں کی جاسکتی۔

اب وحی:

اب رہی خواب کی دوسری قسم یعنی خواب بطور وحی کے تو وہ انبیاء کی ہر ایسی خواب ہے جس کی تعبیر کی جاسکتی ہو۔ اس کی تحقیق یوں ہ نبی علیہ السلام نے اس قسم کی خواب میں کسی خارجی وجود والی چیز کو نہیں دیکھا اور اس کی طرف آپ کی ذات یا رُوح نے توجہ کی ہوتی بلکہ اللہ تعالیٰ جو بھی حکم یا ممانعت یا کسی بات کی خبر دینا چاہتے ہیں فرما دیتے ہیں مگر اپنے کلام کے بجائے کچھ امور پیدا کر کے دکھا دیئے تے ہیں اور وہ وحی الٰہی کے معلوم کرنے کا ذریعہ بن جاتے ہیں اس کی صورت یوں سمجھیں کہ کوئی شخص دوسرے کو رمز اور اشارے سے حکم ہا ہو' یا منع کر رہا ہو یا کسی چیز کی خبر دے رہا ہو۔ لہٰذا یہ چیزیں جو ان کی خوابوں میں واقع ہوتی ہیں ان کو اللہ تعالیٰ نبی کے ساتھ مخاطب نے کے لئے وضع فرماتا ہے چنانچہ انبیاء علیہم السلام ان اشاروں کو سمجھ جاتے ہیں۔ اسی لئے وہ ان کی اِطاعت کرتے ہیں اور انہیں اس ا قائم مقام سمجھتے ہیں جو انہیں بیداری میں ہوتی ہے۔

حضرت نے فرمایا ان مذکورہ بالا خوابوں میں موجودہ اشیاء کا راز یہ ہے کہ صرف مشاہدے کی چیزوں میں بیان اور خطاب ہوتا ہے نبیاء علیہ السلام تو ہر وقت مشاہدہ حق میں ہوتے ہیں خواہ وہ خواب کی حالت میں ہی کیوں نہ ہوں اور اللہ کی مخلوق کو دیکھ کر بھی وہ مشاہدہ کر رہے ہوتے ہیں۔ بعینہ اسی طرح جس طرح کہ ایک پرندہ ایک حالت پر قائم نہیں رہتا۔ چنانچہ تو دیکھتا ہے کہ وہ کبھی اس ٹہنی پر ہوتا بھی اس ٹہنی پر اور کبھی اس درخت پر اور یہی حال انبیاء علیہم السلام کا ہوتا ہے کبھی انہیں مشاہدہ حق آسمانوں اور زمینوں یکھ کر حاصل ہو جاتا ہے اور کبھی ستاروں' سورج اور چاند کو دیکھ کر۔ لہٰذا جب وہ ان چیزوں کو دیکھتے ہیں تو خالق سبحانہ کی عظمت ان کی موں کے سامنے آجاتی ہے اور انہیں اس قدر عظیم الشان مشاہدہ حاصل ہوتا ہے جس کا بیان نہیں ہوسکتا۔ بس جب حق تعالیٰ چاہتا ہے کہ مشاہدے کی حالت میں انہیں کسی اجنبی چیز پر مطلع فرمائے تو وہ چیز ان کی اسی شے میں دکھلاتا ہے جس میں ان کو مشاہدہ حق ہو رہا ہے۔ نچہ یوسف علیہ السلام کی خواب میں یہی بات واضح ہوئی کہ انہیں خواب میں ستاروں' سورج اور چاند کو دیکھ کر مشاہدہ حق حاصل ہوا اس ے کہ جب آپ کی رُوح آسمانوں کو چڑھی تو اسے مشاہدہ مذکورہ حاصل ہوا۔ لہٰذا جب اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ بتلانا چاہا کہ ان کے والدین ۔ بھائی انہیں سجدہ کریں گے تو یہ سجدہ انہیں ستاروں' سورج اور چاند میں دکھلایا جن میں کہ مشاہدہ حق ہو رہا تھا کیونکہ باطن بغیر ارادے کے

جس مشاہدہ میں مشغول ہے اسی میں مشغول رہے اور حضرت یوسف علیہ السلام کا ارادہ وقصد کسی اور چیز کی طرف نہ جائے۔

اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب اللہ کی اس نعمت کو دیکھا کہ ان کو بیٹا عطا کیا گیا ہے اور خیال آیا کہ کتنا بڑا انعام ہے انہیں مشاہدہ حق حاصل ہوا لہٰذا جب اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ انہیں اس مینڈھے کے ذبح کرنے سے مطلع کیا جائے جو بیٹے کا فدیہ ہوگا تو انہیں اسی بیٹے کا ذبح کرنا دکھایا گیا جس میں مشاہدہ حق ہو رہا تھا۔ یہی حال مذکورہ بالا تمام خوابوں کا ہے (جن میں تعبیر کی ضرورت پڑی) واللہ اعلم

الحاصل یہ تمام تفصیل قسم اول کے متعلق ہے جن کو ادراکات کہتے ہیں۔ رہی دوسری قسم جسے خواطر کہتے ہیں تو میں نے حضرت سے اس قسم کے خواب کا سبب پوچھا تو آپ نے اس قسم کا بیان بھی فرما دیا۔

سوال: میں نے ایک دن حضرت سے ان امور کے متعلق دریافت کیا جنہیں خواب دیکھنے والا دیکھتا ہے۔

جواب: حضرت نے فرمایا کہ خوابوں کے اختلاف اور ان کی نوعیت کے بدلنے کا سبب ذات کے خواطر کا اختلاف اور ان کا تنوع اور خواطر کے اختلاف اور تنوع کا سبب ایک امر غیبی ہے جس پر اکثر مخلوقات کو اطلاع نہیں ہوتی۔ میں نے عرض کیا کہ وہ امر کیا چیز ہے؟

فرمایا وہ بندے کے دل میں اللہ کا فعل ہے اور اللہ کا فعل بندے کے دل میں جاری رہتا ہے اور کسی حالت میں خواہ خواب کی ہو یا بیداری کی بند نہیں ہوتا تا آنکہ رُوح بدن سے نہ نکل جائے اور انسان کے وجود میں آنے سے لے کر موت تک دل کی ہر حرکت اللہ کے کا نتیجہ ہوتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ کو ایک معین اور مخصوص امر مقصود ہوتا ہے لہٰذا اس امر کا دل پر گزر ہوتا ہے اور جب دل کی دوسری حرکت ہوتی ہے تو دوسرا امر معین دل پر گزرتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس تیسرا اور چوتھا وغیرہ لہٰذا جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتے تو دل کی پہلی حرکت کا خیال نیک ہوتا ہے۔ اسی طرح دوسری اور تیسری وغیرہ حرکات کا خیال بھی نیک ہی ہوتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ بندے سے برائی کا ارادہ فرماتے ہیں تو پہلی حرکات کا خیال بھی برا ہوتا ہے۔ اسی طرح باقی حرکات کا حال ہے، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ فرمائے۔ اور اس سے بھلائی کا ارادہ فرمائے تو خواطر بھی خیر کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا بندوں کے تمام اعمال ان خواطر کے ہوتے ہیں اور ان کے خواطر ان کے دل کی حرکات کے تابع ہوتے ہیں اور یہ حرکات ان کے خواطر کے تابع ہوتے ہیں۔

اس پر میں نے عرض کیا کہ اس حدیث کا کیا یہی مطلب ہے کہ بندوں کے دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں جس طرح وہ ہے پلٹ دیتا ہے؟

حضرت نے فرمایا ہاں یہی مراد ہے۔

اس پر مجھے حرکات قلب اور ان کے تغیرات کے خیال سے سخت خوف طاری ہو گیا اور مجھے معلوم ہو گیا کہ تمام سعادت وشقاوت کا دارومدار انہی حرکات پر ہے۔ خدا سے ہماری درخواست ہے کہ ان حرکات کو اس طرح چلائے جس طرح کہ وہ پسند کرتا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ ان حرکات قلبیہ کے ثمرے کی مدت خواہ خیر ہو یا شر سات دن ہے جس کا یہ مطلب ہے کہ حرکت قلب کی تعالیٰ کی جو مراد ہوتی ہے اسے یا تو بندہ فوراً پا جاتا ہے یا تھوڑی دیر کے بعد۔ بعض اوقات اس میں تاخیر بھی واقع ہو جاتی ہے لیکن سات سے زیادہ نہیں ہوتی۔ چنانچہ ایسا ہوتا ہے کہ بندہ ایک دن کوئی کام کر رہا ہوتا ہے اور اس کی حرکت ایک دن یا زیادہ پہلے سے ہو چکی ہے۔ اس کی مثال نباتات کی سی ہے کہ باوجود اس کے کہ بیج ایک ہی ہوتا ہے مگر کچھ حصہ ایک دن میں ظاہر ہوتا ہے اور کچھ بعد میں آ

پہلے۔ فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ۔

(حضرت نے فرمایا) کہ جب یہ بات معلوم ہو چکی کہ خواطر کا دارومدار قلب میں ارادہ باطنی پر ہے تو اب یاد رکھیں کہ انسان کی دو ہیں' (۱) حالت بیداری اور (۲) حالت نوم۔ بیداری کی حالت میں ذات حکم کرے گی اور رُوح اور زندگی اور ذات کا حکم جہالت ء کی حقیقت سے ناواقفیت کی بناء پر ہوتا ہے لہٰذا اگر بیداری کی حالت میں بندے پر حج کا خیال گزرے تو فقط حج ہی کا گزرے گا رزائد چیز ساتھ نہ ہوگی۔ یا اگر آسمان پر جنت یا دوزخ وغیرہ کا خیال آئے گا تو اسے صرف ان چیزوں کا شعور آئے گا مگر حالت نوم ں معطل ہو جاتے ہیں اور اعضاء کو سکون و آرام ملتا ہے اور اللہ کا فعل دل پر بدستور جاری رہتا ہے نہ بیداری میں بند ہوتا ہے نہ نیند ت میں۔ لہٰذا جب دل کسی ایک چیز کے خیال سے متحرک ہوگا تو رُوح اس کی طرف دیکھے گی کیونکہ ذات کا حکم تو منقطع ہو چکا ہے اور رشے سے واقف پیدا کی گئی ہے۔ لہٰذا جب وہ ان اشیاء کی طرف متوجہ ہوتی ہے تو ان کا اس طرح ادراک کر لیتی ہے جس طرح آنکھ لیا۔ پس اگر کوئی اپنے آپ کو آسمانوں کے اوپر یا حج میں کسی خاص جگہ دیکھے تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ اس جگہ کا خیال دل پر گزرا اس کے پیچھے پیچھے ہو لی اور اس کا ایسا ادراک کر لیا جیسا کہ آنکھ سے دیکھ لیا۔ خواطر اور ادراک میں فرق صرف اتنا ہے کہ اگرچہ دونوں قسموں میں پایا جاتا ہے مگر اگر کسی چیز کا خیال ادراک سے پہلے دل پر گزرا ہوگا تو خواب اضغاث احلام میں سے ہے اور ان کی ر نہیں ہوتی اور اگر ادراک سے پہلے دل پر کوئی خیال نہیں گزرا بلکہ ذات یا رُوح کی توجہ اس طرف ہوئی بغیر اس کے کہ خواطر میں یدا ہوئی ہو تو خواب درست ہوگی اور اس کی تعبیر ہو سکے گی اور اس کی بیس قسمیں ہیں جنہیں ہم بیان کر چکے ہیں۔ واللہ اعلم۔

سید الوجود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خواب میں دیکھنا:

حضرت نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھ لے تو اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جس میں تعبیر کی نہیں اور وہ یہ ہے کہ وہ ذات محمدی ﷺ کو بعینہٖ اسی حالت میں دیکھے جس حالت میں وہ دنیا میں تھے اور جس حالت پر صحابہؓ آپ کرتے تھے۔ مزید برآں اگر بندہ اہل فتح یا اہل عرفان و شہود و عیان میں سے ہو تو جو کچھ اس نے دیکھا ہوگا وہ حقیقتاً آنحضرت ﷺ پاک ہوگی اور اگر دیکھنے والا اہل فتح میں سے نہیں ہے تو کبھی تو اس کی خواب اسی قسم کی ہوگی اور یہ بہت شاذ و نادر ہی واقع ہوتا ہے سان آپ کی ذات شریف کی صورت دیکھ لیتا ہے نہ آپ کی حقیقی ذات کیونکہ آپ کی ذات شریف کی کئی صورتیں ہیں جو خواب اور یں بہت سے مقامات پر دیکھی جاتی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ ﷺ کی ذات سے ایک نور نے دنیا کو بھر دیا ہے چنانچہ دنیا کی نہیں جہاں یہ نور شریف نہ ہو اور اس نور میں آپ ﷺ کی ذات اس طرح ظاہر ہوتی ہے جس طرح چہرے کی شکل آئینہ میں ظاہر چنانچہ یہ تمام نور بمنزلہ ایک آئینہ کے ہے جس نے تمام دنیا کو بھرا ہوا ہے اور اس میں آپ ﷺ کی ذات کریمہ کی شکلیں دکھائی ۔ یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ کو ایک شخص مشرق میں اور ایک مغرب میں اور ایک جنوب میں اور ایک شمال میں اور اسی طرح لاتعداد ہی آن میں مختلف مقامات میں دیکھ لیتے ہیں اور ان میں ہر ایک آپ ﷺ کو اپنے پاس دیکھتا ہے کیونکہ وہ نور کریم جس میں ﷺ کی ذات کی تصویر آتی ہے ہر ایک کے پاس موجود ہوتا ہے اور صاحب فتح جب آپ ﷺ کی صورت دیکھتا ہے جو اس کے پاس تو اپنی باطنی بصیرت سے اس کا پیچھا کرتا ہے اور اس بصیرت کے نور سے چیرتا ہوا آپ ﷺ کی ذات کریمہ تک جا پہنچتا ہے۔

بعض اوقات یہ غیر صاحب فتح کے لئے بھی واقع ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے آپ ﷺ کی ذات کریمہ دکھا دیتا ہے اور یہ ا
طرح کہ جب آنحضرت ﷺ کو اس شخص کا کمالِ محبت اور کمالِ صدق معلوم ہو تو آپ ﷺ بنفس نفیس اس کے پاس تشریف لے آئیں
لہٰذا اس بات کا مدار آنحضرت ﷺ پر ہے جسے چاہیں اپنی ذات کریمہ دکھا دیں اور جسے چاہیں اپنی صورت دکھا دیں۔ آنحضرت ﷺ
صورتوں میں بھی ظاہر ہوتے ہیں اور ان صورتوں کی تعداد اسی قدر ہے جس قدر انبیاء اور مرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تعداد تھی اور
صورتوں میں بھی جو آپ ﷺ کے زمانہ سے لے کر قیامت تک آپ ﷺ کی اُمت کے اولیاء کی ہوں گی۔ صحیح بات یہ ہے کہ ا
صورتوں کی تعداد معلوم نہیں ہے بعض کا خیال ہے کہ ان کی تعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے لہٰذا جن صورتوں میں آپ ﷺ ظاہر ہوتے
ان کی تعداد بھی ایک لاکھ چوبیس ہزار ہوئی۔ اسی قدر تعداد آپ ﷺ کی اُمت کے اولیاء کی ہے۔ لہٰذا آنحضرت ﷺ کا ظہور دو
اڑتالیس ہزار صورتوں میں ہوا کیونکہ یہ سب لوگ آنحضرت ﷺ کے نور سے فیضیاب ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ
مرید آنحضرت ﷺ کو اپنے شیخ کی شکل میں دیکھتے ہیں۔

(مؤلف کہتا ہے) میں نے ایک بار آنحضرت ﷺ کو اپنے شیخ کی شکل میں دیکھا اور میں نے آپ ﷺ کو بغل میں لے
چاہا کہ آپ ﷺ کو اپنے باطن میں لے لوں اس پر مجھے حضرت نے فرمایا کہ یہ بات ایک ہی بار نہ ہو سکے گی بلکہ بتدریج تھوڑا تھوڑا
ہوگی اس سے آپ ﷺ کا مقصد یہ تھا کہ دیکھنے والے کے باطن میں آنحضرت ﷺ کا داخل ہونا بتدریج ہو سکتا ہے۔ میں نے یہ الف
کی طرف اسی لئے منسوب کئے ہیں (کیونکہ انہوں نے دراصل تو آنحضرت ﷺ کو دیکھا تھا) کیونکہ انہوں نے ایک اور پہلو سے
تھی اور جس ذات کو میں نے بغل میں لیا تھا اس نے صرف تبسم فرمایا تھا اور مجھ سے خوشی کا اظہار کیا تھا۔ یہ بات میرے دل میں کھٹک
ہے۔ واللہ اعلم۔

خواب کی دوسری قسم:

اس قسم کے خواب کی دوسری قسم وہ ہے جس میں تعبیر کی ضرورت ہوتی ہے اور یہاں تعبیر ظلمت کے درجات کی بناء پر ہوگی
خواب کی تاویل کی بناء پر نہیں۔ کیونکہ دراصل تو اس میں کوئی تاویل ہو ہی نہیں سکتی اس لئے کہ جس نے آنحضرت ﷺ کو
درحقیقت اس نے آپ ﷺ ہی کو دیکھا۔

اب ہم ظلمت کے ان درجات کا ذکر کرتے ہیں جو ان خوابوں میں واقع ہوتے ہیں لہٰذا اگر کوئی آپ ﷺ کو یوں دیکھے کہ آ
اسے دنیا کی ترغیب دے رہے ہیں تو اس کی ذات کی ظلمت پہلے درجے کی ہے یعنی اس میں سہو مکروہ پایا جاتا ہے اس خواب میں ظ
لئے پائی گئی کہ آنحضرت ﷺ کا کام تو حق تعالیٰ کی طرف رہنمائی کرنا ہے نہ کہ دنیائے فانی کی طرف۔

اگر کوئی یوں دیکھے کہ آپ ﷺ نے سے مال دیا ہے تو اس کی ظلمت دوسرے درجے کی ہوگی یعنی سہو حرام کی۔ یہاں ظ
اس لئے ہوئی کہ آپ ﷺ نے فانی چیز عطا کی اور دوسرے کو اس کا جو قابض ٹھہرایا تو اس کی دلالت ترغیب دلانے کے مقابلے
قوی ٹھہری۔

اور اگر کوئی آپ ﷺ کو نوجوان اور چھوٹی عمر کی حالت میں دیکھے تو اس کی ظلمت چوتھے درجے کی ہوگی اور یہ عمد حرام ہے

اور اگر کوئی آپ ﷺ کو بڑی عمر کا مگر بغیر داڑھی کے دیکھے تو اس کی ظلمت پانچویں درجے کی ہوگی عقیدہ خفیفہ میں جہل بسیط کی۔ کوئی آپ ﷺ کو سیاہ رنگ والا دیکھے تو اس کی ظلمت چھٹے درجہ کی ہوگی۔ یعنی عقیدہ خفیفہ میں جہل مرکب کی۔

رویا ایک وہبی علم ہے جو کسب سے حاصل نہیں ہوسکتا:

خدا تمہیں توفیق دے۔ یاد رکھو کہ خواب کے متعلق تمام تر تحقیق اور اس کے عجائبات کی تحقیق علم تعبیر کے جاننے پر موقوف ہے اور علم یک وہبی اور مستور علم ہے یعنی اس کا چھپانا واجب ہے۔ میں کئی سال سے حضرت سے اپنے خوابوں کی تعبیر پوچھتا تو آپ ہمیشہ یہی تے کہ تو جو کچھ چاہے پوچھ میں جو کچھ جانتا ہوں تجھے بتلاؤں گا لیکن خواب کے متعلق سوال نہ کر کیونکہ یہ ان اشیاء میں سے ہے جن کا واجب ہے۔ کئی بار آپ سے درخواست کی اور کئی بار یہی سوال دہرایا مگر آپ وہی ایک جواب دیتے یہاں تک کہ اللہ کی عنایت سے نے چند سوالوں کے جواب دیئے اور میں نے انہیں ضبط تحریر کرلیا اور یہ وہی خواب ہیں جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ آپ نے ان پر بادل ناخواستہ بحث کی اور فرمایا کہ جو کچھ تو پوچھ رہا ہے ان کی صحیح تحقیق کا مدار علم کے جاننے پر ہے اور یہ سیکھنے اور پڑھنے سے نہیں یونکہ اس میں دیکھنے والے کے خارجی احوال کا جاننا بھی ضروری ہوتا ہے کہ آیا وہ شہری ہے یا گاؤں کا رہنے والا اور اہل علم میں سے عوام میں سے۔ نیز یہ کہ اس کا پیشہ کیا ہے آیا سبزی فروش ہے یا تاجر ہے یا کاریگر اور کیا وہ مال دار ہے یا تنگدست وغیرہ وغیرہ اور پھر کے باطنی حالات کا جاننا بھی ضروری ہے کہ آیا رُوح نے ذات کو اپنے تمام اجزاء عطا کر دیئے ہیں جن کی تعداد تین سو چھیاسٹھ ہے یا جزاء دیئے ہیں اور کچھ نہیں دیئے۔ مزید برآں عطا کردہ اجزاء کم ہیں یا زیادہ اور ذات میں سرِّ عقل کس طرح رکھا گیا ہے اور خواب والے کے افکار و تخیلات کس امر میں ڈوبے رہتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ یہاں تک کہ اگر ہم فرض کرلیں کہ علم تعبیر کے ماہر کے پاس ایک ی آئیں اور ہر ایک یہی کہے کہ میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں شہد پی رہا ہوں تو وہ ماہر ہر ایک کو جدا تعبیر دے گا جو ایک دوسرے سے نہ کھائے گی۔ اس کا سبب یہی ہے کہ تعبیر جیسا کہ ذکر کیا جاچکا ہے ظاہری اور باطنی حالات پر موقوف ہے اور ان میں دو شخص بھی ایک حالات والے نہ نکلیں گے۔ تیسرے کا تو ذکر ہی کیا حالات معلوم ہونے سے یہی فائدہ ہے۔ والسلام۔

یث: اَلْاِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ :

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ اس حدیث کا کیا مطلب ہے؟

اَلْاِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ (احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی اس طرح عبادت کرے جیسے کہ تو اللہ کو دیکھ رہا ہوتا ۔(مشکوٰۃ کتاب الایمان صفحہ ۱۱)

یث کی تشریح:

حضرت نے اس حدیث کی تشریح ایک مثال دے کر بیان کی کہ فرض کرو ایک شخص ایک کھلے میدان میں آتا ہے جہاں اسے کوئی ں بھی دکھائی نہ دیتا ہو اور وہ کسی سخی کو جو وہاں موجود نہیں پکار رہا ہو کہ اے میرے آقا مجھے فلاں چیز دے۔ مجھ سے یوں برتاؤ کر مجھے

فلاں چیز درکار ہے وغیرہ وغیرہ۔ تو اسے کھیل اور مذاق کرنے والا سمجھا جائے گا نہ کہ سائل اور جو بھی اسے دیکھے گا اس کا مذاق اڑائے گا ہنسے گا اور اگر اس کا یہ خیال ہو کہ یہ کھیل کر لینا ہی درخواست کرنا ہے اور یہ خیال کرنا کہ وہ اس مالدار کے دروازے پر کھڑا ہے تو یہ بھی وہ کا سبب اور گمراہی پر گمراہی ہوگی۔

پھر فرمایا کہ اگر اس غنی کے سامنے کھڑے ہو کر زبان سے درخواست کرے تو اس وقت نہ صرف زبان سے درخواست کرے گا اس کا بدن بھی جھک جائے گا اور اس کے اعضاء میں بھی عاجزی پائی جائے گی اور جہاں تک ہو سکے گا عاجزی کرنے میں زمین بوسی تک جائے گا اور ہر طرح سے اپنے اعضاء کے ذریعے سے عاجزی کا اظہار کرے گا تب جا کر وہ غنی اس کی طرف بنظر رحمت دیکھے گا اور اس درخواست منظور کرے گا۔ خیال کرنے والا یہی خیال کرے گا کہ غنی نے اسے جو کچھ دیا ہے اس کے زبانی سوال کی وجہ سے دیا ہے حالا اس نے جو کچھ بھی دیا ہے اسے اس باطنی خشوع وخضوع کی وجہ سے دیا ہے جو اس کے تمام اعضاء میں ظاہر ہوا تھا اور یہ ناممکن ہے کہ وقت اس کے باطن میں اس غنی کے علاوہ کسی اور کا دھیان جاگزیں ہوا ہو۔

حضرت نے فرمایا پس اس مثال میں دیئے ہوئے مفہوم اور دونوں حالتوں کے فرق کی طرف آنحضرت ﷺ نے یہ فرما کر اشا فرمایا کہ اَنْ تَعْبُدَاللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ (کہ تو اللہ کی عبادت اس طرح کرے گویا کہ تو اسے دیکھ رہا ہے) یعنی جس نے اللہ کے سا حضوری کی صورت میں اللہ کی عبادت کی تو اس نے اچھی طرح عبادت کی اور جس نے ایسا نہ کیا یعنی عبادت کو غفلت سے ادا کیا تو اس عبادت اچھی نہ ہوگی اور حضور اور غفلت کی عبادت کی پہچان اس طرح ہے کہ عبادت کے وقت عبادت گزار کے باطن کی طرف نظر جا اگر اس کے باطن کو دنیوی امور اور ان دنیوی حاجات نے مشغول کر رکھا ہو جو اللہ سے غافل کر دیتے ہیں تو اس کی مثال پہلے شخص کی سی لیکن اگر اس کا باطن ماسوی اللہ سے خالی ہو اور کلی طور پر اللہ کی طرف متوجہ ہو تو ایسی حالت والا انسان دوسری قسم کے شخص کی طرح ہوگا۔

سوال: میں نے عرض کیا کہ مسلم اور بخاری کی حدیثوں میں تھوڑا سا اختلاف ہے کیونکہ بخاری نے پہلے ایمان کا ذکر کیا ہے پھر اسلام کا اور تیسرے درجے پر احسان کا اور مسلم نے پہلے اسلام کا ذکر کیا ہے' پھر ایمان کا اور تیسرے درجے پر احسان کا۔

جواب: حضرت نے فرمایا میرے نزدیک جو بخاری نے ذکر کیا ہے وہی بہتر ہے کیونکہ اسلام تو ایمان کے لئے بمنزلہ لباس ہے لہٰذا ایمان پہلے آئے گا اور بعد میں اسلام۔

سوال: میں نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ط قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰکِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَ وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ ط (سورہ حجرات۔ آیت ۱۴) (بدوی لوگ کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے۔ آپ انہیں کہہ د ایمان نہیں لائے بلکہ یوں کہو کہ ہم اسلام لے آئے کیونکہ ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا) اسلام ایمان پر مقدم ہے۔

جواب: حضرت نے فرمایا ہم اس حقیقی اسلام کی بات کر رہے ہیں جس کا ذکر جبرئیل علیہ السلام والی حدیث میں آیا ہے کہ و ایمان کا لباس ہے اور شیخین (مسلم اور بخاری) کا اختلاف بھی اسی کے متعلق ہے لیکن جو شخص محض زبانی اور ظاہر سے اسلام لایا ہ نہایت ہی کھوکھلا اسلام ہے' ایسے اسلام لانے والے کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں۔ اس کی مثال اس شخص کی ہے جو لوگوں کو بندوقیں چلا گولیاں برساتا دیکھے اور دیکھے کہ وہ بندوقوں کو نشانہ لگانے کے لئے گاڑ رہے ہیں اور آنکھوں کی سیدھ لگا رہے ہیں اور دیکھ رہے ہیں کس طرح گولی چلائیں اور کیا ان کی گولی بھی نشانے پر لگے گی یا نہیں۔ اس پر یہ دیکھنے والا آ کر ان ہی کی نقل اتارنے لگے اور ایک

لائے اور دوسرے کو سمیٹ لے اور اسے بندوق کے قائم مقام سمجھے پھر آنکھ کو کمان کی طرح بنائے اور دیکھے کہ آیا اس کا نشانہ ٹھیک لگے گا
ں۔ لہٰذا جب ان لوگوں کی بندوقیں چلیں گی تو اس کی بندوق (جو اس نے ہاتھوں سے بنائی تھی) نہ چلے گی کیونکہ درحقیقت تو اس کے
ی کوئی بندوق نہیں ہے یہی حال اس شخص کا ہے جو محض زبان سے اسلام لایا ہو۔ لہٰذا جب وہ نماز پڑھتا ہے تو اس کا باطن کہتا ہے کہ تیری
نہیں ہوئی۔ روزہ رکھتا ہے تب بھی اس کا باطن کہتا ہے کہ تیرا کوئی روزہ نہیں اسی طرح زکوٰۃ، حج، جہاد وغیرہ سب کچھ بھی کر جائے مگر اس
طن یہی شہادت دے رہا ہوتا ہے کہ جو کچھ بھی تو نے کیا محض ظاہری طور پر کیا ہے۔ لہٰذا اس کے ظاہر و باطن میں زمین و آسمان کا فرق
ہے اور جیسے وہ نقال سمجھتا ہے کہ اس کے پاس درحقیقت کوئی بندوق نہیں اور وہ محض ایک کھیل کر رہا ہے یہی حال منافقوں کا ہے کہ وہ
تے ہیں کہ ان کے پاس اسلام ہے مگر درحقیقت ان کے پاس اسلام کی کوئی بات نہیں۔

(میں کہتا ہوں) حضرت نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے منافقین کا یہی حال بیان فرمایا ہے۔ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰی شَیٰطِیْنِهِمْ
الُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْن (سورہ البقرہ آیت ۱۴) (جب وہ اپنے شیطان دوستوں اور ہم مذہبوں کے پاس علیحدگی میں
تے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم تو تمہارے ساتھ ہیں۔ ہم تو ان سے محض مذاق کر رہے ہیں) اس مثال سے اللہ تعالیٰ نے منافقین کے بُرے
وں اور خبث باطن کو فاش کر کے انہیں انتہا درجے کا رسوا کر دیا۔ اس مثال کو سننے سے پہلے میں خیال کیا کرتا تھا کہ ان کی نماز، روزہ، حج،
ۃ اور جہاد وغیرہ قلب اور باطن سے ہے مگر انہیں ان کے کفر کی وجہ سے قبول نہیں کیا گیا لیکن یہ مثال سن کر ان کا معاملہ میرے لئے بھی
ں گیا اور واضح ہو گیا کہ انہیں تمام کافروں سے بڑھ کر خبیث کیوں کہا جاتا ہے۔

ل: میں نے حضرت سے اس حدیث کے متعلق دریافت کیا جسے مُطلب بن حنطب نے حضرت انس بن مالکؓ سے روایت کیا ہے
آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں نے اپنی اُمت کے گناہوں کی طرف دیکھا تو مجھے کوئی گناہ اس قدر عظیم نظر نہ آیا جس قدر کہ یہ گناہ ہے
ایک آدمی کو قرآن مجید کی ایک آیت دی گئی ہو اور وہ اسے بھلا بیٹھے اور میں نے عرض کیا کہ امام ترمذی نے امام بخاری سے نقل کیا ہے
یہ حدیث معلول [۲۲۲] ہے کیونکہ مطلب بن [۲۲۳] حنطب نے یہ حدیث انس بن [۲۲۴] مالک سے نہیں سنی لہٰذا یہ حدیث مطلب اور انس کے
یان سے منقطع ٹھہری۔ امام احمد بن حنبل سے بھی یہی مروی ہے۔ ترمذی، بخاری اور امام احمد بن حنبل ان تینوں نے مذکورہ بالا انقطاع کی
سے اسے معلول کہا ہے اس قول کو امام ابو محمد [۲۲۵] عبدالحق الاشبیلی نے الاحکام الکبریٰ میں اور حافظ ابن حجر نے شرح بخاری میں اور شیخ
رالرؤف المناوی [۲۲۶] نے شرح جامع الصغیر میں نقل کیا ہے۔

اب: حضرت نے فرمایا کہ حدیث تو صحیح ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ کا نور اس میں موجود ہے مگر یہ حدیث [۲۲۷] ان لوگوں کے بارے
یں ہیں جنہوں نے ایک آیت حفظ کی اور پھر اسے بھول گئے ہوں یعنی اس کے لفظ بھول گئے ہوں خواہ اس آیت پر وہ عمل کرنے والا ہو۔
حدیث تو صرف ان لوگوں کے متعلق ہے جن کے پاس قرآن پہنچا مگر انہوں نے بے رُخی برتی اور اپنے آپ کو اس کے نور سے محروم رکھا
راس نور کے بدلے میں ظلمت کو اختیار کیا اس طرح کہ اس نے جس امر حق کا قرآن میں ذکر ہے اسے چھوڑ کر گمراہی کی تابعداری کی
حالانکہ گمراہی وہ ظلمت ہے جو بندے کو دنیا اور آخرت میں اللہ سے دور کرنے والی چیز ہے جیسا کہ آنحضرت ﷺ [۲۲۸] کے زمانے کے
نافقین کا حال تھا۔ پس یہ حدیث انہی کے بارے میں وارد ہوئی انہی پر پوری اترتی ہے اور اس کا اشارہ بھی انہی کی طرف ہے کیونکہ بظاہر تو
ن کا شمار اُمت اجابت میں ہے جو خاص اُمت خیال کی جاتی ہے اور اس اُمت میں منافقت اور باطنی کفر سے بڑھ کر کوئی گناہ نہیں۔

میں نے عرض کیا جس نور قرآن کی طرف آپ کا اشارہ ہے وہ کونسا نور ہے؟

فرمایا: قرآن میں تین قسم کے نور ہیں۔ (۱) اللہ کی طرف ہدایت کا نور (۲) احکام کی تعمیل کا نور اور (۳) نواہی سے پرہیز کرنے کا نور۔ لہٰذا جو شخص اپنی ذات میں ان تینوں نوروں کو داخل نہ ہونے دے حالانکہ وہ انہیں سن رہا ہے تو اس حدیث سے وہی شخص مراد ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ آیت صادق آتی ہے لفظی آیت پر بھی جس کے ساتھ حفظ اور تلاوت کا تعلق ہے اور معنی پر بھی جس کا تعلق عمل اور اطاعت کے ساتھ ہے اور اسی دوسری قسم میں تین نور ہوتے ہیں اور حدیث مذکورہ میں یہی تینوں نور مراد ہیں۔

پھر فرمایا کہ ایک آیت اللہ کی طرف سے مومن کے پاس ایک دستاویز ہے جس میں اس کا حق لکھا ہوتا ہے اور حق والا اپنی دستاویز کو ضائع نہیں کیا کرتا اور اگر وہ اسے کھو دے یا کوتاہی کرے تو اس کا حق ضائع ہو جائے گا اسی طرح آیت میں مومن کا حق ہے۔ لہٰذا اگر آیت کو محفوظ رکھا اور اس کے حکم پر عمل کیا تو اللہ کے ہاں اس کا حق ثابت ہوا اور جنت میں داخل ہونے کا حق دار ٹھہرا لیکن اگر اس پر عمل کرنے میں کوتاہی کرے اور اس سے ہنسی یا تحقیر کے طریقے میں بے رخی برتے تو وہ بہت بڑے گناہ کا مرتکب ہوگا جس کی طرف اس حدیث میں اشارہ کیا گیا ہے۔ واللہ اعلم۔

سوال: میں نے حضرت سے اس حدیث کے متعلق سوال کیا کہ جنت اور دوزخ کی آپس میں بحث ہوگئی تو دوزخ نے کہا مجھے تو متکبر لوگوں پر مامور کیا گیا ہے۔ جنت نے کہا: کیا بات ہے کہ مجھ میں کمزور اور ادنیٰ درجے کے لوگوں کے سوا کوئی اور داخل نہ ہوگا۔'' میں نے عرض کیا کہ جنت نے تو گویا دوزخ کے غالب ہونے کا اعتراف کرلیا کیونکہ وہ تو متکبرین سے مخصوص ہے اور جنت میں صرف کمزور لوگ داخل ہوں گے۔

جواب: حضرت نے فرمایا کہ آخرت میں مکان مکینوں کے حال کا تابع ہوگا۔ اگر مکین متکبر اور مغرور ہوں گے تو ان کے بھی کچھ اوصاف مسکن میں سرایت کر جائیں گے اور اگر ساکنین متواضع اور منکسر المزاج ہوں گے تو ان کے بھی کچھ اوصاف مسکن میں سرایت کر جائیں گے اور ظاہر ہے کہ متکبر اور جابر لوگ جہنم میں جائیں گے اور متواضع اور منکسر المزاج لوگ جنتی ہوں گے۔ لہٰذا دوزخ پر اس کے مکینوں کے اوصاف ظاہر ہوئے اور جنت پر اس کے مکینوں کے۔ پس بظاہر تو بحث اور تکرار جنت اور دوزخ کے درمیان ہوئی مگر مقصد اصلی دوزخیوں اور جنتیوں کے باطن کا اظہار ہے اس لئے دوزخ نے اپنی دلیل میں اس چیز کا ذکر کیا جس میں غرور اور گھمنڈ پایا جاتا ہے اور جنت نے اپنی دلیل میں اس چیز کا ذکر کیا جس میں تواضع اور عاجزی پائی جاتی ہے۔ غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اس بحث میں جنت دوزخ پر غالب ہے کیونکہ اس کی دلیل کا ماحصل یہ ہے کہ جنت نے کہا کہ اللہ کے سامنے تواضع کرنے والے عاجزی کرنے والے اور اللہ کو پہچاننے والے میں داخل ہوں گے اور دوزخ نے کہا مجھ میں صرف متکبر' جابر اور وہ لوگ داخل ہوں گے جنہیں اپنے رب کا علم نہیں اور جنہیں اللہ کی بارگاہ اور آستانہ رحمت سے نکال دیا گیا ہے۔ مختصر یہ کہ گویا جنت نے کہا کہ مجھ میں صرف اللہ کے حبیب داخل ہوں گے اور گویا کہ دوزخ نے کہا کہ مجھ میں صرف خدا کے دشمن داخل ہونگے۔

میں نے عرض کیا کہ یہ تو نہایت عمدہ جواب ہے اور اسی سے مذکورہ بالا اشکال رفع ہو جاتا ہے۔ نیز ایک اور اشکال بھی رفع ہو جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ جنت نے یہ کیوں نہیں کہا اللہ کے انبیاء' رسول' ملائکہ اور اللہ کے مومن بندے مجھ میں داخل ہوں گے تاکہ دوزخ کے خلاف اس کے پاس یہ ایک بھاری حجت ہوتی۔ اُسے کیا ہوگیا کہ اس نے اپنے آپ کو شکست خوردہ ظاہر کیا اور یوں کہا کہ کیا بات ہے

ں صرف کمزور اور ادنیٰ لوگ ہی داخل ہوں گے اور اس نے انبیاء و رسل علیہ السلام کا جو سب سے اشرف اور افضل ہیں ذکر نہیں کیا ہ دراصل اس کا مقصد یہی تھا۔ یوں سمجھو کہ اس نے یہ الفاظ درحقیقت بولے ہیں مگر مذکورہ بالا صورت میں جو کلام اس نے کیا ہے وہ اس تواضع اور انکساری کے اظہار کے لئے کی ہے جو اہل جنت کے دلوں میں پایا جاتا ہے۔ چنانچہ ہر جنتی اللہ کی مخلوقات میں سے کسی کو سے زیادہ محتاج خیال نہیں کرتا۔ اسی لئے وہ اپنے آپ کو سب سے زیادہ کمزور اور اللہ کے محتاج سمجھتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

: میں نے حضرت سے اس حدیث کی نسبت پوچھا کہ نزول وحی کے ابتدائی زمانے میں جب جبرئیل کچھ مدت وحی لے کر نہ آئے پ ﷺ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر اپنے آپ کو پھینک دینے کا ارادہ کرتے اور یہ جبرئیل علیہ السلام کی ملاقات کے شوق میں کرتے اس پر ل علیہ السلام ظاہر ہوتے اور کہتے آپ ﷺ رب العالمین کے رسول ہیں۔ اس سے آنحضرت ﷺ کو تسکین ہوتی۔

: حضرت نے فرمایا ایک شخص کو میں جانتا ہوں کہ اس نے ابتدائے سلوک میں ایک دن کے اندر نوے مرتبہ گھر کی چھت سے اپنے لو نیچے پھینکا مگر اس سے اسے کوئی تکلیف نہ پہنچی اور ایسا ہوتا تھا جیسے کوئی اپنے بستر پر لیٹ رہا ہو تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ابتدائی حالتوں وح کو ذات پر غلبہ ہوتا ہے اور تمام کائنات رُوح کے لئے یکساں ہوتی ہے۔ چنانچہ رُوح ہوا پر اسی طرح چار زانو بیٹھ جاتی ہے جس ا کہ زمین پر اور ہوا میں اسی طرح لیٹ جاتی ہے جس طرح کہ ایک آدمی اپنے بستر پر لیٹ جاتا ہے اور اس کے نزدیک بے ضرر ہونے نر، ریشم، اُون اور پانی سب برابر ہیں۔ لہٰذا اگر آنحضرت ﷺ اپنے آپ کو پہاڑ سے گرا بھی دیتے تو اس میں انہیں ذرہ برابر تکلیف ا چہ جائیکہ ہلاکت۔ لہٰذا اس کے عزم کرنے میں آپ پر کوئی نقص لازم نہیں آتا۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے کہ) ہم اہل حال لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ جب ان پر حالت وجد طاری ہوتی ہے تو پورے زور سے اپنا سر سے مارتے ہیں اور انہیں خراش تک نہیں آتی۔ سبحان اللہ حضرت نے کیسے کیسے معارف و نکات بیان کر دیئے ہیں۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے) حضرت نے جس شخص کا ذکر کیا ہے کہ اس نے نوے بار اپنے آپ کو پھینکا وہ خود حضرت ممدوح ہی تھے۔ نے حضرت ہی کی زبانی یہ بات سنی تھی جس وقت آپ اس سوال کا جواب دے رہے تھے۔

حضرت نے فرمایا کہ ان لوگوں کو اس بات کا علم ہوتا ہے کہ اپنے آپ کو گرانے سے انہیں کوئی تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ اس سے ان کا راب رفع ہوتا ہے۔ صرف طبیعت کے تقاضے اور عادت کے مطابق وہ یہ کام کر جاتے ہیں جس طرح کہ ایک شخص زمین میں کھونٹا تے وقت مدد کی خاطر آواز سے مدد لیتا ہے جو آہ کی سی ہوتی ہے۔ حالانکہ اُسے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے اُسے کچھ فائدہ نہ ہوگا مگر ت کے تقاضے کے مطابق یہ کر جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

: میں نے حضرت سے اس حدیث کا مطلب پوچھا کہ محشر میں اللہ تعالیٰ مومنین کے سامنے ایسی صورت میں آئیں گے جسے وہ ا پہچانتے ہوں گے تو وہ اس سے پناہ چاہیں گے اور کہیں گے کہ ہم تو یہیں کھڑے رہیں گے جب تک ہمارا رب نہ آئے گا اور وہ جب ئے گا تو ہم اسے پہچان لیں گے۔ پھر حق تعالیٰ ایسی صورت میں آئیں گے کہ وہ اسے پہچان لیں گے اور فوراً سجدے میں گر جائیں گے۔

اس پہلی اور دوسری صورت سے کیا مراد ہے کیونکہ ابن العربی[۲۲۹] الحاتمیؒ اس رسالے میں جو انہوں نے فخر الدین[۲۳۰] کو لکھا تھا تے ہیں کہ اس معاملے کو اولیاء اللہ کے سوا کوئی نہیں سمجھ سکتا۔

: حضرت نے فرمایا کہ صورت[۲۳۱] سے مراد حالت ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کی دو حالتیں ہیں ایک حالت میں یعنی پہلی حالت میں

مومن اسے پہچان نہ سکیں گے اور دوسری حالت میں مومن اسے پہچان سکیں گے کیونکہ جب کوئی اپنے دوست سے مخاطب ہوتا ہے تو اُ
کے کلام کے ساتھ اسی قسم کا کوئی نور نہیں نکلتا بلکہ وہ مہربانی وغیرہ سے عاری ہوتا ہے اور یہ ایک عام بات ہے جسے ہر شخص جانتا ہے کیو
جب دوست دوست سے کلام کرتا ہے تو تو دیکھے گا کہ وہ اس سے نرمی سے پیش آئے گا اور اس کا لہجہ مہربانی اور پیار کا لہجہ ہوگا اور اس سے
طرح کی مسرت کا اظہار کرے گا اور جب دشمن سے ہمکلام ہوگا تو اس کے کلام میں انقباض اور ترشروئی ہوگی جب یہ بات سمجھ میں آ گئی
اب سمجھو کہ پہلی حالت میں اللہ تعالیٰ نے ساری اُمت کو خطاب کیا جس میں اس کے دوست یعنی مومن اور دشمن یعنی منافقین سب شا
تھے۔ اس لئے اس حالت میں وہ انوار نہ نکلے جن کو مومن اپنے رب کے کلام میں پایا کرتے تھے اور چونکہ یہ انوار ان کی ذات اور رُوح
پائے جاتے تھے اور دنیا ہی میں اللہ نے یہ انوار ان کو عطا فرمائے تھے اس لئے وہ انہیں پہچانتے تھے اس لئے جب انہوں نے پہلی صور
میں خطاب سنا تو انہوں نے اللہ سے پناہ طلب کی اور کہا کہ یہ تو ہمارا رب نہیں ہے کیونکہ ہمارے اور ہمارے رب کے درمیان تو ایک خ
علامت ہے اور یہ علامت وہی انوار ہیں جو اس کے خطاب میں پائے جاتے ہیں۔ جب ان کی زبان سے اس قسم کے الفاظ نکلیں گے تو
اللہ تعالیٰ صرف مومنین سے خاص طور پر مخاطب ہوں گے اور اس خطاب کے ساتھ وہ سابقہ انوار جن سے وہ مانوس تھے پائے جائیں۔
لہٰذا جب یہ انوار ان پر برسیں گے اور انہیں ان کا علم ہو جائے گا تو ان کو یقین ہو جائے گا کہ یہ حق سبحانہ وتعالیٰ ہی کا جلوہ ہے تو وہ سجدے
گر پڑیں گے اور یہ دوسری حالت وہی حالت ہوگی جس سے وہ پہلے سے مانوس ہوں گے۔ پہلی صورت میں چونکہ خطاب سب کو کیا گ
جس میں دشمن بھی شامل ہیں اس لئے اس میں انوار کا نزول نہیں ہوا مگر دوسری صورت میں دشمنوں پر پردہ ڈال دیا گیا اور صرف دوس
سے خطاب ہوا لہٰذا اس خطاب کے ساتھ وہ انوار نکلے جن کا مشاہدہ وہ اپنی ذات میں کیا کرتے تھے اور جس کے اسرار اپنے ظاہر و باطن
وہ دیکھا کرتے تھے۔

میں نے عرض کیا کہ ان مومنین سے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کو پہلی حالت میں نہیں پہچانا کون لوگ مراد ہیں؟ کیا تمام مومنین (جن
خواص بھی شامل ہیں) یا محض عوام؟

حضرت نے فرمایا ان سے صرف عوام مراد ہیں۔ کیونکہ خواص تو ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کو پہچانتے ہیں۔ پھر میں نے عرض کیا
پہلا خطاب سب مومنین کے لئے ہوگا یا محض عوام کے لئے فرمایا صرف عوام کے لئے ہوگا۔ قیامت کے دن تو ساری باتیں خرق عادت
گی چنانچہ اللہ تعالیٰ ایک شخص سے جو دوسرے کی گود میں اپنا سر رکھے ہوگا کلام فرمائیں گے تو وہی شخص، جس نے اپنا سر گود میں رکھا ہوگ
کلام کو سنے گا۔ دوسرا نہ سن سکے گا۔ مختصر یہ ہے کہ جس سے کلام کرنا مقصود ہوگا وہی سنے گا اور دوسرے پر پردہ ڈال دیا جائے گا خواہ وہ
والے سے کتنا ہی قریب کیوں نہ کھڑا ہو۔

(مؤلف کہتا ہے) کہ ابن العربی نے رسالہ مذکورہ میں بھی اسی طرح لکھا ہے کہ عارفین پہلی حالت میں اللہ تعالیٰ سے ناواقف
ہوں گے صرف محجوبین ہی ناواقف رہیں گے۔

یہ کلام نہایت عمدہ اور انتہائی لطیف ہے اس میں شیخ نے عمدہ معنی ذکر کر دیئے جس سے نہ تو عقل انکار کر سکے اور ساتھ ہی اللہ
صورت آنے جانے سے بھی منزہ قرار دیا ہے کیونکہ آپ کی بیان کردہ تفسیر کے مطابق نہ کوئی آتا ہے نہ جانا اور نہ حق تعالیٰ کی کوئی شکل
مذکورہ بالا حدیث میں خدا کی صورت کے متعلق جو کچھ امام شعرانی [۲۳۲] نے اپنی کتاب كَشْفُ الرَّان عَنْ وُجُوْهِ أَسْئِلَةِ

لکھا ہے اس پر کئی ایک اعتراض وارد ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس کے مطالعہ کنندہ کو اس قسم کے خیالات سے پرہیز کرنا چاہیے۔ حافظ ابن حجر اپنی شرح میں استاذ ابن فورک [۲۳۳] رحمتہ اللہ سے نقل کرتے ہوئے قریب قریب وہی تاویل بیان کی ہے جو شیخ نے بیان کی ہے۔ ت کے مرتبہ اور معرفت الٰہیہ میں ان کی بزرگی کا پتہ ابن فورک کے کلام کے مطالعہ سے ہی ہوسکتا ہے۔ نَفَعَنَا اللّٰہ بِہٖ۔ آمین۔

ں: میں نے حضرت سے اس حدیث کے متعلق دریافت کیا اِنَّ قَلْبَ [۲۳۴] الْعَبْدِ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ (بندے کا تصرفات خداوندی میں سے دو تصرف کے درمیان ہے)

ب: حضرت نے فرمایا کہ انگلی سے مراد معنوی انگلی ہے یعنی تصرف جو انگلی کے ذریعہ ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا مطلب یہ ہوا کہ بندے کا دل قاتِ خداوندی میں سے دو تصرف کے درمیان ہے۔ میں نے عرض کیا کہ دو تصرف سے کیا مراد ہے۔

فرمایا ایک مقتضائے ذات اور دوسرا مقتضائے روح۔ کیونکہ ذات مٹی سے بنی ہے لہٰذا خواہشات کی طرف مائل ہوتی ہے اور رُوح سے بنی ہے۔ لہٰذا یہ حقائق اور معارف کی طرف مائل ہوتی ہے اور ان دونوں میں ہمیشہ مخالفت اور تصادم رہتا ہے۔ میں نے سوال کیا دونوں میں غالب کون ہے؟

فرمایا رُوح کا تصرف حرکات میں ہوتا ہے اور ذات کا تصرف اسرار میں چلتا ہے لہٰذا حرکت کے اعتبار سے رُوح غالب رہتی ہے اپنے سِرِّ خبیث کے اعتبار سے ذات غالب رہتی ہے اسی لئے شکر گزار بندے کم ہیں ان کی مثال چکی کے دو پاٹوں کی سی ہے۔ رُوح کی ل اوپر والے پاٹ کی ہے کیونکہ وہی حرکت کرتا ہے اور ذات نچلے پاٹ کی طرح ہے کہ اندرونی سوزش وشورش اسی کا کام ہے اوپر کے ٹ کی مثال ایسی ہے جیسی کہ دیگچی کے اوپر کی، چینی بیرونی طور پر دیگچی پر اثر کرتی ہے کہ بھاپ روک کر کھانا پکاتی ہے اور دیگچی اندرونی طور (دیگچی کی حرارت سے یہ گرم اور بے قرار ہوتی ہے)

اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْ دَرَکِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ

(خدا ہمیں بدبختی کی مذلت اور قضا بد سے بچائے)

میں نے عرض کیا کہ علماء نے تو ان دونوں تصرفوں کی تفسیر فرشتے کی تحریک اور شیطان کی تحریک سے کی ہے۔

فرمایا یہ فرشتہ اور شیطان تو دونوں عارضی اور تابع ہیں۔ اصل وہی ہے جو ہم نے بیان کیا، کیونکہ ہر ذات خواہ پاک ہو یا ناپاک اس کے لئے خواطر (خیالات و وساوس) کا ہونا ضروری ہے یہی خواطر اس کی نجات یا تباہی کا سبب بنتے ہیں اور فرشتہ اور شیطان دونوں ان خواطر کے تابع ہیں۔ لہٰذا اگر خواطر اچھے ہوں گے تو فرشتہ اس کے پیچھے ہولے گا اور وہ شخص اچھے کام کرے گا اور اگر خواطر پسندیدہ نہ ہوں گے تو شیطان کے ساتھ ہولے گا اور وہ انسان ان وساوس شیطانی کے تقاضے کے مطابق عمل کرے گا کیونکہ ہر خاطر (بات جو دل میں آتی ہے اس) کا تعلق ذات سے ہے اور وہ ذات کا راز ہوتا ہے۔ اگر خاطر پاک ہوگی تو ذات بھی پاک ہوگی ورنہ نہیں۔ محسوسات میں اس کی مثال یوں ہے کہ ایک سیر گیہوں لے لو۔ سیر بھر جو، سیر بھر چنا اور سیر بھر باقلا اور علیحدہ علیحدہ پیس لو، ان کا کھانا بنالو، پھر ان کو کڑاہی میں ڈال کر جلاؤ اور غور سے دیکھو تو ہر کھانے کی بھاپ دوسرے سے جدا ہوگی اور وہ بھاپ اپنی اصل کا پتہ دے رہی ہوگی، یہی حال خواطر کا ہے کہ

ان کا تعلق ذات کے ساتھ وہی ہے جو بھاپ کا ان کھانوں سے ہے۔ پس خواطر بہت اہم چیز ہیں اور انہیں پر (نجات و ہلاکت) دار و مدار ہے اور فرشتہ اور شیطان دونوں ان خواطر کے تابع ہیں چنانچہ بہت سے خواطر انسان کو علیین تک پہنچا دیتے اور بہت سے اسف سافلین تک۔ اچھے خواطر رُوح کے تقاضے کے مطابق ہوتے ہیں اور رُوح کی پاکیزگی کی وجہ سے ہی ذات میں ظاہر ہوتے ہیں اور خبیث خواطر ذات انسانی اور خواہشات نفسانی کے تقاضے کے مطابق ہوتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

سوال: میں نے حضرت سے اس حدیث کے متعلق دریافت کیا کہ حجر اسود دنیا میں [۲۳۵] اللہ کا دایاں ہاتھ ہے۔

جواب: حضرت نے فرمایا یہ تشبیہ کے طور پر استعمال ہوا ہے کیونکہ جو شخص شاہی حفاظت و پناہ میں آنا چاہتا ہے وہ جلدی کرتا ہے اور ا دایاں ہاتھ چومتا ہے' اسی طرح جو شخص اللہ کی رحمت اور حفاظت میں آنا چاہے اسے حجر اسود کو بوسہ دینا چاہیے۔ اس کا درجہ اللہ کے ہاں ہے جو بادشاہ کے دائیں ہاتھ کا ہے۔

(مولف کتاب کہتا ہے) کہ امام غزالیؒ نے بھی حرف بحرف یہی لکھا ہے جو چاہے کتاب التفرقہ میں دیکھ لے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال: میں نے حضرت سے اس حدیث کے متعلق دریافت کیا یُؤْتٰی بِالْمَوْتِ فِی صُوْرَةِ کَبْشٍ ثُمَّ یُذْبَحُ (قیامت دن موت کو ایک مینڈھے کی صورت میں لایا جائے گا اور پھر اس کو ذبح کیا جائے گا)

جواب: فرمایا یہ حدیث صحیح اور آنحضرت ﷺ کے دہن مبارک سے نکلی ہے اور اس سے مراد فرشتہ ہے جو مینڈھے کی شکل ہوگا کہ اسے اہل جنت کی نعمت اور اہل دوزخ کے عذاب میں اضافے کی خاطر ذبح کیا جائے گا اور فرشتوں کی سب سے بڑی مراد یہ ہے کیونکہ وہ سجدے میں گر کر یہ دعا مانگتے ہیں کہ یا اللہ ہمیں اپنے مومن بندوں کے لئے نعمت اور ان پر نزول رحمت کا سبب بنا اور فرشتہ مومن کے حق کو سمجھ سکتا ہے۔ ہم نے حدیث مذکور کی یہ تاویل اس لئے کی ہے کہ موت دوستوں کا ایک دوسرے سے بچھڑنے کا نام ہے چنانچہ ذات تو مٹی کی طرف لوٹ جاتی ہے اور روح عالم ارواح کو لہٰذا موت اس اتصال اور اجتماع کے عدم کا نام ہے جو ان کے درمیان تھا۔

حضرت نے فرمایا کہ فرشتہ مینڈھے کی شکل میں ذبح ہونا چونکہ بصیرت سے نظر آ رہا ہے لہٰذا اس حدیث کو اسی پر محمول کیا جائے گا واللہ اعلم۔

حضرت نے فرمایا کہ جب لوگ جنت میں داخل ہو چکیں گے وہ بالخصوص پہلے دن کی تکالیف خاص طور پر مرنے کی تکلیف کا ذکر میں تذکرہ کریں گے اسی لئے انعام فرمانے اور ان کو خوش کرنے کے لئے اس کو مینڈھے کی شکل میں لا کر ذبح کیا جائے گا اور درحقیقت کو ذبح کیا جائے گا [۲۳۶] وہ فرشتہ ہوگا۔

کنکریوں کی تسبیح، تنہ کھجور کے رونے وغیرہ معجزات کے متعلق حضرت کا بیان

میں نے حضرت کو ان احادیث کے متعلق جن میں کنکریوں کے تسبیح کرنے' کھجور کے تنہ کے سسکیاں لینے' پتھر کے سلام کرنے درخت کے سجدہ کرنے وغیرہ وغیرہ معجزات کا ذکر آیا ہے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ یہ ان کی روزمرہ کی تسبیح اور کلام تھا۔ آنحضرت ﷺ

رتعالیٰ سے حاضرین سے صرف پردہ اُٹھا دینے کی درخواست کی تھی تا کہ وہ بھی ان کی تسبیح اور کلام کو سن لیں۔

میں نے عرض کیا کہ کیا ان اشیاء میں بھی حیات اور رُوح ہے؟ فرمایا نہیں لیکن تمام مخلوقات خواہ بولنے والی ہو خواہ خاموش، جس وقت ں اس سے خالق کی بابت سوال کیا جائے گا تو وہ واضح الفاظ میں کہے گی کہ اللہ وہ ذات ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے پس مخلوقات میں یہ از کہ ان میں بعض ناطق ہیں بعض صامت اور بعض جماد، صرف مخلوقات کے اعتبار سے ہے تا کہ ایک دوسرے سے ان میں امتیاز ہو سکے ہ جہاں تک ان کی نسبت اللہ سے ہے سب اس سے واقف ہیں۔ اس کی عبادت کرتے ہیں اور اس کے سامنے عاجزی کرتے ہیں کیونکہ ذات کے دو پہلو ہیں۔ ایک رخ خالق کی طرف اور اس میں وہ اللہ سے واقف، اللہ کے مطیع اور اس کے عبادت گزار ہیں اور دوسرا رخ مخلوق طرف ہے اور اس میں نہ وہ کچھ جانتے ہیں نہ سنتے ہیں نہ بولتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے اسی رخ کو دور کرنے کی واست کی تھی تا کہ حاضرین کے لئے دوسرا پہلو جو اللہ کی طرف ہوتا ہے ظاہر ہو جائے اور اسی پہلو کے اعتبار سے جس میں ان کی توجہ خالق طرف ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ یعنی ہر چیز اللہ کی حمد کے ساتھ ساتھ تسبیح پڑھتی ہے۔

نرت داؤد علیہ السلام اور مینڈک کا قصہ:

اسی قسم کا جواب حضرت نے اس قصے کے متعلق دیا جو حضرت داؤد علیہ السلام اور مینڈک کے درمیان واقع ہوا۔ اس طرح کہ رت داؤد علیہ السلام کو خیال آیا کہ وہ بہت زیادہ اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔ اس کے بعد ایک مینڈک کو دیکھا کہ عمر بھر تسبیح پڑھتا رہا تھا ایک لمحہ کے لئے بھی خاموش نہ ہوا تھا تب جا کر حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنی اس حالت کو جسے وہ کثیر سمجھ رہے تھے بہت تھوڑا سمجھا۔

حضرت نے فرمایا کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے مینڈک کے اس رخ کا مشاہدہ کیا جو حق سبحانہ کی طرف تھا اور یہی اس کی باطنی ت ہے کہ اس میں تسبیح متواتر جاری رہتی ہے اور اس میں کسی قسم کا وقفہ نہیں پڑتا۔

لہواج اور مچھلیوں کا قصہ:

اسی قسم کی وہ حکایت ہے جس میں محمد لہواج کا قصہ بیان کیا تھا۔ حضرت نے حسب عادت تقریر کی ایک تمہید اٹھائی اور فرمایا کہ زمین بھی ایک علم عطا کیا گیا ہے جسے وہ اٹھائے ہوئے ہے اور آگاہ بھی ہے۔ بعینہٖ اسی طرح جس طرح ایک انسان قرآن مجید کا حامل اور اس ے آگاہ ہوتا ہے اسی طرح جمادات کی ہر مخلوق کو ایک علم عطا کیا گیا ہے جسے وہ اٹھائے ہوئے ہے۔

میں نے عرض کیا کہ اس سے معلوم ہوا کہ اس میں عقل اور علم ہے اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ تو دراصل جمادات ہے؟

حضرت نے فرمایا کہ وہ تو ہماری نگاہ میں جمادات ہے لیکن خالق کی نسبت کے اعتبار سے تو وہ عارف ہے اور فرمایا کہ مخلوق خواہ کسی م کی ہو کسی حالت میں یہ کہنے سے خالی نہیں کہ اللہ میرا رب ہے اور یہ حالت تمام مخلوقات میں پائی جاتی ہے اسی طرح ہر قسم کی مخلوق سبحانہٗ ے سامنے عاجزی کرنے، اس سے ڈرنے اور اس کے دبدبے سے خوف کھانے سے خالی نہیں، لیکن لوگ چونکہ زمین اور دیگر جمادات کی لی حالت سے واقف نہیں ہوتے اس لئے وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ بے جان چیز پر چل رہے ہیں اور بے رُوح چیز پر آتے جاتے ہیں راسی عدم واقفیت نے انہیں تباہ کیا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ اگر لوگوں کو زمین کی اصلی حالت کا پتہ چل جائے تو ممکن نہیں ہوسکتا کہ کوئی شخص بھی زمین پر اللہ کی نافرمانی کر سکے۔

حضرت نے فرمایا کہ میں فتح نصیب ہونے سے پہلے حضرت محمد لہواجؒ کے ساتھ تھا اور حق تعالیٰ نے انہیں فتح نصیب کی ہوئی تھی آپ میرے ساتھ خولان کے علاقے میں سخونہ کے چشمے پر گئے تا کہ وہاں اس نخلستان سے جو علی بن حرزہم کے روضہ پر وقف تھا' خام کھجوریں توڑیں ہمارا گزر فاس کے دروازوں میں سے باب الفتوح سے باہر ابن عمر کے گھر سے ہوا اور وہاں ایک چشمہ بہتا تھا' میں نے کانٹا لے کر اس میں روٹی لگائی اور مچھلی کا شکار کرنا چاہا اور مچھلیاں وہاں بہت تھیں۔ شیخ محمد لہواج نے منع بھی فرمایا مگر میں نے قسم کھالی کہ ضرور شکار کروں چنانچہ وہ میرے ساتھ چشمہ پر آئے اور میں نے کانٹا ڈالا۔ اصل پانی کے قریب ایک بڑا پتھر تھا جس میں سے میں نے اللہ! اللہ! کی آواز آتی سنی۔ ابھی اس طرف نگاہ اٹھی ہی تھی کہ ہر پتھر نے اللہ اللہ کہنا شروع کر دیا۔ پھر سوائے اس مچھلی کے جس نے کانٹے کی روٹی کھائی تھی ہر ایک پکارنا شروع کر دیا۔ اس اللہ اللہ کی پکار کا مطلب یہ تھا کہ اے شکار میں مشغول ہونے والے کیا تجھے اللہ کا خوف نہیں۔

حضرت فرماتے ہیں کہ اس وقت مجھ پر اس قدر خوف و رعب طاری ہوا کہ میں چاہتا تھا کہ اس کے مقابلے میں مجھے رسی میں باندھ کر ایک بلند جگہ پر اُٹھا دیا جائے اور ایک کھمبے پر کنڈی میں لٹکا دیا جائے مگر اس خوف سے نجات مل جائے۔

میں نے عرض کیا آپ کو اس قدر سخت خوف کیوں ہوا؟

فرمایا: اس کی مثال یوں سمجھو کہ ایک شخص نے نہ کبھی بیل دیکھا اور نہ سنا ہو' پھر وہ آنکھیں مل کر دفعتاً کھولے اور دیکھے کہ لاتعداد بیلوں کے سامنے کھڑا ہوں تو بتاؤ اس کا کیا حال ہوگا؟

میں نے عرض کیا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ خوف جو آپ پر طاری ہوا یہ محض خرق عادت امر کے مشاہدے سے ہوا؟

فرمایا: ہاں اس خرقِ عادت معاملے کے مشاہدے سے یہ خوف لاحق ہوا۔

میں نے عرض کیا: آپ نے ان کا یہ خارق عادت کلام عربی زبان میں سنا تھا یا جمادات کی زبان میں؟

فرمایا: جمادات کی زبان میں۔ ان کی اپنی زبانیں اور بولیاں ہیں جو ان کی ذات اور جمادیت کے لائق ہے اور میں نے جو سنا ہے تو تمام بسم سے سنا ہے نہ صرف ان کانوں سے جو سر کے اندر ہیں' پھر فرمایا کہ ولی کو اس قسم کا مشاہدہ ابتدائی حالت میں کرایا جاتا ہے بعد میں تو وہ اس فعل کو اللہ کی طرف سے دیکھتا ہے اور اسے یوں نظر آتا ہے کہ خالق سبحانہ نے ان میں کلام اور تسبیح وغیرہ پیدا کر دی ہے ا خود بمنزلہ خالی برتنوں اور محض تصویروں کے ہیں۔

میں نے عرض کیا کہ یہ مشاہدہ تو جمادات کے ساتھ مخصوص نہیں کیونکہ یہ تو انسان وغیرہ ذوی العقول میں بھی ہوسکتا ہے۔

فرمایا: ہاں بلا امتیاز سب ہی چیزوں میں ہوسکتا ہے۔ پھر فرمایا کہ یہ جو ہم نے ذکر کیا ہے کہ جمادات اپنے خالق کو پہچانتی ہے اسے شخص سمجھ سکتا ہے جو عالم زمین و آسمان سے باہر نکل گیا ہو اور اس سے اتنا دور نکل گیا ہو کہ زمین و آسمان اس کے سامنے ایک گیند کی مانند پھر وہ ان کی طرف اس قوی اور ہر چیز کو پھاڑ کر نکل جانے والی نگاہ سے دیکھے جو آج کل میرے خیال میں تین شخصوں کے سوا کسی کو حاصل تو اسے یہ تمام امور آنکھوں کے سامنے دکھائی دیں گے اور اسے جمادات کی ہر مخلوق یا تو سجدے میں پڑی ہوئی یا رکوع کی حالت میں ا خوف سے سرنگوں دکھائی دے گی اور سب سے پہلے تو اسے خود زمین بھی رکوع کی حالت میں دکھائی دے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت نے فرمایا کہ ایک دن میں باب الفتوح سے باہر سیدی احمد الیمنیؒ کے مزار کے پاس زیتون کے درخت کے نیچے بیٹھا ہوا تھا
ا کیا ہوں کہ سارے پتھر کیا چھوٹا اور کیا بڑا اور سب درخت اور ٹہنیاں اپنی اپنی زبان میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی تسبیح پڑھ رہی ہیں۔
سننے سے قریب تھا کہ میں بھاگ جاؤں۔ پھر میں نے ایک پتھر کی آواز کو کان لگا کر سنا تو مجھے اس سے مختلف آوازیں آ رہی تھیں۔
ں نے غور سے دیکھا تو دیکھا کہ وہ کئی پتھروں سے مرکب ہو کر ایک پتھر بنا ہے اسی لئے اس میں سے مختلف آوازیں آتی تھیں۔
(مؤلف کتاب کہتا ہے کہ) یہ واقعات حضرت کو فتح کے ابتدائی زمانے میں پیش آئے تھے اور اس کے قریب وہ تذکرہ ہے جو آپ
زبان جانوروں کے بارے میں فرمایا کہ ایک بیل جب دوسرے بیل کو دیکھتا ہے تو دن بھر میں جو کچھ پیش آیا ہے وہ اس سے ذکر کرتا
ہتا ہے کہ میں نے فلاں گھاس کھائی اور فلاں فلاں پانی پیا اور ابھی میرے دل میں فلاں فلاں بات کرنے کا خیال باقی ہے اور دوسرا
ی اسی طرح اس کو جواب دیتا ہے اور دونوں اللہ کے حکم سے باتیں کرتے رہتے ہیں۔ جیسے ہماری گفتگو میں حروف اور مخارج ہوتے
ی طرح اُن کی گفتگو میں بھی ایک اندازہ ہوتا ہے اور اس میں الگ الگ ٹکڑے ہوتے ہیں مگر یہ ہم سے پوشیدہ رکھا گیا ہے۔ یہی حال
انات' درختوں اور پتھروں کے کلام کا ہے جیسا کہ ان سے ہمارے کلام کی سماعت جو مخارج اور حروف تہجی سے مرکب ہوتا ہے پوشیدہ
ہے اور وہ اس سے سوائے پکار اور آواز کے کچھ نہیں سن سکتے ہاں جس شخص کو فتح نصیب ہو وہ ان کا کلام سنتا ہے اور سمجھتا بھی ہے اور
لگ فقروں کے ٹکڑوں کو پہچانتا ہے اور یہ سمجھنا رُوح کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے اور رُوح مقاصد اور اغراض کو قبل اس کے کہ ان کو
سے ظاہر کیا جائے پہچانتی ہے اور اگر تو نے ایک عجمی صاحب فتح کو ایک عربی صاحب فتح سے باتیں کرتے نہیں دیکھا کہ دونوں دن بھر
میں باتیں کرتے رہیں ایک تو عجمی زبان میں بات کرتا ہو اور دوسرا عربی میں جواب دیتا ہو تو سمجھ لے تو نے کچھ نہیں دیکھا۔
میں نے حضرت کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بسا اوقات قضاء حاجت کی غرض سے بیت الخلا کو جاتا اور جب پانی کو ذکر کرتے ہوئے
دکا نام لیتے ہوئے سنتا تو حاجت رفع کئے بغیر واپس [۲۳۷] چلا آتا۔
(مؤلف کتاب کہتا ہے کہ) معرفتِ لغات کے بیان میں اس کا کچھ تذکرہ کیا جا چکا ہے۔ جہاں ہم نے اجزاء علم پر بحث کی ہے اور
ف تام'' میں بھی جو اجزاء نبوت میں سے ہے۔ اس کا ذکر کیا ہے۔
ا: میں نے حضرت سے بزار [۲۳۸] کی اس حدیث کے متعلق دریافت کیا جو حضرت انسؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ بنی اسرائیل نے
ت موسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی کہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی کیفیت بیان فرمائیں اور یہ کہ آپ نے اسے کیسے سنا؟ موسیٰ علیہ السلام
فرمایا جیسے گرج اور کڑک کی آواز کو فوراً دم نکال دے مگر ہو نہایت شیریں' اگر سنی جائے' یہی مثال اللہ کے کلام کی ہے۔ نیز موسیٰ علیہ
لام نے عرض کیا کہ اے باری تعالیٰ کیا آپ نے تمام کلام سے میرے ساتھ کلام فرمایا ہے؟ ارشاد ہوا کہ تمہارے ساتھ صرف دس ہزار
ن کی قوت سے کلام کیا گیا ہے اور اگر تمامی کلام سے بات کرتا تو اسی وقت تم پگھل جاتے۔
اب: حضرت نے فرمایا: گرج اور کڑک کی آواز سے مراد خوف ہے جو انسان کو اس آواز کے سننے سے لاحق ہوتا ہے کیونکہ اس خوف
انہ کیفیت بیان ہو سکتی ہے اور نہ ہی کوئی اس کے برداشت کرنے کی طاقت رکھتا ہے اسی طرح جو شخص حق سبحانہ وتعالیٰ کا کلام سنتا ہے اسے
اسا قدر خوف اور ہیبت طاری ہوتی ہے کہ تمام اجزاء بدن اس سے متاثر ہوتے ہیں۔ حتیٰ کہ ذات انسانی کے ہر جوہر کو علیحدہ علیحدہ اس قدر
وف تام لاحق ہوتا ہے جتنا پورے انسان کو لاحق ہوتا ہے کہ ہر رگ اور اس کا ہر جز ولرزتا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کی مہربانی نہ ہو تو ہو سکتا ہے کہ

وہ پگھل جائے۔

اور اعلیٰ حلاوت سے مراد وہ الطاف، رحمتیں اور انعامات ہیں جو موسیٰ علیہ السلام کو اس وقت حاصل ہوئے نیز وہ لذت مرا
جو اس کلام ازلی کے سننے والے کی ہر ہر رگ کو نصیب ہوا کرتی ہے اور آواز سے حقیقی آواز مراد نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نسبت ا
خیال کرنا محال ہے۔

اور یہ ارشاد کہ میں نے دس ہزار زبان کی قوت سے کلام کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے حجاب ا
کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے کلام کے اتنے مدلولات سن لئے جن کو اگر ہزار زبانیں یک لحظہ کے اندر ادا کرتیں تو ان کی مقدار ان مدلو
کلام الٰہی کے برابر ہوتی۔ یہ بعینہ اسی طرح ہے جس کا ذکر صاحب فتح ولی کے بیان میں آئے گا کہ نہ مختلف آوازیں اس پر مخلوط ہوتی
اور نہ ایک آواز دوسری آواز کے سننے سے مانع ہوتی ہے۔ (بلکہ وہ صاف صاف اور الگ سنائی دیتی ہیں) لہٰذا اگر دس ہزار زبانیں بھی
کر لی جائیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوئی ہوں اور انہوں نے انہیں کان لگا کر سنا ہو اور ایک لحظہ میں بغیر ترتیب اور تا
تاخیر کے سمجھا ہو تو حدیث مذکور میں اسی شان کی طرف اشارہ سمجھنا چاہیے۔

حضرت نے فرمایا کہ یہ سماعت رُوح کی تھی نہ ذات کی کیونکہ رُوح کے علم میں کوئی ترتیب نہیں ہوتی چنانچہ جب رُوح کسی علم کی
متوجہ ہوتی ہے مثلاً نحو یا فقہ تو نحو یا فقہ کے تمام مسائل ایک لحظہ کے اندر اس کے سامنے حاضر ہو جاتے ہیں۔ یہی حال رُوح کی قرأت کا
لہٰذا جب رُوح قرآن مجید کی تلاوت کا ارادہ کرے گی تو اس کو تمام حروف کے ساتھ ایک لحظہ میں صحیح مخارج ادا کر کے پڑھ جائے گی۔

میں نے حضرت سے یہ جواب ابتدائی زمانے میں سنا تھا واقعہ یوں ہوا کہ میں عین علون کی مسجد میں در منثور[۲۳۹] لئے بیٹھا
میں نے یہ حدیث پڑھی اور میرے دل میں خیال آیا کاش اس وقت حضرت موجود ہوتے تو میں ان سے اس حدیث کے متعلق در
کرتا۔ ابھی تھوڑی دیر نہ ہوئی تھی کہ آپ تشریف لے آئے اور میرے سامنے آ بیٹھے میں نے کتاب کھولی اور عرض کیا کہ حضرت
خواہش ہی کر رہا تھا کہ اس کتاب کی ایک حدیث کے متعلق آپ سے سوال کروں۔ حضرت نے فرمایا کہ ہاں پوچھو میں جواب ہی
آیا ہوں۔ چنانچہ میں نے حدیث پڑھی اور حضرت نے یہ جواب دیا۔ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَ نَفَعَنَا بِعُلُوْمِہٖ

۱۷۔ جبرئیل علیہ السلام کا ایک سائل کی صورت میں آنا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسے نہ پہچاننا:

مسلم کی ایک حدیث (مشکوٰۃ باب الایمان) میں جبرئیل کے ایمان اور احسان کے متعلق سوال کرنے کا ذکر آیا ہے کہ آنح
صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل کے چلے جانے کے بعد فرمایا کہ اس شخص کو جو سوالات کر رہا تھا واپس لاؤ۔ چنانچہ صحابہ نے ان کی تلاش کی مگر ان کا
لگا۔ تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ جبرئیل تھے اور وہ مجھ سے اس مرتبہ کے سوا کبھی نہیں چھپ سکے (یعنی اب کی بار میں انہیں نہ پہچان
اس حدیث کے متعلق میں نے حضرت کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جبرئیل علیہ السلام چھپے رہے اس میں بھی آنحضرت
کی اس قدر تعظیم و تکریم پائی جاتی ہے جسے صرف وہی لوگ جان سکتے ہیں جن پر اللہ کی رحمت ہو، اس کی تشریح یوں ہے کہ بعض
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مشاہدہ حق میں اس قدر مستغرق ہو جاتے کہ آپ کی ذات پاک مع اپنے تمامی تعلقات اور اجزاء و عروق کے اس ع
بے تعلق ہو کر نور حق سبحانہ میں محو ہو جاتی۔ چنانچہ اس طرح آپ کی ذات کا تعلق غیر اللہ سے کلی طور پر منقطع ہو جاتا مگر اس کے باوج

ات غلطی سے محفوظ ہوتی اور حق کے سوا کوئی فعل صادر نہ ہوتا تھا اور نہ ہی صدق کے سوا کوئی بات زبان سے نکلتی۔ چنانچہ جب فرشتے
ے کہ آنحضرت ﷺ پر یہ حالت طاری ہوئی ہے اور انہیں یہ بھی معلوم ہے کہ آنحضرت ﷺ کے سوا کوئی اور اس کی کیفیت [۲۴۰] کی طاقت
رکھتا اور یہ کہ اس حالت میں آپ ﷺ کو ان کا شعور نہ ہو سکے گا تو اس موقع کو غنیمت سمجھ کر جلدی کرتے اور حاضر خدمت ہو کر
ﷺ سے ایمان کے متعلق سوال کرتے اور آپ ﷺ کو اپنا مرشد بنا کر آپ ﷺ سے ایمان اخذ کیا کرتے۔ چنانچہ فرشتہ ایک بدوی کی
یں آ کر عرض کرتا یا رسول اللہ ﷺ! میں آپ کی خدمت میں ایمان لانے اور آپ ﷺ کے سچے رسول ہونے کا اقرار کرنے کے لئے
ں۔ لہٰذا آپ ﷺ مجھے سکھائیں کہ میں کس طرح اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤں۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ اس کو تعلیم دیتے۔

میں نے عرض کیا کہ فرشتوں کو اللہ کے برگزیدہ بندے اور مقرب فرشتے ہونے کے باوجود آپ ﷺ سے ایمان کی تعلیم لینے کی کیا
ت تھی؟

اس پر حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کی بہت بڑی شان ہے لہٰذا جس نے بھی آپ ﷺ سے ایمان اخذ کیا اور پھر اسے بدلا
اسے نہ پل صراط دیکھنی پڑے گی نہ دوزخ۔ اسی لئے فرشتے اس موقع کو غنیمت سمجھتے۔

میں نے عرض کیا کہ فرشتے کسی دوسرے وقت میں کیوں سوال نہیں کرتے تھے؟

فرمایا جب آنحضرت ﷺ اپنے اصلی حسِ وادراک کی طرف لوٹ آتے اور فرشتوں کو اس کا پتہ چل جاتا اور وہ سمجھ جاتے کہ آپ
پہچان گئے ہیں تو اس حالت میں وہ بدوی کی شکل نہ بنا سکتے تھے اور اس صورت میں ذات محمدی ﷺ سے خاص نور اور مدد کے ساتھ
نہ نکلے گا۔ برخلاف اس حالت کے جب آپ ﷺ حق سبحانہ کی طرف مستغرق ہوں اور آپ ﷺ کی یہ حالت ہو کہ آپ ﷺ
کے کلام کے سوا کچھ اور نہ سن سکتے ہوں تو اس حالت میں ان کی خواہش کے مطابق جواب نکلے گا پھر میں نے سوال کیا کہ کیا فرشتوں کو
دم ہو جاتا ہے کہ یہ وہ حالت ہے جس میں آپ ﷺ اپنے حس و ادراک کی طرف لوٹ آئے ہیں اور یہ وہ حالت ہے جس میں
ﷺ حق تعالیٰ کی طرف بکلی مستغرق ہیں۔

حضرت نے فرمایا یہ امر نہ تو فرشتوں پر مخفی رہ سکتا ہے اور نہ اُن لوگوں پر جنہیں اللہ تعالیٰ نے فتح عطا کی ہو۔ واللہ اعلم

۔حدیث: مَامِنْ نَّبِیٍ اِلَّا وَقَدْ اعطی مامثلهٗ اٰمن علیه البشر:

میں نے حضرت کو اس حدیث کی تشریح فرماتے ہوئے سنا کہ جو نبی بھی گزرا ہے اسے اس قدر معجزات عطا کئے گئے جس قدر لوگ
پر ایمان لاتے ہیں اور جو کچھ مجھے عطا ہوا ہے وہ ایک وحی ہے جس کی (ہر روز) تلاوت ہوتی ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے معجزات ان کی اپنی ذات اور اس کے متعلقات جنس میں سے ہوتے تھے۔ چنانچہ
انبیاء کو بعض معجزات کبرسنی میں عطا کئے جاتے اور بعض معجزات ایسے ہوتے جو بچپن ہی سے ان کی ذات کے ساتھ ترقی پاتے رہتے
نکہ کبرسنی میں ان کا ظہور ہوتا، مگر آنحضرت ﷺ کا معجزہ اپنی ذات سے نہ تھا بلکہ حق سبحانہ کی طرف سے تھا اور اس کے نور اور مشاہدہ
ہمکلامی سے تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ آنحضرت ﷺ کی ذات، عقل، نفس رُوح اور سرّ میں اس قدر قوت تھی کہ اگر یہ تمام انبیاء علیہم
لوٰۃ والسلام پر تقسیم کی جاتی تو بھی ان میں اس کے متحمل ہونے کی قوت نہ ہوتی۔ اسی لئے تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ مجھے جو معجزہ

دیا گیا ہے وہ خالص وحی ہے جس کی تلاوت کی جاتی ہے یعنی آپ کا معجزہ دیگر انبیاء علیہم السلام کے معجزات جیسا نہیں ہے۔ اگر چہ جمیع کے معجزات اتنے جلیل القدر اور رفیع الشان تھے کہ ان کے ذریعے سے تمام کائنات کو مومن بنالیا جاسکتا تھا لیکن آنحضرت ﷺ کا معجز تمام کے معجزات سے ارفع واعلیٰ ہے [۲۴۱] کیونکہ یہ معجزہ حق سبحانہ کی طرف سے ہے نہ آپ ﷺ کی ذات کی طرف سے۔

اس کے بعد آپ نے ایک مثال بیان فرمائی کہ ایک بادشاہ ہے۔ جب اس کے گھر کوئی لڑکا پیدا ہوا تو اس نے اسے کسی مق پرورش پانے کے لئے بھیج دیا اور ہر ایک کے ساتھ بطور نشانی کے ایک قیمتی لعل بھی بھیجتا رہا جس سے رعایا کو علم ہو کہ یہ شاہزادہ۔ ہمارے بادشاہ کا بیٹا ہے۔ بالآخر ایک اور لڑکا پیدا ہوا جس کو بادشاہ نے اپنے پاس رکھ لیا اور خود ہی اس کی تربیت اور تمام معاملا نگہداشت کی۔ لہٰذا جو کمال معرفت اور اپنے باپ کے اسرار سے جو واقفیت اسے حاصل ہوگی اس کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی او قدر اس کے بھائیوں کو اپنے باپ کے اسرار کا علم ہوا ہوگا اس کا قیاس اس علم کے ساتھ ہرگز نہیں کیا جاسکتا جو اسے حاصل ہوا ہوگا۔

بعض صحابہ رضوان اللہ علیہم کی خواہش ہوتی کہ آنحضرت ﷺ سے بعض ایسے معجزات صادر ہوں جس قسم کے دیگر انبیاء علیہم سے صادر ہوئے ہیں تو آنحضرت ﷺ کی نظر ادھر تو اُن کی خواہش پر جاتی اور اُدھر اس مخصوص عنایت الٰہی پر جو مولیٰ کریم نے آپ ﷺ کی ذات پر کی تھی اور اس سے آپ ﷺ کو بڑی شرم آتی۔ پھر حضرت نے فرمایا کہ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کہ ایک بادشاہ نے اپنا تمام ملک دے دیا ہو اور اسے اختیار دے دیا ہو کہ جیسا چاہے تصرف [۲۴۲] کرے اور اس کا کوئی دوست اس سے خواہش کہ فلاں گاؤں میں تصرف کر کے دکھلائیں۔ ایک اور مرتبہ میں نے حضرت کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قرآن مجید میں جو اسرار وانوار جو مقامات اور احوال اس میں درج ہیں اس کی مثال ایسی ہے کہ ایک شخص کپڑا تراش کر ٹوپی، قمیض اور عمامہ غرض جو کپڑے بھی پہنے ہیں سب ہی سلوائے اور اپنے سامنے رکھ لئے۔ اب ایک نگاہ ڈالو، ان کپڑوں پر اور پھر تمام مخلوقات کی طرف دیکھو (کہ کیا کوئی اس کے پہننے کا مستحق ان میں ہے) تو تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ اسے پہننے اور اس کے متحمل ہونے کی طاقت آنحضرت ﷺ کی ذات کسی میں نہیں ہے اور اس کی وجہ وہی قوت ہے جو آپ کی ذات شریف سے مخصوص کی گئی ہے۔

۱۹۔ مشاہدہ نبی کریم ﷺ:

ایک اور مرتبہ میں نے آپ کو ''مشاھدۃ النبی لاتطاق'' کی تشریح فرماتے ہوئے سنا۔ کہ مشاہدہ اپنی اپنی معرفت کے مطابق اور آنحضرت ﷺ کو معرفت اسی وقت سے حاصل ہو چکی تھی جب حبیب اپنے محبوب کے پاس تھا اور کوئی تیسرا ان کے پاس آنحضرت ﷺ تمام مخلوقات [۲۴۳] سے پہلے پیدا ہوئے اسی زمانے سے آنحضرت ﷺ کی رُوح مقدس ان انوار قدسیہ اور معارف سے سیراب ہو چکی تھی لہٰذا یہ ہر طالب نور کے لئے اصل اور ہر طالب ضیاء کے لئے مادہ بن گئی تھی۔ لہٰذا جب آپ ﷺ کی پید وقت آپ ﷺ کی رُوح مقدس آپ ﷺ کی ذات مطہر میں داخل ہوئی تو اس میں رضا اور محبت کے ساتھ سکونت پذیر ہوئی او اپنے اسرار ومعارف سے فیضیاب کرتی رہتی تا آنکہ آنحضرت ﷺ کی عمر چالیس سال کی ہوئی تو وہ پردہ جو ذات اور رُوح کے د اُٹھ گیا اور حجاب کلیتاً مٹ گیا اور آنحضرت ﷺ کو وہ مشاہدہ حاصل ہوا جسے کوئی اور برداشت نہیں کر سکتا۔ چنانچہ آپ ﷺ کا م

یسا کہ آپ اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہوں کہ حق سبحانہ کی ذات ہی تمام مخلوقات کی محرک اور انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نے والی ہے اور مخلوقات کی حیثیت تو ظروف اور کمہار کے برتنوں کی سی ہے جو اپنی جگہ ذات کو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں نہ نقصان۔ چنانچہ جب ﷺ مبعوث ہوئے اور خلعت رسالت ملی تو آپ ﷺ کو یہ مشاہدہ حاصل ہو چکا تھا اور مخلوقات آپ ﷺ کی نگاہ میں محض خالی م اور تصویریں تھیں (یہ مشاہدہ اس لئے کرایا گیا) تا کہ آپ ﷺ ان کے لئے مجسم رحمت بنیں اور ان کے کسی فعل [۲۴۴] کو بھی ان کی ے سے خیال کر کے بددعا نہ کریں جس سے وہ ہلاک ہو جائیں۔ جس طرح کہ آپ ﷺ سے پہلے انبیاء نے اپنی امتوں سے کیا۔ اسی نہوں نے دعا کرنے میں جلدی کی اور آنحضرت ﷺ کی دعا اپنی اُمت کی شفاعت کی خاطر قیامت کے دن پر اُٹھا رکھی گئی ہے۔ لہٰذا ﷺ کی دعا بھی رحمت بنی اور اللہ تعالیٰ کے فرمان وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ (ہم نے آپ ﷺ کو تمام جہان والوں لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے) اور آنحضرت ﷺ کے فرمان کہ اِنَّمَا اَنَا رَحْمَةٌ مُهْدَاةٌ لِلْخَلْقِ (میں مخلوقات کے لئے رحمت کا تحفہ) کا مصداق ظاہر ہوا اور یہ تو اس مشاہدے کے ابتدائی زمانے کا حال تھا چہ جائیکہ ہر لحظہ آپ ﷺ کی ترقی ہو رہی ہو اور ان مقامات پر ﷺ کا عروج ہو رہا ہو جن کی کیفیت بیان نہیں ہو سکتی۔ میں نے عرض کیا اب کوئی درجہ باقی ہے؟

حضرت نے فرمایا کہ اگر آنحضرت ﷺ آج تک زندہ رہتے تو بھی کسی ایک مقام پر نہ ٹھہرتے بلکہ متواتر بلند ہوتے جاتے اس کہ اللہ تعالیٰ کے کمالات کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

میں نے عرض کی کہ اس مشاہدے سے تو کوئی نبی بھی خالی نہ ہوگا کیونکہ ان کے پاس اگر صرف اس بات پر ایمان بالغیب ہے کہ اللہ ہمارے اور ہمارے افعال کے خالق ہیں تو وہ بالکل عام مومنین کی طرح ہو جاتے ہیں۔

حضرت نے فرمایا اس میں کوئی شک نہیں کہ انہیں یہ مشاہدہ حاصل ہوا مگر پردہ کلی طور پر نہ ہٹا تھا برخلاف اس کے ہمارے نبی ﷺ لئے پردہ کلی طور پر زائل ہو گیا تھا۔

اس کے بعد حضرت نے کشفی حقائق بیان فرمائے جن کے سمجھنے سے عقل قاصر ہے۔

آخر میں فرمایا کہ قرآن مجید میں انوار قدسیہ اور معارف ربانیہ اور اسرار ازلیہ اس قدر بالا از طاقت ہیں کہ اگر حضرت موسیٰ صاحب اۃ، حضرت عیسیٰ صاحب انجیل اور حضرت داؤد صاحب زبور نزول قرآن کے زمانے تک زندہ ہوتے اور اس کو سنتے تو قرآن کا اتباع نبی ﷺ کی ان اقوال میں تابعداری اور آپ ﷺ کے افعال سے ہدایت پانے کے بغیر ان سے کچھ بن نہ آتا اور سب سے پہلے یہی ے آپ ﷺ کی دعوت قبول کر کے آپ ﷺ پر ایمان لاتے اور تلوار لے کر آپ ﷺ کے آگے ہو کر جہاد کرتے۔

مؤلف کہتا ہے کہ آنحضرت ﷺ سے اسی قسم کی ایک حدیث وارد ہوئی ہے جس میں آپ ﷺ نے فرمایا ہے کہ لَوْ کَانَ یسیٰ [۲۴۵] وَ مُوْسیٰ حَیَّیْنِ لَا تَبِعَانِیْ (اگر موسیٰ علیہ السلام و عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو بالضرور میری تابعداری کرتے) یا جیسے آپ ﷺ نے فرمایا ہو۔

ابن حجرؒ کو دیکھیں کہ انہوں نے فتح الباری کی کتاب التوحید کے آخر میں اس حدیث کے متعدد طرق نقل کئے ہیں اور اگر یہ خارج از بحث بات نہ ہوتی تو میں ان کو یہاں درج کر دیتا۔

۲۰۔ حدیث اَلْاَشْعَرِیّین:

میں نے حضرت سے اس حدیث کے متعلق سوال کیا جس میں آنحضرت ﷺ نے ان اشعریین کو مخاطب کرتے ہوئے فرما
جنہوں نے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر سواری کے اونٹ مانگے تھے کہ وَاللّٰہِ لَااَحْمِلُکُمْ عَلَیْہِ وَلَاعِنْدِیْ مَااَحْمِلُکُمْ عَ
''اللہ کی قسم میں تم کو سواری کے لئے اونٹ نہ دوں گا اور نہ میرے پاس ہیں کہ تم کو دوں۔'' مگر (اس قسم کھانے کے بعد) آپ نے ا
اونٹ عطا فرمادیئے۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک سے حق بات کے خلاف اور صدق کے سوا کوئی بات نہ نکل
تھی (پھر یہ بات کیوں کر ہوئی کہ پہلے تو قسم کھا کر انکار کر دیا اور پھر قسم کے خلاف اونٹ دے بھی دیئے)

فرمایا: بیشک نبی ﷺ سچ ہی بولا کرتے تھے اور حق بات ہی فرمایا کرتے تھے مگر آپ کا کلام باطن اور مشاہدے کے اعتبار سے نکلا
تھا۔ چنانچہ کبھی تو آنحضرت ﷺ ذات الٰہی کے مشاہدے میں ہوتے اور جو لذت اس مشاہدے میں ہوتی ہے اس کی کیفیت نہ تو بیا
سکتی ہے اور نہ کوئی اس کا متحمل ہوسکتا ہے اور دنیا کی کوئی لذت بھی اس کے مماثل نہیں اور یہ وہ لذت ہے جو جنتیوں کو جنت میں دیدا
کے وقت حاصل ہوگی۔

اور کبھی آنحضرت ﷺ ذات باری تعالیٰ کی قوت اور غلبہء قدرت کے مشاہدے میں مستغرق ہوتے اور اس مشاہدے میں اللہ
کی قوت اور غلبہء قدرت کے مشاہدے کی وجہ سے خوف اور بے چینی ہوتی۔ ان دونوں مشاہدوں میں آپ ﷺ مخلوق سے غافل ہو
اور کسی کو بھی نہ دیکھتے تھے۔ اس کی تھوڑی سی تشریح حضرت جبرئیلؑ کو نہ پہچان سکنے کی حدیث میں گزر چکی ہے۔

اور کبھی آپ ﷺ ذات خداوندی کا مشاہدہ مخلوقات کے ساتھ کرتے اور آپ ﷺ اللہ کی قدرت کو تمام مخلوقات میں ساری پا
اس مشاہدے میں ذات باری آپ ﷺ کے باطن سے غائب ہو جاتی اور اس کے افعال باقی رہ جاتے اسی تیسرے مشاہدے میں ا
شریعہ کی تعمیل اور مخلوق کی تعلیم و تربیت اور ان کو اللہ تک پہنچانے کی خدمت انجام پاتی تھی۔ لہٰذا آپ ﷺ کی زبان مبارک سے جو کچ
نکلتا تھا ان تینوں مشاہدوں سے خارج نہ ہوتا تھا۔ چنانچہ کلام فرماتے وقت کبھی آپ ﷺ پہلے مشاہدے میں ہوتے اور کبھی تیسرے میں
حدیث مذکور کا تعلق دوسرے مشاہدے سے ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ ذات باری اور اس کی قدرت کے مشاہدے میں اس قدر مستغرق
کہ وہ اپنے آپ سے بھی بے خبر تھے اور کا تو ذکر ہی کیا۔ لہٰذا جب شعریین نے آنحضرت ﷺ سے یہ درخواست کی کہ ہمیں سواری
اونٹ عطا فرمائیں اور آپ ﷺ اس مشاہدے کی حالت میں تھے تو جواب میں یہ فرمادیا کہ اللہ کی قسم کہ میں تمہیں سواری کے لئے اونٹ
دوں گا اور نہ میرے پاس ہیں کہ دوں (کیونکہ مالک حقیقی اور معطی حقیقی تو اللہ تعالیٰ ہیں) اور یہ بات ہے بھی درست لیکن جب آپ م
حق سے مشاہدہ خلق کی طرف لوٹے اور اتفاق ایسا ہوا کہ اونٹ بھی آ گئے تو آپ ﷺ نے اس مشاہدے کے مطابق عمل کیا کیونک
مشاہدہ کا تقاضا یہ ہے کہ احکام الٰہی کی اطاعت ہو اور حقوق بھی ادا کئے جائیں۔ اسی لئے آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ اشعریون
ہیں؟ اس پر وہ بلائے گئے اور آنحضرت ﷺ نے انہیں اونٹ عطا فرمائے۔ انہوں نے عرض کیا بھی کہ یارسول اللہ ﷺ آپ نے تو
اٹھایا تھا کہ آپ ہمیں اونٹ نہ دیں گے اور اب آپ دے رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے جواب میں ایسے کلمات فرمائے جن سے مطلب

آپ نے ابتداء میں جو قسم کھائی تھی وہ اسی مشاہدے کے حال کے مطابق تھی (کیونکہ اس حالت میں آپ کو اپنے نفس پر ہی اختیار نہ جائیکہ اونٹوں کا دینا) اس لئے فرمایا کہ میں نے تم کو سواری کے لئے اونٹ نہیں دیئے بلکہ اللہ نے دیئے ہیں یعنی میں نے یہی تو قسم کہ میں نہ دوں گا اور نہ میرے پاس اونٹ ہیں جو سواری کے لئے دوں اور یہی حقیقت ہے کیونکہ تمہیں سواری کے اونٹ دینے والا اللہ کہ میں۔ چنانچہ آپؐ نے انہیں اس طرح بتلا دیا کہ آپ نے جو کہا ہے سچ کہا ہے اور جو کچھ فرمایا ہے درست ہے۔

میں نے عرض کیا تو پھر آپ ﷺ نے قسم کا کفارہ کیوں دیا اور فرمایا ''میں اگر کسی بات کی قسم کھالوں اور پھر اس کے خلاف بہتر ں تو اس قسم کا کفارہ ادا کر کے بہتر بات کو کروں گا۔

حضرت نے فرمایا: آنحضرت ﷺ نے اس قصہ میں تو قسم کا کفارہ ادا نہیں کیا۔ اس حدیث میں جو ذکر ہوا ہے وہ تو صرف نئی بات کا ایک حکم کی تاسیس اور ایک قاعدہ شرعیہ مقرر فرمایا ہے۔ اس واقعہ میں آنحضرت ﷺ کا قسم کا کفارہ دینا قطعاً ثابت نہیں ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ بڑے بڑے اکابر مثلاً حسن بصریؒ وغیرہ کی یہی رائے ہے اس شیخ عظیم کا عرفان کتنا صحیح واقع ہوا ہے۔

اس کے بعد حضرت نے فرمایا کہ پہلے مشاہدہ کی مثال جس کے متعلق ہم نے کہا ہے کہ اس کی لذت اہل جنت کی سی لذت ہے اس ل یوں سمجھو کہ ایک شخص کی ملاقات ایک باسطوت وجلال سلطان سے ہو جس کے پاس ہتھیار اور ہر قسم کے آلات قتل اور دیگر خوفزدہ نے والے امور ہوں پھر وہ بادشاہ ان آلات واسلحہ کو اتار دے اور گھوڑے سے اُتر آوے اور اپنی رعایا میں سے ایک شخص کو بلاوے اور کے ساتھ انبساط اور خوش طبعی کی باتیں کرنے لگے۔ پھر یہ خوش طبعی اس حد تک پہنچ جائے کہ بادشاہ اسے اپنے ساتھ ایک ہی کپڑے میں ئے' بھلا بتاؤ کہ اس شخص کی خوشی کی کیا حد ہوگی کیا کوئی اس کا اندازہ کر سکتا ہے یا کوئی شخص اس کی حقیقت بیان کر سکتا ہے؟ اس مثال رف لفظوں میں اس مشاہدہ کی لذت کی طرف اشارہ نکلتا ہے ورنہ درحقیقت وہ کجا اور یہ کجا۔

حضرت نے فرمایا: اس مشاہدہ والے کو سکون' آرام' خوشی اور انشراح صدر کے علاوہ ایسی لذت حاصل ہوگی جو اس کی رگوں میں' ت میں' خون میں' ہڈیوں میں اور بال بال میں اور روئیں روئیں میں غرض تمامی جواہر ذات میں سرایت کئے ہوگی۔ حتیٰ کہ بالفرض اس ے بال لے کر اس کی لذت کو دیکھا جائے تو اس میں بھی بعینہ وہی لذت پائی جائے گی جو اس کی عقل اور دل میں پائی جائے گی، حتیٰ کہ م دنیا کی سب سے بڑی لذت یعنی لذت جماع کو لے لیں اور فرض کر لیں کہ یہ لذت مشاہدہ کا کروڑواں حصہ ہے اور پھر اس مجموعہ کو روڑ کا ایک جزو حقیر ار دیں اور یوں سمجھیں کہ مشاہدہ کی لذت اس کا دسواں حصہ (عشر) ہے تب بھی اس لذت کے قریب قریب تک نہ ں گے۔

پھر فرمایا کہ دوسرے مشاہدے کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص بادشاہ کے خلاف بغاوت کرے اور بادشاہ بھی اس کے خلاف اسلحہ پنے دبدبے اور قہر کے ساتھ نکل کر آئے تو اگرچہ پہلی لذت کا کچھ اثر اس مشاہدہ میں بھی پایا جائے گا مگر ساتھ ہی نا قابل برداشت ت اور دہشت بھی ہوگی کیونکہ جو شخص بادشاہ کو ہاتھ میں نیزہ لئے ہوئے گھوڑے پر سوار دیکھے' پھر وہ نیزے کو حرکت دے کر ڈراتا دھمکاتا ا ہو تو جو ڈر اس پر طاری ہوگا اس کا حال کچھ نہ پوچھو اور فرمایا کہ پہلے مشاہدہ میں جو کچھ خواب کی صورت پائی جاتی ہے اور دوسرے میں اری کی سی کیفیت ہے اس لئے کہ اس میں ہیبت و دبدبہ خداوندی کے مشاہدہ سے بے چینی ہوتی ہے۔

فرمایا کہ اس حدیث میں کہ میرے دل پر کبھی کبھی بادل چھا جاتے ہیں تو اللہ سے استغفار کرتا ہوں۔"

تیسرے مشاہدے کی طرف اشارہ ہے

(مؤلف کہتا ہے) اس حدیث کو مسلم نے اپنی صحیح میں بیان کیا ہے اور بڑے بڑے محدثین مثل قاضی عیاضؒ نووی اور عراقی وغیرہؒ نے بھی اس حدیث پر بحث کی ہے جس کا ماحصل تقریباً وہی ہے جو حضرت نے فرمایا مگر حضرت نے جو بات فرمائی ہے وہ مشاہد معانیہ کے بعد فرمائی ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ تمام مخلوقات میں سے کسی کو بھی پہلے اور دوسرے مشاہدہ پر دوام حاصل نہیں ہوسکتا اسی لئے انہیں تیس مشاہدہ کی طرف آنا ضروری ہے تاکہ آرام کرسکیں۔ اسی لئے جب آنحضرت ﷺ اس مشاہدہ کی طرف نزول کرتے تو (چونکہ یہ م بمقابلہ پہلے دو مشاہدوں کے ادنیٰ مشاہدہ ہوتا اس لئے) آپ اللہ [۲۴۷] سے استغفار کرتے اور اسے گناہ سمجھتے۔ حضرت نے اس کے اس میں دیگر اسرار کا بھی ذکر کیا جن کا افشا نہیں کیا جاسکتا۔

(مؤلف کہتا ہے) کہ جب حضرت سے میں نے ان تینوں مشاہدات کی تشریح سنی اور انہوں نے یہ بھی فرمادیا کہ آنحضرت ﷺ کلام ان سے باہر نہیں ہوسکتا اور اس کلام کا مفہوم سمجھنا صرف انہی لوگوں کے لئے مشکل ہوتا ہے جو اس کی حقیقت سے بے خبر ہیں۔ کہ آنحضرت ﷺ کی ہر بات سچی ہوتی ہے اور ہر بات اور ہر حال میں آپ ﷺ حق بات کہتے ہیں۔

۲۱۔ تاءبیر نخل کا قصہ:

تو میں نے سوال کیا کہ صحیح مسلم میں کھجور کو پیوند لگانے کا قصہ دیا ہے کہ آنحضرت ﷺ ایک بار صحابہ کے پاس سے گزرے کھجوروں کو پیوند لگا رہے تھے آپ ﷺ نے دریافت فرمایا یہ کیا کر رہے ہو؟ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ان کی اسی طرح کی جاتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم ایسا نہ کرو تب بھی اچھا پھل آئے چنانچہ صحابہ نے آپ ﷺ کے فرمان کے مطابق پیوند نہ لگ کا نتیجہ یہ ہوا کہ خراب قسم کی کھجور آئی۔ آنحضرت ﷺ نے ان کو دیکھا تو فرمایا کہ کھجور کو کیا ہوگیا کہ ایسی آئی صحابہ نے عرض کیا اللہ ﷺ آپ ہی نے تو ہمیں ایسا فرمایا تھا۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا "تم اپنی دنیا کو بہتر جانتے ہو۔"

حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کا یہ فرمانا کہ اگر تم اس طرح نہ بھی کرو (یعنی پیوند نہ بھی لگاؤ) تب بھی پھل اچھا آ بالکل حق اور سچا کلام ہے۔ آنحضرت ﷺ نے یہ بات اس جزم اور یقین کی بناء پر فرمائی جو حضور کو حاصل تھا کہ فاعل مطلق تو اللہ ہے اور یہ جزم اور یقین آپ ﷺ کو اس طرح حاصل ہوا تھا کہ آپ ﷺ نے مشاہدہ فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کا فعل تمام ممکنات راست اور بلا سبب و واسطہ جاری و ساری ہے۔ چنانچہ نہ کسی ذرہ کو سکون ہوتا ہے نہ بال کو حرکت' نہ دل کو اضطراب' نہ رگ میں پھ پلک کی کوئی جھپک نہ ابرو کا اشارہ مگر اللہ تعالیٰ بلا واسطہ اس کا فاعل ہوتا ہے اور آنحضرت ﷺ اس کا اس طرح مشاہدہ کیا کرتے طرح عام لوگ محسوسات کا مشاہدہ کیا کرتے ہیں اور یہ کیفیت آپ سے کسی حالت میں بھی غائب نہ ہوتی تھی نہ بیداری میں میں۔ اس لئے کہ آپ ﷺ کا قلب جس میں یہ مشاہدہ تھا کبھی نہ سوتا تھا اور یہ بات یقینی ہے کہ جس ہستی کو اس قسم کا مشاہدہ حاصل نگاہ سے تمام اسباب گر جائیں گے اور وہ ایمان بالغیب سے ترقی کر کے شہود و عیان تک جا پہنچے گا۔ لہٰذا اس کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا

لّٰہُ خَلَقَکُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ محض ایک عقیدہ نہ ہوگا بلکہ مشاہدہ دائمی ہوگا جو نظر سے اوجھل نہ ہوگا اور وہ یقین نصیب ہوگا جو اس مشاہدہ
ے مناسب ہے یعنی اس آیت کے معنی پر اس قدر پختہ یقین ہوگا کہ غیر اللہ کی طرف کسی فعل کے منسوب کرنے کا چیونٹی کے سر کے برابر بھی
سہ نہ گزرے گا اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ جس پختہ یقین کی یہ کیفیت ہو اس سے معجزات کا ظہور ہوتا ہے اور اشیاء خود بخود متاثر ہونے لگتی
ں۔ یہ ایک سر الٰہی ہے جس کے ہوتے ہوئے تمام اسباب و وسائل اٹھ جاتے ہیں۔ لہٰذا جس ہستی کو یہ مقام حاصل ہو اگر وہ اسباب کے
قط ہونے اور رب الارباب کی طرف فعل کے منسوب ہونے کا اشارہ فرمائے تو اس کا قول حق اور اس کی بات سچ ہوگی، مگر جس شخص کو
ف ایمان بالغیب حاصل ہو (یعنی مشاہدہ حاصل نہ ہو جیسے صحابہ رضوان اللہ علیہم) اس کے نزدیک وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ میں
اہدہ نہیں ہوگا اس کے نزدیک مشاہدہ یہی ہے کہ افعال کی نسبت ان کی طرف ہے جن سے یہ فعل صادر ہوئے اس کو آیت شریفہ کے معنی
عل کو خدا کی طرف منسوب کرنے کی جانب اس کا وہ ایمان کھینچتا ہے جو حق تعالیٰ نے اسے بخشا ہے۔ پس اس کے لئے دو جاذب ہیں'
جاذب خدا کی طرف سے ہے یعنی اس کا یہ ایمان جو اسے حق کی طرف کھینچتا ہے اور دوسرا اس کی اپنی طبیعت کی طرف سے یعنی اس کا یہ
نا کہ یہ فعل تو بظاہر غیر اللہ سے صادر ہو رہا ہے اور یہ اسے باطل کی طرف کھینچتا ہے۔ اسی لئے انہی دو باتوں میں اُلجھا رہتا ہے۔ کبھی
ب ایمانی قوی ہو جاتا ہے تو اسے گھڑی یا دو گھڑی کے لئے آیت مذکورہ کا مفہوم مستحضر ہو جاتا ہے اور کبھی جاذب طبعی قوت پکڑتا ہے تو وہ
ت کے معنی سے ایک دن یا دو دن کے لئے غافل ہو جاتا ہے اور اس غفلت کے زمانے میں وہ یقین جو خارق عادت تھا جاتا رہتا ہے۔
اجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کا فرمودہ (کہ اگر پیوند نہ بھی لگاؤ تب بھی اچھا پھل آئے) وقوع میں نہ آیا[۲۴۹] کیونکہ وہ معجزہ نما یقین جس
نحضرت ﷺ کا باطن مشتمل تھا اور جس کے مطابق آپ ﷺ سے حق اور سچی بات نکلتی تھی' صحابہ کو حاصل نہ تھا۔ لہٰذا جب
ضرت ﷺ کو علم ہو گیا کہ عمدہ کھجور پیدا نہ ہونے کا سبب یہ ہے اور یہ علم ہو گیا کہ اس کا ازالہ صحابہ کی طاقت سے باہر ہے تو ان کو ان کی
ت پر چھوڑ دیا اور فرمایا تم اپنی دنیا کے امور سے زیادہ واقف ہو (لہٰذا تم اپنے دستور پر قائم رہو)

(مولف کہتا ہے) خدا تمہیں توفیق دے' بھلا غور کریں' ایسا عمدہ جواب کبھی سننے میں آیا ہے یا کسی کتاب میں دیکھا گیا ہے؟ حالانکہ
ہ حدیث ہے جو جمال[۲۵۰] الدین بن الحاجب' سیف[۲۵۱] الدین آمدی' صفی[۲۵۲] الدین ہندی اور ابو حامد الغزالی جیسے اکابر علماء اصول
مشکل نظر آئی۔

۲۔ حدیث اِذَا اُذِّنَ بِالصَّلٰوۃِ اَدْبَرَ الشَّیْطَانُ وَلَہٗ ضَرَاطٌ :

میں نے حضرت سے اس حدیث کا مطلب دریافت کیا کہ جب موذن اذان دیتا ہے تو شیطان گوز مارتا ہوا دم دبا کر بھاگ جاتا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ شیطان کے بھاگنے کی وجہ یہ ہے کہ جب اذان کے الفاظ کسی پاکیزہ ہستی سے نکلتے ہیں تو جہاں تک آواز پہنچتی ہے تمام فضا اس کے نور سے لبریز ہو جاتی ہے اور نور میں ٹھنڈک ہے اور شیطان کی پیدائش شعلہ نار سے ہوئی ہے۔ ٹھنڈک اور آگ ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

بعینہٖ اسی طرح کی بات ایک اور بار حضرت نے فرمائی کہ جنات کو جہنم میں آگ کا عذاب نہیں دیا جائے گا' کیونکہ آگ تو اس کی طبیعت ہے۔ آگ سے آپ کی مراد گرم آگ تھی کیونکہ وہ اس کی طبع ہونے کے سبب اسے نقصان نہ پہنچا سکے گی انہیں تو برد اور مہریر سے

عذاب دیا جائے گا جس سے آپ کی مراد ٹھنڈی آگ تھی اور فرمایا کہ جن سردی سے سخت خوف کھاتے ہیں۔ یہاں تک کہ گرمی کے م
میں بھی ٹھنڈی ہوا کے چلنے سے سخت ڈرتے ہیں اور جب ٹھنڈی ہوا چلتی ہے تو وہ جنگلی گدھوں کی طرح بھاگ جاتے ہیں۔ اب رہا پانی
وہ اس میں کبھی بھی داخل نہیں ہوتے اگر تقدیر سے کوئی جن پانی میں گھس جائے تو وہ بجھ جائے گا اور پگھل جائے گا۔ جیسے اگر ہم میں
کوئی شخص آگ میں پڑ جائے تو جل کر فنا ہو جائے۔

پھر فرمایا کہ اگر جن کی کیفیت معلوم کرنا چاہو تو ایک نہایت تاریک بہت دھواں دینے والی آگ کو دیکھیں جس طرح کہ آو
آگ ہوتی ہے۔ پھر جس شکل پر حق تعالیٰ نے جنات کو پیدا کیا ہے اس کا تصور کر کے اس دھوئیں والی آگ میں کھڑا کر دو۔ یہی جن
صورت ہوگی۔ واللہ اعلم

۲۳۔ حدیث: اَبِیْتُ عِنْدَ رَبِّیْ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِیْ:

میں نے اس حدیث کے متعلق دریافت کیا کہ میں اپنے رب کے پاس رات گزارتا ہوں اور وہ مجھے کھلاتا پلاتا ہے۔

فرمایا: رب کے پاس ہونے سے مراد اس کی معیت ہے (اس لئے کہ اللہ تعالیٰ جگہ سے منزہ ہے) اور کھلانے اور پلانے سے
اللہ تعالیٰ کا اپنے نبی کو قوت بخشنا ہے۔

اس پر میں نے عرض کیا کہ ذاتِ ترابی کے لئے کیا انوار و تجلیات کا ذوق کافی ہو جاتا ہے کہ پھر کھانے کی حاجت نہیں رہتی؟

فرمایا کافی نہیں ہوتا۔ فرض کرو کوئی شخص نبی کو پکڑ لے اور اس کا کھانا پانی بند کر دے تو نبی یقیناً مر جائے گا اس لئے کہ مٹی سے
ہونے والی ذات کے لئے مٹی ہی سے پیدا ہونے والی غذاؤں کا ہونا ضروری ہے یہی وجہ ہے کہ آپ دیکھتے ہیں کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ وا
کھاتے بھی ہیں، پیتے بھی ہیں۔ بھوکے بھی رہتے ہیں، سیر بھی ہوتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

۲۴۔ ولادت نبوی ﷺ:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ کیا ولادت نبوی ﷺ رات کے وقت ہوئی جیسا کہ ایک جماعت کا خیال ہے اور انہوں
ثبوت میں وہ حدیث پیش کی ہے جو عثمان [۲۵۳] بن ابی العاص نے اپنی والدہ فاطمہ [۲۵۴] بنت عبداللہ ثقفیہ سے روایت کی ہے وہ بیان
ہیں کہ میں آنحضرت ﷺ کی پیدائش کے وقت موجود تھی جب آپ ﷺ پیدا ہوئے تو تمام گھر نور سے بھر گیا اور کیا دیکھتی ہوں کہ ستا
قریب آ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ یوں خیال ہوا کہ وہ مجھ پر آ گریں گے اس حدیث کی روایت [۲۵۵] بیہقی اور ابن السکن [۲۵۶] نے کی
ستارے صرف رات کے وقت پائے جاتے ہیں۔

یا یہ کہ آپ کی ولادت دن کو ہوئی اور محدثین نے مسلم وغیرہ کی حدیث سے استدلال کرتے ہوئے اسے صحیح سمجھا ہے مگر
کہتے ہیں کہ یہ طلوع فجر سے تھوڑا سا وقت بعد میں ہوئی جیسا کہ ایک حدیث میں ہے اگرچہ وہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ فضائل و
میں ضعیف حدیث پر بھی عمل کر لیا جاتا ہے۔ انہوں نے مذکورہ بالا حدیث کا جواب یہ دیا ہے کہ تارے تو فجر طلوع ہونے کے بعد تک
دیتے ہیں لہٰذا اس حدیث سے یہ استدلال نہیں ہو سکتا کہ آنحضرت ﷺ کی ولادت رات کے وقت طلوع فجر سے پہلے ہوئی۔

حضرت نے فرمایا (جس سے آپ کی ذات کریمہ کے اسرار کا پتہ چلتا ہے) کہ واقعہ اور نفس الامر بات یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ پیدائش رات کے آخری حصہ میں طلوع فجر سے بہت پہلے ہونا شروع ہوئی مگر آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ کی خلاصی کہیں طلوع فجر کے جا کر ہوئی۔ وہ وقت جو آنحضرت ﷺ کا بطن مادر سے باہر آنے اور والدہ سے علیحدہ ہونے میں گزرا یہی دعا کی مقبولیت کا وقت ہوتا جس کا ذکر احادیث میں آیا ہے اور جس کی عظمت و بزرگی بیان کی گئی ہے۔ اس گھڑی کی مقبولیت کا وصف قیامت تک رہے گا۔

حضرت نے فرمایا یہی وہ وقت ہوتا ہے جس میں روئے زمین کے اولیاء جن میں غوث و اقطاب سبعہ' اہل دائرہ اور عدد بھی شامل اکٹھے ہوتے ہیں۔ ان کا اجتماع مکہ سے باہر غار حرا میں ہوتا ہے۔ یہی لوگ نور اسلام کے عمود کے حامل ہیں اور انہی کی بدولت تمام ت محمدیہ ﷺ کو مدد حاصل ہوتی ہے لہٰذا جس کی دعا ان کی دعا سے اور جس کی تہجد ان کی تہجد سے موافقت کھا جائے خدا اس کی دعا کو کرتا ہے اور اس کی حاجت روائی کرتا ہے۔

حضرت ہمیں اکثر اس گھڑی کے وقت سے مطلع کیا کرتے اور فرماتے کہ مکہ میں فاس سے پہلے فجر طلوع ہوتی ہے (کیونکہ مکہ مشرق میں ر فاس جنوب میں) لہٰذا اپنی تہجد میں مکہ کی فجر کا لحاظ رکھا کرو اور اسی کو اپنا معمول بناؤ پھر میں نے دریافت کیا کہ مکہ میں فجر فاس سے کتنا عرصہ لوع ہوتی ہے فرمایا کہ مکہ میں فجر ابن جموجو قروین کی مسجد کا موذن ہے اس کے اذان دینے سے تھوڑا وقت پہلے طلوع ہوتی ہے۔

میں نے عرض کیا پھر مقبولیت کی گھڑی دردی اور اس کے بعد سلاوی کے اٹھنے کے درمیان ہوئی' حضرت نے فرمایا ہاں۔

چنانچہ میں حضرت کی خدمت میں حاضر ہونے سے پہلے سورہ کہف کی آخری آیت

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلاً o خَالِدِیْنَ فِیْهَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلاً o

لے کر آخر تک پڑھا کرتا تھا تا کہ میری آنکھ اس وقت کھل جائے۔ تقریباً سولہ سال اس پر میرا عمل رہا۔ چنانچہ میری آنکھ بالعموم ذردی وقت میں کھلا کرتی اور کبھی اگر دیر ہو جاتی تو سلاوی کے وقت میں کھلتی۔ دیگر ممالک کے اصحاب سے بھی جو اس مبارک گھڑی کو حاصل نے کی کوشش کرتے ہیں میں نے یہی سنا ہے کہ وہ بھی اپنے ملک کی فجر طلوع ہونے سے بہت پہلے اُٹھا کرتے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۔ ولادت نبوی ﷺ کس ماہ میں ہوئی:

میں نے حضرت سے دریافت کیا آنحضرت ﷺ کی ولادت کس ماہ میں ہوئی؟ کیونکہ اس میں علماء میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے۔ چنانچہ بعضے صفر بتاتے ہیں اور بعضے ربیع الآخر۔ بعضے رجب کہتے ہیں اور بعضے رمضان۔ بعضوں نے عاشورہ کا دن کہا ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ مہینے کی تعیین کا ہمیں علم نہیں ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کی ولادت ماہ ربیع الاول میں ہوئی۔

۲: آنحضرت ﷺ کا یوم ولادت:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آنحضرت ﷺ کی ولادت ربیع الاول کے مہینہ میں کس دن ہوئی کیونکہ اس میں بھی علماء کا اختلاف ہے۔ چنانچہ بعض دو ربیع الاول بعض سات اور اکثر علماء نے اسے ہی اختیار کیا ہے۔ بعض نے نو اور بعض نے بارہ ربیع الاول بیان کیا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کی ولادت سات ربیع الاول کو ہوئی۔ یہی حقیقت نفس الامری ہے۔ یعنی آنحضرت ﷺ کی

پیدائش ربیع الاول کی ساتویں رات ہوئی جیسا کہ بیان ہو چکا کہ آپ ﷺ کی ولادت رات کے وقت ہوئی۔

۲۷۔ آنحضرت ﷺ کا سال ولادت:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آنحضرت ﷺ کی ولادت کس سال ہوئی؟ کیونکہ اس میں بھی علماء کا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ عام الفیل میں ہوئی اور ہاتھیوں کے واقعہ سے پچاس دن بعد ہوئی اور بعض کہتے ہیں کہ اس واقعہ سے پچپن ماہ بعد بعض چالیس ماہ بعد بعض دس سال بعد اور بعض پندرہ سال بعد بتاتے ہیں۔

جواب: حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کی ولادت ہوئی تو عام الفیل میں مگر ہوئی ہاتھیوں کے آنے سے پہلے اور ان نے مکہ میں آنحضرت ﷺ کے وجود پاک کی بدولت ہی تو ہاتھیوں کو مکہ سے دھکیل دیا تھا۔ میں نے حضرت سے یہ نہ پوچھا کہ ہاتھیو آنے سے کس قدر پہلے ہوئی اگر دریافت کرتا تو حضرت تعیین فرما دیتے کیونکہ اگر آپ انہیں جواب دیتے ہوئے سن لیں تو اللہ تعالیٰ بڑی نشانیاں سنیں۔ واللہ اعلم

۲۸۔ آنحضرت ﷺ کی مدت حمل:

سوال: میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آنحضرت ﷺ کی مدت حمل کس قدر تھی؟

جواب: حضرت نے فرمایا: آپ ﷺ کی مدت حمل دس ماہ تھی۔

۲۹۔ آنحضرت ﷺ کی بغل کے بال:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آیا آنحضرت ﷺ کی بغل شریف میں بال تھے یا نہ تھے کیونکہ اس میں بھی علماء مے اختلاف ہے، جس کا ذکر بہت لمبا ہے۔

جواب: فرمایا آنحضرت ﷺ کی بغل میں اتنے بال نہ تھے کہ نوچے جا سکیں۔ بلکہ بہت ہی کم بال تھے یعنی آپ ﷺ مبارک سفید تھی جس میں تھوڑی سی بالوں کی سیاہی ملی ہوئی تھی آپ ﷺ کی بغلوں میں کم بال ہونے کی وجہ یہ تھی کہ آپ ﷺ کے اوپر کے حصہ اور کندھوں پر بال بہت زیادہ تھے۔ چنانچہ ان دونوں اعضاء پر بکثرت بال تھے یہی وجہ تھی کہ آپ ﷺ کی بغلوں کم تھے۔ واللہ اعلم۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے) میں جب بعض روایات میں دیکھتا کہ آنحضرت ﷺ کے کندھوں پر بال تھے تو یہ بات میری سمجھ آتی تھی تا آنکہ جب میں نے حضرت سے یہ کلام منور سنا تو فوراً یہ بات سمجھ میں آ گئی۔

۳۰۔ کیا آنحضرت ﷺ کے ابرو ملے ہوئے تھے:

میں نے پھر دریافت کیا کہ کیا آنحضرت ﷺ کے ابرو ملے ہوئے تھے جیسا کہ ایک روایت میں ہے یا غیر اقرن تھے (یعنی ابر

ا) جیسا کہ دوسری روایت میں ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ اقرن نہ تھے یعنی آپ کے ابرو آپس میں ملے ہوئے نہ تھے۔

آنحضرت ﷺ کی چال:

میں نے آنحضرت ﷺ کی چال مبارک کے متعلق دریافت کیا کہ کیا آپ ﷺ دائیں بائیں جھک کر چلتے تھے جیسا کہ بعض ت میں آیا ہے یا آگے کو جھک کر چلتے تھے جیسا کہ ایک روایت میں ہے کہ گویا آپ ﷺ ڈھلان کی طرف اُتر رہے ہیں۔
فرمایا: آنحضرت ﷺ دائیں بائیں جھک کر چلتے تھے اس وقت ہمارے ساتھ کوئی اور نہ تھا تو فرمایا لو میں تمہیں دکھاؤں کہ رت ﷺ اپنی حیات میں اس دنیا میں کیسے چلا کرتے تھے اور آپ آگے کو تقریباً ساٹھ قدم چلے میں نے آپ ﷺ کو دائیں بائیں یکھا۔ یہ ایک ایسی چال تھی جس کی خوبی کو دیکھ کر میری عقل اُڑنے کو تھی۔ میں نے اس سے زیادہ خوبصورت اور زیادہ محیر العقول چال نہ دیکھی۔ خدا حضرت سے راضی ہو۔ انہیں آنحضرت ﷺ کے متعلق کس قدر صحیح علم تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

آنحضرت ﷺ کی داڑھی:

چونکہ آنحضرت ﷺ کی ریش مبارک کے متعلق روایات میں بڑا اختلاف ہے اس لئے میں نے حضرت سے حضور ﷺ کی ریش کے متعلق دریافت کیا۔ فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کی ریش مبارک گھنی تھی اور ساتھ ہی ٹھوڑی متوسط طور پر لمبی تھی اور جہاں رُخسار اور ں ملتے ہیں وہاں ریش مبارک ہلکی تھی۔

آنحضرت ﷺ کے بال سفید بال۔ خضاب اور چونہ کا استعمال:

میں نے حضرت سے آنحضرت ﷺ کے بالوں (کیونکہ اس میں اختلاف ہے) آپ کے سفید بالوں اور خضاب کے متعلق ت کیا اور پوچھا کیا آنحضرت ﷺ نے چونہ استعمال کیا؟
حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کے سر کے بال کبھی لمبے ہوتے تھے اور کبھی چھوٹے، ہمیشہ ایک جیسے نہ ہوتے تھے اور پیشانی پاس بال کترا دیتے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے حج کے سوا کبھی سر کے بال نہیں منڈوائے۔ نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان تقریباً سفید بال تھے، کچھ تھوڑے سے کنپٹیوں میں تھے اور ٹھوڑی میں اس سے کچھ زیادہ تھے۔ آنحضرت ﷺ نے مہندی سے داڑھی کو خضاب مگر صرف اس وقت جب آپ ﷺ مکہ میں بطور فاتح داخل ہوئے اور چند بار مدینہ میں بھی آپ ﷺ نے چونے کا استعمال بھی کیا۔ رت خدیجہؓ اور حضرت عائشہؓ چونہ تیار کیا کرتی تھیں۔

۳۔ شق صدر:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آنحضرت ﷺ کا شق صدر کتنی بار ہوا کیونکہ احادیث میں اس بارے میں بڑا اختلاف پایا جاتا ہے۔
حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کا شق صدر تین بار ہوا۔ پہلی بار حلیمہ کے پاس جبکہ آپ ﷺ کے سینہ مبارک سے شیطانی سہ نکال دیا گیا کیونکہ ذات ترابی کا تقاضا یہ ہے کہ حکم کی مخالفت کرے اور اپنی خواہشات کے پیچھے چلے۔ دوسری بار جب آپ ﷺ کی

عمر دس سال کی تھی اس بار بیہودہ وساوس کو جڑ سے نکال دیا گیا اور تیسری بار نبوت کے وقت میں نے حضرت سے یہ نہ پوچھا کہ اس مر
سی چیز نکالی گئی۔

میں نے پوچھا بہت سی احادیث کے ظاہر الفاظ سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ معراج کی رات بھی شق صدر ہوا۔ حضرت نے فرمایا
درست نہیں ہے۔

پھر فرمایا کہ شق صدر نہ تو کسی اوزار سے کیا گیا اور نہ اس میں خون بہا اور بغیر سلائی اور آلے کے آپ ﷺ کا سینہ مبارک پھر
اس تمام عمل کے باوجود آنحضرت ﷺ کو کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوئی کیونکہ یہ اللہ سبحانہ کا فعل ہے۔ واللہ اعلم

مؤلف کہتا ہے کہ جو شق صدر اس وقت ہوا جبکہ آپ ﷺ حلیمہ کے پاس تھے اس پر بخاری اور مسلم کا اتفاق ہے۔ دس سال
میں جو شق صدر ہوا اس کا ذکر ابو ہریرہؓ کی اس حدیث میں آیا ہے جسے عبداللہ [۲۵۷] ابن الامام نے زوائد مسند میں بیان کیا ہے اور
صدر نبوت یعنی ابتداء بعثت کے وقت ہوا اس کا ذکر ابوداؤد طیالسی [۲۵۸] نے اپنی مسند میں، ابونعیم [۲۵۹] اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں کیا
جو شق صدر معراج کے وقت ہوا اس سے بعض نے انکار کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس کا ذکر صرف شریک [۲۶۰] بن عبداللہ بن ابی نمر المد
روایت میں آیا ہے اور شریک منکر الحدیث ہے۔ ابن حجر کہتے ہیں کہ درست یہ ہے کہ یہ شق صدر بھی شریک کے سوا اوروں کی روایت
صحیحین میں ثابت ہے۔ ابوذر [۲۶۱] کی حدیث سے ثابت ہے، دیکھیں ابن حجر (فتح الباری) کتاب التوحید کے آخر میں۔ حالانکہ
معلوم ہے کہ حضرت بالکل اُمی تھے۔ لہٰذا آپ کا کلام خالص کشف اور عیان تھا۔ لہٰذا درست یہی ہوگا کہ معراج کے وقت شق صد
ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۵۔ کیا آنحضرت ﷺ کی انگشت شہادت درمیانی انگشت سے بڑی تھی؟

میں نے حضرت سے سوال کیا کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی انگشت شہادت درمیانی انگشت سے بڑی تھی کیا یہ صحیح
حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کے پاؤں کی شہادت کی انگلی پاؤں کی درمیانی انگلی سے بڑی تھی مگر آپ ﷺ کے ہاتھ
شہادت کی انگلیاں درمیانی انگلیوں کے برابر تھیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۶۔ جبرئیل علیہ السلام کا آنحضرت ﷺ کو تین بار بھینچنا:

پھر میں نے دریافت کیا کہ جب جبرئیل علیہ السلام قرآن مجید کی پہلی وحی اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ لے کر آئے اور انہو
آنحضرت ﷺ کو تین بار بھینچا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ مَا اَنَ بِقَارِئٍ (میں پڑھا ہوا نہیں ہوں) تب جبرئیل علیہ السلام نے آ
کو پورے زور سے بھینچا۔ یہ کیوں کر ہوا؟ حضرت نے فرمایا کہ جبرئیل نے آنحضرت ﷺ کو پہلی بار تو اس لئے بھینچا تھا کہ آنح
بارگاہ خداوندی میں وسیلہ بنا کر خدا کی ایسی ابدی رضامندی حاصل کریں جس کے بعد کوئی ناراضگی نہ ہو۔ دوسری بار بھینچا اس لئے
محمدی میں داخل ہو اور آپ کے جمال شریف کی پناہ میں آجاوے اور تیسری بار اس لئے بھینچا کہ آپ ﷺ کی اُمت میں شامل ہو جا
حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کو کہنا کہ اِقْرَأْ (پڑھو) اس سے مراد ہے کہ کلام قدیم کو اپنی حادث (جسمانی زبا

ں تک پہنچادیں کیونکہ اسی مقام پر تمام کا تمام قرآن مجید نازل ہوگیا تھا اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کہ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ
رْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَیِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ط (سورہ بقرہ پارہ۲، آیت ۱۸۵) سے یہی مراد ہے۔ پھر فرمایا کہ جبرئیلؑ کا
لبہ یہ تھا کہ آپ ﷺ ان معانی قدیمہ اور اس ازلی مکالمے کو جو آپ کو اس وقت حاصل ہوا تھا لوگوں تک پہنچادیں۔ اس کے جواب میں
پ ﷺ نے فرمایا تھا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ (مَا اَنَا بِقَارِئٍ) یعنی کلام قدیم اور قول ازلی کو اپنی جسمانی اور حادث زبان سے ادا
نے کی طاقت نہیں رکھتا۔ اس پر جبرئیلؑ نے آنحضرت ﷺ کو سکھایا کہ وہ کس طرح اس حادث زبان سے کلام ازلی کو لوگوں تک
ائیں۔ یہی وجہ تھی کہ آنحضرت ﷺ کو جبرئیل سے بڑی محبت تھی۔

اس کے بعد حضرت نے اس بارے میں وہ وہ باتیں بیان کیں کہ ہماری عقلیں حیرت زدہ ہوگئیں اور تقریباً سارا دن اس بیان کو
ی رکھا۔ اس بیان میں اس قدر اسرار پائے جاتے ہیں کہ ان کا لکھنا روا نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۔ حدیث: اَرَأَیْتَکُمْ لَیْلَتَکُمْ هٰذِهٖ:

پھر میں نے حضرت سے حدیث اَرَأَیْتَکُمْ لَیْلَتَکُمْ هٰذِهٖ کے متعلق دریافت کیا جس میں آنحضرت ﷺ نے ایک سو سال تک
ی قرن کے ختم ہو جانے کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے اپنی وفات سے تھوڑا ہی عرصہ پہلے یہ حدیث فرمائی تھی درحقیقت یہ آپ ﷺ کی رُوح
رک کا کلام ہے جو آپ ﷺ کی ذات کریمہ کی تعزیت کر رہی اور اسے تسلی دے رہی ہے کیونکہ آپ ﷺ کو قرب وفات کا علم ہو چکا تھا
آپ ﷺ کی رُوح نے اس پوشیدہ راز کا اظہار کیا تا کہ آپ ﷺ کی ذات کو تسلی ہو جائے۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت نے سچ فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے یہ حدیث وفات سے تھوڑا ہی عرصہ پہلے فرمائی کیونکہ امام مسلم نے
ی صحیح میں جابرؓ[۱] سے روایت کی ہے کہ یہ واقعہ آنحضرت ﷺ کی وفات سے ایک ماہ پہلے کا ہے۔ اس اُمی امام کا کیا کہنا۔ یہ شمائل
دی ﷺ سے کیا خوب واقف تھا۔

پھر میں نے حضرت سے دریافت کیا اور میرے سوال کرنے کا اصل مقصد بھی یہی تھا کیا اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے ہم
وان لوگوں کی تکذیب کرنا صحیح ہوگا جو اس قرن کے گزر جانے کے بعد بھی صحبت نبوی ﷺ کا دعویٰ کریں جس طرح کہ ان لوگوں کی
کذیب کی جاتی ہے جو دو سو سال بعد یا اسی طرح جو ۶۰۰ سال بعد یا آٹھویں صدی میں صحبت کا دعویٰ کریں۔ چنانچہ ملاحظہ ہو عکراش[۲۶۳]
ور معمر المغربی[۲۶۴] اور رتین[۲۶۵] (ص۔ رتن) ہندی' حافظ ابن حجر نے اپنی کتاب الاصابہ (فی معرفتہ الصحابہ) میں صحابہؓ کے بیان میں اس
پر خوب بحث کی ہے اسی طرح ان کے شاگرد شمس[۲۶۶] الدین السخاوی نے بھی الفیہ فی اصطلاح الحدیث کی شرح میں اس پر بحث کی ہے
اور حافظ سیوطی نے بھی اپنی کتاب الحاوی فی الفتاوی میں۔

حضرت نے فرمایا صحابہؓ کی تعداد کا احاطہ نہیں ہوسکتا کیونکہ کچھ تو آپ ﷺ کی وفات سے پہلے دنیا میں منتشر ہوگئے تھے اور کچھ
وفات کے بعد اور ایک جماعت اطراف دنیا میں چکر لگاتی ہوئی چلی گئی۔ حدیث مذکورہ عام معنوں میں ہے جس سے مراد وہ خاص صحابہؓ ہیں
جو لوگوں میں صحابی ہونے کے لحاظ سے مشہور و معروف ہیں۔ کشف اور عیان سے تو یہی معلوم ہوتا ہے۔

اس کے بعد میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ کیا جرابجہ کے لوگ صحابی تھے۔ جیسا کہ لوگوں کا خیال ہے اور وہ آنحضرت ﷺ کے پاس آنحضرت ﷺ کی زندگی میں آئے اور آپ ﷺ نے بربری زبان میں ان سے گفتگو کی۔ اس حکایت کا ذکر شہاب الدین خفاجی [۲۶۷] نے شرح شفا میں کیا ہے لیکن کوئی متصل سند بیان نہیں کی اور کئی ایک آئمہ نے اس واقعہ کو عجیب وغریب خیال کیا ہے۔

حضرت نے فرمایا یہ لوگ صحابی نہیں ہیں۔ اہل بصیرت پر نور صحبت مخفی نہیں رہتا بلکہ تمام مغرب میں کوئی صحابی نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

یہ سب حضرت سے ہم نے ان احادیث کے متعلق سنا جو ہمیں مشکل دکھائی دیں۔ ہم اتنے پر ہی اکتفا کرتے ہیں کیونکہ اسی قدر مرید کے لیے کافی ہے۔ واللہ اعلم۔

حواشی

۱۔ عبداللہ بن عمرو بن العاص مشہور صحابی ہیں۔ یہ اپنے باپ عمرو سے پہلے ایمان لائے۔ ان کا باپ ان سے صرف تیرہ سال بڑا تھا۔ ان کی تاریخ وفات میں بہت اختلاف ہے چنانچہ یہ تاریخیں بیان کی جاتی ہیں ۶۳ھ، ۷۳ھ، ۶۷ھ، ۵۵ھ اور ۶۵ھ

۲۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ باب الایمان بالقصد ص ۲۱، طبع مجتبائی۔

۳۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ، طبع مجتبائی ص ۵۰۵

۴۔ سورج گرہن

۵۔ مشکل ہونا

۶۔ ایک دوسرے کی ضد ہونا۔

۷۔ حیرت کا مقام ہے کہ حضرت سید عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ باوجود امّی ہونے کے علوم سے کس قدر واقف تھے۔ یہاں پر آپ نے ٹھیٹھ لغوی بحث ہے جس کا علم بڑے بڑے مدعیانِ علم کو بھی نہیں۔ چنانچہ اہلِ لغت کتاب کی تشریح میں یہی کہتے ہیں کہ اسے کتاب اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں حروف کو اکٹھا کیا جاتا ہے اور ایک دوسرے سے ملایا جاتا ہے اور اس کی تائید میں یہ محاورہ پیش کیا جاتا ہے کہ **كَتَبَ حَيَاءَ النَّاقَةِ اذا جمعها** میرا مقصد لفظ پر بحث کرنا نہیں حضرت کے علم لدنی کی تائید کرنا ہے۔ (مترجم)

۸۔ مشکوٰۃ کتاب فضائل القرآن ص ۱۹۲ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُف حافظ حدیث امام جلال الدین سیوطی تنویر الحوالک شرح موطا مالک (ج ۱: مطبعہ مصطفیٰ البابی ۱۹۵۰ء) میں لکھتے ہیں کہ اس بارے میں کہ ''سبعہ احرف'' سے کیا مراد ہے۔ علماء میں سخت اختلاف پایا جاتا ہے یہاں تک کہ اس پالیسی کے قریب مختلف اقوال نقل کئے گئے ہیں جن کا ذکر میں نے اپنی کتاب الاتقان میں کر دیا ہے۔ ان میں سے میرے نزدیک سب سے بہتر قول معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت کا فرمان متشابہات میں سے ہے جس کی تاویل کا ہمیں علم نہیں کیونکہ جس طرح قرآن مجید میں متشابہات پائے جاتے اس طرح حدیث میں بھی متشابہات ہیں۔

راقم کہتا ہے کہ ابوعبداللہ محمد بن احمد المعروف باین اللبان المصری متوفی ۷۴۹ھ نے اس پر ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام اِزَالَةُ الشُّبُهَاتِ عَنِ الْاٰيَاتِ وَالْاَحَادِيْثِ الْمُتَشَبِهَاتِ رکھا ہے۔ (کشف الظنون ۱: ۷۰)

۹۔ ان سے مراد حروف مقطعات ہیں مثلاً الٓمٓ وغیرہ۔

۱۰۔ ھشام بن حکیمؓ: ھشام بن حکیم بن حزام قرشی فتح مکہ کے دن ایمان لائے ان کا شمار فضلاء صحابہؓ میں ہوتا ہے ان کے والد حکیم کی وفات ۵۴ھ: ۶۷۲ ہوئی اور یہ اپنے والد کی حیات میں ہی وفات پا گئے تھے۔

۱۱۔ عبدالرحمٰن بن عوفؓ: مشہور صحابی کا نام، قریش میں سے تھے۔ یہ ان لوگوں میں سے ہیں جنہیں سابقین اوّلین کہا جاتا ہے اور یہ عشرۂ مبشرہ سے پہلے حبشہ کی طرف ہجرت کی اور پھر مدینہ کو۔ انہوں نے تمام جنگوں میں شرکت کی ۷۵ برس کی عمر میں ۳۲ھ: ۶۵۲ء میں وفات پائی۔

۱۲۔ عمر بن ابی سلمہؓ: ان کے باپ ابوسلمہ کا اصل نام عبداللہ ہے ان کی پرورش آنحضرت ﷺ نے کی تھی اور اُمّ المومنین اُمِ سلمہ کے بیٹے تھے۔ ان کی

حبشہ میں ۴ھ: ۶۲۳ء ہوئی۔ حضرت علیؓ نے اپنے عہد خلافت میں انہیں بحرین اور فارس کا گورنر بنایا تھا۔ ان کی وفات مدینہ میں ۸۳: ۷۰۲ء میں ہوئی۔

عمرو بن العاصؓ: مشہور صحابی ہیں۔ ۸ھ: ۶۲۹ء میں فتح مکہ سے چند ماہ قبل ایمان لائے۔ انہوں نے مصر میں سکونت اختیار کر لی تھی اور وہیں ستر برس کی عمر میں ۸۱ھ: ۶۹۹ء میں وفات پائی۔

اُمّ ایوب انصاریہؓ: حضرت ابوایوب انصاریؓ کی بیوی تھیں۔ یہ قیس بن سعید خزرجی کی بیٹی اور ابوایوب انصاری کی بیوی تھیں۔ صحابہ ہیں۔

ابویعلیٰ احمد بن علیؒ: مؤلف مسند کبیر حافظ حدیث اور ثقہ تھے ان کی وفات ۳۰۷ھ: ۹۱۹ء میں ہوئی۔

ابوعبیدہ معمرؒ بن مثنی حافظِ حدیث اور لغت دان تھے ان کی متعدد تصانیف ہیں ۲۱۰ھ: ۸۲۵ء میں وفات پائی۔

مخصوص کرنا۔

امانت

سورہ بقرہ آیت ۱۶

قصہ کی جمع

حکمت کی جمع

تعریف کیا ہوا

سورۂ بقرہ آیت ۶

رُکنا

فراخی

خوشی

نافعؒ: نافع بن عبدالرحمٰن بن ابی نعیم المدنی اہلِ مدینہ کے امام تھے اور مدینہ میں انہی کی قرأت کو پڑھا جاتا تھا۔ صحابہ کے بعد یہ تیسرے طبقہ کے آدمیوں میں سے ہیں۔ یہ سخت سیاہ رنگ کے تھے اور انہوں نے قرأت اُمّ المومنین ام سلمہؓ کے آزاد کردہ غلام ابومیمونہؓ سے سیکھی تھی۔ ان کی وفات ۱۶۹ھ میں ہوئی۔

ابن کثیرؒ: عبداللہ بن کثیر، ابوبکر ان کی کنیت تھی، انہیں دارانی کہا جاتا ہے کیونکہ حجاز میں عطار کو دلرانی کہتے ہیں ان کی وفات مکہ میں ۲۱۰ھ: ۷۲۷ھ میں ہوئی اور وہیں دفن ہوئے۔

ابوعمرو بن العلاء البصریؒ: ان کا اصلی نام زیان بن العلاء تھا۔ بصری نحویوں میں بڑے ممتاز نحوی ہوئے ہیں۔ انہوں نے قرآن کی قرأتوں میں خاص مہارت حاصل کی تھی ان کی وفات ۱۵۳ھ: ۷۷۰ء میں ہوئی۔

ابن عامرؒ: عبداللہ بن عامر، ابوعمرو کنیت کہا جاتا ہے کہ انہوں نے قرآن حضرتِ عثمانؓ سے سیکھا تھا۔ دمشق کے رہنے والے تھے اور وہیں ان کی وفات ۱۱۸ھ: ۷۳۶ء میں ہوئی۔

عاصمؒ: ابوبکر عاصم بن ابی النجود بہدلۃ الاسدی، ان کی کنیت ابوبکر بن ابی النجود ہے ان کی وفات ۱۲۸ھ: ۷۴۵ء میں ہوئی۔ ابن خلکان نے ان کی تاریخ وفات ۱۲۷ھ دی ہے انہوں نے قرأت ابوعبدالرحمٰن سلمیؒ اور زر بن عبیشؒ سے سیکھی۔

حمزہؒ: حمزہ بن حبیب الزیات۔ ان کو زیات اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ زیتون کی تجارت کرتے تھے، ان کی وفات ۱۵۶ھ: ۷۷۲ء میں ہوئی۔

کسائیؒ: علی بن حمزہ الکسائی۔ یہ کوفیوں کے امام نحو تھے کوفے ہی میں نشوونما پائی اور یہیں علمِ قرأت حمزہ الزیات سے سیکھا، لیکن بعد میں اپنی خاص قرأت کے لحاظ سے ممتاز ہو گئے اور ساتوں قراء میں شمار ہونے لگے ان کی وفات ۱۷۹ھ: ۷۹۵ء میں ہوئی۔ یہ سب قرآن مجید کے ساتوں قاریوں کے نام ہیں۔

انتصار کے نام سے بہت سی کتابیں لکھی گئیں ہیں مگر یہاں ابوبکر محمد بن الطیب الاشعری الباقلانی المتوفی ۴۰۳ھ کی تصنیف مراد ہے۔

شاخ نکالنا

سونگھنے کی قوت

چھونا

۳۸۔ محسوس کرنے کی قوت

۳۹۔ کھلنا، کشادہ ہونا

۴۰۔ محقق دوّانی نے شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک واقعہ لکھا ہے کہ کسی شخص نے ایک جانور کو لاٹھی ماری۔ شیخ پر اس کا اتنا اثر ہوا کہ عین اسی مقام پر جہاں جانو لاٹھی لگی تھی شیخ کے جسم پر لاٹھی کے نشان پڑ گئے، یہ کمال کیفیت احساس کی وجہ سے تھا۔ مترجم

۴۱۔ خوشی

۴۲۔ ہم جنسی

۴۳۔ جگہ پکڑنے والا

۴۴۔ کشائش، کھلنا

۴۵۔ رگوں، نسوں

۴۶۔ معلوم کرنا، سمجھنے کی قوت

۴۷۔ کیفیت پر ہونا، خوشی ہونا

۴۸۔ جن کا ادراک حواس کے ذریعے ہو

۴۹۔ بلندی

۵۰۔ سورۂ تین (پارہ ۳۰) آیت ۴

۵۱۔ جس پر واجب ہو

۵۲۔ آنحضرت ﷺ یوں تو ہر بات میں صادق و امین تھے، لیکن یہاں قولِ حق سے مراد اعلانِ نبوت اور شرک کی مذمت ہے۔ اسی واسطے جب غزو میں مسلمانوں کو شکست ہوئی اور آپ کے ساتھ صرف چند صحابی رہ گئے اور دوسری طرف کفار تیروں کی بارش برسا رہے تھے تو پھر بھی اس موقعہ پ نے یہی اعلان کیا۔

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبَ اَنَا ابْنُ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ

میں نبی ہوں، جھوٹا نہیں ہوں کہ قولِ حق سے پھر جاؤں۔ عبدالمطلب کا پوتا ہوں جس نے تم میں ساری عمر گزاری ہے۔ مترجم

۵۳۔ اور یہی معنی ہیں آنحضرت ﷺ کے فرمان کے تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ لیکن سب اوصاف میں تو مشابہت ہو نہیں سکتی اس لیے کسی ایک کی مشابہت دیا۔

۵۴۔ آنحضرت ﷺ کی مکی زندگی صبر کی مثالوں سے پُر ہے جب آپ طائف تبلیغ کے لیے تشریف لے گئے اور کفار نے پتھر برسائے، کعبے پیچھے چ خون آپ کے سر سے پاؤں تک بہ رہا تھا، لیکن زبان سے یہی الفاظ نکلے: اَللّٰھُمَّ اِنْ لَّمْ یَکُنْ اَبِیْ غَضْبٌ مِّنْکَ فَالِیْ لَا اُبَالِیْ (ترجمہ خدا مجھ سے ناراض نہیں ہے تو مجھے ان تکالیف کی پروا نہیں) یہی وجہ تھی کہ اس کے بعد فرمایا: اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ (خدایا میری قو راست پر لا۔ کیونکہ وہ نہیں جانتے)

۵۵۔ نیچے

۵۶۔ اوپر کا

۵۷۔ بندۂ عاجز مترجم کہتا ہے کہ یہیں سے آنحضرت ﷺ کی رحمۃ العالمینی کا راز کھل جاتا ہے۔

۵۸۔ پورا

۵۹۔ وہ چیز جو نئی پیدا ہوتی ہو۔

۶۰۔ ہمیشگی

۶۱۔ جسم

یادرکھنا۔حاضری چاہنا

معانی

یہ شعر علامہ بوصیری کے قصیدۂ بردہ میں سے ہے جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

انوار کا مزہ چکھنا

ملنا

شہد کا ذائقہ جسم کو صرف اُسی صورت میں حاصل ہوگا جب شہد زبان کے ساتھ لگے گا لیکن روح کے لیے یہ ضروری نہیں۔

آپس میں مل جانا

بھاری پن

اس مسئلہ نے کہ آنحضرت ﷺ کا علم کس قدر تھا، مسلمانوں میں عجیب صورت اختیار کر رکھی ہے۔ایک فرقہ نے اس سے قطعاً انکار کر دیا کہ آنحضرت ﷺ کو قطعاً علمِ مغیبات نہ تھا۔ان بزرگوں نے ان مغیبات کی طرف قطعاً توجہ نہیں کی جن کا ذکر قرآن میں آیا ہے، پھر احادیث صحیحہ میں بے شمار واقعات پائے جاتے ہیں جن میں آنحضرت ﷺ کے علم کا ثبوت ملتا ہے مثلاً غزوۂ بدر کے خاتمہ پر آنحضرت ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ کا یہ کہنا کہ میرے پاس کچھ نہیں ہے جس سے فدیہ ادا کر سکوں اور آنحضرت ﷺ کا اُن کے مال کا پتہ بتانا۔پھر فتح مکہ کے موقعہ پر اس شخص کا پتہ بتانا جو کفارِ مکہ کو مسلمان فوج کی آمد کی خبر دینے جا رہا تھا۔بہرحال ان دوستوں نے نہ اپنے سے انصاف کیا اور نہ آنحضرت ﷺ کی ذاتِ مقدس کے ساتھ، کیونکہ انہوں نے آنحضرت ﷺ کے مرتبے کو بہت ہی گھٹا دیا۔ان بزرگوں کی خدمت میں مؤدبانہ گزارش ہے کہ کسی خاص شخصیت یا خاص فرقے کی عداوت کو ذہن سے خارج کر کے ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ کیا آنحضرت ﷺ اسی تعظیم کے مستحق ہیں جس کا اظہار انہوں نے کیا ہے؟ راقم الحروف ان سے صرف اس قدر درخواست کرتا ہے کہ بے اعتدالی سے کام نہ لیں۔ممکن ہے کہ یہ حضرات وہ واقعات پیش کریں جن میں آنحضرت کو اصل واقعہ کی خبر نہ ہو سکی مثلاً رعل اور ڈاکوؤں کا واقعہ، غزوۂ تبوک کو روانگی۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ذاتِ نبی ﷺ کو فیض باری سے یہ علم تو حاصل تھا لیکن یہ اسی وقت حاضر ہوتا جس وقت آپ کو مشغولیت بحق سبحانہٗ نہ ہوتی، کیونکہ جس وقت آپ مشاہدۂ حق سبحانہ میں مشغول ہوتے اُس وقت آپ کو کسی اور چیز کی خبر نہ ہوتی تھی، یہی وجہ ہے کہ آپ نے فرمایا لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُہٗ نَبِیٌّ مُرْسَلٌ وَلَا مَلَکٌ مُقَرَّبٌ (جب مجھے مشاہدۂ حق حاصل ہوتا ہے، اس مشاہدہ کو نہ کوئی نبی مرسل اور نہ مقرب فرشتہ برداشت کرنے کی طاقت رکھتا ہے اور یہ حالت آپ کی بیشتر اوقات رہتی تھی پھر یہ کہ اللہ تعالیٰ بعض اوقات کسی مصلحت کی بنا پر درمیان سے حجاب کو زائل نہ کرتا جس کی وجہ سے اس امر کا خفا رہتا۔یہاں پر بحث کرنا مقصد نہیں ہے محض اشارہ کرنا ہی مقصود ہے۔

ایک دوسرا گروہ ہے جس نے آنحضرت ﷺ کے علم کے بارے میں اس قدر غلو کیا کہ آپ کو ہر ذرہ ہر حالت اور ہر جزئی کا عالم بتایا۔نہ صرف یہ بلکہ آنحضرت ﷺ کو ہر جگہ حاضر بھی جانا، ان بزرگوں نے بھی زیادتی کی۔انہوں نے آنحضرت ﷺ کے فرمان لَا تُطْرُوْنِیْ کَمَا اَطْرَتِ النَّصَارٰی عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ کو بھلا دیا۔ان احباب کی خدمت میں بھی گزارش ہے کہ یہ بھی اعتدال پسندی کو نہ چھوڑیں کسی کی مخالفت کی بنا پر حق بات سے گریز نہیں کرنا چاہیے۔

آخر میں ایک ضروری بات عرض کر دوں کہ جو کچھ حضرت عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے، یہ ایک صاحبِ کشف اور قطبِ عالم اور غوثِ زماں کا ذاتی مشاہدہ ہے جو بیان کیا گیا۔اہلِ باطن اور اولیاء اللہ کو ہی حقیقتِ محمدیہ کا علم ہے، دوسرے لوگ اس حقیقت کو دریافت نہیں کر سکتے، اس لیے اہلِ ظاہر اور عوام کے لیے صرف یہ عقیدہ رکھنا کافی ہے کہ آنحضرت ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے جتنا چاہا علم دیا ہمیں نہ اس کا علم ہے نہ اس کا اندازہ کر سکتے ہیں اسی واسطے شیخ سعدی نے فرمایا ہے: ع

تو در علمش چہ دانی باش تا فردا علم گردد

۱۔ سونگھنا

۲۔ چھونا

۷۳۔ مشکوٰۃ باب الرکوع صفحہ ۸۲

۷۴۔ نابود ہونے والی

۷۵۔ بھولنا

۷۶۔ رفتہ رفتہ

۷۷۔ مؤطا امام مالک (۱: ۹۲ مطبع مصطفی البابی پر یہ حدیث اس طرح دی ہے عَنْ مَالِکٌ اِنَّهٗ بَلَغَهٗ اَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَا
اِنِّیْ لَا انْسٰی اَوْ اُنْسٰی لِاَسُنَّ اس کی شرح میں جلال الدین سیوطی لکھتے ہیں کہ ابن عبدالبرؒ کا قول ہے کہ مجھے معلوم نہیں کہ یہ حدیث اس سند کے علا
کسی اور سند سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مسند یا مقطوع طور پر بھی روایت کی گئی ہو اور یہ حدیث مؤطا کی ان چار حدیثوں میں سے ہے جو حدی
کی دوسری کتابوں میں نہ مسند اور نہ مرسل طور پر پائی جاتی ہیں مگر اصولی طور پر اس حدیث کے معنی درست ہیں، مگر سیوطیؒ نے مؤطا کی شرح کے مقد
(چوتھے فائدہ) میں یہ حدیث اسی طرح دی ہے جس طرح کتاب میں ہے۔

۷۸۔ عبدالبرؒ: یوسف بن عبدالبرؒ علماء اندلس کے شیخ اور اپنے زمانہ میں وہاں کے بہت بڑے محدث تھے، کتاب الاستذکار بمذاہب علماء الامعاء فیما تض
المؤطا من معانی الآثار تصنیف کی جس میں مؤطا کے طرز و ابواب کے موافق اس کی شرح کی اور فقہ میں کتاب الوانی وغیرہ لکھی۔ انہوں
۳۸۰ھ: ۹۹۰ء میں وفات پائی۔ ان کی کتاب تمہید کا جس کا یہاں ذکر کیا گیا ہے پورا نام تمہید لما فی المؤطا من المعانی والاسانید ہے۔

۷۹۔ ایک چیز کا دوسری میں مل جانا۔

۸۰۔ جن کو طاقت کے اندازے کے مطابق کام بتلایا ہوا ہے۔

۸۱۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ طبع مجتبائی صفحہ ۹۸ اور ۱۰۱ باب ما علی المامون المتابعۃ اور مؤطا امام مالک ج ۱ صفحہ ۱۳۹۔۱۲

۸۲۔ قرآن مجید سورۂ بقر (پارہ ۲) آیت ۲۴۸

۸۳۔ اسید بن حضیرؓ: یہ اُن صحابہ میں سے ہیں جو عقبہ ثانیہ کے وقت موجود تھے، بدر اور بعد کی تمام جنگوں میں اُنہوں نے شرکت کی۔ ان کی وفات مدین
۲۰ھ: ۶۴۰ء میں خلافتِ عمرؓ میں ہوئی۔

۸۴۔ دحیہ کلبیؓ: یہ کبار صحابہ میں سے ہیں۔ اُحد اور بعد کی جنگوں میں شریک ہوئے۔ انہی کو آنحضرت ﷺ نے ۶ھ: ۶۲۷ء میں قیصر کی طرف روانہ کیا تھ
انہی کی شکل میں جبرئیل آیا کرتے تھے۔ امیر معاویہ کے عہد تک زندہ رہے۔

۸۵۔ چنانچہ مشکوٰۃ باب صلوٰۃ الکسوف ص ۹ میں مذکور ہے کہ آنحضرت ﷺ نے صلوٰۃ کسوف پڑھی اور فارغ ہونے پر صحابہ نے عرض کیا کہ ہم نے دیکھ
آپ نماز میں پہلے آگے بڑھے پھر پیچھے ہٹ گئے فرمایا میں جنت میں تھا اور چاہا کہ انگور کا ایک خوشہ تمہارے لیے توڑ لوں پھر دوزخ دیکھی اور
حدیث بیان کی، یہاں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضرات انبیاء کی زندگی اہلِ جنت کی سی ہوتی ہے۔

۸۶۔ یہ عبارت مطبوعہ کتاب جو ہمارے پاس ہے اس میں نہ تھی، لیکن چونکہ اس کے بغیر مفہوم مکمل نہیں ہوتا اور یہ طباعت کے اغلاط میں سے تھا، اس لیے
نے اتنی عبارت کو مکمل کر دیا ہے۔ مترجم

۸۷۔ شیخ شمس الدین ابوالخیر محمد بن محمد الجزریؒ۔ ان کی کتاب النشر فی القرآن العشر ہے اس کے بعد انہوں نے خود اس کا اختصار کیا اور اس کا نام "التقر
رکھا۔ (کشف ۲: ۳۹۱)

۸۸۔ دوریؒ: عباس بن محمد بن حاتم دوری حافظ حدیث تھے اور یحییٰ بن معین کے شاگرد تھے ان کی پیدائش ۱۵۸ھ میں ہوئی اور وفات ۲۷۱ھ میں ہوئی۔

۸۹۔ عیسیٰ بن مینا قالونؒ: انہوں نے نافع کی قرأت کی روایت کی ہے۔

۹۰۔ ابوالقاسمؒ: ابوالقاسم سے یہاں مراد ابومحمد القاسم بن فیرہ الشاطبی ہیں جنہوں نے قصیدہ شاطبیہ لکھا تھا۔ ان کا ذکر آگے آئے گا۔

۹۱۔ ورشؒ: انہوں نے نافعؒ کی قرأت کی روایت کی ہے۔ یعنی نافعؒ کے شاگرد تھے۔

۹۲۔ ابن حاجبؒ: ابوعمرو عثمان بن عمر المعروف بابن الحاجب مصر کے شہر اسنا میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد عزالدین موسک الصلاحی کے حاجب تھے
انہیں ابن الحاجب کہا گیا۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں جن سے کافیہ اور شافیہ زیادہ مشہور ہیں ۶۴۶ھ: ۱۲۴۸ء میں ان کی وفات ہوئی۔

عقود سے یہاں مراد عقود انامل ہے عقود انامل عربوں میں حساب کا ایک طریقہ تھا جو انگلیوں اور ان کی گرہوں کے اعتبار سے کیا جاتا۔ جیسا کہ کسی زمانے میں ہندوستان میں بھی کیا جاتا تھا اور بیوپاری بغیر زبانی بات کئے انگلیوں کے ذریعہ سے ہی سودا کر لیتے تھے۔ چنانچہ تشہد میں جب شہادت کی اُنگلی کھڑی کی جاتی ہے تو اس کے متعلق حدیث میں آتا ہے کہ ترپن کا عقد بنایا جائے یعنی انگلیوں کو اس طرح بند اور کھولا جائے کہ عقد انامل کے حساب سے ترپن کا عدد مراد لیا جا سکے۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ باب تشہد۔

کچھ محدثین اس طرف گئے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کو اُمی ہونے کے بعد معجزہ کے طور پر لکھنا اور پڑھنا آ گیا تھا چنانچہ ابوالولید باجی نے اس پر ایک رسالہ لکھا ہے (خفاجی نسیم الریاض ۱:۱۷) نیز ملاحظہ ہو خفاجی ۲:۲۲۷) حافظ شمس الدین ابوعبداللہ الذہبی متوفی ۷۴۸ھ ابنِ سندھ کی سند سے عبداللہ بن عتبہ کا یہ اثر نقل کرتے ہیں مَامَات النّبی صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰی قَرَاءَ وَکَتَبَ آنحضرت ﷺ کو وفات سے پہلے پڑھنا اور لکھنا آ گیا تھا۔ پھر کہتے ہیں کہ یہ عبداللہ بن عتبہ وہی صحابی ہیں جن کے لیے آنحضرت ﷺ نے دعا کی تھی (تذکرہ الحفاظ ۲:۲۷۷) خفاجی کہتے ہیں کہ ابوذر، ابوالفتح نیساپوری اور ابوالولید باجی کی یہی رائے ہے چنانچہ انہوں نے اس بارے میں ایک کتاب بھی لکھی ہے ان سے پہلے ابن ابی شیبہ بھی یہی کہہ چکے ہیں۔ ابومحمد بن معوذ نے باجی کے رد میں کتاب لکھی ہے۔ (خفاجی ۱:۱۱۷)

ابوعبداللہ الخراز: ابومحمد الخراز۔ ری کے بڑے مشائخ میں سے تھے بڑے متقی اور پرہیزگار تھے۔ ان کی وفات ۳۱۰ھ: ۹۲۲ء سے پہلے ہوئی۔

ابوعمر الدانی: شیخ الاسلام حافظ ابوعمر عثمان بن سعید قرطبی دانی کے نام سے اس لیے مشہور ہو گئے کہ انہوں نے دانیہ میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ ۳۷۱ھ: ۹۸۱ء میں پیدا ہوئے۔ علم قرأت تفسیر وغیرہ کے اماموں میں سے تھے۔ ان کی ایک سو بیس تصانیف ہیں ۴۴۴ھ: ۱۰۵۲ء میں ان کی وفات ہوئی۔

یحییٰ بن یعمر: قاضی یحییٰ بن یعمر ابوسلیمان مرو کے قاضی تھے۔ انہوں نے ابوہریرہ ابن عباس وغیرہ سے روایت کی ہے کہا جاتا ہے کہ یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے قرآن مجید پر نقطے لگائے۔ عربی زبان کے فصیح و بلیغ فقہاء میں سے تھے وفات ۹۰ھ سے پہلے ہوئی۔

ابن عباس: حضرت عبداللہ بن عباس آنحضرت ﷺ کے چچازاد بھائی تھے ان کی پیدائش ہجرت سے تین سال پہلے ہوئی انہیں خیر الامت کہا جاتا ہے بلا کا حافظہ تھا۔ حضرت عمرؓ ان سے مشورہ لیا کرتے تھے۔ آخر عمر میں ان کی بینائی جاتی رہی تھی۔ اکہتر برس کی عمر میں ابنِ زُبیر کے عہد میں ۶۸ھ: ۶۸۷ء میں وفات پائی۔

عکرمہ: یہ حضرت ابن عباس کے آزاد کردہ غلام تھے دراصل بربر میں سے تھے تابعی اور مکّہ کے فقیہ تھے، اسّی برس کی عمر میں ۱۰۷ھ: ۷۲۵ء میں اُنہوں نے وفات پائی۔

ابوالقاسم شاطبی: صحیح نام ابومحمد قاسم بن فیرۃ بن ابوالقاسم خلف بن احمد الشاطبی متوفی ۵۹۰ء۔ انہوں نے عمر الدانی کی کتاب المقنع کو نظم کر دیا تھا جس کا نام عقیلۃ اتراب القصائد فی السنی المقاصد رکھا تھا پھر اس قصیدہ کی شرح جعبری نے کی۔ شاطبی نے علم قرأت میں ایک قصیدہ ایک ہزار ایک سو تہتر شعروں میں لکھا تھا جس کا نام حرز الامانی ووجہ التھانی ہے۔ ابن خلکان (ج ۳: ۲۳۴) نے اس قصیدہ کی بہت تعریف کی ہے۔ شاطبی نابینا تھے۔ انہوں نے ایک اور والیہ قصیدہ لکھا جس میں ابن عبدالبر کی کتاب التمہید کو نظم کر دیا، ان کی ولادت ۵۳۸ھ میں ہوئی (مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو ابن خلکان ج ۳ ص ۲۳۴)

الجعبری: برہان الدین ابراہیم بن عمر الجعبری، متوفی ۷۳۳ھ: ۱۳۳۲ء۔ جنہوں نے شاطبی کے عقیدلہ کی شرح کی اور اس کا نام جمیلہ ارباب المواصد رکھا۔ عقیلہ کی ایک اور شرح الوسیلہ الی کشف العقیلہ ہے جسے علم الدین علی بن محمد بن عبدالصمد السخاوی التوفی ۶۴۳ھ: ۱۲۴۵ء نے لکھا۔

ابوالحسن قابسی: ابوالحسن علی بن محمد بن خلف ۳۲۴: ۹۳۵ء میں پیدا ہوئے۔ حدیث اور علل حدیث کے واقف و حافظ تھے۔ نابینا ہونے کے باوجود ان کی کتابیں نہایت صحیح ہوتی تھیں۔ ان کی ایک صحیح کتاب ہے انہوں نے بہت سی تصانیف کیں مثلاً للمھد، المقنع، الملخص وغیرہ۔ ان کی وفات ۴۰۳ھ: ۱۰۱۲ء میں ہوئی۔

استاذ ابوبکر بن فورک: امام ابوبکر محمد بن الحسن نیشاپوری شافعی متوفی ۴۰۶ھ: ۱۰۱۵ء ثعلبی کہتے ہیں کہ انہوں نے قرآن مجید کی تفسیر حافظ سے لکھائی یہ پہلے عراق میں درس دیتے رہے پھر نیشاپور چلے گئے اور وہاں ایک مدرسہ قائم کیا۔ انہیں زہر دے کر مار ڈالا گیا۔

۱۰۴۔ ابوعمرو دانی: ابوعمرو عثمان بن سعید الدانی متوفی ۴۴۴ھ انہوں نے قرآن مجید کے رسم الخط کے متعلق کتاب لکھی جس کا نام المقنع فی رسم المصحف ہے۔

۱۰۵۔ برہان الدین ابراہیم بن عمر الجعبری متوفی ۷۳۲ھ۔ انہوں نے عقیلۃ أتراب القصائد فی اسنی المقاصد کی جو قرآن مجید کے رسم الخط کے متعلق ہے کی۔ عقیلہ میں ابوعمرو الدانی کی المقنع کو نظم کر دیا گیا ہے۔ ہجری کی شرح کا نام جمیلۃ ارباب المواصد ہے ان کی تقریباً تمام تصانیف نظم میں ہیں اور و زیادہ تر علم قرأت میں، چنانچہ ان کی ایک اور نظم فرزعۃ البردۃ فی قراءۃ الائمۃ العشرۃ ہے۔ (کشف الظنون ۲:۳۸۶) اور نہج الامانۃ فی القرأت الثلاث کے بعد خود ہی اس کی شرح کی اور اس کا نام خلاصۃ الابحاث فی شرح نہج القرأت الثلاث رکھا۔

۱۰۶۔ چونکہ اس بحث میں قرأتوں کا ذکر ہے اس لیے یہاں قرأت کے متعلق ابن خلدون کا بیان نقل کرتا ہوں:

''قرآن اللہ کی وہ کتاب مقدس ہے جو نبی ﷺ پر اُتری اور اب وہ کتابی صورت میں مسلمانوں کے پاس موجود ہے۔ اس کی نقل تواتر سے ہوئی۔ اس کے الفاظ کی ادائیگی اور حروف کی کیفیات کے لحاظ سے صحابہ کرام مختلف الروایت ہیں۔ روایات کے اختلاف سے مختلف قرأتیں بن گئیں۔ ا میں صرف سات قرأتیں بہت مشہور ہیں جن کی نقل تواتر کی حد تک پہنچ گئی ہے اور ہر قرأت ایک خاص قاری کی طرف منسوب ہے۔ یہ سات قرأتیں قرأت کے لیے اصول مانی گئی ہیں بعض نے ان پر چند اور قرأتوں کو بھی زیادتی کی ہے، لیکن آئمہ قرار کے نزدیک ان کی قرأت سبع کی نقل کی باوثوق نہیں۔''

''قرأتوں کے تواتر اور عدم تواتر میں لوگوں کا اختلاف ہے۔ بعض تواتر سے انکار کرتے ہیں کیونکہ قرأت کیفیات ادا سے عبارت ہے اور وہ ناقابل ہے۔ البتہ قرآن متواتر ہے بعض تواتر کے قائل ہیں اور کچھ کہتے ہیں کہ تواتر بغیر ادا کے ہے یعنی روایتِ قرأت تو ان کو تسلیم ہے، لیکن ادائیگی مثلاً تسہیل کا تواتر تسلیم نہیں۔ کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ خالی سُن لینے سے کیفیتِ ادا سے واقفیت نہیں ہوتی، ہمارے نزدیک یہی قول صحیح ہے۔''

''جب تک علوم وفنون کتابی وتدوینی شکل میں نہیں آئے قرأت کی تعلیم بھی دیگر علوم کی طرح زبانی جاری رہی اور جب تمام علوم ضبطِ تحریر ہوئے قرأت کی تالیف وتصنیف بھی عمل میں آئی اور اس نے ایک مستقل فن کی شکل اختیار کر لی، پھر اس کی نقل ملک در ملک چلتی رہی۔ یہاں تک کہ اندلس میں مجاہد مولائ عامر بنین بادشاہ ہوا۔ یہ اس علم کی بہت زبردست معلوم رکھتا تھا کیونکہ اس کے آقا منصور بن ابی عامر نے بہت شوق وذ کوشش سے اس کو اس کی تعلیم دلائی تھی اور اس کے لیے چیدہ قاری جمع کر کے اس علم میں ماہر بنایا تھا۔ چنانچہ جب یہ دانیہ اور جزائر شرقیہ کا مجاہد پایا تھا تو اس کے اثر سے وہاں علمِ قرأت کا بہت فروغ ہوا۔ یوں تو مجاہد کو دیگر علوم سے بھی کافی دلچسپی تھی، لیکن علمِ قرأت کا تو وہ خاص طور سے دلد ابوعمرو الدانی اسی کے عہد میں قرأت کا ماہر بن کر چمکا اور یکتائے روزگار ہوا۔ اس نے اس علم میں کئی کتابیں لکھیں جو لوگوں کی مرکز توجہ بن گئیں۔ کتاب تیسیر نے خاص شہرت حاصل کی اور مرجع خلائق ہوئی۔ پھر اس کے چند روز بعد ابوالقاسم بن فیرہ شاطبی اس میں چمکا، اس نے ابوعمر کی ک خلاصہ نظم میں کیا اور یوں کہنا چاہیے کہ سارے علم کو سمیٹ کر گویا سمندر کوزے میں بند کر دیا۔ قرأ معبد سبعہ کے نام وَبَ۔جَ۔دَ کی شکل میں لوگوں نے اسے بہت ہی پسند کیا اور ہر طالب قرأت کے ہاتھ میں وہ رہنے لگی۔ مغرب اور اندلس میں وہ داخلِ نصاب ہوئی اور لوگ اسی کو پڑھنے قرأت ہی کے ساتھ فن رسم الخط بھی شامل کر لیا گیا۔ اس میں قرآن کریم کے حروف کے رسم الخط سے بحث ہوئی اور ان کی صحیح رسم الخط متعین کی گئی بعض حروف قرآنیہ کی رسم الخط مروجہ رسم الخط سے بہت کچھ مختلف پائی گئی اس لیے اس علم کی تدوین کی ضرورت پیش آئی مثلاً ہا ید میں ''یا'' کی ز لَاذْبَحَنَّهٗ میں الف کا اضافہ اور جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ میں ''واؤ'' کی کتابت کھٹکی غرض اسی طرح بہت سے اختلافات دیکھے گئے۔ لامحالہ رسم الخط کے اصول ضبط ہوئے اور کتابی شکل میں ان کو یکجا ترتیب دیا گیا۔ لوگوں نے اس میں بہت سی کتابیں لکھیں ادھر مغرب میں ابوعمر الدانی نے بھی اس پر قلم مقنع نامی ایک کتاب لکھ ڈالی اور دیگر تصانیف بھی اس بارے میں اس کے قلم سے نکلیں۔ مقنع نے بہت شہرت پکڑی اور اس کی قبولیت عامہ ہو کتاب کے مطالعہ کو ابوالقاسم شاطبی نے ایک قصیدہ کی شکل میں نظم کیا جس کو لوگوں نے بہت ذوق وشوق سے یاد کیا۔ اس کے بعد چند دیگر کلمات کی رسم الخط میں پھر اختلاف پڑا اور ابوداؤد سلیمان بن نجاح نے اپنی کتاب میں اس کی وضاحت کی، یہ ابوداؤد مجاہد کے غلاموں میں ابوعمرو الدانی کا شاگرد رشید بھی تھا، مشہور ہے کہ یہی صحیح معنوں میں اپنے استاد کے علوم کا حامل اور اس کی کتابوں کا راوی تھا۔ اختلاف کا دروازہ بند نہ ہوا اور چند اور اختلافات رونما ہوئے تو مغرب میں علماء متاخرین میں سے غزاز نیا یک نظم لکھی اور مقنع کے بیان کردہ اختلافات میں اختلافات کی زیادتی کی، مغرب میں اس نظم کو اس قدر شہرت نصیب ہوئی کہ اس کے مقابلے میں ابوداؤد، ابی عمرو اور شاطبی کی تصانیف کو پسِ پ

دیا گیا اور لوگوں نے اسی کو اپنے حافظہ میں جگہ دی۔ (اردو ترجمہ مقدمہ ابن خلدون از مولانا سعد حسن خاں، ص ۴۵۹، ۴۶۱

قتیل: اصل نام محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد خالد بن سعید بن جرجہ الملکی المخزومی چھیانوے سال کی عمر میں ۲۹۱ھ میں وفات پائی۔ یہ ابوسعید عبداللہ بن کثیر کے راوی تھے۔

خلف: خلف بن ہشام بن ثعلب البزار دراصل البصلح کے رہنے والے تھے مگر بغداد میں رہائش اختیار کرلی تھی۔ اسی لیے بغدادی شمار کئے گئے۔ شریک ابوعوانہ اور حماد بن زید سے حدیث سنی اور سلیم سے قرأت سیکھی۔ حمزہ کی صحبت میں بھی رہے مگر بہت سی قرأتوں میں حمزہ سے اختلاف کیا۔ ۲۲۹ھ۔۸۴۳ء میں وفات پائی۔

العتکیؒ: عباد بن عباد بن حبیب بن المہلب بن ابی صفرہ الامام، الصدوق العتکی، ابی جمرۃ ضبعی اور ہشام بن عروہ وغیرہ سے حدیث کی۔ روایت کی اور ان سے احمد بن حنبلؒ وغیرہ نے کی ان کی وفات ۱۸۱ھ۔۷۹۷ء میں ہوئی۔

قتیبہؒ: قتیبہ بن سعید محدث خراسان ۱۴۹ھ۔۷۶۶ء میں پیدا ہوئے۔ ثقہ اور عالم تھے ان کی وفات ۲۴۰ھ۔۸۵۴ء میں ہوئی۔

ابوزید انصاریؓ: ابوزید عمرو بن اخطب بن رفاعہ الانصاری صحابی ہیں، لنگڑے تھے۔ انہوں نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ تیرہ جنگوں میں شرکت کی۔ آنحضرت ﷺ نے ان کے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا کی کہ خدا اسے خوبصورت بنادے، اس کے بعد ان کا کوئی بال سفید نہیں ہوا۔ ابن حجر فرماتے ہیں کہ بغوی نے ابوزید عمرو بن اخطب اور ابوزید انصاری کو الگ الگ شخص شمار کیا ہے۔ (تہذیب التہذیب ج ۸، ص ۴)

یمانیؒ: الیمان بن معاویہ الاسود: حاملینِ قرآن میں سے تھے۔ ان کی بینائی جاتی رہی تھی مگر جب قرآن مجید کو ہاتھ میں لیتے تو دکھائی دینے لگ جاتا مگر ادھر قرآن مجید کو الگ کیا تو بینائی پھر ویسی کی ویسی ہوگئی۔ (شعرانی، ص ۵۳)

ابوحیوۃؒ: شریح بن یزید ابوحیوۃ الحمصی موذن اور قاری تھے۔ ابن حبان نے انہیں ثقہ شمار کیا ہے۔ ان کی وفات ۲۰۳ھ۔۸۱۸ء میں ہوئی۔ (تہذیب التہذیب ج ص ۳۳۱)

عمرو بن عبدالعزیز: خلفاء بنی اُمیہ میں سے ایک خلیفہ ہیں۔ انہیں عمر ثانی کہا جاتا ہے۔ نہایت متقی، عابد و زاہد تھے۔ ان کی وفات ۳۹ برس کی عمر میں ۱۰۱ھ۔۷۱۹ء میں زہر دیے جانے کی وجہ سے ہوئی۔ ان کی مدت خلافت دو سال چودہ دن ہے۔

سفیان بن سعید ثوریؒ: انہیں امیر المومنین فی الحدیث کہا جاتا ہے۔ نہایت ہی متقی اور عابد و زاہد تھے ان کی پیدائش ۹۷ھ میں کوفہ میں ہوئی اور وفات بصرہ میں ۱۶۱ھ میں ہوئی۔

سعید بن جبیرؒ: ۳۸ھ، ۶۵۸ء میں پیدا ہوئے اور ستاون سال کی عمر میں ۹۵ھ میں ابن اشعث کی بغاوت میں حجاج نے انہیں قتل کیا۔ جب اہل کوفہ حج کو جاتے اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مسئلہ پوچھتے تھے تو وہ کہتے تھے کہ "کیا تم میں سعید بن جبیر نہیں؟" وہ کسی کو اپنے پاس غیبت کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ قتل ہونے سے پہلے انہوں نے دعا کی کہ اے خدا حجاج کو میرے بعد کسی پر مسلط نہ ہونے دینا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ حجاج ان کے پندرہ دن بعد مرگیا۔ اس عرصہ میں حجاج کو نیند نہ آتی تھی۔ جب سوتا تو حضرت سعید خواب میں آکر پاؤں کھینچتے اور اٹھا دیتے۔

اصبہانیؒ: اصبہانی پانچ مشہور بزرگ ہوئے ہیں۔ غالباً یہاں مراد ابراہیم بن ادرمہ سے ہے۔ یہ حافظ حدیث اور عالم تھے۔ معرفت اور حافظ کے اعتبار سے یہ اپنے زمانے میں اپنی نظیر نہ رکھتے تھے پچپن برس کی عمر میں ۲۶۶ھ، ۸۷۹ء میں وفات پائی۔

یحییٰ بن وثاب: اسدی کوفی تھے۔ یہ مشہور قاری ہیں۔ ابن عمر اور ابن عباس وغیرہ سے روایت کی جب مسجد میں قرآن مجید پڑھتے تو سناٹا چھا جاتا۔ ان کی وفات ۱۰۳ھ، ۷۲۱ء میں ہوئی۔

خلیل بن احمد فراہیدی: مشہور نحوی اور لغوی گزرے ہیں۔ ان کی کتاب العین عربی لغت کی پہلی کتاب خیال کی جاتی ہے خلیل علم وعروض عربی کے بھی موجد ہیں۔ ان کی وفات ۱۷۵ھ، ۷۹۱ء میں ہوئی۔

ابوبکر ایوب بن ابی تمیمہ کیسان اسختیانیؒ: مگر کتاب میں صرف ابوایوب دیا ہے۔ تابعی ہیں۔ بہت پائے کے عالم تھے حضرت انسؓ سے ان کی ملاقات ہوئی انہوں نے حدیث کی روایت حسن بصریؒ، سعید بن جبیرؒ وغیرہ سے کی اور ان سے شعبہ، سفیان ثوری، سفیان عینیہ، حماد بن زید، حماد بن سلمہ وغیرہ ہم نے روایت حدیث کی۔ ۶۸۵ء میں ان کی پیدائش ہوئی اور ۱۳۱ھ، ۷۴۸ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۱۲۱۔ تعبدی وہ امور ہیں جن کی ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں مگر بلا چوں وچرا ان پر عمل کرتے ہیں۔

۱۲۲۔ ابواسحٰق ثعلبی مفسرؒ: ابواسحٰق احمد بن محمد بن ابراہیم ثعلبی نیشاپوری۔ ان کی وفات ۴۲۷ھ ۱۰۳۵ء میں ہوئی ان کی تفسیر کا نام الکشف والبیان فی تفسیر القرآن

۱۲۳۔ فرّاءؒ: الکسائی کا شاگرد اور ہم شہری۔ بہت بڑا نحوی اور لغوی تھا۔ اس نے ۸۱۶ھ ۲۰۰ء میں وفات پائی۔

۱۲۴۔ ولی الدین ابن خلدون: مشہور مورخ جس کے مقدمہ نے دنیا میں بہت شہرت حاصل کی ہے۔ ۱۲۳۲ھ ۷۳۲ء میں پیدا ہوا اور ۱۴۰۶ھ ۸۰۹ وفات پائی۔

۱۲۵۔ ابن مسعودؓ اصل نام عبداللہ: یہ مشہور عبادلہ میں سے ہیں اور صحابی ہیں۔ آنحضرت ﷺ کے صاحب راز تھے اور آنحضرت ﷺ کا تکیہ، مسواک، نعل وضو کے پانی کا انتظام سفر میں انہیں کے سپرد تھا۔ آنحضرت ﷺ حجرہ مبارک میں آتے تو پہلے یہ داخل ہوتے۔ آپؐ کے پاؤں سے جوتا اتار کر میں رکھ دیتے حضرت عثمانؓ کے عہد خلافت میں ۳۲ھ ۶۵۲ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۱۲۶۔ ہشام بن حکیم: ان کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ ۵۴ء میں اپنے باپ کی زندگی میں وفات پائی۔ صحابی ہیں۔

۱۲۷۔ ابن حجر العسقلانیؒ: مشہور محدث اور شارح بخاری، ان کی بخاری کی شرح جو فتح الباری کے نام سے مشہور ہے، اہل علم کے ہاں بہت مقبول ہوئی دوسری کتاب صحابہ فی تمییز الصحابہ ہے ان کی وفات ۱۴۴۹ھ ۸۵۳ء میں ہوئی۔

۱۲۸۔ طبری: ابوجعفر محمد بن جریر الطبری مشہور محدث، مفسر اور مورخ ان کی پیدائش آمل میں ۸۳۸۔۸۲۹ء، ۲۲۴ میں ہوئی اور وفات ۹۲۳ھ ۳۱۱ء میں

۱۲۹۔ اسحٰق بن عبداللہ انصاریؒ: مدینہ کے معتبر تابعین میں سے تھے۔ امام مالکؒ انہیں بہت ہی زیادہ معتبر سمجھتے تھے ان کی وفات ۱۲۲ھ ۷۴۹ء میں ہوئی

۱۳۰۔ ابی بن کعبؓ: مشہور صحابی اور قاری ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے انہیں اللہ کے حکم سے سورہ بینہ اوّل سے آخر تک پڑھ کر سنائی۔ آنحضرت ﷺ کے وحی تھے اور ان چھ صحابہ میں سے تھے جنہوں نے آنحضرت ﷺ کے عہد میں ہی قرآن مجید حفظ کرلیا ان کی وفات ۱۹ھ ۶۴۰ء میں ہوئی۔

۲۳۱۔ حارث بن اسامہ: کتاب میں ان کا نام اسی طرح دیا گیا ہے مگر دراصل ان کا نام حارث بن محمد بن ابی اسامہ ہے۔ کشف الظنون میں بھی یہ ہے۔ یہ حافظ حدیث اور مولف مسند ہیں۔ ان کی پیدائش ۱۸۶ھ ۸۰۲ء میں ہوئی اور ستانوے سال کی عمر میں ۲۸۲ھ ۸۹۸ء میں وفات پائی تھے اور ان کی بہت بیٹیاں تھیں اس لئے روایت حدیث کی اجرت میں پیسے لیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بعض نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے ج ۲۔۱۷۶)

۱۳۲۔ مسلم: مسلم بن حجاجؒ ۲۰۴ھ ۸۰۹ء میں پیدا ہوئے اور ۲۶۱ھ ۸۷۳ء میں وفات پائی ان کی صحیح مسلم کا شمار صحاح ستہ میں ہوتا ہے۔

۱۳۳۔ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ: ان کے باپ ابولیلیٰ کا اصلی نام بسیار تھا۔ بعض نے بلال کہا ہے۔ ان کی اپنی کیفیت ابوعیسیٰ تھی مشہور تابعی ہیں۔ ان ۸۳ھ ۷۰۲ء میں ابن الاشعث کے واقعہ میں ہوئی۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ بصرہ کی نہر میں غرق ہوگئے۔

۱۳۴۔ عمرو بن العاص: مشہور صحابی ہیں۔ قریش میں تھے۔ فتح مکہ سے چند ماہ پہلے ۸ھ ۲۴۱ء میں ایمان لائے۔ آنحضرت ﷺ نے انہیں ذات السلاسل فوج پر امیر بنا کر بھیجا تھا۔ ان کی وفات مصر میں ۴۲ھ ۶۶۳ء میں ستر برس کی عمر میں ہوئی۔

۱۳۵۔ احمد: احمد بن حنبلؒ اہل سنت کے چوتھے امام تھے ان کا تذکرہ پہلے کیا جاچکا ہے۔ ان کی وفات ۲۴۱ھ ۸۵۴ء میں اکہتر برس کی عمر میں ہوئی۔

۱۳۶۔ ابوعبید: ابوعبید بن سلام بغدادی فقیہ اور قاضی تھے ان کی بہت سی تصانیف ہیں ان کی وفات ۲۲۴ھ ۸۳۸ء میں ہوئی۔ یہ ۲۱۳ھ ۸۲۸ء میں یمن کے ساتھ مصر آئے۔ ابوقدامہ کا قول ہے کہ یہ لغات عرب کے بہت ماہر تھے۔ حافظ ابن حجر نے ان پر ایک طویل مقالہ لکھا ہے۔ تہذیب التہذیب ۳۱۵ھ ۳۱۸ء

۱۳۷۔ ابوجہیم بن حارث بن الصمۃ الانصاریؓ صحابی ہیں۔ ان سے ابن الخضریؓ کے آزاد کردہ غلام بسر بن سعیدؓ نے اور ابن عباسؓ کے آزاد کردہ نے روایت کی ہے۔

۱۳۸۔ طبرانیؒ: ابوالقاسم سلیمان بن احمد طبرانی حافظ حدیث تھے۔ ۲۶۰ھ ۸۷۳ء میں ان کی پیدائش ہوئی۔ ذہبی نے ان کی کتابوں کی ایک طویل فہرست ہے یہاں پر ان کی معجم کا ذکر ہے انہوں نے تین کتابیں تالیف کی ہیں جن کا نام معجم تھا۔ ایک معجم کبیر، دوسری اوسط اور تیسری صغیر۔ ان کی وفات ۹۷۰ء میں ایک سو سال اور دس ماہ کی عمر میں ہوئی۔

زید بن ارقمؓ: ابوعمر زید بن ارقم انصاریؓ خزرجی صحابی ہیں۔ان کا شمار کوفیوں میں ہوتا ہے اور وہیں انہوں نے رہائش اختیار کرلی تھی۔انہوں نے ہی عبداللہ بن مروان کے عہد میں ۶۶ھ/۶۷۵ء میں وفات پائی۔

ابن حبان: ابو حاتم محمد بن حبان یہ ابن حزیمہ کے شاگرد تھے۔نہایت عقلمند تھے اور علم لغت اور حدیث کے بڑے ماہر تھے انہوں نے حدیث کی کتاب صحیح ابن حبان تالیف کی۔ان کی وفات ۳۶۶ھ ۶۸۵ء میں وفات پائی۔

حاکم: ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ نیشاپوریؒ: انہوں نے حدیث کی کتاب مستدرک لکھی جس میں ان صحیح احادیث کو درج کیا جنہیں مسلم اور بخاری نے چھوڑ دیا تھا ان کی وفات ۴۰۵ھ ۱۰۱۴ء میں ہوئی۔

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن: بعض نے اس کا نام عبداللہ بتایا ہے اربعض نے اسماعیل اور بعض کہتے ہیں کہ ان کی کنیت ہی ان کا نام ہے۔ بہت بڑے فقیہہ اور امام تھے۔ابن سعد نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے۔مدینہ میں بہتر سال کی عمر میں ۹۴ھ ۷۱۲ء میں وفات پائی۔

۱۔ زیراس لئے کہ رجز کی صفت ہے اور پیش اس لئے کہ عذاب کی صفت ہے۔

۱۔ سورہ آل عمران کا آخری رکوع۔

۱۔ طلحہ بن مطرف: اصل کتاب میں یہ نام اسی طرح دیا ہے مگر ابن حجر (تہذیب التہذیب ج ۵ ص ۲۵) نے طلحہ بن مطرف صاد کے ساتھ دیا ہے یہ اہل کوفہ کے سب سے بڑے قاری تھے ان کی وفات ۱۱۲ھ ۷۳۰ء میں ہوئی۔

۱۔ زین العابدینؒ: علی بن الحسینؓ المعروف بہ زین العابدین مشہور امام اور زاہد و متقی ہیں۔انہی کو علی اصغرؒ کہا جاتا ہے۔ان کے مناقب بے شمار ہیں۔ اٹھاون برس کی عمر میں ۹۹ھ ۷۱۷ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۱۔ ابن قتیبہ: مشہور لغوی اور ادیب جس کی بہت سی تصانیف ہیں۔یہ اصل میں مرو کا رہنے والا تھا اور کچھ عرصہ دینور میں قاضی بھی رہا۔اس کی چند تصانیف یہ ہیں۔کتاب للعارف' کتاب الشعر وشعراء' ادب الکاتب' عیون الاخبار ۲۷۶ھ ۸۸۹ء میں اس کی وفات ہوئی۔

۱۔ قاسم بن ثابت: ابومحمد قاسم بن ثابت سرقسطی۔ان کی وفات ۴۱۱ھ ۱۰۲۰ء میں ہوئی۔ان کی کتاب دلائل حدیث کی کتاب ہے۔

۱۔ ابوالفضل رازی۔ان کا حال معلوم نہ ہوسکا۔

۱۔ نشر فی القرآت العشر یخه کتاب دوجلدوں میں ہے اور شمس الدین ابوالخیر محمد بن محمد الجزری کی تالیف ہے۔

۱۔ ان کے نام میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے نووی کہتے ہیں کہ میرے نزدیک صحیح ترین عبدالرحمٰنؓ بن صخر ہے انہیں حافظ صحابہ کہا جاتا ہے۔یہ اسی سال اسلام لائے جس سال خیبر فتح ہوا۔ان کی وفات ۵۷ھ ۶۷۶ء میں ہوئی۔امام شافعی کہتے ہیں کہ ابوہریرہؓ کو اپنے زمانہ میں سب سے زیادہ احادیث یاد تھیں۔

۱۵۔ قرطبیؒ: ابوالعباس احمد بن عمر بن ابراہیم قرطبی متوفی ۶۵۶ھ ۱۲۵۸ء ان کی شرح مسلم مختصری ہے (کشف الظنون ۱/ ۲۸۷) جس کا نام المفهم لما اشكل من تلخيص کتاب مسلم ہے۔انہوں نے قرآن مجید کی تفسیر بھی لکھی ہے جس کا نام جامع احکام القرآن ہے (کشف الظنون ۱۔۴۷۲ ان کی تفسیر بہترین تفسیروں میں سے شمار کی جاتی ہے۔

۱۵۲۔ عبادہؓ: عبادہ بن صامت مدنی صحابی ہیں۔عقبہ اولی ثانیہ پر یہ موجود تھے۔آنحضرت ﷺ کے ساتھ تمام جنگوں میں شریک ہوئے ان کی وفات امیر معاویہ کی خلافت میں شام میں ہوئی۔

۱۵۴۔ ابن ابی جمرہؒ: عارف باللہ عبداللہ بن سعد بن ابی جمرہ الاندلسی۔ یہ مدونہ جو فقہ مالکی کی مشہور کتاب ہے کے حافظ تھے ان کی وفات ۵۹۷ھ ۱۲۰۰ء میں ہوئی۔انہوں نے بخاری کی شرح کی جس کا نام بهجته النفوس دغايتها بمعرفته مالها وما عليها رکھا۔

۱۵۵۔ ابن عبدالبر: یوسف بن عمر بن عبدالبر۔علماء اندلس کے شیخ اور اپنے زمانے میں وہاں کے بہت بڑے محدث تھے۔انہوں نے کتاب الاستذکار تصنیف کی۔انہوں نے ۳۸۰ھ ۹۹۰ء میں وفات پائی۔

۱۵۶۔ نووی: ابوزکریا محی الدین بن یحییٰ بن شرف نووی۔اپنے زمانے کے امام تھے ان کی بہت سی تصانیف ہیں۔مثلاً روضہ الریاض' اذکار اور شرح مسلم۔نووی دمشق میں ایک گاؤں کا نام ہے جس کی طرف نووی کی نسبت ہے۔انہوں نے پینتالیس برس کی عمر میں ۶۷۶ھ ۱۲۷۷ء میں وفات پائی۔

۱۵۷۔ حلیمیؒ: شیخ امام ابوعبداللہ حسین بن الحسن الحلیمی الجرجانی الشافعی متوفی ۴۰۳ھ ۱۰۱۲ء ان کی کتاب منہاج الدین فی شعب الایمان ہے۔ یہ تین جلدوں

میں ضخیم کتاب ہے۔ جس میں اصول ایمان پر بحث کی گئی اس کتاب کا اختصار قاضی علاؤ الدین ابوالحسن علی بن اسماعیل تبریزی قونوی متوفی ۷۳۹ھ ۱۳۳۸ء نے کیا۔ مصنف کشف الظنون نے ان کے بیٹے محب الدین ابوالثناء محمد بن الشیخ علاؤ الدین علی القونوی ثم القاہری الشافعی المتوفی ۷۸۵ھ کا ذکر کیا ہے کہ اس نے منتہی السوال والامل فی علمی الاصول والجدل کی شرح کی ہے۔ ۱۲ علاؤ الدین قونوی نے التصرف فی التصوف بھی لکھی حاجی خلیفہ کے خیال میں التعرف کی شرح ہے۔

۱۵۸۔ سہیل بن عمرو: صلح حدیبیہ کے موقع پر یہ قریش مکہ کی طرف سے سفیر بن کر آئے تھے۔ ان کے بیٹے ابوجندلؓ اس وقت اسلام لا چکے تھے۔ یہ جنگ میں مشرکوں کے ساتھ ہو کر لڑے اور قید ہوئے۔ یہ قریش کے بہت بڑے خطیب تھے۔ جب جنگ بدر میں قید ہو کر آئے تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا کے اگلے دانت نکال دیئے جائیں تاکہ آئندہ آنحضرت ﷺ کے خلاف تقریر نہ کر سکے مگر آنحضرت ﷺ نے فرمایا اسے اسی طرح رہنے دو۔ یہ آ جا کر ایسا کام کرے گا جس سے تو خوش ہوگا چنانچہ آنحضرت ﷺ کی وفات پر جب مکہ کے لوگوں میں اختلاف پیدا ہو گیا اور کچھ لوگ مرتد بھی ہو گئے اس وقت ان کی تقریر نے لوگوں کو مدھم کیا تھا۔ ان کی وفات عمواس کی طاعون میں ۱۸ھ ۶۳۹ء میں ہوئی۔

۱۵۹۔ حضرت حنظلہ بن مالک مشہور صحابی ہیں۔ جن کا لقب غسیل الملائکہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی نئی نئی شادی ہوئی تھی بیوی کے پاس گئے تھے کہ اعلان جنگ ہو گیا۔ اسی حالت میں نکل آئے اور لڑتے لڑتے جنگ احد میں شہید ہو گئے۔ آپ چونکہ جنبی تھے اور شہید کو غسل نہیں دیا جاتا اس لئے انہیں فرشتوں نے غسل دیا۔ یہاں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ ایک اور صحابی کا نام بھی حنظلہؓ ہے مگر ان کے والد کا نام ربیع الاسیدی ہے۔

۱۶۰۔ امام غزالی: ابوحامد الغزالی اپنے زمانے کے بہت بڑے امام، فلسفی اور صوفی گزرے ہیں۔ مدرسہ نظامیہ بغداد میں درس دیتے رہے مگر آخر عمر میں درس تدریس چھوڑ کر گوشہ نشین ہو گئے۔ ان کی کئی ایک تصانیف ہیں جن میں زیادہ مشہور یہ ہیں۔ مقاصد الفلاسفہ، تہافت الفلاسفہ، کیمیا، سعادت، جواہر القرآن وغیرہ ان کی پیدائش طوس میں ۴۵۰ھ میں ہوئی اور وفات ۵۰۵ھ ۱۱۱۱ء میں ہوئی۔

۱۶۱۔ مارزیؒ: ابوعبداللہ محمد بن علی بن عمر التیمی المارزی الصقلی اہل افریقہ اور اس کے علاوہ مغرب کے امام تھے وہ سب سے آخری شخص تھے جو تحقیق فقہ میں مشغول تھے اور اجتہاد اور دقت نظر رکھتے تھے۔ مسلم اور قاضی عبدالوہاب کی کتاب التلقین کی شرح کی۔ نیز امام الحرمین کی برہان کی شرح کی اور اس کا محصول من برہان الاصول رکھا۔ انہوں نے ۵۲۶ھ ۱۱۴۱ء میں وفات پائی۔

۱۶۲۔ ابن بطالؒ: ابوالحسن علی بن خلف المعروف بابن بطال مغربی مالکی۔ انہوں نے بھی بخاری کی شرح کی ہے۔

۱۶۳۔ ابن العربی: ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی المعافری الاشبیلی۔ اپنے شہر میں ادب حاصل کیا۔ پھر بلاد مشرق کا طویل سفر کیا اور بہت سے جن میں امام غزالی بھی تھے ملاقات کی۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں۔ مثلاً احکام القرآن، کتاب المسالک فی شرح موطا امام مالک۔ انہوں ۵۵۳ھ، ۱۱۵۸ء میں وفات پائی۔ یہ وہ ابن العربی نہیں ہیں جو مشہور صوفی ہیں۔

۱۶۴۔ الخطابی: امام ابوسلیمان احمد بن محمد الخطابی اپنے زمانے کے امام تھے۔ معالم السنن، اعلام السنن اور غریب الحدیث ان کی تصانیف میں سے ہیں۔ ا وفات ۳۰۸ھ ۹۲۸ء میں ہوئی۔ انہوں نے صحیح بخاری کی بھی شرح کی ہے جس کا نام اعلام السنن رکھا ہے۔

۱۶۵۔ ابوسعید السفاقسیؒ: امام عبدالواحد بن تمیم سفاقسی شارح بخاری۔ ان کی تفسیر بھی ہے ان کے ایک بھائی محمد بن سفاقسی نے منہاج کی شرح کی ہے ا نے بخاری کی بھی شرح کی ہے۔

۱۶۶۔ ابن اسحٰق: محمد بن اسحٰق سب سے پہلا شخص ہے جس نے آنحضرت ﷺ کی سوانح عمری لکھی۔ منصور کے عہد میں ۱۸۰ھ ۷۶۷ء میں وفات پائی۔

۱۶۷۔ امام ابومحمد بن ابی جمرہؒ شیخ ابومحمد بن سعد بن ابی جمرۃ الازدی اندلسی متوفی ۶۲۵ھ۔ یہ بہت بڑے ولی گزرے ہیں۔ شریعت کی بڑی تعظیم کیا کر بیداری میں انہیں دیدار نبویؐ حاصل ہوتا۔ ان کی متعدد تصانیف ہیں جن میں سے بخاری کی شرح مسمی بہجتہ النفوس وغایتہا بمعرفتہ مالہ علیہا۔ تفسیر قرآن مجید وجمع النہایتہ فی بدء الخیر و غایتہ حدیث میں ایک مختصر کتاب ہے۔ امام شعرانی نے ان کا حال لکھا ہے۔ (لواقع ا کشف الظنون (ج ۱۔ ۴۹۳) میں ان کی ایک اور کتاب شرح حدیث عبادۃ بن الصامت بھی دی ہے۔ وہاں ان کی تاریخ وفات ۶۷۵ھ دی ہے۔

۱۶۸۔ عائشہؓ: ام المومنین حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکرؓ صدیق کی بیٹی تھیں۔ آنحضرت ﷺ سے ان کی شادی مکہ ہی میں چھ برس کی عمر میں ہو گئی تھی۔ آنحضرتؐ کے گھر مدینہ میں جنگ بدر کے بعد ۶ھ میں گئیں۔ جب کہ ان عمر نو سال کی تھی۔ آپ سے بے شمار لوگوں نے حدیث کی روایت کی ہے

وفات ۵۷ھ۔۶۷۶ھ یا ۵۸ھ ۶۷۷ء میں ہوئی۔

یؒ: ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی۔ حافظ سمرقندی' ناہیں اپنے زمانے کا امام سمجھا جاتا تھا۔ ۱۸۱ھ ۷۹۷ء میں پیدا ہوئے اور چالیس سال کی عمر میں ۲۵۵ھ ۸۳۸ء میں وفات پائی۔

سان بن بسیارؒ: ابوایوب سلیمان بن یسار الھلالی المدنی۔ اپنے زمانے کے بہت بڑے عالم تھے۔ زہری کہتے ہیں کہ یہ علماء میں سے تھے۔ نسائی کہتے ں کہ امام تھے اور ابوزرعہ انہیں ثقہ کہتے ہیں۔ تہتر برس کی عمر میں ۱۰۷ھ ۷۲۵ء میں وفات پائی۔

ید بن منصورؒ: سعید بن منصور بن شعبہ خراسانیؒ: ان کی پیدائش جوزجان میں ہوئی۔ بلخ میں نشوونما پائی اور مکہ میں رہائش اختیار کی اور وہیں وفات پائی۔ ئمہ حدیث میں سے تھے۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں ان کی وفات ۲۲۷ھ ۸۴۱ء میں ہوئی۔

ی ابی شیبہؒ: ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ حافظ کوفیؒ: انہوں نے عبداللہ بن ادریس اور ابن مبارک وغیرہ سے روایت کی۔ ان کی وفات ۲۳۵ھ ۸۴۹ء ی ہوئی۔

الرزاق: عبدالرزاق بن ہمام ابوبکرؒ: بڑے پایہ کے عالم تھے۔ انہوں نے پچاسی برس کی عمر میں ۶۱۱ھ ۸۲۶ء میں وفات پائی۔

ہیم نخعیؒ: حضرت ابراہیم بن یزید النخعی فقیہ: العراقؒ علقمہ' مسروق اور اسود وغیرہ سے روایت کی اور حماد بن ابی سلیمان فقیہ کے شیخ ہیں۔ وہ مخلص علماء ں سے تھے۔ شہرت سے بچتے تھے۔ ۹۵ھ ۷۱۳ء میں وفات پائی۔

د بن ولیدؓ: خالد بن ولید بن مغیرہ مخزومی جو سیف اللہ کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ مشہور صحابی ہیں۔ صلح حدیبیہ کے بعد اور فتح مکہ سے پہلے ایمان ئے۔ انہوں نے غزوہ موتہ میں شرکت کی اور انہی کے ہاتھوں فتح ہوئی۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں یہ اہل روما سے جنگ کرنے پر مامور ئے' پھر انہوں نے عراق وشام کی جنگوں میں فتوحات حاصل کیں۔ ۶۱ھ ۶۴۰ء میں حمص میں وفات پائی۔

ی: مشہور محدث ہیں جن کی سنن النسائی۔ مشہور حدیث کی کتاب ہے۔ انہوں نے ۲۰۳ھ ۹۱۵ء میں وفات پائی۔

رو بن شعیبؒ: عمرو بن شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن العاص۔ ان کی اکثر احادیث کی روایت اسی طرح آئی کہ عن ابیہ عن جدہ۔ اسی لئے بخاری سلم نے ان کی کوئی حدیث اپنی کتاب میں نہیں دی کیونکہ اس طرح بعض اوقات گڑبڑ پڑ جاتی ہے۔

داؤد: ابوداؤد سجستانی مشہور محدث اور مولف سنن ابی داؤد ہیں۔ انہوں نے ۲۷۶ھ ۸۸۹ء میں وفات پائی۔

ذی: ابوعیسیٰ محمد الترمذی۔ جامع الترمذی کے مولف اور مشہور محدث ہیں۔ انہوں نے ۲۷۹ھ ۸۹۲ء میں وفات پائی۔

ن وہبؒ: ابومحمد عبداللہ بن وہبؒ: انہوں نے امام مالک اور امام لیث سے فقہ کی تعلیم حاصل کی۔ ۴۸ھ ۷۶۵ء میں امام مالک کے پاس آئے اور ات تک ان کی خدمت میں رہے۔ ۱۶۵ھ ۷۴۱ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۷ھ ۸۱۱ء میں بمقام مصر وفات پائی۔

یمان بن کثیرؒ: ابوداؤد سلیمان بن کثیر العبدیؒ ذہبی کہتے ہیں جائز الحدیث لاباس بہ ان کی وفات ۱۳۳ھ ۷۵۰ء میں ہوئی۔

ن ماجہؒ: ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ مشہور محدث ہیں۔ ان کی کتاب سنن ابن ماجہ کا شمار صحاح ستہ میں ہوتا ہے۔ ان کی وفات ۲۷۳ھ ۸۸۶ء میں ہوئی۔

ہلب: مہلب بن ابی صفرۃ الازدیؒ: انہوں نے بخاری کی شرح لکھی ہے اور ان کے شاگرد ابوعبداللہ محمد بن خلف بن مراد نے اس شرح کو مختصر کیا ہے (کشف الظنون ۱۔۲۸۰)

اضی عیاضؒ: ابوالفضل عیاض بن موسیٰ مغرب میں سبتہ کا قاضی رہنے کی وجہ سے انہیں بالعموم قاضی عیاض کہا جاتا ہے ان کی تیس کے قریب تصانیف ہیں ن میں مسلم شریف کی شرح اور تفسیر قرآن میں المشارق اور الشفا فی تعریف حقوق المصطفیٰ زیادہ مشہور ہیں۔ ۴۷۶ھ ۱۰۸۳ء میں پیدا ہوئے اور ۵۴۴ھ ۱۱۴۹ء میں وفات پائی۔

صیلی: حافظ علامہ ابومحمد عبداللہ بن ابراہیم بن محمد الاندلسیؒ: قاضی عیاض کہتے ہیں کہ یہ مالکی مذہب کے محافظوں میں سے تھے۔ حدیث' ارجال اور علل حدیث سے واقف تھے۔ ان کی کتاب الدلائل فی اختلاف العلماء مشہور ہے۔ ان کی وفات ۳۹۲ھ ۱۰۰۱ء میں ہوئی۔

کریمہ: ان کا حال معلوم نہ ہوسکا۔

لیثؒ: لیث بن سعد: انہیں فقیہ اہل مصر کہا جاتا ہے۔ مصر میں ۹۴ھ ۷۱۲ء میں ہوئے اور ۱۷۵ھ ۷۹۱ء میں وفات پائی۔

۱۸۸۔ ابوذرؓ: ابوذر غفاریؓ جلیل القدر صحابہ میں سے ہیں کہا جاتا ہے کہ یہ پانچویں اسلام لانے والے تھے۔ بعثت سے پہلے ہی اللہ کی عبادت کیا کر
حضرت عثمانؓ کے عہد میں ۳۲ھ ۶۵۳ء میں وفات پائی۔

۱۸۹۔ نسفیؒ: ابوالبرکات نسفیؒ مشہور فقیہ ہیں۔ ۷۱۰ھ ۱۳۱۰ء میں وفات پائی۔

۱۹۰۔ یونسؒ: یونس بن یزید ایلی انہوں نے قاسم، عکرمہ، زہری سے روایت کی اور ان سے عبداللہ بن مبارک اور ابن وہب نے روایت کی ہے۔ ثق
تابعی تھے۔ ۱۵۹ھ ۷۷۴ء میں وفات پائی۔

۱۹۱۔ معمر: ابوعروۃ معمر بن اشد الازدی عالم یمن تھے۔ زہری اور حمام نے ان سے روایت کی ہے اور ان سے ثوری اور ابن عیینہ نے روای
عبدالرزاق کہتے ہیں کہ میں نے ان سے دس ہزار حدیثیں سنیں۔ اٹھاون برس کی عمر میں ۱۵۳ھ ۷۷۰ء میں وفات پائی۔

۱۹۲۔ ابن عیینہ: سفیان بن عیینہ ان کا حال پہلے گزر چکا ہے۔ پیدائش ۱۰۷ھ ۷۲۵ء۔ وفات ۱۹۸ھ ۸۱۳ء

۱۹۳۔ ابن حسینؒ: ان کا حال معلوم نہ ہوسکا۔

۱۹۴۔ دارمی: ابومحمد عبداللہ نب عبدالرحمٰن دارمیؒ: حافظ حدیث سمرقدی ہیں۔ ۱۸۱ھ ۷۹۷ء میں ہوئے اور ۲۵۵ھ ۸۶۸ء میں وفات پائی۔

۱۹۵۔ ابوعوانہ: یعقوب بن اسحٰق ابوعوانہ اسفراتنی ان کی مسند ہے۔ حافظ حدیث اور ثقہ تھے۔ ان کی وفات ۳۱۲ھ میں ہوئی۔

۱۹۶۔ زہری: ابوبکر محمد بن مسلم بن شہاب الزہریؒ مشہور محدث گزرے ہیں۔ ۵۰ھ، ۶۷۰ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۶۵ھ ۷۴۲ء میں وفات پائی۔ تابعی ہیں۔

۱۹۷۔ قتیبہ بن سعیدؒ: قتیبہ بن سعید الثقفی۔ ابن عدی کہتے ہیں کہ ان کا اصل نام یحییٰ ہے اور قتیبہ لقب ہے۔ انہوں نے مالک اللیث وغیرہ سے روا
سے ترمذی وغیرہ نے کی۔ نسائی کہتے ہیں کہ یہ ثقہ اور سچے تھے ان کی وفات ۲۴۰ھ ۸۵۴ء میں ہوئی۔

۱۹۸۔ ابومحمد بن ابی زیدؒ: ان کا سال نہ معلوم ہوسکا۔

۱۹۹۔ ابومحمد الاصیلی: ان کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

۲۰۰۔ ابوبکر الاسماعیلی: محمد بن مہران ابوبکر نیشاپوری جو اسماعیلی کے نام سے مشہور ہیں۔ حاکم کہتے ہیں کہ یہ حدیث کے ایک رکن تھے۔ ان کی
۹۰۷ء میں ہوئی۔ انہیں آخری عمر میں لقوہ ہوگیا تھا۔ زہری کی احادیث کو انہوں نے نہایت عمدگی سے جمع کیا۔

۲۰۱۔ احمد بن نصر الداؤدی: ابن حجر نے چار شخصوں کا نام احمد بن نصر دیا ہے مگر ان میں سے کوئی بھی داؤدی نہیں ہے۔ میرے خیال میں احمد بن
احمد بن سعید داؤدی ہونا چاہیے جنہوں نے بخاری کی شرح کی تھی۔ ابن تین نے داؤدی کی شرح کے حوالے دیئے ہیں۔

۲۰۲۔ طحاویؒ: ابوجعفر احمد بن محمد بن سلسامہ ازدی طمادی۔ متاخرین کے امام گزرے ہیں۔ ۲۳۰ھ ۸۴۴ء میں پیدا ہوئے۔ پہلے امام شافعی
سے تعلیم حاصل کی جو ان کے ماموں تھے اس کے بعد قاضی احمد بن ابی عمران کے حلقہ درس میں شامل ہوئے اور ان سے علم فقہ حاصل کیا۔

۲۰۳۔ خطابیؒ: ابوسلیمان احمد بن محمد بن ابراہیم بن خطاب البستی الخطابی۔ متوفی ۳۰۸ھ ۹۲۰ء انہوں نے بخاری کی شرح لکھی ہے جس کا نام اعلا
اس سے پہل انہوں نے بلخ میں معالم السنن لکھی تھی۔ یہ فقہ اور حدیث میں یکتائے روزگار تھے۔

۲۰۴۔ محی الدین نووی: ابوزکریا محی الدین بن شرف النووی۔ اپنے زمانے کے امام تھے فاضل پرہیز گار فقیہ محدث اور ثقہ آدمی تھے۔ انہو
تصانیف کیں مثلاً ریاض، اذکار، شرح مسلم وغیرہ۔ ان کا نام نوی کی طرف منسوب ہے جو دمشق کی ایک بستی ہے۔ ۵۸۶ھ میں پیدا ہو
میں وفات پائی۔

۲۰۵۔ ابوبکر بن العربی: یہ مشہور صوفی محی الدین العربی نہیں بلکہ اشبیلیہ کے ایک مشہور عالم ہیں جو زیادہ تر قاضی ابوبکر ابن العربی کے نام سے مش
وفات ۵۴۶ھ ۱۱۵۱ء میں ہوئی۔

۲۰۶۔ یاد رہے کہ یہاں پر بحث خواب کی تعبیر پر ہو رہی ہے امر خلافت پر نہیں۔ حضرت کا یہ فرمانا کہ خواب دیکھنے والا چونکہ صحابی تھا اس لئے
والے ابوبکر، عمر اور عثمانؓ ہوتے تو وہ انہیں پہچان لیتا اور یوں کہتا کہ ابوبکر نے پھر عمر اور پھر عثمانؓ نے رسی کو پکڑا۔ مگر حضرت کا یہ قیاس د
خواب میں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ محض شبح (ش ب ح) ہی دکھائی دیتا ہے اور بیننده پہچان نہیں سکتا۔ چنانچہ اس نے صاف الفاظ میں کہا
ﷺ کو واضح طور پر خواب میں دیکھا۔ مزید برآں حضرت کا یہ فرمانا کہ ان امراء ثلثہ سے مراد اہل بیت میں سے تین شخص ہیں۔ ابھی قر

رمزہ یہ کہ حضرت نے ان کی تعیین نہیں کی کہ وہ امراء ثلثہ کون ہیں۔ امراء فاطمیہ کا دعویٰ تھا کہ وہ خاندان نبوت سے تعلق رکھتے ہیں لیکن وہ شیعہ تھے اور
نحضرت ﷺ کے فرمان کے مطابق ماانا علیہ واصحابی سے منحرف تھے۔ لہٰذا وہ طریق حق پر نہ ہوئے اور جب طریق حق پر نہ ہوئے تو بمقام نبوی پر قدم
ھنا ناممکن ہوا اور ان پر قرآن کی اس آیت انہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح کا اطلاق ہوتا ہے۔ حضرت کشف وفتح سے کلام فرمارہے تھے اور اُمت
دیہ کے اندر مختلف ادوار گزر چکے ہیں جن میں طرح طرح کے امراء بھی شامل ہیں کیا اتنے عرصہ کے اندر وہ امراء جو اس خواب میں دکھائے گئے تھے
ئے نہیں گئے؟ خواب اس قدر لمبے عرصہ کے متعلق نہیں آیا کرتی۔ بہرحال یہ خواب اب بھی غیر منحل ہی رہ گئی بلکہ حضرت کے ظاہری الفاظ نے
لسنت کے عقیدہ کے مطابق اس میں اور زیادہ الجھن پیدا کردی ہے۔ مترجم

بن عربی سے یہاں مراد حافظ ابوبکر بن العربی المالکی ہیں جنہوں نے ۵۴۳ھ میں وفات پائی۔ انہوں نے مؤطا امام مالک کی شرح لکھی ہے جس کا نام
س ہے۔

سالح معتزلی: ان کا حال معلوم نہ ہوسکا۔

قیلی: محمد بن عمرو بن موسیٰ عقیلی مصنف کتاب الضعفاء الکبیر جلیل القدر عالم ومحدث ہوئے ان کی بہت سی تصانیف ہیں۔ ان کی وفات ۳۲۳ھ ۹۳۳ء
ں ہوئی۔

محمد بن عجلانؒ: ابوعبداللہ محمد بن عجلان المدنی: ابن عینیہ نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے ان کی والدہ کی عادت تھی کہ انہیں چار سال تک حمل رہتا تھا۔ چنانچہ ان کا
حمل بھی چار سال تک رہا تھا۔ ان کی وفات ۱۰۸ھ ۷۲۶ء میں ہوئی۔

سالم: سالم بن عبداللہ بن عمر ابوعمر کنیت۔ مدینہ کے فقہاء میں سے تھے علماء تابعین میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کی وفات مدینہ میں ۱۰۶ھ ۷۲۴ء میں ہوئی۔

عبداللہ بن عمرؓ: حضرت عمرؓ کے بیٹے تھے۔ مشہور زاہد وعابد تھے۔ بچپن میں ہی اپنے باپ کے ساتھ ایمان لائے۔ سب سے پہلی جنگ جس میں انہوں نے
شرکت کی غزوہ خندق ہے۔ ان کی پیدائش وحی سے ایک سال پہلے ہوئی اور ۷۳ھ ۶۹۳ء میں وفات پائی۔

ذہبیؒ: شمس الدین ذہبی مولف عبر' دول الاسلام۔ ۷۴۹ھ ۱۳۴۸ء میں وفات پائی۔

عبداللہ الازدی خراسانی: غالباً یہاں مراد عبداللہ بن فروخ خراسانی سے ہے۔ یہ ۱۱۵ھ ۷۳۳ء میں پیدا ہوئے اور ۱۷۵ھ ۷۹۱ء میں وفات پائی۔ خطیب
نے ان کو منکر الحدیث کہا ہے۔ (تہذیب التہذیب ج ۵۔ ۳۵۶)

حکیم ترمذی: ابوعبداللہ محمد بن علی بن حسن بن بشیر موذن حکیم ترمذی۔ ۲۸۶ھ تک تھے۔ ان کی کتاب نوادر الاصول میں ۲۸۸ اصول پر بحث کی گئی۔

عبادہ بن صامت۔ ان کا ذکر پہلے آچکا ہے۔

عمر بن ابی عمر: ابومحمد عمر بن ابی عمر کلاغی الدمشقی۔ ابن حجر نے ابن عدی کے حوالے سے لکھا ہے کہ یہ منکر الحدیث ہیں۔ اگرچہ ثقہ لوگوں سے روایت کرتے
ہیں۔ بیہقی کہتے ہیں کہ یہ بقیہ کے مجہول استادوں میں سے ہے۔ (تہذیب التہذیب ۴۸۷)

ارادہ۔

لازم وملزوم ہونا۔

ہوسکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو پہلی بار خواب میں معراج کرنے کا مقصد یہ ہو کہ آپ کا دل ان احوال ومناظر کو برداشت کرنے کے قابل ہوجائے جو
بعد میں مشاہدہ کے طور پر بیداری میں دکھائے گئے۔

بزرگوں نے آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھنے کے متعلق بھی کتابیں لکھی ہیں۔ چنانچہ شیخ یوسف بن یعقوب خلوتی شیخ الحرم النبویؐ نے تَنْبِیْهُ الْغَبِی فِیْ رُؤْیَةِ النَّبِیِّ اور شیخ جمال الدین بن علی بسطامی نے غَایَةُ الْاِعْلَام فِیْ رُؤْیَ النَّبِی عَلَیْهِ السَّلَام لکھی۔ (کشف الظنون ۲۔ ۴۸) اور شیخ
شمس الدین ابوعبداللہ محمد الاطعانی الحلبی نے تحفته الطلاب (الطالب) المستهام فی رویته النبی علیه السلام لکھی۔ (کشف الظنون ۱۔ ۲۰۲)

۱۔ حدیث معلول: یا معطل وہ حدیث ہوتی ہے جس کے اسناد میں ایسے دقیق علل واسباب پائے جائیں جو حدیث کی صحت کے منافی ہوں اور انہیں سوائے
ماہرین حدیث کے دوسرا شخص نہ سمجھ سکے۔ مثلاً موصول حدیث میں ارسال کرنا یا مرفوع حدیث میں وقف لانا۔ (مقدمہ اصطلاحات حدیث مشکوٰۃ)

۲۱۔ مطلب بن عبداللہ بن حنطب المخزومی المدنی: ابوزرعہ اور دارقطنی نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے مگر ابن سعد کہتے ہیں کہ ان کی حدیث سے استدلال نہیں کیا جاسکتا۔

۲۲۴۔ انس بن مالک: یہ رسول اللہ ﷺ کے خادم تھے انہوں نے دس سال آپ کی خدمت کی۔ ۹۳ھ ۷۱۱ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۲۲۵۔ ابو محمد عبدالحق اشبیلی: ابو محمد عبدالحق بن عبدالرحمٰن الازدی الاشبیلی۔ ان کی وفات ۵۸۲ھ ۱۱۸۶ء میں ہوئی۔ ان کی کتاب احکام الکبریٰ فی ا جلدوں میں ضخیم کتاب ہے۔ یہ کتب احادیث کا انتخاب ہے۔

۲۲۶۔ شیخ عبدالرؤف المناوی: شمس الدین محمد عبدالرؤف المناوی الشافعی متوفی ۱۰۳۰ھ ۱۲۲۰ء تقریباً انہوں نے سیوطی کی جامع الصغیر کی پہلے مختصر ایک ضخیم شرح کی جس کا نام فیض القدیر رکھا۔ ان کی متعدد تصانیف کا حاجی خلیفہ نے تذکرہ کیا ہے۔ ایک کتاب الکواکب الدریۃ فی مناقب لکھی ہے۔ (کشف الظنون ۲۔۱۹۴)

۲۲۷۔ ہوسکتا ہے کہ حدیث کا مطلب وہی ہو جو حضرت عبدالعزیز دباغؒ نے فرمایا مگر جو بات کہ ظاہر حدیث سے متبادر ہوتی ہے وہ یہی ہے کہ قر آیت کا بھی بھول جانا بہت بڑا گناہ ہے۔ ذرا سوچیں کہ اسلام کا ابتدائی زمانہ ہو جبکہ ایک ایک آیت کی حفاظت نہایت اہمیت رکھتی ہو' کیونک کا کھو جانا گویا تمام قرآن کا کھو جانا سمجھا جاتا ہو اس وقت قرآن کی ایک آیت کا بھی بھولنا واقعی بہت بڑا جرم کیوں نہ ہوتا' آنحضرت ﷺ حفاظت میں شدت سے اہتمام کرتے اور اگرچہ آپؐ کے سینے میں وحی محفوظ ہوتی تھی مگر پھر بھی وحی کو ضبط تحریر کر لیتے تاکہ قرآن میں کسی قسم نہ ہو۔ ابتداء میں حفاظ قرآن کی تعداد بہت کم تھی۔ کسی کو ایک سورت یاد تھی کسی کو دو اور کسی کو صرف چند آیتیں۔ لہٰذا اس زمانہ میں جب حفاظ دارومدار صرف حافظہ پر تھا آیت کا بھول جانا یقیناً بہت بڑا گناہ ہوگا۔ آنحضرت ﷺ نے حفاظت قرآن کو مدنظر رکھتے ہوئے کتابت حد فرمادی تھی۔ حالانکہ حدیث نبوی بھی وحی میں شامل ہے مگر اس کا درجہ قرآن کے بعد آتا ہے۔

بندہ حقیر کی یہ رائے ہے کہ حادیث نبویہ پر غور کیا جائے تو ہم دیکھیں گے کہ ان میں ظاہری اور تاویلی دونوں قسم کے معنی مراد ہوتے ہیں اور او یہی ہوتا ہے کہ ظاہری الفاظ اور باطنی معنی دونوں پر عمل کیا جائے مثال کے طور پر فضل الازار فی النار کی حدیث میں ظاہری معنوں کی اتباع ہے یعنی یہ کہ شلوار وغیرہ ٹخنوں سے نیچے نہ ہو اور باطنی معنی بھی یعنی تکبر وغیرہ سے اجتناب ہو۔ میں نے یہاں صرف اشارے ہی سے کام لکھتے ہیں کہ ترمذی نے اس حدیث کے متعلق محمد بن اسماعیل سے بات کی تو انہیں اس حدیث کا پتہ نہ تھا اور فرمایا کہ مطلب نے انسؓ بن حدیث نہیں سنی۔ پھر ان سے روایت کیسی؟ (تذکرۃ الحفاظ ۲۔۹۸)

۲۲۸۔ آنحضرت ﷺ کے زمانے کے منافقین میں دونوں باتیں پائی جاتی تھیں۔ نہ تو وہ آیت کو آنحضرت ﷺ سے سیکھنے کے بعد یاد رکھتے اور نہ تلا کرتے۔ اس لئے حدیث کے ظاہری الفاظ سے گریز نہیں ہوسکتا۔

۲۲۹۔ ابن العربی: ان کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو دیباچہ کتاب ہذا۔

۲۳۰۔ فخر الدین: یہاں مراد فخر الدین رازی سے ہے جن کی وفات ۶۰۶ھ ۱۲۰۹ء میں ہوئی۔ مشہور مفسر اور فلسفی گزرے ہیں۔ یہ طویل رسالہ جو محی العربی نے فخر الدین رازی کو لکھا تھا اس کا ذکر امام عبدالوہاب شعرانی نے لواقح الانوار جلد ۱ پر کیا ہے۔ کشف الظنون میں بھی اس کا ذکر ہے۔

۲۳۱۔ یوں تو اللہ تعالیٰ کی شان الوہیت ہر لحظہ بدلتی رہتی ہے کبھی قہاری شان ہے اور کبھی رحمانی' جیسا کہ فرمایا **کل یوم ھو فی شان** مگر قیامت شان الوہیت نمایاں طور پر ظاہر ہوگی۔ چنانچہ اس دن مختلف احوال واطوار ہوں گے قہاری و جباری کی شان کا جب مظاہرہ ہوگا تو لوگ تھرا اٹھیں ابرار پر اس سے کوئی خوف و ہراس طاری نہ ہوگا۔ وہ صرف اپنے رب سے جسے وہ غفور ورحیم کے طور پر جانتے رہے ہیں پناہ کے طالب ہوں انہیں اس ہول سے نجات دلائے جیسا کہ دعا میں آیا ہے کہ **لا ملجأ ولا منجامنک الا الیک** (خدایا تیرے سوا نہ تو کوئی جائے پناہ ہے اور بھاگ کر جاسکتے ہیں) اس کے بعد شان رحیمی کا اظہار ہوگا جو مومنین کے لئے مخصوص ہوگی اور وہ اس سے مطمئن ہو جائیں گے۔

۲۳۲۔ امام شعرانی: عبدالوہاب شعرانی سولہویں صدی عیسوی کے شروع میں پیدا ہوئے اور ۹۷۳ھ ۱۵۶۵ء میں وفات پائی۔ اپنے زمانہ کے بہت مشہور صوفی گزرے ہیں۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں جن میں سے لطائف المنن' لواقع الانوار فی طبقات الاخیار اور رسالتہ الانوار القدسیہ آداب العبودیۃ زیادہ مشہور ہیں۔

۲۳۳۔ ابن فورک: امام ابوبکر محمد بن حسن نیشاپوری شافعی متوفی۔ ۴۰۶ھ ان کا ذکر پہلے بھی آچکا ہے۔

۲۳۴۔ مشکوٰۃ باب الایمان بالقدر ۲۰۔۲۱ میں یہ حدیث یوں دی ہے۔ **عن عبداللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم**

بنی ادم هلها بین اصبعین من اصابع الرحمن کقلب واحد یصرنه کیف یشاء (رواہ مسلم)
یہ تو حضرت شیخ عبدالعزیز دباغؒ کا بیان ہے مگر علماء کے نزدیک اصبع (انگلی) سے مراد قبضہ قدرت ہے چنانچہ عربی زبان میں ید کا لفظ بھی جس کے لفظی معنی ہاتھ کے ہیں' قبضہ اور قدرت کے معنوں میں آتا ہے اور قرآن مجید میں کئی ایک مقام پر ید کا لفظ انہی معنوں میں استعمال ہوا ہے چنانچہ اس حدیث کا مفہوم یوں ہوا کہ انسانوں کے دل خدا کے قبضہ قدرت میں ہیں جدھر چاہتا ہے پھیر دیتا ہے اسی لئے دعاؤں میں یوں پڑھا جاتا ہے۔ یا مقلب القلوب الخ' اللهم قلب قلبی الیک وغیرہ۔ مزیں برآں قرآن مجید کی یہ آیت یهدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم بھی اسی معنی کی تائید کرتی ہے۔ اسی طرح تمام وہ آیات جن میں ہدایت وگمراہی کو خدا کی طرف سے بتلایا گیا ہے تمام اسی پر دال ہیں کہ قلوب بنی آدم اللہ کے قبضہ میں ہیں۔ انہیں جدھر چاہے پھیر دے۔

۔ امام جلال الدین سیوطیؒ اپنی کتاب البدور السافرہ فی امور الآخرہ طبع لاہور ۲۱۳ پر فرماتے ہیں کہ موت تو ایک معنوی چیز اور عرض ہے اور عرض کا کوئی جسم نہیں لہٰذا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ اسے مینڈھے کی شکل میں لاکر ذبح کر دیا جائے۔ حکیم ترمذیؒ نے نقل کیا ہے کہ اس حدیث کے متعلق سلف صالحین کا یہی طریقہ ہے کہ اس حدیث کے متعلق بحث نہ کریں۔ اس پر جوں کا توں ایمان رکھیں اور اس کی حقیقت کو اللہ کے سپرد کر دیں مگر ایک گروہ کا کہنا ہے کہ موت تو ایک جسم ہے عرض نہیں ہے اور موت کو مینڈھے کی صورت میں پیدا کیا گیا ہے جیسا کہ حیات کو گھوڑے کی شکل میں پیدا کیا گیا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں الذی خلق الموت والحیاۃ خدا تو وہ ہے جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا) سیوطی فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک یہی جواب درست ہے۔

۔ جمادات نباتات وغیرہ کی تسبیح کے پوشیدہ رکھنے کا راز یہی ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم سے اللہ کے نام کی بے حرمتی ہو جائے۔ پانی جب تک پاکیزہ ہے خواہ جاری ہو یا ساکن تسبیح پڑھتا رہتا ہے اور جونہی کہ ناپاک ہوا تسبیح منقطع ہوگئی۔ اسی لئے حضرت قضاء حاجت کئے بغیر واپس آجاتے کہ جو پانی طہارت کے لئے لے جاتے اس سے تسبیح کی آواز سنتے اور اسے پلید کر کے اس کی تسبیح کو منقطع نہ کرنا چاہتے تھے۔ یہی حال درخت کا ہے کہ پتے جب تک سرسبز ہیں تسبیح پڑھتے ہیں خشک ہوئے تو تسبیح بند ہوگئی۔

۔ بزارؒ: بزار نام کے دو محدث گزرے ہیں۔ دونوں حافظ حدیث تھے اور دونوں نے حدیث کی کتاب لکھی ایک ابوالفضل احمد بن سلمہ نیشاپوری ہیں جو امام مسلم کے ہمسفر رہے تھے ان کی وفات ۲۵۶ھ ۸۹۹ء میں ہوئی انہوں نے صحیح مسلم کی طرز میں حدیث کی کتاب لکھی۔ (تذکرۃ الحفاظ ج ۱۹۰)
دوسرے بزار احمد بن عمرو بن عبدالخالق بصری ہیں۔ انہوں نے مسند معطل تالیف کی۔ ان کی وفات ۲۹۲ھ ۹۰۴ء میں ہوئی۔

۔ درمنثور: جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ ۱۵۰۵ء کی مشہور تفسیر کی کتاب ہے۔ پورا نام الدر المنثور فی التفسیر بالماثور ہے۔

۔ لی مع الله وقت لا یسعه ملک مقرب ولا نبی مرسل

۔ اگرچہ تمام الہامی کتابیں کلام الٰہی ہیں مگر ان الہامی کتابوں کو بطور معجزہ کے نازل نہیں کیا گیا' برخلاف قرآن مجید کے کہ یہ کلام الٰہی ہونے کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور معجزہ کے نازل ہوا ہے اسی لئے یہ معجزہ دیگر انبیاء کے معجزات سے بلند ٹھہرا۔ مثلاً موسیٰ علیہ السلام کا عصا کا معجزہ کہ یہ ان کی ذات میں سے تھا اسی طرح آنحضرت ﷺ کے دیگر معجزات آپ کی ذات میں سے تھے اور وہ بطور دلیل نبوت کے عطا نہیں کئے گئے اور قرآن مجید بطور نبوت کی دلیل کے نازل ہوا تھا۔

۲۰۔ اللہ تعالیٰ حقیقی مالک الملک ہیں اور اپنے خاص بندوں میں سے جسے چاہیں اس کے مرتبہ اور قرب کے مطابق تصرف اور حکم کرنے کی اجازت دے دیتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ کا سا قرب اور مرتبہ کسی کا نہ تھا۔ لہٰذا کائنات میں آپ کا سا تصرف کسی اور کا نہیں ہوسکتا۔ ہوا' پانی' آگ' شجر' حجر زندہ مردہ غرض ہر چیز پر تصرف تھا۔ باایں ہمہ آپؐ اس تصرف کا استعمال اذن خداوندی کے بغیر نہ کرتے تھے۔

۲۲۔ حدیث: کنت نبینا و ادم بین الماء والطین اور وکت نبیا و ادم بین الروح والجسد اور وکنت نبیا و ادم مبحدل فی الطین اور اول ما خلق الله روحی وغیرہ۔

۲۴۔ یعنی کفار کی ایذاء رسانی اور استہزا کو ان کی جانب سے خیال نہ فرماتے کیونکہ وہ تو خالی جسم ہیں۔ جنہیں اپنے نفع ونقصان کا علم نہیں ہے اور نہ پتہ ہے کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ ان کے جواب میں یہی فرماتے "خدایا میری قوم کو ہدایت دے کیونکہ انہیں معلوم نہیں کہ میں کون ہوں اور کیا ہوں۔"

۲۴۵۔ احادیث میں موسیٰ علیہ السلام کا نام ہے۔ کسی صحیح حدیث میں عیسیٰ علیہ السلام کا نام نہیں دیا گیا خود مولف نے آگے چل کر ابن حجر کی کتاب فتح الباری ک
کتاب التوحید کا حوالہ دیا ہے اس بندہ عاجز نے اس مقام و بغور دیکھا ہے مگر عیسیٰ علیہ السلام کا نام کہیں نہیں پایا۔ مولف کو دھوکہ ہوا ہے۔ ملاحظہ ہو
الباری ج ۱۳ ص ۴۵۰ ھ اگر کسی ضعیف روایت میں عیسیٰ علیہ السلام کا نام آ بھی گیا ہو تو وہاں ان کی وفات کا ذکر ''تغلیب'' کے ہوگا جیسے کہتے ہیں متلا
اسیفار رمحا یا جیسے سورج اور چاند کو ''القمران'' کہہ دیتے ہیں اور ابو بکر و عمر کو ''العمران'' کہا جاتا ہے ورنہ حضرت عیسیٰ کی حیات کے متعلق صریح احادیث
موجود ہیں۔

۲۴۶۔ عراقیؒ: حافظ زین الدین عبدالرحیم بن حسین عراقی۔ ان کی وفات ۸۰۵ھ ۱۴۰۲ء میں ہوئی۔ انہوں نے اصول حدیث میں الفیہ لکھا۔

۲۴۷۔ جیسا کہ کہتے ہیں کہ حسنات الابرار سینات المقربین اسی طرح اس تیسرے مشاہدہ کی طرف آنا آنحضرت ۔کو گناہ معلوم ہوتا تھا ایک بزرگ
متعلق مشہور ہے کہ نماز سے فارغ ہو کر کہنے لگے کہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ نماز پڑھ کے نہیں آیا بلکہ زنا کر کے آیا ہوں کیونکہ اللہ والوں کے ہاں تو
فحوای الصلوٰۃ معراج المومنین صحیح معنوں میں معراج ہوتی ہے اور جب یہ کیفیت نہ پائی گئی ہو تو ان کے نزدیک نماز نہ ہوئی بلکہ گناہ ہوا۔

۲۴۸۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ کا فرمان ہے تنام عیناى ولا ينام قلبى (الحديث)

۲۴۹۔ شہاب الدین خفاجیؒ: (نسیم الریاض شرح شفاء عیاض جلد تین صفحہ ۲۵۲) نے اس حدیث کے متعلق سنوسی کی یہ تشریح بیان کی ہے کہ آنحضرت ﷺ
انہیں توکل خدا پر اعتماد کرتے ہوئے ایک خارق عبادت بات کرنے کو کہہ رہے تھے مگر صحابہ نے نہ مانا اور صبر نہ کیا اگر صبر کر لیتے تو ان کے لئے بہتر
کہ چند سال تک صبر کر کے آپؐ کے فرمان پر عمل کریں اور ایسا کرتے رہتے تو کھجور کو پیوند لگانے کی مصیبت سے چھٹکارا مل جاتا کیونکہ وہ ہر بات
کی طرف سے سمجھتے تھے۔ پھر کسی کا قول نقل کرتے ہوئے کہا ہے کہ غور کرنے والے کے لئے سنوسی کی بیان کردہ تشریح بہت ہی نفیس ہے۔

۲۵۰۔ جمال الدین ابن الحاجب: جمال الدین ابوعمرو عثمان بن عمر المعروف بابن الحاجب ان کی وفات ۶۴۶ھ ۱۱۵۱ء میں ہوئی۔ مصنف کشف الظنون نے
کی تاریخ وفات ۶۴۶ھ لکھی ہے۔ ان کی کتاب منتہی السوال والامل فی علمی الاسول والجدل ہے۔ جو مختصر ابن حاجب کے نام سے مشہور ہے۔

۲۵۱۔ سیف الدین آمدیؒ: ابوالحسن سیف الدین علی بن ابوبکر علی بن محمد ثعلبی حنبلی ثم الشافعی معروف بسیف الدین آمدی متوفی ۶۳۱ھ ۱۲۳۳ء۔ ان کی کتا
نام منتہیٰ السئول فی الاصول ہے۔ (کشف الظنون ج ۲۔ ۳۴۷) ان کی ایک اور کتاب ابکار الافکار علم کلام میں ہے غایۃ المرام فی علم الکلام بھی ا
تالیف ہے۔ (کشف ۲۔ ۵)

۲۵۲۔ صفی الدین محمد بن عبدالرحیم ہندی الارموی متوفی ۷۱۵ھ انہوں نے الرسالۃ السفیہ اصول فقہ میں (کشف الظنون ۱۔ ۴۲۴) اور الفائق فی اصول ا
لکھی ہے (کشف الظنون ۲۔ ۶۱) اور تیسری نھایۃ الوصول فی علم الاصول ہے۔ (کشف الظنون ۲۔ ۴۰۸)

۲۵۳۔ عثمان بن ابی العاص ثقفیؓ: صحابی ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے انہیں طائف کا گورنر مقرر کیا اور یہ وہاں ابوبکرؓ اور عمرؓ کے عہد خلافت میں بھی گورنر رہے ا
وفات ۵۱ھ ۶۷۱ء میں ہوئی۔

۲۵۴۔ فاطمہ بنت عبداللہ ثقفیہ: یہ آنحضرت ﷺ کی ولادت کے موقع پر موجود تھیں (استیعاب)

۲۵۵۔ بیہقی: ابوبکر احمد بن الحسین البیہقی اپنے زمانے میں حدیث میں یکتا تھے یہ حاکم ابوعبداللہ کے شاگرد تھے۔ ۳۸۴ھ ۹۹۴ء میں پیدا ہوئے اور ۴۵۸
چھہتر سال کی عمر میں وفات پائی۔

۲۵۶۔ ابن السکن: ابوعلی سعید بن عثمان البغدادی محدث ہیں ان کی صحیح بھی قابل قدر سمجھی گئی ہے۔ اس کا نام صحیح المعلی ہے۔ ان کی وفات ۳۵۳ھ ۹۶۴ء میں ہو

۲۵۷۔ عبداللہ بن الامام احمدؒ: ان کی پیدائش ۲۱۳ھ ۸۲۸ء میں ہوئی۔ انہیں زاہد کے لقب سے پکارا جاتا تھا اور اپنے باپ احمد بن حنبل رحمتہ اللہ سے حدیث
ان کی وفات ۲۹۰ھ ۹۰۲ء میں ہوئی۔

۲۵۸۔ ابوداؤد طیالسیؒ: سلیمان بن داؤد طیالسی۔ یہ دراصل فارسی نسل کے تھے۔ بہت تیز حافظے والے تھے کہا جاتا ہے کہ ان کی مسند پہلی مسند ہے جو لکھی گئ
ان کی وفات ۲۰۴ھ ۸۱۹ء میں ہوئی۔

۲۵۹۔ ابونعیم: احمد بن عبداللہ الاصفہانی۔ یہ حلیۃ الاولیاء کے مصنف ہیں۔ حدیث کے استادوں میں سے تھے۔ ۳۳۴ھ ۹۴۵ء میں پیدا ہوئے اور
۱۰۳۸ء میں وفات پائی' چھیانوے سال کی عمر پائی۔

شریک بن عبداللہ بن ابی نمرؒ: انہوں نے انس، سعید بن المسیب، عبدالرحمٰن وغیرہم سے روایت کی۔ ابن معین اور نسائی کہتے ہیں کہ ان کی حدیث میں کوئی قباحت نہیں، ابن اسعد کہتے ہیں ثقہ اور کثیر الحدیث ہیں، ابن عدی کہتے ہیں جب ان سے ثقہ روایت کریں تو ان کی روایت میں کوئی حرج نہیں ابن حبان نے بھی انہیں ثقات میں شمار کیا ہے مگر بعض اوقات غلطی کھا جاتے ہیں۔ نسائی کا دوسرا قول ہے کہ یہ قوی نہیں ہیں اور یحییٰ بن سعید ان کی حدیث کی روایت نہیں کرتے (تہذیب، التہذیب ج ۴، ۳۳۷۔۳۳۸)

ابوذرؓ: ابوذر غفاری، ان کے نام میں بہت اختلاف ہے۔ اکثر کا خیال ہے کہ ان کا نام جندب بن جنادہ ہے۔ یہ قدیم اسلام لانے والوں میں سے تھے اور پانچویں ایمان لانے والے ہیں ان کے ایمان لانے کا واقعہ یہ ہے کہ جب آنحضرت ﷺ مبعوث ہوئے تو انہوں نے اپنے بھائی کو مکہ روانہ کیا تاکہ جا کر خبر لادے وہ مکہ آیا اور واپس جا کر بتایا کہ وہ شخص مکارم اخلاق کی تعلیم دیتا ہے اور جو کلام وہ پڑھتا ہے وہ نہ شعر ہے اور نہ کاہنوں کی زبان۔ ابوذرؓ کو اس کے بیان سے تشفی نہ ہوئی۔ اس لئے خود روانہ ہو گئے مکہ پہنچے مگر کسی کو اپنے دل کی بات نہ بتائی۔ خود تلاش کرتے رہے اور کسی سے آنحضرت ﷺ کے متعلق پوچھا بھی نہیں۔ چنانچہ رات ہوگئی اور یہ خانہ کعبہ میں پڑے رہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ کا ادھر آنا ہوا وہ انہیں اپنے گھر لے گئے مگر کسی قسم کی بات نہ کی۔ اسی طرح تین دن اور تین راتیں گزریں۔ حضرت علیؓ اور ان کا یہی معاملہ ہوتا رہا۔ بالآخر حضرت علیؓ نے پوچھا کہ تو کون ہے اور کیوں مکہ آیا ہے اس پر ابوذر نے حال بتایا اور صبح جا کر آنحضرت کی خدمت میں ایمان لے آئے۔ آنحضرت ﷺ نے انہیں خاموشی سے وطن چلے جانے کو کہا مگر انہوں نے کعبہ کے اندر اپنے ایمان کا اعلان کیا۔ کفار نے انہیں خوب مارا۔ حضرت عباسؓ نے انہیں یہ کہہ کر چھڑا لیا کہ یہ بنی غفار میں سے ہے اگر تم نے اسے مار ڈالا تو اس کی قوم تمہارا شام کی تجارت کا راستہ بند کر دے گی۔ کافروں نے انہیں مارنا بند کر دیا۔ پھر دو دن اور اسی طرح کیا اور کافروں نے مارا اس کے بعد یہ وطن چلے گئے اور ہجرت کے بعد میں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کی وفات ۲۱ھ ۶۵۱ء میں ہوئی۔

جابرؓ: جابر بن عبداللہ بہت پایہ کے صحابی تھے انہوں نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ نو غزوں میں شرکت کی جنگ بدر اور احد میں انہوں نے شرکت نہیں کی۔ آنحضرت ﷺ نے ان کے لئے لیلۃ البعیر میں پچیس مرتبہ دعائے مغرفت کی ان کی وفات ۷۸ھ ۶۹۷ء میں ہوئی۔

عکراشؓ بن ذویب بن حرقوص: ابن عبدالبر نے استیعاب میں لکھا ہے کہ انہوں نے صرف ایک حدیث روایت کی ہے مگر ابن حجر تہذیب التہذیب میں لکھتے ہیں کہ انہوں نے دو حدیثیں روایت کی ہیں۔ یہ صحابی تھے جنگ جمل میں حضرت عائشہؓ کے ساتھ تھے۔ سو سال عمر پائی۔

معمر مغربی: ان کا حال معلوم نہ ہو سکا۔

رتین: اصل کتاب میں اس طرح دیا گیا ہے۔ مولوی عاشق صاحب نے اپنے ترجمہ میں تین لکھا ہے اور یہ سب غلط ہے۔ اصل نام رتن ہے اور یہ شخص بابا رتن ہندی کے نام سے مشہور ہے۔ یہ شخص بٹھنڈہ کا رہنے والا تھا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس نے تقریباً آٹھ سو سال عمر پائی اور صحابی تھا لیکن ابن حجر نے اس کا رد کیا ہے۔

شمس الدین سخاوی: شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی متوفی ۹۰۲ھ ۱۴۹۶ء کاتب حلبی مصنف کشف لکھتے ہیں کہ الفیہ کی شرحوں میں یہ بہترین شرح ہے۔

شہاب الدین خفاجی: احمد شہاب الدین خفاجی شارح شفا عیاض۔ انہوں نے یہ شرح ۱۰۵۸ھ ۱۶۴۸ء میں ختم کی۔ انہوں نے بہت سی تصانیف کی ہیں مکمل فہرست نہ ہونے کی وجہ سے مجھے جرابہ کا قصہ خفاجی میں نہ مل سکا۔ البتہ مصامدہ کا قصہ ج ایک ۵۲۲ پر دیا ہے کہ یہ لوگ آئے۔ جب مسجد نبوی میں داخل ہوئے اور آنحضرت ﷺ کو پہچانتے نہ تھے تو اپنی زبان میں کہا من ابوان اسیران یعنی تم میں کون رسول اللہ ہیں۔ مگر کوئی صحابی اس کا مطلب نہ سمجھ سکا۔ آنحضرت ﷺ نے ان ہی کی زبان میں جواب دیا اشکدادر یعنی ادھر آئے۔ اس کے بعد وہ آنحضرت ﷺ سے اپنی زبان میں دیر تک باتیں کرتے رہے اور ایمان لا کر واپس چلے گئے۔

دوسرا باب

قرآنی آیات اور قرآنی آیات میں سریانی الفاظ کی تشریح

پھر سورتوں کے ابتدائی حروف مثلاً ص . ق . یسٓ . طٰہٰ . کٓھٰیٰعٓصٓ . آلم . الرٰ کی تفسیر اور ان کے علاوہ دیگر اسرار الٰہیہ کا
جن کا علم آپ کو اس باب میں ہو جائے گا۔

۱ . فَلَمَّا اٰتَا هُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتَاهُمَا فَتَعَالَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ

(سورہ اعراف آیت ۱۹۰)

اللہ تعالیٰ نے آدم اور حوا کے قصہ میں فرمایا ہے فَلَمَّا اٰتَا هُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتَاهُمَا فَتَعَالَى اللّٰهُ
يُشْرِكُوْنَ ۔ (جب اللہ نے انہیں صالح لڑکا عطا فرمایا تو انہوں نے اللہ کے دیئے ہوئے میں اس کے شریک بنا لئے۔ اللہ کی ذات ان
تجویز کردہ شرک سے بلند ہے)

میں نے عرض کیا کہ حضرت آدم علیہ السلام اللہ کے نبی اور پیارے ہیں۔ وہ اللہ کے لئے کیسے شریک تجویز کر سکتے ہیں؟

حضرت نے فرمایا یہاں تو بیٹوں اور اولاد کے لئے باپ کو عتاب ہوا ہے (یعنی کیا ان انسانوں نے جو حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں
عتاب ہے حضرت آدم کو) مثال کے طور پر ایک شخص کا باغ ہے جس میں مختلف قسم کے پھل اور میوے ہیں۔ زید کی اولاد آ کر پھل تو
ہے اور باغ کو ویران کر دیتی ہے اس پر باغ کا مالک زید کے پاس آ کر اس سے جھگڑتا ہے اور اسے عتاب کرتا ہے کہ تو نے میرا باغ و
کر دیا اور میرا پھل کھا لیا اور تو نے ایسا ایسا کیا۔ اسی طرز پر حضرت آدم کے قصہ میں حضرت آدمؑ کو عتاب ہوا ہے میں نے یہ جواب ا
زمانے میں حضرت سے سُنا تھا۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس جو حبرِ اُمت کہلاتے ہیں اُن کا یہی قول ہے۔ حافظ سیوطی نے اس قول کو اپنی ک
الدر المنثور فی تفسیر القرآن بالماثور میں نقل کیا ہے اور سید جرجانیؒ نے شرح مواقف میں اسے ہی اختیار کیا ہے۔ خدا اس سید جلیل
راضی ہو۔ اسے اللہ اور اس کے انبیاء کے متعلق کس قدر علم حاصل ہے۔ اس تشریح کا استدلال یہ ہے کہ اس آیت کے خاتمہ کا سیاق
کفار کے متعلق درست بیٹھ سکتا ہے کیونکہ جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ میں شُرَكَآءَ جمع کا صیغہ ہے جو صرف کفار کے متعلق درست ہو سکتا ہے۔

۲۔ اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ (سورہ بقرہ آیت

میں نے حضرت سے ملائکہ کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے متعلق دریافت کیا کہ اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ

سُفِکُ الدِّمَآءَ ج وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ اورعرض کیا کہ اس میں تو ایک قسم کی غیبت پائی جاتی ہے (جو گناہ کبیرہ ہے) اور ملائکہ معصوم ہیں۔

حضرت نے فرمایا اس میں کوئی غیبت نہیں پائی جاتی اور نہ اُن سے سرزد ہوسکتی ہے کیونکہ وہ تو اللہ کے مکرّم بندے ہیں۔ ان کے کلام کا اصل مفہوم صرف اتنا ہے کہ اے خدا کیا تو اُن انسانوں کو اس دنیا میں خلیفہ بنانا چاہتا ہے جو تجھ سے حجاب میں ہیں حالانکہ تیرے یہ تو وہ فرشتے موجود ہیں جو تجھ سے محجوب نہیں ہیں اور ان میں خلیفہ بننے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے یعنی ہمیں خلیفہ بنانا چاہیے کیونکہ ہم تیرا مشاہدہ کرتے ہیں تیری قدر پہچانتے ہیں۔ لہٰذا تیری حکم عدولی نہیں کرتے اور محجوب تیری قدر نہیں جانتا اس لئے نافرمانی کرتا ہے بالفاظ دیگر انہوں نے یوں کہا کہ خدایا کیا تو ایسے انسانوں کو خلیفہ بنانا چاہتا ہے جو تجھے نہیں پہچانتے اور ہم تجھے پہچانتے ہیں اور یہ اُن کی طرف سے اپنے مبلغِ علم اور عندیہ کے مطابق اطلاع دہانی تھی۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا اِنِّیۡۤ اَعۡلَمُ مَالَا تَعۡلَمُوۡنَ (میں وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے) یعنی تمہارا یہ خیال کہ محجوب میری قدر پہچان نہیں سکتا اور یہ کہ میری قدر صرف وہی پہچان سکتا ہے جو میرا مشاہدہ کر رہا ہو۔ یہ صرف تمہارے مبلغِ علم کے مطابق ہے مگر میرا علم اس سے کہیں بالا و بلند ہے کیونکہ میں محجوب کو طاقتور بنا دوں گا اور اپنے اور اس کے درمیان سے حجاب دور کر دوں گا۔ یہاں تک کہ اسے میری معرفت حاصل ہو جائے اور اسے میرے متعلق اس قدر علم حاصل ہو جائے جس کی تم میں قدرت نہیں ہے۔ اسی واسطے فرمایا وَعَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ کُلَّهَا (آدم علیہ السلام کو تمام اسماء کا علم دیا)

اس پر میں نے سوال کیا کہ کیا اس آیت میں تمام ملائکہ کو خطاب کیا گیا ہے یا صرف ملائکہ ارضی کو؟ حضرت نے فرمایا کہ اس آیت میں صرف ملائکہ ارضی کو خطاب ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ مفسرین کی ایک جماعت کا جن میں حبر الامت حضرت عبداللہ بن عباسؓ شامل ہیں یہی قول ہے چنانچہ ملاحظہ ہو تفسیر ثعلبی[۲] وغیرہ۔

اس کے بعد حضرت نے فرشتوں اور ابلیس اور اس قصے کے متعلق تقریر جاری رکھی اور ایسی ایسی باتیں بیان کیں جن کے سمجھنے سے عقول قاصر ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

میں نے حضرت کو یہ بھی کہتے ہوئے سنا کہ فرشتوں نے بنی آدم کے محجوب اور اس کے خودرائے ہونے کو ''خلیفہ'' کے لفظ سے سمجھا اسی لئے تو یہاں تک کہہ دیا کہ اَتَجۡعَلُ فِیۡهَا مَنۡ یُّفۡسِدُ فِیۡهَا کیونکہ خلیفہ کی شان یہی ہے کہ وہ خودرائے ہو اور غیر سے منقطع ہو۔ لہٰذا وہ تدبیر، انجام کا علم اور مصلحتوں میں غور و فکر کو اپنی ذات کی طرف منسوب کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے آپ کو منقطع کر لیتا ہے اسی میں اس کی ہلاکت اور موت ہوتی ہے۔ لہٰذا خلیفہ کے لفظ سے ہی انہوں نے یہ سمجھ لیا کہ انسان اللہ سے محجوب ہیں واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۔ اِتَّبِعُوۡۤا اَحۡسَنَ مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکُمۡ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ (سورہ زمر آیت ۵۵)

میں نے حضرت سے آیت اِتَّبِعُوۡۤا اَحۡسَنَ مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکُمۡ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ کے متعلق دریافت کرتے ہوئے عرض کیا کہ اس آیت سے تو یہ مفہوم نکلتا ہے کہ قرآن کا کچھ حصہ احسن نہیں ہے حالانکہ قرآن مجید تمام کا تمام احسن ہے۔ میں نے حضرت سے اس بارے میں علماء نے جو جوابات دیئے ہیں وہ بھی ذکر کر دیئے مثلاً (۱) یہ کہ مظلوم کے لئے اس آیت کے مطابق کہ فَاعۡتَدُوۡا بِمِثۡلِ مَا اعۡتَدٰی

عَلَيْكُمْ (جتنا ظلم اس نے کیا ہے اتنا تم بھی کرلو) انتقام لینا جائز ہے، مگر اس کے لئے احسن یہی ہے کہ وہ صبر کرلے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِيْنَ (اگر تم صبر کرو تو صبر یقیناً صابر لوگوں کیلئے بہتر ہے) اس کا مطلب یہ ہوا کہ بجائے سزا دینے کے معاف کردیا کرو۔ عقوبت (سزا) یہاں ایک نیکی ہے۔ مگر عفو اس سے بھی بہتر ہے یا (۲) احسن سے مراد ناسخ ہے اور حَسَن سے منسوخ (۳) اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے کہ بعض بندگان مطیع ہیں اور بعض عاصی۔ لہٰذا ہمیں مطیع کی تابعداری کرنی چاہیے۔ یہی احسن ہے (۴) اِتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَا اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ سے مراد یہ ہے کہ جن کاموں کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے ان کی تابعداری کرو نہ کہ ان کی جن سے منع کیا گیا ہے۔ (۵) عزیمت کے پیچھے جاؤ۔ رخصت کے پیچھے نہ جاؤ کیونکہ عزائم احسن ہیں اور رُخصت حَسَن۔

علماء کے یہ پانچ جواب ذکر کرنے کے بعد میں نے عرض کیا ان جوابات کو آیت سے کوئی مناسبت ہی نہیں ہے پہلے جواب میں اس طرح کہ آیت کے آخری الفاظ اس بات کے متقاضی ہیں کہ جو شخص اَحْسَنَ کی تابعداری نہ کرے گا اس پر خدا کا عذاب نازل ہونے کا ڈر ہے اور وہ ساحرین و کافرین میں سے ہوگا اور معاف نہ کرنے والے پر ہم یہ حکم نہیں لگا سکتے۔

دوسرا جواب: اگر مراد یہ ہے کہ منسوخ پر عمل کرنا حَسن ہے تو یہ درست نہیں کیونکہ جس پر عمل کرنا منسوخ قرار دیا گیا اس پر عمل کرنا جائز نہیں ہے اور اگر تلاوت کے اعتبار سے منسوخ کو حَسَن قرار دیا جائے تو یہ بھی درست نہیں کیونکہ اس اعتبار سے ناسخ و منسوخ دونوں اَحْسَن ہیں۔

تیسرا جواب: عاصی کی تابعداری ہی جائز نہیں چہ جائیکہ اسے حَسَن قرار دیا جائے۔

چوتھا اور پانچواں جواب: یہی بات ممنوع امور کے متعلق کہی جاسکتی ہے اب رہی رخصت تو اگرچہ اسے رخصت کہا جاسکتا ہے مگر اس کو مرتکب ان اوصاف کا مستحق قرار نہیں دیا جاسکتا جن کا ذکر آیت کے آخر میں آیا ہے۔ بعینہٖ اس معاف نہ کرنے والے کی طرح جس کا ذکر پہلے جواب میں ہو چکا ہے۔ کیونکہ آیت کے آخر میں مذکورہ اوصاف اس پر چسپاں نہیں ہوسکتے۔ مختصر یہ کہ احسن کا لفظ پہلے اور پانچویں جواب میں آیت کے آخری حصے سے مناسبت نہیں رکھتا اور نہ باقی جوابات میں حسن کا لفظ مناسبت رکھتا ہے۔ لہٰذا اس احسن میں اشکال ہوا۔

حضرت نے فرمایا ان جوابات میں سے کسی میں بھی نہ آیت کا راز پایا جاتا ہے نہ نور کا اس آیت کا سرّ اور نُور یہ ہے کہ ''میرے بندو کتاب اور رسول ہونے کے اعتبار سے جو چیز تم پر اتاری گئی ہے اس میں سے احسن کی تابعداری کرو۔ لہٰذا جتنی کتابیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم پر اتاری گئیں اُن میں سے اَحْسَن قرآن ہے اور محمد ﷺ احسن رسول۔ لہٰذا احسن اللہ کی طرف سے پہلی اتاری ہوئی کتابیں ہیں بشرطیکہ ان میں تبدیلی واقع نہ ہوچکی ہو۔ نیز وہ تمام رسول بھی حسن ہیں جو آنحضرت ﷺ سے پہلے مبعوث ہوئے۔

میں نے عرض کی کہ کتب الٰہیہ میں سے تو توراۃ اور انجیل بھی ہیں اور آیت میں اِلَيْكُمْ (تم پر) کا لفظ اس کے منافی ہے کیونکہ اس سے تو یہ مراد ہوگی کہ اَحْسَن کی طرح حَسَن بھی ہم پر اُتاری گئی حالانکہ توراۃ یہود پر نازل ہوئی اور انجیل یہود و نصاریٰ دونوں پر۔

حضرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کی رسالت تمام عرب، یہود، نصاریٰ اور دیگر اقوام عالم کے لئے عام ہے۔ لہٰذا قرآن اَحْسَن ہے اور وہ ان سب لوگوں کی طرف اتارا گیا ہے اور وہ کتب الٰہیہ جو حَسَن ہیں وہ اپنی اپنی قوم کی طرف اتاری گئیں۔ چنانچہ عربوں پر شریعت اسماعیل، یہود پر توراۃ اور نصاریٰ پر انجیل۔ لہٰذا احسن من حیث المجموع ان پر اتارا گیا اور یہ بات واضح ہے۔

مولف کہتا ہے کہ مفسرین کی ایک جماعت نے بھی یہی قول بیان کیا ہے کہ اَحْسَن سے مراد قرآن ہے لیکن پوری بات حضرت تقریر سے واضح ہوتی ہے اور اس میں شک نہیں کہ یہ آخر آیت کے سیاق سے مناسبت رکھتا ہے اس لئے کہ جو قرآن اور رسول ﷺ

تابعداری نہ کرے گا اوران سے کفر کرے گا وہ آیت کے آخر میں مذکورہ اوصاف کا مستحق ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۔قرآن مجید کی متعدد آیات میں سمع کو بصر پر مقدم کیوں لایا گیا ہے:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ کیا وجہ ہے کہ ان آیات میں سمع کو بصر پر مقدم لایا گیا ہے مثلاً وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ الْاَبْصَارَ وَالْاَ فْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (سورہ نحل آیت ۷۸) أَنْشَأَلَكُمُ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ. اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلاً (سورہ بنی اسرائیل آیت ۳۶) وغیرہ آیات۔ حالانکہ بصارت کا فائدہ زیادہ ہے اور اس کا نفع زیادہ عام ہے کیونکہ دن اور رات کا فائدہ بینا آدمی سے مخصوص ہے مگر ایسا شنوا آدمی جس کی بینائی نہ ہو۔ اس کے نزدیک تو دن اور رات روشنی اور تاریکی اور سورج اور چاند برابر ہیں اور وہ ان درخشندہ سیارگان کا نور معلوم نہیں کرسکتا۔ یہی بات خدا کی پیدا کردہ عجیب وغریب اشیاء کے متعلق ہے کہ وہ ان کو دیکھ کر عبرت حاصل نہیں کرسکتا، کیونکہ ان میں سے اکثر مخلوقات کی شکل میں ہوتی ہیں اور ان کی ترکیب کی خوبصورتی اور اُن کی صورتیں صرف بصارت سے ہی معلوم کی جاتی ہیں۔ چنانچہ بنی نوع انسان' حیوانات' قسم قسم کی نباتات اور پھولوں کی خوبصورتی کا ادراک صرف بصارت سے ہی ہوسکتا ہے۔ اسی طرح آسمانوں کی تخلیق' ان کا بلند اور بغیر ستون کے ہونا اور ستاروں سے ان کو مزین کرنا وغیرہ لاتعداد فوائد ایسے امور ہیں جن کا ادراک صرف بصارت سے ہوتا ہے لہٰذا بظاہر تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ بصارت زیادہ قوی ہے لہٰذا حق یہ تھا کہ اسے سمع پر مقدم لایا جائے۔

حضرت نے فرمایا: جو کچھ تم نے بصارت کے متعلق بیان کیا ہے درست ہے مگر سمع میں ایک ایسا فائدہ پایا جاتا ہے جو ان تمام کے قائم مقام ہوسکتا ہے بلکہ ان سب پر فوقیت لے گیا ہے یعنی یہ کہ رسول اللہ ﷺ اور ان کا بھیجنے والا اللہ تعالیٰ اور تمام وہ غیبی امور جن پر ایمان لانا ضروری ہے ان سب کا ادراک صرف سمع سے ہی ہوسکتا ہے۔ اس سے یہ لازم آیا کہ تمام شرائع سمع پر موقوف ہیں اس کی تشریح یوں ہے کہ اگر فرض کرلیا جائے کہ تمام بنی نوع انسان قوتِ سمع سے عاری ہیں تو جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے پیغامبر آئے گا اور کہے گا کہ مجھے اللہ نے رسول بنا کر تمہاری طرف بھیجا ہے تو یہ آواز دکھائی تو دے گی نہیں اور ان کے پاس قوت سامعہ بھی نہ ہوگی جس سے رسول کے الفاظ سن سکیں۔ اس طرح رسول کا آنا بیکار ہو جاتا ہے۔ پھر وہ اگر انہیں کہے گا کہ میری صداقت کی علامت فلاں فلاں معجزہ ہے تو وہ اُسے بھی نہ سن سکیں گے۔ لہٰذا یہ قول بھی رائیگاں جائے گا۔ علیٰ ہذا القیاس اگر رسول انہیں یہ کہے گا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے کہ تم مجھ پر' اللہ کے تمام رسولوں پر' اس کے فرشتوں پر' اس کی کتابوں اور یوم آخرت پر ایمان لاؤ تو لوگ یہ بات بھی نہ سن سکیں گے اور رسول کی یہ بات بھی رائیگاں جائے گی' پھر جب یہ کہے گا کہ اللہ نے تم پر یہ بات واجب قرار دی ہے اور فلاں فلاں بات حرام کی ہے اور فلاں فلاں بات جائز کی ہے تو وہ یہ بھی نہ سنیں گے اور رسول کا کہنا رائیگاں جائے گا۔ لہٰذا معلوم ہوگیا کہ اگر قوت سامعہ نہ ہو تو نہ رسول کی پہچان ہو سکے گی نہ بھیجنے والے کی اور نہ غیب وعیان پر ایمان لایا جاسکے اور نہ ہی کسی شریعت کی صحیح تابعداری ہو سکے گی۔ جس سے یہ لازم آتا ہے کہ کوئی جزا وسزا ہی نہیں ہے۔ (تو پھر جنت ودوزخ کیسی؟) لہٰذا بعثت رسول کیسی؟ کیونکہ اللہ تعالیٰ تو یوں فرماتا ہے کہ مَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلاً (جب تک ہم رسول کو نہ بھیج لیں کسی کو عذاب نہیں کرنے کے) اور جب سمع ہی نہیں تو بعثت کیسی؟ مختصر یہ کہ اگر بنی آدم کو قوت سامعہ نہ دی جائے تو شریعت کی تکلیف ہی اٹھ جائے اور وہ چوپایوں کے برابر ہو جائیں۔ اسی قوت سامعہ کی بدولت ہی انہیں بلند درجہ حاصل ہوا ہے

اوران میں سے جولوگ ملاء اعلیٰ سے جاملے اسی کی بدولت جاملے۔لہٰذا یہ بات واضح ہوگئی کہ سمع کا فائدہ زیادہ زوردار اوراس کا نفع زیادہ عام ہے کیونکہ خداوندی اسرار اسی سے وابستہ ہیں۔اسی لئے مذکورہ بالا آیات میں سمع کو بصر پر مقدم لایا گیا ہے کیونکہ ان میں ایک طرح سے احسان جتایا گیا ہے اسی لئے قوت سامعہ عطا کرنے کا احسان قوت باصرہ کے احسان سے زیادہ قوی ہے۔واللہ اعلم

مؤلف کہتا ہے خدا آپ کوتوفیق دے ذرااس جواب کی خوبی پرغور کریں۔کیونکہ جب میں نے یہ جواب سُنا تو میں اپنے اوپر تعجب کرنے لگا کہ یہ جواب نہایت واضح ہونے کے باوجود کس طرح مجھ پرمخفی رہا۔اللّٰہ سُبْحَانَہٗ

۵۔آیات:وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِھِمْ (سورہ آل عمران آیت ۱۳۵) اور مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءً اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَہٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰہَ یَجِدِاللّٰہَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا (سورہ نساء آیت ۱۱۰) میں ظلم نفس سے کیا مراد ہے؟ کیونکہ دوسری آیت میں برا کام کرنا جس کا پہلے ذکر آچکا ہے اسی میں ظلم نفس بھی آجاتا ہے اور پہلی آیت میں فعل فاحشہ میں ظلم نفس شامل ہے لہٰذا ظلم ان امور سے زیادہ عام ہے جن کا ذکر پہلے کیا گیا اور اعم کا عطف لفظ اَوْ سے نہیں آتا۔اس پر میں نے مفسرین کے اقوال نقل کئے اور یہ کہ بعضوں نے عمل سوء اور فعل فاحشہ سے مراد گناہ کبیرہ لی ہے اور ظلم نفس سے صغیرہ گناہ لیکن میرا خیال ہے کہ عمل سوء اور فعل فاحشہ سے مطلق معصیت مراد لی جائے اور ظلم نفس سے معصیت پر اصرار مراد لی جائے کیونکہ بظاہر تو یہ کوئی عمل نہیں ہے اس کی تشریح یہ ہے کہ مثلاً کسی نے زنا پر اصرار کیا تو اسے یہ کہنا درست نہ ہوگا کہ وہ زانی ہے اور اپنے نفس کی خواہشات پوری کرتا ہے بلکہ یوں کہیں گے کہ وہ زنا کے کرنے کا عزم کر چکا ہے اور اسی عزم اور اصرار کی وجہ سے اپنے نفس پر ظلم کرنے والا ٹھہرا کیونکہ اس نے اپنے نفس کو عذاب کا مستوجب قرار دیا اور پھر بھی نفس کی خواہشات پوری نہ ہوئیں۔پھر ہم نے اس آیت پر بہت بحث کی اور حضرت نے تین جواب بھی دیئے اور ان پر بھی بحث ہوئی۔

اس کے بعد حضرت ایک لمحہ کے لئے خاموش ہوگئے۔پھر فرمایا سیدی محمد بن عبدالکریم البصری فرمارہے ہیں کہ اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے عہد میں اور جاہلیت میں بھی اہل عرب ظالم کی حمایت کرتے اور اُسے الزام سے بری کرنے کی کوشش کرتے تھے حالانکہ انہیں علم ہوتا کہ اس شخص نے ایسا کیا ہے مثلاً کسی نے چوری کی اور انہیں اس کا علم بھی ہو مگر پھر بھی اس کی طرف سے وہ جھگڑیں اور چوری سے انکار کریں تو اس صورت میں اصل چور تو فعل فاحشہ اور سوءعمل کا مرتکب ہوا اور جھگڑنے والے نے جھوٹی گواہی اور باطل کی وجہ سے اپنے نفس پر ظلم کیا اور حضرت نے یہ بھی فرمایا کہ سیدی محمد عبدالکریم بات کہنا جانتے ہیں۔مجھے یہ تفسیر نہایت پسند آئی کیونکہ یہ اس آیت کے سیاق کے عین مناسب تھی۔وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِیْنَ یَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَھُمْ (سورہ نساء آیت ۱۰۷) ھٰٓاَنْتُمْ ھٰٓؤُلَآءِ جَادَلْتُمْ عَنْھُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا ف فَمَنْ یُّجَادِلُ اللّٰہَ عَنْھُمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ (سورہ نساء آیت ۱۰۹)

جس وقت حضرت سے اس آیت پر بحث ہورہی تھی ہم فاس کے دروازوں میں سے دروازہ باب الحدید سے باہر تھے اور سیدی محمد بن عبدالکریم مذکور اس وقت بصرے میں تھے انہوں نے ہمارا کلام سنا اور ہماری مراد سمجھ گئے اور اپنی جگہ سے ہی ہمیں جواب دیا۔خدا اپنے اولیاء کرام سے راضی ہو۔اتنی دور کی مسافت کے باوجود ہماری گفتگو کو سن لینے کے راز کی تشریح عنقریب کی جائے گی۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

۶۔:وَاَلْزَمَھُمْ کَلِمَۃَ التَّقْوٰی وَکَانُوْٓا اَحَقَّ بِھَا وَاَھْلَھَا (سورہ فتح آیت ۲۶)

میں نے حضرت سے اس آیت کے متعلق پوچھا وَکَانُوْٓا اَحَقَّ بِھَا وَاَھْلَھَا حالانکہ اسلام لانے سے پہلے حقیقت اور اہلیت ہی

تی ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ یہ احقیت اور اہلیت اس پہلے وعدہ اور قضاء سابق کے مطابق ہے جو مخلوقات کی تخلیق سے پہلے کیا گیا تھا۔ واللہ

م۔

اَنَّہٗ اَھْلَکَ عَادَ نِ الْاُوْلٰی (سورہ نجم آیت ۵۰)

میں نے حضرت سے وَاَنَّہٗ اَھْلَکَ عَادَ نِ الْاُوْلٰی کے متعلق پوچھا کہ کیا کوئی اور دوسری قوم عاد بھی تھی؟ میں نے یہ بھی ذکر کیا ین کے کلام میں اس مقام پر بڑا اضطراب پایا جاتا ہے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ ہود علیہ السلام ہی کو عاد کی طرف بھیجا گیا اور وہ ابراہیم ام سے بہت پہلے ہوئے ہیں۔ پھر مفسرین اس قوم کی ہلاکت کے قصے میں لکھتے ہیں کہ ان کی جماعت کا وفد بارش کی دعا کے لئے حالانکہ مکہ کو ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام نے بنایا تھا جس کی وجہ سے بہت سے لوگوں پر قصہ مشتبہ ہو گیا۔ یہاں تک کہ بعض نے یوں صرف ایک ہی قوم عاد تھی اور انہی کو ثمود کے اعتبار سے ''پہلی'' کہا گیا ہے۔ ایک اور جماعت کی رائے ہے کہ عاد دو قومیں تھیں پہلی تو ن کی طرف ہود علیہ السلام بھیجے گئے اور انہیں ہوا کا عذاب ہوا اور دوسری عاد کی طرف ایک اور نبی بھیجا گیا اور انہیں ہوا کا نہیں بلکہ کسی کا عذاب ہوا ان ہی میں سے کچھ لوگوں کا وفد مکہ آیا تھا اور انہوں نے اس نبی اور عذاب کی تعیین نہیں کی۔ اس صورت میں سورہ میں جو ذکر کیا گیا ہے اس کا اشکال پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس قصے میں اصحاب وفد کو ہوا کا عذاب دینے کا ذکر ہے اور ان کے نبی ہود ام ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ وَاذْکُرْ اَخَا عَادٍ ایک دوسری آیت میں فرمایا وَاِلٰی عَادٍ اَخَاھُمْ ھُوْدًا۔ ہمارا یہ کہنا کہ قاف کا قصہ اصحاب وفد کا ہی ہے اس کی دلیل وہ حدیث ہے جو امام احمد نے حسن اسناد کے ساتھ حارث بن حسان بکری[4] سے کی ہے کہ میں اور علاء الحضرمی[5] رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

ث:

اس حدیث میں ہے کہ میں نے کہا کہ میں اللہ اور اس کے رسول کی پناہ لیتا ہوں کہ کہیں میں عاد کے وفد کی طرح نہ بن جاؤں۔ ت ﷺ نے فرمایا کہ وفد عاد کا کیا قصہ ہے حالانکہ آپ ﷺ کو خوب معلوم تھا مگر آپؐ مزہ لینے کی غرض سے پوچھ رہے تھے۔ میں ں کیا کہ قوم عاد میں قحط پڑا تو انہوں نے قیل بن عنز کو معاویہ بن بکر کے پاس مکہ بھیجا تا کہ بارش کے لئے دعا کریں چنانچہ وہ ایک ماہ ں کے ہاں مہمان رہا ایک ماہ گزرنے کے بعد اس نے جا کر بارش کے لئے دعا کی تو دو بدلیاں گزریں۔ اس نے کالی بدلی کو پسند کیا تو نے آواز دی کہ لے لو۔ یہ تو راکھ ہے جو قوم عاد میں سے کسی کو نہ چھوڑے گی۔ اس حدیث کے کچھ حصے کی روایت ترمذی' نسائی اور جہ نے بھی کی ہے ملاحظہ ہو ابن حجر ذیل سورہ احقاف۔ ایک اور روایت میں ہے کہ قیل بن عنز اور مرثد بن سعد قوم کے ستر رؤساء کو ر نکلے اس زمانے میں مکہ میں عمالقہ آباد تھے جن کا سردار معاویہ بن بکر تھا اور تمام قصہ بیان کیا ہے جس کے آخر میں ہے کہ مرثد بن نے اپنی قوم سے کہا کہ بارش تب ہوگی جب تم اپنے رسول کی اطاعت کرو گے۔ اس پر قیل نے معاویہ کو کہا کہ اسے روکے رکھو کہ کہیں ے ساتھ نکل کر نہ جائے کیونکہ یہ تو ہود علیہ السلام پر ایمان لا چکا ہے اور اسے سچا جانتا ہے۔

حضرت نے فرمایا (عاد دو قوموں کا نام ہے) دوسری عاد کی طرف ہود علیہ السلام کو ان انبیاء کی شریعت کی تجدید کے لئے بھیجا گ
جوان کی طرف پہلے جا چکے تھے۔ اسی ہود کا قصہ قرآن مجید میں مذکور ہے۔ انہی کی قوم کا ایک وفد مکہ آیا اور انہیں ریح عظیم کا عذاب د
اور وہ اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے جن کا نسب نامہ یوں ہے ہود بن عابر بن شیاع بن الحرث بن کلاب بن قیدار بن اسماع
دوسری قوم عاد تمام کی تمام حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے نہیں ہے بلکہ صرف ہود اور ان کا قبیلہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولا
سے تھے قرآن مجید میں جو یہ فرمایا ہے کہ وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا یہ تغلیب کے طور پر فرمایا ہے کیونکہ ہود اور ان کا قبیلہ اکٹھے رہتے
اکٹھے ہی کوچ کرتے تھے۔ انہی میں سے شداد بن عاد تھا جس کا ستونوں والا بڑا خیمہ تھا حضرت نے فرمایا علماء کا خیال ہے کہ ارم ذات
ایک شہر تھا جو جنت کی شکل اور سونے کا بنا ہوا تھا اور علماء نے اس کا ایک لمبا چوڑا بیان دیا ہے حالانکہ بات یوں نہیں ہے بلکہ ارم قبیلہ
ہے اور ''ذات العماد'' اس کی نعت ہے یعنی ''ستونوں والی عاد'' اور یہ نام ان کے سردار کے بڑے خیمے کی وجہ سے پڑا۔ یا اس سے م
تمام لوگوں کے خیموں کے عمود ہیں۔ کیونکہ میں نے ان کے مسکنوں کو دیکھا ہے اور حضرت نے جو بیان ان مساکن کا دیا وہ تقریباً وہ
تھا جو علماء نے احقاف کا دیا ہے پھر فرمایا کہ یہ شہر نو دن کی مسافت میں واقع ہے اور ان کا سردار عین وسط میں رہتا ہے اور جو شخص ا
کے لئے آتا وہ ننگے پاؤں اور ننگے سر کسی جہت سے بھی آتا ساڑھے چار دن کی مسافت خیموں کے درمیان چل کر آتا ہے کیونکہ و
بہت گنجان آبادی تھی اور جگہ کی تنگی تھی۔ خدا نے پانی اور چشمے ان کے لئے بھیجے جو دور دراز کے پہاڑوں سے بہہ کر ان کی زمین کی
آتے۔ اسی پانی کی بدولت ان کی تمام کھیتی باڑی ہوتی۔ پھر فرمایا کہ ان کے سردار یا بادشاہ کا خیمہ ایک تیر پرتاب[6] زمین پر واقع تھا۔
میخوں اور ستونوں پر خالص سونے کے خول چڑھے ہوئے تھے اور اس کی رسیاں ریشم کی تھیں۔ میں نے سونے کے ٹکڑے زمین
دبے ہوئے اب تک باقی پائے ہیں۔ ان کے تمام خیموں پر سونا چڑھا ہوا تھا۔ اس زمانے میں کوئی خیمہ بھی جس میں وہ رہتے ہوں
اور اسی قوم کی طرف اللہ تعالیٰ نے ہود علیہ السلام کو بھیجا جن کا نسب نامہ مذکور ہو چکا۔

مولف کہتا ہے شہر ارم ذات العماد کے متعلق جو کچھ حضرت نے بیان کیا اور اس کے متعلق جن بیانات کا آپ نے رد کیا بڑ
علماء مثلاً حافظ ابن حجر نے شرح بخاری میں اسی کو اختیار کیا ہے کیونکہ انہوں نے مدینہ مذکور کے قصے کی طرف اشارہ کرنے کے بع
کہ یہ عبداللہ بن لیعہ[7] کی سند سے مروی ہے۔ مجاہد[8] سے بھی جو منقول ہے اس سے بھی ذات العماد کی دوسری تفسیر کی تائید ہوتی
کہتے ہیں کہ وہ عمودوں والا یعنی خیموں والا تھا۔ اس کے علاوہ اور اقوال بھی ذکر کئے ہیں۔

ملاحظہ ہو سورہ فجر۔ حضرت نے ہود علیہ السلام کا جو نسب نامہ بیان کیا ہے وہ محض کشف ہے کیونکہ آپ تو ایک عام امی
تاریخ وغیرہ کا علم نہ تھا۔ اس لئے یہ مناسب نہ تھا کہ آپ کے رد میں ہود علیہ السلام کی نسبت کے متعلق مؤرخین کے اقوال پیش کئے جا
وہ نسب نامے خبر واحد پر مبنی ہیں۔ باایں ہمہ ہود کے نسب میں خبر واحد میں بھی اضطراب پایا جاتا ہے چنانچہ بعض نے ان کا نسب
بیان کیا ہے۔ ہود بن عبداللہ بن ریاح بن الہٰ ود بن عاد بن عوص بن ارم بن سام بن نوح اور بقول بعض ہود بن شارخ بن ارفخ
بن نوح علیہ السلام۔ اس بناء پر وہ ابو عاد کے چچازاد بھائی ٹھہرے۔ مورخین کا خیال ہے کہ انہیں قوم عاد میں سے اس لئے خیال ک
حالانکہ وہ ان میں سے نہیں ہیں کہ وہ لوگ دوسروں کی نسبت آپ کی باتوں کو زیادہ سمجھتے تھے اور ان کے حالات کو زیادہ پہچا
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری کرنے کی طرف زیادہ راغب تھے۔

حضرت نے فرمایا پہلی عادنوح علیہ السلام کی قوم تھی۔ خدا نے ان کی طرف ایک نبی بھیجا جس کا نام ھوید (ابہاء مضمومہ جو قریب ہ بین بین اور واؤ ساکن جس کے بعد یاء ہے) حضرت نے فرمایا وہ ایک مستقل شریعت والے رسول ہیں۔ برخلاف اس ہود کے جو عاد یہ کی طرف بھیجے گئے اس لئے کہ وہ تو اپنے سے پہلے رسولوں کی شریعت کی تجدید کرنے والے تھے۔ حضرت نے فرمایا کہ ہر مستقل رسول ے لئے ایک کتاب کا ہونا ضروری ہے اور فرمایا کہ حضرت ہوید مذکور کی بھی کتاب ہے جو مجھے حفظ ہے جیسے تمام رسولوں کی کتابیں حفظ ۔ میں نے عرض کیا کیا آپ ان کو گن سکتے ہیں۔ فرمایا یاد ہوں اور پھر گن نہ سکوں؟ سنو پھر آپ نے ایک ایک کر کے کتابیں گننا شروع ں اور فرمایا کہ کوئی ولی اس وقت تک ولی نہیں ہوسکتا جب تک اس کا ایمان ان تمام کتابوں پر تفصیلاً نہ ہو۔ کیونکہ اس کے لئے اجمالی ان کافی نہیں۔ میں نے عرض کیا: کیا یہ حکم ان تمام اولیاء پر وارد ہوتا ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے فتح عطا کی ہو؟ حضرت نے فرمایا نہیں۔ اس م کا اطلاق صرف ایک پر ہوتا ہے اور وہ غوث ہے۔

ضرتِ دباغ غوث وقت تھے:

اس وقت مجھے معلوم ہوا کہ حضرت غوث ہیں اور آپ کے علوم سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کیونکہ اگر میں ان تمام باتوں کو تحریر میں ں جو میں نے حضرت سے سنیں تو کئی ایک کتابیں بھر جائیں۔ آپ نے کئی بار فرمایا کہ میں جب تم لوگوں سے باتیں کرتا ہوں تو تمہاری وں کی طاقت کے مطابق کرتا ہوں۔

پھر حضرت نے فرمایا کہ پہلی قوم عاد نے ہوید علیہ السلام کے امتیوں کو پتھروں اور آگ سے ہلاک کر دیا۔ قصہ یوں ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر آسمان سے پتھر برسائے اور وہ بھاگنے لگے۔ پھر اللہ نے آگ نکالی جس نے انہیں جلا دیا۔

ح علیہ السلام سے پہلے سات سو رسول آئے:

میں نے حضرت کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت نوح علیہ السلام سے پہلے سات سو رسول گزرے ہیں جن کے واقعات عجیب و یب ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا ذکر قرآن مجید میں اس لئے نہیں کیا کہ وحی کے زمانہ میں یہ رسول غیر معروف ہو چکے تھے۔

میں نے عرض کیا کہ شفاعت والی حدیث میں حضرت نوح علیہ السلام کو اوّل الرُسل کہا گیا ہے اور آپ نے فرمایا ہے کہ سات سو ول ان سے پہلے گزرے ہیں۔

حضرت نے فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ پہلے رسول ہیں جو کافر قوم کی طرف بھیجے گئے اور جو رسول ان سے پہلے ہوئے ہیں انہیں ی قوم کی طرف بھیجا جاتا جن کا عقیدہ صحیح ہوتا۔

میں نے عرض کی جب قوم ہُوَید کا عقیدہ صحیح تھا اور وہ مومن تھے تو پھر ان پر پتھروں اور آگ کا عذاب کیوں ہوا؟

حضرت نے فرمایا کہ ان قوموں کے ساتھ جو نوح علیہ السلام سے پہلے گزریں اللہ تعالیٰ کا دستور یہ تھا کہ اگر بیشتر قواعد پر عمل ترک کر دیتے تو انہیں ہلاک کر دیا جاتا خواہ وہ صحیح عقیدے پر ہی کیوں نہ ہوں۔

۸۔وَدَاوٗدَ وَ سُلَیْمَانَ اِذْ یَحْکُمَانِ فِی الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِیْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ج وَکُنَّا لِحُکْمِهِمْ شَاهِدِیْنَ o فَفَهَّمْنَا هَا سُلَیْمَانَ ج وَکُلًّا اٰتَیْنَا حُکْمًا وَّ عِلْمًا. (سورہ انبیاء آیت ۷۸)

میں نے حضرت سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا۔وَدَاوٗدَ وَ سُلَیْمَانِ اِذْ یَحْکُمَانِ فِی الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِیْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ وَکُنَّا لِحُکْمِهِمْ شَاهِدِیْنَ فَفَهَّمْنَا هَا سُلَیْمَانَ وَکُلًّا اٰتَیْنَا حُکْمًا وَّ عِلْمًا.

اور عرض کیا کہ اس آیت سے علماء نے یہ استدلال کیا ہے کہ (اگر ایک مسئلہ میں اجتہاد کرتے ہوئے دو مجتہدوں کی رائے بالکل متضاد ہو تو) مصیب ایک ہی ہوگا اور دوسرا غلطی پر مگر اسے معذور سمجھا جائے گا بلکہ اسے اس کے اجتہاد کا اجر ملے گا کیونکہ اس نے اجتہاد میں اپنی پوری کوشش اور طاقت خرچ کی ہے کیونکہ اس قصہ[9] میں داؤد علیہ السلام نے یہ حکم دیا کہ بکریاں کھیت کے مالک کو اس کھیت کے عوض دی جائیں جو انہوں نے خراب کیا تھا اور سلیمان علیہ السلام نے حکم دیا کہ بکریاں کھیت کے مالک کو دی جائیں کہ ان سے نفع اٹھائے اور کھیت بکریوں والے کو تا کہ وہ اس کھیت کی خدمت کرے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی اصلی حالت پر آ جائے اور جب کھیت اصلی حالت پر آ جائے تو کھیت کھیت والے کو دے دے اور وہ اس کی بکریاں واپس کر دے وجہ استدلال یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام کے فیصلہ کو درست قرار دیا ہے کیونکہ فرمایا فَفَهَّمْنَا هَا سُلَیْمَانَ (ہم نے بات سلیمان علیہ السلام کو سمجھا دی)

علماء نے اسی قسم کا استدلال ایک اور قصہ سے بھی کیا جو ان دونوں کے درمیان واقع ہوا۔ یہ قصہ دو عورتوں کا ہے جن میں سے بڑی کے بیٹے کو بھیڑیا جھپٹ کر لے گیا تو اس نے چھوٹی کا بچہ لے لیا اور دعویٰ یہ کیا کہ وہ اسی کا بچہ ہے۔ وہ دونوں فیصلہ کے لئے داؤد علیہ السلام کے پاس آئیں تو آپ نے بڑی کے حق میں فیصلہ دے دیا۔ کیونکہ قبضہ اسی کا تھا مگر سلیمان علیہ السلام نے یوں فیصلہ دیا کہ بچے کو آدھا آدھا کر کے دونوں میں تقسیم کر دیا جائے جب چھوٹی نے بچے کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کے متعلق سنا تو اس نے بڑی کا حق تسلیم کر لیا اور کہا کہ بچہ اسی کا ہے اور بڑی تقسیم کا ہی مطالبہ کرتی رہی اس پر حضرت سلیمان علیہ السلام نے چھوٹی کے حق میں فیصلہ دے دیا اور بڑی کو کہا اگر بچہ تمہارا ہوتا تو اس کی تقسیم کا مطالبہ نہ کرتیں۔

اسی طرح ایک تیسرے قصہ سے بھی استدلال کیا ہے جو ان دونوں کے درمیان واقع ہوا۔ قصہ یہ ہے کہ لوگوں نے ایک عورت پر الزام لگایا کہ اس نے کتے سے مجامعت کرائی یعنی زنا کی مرتکب ہوئی اور گواہوں نے اس پر گواہی بھی دی تو داؤد علیہ السلام نے اسے سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ اسی قسم کا فرضی مقدمہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے پیش ہوا جب وہ بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے تو آپ علیہ السلام نے حکم دیا کہ گواہوں کو ایک دوسرے سے الگ رکھا جائے۔ چنانچہ ایسا کیا گیا اور ان کے بیانات میں اختلاف پایا گیا اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے دعویٰ خارج کر دیا اس پر داؤد علیہ السلام نے گواہوں کو الگ الگ رکھنے کی طرف رجوع کیا۔

اور چوتھے قصہ سے بھی استدلال کیا گیا کہ ایک عورت کی فرج میں پانی پایا گیا اور الزام یہ لگایا گیا کہ یہ آدمی کی منی ہے اور وہ زنا مرتکب ہوئی ہے چنانچہ داؤد علیہ السلام نے اسے سنگسار کرنے کا حکم دیا مگر سلیمان علیہ السلام نے حکم دیا کہ اس پانی کو لے کر پکایا جائے۔ اگر منجمد ہو جائے تو یہ انڈے کا پانی ہے ورنہ منی ہے۔ چنانچہ پانی لے کر پکایا گیا اور وہ انڈے کا پانی نکلا اور معلوم ہو گیا کہ عورت پر اتہام لگایا گیا ہے۔ ملا ہوا ابن حجر کتاب الاحکام۔

حضرت نے فرمایا تمہارا مطلب یہ ہے کہ داؤد علیہ السلام نے غلطی کھائی اور سلیمان علیہ السلام نے صحیح فیصلہ دیا کیا فقہا انبیاء کے متعلق اس

کھ سکتے ہیں؟ اور وہ تمام مخلوقات میں سے برگزیدہ ہوتے ہیں اور اللہ کے نزدیک ملائکہ سے بھی افضل ہیں۔ پس اگر یہ جائز سمجھ لیا
ہ ان سے خطا ہو سکتی ہے تو پھر ہمیں ان پر کون سا اعتماد باقی رہ جائے گا کیونکہ اس طرح تو وہ ہماری طرح کے ہو جاتے ہیں۔ معاذ

ت داؤد علیہ السلام کا فیصلہ قطعاً غلط نہ تھا۔

پہلے قصہ کی توجیہ یہ ہے کہ داؤد علیہ السلام نے بالکل صحیح فیصلہ دیا کہ کھیت کی قیمت کا جرمانہ بھر دیا جائے اور بکریاں حوالے کرنے کا حکم اس
کہ ان کے پاس اس زمانے میں نقدی تو ہوتی نہ تھی اور اگر تھی بھی تو بہت کم۔ ان کا لین دین بکریوں اور مویشیوں سے ہوتا کیونکہ یہ
پائی جاتی تھیں۔ اسی لئے آپ نے بکریاں دینے کا حکم دیا۔ نقدی کا حکم نہیں دیا مگر سلیمان علیہ السلام کا فیصلہ صلح پر مبنی تھا لہٰذا آپ علیہ السلام کا
ں تھا کہ بکریوں کا منافع یعنی ان کا دودھ اور گھی اور صوف کھیت کی قیمت کے عوض دیدیا جائے تا کہ کھیت یعنی انگور ٹھیک حالت پر
ں۔ یہ صرف طرفین کی رضامندی سے ہی ہو سکتا تھا لہٰذا جو شخص خالق حق کا فیصلہ دے اسے یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس نے غلطی کھائی اور
کہہ سکتے ہیں کہ صلحمندانہ فیصلہ دینے والا مصیب ہے۔

باقی قصوں میں فیصلہ کی توجیہ یہ ہے کہ داؤد علیہ السلام نے تینوں قصوں میں ظاہر کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ دیا اور اسی پر فیصلہ دینا ضروری
لہ حاکم کے لئے ۱؎ جائز نہیں کہ وہ ظاہر کے خلاف فیصلہ دے اور سلیمان علیہ السلام نے حیلہ کر کے باطن کو ظاہر بنا دیا' تب ظاہر پر حکم
ا پہلے فیصلہ کے متعلق یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ غلط تھا اور دوسرا فیصلہ صحیح بلکہ ہر دو صحیح ہیں۔ اگرچہ باطن کے ظاہر ہو جانے پر فیصلہ کا منسوخ
روری تھا لہٰذا اس کے منسوخ ہونے سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ فیصلہ دیتے وقت وہ فیصلہ غلط تھا۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ چند عادل
نے قاضی کے سامنے کسی مقدمہ میں جھوٹی گواہی دی اور قاضی نے ان لوگوں کی گواہی پر فیصلہ دے دیا۔ قاضی پر یہی واجب ہے اور
رح فیصلہ دینا درست ہوگا پھر اس کے بعد گواہوں نے توبہ کی اور حق کی طرف آئے اور اپنے جھوٹ کا اعتراف کیا۔ اس وقت قاضی
ضروری ہے کہ ان کے رجوع کے مطابق فیصلہ دے۔ اس لئے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا پہلا فیصلہ غلط تھا۔

ت:

حضرت نے فرمایا: مجھے معلوم ہے کہ فاس کا ایک شخص جس سے مراد ان کی اپنی ذات تھی وہ اپنے للہی بھائی کو ملنے بصرہ گیا۔ ان کی
حضرت محمد بن عبدالکریم سے تھی جن کا ذکر اوپر ہو چکا۔ حضرت محمد بن عبدالکریم قاضی تھے وہ شخص (یعنی حضرت دباغ) ان کے پاس
ئے پھر دو شخص مقدمہ لے کر آئے۔ ایک نے کہا کہ اس شخص نے مجھ سے ایک نہایت قیمتی یاقوت لے لیا ہے اور یہ اس کے پاس موجود
مدعا علیہ نے کہا یہ میری جامہ تلاشی لے سکتا ہے اس پر مزید یہ کہ میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میرے پاس نہیں ہے' قاضی نے چاہا
ہی فیصلہ دے مگر قاضی کے ہمنشین نے کہا کہ ابھی فیصلہ نہ دیں۔ پھر وہ ہم نشین مدعی و مدعا علیہ کی طرف متوجہ ہوا اور کہا یہ قاضی صاحب
ے دینی بھائی ہیں۔ انہوں نے میرے لیے کھانا تیار کیا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ تم بھی کھانے پر چلو۔ کھانا کھانے کے بعد قاضی صاحب
رے معاملہ پر غور کریں گے۔ حضرت نے فرمایا پھر ہم قاضی کے ساتھ گئے جب کھانا لایا گیا تو ہمنشین اور قاضی دونوں مدعا علیہ کی
ب کن انکھیوں سے دیکھنے لگے۔ دفعتہً اس نے نازک سنکی اور سنک کر ایک رومال سے جو اس کے پاس تھا پونچھا۔ ہمنشین نے فوراً رومال
کے ہاتھ سے چھین لیا دیکھا تو یاقوت سنک کے ساتھ ناک سے نکلا تھا اور ہم نے یاقوت مدعی کو دے دیا۔

حضرت نے فرمایا: باطن کو ظاہر بنادینے کا ایک یہ حیلہ ہے اگر قاضی پہلے ہی جامہ تلاشی اور قسم کھانے کا فیصلہ دے دیتا تو یہ فیصلہ درست ہوتا۔ حالانکہ ان کو کشف کے ذریعہ سے معلوم تھا کہ یاقوت مدعا علیہ کے پاس موجود ہے، کیونکہ اللہ نے انہیں اس کا مکلف نہیں اور ہمنشین نے حیلہ کر کے، باطن کو ظاہر کر دیا۔

میں نے عرض کیا: کیا قاضی کو بذریعہ کشف معلوم تھا کہ یاقوت مدعا علیہ کے پاس ہے؟

حضرت نے جواب دیا: ہاں اسے اور اس کے ہم نشین دونوں کو معلوم تھا اور فرمایا یہی حال ان فیصلوں کا ہے جو ان تینوں قصوں ان دو بڑے نبیوں نے دیئے۔ چنانچہ پہلے قصہ میں داؤد علیہ السلام نے قبضہ کی وجہ سے بڑی کے حق میں فیصلہ دیا اور قبضہ اسی کا متقاضی اور دوسرے قصہ میں داؤد علیہ السلام نے سنگسار کرنے کا حکم گواہوں کی گواہی سے دیا اور تیسرے میں چوں کی علامت پائی گئی تھی اس سنگسار کرنے کا حکم دیا اور سلیمان علیہ السلام نے تینوں قصوں میں حیلہ کر کے باطن کو ظاہر بنادیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مولف کہتا ہے کہ خدا حضرت سے راضی ہو، ان کے پاس کس قدر علم تھا چنانچہ ابن حجر نے ابن منیرؒ کا قول نقل کیا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ داؤد علیہ السلام نے کھیت والے مقدمہ میں صحیح فیصلہ دیا تھا اور سلیمان علیہ السلام نے صلح کی راہ دکھائی، چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان كُلًّا اٰتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا (ہم نے ہر دو کو فصل خصومات اور علم عطا کیا) یا تو عام ہے (کہ ہر معاملہ اور مقدمہ میں ان کا یہی حال تھا) یا خاص ہے کھیت کے معاملہ کے متعلق۔ بہر حال اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کی فصل خصومات اور علم کی تعریف کی ہے۔ لہٰذا یہ اس قبیل نہیں ہوسکتا اگر مجتہد غلطی بھی کرے تو معذور ہوگا کیونکہ غلطی نہ حکم ہوسکتی ہے نہ علم۔

ابن حجر کے اس بیان کا مفہوم وہی ہے جو حضرت نے فرمایا۔

جو بیان حضرت نے باقی تینوں قصوں میں دیا ہے وہ بالکل صحیح ہے اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں اور نہ ہی اس سے ہوسکتا ہے۔ امام شافعی اور ابو عبداللہ البلخی[12] اور دیگر اکابر نے ایک اور قصے میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹۔ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ (سورۃ القلم آیت ۴۲)

میں نے حضرت سے آیت يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ میں ساق کے معنی دریافت کیے۔

فرمایا سریانی زبان میں "ساق" کے معنی واقعیت (جد) بمقابلہ "ہزل" (مخول) کے ہیں

میں نے عرض کیا کہ عربی میں بھی تو یہی معنی ہیں۔ چنانچہ محاورہ ہے۔ اِنْكَشَفَ الْحَرْبُ عَنْ سَاقٍ ای عن جِد.[13]

فرمایا یہ تو پھر دونوں زبانوں میں موافقت ہوگئی۔

۱۰۔ مشیخا یا مشیحا: پھر میں نے دریافت کیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام مشیخا خاء معجمہ۔ سے ہے یا مہملہ سے؟

حضرت نے فرمایا یہ لفظ خاء معمہ سے مشیخا ہے اور یہ سریانی لفظ ہے جس کے معنی "بڑے آدمی" کے ہیں۔

۱۱۔ انجیل کے معنی: میں نے انجیل کے معنی دریافت کیے۔

فرمایا یہ بھی سریانی لفظ ہے جس کے معنی نور العین کے ہیں۔

ؤراۃ کے معنی: میں نے پوچھا توراۃ کیا لفظ ہے۔

فرمایا یہ عبرانی لفظ ہے جس کے معنی ''شریعت اور کلام حق'' کے ہیں۔

مشفح: میں نے پوچھا کہ آنحضرت ﷺ کا ایک نام مشفح ہے کیا یہ فاءَ سے ہے یا قاف سے کیونکہ علماء کا اس میں بڑا اختلاف ہے۔

فرمایا یہ لفظ فاء کے ساتھ ہے جس کے معنی ''حمد'' کے ہیں اور یہ سریانی لفظ ہے۔

لْمَنْحَمَنَّا: میں نے پوچھا کہ آنحضرت ﷺ کے نام اَلْمَنْحَمَنَّا کا کیا تلفظ ہے۔ کیونکہ اس لفظ کو ضبط کرنے میں علماء میں اختلاف ہے چنانچہ بعض کہتے ہیں کہ اس کی پہلی میم پر پیش اور دوسری کے نیچے زیر ہے اور بعض کہتے ہیں کہ پہلی میم پر زبر اور دوسری کے نیچے

۔

حضرت نے فرمایا کہ دونوں میموں پر زبر ہے اور یہ دو کلمے ہیں ایک کلمہ نہیں چنانچہ مَنْ میم کا زبر اور نون ساکن سے ایک کلمہ ہے اور حَمَنَا میم پر زبر اور نون مشدد دوسرا کلمہ ہے۔ پہلے کلمہ کے معنی ہیں وہ نعمت جس کا ظاہری نفع بھی ہو اور باطنی بھی ظاہری نفع وہ ہے جو ذات کو اح میں حاصل ہو اور باطنی نفع وہ ہے جو ارواح کو عالم ارواح میں حاصل ہو۔ لہٰذا یہ ایسی نعمت ہوئی جس سے تمام مخلوقات اور تمام جہاں ہو چکے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ آنحضرت ﷺ کی یہی شان ہے اور دوسرے کلمہ کے معنی جو پہلے کلمہ کی صفت (نعت) کے یا ہے کہ پہلی نعمت انتہائی درجہ تک پہنچ چکی اور انتہائی درجہ تک بلند ہے گویا یوں کہا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ ایسی خداوندی نعمت ہیں جو پہنچ چکی ہے اور آپ ﷺ کے درجے تک نہ پہلے کوئی پہنچ سکا اور نہ بعد میں پہنچ سکے گا اور یہ ایک سریانی لفظ ہے۔

ایک قصہ اور احمٰی حَمِیثا و اطمٰی طمیثا کی تشریح:

تلمسان کا ایک صالح شخص ہمارے پاس آیا اور بتایا کہ ایک شخص جو حج کر کے آیا تھا کہہ رہا تھا کہ اس نے حضرت ابراہیم دسوقی کی یارت کی اور کیا دیکھتا ہے کہ شیخ ابراہیم دسوقی [14] اس کے پاس آ کھڑے ہوئے اور یہ دعا سکھائی۔

مِ اللّٰهِ لِهٖ الْخَالِقِ الْاَكْبَرِ. وَهُوَ حِرْزٌ مَّانِعٌ لِّمَا اَخَافُ مِنْهُ وَاَحْذَرُ لَا قُدْرَةَ لِمَخْلُوْقٍ مَّعَ قُدْرَةِ الْخَالِقِ مُهُ بِلَحَامِ قُدْرَتِهٖ اَحْمٰى حَمِيْثًا اَطْمٰى طَمِيْثًا وَّ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا. حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَا يُتْنَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْهُمُ اللّٰهُ وَهُوَالسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

اور کہا یہ دعا پڑھا کرو اور کسی چیز سے نہ ڈرو۔

تلمسانی دوست جن کا نام حاجی عبدالرحمٰن بن ابراہیم ہے اور ابن ابراہیم کی اس اولاد میں سے ہیں جو تلمسان میں آباد ہو چکے ہیں لگے کہ بھائی حاجی محمد بن ابراہیم کو چونکہ احمٰی حَمِیثًا وَ اطْمٰی طَمِیْثًا کے معنی نہ آتے تھے اس لیے انہوں نے یہ دعا نہ پڑھی ا مجھے ان کلمات کے معنی معلوم نہیں۔ ہوسکتا ہے ان کے ایسے معنی ہوں جو مجھے پسند نہ ہوں اور مجھ سے ان کے معنی پوچھے۔ میں نے ت سے ان کے معنی پوچھے۔ حضرت نے فوراً کہا آج کل دنیا میں کوئی ایسا شخص نہیں جو ان کلمات کو بولتا ہو تجھے یہ لفظ کہاں سے ملے

؟ میں نے تمام قصہ سنا دیا۔ فرمایا ہاں حضرت ابراہیم دسوتی اکابر صالحین اور صاحب فتح تھے وہ اور اُن جیسے اور لوگ ایسے کلمات بول سکے ہیں۔ پھر فرمایا یہ سریانی زبان کے وہ کلمے ہیں اَطْمٰی کے معنی ہیں یا مالک (اے مالک) اور اس کے اسرار میں ہے اے مالک ہادی عظیم و با عظمت الحی القیوم اور حَمِیْثَا کے لفظ سے اس کی سلطنت کی طرف اشارہ ہے گویا اس کا مطلب یوں ہوا کہ "اے مالک اسرا اے مالک انوار، اے مالک لیل ونہار، اے موسلا دھار برسنے والے بادلوں کے مالک، اسے شموس واقمار کے مالک، اے عطاء اور کے مالک اے بلندی وپستی کے مالک، اے ہر زندہ کے مالک، اے ہر شئے کے مالک" اس نام میں ایک عجیب راز ہے جس کا اظہا اور تحریر سے نہیں ہوسکتا۔

اطمیٰ سے اللہ تعالیٰ کی عظمت، کبریائی، قہر، غلبہ، عزت اور ان تمام امور میں یکتائی مراد ہے گویا کہ کہنے والا یوں کہہ رہا ہے "ا چیز کے جاننے والے، اے ہر چیز پر قادر، اے ہر بات کا ارادہ کرنے والے، اے ہر چیز کی تدبیر کرنے والے، اے ہر چیز پر غالب، وہ ذات جس پر عجز طاری نہیں ہوسکتا اور نہ ہی اس کے تصرف میں نقص کا وہم ہوسکتا ہے۔"

اور طَمِیْثَا سے اشارہ ہے ان اشیاء کی طرف جن میں اللہ تعالیٰ تصرف کرتا ہے اور ان ممکنات کی کی طرف جن میں جیسا چاہتا کرتا ہے اور جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔ سُبْحَانَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس نام میں بھی عجیب راز ہے جس کی تشریح قلم سے نہیں ہوسکتی۔ واللہ

سُریانی ارواح کی زبان ہے

میں نے حضرت سے سنا کہ سریانی زبان ارواح کی زبان ہے وہ اولیاء جو صاحب دیوان ہوتے ہیں آپس میں اسی زبان میں کرتے ہیں۔ اس لیے کہ یہ زبان مختصر ہے اور معانی کثیرہ کی حامل ہے اور کسی زبان میں یہ معانی اتنے الفاظ میں ادا نہیں کیے جاسکتے۔

میں نے پوچھا: کیا عربی زبان معانی کی ادائیگی میں سریانی کے مرتبہ کو پہنچ سکتی ہے؟

فرمایا نہیں، بجز قرآن مجید کے کیونکہ جب عربی زبان میں سریانی زبان کے معانی جمع ہوجائیں اور انہیں عربی الفاظ میں جائے تو یہ سریانی سے زیادہ شیریں اور زیادہ عمدہ معلوم ہوں گے۔ واللہ اعلم۔

سریانی کے سوا تمام زبانوں میں اطناب پایا جاتا ہے:

حضرت نے یہ بھی فرمایا کہ تمام زبانوں میں بہ نسبت سریانی کے اطناب پایا جاتا ہے کیونکہ سریانی کے سوا تمام زبانوں میں ترکیب کلمات سے ہوتی ہے نہ حروف تہجی سے مگر سریانی میں حروف تہجی سے کلام مرکب ہوتا ہے۔ لہٰذا سریانی کا ہر حروف تہجی ایک پر دلالت کرتا ہے اور جب اسے دوسرے حرف کے ساتھ ملایا جائے تو ان سے کلام کا فائدہ حاصل ہوتا ہے، جسے یہ معلوم ہوجائے کا ہر حرف کس معنی کے لیے وضع کیا گیا ہے اس کے لیے سریانی کا سمجھنا آسان ہوجاتا ہے اور جیسا چاہے سریانی میں بات کرسکتا طریقے سے وہ اسرار حروف کی معرفت حاصل کرسکتا ہے اور اس میں بہت بڑا علم پایا جاتا ہے جسے اللہ نے لوگوں کی عقلوں سے ان کی غرض سے محجوب رکھا ہے تاکہ اس ظلمت کے ہوتے ہوئے جو ان کی ذوات میں ہے حکمت پر مطلع ہوکر ہلاک نہ ہوجائیں۔ نَسْ السَّلَامَهٗ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

یانی زبان تمام زبانوں میں ساری ہے:

میں نے حضرت کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ سریانی تمام زبانوں میں اس طرح ساری ہے جس طرح لکڑی میں پانی، کیونکہ ہر زبان لمات کے حروف ہجا کی تشریح سریانی زبان میں کی گئی ہے اور انہیں ان خاص معانی کے لیے وضع کیا ہے جن کی طرف پہلے اشارہ کیا کا ہے مثلاً لفظ احمد عربی زبان میں جب علم ہو، اس ذات پر دلالت کرتا ہے جو اس نام سے موسوم ہے مگر سریانی میں ابتدائی ہمزہ خاص پر دلالت کرتا ہے، حاء ساکن اور معنی پر اور دال پر اگر پیش ہو تو خاص معنی پر اور اگر مفتوح ہو تو کسی اور معنی پر دلالت کرتی ہے۔ اسی ح محمد کا لفظ عربی زبان میں اس ذات پر دلالت کرتا ہے جو اس نام سے موسوم ہے مگر سریانی میں میم ایک معنی بتاتی ہے اور حاء مفتوحہ عنی میم مشدد اور معنی اور آخری دال اور معنی، اسی طرح لفظ زید، عمرو، رجل، امراۃ وغیرہ الفاظ جن کا انحصار صرف عربی پر ہی نہیں۔ انی میں ان سب کے حروف تہجی کے خاص معنی ہیں۔ یہی حال ہر زبان کا ہے چنانچہ البار قلیط عبرانی زبان میں آنحضرت ﷺ کا نام اور سریانی میں ابتدائی ہمزہ کا ایک معنی ہے، لام ساکن کا ایک معنی، با کا ایک معنی، علیٰ ہذا القیاس آخر تک۔ اسی لیے سریانی تمام وں کی اصل ہے اور باقی زبانیں اسی سے متفرع ہیں اور ان کے متفرع ہونے کا سبب وہ جہالت ہے جو بنی آدم میں پھیل گئی اس کی یہ ہے کہ سریانی زبان کی وضع اور اس میں گفتگو کرنے کی بنیاد وہ صاف معرفت ہے جس میں جہالت کا شائبہ نہ ہوتا کہ کلام کرنے سے ہی کلام کنندگان کو معانی معلوم ہو جائیں لہٰذا سامع کے ذہن میں ان معانی کو ڈالنے کے لیے معمولی سا اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔ نچہ ان میں اس بات پر اتفاق ہو گیا کہ معنی کو قریب کرنے اور اختصار کی غرض سے حروف تہجی سے معانی کی طرف اشارہ کیا جائے ونکہ ان کا مقصد معانی سے بحث کرنا ہوتا ہے۔ نہ وہ حروف جو ان پر دلالت کرتے ہیں، یہاں تک کہ اگر یہ ممکن ہوتا کہ ان معانی کو ان وف کے بغیر ہی ذہن میں حاضر کر لیا جائے تو وہ ان حروف کو کبھی وضع نہ کرتے۔ یہی وجہ ہے کہ بڑے بڑے اہل کشف کے سوا یا واح کے سوا، کیونکہ وہ جاننے اور سمجھنے والی ہیں یا فرشتوں کے سوا جن کی فطرت وخلقت ہی معرفت پر ہے، کوئی بھی اس زبان میں گفتگو یں کر سکتا۔ اگر تو انہیں گفتگو کرتا ہوا دیکھ لے تو تُو دیکھے گا کہ وہ ایک یا دو حرفوں یا ایک یا دو کلموں کے ساتھ ان معانی کی طرف اشارہ رہے ہیں جن کی طرف دوسرے ایک یا دو جزوں میں اشارہ کر سکیں گے۔

یہ معلوم کر لینے کے بعد آپ سمجھ جائیں گے کہ جب بنی آدم میں جہالت پھیل گئی تو اس کی وجہ سے ان حروف کو ان معانی سے جن کے لیے یہ ابتداءً وضع کیے گئے تھے، منتقل کر دیا گیا اور ان کو مہمل بنا دیا گیا لہٰذا معانی کے ادا کرنے کے لیے اس بات کی ضرورت ہوئی کہ ان کو ایک دوسرے سے ملا دیا جائے تا کہ ایک مجموع حاصل ہو جسے کلمہ کہا جاتا ہے تا کہ یہ ان معانی میں سے جو پہلی وضع والوں کے ہاں مروج تھے ایک معنی پر دلالت کرے لہٰذا حروف کے معانی اور ان کے اسرار کو نہ جاننے کی وجہ سے بہت بڑا علم ضائع ہو گیا، باوجود اس کے جب آپ کسی زبان کا کوئی لفظ لیں گے اور نقل سے پہلے کے معانی سے اس کی تشریح کرنا چاہئیں گے تو اس میں کوئی حرف ضرور ایسا ملے گا جو اپنی سابق وضع (یعنی سریانیت) میں اس پورے مفہوم کو ادا کرے گا، جس پر پورا کلمہ اس دوسری وضع میں دلالت کر رہا ہے کیونکہ یہ معانی منقول عنہ (یعنی سریانی معانی) سے متفق ہیں اور دیکھے گا کہ اس کلمہ کے باقی حروف دیگر معانی پر دلالت کرتے ہیں جنہیں سریانی لوگ تو سمجھ جاتے ہیں اور دوسرے لوگ ان سے ناواقف ہیں۔ مثلاً حائط کا لفظ عربی میں گھر یا کسی اور گھیرنے والی دیوار کے لیے وضع کیا گیا، مگر سریانی

زبان میں ابتدائی حاء ہی یہ تمام معنی ادا کر دیتی ہے اور لفظ ماء عربی زبان میں پانی کو کہتے ہیں مگر اس کی آخری ہمزہ یہ معنی ادا کرتی ہے اور لفظ سماء آسمان کو کہتے ہیں مگر اس کے شروع کی سین ہی یہ معنی ادا کر دیتی ہے، غرض اکثر اسماء پر غور کریں تو سب اسی طرز پر نکلیں گے کہ ایک حرف معنی کو ادا کرتا ہے اور باقی حروف بیکار و بے فائدہ ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت آدم علیہ السلام کی زبان سریانی تھی:

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ جب حضرت آدم علیہ السلام جنت سے اُتر کر زمین پر آئے تو وہ اپنی بیوی اور بچوں کے ساتھ سریانی زبان میں باتیں کیا کرتے تھے کیونکہ وہ ابھی ابھی جنت سے آئے تھے لہٰذا انہیں معانی کی صاف معرفت حاصل تھی لہٰذا سریانی زبان اپنی اصلی حالت پر بغیر تغیر و تبدل کے ان کی اولاد میں قائم رہی، حتیٰ کہ حضرت ادریس علیہ السلام گزر گئے تو اس میں تغیر و تبدل شروع ہوا اور لوگ اس کو اپنی اصل سے منتقل کرنے اور اس سے اپنی اپنی بولیاں نکالنے لگے چنانچہ سب سے پہلی زبان جو اس میں سے نکالی گئی وہ ہندوستان کی زبان (سنسکرت) ہے اسی لیے یہ زبان سریانی زبان سے قریب ترین ہے اور فرمایا کہ حضرت آدم علیہ السلام جنت سے اترنے کے بعد سریانی زبان میں اس لیے باتیں کرتے تھے کہ یہ اہل جنت کی زبان ہے اور وہ جنت میں یہی زبان بولا کرتے تھے اور جنت سے یہی زبان لے کر دنیا میں آئے تھے۔

اس پر میں نے عرض کیا کہ مفسرین نے خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ انسان سے مراد آدم علیہ السلام ہیں اور بیان سے مراد سات سو زبانوں میں کلام کرنا ہے جن میں افضل ترین قرآنی زبان ہے۔

حضرت نے فرمایا یہ صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو سات زبانیں سکھائیں چنانچہ وہ یہ تمام زبانیں جانتے تھے بلکہ آپ سے کم درجہ والے یعنی اولیائے اُمت محمدیہ ﷺ بھی زبانیں جانتے ہیں، لیکن وہ وہی زبان بولتے ہیں جس پر ان کی تربیت ہوئی آدم علیہ السلام کو تربیت اہل جنت کی زبان سریانی پر ہوئی، واللہ تعالیٰ اعلم۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہ نہایت ہی عمدہ کلام ہے اور اس پر حضرت ابن عباسؓ کی اس مرفوع حدیث سے اعتراض وارد نہیں ہوتا کہ عرب سے تین باتوں کی وجہ سے محبت رکھو۔ میں عربی ہوں، قرآن عربی میں ہے اور اہل جنت بھی عربی میں گفتگو کریں گے۔ کیونکہ عقیلی کہتا ہے اس حدیث کی کوئی اصل نہیں اور ابن الجوزی نے اسے موضوعات میں شمار کیا ہے، میں نے حضرت سے بھی اس حدیث کے متعلق پوچھا تو فرمایا یہ حدیث نہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں فرمائی۔

نیز حضرت نے فرمایا اگر ننھے بچوں کی گفتگو پر غور کریں تو ہم ان کی گفتگو میں بہت سی سریانیت پائیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ بچہ میں جو تعلیم دی جاتی ہے وہ پتھر پر لکیر کی طرح ہو جاتی ہے چونکہ آدم علیہ السلام اپنے بچوں سے باتیں کیا کرتے اور اسی زبان میں مختلف کھانے پینے کی چیزوں کے نام لیا کرتے لہٰذا اسی پر ان کا نشو و نما ہوا اور اپنی اولاد کو بھی یہی زبان سکھائی اور یہ سلسلہ یوں ہی چلتا رہا جب اس میں تبدیلی واقع ہوئی اور بھول گئی تو بڑوں کے پاس اس کا کچھ بھی نہ رہا البتہ بچوں کے پاس کچھ باقی رہ گئی اس میں ایک اور بھی ہے وہ یہ کہ بچہ جب تک ماں کا دودھ پیتا رہتا ہے اس کی رُوح کا تعلق ملا اعلیٰ سے رہتا ہے اس زمانے میں جو خوابیں بچے کو نظر آتی ہیں اگر بڑے کو نظر آویں تو خوف کے مارے مر جائے کیونکہ بچپن میں غلبہ رُوح کا ہوتا ہے اور بڑے ہو کر جسم کا غلبہ ہوتا ہے اور پہلے ذکر

ح کی زبان سریانی ہے لہٰذا جس طرح بچہ عالم خواب میں جو کچھ مشاہدہ کرتا ہے بحکم غلبہ رُوح کرتا ہے۔ اسی طرح کبھی وہ سریانی
ل جاتا ہے تو اس وقت بھی غلبہ رُوح کا ہی ہوتا ہے۔

حضرت نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام اُغ ہے جسے دودھ پیتا بچہ بولتا ہے اور یہ نام بلندی رفعت، لُطف اور
پر دلالت کرتا ہے گویا کہ وہ یوں کہہ رہا ہے یَا عَلِیُّ، یَا رَفِیْعُ، یَا حَنَّانُ، یَا لَطِیْفُ. اسی طرح تم نے دیکھا ہوگا کہ بچے کا دودھ
نے کے بعد جب باقلاء یا چنے کا دانہ اسے دیا جاتا ہے تو اس کا نام بُوبُو رکھتے ہیں کہ سریانی زبان میں کھانے کی میٹھی چیز کے لیے مقرر
لیے ماں کے پستانوں کو بھی جن سے وہ دودھ پیتا ہے یہی نام دیا جاتا ہے اسی طرح جب بچے کو پاخانہ پھرنے کی حاجت ہوتی ہے تو
ع کہہ کر اطلاع دیتا ہے اور سریانی میں یہ لفظ ذات کی پلیدی کو نکالنے کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ اسی طرح بچے کے پاس جب کوئی
چھوٹا بچہ لایا جائے تو اس کا نام رکھتے ہیں مُؤمُؤ جو سریانی زبان میں ایک چھوٹی اور پیاری چیز کے لیے وضع کیا گیا ہے اسی لیے آنکھ
کو عربی میں مُـؤمُـؤ کہتے ہیں مگر لفظ عین کا اضافہ کر کے مُومُو العین استعمال کرتے ہیں یعنی آنکھ میں چھوٹی اور پیاری چیز۔ بچوں کے
باقی سریانی الفاظ تلاش کرنے لگیں تو قصہ طول پکڑ جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

پھر حضرت نے فرمایا کہ اس وقت کہ ۹ ذی الحجہ ۱۱۲۹ء کا دن ہے۔ اہل مغرب میں سے کوئی بھی سریانی میں بات کرنے والا نظر نہیں آتا۔
میں نے دریافت کیا کیا سیدی منصور جن کی وفات ہو چکی ہے سریانی میں گفتگو کرتے تھے یا نہیں۔ فرمایا ہاں اس زبان میں باتیں
تھے مگر سیدی عبداللہ برناوی ان سے کہیں اچھی بول لیتے تھے۔

میں نے پوچھا اسے کیوں سیکھا جاتا ہے؟

دیوان کی زبان سریانی ہے

فرمایا اس لیے کہ اہل دیوان سے بکثرت میل جول رہتا ہے اور وہ اس زبان کے کثرت معانی کی وجہ سے کسی اور زبان میں گفتگو
رتے۔ عربی میں گفتگو صرف اس وقت ہوتی ہے جس وقت نبی ﷺ کے حضور ہوتے ہیں آپ ﷺ کے ادب وتوقیر کی وجہ سے،
دنیا میں اپنی حیات میں آپ ﷺ کی یہی زبان تھی۔

اس کے بعد میں نے حضرت سے پوچھا سیدی عمر الھواری اور سیدی محمد اللہو اج یہ زبان جانتے تھے یا نہیں؟

فرمایا نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال قبر سیرانی زبان میں ہوگا یا کسی اور زبان میں:

میں نے عرض کیا: کیا سوال قبر سریانی زبان میں ہوگا یا کسی اور زبان میں، اس لیے کہ حافظ السیوطی اپنے منظومہ میں فرماتے ہیں:۔

وَمِنْ غَرِیْبِ مَا تَرَی الْعَیْنَانِ
اَنَّ سُؤَالَ الْقَبْرِ بِالسُّرْیَانِیْ

(عجیب بات یہ ہے کہ سوال قبر سریانی زبان میں ہوگا) اس کا شارح کہتا ہے کہ ناظم نے اپنی کتاب شرح الصدور باحوال الموتیٰ

والقبور میں شیخ الاسلام [15] علم الدین البلقینی کے فتاویٰ کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ میت سوالات کا جواب سریانی زبان میں دے گی
ناظم کہتا ہے کہ مگر مجھے اس کی سند کہیں نہیں ملی ۔ علامہ ابن حجر سے اس کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا کہ ظاہر حدیث
تو معلوم ہوتا ہے کہ قبر میں سوال و جواب عربی زبان میں ہوگا مگر اس کے باوجود ہوسکتا ہے کہ ہر شخص سے خطاب اس کی زبان میں ہوا
بات معقول بھی ہے۔

حضرت نے جواب دیا: سوال قبر سریانی زبان میں ہوگا کیونکہ یہ زبان فرشتوں اور ارواح کی زبان ہے اور سوال کرنے والے فر
بھی انہی میں سے ہیں اور سوالات کا جواب صرف رُوح دے گی جو تمام ارواح کی طرح سریانی زبان میں گفتگو کرتی ہے، کیونکہ جب
سے جسم کا پردہ (بذریعہ موت) زائل ہوجاتا ہے تو اپنی پہلی حالت کی طرف لوٹ آتی ہے۔ پھر فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی ولی کو فتح
(یعنی مرتبہ غوثیت) عطا کرتا ہے تو وہ کسی سے سیکھنے کے بغیر ہی اس زبان میں گفتگو کرسکتا ہے، کیونکہ اس پر رُوح کا حکم غالب ہوتا ہے
مردے کا تو کیا پوچھنا، لہٰذا اس کو سریانی میں بات کرنے میں کوئی دقت پیش نہ آئے گی۔

سوال و جواب کے الفاظ: میں نے عرض کیا حضرت ہماری درخواست ہے کہ قبر کے سوال و جواب کی کیفیت بیان فرما کر ہمیں ممنون فرما

مراز ہو: حضرت نے جواب دیا: منکر ونکیر سریانی زبان میں میت کو مراز ہو کہیں گے اور اس کا تلفظ یوں فرمایا اول میم مفتوحہ ا
پر ہلکی سی تشدید پھر راء مفتوحہ اور پھر الف پھر زاء ساکن اور آخر میں مضمومہ کے ساتھ واؤ خفیف سکون لیے ہوئے اور دل چاہے ہ پر وقف
اور اس کے بعد ذرا کھینچو کہ ہلکی سی واؤ پیدا ہوجائے۔

ان حروف کے معانی سریانی زبان میں ان کے حقیقی معنوں سے معلوم ہوسکتے ہیں۔

م۔ پہلا حرف جوز بروالی میم ہے تمام کائنات اور ساری مخلوقات پر دلالت کرنے کے لیے وضع کی گئی ہے

ء۔ دوسرا حرف ران تمام خوبیوں کے لیے وضع کیا گیا ہے جو اس کائنات میں موجود ہیں۔

ز۔ کائنات کی برائیوں کے لیے وضع کی گئی ہے۔

ہ۔ جس کے کشش ہے۔ اس ذات مقدس پر دلالت کرنے کے لیے وضع ہوئی ہے جس نے تمام عوالم کو پیدا کیا۔ سُبْحَانَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا

پس حرف اوّل سے اشارہ ہوا ہے تمامی کائنات کی طرف اور حروف دوم سے اشارہ ہوا ان خوبیوں کی طرف جو کائنات میں
ہیں اور ان میں سید الوجود ﷺ، تمام انبیاء، فرشتے، آسمانی کتابیں، جنت، لوح، قلم اور وہ تمام انوار جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں
کچھ عرش کے اندر اور اس کے نیچے ہیں، سب داخل ہوجائیں گے اور تیسرے حرف ز سے اشارہ ہوا تمام برائیوں کی طرف اس میں
ہر ذات خبیث مثلاً شیطان اور ہر وہ چیز جس میں گندگی اور شر ہو سب داخل ہوجائیں گی اور حرف چہارم ھ سے جو اللہ تبارک وتع
پہنچانے والی ہے۔

حضرت نے فرمایا سریانی زبان کا طریقہ ہے کہ بعض معانی کے لیے صرف ارادہ پر اکتفا کی جاتی ہے اور ان کے لیے کوئی ال
نہیں کیے جاتے۔ مثلاً قسم، استفہام وتمنیٰ وغیرہ، چنانچہ یہاں استفہام مراد ہے حالانکہ اس پر دلالت کرنے والا کوئی حرف نہیں کیونک
قرینہ موجود ہے گویاں یوں پوچھا گیا ہے کہ تمام کائنات، انبیاء، ملائکہ، کتب سماویہ، جنت، تمام خوبیوں اور شیاطین اور تمام برائیوں
اللہ سبحانہ ہیں یا کوئی اور؟

دزیر ہُو:

حضرت نے فرمایا اب رہا جواب، سو اگر میت مومن ہوگی تو وہ جواب میں مراد ازیر ہو کہے گی اور اسے یوں ضبط: میم مفتوح بتشدید پھر راء مفتوح پھر الف ساکن، پھر دال ساکن، دال کے بعد ہمزہ مفتوح، پھر زاء مکسور، پھر یاء ساکن اور یا کے بعد راء ساکن اور پھر ہ م جس کے ساتھ ہلکے سے سکون والی واؤ ہے ان حروف کے معانی یہ ہیں کہ پہلے حرف کا اشارہ جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے تمام کائنات وقات کی طرف ہے دوسرے حرف کا اشارہ نور محمدی ﷺ اور ان تمام انوار کی طرف ہے جو آپ ﷺ سے نکلے مثلاً انوار ملائکہ، انوار ، مرسلین، انوار لوح وقلم اور نور برزخ اور ہر وہ چیز جس میں نور پایا جائے۔ ہم نے جواب میں اس حرف کی یہ تفسیر اس لیے بیان کی ہے ہ سوال میں مذکورہ بالا تشریح دی تھی کہ جواب دینے والا اُمت محمدیہ ﷺ میں سے ہے لہٰذا وہ چاہتا ہے کہ وہ مسلک محمدی میں داخل ہو پ کے جھنڈے کے سایہ میں آجائے اسی لیے جواب میں ان حروف سے وہی معنی مراد لیے ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ تاہم سوال س کی تفسیر تمام خیر امت کی، کی گئی ہے، یہ اس کے بھی مخالف نہیں ہے، اس لیے کہ ہر خیر نور محمدی ﷺ سے متفرع ہوئی ہے اور حرف یعنی دال سے اشارہ ہے ان تمام چیزوں کے برحق ہونے کی جانب جو پہلے حرف میں داخل تھیں گویا کہ میت جواب میں یہ کہہ رہی ہے ہاں سیدنا محمد ﷺ برحق ہیں۔ تمام انبیاء برحق ہیں، تمام فرشتے برحق ہیں ان میں سے کسی میں بھی شک نہیں اور تمام وہ چیزیں بھی برحق جو حرف سابق میں داخل ہیں۔ پھر حرف چہارم یعنی ہمزہ مفتوحہ اپنے مابعد کے مدلول کی طرف اشارہ کرتا ہے کیونکہ سریانی زبان میں مفتوحہ حروف اشارہ میں سے ہے جیسے ھٰذَا اور ھٰذِہٖ عربی زبان میں اور پانچواں حرف زاء جیسا کہ ذکر ہو چکا شر اور برائی پر دلالت کرتا چنانچہ ظُلمت حقیقی اور ہر وہ ظلمت جو اس سے متفرع ہوئی ہو اس کی تحت میں آجاتی ہے لہٰذا اس سے دوسرے حرف کی ضد مراد ہوئی لیے اس میں جہنم اور ہر وہ شئی جس میں ظلمت وشر ہو داخل ہو جاتی ہے، اور راء ساکنہ سے اشارہ ہے ہر اس چیز کے حق ہونے کا جو حرف ق یعنی زمین داخل ہے جس کوی کے ساتھ اشباع دیا گیا ہے اور ہ جس میں ضمہ کے کھینچنے سے واؤ پیدا ہوگئی ہے اشارہ ہے ذات علیہ کی ف بایں لحاظ کہ وہ خالق ہے۔ مالک ہے متصرف ہے۔ قاہر ہے۔ مختار ہے پس حاصل جواب یہ ہوا کہ تمام کائنات کا اور ہمارے نبی ﷺ کا اور تمام انبیاء کا جو کہ برحق ہیں اور تمام فرشتوں کا جو کہ برحق ہیں اور عذاب جہنم کا جو کہ برحق ہے اور ہر قسم کی شر کا جو کہ برحق ہے سب پیدا کرنے والا سب کا مالک، سب کا تصرف کرنے والا اور مختار کل وہی اللہ سبحانہ ہے جو ایک ہے جس کا نہ کوئی مخالف اور نہ شریک ہے نہ کوئی اس کے حکم کو ٹالنے والا ہے۔

پھر فرمایا جب مردہ یہ صحیح جواب دیتا ہے تو فرشتے اس سے کہتے ہیں نامیر بنون مفتوحہ جس کے بعد الف ہے اور الف کے بعد ص مکسورہ ہے اور ص کے بعد راء ساکن ہے اس کے معنی بھی سریانی حروف کی وضع سے معلوم ہو جائیں گے۔ چنانچہ پہلا حرف نا بنون مفتوحہ اور اس کے بعد الف، اس نور پر دلالت کرتا ہے جو ذات میں ساکن اور اس میں چمک رہا ہے اور دوسرا حرف ص مکسورہ ہے مٹی پر دلالت کرتا ہے اور راء ساکنہ دلالت کر رہی ہے ماقبل کے حق ہونے کی طرف اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہاں تیرا نور ایمان جو تیری ذات ترابی میں جس کی اصل مٹی ہے ساکن ہے اور وہ حق اور صحیح ہے، واقعہ کے مطابق ہے جس میں کوئی شک وشبہ نہیں۔ لہٰذا یہ مفہوم حدیث نبوی ﷺ کے ان الفاظ کے قریب ہے [1] صَالِحًا قَدْ عَلِمْنَا اَنْ كُنْتَ لَمُوْقِناً اچھا اب آرام سے سو جاؤ ہمیں معلوم تھا کہ تم صاحب یقین وایمان ہو۔

کلمات قرآنیہ کے متعلق سوال:

میں نے حضرت سے ان کلمات قرآنیہ کے متعلق پوچھا جن کے متعلق علماء میں اختلاف ہے کہ وہ سریانی زبان کے ہیں یا کسی اور زبان کے۔

۱۔ اَسْفَاراً : ان میں ایک لفظ اَسْفَاراً ہے۔ واسطی[۱۷] نے **الارشاد** میں لکھا ہے کہ یہ لفظ سریانی ہے جس کے معنی کتب (کتابوں کے ہیں اور ابن ابی حاتم[۱۸] نے ضحاک[۱۹] سے نقل کیا ہے کہ یہ قبطی لفظ ہے۔ بمعنی کتب۔ یہ **الاتقان فی علوم القرآن** کا بیان ہے۔

حضرت نے فرمایا یہ سریانی لفظ ہے بمعنی کتب اور واسطی کا قول درست ہے اور تمام کلمہ کے معنی وہ خوبیاں ہیں جو طاقت بشر سے با ہیں کیونکہ ہمزہ کا اشارہ مابعد کی طرف اور سین ساکن وضع ہوا ہے، محاسن اشیاء کے لیے اور فاء مفتوحہ اس چیز کا نام ہے جو طاقت بشری خارج ہو اور رمفتوح کا دوسرا اشارہ ہے۔ محاسن کی طرف مطلب یہ ہوا کہ وہ کتابیں جن میں ایسی خوبیاں ہیں جو بشری طاقت سے باہر ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۔ اَلرَّبَّانِیُّونَ: دوسرا لفظ اَلرَّبَّانِیُّونَ ہے جو الیقی کہتے ہیں[۲۰]: ابوعبیدہ[۲۱] کا قول ہے کہ اہل عرب کو رَبَّانِیُّونَ کے لفظ کا علم نہیں ا میرا خیال ہے کہ یہ لفظ یا تو عبرانی ہے یا سریانی لیکن ابوالقاسم[۲۲] نے یقینی طور پر اسے سریانی قرار دیا ہے اس کا ذکر سیوطی نے اتقان میں ہے۔

حضرت نے فرمایا یہ لفظ سریانی ہے جس کے معنی وہ لوگ ہیں جنہیں حق تعالیٰ نے بغیر تعلم کے فتح عطا کی ہو اور یہ مرکب ہے کلموں سے رَبَّا . نِی . یون ۔ پھر آپ نے اس کی یوں تشریح کی کہ راء مفتوحہ اشارہ ہے خیر کثیر کی طرف جس پر باء مشدد دلالت کر ہے گویاں یوں کہا جا رہا ہے کہ یہ خیر کثیر ہے اور دوسرے کلمے کی تشریح یہ ہے کہ نون مکسورہ اشارہ ہے قرب کی طرف اور تیسرے کلمے کی ش یہ ہے کہ یاء مضمومہ اشارہ ہے اس چیز کی طرف جو ایک حالت پر برقرار نہ رہے جیسے بجلی اور نور اور نون مفتوحہ اشارہ ہے اس خیر کی طرف ذات میں جاگزین اور اس میں مشتعل ہے، مطلب یہ ہے کہ یہ خیر وخوبی جو میرے قریب ہے اور اہل فتح کی ذات میں پائی جاتی ہے ا الٰہیہ میں سے ایک نور ہے اور اسرار الٰہیہ میں سے ایک سرّ ہے اور وہ ان کی ذات میں جاگزین اور مشتعل ہے۔

۳۔ هَیْتَ لَکَ: اسی طرح لفظ هَیْتَ لَکَ (سورۃ یوسف آیت ۲۳) ابن حاتم نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ هَیْتَ لَکَ معنی قبطی زبان میں آؤ اور حسن[۲۳] نے اسے سریانی کہا ہے۔ ابن جریر کی بھی یہی روایت ہے کہ عکرمہ[۲۴] کہتے ہیں کہ حورانی لفظ ہے۔ روایت ابوالشیخ[۲۵] کی ہے۔ ابوزید الانصاری[۲۶] کہتے ہیں کہ یہ عبرانی لفظ ہے اور اصل میں **هیتله** ہے یعنی آؤ۔ یہ بیان اتقان کا ہے۔

حضرت نے فرمایا یہ سریانی لفظ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۔ شهر : اسی طرح شھر کا لفظ ہے جو الیقی کہتے ہیں کہ اہل نعت نے ذکر کیا ہے کہ یہ لفظ سریانی ہے۔

حضرت نے فرمایا یہ سریانی نہیں۔ سریانی زبان میں شہر کے معنی پانی کے ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ جو اس کلمہ کے حروف کی تفسیر جانتا ہے اسے اس میں شک نہ ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

عَدْن : ایک اور لفظ عَدْن ہے۔ ابن جریر نے ذکر کیا ہے کہ ابن عباس نے کعب سے جَنَّاتُ عَدْنٍ کے معنی پوچھے تو کعب[۲۷] نے کہا یانی میں اس کے معنی انگوروں کے باغات کے ہیں۔ ابن جریر نے اپنی تفسیر میں اسے رومی بتایا ہے یہ بیان اتقان کا ہے۔

حضرت نے فرمایا یہ سریانی لفظ ہے اور اس لفظ کی ایک بلند تشریح بیان کی۔

هُواً : ایک اور لفظ رَهُواً ہے واسطی کہتے ہیں وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا کے معنی سریانی زبان میں ''ساکن'' کے ہیں۔ ابوالقاسم ی زبان بتایا ہے اور اس کے معنی سہل بتاتے ہیں۔

حضرت نے فرمایا یہ سریانی لفظ ہے اور اس کے معنی ایسی قوت کے ہیں جس کی کوئی شخص طاقت نہ رکھ سکتا ہو چنانچہ اگر ہم کہیں کہ ص رہو ہے یعنی اتنا قوی ہے کہ کوئی اس کے مقابلے کی طاقت نہیں رکھتا یا یوں کہیں کہ یہ شخص رہو قوم میں سے ہے یعنی ایسی قوم میں ہے کہ کوئی قوم ان کے مقابلے کی تاب نہیں لاسکتی۔

(مؤلف کہتا ہے) کہ اب آیت کے معنی ظاہر ہیں اور جو شخص اس کلمے کے حروف کی تفسیر کو پہچان لے اسے شیخ کے بیان میں شک و ہے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

غرض اسی قسم کے بہت سے الفاظ میں نے حضرت سے دریافت کیے جن کا آپ نے جواب دیا، لیکن میں نے قارئین کے ملال کے سے ان کا ذکر نہیں کیا۔

ان سریانی کلمات کی تشریح سننے کے بعد میں سمجھ گیا کہ حضرت نے مذکورہ الفاظ مثلاً مشفح و مشیخا ولانجیل دو المنحَمَنّا سیٰ حمیثا وغیرہ الفاظ کا ہی جواب دے رہے ہیں۔ اس پر میں نے حضرت سے درخواست کی کہ ہر کلمے کی تشریح ان کے حروف کی ضع کے اعتبار سے بیان کریں تو حضرت نے یہ سب کچھ ایک ایک حرف کر کے بیان کر دیا، لیکن بخوف طوالت میں نے ان کا ذکر نہیں واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت سے میں نے سنا کہ غوث کے سوا سریانی زبان کو کوئی شخص نہیں جانتا یا وہ اقطاب سبعہ جانتے ہیں جو اس کے ماتحت ہوتے سیدی احمد بن عبداللہ نے یہ زبان مجھے تقریباً ایک ماہ میں سکھائی تھی۔ یہ ۱۱۲۵ھ کی بات ہے۔

مؤلف کہتا ہے میں نے یہ کلام حضرت سے ۴ ذی الحجہ ۱۱۲۹ء کو سنا۔ سیدی احمد بن عبداللہ سے حضرت کی مراد وہ احمد ہیں جو آپ سے جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے غوث تھے اور وہ جیسا کہ ہم بیان کریں گے۔ ان دس اولیاء میں سے تھے جن کی وراثت حضرت شیخ کو ملی اور ء میں ذی القعد کے آخر میں جیسا کہ آخر میں نے ان سے سنا ایک اور بڑے ولی کی وراثت بھی ان کو جن کا نام سیدی ابراہیم لَمْلَز ہے فتوحہ لاموں کے درمیان میم ساکن ہے جن کے آخر زاء ہے۔ حضرت نے اس کا تلفظ اسی طرح بتایا تھا جس زمانہ میں سید احمد بن عبد ضرت کو سریانی زبان کی تعلیم دے رہے تھے۔ یہ حضرت کی فتح کا ابتدائی زمانہ تھا۔ انہوں نے حضرت کو سریانی زبان اس لیے سکھائی ن کو علم تھا کہ حضرت قطب بننے والے ہیں چنانچہ تھوڑی مدت بعد ہی آپ قطب بن گئے۔

اس بات کی دلیل کہ اس زبان کو ان خاص اولیاء کے سوا جن کی طرف حضرت نے اشارہ کیا کوئی نہیں جانتا۔ بڑے بڑے اولیاء منقول وہ نصوص ہیں جو فواتح السُوَر کی تشریح میں انہوں نے بیان کیے۔

پھر حضرت نے سریانی زبان میں حروف تہجی کی اصل وضع ومعانی ۸ ذی الحجہ ۱۱۲۹ھ میں مجھے سکھائے۔ بحمد اللہ میں ایک دن م
سب سمجھ گیا تو فرمایا میں نے تو ایک ماہ میں سیکھی تھی اور تم ایک ہی دن میں سیکھ گئے۔ میں نے آپ کے ہاتھ کو بوسہ دیا اور عرض کی کہ
حضرت ہی کی برکت اور پڑھانے وسمجھانے کا سلیقہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۱۲۹ھ میں رمضان شریف کے آخر میں ایک دن میں حضرت سے اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ (سورۃ تکویر پارہ ۳۰ آیت ۱) ذکر کر
تھا کہ میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ یہ جو مشہور ہے کہ قرآن مجید کے ہر کلمہ کے ایک ظاہری معنی ہیں اور ایک باطنی۔ کیا یہ درست۔

حضرت نے فرمایا یہ سچ ہے چنانچہ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ کے بھی ظاہری اور باطنی معنی ہیں چنانچہ اس کا ظاہر آخر کی تصد
کرتا ہے اور اس کا باطن اول کی۔

میں نے عرض کیا کہ آخر سے آپ کی مراد کیا ہے؟

فرمایا آخر سے مراد وہ امور ہیں جو قیامت کے دن محشر میں واقع ہوں گے اور اول سے مراد وہ امور ہیں جو عالم ارواح میں واقع ہو۔

اس کے بعد آپ نے عالم ارواح کی بعض اشیاء کا ذکر کیا کہ نہایت تعجب انگیز تھا اور آپ نے محیر العقول باتیں بیان کیں۔ یہ
اسرار خداوندی میں سے ہیں جن کا ذکر کرنا منع ہے۔

پھر میں نے آپ سے اس آیت کے متعلق پوچھا جس کا ظاہر عالم ارواح میں ہے مثلاً وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ
ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ (سورہ اعراف آیت ۱۷۲) اور عرض کیا اس کا باطن کہاں ہے؟

حضرت نے فرمایا کہ اس کا باطن وہ امور ہیں جو علم ازلی اور پہلی تقدیر میں گزر چکے۔

نیز آیت اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ (سورہ نساء آیت ۱۴۵) کے متعلق پوچھا کہ ان کے باطنی معنی کیا ہ
فرمایا وہ ظلمت جو عالم ارواح میں تھی۔ اسی ظلمت سے جہنم پیدا ہوئی۔ خدا ہمیں اس سے پناہ دے، چنانچہ اس ظلمت کے اندر
منافقین کا اسی طرح کا مقام ہے جس طرح کا مقام ان کے اجسام کے لیے جہنم میں ہے خدا ہمیں اس سے محفوظ رکھے۔

میں نے عرض کیا کہ اس باطن کے جاننے کا کوئی سبب بھی ہے؟

فرمایا یہ کشف کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتا مگر جو سریانی زبان سمجھ جائے اور حروف کے اسرار کا اسے علم ہو جائے تو اس سے
قرآن کے جاننے میں بہت ہی مدد ملے گی اور اسے عالم ارواح، دنیا، دار آخرت، آسمانوں اور زمینوں اور عرش کی باتوں کا علم ہو جا
اسے علم ہو جائے گا کہ قرآن عزیز میں جن کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ ان کی کوئی انتہاء نہیں اور اسے اس آیت کے معنی معلوم ہ
گے۔ مَافَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ (سورہ انعام آیت ۳۸) واللہ تعالیٰ اعلم۔

کیا قرآن مجید لوح محفوظ میں عربی میں لکھا ہوا ہے:

پھر میں نے دریافت کیا کہ کیا قرآن مجید لوح محفوظ میں عربی زبان میں لکھا گیا ہے؟ حضرت نے فرمایا ہاں اور کچھ حصہ سر
بھی لکھا ہوا ہے۔

میں نے عرض کیا کہ سریانی میں لکھا ہوا کونسا حصہ ہے؟

فرمایا سورتوں کی ابتداء میں جو حروف مُقطعات ہیں۔

میں نے کہا برسوں سے جس چیز کی مجھے تلاش تھی، وہ آج ہاتھ آئی۔ میری حضرت سے ملاقات رجب ۱۱۲۵ء میں ہوئی اور میں آپ
وکرتا رہا اور ولایت سے متعلق امور کے متعلق پوچھتا رہا میں نے حضرت سے وہ باتیں سنیں کہ میں حیران رہ گیا۔ جب حضرت نے
مجھے آپ کے جواب پسند آئے ہیں، تو فرمایا تیرا جو دل چاہے پوچھ۔ اس پر میں نے سورتوں کی ابتداء میں حروف مقطعات کے
ریافت کیا کہ صٓ۔ وَالْقُرْآنِ ذِی الذِّکْرِ (سورہ ص، آیت ۱) کے کیا معنی ہیں؟

حضرت نے فرمایا: اگر لوگوں کو ص کے معنی اور اس کی حقیقت کا علم ہو جائے تو کسی کو بھی اللہ کے حکم کی مخالفت پر کبھی جرأت نہ ہو، مگر
نے اس کی تشریح نہیں کی۔

صٓ: پھر میں نے کٓھٰیٰعٓصٓ کے معنی دریافت کیے۔

فرمایا اس میں عجیب راز ہے اور جو کچھ بھی اس سورہ مریم میں مذکور ہے مثلاً حضرت زکریا علیہ السلام، حضرت یحییٰ علیہ السلام حضرت مریم علیہا السلام،
یسیٰ علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسمٰعیل علیہ السلام، حضرت اسحٰق علیہ السلام حضرت یعقوب علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ہارون علیہ السلام،
ادریس علیہ السلام، حضرت آدم علیہ السلام ونوح علیہ السلام کے قصے اور ہر وہ قصہ جس کا ذکر اس کے بعد سورۃ میں آیا ہے وہ سب کٓھٰیٰعٓصٓ کے معنی
ں ہے اور اس سے زیادہ حصہ اس کے معنی کا ابھی باقی رہ گیا ہے۔

پھر فرمایا کہ یہ رموز لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہیں اور ہر رمز کے ساتھ اس کی شرح بھی لکھی جاتی ہے لہٰذا ان رموز کو بڑی شکلوں میں
تا ہے اور ان کی تشریح کبھی اوپر کبھی نیچے اور کبھی درمیان مین لکھی جاتی ہے، اس کی تشبیہ تو یہ ہو سکتی ہے جس طرح کے منصف مزاج
ں کو جب کوئی لفظ دستاویز میں سے چھوٹ گیا ہو اور پھر یاد آجائے تو وہ اس حرف کو حرفوں کے اوپر مہار کی شکل میں درج کر لیتے ہیں
ورۃ کے ابتدائی حروف اسی شکل کی طرح ہیں اور جو کچھ باقی سورۃ میں دیا ہے وہ اس کی تفسیر ہے لوح محفوظ کا یہی دستور ہے کہ پہلے
ں پھر اس کی تفسیر۔ اس سے فارغ ہو کر دوسرے رموز تشریحات آئیں گی۔ یہ سلسلہ اسی طرح آخر تک چلتا ہے اور تفسیر حرف کے نیچ
ں جاتی ہے جب حرف ص کی شکل کا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ص کی شکل لوح محفوظ میں اتنی بڑی نظر آتی ہے کہ کوئی چلے تو کم وبیش ایک دن
ں کی مسافت کو طے کرے۔

پھر فرمایا کہ سورتوں کے ابتدائی حروف کا علم صرف دو شخصوں کو ہوتا ہے، ایک وہ جس کی نظر میں لوح محفوظ ہو یا وہ شخص جو اہل تصرف
الاولیاء سے میل جول رکھتا ہو۔ ان دونوں شخصوں کے سوا کسی کو فواتح النور کے جاننے کی ہرگز خواہش نہیں کرنی چاہیے۔

: پھر میں نے دریافت کیا کہ الٓمٓ جو سورہ بقرہ کے شروع میں ہے اور الٓمٓ جو سورہ آل عمران کے شروع میں ہے کیا ان دونوں کا اشارہ
ی شئی کی طرف ہے یا دونوں کے معنی مختلف ہیں؟

حضرت نے فرمایا دونوں کے الگ الگ معنی ہیں اور ہر ایک کی تشریح ان مضامین سے کر دی گئی ہے جو اس سورت میں ہیں۔ میں
یہ تقریر حضرت سے ابتدائی ملاقات کے زمانے میں سنی تھی اور میں سمجھ گیا تھا کہ وہ اکابر اولیاء میں سے ہیں۔ کیونکہ میں نے اکابر صوفیہ کو
ا ہے کہ جب فواتح سور کا ذکر کرتے ہیں اور جن باتوں کا ذکر حضرت نے کیا ہے ان کی طرف اشارہ کرتے ہیں تو یہ بات واضح الفاظ

میں کہہ دیتے ہیں کہ فواتح سور کے معانی صرف وہ اولیاء جانتے ہیں جو اوتاد الارض ہیں لہٰذا یہ میرے لیے اس بات کی بڑی شہادت ہی
حضرت جلیل القدر ولی ہیں۔ خدا ہمیں ان کی محبت عطا کرے اور ہمیں ان علوم تک پہنچائے جو آپ سے ظاہر ہوتے تھے حالانکہ آپ نے
علوم نہ بڑے ہو کر نہ بچپن میں پڑھے تھے۔ بلکہ قرآن مجید تک نہ پڑھا تھا اور آپ کو صرف چند ایک سورتیں یاد تھیں اور وہ بھی وہ سورتیں
کی ابتداء سَبَّحَ سے ہوتی ہے مگر جب آپ انہیں قرآن مجید کی تفسیر کرتے سن لیں تو آپ نہایت ہی عجیب باتیں سُنیں گے۔ اکابر صو
یہ واضح عبارتیں ہیں جو آپ کی ولایت کی شاہد ہیں اور ان تمام باتوں کی شاہد ہیں جن کی طرف حضرت نے اشارہ کیا۔

چنانچہ حکیم ترمذی نوادر الاصول [۲۸] میں فرماتے ہیں کہ سورتوں کے ابتدائی حروف مُقطعات میں ان مضامین کی طرف اشارہ
ان سورتوں میں بیان کیے گئے ہیں اور اس کا علم صرف ان لوگوں کو ہے جو اللہ کی زمین پر اللہ کے حکیم ہیں اور اوتاد الارض ہیں۔ انہیں
اللہ کی عنایت سے ملا اور یہ شریف فلسفی ہوتے ہیں اور یہ ایسی قوم ہے جن کے دل خدا کی وحدانیت تک پہنچ گئے اور اس علم کو انہوں
خدائے واحد سے حاصل کیا۔ یہ علم حروف معجم کا علم کہلاتا ہے۔ انہی حروف سے تمام علوم کی تعبیر کی جاتی ہے اور انہی حروف سے اسا
وندی کا ظہور ہوا جس کو لوگوں نے اپنی زبانوں میں ادا کیا۔ اور اس عبارت کو ولی عارف باللہ سیدی ابوزید عبدالرحمٰن [۲۹] فاسی نے قط
ابوالحسن شاذلی [۳۰] کی حزب کبیر کے حاشیہ میں نقل کیا ہے۔ ابوزید [۳۱] فاسی اسی حاشیہ میں فرماتے ہیں کسی ایک صوفی نے کہا ہے کہ حر
اسماء کی معرفت خصوصیات علوم انبیاء میں سے بلحاظ اولیاء ہونے کے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اولیاء اور انبیاء دونوں اس علم میں شریک
ہیں کیونکہ یہ کشفی علوم میں سے ہے اس لیے عقل کے سرمایہ کے ساتھ ان علوم میں تصرف کرنا بے سود ہے بلکہ جو اس علم سے ناواقف
اسے جان ہی نہیں سکتا اور جو اس علم کو جان گیا وہ ناواقف نہیں رہ سکتا اور ہر ولی کو اتنا علم عطا ہوتا ہے جتنی کہ اسے فتح نصیب ہو، اس
اولیاء میں تفاوت پایا جاتا ہے اور ان کے اشارات میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ يُسْقٰى بِمَاءٍ وَّاحِدٍ وَّ نُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى
فِى الْاُكُلِ۔ انہیں ایک ہی پانی (یہاں مراد نور خداوندی) سے سیراب کیا جاتا ہے مگر ہم پھل میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دے د
) (سورہ رعد آیت ۴)

نیز اسی حاشیہ میں فرماتے ہیں کہ درجی نے اپنی تفسیر میں کہا ہے کہ حروف مقطعات قرآنی سورتوں کے معانی کی رموز ہیں
امور کے معانی کو ربانیون کے سوا کوئی نہیں جان سکتا۔

مولف حاشیہ سیدی عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ اس پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ ایک ہی رمز متعدد سورتوں میں مختلف معنوں
ہے جیسے الٓمٓ ، حٰمٓ وغیرہ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ رمز اس حرف کی طرح ہے جو کئی ایک معنوں میں مستعمل ہو۔

مولف کہتا ہے کہ ان اکابر کی اس عظیم شہادت پر غور کریں۔ عبدالرحمٰن فاسی نے اسی حاشیہ میں اور حوالے بھی درج کئے
سیدی عبدالنور کا، سیدی محمد بن سلطان کا، سیدی داؤد باخلی کا، سیدی شیخ ابوالحسن شاذلی [۳۲] کی حزب البحر کی شرح میں تو آپ کو اس
کے مرتبہ کا پتہ چل جائے گا۔ خدا ہمیں ان کی سچی محبت عطا کرے۔

مؤلف کہتا ہے کہ اوائل السُور کے متعلق جو کچھ میں نے حضرت سے سنا، ان کے خاص معانی کی وجہ سے میں اُن سے مستفید
یہاں تک کہ ۸ ذی الحجہ ۱۱۲۹ھ کا دن آ گیا تو میں نے مذکورہ بالا بات حضرت سے سنی اور وہ یہ ہے کہ قرآن کا کچھ حصہ لوح محفوظ میں
زبان میں لکھا گیا ہے اور یہ حصہ فواتح السُور کا ہے (یعنی حروف مقطعات) اس پر میں نے حضرت سے درخواست کی کہ ہر حرف

یح کریں اوران تمام رموز کی شرح بیان کریں آپ نے بحمد اللہ میری درخواست منظور کرلی ، میں اس کا کچھ حصہ بیان کرتا ہوں
ام کی تمام تشریح نقل کرنے کے لیے ایک مستقل تالیف کی ضرورت ہے۔

۱. صٓ : ص کی تفسیر میں حضرت نے فرمایا کہ اس سورت میں ص سے مراد وہ خلا ہے جہاں روز محشر سب لوگ اور تمام مخلوقات جمع
ر آیت میں اسے بطور وعدہ وعید کے لایا گیا ہے مطلب یہ ہے کہ وہ ص ہے یعنی جس خوفناک منظر سے تم کو ڈرایا جاتا ہے اور وہ خوشنما
ں کی تم کو بشارت دی جاتی ہے وہ ص یعنی محشر کا وسیع میدان ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ خلا ہر انسان کے افعال کے تقاضا کے مطابق
صورتیں اختیار کرتی ہے چنانچہ کافر کے لیے عذاب کی صورت اختیار کریگی اور اس کے پہلو میں ایک مومن ہوگا اس کے لیے رحمت
ئے گی اور ایک اور کافر کے لیے جو اس مومن کے پہلو میں کھڑا ہوگا عذاب ہوگا مگر اس قسم کا نہیں جو پہلے کافر کو ہو رہا تھا، بلکہ کسی اور قسم
اسی طرح ایک اور مومن کے لیے جو اس مومن کے پاس کھڑا ہوگا رحمت ہوگی مگر اس قسم کی نہیں جو پہلے مومن کے لیے تھی ، بلکہ کسی
ں اس کے افعال کے تقاضا کے مطابق ،اسی طرح جتنے لوگ بھی محشر میں جمع ہوں گے ان میں ہر ایک پر جدا قسم کی رحمت ہوگی اور جدا
زاب اور باوجود اس کے کہ دیکھنے میں تو فضا ایک ہی ہے اور جس طرح کہ دنیا کی طبیعت کا تقاضا ہے، ایک جگہ دوسری جگہ کے مشابہ
اور صاحب فتح ،اس تمام کو آنکھوں سے دیکھ سکتا ہے کہ زید اپنی تقدیر کی لکھت کے موافق اپنے مقام میں نظر آرہا ہے اور عمر اپنی جگہ
ا کہ وہ اللہ کے سامنے کھڑے ہیں۔اسی لیے تو میں نے کہا تھا کہ اگر لوگوں کو علم ہو جائے کہ ص سے کیا مراد اور اس کا کس طرف اشارہ
وئی شخص بھی اللہ کے حکم کی مخالفت کرنے کی جرأت نہ کرے کیونکہ اگر لوگوں کے لیے پردہ اُٹھا کر ان کے مقام دکھا دیئے جائیں تو
گزار رشک کرے کہ کاش اور عمل کرتا تو بہتر درجہ پاتا اور مخالف افسوس سے مرجائے اور ظاہر ہے کہ اس مقام میں کفار بھی ہوں گے،
ھی ،انبیاء بھی ، ملائکہ بھی ، جن اور شیاطین بھی۔لہٰذا سورت کی ابتداء میں کافروں کی چند جماعتوں کا ذکر کر کے کفار کی طرف اشارہ کر دیا
رح انبیاء کے ذکر کے دوران میں مومنین کا ذکر کر کے ان کی طرف اشارہ کر دیا اور سورت کے آخر میں جن اور شیاطین کا ذکر کر دیا اور ان
وی حالات کا تذکرہ کیا ، اگرچہ یہ حالات محشر میں نہ ہوں گے اسی لیے کہ یہی احوال اس خلا میں جس میں ان کا حشر ہوگا۔ان کے
ت کے اختلاف کا سبب بنیں گے۔اس سورت کے متعلق اور بہت سے اسرار ہیں جن کا ظاہر کرنا روا نہیں۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۔ كٓهٰيٰعٓصٓ : كٓهٰيٰعٓصٓ کا مفہوم اس کے ہر حرف کی الگ الگ تشریح کے بعد سمجھ میں آئے گا چنانچہ کاف مفتوحہ کے معنی ہیں
ور فاء ساکن مفتوحہ کے معنی کو محقق کرنے کے لیے آیا لہٰذا اس میں فاء مفتوحہ کے معنی اور تحقیق وتقریر دونوں مفہوم پائے جاتے ہیں اور
وحہ کے معنی ہیں ایسی چیز جس کی طاقت ہو، لہٰذا فاء ساکن کے معنی ہوئے کہ ان کا لایطاق ہونا حق ہے جس میں شک کی گنجائش نہیں
مفتوحہ کے معنی ہیں صاف و پاک رحمت جس میں کوئی کدورت نہیں اور یہ تغیر پذیر ہے۔

حرف ندا ہے۔

(کہ تلفظ میں عین ہے) مفتوحہ، ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

ساکن یہاں اختلاط پر دلالت کرتی ہے۔

ساکن نون مفتوحہ کے معنی کی تحقیق کے لیے ہے اور نون مفتوحہ کے معنی ہیں وہ خیر وخوبی جو ذات میں قائم وشامل ہے۔

مفتوحہ سے مراد خلا ہے۔

اور دال ساکن ص کے معنی کو محقق کرتی ہے کیوں کہ یہ حروفِ اشارہ میں سے ہے اور حروف اشارہ اپنے ماقبل کے معانی کی تحد
کرتے ہیں، برخلاف دوسرے حروف کے کیونکہ جب وہ ساکن ہوں تو اپنے مفتوح کے معانی کو محقق کرتے ہیں۔

اصلی وضع کے مطابق حروف کی تفسیر کردی گئی۔ اب معنی یوں ہوئے کہ اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کو نبی ﷺ کے درجے اور بڑے م
کی خبر دے رہا ہے اور اس بات کی اطلاع دے رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا تمام مخلوقات پر یہ احسان ہے کہ انہیں ایسا بنایا کہ وہ اپنا نور اس نبی
ﷺ سے حاصل کریں۔

ک اس کی تشریح تفسیر سابق سے اس طرح ہوگی کہ کاف سے مراد یہ ہے کہ نبی ﷺ اللہ کے بندے ہیں۔ فاء ساکن نے دلالت ک
کہ آپ ﷺ کی سی کوئی طاقت نہیں رکھ سکتا اور آپ ﷺ کے ایسے ہونے میں کوئی شک وشبہ نہیں اور آپ ﷺ کے لایطاق
سے یہ مراد ہے کہ آپ ﷺ نے تمام مخلوقات کو عاجز کردیا ہے کہ نہ کوئی پہلا آپ ﷺ کے مرتبہ کو پاسکا نہ پچھلا پاسکے گا اسی
آپ ﷺ سید الوجود کہلاتے ہیں۔

ھ اور ھ مفتوحہ نے دلالت کی کہ آپ ﷺ اوروں کے لیے پاک وصاف رحمت ہیں جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَمَا اَرْسَلْ
اِلَّا رَحْمَةً لِّلعٰلَمِيْنَ (سورۃ انبیاء آیت: ۱۰۷) خود آنحضرت ﷺ نے بھی فرمایا ہے اِنَّمَا اَنَا رَحْمَةٌ مُهْدَاةٌ لِلْخَلْقِ
مخلوقات کے لیے رحمت کا ہدیہ ہوں)

ی اوری ندا ہے بندہ مذکور کو۔ اور جس غرض کے لیے آپ کو پکارا گیا ہے وہ رحلت وانتقال مکانی ہے جس پر ع دلالت اور یاء سا
جو حرف اشارہ ہے اس کی تاکید کردی ہے اس لیے کہ جیسا کہ ذکر کیا گیا حروف اشارہ تاکید کے لیے آتے ہیں۔ مزید برآں
کا بھی فائدہ دیتی ہے کہ کوچ اور اختلاط کرنا ضروری ہے اور جس چیز کو کوچ کرایا جائے گا وہ نور وجود ہے جس کی بدول
موجودات قائم ہے اور یہ معنی نون ساکنہ سے حاصل ہوتے ہیں اور جس کی طرف کوچ کرنا ہے اس پر دلالت کرتا ہے ص۔

لہٰذا مطلب یہ ہوا کہ اے میرے ذی عزت واحترام بندے، آپ کو ان تمام لوگوں کی طرف جو اس خلاء محشر میں جمع ہیں، ض
پڑے گا ان انوار کے ساتھ جن سے ان کے وجود قائم ہیں، تاکہ وہ آپ سے مستفیض ہوں کیونکہ ان سب کا مادہ آپ ہی سے ہے۔

اس تشریح سے ان حروف کے معانی عمدہ طور پر مرتب ہوگئے اور کلام بھی بہترین طریق پر منظم ہوگیا کیونکہ سریانی زبان میں
کے معانی سے وہی فائدہ حاصل ہوتا ہے جس طرح دونوں زبانوں میں کلمات کے معانی سے چنانچہ کسی زبان میں جب کوئی کلام کلما
مرکب ہو تو جب تک اس کے کلمات کے معانی باہم مرتب نہ ہوں، کلام درست نہیں ہوسکتا۔ یہی حال سریانی زبان میں کلام کا ہے
وہ حروف سے مرکب ہو تو اسی صورت میں وہ کلام درست ہوگا جب اس کے حروف کے معانی مرتب ہوں اور ان کی ترکیب بھی مضب
جس طرح علاوہ سریانی زبان کے دوسری زبان میں کلام کلمات سے مرکب ہو تو ان کے معانی کو ترتیب دینے کے لیے کبھی تقدیم
ضرورت ہوتی ہے یا باہم متصل معنوں میں ایک اجنبی کا فعل لانے کی ضرورت ہوتی ہے اور اسی طرح کسی چیز کا ضمیر کی صورت
ضروری ہوتا ہے تاکہ معنی درست بیٹھ جائیں یہی حال سریانی زبان کا ہے کہ جب یہ حروف سے مرکب ہو جائے تو کبھی ترتیب
غرض سے اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ حروف کو مقدم یا موخر لایا جائے یا کہیں حذف کیا جائے یا ضمیر لائی جائے وغیرہ۔

حضرت نے فرمایا میں نے جو تشریح ان رموز کے معانی کی ہے وہ کشف ومشاہدہ کے ذریعے سے اہل کشف کو معلوم ہے

ت ﷺ کو ان تمام خداوندی عنایات و کرامات کے ساتھ جو اوروں کی طاقت سے باہر ہیں مشاہدہ کرتے ہیں اور دیگر مخلوقات کو جن
ء، فرشتے وغیرہ شامل ہیں اور جو کچھ اللہ نے انہیں دیا ہے مشاہدہ کرتے ہیں اور یہ بھی دیکھتے ہیں کہ سید الوجود سے نکل کر مادہ نور کے
میں تمام مخلوق کی طرف جاری ہے اور انبیاء فرشتوں تک پھیلا ہوا ہے اس طرح یہ اہل کشف اس استفادہ کی عجیب و غریب کیفیت کا
رتے ہیں۔

حضرت نے فرمایا ایک صالح شخص نے کھانے کے لیے روٹی کا ٹکڑا لیا اور اس میں وہ نعمت نظر آئی جو بنی آدم کو عطا کی گئی ہے تو اس
ں نور کا ڈورہ نظر آیا اس نے اس نور کا پیچھا کیا۔ دیکھا تو وہ اس نور کے ڈورے سے ملا ہوا تھا جو نور محمدی سے جا ملا تھا پھر دیکھا کہ یہ نور
ایک ہے۔ پھر تھوڑی دور تک جا کر ڈوروں کی متعدد شاخیں نکلنی شروع ہو گئیں۔ ہر شاخ اس نعمت سے ملی ہوئی تھی جو ان ذوات کو عطا
یں۔

مؤلف کہتا ہے: یہ قصہ خود حضرت کا اپنا ہے خدا ان سے راضی ہو اور ہمیں آپ کی جماعت اور گروہ سے بنائے اور ہمارا تعلق کبھی ان
ع نہ ہو۔

واقعہ:

حضرت نے فرمایا ایک بدنصیب کا واقعہ ہے کہ کہنے لگا کہ آنحضرت ﷺ نے تو مجھے صرف ایمان کی راہ دکھائی ہے۔ باقی رہا نور ایمان
د کی طرف سے ہے نبی ﷺ کی طرف سے نہیں۔ صالحین نے اس سے کہا اچھا اگر ہم اس تعلق کو جو تمہارے نور ایمان اور نور محمدی کے
ہے منقطع کر دیں اور محض ہدایت کو جس کا تم ذکر کر رہے ہو، رہنے دیں تو کیا اس پر راضی ہو؟ کہنے لگا، ہاں راضی ہوں۔ ابھی اس نے
ہ نہ کی تھی کہ اس نے صلیب کو سجدہ اور اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا اور کفر پر مرا۔ خدا اپنے فضل و کرم سے ہمیں بچائے۔

مختصر یہ کہ اولیاء اللہ جنہیں اللہ عزوجل اور آنحضرت ﷺ کی قدر و منزلت کا علم ہے ان تمام مذکورہ بالا چیزوں کا اپنی آنکھوں سے
ی طرح مشاہدہ کرتے ہیں جس طرح تمام محسوسات کا، بلکہ اس سے زیادہ، کیونکہ نظر بصیرت سے زیادہ قوی ہے، جیسا کہ آگے ذکر
چنانچہ وہ دیکھتے ہیں کہ حضرت زکریا علیہ السلام کے احوال و مقامات جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمائے ہیں۔ وہ سید الوجود ﷺ سے ممتد ہو کر
ک زکریا علیہ السلام تک پہنچے ہیں۔ اسی طرح تمام احوال و مقامات حضرت یحییٰ علیہ السلام کے اس سورہ میں ذکر ہوئے ہیں۔ نیز مریم علیہا السلام اور ان
وال و مقامات، عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے احوال و مقامات، ابراہیم علیہ السلام، اسمٰعیل علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام، ہارون علیہ السلام، ادریس علیہ السلام، آدم علیہ السلام اور نوح
ہر نبی جس پر اللہ کا انعام ہوا (سب نور محمدی ﷺ سے استفادہ کرتے ہیں) یہ تھوڑا سا بیان معانی رموز کا ہے ورنہ جو معانی ابھی باقی
وہ بے شمار ہیں اسی لیے ہم نے کہا ہے کہ اس سورت میں رموز کا نہایت ہی تھوڑا حصہ ہے کیونکہ تمام موجودات خواہ ناطقہ ہوں یا صامتہ،
ہوں یا غیر عاقلہ، ذی رُوح ہوں یا غیر ذی رُوح، سب ہی ان رموز میں داخل ہیں۔

اعتراض:

حضرت سے یہ عمدہ تفسیر سن لینے کے بعد میں نے سوال کیا کہ حاشیہ سابقہ میں ابوزید نے سیدی محمد بن سلطان سے یوں نقل کیا ہے۔

سیدی عبدالنور نے سیدی ابوعبداللہ بن سلطان سے جو امام شاذلی کے خواص میں سے ہیں نقل کیا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا فقیہ کے ساتھ کٓهٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓعٓسٓقٓ کی تفسیر کے بارے میں بحث کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے میری زبان پر یہ جاری کر دیا یہ اللہ کے رسول کے درمیان راز کی باتوں میں سے ہے، گویا کہ اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں:

ک: اے محمد تم کہف الوجود ہو جس کے پاس آ کر تمام موجودات پناہ لیتی ہے۔ آپ کل وجود ہیں۔

ھ: ہم نے آپ کو ملک عطا کیا اور ملکوت مہیا کیا۔

ی ع: اے عین العیون۔

ص: تم میری صفات میں سے ہو کہ جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

ح: ہم تمہارے حامی ہیں۔

م: ہم نے آپ کو مالک بنا دیا۔

ع: ہم نے آپ کو علم سکھایا۔

س: ہم نے آپ پر اسرار کھول دیے۔

ق: ہم نے آپ کو اپنا قرب بخشا۔

اس پر انہوں نے مجھ سے جھگڑنا شروع کر دیا اور اس تفسیر کو قبول نہ کیا اس پر میں نے کہا چلو ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کر فیصلہ کراتے ہیں۔ ہم گئے اور آنحضرت ﷺ کی زیارت کی۔ آپ نے فرمایا جو محمد بن سلطان نے کہا ہے ٹھیک ہے۔ اھ۔

جواب: حضرت نے فرمایا سیدی محمد بن سلطان نے جو کچھ آنحضرت ﷺ کے مقام کے متعلق بیان کیا ہے، درست حروف کی اپنی وضع اور اصل کے اعتبار سے وہی تشریح ہے جو ہم نے بیان کی۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت کی بیان کردہ تفسیر کا بلند مقام مخفی نہیں کیونکہ ملک کا ہبہ اور ملکوت کا مہیا کرنا ہر ایک اس بات کا مقتضی ہے کہ آنحضرت ﷺ اور یہ چیزیں دو الگ الگ چیزیں ہیں اور یہ کہ ان کی شاخیں آنحضرت ﷺ سے نہیں نکلیں۔ کہاں یہ تفسیر اور کہاں ملک اور ملکوت اور تمام مخلوقات ص میں شامل ہے پھر حرف نون اور عین کے تقاضا کے مطابق سب پر یہ حکم لگانا کہ ان کا مادہ سید حاصل ہوا ہے آنحضرت ﷺ کے کہف الوجود کا بھی یہی معنی ہے کہ یہاں پر موجودات پناہ لیتی ہے لہٰذا جو کچھ سیدی محمد بن سلطان فرمایا وہ سب ن ع ص کے تحت آ جاتا ہے۔

اس کے بعد میں نے حضرت سے تمام حروف مقطعات کی تفسیر ایک ایک رمز کر کے سنی، جس کے طویل ہونے کے باعث کی گنجائش نہیں۔ لہٰذا صرف دو جوابوں پر اکتفا کرتا ہوں۔ ان میں سے ایک حضرت نے ایک فقیہ کے سوال کے جواب میں فقراء کی محبت کا دعویٰ تھا۔

سوال: ان سوالات میں سے ایک سوال یہ ہے کہ حرف مقطع ق میں کون سا راز خداوندی ہے کہ بعض عارفین کہتے ہیں اس قدیمہ اور حضرت حدیثہ کے دائرہ کا راز جمع ہو گیا ہے ان سوالات سے اس کا مقصد حضرت کا امتحان کرنا تھا اور یہ کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ آپ کو علوم لدنیہ حاصل ہیں کیا یہ صحیح ہے؟ چنانچہ اس فقیہ نے علامہ حاتمی [۳۳] وغیرہ کی کتاب

کر کے چند ایک سوالات اکٹھے کر لیے کہ اس کے خیال میں کوئی شخص بھی ان کا جواب نہ دے سکے گا، چنانچہ اس نے یہ سوالات حضرت کی خدمت میں روانہ کیے حضرت نے باوجود امی عامی ہونے کے ان سب کا جواب دیا۔

حضرۃ قدیمہ سے مراد وہ انوار حادثہ ہیں جو ارواح واشباح اور زمینوں اور آسمانوں کے پیدا ہونے سے پہلے پیدا کیے جا چکے تھے ۔ یہاں قدم سے مراد قدم حقیقی نہیں کہ كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ (اللہ تھا اور کوئی اور چیز نہ تھی) اور حضرت حادثہ سے مراد وہ ارواح واشباح ہیں جو اس کے بعد آئیں اور اس میں شک نہیں کہ ارواح جب اجسام سے مل جائیں تو بعض سے تو اللہ نے جنت کا وعدہ کیا ہے اور بعض سے دوزخ کا۔ پھر جن سے اللہ نے جنت کا وعدہ کیا ہے وہ بعض انوار حضرۃ الانوار کی ایک فرع ہے جس طرح کہ جن سے دوزخ کا وعدہ کیا ہے وہ بھی بعض انوار حضرۃ الانوار کی فرع ہے لہٰذا حضرۃ الانوار کی دوسری قسم پہلی قسم کی فرع ہوئی اور ان کی دو قسمیں ہو گئیں۔ پسندیدہ اور ناپسندیدہ

اب تم یہ سمجھ چکے تو اب جان لو کہ اس حرف مقطع میں تلفظ کے، اعتبار سے تین حرف ہیں۔ ق ا۔ ف چنانچہ ق کو جب الف سے ئے تو سریانی زبان میں اس کے معنی حضرۃ قدیمہ اور حضرۃ حادثہ دونوں میں خیر وشر اور فضل وعدل کے ساتھ تصرف کرنے کے ہیں زبان میں ف ساکن کے معنی اپنے ماقبل سے قبیح کو زائل کرنے کے ہیں اور ان دونوں میں قبیح وہ ہے جسے شر کی وعید فرمائی گئی ہے موعود بالشر کو زائل کر دیا گیا تو موعود بالخیر باقی رہ گیا اور موعود بالخیر خاصان خدا ہیں۔ لہٰذا اس حرف مقطع ق کا اشارہ خاصان خدا کی طرف ہے جن کا انعام اللہ تعالیٰ نے ان پر کیا۔ حضر تین کا یہی راز ہے لہٰذا یہ اللہ تعالیٰ کا ایک نام ہے۔ جس کی اضافت اللہ عزز ترین مخلوق کی طرف کی گئی ہے، بعینہٖ اس طرح جس طرح عربی زبان میں لفظ سلطان چنانچہ یہ لفظ ہے اشارہ بادشاہ اور اس کی طرف خواہ وہ سعادت مند ہوں جیسے مسلمان یا بد بخت ہوں جیسے ذمی (کافر) پس جب بادشاہ کی تعریف کرنا ہو تو کہیں گے سلطان سلام کا لفظ لانے سے اہل ذمہ ادب، تعظیم اور وقار کے لحاظ سے خارج ہو جائیں گے مگر درحقیقت وہ خارج نہ ہوں گے لہٰذا اس یوں ہوئے کہ کوئی کہے اے محمد! انبیاء ملائکہ اور اہل سعادت کے رب یہاں تک کہ ان کی کل تعداد اور ان کے اللہ کے ہاں مقامات و گنتے جاؤ۔ نیز اہل جنت، ان کے منازل اور درجات کا ذکر کرو پس جب ان تمام کا ذکر کر چکو کہ ذرہ بھر نہ چھوٹے تو یہ ق کے معنی ے۔ لہٰذا اس میں اسرار رسالت، اسرار نبوت، اسرار ملائکہ، اسرار ولایت، اسرار سعادت، اسرار جنت، تمام انوار کے اسرار اور وہ تمام ہوں گے جو تمام موجودات میں پائے جاتے ہیں۔

وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ (تیرے رب کے لشکروں کا علم خود اسی کو ہے)

سریانی زبان کا قاعدہ ہے کہ ف جو "الگ کرنے" کے معنی میں آتی ہے، اسے کتابت میں نہ لایا جائے تا کہ کتابت و معنی ایک ے کے موافق بن جائیں۔ اسی لیے اسے ق کی کتابت میں نہیں لایا گیا۔

حضرت نے فرمایا اگر چاہو تو حضرۃ قدیمہ سے مراد وہ امور ہوں جو علم ازلی میں آ چکے ہیں اور قدیم اپنے حقیقی معنوں میں ہو اور حضرۃ سے مراد وہ معلومات ہوں جن کو اللہ تعالیٰ وجود میں لایا اور انہیں اس دنیا میں ظاہر کیا تو یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں اور معنی اپنی حالت پر ہی گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مؤلف کہتا ہے خدا آپ کو توفیق دے ذرا غور کریں یہ کس قدر عمدہ جواب ہے۔ میری سائل سے ملاقات ہوئی تو میں نے کہا کو

حضرت کا جواب کیسا ہے؟ تو کہنے لگا: شیخ زروق [۳۴] نے اس کی تشریح یوں کی ہے کہ حضرت قدیمہ سے مراد قاف کا دائرہ ہے اور حضر
حادثہ سے مراد دائرہ کے نیچے کا شوشہ ہے اور اس میں جو راز ہے وہ اشارہ ہے حادثہ کے قدیمہ سے مستفیض ہونے کی طرف، اس لئے
تعریقہ (شوشہ) اس حلق سے ملا ہوا ہے جسے ہم نے دائرہ کہا ہے لہٰذا اس کے اتصال سے اشارہ ہوگیا حادثہ کے قدیمہ سے مستفیض ہو
کی طرف، لہٰذا سورہ ق سے قدیم و حادث دونوں حضرتوں کی طرف اشارہ پایا گیا، اس طرح کہ حلقہ کا اشارہ حضرت قدیمہ کی طرف ہے
تعریفہ کا حادثہ کی طرف اور حلقہ کے ساتھ تعریفہ کے اتصال کا اشارہ قدیمہ سے حادثہ کے استفادہ کی طرف۔

میں نے کہا کجا یہ تشریح اور کجا وہ تشریح جو حضرت نے بیان فرمائی کیونکہ سوال تو ق جو کہ ایک حرف ہے، کے معنی کے متعلق تھا
کچھ آپ نے ذکر کیا اس کا تعلق کتابت سے ہے نہ کہ اس سے کیونکہ ق میں نہ کوئی حلقہ ہے نہ کوئی تعریفہ۔ مزید برآں آپ کی تشریح میں
حضرۃ قدیمہ کا ذکر ہے، نہ حادثہ کا، پھر حضرت قدیمہ اور حلقہ میں کون سی مناسبت پائی جاتی ہے اور تعریفہ اور حضرۃ حادثہ میں کونسی منا
ہے؟ اگر یہ مناسبت محض اتصال کی وجہ سے ہے تو یہ میم کے حلقہ اور اس کے تعریفہ اور ص، ض، ع، غ وغیرہ حروف میں جن میں حلق
تعریفہ پایا جاتا ہے موجود ہے، سائل اس اعتراض کا جواب نہ دے سکا، اس سے میرا مقصد حضرت زروق پر اعتراض کرنا نہیں۔ معا
کہ میں ان پر یا کسی اور ولی پر اعتراض کروں۔ خدا ہمیں ان کے علوم سے فائدہ پہنچائے۔ میرا مقصد صرف سائل سے بحث و مباحثہ ک
۔ مزید برآں میں شیخ زروق کی تشریح سے واقف نہ تھا ہوسکتا ہے کہ سائل نے اس کا صرف مفہوم ادا کیا ہو اور اس کی حقیقت سے بے
ہو اور اسی لیے اس پر اعتراض وارد ہوا ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

دوسرا سوال: حضرت کا دوسرا جواب اس اعتراض کے متعلق تھا جس کی طرف حاشیہ مذکورہ بالا کے مصنف عبدالرحمٰن فاسی نے ک
اس اعتراض کا ماحصل یہ ہے کہ جب فواتح السور یعنی حروف مقطعات ان سورتوں کے مضامین کے رموز ٹھہرے تو پھر کیا وجہ ہے کہ رمز
ہی ہے مگر سورتیں مختلف ہیں کیونکہ اختلاف سور کا تقاضا تھا کہ رموز بھی الگ الگ ہوں۔

جواب: حضرت نے جواب دیا کہ رمز کے ایک ہونے کے باوجود سورتوں کے مختلف ہونے کا سبب یہ ہے کہ قرآنی آیات کے
تین قسم کے ہیں: (۱) ابیض (سفید) اور یہ رنگ ان کلمات کا ہے جن کے قائل بندے ہوتے ہیں اور جن کا سوال اپنے رب سے
ہیں [۳۵] (یعنی کلمات دعائیہ) (۲) اخضر (سبز) جن کا قائل خود حق تعالیٰ ہو [۳۶] اور (۳) اصفر (زرد) یہ وہ کلمات ہیں جن کا تعلق ان
کے ساتھ ہے جن پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوا۔ مثال کے طور پر سورۃ فاتحہ میں سبز رنگ صرف اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کا ہے کہ یہ قول ہے حق سبحا
سفید رنگ ہے اَلْعَالَمِیْنَ سے لے کر غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ تک اور زرد رنگ ہے مَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ سے آخر سورۃ تک اور یہ تینوں انوار
میں پائے جاتے ہیں، البتہ کسی میں کوئی نور کم اور کوئی نور زیادہ ہوگا۔ جیسا کہ تم نے سورہ فاتحہ میں دیکھ لیا، ان تینوں انوار کے اخت
سبب یہ ہے کہ لوحِ محفوظ تین مختلف رخوں میں ہوتا ہے کیونکہ ان کا ایک رخ دنیا کی طرف ہے یعنی دنیا اور اہل دنیا کے حالات سے
ہے اور اس میں ہر وہ چیز درج ہے جس کا تعلق دنیا اور دنیا والوں سے ہے اس کا دوسرا رخ جنت کی طرف ہے اور اس میں جنت
جنت کے احول و صفات درج ہیں اور تیسرا رُخ جہنم کی طرف ہے اور اس میں جہنم اور جہنمیوں کے احوال و صفات درج ہیں۔، خ
جہنم اور عذاب جہنم سے پناہ دے، چنانچہ دنیا کی طرف جو رخ ہے اس کا نور سفید ہے۔ جو جنت کی طرف ہے اس کا نور سبز ہے اور ج
طرف ہے اس کا نور زرد ہے درحقیقت یہ نور سیاہ ہے مگر مومن کی نگاہ میں یہ زرد نظر آتا ہے کیونکہ جب اس کا نور بصیرت سیاہ رنگت

سے اس کی نگاہ میں زرد بنا دیتا ہے، حتیٰ کہ مومن جب محشر میں کھڑا ہوگا اور اس کو اس کی لکھی ہوئی تقدیر کے مطابق نور ملے گا اور اس
ایک کافر ہوگا جسے بہت بڑی سیاہی اور تاریکیوں نے گھیرا ہوگا تو وہ کافر مومن کو زرد رنگ کا دکھائی دے گا۔ اس سے مومن سمجھ جائے
کسی کافر کا وجود ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ کافر کوئی چیز نہ دیکھ سکے گا کیونکہ وہ تاریکی جو اسے چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہوگی
لیے حجاب (پردہ) کا کام دے گی۔ لہٰذا اسے سیاہی پر سیاہی کے سوا کچھ دکھائی نہ دے گا۔
میں نے عرض کیا تب تو اس کے دل میں صرف انہی لوگوں کا خیال آئے گا جن کا حال محشر میں اس جیسا ہوگا۔ لہٰذا وہ مومن کو اپنے
حال میں نہ دیکھ سکے گا اور اس کے دل میں یہ تمنا بھی پیدا نہ ہوگی کہ کاش دنیا میں مسلمان ہوتا۔
حضرت نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جنت اور اہل جنت کے حالات کا اس قدر علم جتنا کہ ضروری ہے اس کے دل میں پیدا کر دیگا۔
جب تم یہ سمجھ گئے تو پھر آیت کی طرف آؤ۔ اگر اسے اس رُخ سے لیا جائے جو جنت کی طرف ہے تو اس کا نور سبز ہوگا اگر دوزخ
رخ سے لیا جائے تو اس کا نور زرد ہوگا اور اگر دنیا والے رخ سے دیکھا جائے تو اس کا نور سفید ہوگا، پھر ہر رخ میں کئی قسم کی تفصیل اور
ئی جاتی ہے جس کا احاطہ سوائے اللہ کے کوئی نہیں کر سکتا۔
اور یہ حروف مقطعات جو سورتوں کے شروع میں ہیں لوح محفوظ میں بعینہٖ اسی طرح لکھے ہوئے ہیں جس طرح قرآن مجید میں' البتہ
کے ساتھ سریانی زبان میں اس کی شرح بھی لکھی ہوئی ہے چنانچہ اگر ہر حرف مقطع کی شرح میں جو لکھا ہوا ہے اسے دیکھو تو تمہیں ان
الگ ہونے کا علم ہو جائے اس کی شرح یہ ہے کہ الٓمٓ رموز ہیں جن کا اشارہ اس نور محمدی کی طرف ہے جس سے تمام مخلوقات
ہ کرتی ہے۔ اگر اس نور کو جس کی طرف اس رمز سے اشارہ کیا گیا ہے اس لحاظ سے دیکھا جائے کہ مخلوقات میں سے کچھ ایسے لوگ
آپ ﷺ پر ایمان لائے اور کچھ ایسے ہیں جنہوں نے کفر کیا اور یہ کہ مومنین کے کیا حالات ہیں اور کفار کے کیا۔ نیز وہ امور جن کا
س سے ہے اور کلام کا ربط بھی ان سے ہے تو یہ الٓمٓ وہ ہے جو سورہ بقرہ میں آیا ہے اور یہ ان ہی معنوں میں نازل ہوئی ہے۔ اور اگر
ی پر ان بھلائیوں کے اعتبار سے نظر ڈالی جائے جو انہیں اس نور سے حاصل ہیں اور یہ کہ وہ کس طرح حاصل ہوتی ہیں اور ان لوگوں
سے چند لوگوں کا ذکر کیا جائے جنہیں یہ نعمتیں اور بھلائیاں حاصل ہوئیں تو یہ الٓمٓ وہ ہے جس کا ذکر سورہ آل عمران میں آیا ہے اور یہ اسی
کے لیے نازل بھی ہوئی۔
اور اگر اس نور محمدی کو ان سزاؤں اور عذاب کے اعتبار سے دیکھا جائے جو نافرمان لوگوں پر نازل ہوا نیز ان مصائب کے اعتبار سے
دنیا میں انہیں پہنچیں وغیرہ وغیرہ تو یہ الٓمٓ وہ ہے جس کا ذکر سورہ عنکبوت میں آیا ہے۔ اسی طرح ہر اس سورۃ کے متعلق کہا جائے گا جس
روع میں یہ رمز آئے گا۔ اس بیان کو ہر وہ شخص جانتا ہے جو لوح محفوظ کو دیکھ رہا ہو۔
اس کے بعد میں نے ایک اور سوال کیا جس کا جواب حضرت نے ایسا دیا کہ عقلوں کے احاطہ سے باہر ہے۔ اس لیے میں نے اسے
لکھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
مولف کہتا ہے کہ یہ حضرت کے بیان کی صرف سطحی تشریح ہے ورنہ ان معانی کی تحقیق جن کی طرف حضرت نے اشارہ کیا اور ان کی کنہ
پہنچنا سوائے فتح کے نہیں ہو سکتا، یا اس طرح ہو سکتا ہے کہ شیخ کے سامنے بیٹھ کر ان سے سمجھا جائے۔ چنانچہ جب کوئی شخص اس کی تعلیم
رت سے لے اور سائل جس قسم کا سوال دل میں آئے کرے، تو خواہ وہ صاحب فتح نہ بھی ہو پھر بھی تمام معنی سمجھ جائے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سریانی زبان میں حروفِ تہجی کے معانی:

اب میری رائے یہ ہے کہ حروف تہجی کے متعلق یہ بیان کردوں کہ سریانی میں وہ کس معنی کے لیے وضع کیے گئے ہیں کیونکہ ان کی کبھی ضرورت پڑ جاتی ہے اور ہم اس سے پہلے اس کی طرف اشارہ بھی کر چکے ہیں۔ لہٰذا فائدہ کی تکمیل کی غرض سے میں یہاں دیے دیتا ہوں۔

ہمزہ: (ہمزہ) اگر مفتوح ہو تو اس سے تمام اشیاء کی طرف کم ہوں یا زیادہ، اشارہ ہوتا ہے۔ بعض اوقات متکلم اپنی ذات اور نفس کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے اور اشارے میں قبض نہیں ہوتا اور اگر ہمزہ مضموم ہو (ء) تو یہ اس شئی کی طرف جو قریب اور کم ہو اشار ہوتا ہے اور اگر ہمزہ مکسور (ء) ہو تو اشارہ ہوتا ہے اس چیز کی طرف جو مناسب طور پر کم ہو۔

ب: (ب) اگر مفتوح ہو تو اس سے مراد وہ چیز ہوگی جو غایت درجہ باعزت یا غایت درجہ ذلیل ہو اگر مکسور ہو (ب) تو وہ شئی جو ذا میں داخل یا داخل ہونے والی ہو۔ اگر مضموم (بُ) ہو تو یہ ایسا اشارہ ہے جس کے ساتھ قبض پایا جاتا ہے۔

ت: (ت) اگر مفتوح ہو تو اس کا مطلب خیر کثیر و عظیم ہے۔ اور اگر مکسور (تِ) ہو تو وہ مصنوع جو ظاہر ہو اور اگر مضموم ہو (تُ) قلیل و ظاہر چیز مراد ہے اور کبھی اجتماع ضدِین کے لیے بھی آتا ہے۔

ث: (ث) اگر مفتوح ہو تو نور یا ظلمت کی طرف اشارہ ہے، اگر مضموم (ثُ) ہو تو مراد ہے کسی چیز کا کسی چیز سے زائل ہونا اور اگ مکسور (ثِ) ہو تو ایک چیز کا دوسری چیز کے اوپر مقرر کرنا مراد ہے۔

ج: (جَ) اگر مفتوح ہو تو نبوت یا ولایت مراد ہے بشرطیکہ اس سے پہلے یا اس کے بعد حرف ہو جو اس پر دلالت کرے ورنہ اس معنی اس خیر کے ہوں گے جو کبھی زائل نہ ہو۔ اگر مضموم ہو تو وہ اچھی چیز جو کھانے میں آئے یا لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں اگر مکسور ہو تو وہ کم بھلائی جو ذات انسانی میں نور ایمان کی پائی جاتی ہے۔

حضرت نے ایک بار یوں بھی فرمایا کہ اگر مکسور ہو تو کم اور کمزور بھلائی یا نور۔

ح: (حَ) مفتوح ہو تو مراد اشیاء کا احاطہ اور سب پر شمولیت ہے اگر مضموم ہو تو بنی آدم کے علاوہ کسی اور چیز کا عدد کثیر۔ مثلاً ستار اور اگر مکسور ہو تو وہ عدد جو ذات میں داخل ہو یا ذات ان کے مالک ہو، مثلاً غلام اور درہم و دینار وغیرہ۔

خ: (خَ) مفتوح ہو تو حد درجہ کا طول جس کے ساتھ رقت بھی ہو اگر مضموم ہو (خُ) تو وہ کمال جو حیوانوں میں ہو اور اگر مکسور ہو کمال جو جمادات میں ہو۔

د: (د) مفتوح ہو تو وہ شے جو ذات سے خارج ہو۔ اگر مکسور ہو تو وہ شے جو ذات میں داخل ہو یا ذات پر داخل ہونے والی ذات کے قریب ہو اور اگر مضموم ہو تو وہ قلیل یا قبیح شئی جس کے ساتھ غصہ بھی ہو۔

ذ: (ذَ) اگر مفتوح ہو تو وہ شئی جو ذات کے اندر ہے اور ساتھ اس شئی کی عظمت بھی مراد ہو۔ اگر مضموم ہو تو وہ شئی جو فی نفسہٖ کر عظیم یا قبیح ہو اور اگر مکسور ہو تو وہ قبیح شئی جس کے بعد غصہ نہ آئے۔

ر: (رَ) اگر مفتوح ہو تو جمیع خیرات (بھلائیاں) ظاہرہ اور باطنہ۔ اگر مضموم ہو (رُ) تو وہ شئی جو اکیلی اور ظاہر ہو اور اگر مسکو بنی آدم کے علاوہ کوئی اور ذی رُوح یا خود روح۔

(ز) اگر مفتوح ہوتو وہ چیز جو کسی اور چیز پر داخل ہوتو اسے ضرر پہنچائے اور کبھی یوں فرمایا وہ شئی جس سے احتراز کیا جائے اور اگر مضموم ہو(زُ) تو وہ قبیح جس میں ضرر پایا جائے مثلاً کبائر، اگر مکسور ہو(زِ) تو وہ قبیح جس میں ضرر نہ ہو مثلاً صغائر، شبہات اور نجاست۔

(س) ۳۷ اگر مفتوح ہوتو وہ ملیح شئی جو طبعًا رقیق ہو۔ اگر مضموم ہو(سُ) تو قبیح اور کفری شئی یا ظاہر اور باطن سے سیاہ چیز اور اگر مکسور ہو(سِ) تو مہر لگانے والی شئی جس کی طرف سے اشارہ بھی ہو۔ یہ تشریح حضرت کی اپنی تحریر میں تھی مگر جو کچھ میں نے سنا وہ یہ ہے کہ س مرقق مفتوح سے مراد چیزوں کی خوبیاں، مضموم ہوتو ظاہری اور باطنی سیاہی اور اگر مکسور ہوتو ذات کا مغز اور اس کا راز مثلاً عقل کامل، عفو اور علم اور یہ دونوں تشریحیں تقریباً ایک ہی ہیں۔

(ش) اگر مفتوح ہوتو ایسی رحمت جس کے بعد عذاب نہ ہو۔ یا وہ شخص جس سے عذاب دور ہو چکا ہو اور رحمت اس پر داخل ہو چکی ہو اور پاک ہو گیا ہو۔ اگر مضموم ہوتو وہ شخص جو بذات خود بلند مرتبہ ہو اور اس کی تعظیم کی جاتی ہو اور مکسور ہوتو وہ شئی جس کی طبیعت میں پوشیدہ رکھنا ہو اور کبھی وہ چیز مراد ہوتی ہے جو قلب وغیرہ میں چھپی ہو۔ یہ بیان ان کی تحریر کا ہے، لیکن حضرت سے میں نے اس طرح سُنا ش مفتوح رحمت جس کے بعد عذاب نہ ہو، مضموم جس میں ذہن متحیر رہ جائے یا آنکھوں کو دکھ دے مثلاً تنکا (کنک) وغیرہ اور اگر مکسور ہوتو جسے کسی عضو یا پاؤں سے روندا جائے مگر وہ ظاہر نہ ہو یا جو قلب میں چھپی ہو۔ اور ظاہر نہ ہو۔

اگر مفتوح ہوتو زمین کا وہ سارا غبار جو قیامت میں اللہ کے سامنے پیش ہوگا۔ اگر مکسور ہوتو ساتوں زمینیں اور اگر مضموم ہوتو زمین کی تمام پیداوار۔ یہ معانی ص مرققہ کے ہیں اور اگر مفخمہ ہوتو مفتوح ہونے کی صورت میں وہ زمین جس پر اللہ کا غضب ہوا ہو یا جس پر نباتات نہ ہو اور مکسور ہوتو وہ ذات جس میں نباتات نہ ہو یا جس ذات میں کوئی خوبی نہ ہو۔ اگر مضمومہ ہوتو وہ ضرر جو ہر دو مذکور چیزوں سے ہمیں پہنچے۔ ایک اور بار فرمایا کہ ص مفتوح سے مراد تمام زمین اور ایک فرسخ تک جو کچھ اس پر ہے۔ مضموم ہوتو تمام زمینیں اور وہ چیز جو مٹی سے بنی ہے اور مکسور ہوتو زمین کی نباتات اور اگر مفخمہ ہوتو اشیاء جو ان پر ہیں مگر ساتھ ہی اللہ کا غصہ بھی ہو۔ یہ دوسری تشریح میں نے آپ کی وفات کے بعد آپ کے ہاتھوں کی لکھی ہوئی پائی ہے۔ پہلی تشریح خود میں نے آپ سے سنی تھی اور دوسری تشریح کی عبارت بھی حضرت کی ہے۔

ض جب مفتوح ہوتو مراد صحت اور تکلیف کا نہ ہونا ہے۔ اگر مضموم ہوتو وہ شئی جس میں قطعاً نور یا ظلمت نہ ہو۔ اگر مکسور ہوتو خشوع وخضوع۔

ط اگر مفتوح ہوتو وہ شئی جس کی جنس اور ذات دونوں نہایت پاک وصاف ہوں۔ اگر مضموم ہوتو پہلے کے برعکس انتہا درجے کی خبیث شئی اور اگر مکسور ہوتو وہ شئی جس کی طبیعت میں ساکن رہنا ہو یا جسے ساکن رہنے کا حکم دیا گیا ہو۔

ظ مفتوح ہوتو فی نفسہ عظیم شئی مگر اس کے ساتھ کی ضد نہ ہو۔ مثلاً شرفا میں جود وسخا اور یہود میں کھوٹ اور دھوکہ دہی۔ مضموم ہوتو وہ نفسانی تحریک جس کے پیچھے چلے حالانکہ وہ نفس اسے تباہ کرنا چاہتا ہے۔ اگر مکسور ہوتو وہ شئی جو طبعی طور ضرر رساں ہو اور بندہ اس سے ضرر محسوس بھی کرے۔

ع مفتوح ہوتو کسی کا آنا یا کوچ کرنا۔ اگر مضموم ہوتو وہ ساکن جو اس ذات میں ہے جس پر اس کے وجود کا دارومدار اور اگر مکسور ہوتو ذاتی خبث۔ یہ تشریح میں نے حضرت سے سُنی تھی مگر آپ کی تحریر میں یوں پایا گیا۔ ع مفتوح سے مراد قبول کرنے

والی چیز مضموم ہوتو وہ چیز جو اپنے ارادے کے مطابق نفع اور ضرر پہنچائے اور مکسور ہوتو عبودیت کی خباثت اور یہ معنی پہلے معنی کے قریب قریب ہیں۔ کیونکہ جو چیز کسی چیز کو قبول کرتی ہے اس میں کسی چیز کا آنا ہوتا اور وہ ساکن جو اس ذات میں ہو جس سے اثر کا قیام ہے اس کی مثال ہے رُوح۔ اور محافظ فرشتے یہ امر خداوندی نفع بھی پہنچاتے ہیں اور ضرر بھی اور خبث عبودیت وہی ذات کی خباثت اور اس کی تاریکی ہے۔

غ: مفتوح ہوتو وہ نگاہ جو شئی کی حقیقت کو پہنچ جائے۔ مضموم ہوتو اسماء حسنیٰ میں سے ایک اسم جس میں مہربانی پائی جاتی ہے، مکسور ہو نامعلوم کا سوال تا کہ دوسرا اپنے علم کے مطابق جواب دے یہ میں نے حضرت سے سنا تھا مگر آپ کی تحریر میں یوں ہے غ مفتوحہ وہ شے جو فطرتاً ہر اس شئی کو دور کرے جو اس کے قریب آئے۔ مضموم سے مراد مہربانی اور تعظیم اور کمال عزت، مکسور مراد وہ چیز جو بغیر جاننے کے کوئی کلمہ بولے اور یہ غیر معلوم چیز کی طرف اشارہ ہے۔ یہ دونوں تشریحیں تقریباً ایک جیسی ہیں

ف: مفتوح ہوتو جس کے متعلق معلوم ہو کہ اس کی جنس میں گندگی پائی جاتی ہے اس سے گندگی دور کرنا، یعنی اشارہ ہے کہ یہ ظاہر اور اس کی جنس خبیث ہے۔ اس کی مثال معاصی وغیرہ ہیں' اگر مکسور ہوتو مراد ذات اور جس پر مشتمل ہو اور کبھی اس کے سا قلت کا اظہار بھی ہوتا ہے اگر مضموم ہوتو خبث زائل کرنے کے لیے۔

ق: ق مفتوح ہوتو تمام خوبیوں کو اپنے اندر جمع کرنا یا جمیع انوار مراد ہیں۔ اگر مضموم ہوتو اصل آفرینش یا علم قدیم۔ اگر مکسور ہوتو م ذلت ہے۔

ک: ک مفتوح ہوتو حقیقتِ عبودیت کاملہ۔ مضموم ہوتو سیاہ فا م غلام یا قبیح غلام، مکسور ہوتو بندگی کا ہماری طرف منسوب ہونا مراد ہے

ل: ل مفتوح ہوتو متکلم کا بہت بڑی چیز کا حاصل کرنا اور عظیم شئی کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے مضموم ہوتو وہ شئی جس کی انتہا نہیں مکسور ہوتو مراد متکلم کا اپنی ذات کے وجود یا ذات کی طرف اشارہ کرنا ہے۔ یہ معنی اس وقت ہوں گے جب لامُ مرقق ہو، اگر مفخم ہوتو یہ اشارہ ہے مع اضطراب کے اور ایک بار فرمایا مع قبح کے۔

م: م مفتوح ہوتو مراد تمام کائنات سے ہے مکسور ہوتو ذات کا ظاہری نور جیسے آنکھ کا نور، باطنی نور جیسے دل کا نور اور اگر مضموم چھوٹی مگر پیاری چیز جیسے آنکھ کا پانی اور اسی سے ہے مُومُو۔

ن: ن مفتوح ہوتو وہ خیر جو ذات کے اندر ساکن اور روشن ہو۔ مضموم ہوتو خیر کامل یا پھیلا ہوا نور مکسور ہوتو وہ چیز جسے متکلم حا کرے یا وہ چیز اسی کی ہو۔

ھ: ھ اگر مفتوح ہوتو بے انتہا پاک رحمت ہوگی۔ اگر مضموم ہوتو اسماء حسنیٰ میں سے ایک اسم اور اگر مکسور ہوتو وہ خیر جو مخلوق سے ہے۔ یہ تشریح آپ کی تحریر میں پائی گئی تھی، لیکن میں نے حضرت سے یوں سُنا تھا۔ فتح سے بے انتہا رحمت طاہرہ، پیش سے نام جس میں تمام کائنات کا مشاہدہ بھی پایا جاتا ہے برخلاف نون مضموم کے گویا کوئی کہہ رہا ہو رَبّی (اے میرے رب) او والی ہ کے معنی اس طرح ہیں جس طرح کوئی کہہ رہا ہو رَبُّ العلمین (اے عالمین کے رب) اور زیر سے وہ نور جو مومنین اجسام سے نکلے۔

و: واو مفتوح ہوتو وہ اشیاء جو انسان کے اندر جال کی طرح پھیلی ہوئی ہیں مثلاً رگیں، انگلیاں وغیرہ اگر مضموم ہوتو وہ اش

انسانوں سے مختلف ہیں مثلاً افلاک اور پہاڑ وغیرہ اور اگر مکسور ہوتو وہ پھیلی ہوئی چیزیں جنہیں پلید یا ناپسند سمجھا جاتا ہے مثلاً آنتیں وغیرہ۔

ی اگر مفتوح ہوتو ندا کے لیے ہے مگر کبھی اسے تاکید کے لیے بھی لایا جاتا ہے۔ یہ میں نے حضرت سے سنا تھا مگر ان کی تحریر میں یوں تھا، مفتوح ہوتو ندا کے لیے لیکن کبھی ایسی خبر کے لیے بھی آتا ہے جس میں ضمناً ندا ہو مثلاً لَمْ یَلِدْ کیونکہ یہ جملہ خبر یہ ہے جس میں ندا کے معنی پائے جاتے ہیں (یعنی اے وہ ذات جس کو کسی نے نہیں جنا) اگر مضموم ہوتو وہ چیز جسے قرار نہ ہو مثلاً بجلی وغیرہ ۔مکسور ہوتو وہ شئی جس سے حیا کی جائے یا جس سے حیا آئے مثلاً شرمگاہ۔

حضرت نے فرمایا یہ ہیں حروف کے اسرار اور پھر ہر حرف کے سات اسرار ہیں جو معانی سابقہ کی مناسبت سے پیدا ہوتے ہیں۔ نیز ت اسرار اور بھی ہیں جن سے عربی زبان کو مناسبت ہے لیکن جب کلام غیر عربی ہوتو اس کے مناسب اور سات اسرار ہیں۔ خدا ہمیں ﷺ کے طفیل توفیق اور علم دے اس کا کاتب عبدالعزیز بن مسعود ہے جو دباغ کے نام سے مشہور ہے۔

غور کرو خدا تم پر رحم کرے کیا اس قسم کی باتیں کہیں سنیں یا کسی کتاب میں لکھی ہوئی دیکھیں؟ واللہ تعالیٰ اعلم۔

جس مہینے میں میری حضرت سے ملاقات ہوئی اور ان کی خدمت میں حاضر ہوا یا اس سے تھوڑا عرصہ بعد آپ نے مجھے تین سریانی ظ کہے اور فرمایا ان کو سمجھ لو اور بھولنا نہیں سِنَرْ سِذْعُ مَازَرْ سین کے نیچے زیر، نون پر زبر پھر راء ساکن پھر س مکسور جس کے بعد ذال ن ہے پھر ع مضموم، پھر میم مفتوح پھر الف پھر زاء مفتوح پھر راء ساکن۔ میں نے عرض کیا یہ کونسی زبان ہے؟ فرمایا ''سریانی'' دنیا میں زبان میں بولنے والا کوئی نہیں سوائے چند لوگوں کے۔ میں نے عرض کیا ان کلمات کے کیا معنی ہیں؟ لیکن آپ نے ان کے معانی کی ریح نہ کی اور جب سریانی حروف کے معانی معلوم ہوئے تو میں سمجھ گیا کہ آپ مجھ سے یہ فرما رہے ہیں: دیکھو اس نور کو جو میری ذات میں م اور چمک رہا ہے۔ میرے ظاہر میں بھی اور میرے باطن میں بھی دیکھو اس بڑی خیر وخوبی کو جس پر میری ذات نے قبضہ پایا اور اسی سے ا کا قوام ہے کیونکہ تمام اکوان کا شرور سے محفوظ رہنا اسی کی بدولت ہے اور ہر وہ چیز جو آسمانوں اور زمینوں میں ہے یا تمام جہانوں میں ے خواہ ظاہری خیر ہو خواہ باطنی، تمام کے تمام اس نور سے مستفیض ہیں جو میری ذات میں ہے۔ حضرت مجھے فرما رہے تھے کہ تمام جہانوں ا انہی کا تصرف ہے (اور یہ مرتبہ غوثیت کا ہے) واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۴۔ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ (سورہ آل عمران آیت: ۱۴۰) اور وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ مُجَاهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ (سورہ محمد آیت ۳۱)

میں نے حضرت سے اللہ تعالیٰ کے فرمان وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ اور وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ مُجَاهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ [۳۸] اور اسی قسم کی اور آیتوں کے متعلق سوال کیا جن سے یوں ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں تجدد و ازگی آئے حالانکہ اللہ تعالیٰ کا علم قدیم ہے اور قدیم میں تازگی نہیں آتی۔

فرمایا جس طرح اپنے کلام میں لوگوں کی عادت ہے اسی کے موافق قرآن مجید کا نزول ہوا کہ فرض کرو کہ بادشاہ کا کوئی مقرب ہو س سے زیادہ کوئی مقرب نہ ہو اور بادشاہ نے اپنی رعایا کے سارے معاملات اس کے سپرد کر رکھے ہوں اور خود بادشاہ لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہو جائے اور رعایا کو اس مقرب کی اطاعت کرنے کا حکم ہو اور اس مقرب کے سوا کسی کو بادشاہ کے پاس باریابی نہ ہو۔ اب یہ

مقرب بادشاہ سے وہ امور لے کر آئے گا جن سے بادشاہ کی فرماں برداری اور خدمت رعایا پر لازم آئے ،لہٰذا جب وہ بادشاہ کے احکام جاری کرے گا تو یوں کہے گا بادشاہ تمہیں یوں حکم دیتا ہے' تم سے اس بات کا مطالبہ کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ تم یہ کام کرو یہاں تک کہ یہ اس مقرب کی عادت بن جائے کہ وہ اپنے تمام خطابات میں یہاں تک کہ ان امور میں بھی جو اس کے ذات سے ہوں اور بادشاہ کی طرف سے نہ ہوں ان میں بھی اسی طرح خطاب کرے گا اور کہے گا بادشاہ کے ساتھ چلو اور فلاں مقام پر بادشاہ کے ساتھ یہ برتاؤ کرو اور اس سے مراد اپنا نفس ہوگا کہ میرے ساتھ چلو اور میرے ساتھ یہ برتاؤ کرو اور اس کا سبب وہ یگانگی ہے جو بادشاہ اور اس مقرب کے درمیان ہے۔لوگوں میں اس قسم کے کلام کرنے کا دستور مشہور ہے جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔اسی طرح یہاں پر بھی جو علم اللہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے وہ کوئی نیا علم نہیں ہے یہاں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف اس علم کی نسبت کرنا مقصود ہے۔یعنی تا کہ رسول جان لے تم میں کون مجاہد اور صابر ہے اور تا کہ رسول کو معلوم ہو جائے پختہ ایمان والا۔

اس کے بعد آپ نے ایک عالمی مضمون بیان فرمایا جس میں حق تعالیٰ کے ارشاد اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ ط یَدُاللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ (سورہ فتح آیت ۱۰) کے مطلب کی طرف اشارہ تھا۔

مؤلف کہتا ہے یہ جواب مفسرین کے اس جواب سے مختلف ہے جو انہوں نے اس آیت کے متعلق دیا ہے اور یہ کہ یہاں مضاف محذوف ہے یعنی وَلِیَعْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰہ (تا کہ رسول اللہ کو معلوم ہو جائے)۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵۔مسئلہ غرانیق

میں نے حضرت سے مسئلہ غرانیق کے متعلق استفسار کیا اور عرض کیا، کیا حضرت عیاض اور وہ لوگ جنہوں نے ان کا اتباع کیا اور اس واقعہ سے متعلق انکار کرنے میں حق پر ہیں یا حافظ ابن حجر حق پر ہیں جو اس واقعہ کو صحیح قرار دیتے ہیں۔

ابن حجر کا بیان:

چنانچہ ابن حجر لکھتے ہیں:

ابن ابی حاتم طبری اور ابن المنذر نے متعدد طریق سے بروایت شعبہ [39] از ابو بشیر [40] از سعید [41] بن جبیر سے روایت کی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے یہ آیت پڑھی:

اَفَرَءَیْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰی o وَمَنٰوۃَ الثَّالِثَۃَ الْاُخْرٰی (لاۃ،عزی اور تیسرے مناۃ کو دیکھا؟) سورہ نجم آیت ۲۰۔۱۹) تو شیطان نے (نعوذ باللہ) یہ الفاظ آپ ﷺ کی زبان پر جاری کرا دیئے۔تِلْکَ الْغَرَانِیْقُ الْعُلٰی وَاِنَّ شَفَاعَتَھَا لَتُرْتَجٰی (یہ خوبصورت اور بلند مرتبہ نوجوان ہیں ان کی شفاعت کی امید کی جاتی ہے) یہ سنکر مشرکین نے کہا کہ آج تک تو محمد (ﷺ) نے ہمارے خداؤں کا نام اچھی طرح نہ لیا تھا پھر جب آنحضرت ﷺ نے سجدہ کیا تو مشرکین نے بھی آپ ﷺ کے ساتھ سجدہ کیا، اس کے بعد اس قصہ کی جو روایت بزار نے کی ہے اور جو بحث انہوں نے کی ہے اسے نقل کر کے ابن حجر کہتے ہیں۔

ابوبکر بن العربی نے اپنی عادت کے مطابق بڑی دیدہ دلیری سے کہا ہے کہ طبری نے اس سلسلہ میں بہت سی روایات نقل کی ہیں
ن کی کوئی اصل نہیں حالانکہ مطلق طور پر اس کا یہ کہنا کہ اس کی کوئی اصل نہیں قطعاً غلط ہے۔ اسی طرح عیاض کا یہ کہنا کہ اس حدیث کو کسی
احب صحت نے نقل نہیں کیا اور نہ ہی کسی ثقہ نے اس کی روایت سالم اور متصل سند سے کی ہے بایں ہمہ اس کے نقل کرنے والے ضعیف
ں کی روایات مضطرب اور اس کی اسناد منقطع ہے۔ اسی طرح عیاض کا یہ کہنا کہ وہ تابعین اور مفسرین جنہوں نے اس قصہ کو نقل کیا ہے کسی
نے نہ اس کی سند بیان کی ہے اور نہ صحابی تک اسے مرفوع کیا ہے اور اکثر اسناد اس سلسلہ میں کمزور ہیں حالانکہ بزار نے بیان کیا ہے کہ اس
دیث کا مرفوع ہونا سوائے سعید بن جبیر سے ابوبلبشر کی روایت کے کسی طرح جائز نہیں، حالانکہ وہاں بھی اس کے متصل ہونے میں شک
ہے رہے کلبی[42] سوان کے سخت ضعیف ہونے کی وجہ سے ان سے روایت ہی جائز نہیں اس کے بعد عیاض نے اسے عقلی طور پر ردّ کیا ہے اور
کھا ہے کہ اگر کوئی ایسا واقعہ ہوا ہوتا تو بہت سے مسلمان مرتد ہو گئے ہوتے، حالانکہ اس کا کہیں ذکر نہیں (کہ کوئی مسلمان مرتد ہوا ہو)

ابن حجر فرماتے ہیں کہ ''یہ دلائل اصول کی بنا پر چل نہیں سکتے اس لیے کہ جب ایک حدیث متعدد طریقوں اور مختلف لوگوں سے مروی
وتو اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قصہ کی اصل ضرور ہے حالانکہ ہم نے ذکر کیا ہے کہ ان میں سے تین اسناد صحیح کی شرط کے مطابق ہیں اور یہ
رسل احادیث ہیں جن کو حجت ماننے والے بطور دلیل پیش کرتے ہیں۔ اسی طرح جو لوگ مرسل کی حجت نہیں مانتے وہ بھی اسے تسلیم کریں
گے اس لیے کہ یہ تمام طرق مل کر ایک دوسرے کو قوت پہنچاتے ہیں۔ اب جب یہ بات طے پا چکی (کہ غرانیق کا واقعہ ضرور ہوا ہے) تو جو
ت اس قصہ میں بری ہے اس کی تاویل کرنی پڑے گی۔''

اس سلسلہ میں ابن حجر نے چھ تاویلیں بیان کی ہیں جنہیں ان کی کتاب میں دیکھ لیں اور جب قصہ ثابت ہو گیا تو ابن حجر نے اسی قصہ
کے مطابق اللہ تعالیٰ کے فرمان وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِیٍّ اِذَا تَمَنّٰٓی اَلْقَی الشَّیْطَانُ فِیْٓ اُمْنِیَّتِهٖ (سورۃ الحج
آیت نمبر ۵۲) کی تفسیر کی ہے اور نقل کی ہے کہ ابن عباس تَمَنّٰی بمعنی قَرَأَ (پڑھا) اور اُمْنِیَّتِهٖ بمعنی قرأت بتایا کرتے تھے اور ان کا اشارہ
مذکورہ بالا مسئلہ غرانیق کی طرف ہے اور پھر نحاس[43] کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اس آیت کے بارے میں یہ تاویل نہایت عمدہ و اعلیٰ ہے۔''

میں نے حضرت سے عرض کیا اس مسئلہ کے بارے میں آپ کے نزدیک کونسی بات صحیح ہے اور اس مشکل مسئلہ میں ہم کس طرز کو
اختیار کریں۔

حضرت دبّاغ کا جواب:

حضرت نے فرمایا اس قصہ کے متعلق ابن العربی، عیاض[44] اور وہ لوگ جو ان سے متفق ہیں، حق پر ہیں۔ ابن حجر کی رائے صائب
نہیں۔ غرانیق کا واقعہ آنحضرت ﷺ سے قطعاً پیش ہی نہیں آیا۔ مجھے بعض اوقات بعض علماء کے کلام پر تعجب آتا ہے جیسے یہی قول جو ابن حجر
اور ان کے موافقین سے صادر ہوا، کیوں کہ اگر اس قسم کا کوئی واقعہ پیش آیا ہوتا تو نہ شریعت پر اعتماد رہتا نہ عصمت (انبیاء) کا حکم باقی رہتا اور
اگر رسول اور اس کے کلام میں شیطان کا تسلط ہوتا یہاں تک کہ شیطان نبی کے ارادہ، پسند اور مرضی کے بغیر جو چاہتا اس کے کلام میں
بڑھا دیتا تو پھر رسول دیگر افراد انسانی کی طرح کا ایک فرد ہو گیا۔ اس طرح اس قدر بھاری واقعہ کے ہوتے ہوئے رسالت پر کیا اعتماد رہتا۔
اس کے جواب میں یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے الفاظ محو کر دیتا ہے اور اپنی آیات کو قائم رکھتا ہے، کچھ معنی نہیں رکھتا اس لیے

کہ ہوسکتا ہے کہ الفاظ بھی شیطان کے ہوں کیونکہ جب یہ جائز ہوگیا کہ مسئلہ غرانیق میں الفاظ کو زیادہ کرنے میں وہ آپ پر مسلط ہوگیا تو یہ بھی جائز ہوسکتا ہے کہ وحی پر اس کا اتنا تسلط ہو کہ ساری آیت کا اضافہ کر دیا ہو۔ اس طرح قرآن مجید کی تمام آیات میں شک پیدا ہوسکتا ہے، مومن پر اس قسم کی احادیث سے جن سے دین میں شک پیدا ہو، اعراض کرنا واجب ہے اور ان احادیث کو دیوار پر پھینک ماریں اور رسول اللہ ﷺ کی معصومیت اور آپ ﷺ کے مرتبہ کا اس قدر بلند ہونا جس کے اوپر کوئی اور بلندی نہیں کا وہ عقیدہ رکھیں جو آپ کو شایان ہے۔

مزید برآں جو کچھ ان لوگوں نے وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ مِنْ رَسُوْلٍ وَّلَا نَبِیٍّ کی تفسیر میں ذکر کیا ہے وہ اس بات کا مقتضی ہے کہ ہر رسول اور ہر نبی کی وحی پر شیطان کا تسلط اس سے بھی زیادہ ہوا ہو جس قدر کہ قرآن پر ہوا ہے کہ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مِنْ رَسُوْلٍ وَّلَا نَبِیٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰی اَلْقَی الشَّیْطَانُ فِیْٓ اُمْنِیَّتِہٖ (سورہ حج آیت ۵۲) فرمایا ہے۔ لہٰذا ان کی تفسیر کے مطابق آیت کا اقتضا یہ ہوا کہ خدا کے انبیاء اور برگزیدہ بندوں کے ساتھ شیطان کی یہ عادت جاری رہی ہے اور اس کے باطل ہونے میں کوئی شک وشبہ نہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ خدا حضرت سے راضی ہو باوجود اُمّی ہونے کے آپ کی نظر کس قدر باریک ہے چنانچہ ناصر الدین البیضاوی فرماتے ہیں:۔

''بعض لوگوں کا قول ہے تَمَنّٰی کے معنی قَرَءَ (پڑھا) کے ہیں اور اُمْنِیَّتِہٖ سے مراد قرأت ہے اور شیطان نے قرأت میں الفاظ ڈال دیئے یعنی غرانیق کے الفاظ اتنی بلند آواز سے پڑھے کہ سننے والوں کو یہ شبہ ہوا کہ نبی ﷺ نے یہ الفاظ پڑھے ہیں۔ اس قول کو مردود قرار دیا گیا ہے کیونکہ اس سے وحی پر اعتماد میں خلل واقع ہوتا ہے فَیَنْسَخُ اللّٰہُ مَا یُلْقِی الشَّیْطَانُ ثُمَّ یُحْکِمُ اللّٰہُ اٰیَاتِہٖ سے یہ خلل دور نہیں ہوتا کیونکہ ہوسکتا ہے یہ بھی شیطانی القاء میں سے ہو۔''

حضرت نے اپنے جواب میں اسی کو شرح وبسط سے بیان کیا ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس پر ایک اور اعتراض یہ وارد ہوتا ہے کہ اُمْنِیَّتِہٖ کی ضمیر ان تمام رسولوں اور نبیوں کی طرف لوٹتی ہے جو آپ سے پہلے ہوئے مگر یہ ممکن نہیں کہ شیطان نے ان میں سے ہر ایک کی قرأت میں یہی مسئلہ غرانیق کا القاء کیا ہو۔ تمہیں یہ بھی معلوم ہے کہ عصمت انبیاء کا عقیدہ ایسا عقیدہ ہے جس میں پختہ یقین چاہیے، لہٰذا جو حدیث اس عقیدہ کو توڑے یا رد کرے اسے کسی صورت میں بھی قبول نہیں کیا جائے گا۔ علماء اصول حدیث نے اس حدیث کا جو اس قسم کی ہو، ان احادیث میں شمار کیا ہے جنہیں قطعی طور پر غلط سمجھنا چاہیے۔ رہا حافظ ابن حجر کا یہ قول کہ جو مرسل حدیث کو حجت مانتے ہیں ان کے نزدیک بھی اور جو حجت نہیں مانتے ہیں ان کے نزدیک بھی یہ حدیث حجت ہے اس لیے کہ یہ حدیث تین صحیح طریقوں سے وارد ہونے کی وجہ سے قوی ہو جاتی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حکم وہاں کیا جاسکتا ہے جہاں ظن کفایت کرتا ہو جیسے وہ امور عملیہ جن کا تعلق حلال وحرام سے ہے۔ امور علمیہ اعتقادیہ کے ثابت کرنے میں خبر واحد کوئی فائدہ نہیں دے چہ جائیکہ ان کے نفی اور منہدم کرنے میں اس سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ قاضی عیاض کا قول اصول حدیث کے مخالف نہیں ہے بلکہ جو کچھ حافظ ابن حجر رحمتہ اللہ نے بیان کیا ہے وہی اصول کے خلاف ہے کیونکہ اس نے عقائد کو منہدم کرنے میں خبر واحد پر عمل کرنا چاہا ہے اور یہ اصول حدیث کے خلاف ہے۔

اسی طرح ابن حجر کا تَمَنّٰی کی تفسیر قرء سے اور اُمْنِیَّتِہٖ بمعنی قرأۃ کے کہنا اور یہ کہنا کہ یہ ابن عباس سے مروی ہے اور یہ قول

ں کی تفسیر میں بہترین، بلند اور اعلیٰ تفسیر ہے سو اس کا جواب یہ ہے کہ ابن عباس سے یہ روایت علی بن ابی صالح کاتب لیث از معاویہ بن
ح از علی بن ابی طلحہ [۴۶] از ابن عباس آئی ہے اور لوگوں کو معلوم ہے کہ ابن ابی صالح کاتب لیث پر کیا کچھ اعتراض کیا گیا ہے اور محققین بالا
اس کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ت وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلا نَبِیٍّ نبی کی تفسیر:

میں نے حضرت سے عرض کیا کہ آپ کے نزدیک اس آیت کی جو تفسیر ہے اور اس سے جس نور کی طرف اشارہ ہے وہ کیا ہے؟
حضرت نے فرمایا جس نور کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو رسول یا نبی کسی بھی اُمت کی طرف بھیجا تو
ول اپنی اُمت کے لیے ایمان کی تمنا کرتا اسے ان کے لیے پسند کرتا' انہیں اس کی رغبت دلاتا۔ اسی کی انتہا درجہ کی خواہش کرتا اور اسی
کو حد درجہ کا زور دیتا اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی انہی میں سے ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔
فَلَعَلَّکَ بَاخِعٌ نَّفْسَکَ عَلٰی اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ یُؤْمِنُوا بِهٰذَا الْحَدِیْثِ اَسَفًا (سورہ کھف آیت ۶) اگر یہ لوگ قرآن پر
ن نہ لائے تو کیا آپ افسوس کے مارے ان کے پیچھے اپنے آپ کو ہلاک کر ڈالیں گے (یعنی ایمان نہیں لاتے تو نہ لائیں، آپ اس تمنا
کیوں گھلے جاتے ہیں)
اور فرمایا وَمَا اَکْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ (سورہ یوسف آیت:۱۰۳) آپ خواہ کتنی خواہش کیوں نہ کریں، بہت سے لوگ
ن لانے کے نہیں اور فرمایا اَفَاَنْتَ تُکْرِهُ النَّاسَ حَتّٰی یَکُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ (سورہ یونس آیت:۹۹) کیا آپ لوگوں کو ایمان لانے پر مجبور
ں گے وغیرہ آیات جن میں اسی تمنا کا مضمون پایا جاتا ہے پھر اُمت کا حال بھی مختلف ہوتا ہے بعضے مومن اور بعضے کافر شیطان کافر کے دل
اس قسم کے وسوسے ڈال دیتا ہے جو نبی کی رسالت میں نقص نکالنے اور اس کے کفر کا سبب بنتے ہیں۔ اسی طرح مومن بھی وسوسوں سے نہ
کیونکہ ایمان بالغیب کے لیے وسوسوں کا آنا ضروری امر ہے۔ اگرچہ یہ وسوسے اپنے اپنے متعلقات کے اعتبار سے کسی میں زیادہ ہوتے
۔ جب یہ ثابت ہو گیا ہے تو اب تَمَنّٰی کے معنی یہ ہوئے کہ نبی اُمت کے لیے ایمان کی تمنا کرتا ہے اور ان کے لیے بھلائی' ہدایت' بہبود
جات کو پسند کرتا ہے یہی ہر نبی اور رسول کی آرزو رہی ہے اور شیطانی القاء وہی وساوس ہیں' جنہیں وہ بعض ان لوگوں کے دلوں میں ڈالتا
جن کی طرف اس رسول یا نبی کو بھیجا گیا ہو اور وہ ان کے کفر کا سبب بنتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ مومنین پر رحم کرتا ہے اور ان وساوس کو ان کے
سا سے محو کر کے ان میں وہ آیات مضبوطی سے ڈال دیتا ہے جو خدا کی واحدانیت اور رسول کی رسالت پر دلالت کرتی ہیں اور منافقین اور کافر
کے دلوں میں ان وساوس کو اسی طرح رہنے دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ فتنہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ یہاں یہ معلوم ہو گیا کہ وساوس پہلے
دں فریقوں کے دلوں میں ڈالے جاتے ہیں مگر مومنین پر قائم نہیں رہتے اور کافروں پر قائم رہتے ہیں۔
مؤلف کہتا ہے کہ میرے نزدیک یہ تفسیر بہترین تفسیر ہے۔ اس کا پتہ اسی وقت چل سکتا ہے جب ہم ان تفاسیر کو نظر میں رکھیں جو اس
یت کی کی گئیں پھر ان کا اور حضرتؑ کی تفسیر کا مقابلہ کیا جائے۔

ہلی تفسیر:

چنانچہ اس آیت کی پہلی تفسیر وہ ہے جس کا ذکر ابن ابی صالح کاتب لیث کی روایت میں ہو چکا اور ہم یہ بتا چکے ہیں کہ یہ تفسیر عقیدہ

اور اس کے عموم کے مخالف ہے جس کا ذکر آیت کے شروع میں کیا گیا کیونکہ اس تفسیر میں اسے خاص مسئلہ غرانیق سے تعبیر کیا گیا ہے حالانکہ لفظ عام ہے جو ہر نبی اور رسول کے لیے ہے۔

دوسری تفسیر:

دوسری تفسیر ابو محمد مکی کہتے ہیں [47] کہ طبری نے لکھا ہے تَمَنّٰی بمعنی دل میں کسی چیز کا خیال کرنا تو شیطان ان خیالات میں کچھ خیالات بطور حیلہ ڈال دیتا ہے اور کہتا ہے کہ آپ اللہ سے یہ درخواست کریں کہ آپ کو اس قدر مال غنیمت عطا کرے تا کہ مسلمان مال ہو جائیں حالانکہ خدا کو ہر قسم کی مصلحت کا علم ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ القاء شیطانی کو محو کر دیتا ہے چنانچہ فراء [48] اور کسائی [49] نے تمنی کے حدیث النفس کے دیئے ہیں۔ اھ

مؤلف کہتا ہے اس تفسیر میں جو نقص ہے ظاہر ہے اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ شیطان نبی سے چال چلے کیونکہ نبی کی بصیرت تو اس صاف و روشن ہوتی ہے کہ سارا جہاں اس سے روشنی حاصل کرتا ہے مزید برآں یہ تفسیر اس عموم سے موافقت نہیں رکھتی جو آیت کے شر میں ہے اور نہ ہی اس تعلیل سے موافقت رکھتی ہے جو آیت کے آخر میں ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

تیسری تفسیر:

بیضاوی نے لکھا ہے کہ تَمَنّٰی کے معنی زَوَّرَ فِی نَفْسِہٖ مَایَھْوَاہُ اپنی خواہشات کو خوبصورت بنا کر پیش کیا اور اَلْقَی الشَّیْطَانُ اُمْنِیَّتَہٗ کے معنی ہیں شیطان ان کی خواہش میں ایسی چیزوں کا القاء کرتا ہے جن سے آپ دنیا کی طرف مشغول ہو جاتے ہیں جیسے آنحضرت نے فرمایا ہے [50] اِنَّہٗ لَیُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ فَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ فِی الْیَوْمِ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً میرے دل پر بادل چھا جاتے ہیں تو میں میں ستر بار اللہ سے استغفار کرتا ہوں، وغیرہ وغیرہ۔ جو کچھ بھی اس نے لکھا ہے نہ آیت کے سیاق سے مناسبت رکھتا ہے اور نہ ہی رسالت کی تنزیہ ہے۔

مختصر یہ کہ اس آیت کی صحیح تفسیر وہی ہو سکتی ہے جس میں تین باتوں کا لحاظ رکھا گیا ہو (۱) آیت کی ابتداء کا عموم (۲) آیت کی تعلیل (۳) اور رسالت کا حق ادا کرے اور یہ تینوں باتیں جیسا کہ آپ کو معلوم ہو چکا، شیخ کی تفسیر کے سوا کہیں نہیں پائی جاتیں تعالیٰ اعلم۔

۱۶۔ قصہ ہاروت و ماروت:

میں نے حضرت سے قاضی عیاض اور ابن حجر کے درمیان ہاروت و ماروت کے قصہ کے بارے میں جو اختلاف ہے اس کو دریافت کیا کیوں کہ قاضی عیاض نے اس سلسلہ میں جو احادیث آئی ہیں ان سے انکار کیا ہے اور انہیں باطل قرار دیا ہے اور ابن حجر قصہ کو سچ سمجھا ہے اور کہا ہے کہ یہ قصہ متعدد طریقوں سے آیا ہے جن سے قصہ کی صحت کا یقین ہو جاتا ہے اور اس کا وقوع قطعی طور ہو جاتا ہے۔ حافظ سیوطی نے بھی ابن حجر کی تابعداری کی ہے اور اپنی کتاب الحبائک فی اخبار الملائک میں اس کے طریقے دیئے ہیں اور کہا ہے کہ اس نے اپنی تفسیر کبیر میں اس قصہ کے تمام طریقے بیان کر دیئے ہیں۔

حضرت نے فرمایا۔ یہاں بھی قاضی عیاض حق پر ہیں اور پھر وہ اسرار بیان کئے جنہیں نہ لکھا جاسکتا ہے اور نہ ہی افشاء کیا جاسکتا ہے

لام۔

وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْ بَرَدٍ (سورہ نور آیت ۴۳)

میں نے حضرت سے آیت وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْ بَرَدٍ کے متعلق دریافت کیا کہ کیا آسمان میں پہاڑ ہیں جیسا

ں مفسرین کا بیان ہے۔

حضرت نے فرمایا آسمان میں پہاڑ نہیں ہیں۔ اس آیت میں سماء سے مراد ہر وہ چیز ہے جو ہمارے سر کے اوپر ہے یعنی تمہارے

ے اتارتا ہے' اور برف کے پہاڑ اوپر کی طرف سے ہی آتے ہیں۔ کیونکہ ہوا انہیں زمین سے اُٹھا کر اوپر لے جاتی ہے۔

اس آیت کے متعلق حضرت سے سوال کرنے کا سبب یہ تھا کہ کسی نے مجھ سے پوچھا کہ برف کس طرح بنتی ہے اور سوال کے ضمن

ایک اور باتیں آجاتی تھیں اور مجھے سمجھ نہ آتی تھی کہ کیا جواب دوں۔ یہ سوالات میں نے حضرت کے سامنے پیش کئے۔ آپ نے

توں کا جواب دیا' میں نے یہ تمام باتیں جواب میں ذکر کردیں۔ اب میں یہ سوال اور جواب دیتا ہوں تا کہ اس سے پورا فائدہ اٹھایا

ں: اے علماء کرام خدا مخلوقات کو آپ سے ہمیشہ مستفیض رکھے۔ برف کی اصل کیا ہے؟ کیا اپنی جگہ سے یہ اسی طرح جمی ہوئی اترتی

یہ اصل میں پانی ہوتا ہے جسے ہوائیں جما دیتی ہیں اور یہ کس جگہ سے اترتی ہے۔

کیا یہ آسمان سے اترتی ہے یا بارش برسانے والے بادلوں سے یا یہ سمندر سے آسمان میں آکر رکی ہوتی ہے جیسا کہ بارش کے متعلق

جاتا ہے اور کیا سبب ہے کہ یہ صرف سخت سرد ملکوں میں ہی پڑتی ہے گرم ملکوں میں نہیں پڑتی اور کیا وجہ ہے کہ صرف پہاڑوں پر پڑتی ہے

دانوں میں نہیں پڑتی اور اگر میدانوں میں پڑے تو تھوڑی دیر کے بعد پگھل جاتی ہے حالانکہ پہاڑوں میں قائم رہتی ہے، بعض اوقات

یکھتے ہیں کہ یہ بارش کے ساتھ یک لخت اولوں کی صورت میں گرنے لگتی ہے اور کبھی اکیلی برف یعنی اولے برستے ہیں۔ مزید برآں ہم

تے ہیں کہ گرم اور سرد ملکوں کا درمیانی فاصلہ بہت تھوڑا ہوتا ہے مثلاً سولہ میل یا اس سے بھی کم اس کے باوجود ہر ملک کی خصوصیت الگ

) ہے (کہ ادھر سردی ہے اور اُدھر گرمی) کیا اس سبب کی کوئی علت ہے یا نہیں؟ کیا وجہ ہے کہ سردی صرف پہاڑوں اور بلند مقامات پر

تا ہے۔ میدانوں میں نہیں ہوتی؟ پھر یہ کہ بجلی صرف ٹھنڈے ملکوں، پہاڑوں اور ان مقامات پر گرتی ہے جہاں درخت ہوں اور میدانی

م اور ہموار زمین جیسے صحرا میں نہیں گرتی' چنانچہ میدانوں کے لوگ کہتے ہیں کہ انہیں بجلی کا پتہ ہی نہیں اور نہ وہاں گرتی ہے کیا وجہ ہے کہ

جگہ گرتی ہے اور دوسری جگہ نہیں گرتی اور اس میں کیا راز ہے؟ شافی جواب دیں۔

اب: اَلْحَمْدُلِلّٰه وَحْدَهٗ وَصَلَّى اللّٰه عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّد وعلى اله و صحبه وسلّم الجواب و اللّٰه الموفق لِلصَّواب بِمَنِّهٖ.

برف پانی ہے جسے ہوائیں منجمد کرتی ہیں اور اس کی اصل عموماً بحر محیط کے پانی سے ہے اور بحرِ محیط کے پانی میں تین خاصیتیں پائی

تی ہیں۔

ہواؤں کے قرب اور سورج کی گرمی سے دوری کی وجہ سے جس قدر سخت ٹھنڈا پانی ہوتا ہے کوئی اور پانی نہیں ہوتا۔ اسی لیے معمولی

سے سبب سے یہ منجمد ہو جاتا ہے۔

۲۔ یہ پانی انتہا درجہ کا صاف ہوتا ہے اس لیے کہ یہ اپنی اصل پر قائم ہوتا ہے اور اس میں کسی قسم کے جواہر ارضی ملے نہیں ہوتے کیونکہ یہ ایک ایسا سمندر ہے جسے ازلی قدرت اٹھائے ہوئے ہے، یہ نہ زمین پر ہے نہ کسی اور چیز پر۔

۳۔ انتہائی بُعد: اس لیے کہ ہمارے اور اس کے درمیان نہایت دور کی مسافت ہے۔

جب یہ معلوم ہو گیا تو یاد رکھو۔ کہ جب اللہ تعالیٰ ہواؤں کو حکم دیتا ہے کہ اس میں سے کچھ حصہ اٹھالے جائیں تو اپنی ٹھنڈک کے باعث اٹھانے کے بعد ہی منجمد ہو جاتا ہے۔ ہوائیں اسے تھوڑا تھوڑا کر کے اٹھائے اور بہائے چلی جاتی ہیں حتیٰ کہ اس طویل مسافت کے طے کرنے میں جو ہمارے اور بحر محیط کے درمیان واقع ہے اس کی بندش بے حد کھل جاتی ہے یہاں تک کہ یہ غبار کی طرح ہو جاتا ہے اور اپنی تری کے باعث اس کے اجزاء مجتمع ہو جاتے ہیں اسی لیے کبھی یہ باریک صوف کی صورت میں گرتا ہے اور کبھی اس سے بھی زیادہ باریک۔ برف کی اصل یہی ہے، برخلاف اولے (ژالہ) کے اس لیے کہ اس کے منجمد ہونے اور گرنے کی درمیانی مسافت لمبی نہیں ہوتی کیونکہ اولے ان سمندروں کے پانیوں سے بنتے ہیں جو زمین کے درمیان میں ہیں اور ان تالابوں سے جو بالعموم بارشوں کے گرنے سے زمین میں جمع ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اولے کے بیچ میں زمین کے اجزاء مثلاً گوبر وغیرہ پائے جاتے ہیں اور ثقہ لوگوں نے اس کا مشاہدہ بھی کیا ہے۔ نیز چونکہ چاروں طرف سے اس پر ہواؤں کے تھپیڑے پڑتے رہتے ہیں اس لیے وہ گول اور ایسا بناؤ لیئے ہوتا ہے جیسے گوندھے ہوئے سخت آٹے کا پیڑا کہ اس کو عورت برتن میں لت کر ہاتھوں سے گولہ بناتی ہے اور اولے کے اجزاء کو ہوا کے جھونکے متھ کر پیڑا بنا دیتے ہیں۔ چنانچہ اگر اولہ فوراً گرے تو ہم یہ بات اس میں دیکھ سکتے ہیں اور اگر اس کے گرنے میں دیر لگے اور ہواؤں کے تھپیڑے جاری رہیں اس کے اجزاء ٹوٹ کر برف بن جاتے ہیں۔ برف کی اصل اور حقیقت یہی ہے اور یہیں سے گرتی ہے۔

رہی یہ بات کہ برف اور اولے کے لیے سرد مقامات اور پہاڑ کی چوٹیاں کیوں مخصوص ہیں سو اس کا جواب یہ ہے کہ جب تک کوئی مانع پیش نہ آئے برف برابر جمی رہتی ہے اور جب مانع پیش آئے تو یہ بارش بن جاتی ہے اور یہ مانع وہی زمین سے اٹھنے والے اولے اجزاء بخاریہ میں اور ان میں کسی قدر حرارت پائی جاتی ہے لہٰذا جب یہ برف سے ملتے ہیں تو اس کی خنکی کو کم کر کے اس کے انجماد کو زائل کر دیتے ہیں یہ بات ظاہر ہے کہ اجزاء بخاریہ گرم ملکوں اور میدانوں میں زیادہ پائے جاتے ہیں اسی لیے وہاں برف نہیں پڑتی اور اگر پڑے بھی تو زیادہ دیر تک نہیں رہتی برخلاف سرد ملکوں اور بلند پہاڑوں کے کہ وہاں برف منجمد ہونے سے روکنے کا کوئی سبب موجود نہیں ہوتا۔

اب رہی یہ بات کہ کبھی یہ بارش کے ساتھ گرتی ہے کبھی تنہا سو بارش کے ساتھ اس کے گرنے کے دو سبب ہیں یا تو اس لیے کہ بخاری اجزاء کی وجہ سے جو پہلے ہی موجود ہوتے ہیں، اس کے کچھ اجزاء پگھل جاتے ہیں اس طرح پگھلے ہوئے اجزاء بارش کی صورت گرتے ہیں اور بنو اجزاء نہیں پگھلتے وہ برف کی صورت میں۔ یہی وجہ ہے کہ جو بارش اولوں کے ساتھ گرتی ہے وہ بالعموم ہلکی کمزور اور بارش بوندوں والی پسی ہوئی شکل کی ہوتی ہے۔ یا یہ کہ یہ پورے طور پر منجمد ہونے سے پہلے گر پڑتی ہے کیونکہ ہوائیں پانی اٹھاتی ہیں تو وہ ہو جاتا ہے اور وہ اسے پینے لگتی ہیں پھر اور پانی اٹھاتی ہیں پھر جب اللہ تعالیٰ اسے کرنے کا حکم دیتے ہیں تو پہلا حصہ برف کی صورت میں ہے اور دوسرا بارش کی صورت میں (کیونکہ وہ تو ابھی منجمد نہ ہوا تھا)۔

رہا آپ کا یہ سوال کہ سولہ سترہ میل کے فاصلے میں کون سی دیوار کھڑی ہوگئی کہ ادھر برف پڑتی ہے اور ادھر نہیں تو اس کا جواب ظاہر اس فرق کا دارومدار تمام تر مانع وعدم مانع پر ہے۔ سرد ملکوں میں انجماد سے کوئی چیز مانع نہیں ہوتی اور گرم ملکوں میں مانع موجود ہوتا ہے لیے ہر ایک میں اپنی اپنی خصوصیت پائی گئی۔

یہ کہنا کہ پہاڑ اور بلند مقامات میں ٹھنڈک کیوں ہوتی ہے اور میدانوں میں کیوں نہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ پہاڑ اور بلند مقامات ٹھنڈک اس لیے ہوتی ہے کہ وہ اس جو (خلا) کے قریب ہوتے ہیں جو انتہا درجہ کا سرد ہوتا ہے اور میدان اس سے دور ہوتے ہیں فرق کی ہے۔

اب رہا صاعقہ کے متعلق آپ کا سوال کہ گرم ملکوں میں کیوں نہیں گرتی، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ دعویٰ ہی غلط ہے کیونکہ ہم نے ہر سلجماسہ میں صاعقہ گرتی دیکھی ہے حالانکہ یہ میدانی ہموار اور صحرائی علاقہ ہے۔ ہم نے بارہا اسے گرتے دیکھا ہے۔

سید نے شرح مواقف میں بھی ایک واقعہ لکھا ہے کہ ایک جنگل میں ایک بچے کے پاؤں پر بجلی گری تو اس کی دونوں پنڈلیاں گر گئیں ان نہیں نکلا، مفسرین نے بھی اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے تحت وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَّشَاءُ (اللہ تعالیٰ صاعقہ بھیجتے رجسے چاہتے ہیں لگ جاتی ہے) صحرا میں اس کے گرنے کا ذکر کیا ہے۔

یاد رکھیں کہ جو کچھ جواب میں لکھا گیا وہ سب اس شخص کی اطلاع ہے جو ارباب بصیرت میں سے ہے اور اس نے حقیقت کا مشاہدہ ہے۔ ہماری مراد حضرت سے ہے لہٰذا یہ جواب حضرات صوفیہ کا جواب ہے۔

مگر ہمیں اہل سنت والجماعت کا اس بارے میں کوئی جواب نہیں ملا۔ میں نے تفسیر، حدیث اور کلام میں ان تمام مقامات کی طرف ع کیا جہاں اس مسئلہ کے پائے جانے کا گمان ہوسکتا تھا مگر مجھے کہیں کچھ نہ ملا یہاں تک کہ حافظ جلال الدین سیوطی نے جن کا حدیث و میں مرتبہ ہے اس کا ذکر هِبَةُ السَّنِيَّةِ فِي الْهَيْئَةِ السَّنِيَّة میں بھی نہیں کیا حالانکہ علم ہیئت کے اسی قسم کے مسائل کے لئے یہ کتاب گئی تھی اور نہ بیضاوی کے حاشیہ میں حالانکہ سیوطی کا طریقہ یہ ہے کہ حکماء کے اس کلام کا جس کی اتباع بیضاوی کرتا ہے، سلف صالحین لام سے رد کرتا ہے اور نہ اپنی تفسیر الدُّرُّ الْمَنْثُورُ فِي تَفْسِيرُ الْقُرْآن بِالْمَا ثُورِ وغیرہ کتابوں میں اس کا تذکرہ کیا ہے حالانکہ ان ی کتابوں میں رعد، صواعق، بارش، بادل اور بجلی پر بہت بحث کی ہے اس لئے ضروری تھا کہ برف اور اولوں اور ان کے سبب کی بحث کرتا لہ بیضاوی نے ان کے سبب کی فلسفیانہ بحث نقل کی ہے جس کی بناء فاعل بالاختیار یعنی خدا کی نفی پر ہے۔ المواقف[51] کے مصنف نے ی طرف اشارہ کیا ہے اور حکماء کا یہی طرز ہے، مواقف اور اس کی شرح میں مصنف کہتا ہے۔

یاد رکھیں کہ سورج وغیرہ کی گرمی سے یا ہوا سے پانی کے اجزا مل کر فضا میں اٹھتے ہیں اسی کا نام بخار ہے اور ان کا بلند ہونا بوجھل ہوتا یا اجزاء ناریہ ارضیہ اٹھتے ہیں، یہی دھواں ہے جس کا بلند ہونا ہلکا ہوتا ہے۔ دُھواں صرف وہی نہیں جو بالعموم سیاہ رنگ کا اور ان چیزوں ا اٹھتا ہے جو آگ سے جلتی ہیں۔ ایسا بہت شاذ و نادر ہی ہوتا ہے کہ خالص بخار اور خالص دُھواں اُٹھے بلکہ بالعموم یہ دونوں ملے جلے تے ہیں اور انہی سے تمام آثار علویہ پیدا ہوتے ہیں۔ اگر دھواں کم ہو اور ہوا میں سخت گرمی ہو تو اس میں پانی کے اجزاء حل ہو جاتے ہیں وہ اجزاء ہوا میں بدل جاتے ہیں۔ اسے خالص ہوا کہتے ہیں ورنہ اگر دھواں زیادہ ہو اور ہوا میں اس قدر حرارت نہ ہو جو اسے حل کر دے جب یہ بخار بلند ہو کر ٹھنڈی ہوا تک پہنچے گا تو اس کی ٹھنڈک سے منجمد ہو جائے گا اور گاڑھا ہو کر بادل بن جائے گا اور پانی کے اجزاء اگر

منجمد نہ ہوں اور سردی زیادہ نہ ہو تو قطروں کی صورت میں گریں گے یا اگر سردی زیادہ ہوگی تو منجمد ہو کر گریں گے۔

اور اگر اجتماع تقاطر اور بڑے بڑے اجسام بننے سے پہلے انجماد ہو تو یہ برف ہوگی اور اگر بعد ہو تو اولے اولے گنبد کی طرح گول اس لئے ہوتے ہیں کہ اس میں بہت تیز حرکت ہوتی ہے جو ہوا کو الگ کر کے اسے پھاڑتی ہے اس لئے گرنے والے قطروں کے کونے مٹ جاتے ہیں۔ اس کے بعد اس نے سایہ' کہر' دُھند' کڑک بجلی' صاعقہ' ہوا اور دیگر امور علویہ پر بحث کی ہے، پھر ایک طویل عبارت کے بعد جس کا ملخص ہم نے جامع عبارت میں فصل ثانی یا مرصد اول میں ذکر کر دیا ہے کہا ہے کہ یہ تمام فلسفیوں کی آراء ہیں کیونکہ انہوں نے قادر مطلق کی نفی کی ہے جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا۔

ناصر الدین بیضاوی کو فلاسفہ کے طریقہ پر وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ جِبَالٍ فِيهَا مِنْ بَرَدٍ کی تفسیر میں مہارت حاصل ہے۔ تعجب ہے کہ حافظ سیوطی نے اس کتاب کے حاشیہ میں خاموشی اختیار کی ہے۔ اسی طرح شیخ الاسلام زکریا انصاری[۵۲] نے بھی اس کے حاشیہ میں سکوت اختیار کیا ہے۔

یاد رکھیں کہ پہلا جواب جسے ہم نے حضرت سے سنا تھا اگر ہم اسے پھیلا کر اس کی تمام وجوہ اور تفصیل بیان کرنے لگیں تو ایک کتاب میں بھی سما نہ سکیں۔ جس قدر ہم بیان کر چکے ہیں بس اتنا ہی کافی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ اس کا قائل اور کاتب احمد بن مبارک بن علی بن مبارک سلجماسی لمطی ہے خدا اس پر اپنا کرم کرے۔ آمین۔

زلزلہ اور اس کا سبب:

میں نے حضرت سے زلزلہ اور اس کے سبب کی نسبت سوال کیا۔ واقعہ یوں ہوا کہ میں رصیف کے بازار میں حضرت کے ساتھ جا رہا تھا کہ ایک معمولی سا جھٹکا آیا جسے کچھ لوگوں نے محسوس کیا کچھ نے نہیں، میں نے بھی اسے محسوس نہ کیا تھا جب ہم مخفیہ کے تکیہ پر پہنچے لوگوں نے پوچھا کیا تم نے زلزلے کو محسوس کیا تھا، میں نے کہا میں نے تو محسوس نہیں کیا اور نہ ہی زلزلہ آیا۔ حضرت نے فرمایا زلزلہ آیا تھا اس وقت آیا تھا جب ہم رصیف کے بازار میں فلاں شخص کے پاس اس کی دکان پر کھڑے تھے۔ پھر زلزلہ کا علم سب کو ہو گیا۔ چنانچہ میں نے حضرت سے اس کا سبب پوچھا جو کچھ سلف صالحین نے زلزلے کے بارے میں کہا تھا اس کا بھی مجھے علم تھا اور جو کچھ فلسفیوں نے کہا ہے اس کا بھی۔ اس لئے میں نے حضرت سے جواب سننا چاہا۔

حضرت نے فرمایا زلزلہ کا سبب زمین پر حق تعالیٰ کی تجلی کا پڑنا ہے اس کی تفصیل میں راز ہے جو میں نے حضرت سے سن لیا تھا۔ فرمایا ابتداء آفرینش اور پہاڑوں کی پیدائش سے پہلے یہ تجلی بکثرت ہوا کرتی تھی اور زمین بے قرار ہو کر جھک جاتی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جب فرمایا ابتداء آفرینش اور پہاڑوں کی پیدائش سے پہلے یہ تجلی بکثرت ہوا کرتی تھی اور زمین بے قرار ہو کر جھک جاتی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جب ڈال دیا اور پہاڑ پیدا کئے تو زمین ساکن ہو گئی۔ آخر زمانے میں پھر یہ تجلی زیادہ ہو جائے گی جس کی وجہ سے زمین میں زلزلے بکثرت کریں گے یہاں تک کہ تمام مخلوق ہلاک ہو جائے گی۔

مؤلف کہتا ہے کہ حافظ سیوطی نے اپنی کتاب كَشْفُ الصَلصَلَة عَنْ وَصْفِ الزَلْزَلَة میں بروایت ابن عباس قریباً وہی بیان ہے جو حضرت نے فرمایا۔

طبرانی نے کتاب السنۃ میں یہ باب باندھا ہے زلزلہ کے وقت زمین پر اللہ تعالیٰ کی تجلی کے متعلق جو کچھ حادیث میں آیا ہے

ن حفص بن عمر الرقی از عمرو بن عثمان الکلمی از موسیٰ بن اعین از اوزاعی از یحییٰ بن ابی کثیر از عکرمہ از ابن عباس فرمایا جب اللہ تعالیٰ اپنے دوں کو ڈرانا چاہتا ہے تو زمین کو اپنا کچھ جلوہ دکھاتا ہے جس سے وہ لرزنے لگتی ہے اور جب کسی قوم کو تباہ کرنا چاہتا ہے تو پورا جلوہ دکھاتا ہے۔

مسند فردوس میں ویلمی نے لکھا ہے خبردی عبدوس نے از زنجویه از القطیعی از محمد بن اسحق البلخی القاضی از ابو یم از عبدالرحمن بن براء هراتی از ابو عبدالله الهروی از محمد بن ازهر از ایوب بن موسیٰ از اوزاعی از یحییٰ ن ابی کثیر از عکرمه از ابن عباس ؓ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو ڈرانا چاہتا ہے تو اپنی کچھ تجلی زمین پر تا ہے جس سے وہ لرزنے لگ جاتی ہے اور جب اللہ اپنی مخلوق کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو پورا جلوہ دکھاتا ہے۔

خدا حضرت سے راضی ہو آپ کو امور کا کس قدر علم ہے۔

اس کے بعد امام سیوطی نے لکھا ہے ان احادیث سے ظاہر ہو گیا کہ حکماء کا یہ کہنا فاسد ہے کہ زلزلے ان بخارات کی کثرت سے تے ہیں جو سورج کی تاثیر سے پیدا ہو کر زمین کے نیچے جمع ہو جاتے ہیں جہاں ہوا کی برودت ان کو توڑ نہیں سکتی کہ پانی بن جائے اور نہ ہی کی کثرت کے باعث تھوڑی سی حرارت سے تحلیل ہوتے ہیں اور سطح زمین بھی وہاں اس قدر سخت ہوتی ہے کہ وہاں سے بخارات نکل نہیں تے۔ لہٰذا جب بخارات اوپر اٹھتے ہیں اور انہیں نکلنے کی راہ نہیں ملتی تو زمین حرکت کرتی اور اس طرح بے قرار ہوتی ہے جس طرح بخار میں ا انسان مضطرب ہوتا ہے کیونکہ گرم بخارات اس کے پیٹ میں جوش مار رہے ہوتے ہیں۔ بعض اوقات زمین کی سطح پھٹ جاتی ہے تو یہ کے ہوئے مادے باہر نکل آتے ہیں۔

اس رائے کے باطل ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان کا یہ دعویٰ بلا دلیل ہے بلکہ اس کے خلاف یہ دلیل قائم ہے۔ یہ حافظ سیوطی کا بیان ہے۔

سف کا سبب:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ زمین میں کبھی خسف ظاہر ہوتا ہے یعنی زمین پھٹ جاتی ہے اور اس میں انسان و دیگر اشیاء س جاتی ہیں اور یہ صورت آخر زمانے میں بکثرت ہوگی اس کا کیا سبب ہے؟

فرمایا: زمین پانی پر ہے اور پانی ہوا پر اور ہوا اس بڑے میدان سے نکلتی ہے جو آسمان اور بحر محیط کے درمیان واقع ہے۔ اس کی تشریح ں ہے کہ فرض کرو کہ ایک شخص متواتر چلتا رہے تو چلتے چلتے وہ وہاں پہنچ جائے گا جہاں زمین ختم ہو جائے پھر اسے بحر محیط نظر آئے گا، پس رہم فرض کر لیں کہ وہ بحر محیط پر بھی چلتا گیا ہے تو بالآخر وہ ختم ہو جائیگا اور اب اس کے اور آسمان کے درمیان صرف ایک خلا ہوگا جس سے وا نکلتی ہے اسے ایسی ہوائیں دکھائی دیں گی جن کی نہ کیفیت بیان ہو سکتی ہے نہ انہیں کوئی برداشت کر سکتا ہے۔ یہی ہوائیں اللہ کے حکم سے ی اور زمین کو اٹھائے ہوئے ہیں اور آسمان کو تھامے ہوئے ہیں۔ پھر یہ ہر وقت خدمت میں لگی ہوئی ہیں اور ایک لحظہ کے لئے بھی آرام ہیں لیتیں اور آسمان کی طرف اٹھتی رہتی ہیں اور جب اللہ کسی قوم پر بارش برسانا چاہتا ہے تو ان ہواؤں میں تھوڑے سے حصہ کو حکم دیتا ہے و یہ زمین کی طرف اپنا رخ پھیر لیتی ہیں اور بحر محیط وغیرہ کی سطح کو عبور کر کے جس قدر اللہ کی مرضی ہو اس زمین کی طرف پانی اٹھا لے جاتی ہیں، کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ میں نے اس پانی کو دیکھا جو اس جو (خلا) سے ملا ہوا ہے جس میں ہوائیں ہوتی ہیں تو مجھے برف کے اس قدر عظیم پہاڑ دکھائی دیئے جن کی عظمت کا علم سوائے خدا کے کسی کو نہیں جب میں غار[۵۳] سے واپس آتا تو دیکھتا کہ یہ پہاڑ منتقل ہو کر اس پانی کے

کنارے چلے گئے ہیں جو کوہ قاف سے ملا ہوا ہے۔ دیکھا تو انہیں وہ ہوائیں اُٹھا کر لائی ہیں جنہوں نے اپنا رخ پلٹا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

جب اللہ تعالیٰ کسی قو ، وزمین میں دھنسانا چاہتا ہے تو یہ ہوائیں زمین میں ان سوراخوں اور ان گڑھوں میں گھس جاتی ہیں جوان ہواؤں اور پانی کے درمیان ہیں۔ لہٰذا جب ان میں ہوا گھستی ہے تو زمین کھل جاتی ہے جس سے لوگ زمین میں دھنس جاتے ہیں۔ آخ زمانے میں زمین میں سوا رخ زیادہ ہو جائیں گے اور زمین کی طرف ہواؤں کا رخ بھی بکثرت پلٹا کرے گا جس کی وجہ سے خسوف بکثر ہوا کریں گے۔ یہاں تک کہ دنیا کا نظام مختلف ہو جائیگا۔ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے فعل اور ارادے سے ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

پھر ہوائیں زمین کا برابر قصد کرتی رہیں گی اور اس کی تباہی کا ارادہ کریں گی۔ یہاں تک کہ زمین ہواؤں کے ہاتھوں میں اس چھلا کی مانند ہوگی جس کے ذریعے سے گندم کو مٹی اور پتھروں سے جدا کیا جاتا ہے اور زمین کا غلہ وہ ریڑھ کی ہڈی ہے جس سے ذات انسا ترکیب پاتی ہے اور یہ ہڈی انسانوں کے لئے بمنزلہ بیج کے ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ ان ہڈیوں کو زمین اور سمندروں کی گہرائیوں' غاروں ا پہاڑوں کے نیچے سے اور جہاں کہیں بھی یہ ہوں گی جمع کرے گا۔ اس دن پہاڑ چلیں گے اور ہواؤں کے زور سے انہیں منتشر کر دیا جا گا۔ اس کے بعد آسمان پھٹ جائے گا اور ریڑھ کی ہڈیوں پر پانی برسے گا جس سے وہ آہستہ آہستہ پرورش پائیں گی جیسے کدو اور تربوز وغ پرورش پاتا ہے اور یہ سطح زمین پر ظاہر ہو جائے گا۔

حضرت نے فرمایا اسی وقت کے متعلق حضرت عبدالوہاب برناوی فرمایا کرتے تھے اس دن کو یاد رکھو جب زمین انڈے دے گی ریڑھ کی ہڈی کو نشو ونما دینے کی طرف جائے گی۔ پس جب یہ نمو مکمل ہو جائے گا تو بنی آدم اس طرح اس میں سے نکلیں گے جس طرح پ انڈے کے پھٹنے سے نکلتا ہے۔ فرمایا اس دن ناف پیٹھ کی طرف ہوگی پیٹ کی طرف نہ ہوگی اس کے بعد اللہ تعالیٰ روحوں کو اپنے ا جسموں میں داخل ہونے کا حکم دیں گے۔ جب روحیں داخل ہو جائیں گی تو یہ اٹھ کھڑے ہوں گے اور نال کٹ جائے گی۔ جب رو اجسام میں داخل ہو چکیں گی تو اللہ تعالیٰ اس نور اور سر کو جس نے جہنم کو دنیا کی طرف جانے سے روکا ہوا تھا حکم دیں گے یعنی نور محمد ﷺ جنت کی طرف جائے۔ اس وقت جہنم نکل کر اہل دنیا کی طرف آئے گا اور ہر طرف سے ان کو گھیرے گا۔ اس دن جس قدر خوف لوگوں دلوں پر طاری ہوگا اس کا علم اللہ تبارک وتعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں۔

حضرت نے فرمایا: اس دن جب روحیں جسموں میں داخل ہونے لگیں گی تو ان روحوں کی سنسناہٹ تڑپ اور شور سنائی دے گا سے دلوں پر رُعب چھا جائے گا اور جگر دہشت کے مارے چاک ہوتے جائیں گے۔ اس کے بعد حضرت نے جو کچھ اس دن پیش آ بیان کیا جس کا کچھ حصہ آگے چل کر بیان ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ ولا تعالیٰ اعلم۔

۱۸۔ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۵ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ (آیت ۳۵ سورہ الرحمٰن)

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آیت يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ (اے گروہ جن وانس آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائے گا پس تم اس پر غلبہ نہ پا سکو گے) میں جن اور انسانوں کو خطاب ہے تو کیا یہ واقعہ محشر میں ہوگا یا جہنم ڈال دیئے جانے کے بعد۔

حضرت نے فرمایا یہ واقعہ میدان محشر میں ہوگا اور یہ وہی آگ ہوگی جو اہل محشر پر نکل کر آئے گی اور انہیں ہر طرف سے گھیر واللہ تعالیٰ اعلم۔

۔ یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْکُتُبِ (سورہ انبیاء آیت ۱۰۴)

میں نے حضرت سے پوچھا کہ آیت یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْکُتُبِ (جس روز ہم آسمانوں کو اس طرح ٹ لیں گے جس طرح سجل کتابوں کو لپیٹ لیتا ہے) میں سجل سے کیا مراد ہے کیونکہ بعض مفسرین نے اس کے معنی صحیفہ بتائے ہیں یعنی ں طرح صحیفہ کتاب کو لپیٹ لیتا ہے یعنی اس لکھائی کی خاطر جو اس صحیفہ میں ہے۔ مراد یہ ہے کہ اس صحیفہ کو اس لکھائی کی وجہ سے جو اس ہے لپیٹ لیا جائے گا۔

حضرت نے فرمایا سجل سے مراد وہ آلہ ہے جس پر لکھنے والا اس کتاب کو رکھتا ہے جس سے وہ نقل کر رہا ہو اور جسے عوام حمار الکتب ل) کہتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ حضرت نے یہ بھی فرمایا کہ یہ لفظ سریانی ہے۔ معنی یہ ہوئے کہ جس دن ہم آسمانوں کو رحل کی طرح ٹ دیں گے کیونکہ لکھنے والا جب لکھنے سے فارغ ہو جاتا ہے تو اسے لپیٹ دیتا ہے اور للکتبِ کا لفظ سجل کا حال واقع ہوا ہے یعنی درآں ہ سجل کتاب کے لئے ہو یعنی وہ سجل نہ ہو جو اور چیزوں کے لئے ہوتا ہے۔ مجھے حضرت سے یہ بات پوچھنے کا خیال نہ رہا کہ اس میں وجہ لیا ہے اور آسمان کے لپیٹے جانے کی کیا کیفیت ہوگی اور اللہ تعالیٰ نے آسمان کے لپیٹے جانے سے کیوں تشبیہ دی ہے اور کیا ان دونوں میں ی خاص مناسبت ہے جو کسی اور چیز میں نہیں پائی جاتی۔ کتاب کے سوا کسی اور چیز کا بھی سجل ہوتا ہے تا کہ اس سے احتراز کیا جائے۔ اگر تو کیا ہے اگر میں یہ سب کچھ پوچھ لیتا تو حضرت سے ان کے جواب میں غیبی علوم ظاہر ہوتے کیونکہ حضرت جو کچھ بیان کرتے مشاہدے بیان کرتے مگر اب چونکہ اس مسئلہ کی تکمیل میں ان کا کلام تو موجود نہیں لہٰذا میں اسے علماء کے کلام سے مکمل کرتا ہوں۔

امام عبداللہ بخاری اپنی صحیح میں کہتے ہیں سجل کے معنی ہیں کتاب کا ورق۔ حافظ ابن حجر فتح الباری میں فرماتے ہیں فریابی [۵۴] نے اس ں کو اپنے طریقے سے یعنی مجاہد کے طریقے سے متصل کر دیا ہے اور فزاء نے اس پر تاکید کر دی۔ طبری نے علی بن ابی طلحہ از ابن عباس سجل معنی لکھے ہیں جس طرح ورق اپنی تحریر پر لپٹ جاتا ہے۔ بعضوں نے علی [۵۵] کو من کے معنوں میں لیا ہے یعنی تحریر کی خاطر کیونکہ ورق تحریر کی خاطر جو اس میں ہے لپیٹ لیا جاتا ہے۔ ابن عباسؓ سے بھی مروی ہے کہ سجل آنحضرت ﷺ کے ایک کاتب کا نام ہے۔ اس یث کی روایت ابوداؤد، نسائی اور طبری نے عمر بن [۵۶] مالک از ابی الجوزاء [۵۷] از ابن عباس کے طریقے سے کی ہے۔ ابن مردویہ [۵۸] کے یک ابن عباس کی حدیث میں ہے کہ حبشہ کی زبان میں سجل کے معنی آدمی کے ہیں۔ عبد [۵۹] بن حمید نے عطیہ [۶۰] کی سند سے اسی طرح ن کیا ہے۔ نیز ایک ضعیف اسناد کے ساتھ علی کی روایت سے یہی معنی دیئے ہیں۔

سہیلی [۶۱] نے نقاش [۶۲] سے نقل کیا ہے کہ سجل دوسرے آسمان میں ایک فرشتہ کا نام ہے جس کے پاس فرشتے ہر دوشنبہ اور پنجشنبہ کو مخلوق ے اعمال لے جاتے ہیں۔

طبری نے ابن عمر کی حدیث سے کچھ اسی طرح کے معنی دیئے ہیں۔

سہیلی اور ثعالبی نے اس بات سے انکار کیا ہے کہ سجل نبی ﷺ کے کاتب کا نام ہے اس لئے کہ نہ ہی کاتبین وحی میں اور نہ صحابہ میں ئی ایسا شخص پایا جاتا ہے جس کا نام سجل ہو اور سہیل کہتے ہیں کہ یہ معنی صرف اسی حدیث میں آئے ہیں۔ سہیلی کا یہ قول درست نہیں ہے اس لئے کہ ابن مندہ [۶۳] اور ابونعیم نے اسے صحابہ میں شمار کیا ہے اور اس کی سندیوں دی ہے۔ ابن نمیر [۶۴] از عبید [۶۵] اللہ بن عمر از نافع [۶۶] از ابن

عمر[۶۷] جو کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کے ایک کتاب کا نام سجل تھا۔

ابن مردویہ نے بھی اسی سند سے اس کی روایت کی ہے۔ یہ تمام بیان حافظ ابن حجر کا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۰۔ رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْکَ قَالَ تَرَانِیْ وَلٰکِنِ انْظُرْ اِلَی الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَکَانَہٗ فَسَوْفَ تَرَانِیْ (سورہ اعراف آیت ۱۴۳)

میں نے حضرت سے آیت رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْکَ قَالَ لَنْ تَرَانِیْ وَلٰکِنِ انْظُرْ اِلَی الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَکَانَہٗ فَسَوْ
تَرَانِیْ (موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے میرے پروردگار مجھے اپنی زیارت کرادیں فرمایا تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے، لیکن اس پہاڑ
طرف دیکھو اگر وہ اپنی جگہ پر برقرار رہا تو تم بھی مجھے دیکھ سکو گے) کے بارے میں دریافت کیا اور عرض کی کہ موسیٰ علیہ السلام تو بہت بڑ
عارف باللہ ہیں اور عارف جب تک مشاہدے کے سمندر میں غوطہ زن نہ ہو' عارف نہیں کہلاسکتا۔ لہٰذا باوجود یکہ آپ کو دائمی مشاہدہ
حاصل تھا۔ دیدار کا سوال کیوں کیا؟ اور کیا دیدار سے مشاہدے میں کچھ اضافہ ہوجاتا ہے۔

فرمایا کہ اہل مشاہدہ کو ذات باری کا مشاہدہ افعال باری سے خالی اور صاف ہو کر صرف اسی صورت میں ہوسکتا ہے جبکہ باری تع
اپنے افعال کو اس سے منقطع فرمالیں اور اگر ایک لحظہ کے لئے بھی کسی ذات سے افعال باری منقطع ہوجائیں تو وہ ذات باقی نہیں رہ سکتی
دنیا کا نظام درہم برہم ہوجائے گا۔ لہٰذا ہر چیز جو دنیا میں پائی جاتی ہے اس میں اللہ کا فعل پایا جاتا ہے۔ یہی اس کا مادہ اور زندگی کا سبب
اور یہی حجاب بنا ہوا ہے اس ذات فانی اور ذات باری کے درمیان اور اگر حق تعالیٰ اپنے افعال کو ذات فانی میں حجاب نہ بنائے تو عالم
حادث دفانی جل جائے۔ لہٰذا جب اہل مشاہدہ کا مشاہدہ افعال باری سے صاف اور خالی نہ ہوا اور وہ اس طرح بن گئے جیسے آنکھ
کنک۔ اسی لئے سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے حق تعالیٰ سے درخواست کی کہ اپنے فعل کو جو مانع رویت ہے قطع کر کے درمیان سے پرد
دے کہ ذاتِ باری کا صاف نظارہ ہو۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے جواب دیا اگر میں اپنے فعل کو ذات حادث سے منقطع کرلوں تو اس کی ذات
فنا ہوجائے۔ چنانچہ دیکھو یہ پہاڑ جو تم سے اپنی ذات کے اعتبار سے زیادہ قوی اور جسم کے لحاظ سے زیادہ سخت ہے اس سے اپنا فعل م
کرلیتا ہوں۔ دیکھو اگر یہ اپنی حالت پر قائم و برقرار رہا تو تُو بھی مجھے دیکھ سکے گا۔ پس جب اللہ نے اپنی تجلی پہاڑ پر ڈالی اور اپنے فعل کا
جو اس کے لئے سطوت ذات حق سے حجاب بنا ہوا تھا اس سے قطع فرمالیا تو وہ فوراً پارہ پارہ ہوگیا اور اس کے اجزاء اڑ گئے حتیٰ کہ سیدنا
علیہ السلام بھی بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۱۔ یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ ۚ (سورہ رعد آیت ۳۹)

میں نے اللہ کے فرمان یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ (اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جو چاہتا ہے قائم رکھتا ہے) کے
حضرت سے دریافت کیا اس لئے کہ علماء تفسیر کا اس میں بہت سا اختلاف ہے میں نے علماء کے بعض اقوال بھی نقل کئے۔

حضرت نے فرمایا میں اس آیت کی وہی تفسیر بیان کروں گا جو نبی ﷺ سے کل سنی تھی پھر فرمایا کہ دنیا میں ہونے والے ام
متعلق جو خیالات لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوتے ہیں ان کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) وہ امور جو کبھی واقع نہیں ہوتے اور یَمْحُوا اللّٰہُ مَا

ٹ (اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے) کا اشارہ اسی طرف ہے۔(۲) جو امور واقع ہونے والے ہوتے ہیں جس کی طرف یثبت کے لفظ
شارہ کیا ہے مطلب یہ ہے کہ وہ خیالات جن کا تعلق آئندہ آنے والے امور سے ہوتا ہے مثلاً بارش کا اترنا' آنے والے کا آنا یا کسی
کا پیش آنا۔ان میں سے بعض امور پیش نہیں آتے یہی محو شدہ امور ہیں اور بعضے صحیح ثابت ہوتے ہیں اور یہی مثبت ہیں اور اصل کتاب
ح محفوظ اللہ کے پاس ہے۔یہی وہ ازلی علم ہے جو کبھی غلط نہیں ہوتا میں نے آنحضرت ﷺ سے اسی طرح سنا ہے، اسی پر اعتماد کرو
ی سب تفسیروں کو چھوڑ دو۔ باقی سب تفسیروں کو چھوڑ دو' کے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ میں نے اس سے پہلے اس آیت کی ایک اور تفسیر سنی
س میں آپ نے معرفت کے حقائق بیان فرمائے تھے (اس لئے فرمایا اسے بھی چھوڑ دو) واللہ تعالیٰ اعلم۔

وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ يَا مَرْيَمُ
ى لِرَبِّكِ وَاسْجُدِىْ وَ ارْكَعِىْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ. (سورہ آل عمران۔آیت ۴۳۔۴۲)

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ یہ آیت وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ يَا مَرْيَمُ
ى لِرَبِّكِ وَاسْجُدِىْ وَ ارْكَعِىْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ (سورہ آل عمران آیت ۴۳۔۴۲) (اس وقت کو یاد کرو جب فرشتوں نے مریم علیہا السلام سے کہا تھا
ریم علیہا السلام! تمہیں اللہ نے منتخب کرلیا ہے' تمہیں پاک بنایا ہے اور دنیا کی عورتوں پر فضیلت بخشی۔اے مریم علیہا السلام اپنے رب کی فرمانبرداری
ہ اور سجدہ کرتی رہ اور جھکنے والوں کے ساتھ جھکتی رہ) حضرت مریم علیہا السلام کی نبوت پر دلالت کرتی ہے اور کیا یہ کہنا درست ہے کہ موسیٰ علیہ السلام
دہ فرعون کی بیوی آسیہ علیہا السلام' سارہ علیہا السلام' ہاجرہ علیہا السلام اور حوا علیہا السلام نبی تھیں کیونکہ بعض علماء نے انہیں نبی کہا ہے اور بعض نے اس سے انکار کیا
ور بعض نے مریم علیہا السلام کی نبوت کے متعلق اجماع نقل کیا ہے۔اگر ایسا ہے تو دوسری عورتیں جن کے نام لئے گئے نبوت کی زیادہ
ر ہیں اور بعض نے مثلاً اہلسنت والجماعت کے رئیس شیخ (ابوالحسن) اشعری [۶۹] نے توقف کیا ہے یعنی نہ اقرار کیا ہے نہ انکار۔

پہلے فریق کا استدلال یہ ہے کہ فرشتہ کا نزول صرف نبی پر ہوتا ہے اور اس آیت میں تصریحاً بیان کیا گیا ہے کہ فرشتے کا نزول مریم
ا (لہٰذا نبوت ثابت ہوگئی) اس فریق نے نبی اور ولی کے درمیان یہی فرق بتایا ہے کہ نبی پر فرشتہ اترتا ہے اور ولی پر الہام ہوتا ہے فرشتہ
ں اترتا۔

حضرت نے فرمایا دوسرے فریق کا قول صحیح ہے کہ عورتوں میں سے کوئی عورت نبی نہیں ہوئی اور نہ ہی اللہ نے عورتوں میں سے کسی کو نبی
۔مریم نبی نہ تھیں صدیقہ اور ولیہء کاملہ تھیں۔اگرچہ نبوت اور ولایت میں یہ بات مشترک ہے کہ ہر ایک انوار الٰہی میں سے نور ہے اور سر
اسرار الٰہیہ میں سے مگر دونوں کے نور میں بہت فرق ہے اور اس فرق کی حقیقت کا علم کشف ہی سے ہوسکتا ہے مگر نور نبوت اصلی ہے ذاتی
حقیقی ہے اور ذات نبی کے ساتھ اصل خلقت میں پیدا ہوتا ہے اسی لئے نبی ہر حالت میں معصوم ہوتا ہے اور نور ولایت ایسا نہیں ہوتا کیونکہ
حب فتح انسان جب کسی ایسے انسان کو دیکھتا ہے جو آئندہ ولی ہونے والا ہو تو وہ اسے باقی لوگوں کی طرح نور سے خالی دیکھتا ہے لیکن اگر وہ
ی ایسے شخص کو دیکھ لے جو آئندہ نبی ہونے والا ہے تو وہ اس کی ذات میں پہلے ہی سے نور نبوت دیکھتا ہے اور ذات نبی کی طبیعت میں وہ
توں اجزاء نبوت فطری طور پر موجود پاتا ہے جن کا تذکرہ حدیث اِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ میں کیا جا چکا ہے لہٰذا
ا) نور نبوت کا مالک طبعی طور پر حق گو ہوتا ہے خواہ حق کتنا ہی تلخ کیوں نہ ہو۔

(۲) نیز صابر ہوتا ہے اور اسے صبر کرنے میں کوئی دُکھ اور تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔

(۳) رحیم کامل ہوتا ہے۔

(۴) اسے اللہ تعالیٰ کی اس قدر معرفت ہوتی ہے جتنی کہ ہونی چاہیے۔

(۵) اللہ تعالیٰ سے اسے خوف تام ہوتا ہے کہ خوف باطنی کے ساتھ خوف ظاہری ملا ہوتا کہ ہر حالت میں یہ خوف قائم رہے۔

(۶) باطل سے ہمیشہ بغض رکھتا ہے۔ اور

(۷) کامل عفو بھی اس کی فطرت میں ہوتا ہے تا کہ جو اس سے قطع تعلق کرے یہ اس سے جوڑے اور جو نقصان پہنچائے یہ اسے پہنچائے۔ یہ نبوت کی خصوصیات اور وہ سات اجزاء ہیں جو نبی کی فطرت میں شامل ہوتے ہیں۔ فتح سے بھی اور بعد بھی۔

مگر ولی کی ذات فتح سے پہلے دیگر انسانوں کی طرح ہوتی ہے اور اس میں کوئی زائد بات نہیں ہوتی۔ البتہ جب اسے فتح نصیب ہوتی ہے تو یہ انوار اس میں آ جاتے ہیں۔ لہٰذا اس کے انوار عارضی ہوئے اسی لئے فتح سے پہلے اور بعد بھی ولی معصوم نہیں ہوتا۔

یہ فرق جو بیان کیا جاتا ہے کہ ولی پر فرشتہ کا نزول نہیں ہوتا اور نبی پر ہوتا ہے۔ درست نہیں ہے کیونکہ جس کو حق تعالیٰ فتح نصیب ہے خواہ وہ نبی ہو خواہ ولی۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ فرشتوں کو اپنی اصلی صورت میں دیکھے اور ان سے گفتگو کرے۔ جن لوگوں نے کہا ہے کہ ولی فرشتوں کو نہ دیکھتا ہے نہ ان سے بات کرتا ہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان لوگوں کو حق تعالیٰ نے فتح نصیب نہیں کی۔

مولف کہتا ہے کہ حاتمی نے بھی فتوحات مکیہ باب ۳۶۴ میں یہی لکھا ہے کہ ہماری جماعت کے بعض لوگوں نے جن میں ابو حامد غزالی بھی ہیں۔ یہ فرق بیان کرنے میں غلطی کھائی ہے کہ نبی پر فرشتہ اترتا ہے اور ولی کو الہام ہوتا ہے مگر فرشتہ نہیں اترتا۔ حالانکہ صحیح بات (کہ فرشتہ تو دونوں پر اُترتا ہے) مگر فرق اس حکم میں ہوتا ہے جو فرشتہ لے کر اترے چنانچہ ولی پر فرشتہ اترتا ہے تو اسے (نبی کی) تابعداری کا حکم دیتا ہے اور بعض اوقات فرشتہ اس حدیث کے صحیح ہونے کی اطلاع دیتا ہے جسے علماء نے ضعیف قرار دیا ہو۔ کبھی فرشتہ اللہ کی طرف سے بشارت لے کر آتا ہے کہ وہ اہل سعادت اور اہل امان میں سے ہے جیسے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (ان کو خوشخبری سنائی جاتی ہے دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی) ان لوگوں کی غلطی کا سبب یہ ہے کہ انہوں نے حق تعالیٰ کے طریق سلوک کا قیاس اپنے سلوک پر کر لیا اور چونکہ ان پر فرشتہ نازل نہیں ہوا اس لئے انہوں نے خیال کر لیا کہ کسی اور ولی پر بھی فرشتہ نہیں اترا کرتا ہے اور نہ ہی اترا کرتا ہے' اگر یہ لوگ کسی معتبر آدمی سے سن لیتے کہ فرشتہ ولی پر اترا ہے تو اپنے قول سے رجوع کر لیتے اس لئے کہ یہ لوگ اس کرامات کو حق سمجھتے ہیں چنانچہ ایک جماعت نے اس قول کی طرف رجوع کیا ہے جس کے خلاف وہ پہلے ڈٹے ہوئے تھے۔

جب آپ کو شیخ کی بات سمجھ آ گئی کہ ولی اور نبی میں کیا فرق ہے تو یہ معلوم ہو جائے گا کہ جس فرق کو حاتمی درست سمجھے ہوئے درست نہیں ہے کیونکہ اس کا ماحصل یہ ہے کہ ولی پر امر و نہی کے احکام لے کر فرشتہ نہیں آتا اور نبی پر آتا ہے اور یہ درست نہیں۔ اس ولی پر بھی فرشتہ امر و نہی کے احکام لے کر آتا ہے اس سے یہ لازم نہیں کہ وہ صاحب شریعت ہی ہو جیسا کہ مریم کے قصہ میں کیونکہ فرشتہ لے کر آیا حالانکہ وہ نبیہ نہیں ہیں جیسا کہ ذکر ہو چکا۔ جو کچھ ہم نے حضرت سے اس بارے میں سنا اگر ہم اس کا افشاء کریں تو یہ طالبین کے لئے نشانی اور رغبت کرنے والوں کے لئے سہارا ہو گا مگر یہ ایک راز ہے جس کا افشاء کرنا روا نہیں۔

فتح کو کن باتوں کا مشاہدہ ہوتا ہے:

مگر میں یہاں شیخ کے علوم میں سے دو باتیں ذکر کر دینا چاہتا ہوں (۱) وہ چند چیزیں جن کا مشاہدہ اہل فتح کیا کرتے ہیں۔ حضرت
رمایا کہ مقام اول میں جن امور کا مشاہدہ ہوتا ہے وہ یہ ہیں:

بندوں کے افعال جن کو وہ خلوت میں کرتے ہیں۔

ساتوں زمین اور ساتوں آسمان کا مشاہدہ۔

اس آگ کا مشاہدہ جو پانچویں زمین میں ہے اور اس کے علاوہ ان تمام اشیاء کا مشاہدہ جو زمین اور آسمان میں ہیں اور فرمایا یہ آگ برزخ کی آگ ہے اس لئے کہ برزخ ساتویں آسمان سے لے کر ساتویں زمین تک پھیلا ہوا ہے اور روحیں اپنے اجسام سے نکلنے کے بعد اپنے اپنے درجہ کے مطابق اسی برزخ میں رہتی ہیں اور اہل شقاوت کی روحیں اس آگ میں رہتی ہیں اس کی شکل تنگ مکانات مثلاً کنوؤں، غاروں اور گھونسلوں کی سی ہے یہاں کے رہنے والے ہمیشہ کبھی نیچے کبھی اوپر ہوتے رہتے ہیں کہ اوپر آ کر تم سے ایک بات کہے گا اور ابھی پوری کرنے نہ پائے گا کہ اپنے گڑھے میں گر جائے گا اور فرمایا یہ آگ جہنم کی آگ نہیں اس لئے کہ جہنم کی آگ آسمان اور ساتوں زمین کے کرے سے باہر ہے اور اسی طرح جنت بھی۔

ساتویں زمینوں کے باہمی اشتباک اور ان میں جو مخلوقات آباد ہے ان کا مشاہدہ کہ ایک زمین سے دوسری تک کیسے نکلیں گے اور ہر زمین کا مابہ الامتیاز کیا ہے جو دوسری میں نہیں پایا جاتا۔

ساتویں آسمانوں کے باہمی اشتباک کا مشاہدہ کہ ایک دوسرے سے کس طرح ملا ہے اور آپس میں ان کی کیا نسبت ہے اور ان میں ستارے کس طرح رکھے گئے ہیں۔

شیاطین کا مشاہدہ کہ ان کے توالد و تناسل کی کیا صورت ہے۔

جنات کا مشاہدہ اور یہ کہ وہ کہاں رہتے ہیں۔

شمس و قمر اور ستاروں کی رفتار اور ان خوفناک آوازوں کا مشاہدہ جو فوراً ہلاک کر دیں۔ مثلاً صاعقہ کیونکہ یہ ہمیشہ ان کے کانوں میں پڑتی رہتی ہیں اور صاحب فتح کو چاہیے کہ وہ ان مشاہدات کو بڑی چیز نہ سمجھے بلکہ معمولی سمجھے ورنہ یہیں ٹھہر جائیگا بلکہ وہ رجعت قہقری کرنے لگے گا اس لئے کہ فتح کے زمانے میں طبیعت شفاف ہوتی ہے اور وہ جس چیز کو اچھا سمجھتی ہے اس کے پار تک اسے دیکھ لیتی ہے اور یہ تمام چیزیں جن کا مشاہدہ ہوتا ہے چونکہ ظلمت اور تاریکیاں ہیں اس لئے ان میں اگر کہیں بھی ٹھہر گیا تو تاریکیوں میں ٹھہرا اور اللہ سے تعلق منقطع ہو جائے گا اسی لئے تو وہ ولی جنہیں فتح حاصل نہیں ہوتی بڑے محفوظ مقام میں ہوتے ہیں اور مفتوح علیہ انتہائی خطرے میں ہوتا ہے۔ ہاں مگر جنہیں اللہ محفوظ رکھے چنانچہ ہم دیکھتے ہیں طبیعت انسانی فتح سے پہلے اللہ سے غافل ہو کر درہم و دینار اور عورتوں کا تو ذکر ہی کیا بادام، منقی اور چنے کے دانہ پر فریفتہ اور مشغول ہو جاتی ہے تو کیسے ہو سکتا ہے کہ فتح کے بعد جب اسے عالم بالا و زیر کا مشاہدہ ہونے لگے اور پھر شیاطین ہر اس بات میں اس کی مدد کو تیار ہوں جس کی وہ خواہش کرے اور وہ فریفتہ نہ ہو۔ اللہ کی مدد کے بغیر کوئی بھی اس سے بچ نہیں سکتا۔

نیز فرمایا جو ولی ان مذکورہ بالا چیزوں سے کسی ایک چیز پر بھی ٹھہر گیا تو شیاطین ہر وقت اس کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوتے ہیں اور وہ یا جادوگر بن جاتے ہیں یا کاہن۔ خدا ہمیں اس سے بچائے مگر جس پر اللہ کی رحمت ہو اسے اللہ اپنی طرف کھینچتا ہے اور اس کے دل میں ایسا دلی شوق پیدا کرتا ہے جس سے وہ ان تمام پردوں کو پھاڑ دیتا ہے۔

دوسرے مقام کے مشاہدات:

دوسرے مقام میں جو مشاہدات اسے حاصل ہوتے ہیں وہ یہ ہیں

جیسے مقام اول میں اسے امور ظلماتی اور فانی مشاہدہ کرائے گئے تھے اسی طرح دوسرے مقام میں اسے انوار باقیہ کا مشاہدہ کرایا جا ہے چنانچہ اسے عام فرشتے' محافظ فرشتے' دیوان اولیاء اور ان اولیاء کا مشاہدہ کرایا جاتا ہے جو آپ کی طرف منسوب ہوتے ہیں اور آ کے طرز پر چلتے ہیں پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا مقام پھر حضرت ادریس علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا مقام پھر حضر یوسف علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا مقام پھر تین قدیم رسولوں کا مقام جن میں سے کچھ حضرت ادریس علیہ السلام سے پہلے اور کچھ بعد ہوئے اور کے نام لوگوں میں مشہور نہیں مشاہدہ کرائے جاتے ہیں۔ اگر مذکورہ بالا انبیاء کے مقامات کی تشریح کر دیں اور یہ بھی بیان کر دیں کہ فرشتوا اپنی اصل صورت میں کیسے دیکھا جاتا ہے تو سننے والا ایسی باتیں سنے جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھیں۔ ان امور کے مشاہدہ کر والے کے لئے بھی لازم ہے کہ وہ کہیں نہ ٹھہرے اور وجہ وہی ہے کہ اس کی طبیعت شفاف ہوتی ہے اور جب کسی مقام پر ٹھہر جاتی ہے تو کی طبیعت وہاں کے اسرار پی جاتی ہے چنانچہ مثلاً اگر مقام عیسیٰ علیہ السلام پر ٹھہر گیا اور اسے پسند کر لیا تو انہی کے اسرار سے سیر ہوگا اور فوراً مذہب اختیار کر لے گا اور ملت اسلامیہ میں سے نکل جائے گا خدا بچائے۔ صاحب فتح ہر وقت بڑے خطرے اور ہلاکت کے قریب ہو جب تک مقام محمدی ﷺ کا مشاہدہ نہ کرے' اس مقام کے مشاہدہ کر لینے کے بعد اسے ہر طرح کی راحت و سرور حاصل ہو جاتا ہے لئے کہ آنحضرت ﷺ کی ذات میں ایک قوت ہے جو تمام مخلوقات میں سے آپ ﷺ کے ساتھ خاص ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی طرف لیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ اعز المخلوقات اور افضل العالمین ہیں۔ جب صاحب فتح مقام محمدی پر پہنچتا ہے تو اللہ کی طرف ا کشش بڑھ جاتی ہے اور وہ اللہ سے بے تعلق ہونے سے بچ جاتا ہے اس میں اور راز بھی ہیں جن کا علم ارباب فتح کو ہوتا ہے خدا ہمیں میں سے بنائے اور ان کی برکت سے ہمیں محروم نہ کرے۔

تیسرا مقام: اس مقام پر صاحب فتح مذکورہ بالا انوار میں تقدیر کے اسرار مشاہدہ کرتا ہے۔

چوتھا مقام: چوتھے مقام میں اس نور کا مشاہدہ ہوتا ہے جس پر فعل الٰہی منبسط اور گھل مل گیا ہے جیسا کہ پانی میں زہر۔ چنا بمنزلہ زہر کے ہے اور نور بمنزلہ پانی کے ہے۔ اس مقام پر پہنچ کر بہت سے لوگوں کو دھوکا لگ جاتا ہے چنانچہ وہ خیال کرتے ہیں کہ یہ الٰہی ہے حالانکہ وہ اس سے بدرجہا بلند و برتر ہے۔

پانچواں مقام: پانچویں مقام میں فعل الٰہی کی اس نور سے علیحدگی کا مشاہدہ ہوتا ہے کہ نور نور نظر آتا ہے اور فعل فعل' اس وق غلطی کو محسوس کرتا اور سمجھتا ہے کہ اس کا پہلا گمان غلط تھا۔ ہم نے مقامات کے نام اور ان کے معانی کی تشریح اور تمام اقسام کا ذکر ا نہیں کیا کہ ہماری غرض صاحب فتح کو چوکنا کرنا ہے جو بحمد اللہ حاصل ہو چکا۔ مزید برآں ان کی تشریح میں وہ اسرار پائے جاتے ہیں

ب فتح سے بالمشافہ کیا جا سکتا ہے۔

۲۔ دوسری بات جس کا ذکر کرنا مناسب ہے کہ نبی اور ولی کے درمیان جو فرق ہے وہ تو معلوم ہو چکا اب رہا نبی اور فرشتے میں فرق ے کہ فرشتے کی ذات نورانی ہوتی ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے عقل وحواس رکھ دیئے ہیں۔

میں نے حضرت کو فرماتے سنا کہ ہر فرشتے کی ذات میں پانچ سرّ ہوتے ہیں ہر سرّ کا دایاں' بایاں اور اوپر ہے۔ [۷۰] چنانچہ اوپر نو منہ ہر سر میں کل تریسٹھ منہ ہوئے اور تریسٹھ کو پانچ میں ضرب دینے سے ۳۱۵ منہ بنے اور ہر منہ میں کسی فرشتہ کی تین زبانیں ہوتی ہیں پانچ اور کسی کی سات۔ تین زبانوں کے اعتبار سے ضرب دینے سے کل زبانیں ۹۴۵ اور پانچ کے اعتبار سے ۱۵۷۵ اور سات کے ے ضرب دینے سے ۲۲۰۵ زبانیں ہوئیں۔ چنانچہ جب کوئی فرشتہ کوئی کلمہ بھی منہ سے نکالتا ہے تو اس کی آواز ان تمام زبانوں سے ۔ پاک ہے وہ خدا جو خلاق عظیم ہے۔

لہٰذا اگر اللہ تعالیٰ مزید طاقت سے صاحب فتح کی تائید نہ فرمائیں تو فرشتہ کی آواز سن کر اس کا دل پھٹ جائے اور اگر وہ فرشتہ کو اپنی ت میں دیکھ لے تو خیال کر لو کہ کیا ہو جائے گا۔

جب یہ سن چکے تو اب سمجھ لو کہ فرشتہ کی ذات ایک صاف نور ہے جس میں عقل اور حواس مرکب ہیں تو اس کی مثال رُوح کی سی ہوئی ہ بھی نور سے پیدا ہوئی ہے اور اس میں عقل ہوتی ہے جس سے اللہ تعالیٰ کی پہچان ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ہی وہ طاقتیں بھی ہوتی کا ذکر رُوح کے سات اجزاء میں گزر چکا ہے اور یہ بھی بیان کیا جا چکا ہے کہ ساتوں علوم اس کے فطری ہیں جو اس کی اصل پیدائش ں ہیں۔ پس یہی حال فرشتہ کا ہے کہ اسے شروع سے ہی فتح نصیب ہوتی ہے۔

مگر نبی کی ذات مٹی سے پیدا ہوئی ہوتی ہے اور اس مٹی کے جسم میں رُوح کو مع اس کے اسرار کے پوشیدہ کیا گیا ہوتا ہے اور مٹی کی جاب کی مقتضی ہے لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ نے ابتداء پیدائش میں ہی نبی کی ذات کو نور نبوت سے تقویت دی ہوتی ہے اس لئے اس سے زائل ہو جاتی ہے اور حجاب پتلا پڑ جاتا ہے اس نبی کی مثال اس شخص کی ہے جو ہمیشہ حق کا جلیس وہم خواب ہو' اللہ کے قریب اس کی ت وسکون بھی حق میں ہوتا ہے اس کی خاموشی حق پر ہوگی اور گفتگو حق کیساتھ اس کے تمام امور حق ہوتے ہیں یہاں تک کہ اگر فرض جائے کہ وہ ایسی قوم میں پیدا ہوا ہو جس کی تربیت گمراہی پر ہوئی ہو تب بھی محض اس حق کی وجہ سے جو اس کی ذات کے اندر ہے ان ے گا اور ان کی تمام حرکات وسکنات میں ان کی مخالفت کرے گا خواہ اس نے نہ شریعت کا نام سنا ہو اور نہ امر ونہی کا۔ فتح سے پہلے اور ل پیدائش اور ابتداء میں ہر نبی کا یہی حال ہوتا ہے، لیکن جب اسے فتح حاصل ہو جائے اور رُوح اور ذات کے درمیان حجاب کلیتًا و جائے اور ہر وقت خدا کی حضوری میں رہنے لگے تب تو اس کے موجزن سمندر اور بحر بے کراں کا حال نہ پوچھ اس وقت نہ کوئی فرشتہ ئی اور مخلوق اس کی طاقت رکھ سکتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۔وَذَا النُّونِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ (سورہ انبیاء آیت ۸۷)

میں نے حضرت سے اللہ تعالیٰ کے فرمان وَذَا النُّونِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ (سورہ انبیاء آیت ۸۷) ذوالنون کو یاد کرو جب وہ اپنی قوم سے ناراض ہو کر چلے اور خیال کیا کہ ہم ان پر عذاب کرنے کی قدرت نہ رکھ سکیں گے) کیسے ہو سکتا

ہے کہ ذوالنون (یونس علیہ السلام) یہ خیال کریں کہ اللہ تعالیٰ ان پر قدرت نہ رکھ سکیں گے اور یہ کہ وہ پروردگار کے احاطہ قدرت سے نکل جائیں گے کیونکہ اس خیال کا آنا کمزور ترین موحد سے بھی بعید معلوم ہوتا ہے چہ جائیکہ نبی یا مرسل سے۔

حضرت نے فرمایا مُغَاضِباً کے معنی ان پر ناراض ہو کر کے ہیں کیونکہ انہوں نے ان پر ایمان لانے اور ان کی اس اطاعت کو ترک کر دیا تھا جس میں ان کی ہدایت اور بہتری تھی کہ ان پر اللہ کا حکم اور عذاب اس قدر قریب آ گیا کہ دیکھنے والا بھی اسے دیکھ سکے اس لئے کہ عذاب ان کے گھروں کے اوپر آ چکا تھا۔ چنانچہ جب حضرت یونس علیہ السلام نے یہ دیکھا تو وہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی میں چلے گئے۔

رہا اللہ تعالیٰ کا فرمان فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ تو اس کے معنی یہ ہیں کہ انہوں نے یہ خیال کیا کہ ہم اسے اسی عذاب سے ہلاک کریں گے جس سے ان لوگوں کو ہلاک کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جب انہوں نے عذاب کے علامات دیکھے تو اس خیال سے بھاگ گئے کہ بچ جائیں گے اور وہ عذاب جو ان کی قوم پر آیا ہے ان پر نہ آئے گا۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص کو آگ نظر آوے کہ سامنے سے آ رہی ہے اور سب لوگ اس کی زد میں آ رہے ہیں یا پانی کا سیلاب دیکھے کہ اس کے سامنے جو آیا بچ نہ سکا تو وہ اس خیال سے بھاگے کہ بھاگ جانے سے وہ اس آگ اور سیلاب سے بچ نکلے گا۔ حضرت یونس علیہ السلام کی یہی حالت تھی کیونکہ جب انہوں نے اپنی قوم پر عذاب آتا ہوا دیکھا اور خیال کیا کہ اگر وہ ان کے ساتھ رہ جائیں گے تو ان پر بھی وہی عذاب نازل ہوگا جو ان پر نازل ہوا ہے اس لئے یہ خیال کر کے ہوئے کہ بھاگ جانے سے جو عذاب ان پر اترا ہے ان پر نہ اترے گا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک اور قسم کی قدرت دکھائی جو ان کے گمان میں بھی نہ تھی۔ جب انہوں نے یہ قدرت دیکھی تو تاریکیوں میں ہی پکار اُٹھے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے۔ میں نے ہی اپنے اوپر ظلم کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو نجات دی۔ ان کے بعد یہ واقعہ نصیحت حاصل کرنے والوں کے لئے کرشمہ قدرت بنا۔ توبہ کرنے والوں کے لئے نمونہ بنا اور مصیبت زدہ لوگوں کے لئے تسلی کا سبب بنا اور سائلین کے لئے کشائش کا دروازہ کھلا کہ ارشاد ہے نَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ (ہم نے اسے غم سے نجات دی اور ہم مومنین کو اسی طرح نجات دیتے ہیں) حضرت یونس علیہ السلام کا فرار اس خیال سے تھا کہ وہ اس عذاب سے بچ جائیں جو ان کی قوم پر نازل ہونے والا تھا۔ اس خیال سے نہ تھا کہ خدا کی قدرت کو عاجز کر دیں گے اور اپنے آقا کے احاطے سے باہر چلے جائیں گے۔

مولف کہتا ہے کہ یہ تفسیر بہترین تفسیر ہے جو اس آیت کے بارے میں بیان کی گئی کیونکہ مفسرین نے کئی وجوہ بیان کئے ہیں جن پر غور کرنے سے معلوم ہو جائے گا کہ حضرت کی بیان کردہ تفسیر ان سب سے بہتر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۴۔ وَاَيُّوبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (سورہ انبیاء آیت ۸۳

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آیت وَاَيُّوبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (سورہ آیت ۸۳) (اور ایوب کو یاد کرو جب انہوں نے اپنے رب کو پکار کر عرض کی خدایا میں تکلیف میں ہوں اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے) میں ضُرّ سے کیا مراد ہے اور اس کی تفسیر میں مفسرین نے جو حضرت ایوب علیہ السلام کے بیمار ہونے کا جو ذکر کیا ہے درست ہے؟ اگر ان کی بیماری کی طویل مدت جو بیان کی جاتی ہے کیا وہ دُرست ہے؟ اور حافظ ابن حجر نے جو کچھ اپنی کتاب فتح میں انبیاء کی احادیث ہیں ان کا بھی میں نے ذکر کیا جو اس بیان کو پڑھنا چاہے حضرت ایوب علیہ السلام کے بیان میں پڑھ لے۔

حضرت نے فرمایا جو تکلیف حضرت ایوب علیہ السلام کو پہنچی وہ غیر اللہ کی طرف توجہ تھی اور انبیاء و مرسلین کے نزدیک سب سے بڑی یہی ہے۔ اسی تکلیف کو دور کرنے کی درخواست حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنے رب سے کی تھی۔ بدنی مرض کو دور کرنے کی یہ تھی کیونکہ یہ تو انہیں اللہ سے اور قریب کر رہی تھی۔ اور جو چیز آپ کو اپنے رب سے دور کر رہی تھی وہ غیر اللہ کی طرف توجہ اور اللہ سے ی خواہ وہ ایک لمحہ کے لئے کیوں نہ ہو کی تکلیف تھی، جس مرض کا ذکر مفسرین اور مورخین نے کیا ہے وہ قطعاً ہوا ہی نہیں اور مدت مرض ف دو ماہ اور چند روز ہے۔ حضرت نے ان دنوں کی بھی تعیین کر دی لیکن مجھے بھول گئے کہ کتنے فرمائے تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِیْشَةً ضَنْكًا وَّ نَحْشُرُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَعْمٰی ○ (سورہ طٰہٰ آیت ۱۲۴)

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آیت وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِیْشَةً ضَنْكًا وَّ نَحْشُرُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَعْمٰی ○ ہٰ آیت ۱۲۴) (جس نے میری یاد سے منہ موڑا، اس کی زندگی تنگ ہوگی اور قیامت کے دن اُسے اندھا اُٹھایا جائے گا) میں ہ ضنکا سے کیا مراد ہے؟ کیونکہ اگر تنگدستی مراد لی جائے تو معاملہ مشکوک ہو جاتا ہے کیونکہ بہت سے کافر مالدار دیکھے گئے ہیں۔ عاش فراخ ہوئی نہ کہ تنگ اور آیت کا تقاضا یہ ہے کہ ہر وہ شخص جو اللہ کے ذکر سے اعراض کرے گا اس کی زندگی تنگ ہوگی۔

حضرت نے فرمایا: ذات انسانی پر جو حالات آخرت میں پیش آئیں گے ان کا اثر دنیا ہی میں عقلوں پر ظاہر ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ ملہ کیا ہے کہ کافر جہنم میں ہمیشہ کے لئے رہیں گے۔ لہٰذا کوئی گھڑی بھی کافر پر ایسی نہیں گزرتی ہے کہ اس کے دل پر غم نہ طاری ہو ں کے دل پر وسوسے طاری رہتے ہیں اور وسوسوں سے غم کی تحریک ہوتی ہے جو اس کی زندگی کو مکدر کر دیتے ہیں۔ ادنیٰ ترین وسوسہ ا سے یہ خیال آئے کہ آیا میں صحیح مذہب پر ہوں یا نہیں اسی خیال کو اللہ کافروں کے دلوں پر ڈالتا ہے اور اسی سے ان کی زندگی تنگ ے۔ خواہ کس قدر مالدار اور بادشاہ ہی کیوں نہ ہوں۔ لہٰذا تنگی سے مراد دل کی تنگی ہے نہ کہ ہاتھ کی۔ اس لئے جس کے پاس وسیع دنیا علوم ہو جائے کہ اسے آخر کار جہنم میں جانا ہے تو اس کی زندگی تنگ ہوگی۔

مؤلف کہتا ہے کہ شیخ نے نہایت خوب کہا: بیضاوی نے زندگی کی تنگی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس کی زندگی اس لئے ی کہ اس کا سارا غم اور اس کی نگاہ ہر وقت دنیا کے سامان پر لگی ہوگی اور اس کے زیادہ چاہنے کا سخت حریص ہوگا اور اس میں کمی واقع سے ڈرتا ہوگا برخلاف مومن کے جو آخرت کا طالب ہوتا ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ ایک فقیہ نے مجھے بتایا کہ کفار نے اسے سات سال قید میں رکھا اور میں اس تمام عرصہ میں ان سے مناظرہ کرتا ا ان کو مدت تک آزماتا رہا اور ان سے بہت گفتگو کی یہاں تک کہ مجھے معلوم ہو گیا کہ ان میں اکثر لوگ اپنے مذہب کے متعلق شک ے ہیں۔ ان کے دل کی بیماری کی مثال ایسی ہے جیسے ایک خارش کا مریض ہو جو کھجانے والے کی تلاش میں ہو لہٰذا جب انہیں کسی ن طالب علم کا پتہ چلتا تو دوڑ کر اس کے پاس جاتے۔ اس سے سوال اور بحث کرتے پھر اس کی معمولی سی گفتگو سے یہ کافر اس مسلمان ل میں پھنس جاتے۔ یہ تو ان کے متوسط درجہ کے لوگوں کا حال ہے۔ اب رہے ان کے بزرگ اور پادری اور ان کے اہل رائے سو رصہ تک ان کو آزمانے اور ان سے مناظرہ کرنے کے بعد مجھے ہوا کہ ان کو اپنی گمراہی کا پورا یقین ہے۔ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِهٖ۔ ہتا ہے کہ میں ان سے مناظرہ کرتا رہا حتیٰ کہ انہوں نے ذکر کیا کہ فلاں جگہ ان کا ایک عالم ہے کہ کتب سابقہ کا علم چلتا چلتا اب اس

تک پہنچا ہے۔ میں اس کے پاس گیا تو اسے بحر بے کراں پایا۔ اسے تورات' انجیل' زبور اور قرآن مجید کی آیات یاد تھیں اور آنحضرت ﷺ کی بہت سی احادیث بھی یاد تھیں اور امراؤ القیس [۱۷] کندی کے کچھ اشعار بھی یاد تھے۔ میں نے اس سے کہا میں تجھ سے ایک بات پوچھنے آ ہوں جس نے مجھے سخت غمزدہ اور پریشان کر رکھا ہے کہ نہ رات کو نیند ہے نہ دن کو قرار۔ کہا وہ کونسی بات ہے؟ میں نے کہا جب تک میں اسلامی ملک میں رہا میں یہی سنتا رہا کہ دین اسلام سچا دین ہے اور عیسائی مذہب باطل ہے لیکن جب سے تمہارے ملک میں آیا ہوں معاملہ برعکس ہو گیا ہے اور میں ہر جگہ یہی سنتا ہوں کہ عیسائی مذہب سچا مذہب ہے اور دین اسلام باطل ہے اور میں نے یوں ظاہر کیا کہ مجھے مذہب کے بارے میں شک پیدا ہو گیا ہے میں نے لوگوں سے دریافت کیا کہ عیسائیوں کا سب سے بڑا عالم کون ہے سب نے بالاتفاق آپ کا لیا اور آپ کے سب سے زیادہ عالم ہونے اور سردار ہونے میں کسی نے بھی اختلاف نہیں کیا۔ اللہ تعالیٰ نے جاہل پر فرض کیا ہے کہ وہ سے پوچھے لہٰذا میں چاہتا ہوں کہ آپ بتائیں کہ آپ کے نزدیک حق بات کیا ہے تا کہ میں قیامت کے دن اللہ اور اپنے درمیان آپ جواب کو حجت بنا سکوں۔ میں جاہل ہوں اور آپ عالم۔ اللہ تعالیٰ نے جاہل پر پوچھنا فرض کیا ہے اور عالم پر حق گوئی اور اللہ کے واسطے کی خیر خواہی۔ میرے سوال کا اس پر بہت اثر ہوا اور وہ اپنا ماتھا ہتھیلی پر رکھ کر دیر تک خاموش رہا اور عیسائیوں کا ایک ہجوم اس کے پاس ہوا تھا۔ پھر اس نے اپنا سر اٹھایا اور میرے کان میں چپکے سے کہا اسلام کے سوا کوئی مذہب نہیں۔ یہی وہ حق مذہب ہے جس کے سوا کسی مذہب کو اللہ تعالیٰ قبول نہ کرے گا اور پیشتر اس کے کہ میرے جواب کا علم عیسائیوں کو ہو جائے تو یہاں سے اٹھ کر چلا جا۔ اس کے بعد فقیہ نے ان مناظرات کا ذکر جو اس نے یہود و نصاریٰ کے عالموں سے کئے جن کا یہاں ذکر کرنا ہماری غرض سے باہر ہے اور میرا صرف شیخ کے فرمان کی تائید کرنا تھا اور جو شخص یہود و نصاریٰ سے مناظرہ کرے گا اسے شیخ کے فرمودہ کا علم ہو جائے گا میں نے بھی علماء سے بحث کی آخر کار مجھے علم ہو گیا کہ انہیں اپنے باطل پر ہونے کا یقین ہے اور ہٹ دھرمی اور اپنی قوم میں رسوائی کے خوف کے اور چیز انہیں اسلام لانے سے مانع نہیں۔ یہ ایک طویل مناظرہ تھا جس میں ہمارے فقہاء اور قراء کی ایک جماعت نے شرکت یہودیوں کے ساتھ بھی کچھ یہودی آئے۔ اسی طرح میں نے ایک عیسائی سے گفتگو کی لیکن میں نے اس کے پاس کچھ بھی نہ پایا بارے میں بہت سی حکایات پائی جاتی ہیں جو ان کا مطالعہ کرنا چاہے وہ عبداللہ میورقی کی تحفۃ الادیب فی الرد علی اھل الصلیب کا کرے۔ عبداللہ میورقی [۷۲] عیسائیوں کا عالم تھا جو مسلمان ہو گیا تھا۔ اسی طرح عبدالحق [۷۳] اسلامی کی تالیفات دیکھیں۔ یہ ایک یہود تھے جو مسلمان ہو گئے تھے اسی طرح نصاریٰ کے رد میں ابوالعباس [۷۴] قرطبی کی تالیف ہے جس میں عجیب و غریب باتیں دی ہیں اور ضخامت بیس جزو کے قریب ہے۔ جو شخص ان باتوں کا مطالعہ کرے اور پھر اسے عیسائیوں اور یہودیوں سے ملنے کا اتفاق ہو تو اسے پر معلوم ہو جائے گا کہ ان کے دلوں میں شک کا مرض ہے اور اس بات کا یقین ہے کہ وہ گمراہی پر ہیں۔

۲۶۔ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ط (سورہ یوسف آیت ۲۴)

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آیت وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ط فرمایا اس سے کیا مراد ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے کس بات کا ارادہ کیا تھا؟

فرمایا کہ انہوں نے زلیخا کو مارنے کا ارادہ کیا تھا۔ پھر میں نے جو کچھ مفسرین نے اس بارے میں بیان کیا ہے اس

ی کیا تو آپ نے سختی سے اس کا انکار کیا اور فرمایا کہ پھر عصمت کہاں رہی؟ ایک ولی کو جب فتح نصیب ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس
تاریکیوں کی جڑیں نکال پھینکتا ہے جن میں بعض سے جھوٹ، بعض سے تکبر، بعض سے ریاء، بعض سے حب دنیا، بعض سے شہوت و
ناوغیرہ وغیرہ بری باتیں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ حال ولی کا ہے نبی جس کی فطرت ہی عصمت پر بنی ہوتی ہے اور اسی پر اس کی تربیت ہوئی
ہے اس کا تو کیا ہی کہنا۔

پھر فرمایا کبھی ولی اس درجہ تک پہنچ جاتا ہے کہ اس کی نگاہ میں محل شہوت (یعنی فرج) اور دوسری جگہ ایک جیسی ہوتی ہے یہاں تک کہ
ی فرج اور یہ پتھر۔ آپ کا اشارہ اس پتھر کی طرف تھا جو آپ کے سامنے پڑا تھا۔ ایک جیسے ہوتے ہیں۔ ایسا کیوں نہ ہو جبکہ صاحب
اور تو اور عورت کے رحم کی چیزیں تک مخفی نہیں رہتیں۔ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے جس کے پاس شیطان پھٹک نہیں سکتا اور جس کے
ہوئے کسی قسم کی تاریکی نہیں آتی جب ولی کا یہ حال ہے تو نبی معصوم کی کیا کیفیت ہوگی۔ خدا ہمیں ان لوگوں میں سے بنائے جو نبوت
کو سمجھتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۔ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا (سورہ نساء آیت ۱۶۴)

میں نے حضرت سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا (اللہ نے موسیٰ سے کلام کیا) کیا یہ حضرت
ام کے ساتھ مخصوص ہے اور بڑے بڑے صوفی مکالمہ کا جو ذکر کرتے ہیں حق ہے؟ مثلاً حضرت عارف باللہ ابوالحسن شاذلی حزب کبیر
اتے ہیں ہمیں ایسا مشاہدہ عطا کیا گیا ہے جس کے ساتھ مکالمہ بھی ہے۔

فرمایا شیخ ابوالحسن اور دیگر صوفیہ نے مکالمہ کے بارے میں جو کچھ کہا ہے حق ہے، اس میں کوئی شک نہیں اور یہ آیت شریفہ کے
بھی نہیں ہے اس لئے کہ آیت میں حصر نہیں پایا جاتا۔

پھر فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کی مفتوح علیہ پر رحمت ہوتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا کلام اس طریقے سے سنتا ہے جو خارق عادت ہوتا ہے
وہ اسے بغیر حرف اور بغیر آواز کے سنتا ہے کہ نہ کسی کیفیت کا ادراک ہوتا ہے اور نہ کسی خاص جہت سے سماع ہوتا ہے بلکہ تمام
اور تمام اجزاء سے سنتا ہے اور جس طرح سماع کے لئے کوئی مخصوص جہت نہیں ہوتی اسی طرح کسی عضو کی بھی تخصیص نہیں ہوتی بلکہ
نے تمام جواہر اور تمام اجزاء سے سنتا ہے لہٰذا ہر جزو، ہر جوہر، ہر دانت، ہر داڑھ سے سماع ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کا سارا جسم بمنزلہ
کے بن جاتا ہے۔

اس کے بعد آپ نے بتایا کہ اہل فتح کے ہاں یہ سماع بھی اپنے اپنے مراتب کے مطابق مختلف ہوتا ہے جس کا ذکر کرنا مناسب
ا۔ خدا ہمیں اس سے مستفیض کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۔ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ
يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ط اِنَّ الْكَافِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا (سورہ نساء آیت ۱۰۱)

میں نے حضرت سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ

الصَّلوٰۃِ اِنْ خِفْتُم اَنْ یَّفْتِنَکُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا. اِنَّ الْکَافِرِیْنَ کَانُوا لَکُمْ عَدُوًّا مُّبِیْنًا (جب تم سفر کو جاؤ تو اگر تمہیں اس بات کا خطرہ ہو کہ کافر تمہیں تکلیف پہنچائیں گے تو کوئی حرج نہیں اگر تم نماز کو کم کردو۔ بیشک کافر تمہارے کھلے دشمن ہیں) اور عرض کیا خوف کی حالت کی قید لگانے کی کیا وجہ ہے حالانکہ امن کی حالت میں بھی قصر جائز ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ یہ قید مفہوم مخالف کے خارج کرنے کے لئے نہیں بلکہ اس لئے ہے کہ اس بات کی تصریح کردی جائے کہ خوف کی حالت میں قصر کرنے میں کوئی حرج نہیں، نیز اس بات کی تنبیہ کرنا ہے کہ خوف کی حالت کو بھی اس حکم میں شامل کرلو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ صحابہ کرام جب جہاد کے لئے جاتے تو اس خیال سے کہ کہیں یہ زندگی کا آخری وقت نہ ہو وہ اور بھی زیادہ عبادت کیا کرتے اور ہر وقت عبادت میں لگے رہتے۔ حتیٰ کہ بعض صحابہ کا یہ حال تھا کہ دن کو جہاد کرتے اور رات بھر کھڑے رکوع وسجود میں لگے رہتے۔ لہٰذا جب وہ دشمن کے خلاف جہاد کی غرض سے نکلتے تو عبادت کم کردینے کو کوتاہی اور سخت گناہ سمجھتے اس لئے کہ یہ آخرت کی تیاری کے منافی ہے اور ان کا خیال تھا کہ ایسی حالت میں زیادہ عبادت کرنا ہی ٹھیک ہے اور یہ خیال ان کے دلوں میں راسخ ہو چکا تھا لہٰذا جب اللہ تعالیٰ نے اس خیال کو ان کے دلوں سے زائل کرنا چاہا تو حکم کو اسی حالت سے مقید کر کے اتارا جسے وہ عبادت کے منافی سمجھتے تھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فِی الغَنَمِ السَائمة زکوٰۃ:

جب گفتگو چلتے چلتے اس مفہوم تک آئی تو میں آنحضرت ﷺ کے فرمان فِی الغَنَمِ السَائمة زکوٰۃ (کھلی چرنے والی بکریوں میں زکوٰۃ ہے) کا مفہوم دریافت کیا۔

حضرت نے فرمایا مریض بکریاں جو چر نہ سکتی ہوں جب ان کی یہ حالت ہوجائے تو ان سے زکوٰۃ ساقط ہوجاتی ہے اس لئے کہ ملکیت کی نعمت پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے اور جب بکریوں کی یہ حالت ہوجائے کہ ان کا کھانا اور چرنا بھی جاتا رہے تو ملکیت کی نعمت جس سے زکوٰۃ واجب ہوتی ہے نہیں رہتی کیونکہ ایسی حالت میں بالعموم ان کی موت اور ہلاکت واقع ہوجاتی ہے۔ آنحضرت ﷺ کا مقصد یہی ہے۔

میں نے عرض کیا کہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ سائمہ سے یہاں مراد وہ بکریاں ہیں جنہیں چارہ ڈالا جائے۔

حضرت نے فرمایا کہ جن کو چارہ ڈالا جائے وہ تو حدیث کے الفاظ میں ہی آجاتی ہیں اس لئے کہ وہ اپنی طبیعت کے اعتبار سے سائمہ ہیں۔ انہیں صرف چرنے سے روکا گیا ہے اگر انہیں اپنی طبیعت پر چھوڑ دیا جائے تو چرنے کے لئے نکل جائیں مگر مالک نے ان کا چارہ ڈالنے کا ذمہ لیا ہے اس طرح ملکیت کی نعمت تو ثابت ہوگئی۔

اس کے بعد میں نے مجتہدین میں اس کے مفہوم میں جو اختلاف پایا جاتا ہے اس کے متعلق دریافت کیا کہ بعض نے مفہوم کا مصطور پر لحاظ رکھا ہے اور بعض نے اسے بالکل ہی مہمل قرار دیا ہے اور بعض نے اس میں فرق کیا ہے جیسا کہ علم اصول میں مشہور ہے۔

حضرت نے فرمایا مفہوم کا حقیقی علم صرف اسی شخص کو ہوسکتا ہے جسے ان اسباب واغراض کا علم ہو، جن کی وجہ سے آنحضرت ﷺ نے کسی بات کی قید لگادی ہے اور اس کا علم آنحضرت ﷺ کے باطن کا علم حاصل کئے بغیر حاصل نہیں ہوسکتا۔ مثلاً اگر کوئی شخص اپنے کلام میں کچھ باتوں کی قید لگادے اور اس کے بعد کہیں چلا جائے تو اس کی قیود کی مراد کے متعلق یقینی علم اسی وقت ہوسکتا ہے جب اس کا علم معلوم ہوجائے اور یہ اسی صورت میں معلوم ہوسکتا ہے کہ اگر وہ زندہ ہو تو اسی سے خود پوچھا جائے اور وہ اپنی مراد کی تشریح کردے۔

سی نے اس کی زندگی میں اس سے خود پوچھا ہی نہ ہوتو اس کی مراد معلوم کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اسی بناء پر جنہوں نے مطلق طور پر
کو معتبر سمجھا ہے انہوں نے ان قیود کے ساتھ ایک طریقہ اختیار کر رکھا ہے اور یہ درست نہیں۔ اس لئے قید لگانے کے مختلف اسباب
ے ہیں۔ بعض حکم کی مخالفت کے مقتضی ہوتے ہیں اور بعض موافقت کے۔ یہی حال ان لوگوں کا ہے جنہوں نے اصولیوں کے طرز پر
کیا ہے چنانچہ جنہوں نے تعداد کو بالکل مہمل قرار دیا ہے اور مطلق طور پر شرط کا اعتبار کیا ہے انہوں نے تعداد کی قید لگانے میں ایک ہی
ں اختیار کیا ہے اور یہ ان اغراض کے منافی ہے جن کی وجہ سے یہ قید یا شرط لگائی گئی۔

حاصل یہ کہ شرعی تقیدات کا حقیقی علم صرف بڑے بڑے صاحبان کشف وفتح کو ہی حاصل ہوتا ہے جیسے ہمارے حضرت۔ کیونکہ میں
ارغ التحصیل ہونے اور ان بحثوں پر جو بڑے بڑے اصولیوں مفہوم کے متعلق کی ہیں مثلاً امام الحرمین [75] نے برہان اور امام ابو حامد نے
ی میں اور امام ابوالولید [76] باجی نے فصول میں اور ابیاری [77] اور امام علی بن اسماعیل نے شرح برہان میں اور امام ابوعبداللہ بن الحاج [78]
ی نے شرح المستصفیٰ میں مع اس بحث کے جس کا تذکرہ تاج الدین [79] سبکی نے جمع الجوامع اور اس کی شروح اور حواشی وغیرہ میں کیا ہے
ط کر لینے کے بعد حضرت سے کئی بار گفتگو کی تو میں نے حضرت سے وہ باتیں سنیں جو اجتہاد سے بھی بڑھ کر ہیں۔ ایسا کیوں نہ ہو جبکہ وہ ہر
نبی ﷺ کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ خدا ہمیں آپ کی رضا ومحبت عطا کرے اور ہمارا حشر آپ کی جماعت میں کرے آمین!

۔فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ رَبِّيْ (سورہ انعام آیت ۷۶)

میں نے حضرت سے اللہ تعالیٰ کے فرمان فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ رَبِّيْ (سورہ انعام آیت ۷۶) (جب رات
ئی تو ایک ستارہ دیکھا اور کہا یہ میرا رب ہے؟) کے متعلق دریافت کیا کہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا یہ کہنا اپنے لئے استدلال کی خاطر تھا اور
لئے تھا کہ اللہ تعالیٰ کی مصنوعات پر نظر ڈال کر حق تک پہنچ جائیں یا قوم کو خاموش اور لاجواب کرنے کی غرض سے استدلال تھا کہ آپ نے
ان کا دعویٰ بر سبیل تسلیم پیش کیا اور اس کے بعد اسے باطل کرنے کی طرف رجوع کیا کیونکہ مفسرین کا اس میں بڑا اختلاف ہے۔

فرمایا: اپنے نفس کے لئے استدلال تھا مگر عام لوگوں کی طرح کا استدلال نہ تھا اس لئے کہ انبیاء علیہم السلام کا استدلال عام لوگوں کی
ح نہیں ہوتا کیونکہ انہیں انتہا درجہ کی اللہ کی معرفت' کمال عبودیت' انتہائی خوف اور حد درجہ کا خشوع وخضوع نصیب ہوتا ہے جس کی وجہ
وتی ہے کہ ان کی فطرت میں حق کی معرفت اور حق کی طرف میلان پایا جاتا ہے۔ اس آیت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے استدلال کا
لب صرف یہ ہے کہ وہ چاہتے تھے کہ اپنے سر کی آنکھوں سے وہی کچھ دیکھ لیں جو کچھ کہ انہیں اپنے باطن اور بصیرت میں دکھائی دیتا تھا۔
یں اپنی بصیرت کے ذریعہ سے اللہ کی معرفت تامہ حاصل تھی اب آپ یہ چاہتے تھے کہ آپ کی بصیرت تمام پردے پھاڑ کر بصارت تک
نچ جائے۔ لہٰذا انہوں نے اپنی بصارت کے ساتھ اس موجودات میں اس چیز کی تلاش شروع کر دی جو بصیرت میں پہچانی ہوئی چیز کے
ناسب ہو' اس لئے آپ نے ان روشن اجسام کی طرف نظر کی جن کا ذکر آیات میں آیا ہے تو انہیں دیکھا کہ وہ منزہ اور مقدس ذات کے
ناسب نہیں ہیں۔ لہٰذا ان سب سے بیزار ہو کر اس ذات کی طرف گئے جسے وہ اپنی بصیرت میں پہچانتے تھے اور وہ ذات وہ ہے جس نے
تمام زمینوں اور آسمانوں کو پیدا کیا۔ اس کی مثال محض سمجھانے کی غرض سے یوں سمجھو کہ ایک صاحب کشف ولی نے ۲۹ تاریخ کو ہی اپنی
صیرت سے چاند دیکھ لیا پھر اپنی نگاہ سے دیکھنے لگا تو نظر نہ آیا پھر وہ دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر چاند دیکھنے لگا۔ اب جو شخص اس کے

باطن سے واقف نہیں اگر اسے دیکھے گا تو خیال کرے گا کہ اور لوگوں کی طرح جو چاند کو تلاش کر رہے ہیں، اسے بھی چاند ہونے میں شک ہے مگر جو شخص ان کے باطن کو جانتا ہوگا اسے یقین ہوگا کہ انہیں چاند کا پختہ یقین ہے اور وہ چاند کی تلاش ہمارے ساتھ صرف اس لئے کر رہے ہیں کہ آنکھوں سے بھی اس کا مشاہدہ کریں۔ برخلاف اور لوگوں کے کہ انہیں ظاہر اور باطن دونوں طرح سے چاند ہونے میں شک ہے۔ انبیاء اور محجوبین کے استدلال میں یہی فرق ہے۔ لہٰذا ہم پر واجب ہے کہ ان کے استدلال کو اللہ کی معرفت سے ناواقفی اور شک سے پاک سمجھیں۔ نیز ہر اس چیز سے پاک سمجھیں جو اللہ کے متعلق علم ضروری کے منافی ہے جس کی وجہ وہ معصومیت ہے جو انبیاء کا خاصہ ہے اور معصومیت شک اور اللہ تعالیٰ کے متعلق ناواقفیت کے منافی ہے اس لئے کہ دونوں باتیں کفر کی قسمیں ہیں اور انبیاء علیہ السلام صغیرہ گناہوں سے بھی معصوم ہیں چہ جائیکہ کبیرہ گناہ اور پھر چہ جائیکہ کفر۔

مؤلف کہتا ہے یہ نہایت ہی معرفت کی بات ہے۔ مجھے حضرت سے متعدد بار ایسا واقعہ پیش آیا کہ ۲۹ تاریخ کی رات آپ ہمیں چاند ہونے کی اطلاع دے دیتے حالانکہ آپ اپنے گھر کی چھت کے نیچے یا مسجد میں یا کسی اور جگہ ہوتے۔ ہم اسی طرح اپنی جگہ پر بیٹھے رہتے کہ کوئی شخص آتا اور چاند ہونے کی خبر دیتا۔ بلکہ بارہا ایسا ہوا کہ ابھی سورج کی زردی باقی ہوتی کہ آپ ہمیں چاند ہونے کی خبر دیتے کرتے پھر ہم درخواست کرتے کہ چاند دیکھنے چلیں لیکن جب ہم چاند دیکھنے کے لئے نکلتے تو چاند کی باریکی اور ہماری بینائی کی کمزوری کی وجہ سے ہم میں سے کوئی بھی اسے نہ دیکھ سکتا۔ ہم کافی دیر تک دیکھتے رہتے مگر چاند نظر نہ آتا یہاں تک کہ کوئی ہم سے زیادہ تیز نظر شخص آتا اور وہ چاند کو دیکھتا۔ اس کے بعد چاند ہونے کی خبر ہر طرف پھیل جاتی۔ اکثر ایسا ہوتا کہ آپ مجھے فرماتے کہ آج کا دن ماہ رمضان میں ہے حالانکہ لوگوں نے اس دن کا روزہ نہ رکھا ہوتا تھا اس خیال سے کہ وہ شعبان کا آخری دن ہے یا یہ کہ آج عید کا دن ہے اور لوگوں نے اس خیال سے روزہ رکھا ہوتا کہ رمضان کا آخری دن ہے یا یہ کہ آج عرفہ کا دن ہے اور اس دن لوگوں کے خیال کے مطابق آٹھویں تاریخ ہوتی۔ اس کے بعد ان مقامات سے جو ہم سے چار یا پانچ دن کی مسافت پر ہوتے بعینہٖ اسی طرح کی خبر آتی جس طرح کہ حضرت نے فرما ہوتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰۔ هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ط وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ. (سورہ فتح آیت ۲۸)

میں نے حضرت سے اللہ تعالیٰ کے فرمان هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ط وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ. (خدا وہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تا کہ اسے تمام ادیان پر غالب کرے خواہ مشرکین بُرا ہی کیوں نہ مانیں) کے متعلق دریافت کیا کہ تمام ادیان پر غالب کرنے سے کیا مراد ہے؟ کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ یہ تمام ادیان منسوخ کرنے والا ہے یا مراد اس کی حجت و دلیل کے واضح ہونے سے ہے۔

حضرت نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس پاک دین کو تمام ادیان پر ہر لحاظ سے غلبہ دیا ہے، خواہ اس لحاظ سے ہو کہ یہ ان کو منسوخ کر۔ والا ہے، خواہ اس لحاظ سے کہ اس کے دلائل واضح ہیں یا اس لحاظ سے کہ دنیا میں اس کی کثرت ہے۔ یہاں تک کہ اس کے مقابلہ میں دوسرے دین کالعدم ہیں۔ چنانچہ جس شخص کی بصیرت اللہ تعالیٰ نے کھول دی ہو اور سطح زمین کے آباد و غیر آباد مقامات کو دیکھا ہو تو وہ دیکھ

گا کہ ہر مقام میں لوگ اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور وہ دین محمدی پر ہیں۔ زمین ان حضرات سے آباد ہے۔ چنانچہ وہ اس ملک میں بھی ہیں اور اس ملک میں بھی یعنی دار کفر میں بھی۔ غاروں میں بھی' پہاڑوں اور میدانوں میں بھی' آباد اور غیر آباد زمینوں میں بھی۔

اس دین کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ایک نور ہے جو اس کی پیرو اُمت کو ارتداد اور رجوع الی الکفر سے روکتا ہے اور
صرف اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کو آنحضرت ﷺ بڑے محبوب ہیں۔ لہٰذا آپ کے دین میں بہت سی ایسی خصلتیں جمع کر دی ہیں جو سب کی
سب ارتداد سے مانع ہیں۔

حضرت نے فرمایا جو لوح محفوظ کو دیکھ لے اور اس میں رسولوں اور ان کی شریعتوں کو دیکھے جو لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہیں تو اسے
شریعت محمدیہ کے دوام و بقاء اور عدم ارتداد کا علم ہو جائے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نور اور تاریکی کو پیدا کیا پھر بندوں اور امتوں
کو پیدا کیا۔ پھر نور کے لئے دروازے رکھے جن میں سے نور ان کی ذات پر داخل ہو اور تاریکیوں کے لئے دروازے بھی رکھے جن میں
سے تاریکیاں ان کی ذات میں داخل ہوں۔ اس کے بعد شریعتیں بنائیں اور رسول بھیجے تاکہ ان شریعتوں سے نور کے دروازے کھولے اور
تاریکی کے دروازے بند ہوں اور یہ اوامر و نواہی ہیں۔ چنانچہ اوامر نور کے دروازے کھولتے ہیں اور نواہی تاریکی کے دروازے بند کرتے
ہیں اور نور کو کھولنے والے اوامر اور تاریکی کو بند کرنے والے نواہی سوائے شریعت محمدیہ کے کسی شریعت میں پورے پورے ذکر نہیں کئے گئے
ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ شریعت تمام شریعتوں کے اوپر ہے اور آپ کی اُمت تمام امتوں کے اوپر ہے۔ اسی مطلب کی طرف آنحضرت ﷺ
نے اس فرمودہ میں اشارہ فرمایا ہے لَا تَجْمَعُ اُمَّتِی عَلٰی ضَلَالَۃٍ ۔ میری اُمت کبھی بھی گمراہی پر متفق نہ ہوگی۔

حضرت نے فرمایا کہ جب صاحب فتح گزشتہ امتوں اور ان کی ان بستیوں کو جہاں وہ اپنے زمانوں میں بستے تھے دیکھتا ہے تو اسے ان
کی بستیوں کے اوپر سیاہ کہر کی شکل کی تاریکی دھوئیں کی طرح دکھائی دیتی ہے۔ پھر یہ تاریکی [80] ان کے قریب ہوتی رہتی ہے اور وہ آہستہ
آہستہ اپنے دین کو چھوڑتے جاتے ہیں یہاں تک کہ وہ ان پر آ گرتی ہے اور ان کے اجسام اس سے سیر ہو جاتے ہیں اور اُمت اپنے دین سے
نکل جاتی ہے اور پھر کبھی بھی مذہب کی طرف راہ نہیں پاتی۔ مذہب اسلام کی باقی تمام مذاہب پر غالب آنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ ان شاء اللہ ہم عنقریب ابواب ظلمت کا کچھ حال بیان کریں گے اور وہ چیزیں بیان کریں گے جن میں عبرت
حاصل کرنے والوں کے لئے عبرت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۱۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ عَاهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتَانَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ. (سورہ توبہ آیت ۷۵)

میں نے حضرت سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا وَمِنْهُمْ مَّنْ عَاهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتَانَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ. (ان میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا کہ اگر وہ ہمیں اپنے فضل سے دے گا تو ہم ضرور صدقہ کریں گے اور نیک بنیں گے) کیونکہ مفسرین نے لکھا ہے کہ یہ آیت ثعلبہ بن حاطب کے بارے میں نازل ہوئی۔ اس نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ ﷺ سے درخواست کی کہ آپ کثرت مال کے لئے دعا فرمائیں۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا اے ثعلبہ [81] تھوڑا مال جس کا شکریہ ادا کر سکے اس کثیر مال سے بہتر ہے جس کا تو شکریہ ادا نہ کر سکے۔ وہ آنحضرت ﷺ سے بار بار یہی درخواست کرتا رہا یہاں تک کہ کہا یا رسول اللہ ﷺ میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں کثیر مال پر بھی شکریہ ادا کروں گا اور عہد کیا کہ اگر اللہ اسے بہت سا مال

دے تو وہ ضرور صدقہ وخیرات کرے گا۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے اس کے لئے دعا کی اور اس کے جانور اس طرح بڑھے جس طرح کیڑے بڑھتے ہیں۔ ثعلبہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ نماز باجماعت اور جمعہ ادا کیا کرتا تھا۔ لیکن جب اس کے جانوروں کی تعداد بڑھ گئی ان کو لے کر مدینہ سے باہر چلا گیا اور نماز باجماعت اس سے چھوٹ گئی، لیکن جمعہ کے لئے حاضر ہوتا رہا۔ اس کے بعد اس کے جانور اور بڑھ گئے یہاں تک کہ ان میں لگے رہنے کی وجہ سے وہ نماز جمعہ کے لئے بھی حاضر نہ ہوسکتا تھا۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے پوچھا ثعلبہ کہاں ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اس کے جانور بہت زیادہ ہوگئے ہیں۔ جن میں لگے رہنے کی وجہ سے وہ جماعت اور جمعہ کے لئے حاضر نہیں ہوسکتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا وائے افسوس ثعلبہ پر اس کے بعد آنحضرت ﷺ نے زکوٰۃ لینے پر دو شخص مامور کئے اور لوگ خود زکوٰۃ لے کر ان کے پاس آئے اور وہ ثعلبہ کے پاس سے گزرے تو انہوں نے اس سے بھی زکوٰۃ کا مطالبہ کیا اور وہ رقعہ بھی پڑھ دیا جس میں زکوٰۃ اور فرائض کا ذکر تھا۔ ثعلبہ کہنے لگا یہ تو جزیہ ہوا یا جزیہ کی بہن۔ اس وقت تم چلے جاؤ میں سوچ لوں۔ اس پر یہ آیت اتری تو ثعلبہ زکوٰۃ لے کر حاضر ہوا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ نے تمہاری زکوٰۃ قبول کرنے سے منع کردیا ہے۔ ثعلبہ آہ وزاری کرنے لگا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا یہ تمہارا اپنا فعل ہے۔ میں نے تو تمہیں حکم دیا تھا مگر تم نے میری بات نہیں مانی۔ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد وہ زکوٰۃ لے کر حضرت ابوبکرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا مگر انہوں نے بھی قبول نہ کی' پھر حضرت عمرؓ کے عہد میں ان کے پاس لے کر گیا انہوں نے بھی قبول نہ کی۔ حضرت عثمانؓ کے عہد میں ثعلبہ مرگیا۔ حافظ سیوطی بیضاوی کے حاشیہ میں لکھتے ہیں اس کی روایت ابن جریر' ابن ابی حاتم' ابن مردویہ [۸۲] طبرانی اور بیہقی [۸۳] نے شعب الایمان میں ابوامامہ [۸۴] کی حدیث سے کی ہے۔ میں نے حضرت سے دریافت کیا یہ شخص صحابہ میں سے تھا اور کیا یہ قصہ درست ہے؟

حضرت نے فرمایا میں نے غور کیا ہے اور مجھے آنحضرت ﷺ کے صحابہ میں کوئی ایسا شخص نظر نہیں آیا جس سے ایسا گناہ سرزد ہوا اور نہ ہی مجھے اس حکایت کا کہیں وجود نظر آیا۔ [۸۵]

مؤلف کہتا ہے حافظ ابن حجر نے اپنی کتاب الاصابہ فی الصحابہ میں اس حکایت کے انکار کی طرف اشارہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ حکایت کسی ایسی سند سے مروی نہیں جس پر اعتبار کیا جائے۔ کتاب مذکور میں ثعلبہ کے حال میں دیکھ لیں کیونکہ میں نے مفہوم ادا کیا ہے اس کتاب کا مطالعہ کئے مجھے کافی عرصہ گزر چکا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۱۔ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّکَ مِنْ بَنِیْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُھُوْرِ ھِمْ ذُرِّیَّتَھُمْ (سورہ اعراف آیت ۱۷۲)

میں نے حضرت سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا وَاِذْ اَخَذَ رَبُّکَ مِنْ بَنِیْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُھُوْرِ ھِمْ ذُرِّیَّتَھُمْ (اس وقت کو کرو جب تمہارے پروردگار نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولادوں کو نکالا اور انہیں خود ان کی اپنی ذات پر گواہ بنا کر پوچھا کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں؟ کہا کیوں نہیں اور ہم گواہ ہیں اور یہ اقرار اس لئے کیا کہ) کہیں قیامت کے دن تم یہ نہ کہو کہ ہمیں تو اس کی خبر ہی نہیں تھی۔ یا یہ کہو کہ شرک تو ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا نے کیا اور ہم ان کی اولاد تھے جو ان کے بعد آئے تو کیا آپ اس فعل میں ہمیں ہلاک کئے دیتے ہیں جو اہل باطل نے کیا؟)

میں نے عرض کیا کیا یہ واقعہ عالم ارواح میں پیش آیا یا اس وقت جب اللہ تعالیٰ نے آدم کو پیدا کیا؟ اور آپ کی اولاد کو آپ کی پشت

ں سے نکالا اور اس میں عقل اور طاقت گویائی رکھ دی کہ انہوں نے یہ جواب دیا یا اس آیت میں جو کچھ فرملیا ہے استعارتاً فرمایا ہے کہ انسان کو ل کے ذریعہ اپنی وحدانیت کا علم اور عقل فرمانا گویا اقرار لینا ہے اور انسان کا عقل وفہم سے بہرہ یاب ہونا گویا ربوبیت کا گواہ بننا ہے؟

فرمایا یہ قصہ عالم ارواح کا قصہ ہے اور جب اللہ نے انہیں اپنے نفسوں پر گواہ بنانا چاہا تو اسرافیل کو حکم دیا اس نے صور پھونکا جس ے ارواح میں سخت ہلچل مچ گئی جیسے حشر کے دن قبروں سے اٹھتے وقت ہوگی بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ پھر اللہ تعالیٰ نے پردہ دور کر دیا اور ں اپنا کلام قدیم سنایا۔ اس وقت روحیں اپنے انوار کی قوت وضعف کے مطابق الگ الگ ہوگئیں۔ چنانچہ بعض روحوں نے محبت سے ب دیا اور یہ مومنین کی روحیں تھیں اور بعض نے مجبوری کے عالم میں جواب دیا اور یہ کافروں کی ارواح تھیں۔ پھر محبت سے جواب دینے ں کے مراتب میں فرق تھا بعض کلام قدیم سن کر قوی و طاقتور ہوگئے اور بعض ضعیف اور بعض کلام قدیم سننے کی لذت پا کر خوشی سے زمتے رہے اور بعض کے لئے اللہ نے اس کلام کو رحمت بنادیا اور وہ اوروں کو مدد دینے لگا تا کہ اسے قوت آجائے۔ اس سے شیوخ و یدین کے مراتب ظاہر ہوئے۔ اسی دن [۸۶] روحوں میں باہم تعارف ہوا۔ اس کے بعد تمام ارواح پر کلام قدیم کی ہیبت چھا گئی اور وہ اپنی اجگہ برزخ میں اڑنے لگیں اور آرام لینے کی غرض سے زمین کی طرف اترنے لگیں۔ لہٰذا ان کے اترنے کے اعتبار سے زمین کی بھی تین ں ہوگئیں۔

وہ جہاں گروہ در گروہ ہو کر صرف مومنین کی ارواح اُتریں۔

وہ جہاں صرف کفار کی روحیں اُتریں۔

وہ جہاں دونوں گروہوں کی روحیں اُتریں۔

پہلی قسم جہاں صرف مومنین کی روحیں اتری تھیں وہ ایسے مقامات ہیں جہاں اہل ایمان واہل عرفان رہیں گے اور وہاں کوئی کافر کبھی ں آباد نہ ہوگا۔ برعکس دوسری قسم کے کہ وہاں صرف کافر ہی رہیں گے اور تیسری قسم میں دونوں گروہ رہیں گے اور سب سے آخر اترنے والا وہی فریق ہوگا جس پر عالم ارواح میں نزول کا خاتمہ ہوا تھا۔ اگر آخر میں آنے والی سعادت مندوں کی روحیں ہوں گی تو اہل ایمان سے م کیا جائے گا اور اگر معاملہ برعکس ہوگا تو اس کے اُلٹ یعنی کفار کے نزول پر خاتمہ ہوگا اور بعض اوقات کسی مقام پر سعادت مندوں کی وں کے گروہ کا نزول ہوتا ہے پھر بدبخت لوگوں کی روحوں کے گروہ کا پھر بدبختوں کی روحوں کا اور سلسلہ اسی طرح چلا جاتا ہے کہ اترنا ختم جاتا ہے۔

چنانچہ صاحب فتح جب کسی ایسے مقام کی طرف دیکھتا ہے جہاں آج کل مشرک بستے ہوں تو اسے علم ہو جاتا ہے کہ ان کے بعد اس مقام ومومن آباد کریں گے یا نہیں۔ اس طرح کہ وہ روز اَلَسْت میں ارواح کے زمین کی طرف اترنے کو دیکھتا ہے اس کے بعد ان روحوں کی طرف یکھتا ہے جو موجودہ گروہ کے بعد اتریں گی۔ اگر بعد میں اترنے والی روحیں بھی کافروں ہی کی روحیں ہوئیں تو وہ سمجھ جاتا ہے کہ یہاں مسلمان بھی آباد نہ ہوں گے اور اگر اس گروہ کے بعد کچھ سعادت مند روحیں اتریں تو وہ سمجھ جاتا ہے کہ یہ مقام عنقریب دارالسلام بن جائے گا۔

حضرت نے فرمایا کہ اس کا علم دو اور طریقوں سے بھی ہوسکتا ہے۔ ایک یہ کہ وہ شرک کی زمین کی طرف دیکھتا ہے اگر اسے یہ معلوم وکہ وہاں اہل فتح اور اہل ولایت کی تعداد بڑھ رہی ہے تو وہ سمجھ جاتا ہے کہ یہ عنقریب دارالسلام بن جائے گا اور اگر دیکھنے کے بعد اسے علوم ہو کہ اہل فتح یا اہل ولایت کا وہاں قطعاً وجود ہی نہیں پایا جاتا تو سمجھ جاتا ہے کہ اس بستی پر اللہ کا غضب ہے۔

میں نے عرض کیا کہ اگر مشرکوں کی زمین پر کسی کو فتح نصیب ہو جائے تو وہ کیا کرے؟

فرمایا رجال غیب اس کی مدد کریں گے اور وہ خود وہاں جا کر اسے علم ظاہر سکھائیں گے۔ اس لئے کہ اگر علم باطن کے ساتھ علم ظاہر ہو تو شاذ و نادر ہی اس شخص کو فتح نصیب ہوتی ہے۔

ایک اور بار حضرت نے مجھے فرمایا کہ علم ظاہر کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے ننانوے سطریں آب زر سے لکھیں اور علم باطن ایسے ہے کسی نے آخری سویں "سطر سیاہی سے لکھی۔ اس کے باوجود اگر یہ سیاہ سطران مذکورہ بالا سونے سے لکھی ہوئی سطروں کے ساتھ نہ ہو تو ا کچھ فائدہ نہ ہوگا بلکہ ایسے علم والا آدمی شاذ و نادر ہی بچ سکتا ہے۔

ایک اور بار فرمایا کہ علم ظاہر کی مثال اس لالٹین کی ہے جو رات کو روشن ہو کیونکہ وہ رات کی تاریکی میں بہت کام آتی ہے اور علم با طلوع اور دوپہر کے وقت سورج کی روشنی کے پھیلنے کی طرح ہے۔ بعض اوقات اس قسم کے علم والا انسان کہہ اٹھتا ہے کہ اس لالٹین سے میرے پاس ہے کیا فائدہ مجھے اللہ تعالیٰ نے دن کو روشنی کے ساتھ اس سے مستغنی کر دیا ہے اس لئے وہ اس لالٹین کو بجھا دیتا ہے اور دن روشنی بھی اس سے جاتی رہتی ہے اور وہ رات کی تاریکیوں میں پھنس جاتا ہے۔ لہٰذا اس کے دن کی روشنی کے قائم رہنے کی شرط یہی ہے لالٹین جو اس کے ہاتھ میں ہے نہ بجھے۔

حضرت نے فرمایا بہت سے لوگ اسی دھوکے میں پھسل گئے اور ان کے دن کی روشنی اس وقت تک واپس نہیں آ سکتی جب تک اس لالٹین کو لے کر دوبارہ روشن نہ کر لے مگر اللہ تعالیٰ کسی کو توفیق بخشتا ہے کسی کو نہیں۔ دعا ہے کہ خدا ہمیں اس سے بچائے۔

اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ وہ مشرکین کی بستی کو دیکھے اگر اسے وہاں مسجدیں آباد اور غیبی طور پر وہاں جماعت ہوتی د دیتی ہو تو سمجھ جاتا ہے کہ وہ بستی عنقریب مسلمانوں کے قبضہ میں آ جائے گی اور اگر یہ دکھائی نہ دے تو سمجھ جاتا ہے کہ زمین کی ق میں تاریکی لکھی ہے۔

حضرت نے اس بارے میں کچھ حکایات بھی بیان کیں جنہیں ہم عنقریب بیان کریں گے۔ انشاء اللہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

کیا انبیاء علیہ السلام نبوت سے پہلے بھی معصوم ہوتے ہیں:

میں نے حضرت سے یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے واقعہ کے متعلق دریافت کیا۔ اس سوال کی وجہ یہ تھی کہ مجھ سے کسی نے سوا کہ انبیاء نبوت سے پہلے بھی اسی طرح معصوم ہوتے ہیں جس طرح نبوت کے بعد اور کیا اس پر سب کا اتفاق ہے یا اختلاف پایا جاتا کیا صغیرہ گناہ بھی جہاں تک عصمت انبیاء کا تعلق ہے کبیرہ گناہ کی طرح ہوتے ہیں یا نہیں۔

اگر آپ ہماری بات سمجھ گئے ہیں تو فرمایئے کہ ہمیں یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے متعلق کیا عقیدہ رکھنا چاہیے؟ کیا وہ نبی نہیں۔ اگر نبی ہیں تو جو فعل ان سے سرزد ہوئے ان کا کیا جواب ہے۔ میں نے اس سوال کو اپنی نوٹ بک میں درج کر لیا اور اس کا دینے کا ارادہ کر لیا۔ عصمت انبیاء کا جواب تو میں اس طرح دیتا جس طرح علم کلام کے عالموں نے دیا ہے۔ مثلاً مصنف المواقف اور یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے فعل کا جواب حافظ سیوطی کی کتاب دفع التعسف عن اخوۃ یوسف کی مدد سے دیتا اور میرا ارادہ تھا کہ میں اسی کا خلاصہ دے دوں۔ اس کے بعد حضرت نے میری نوٹ بک میں یہ سوال دیکھ لیا اور اپنے ہاتھ سے یہ جواب لکھا۔

جواب واللہ الموفق للصّواب:

انبیاء علیہم السلام نبوت سے پہلے اور بعد میں بھی معصوم ہوتے ہیں اور جو فعل یوسف علیہ السلام کے بھائیوں سے صادر ہوا اس میں وہ مل باطنی طور پر مامور تھے اور حکم اللہ کی طرف سے تھا اور اس پر ان کو جو عتاب ہوا وہ ظاہر کے اعتبار سے ہوا۔ اس لئے کہ غیب ایک راز جو اللہ کے پاس ہوتا ہے۔ والسلام۔ اس کا کاتب مبارک السلجماسی اللمطی ہے۔ آپ نے یہ جواب میری طرف اس لئے منسوب کیا کہ ں مجھ سے کیا گیا تھا۔

حضرت نے فرمایا: اکثر عتاب جو انبیاء کو ہوئے اس قسم کے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ باطن میں ایک کام کرنے کا حکم دیتا ۔ حالانکہ ظاہر میں ان کو اس کے خلاف کرنے کا حکم دیا گیا ہوتا ہے تو بظاہر یہی ان کے گناہ ہوتے ہیں۔

میں نے عرض کیا یہ فعل اللہ کے باطنی حکم سے صادر ہوا پھر گناہ کیسا؟ اور عتاب کے کیا معنی؟ حالانکہ کرنے والے نے اللہ کے حکم یہ کام کیا ہے۔

حضرت نے فرمایا: یہ بات ٹھیک ہے لیکن جب ظاہر کو دیکھتا ہے اور اپنے آپ کو اس کے مخالف پاتا ہے تو اس کی نگاہ میں اسے وہ م گناہ دکھائی دیتا ہے کیونکہ اس کے نزدیک محض ظاہر کی مخالفت کا نام گناہ ہے۔

میں نے عرض کیا یہ تو ظاہر ہی ہے کہ وہ اسے گناہ خیال کرتا ہے لیکن عتاب میں یہ بات ظاہر نہیں اس لئے کہ جس خدا نے اسے ظاہر کم دیا ہے اسی نے باطن کا بھی حکم دیا ہے اور باطنی حکم کی حیثیت ظاہری حکم کو منسوخ کرنے یا اسے مخصوص کرنے والے حکم کی سی ہے۔ لہٰذا ب نہیں ہونا چاہیے۔

فرمایا وحی کا نزول انبیاء کے خواطر کا تابع ہوتا ہے لہٰذا جو خیال نبی کے دل پر وارد ہوگا اسی کے مطابق وحی نازل ہوگی۔ نبی کو جب اپنا ں گناہ نظر آتا ہے تو وہ اپنے نفس کو اس پر عتاب کرتا ہے لہٰذا وحی بھی ویسی ہی نازل ہوتی ہے۔

حضرت نے فرمایا جو انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خواطر کو معلوم کرنا چاہے تو اسے ان کتابوں کو دیکھنا چاہیے جو ان پر نازل ہوئیں۔ ونکہ یہ ان کے خواطر کے مطابق نازل ہوئیں۔ چنانچہ جہاں کتاب میں نصیحت کی گئی ہے تو اس کا نزول اس وقت ہوا ہے جب نبی کے ں میں مخلوق کو نصیحت کرنے کا خیال آیا اور جب کتاب میں کوئی خوشخبری دی گئی ہے اس کا نزول اس وقت ہوا ہے جبکہ نبی کے دل پر انبساط منافع اُمت کی محبت تھی اور جہاں کتاب میں ڈرایا گیا ہے یا سخت وعید آئی ہے اس کا نزول اس وقت ہوا ہے جس وقت نبی کے دل پر مہ اور انقباض تھا اسی سے تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ عصمت انبیاء کا ثمرہ کیا ہے اور یہ کہ ان کے تمام خواطر اور خیالات جو ان کے دل پر زرتے ہیں حق اور خدا کی طرف سے ہوتے ہیں۔

۳۲۔ وَتَخْشَى النَّاسَ ج وَاللّٰهُ أَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ صلے (احزاب آیت ۳۷)

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں وَتَخْشَى النَّاسَ وَ اللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ (اے محمد ﷺ! تم گوں (کی باتوں) سے ڈرتے ہو حالانکہ تمہیں اللہ کی ناراضگی سے زیادہ ڈرنا چاہیے) میں آنحضرت ﷺ کو عتاب کیا ہے حالانکہ وہ

سید العارفین اور امام الانبیاء والمرسلین ہیں۔

حضرت نے اس کا بھی وہی جواب دیا اور فرمایا کہ جب زید[۸۸] نے آپ سے زینب[۸۹] کو طلاق دینے کا مشورہ کیا تو آپ نے ز
کو حکم دیا کہ زینب کو اپنے پاس رکھو اور اللہ سے ڈرو۔ حالانکہ آپ کو علم تھا کہ حضرت زینب ان کے نکاح میں آجائیں گی مگر آپ نے ا
چھپائے رکھا اور بعد میں آپ نے اپنے نفس کو عتاب کیا اور دل میں کہا ''لوگوں سے ڈرتے ہو حالانکہ اللہ زیادہ مستحق ہے کہ اس سے ڈر
چنانچہ آنحضرت ﷺ کے باطن کے مطابق وحی کا نزول ہوا اور اللہ تعالیٰ نے اسی عتاب کے طرز میں آپ کا دارد قلبی ظاہر فرمادیا۔

پھر فرمایا جسے اللہ تعالیٰ نے فتح عطا کی ہو وہ جب کسی آسمانی کتاب پر غور کرتا ہے تو اسے اس میں کلام قدیم کا نور اور وہ نور نظر آتا ہے
نزول وحی کے وقت نبی کی طبعی حالت کا تھا اور نبی کبھی قبض کی حالت میں ہوتا ہے تو جو آیت اترتی ہے اس میں کلام قدیم کا نور اور اس قبض
نور ہوتا ہے جو نزول وحی کے وقت نبی پر طاری تھا اور کبھی بسط کی حالت میں ہوتا ہے تو اس وقت جو آیت اترتی ہے اس میں کلام قدیم کا نور
بسط کا نور بھی ہوتا ہے مگر پہلا نور قدیم اور دوسرا نور حادث ہے اور کبھی نبی تواضع کی حالت میں ہوتا ہے تو اس وقت جو وحی نازل ہوگی اس
کلام قدیم کا نور اور تواضع کا نور ہوگا۔ اسی طرح ہر آیت میں طبیعت نبوی کا کوئی نہ کوئی جزو ضرور ہوگا یہی حال آیت وَتَخْشَى النَّاسَ وَ
اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ کا ہے کہ اس میں کلام قدیم کا نور اور اس کے نزول کے وقت آنحضرت ﷺ کی طبیعت کا نور ہے اور یہی عتاب کا نور
لہٰذا کلام قدیم اللہ کی طرف سے اُمت کی طرف آیا اور عتاب خود آنحضرت ﷺ کی طرف سے ہے خدا کی طرف سے نہیں۔

حضرت نے فرمایا جب اہل فتح آپس میں کسی آیت کی تفسیر کرتے ہیں تو ان کا زیادہ تر اہتمام اسباب نزول کے ساتھ ہوتا
اسباب نزول سے مراد وہ اسباب نہیں جو ظاہری علم میں پائے جاتے ہیں بلکہ وہ احوال وانوار ہوتے ہیں جو آیت کے نزول کے وقت
نبی پر وارد ہوئے ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان اصحاب فتح سے وہ وہ باتیں سننے میں آتی ہیں جن کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی۔ اس لئے کہ و
سمندروں میں غوطہ زن ہوتے ہیں جو آنحضرت ﷺ کے باطن میں ہوتے ہیں۔ یعنی (۱) آدمیت، (۲) قبض، (۳) بسط،
نبوت (۵) رُوح، (۶) رسالت اور (۷) علم کامل جن کا ذکر حدیث اِنَّ هٰذَا الْقُرآنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ کی تشریح میں ہو چکا

۴۳۔ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ج لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ تَعْلَمَ الْ

بِيْنَ (سورہ توبہ آیت ۴۳)

میں نے حضرت سے آیت عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ج لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ تَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ (خد
کو معاف کرے آپ نے انہیں کیوں اجازت دے دی (آپ کو اجازت نہ دینا چاہیے تھا) تاکہ سچے اور جھوٹے کا آپ کو پتہ چل جاتا
حضرت نے اس کا جواب بھی قریب قریب وہی دیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو حکم دیا کہ وہ معاف کریں
طرح سے درگزر کریں اور لوگوں سے معاشرت اور مدافعت باحسن طریق کریں۔ یہاں تک کہ یہ بھی فرمادیا وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَ
الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَ شَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ (سورہ آل عمران آیت ۱۵۹) اے محم
اگر آپ بداخلاق اور سنگ دل ہوتے تو یہ لوگ آپ ﷺ کے پاس سے بھاگ گئے ہوتے۔ لہٰذا آپ ﷺ انہیں معاف کرتے
ان کے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہیں اور ان سے معاملات میں مشورہ لیا کریں۔) چنانچہ آنحضرت ﷺ کی لوگوں سے یہی

ہذا جب منافقین آپ ﷺ کے پاس سفر میں نہ نکلنے کی اجازت چاہنے کے لئے آئے اور انہوں نے اپنا عذر پیش کیا تو باوجود یکہ ان کی منافقت کا علم تھا اس رحمت کی وجہ سے جو آپ کی ذات میں پائی جاتی تھی اور اس لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان سے ریق پر معاشرت کرنے کا حکم کئی آیات میں دیا تھا۔ آپ ﷺ نے ان کو مدینہ رہنے کی اجازت دے دی اور ان کے ساتھ ظاہری اختیار کیا، لیکن اس کے بعد آپ ﷺ کے دل میں خیال آیا کہ ایسی آیت نازل ہو جو ان کا کھوٹ ظاہر کر دے۔ آپ نے ان کا اس لئے ظاہر نہیں کیا کہ آپ میں رحمت کا مادہ پایا جاتا تھا اور اس لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ کا حکم (فَاعْفُ عَنْهُمْ کہ ان سے درگزر کرو) ۔اس لئے اس حیا کی وجہ سے جو آپ میں پایا جاتا تھا جیسے آیت اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ وَاللّٰهُ لَا ـي مِنَ الْحَقِّ (اس بات سے رسول ﷺ کو تکلیف ہوتی ہے لیکن وہ تمہیں شرم کے مارے نہیں کہتے، لیکن اللہ حق بات کہنے سے رماتا) (سورہ احزاب آیت ۵۳) میں تو آپ کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ ان کی رسوائی ہو تو اللہ کی طرف سے ہو اس لئے آپ نے ہو آیت نازل ہو وہ اس طرز پر نازل ہو کہ خود آپ کو عتاب کیا جا رہا ہے تا کہ اس میں تہمت کا شائبہ نہ ہو اور اس میں خالص خیر خواہی ی جائے اور نبی ﷺ سے دوبارہ منافقت کرنے سے زوردار تنبیہ بھی کر دی جائے۔ اس لئے کہ اللہ ہی تو منافقوں کے خلاف آپ ن جھگڑنے والے اور دلیل پیش کرنے والے ہیں۔ اسی لئے اس عتاب کی صورت میں کئی مصلحتیں مضمر تھیں ورنہ درحقیقت کوئی نہ تھا۔ صرف بات اتنی تھی کہ اس جھگڑے میں حبیب اپنے محبوب کی طرف سے نیابت کر رہا ہے۔

سرت ﷺ کو منافقین کا علم تھا:

حضرت نے فرمایا ایسا خیال نہ رکھنا چاہیے کہ آنحضرت ﷺ کو عذر پیش کرنے والوں میں سے سچے اور جھوٹے کا علم نہ تھا۔ آپ پر کیسے چھپی رہ سکتی تھی جبکہ اس زمانہ میں بھی صاحب فتح آدمی کو اس زمانہ کے سچے اور جھوٹے لوگوں کا علم ہے اور تمام اہل فتح کا اس اتفاق ہے کہ جو کچھ انہیں حاصل ہوا ہے وہ صرف آنحضرت ﷺ کی محبت کی بدولت حاصل ہوا ہے چنانچہ انہیں آنحضرت ﷺ میں سے صرف بال برابر نور عطا کیا گیا ہے۔ اِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ میں آنحضرت ﷺ کے علم کی کیفیت ا جا چکی ہے۔

مؤلف کہتا ہے جن لوگوں نے مفسرین کے کلام پر غور کیا ہے انہیں معلوم ہو جائے گا کہ اس آیت کے متعلق حضرت کا بیان نہایت ہ ہے۔ چنانچہ بیضاوی[90] خدا انہیں اور ہمیں بھی معاف کرے لکھتے ہیں۔ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ رت ﷺ نے منافقین کو اجازت دے کر غلطی کی کیونکہ معافی ہمیشہ غلطی کے بعد ہوتی ہے۔

شیخ الاسلام زکریا[90] بیضاوی کے حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ بیضاوی نے زمخشری[91] کی پیروی کی ہے اور زمخشری کے متعلق علامہ طیبی[92] ہیں زمخشری نے اس عبارت میں بڑی فحش غلطی کھائی ہے۔ میں حیران ہوں کہ لطائف معانی کے نکالنے میں شہر آفاق ہوتے ہوئے ے کیسے بھول ہوگئی کہ اس قسم کے اشاروں میں یعنی عفو کا لفظ پہلے لانے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مخاطب واجب تعظیم ہستی حقیقت بھی یہی ہے اس لئے کہ اس قسم کے خطاب سے یہ لازم نہیں آتا کہ پہلے گناہ سرزد ہو چکا ہے بلکہ اس لفظ عفو کا شروع میں لانا ا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے تو کسی ایسے آدمی سے کہے جس کی تو تعظیم کرتا ہے۔ خدا آپ کو معاف کرے آپ نے میرے معاملہ میں کیا

کیا۔ اور خدا آپ سے راضی ہو میری بات کا کیا جواب ہے۔ اسی لئے تو تفتازانی [93] لکھتے ہیں زمخشری کے لئے مناسب نہ تھا کہ ایسی
عبارت سے مضمون ادا کرتے جبکہ دیکھ رہے ہیں کہ حق تعالیٰ نے اپنے رسول کے احترام کا کتنا لحاظ رکھا کہ عفو کو پہلے ذکر کیا اور پھر اذ
ذکر کیا جو آپ کے بلند مرتبہ اور قوت تصرف کو خبر دے رہا ہے اور کلام استفہام کی صورت میں لایا گیا۔ اگرچہ مقصد یہی ہے کہ اجازت
دینی چاہیے تھی۔ مزیں براں بعض اوقات عفا اللہ عنک کا محاورہ اولیٰ اور افضل کے چھوڑنے پر بھی کہہ دیتے ہیں بلکہ کبھی تعظیم و تکر
غرض سے بھی کہہ دیتے ہیں۔ مثلاً کہیں اللہ آپ کو معاف کرے میرے معاملہ میں آپ نے کیا کیا۔

نیز علاہم سیوطی نے بیضاوی کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ بیضاوی نے اس بری عبارت کے لکھنے میں حالانکہ صاحب انتصاف
ہے کہ دو باتوں میں سے ایک بات ضرور ہے یا تو یہ معنی جو بیضاوی نے بیان کئے مراد نہیں ہیں۔ تو یہ اس کی غلطی ہے یا یہی معنی مراد
گے لیکن اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کی تعظیم اور آپ کی قدر کو بلند رکھتے ہوئے کنایہ کا استعمال کیا مگر بیضاوی نے کھلے الفاظ میں
اظہار کر دیا۔ بیضاوی نے بالخصوص آنحضرت ﷺ کے بارے میں آداب خداوندی کا لحاظ کیوں نہ رکھا اس کے بعد انتصاف کے م
نے طیبی اور تفتازانی کی عبارت نقل کی ہے اور پھر لکھا ہے کہ قاضی عیاض شفاء میں لکھتے ہیں عفا اللہ عنک کا محاورہ کلام شروع
کے لئے آتا ہے جس طرح کہتے ہیں اَصْلَحَکَ اللہ و اعزک اللہ۔

صدر حسن بن محمد بن صالح نابلسی نے اس موضوع پر زمخشری کے رد میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام جَنَّةُ النَّاظِرِ وَ
الْمُنَاظِرِ فِی الانتصار لابی القاسم الطّاهر ہے۔ اسی نکتہ اور اس قسم کے دیگر نکات کی وجہ سے دیندار اور پرہیز گار لوگوں نے
کے مطالعہ اور تدریس سے منع کیا ہے۔ تقی الدین سبکی [95] نے اسی غرض سے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام سبب الانکفاف عن
الکشاف رکھا ہے۔ اس کا مطالعہ اسی حاشیہ میں کر لیں کیونکہ مصنف حاشیہ نے اس رسالہ کو پورے کا پورا نقل کر دیا ہے۔ واللہ تعالیٰ

۳۴۔ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلاً (سورہ بنی اسرائیل آیت ۱۵)

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ آیت وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلاً (جب تک رسول نہ بھیج لیں ہم عذا
کرتے) میں جس عذاب کی نفی کی گئی ہے اس سے کیا مراد ہے۔ کیا دنیا کا عذاب یا آخرت کا؟ اور کیا بلوغ دعوت شرط ہے جیسے
آیت سے معلوم ہوتا ہے یا شرط نہیں ہے جیسا کہ ان احادیث سے پتہ چلتا ہے جن میں پاگل وغیرہ کا ذکر ہے جو بات نہیں سمجھ سکتے
کہ قیامت کے دن اسے امتحان کی غرض سے دوزخ کی آگ میں داخل ہونے کا حکم دیا جائے گا۔ اگر اس نے مان لیا تو جنت میں
اور اگر نہ مانا تو دوزخ میں جائے گا۔

حضرت نے فرمایا اس عذاب کے لئے جو دنیا میں واقع ہو مثلاً خسف و رجم وغیرہ جو ان پہلی امتوں کو دیا گیا بلوغ دعوت شر
اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلاً یعنی ہم کسی اُمت کو خسف وغیرہ سے عذاب نہیں کریں گے جب
کے پاس رسول نہ آ جائے اور اللہ کی حجت ان پر قائم نہ ہو جائے لیکن آخرت کے عذاب کے لئے بعثت رسول شرط نہیں اگر ایسا ہو
اور ماجوج میں سے ایک بھی دوزخ میں نہ جاتا حالانکہ دوزخ میں جانے والوں میں بڑی تعداد انہی کی ہوگی۔

میں نے کہا ایک حدیث میں آیا ہے کہ شب معراج آنحضرت ﷺ کا ان پر گزر ہوا اور آپ نے ان کو خدا کی عبادت کی

نے انکار کیا اسی لئے وہ دیگر عاصی لوگوں کے ساتھ دوزخ میں جائیں گے۔ حضرت نے فرمایا ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔
ولف کہتا ہے کہ حفاظ حدیث کی بھی یہی رائے ہے کہ حدیث مذکور کی سند میں نوح[۹۶] بن ابی مریم ابوعصمہ ضعی آیا ہے جو جھوٹی
کے بنانے میں مشہور ہے چنانچہ اس بارے میں ابن حبان[۹۷] فرماتے ہیں ''اس میں سچائی کے سوا ہر چیز پائی جاتی ہے۔''
ولف کہتا ہے کہ پاگل وغیرہ کے بارے میں جو احادیث آئی ہیں ان کا ذکر کر کے میں کلام کو لمبا نہیں کرنا چاہتا اور نہ ہی جو کچھ
نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے اس کا ذکر کرنا چاہتا ہوں اور نہ علم اصول کے ماہرین کے اقوال نقل کرنا چاہتا ہوں۔ کیونکہ میرا
نرت کا کلام جمع کرنے سے ہے۔ اگر لوگوں میں جہالت عام نہ ہوتی تو میں صرف انہی کے اقوال پر اکتفا کرتا اور ان احادیث
رنہ کرتا جو ہماری غرض پر دلالت کرتی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ (سورہ تکویر پارہ ۳۰ آیت ۲۲)

ں نے حضرت سے دریافت کیا کیا وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی شان اللہ تعالیٰ نے یوں ظاہر فرمائی وَمَا صَاحِبُكُمْ
(تمہارا رفیق دیوانہ نہیں) اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کے متعلق یوں کہا ''رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ (یہ اللہ کے سفیر ہیں' عالی
وہاں سردار ہیں اور امین ہیں)
نرت نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ پر قرآن نور حق سے نازل ہوتا ہے اور جب آنحضور ﷺ اس کی تعبیر کرنے لگتے ہیں تو اس کی
ں حالت کو اخذ کرتی ہے جو اس وقت آپ پر غالب ہوتی ہے اور یہ حالت کبھی تواضع کی حالت ہوتی ہے کبھی اور کوئی حالت اور
پ پر تواضع کی شان کا غلبہ تھا کہ جبرئیل علیہ السلام کو بڑا سمجھا اور اپنے آپ کو چھوٹا۔
ب اور بار حضرت نے ارشاد فرمایا کہ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ماقبل کو ثابت کرنے اور ان اوصاف کی صحت بیان کرنے کے
جبرئیل علیہ السلام کی طرف منسوب کئے گئے ہیں گویا کہ یوں کہا گیا کہ جبریل علیہ السلام کے متعلق جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے اس کی خبر تم کو وہ
ے رہا ہے جس کی سچائی امانت اور یہ کہ وہ جو کچھ وہ کہتا ہے سمجھ کر کہتا ہے سب تم کو معلوم ہے اور جب خبر دینے والا ایسا ہو اور وہ بات
نت دیوانہ بھی نہ ہو تو اس کی خبر یقیناً قابل وثوق ہوگی لہٰذا وما صاحبكم بمجنون کہنے سے ماقبل کو مخاطبین کی عقل میں بٹھانا
۔ نبی ﷺ کی حالت بیان کرنا مقصود نہیں۔ لہٰذا یہ اعتراض نہیں ہوسکتا کہ آنحضرت ﷺ کی تعریف میں تو صفت سلبیہ پر اکتفا
ئیل علیہ السلام کی تعریف میں بڑے بڑے وصف بیان کئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَاءَ اللّٰهُ رَبُّنَا (سورہ اعراف آیت ۸۹)

ں نے حضرت سے اللہ تعالیٰ کے فرمان وَمَا يَكُوْنُ لَنَا اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَا اِلَّآ اَنْ يَّشَاءَ رَبُّنَا (ہم تو اس مذہب میں واپس آنے
کر یہ کہ ہمارا رب چاہے) کے متعلق دریافت کیا حضرت شعیب علیہ السلام نے یہ کیسا استثناء کیا ہے کیونکہ اس جگہ استثناء سے یہ
تا ہے کہ انہیں اپنی ایمان والی حالت پر شک تھا اور وہ اس پر ثابت قدم نہ تھے۔
حضرت نے فرمایا کہ یہ استثنا صرف اللہ کی طرف رجوع کرنے کے لئے ہے اور یہی خالص ایمان ہے۔ اس لئے کہ اہل فتح بالخصوص

انبیاء ورسل دیکھتے ہیں کہ ان میں اللہ ہی کا فعل کام کر رہا ہے اور یہ کہ ان میں ذاتی طور پر نہ کسی کام کرنے کی طاقت ہے نہ باز رہنے کی ا
جو فعل بھی ان سے سرزد ہوتا ہے وہ اللہ ہی کی طرف سے ہوتا ہے پس ایسی حالت والا شخص اگر کسی فعل کو اللہ کی مشیت پر چھوڑے تو سمجھ لو
وہ بحر عرفان میں غرق ہو چکا ہے اور اس نے ایمان [98] کا بلند ترین درجہ پیش کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۸۔ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی ○ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰی ○ (سورہ نجم، آیت ۱۲)

میں نے حضرت سے سوال کیا کہ آیت وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰی (قسم ہے ستارہ (ثریا) کی جب
اترے کہ تمہارے رفیق محمد ﷺ نہ راستہ بھولے ہیں نہ بھٹکے ہیں) میں اللہ اور نور رسالت میں کیا مناسبت ہے جس کی بناء پر یہ قسم کھائی گ

فرمایا ستارہ کی قسم محض اس کے جماد ہونے کی وجہ سے نہیں کھائی گئی بلکہ اس نور حق کی وجہ سے کھائی گئی ہے جو اس میں پایا جا
اور جو نور حق اس میں ہے وہ ایسا نور ہے جس سے خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں رہنمائی ہوتی ہے۔ اس کے بعد آپ نے ایک مثال
کر کے اس کی وضاحت کی اور فرمایا فرض کرو کہ دو آدمی سفر کے لئے نکلے ہوں اور راستہ بھول گئے ہوں نہ ساتھی ساتھ رہا اور نہ زاد ر
کہ دونوں کو ہلاکت کا یقین ہو گیا ہو اور نجات اور خلاصی سے مایوس ہو گئے ہوں لیکن ان میں سے ایک کو اس ستارہ (ثریا) کا علم ہو جس
ذریعہ سے مسافر اپنے سفر کی راہ دریافت کر لیتا ہے چنانچہ وہ اس کی تلاش میں رہا ہو اور جب رات ہوئی وہ اس کے پیچھے ہو لیا ہو، یہاں
کہ وہ منزل مقصود تک پہنچ گیا ہو اور اللہ نے اسے بچا لیا ہو۔

لیکن دوسرے کو ستارہ کا علم نہیں ہے، نہ ہی اس بات کا علم ہے کہ ستارہ کے ذریعے سے راہ کیسے پاتے ہیں اور نہ ہی اس نے
ساتھی کی پیروی کی لہٰذا وہ گمراہی کی وادیوں میں بھٹکتا پھرے گا اور آخر مر جائے گا اور مرنے کے بعد اس گرمی و سردی کے باعث جو
گزرے گی وہ چنے کے دانے کی طرح ہو جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ لوگوں کا بھی یہی حال ہے چنانچہ آنحضرت ﷺ ان
شخصوں کے درمیان ہیں ایک گروہ آپ پر ایمان لے آیا اور اس نے آپ کی تصدیق اور تابعداری کی اور جنت نعیم اور اللہ تعالیٰ
عنایات میں پہنچ گئے جن کا بیان نہیں ہو سکتا جس طرح پہلا شخص اس جگہ پہنچ گیا جہاں خوراک اور ساتھی موجود ہیں اور نعمتیں اور دس
پا کر اپنی مراد اور حاجت پالی اور ایک فریق نے آپ کی تکذیب کی لہٰذا وہ اللہ کی ناراضگی میں رہے یہاں تک کہ مر گئے اور جہنم
اپنی گرمی اور زمہریر سے جلا دیا۔ جس طرح دوسرے شخص کے جسم کو گرمی اور سردی نے جلایا۔ لہٰذا ستارہ اور آنحضرت ﷺ میں مشابہ
گئی اور درحقیقت تو اللہ تعالیٰ نے نورِ حق کے ایک ایسے فرد کی قسم کھا کر جسے وہ جانتے ہیں اس فرد کو محقق کرنا چاہا ہے جسے وہ نہیں جانتے

پھر میں نے عرض کیا کہ اِذَا هَوٰی سے کیا مراد ہے؟

فرمایا کہ اِذَا هَوٰی کے معنی ہیں کہ آسمان کے وسط سے ہٹ جائے اس لئے کہ جب ثریا آسمان کے وسط میں ہوتا ہے تو اس
معلوم نہیں ہو سکتا کیونکہ اس وقت وہ ٹھہرا ہوتا ہے اور کسی جہت میں جھکا نہیں ہوتا اس لئے اس سے راستہ کا پتہ بھی نہیں چل سکتا۔ واللہ اعلم

مؤلف کہتا ہے کہ اس آیت کے متعلق مفسرین نے بہت کچھ کہا ہے جن کا ذکر نجم الدین غیطی نے الاسرار والمعراج کے مت
تالیف میں بالاستیعاب کیا ہے۔ یہ بڑی قابل قدر کتاب ہے اگر آپ اسے پڑھ لیں تو آپ کو فرمودہ حضرت کی قدر معلوم ہو جائے
طوالت اور موضوع سے خارج ہونے کا ڈر نہ ہوتا تو ہم ان سب کا ذکر کرتے۔ واللہ اعلم۔

د:

میں نے حضرت کو فرماتے سنا کہ اَلصَّمَد ایسا نام ہے جس سے تمام مخلوقات سیراب ہے خواہ درخت ہو یا پتھر یا ڈھیلا اور ذی رُوح ہو
ی روح۔

عراف:

میں نے اعراف والوں کے متعلق حضرت کو کہتے سنا کہ وہ سیدی فلاں اور سیدی فلاں ہیں اور آپ کا اشارہ اہل عرفان میں سے
وے صاحبان فتح کی طرف تھا۔ حضرت نے فرمایا جنت میں بلند مقامات ہیں جن پر چڑھ کر وہ جنت والوں سے اونچے ہو جائیں
س طرح کہ فاس میں ایک بلند منارہ ہے کیونکہ فاس کے لوگ وہاں چڑھ کر نیچے کی ساری آبادی کو دیکھتے ہیں ان لوگوں کے بلند
کا نام اعراف ہے۔ حضرت نے یہ مثال تقریبی طور پر دی تھی۔

مؤلف کہتا ہے کہ اعراف میں کئی اقوال ہیں جن کا ذکر حافظ سیوطی نے البدور السّافِرة میں کیا ہے۔ ان میں سے ایک قول یہ
ن میں سے حضرت حمزہ اور دیگر شہداء ہیں اور یہ قول حضرت کے قریب قریب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

إِنَّا فَتَحْنَالَکَ فَتْحاً مُّبِیْنًا لِّیَغْفِرَلَکَ اللّٰهُ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ (سورہ فتح آیت ۲،۱)

میں نے حضرت سے آیت اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحاً مُبِیْنًا لِّیَغْفِرَلَکَ اللّٰهُ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ (اے محمد ﷺ! آپ کو واضح فتح عطا کی تا کہ اللہ آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ بخش دے) کے متعلق دریافت کیا۔

حضرت نے فرمایا کہ فتح سے مراد مشاہدہ ہے یعنی مشاہدہ حق۔ اس کی تشریح یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علم قدیم میں یہ بات پہلے سے
ی کہ ساری مخلوق کو معرفت حق حاصل نہ ہوگی۔ کیونکہ اگر تمام اس کی معرفت سے بہرہ ور ہوتے تو صرف ایک ہی گھر (یعنی جنت)
حالانکہ اللہ نے دو گھر تجویز فرمائے ہیں۔ اس لئے ان لوگوں کے سوا جن پر خدا کی رحمت ہوتی ہے سب کو معرفت سے حجاب میں
ا۔ اس لئے انہیں اپنے فعل اور ذات کے مشاہدہ سے بھی روک دیا کیونکہ اگر پردہ اُٹھا دیا جاتا تو وہ خدا کا مشاہدہ کر لیتے۔ چنانچہ اللہ
ماتے ہیں۔ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ (سورہ حدید آیت ۴) وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ (سورہ ق آیت ۱۶) وَ اِذَا
ب عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ (سورہ بقرہ آیت ۱۸۶) وَلَآ اَدْنٰی مِنْ ذٰلِکَ وَلَا اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا (سورہ
یت ۷) (جہاں کہیں بھی تم ہو خدا تمہارے ساتھ ہوتا ہے، ہم اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں جب میرے بندے تجھ سے
متعلق سوال کریں (تو کہہ دیں) میں قریب ہوں اور خواہ کم ہوں یا زیادہ جہاں کہیں بھی وہ ہوں خدا ان کے ساتھ ہوتا ہے) اور یہ
کھ لیتے کہ ان کے تمام اخلاق اللہ ہی کے مخلوق ہیں اور فاعل حقیقی اللہ ہے وہ نہیں ہیں اور وہ خود بمنزلہ ظروف و خالی اجسام کے ہیں۔
ی جیسے چاہتا ہے حرکت دیتا ہے جیسا کہ خود فرماتا ہے وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ اللہ نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو بھی پیدا کیا
یہ مشاہدات کرنے کے بعد کوئی بھی نافرمانی نہ کرتا اس لئے کہ معصیت تو اسی شخص سے سرزد ہوتی ہے جو معصیت کے وقت اللہ سے
میں ہو اور غافل ہو۔

حضرت نے فرمایا: مومن کا اگر چہ یہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ان کے افعال کا خالق اور متصرف ہے اور اسی کا ارادہ غالب ہے، لیکن یہ اعتقاد کبھی سامنے آتا ہے اور کبھی اوجھل ہو جاتا ہے جس کا سبب حجاب ہے۔ اس لئے ان کا ایمان محض ایمان بالغیب ہوتا ہے۔ مشاہدہ وعیان کا نہیں۔ جس پر اللہ کی رحمت ہو جاتی ہے اس سے حجاب کو دور کر دیتا ہے اور خدا اپنے مشاہدہ سے اس کو نوازتا ہے لہٰذا اسے حق کے سوا کچھ نظر نہیں آتا کہ یہ حق کی طرف سے ہے اور اسی کی طرف اس کا انجام ہے ''فتح مبین'' سے اسی کی طرف اشارہ ہے۔

میں نے سوال کیا کہ یہ ''فتح مبین'' آنحضرت ﷺ کو کب نصیب ہوئی؟

حضرت نے فرمایا بچپن سے ہی کیونکہ آپ ﷺ پر کبھی بھی حجاب نہیں آیا۔

فرمایا: قوت وضعف کے لحاظ سے فتح میں بھی فرق ہوتا ہے لہٰذا ہر ایک کو اس کی طاقت کے مطابق دی جاتی ہے اور عقل، رُوح، نفس ذات، سر اور حفظہ کے اعتبار سے جو قوت آنحضرت ﷺ میں تھی کسی اور میں نہ تھی یہاں تک کہ اگر تمام انبیاء وغیرہ اصحاب فتح کو جمع کر دیا جا اور وہ قوت فتح جس کی طرف اس آیت میں اشارہ کیا گیا ہے ان پر ڈالی جائے تو سب پگھل جائیں اور ان کے اجسام ریزہ ریزہ ہو جائیں۔

اور اللہ تعالیٰ کے فرمان مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَأَخَّرَ میں ذنب سے مراد اس کا سبب یعنی وہ غفلت اور حجاب کی ظلمت ہے آپ کی ترابی خلقت میں پائی جاتی ہے اور فرمایا کہ اس غفلت اور حجاب کا گناہ سے وہی تعلق ہے جو بدبودار اور میلے کچیلے کپڑے کا اس پر کے گرنے کا ہے۔ لہٰذا جب کوئی بھی اس کپڑے کو پہنے گا تو مکھی اس پر گرے گی۔ لیکن جب اس کپڑے کو ہی مکھی کہہ دیا جائے تو یہ ہوگا۔ اسی طرح یہاں ذَنْب (گناہ) سے مراد حجاب ہے اور وَمَا تَقَدَّمُ وَمَا تَاَخَّر۔ کنایہ اس کے بالکل ضائع ہو جانے سے، مطلب ہوا کہ ہم نے آپ کو واضح فتح عطا کی تا کہ آپ سے حجاب کلیتًا زائل ہو جائے اور آپ پر ہماری نعمت مکمل ہو جائے اور تا کہ آپ کو راہ د جائے اور آپ کی مدد کی جائے اس لئے کہ زوال حجاب سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہو سکتی اور نہ کوئی رہنمائی معارف کی طرف رہنمائی بڑھ کر ہو سکتی ہے اور نہ ہی نصرت اس شخص کی اس نصرت سے بڑھ کر ہو سکتی ہے جس کی یہ حالت ہو جب میں نے عرض آنحضرت ﷺ سے مخصوص ہے؟

فرمایا ہاں۔ میں نے عرض کیا کیوں؟ فرمایا آپ ہر چیز کی آنکھ ہیں۔

میں نے کہا اسی لئے محشر میں انبیاء علیہم السلام کہیں گے آؤ محمد ﷺ کے پاس چلیں کیونکہ اللہ نے ان کے تمام گناہ مٹا دیئے ہیں

مؤلف کہتا ہے کہ جو کچھ حضرت نے فرمایا نہایت ہی نفیس معرفت کی بات ہے اور نہایت لطیف لطیفہ ہے اور بارگاہ نبوت کے مناسب اور نبی کی تنزیہ اور تعظیم کے لئے نہایت واضح اور اس عصمت کے زیادہ موافق ہے جس پر سب کا اتفاق ہے اور اس سے نبی ﷺ حق زیادہ ادا ہوتا ہے اور ترتیب وسیاق آیت کے زیادہ مناسب ہے۔ خدا انہیں ہماری طرف سے بہترین جزا دے۔

اس آیت پر کئی ایک لوگوں نے بحث کی ہے اور وہ معنی جن کی طرف حضرت نے اشارہ کیا ہے ان کے ذہنوں میں تھے مگر اظہار نہ کر سکے۔ السبکی کبیر اس کے گرد ہی چکر لگاتا رہا ابو یحییٰ الشریف جو ابن عبداللہ الشریف التلمسانی کے نام سے مشہور ہے کی تلاش میں سرگرداں رہی یہاں تک کہ اس نے گناہ کے تین مراتب بنائے اور اسی طرح مغفرت کے بھی تین مراتب بنائے۔ ا کہ گناہ کا ایک محل صدور ہے اور وہ نفس امارہ ہے اور ایک اس کی حقیقت یعنی مخالفت کرنا اور ایک اس کا اثر یعنی ظلمتِ قلب جس کا كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوا يَكْسِبُوْنَ (ہرگز ایسا نہیں ہے بلکہ ان کے دلوں کو ان کے اعمال نے زنگ آلود کر دیا۔

ث میں ہے اِذَا اَذْنَبَ الْعَبْدُ ذَنْباً حَصَلَتْ فِی قَلْبِہٖ نُقْطَۃٌ سَوْرَاءُ (جب کوئی بندہ کسی قسم کا گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک اغ پڑ جاتا ہے) تلمسانی کہتے ہیں کہ محل صدور اور اثر کو مجازاً گناہ کہا گیا ہے کہ محل صدور میں تو سبب کے اعتبار سے یہ نام دے دیا گیا ور اثر میں مسبب کے اعتبار سے۔

مغفرت کا لفظ ''غفر'' سے ماخوذ ہے جس کے معنی پردہ ڈالنے کے ہیں اور ستر کے کئی مراتب ہیں پہلا درجہ جو سب سے زیادہ قوی ہے کہ شئی کا وجود ہی نہ رہے۔ چنانچہ گناہ عدم کی تاریکی میں چھپ جاتا ہے۔ دوسرا درجہ یہ ہے کہ وجود تو ہو مگر اس کا ادراک کرنے الہ ہم میں نہ ہو اور تیسرے یہ کہ وجود بھی ہو اور حاسہ مدرکہ بھی مگر درمیان میں کوئی چیز حائل ہو جائے چنانچہ سورج اگر مطلقاً آسمان پر نہ یہ عدم میں چھپا ہوا ہوگا اور اگر سورج موجود ہو لیکن دیکھنے والے کے بینائی ہی نہیں ہے تو یہ حاسہ مدرکہ کے نہ ہونے کی وجہ سے چھپا ہوا ور یہ ستر کا کمزور ترین درجہ ہے۔ اس لئے کہ بادل ہٹنے پر سورج نظر آجائے گا۔

تلمسانی کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے حق میں مغفرت کا لفظ جو استعمال ہوا ہے اس سے مراد عدم ہے اور گناہ سے محل صدور اور حقیقت گناہ مراد ہے نہ کہ اثر اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ان میں سے ہر ایک کی مغفرت سے اثر کو مٹا دینا خود لازم آجائے گا ر اثر مراد لیا جائے تو محل صدور یعنی نفس اور حقیقت یعنی خلاف حکم کا صدور منتفی نہیں ہوتا اور اول تو یہ عصمت کے خلاف ہوا کہ ہ زنگ اتر گیا مگر مادہ مخالفت موجود ہے لہٰذا عصمت کہاں رہی دوسرے یہ کہ اتنا تو عام مسلمان بلکہ گناہگار میں بھی پایا جاتا ہے لیکن آیت میں گناہ سے مراد حقیقت یعنی مخالفت لی جائے تو لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ میں مَنْ بمعنی عَنْ ہوگا اور ترجمہ ہوگا کہ حق تعالیٰ نے مخالفت سے جو شئی مقدم ہے یعنی محل صدور اور نفس امارہ اس کو بھی معدوم فرما دیا نیز مخالفت سے جو شے موخر یعنی اثر گناہ اور ظلمت قلب اس کو بھی معدوم فرما دیا اور اگر گناہ سے مراد حقیقت اور مجاز دونوں لئے جائیں تو ما تقدم سے مراد حقیقت ہے کہ مخالفت کے فعل کو معدوم فرما دیا اور متاخر سے مراد اثر گناہ ہے کہ زنگ وظلمت کو بالکل مٹا دیا کیونکہ مخالفت کا وجود اثر کے دسے مقدم ہوتا ہے۔

علامہ[99] مذکور کی تقریر سے مطلب تو قریب قریب وہی ادا ہو گیا جو حضرت ممدوح نے بیان فرمایا اگرچہ فتح کی تفسیر شیخ کے مطابق نہ ی حالانکہ مسئلہ کی رُوح وہی ہے انہوں نے فتح سے مراد قضاد قدر لی ہے۔ یعنی اے محمد ﷺ! ہم نے تمہارے لئے مقدر فرمایا لیکن یہ نہیں کیا کہ کیا چیز مقدر کی گئی تا کہ مابعد کو اس پر چسپاں کیا جا سکے۔ جیسا کہ اس کے مطالعہ سے معلوم ہو جائے گا۔

اس مسئلہ میں حافظ سیوطی نے ایک عمدہ رسالہ تالیف کیا ہے جس میں علماء کے اقوال جمع کر دیئے ہیں۔ اسی ابو یحییٰ بن عبداللہ ریف التلمسانی مذکور نے بھی ایک رسالہ اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے اور شیخ ابو العباس سیدی احمد بابا سوڈانی نے ان دونوں تالیفوں کو ا کتاب میں جمع کر دیا ہے۔ خدا اپنے کرم واحسان سے ان سب پر رحم کرے اور ہمیں ان سے اور ان کے علوم سے فائدہ پہنچائے۔ آمین للہ تعالیٰ اعلم۔

۴۰۔ عَالِمُ الْغَيْبِ فَلاَ يُظْهِرُ عَلىٰ غَيْبِهٖ اَحَدًا (سورہ جن آیت ۲۶)

۴۱۔ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ (سورہ لقمان آیت ۳۴)

میں نے عرض کیا کہ ان آیات عَالِمُ الْغَيْبِ فَلاَ يُظْهِرُ عَلىٰ غَيْبِهٖٓ اَحَدًا (وہ عالم غیب اپنے غیب پر سوائے چیدہ رسولوں کے کسی کو مطلع نہیں کرتا) اور اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ (قیامت کا علم خدا کو ہی ہے) اور آنحضرت ﷺ کا فرمان خَمْسٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ اِلَّا اللّٰه (یہ ان پانچ امور میں سے ہے جن کا علم خدا کے سوا کسی کو نہیں) سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ غیب کی باتیں بجز پیغمبر کے کسی کو نہیں بتاتا حالانکہ عارفین کو بھی کشف ہوتا ہے اور وہ غیب کی بات مثلاً ماں کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی بتا دیا کرتے ہیں اور اس قسم کی کرامات اولیاء میں عام پائی جاتی ہیں۔

حضرت نے فرمایا: کہ جو حصر کلام اللہ اور حدیث میں پایا جاتا ہے اس سے مراد کاہنوں' عرافوں اور ان لوگوں کو خارج کرنا ہے جو کے تابع ہمزاد ہوتے ہیں اور جن کے متعلق جاہل عربوں کا یہ خیال تھا کہ یہ لوگ غیب کی باتیں جانتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ اپنے مخاصمار کے فیصلہ کے لئے ان کے پاس جاتے اور ان کی بات پر عمل کرتے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس باطل اعتقاد کو ان کے دلوں سے نکالنا لہٰذا یہ اور اسی قسم کی دوسری آیات نازل فرمائیں اور اسی طرح اس بات کو حقیقتاً اور نفس الامر میں بھی زائل کرنا چاہا چنانچہ (ان جنات آسمان پر جانے سے روکنے کی غرض سے) آسمان پر سخت پہرے بٹھا دیئے اور شہاب ثاقب مقرر کر دیئے۔ ان تمام باتوں سے مقصد صر اتنا تھا کہ مخلوقات کو باطل سے پھیر کر حق پر جمع کر دیا جائے اور اولیاء حق میں سے ہیں۔ باطل میں سے نہیں ہیں۔ اس لئے اس آیت میں دوسری آیتوں میں جو حصر آیا ہے اس سے وہ خارج نہیں ہوتے۔

فرمایا کہ اس اور اس قسم کی دیگر آیات میں بات عام ہوتی ہے لیکن نور کے جو تیر اس میں ہوتے ہیں وہ اس آیت کو بعض افراد ساتھ مخصوص کر دیتے ہیں لہٰذا جب عارف ایک عام لفظ کو سنتا ہے تو ان کے نور کے تیروں کو دیکھتا ہے اگر وہ محض فلاں وفلاں وزید وعمرو وبکر پر اترتے دکھائی دیتے ہیں تو وہ سمجھ جاتا ہے صرف یہی لوگ مراد ہیں کوئی اور مراد نہیں اور اگر لفظ عام ہو اور وہ اس نور کو دیکھے کہ یہ افراد پر اُتر رہے ہیں اور کوئی فرد بھی ان سے الگ نہیں رہا تو وہ سمجھ جاتے ہیں کہ سب لوگ مراد ہیں اور آنحضرت ﷺ کو پیشتر اس آیت آپ کی زبان مبارک سے نکلے اس کا علم ہوتا تھا اس لئے کہ نور کے تیر پہلے ہی سے آنحضرت ﷺ کے دل پر وارد ہو جاتے آپ کو علم ہو جائے کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی کیا مراد ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت کا اشارہ اس عام کی طرف ہے جس سے خاص مراد لی گئی ہو اور وہ عام جو اپنے عموم پر باقی ہو، لیکن چونکہ حضرت امی ہیں اس لئے آپ کو اصطلاح کا پتہ نہیں مگر پھر آپ اصطلاح سے معانی کی طرف سبقت لے گئے ہیں یہاں تک اگر ظاہر کا سب سے بڑا عالم اور سب سے بڑا مناظر' چالاک اور باخبر آدمی آ کر آپ سے مقابلہ کرنا چاہے تو وہ آپ کا مقابلہ نہ کر سکے لئے کہ حضرت اس سے پہلے ہی معانی معلوم کر لیں گے اور اس کے تمام راستے بند کر دیں گے حتیٰ کہ آپ سے مقابلہ کرنے سے ڈالنے اور مطیع ہونے کے سوا کچھ بن نہ آئے گا اور میں اکثر کہا کرتا تھا یا حضرت جس قدر آپ کے بارے میں علماء ظاہر سے بھول ہو کسی اور سے نہیں ہوئی کیونکہ اگر وہ آپ کے پاس آتے اور ابواب علم میں آپ سے گفتگو کرتے تو ان کی عقلیں روشن ہو جاتیں اور ا

رفع ہو جاتے۔ میرے پاس ابوالمظفر [101] اسفرائینی کی کتاب التبصیر تھی جو انہوں نے بہتر فرقوں کے متعلق لکھی ہے اور حضرت فرمایا
تے تھے کہ اہل اہواء کے شبہات کا مجھ سے ذکر کرو اور جو اشکال اس میں ہو مجھ سے پوچھو۔ چنانچہ جب بھی میں نے ان سے ان کا کوئی
یان کیا آپ نے فوراً حل کر دیا اور پھر آپ نے اور علوم و معارف کا ذکر کیا۔ میں نے آپ سے آپ کی مرض الموت میں "برھان
لع والتطبیق" کے متعلق گفتگو کی تو مجھے آپ سے بہت اسرار سننے میں آئے اور مجھے وہ علوم حاصل ہوئے جن کا ذکر علماء کلام نے کہیں
یا۔ اس کے بعد حضرت نے مجھے ان صوفیہ کی توحید کی تعلیم دی جو عارف باللہ ہوں اور فرمایا یہی وہ توحید ہے جس پر آنحضرت ﷺ کے
تھے میں نے آپ کا اشارہ سمجھنے کے بعد عرض کی میرے آقا اگر لوگوں کو توحید کے بارے میں اس حق بات کا علم ہو جاتا تو اُمت تہتر
میں منقسم نہ ہوتی۔ فرمایا ہاں اور نبی ﷺ نے اپنی وفات کے وقت یہی لکھنا چاہا تھا تا کہ آپ کے بعد آپ کی اُمت کبھی گمراہ نہ ہو۔

اب ہم پھر اپنے مقصد کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ میں نے حضرت سے عرض کیا کہ اس آیت میں رسول کو علم غیب کے ساتھ
ں کیا گیا ہے لہٰذا ولی اس سے خارج ہوئے (لیکن دل کو بھی علم غیب ہوتا ہے لہٰذا) اعتراض باقی رہا۔

حضرت نے فرمایا اس آیت سے غیر رسول خارج ہوتے ہیں اور ولی ولایت میں رسول کے ساتھ داخل ہے۔ پھر آپ نے ایک
دی اور یہ کھیتی باڑی کرنے کے دن تھے کہ فرض کرو ایک بڑا آدمی مثلاً فلاں شخص یہ چاہے کہ کھیت میں جا کر اپنی زمین اور مزارعوں کو
تو اس کا کوئی نہ کوئی خادم یا عزیز دوست ضرور اس کے ساتھ جائے گا چنانچہ جب وہ وہاں پہنچے گا اور اپنی زمین اور مزارعوں کے متعلق
ت حاصل کرے گا تو ان چیزوں کا علم اس کے خادموں اور دوستوں کو بھی ہو جائے گا۔ اسی طرح رسول کے لئے خادموں اور احباب کا
روری ہے۔ لہٰذا جب رسول کو غیب کا علم ہوگا تو اس میں سے کچھ حصہ اصفیاء کو بھی حاصل ہو جائے گا۔

اس کے بعد میں نے حضرت سے کہا کہ علماء ظاہر خواہ محدثین ہوں یا کوئی اور ان میں اختلاف ہے کہ آنحضرت ﷺ کو ان پانچ
ا علم تھا جن کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ وَیُنَزِّلُ الْغَیْثَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِی
مَاذَا تَکْسِبُ غَدًا وَّمَا تَدْرِی نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْر (قیامت کا علم خدا کے پاس ہے اور وہی بارش
تا ہے' وہی جانتا ہے کہ رحم مادر میں کیا ہے اور نہ کسی انسان کو پتہ ہے کہ کل کیا کرے گا اور نہ ہی کسی کو معلوم ہے کہ کہاں ہے مگر بیشک اللہ
خبیر ہے) یا علم نہیں تھا۔

فرمایا [102] آنحضرت ﷺ پر ان پانچ چیزوں کا علم کیسے مخفی رہ سکتا تھا حالانکہ آپ کی اُمت میں ایک صاحب تصرف ان پانچ چیزوں
م کے بغیر تصرف کر ہی نہیں سکتا۔

پھر میں نے سوال کیا کہ علماء کا قول ہے کہ لیلۃ القدر کا علم آنحضرت ﷺ کے ذہن سے نکال لیا گیا تھا اس لئے تو آپ نے فرمایا
ے انتیسویں شب یا ستائیسویں یا پچیسویں شب میں تلاش کرو ورنہ اگر آپ کو اس کا علم ہوتا تو آپ معین فرما دیتے۔

اس پر آپ کو غصہ آ گیا اور فرمایا سبحان اللہ اور پھر فرمایا اگر لیلۃ القدر آ جائے اور میں مر چکا ہوں اور میری نعش گدھے کی طرح
ا چکی ہو اور میری ٹانگیں اٹھ گئی ہوں پھر بھی اس حالت میں مجھے اس کا علم ہو جائے گا۔ پھر کیسے ہو سکتا ہے کہ اس کا علم سید الوجود ﷺ
خفی رہا ہو۔ اس کے بعد آپ نے مذکورہ بالا پانچ باتوں کے متعلق اور لیلۃ القدر کے متعلق وہ اسرار بیان کئے جو ان جیسے عارف کی زبان
ی نکل سکتے ہیں۔ خدا ہمیں ان کا اس کتاب میں ذکر کرنے کی توفیق دے۔ حضرت نے مختلف سالوں میں لیلۃ القدر کی تعیین فرمائی

چنانچہ بعض اوقات اس کی تعیین رجب میں کی اور ایک سال شعبان میں ایک اور سال رمضان میں اور ایک اور سال عید الفطر کی رات۔ آ
اس رات کے آنے سے پہلے ہی اس کی تعیین فرمادیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے کہ اس کی حفاظت کرو اور یہ بھی فرماتے کہ یہ رات منتقل ہو
رہتی ہے اسی طرح جمعہ کی ساعت (جو مقبولیت دعا کی ساعت ہے) کی بھی تعیین فرمایا کرتے اس کے چند اسرار کا ذکر انشاء اللہ ہم آئ
کریں گے۔

یہاں ہم ان آیات کو ختم کرتے ہیں جن کی تفسیر حضرت نے کی مگر ابھی کچھ اور آیتیں باقی ہیں جو اس کتاب میں اپنے مناس
مقامات پر آئیں گی اور بعض ایسی آیات ہیں جن میں ہم حضرت کی مراد کو اچھی طرح سمجھ نہیں سکے اسی لئے انہیں یہاں درج نہیں کیا گیا
بعض آیات کی تشریح میں ایسے معرفت کے اسرار تھے جن کا تحریر کرنا مناسب نہ تھا۔ جو کچھ ہم نے لکھا ہے اسے خدا خالص اپنی ذات
لئے بنادے اور اسے اپنی رضامندی کا سبب بنائے اور اس سے اس کے لکھنے والے پڑھنے والے اور اس کے حاصل کرنے والے
پہنچائے بوسیلہ صاحب کلام حضرت دباغ۔

حواشی

۱۔ سید جرجانی: سید شریف علی بن محمد جرجانی متوفی ۸۱۶ھ/۱۴۱۳ء۔ انہوں نے مواقف فی علم الکلام مولفہ عضد الدین عبدالرحمٰن بن احمد کی شرح لکھی۔
۲۔ ثعلبی: ابواسحٰق احمد بن محمد بن ابراہیم ثعلبی نیشاپوری متوفی ۴۲۷ھ/۱۰۳۵ء۔ ان کی تفسیر کا نام الکشف والبیان فی تفسیر القرآن ہے۔
۳۔ بندہ حقیر کہتا ہے کہ حضرت دباغؒ کا جواب اصحاب معرفت کا جواب ہے ورنہ اس کا ایک اور مختصر سا جواب ہے اور وہ یہ کہ داؤد مطلق جمع کے لئے
ہے۔ ترتیب کے لئے نہیں اور اس سے تمام اعتراضات اٹھ جاتے ہیں۔
۴۔ حارث بن حسان بکریؓ: حارث بن حسان بن کلاء بکری صحابی ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں آئے تو آنحضرت ﷺ نے ان سے قوم عاد
پوچھا۔ کوفے میں رہتے تھے۔ بغوی کہتے ہیں کہ بادیہ میں رہتے تھے۔
۵۔ علاء الحضرمیؓ: آنحضرت ﷺ کی طرف سے بحرین کے گورنر مقرر ہوئے اور ابوبکرؓ اور عمرؓ نے انہیں اسی عہدے پر برقرار رکھا تا آنکہ ۱۴ھ/۶۳۵
وفات پائی۔
۶۔ اتنا رقبہ زمین جہاں تک پورے زور سے پھینکا ہوا تیر پہنچ سکے۔
۷۔ عبداللہ بن لھیعہ: عبداللہ لھیعہ (یا لھیعہ) بن عقبہ بن فراعان مصری فقیہ اور قاضی تھے۔ انہوں نے اعرج، ابی الزبیر وغیرہ سے روایت کی اور ان
کے پوتے احمد بن عیسیٰ اور بھتیجے لھیعہ بن عیسیٰ اور ثوری وغیرہ نے کی۔ بہت تابعیوں سے ان کی ملاقات ہوئی۔ یحییٰ بن سعید انہیں بہت حقیر سمجھتے تھے
مہدی کہتے ہیں کہ میں ان سے کچھ بھی حاصل نہیں کرنا چاہتا پھر کہتے ہیں کہ میں سوائے ابن مبارک کی سماع کے اس کی سی بات پر اعتماد نہیں کر
معین کہتے ہیں کہ ابن لہیعہ ضعیف ہے اس کی حدیث سے استدلال نہیں کیا جاسکتا۔ ابوجعفر طبری تہذیب الآثار میں لکھتے ہیں کہ آخر عمر میں ان
میں فتور آ گیا تھا۔ مگر بعض لوگوں نے انہیں ثقہ بھی قرار دیا ہے مفصل بحث کے لئے دیکھیں تہذیب التہذیب ج پانچ ۳۷۳ تا ۳۷۹ ذہبی تذکر
میں کہتے ہیں یودی حدیثہ فی المتابعات ولا یحتج بھا (اس کی حدیث تائید کے طور پر لائی جاسکتی ہے مگر علیحدہ طور پر اس سے استدلال نہیں کیا جاسکتا
۸۔ مجاہدؒ: مجاہد بن جبر تابعی ہیں بڑے پایہ کے متقی اور عالم تھے۔ ۱۰۲ھ/۷۲۰ء میں تراسی برس کی عمر میں وفات پائی۔
۹۔ قصہ یوں ہے کہ ایک شخص کی بکریاں دوسرے کے کھیت میں گھس گئیں اور کچھ کھایا اور کچھ برباد کردیا۔ کھیت والا بکریاں پکڑ کر سیدنا داؤد کی عدا
لایا۔ حضرت داؤد علیہ السلام اپنے وقت کے نبی تھے اور بادشاہ بھی۔ آپ نے دونوں فریقوں کا بیان لیا اور فیصلہ دیا کہ جس قدر کھیت والے کا نقص
اس کی قیمت کے برابر بکریاں کھیت والے کو دیدی جائیں۔ اس فیصلہ کے بعد دونوں فریق حضرت سلیمانؑ کے سامنے سے گزرے تو آپؑ نے
فیصلہ دیا کہ بکریاں کھیت والے کو دیدی جائیں تا کہ وہ ان کے دودھ وغیرہ سے فائدہ اٹھائے اور کھیت بکری والے کے حوالے کیا جائے کہ اس کی

کرے یہاں تک کہ ادھر کھیت والے کا نقصان بکریوں کے منافع سے پورا ہو جائے اور ادھر کھیت اپنی پہلی حالت پر آ جائے تو بکریاں بکری والے کو واپس دیدی جائیں اور کھیت والے کو اس کا کھیت حوالے کر دیا جائے۔

جہاں آنحضرت ﷺ میں اور خصوصیات پائی جاتی تھیں وہاں ایک خصوصیت یہ بھی تھی کہ آپؐ کبھی کبھی باطن کے اعتبار سے بھی فیصلہ دے دیا کرتے تھے۔ چنانچہ حافظ جلال الدین سیوطی نے اس پر ایک مستقل رسالہ لکھا ہے جس کا نام ''الباہر فی حکم النبی ﷺ فی الباطن والظاہر'' ہے (کشف الظنون ا۔۱۴۲)

ابن منیر: شرف الدین عبدالواحد متوفی ۷۳۳ھ/۱۳۳۳ء ان کی تفسیر دس جلدوں میں ہے۔

ابوعبداللہ البلخی: ابوعبداللہ محمد بن الفضل البلخی۔ دراصل بلخ کے رہنے والے تھے۔ پھر سمرقند میں جا کر آباد ہو گئے اور وہیں ۹۳۱ھ میں وفات پائی۔ مبرد نے اپنی کتاب کامل میں بھی اس آیت کی تشریح کی ہے اور ''ساق'' کے معنی شدۃ (سختی، تکلیف) مصیبت دیے ہیں۔ چنانچہ شاعر کہتا ہے۔

یعنی اس کے احوال و خطرات واضح ہو گئے۔ اس طرح آیت کے معنی یوں ہوں گے جس دن اہوال و ہولناکیاں (یعنی روز قیامت کی) عیاں کر دی جائیں گی۔

ابراہیم دسوتی: جلیل القدر صوفیہ میں سے ہوئے ہیں، مکمل نام ابراہیم بن ابی المجد بن قریش ہے ان کا نسب نامہ محمد الجواد سے جا ملتا ہے۔ پہلے شافعی فقہ پڑھی۔ پھر صوفیاء کا طریقہ اختیار کر لیا، تینتالیس سال کی عمر میں ۶۷۶ھ/۱۲۷۷ء میں وفات پائی۔

شیخ الاسلام علم الدین بلقینی: علم الدین صالح بن السراج البلقینی شافعی متوفی ۸۶۸ھ/۱۴۵۹ء ان کی ایک تفسیر ہے ان کے بھائی جلال الدین عبدالرحمٰن بلقینی متوفی ۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء نے بھی ایک تفسیر لکھی ہے۔ فتاویٰ جس کا یہاں حوالہ دیا گیا ہے۔

دوسری حدیث میں ہے نم کنومة عروس

واسطی: ابوالعز محمد بن حسین بن پندار القلانسی الواسطی متوفی ۵۲۱ھ/۱۱۲۵ء ان کی کتاب کا پورا نام ارشاد المبتدی وتذکرۃ المنتہیٰ ہے۔ اس میں دس قرأتوں پر بحث کی گئی ہے۔

ابن ابی حاتم: شیخ الاسلام ابومحمد عبدالرحمٰن بن ابی حاتم ۲۴۰ھ/۸۵۴ء میں پیدا ہوئے۔ یہ بہت بڑے زاہد تھے اور ان کا شمار ابدال میں ہوتا ہے کہتے ہیں کہ کسی دوست نے انہیں قحط کے زمانے میں اصفہان سے کوئی جانور بھیجا جسے انہوں نے بیس ہزار کو بیچ دیا۔ اس دوست نے کہلا بھیجا کہ اس سے ایک مکان خرید لیں مگر انہوں نے تمام روپیہ فقراء میں تقسیم کر دیا اور دوست کو لکھ بھیجا کہ میں نے تمہارے لیے جنت میں محل خرید لیا ہے اور دوست نے کہا کہ اگر آپ ضامن ہیں تو میں راضی ہوں انہوں نے ضمانت دیدی اس کے بعد انہیں خواب میں کہا گیا ہم نے تمہاری ضمانت قبول کر لی ہے مگر آئندہ سے ایسا نہ کرنا۔ ان کی وفات ۳۲۷ھ/۹۳۸ء میں ہوئی۔

ضحاک۔ ضحاک بن مخلا بن ضحاک شیبانی بصری۔ ثقہ ہیں۔ انہوں نے کثرت سے روایت حدیث کی، ان کی وفات ۲۱۴ھ میں ہوئی۔

الجوالیقی: ابو موہوب بن ابی لاہرا حمد بن محمد بن الخضرا الجوالیقی البغدادی الادیب اللغوی۔ بغداد کی قابل فخر ہستیوں میں سے تھے۔ انہوں نے ادب ابوزکریا تبریزی سے پڑھا اور بہت سی تصانیف کیں ۴۶۶ھ میں پیدا ہوئے اور ۵۷۹ھ میں وفات پائی۔ انہوں نے حریری کے درۃ الغواض کا تتمہ لکھا جس کا نام التکملہ فیما یحن فیہ العامہ (کشف ا: ۳۷۱)

- ابوعبیدہ: معمر بن مثنیٰ ابوعبیدہ نحوی ولغت دان تھا۔ اس کی وفات تقریباً ۲۱۰ھ/۸۲۵ء میں ہوئی۔
- ابوالقاسم عبدالعزیز بن عبداللہ الدارکی۔ نیشاپور میں درس دیا اور ابواسحٰق مروزی سے فقہ کی تعلیم حاصل کی اور حامہ شیوخ بغداد نے ان سے علم حاصل کیا۔ انہوں نے ۳۷۵ھ/۹۸۵ء میں وفات پائی۔

۲۔ حسن: حسن سے حسن بصری مراد ہے۔

۲۔ عکرمہ: ابن عباس کے آزاد کردہ غلام تھے۔ ان کا ذکر پہلے آ چکا ہے۔

۲۔ ابوالشیخ: حافظ اصبہانی ابوالشیخ عبداللہ بن محمد بن جعفر بن حیان ان کی بہت سی تصانیف ہیں۔ ۲۷۴ھ/۸۸۷ء میں پیدا ہوئے اور ۳۶۹ھ/۹۷۹ء میں وفات پائی۔

۲۶۔ ابوزید الانصاری: صحابی ہیں۔انہوں نے آنحضرت ﷺ کے عہد میں ہی قرآن حفظ کرلیا تھا ان کے نام میں اختلاف ہے بعض سعید بن عمیر کہتے ہیں او
بعض قیس بن السکن۔

۲۷۔ کعب: ابواسحٰق کعب بن نافع الحمیر ی جوکعب الاحبار کے نام سے مشہور ہیں ان کی وفات عمص میں ایک سوچار ہیں کی عمر میں ۲۳ھ ۶۵۳ء میں عہد عثما
میں ہوئی۔

۲۸۔ نوادر الاصول فی معرفته اخبار الرسول: ابو عبدالله محمد بن علی بن حسن بن بشر الموذن الحکیم ترمذی کی تالیف ہے
یہ ۲۸۶ھ تک زندہ تھے۔

۲۹۔ ابوزید عبدالرحمٰن فاسی: ابوزید عبدالرحمٰن بن محمد فاسی۔انہوں نے شاذلی کی حرب کبیر کی شرح لکھی ہے۔

۳۰۔ ابوالحسن شاذلی: نوادر الاصول فی معرفته اخبار الرسول کے مصنف ابو عبدالله محمد بن علی بن حسن بن لبشر المو
الحکیم الترمذی۔

۳۱۔ ابوزید عبدالرحمٰن فاسی: ابوزید عبدالرحمٰن بن محمد فاسی انہوں نے شاذلی کی حزب کبیر کی شرح لکھی ہے۔

۳۲۔ ابوالحسن علی بن عبداللہ بن عبالجبار شاذلی۔ یہ نابینا تھے اور صوفیہ کے شاذلیہ فرقہ کے بانی تھے ان کی وفات ۶۵۶ھ ۱۲۵۸ء میں صحرائے عیذاب میں ہ
جبکہ یہ حج کے لئے جارہے تھے اور وہیں دفن ہوئے۔شیخ ابوعبداللہ بن النعمان نے ان کے قطب ہونے کی شہادت دی ہے۔شیخ تقی الدین بن د
العید نے بھی ان کی بزرگی کا اعتراف کیا ہے۔ انہوں نے حزب البحر لکھی ہے جو صوفیاء کے ہاں بہت مقبول ہے۔ایک حزب البحر صغیر اور دوسری کبی
حزب البحر اسے اس لئے کہا گیا کہ یہ سمندر کے سفر میں اس کے مصائب سے نجات کی غرض سے لکھی گئی۔واقعہ یوں ہوا کہ شاذلی رحمتہ اللہ نے بحر قلز
سفر اختیار کیا سمندر کے درمیان جہاز رک گیا اور کئی دن تک ہوا بند رہی۔نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی تھی کہ آنحضرت ﷺ کا دیدار مبارک ہو
انہوں نے یہ دعا پڑھنے کی تلقین کی۔ چنانچہ انہوں نے یہ دعا پڑھی اور ہوا چل پڑی۔اسے حزب صغیر بھی کہتے ہیں۔اس کی ابتدا یا اللہ یا علی یا عظیم یا
سے ہوتی ہے حزب کبیر کی ابتدا واذاجاء ک الذین لا یؤمنون سے ہوتی ہے۔(کشف الظنون ۳۳۳)

۳۳۔ تاکہ اللہ کو ایمان والوں کا علم ہو جائے اور تم میں بعض کو درجہ شہادت بخشے اور فرمایا ہے تاکہ ہم تم کو آزمائیں تاکہ مجاہدین اور صابرین کا پتہ چل جائے

۳۴۔ شعبہ: شعبہ بن الحجاج: انہیں امیر المومنین فی الحدیث کہا جاتا تھا۔ستانوے سال کی عمر میں ۱۶۰ھ ۷۷۶ء میں وفات پائی۔

۳۵۔ ابوبشر: ابوبشر صرالح المری اکثر روتے رہتے۔مردوں کی باتیں سنتے اور ان سے باتیں کیا کرتے تھے۔

۳۶۔ سعید بن جبیرؓ: بڑے پایہ کے تابعی تھے روتے روتے ان کی آنکھیں چندھی ہوگئی تھیں۔۳۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۹۵ء میں حجاج کے حکم سے انہیں
قتل کردیا گیا۔قتل سے پہلے دعا کی۔اللھم لا تسلط الحجاج علیٰ احد ؑبعدی۔خدایا میرے بعد حجاج کو کسی پر مسلط نہ ہونے دینا۔چنانچہ
کے قتل کے بعد حجاج صرف پندرہ راتیں زندہ رہا۔دوسری روایت میں ہے کہ چھ ماہ زندہ رہا اور اس کے پیٹ میں ناسور ہوگیا جو اس کی موت کا سبب
اس عرصہ میں جب حجاج سوتا تو خواب میں سعید بن جبیر آجاتے اور اس کا پاؤں پکڑ کر جگادیتے۔

۳۷۔ کلبی: ہشام ابن الکلبی حافظ۔ان کی حدیث متروک خیال کی جاتی ہے اور یہ ثقہ نیں ہیں۔ان کا پورا نام ابوالمنذر ہشام بن محمد بن السایب کوفی۔
رافضی ہیں۔ان کی وفات ۲۰۶ھ ۸۲۱ء میں ہوئی۔

۳۸۔ نحاس: ابوجعفر احمد بن محمد النحاس مشہور نحوی اور لغوی گزرا ہے۔اس کی وفات ۳۳۸ھ ۹۴۱ء میں ہوئی۔انہوں نے تفسیر قرآن لکھی ہے۔

۳۹۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو شفا عیاض مع شرح خفاجی ج ۴۔۹۳ تا ۱۱۷۔طبع استنبول ۱۳۱۵ھ فیض الباری ج ۲: ۳۸۷۔۳۱۸

۴۰۔ ناصرالدین بیضاوی: قاضی ناصرالدین ابی سعید عبداللہ بن عمر بیضاوی مشہور مفسر اور عالم گزرے ہیں ان کی وفات ۶۸۵ھ ۱۲۸۶ء میں ہوئی۔ان کی
کا نام انوار التنزیل واسرار التاویل ہے۔

۴۱۔ علی بن ابی طلحہ: انہوں نے ابن عباس سے روایت کی ہے حالانکہ ان کے درمیان مجاہد آتے ہیں۔ان کے ثقہ ہونے میں اختلاف ہے۔۲۴۳ھ
میں ان کی وفات ہوئی۔

۴۲۔ ابومحمد مکی: ابومحمد مکی بن ابی طالب قیسی نحوی مغربی متوفی ۴۳۷ھ ۱۰۴۵ء ان کی تفسیر پندرہ جلدوں میں ہے۔

فرا: ابوزکریا یحییٰ بن زیاد الفراء نحوی اور لغت دان تھا۔ الکسائی کا شاگرد تھا۔ ۱۴۴ھ ۷۶۱ء میں پیدا ہوا اور ۲۰۷ھ ۸۲۲ء میں وفات پائی۔

کسائی: بہت بڑے نحوی اور لغت دان تھے۔ ابوالحسن علی بن حمزہ الکسائی' کوفے کے نحویوں کا امام تھا۔ اس کی وفات ۱۸۹ھ ۸۰۴ء میں ہوئی۔

ملاحظہ ہو مشکوٰۃ باب الاستغفار ۲۰۳ مگر وہاں بجائے سبعین مرۃ کے مائۃ مرۃ ہے۔

مواقف: علامہ مفسد الدین عبدالرحمٰن بن احمد ایجی کی تصنیف ہے جو انہوں نے غیاث الدین وزیر خدابندہ کے لئے لکھی۔

شیخ السلام زکریا انصاری الخزرجی امام شعرانی کے استاد تھے۔ شریعت اور طریقت دونوں میں اپنے زمانے میں جواب نہ رکھتے تھے ان کی بہت سی تصانیف ہیں۔ ۹۲۶ھ ۱۵۱۹ء میں وفات پائی۔

غار سے مراد غار حرا ہے جہاں اہل دیوان کا اجتماع ہوتا ہے۔ شیخ عبدالعزیز دباغ چونکہ غوث وقت تھے اس لئے ان کا وہاں جانا رہتا۔ مترجم

فریابی: شیخ الوقت ابوبکر جعفر بن محمد بن حسن بن مستغاض ترکی۔ دینور کے قاضی تھے اور صاحب تصانیف ہیں یہ ثقہ تھے اور اوعیہ علم میں سے شمار ہوتے تھے ان کے پاس ہزاروں کی تعداد میں طالبعلم حدیث پڑھنے آتے تھے۔ ۲۰۷ھ ۸۲۲ء میں پیدا ہوئے اور ۳۱۰ھ ۹۱۳ء میں وفات پائی۔

مجھے اس ''علی'' کی سمجھ نہیں آئی کہ یہ کہاں سے آ گیا ہے۔ آیت میں علی کا لفظ نہیں ہے۔

عمر بن مالک شرعبی المعافری المصری: ابوحیان نے انہیں ثقہ شمار کیا ہے۔ ابن یونس اور ضمام دونوں اسے فقیہ پکارتے ہیں مسلم نے اس سے صرف ایک حدیث روایت کی ہے۔

ابوالجوزاء: ابوالجوزا اوس بن عبداللہ ربعی البصری تابعی ہیں۔ انہوں نے ابوہریرہؓ عائشہؓ اور ابن عباسؓ وغیرہم سے روایت کی ہے بہت عابد و فاضل تھے۔

ابن مردویہ: ابوبکر احمد بن موسیٰ بن مردویہ اصفہانی۔ صاحب تفسیر ہیں اور تاریخ وغیرہ بھی لکھی ہے۔ حافظ حدیث اور ثقہ تھے ۳۲۳ھ ۹۳۴ء میں پیدا ہوئے اور ۴۱۶ھ ۱۰۲۵ء میں وفات پائی۔

عبد بن حمید: حافظ ابومحمد بن حمید بن نصر مصنف مسند کبیر اور تفسیر' ان کا اصل نام عبدالحمید ہے۔ مگر مخفف کر لیا گیا۔ جوانی کے زمانے میں سفر کیا۔ امام بخاری نے انہیں عبدالحمید ہی لکھا ہے امام حدیث اور ثقہ تھے ۲۴۹ھ ۸۶۳ء میں وفات پائی۔

عطیہ: عطیہ بن سعد بن جنادہ قیسی۔ انہوں نے ابوسعید' ابوہریرہؓ وغیرہ ہی سے روایت کی ۱۲۱ھ/ ۷۳۸ء میں وفات پائی۔

سہیلی: ابوزید عبدالرحمٰن بن عبداللہ۔ ان کی تصانیف معتبر شمار کی جاتی ہیں۔ ۵۰۸ھ ۱۱۱۴ء میں پیدا ہوئے اور ۵۸۱ھ/ ۱۱۸۵ء میں وفات پائی۔ الروض الانف شرح سیرۃ ابن ہشام انہی کی تالیف ہے۔

نقاش: ابوبکر محمد بن علی المصری ۲۸۹ھ ۸۹۷ء میں پیدا ہوئے اور ۳۶۹ھ ۹۸۱ء میں وفات پائی۔ دارقطنی ان سے حدیث پڑھنے کیلئے تنیس آئے تھے۔

ابن مندہ: حافظ ابوعبداللہ محمد بن یحییٰ بن مندہ۔ یہ اس وقت مسلمان ہوئے جب صحابہ نے اصفہان فتح کیا اور اپنے زمانے میں بڑے استادوں میں شمار ہوتے تھے۔ ۳۰۱ھ ۹۱۱ میں وفات پائی۔

ابن نمیر: محمد بن عبداللہ بن نمیر ابوعبدالرحمٰن کوفی' حافظ حدیث تھے امام احمد بن حنبل ان کی بہت تعظیم کرتے اور انہیں ورۃ العرلق کہا کرتے تھے وہ اپنے زمانے کے بہت بڑے زاہد اور فقیہ تھے۔ ان کی وفات ۲۳۴ھ ۸۴۸ء میں ہوئی۔

عبیداللہ بن عمر: عبیداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن الخطاب ان کا شمار فقہاء سبعہ میں ہوتا ہے۔ ۱۴۷ھ ۷۶۴ء میں وفات پائی۔

نافع: نافع بن سرجس دیلمی عبداللہ بن عمر کا آزاد کردہ غلام تھا۔ ۱۰۷ھ ۷۶۵ء میں ان کی وفات ہوئی۔

ابن عمر: عبداللہ بن عمر حضرت عمر کے بیٹے بچپن میں ہی اپنے باپ کیساتھ ایمان لائے بلکہ یہاں تک کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلا بچہ جو اسلام میں پیدا ہوا وہ عبداللہ بن عمر ہی تھے۔ کم سنی کی وجہ سے جنگ احد میں شرکت نہیں کر سکے مگر بعد کی جنگوں میں شرکت کی۔ نبی ﷺ نے انہیں رجل صالح کہا ہے انہوں نے کثرت سے حدیث کی روایت کی ہے چنانچہ ان کی ایک الگ سند بقی بن مخلد نے جمع کی ہے جس میں ایک ہزر چھ سو تیس احادیث ہیں۔ ۵۷۳ھ ۶۹۲ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۶۳۔ استاذ علی دلدہ فرماتے ہیں کہ تعجب اس بات پر ہے کہ باوجود یہ کہ موسیٰ علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے اپنا دائمی دیدار عطا کیا تھا مگر پھر بھی لن ترانی کہہ دیا (لواقع الانوار فی طبقات الاخبار جلد دو صفحہ ۲۱)

۶۴۔ شیخ ابوالحسن اشعری: اصل نام علی بن اسماعیل تھا اور ابوموسیٰ اشعری کی اولاد میں سے تھے ان کی پیدائش ۸۷۳،۸۷۴ء/۲۶۰ھ میں بصرہ میں ہوئی۔

۶۵۔ امروَالقیس کندی: زمانہ جاہلیت میں عربی زبان کا بلند پایہ شاعر تقریباً ۵۴۰ء میں اس کی وفات انگورہ کے مقام پر ہوئی۔

۶۶۔ عبداللہ میورقی: عبداللہ بن عبداللہ الترجمان ان کی کتاب تحفۃ الاریب فی الرد علی اہل الصلیب نو بابوں میں لکھی گئی ہے۔ میورقی نے اسے ۸۲۳ھ/۱۴۲۰ء میں مکمل کیا۔ اس وقت تونس کا حاکم ابوالعباس احمد تھا۔

۶۷۔ عبدالحق اسلامی۔ ان کا حال معلوم نہ ہوسکا۔

۶۸۔ ابوالعباس قرطبی: ابوالعباس احمد بن مسعود القرطبی الخزرجی متوفی ۶۰۱ھ

۶۹۔ امام الحرمینؒ: ابوالمعالی الجوینی نیشاپور کا مشہور فقیہ اور عالم۔ انہیں امام الحرمین اس لئے کہا جاتا ہے کہ انہوں نے مکہ اور مدینہ میں کئی سال درس دیا علاء الدین جوینی مولف تاریخ جہانکشا اور شمس الدین جوینی انہی کی اولاد میں سے تھے۔ ۴۷۸ھ/۱۰۸۵ء میں ان کی وفات ہوئی ان کی کتاب کا پورا نام البرھان فی اصول الفقہ ہے۔

۷۰۔ ابوالولید باجی: اندلس کا مشہور شاعر اور فقیہ ان کی وفات ۴۷۴ھ/۱۰۸۱ء میں ہوئی۔ یہ ابن حزم کے معاصر تھے اور ان کے ساتھ ان کے بہت سے مناظرے ہوئے۔ ان کے متعلق ابن حزم کا قول تھا کہ قاضی عبدالوہاب کے بعد اصحاب مذہب مالکی میں ابوالولید الباجی کا مثل کوئی نہ تھا۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں مثلاً الاستبقا فی شرح الموطا۔ کتاب السراج فی علم الحجاج وغیرہ۔

۷۱۔ ابیاری: امام شمس الدین ابوالحسن علی بن اسماعیل الابیاری المالکی۔

۷۲۔ ابوعبداللہ بن الحاج العبدری: ابوعبداللہ محمد بن محمد الحاج العبدری الفاسی المالکی متوفی ۷۲۷ھ ان کی ایک تالیف کتاب البدع ہے (کشف الظنون ۲۔۱۴۱) ایک اور تالیف مدخل الشرع الشریف علی المذاہب الاربعۃ ہے یہ کتاب انہوں نے ۷۳۲ھ میں لکھی (کشف الظنون ۲۔۲۴۹)

۷۳۔ تاج الدین سبکی: تاج الدین عبدالوہاب بن علی السبکی الشافعی مشہور فقیہ گزرے ہیں۔ ان کی وفات ۷۷۲ھ/۱۲۷۰ء میں ہوئی ان کی کتاب جمع الجوامع اصول فقہ میں ہے۔

۷۴۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہاں سے کچھ عبارت رہ گئی ہے جس سے عبارت میں خلل پڑ گیا ہے۔

۷۵۔ ثعلبہ: ثعلبہ بن حاطب بن عمرو بن عبید۔ آنحضرت ﷺ نے ہجرت کے موقع پر انہیں معتب بن غوث کا بھائی بنایا تھا۔ بدر، احد کی جنگوں میں شریک ہوئے۔ قتادہ اور سعید بن جبیر کے قول کے مطابق یہی ہیں جنہوں نے صدقہ ادا نہ کیا تھا اور جن کے بارے میں منہم من جاہد اللہ کی آیت نازل ہوئی۔ ان کی وفات حضرت عمرؓ یا عثمانؓ کی خلافت میں ہوئی۔ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں ان کا ذکر نہیں کیا۔

۷۶۔ ابن مردویہ: ابوبکر احمد بن موسیٰ بن مردویہ اصفہانی صاحب تفسیر و تاریخ۔ انہوں نے مستخرج علی صحیح البخاری لکھی۔ ۳۲۳ھ/۹۳۴ء میں پیدا ہوئے اور ۴۱۶ھ/۱۰۲۵ء میں وفات پائی۔ یہ بڑے عالم اور عمدہ تصانیف والے ہیں۔

۷۷۔ بیہقی: حافظ ابوبکر احمد بن حسین شافعی متوفی ۴۵۸ھ۔ ان کی شعب الایمان کا نام جامع المصنف ہے جس میں انہوں نے ایمان کو ستر سے زائد حصوں میں منقسم کیا ہے اور ادنیٰ ایمان لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہنا قرار دیا ہے۔

۷۸۔ ابوامامہ: ابوامامہ چار صحابیوں کی کنیت ہے ایک اسعد بن زرارہ خزرجی انصاری کی ہے۔ عقبہ اولیٰ اور ثانیہ میں موجود تھے۔ ہجرت کے نو ماہ بعد انہوں نے وفات پائی اور دوسرے صحابی امامہ ریاس بن ثعلبہ ہیں۔ یہ بدر کی جنگ میں اس لئے شریک نہیں ہوسکے تھے کہ ان کی والدہ بیمار تھیں۔

۷۹۔ تیسرے ابوامامہ باہلی جن کا نام صدی بن عجلان ہے۔ انہوں نے آنحضرت ﷺ سے بہت سی احادیث روایت کی ہیں۔ یہ پہلے مصر میں رہے پھر حمص چلے گئے اور وہیں ۸۱ھ میں وفات پائی۔ یہ شام میں صحابہ میں آخری وفات پانے والے تھے یہاں یہی مراد ہیں۔ (استیعاب ۶۳۸)

۸۰۔ بغوی اور خازن (ج ب صفحہ ۱۲۰) نے آیت والذین اتخذوا مسجدا ضرارا کے تحت منافقین کا ذکر کرتے ہوئے بارہ منافقوں کا ذکر کیا ہے جنہوں نے یہ ضرار تعمیر کی تھی ان منافقین میں ثعلبہ بن حاطب کا نام بھی دیا گیا ہے جس سے اشکال رفع ہو جاتا ہے کیونکہ جب ثعلبہ منافق ٹھہرا تو پھر آنحضرت ﷺ آپ کی وفات کے بعد خلفا نے جو اس کی زکوٰۃ قبول نہیں کی تو اس کی وجہ ظاہر ہے بالخصوص جبکہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے مانعین زکوٰۃ سے جنگ بھی اور ثعلبہ سے زکوٰۃ قبول نہیں کی۔ اس کی وجہ بھی اس کا نفاق تھا۔ لہٰذا ثعلبہ صحابی نہ ہوا اس سے حضرت عبدالعزیز دباغ کے قول کی تائید ہوتی ہے۔

جیسا کہ حدیث میں ہے کانت الارواح جُنُوداً مجندة فما تعارف منها تعارف وما تنكوا استنكر۔

مواقف فی علم الکلام: یہ علامہ عضدالدین بن احمد الایجی القاضی کی تصنیف ہے جوانہوں نے سلطان محمد خدابندہ کے وزیر غیاث الدین کے لئے لکھی۔ اس کتاب پر متعدد لوگوں نے شرحیں لکھیں۔ جن میں سب سے زیادہ مشہور سید شریف علی بن محمد جرجانی متوفی ۸۱۶ء کی شرح ہے۔

زید: زید بن حارثہ آنحضرت ﷺ کے متبنیٰ اور آزاد کردہ غلام تھے جن سے حضرت زینبؓ کی پہلی شادی ہوئی تھی۔

زنب: زینب بنت جحش یہ امہات المومنین میں سے تھیں۔ آنحضرت ﷺ نے ان سے ۳ھ یا ۵ھ میں شادی کی۔ یہ پہلے زید بن حارثہ کے عقد میں تھیں۔ ان کے طلاق دینے پر آنحضرت ﷺ کے عقد میں آ گئیں۔ ان کی وفات ۵۲۰ھ/۶۴۰ء میں ہوئی۔ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد امہات المومنین میں سب سے پہلے ان کی وفات ہوئی۔

شیخ الاسلام زکریا: شیخ الاسلام قاضی زین الدین زکریا بن محمد انصاری: ان کا ذکر پہلے آ چکا ہے۔ شیخ الاسلام زکریا انصاری فقہ اور طریقت دونوں کے رکن تھے ان کی بہت سی تصانیف ہیں انہوں نے بھی بخاری کی شرح کی ہے۔ ۹۲۶ھ ۱۵۱۹ء میں ان کی وفات ہوئی۔ یہ بڑے زاہد و عابد تھے۔ کشف الظنون میں ان کی تاریخ وفات ایک جگہ ۹۰۰ھ دی ہے مگر دوسری جگہ ۹۲۶ھ دی ہے۔

زمخشری ابوالقاسم محمود بن عمر زمخشری جو جاراللہ کے لقب سے مشہور ہیں فقیہ' نحوی اور لغت دان تھے۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں جن میں ایک قرآن مجید کی تفسیر میں ہے جس کا نام الکشاف ہے۔ ان کی پیدائش زمخشر میں ۴۶۷ھ ۱۰۷۴ء میں ہوئی اور وفات ۵۳۸ھ ۱۱۴۳ء میں ہوئی۔

طیبی: شرف الدین حسن بن محمد طیبی عراقی جنہوں نے کشاف پر حاشیہ لکھا انہوں نے الفاظ میں زمخشری ہی کا تتبع کیا ہے مگر ساتھ ساتھ مذہب معتزلہ کی زبردست دلائل سے تردید کرتے گئے ہیں اور ثابت کر کے دکھایا ہے کہ بلاغت قرآن کو اہلسنت نے ہی سمجھا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ فاضل مصنف نے تحقیق کا حق ادا کیا ہے۔ پھر فن بلاغت کی نایاب بحثیں بھی اس میں شامل ہیں اس حاشیہ کا نام فتوح الغیب فی الکشف عن قناع الریب رکھا ہے۔ ان کی وفات ۷۴۳ھ ۱۲۴۲ء میں ہوئی۔ فتوح الغیب چھ ضخیم جلدوں میں ہے۔ مصنف کہتے ہیں کہ حاشیہ لکھنے سے پہلے میں نے آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ مجھے دودھ کا پیالہ پکڑایا ہے اور مجھے پینے کو کہا' چنانچہ میں نے کچھ پیا۔ پھر آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پیش کیا اور انہوں نے بھی پیا (کشف الظنون ۲۔۱۴۷)

تفتازانی: متوفی ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء علامہ سعدالدین مسعود بن عمر التفتازانی۔ انہوں نے کشاف پر حاشیہ لکھا ہے مگر یہ اسے مکمل نہیں کر سکے۔

انصاف: یہ امام ناصرالدین احمد بن محمد بن المنیر اسکندری مکی کی تصنیف ہے۔ اس میں انہوں نے تفسیر کشاف میں جس قدر معتزلی خیالات ہیں ان کا ذکر اور رد کیا ہے۔ ان کی وفات ۶۸۳ھ ۱۲۸۴ء میں ہوئی۔

تقی الدین سبکی: شیخ تقی الدین علی بن عبدالکافی سبکی۔ ان سے ذہبی نے حدیث سنی' ذہبی نے انہیں فخر الحفاظ لکھا ہے۔ ان کی متعدد تصانیف ہیں۔ ان کی پیدائش ۶۸۳ھ ۱۲۸۴ء میں ہوئی اور وفات ۷۵۶ھ ۱۳۵۵ء میں۔

نوح بن ابی مریم ابوعصمۃ الفصی: نوح بن ابی مریم: ابومریم کا نام ماقبہ ہے۔ نوح مرو کے قاضی تھے اور نوحِ جامع کے نام سے مشہور ہیں۔ عباس بن مصعب کہتے ہیں کہ ان کا باپ مجوسی تھا۔ انہیں جامع اس لئے کہا گیا کہ انہوں نے فقہ ابوحنیفہ اور ابن ابی لیل سے پڑھی اور حدیث حجاج بن ارطاۃ اور دار قطنی سے۔ ابن حجر لکھتے ہیں کہ یہ متروک الحدیث ہیں بخاری نے انہیں ذاہب الحدیث کہا ہے۔ نسائی کہتے ہیں یہ ثقہ نہیں۔ حاکم کہتے ہیں کہ اس نے فضائل قرآن کی حدیث وضع کی مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو (تہذیب التہذیب ج ۴۸۶ تا ۴۸۸)

ابن حبان: ابوحاتم محمد بن حبان بن احمد بن حبان۔ ان کی متعدد تصانیف ہیں۔ انہوں نے حسین بن ادریس ہروی' ابوحنیفہ جمحی وغیرہ سے حدیث سنی اور ان سے حاکم منصور بن عبداللہ خالدی وغیرہ نے مدت تک سمرقندی کے قاضی رہے فقیہ' حافظ حدیث' طب اور نجوم اور دیگر وعلوم کے عالم تھے ان کی تصانیف میں مسند صحیح' کتاب الضعفاء وغیرہ ہیں۔ انہوں نے ۳۵۴ھ ۹۶۵ء میں وفات پائی۔

- حضرت شعیب علیہ السلام کے استثناء کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ انہوں نے کمال اطاعت کا ثبوت دیتے ہوئے یوں کہہ دیا کہ ہاں اگر اللہ چاہے اور مجھے اس کا حکم دے تو کرنے کو تیار ہوں جس طرح ملائکہ کو حکم ہوا کہ آدم کو سجدہ کرو مگر ابلیس نے اطاعت نہ کی حضرت شیخ عبدالعزیز کا جواب اہل فتح کا جواب ہے۔ لیکن اہل ظاہر کے لئے میرے نزدیک بہترین جواب یہ ہے کہ یہاں استثناء تعلیق بالمحال کے طرز پر آیا ہے جیسے شاعر کے اس قول میں

۹۴۔ وحتیٰ یورب القارظان کلاھما وینشر فی القتلیٰ کلیب لوائل

۹۵۔ اسی طرح حضرت شعیب نے فرمایا کہ ہم تو تمہاری ملت میں واپس آنے کے نہیں جب تک اللہ نہ چاہے مگر اللہ تعالیٰ تو یہ چاہ نہیں سکتے کہ ہم بتوں کے سامنے سر جھکائیں لہٰذا ہم بھی تمہاری ملت میں نہیں آسکتے۔ عربی زبان میں تعلیق بالمحال کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں چنانچہ ایک اور شاعر کہتا ہے۔

۹۶۔ فرجی الخیر وانتظری ایابی اذا ما القارظ العنزی اٰبا

۹۷۔ (باپ بیٹی سے کہتا ہے) کہ میرے آنے کا اس وقت تک انتظار کر جس وقت تک قبیلہ عنزہ کا قرظ کے پتے جھاڑنے والا واپس آئے (مگر وہ تو مر چکا۔ اس لئے میری واپسی کی بھی امید نہ رکھنا) اسی طرح ایک اور ضرب المثل۔ حتیٰ یرجع مصقلۃ من طبرستان۔ یہاں تک کہ مصقلہ طبرستان سے واپس آئے مصقلہ طبرستان میں ایک جنگ میں مارا گیا تھا۔ اس لئے وہ تو واپس آ نہیں سکتا لہٰذا میں بھی واپس نہ آؤں گا۔ میرے نزدیک اہل ظاہر کے لئے تشریح بہتر ہے۔

۹۸۔ شیخ کی تفسیر کے مطابق آیت کا ترجمہ یوں ہوا کہ اے محمدؐ ہم نے تم کو مشاہدہ کاملہ نصیب فرمایا تا کہ مادہ گناہ تم سے بالکل جاتا رہے اور تا کہ نعمت خداوندی تم پر مکمل کر دی جائے اور تا کہ تم کو ہدایت و معارف حاصل ہوں اور تا کہ تم ملک حقائق کے منصور و فاتح ہو جاؤ۔

۹۹۔ مگر اس پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ اس آیت کے شان نزول اور واقعات سے تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ ظاہری فتح مراد لی گئی ہے چنانچہ اس آیت کے نزول پر آنحضرت ﷺ کا حضرت عمرؓ کو یہ فرمانا کہ سورہ فتح نازل ہوئی ہے اور حضرت عمر کا یہ عرض کرنا کہ یا رسول اللہ ﷺ کیا واقعی یہ فتح ہے اور آپ کا فرمانا کہ ہاں فتح مبین ہے اور پھر موقع صلح حدیبیہ کا ہے۔ لہٰذا اس معنی پر اس تمام گفتگو کا جو آنحضرتؐ اور صحابہ میں ہوئی کیا جواب ہوگا۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ اس آیت کے باطنی معنی ہیں۔ (مترجم)

۱۰۰۔ ابوالمظفر اسفرائینی: ابوالمظفر طاہر بن محمد الاسفرائینی جو شہفور بن طاہر شافعی کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کی وفات ۴۷۱ھ ۱۰۷۸ء میں ہوئی۔ ان کی کتاب کا پورا نام تبصیر فی الدین و تمییز الفرقہ الناجیۃ عن الفرق الھالکین ہے (ملاحظہ ہو کشف الظنون ج ۱۔ ۱۸۹)

۱۰۱۔ آنحضرت ﷺ کے علم کے متعلق اس سے پہلے انزل القرآن علی بعۃ احرف کے تحت مختصر بحث گزر چکی ہے اور اہل حق کا یہی عقیدہ ہے جو عبدالعزیز دباغ نے بیان کیا۔ بعض احباب نے اس کے خلاف رسالے لکھے۔ بڑی بڑی موشگافیاں کیں اور اسے خالص توحید سمجھا۔ ان احباب کی خدمت میں مودبانہ گزارش ہے کہ خالص توحید کے ساتھ مرتبہ رسالت اور پھر بالخصوص آنحضرت ﷺ کے مرتبہ کا لحاظ بھی نہایت اہم اور ضروری ہے آخر اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کے ہاتھوں معجزات دکھاتا ہے تو کس لئے؟ اگر آنحضرت ﷺ کی غیب دانی کو بھی معجزہ خیال کر کے مان لیا جائے تو اس میں کون سی قباحت لازم آتی ہے اور کون سا رکن اسلام منہدم ہو جاتا ہے۔ یہ کتاب عوام کے لئے نہیں لکھی گئی اور نہ عوام کے سامنے اس قسم کے مسائل بحث لانا چاہیے کہ ان میں فتنہ کا خوف ہوتا ہے یہ خواص کے مسائل ہیں۔

حضرت عبدالعزیز دباغ نے آگے چل کر پھر اس مسئلہ پر بحث کی ہے اور وہاں بھی یہی بات کہی ہے۔ مذکورہ بالا نوٹ لکھنے کے بعد مجھے ایک سند مل گئی قدماء کے ہاں اس مسئلہ پر اختلاف پایا جاتا ہے کہ آیا آنحضرت ﷺ کو قیامت کا علم تھا یا نہ تھا۔ چنانچہ سیوطی نے شرح الصدر بشرح حال الموتیٰ طبع لاہور صفحہ ۲۱۴۔۲۱۵ پر لکھتے ہیں کہ رُوح کے متعلق بعض علماء نے بحث کرنے سے احتراز کیا ہے اور بعض نے اس کی بحث کی ہے۔ پھر پہلے کے علماء میں بھی اختلاف ہے کہ آیا رُوح کے متعلق آنحضرت ﷺ کو علم تھا یا نہ تھا۔ چنانچہ ابن ابی حاتم نے عبداللہ بن بریدہ سے روایت کی آنحضرت ﷺ کو تا حین وفات رُوح کا علم نہ تھا دوسرا گروہ کہتا ہے بلکہ آنحضرت ﷺ کو اس کا علم تھا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کی اطلاع دی کسی کو بتانے کی اجازت نہ تھی اور اس مسئلہ میں اختلاف بعینہٖ اسی طرح ہے جس طرح کہ قیامت کے متعلق آنحضرت ﷺ کے متعلق اختلاف۔

ابا ب

اُن ظلمتوں کا بیان جو بندوں کی ذات اور اعمال میں داخل ہو جاتی ہیں اور انہیں اس کا علم ہی نہیں ہوتا

میں نے حضرت کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے پیر عمرو بن محمد الھواری نے مجھے اپنے کھیت میں بھیجا جہاں ان کے مزدور کام کر رہے ر مجھے تاکید فرمائی کہ ان کے کام کی نگرانی کروں۔ ظہر کی نماز کا وقت ہوا تو وہ خود بھی تشریف لے آئے اور ہم نے اکھٹے نماز پڑھی اور دوں کے فارغ ہونے تک وہیں رہے اور انہیں ان کی اجرت دے دی۔ جب وہ چلے گئے تو میں نے دیکھا کہ آپ کا چہرہ بدل گیا اور غصہ کے آثار تھے یہاں تک کہ میں ڈر گیا۔ پھر فرمایا: کیا آج تو نے کچھ دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا میں نے تو کچھ نہیں دیکھا آپ رادکون سی چیز ہے؟ آپ نے فرمایا غور کرو، تو نے شاید کچھ دیکھا ہو؟ میں نے پھر کہا کہ میں نے تو کچھ نہیں دیکھا پھر فرمایا ان مزدوروں ام میں کیا چیز دیکھی۔ میں نے عرض کیا کہ آپ کی غیر حاضری میں آپ کے آنے سے پہلے تک وہ آہستہ آہستہ کام کرتے تھے لیکن آپ آئے اور انہوں نے آپ کو دیکھا وہ اپنی طاقت سے بڑھ کر کام کرتے رہے۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ تو نے فاسقوں اور محروم ں کے اعمال دیکھے ہیں۔

ق کون ہیں؟

فاسق وہ لوگ ہیں جو عبادت تو کرتے ہیں مگر عبادت اور اطاعت ان کی ذات سے بغیر نیت اور ارادہ کے ہوتی ہے بلکہ اس لئے کہ نا کی عادت بن چکی ہوتی ہے اس لئے اطاعت کی حالت میں ان کے حرکات وسکنات عادت کی وجہ سے اور طبیعت کی موافقت کی وجہ ہوتے ہیں اور اس میں کوئی مقصد نہیں ہوتا۔ لہٰذا ان کی اس اطاعت سے کوئی غرض نہیں ہوتی۔ نہ صحیح اور نہ فاسد۔ اسی لئے ان کی دت نہ اللہ کے لئے ہوتی ہے نہ کسی اور کے لیے ہو کہ اسے نہ بھوک ہو نہ پیاس کہ وہ نہ کھانا پسند کرے اور نہ اس کی اشتہا ہو اور نہ اس میں مانے کی طاقت ہو۔ پھر کچھ لوگوں کے ساتھ وہ باغ میں جائے اور کھاتے کھاتے حرکت بھی کر رہے ہوں اور یہ شخص اور ان کی عبادت رف اس لیے ہوتی ہے کہ یہ ان کی طبیعت اور عادت بن چکی ہوتی ہے جس طرح کوئی شخص بھی ان کے ساتھ حرکت کرنے لگ جائے۔

اب وہ تو کھانے اور ذاتی نفع کی غرض سے حرکت کر رہے ہوں، لیکن یہ شخص کھانے کی خاطر حرکت نہیں کر رہا اس لئے کہ اسے کھانے کی خواہش ہی نہیں بلکہ وہ تو کھا ہی نہیں سکتا اور نہ ہی اس کا حرکت کرنا اپنے بھائیوں کی مدد کی خاطر ہے کیونکہ (اگر ایسا ہو تو) یہ نیک ارادہ ہے مگر اس کی حرکت کا سبب صرف یہ ہے کہ جب اس نے لوگوں کو حرکت کرتے دیکھا تو یہ بھی اپنی عادت اور طبیعت کی وجہ سے حرکت کرنے لگا۔ یہ فاسقوں کے عمل کی مثال ہے۔

محرومین:

محروم وہ لوگ ہیں جو اپنی ذات کے نفع اور ذاتی اغراض کو حاصل کرنے کی غرض سے عمل کرتے ہیں اور یہ عمل اللہ کی خاطر نہیں ہو اور ان اعمال سے انسان خدا سے دور ہوتا چلا جاتا ہے اس لئے کہ یہ اعمال ذات کی حقیقت کے راز کے مخالف ہیں، کیونکہ ذات کی حقیقت راز یہ ہے کہ یہ اللہ کی پیدا کی ہوئی ہے۔ اسی کے فعل سے ہے اسی کی ملکیت ہے اور اسی کی طرف منسوب ہے اور کسی طرح بھی اسے کسی سے نسبت نہیں لہٰذا اگر اس کے افعال اس راز کے مطابق ہوں تو سب خاص اللہ کے لئے ہوں گے اور وہ یہ سمجھے گا کہ اس کے افعال میں کوئی حصہ نہیں کیونکہ یہ سب اللہ کے پیدا کئے ہوئے ہیں لہٰذا ایسی حالت میں جو اعمال اس سے سرزد ہونگے وہ اس ذات کی حقیقت کے مطابق ہوں گے لیکن اگر وہ کہے کہ میری ذات تو اللہ کے لئے ہے مگر میرے افعال خود میرے ہیں لہٰذا وہ ان افعال کی نیت اپنے نفس اپنی اغراض کی غرض سے کرے گا تو اس کا فعل ذات کی حقیقت کے راز کے مطابق نہ ہوگا اور اس کے لئے کبھی ممکن نہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ حقوق کو پورا کرے کیونکہ وہ جو کچھ کر رہا ہے اپنے نفس کے لئے کر رہا ہے اللہ کے حقوق ادا کرنے کے لئے نہیں کر رہا۔ اس طرح اپنے اف میں وہ اللہ سے منقطع ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے عطیے بھی اس سے منقطع ہو جاتے ہیں اور وہ محرومین میں سے ہو جاتا ہے۔

اپنے اعمال پر غرّہ نہیں ہونا چاہیے:

میں نے عرض کیا بہت سی آیات و احادیث میں کسی ایک کام کو کرنے پر ثواب اور اجر حاصل کرنے کی رغبت دلائی گئی ہے او حقیقت یہی ہوتی جیسا کہ عمرو بن محمد الھواری نے کہا تو کوئی آیت یا حدیث اعمال کی ترغیب کے لئے نہ آتی کیونکہ اس میں تو اللہ سے تعلقی پائی جاتی ہے۔

فرمایا جو کچھ آیات و احادیث میں آیا ہے اس سے ہم پر اعتراض وارد نہیں ہوتا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں یہ نہیں کہ اعمال اپنے نفس کی خاطر کیا کرو اور میں ایسے اعمال پر تم کو بڑے بڑے انعام دیا کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے تو صرف یہی فرمایا ہے کہ عبادت کرو اور تمہاری عبادت خالص میرے لئے ہو تو اس پر میں تم کو اجر و ثواب دوں گا۔ اس صورت میں ہمارے افعال کی نیت اللہ اور اس کی عظمت اور کبریائی کے لئے ہوگی اور ان بڑے انعامات کے لئے ہوگی جو اس نے ہم پر کئے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان اعم محض اپنے فضل و کرم سے ثواب دیتا ہے ہم پر اعتراض تب وارد ہوتا اگر ان آیات و احادیث میں یہ بیان کیا گیا ہوتا کہ اخلاص کے ہوئے بھی عبادت کا اجر نہ ملے گا اور نہ ہی ان اعمال پر ثواب ملے گا وہ بندہ کس قدر جاہل ہے جو یہ خیال کرے کہ وہ نیکیوں کو خود حاص ہے اور اپنے افعال سے اجر و ثواب کماتا ہے جبکہ اسے معلوم ہے کہ افعال میں اس کا بال برابر بھی دخل نہیں۔ لہٰذا جب ذات بھی اللہ

ئی ہے اور افعال بھی تو یہ کیسے جائز ہوسکتا ہے کہ ان افعال میں جو اللہ ہی کے پیدا کئے ہوئے ہیں۔ ہم نیکیوں پر بھروسہ کریں اور اللہ
ل فضل وکرم پر بھروسہ نہ کریں مگر حق بات یہ ہے کہ اللہ سے غفلت ہماری آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہے۔ والعیاذ باللہ۔

بت:

فرمایا ایک عابد اس نیت سے بیس سال تک اللہ کی عبادت کرتا رہا کہ اسے ذاتی نفع ہو اور اللہ اس کی مراد پوری کرے اور وہ بڑی
ی کے ساتھ دعا مانگتا مگر اس کی کوئی مراد پوری نہ ہوتی۔ اس پر وہ بہت حیران و پریشان ہوگیا اور خیال کرنے لگا کیا بات ہے کہ میں
سال سے دعا مانگ رہا ہوں اور اللہ نے مجھے کچھ نہیں دیا اور نہ ہی اس عبادت کی بدولت مجھ پر رحم کیا ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے اس پر
فرمائی اور اسی وقت اسے اپنے نفس اور اپنے افعال کی حقیقت کی معرفت عطا کی۔ اس پر وہ کہنے لگا میں تو بیوقوف ہوں جب اللہ ہی
ذات' میرے افعال کو پیدا کرنے والا ہے اور اسی نے صحت اور اس مکان کو پیدا کیا جس میں میں اس کی عبادت کرتا ہوں اور اسی نے
نی کو پیدا کیا جس سے میں وضو کرتا ہوں اور اس کپڑے کو پیدا کیا جس سے اپنے جسم کو ڈھانپتا ہوں اور اسی نے اس وقت کو پیدا کیا
یں میں اس کی عبادت کرتا ہوں تو میں نے کیا کیا ہے کہ اس پر اجر کا مطالبہ کروں اور اس کی وجہ سے شکر وثناء کا استحقاق جتاؤں۔ یہ
یں ہوسکتا۔ خدا کی قسم میں نے تو کچھ بھی نہیں کیا اور کیا تو یہ کیا کہ میرے اندر اللہ کے جو افعال جاری ہیں ان کو اللہ سے قطع کر کے اپنی
منسوب کرلیا ہے اور پھر اس پر ثواب مانگنے لگ گیا ہوں یہاں تک کہ اب یہ بھی کہنے لگ گیا ہوں کہ میں بیس سال تک اس کے در پر
ہوں اور وہ مجھے کچھ نہیں دیتا۔ یا اللہ میری توبہ' یا اللہ میری توبہ' یا اللہ میری توبہ۔ غرض جب اس نے سچی توبہ کرلی تو اللہ نے اس پر کرم
کہ اس کی تمام آرزوئیں پوری کردیں اور ساتھ ہی وہ معرفت عطا کی جس کا مقابلہ نہ جنت کرسکتی ہے نہ کوئی اور چیز۔

ب جنت میں اللہ کی رحمت سے جائیں گے نہ اعمال کی وجہ سے:

مؤلف کہتا ہے کہ اسی طرح کی ایک حدیث حافظ سیوطی نے "البدور السافرہ" باب من نوقش فی الحساب هلک میں
کی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ قدیم زمانہ میں سمندر کے اندر ایک جزیرہ میں ایک شخص چھ سو سال اللہ کی عبادت کرتا رہا اور اللہ
اسے ایک میٹھے پانی کا چشمہ عطا کیا اور انار کا ایک درخت اُگا دیا جسے ہر روز ایک انار لگتا جیسے وہ کھاتا اور اس کے لئے بطور غذا کے کافی
۔ چنانچہ وہ چھ سو سال تک بغیر سستی اور ملال کے اللہ کی عبادت کرتا رہا۔ جب وہ مر گیا تو اللہ نے فرمایا میری رحمت اور فضل سے جنت
داخل ہو جاؤ۔ عرض کرنے لگا یارب نہیں بلکہ میری چھ سو سالہ عبادت کی وجہ سے اس پر اللہ تعالیٰ نے محاسبہ شروع کر دیا اور فرمایا کہ تیری
وسالہ عبادت تو میری نعمتوں میں سے ایک نعمت کے برابر نہیں ٹھہر سکتی اس لئے کہ میں نے کھاری پانی کے سمندر کے اندر تمہارے لئے
ے پانی کا چشمہ نکالا اب بتا کہ کس بنا پر تو اس نعمت کا مستحق ہوتا ہے اور میں نے تمہارے لئے ایک درخت لگایا جو ہر روز پھل دیتا حالانکہ
وں کے لئے سال بھر میں ایک بار پھل دیتا ہے، بتا کہ اس نعمت کا بھی تو کس طرح حقدار بنا اور میں نے تجھے اتنی لمبی عمر عطا کی حالانکہ اور
اس سے بہت کم مدت تک زندہ رہتے ہیں اور اس تمام عرصہ میں میں نے تجھے عبادت کرنے کی قوت بخشی اور دوسرے لوگ اتنی مدت
عبادت کرنے کی طاقت نہیں رکھ سکتے اور میں نے شیطان کو تجھ سے دور رکھا اور تجھے اس سے بچایا حالانکہ بہتیروں کو اس نے تباہ کیا' نیز

اتنی لمبی مدت تک میں نے تجھے صحت بخشی حالانکہ اوروں کو نہیں بخشی میں نے تمہاری ذات کو پیدا کیا حالانکہ تو پہلے کوئی چیز بھی نہ تھا۔ میں نے تمہاری حرکات وسکنات کو پیدا کیا اور ہر طرح کی نعمت تمہیں عطا کی۔ لہٰذا فرشتوں کو حکم دیا کہ اسے جہنم میں لے جاؤ۔ جب اسے فرشتے جہنم کی طرف لے جانے لگے اور اس نے دیکھا کہ میں تو مارا گیا تو کہنے لگا یارب اپنے رحم وفضل سے مجھے جنت میں داخل کر۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور وہ بہت ہی رحیم وکریم ہے۔ اسے واپس لے آؤ اور میرے رحم سے اسے جنت میں داخل کردو، پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا جاؤ میری رحمت سے جنت میں چلے جاؤ۔ تو اچھا بندہ تھا یہ حدیث کا مفہوم ہے اور مجھے اس کا مطالعہ کئے مدت گزر چکی ہے۔ اس کے بعد میں۔

حضرت سے دریافت کیا کہ فاسقین اور محرومین دونوں میں سے کس کی عبادت زیادہ بُری ہے؟

فرمایا محرومو ں کی عبادت ایک وجہ سے افضل اور احسن ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ مہربانی اور رحم کرنے والا ہے چنانچہ جب وہ ا بندے کو دیکھتا ہے کہ وہ ایک عرصہ تک اپنی اغراض کو حاصل کرنے کی غرض سے عبادت میں لگا رہا ہے تو اپنے فضل سے اس پر رحم فرماتا کہ اس کی ذات اور افعال کی حقیقت سمجھا دیتا ہے یہاں تک کہ اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے اور اپنی عبادت خدا کے لئے کرتا ہے جس طر بیس سال عبادت گزار عابد اور دیگر بے شمار لوگوں نے کیا۔

میں نے عرض کیا تو اپنی رحمت اور فضل ہی سے ان کو وہ اجر وثواب بھی عطا فرمائے گا جو آیات واحادیث میں مذکور ہے کہ جو وجہ کی ہوسکتی ہے کہ ان پر رحم فرمایا اور ان کو حقیقت سے واقف بنایا وہی وجہ اس کے لئے بھی کافی ہے کہ ان پر اجر وثواب عطا فرمادیئے۔

حضرت نے فرمایا: اگر تمہارا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں تب اجر دے گا جب انہیں حقیقۃ الامر کی معرفت عطا کرے گا تو ٹھیک ہے، لیکن اگر تمہاری مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس وقت بھی اجر دے گا جب ان کا تعلق اللہ سے کٹ چکا ہوگا اور وہ یہ خیال کر ہوں گے کہ ان کے فعل خود ان سے سرزد ہوئے ہیں اور یہ کہ اس کا اجر دینا اللہ پر واجب ہے تو یہ خیال ہرگز نہ رکھنا چاہیے۔

پھر میں نے عرض کیا کہ فرض کرو ایک شخص نے حدیث نبوی میں یہ بات سنی کہ جو کوئی یوں کرے گا اسے یہ اجر ملے گا اور جو فلاں بات سے باز رہے گا اسے بھی فلاں فلاں اجر ملے گا اور ساتھ ہی اس کا عقیدہ یہ ہو کہ وہ اللہ کے حکم کے بغیر کوئی حرکت نہیں کرسکتا اس حدیث کے سنتے ہی وہ اس پر عمل کرنا شروع کردے تاکہ جو اجر اس میں بتایا گیا ہے وہ اسے حاصل ہوجائے۔

حضرت نے فرمایا اگر اس کی آزاد نگاہ اور ارادہ اپنے رب کے حکم کی تعمیل کے لئے ہے اور اجر کی نیت ایک ثانوی حیثیت رکھ چنانچہ اگر حدیث میں اجر کا ذکر نہ بھی کیا گیا ہوتا تب بھی وہ اس پر عمل کرتا تو ایسے شخص کو کوئی نقصان نہیں اور اگر اس کی نیت وارا حاصل کرنے کے لئے ہے اور تعمیل حکم کی نیت ثانوی درجہ رکھتی ہو چنانچہ اگر حدیث میں اجر کا ذکر نہ ہوتا تو وہ اس پر عمل نہ کرتا۔ یہ یہاں زیر بحث ہے اور اسی شخص کی ہم مذمت کرتے ہیں کیونکہ اسے دونوں جہان کا خسارہ ہے۔ لیکن اگر اس کی آزاد رائے اور ارادہ باتوں کی نیت سے ہے تو اس شخص کو اجر ملے گا بشرطیکہ وہ دو صحیح نگاہوں سے دیکھے۔ پہلی نگاہ تو اسے فعل اور اطاعت ہونے کی طرف د یہ کہ اس پر عمل کرنے پر اتنا ثواب دیئے جانے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ اس خیال سے عمل کرنے والے کو کسی قسم کی نصیحت کرنے کی ض نہیں۔ دوسری آنکھ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا اور اس کے فعل کا خالق ہے اور یہ کہ اللہ نے ثواب کا وعدہ فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنا فضل والا ہے اس پر کوئی ایسی چیز واجب نہیں جس کا اس نے وعدہ کیا ہے اور اس کے باوجود اگر چاہے کسی پر رحم فرمائے اور چاہے تو سزا بندے نے اپنے رب کا حکم سن کر اس کی اطاعت کی اور اللہ سے اس کے اجر وثواب کا امیدوار ہوا۔ لہٰذا جب بندہ اپنے رب کی طر

اہ سے دیکھے تو اگر وہ ثواب کی طرف نظر رکھے بھی تو اسے کوئی نقصان نہ ہوگا چنانچہ اللہ تعالیٰ اسے اس کا اجر دے گا اور اچھی نیکیاں اب میں ملیں گی۔

میں نے عرض کیا اس قسم کے لوگوں کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے چنانچہ امام غزالی نے منہاج العابدین میں لکھا ہے کہ اسے ئی اجر نہ ملے گا اور انہوں نے اسے شرک فی العمل قرار دیا ہے اور یہ اس کے نزدیک اس ریاء کی مانند ہے جو عمل کو احاطہ کئے ہوئے ابوبکر بن العربی نے سراج المریدین میں قرانی[1] نے القواعد والفروق میں لکھا ہے کہ اسے اجر ملے گا اور یہ شرک اسے نقصان نہ دے مل اس ریاء کی مانند نہیں جو عمل کو گھیرے ہوئے ہو۔

حضرت نے فرمایا: حق ابن العربی اور قرانی کے ساتھ ہے اس لئے کہ اللہ نیک کام کرنے والوں کے اجر ضائع نہیں کرتا اور اس شخص نیک کام کیا ہے چنانچہ اس کے عمل کا جب وہ اس کی ذریت سے نکلے ایک نور ہے اور اس کی نیک نیت اور دوسری آنکھ سے اپنے یکھنے کے لئے ایک اور نور ہے جو نور العمل سے بڑھ کر ہے لہٰذا کیسے ہوسکتا ہے کہ اسے اجر سے محروم کیا جائے مگر وہ شخص جس کی نگاہ رف نہ لگی ہو، وہ اس سے بھی زیادہ کامل ہے اور یہ پہلی قسم ہے اور دونوں سے بھی اکمل وہ شخص ہے جو کام کی نیت کرنے کے بعد کام ے تعلق ہو جائے کہ اسے سوائے ابتداء کے اپنے کام کا کچھ پتہ نہ ہو تب سمجھیں گے کہ اس نے فعل کی نیت اللہ کے لئے کی ہے پھر لق سبحانہ کے مشاہدہ میں لگ کر وہ اپنے فعل سے غائب ہو جاتا ہے اور اس کے خیالات اللہ تعالیٰ کی عظمت اور کبریائی میں دوڑ رہے یں۔ دُعا ہے کہ خدا ہمیں اپنے فضل وکرم سے یہ مرتبہ عطا کرے۔

حضرت نے فرمایا اسی مشاہدہ سے اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہوتی ہے اور اللہ کی محبت اس بات کی متقاضی ہے کہ ہم اسی کے ہولیں اور و۔ لینا اس بات کا متقاضی ہے کہ اللہ کی طرف سے جو اجر ہو ایسا ہو کہ اسی کے شایان شان ہو نہ کہ بندے کی قدر وشان کے مطابق مشاہدہ اللہ سے غفلت کا موجب ہے جس سے ذات کی طرف توجہ پیدا ہوتی ہے اور ذات کی توجہ سے لازم آتا ہے کہ اجر بندے کی ولت کے مطابق ہو نہ اللہ سبحانہ کی شان کے مطابق۔ یہی وجہ ہے کہ دیکھتے ہیں کہ وہ شخص آنحضرت ﷺ پر درود بھیجتے ہیں لیکن ایک کا ب ہوتا ہے اور دوسرے کا اتنا اجر نکلتا ہے جس کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی اور نہ ہی اس کا احاطہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کا سبب وہی م نے بیان کیا کہ پہلے شخص نے درود کو غفلت اور ان خیالات کے ساتھ پڑھا جن سے اس کا دل معمور تھا گویا کہ اس نے درود اپنی ی وجہ سے پڑھا ہے اسی لئے اسے معمولی اجر ملا لیکن دوسرے نے محبت اور تعظیم سے درود پڑھا۔

آنحضرت ﷺ کی محبت اس طرح پیدا ہوتی ہے کہ مومن اپنے دل میں آنحضرت ﷺ کی بزرگی اور عظمت کو رکھے اور یہ خیال ہے کہ آپ کی بدولت ہی ہر موجود چیز پیدا ہوئی ہے اور آپ کے نور سے ہی ہر نور نکلا ہے اور آپ مخلوقات کے لئے رحمت کا تحفہ ہیں پ گزشتہ اور آئندہ سب لوگوں کے لئے رحمت ہیں اور تمام مخلوقات کو ہدایت آپ ہی کی طرف سے اور آپ ہی کی بدولت ہے۔ لہٰذا ا بہت بڑے مرتبہ کی وجہ سے ان پر درود بھیجے گا نہ کسی اور غرض کے لئے جس سے اس کی ذات کو نفع پہنچے۔

اور آپ کی تعظیم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ کے اس قدر عظیم مرتبے کو نظر میں رکھے اور سوچے کہ یہ آپ کو کس طرح حاصل ہوئی ہے عظیم المرتبت نبی کی خصلتیں کیسی ہونی چاہئیں اور یہ کہ تمام مخلوقات آپ کی کسی ایک خصلت کی بھی متحمل نہیں ہوسکتی اس لئے کہ اس ائق آنحضرت ﷺ میں اس حد تک ترقی کر چکے ہیں کہ ان کی کیفیت کسی کی عقل وفکر میں نہیں آسکتی چہ جائیکہ کوئی اس کا حامل بن

سکے لہٰذا جب کوئی بندہ آنحضرت ﷺ پر درود بھیجتا ہے تو اس کا اجر آنحضرت ﷺ کے مرتبہ اور اللہ تعالیٰ کے کرم کے مطابق ہوتا ہے ا
لئے کہ اس درود کا محرک صرف یہی عظیم منزلت ہے اسی لئے اسی مرتبہ کے مطابق اجر ہوگا۔ اللہ کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ یہی حال اس عمل کا ہے
بندہ اور خدا کے درمیان ہوتا ہے۔ اگر اس عمل کا محرّک اللہ تعالیٰ کی بزرگی اور جلالت ہوگی تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی عظمت کے مطابق ہوگا
اگر محرّک بندے کے اغراض اور ذاتی فائدہ ہوگا تو اجر بھی اسی کے مطابق ملے گا۔ والسلام

کیا آنحضرت ﷺ کو ہمارے درود پڑھنے سے کچھ فائدہ پہنچتا ہے؟

میں نے عرض کیا کیا آنحضرت ﷺ کو ہمارے درود پڑھنے سے کوئی فائدہ پہنچتا ہے یا نہیں؟ کیونکہ اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے

حضرت نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے درود پڑھنے کا حکم اس لئے نہیں دیا کہ اس سے آنحضرت ﷺ کو کوئی فائدہ پہنچتا ہے بلکہ ہ
ہمارے فائدہ کے لئے اس کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ ایک شخص کے بہت سے غلام ہوں اور اس کی نظر عمدہ زمین پر پڑے
کا مقابلہ پیداوار کے لحاظ سے کوئی زمین نہیں کرسکتی اسے اپنے غلاموں پر رحم آجائے اور وہ زمین غلاموں کو دیدے کہ اس کی تمام پید
ان کی ہوگی اور وہ اس کے مستقل مالک ہوں گے۔ اس شرط پر نہ دی ہو کہ وہ اس کے شریک ہوں گے۔ یہی حال ہمارے درود کا ہے ا
تمام اجر ہمارے لئے ہے اور جب کسی وقت اس کے اجر کا نور مشتعل ہو کر آنحضرت ﷺ کے نور سے جا ملے تو یوں سمجھو کہ ایک چ
اصل سے جا ملی۔ اس لئے تمام مومنین کا اجر محض ان کے ایمان کی وجہ سے ہے اور ان کا ایمان پرتو ہے نور محمدی ﷺ کا لہٰذا وہ اجر جو ہ
لئے ثابت ہوں گے وہ محض آپ ہی کی طرف سے ہوں گے۔ محسوسات میں اس کی مثال سمندر اور بارش کی سی ہے جب اس کا پانی
کی طرف آتا ہے اس لئے کہ بارش کا پانی سمندر ہی کی طرف سے ہے۔ لہٰذا جب یہ پانی سمندر کی طرف واپس آجائے گا تو یہ نہیں کہ
کہ اس پانی سے سمندر کے پانی میں اضافہ ہوگیا ہے۔

میں نے عرض کیا کہ بعض علماء نے آنحضرت ﷺ کو ہمارے درود پڑھنے سے نفع پہنچنے پر اس طرح استدلال کیا ہے کہ ا
اس کا قیاس اس نفع سے کیا ہے جو آپ کو جنت میں حور و غلمان کی خدمت سے حاصل ہوگا چنانچہ جس طرح آنحضرت ﷺ ان نعمتو
پھلوں سے فائدہ اٹھائیں گے جو برتنوں میں آپ کی خدمت میں پیش کئے جائیں گے۔ اسی طرح آپ ان انوار اور اجروں سے
حاصل کریں گے جو برتنوں میں آپ کی خدمت میں ان حروف میں پیش کئے جائیں گے۔ نیز یہ کہ آنحضرت ﷺ کی حالت جن
دنیوی حالت جیسی ہوگی لہٰذا یہ قیاس غلط نہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ یہ خدام اور غلمان کہاں سے آئے ہیں وہ تو سب نور محمدی ﷺ سے ہیں بلکہ جنت و مافیہا سب کا
محمدی ﷺ سے ہے اس عالم کا قول تو اس وقت صحیح ہوسکتا ہے جب یہ خادم آنحضرت ﷺ سے مختلف ہوں اور ہمارا ایمان بھی آ
مختلف ہو حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

حضرت نے فرمایا جس کو علم ہو جائے کہ آنحضرت ﷺ کی کیا شان ہے بس وہ آرام میں ہوگیا۔

پھر فرمایا کہ تو دیکھے گا کہ ایک شخص دلائل الخیرات پڑھ رہا ہے اور جب آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے کا ارادہ کرتا ہے تو اپنے
آنحضرت ﷺ کی صورت کو لاتا ہے وہ ان امور کو جنہیں وہ آنحضرت ﷺ کے لئے مانگتا ہے وسیلہ، درجہ رفیعہ اور مقام محمود وغیرہ

میں آیا ہے بھی ذہن میں لاتا ہے اور اپنے ذہن میں یوں تصور کرتا ہے کہ وہ ان امور کا اللہ سے طالب ہے اور دل میں یہ سمجھتا ہے کہ
ں اس کی دعا قبول فرما کر یہ مراتب آنحضرت ﷺ کو عطا فرمائے گا اور وہ یہ گمان کرنے لگتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو اس سے بہت
فع پہنچتا ہے چنانچہ وہ خوش ہو کر اور پڑھتا ہے اور جوش سے درود پڑھتا ہے اور آواز کو بلند کرتا ہے اور یوں محسوس کرتا ہے کہ درود اس
ی کی رگوں سے نکل رہا ہے اور اس پر خشوع اور رقت طاری ہو جاتی ہے اور یوں سمجھتا ہے کہ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جس سے بڑھ کر
یفیت نہیں ہو سکتی حالانکہ یہ خیال بالکل غلط ہوتا ہے چنانچہ اس درود کی وجہ سے اسے اللہ کا قرب حاصل نہ ہوگا اس لئے کہ اس کیفیت
اس کے ظن وگمان کے ساتھ درحقیقت ایک باطل چیز ہے اور باطل کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق صرف اس چیز کا ہوتا
درحقیقت حق ہو کہ اگر آنکھوں کو کھول کر دیکھے تو درحقیقت ویسا ہی پاوے اور جو چیز ایسی ہوگی اس کا تعلق بھی حق سبحانہ کے ساتھ ہوگا
ہ چیز جسے انسان آنکھ کھول کر دیکھے اور نہ پائے وہ باطل ہے اور باطل کا اللہ تعالیٰ سے کوئی تعلق نہیں۔ لہٰذا درود پڑھنے والے کو چاہیے
آفت عظیم سے بچے اس لئے کہ اکثر لوگوں کو اس کی سمجھ نہیں اور وہ یہ سمجھ لیتے ہیں کہ جو رقت اور حلاوت انہیں حاصل ہوئی ہے وہ اللہ
ف سے ہے حالانکہ مناسب یہ ہے کہ درود پڑھنے کا محرک آنحضرت ﷺ کی محبت اور تعظیم ہو تب جا کر کہیں اس کا نور چمکے گا' لیکن
ذاتی نفع ہو تو وہ شخص محجوب ہے اور اس کا اجر بھی کم ہو جائے گا اسی طرح اگر درود پڑھنے کا محرک آنحضور ﷺ کا نفع ہو تو اس
میں بھی اس درود کا نہ کوئی اللہ سے تعلق ہے اور نہ وہ اللہ تک پہنچے گا۔ واللہ الموفق

نیز حضرت نے فرمایا کہ ہر عمل کا اجر ہوتا ہے اور ہر اجر کا ایک نور ہوتا ہے اور اس نور کا اس دنیا میں بھی ذات انسان سے تعلق ہے
اعمال اگر خالص اللہ کے لئے ہوں گے اور حسب سابق ذات کی سر کی حقیقت کے موافق صادر ہوں گے تو اس کے اجر کے انوار
عامل پر چمکیں گے اور ذات کو ان کا ادراک وشعور بھی ہوگا جس سے خشوع یا لرزہ یا گریہ وغیرہ جیسا کہ اس نور کا تقاضا ہے طاری ہو
گا اور صاحب بصیرت سمجھ جائے گا کہ اس کا عمل مقبول ہو گیا ہے اور اسے اجر کی مقدار کا بھی علم ہو جائے گا۔

اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ اجر کا پتہ تو صرف آخرت میں چلے گا حالانکہ یہ حال مجوبین کا ہے ورنہ اہل بصیرت پر یہ واضح ہے اور کوئی
ہوئی بات نہیں لیکن اگر عمل غیر اللہ کے لئے ہو اور حقیقت ذات کے مطابق صادر نہ ہو تو یہ محض بے سود رنج اُٹھانا ہے لہٰذا اس سے
پر کوئی نور نہ چمکے گا۔

نیز فرمایا کہ عمل کے وقت عامل اپنا امتحان کر لے کیونکہ ہر عمل کا خواہ وہ کس قدر معمولی ہی کیوں نہ ہو اجر ہے اور اس اجر کا نور ہے جو
پر جھلکتا ہے جس کا ذات یقیناً ادراک کرتی ہے لہٰذا اگر عمل کے وقت اس کا دل دنیوی دھندوں اور اللہ سے منقطع کرنے والے امور
معمور ہوگا تو اسے سمجھ لینا چاہیے کہ وہ اجر سے محروم کر دیا گیا ہے اسی لیے تو اس کا دل شواغل سے معمور ہے۔ لیکن اگر دل شواغل سے
اور اللہ کی طرف لگا ہو تو اسے سمجھ لینا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا اجر دے دیا۔

حضرت نے فرمایا تو ایک طالب علم کو دیکھتا ہے کہ ملک بہ ملک علم حاصل کرنے کے لئے اس نیت سے جاتا ہے کہ اسے جاہ وجلال
حاصل ہو اس کی بات کا لوگوں پر اثر ہو یا دنیا یا دیگر باطل اغراض حاصل کر لے اور سالہا سال یہی نیت کئے رہتا ہے جس کی وجہ سے وہ نور علم
سے محروم ہو جاتا ہے اور وہ راسخین فی العلم میں سے نہیں ہو سکتا اس لئے کہ علم کی حقیقت سے وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جو دل سے علم کی
طرف متوجہ ہو اور اس شخص کا باطن تو دنیاوی اغراض اور دیگر شواغل سے لبریز ہے اور صرف اس کا ظاہر علم میں حرکت کر رہا ہے اور علم اسرار

میں سے ہے جسے ظاہر کبھی حاصل نہیں کرسکتا (باطن ہی لے سکتا ہے) یہی حال ان اعمال کے اجور کا ہے جو خالص اللہ کے لئے نہیں ہوتے یہی وجہ ہے کہ انسان ان اجور کو حاصل نہیں کرسکتا کیونکہ اجر بھی اسرار الٰہیہ میں سے ہے اور باطن کی مدد کے بغیر ظاہر کبھی اسرار کو نہیں پاسکتا واللہ الموفق۔

لوگ بزرگوں کی قسمیں یا بزرگوں کا نام لے کر فریاد کیوں کرتے ہیں' اللہ کا نام کیوں نہیں لیتے:

میں نے حضرت سے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے کہ لوگ بجائے اللہ کا نام لینے کے اللہ کے نیک بندوں کا نام لے کر فریاد کیا کرتے ہیں چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ جب کوئی قسم کھاتا ہے تو کہتا ہے فلاں بزرگ مثلاً حضرت عبدالقادر جیلانی[3] یا حضرت یعزی[4] یا حضرت ابوالعباس سبتی وغیرہ کی قسم۔ اسی طرح اگر کسی کو قسم دلانا چاہتا ہے اور قسم کو زوردار بنانا چاہتا ہے تو کہتا ہے کہ فلاں بزرگ کی قسم کھاؤ اور جب کوئی مصیبت آپڑے اور لوگوں سے بھیک مانگے تو وہ فلاں بزرگ کا نام صراحتہً لیتا ہے اور وہ اس عمل میں قطعی طور پر اللہ سے منقطع ہو جاتے ہیں' لیکن انہیں کہا جائے اللہ کا وسیلہ پکڑو یا یہ کہا جائے کہ اللہ کی قسم کھاؤ وغیرہ تو ان پر اس کا کچھ اثر نہیں ہوتا۔ اس کا کیا سبب ہے؟

فرمایا کہ جب اہل دیوان اولیاء اللہ نے دیکھا کہ لوگوں کی ذات میں ظلمت کی کثرت ہے اور ان لوگوں کی بھی کثرت ہے جو منقطع ہو چکے ہیں اور ان کی ذات خبیث ہو چکی ہے تو انہوں نے عمداً اس طرح کیا کیونکہ اہل دیوان کی خواہش یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ وہ لوگ لیں جن کی ذات پاک ہو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اپنے پکارنے والے کی پکار کو سنتا ہے بشرطیکہ دعا کے وقت اس کا دھیان صرف اسی طرف ہو اور اس شخص کی اجابت دُعا دو طرح سے ہوتی ہے یا تو اس طرح کہ اس کی مراد اسے عطا کردی جائے یا مراد پوری نہ ہو۔ اس صورت میں اسے اُس کا راز بتادیا جائے اور یہ بات صرف اولیاء اللہ کو حاصل ہوسکتی ہے۔ اللہ سے دور اور محجوب لوگوں کو حاصل نہیں چنانچہ اگر کوئی ظلمانی ذات اپنے تمام جواہر اور رگوں سے اللہ کی طرف متوجہ ہو اور خدا سے کوئی مراد مانگے اور اللہ تعالیٰ وہ مراد اسے نہ دے اور نہ ہی اسے اس مراد کے نہ دینے کا راز بتایا جائے تو ہوسکتا ہے کہ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کے وجود کے متعلق شبہات پیدا ہو جائیں وہ اس کی مراد کے نہ پورے ہونے سے بھی بڑھ کر مصیبت اور وبال میں گرفتار ہو جائے (کہ ایمان بھی گیا) لہٰذا اہل دیوان نے اس مصلحت سمجھی کہ لوگوں کے دلوں کو اللہ کے نیک بندوں کی طرف لگا دیا تاکہ اگر ان کی ولایت میں کبھی ان کو شبہ پیدا ہو تو انہیں اس سے نقصان نہ پہنچے۔

پھر فرمایا کہ اللہ سے بے تعلقی لوگوں کی کثرت اور ان کی ذات میں ظلمت کی زیادتی کی دلیل یہ ہے کہ تم دیکھو گے کہ ایک شخص موزوں لے کر گھر سے نکلتا ہے اور وہ کسی ولی کی قبر پر جاتا ہے اور بیس کے بیس موزوں وہاں ڈال دیتا ہے تاکہ اس کی حاجت پوری ہو حالانکہ راستہ میں اسے کئی ایک محتاج فقیر ملتے ہیں اور وہ اس سے اللہ کے نام پر اللہ کا متاع مانگتے ہیں اور وہ انہیں کچھ نہیں دیتا اور قبر پاس پہنچ کر سب کچھ ڈال دیتا ہے۔ یہ نہایت ہی بُری بات ہے جس کا سبب یہ ہے کہ صدقہ اللہ کے نام' اس کی عظمت اور اس کی خاطر کے لئے نہیں دیا گیا اس لئے اگر اللہ کے نام پر دیا گیا ہوتا تو جو محتاج بھی اسے ملتا وہ اسے دیتا لیکن جب صدقہ دینے کا محرک اور سبب ذاتی نفع ہوا تو اس نے ایک خاص جگہ کو صدقہ دینے کے لئے مخصوص کردیا کیونکہ وہ سمجھتا ہے کہ اس جگہ دینے سے مجھے نفع ہوگا اور دینے سے نہ ہوگا۔

نیز فرمایا میں نے دیکھا ہے کہ صرف آج کے دن باب تلمسان سے ساقیۃ الحمراء تک صالحین کے نام پر اسّی (۸۰) دینار ۳۰ بکریاں اور ۲۷ بیل دیئے گئے اور اللہ کے نام پر کسی نے دس درہم بھی نہ دیئے۔

پھر فرمایا یہ اللہ سے قطع تعلق کے ان اسباب میں سے ایک سبب ہے جو اس اُمت پر طاری ہوتے ہیں اور بیشتر لوگوں کو اس کا علم نہیں تا اور اللہ سے منقطع کرنے والے اسباب کی تعداد ۳۳۶ ہے میں نے عرض کیا کہ اس وقت ان میں سے کچھ آپ کو یاد ہیں۔

للہ سے منقطع کرنے والے اسباب:

فرمایا ہاں لکھ لو:

صالحین کو دنیوی منافع کی غرض سے ہدیہ دینا اور اللہ کی خوشنودی کو مدنظر نہ رکھنا۔

- صالحین کے پاس جا کر اللہ کا وسیلہ لانا تا کہ ان کی مراد پوری ہو چنانچہ زائر کہتا ہے کہ اے فلاں بزرگ تمہیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں کہ میری ضرورت پوری کر دیں۔ یہ امر اللہ سے منقطع ہونے کا اس لئے سبب بنتا ہے کہ زائر نے مناسب اور ضروری بات کو پلٹ کر معاملہ برعکس کر دیا کیونکہ مناسب تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی جائے اور اس کے اولیاء کو وسیلہ لایا جائے نہ یہ کہ اس کو الٹا کر دیا جائے۔
- وہ امور جو فرض ہیں ان کا سر پر قرض ہوتے ہوئے صالحین کی زیارت کرنا مثلاً یہ کہ چند نمازوں کی قضا سر پر ہے۔ ان کو ادا نہیں کیا حالانکہ یہ اللہ کا حق ہے اور اسی میں اللہ کا وہ نور اور راز ہے جس کی بدولت اللہ بندہ پر مہربانی کرتا ہے اور صالح آدمی کی زیارت کے لئے روانہ ہو گیا ہے اور ظاہر ہے کہ اس میں اللہ سے بے تعلقی اور ظلمت ہے (اس لئے کہ صالحین کی زیارت کرنا نفل ہے جس کے ترک سے گناہ لازم نہیں آتا اور فرض کے ترک سے گناہ لازم آتا ہے اور نور سے بھی محرومی ہوتی ہے۔
- جان یا رزق وغیرہ کی خاطر ظالم سے ڈرنا کہ دل میں یوں کہے میں اس کے خلاف نہ کروں گا، کیونکہ اگر اس کے خلاف کروں گا تو وہ مجھے قتل کر دے گا یا میری روزی بند کر دے گا وغیرہ وغیرہ جن کی وجہ سے یہ اس سے ڈرتا ہے کیونکہ اگر اسے اس بات کا یقین ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ہے اور اللہ تعالیٰ کا تصرف اس میں اور اس ظالم میں جاری ہے تو وہ سمجھ سکتا ہے کہ صرف خدا ہی فاعل ہے اور کوئی شخص خواہ وہ ظالم ہو یا اور اس کا کسی کام میں شریک نہیں ہو سکتا۔ تب اسے اللہ کے سوا کسی کا ڈر نہیں ہوتا چنانچہ جس قدر یہ نگاہ قوی ہوتی ہے اسی قدر اس کا قرب اللہ کے ساتھ بڑھتا جاتا ہے اور جس قدر کم یا معدوم ہوتی ہے اسی قدر اللہ سے دوری اور بے تعلقی ہوتی ہے۔
- یہ طمع رکھنا کہ ظالم کا قرب حاصل کرنے سے رزق ملے گا کیونکہ اگر اس کو اس بات کا یقین ہو کہ اللہ تعالیٰ ہی رازق ہے تو یہ فعل اس سے صادر نہ ہوتا۔
- کافروں کی مدد کرنا اور انہیں دنیوی بہبودی سمجھانا اس طرح کہ انہیں (ترقی کا) کوئی راستہ بتائے کیونکہ یہ بھی اللہ سے بے تعلقی کا ایک سبب ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ ہم نے جب بھی کسی شخص کو ظالم کی خیر خواہی کرتے ہوئے دیکھا ہے تو انجام کار اس کی خرابی ہوئی ہے۔

یہاں پر ہم سفیان ثوریؒ کا قصہ لکھتے ہیں کہ ایک شخص نے جوان کے ساتھ جارہا تھا ایک سپاہی کو نماز کے لئے جگانا چاہا تو سفیانؒ نے کہا اسے اس وقت بیدار نہ کرو۔ ایسا ہی رہنے دو تا کہ ہم اس سے اور اس کے شر سے بچے رہیں۔

۷۔ مسلمانوں کی خیر خواہی نہ کرنا کہ کسی بات کو ان کے لئے مضر پائے اور اس سے بچنے کی ان کو نصیحت نہ کرے یا کوئی چیز ان کے لئے مفید سمجھے اور اس کے لئے آمادہ ہونے کا انہیں حکم نہ دے۔

۸۔ اللہ کی عبادت کے مقابلہ پر دنیا کی طلب میں محنت و مشقت کو لذیذ سمجھنا چنانچہ جو شخص یہ محسوس کرے تو اسے سمجھ لینا چاہیے کہ وہ اللہ سے بے تعلقی کے کسی سبب کا مرتکب ہوا ہے۔

۹۔ ایسے ذرائع سے دنیا حاصل کرنا جو دنیا سے بھی زیادہ ذلیل و حقیر ہوں۔ پرانے بزرگ دنیا کو دنیا سے اعلیٰ و ارفع چیز کے ذریعہ سے حاصل کیا کرتے تھے مثلاً جہاد، تجارت اور کھیتی باڑی وغیرہ حلال اسباب کے ذریعے سے اور جو دنیا کو جھوٹ، مکر، بدکاری اور جھوٹی قسموں کے ذریعہ سے حاصل کرنا چاہتا ہے وہ دنیا کو ایسے افعال بد سے حاصل کرنا چاہتا ہے جو دنیا سے بھی زیادہ حقیر ہیں۔ لہٰذا شخص اس بات کو اپنے اندر محسوس کرے اسے توبہ کرنی چاہیے کیونکہ دنیا کو اس سے بہتر ذرائع یعنی حلال سے حاصل کرنا چاہیے۔

۱۰۔ اس نیت سے نیک عمل کرنا کہ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے اور ذاتی نفع اور اغراض حاصل ہوں نہ اس نیت سے کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنود حاصل ہو اور یہ سبب بہت عام پایا جاتا ہے۔ ہاں وہ لوگ جن پر اللہ کا کرم ہے اس سے بچے ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کر سے ہمیں بھی ان میں سے بنائے۔

حضرت نے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ دوزخ اور بہشت کو پیدا نہ کرتا تو پتہ چل جاتا کہ کون اللہ کی عبادت کرتا ہے اور کون نہیں کرتا اور عبادت کرتا اس کی عبادت خاص اللہ کی خوشنودی کے لئے ہوتی اور اس وقت اللہ کی عبادت کرنے والے کو کمال معرفت حاص ہوتی لیکن جن لوگوں نے دوزخ اور بہشت کا نام سنا تو ان کی نگاہ اغراض ان کی طرف لگ گئیں اور وہ راستہ سے بھٹک گئے۔

۱۱۔ ان مقامات میں معصیت کا مرتکب ہونا جو اللہ کے نزدیک قابل تعظیم ہیں مثلاً مساجد وغیرہ۔ کیونکہ اگر بندہ کو یقین ہو کہ اس جگ نسبت اللہ کی طرف ہے اور وہ دل میں کہے کہ یہ اللہ کا گھر ہے تو وہ اس میں معصیت کا مرتکب نہ ہوگا۔

۱۲۔ اغلام۔ جس کے مفاسد کا ذکر آئندہ آئے گا۔

۱۳۔ مرد کا اپنی عورت کو بغیر قصور کے مارنا۔ چونکہ عورت کے مرد پر حقوق ہیں (اور مارنے میں اس حق کی خلاف ورزی ہوتی ہے لئے) یہ مارنا اللہ سے بے تعلقی کا سبب بنتا ہے۔

۱۴۔ اہل و عیال پر نفقہ کا احسان جتانا اور احسان جتانے کی نیت سے یہ کہنا کہ میں نے تم پر اس قدر روپیہ خرچ کیا ہے۔

۱۵۔ حسد کرنا۔ اس کے مفاسد کا ذکر عنقریب آئے گا۔ بہت سے معاصی کا یہی سبب بنتا ہے۔

۱۶۔ معصیت کو سمجھتے ہوئے اس پر پیش قدمی کرنا۔ آگے چل کر جب ہم ان لوگوں کا ذکر کریں گے جن کو قیامت کے روز سخت عذ ہوگا تو اس کی تشریح کریں گے۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس سے یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ یہ تو وہی نویں قسم ہے کیونکہ یہ دونوں الگ الگ ہیں۔

۱۷۔ والدین کی نافرمانی۔ چنانچہ حضرت نے اپنے پیر عمر بن محمد الھواری سے حکایت کی کہ وہ ایک دن عمر بن محمد کے ساتھ اس بیری کے درخت کے پاس بیٹھے ہوئے تھے جو علی بن حرزہم کے مزار کے باہر واقع ہے کہ ان کا بیٹا حج کو جانے کے ارادے سے باپ سے رخصت ہونے کو آیا۔ حضرت عمر بن محمد نے اس کو جانے سے منع کیا مگر وہ والدین کا نافرمان تھا اس لئے باپ کی رضامندی کے بغیر ہی حج کو روانہ ہوگیا۔ پھر فرمایا کہ والدین کی نافرمانی کا انجام چار باتیں ہیں۔ ایک یہ کہ دنیا اس سے جاتی رہتی ہے اور اس کو ایسا برا سمجھتی ہے جیسا کہ مومن دوزخ کو برا سمجھتا ہے۔ دوسرے یہ کہ جب وہ کسی جگہ بیٹھ کر حاضرین سے کسی بات میں گفتگو کرنے لگتا ہے تو حق تعالیٰ ان کے دلوں کو اس کی بات سننے سے پھیر دیتا ہے اور اس کی گفتگو سے نور و برکت نکال لیتا ہے (اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ) وہ لوگوں کی نظروں میں مبغوض بن جاتا ہے۔ تیسرے یہ کہ اہل دیوان اولیاء جو صاحب تصرف ہوتے ہیں اس کی طرف نظر رحمت سے نہیں دیکھتے اور نہ ان کو اس پر کبھی ترس آتا ہے۔ چہارم یہ کہ اس کا نور ایمان آہستہ آہستہ کم ہوتا رہتا ہے پھر جسے اللہ تعالیٰ بدبخت کرنا چاہتے ہیں اس کے ساتھ یہ حالت جاری رہتی ہے۔ یہاں تک کہ اس کا سارا نور ایمان چلا جاتا ہے اور کلیتًا فنا ہو جاتا ہے اور وہ کافر ہو کر مرتا ہے۔ خدا ہمیں اس سے بچائے اور جسے اللہ تعالیٰ بدبخت کرنا نہیں چاہتے وہ ناقص الایمان ہو کر مرتا ہے۔ خدا ہمیں اس سے پناہ دے۔

اور فرمایا:

والدین کی رضامندی کے بھی چار نتیجے نکلتے ہیں جو مذکور بالا چار نتائج کی ضد ہیں۔ (۱) دنیا اس کو محبوب سمجھتی ہے جیسے مومن جنت کو محبوب سمجھتا ہے۔ (۲) لوگوں کو اس کی باتیں میٹھی معلوم ہوتی ہیں۔ (۳) اولیاء اللہ اس پر مہربانی کرتے ہیں (۴) اور اس کا ایمان بڑھتا رہتا ہے۔ واللہ الموفق

برادر! والدین کی نافرمانی کے چاروں مفاسد پر اور ان کی تابعداری کے چاروں محاسن پر غور کرو۔

۱۸۔ اہل حجاب سے صحبت اور ان سے میل جول رکھنا مثلاً امیروں اور رئیسوں سے میل جول رکھنا کہ مومن بندہ کی ذات میں ایک نور کا ڈورا ہوتا ہے جو اس کی ذات کے ایک سوراخ سے نکلتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے عطیہ سے جا ملتا ہے۔ یہ نور اولیاء اللہ کے میل جول سے زیادہ ہوتا ہے ورنہ کم ہو جاتا ہے اور یہ بھی ڈر رہتا ہے کہ یہ نور کا ڈورا بالکل ہی منقطع نہ ہو جائے اور رئیسوں کے میل جول سے سوراخ بند ہو جاتا ہے اس لئے کہ یہ لوگ اپنی ریاست مال اور جاہ و جلال کی وجہ سے اس کی ذات پر غالب آ جاتے ہیں اور وہ ان کی قید اور قبضے میں آ جاتا ہے اور اپنے دل و جان سے ان کی طرف مائل رہتا ہے اور ایک مدت دراز تک اسی حالت میں رہنے سے اللہ تعالیٰ کا خیال اس کے دل و دماغ پر آتا ہی نہیں اور پھر اپنی اغراض اور اسی انقطاع کی ڈھیل میں پڑے پڑے نور کا سوراخ بالکل بند ہو جاتا ہے اور یہ آفت صاحبان ریاست سے میل جول کی وجہ سے پہنچتی ہے۔

۱۹۔ خلفاء اربعہ یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ، عثمان رضی اللہ عنہ، علی رضی اللہ عنہ میں تفریق کرنا' پھر فرمایا کہ تفریق سے مراد یہ ہے کہ خارجیوں اور رافضیوں کی طرح بعض سے محبت رکھے اور بعض سے بغض اور تفریق اس لئے اللہ تعالیٰ سے قطع تعلق کا سبب بنتی ہے کہ ان حضرات میں سے ہر ایک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائل میں سے ایک خصلت کا وارث ہے لہٰذا ایک خلیفہ سے بغض رکھنا گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بغض رکھنا ہے یہی وجہ ہے کہ یہ اللہ سے بے تعلقی کا سبب بن جاتا ہے۔

صحابہ میں کیا خصال پائی جاتی تھیں:

میں نے عرض کیا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ[6] میں آنحضرت ﷺ کی خصلتوں میں سے کون سی خصلت پائی جاتی ہے؟

فرمایا اللہ پر ایمان کی خصلت۔ اس لئے کہ آنحضرت ﷺ میں اللہ پر ایمان کی ایک خاص کیفیت تھی جو اگر تمام روئے زمین کے لوگوں پر خواہ وہ صحابہ ہوں یا کوئی اور ڈال دی جاتی تو وہ ہلاک ہو جاتے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ اس کیفیت میں سے تھوڑی سی کیفیت کے جس قدر کہ آپ کی ذات متحمل ہو سکتی تھی وارث ہوئے۔ اس کے باوجود اُمت محمدیہ میں کوئی شخص ایسا نہیں جو اس خصلت کو اتنا برداشت کر لیتا جتنا سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کیا بلکہ آپ کے قریب قریب بھی کوئی نہیں پہنچا۔ نہ صحابہ میں سے اور نہ اہل فتح کبیر اغواث واقطاب میں سے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ آنحضرت ﷺ کو اسرار الوہیت اور حقائق ربوبیت اور دقائق معرفت اس قدر حاصل ہو چکے تھے کہ جس کی کیفیت بیان نہیں ہو سکتی اور نہ کوئی اس کی طاقت رکھ سکتا ہے اور جن سمندروں میں آنحضرت ﷺ غوطہ زن ہوتے ان کے متعلق آپ کی گفتگو ابوبکرؓ سے ہوا کرتی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اس مرتبہ پر پہنچے اس کے باوجود آنحضرت ﷺ نے آخری تین سالوں میں ان حقائق کے متعلق ابوبکر رضی اللہ عنہ سے گفتگو نہیں فرمائی کہ کہیں پگھل نہ جائیں۔

پھر فرمایا کہ حضرت[7] عمر رضی اللہ عنہ میں جو خصلت تھی وہ مسلمانوں کے لئے خیر خواہی' ان پر شفقت' ان کو اپنے نفس پر ترجیح دینے' ان کے لشکر کے معاملات کا بندوبست کرنا اور وہ انتظامات ہیں جو عوام وخواص سب کی بہتری کا سبب تھے۔ یہ خصلت آنحضرت ﷺ کی خصلتوں میں سے تھی جس میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بقدر استطاعت ورثہ ملا۔

حضرت عثمانؓ[8] میں مہربانی' شفقت اور صلہ رحمی کی خصلت تھی اور یہ بھی آنحضرت ﷺ کی خصلتوں میں سے ایک خصلت ہے جس میں سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اس قدر ورثہ ملا جس قدر کہ آپ برداشت کر سکتے تھے۔

حضرت علی کرم[9] اللہ وجہہ میں شجاعت کی خصلت تھی اور یہ بھی آنحضرت ﷺ کی خصلتوں میں سے ایک خصلت ہے جس میں سے حضرت علیؓ کو اس قدر ورثہ ملا جس قدر کہ آپ برداشت کر سکتے تھے۔

پھر فرمایا اسی طرح ہر ایک صحابی آنحضرت ﷺ کی خصلتوں میں سے کسی نہ کسی خصلت کا وارث ہوا (یعنی اپنی اپنی بساط کے مطابق) اسی لئے کسی ایک صحابی سے بغض رکھنا خواہ وہ کوئی ہو، اللہ سے بے تعلقی کا موجب ہوتا ہے۔

اس کے بعد مجلس برخاست ہوگئی اور میں آپ سے اللہ سے بے تعلقی کے اسباب کو پوری تعداد نہ سن سکا تا آنکہ آپ رحلت فرما گئے۔ اللہ آپ کی برکت سے ہمیں فتح نصیب کرے۔

کن امور سے ایمان بڑھتا ہے:

میں نے آپ کو ان امور کو شمار کرتے سنا جن سے ایمان بڑھتا ہے۔

۱۔ زیارت قبور

۲۔ خاص اللہ کے لئے صدقہ کرنا۔

۳۔ جھوٹی قسمیں کھانے سے پرہیز کرنا۔

دوسروں کی شرمگاہ کی طرف نہ دیکھنا اور اگر کہیں اتفاقیہ نظر پڑ جائے تو فوراً آنکھ نیچی کر لینا۔

لوگوں کے گناہوں سے تغافل کرنا کیونکہ جو شخص لوگوں کے گناہوں کو دیکھتا ہے اور ان کی ٹوہ میں رہتا ہے اسے اللہ تعالیٰ اس وسوسے میں ڈال دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نافرمان پر انعام کرتا ہے اور اپنی نعمت جاری رکھتا ہے اور اسے بہت سے عطیے دیتا ہے چنانچہ جو شخص اس کی معصیت پر نظر رکھتا ہے یہ کہنے لگتا ہے کہ شاید اسے یہ نعمت اس کی معصیت کی وجہ سے ملی ہو اور شیطان اس کے دل میں گناہ کرنے کا خیال ڈال دیتا ہے کہ دیکھو اللہ نے باوجود اس کے گناہوں کے اس پر کس قدر انعام کیا ہے اور تجھے باوجود عبادت کے محروم رکھا ہے یہ تو حکمت کا مقتضی نہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

ان علماء کی تعظیم کرنا جو شریعت کے حامل ہیں۔ لہٰذا ان کی تعظیم کرنے سے ایمان میں زیادتی ہوتی ہے حق تعالیٰ ہمیں توفیق بخشے کہ ہم ان کا مرتبہ پہچانیں۔

نیز آپ نے فرمایا کہ اگر لوگوں کو پتہ چل جائے کہ اللہ کے نزدیک علماء کی کیا قدر و منزلت ہے تو کبھی ان کو زمین پر نہ چلنے دیں اور کے لوگ اپنے عالم کو اپنی گردنوں پر اٹھائے پھریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

کیوں حرام ہے؟

حضرت نے فرمایا کہ خدا نے اغلام کو اس لئے حرام فرمایا ہے کہ آدمی کے نطفہ کے ساتھ چند فرشتے گرا کرتے ہیں۔ چنانچہ جب دم میں گرتا ہے جو کہ بیج ڈالنے کی جگہ نہیں ہے تو وہ سب مر جاتے ہیں اور ایک مرتبہ فرمایا کہ وہ فرشتے کبوتر کے بچوں کی طرح نازک ہیں کہ اگر ایک بلند گھونسلہ سے گر کر پتھر پر آ پڑیں تو کیا ان میں کچھ باقی رہ جائے گا، لیکن جب نطفہ عورت کے اندام نہانی میں جاتا درحقیقت بیج ڈالنے کی جگہ ہے تو اس نطفہ کے ساتھ دو قسم کے فرشتے رہ جاتے ہیں۔ ایک قسم باپ کے اور دوسری قسم ماں کے نطفہ شتوں کی جن کی کل تعداد ۳۶۶ ہوتی ہے۔ دونوں نصفا نصف البتہ مرد میں دس زیادہ ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ آدم اصل ہیں حوا کے پھر اللہ تعالیٰ نے پیدائش مقدر فرمائی تو یہ نطفہ پہلے علقہ پھر مضغہ وغیرہ بنتا ہے اور نطفہ کی ترقی کے ساتھ فرشتوں کی تعداد بڑھتی رہتی نانچہ جب بچہ دنیا میں آتا ہے تو یہ فرشتے بھی اس کے ساتھ نکل کر آتے ہیں اور وہی اس کی ذات کے محافظ و نگہبان ہوتے ہیں۔ ان کا وہ فرشتہ ہوتا ہے جو داہنے شانہ پر تعینات ہوتا ہے پس جس طرح بچہ کا نشو و نما ماں اور باپ کے درمیان ہوتا ہے اسی طرح ان فرشتوں ونما ملائکہ ذات پدر اور ملائکہ ذات مادر کے درمیان ہوتا ہے جن کی کل تعداد ۳۶۶ ہوتی ہے۔

لیکن اگر تقدیر میں لکھا ہو کہ اس نطفہ سے بچہ نہ ہوگا تو جو فرشتے رحم میں جاتے ہیں مر جاتے ہیں، لیکن اس سے بندہ کو کوئی ضرر نہیں کیونکہ اس میں اس کے کسب و فعل کا کوئی دخل نہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے چراغ میں مقدار سے زیادہ تیل بھرا ہو تو تیل کے ے بتی سے ٹپکتے ہیں۔ یہ ٹپکتے ہوئے قطرے چمکدار ہوتے ہیں مگر زمین تک پہنچنے سے پہلے ہی بجھ جاتے ہیں اور فرمایا اسی لئے رحم سے خارج کرنے کے اسباب پیدا کرنا جائز نہیں کیونکہ ہمیں معلوم نہیں کہ اس نطفہ سے بچہ ہوگا یا نہیں اور اس طرح ہم کہیں بہت سے ملائکہ لاک کرنے کی کوشش نہ کر بیٹھیں۔

زنا کیوں حرام ہے؟

جس خرابی کی وجہ سے زنا حرام کیا گیا وہ فرشتوں کی جہت سے نہیں ہے بلکہ قطع نسب کی وجہ سے ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ قیامت کے دن لوگوں کو نسب کی وجہ سے بہت فائدہ پہنچے گا اور دعوی نسب بغیر گواہی کے مقبول نہ ہوگا اسی لئے تو آنحضرت ﷺ نے نکاح میں گواہ مقرر کرنے' اس کے اعلان اور اشاعت کا حکم فرمایا اور زانی جو کچھ کرتا ہے چھپا چھپا کر کرتا ہے کیونکہ علی الاعلان کرے تو اسے زنا کی سزا دی جائے لہٰذا وہ نسب کو قطع اور مخلوط کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ہم اغلام کی خرابی کے بیان میں اس کی طرف اشارہ کر چکے ہیں۔

قیامت کے دن سب سے سخت عذاب کسے ہوگا؟

ایک روز فرمایا: تجھے معلوم ہے کہ قیامت کے دن سب سے سخت عذاب کسے ہوگا؟

میں نے عرض کیا آپ ہی فرما دیجئے۔

فرمایا جسے اللہ تعالیٰ نے جسم کامل، عقل کامل اور صحت تام عنایت کی ہو اور اسے ہر قسم کا عیش اور رزق کے اسباب مہیا فرمائے ہوں پھر ایک یا دو یا اس سے بھی زیادہ دن گزر جائیں اور اسے اپنے رب کا خیال بھی دل میں نہ آئے۔ لیکن جب گناہ کا موقع ملے تو تمام جم عقل کے ساتھ ادھر توجہ دے اور اس سے لذت اٹھائے اور پسند کرے مگر اللہ تعالیٰ کا قطعاً خیال نہ آئے۔ اس طرح معصیت کے ساتھ ا کا اتصال ہو جاتا ہے اور اپنے رب سے کلی طور پر بے تعلق ہو جاتا ہے۔ وہ ہمہ تن معصیت کی طرف مائل ہوتا ہے اور اسے انتہائی درجہ ش شیریں سمجھتا ہے۔ لہٰذا قیامت کے دن اس کی سزا یہ ہوگی کہ اس کے تمام بدن کو عذاب میں ڈالا جائے اور کلیتًا اسی طرف اس کی نظر ہو ایک دم آگ میں ڈال دیا جائے اور اسے عذاب میں وہ مزہ آئے جیسا کہ خارش زدہ کو کھجلی کرنے میں مزہ آتا ہے حالانکہ جتنا وہ کھجلاتا اتنا ہی اسے نقصان ہوتا ہے۔

فرمایا: معصیت کی حالت میں بالخصوص اس یاد خدا کی بڑی شان ہے۔ لہٰذا مومن کو چاہیے کہ جب اللہ کی نافرمانی کرے تو یاد کہ اس کا ایک قادرِ رب ہے تاکہ اسے خوف و ہراس پیدا ہو اور اگر اسے بالکل معاف نہ کیا جائے تو کم از کم عذاب کی شدت میں کمی وا جائے۔ واللہ الموفق۔

معصیت کو جانتے ہوئے اس کی طرف پیش قدمی کرنے کے بیان میں ہم پہلے اشارہ کر چکے ہیں۔

حکایت:

حضرت نے معصیت کی حالت میں اللہ کو یاد رکھنے کے متعلق سیدی عمر بن محمد الھواری سے ایک عجیب حکایت نقل کی ہے۔ سید نے بیان کیا کہ ایک شخص جو اپنے نفس پر ظلم کرتا اور ہمیشہ گناہ کا مرتکب ہوتا تھا۔ میرے شیخ کے پاس میری موجودگی میں آیا اور کہنے لگا میرے آقا میں گناہ کا مرتکب ہوا ہوں اور ہمیشہ گناہ کرتا رہتا ہوں اور چھوڑ نہیں سکتا۔ ان سے نجات پانے کی کیا تدبیر ہے۔ شیخ افسوس تو کیا تو اپنے رب کی نافرمانی کرتا ہے' گناہ کرنا چھوڑ دو اور پھر کبھی نہ کرنا۔ کہنے لگا مجھ میں چھوڑنے کی قدرت نہیں۔ شیخ نے فر پر افسوس ہے، اللہ کی طرف رجوع کر۔ پھر جواب دیا مجھ میں قدرت نہیں۔ شیخ نے اس سے تغافل برتا اور اس شخص نے آپ کے پاس

ں قیام کیا۔ جب رخصت ہونے لگا تو پھر اس نے کہا اے میرے سردار گناہ سے کیسے چھٹکارا پاؤں؟ شیخ نے فرمایا جب تو گناہ کرنے
ین باتوں کو دل میں یاد رکھو اور پھر جو دل چاہے کرو اول تو اس گناہ اور اس کی برائی کو یاد رکھو اور اللہ کے غضب کو یاد رکھو جس کا یہ سبب
، دوسرے اپنی ذات اور اپنے نفس کی خساست کو یاد رکھو (کہ اس قدر حقیر ہونے کے باوجود تو) اپنے رب سے منہ موڑ رہا ہے۔
ے اپنے رب کے سطوت وقہر اور قدرت کا خیال رکھو کہ جب چاہے تمہیں پکڑ لے' پھر اس کی معافی کو یاد رکھو کہ کس طرح اس نے
ے اعمال پر پردہ ڈال رکھا ہے اگر تو ان امور کو صحیح طور پر ذہن میں رکھے تو پھر جو دل چاہے کرو۔ چنانچہ وہ شخص چلا گیا اور کچھ مدت
ے ملا اور مجھے سلام کیا اور کہا کیا آپ مجھے نہیں پہچانتے۔ میں نے کہا آپ کون ہیں۔ کہنے لگا میں وہی معصیت کرنے والا شخص ہوں
ے کے کلام کی برکت سے اللہ نے میری دستگیری کی۔ اس طرح کہ جب میں معصیت کا ارادہ کرتا تو جن امور کو حضرت نے یاد رکھنے کو
ایاد رکھتا تو میں گناہ نہ کرسکتا۔ یہی میری توبہ کا سبب بنا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اور فرمایا کہ میرے نزدیک کبیرہ گناہ وہ گناہ ہے جس کا ارتکاب ایسی حالت میں کیا جائے جب انسان کا دل اللہ' اس کے فرشتوں'
' رسولوں اور یوم آخرت سے بے تعلق ہو چکا ہو خواہ وہ ظاہری طور پر ان سے تعلق ہی کیوں نہ رکھتا ہو کیونکہ یہ ظاہری تعلق کچھ مفید
ہوسکتا۔ ایسی حالت میں گناہ اس لیے کبیرہ بن جاتا ہے کہ بندہ بے تعلقی کی حالت میں دل وجسم' عقل ہاتھ اور پاؤں اور تمام اعضاء
ناہ میں پڑتا ہے نہ اس کا دل اسے اس کام سے منع کرتا ہے اور نہ کوئی اور بات اسے رب کی یاد دلاتی ہے اور صغیرہ گناہ وہ گناہ ہے جسے
ی حالت میں کرے جبکہ اس کے دل کا تعلق اللہ سے اور ان وسائل یعنی رسولوں' فرشتوں اور کتابوں سے ہو جو اللہ تک پہنچا دیتے ہیں
ایسی حالت میں جب بندہ کرتا ہے تو بغیر ارادہ کے کرتا ہے اور ساتھ ہی اس گناہ کے ساتھ اسے ایک قسم کا بغض ہوگا اس لئے کہ اس کا
سے ملامت کرتا ہوتا ہے لہٰذا جب وہ گناہ کرتا ہے تو اپنے رب کی شرم وحیا اس میں موجود ہوتی ہے۔

میں نے عرض کیا کہ اس فرق پر یہ اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے جو کبیرہ گناہ گنوائے ہیں ان میں انقطاع عن الحق کی قید
لگائی چنانچہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے جیسا کہ صحیحین میں ہے کہ کبیرہ گناہ یہ ہیں۔ (۱) اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا۔ (۲) سحر،
والدین کی نافرمانی اور (۴) قتل نفس اور بخاری میں اضافہ ہے جھوٹی قسم کا مسلم میں اس کے بجائے جھوٹ بولنے کو گناہ کبیرہ شمار کیا گیا
صحیحین کی ایک اور حدیث میں ہے کہ سات مہلک گناہوں سے بچا کرو (۱) شرک باللہ، (۲) سحر، (۳) ناحق قتل، (۴) نفس، (۵) یتیم کا
عانا، (۶) سود خوری، (۷) جنگ کے دن بھاگ جانا اور (۸) بے خبر پاک دامن مسلمان عورتوں پر زنا کی تہمت لگانا۔

حضرت نے فرمایا کہ یہ گناہ بندہ سے جبھی صادر ہوں گے جب وہ اللہ سے منقطع ہوگا کیونکہ اگر دل کا تعلق اللہ کے ساتھ قائم ہو تو وہ
رک کرے گا اور نہ جادو اور نہ کسی اور گناہ کا مرتکب ہوگا جن کا ذکر ان حدیثوں [۱۰] میں آیا ہے۔

پھر فرمایا فلاں شخص کو نہیں دیکھتے کہ عنقریب ولی بننے والا ہے حالانکہ اس وقت وہ محجوبین میں سے ہے مگر اللہ کے ساتھ اس کے دل
علق قائم ہے کیا وجہ ہے کہ وہ اس قسم کے گناہ کا ارتکاب نہیں کرسکتا اور ان سے اس طرح ڈرتا ہے جس طرح آگ سے کوئی ڈرے اور
ں کو دیکھو کہ (باوجود ذکر الٰہی کے) اسے فتح نصیب نہیں ہوئی اور اس کا دل اللہ سے بے تعلق ہو چکا ہے۔ محض زبان کا ذکر سودمند نہیں ہو
تا اور دیکھ لو کس قدر بُرے افعال اس سے سرزد ہوتے ہیں۔ خدا ہمیں اپنے فضل وکرم سے ان برائیوں سے بچائے۔ پھر فرمایا کہ بے تعلق
معصیتیں بھی چھپی نہیں رہتیں اور نہ باتعلق کی۔

پھر فرمایا کہ حصول معاش کے جتنے بھی اسباب ہیں مثلاً کھیتی باڑی' تجارت وغیرہ کی مثال اس کشکول کی سی ہے جو فقیروں کے ہاتھ میں ہوتے ہیں اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی عادت اسی طرح جاری ہے کہ بغیر حیلہ کے کسی کو رزق عطا نہیں کرتا، بلکہ اس وقت دیتا ہے جب بندہ اسباب رزق کے کسی ایک کشکول کے ذریعہ سے اللہ سے سوال کرے۔ لہٰذا جب یہ کشکول اللہ کی طرف بڑھایا جاتا ہے تو خدا جس قدر اس کے لیے مناسب سمجھتا ہے اس میں ڈال دیتا ہے لہٰذا سبب اختیار کرنے والے پر لازم ہے کہ اپنے سبب کی یہی حیثیت سمجھے تاکہ اس سبب کے اختیار کرتے وقت اس کی نظر اللہ کی طرف ہو نہ سبب کی طرف جیسا کہ ایک گداگر کی نظر ان لوگوں کی طرف ہوتی ہے جو اسے خیرات دیتے ہیں اور اپنے کشکول کی طرف نہیں دیکھتا اور جب اس کی نظر اس سبب کے اختیار کرتے وقت خدا کی طرف ہوگی تو اس کا تعلق اللہ سے قائم ہوگا اور یہ سبب اسے اللہ سے ملانے کا ذریعہ بنے گا اس لئے اس کا اعتماد اور بھروسہ اپنے رب پر ہوگا نہ کہ سبب پر اور جب اللہ پر اعتماد ہوگا تو وہ صرف وہی سبب اختیار کرے گا جس کی اجازت اللہ نے دی ہے۔ ایسی حالت میں کم یا زیادہ اسباب کا اختیار کرنا ایک جیسا ہوگا کیونکہ دینے والا خدا تو ایک ہی ہے جسے اس بات پر قدرت ہے کہ ایک ہی سبب میں اسے اس قدر عطا کرے جس قدر اوروں کو متعدد اسباب میں دیتا ہے لہٰذا اسے اللہ سے ڈرنا چاہیے اور طلب معاش میں اچھا طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔ یہ ان لوگوں کی کیفیت ہے جن کا تعلق اللہ سے ہوتا ہے۔

لیکن دوسرے لوگ جن کا تعلق اللہ سے نہیں ہوتا وہ سبب اختیار کرنے میں خدمت کرتے کرتے مر کھپتے ہیں اور جو ذریعہ معاش انہیں نظر آئے خواہ جائز ہو یا ناجائز' اسے اختیار کر لیتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ انہیں روزی اپنی تدبیر اور چالبازی سے حاصل ہوگی چنانچہ اس قسم کے لوگوں کو اللہ سے مکمل بے تعلقی کی وجہ سے دنیوی امور میں تدبیر' تکلیف اٹھانا اور اس کی تلاش میں مشقت برداشت کرنا، اللہ کی فرمانبرداری اور عبادت کے مقابلہ میں شیریں معلوم ہوتا ہے۔

اسی سلسلہ میں آپ نے ایک مرتبہ یوں فرمایا کہ لوگوں کی مثال تو ان لوگوں کی سی ہے جن کی کمر میں رسی باندھ کر بلند پہاڑ سے لٹکا دیا جائے اس طرح کہ آسمان اور زمین کے درمیان لٹکے ہوں اور انہیں اسی طرح ہوا میں مدت دراز تک معلق رکھا جائے چنانچہ ان میں جو سمجھدار ہوں گے انہیں قرار نہ آئے گا اور نہ انہیں کسی اور کے پاس سکون حاصل ہوگا بلکہ ان کی نظر کبھی اس جگہ پر جائے گی جہاں ان کے پاؤں گریں کہ آیا یہ جگہ قریب ہے یا بعید اور کیا وہ جگہ نرم ہے یا سخت اور اگر گر پڑیں تو کیا حالت ہوگی یہ وہ منظر ہے جس سے جگر پھٹ جائے اور دل پارہ پارہ ہو جائے اور کبھی ان کی نظر اس شخص پر پڑے گی جس کے ہاتھ میں وہ رسی ہے جس میں وہ لٹکے ہوئے ہیں کہ کیا ہاتھ سے رسی چھوڑنے کا ارادہ کر رہا ہے یا ابھی اور وقت باقی ہے اور ان کے درمیان دوستی اور شفقت قائم ہے تاکہ جب وہ چھوڑے تو پر رحم کھائے اور انہیں جہاں بھی گرائے نرمی سے گرائے یا اس کے اور ہمارے درمیان کسی قسم کی دوستی نہیں ہے اس لئے اسے پرواہ نہ ہوگی کہ وہ انہیں کس طرح پھینکے۔ اس صورت میں وہ اس کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کریں گے مگر ایسی حالت میں یہ کسی طرح ممکن نہ ہوگا اس لئے کہ وہ کوئی عمل کرنے کے قابل ہی نہیں سوائے اس کے کہ دل و زبان سے عاجزی و انکساری کریں اور اس کی طرف طرح دیکھیں گے جس طرح کہ ایک خائف اور رحم کا طالب دیکھتا ہے۔ پھر اس کے بعد اسے اختیار ہے چاہے رحم فرمائے اور چاہے اس لئے ان کے دل اس کے ڈر اور عذاب کے خیال سے گویا آگ میں جل رہے ہوں گے۔

لیکن ان لٹکے ہوؤں میں سے جن کو عقل نہ ہوگی وہ نہ تو اس جگہ کی طرف دیکھیں گے جہاں وہ گریں گے اور نہ اس شخص کی

تھ میں رسّی ہے، بلکہ ان پر نسیان غالب آ جائے گا اور وہ یہی خیال کریں گے کہ وہ جس جگہ اس وقت ہیں ان کی قیام گاہ ہے لہٰذا نے کے اسباب کی تیاری میں مشغول ہوں گے اور وہاں گھر اور محل تعمیر کریں گے اور کھیتی باڑی اور تجارت میں مشغول ہو جائیں کہ وہ ہوا میں لٹکے ہوئے ہیں اور انہیں رسی کے معاملے کا احساس ہی نہیں۔ جب وہ رسی کٹ جائے گی اور جہاں گرنا ہے وہاں ب سمجھیں گے کہ بڑی کوتاہی ہوئی کہ اس کا کبھی خیال بھی نہ لائے اور نہ کوئی اس کی اصلاح کا طریقہ اختیار کیا یہاں تک کہ دعا و نہ کی اور نہ اس جگہ گرنے کی تیاری کی اور نہ جس کے ہاتھ میں رسی تھی اسے پہچانا ورنہ کم از کم اس کے سامنے گڑگڑاتے اور اس اور سلامتی کی درخواست تو کرتے۔

یا اللہ اور آخرت سے غافل اور اس کو یاد نہ رکھنے والے شخص کی یہی حالت ہے کہ رسی تو عمر ہے جو موت کے ساتھ ٹوٹ جاتی ہے رتا ہے وہ یا جنت ہے یا دوزخ اور جس کے ہاتھ میں رسی ہے وہ خدا ہے۔ چنانچہ عارف لوگ ان چیزوں سے ہمیشہ ڈرتے رہتے وجہ سے اللہ انہیں قیامت کے دن آرام وراحت عطا کرے گا اور غافلوں کا حال برعکس ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

کے بھیجنے کا مقصد:

ضرت نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی طرف رسول بھیجے اور انہیں اطاعت کرنے کا حکم صرف ایک بات کے لئے دیا اور وہ اسے پہچان کر اسے ایک جانیں اور کسی چیز کو اس کے ساتھ شریک نہ بنائیں لہٰذا جب بندے سے یہ مقصد حاصل ہو جائے تو وہ یک محبوب ہو جاتا ہے۔ آگے چل کر ہم بیان کریں گے کہ حضرت نے فرمایا کہ اطاعت صرف اس دروازے کا کھولنا ہے جس طیع کی ذات پر داخل ہو اور معصیت سے ممانعت اس لئے ہے کہ اس دروازہ کو بند کر دیا جائے جس سے عاصی کی ذات پر باطل داخل ہوتی ہیں۔ لہٰذا جو شخص اطاعت گزار ہو اور اس نے مخالفتوں سے پرہیز کیا تو اس نے اپنی ذات کے لئے نور حق کے کھول دیئے اور باطل کی ظلمتوں کے دروازے بند کر دیئے اور جس نے اطاعت کو چھوڑا اور مخالفتوں کا ارتکاب کیا تو اس نے اپنے ں کے دروازے کھول دیئے اور نور حق کے دروازے بند کر دیئے اور جس نے اطاعت بھی کی اور معصیت کا ارتکاب بھی کیا اور دونوں کام کئے تو اس نے بیک وقت دونوں دروازے اپنے لئے کھول دیئے۔ لہٰذا بندہ کو قبل اس کے کہ پشیمان ہو اور پشیمانی نفع یکھنا چاہیے کہ وہ کس مقام میں ہے اور اس نے اپنے نفس کے لئے کونسا دروازہ کھولا ہے لیکن اکثر لوگ یہی خیال کئے بیٹھے ہیں کہ طاعت کرنا ابواب حق کھولنے کے لئے کافی ہے جیسا کہ ظاہر میں مخالفت کرنا شر کا دروازہ کھولنے کے لئے کافی ہے حالانکہ حقیقتاً ہے بلکہ ظاہر کا باطن کے موافق ہونا ضروری ہے لہٰذا لوگوں کی چار قسمیں ہوئیں۔

جن کا ظاہر و باطن دونوں اللہ کے ساتھ ہوں۔ ظاہر اس طرح کہ احکام خداوندی کی تعمیل کریں اور باطن کا مع اللہ ہونا اس طرح ہے کہ اطاعت کے وقت کسی قسم کی غفلت نہ ہو اور انہیں مراقبہ ومشاہدہ حاصل ہو۔ اس قسم کے لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ہیں۔

(جن سے ہمیں خدا بچائے) وہ لوگ ہیں جن کا ظاہر و باطن (دونوں غیر اللہ کی طرف لگے ہوئے ہیں۔) چنانچہ وہ ظاہر میں احکام خداوندی کی مخالفت کرتے ہیں اور ان کا باطن غفلتوں میں ڈوبا ہوا ہے اس قسم کے لوگ اللہ کے ہاں مذموم ہیں۔

جن کا ظاہر اللہ کے ساتھ ہے اور باطن غیر اللہ کے ساتھ چنانچہ ظاہر میں وہ عبادت کرتے ہیں اور ان کا باطن اللہ سے غافل ہوتا ہے

اس کی وجہ کہ عبادت بھی انہیں اللہ کی طرف نہ لوٹا سکی، یہ ہے کہ عبادت ان کی عادت بن چکی ہے اور ان کی ذات اس سے مانوس ہ
چکی ہوتی ہے پس ایسا شخص طبیعت کے حکم سے عبادت کرتا ہے نہ کہ بحکم شریعت۔ بعض اوقات اس کے ساتھ ایک اور وجہ بھی
جاتی ہے وہ یہ کہ وہ شخص لوگوں میں عبادت' زہد اور نیک سیرت ہونے میں مشہور ہوتا ہے لہٰذا اسے ڈر ہوتا ہے کہ اگر عبادت
کہیں کوتاہی ہوگئی تو لوگوں کی نظروں میں گر نہ جاؤں لہٰذا تو دیکھتا ہے کہ وہ دن رات اس لالچ میں عبادت میں لگا رہتا ہے کہ لوگ
کی نظروں میں اس کی قدر و منزلت بڑھے۔ یہی وہ شخص ہے کہ جس قدر وہ عبادت کرتا ہے اسی قدر اللہ سے دور ہوتا جاتا ہے۔ بعض
اوقات اس قسم کے لوگوں کی ملاقات پہلی قسم کے اکابر اولیاء کے ساتھ ہو جاتی ہے تو ولی اس کی بیماری کو پہچان جاتا ہے اور اس کا
علاج کرنا چاہتا ہے چنانچہ ولی اسے بعض ظاہری عبادات کو جن کا وہ عادی بن چکا ہوتا ہے چھوڑ دینے کا حکم دیتا ہے لیکن چونکہ
بیماری اس میں گھر کر چکی ہوتی ہے وہ عبادت کو نہیں چھوڑتا اور تباہ ہو جاتا ہے۔

مؤلف کتاب کہتا ہے اسی قسم کا واقعہ ابو یزید البسطامی رحمتہ اللہ کے ساتھ پیش آیا۔ انہوں نے ایک آدمی کو جس کی یہی حالت تھی
روزے چھوڑنے کا حکم دیا۔ لیکن وہ نہ مانا۔ اس کے پیر بھائیوں نے اس سے کہا بھی کہ تجھ پر افسوس کہ اپنے پیشوا کا کہنا بھی
مانتا۔ ابو یزید نے فرمایا جو اللہ کی نظروں سے گر چکا ہے اسے چھوڑ دو۔

۴۔ جس کا ظاہر غیر اللہ کے ساتھ ہو اور باطن اللہ کے ساتھ چنانچہ وہ ظاہر میں تو مخالفت احکام کرتا ہے اور اس کا باطن مراقبہ حق میں
ہے چنانچہ تم دیکھو گے کہ وہ معصیت تو کر رہا ہے مگر اس کا رب اس کی آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے اور اس کا خیال ہمیشہ اس کی
طرف لگا ہوتا ہے لہٰذا وہ معصیت کو بہت بڑی بات سمجھتا ہے گویا کہ پہاڑ سر پر گر پڑا اور وہ ہر وقت غمگین رہتا ہے اور اس کے
لوگ تیسری قسم کے لوگوں کے مقابلہ میں اللہ کے نزدیک بدرجہا افضل ہیں اس لئے کہ عبادت کا مقصد انکساری اور اللہ کے
ذلت و عاجزی سے کھڑا ہونا ہے جو اس قسم کے لوگوں کو حاصل ہوتا ہے اور تیسری قسم کے لوگوں کو حاصل نہیں ہوتا۔

ذکر کے وقت چیخنا چلانا:

ایک شخص نے سوال کیا کہ بعض اوقات لوگ تڑپنے اور چیخنے لگ جاتے ہیں[۱۲] اور سائل نے خود اپنا واقعہ بیان کیا کہ جب وہ
عبادت میں مشغول ہوتا ہے تو اس کی یہی کیفیت ہو جاتی ہے اور اسے ڈر ہے کہ کہیں یہ شیطان کی طرف سے نہ ہو اور جب دنیا کی
متوجہ ہو کر اس کی طرف لگ جاتا ہے تو یہ کیفیت زائل ہو جاتی ہے۔

فرمایا کبھی رُوح اپنا نور ذات انسانی پر ڈالتی ہے جس کی وجہ سے ذات کو یہ اضطراب حاصل ہوتا ہے کبھی رُوح اس نور کو اس
حالت میں ذات پر ڈالتی ہے اور کبھی معصیت کی حالت میں۔ چنانچہ ایک انسان اپنے رب کی نافرمانی میں مشغول ہوتا ہے اور خو
پر جما ہوا ہوتا ہے کہ یکا یک رُوح ذات پر یہ نور ڈالتی ہے جس کی وجہ سے ذات انسانی پر خشوع طاری ہوتا ہے اور وہ اللہ کی طر
کرتا ہے پھر فرمایا کہ اگر کسی انسان کو یہ کیفیت طاعت کی حالت میں حاصل ہو تو اپنی طاعت اور عبادت کی طرف اسے منسو
چاہیے۔ ورنہ خودستائی پیدا ہو جائے گی اور یہ نور جو ذات کو رُوح سے حاصل ہوتا ہے بمنزلہ لگام کے ہے کیونکہ جب رُوح ذات کو
بھٹکتی ہوئی دیکھتی ہے اور اس کی کجروی کا اندیشہ ہوتا ہے تو یہ نور ذات پر ظاہر ہوتا ہے تاکہ اسے راستہ کی طرف لے آئے۔ یہ کیف

پیش آتی ہے جن کے لئے اللہ بھلائی چاہتا ہے اس لئے کہ یہ ہدایت کے اسباب میں سے ایک سبب ہے اور جن لوگوں کے لئے
یں چاہتا ان کے لئے یہی کیفیت ظلمت بن جاتی ہے جو اسے راستہ سے روکتی اور اطاعت رسول ﷺ سے باز رکھتی ہے۔ فرمایا:
اپنی روشنی ہے جس میں وہ چلتی ہے چنانچہ اگر اس کی روشنی اسے صحیح راستہ پر لے جائے تو یہ توفیق یافتہ ذات ہے اور اگر اس کی
بحر و بنا دیتی ہے اور اسی کو ہم ظلمت کہتے ہیں تو توفیق الٰہی نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا۔
فرمایا رُوح میں ۳۶۶ راز ہیں۔ منجملہ ان کے ایک سِرّ ایسا ہے کہ اگر رُوح اس کو ذات پر ڈالے تو آدمی ہر وقت روتا ہی رہے اور
تا ہے کہ اگر رُوح اس کو ذات پر ڈالے تو ہر دم ہنستا ہی رہے اور ایک سِرّ ایسا ہے کہ رُوح اس کو اگر ذات پر ڈالے تو ہر وقت چیختا
رح وہی اسرار ڈالتی ہے جو تقدیر میں پہلے سے تجویز ہو چکے ہیں۔
ک دن میں حضرت کے ساتھ ایک جگہ بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص آ کر میرے پاس بیٹھ گیا حضرت کچھ بیان فرما رہے تھے کہ اس نے
ی طرح چیخنا شروع کر دیا اور دیر تک اس کی یہی حالت رہی۔ اس واقعہ کے بعد حضرت نے مجھ سے فرمایا کہ یہ حالت بڑی چیز
شیطان اس کے ساتھ نہ کھیلتا ہو اور اس کی نماز کو فاسد نہ کرتا ہو۔
ں نے عرض کیا حضرت یہ کیسے؟
مایا: دلوں کی توجہ کا خدا کی طرف ہونا ہی ان کی نماز ہے جیسا کہ بدن کا رکوع و سجود' بدن کی نماز ہے' نماز اور دیگر عبادات کا حکم
لئے دیا گیا ہے کہ یہ توجہ حاصل ہو اور عبادات کا یہی وہ نتیجہ اور فائدہ ہے جو بندے کے لئے نفع اور رحمت کا سبب بنتا ہے۔ پس
ن کسی کو دیکھتا ہے کہ وہ ذکر اللہ یا کوئی اور رقت آمیز وغیرہ بات سن کر یہ توجہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ اس بغض و حسد کی بنا پر جو
دم کے ساتھ ہے اُس کے دل میں گھس کر اس توجہ کو فاسد کر دیتے ہیں جس سے چیخنے والے کے لئے کئی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔
ہ توجہ جو اس کے نفع کا سبب ہے جاتی رہتی ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ یہ سمجھنے لگتا ہے کہ اسے کچھ حاصل ہو گیا ہے اور تیسرے یہ کہ اس
ت کا خدشہ ہوتا ہے کہ کہیں وہ اللہ سے بے تعلق نہ ہو جائے اس لئے کہ وہ اسے چیخنے سے اپنے آپ کو کچھ سمجھنے لگتا ہے اور اسی کی
بھی یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ وہ کچھ ہے اور اس کی طرف انگلیاں اٹھانے لگتے ہیں اور جس کی طرف انگلیاں اُٹھیں وہ تباہ ہو جاتا ہے۔
مؤلف کہتا ہے کہ اس حکایت کی تائید اس حکایت سے ہوتی ہے جس کا ذکر شیخ زروق[۱۳] نے کیا ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ فاس
رویشوں کی ایک خانقاہ تھی۔ ایک دن انہوں نے ایک صادق الحال شیخ سے جو نابینا تھا۔ درخواست کی کہ ان کے ساتھ جائے
ان کے ساتھ اس جگہ گئے۔ جب وہ اپنے ذکر میں مشغول ہو گئے تو دفعتاً نابینا بزرگ نے کہا کہ دوستو شیطان تم میں ایک سینگوں
ڈھے کی صورت میں گھس آیا ہے۔ پھر فرمایا کہ تم میں سے سرخ گدڑی والا کون ہے؟ کیونکہ میں نے دیکھا ہے کہ شیطان اسے
ح سونگھ رہا ہے اس کے بعد شور مچایا کہ ارے شیطان نے سینگ مار دیا اور سینگ اس کے اندر گھس گیا ابھی اس نے بات ختم نہ کی تھی
گدڑی والے نے چیخ ماری اور اپنے حواس کھو بیٹھا۔ اس اندھے نے پھر کہا کہ تم میں فلاں لباس پہنے ہوئے کون ہے کیونکہ میں
وں کہ شیطان اب اس کی طرف ہو لیا ہے اور اسے سونگھ رہا ہے پھر چلا کر کہا کہ شیطان نے اسے بری طرح سینگ مارا ہے چنانچہ
ان نے سونگھا تھا اس نے چیخ ماری اور حواس کھو بیٹھا۔ اسی طرح باقی حکایت ہے چنانچہ وہ تمام کے تمام اس صادق الحال کی موجودگی
ب رُسوا ہوئے، حالانکہ اس سے پہلے وہ خیال کرتے تھے کہ وہ کچھ ہیں مگر یہ ان کا جہل مرکب تھا۔

حکایت:

ایک مرتبہ ایک شخص نے ایک عارف بزرگ کی موجودگی میں چیخ ماری تو اس بزرگ نے کہا کہ میں نے تمہاری چیخ کا پیچھا کیا تا آنکہ وہ فلاں قبرستان میں ایک قبر میں داخل ہوگئی۔ اس پر چیخنے والے نے جواب دیا حالانکہ وہ اس بزرگ کے مریدوں میں سے ن حضرت آپ نے درست فرمایا کیونکہ جب میں آپ کے پاس سے گزرا اور دیکھا کہ آپ اپنے محبوب کی یاد کر رہے ہیں تو مجھے اپنی محبو آ گئی جو میری چچازاد بہن تھی اور اب مرگئی ہے اور وہ قبر اسی کی قبر ہے چنانچہ جب اس کی یاد آئی تو اس کے فراق کے درد کی وجہ سے م اٹھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

تمباکو نوشی:

حضرت نے فرمایا تمباکو پینا حرام ہے کیونکہ اس سے بدن کو نقصان پہنچتا ہے اور دوسرے یہ کہ پینے والوں کو ایسی لت لگ جا کہ وہ اللہ کی عبادت سے غافل بنا دیتی ہے اور قطع تعلق کرا دیتی ہے اور ہمیں جب کسی چیز کے حرام یا حلال ہونے میں شک آنحضرت ﷺ سے کوئی نص منقول نہیں ملتی تو ہم اہل دیوان اولیاء اللہ کو دیکھتے ہیں اور یہی لوگ اہل دائرہ اور اہل عدد بھی کہلاتے اگر ان کو اس کا استعمال کرتے دیکھتے ہیں تو ہم سمجھ جاتے ہیں کہ یہ چیز حلال ہے اور اگر دیکھیں کہ وہ اسے استعمال نہیں کرتے بلکہ ا پرہیز کرتے ہیں تو سمجھ جاتے ہیں کہ وہ حرام ہے اور اگر بعض استعمال کرتے ہوں اور بعض نہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ اکثریت کس طر کیونکہ حق اکثریت کے ساتھ ہے اور اہل دیوان تمباکو استعمال نہیں کرتے۔ مزید برآں فرشتوں کو اس کی بو سے تکلیف پہنچتی ہے۔

اس کے بعد حضرت نے ایک متعفن شہر کا قصہ سنایا جہاں باوجود پانی کی قلت کے انسانوں کے فضلے اور جانوروں کے گوبر جمع ہو گئے تھے اور آپ نے شہر کی صفت' اس کی شکل اور مقام بھی بتایا، لیکن چونکہ ہمارا مقصد اتنے سے ہی حل ہو جاتا ہے اس لئے اس کی صفت بیان نہیں کی' فرمایا کہ اس شہر میں اس قدر بدبو پھیلتی کہ بیان سے باہر ہے۔ پھر ایک دن آٹھ اہل تصرف اولیاء اللہ آئے مگر جب وسط شہر میں پہنچے تو بڑی سرعت سے وہاں سے نکل گئے جس کی وجہ یہ تھی کہ ان کی ذات کے فرشتوں کو اس بدبو ہوئی کیونکہ ذات سے ملائکہ کی وحشت اور نفرت سے جو خطرات پیدا ہوتے ہیں انہیں صاحب بصیرت لوگ ہی سمجھ سکتے ہیں، اس یوں سمجھو کہ ایک شخص کو دشمن اور چوروں کے ملک میں لایا جائے اور پھر اس کے ہتھیار اس سے علیحدہ کر دیئے جائیں اب وہ کس دشمن کا مقابلہ کرے گا۔

میں نے کہا لہسن اور پیاز میں بھی تو بُو ہے، لیکن یہ حرام نہیں ہیں؟

فرمایا: جب آدمی اور فرشتہ کے حقوق کا مقابلہ آ پڑے تو آدمی کے حق کو مقدم سمجھا جاتا ہے اس لئے کہ ہر چیز بنی آدم کے گئی ہے لہٰذا جس میں بنی آدم کا فائدہ ہوگا وہ حرام نہ ہوگی خواہ اس سے فرشتہ کو ضرر ہی کیوں نہ پہنچتا ہو اور لہسن اور پیاز کے منافع پوشیدہ نہیں۔ برخلاف تمباکو کے کہ اس میں کوئی فائدہ نہیں بلکہ اس کے پینے سے ذات کو نقصان پہنچتا ہے، لیکن بعد میں یہی تمباکو کا دافع بن جاتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی خود کپڑا پھاڑے اور پھر پیوند لگائے اور تمباکو نہ پیتا تو نہ کپڑا پھٹتا' نہ پیوند پڑتی۔ اس لئے حقہ پینے والے سمجھتے ہیں کہ اس میں نفع ہے حالانکہ اس نفع کی حقیقت بس اسی قدر ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ میں نے ایک حقہ پینے والے کو سنا کہ وہ بیان کر رہا تھا کہ ایک ماہر عیسائی طبیب سے بھی اس نے یہی سنا تھا جو حضرت نے بیان فرمایا۔

حضرت نے یہ جو بیان فرمایا کہ ذات انسانی سے فرشتوں کے نفرت کرنے میں بہت خطرے ہیں ایک مرتبہ ننگے لوگوں کے ساتھ میں داخل ہونے کے متعلق شیخ خطاب اور شیخ مواق کے اختلاف کا ذکر کرتے ہوئے ہم نے حضرت سے سوال کیا تو اسی قسم کا جواب دیا ہ شیخ خطاب [14] فرماتے ہیں کہ اگر ٹھنڈے پانی کے استعمال سے خطرہ ہو تو وہ تیمم کر لے اور حمام میں نہ جائے لیکن شیخ مواق [15] فرماتے حمام میں چلا جائے، لیکن خود ستر کھولے اور اپنی آنکھیں نیچی رکھے تو کوئی حرج نہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ شیخ حطاب کی رائے صحیح ہے اور شیخ مواق کی رائے پر عمل کرنے میں خواہ وہ خود ستر بھی کھولے اور انتہائی درجہ کر لے اور دوسروں کی شرمگاہوں کی طرف بھی نہ دیکھے تب بھی اس میں آفت ہے اور آفت یہ ہے کہ معاصی اور اللہ کے احکام کی ت اسی صورت میں ہوتی ہے، جب انسان میں وہ ظلمتیں پائی جاتی ہیں جن کا جہنم کی ان ظلمتوں کے ساتھ اتصال ہے جن کی وجہ سے یں شقاوت حاصل ہوگی اور فرشتوں سے بڑھ کر اس کی شناخت کوئی نہیں کر سکتا۔ چنانچہ مثال کے طور پر اگر کچھ لوگ خدا کی نافرمانی لئے حمام کی چھت کے نیچے جمع ہو جائیں اور سب کے سب معصیت میں مبتلا ہوں تو ظلمت اس تمام جگہ پر چھا جائے گی۔ لہٰذا فرشتے سے نفرت کریں گے اور جب فرشتے بھاگ جائیں گے تو شیطان اور اس کا لشکر آئے گا اور اس جگہ کو آ گھیرے گا۔ اس لئے اس مبتلا ت قوم کے انوار ایمان کی ایسی حالت ہو جائے گی جیسے جلتے ہوئے چراغوں پر چاروں طرف سے تند ہوا کے جھونکے آویں اور چراغ بھی اِدھر جائے کبھی اُدھر اور کبھی نیچے کے رُخ پلٹے کھاوے حتیٰ کہ خیال ہوتا ہے کہ چراغ بُجھ گیا۔ اسی وجہ سے معاصی کو کفر کا قاصد کہا ہے۔ والعیاذ باللہ۔

لہٰذا جب حمام کے لوگ اس حالت میں ہوں گے جس کا ذکر ہو چکا اور فرض کر لیں کہ ایک فاضل دیندار اور پرہیز گار انسان داخل اس کے نور ایمان کو بھی ان ظلمتوں کی وجہ سے جو حمام کے اندر موجود ہیں اضطراب لاحق ہو جائے گا اس لئے کہ یہ ظلمتیں ایمان کی ضد اسی لئے اس کے فرشتے بھی مضطرب ہوں گے اور شیاطین کو اس کے متعلق امید بندھے گی اور اس کے پاس پہنچ کر اوروں کی اہوں کو دیکھنے کی خواہش دلائیں گے اور اسے گمراہ کریں گے۔ غرض ان کے ساتھ ہر لمحہ اس کی جنگ رہے گی۔ شیاطین قوت پکڑتے ں گے اور وہ ان کے مقابلہ میں کمزور ہوتا جائے گا یہاں تک کہ یہ مغلوب ہو کر شہوت کو پسند کرنے لگ جائے گا اور اسے شرمگاہوں کو ے میں مزہ آنے لگے گا۔ نَسْأَلُ اللّٰهُ السَّلَامَةَ۔

روں کی مجلس میں بیٹھنا منع ہے:

پھر فرمایا کہ فرض کرو کہ کچھ لوگ شراب پی رہے ہوں' اس سے لذت اُٹھا رہے ہوں اور اس قسم کی معصیت کا اظہار کر رہے ہوں جو ب کا لازمہ ہیں اور شراب کے نشے میں فحش بک رہے ہوں، نہ کسی کا لحاظ کر رہے ہوں اور نہ انہیں کسی کا ڈر ہو۔ اسی اثناء میں ایک شخص میں دلائل الخیرات لئے آ جائے اور وہیں ان کے پاس بیٹھ کر دلائل الخیرات پڑھنے لگے اور دیر تک پڑھتا رہے یہاں تک کہ تمام دن رجائے اور وہ دوسرا دن بھی ہو جائے اور دونوں اپنی اپنی حالت پر ہوں یعنی شرابی تو شراب پیے جائیں اور معصیت کئے جائیں اور یہ

دلائل الخیرات پڑھتا جائے، یقین جانو کہ تھوڑے ہی عرصہ بعد یہ شخص بھی پلٹا کھا کر ان جیسا ہو جائے گا۔ اس کی وجہ یہی ہے جو ہم نے ابھی بیان کی اس لئے شریعت میں بدکار لوگوں کی مجلس میں بیٹھنے سے روکا گیا ہے، کیونکہ خون، شہوت اور غفلت ہم میں اور ان میں سب پائے جاتے ہیں۔ ہاں جس پر اللہ رحم فرمائے (وہ محفوظ رہ سکتا ہے) مگر وہ بہت ہی کم ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

جہنم کا ذکر:

ایک مرتبہ آپ نے دوزخ کی کیفیت بیان فرمائی اور ایسے اوصاف بیان کئے جو ناقابل برداشت ہیں حتیٰ کہ حاضرین میں ایک صاحب نے کہا کہ یا حضرت اگر لوگوں کو جہنم کی حقیقت کا علم ہو جائے تو وہ کھانا اور پینا بھی چھوڑ دیں۔ فرمایا جن لوگوں کا اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان ہے وہ سب جہنم سے واقف ہیں، کیونکہ ان میں سے کسی ایک کی زبان پر جہنم کا ذکر آتا ہے تو جس طرح زبان پر ذکر جاری ہوتا ہے اسی طرح دل پر بھی جاری ہوتا ہے اور جب وہ کسی اور کو جہنم کا ذکر کرتا ہوا سنے تو جس طرح کان سنتے ہیں۔ اسی طرح بھی سنتا ہے اس طرح جہنم پر ایمان رکھنے میں اس کا ظاہر و باطن برابر ہوتا ہے اور جہنم باطن بھی اسی طرح حاضر ہوتی ہے جس طرح ظاہر ہوتی ہے لیکن خوبی تو اسی میں ہے کہ یہ حضوری دائمی ہو نہ کہ وقتی لہٰذا جس نے اس حضوری کو دائمی کر لیا اس پر اللہ کی رحمت ہوگئی۔ اور غفلت جاتی رہی اور مخالفت کم ہوگئی جس نے اسے دائمی نہیں کیا۔ اس کا معاملہ اس کے برعکس ہوگا۔

میں نے عرض کیا کہ اس حضوری کے دائمی نہ ہونے کی کیا وجہ ہے؟

فرمایا: اس کا سبب وہ خون اور اس کے بخارات ہیں جو جسم انسانی کے اندر پائے جاتے ہیں۔ اس طرح کہ جب بندہ جہنم کا ذکر ہے یا اس کا ذکر سنتا ہے تو یہ ذکر اس کے دل پر اثر تا ہے جیسا کہ بیان ہو چکا تو اس وقت خون اور اس کے بخارات ہٹ جاتے ہیں۔ (مؤلف کہتا ہے) کہ یہی وجہ ہے کہ خوفزدہ انسان کا چہرہ زرد ہوتا ہے۔ لہٰذا جب خون بھاگ گیا تو غفلت جو اسی کی وجہ سے ہے وہ بھی زائل ہو جاتی ہے اور جب یہ ذکر جو خون کے بھاگنے کا سبب ہے منقطع ہو جاتا ہے تو خون بھی اپنے مجازی میں لوٹ آتا۔ غفلت غالب آ جاتی ہے چنانچہ جب انسان پھر اس کا ذکر کرتا ہے تو خون پھر لوٹ جاتا ہے اور غفلت زائل ہو جاتی ہے اور اگر وہ اس ذکر سے غافل ہو جائے تو خون اپنی جگہ پر لوٹ آتا ہے اور انسان پر غفلت طاری ہو جاتی ہے۔ چنانچہ سلسلہ اسی طرح رہتا ہے کہ ذکر غفلت دور ہو جاتی ہے اور ذکر سے غافل ہونے سے غفلت آ جاتی ہے ہاں البتہ اللہ رحم فرمائے (تو پھر غفلت نہیں آتی)

پھر یاد اور غفلت کی درمیانی مدت کے اعتبار سے لوگوں کی مختلف حالتیں ہیں بعض ایک گھنٹے میں لوٹ آتے ہیں اور بعض دو میں اور بعض ایک دن میں لوٹ آتے ہیں اور بعض دو دن میں۔ لہٰذا بھائی دیکھو تم کس قسم میں سے ہو۔ وَمَا تَوْفِيقِيْ بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَ وَ اِلَيْهِ اُنِيْبُ۔

میں نے عرض کیا جب ذات ذکر سنتی ہے تو ں سے غفلت کیوں زائل ہو جاتی ہے اور خون کیوں بھاگتا ہے اور ذات جب ذ سنتی تو معاملہ اس کے برعکس کیوں ہوتا ہے؟

فرمایا کہ ذکر کے سننے سے ذات بیدار ہو جاتی ہے اور اسے غفلت سے افاقہ حاصل ہوتا ہے یوں سمجھو جیسے کوئی بے ہوشی میں آ گیا تو اس کے تمام افعال درست اور ہوش والوں کے سے ہوں گے اور جب سماع (ذکر) زائل ہوگیا تو ذات پھر خواب غفل

جاتی ہے اس حالت میں اس کی مثال اس سونے والے کی ہے جو نہایت مزے کی اور میٹھی نیند سو رہا ہو تو اس حالت میں اگر کوئی اسے بلائے یا
ے تو وہ بلانے والے کو گرانی اور ناگواری کے ساتھ جواب دے گا اور جوں ہی کہ اسے پکارنا بند کیا وہ پھر سو جائے گا کیونکہ نیند کا اس پر غلبہ ہے
ہ اسے پکارنے سے پہلے اس پر مسلط ہو چکی ہے۔ یہی حال غفلت کا ہے جو ذاتِ انسانی پر پہلے ہی سے غالب اور مسلط ہے۔

شف کا سبب انقطاع القلب عن الحق ہوتا ہے:

میں نے حضرت سے کشف اور اس میں غور و فکر کے متعلق دریافت کیا کہ اس سے غیب کا علم کیونکر حاصل ہوتا ہے۔

حضرت نے فرمایا کشف (جعفر و رمل وغیرہ علوم) اور خط وغیرہ کا سبب دل کا تعلق اللہ سے ٹوٹ جانا اور باطن کا اللہ کی شاہانہ حکومت ویران ہونا ہے کیونکہ جب بندہ اللہ کو اپنے دل سے یاد کرتا ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی کی یہ شان ہے کہ جو چاہے کرے اور جو ہے حکم دے' اس کے سوا نہ جہان کا کوئی اور تدبیر کرنے والا ہے اور نہ ہی اس کے ملک میں کوئی اس کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ بندوں پر حد مہربان ہے کہ ان کی تمناؤں سے زیادہ ان کو دیتا ہے اور ان کے وہم و گمان سے بڑھ کر ان پر رحم فرماتا ہے۔ اس حالت میں انسان ں اللہ تعالیٰ کو اپنا کارساز بناتا ہے اور تمام کاموں میں اسے ہی رہنما قرار دیتا ہے اور ہمہ تن اسی کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور دل سے اسی کا ر رہتا ہے اور اپنی ساری کنجیاں اور باگ ڈور اسی کے قبضہ میں دے دیتا ہے اور اپنے تمام امور میں اس کے سوا کسی اور پر اعتماد نہیں رکھتا وقت اس کو اپنے آقا کے برتاؤ میں جو اس کے ساتھ ہوتا ہے وہ خوبیاں اور بھلائیاں دیکھنے میں آتی ہیں جنہیں نہ آنکھوں نے کبھی دیکھا ہ کانوں نے سنا اور نہ کسی بشر کے دل پر ان کا وہم و خیال گزرا۔ یہ شان تو اس شخص کی ہے جس کا دل اللہ تعالیٰ سے معمور ہو، لیکن جس کا اللہ سے خالی ہو اور غفلت اس پر غالب آ چکی ہو اور اسے اپنی ذات کے سوا کچھ اور نظر نہ آتا ہو اور وہ یہ خیال کرتا ہو کہ تمام افعال خود اس صادر ہوتے ہیں تو اس قسم کا آدمی ان علوم مذکورہ میں مشغول ہوتا ہے اور اپنی اندھی رائے اور تاریک تدبیر کے موافق یوں چاہتا ہے کہ ات آئندہ کا علم حاصل کروں تا کہ بکثرت خوبیاں اور منافع حاصل کر سکوں لہٰذا حق تعالیٰ اس کو اس کے نفس کے حوالے کر دیتا ہے اور کی اپنی تدبیر ہی اس کی ہلاکت کا سبب بنتی ہے اور اللہ تعالیٰ اسے طرح طرح کی بلاؤں اور مصیبتوں میں مبتلا کرتا ہے اسے امیدوں میں می ہوتی ہے اور مقصود ہاتھ سے جاتا رہتا ہے۔ جیسا کہ ہم اس فن کے لوگوں کو دیکھتے ہیں۔ نَسْأَلُ اللّٰهَ السَّلَامَةَ بِمَنِّهٖ وَفَضْلِهٖ اور یہ اس شخص کے لئے ہے جو اپنے آقا سے منہ موڑے اور اپنی تقدیر اور قسمت پر راضی نہ ہو تھوڑی ہے۔

یب حکایت:

پھر فرمایا کہ ایک عیسائی راہب کا عجیب و غریب قصہ ہے، وہ یوں ہے کہ یہ شخص راہبوں کا سردار اور ان کا لیڈر سمجھا جاتا تھا۔ یہ جب ی گرجا سے نکلتا تو صلیب کی طرف پیٹھ کر کے نہ نکلتا تھا تا آنکہ وہ گرجا سے نکل جاتا۔ ایک دفعہ ایسا اتفاق ہوا کہ اس کا بیٹا ایسے وقت میں فر کو گیا جبکہ سمندر موجزن تھا۔ اس سے اسے اپنے بیٹے کے متعلق سخت خوف لاحق ہوا اور وہ ہر وقت اس کی یریت معلوم کرنے کے انتظار ں رہتا تا آنکہ اسے خبر ہوئی کہ وہ بخیریت واپس آ گیا۔ اس سے اسے اس قدر خوشی ہوئی کہ وہ گرجا سے نکلتے وقت اپنی عادت کو بھول گیا۔ نانچہ صلیب کی طرف پیٹھ کر کے باہر نکل آیا مگر جب بیٹے سے ملا تو اسے یاد آیا کہ وہ تو صلیب کی طرف پیٹھ کر کے باہر نکل آیا ہے لہٰذا وہ

اسی وقت واپس آ گیا اور راہبوں سے کہا کہ مجھے ایک ہزار کوڑے لگاؤ انہوں نے جب اس کا سبب پوچھا تو بتایا کہ آج میری پیٹھ صلیب کی طرف ہوگئی ہے انہوں نے اس حرکت کو بہت بڑا گناہ سمجھا اور انہوں نے اس کو کوڑے مارنے شروع کئے یہاں تک کہ ہزار کی تعداد پوری کردی مگر اس سزا کے باوجود صلیب کی محبت قائم رہی۔ لوگوں کا خیال تھا کہ جو تکلیف اسے کوڑے لگنے سے ہوئی ہے اس کی وجہ سے اس کی نیت صلیب کے متعلق بدل جائے گی اور وہ اپنا مذہب چھوڑ دے گا، لیکن اس نے چھری لے کر اپنے دونوں پاؤں کو ٹخنوں سے کاٹ ڈالا اور کہا جو اپنے آقا سے منہ موڑ لے اس کی یہی سزا ہے۔

حضرت نے فرمایا جب [17] اس قسم کی باتیں گمراہ لوگوں سے صادر ہوں تو ان لوگوں کا کیا حال ہونا چاہیے جو حق پر ہیں اور حق سبحا کی عبادت کرتے ہیں، پھر فرمایا کیونکہ اللہ تعالیٰ کے علم ازلی اور ارادہ ازلی میں یہ بات آ چکی ہے کہ اس نے کچھ لوگوں کو پیدا کیا اور ان کو رحمت کا اہل بنایا ہے اور کچھ اور لوگوں کو پیدا کیا اور انہیں عذاب کا اہل بنایا اس لئے ان کی حرکات اور کوشش بھی اس کے مطابق ہوتی ہیں اہل رحمت کے دلوں کو اپنے سے متعلق کر دیا اور ان کی ہمت کو اپنی طرف پھیر دیا۔ اسی لئے تو ان کی حرکات وسکنات اس کے تابع ہوتی چنانچہ ان کی نماز، ان کا روزہ، ان کا اٹھنا، ان کا بیٹھنا، ان کی بیداری اور ان کی محبت سب اللہ کے لئے ہی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں محبوب چیزوں کی تحریک کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ تک پہنچ جاتے ہیں اور اس کی رحمت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں طرح وہ رحمت کے اس حصہ کو پالیتے ہیں جو ازل سے ان کے لئے لکھا گیا تھا۔

لیکن اللہ نے اہل نعمت وعذاب کے دل اوروں کی طرف لگا رکھے ہیں اور ان کی ہمتیں ان اشیاء کی طرف پھیر دی ہیں جو مکڑی جالے سے بھی زیادہ کمزور ہیں جیسے کہ وہ امور جن کا ذکر ہو چکا (علم جفر ورمل وغیرہ) لہٰذا ان کی تمام حرکات وسکنات انہی امور کے ہوتی ہیں چنانچہ ان کا اٹھنا، ان کا بیٹھنا، ان کی بیداری اور ان کی تمام کوششیں غیر اللہ کے لئے ہوتی ہیں تا آنکہ ازلی وعید جو ان کے مقرر ہو چکا ہے پورا ہو جائے اور وہ مقرر کردہ عذاب کا حصہ پالیں۔

حکایت:

ایک بزرگ نے مجھ سے یہ قصہ نقل کیا کہ میں صبح سے زوال کے وقت تک دو سن رسیدہ آدمیوں کے پاس بیٹھا جن کی عمر تقر سال کی ہو چکی تھی اور وہ اس تمام عرصہ میں دنیا کی باتیں کرتے رہے اور ان کی زبان پر نہ اللہ کا ذکر آیا اور نہ نبی ﷺ کا، میں اُٹھا وضو کر کے دو لڑکوں کے پاس آ بیٹھا جو روزہ رکھنے کے قابل ہونے والے تھے اور وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی صفات باتیں کرتے رہے اور میں نے ان سے عجیب وغریب باتیں سنیں۔ مجھے ان دونوں کی اس کیفیت کو دیکھ کر اور ان بوڑھوں کی حالت تعجب ہوا۔ ذلک تقدیر العزیز العلیم۔

حکایت:

حضرت نے اس کی تائید میں کہا کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے دل کو غیر سے متعلق کر دیتا ہے تو اس کو اس قدر ڈھیل دیتا اسے گمان بھی نہیں ہوتا اور ایسی چیزوں سے اسے مدد پہنچاتا ہے جو اس کے لئے فتنہ بن جاتی ہیں حتیٰ کہ مغیبات وغیرہ اس کے

نے لگ جاتے ہیں۔ اس پر آپ نے ایک حکایت بیان کی جس کے سننے سے دل دہل جاتے ہیں اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ایک ولی کا
م مرتبہ سلب کرلیا اور اس کے دل سے نورِ حق منقطع ہوگیا۔ اس سلب سے پہلے اس سے کرامات ظاہر ہوتی تھیں اور سلب ہونے کے بعد
ں سے عجیب وغریب طبی باتیں ظاہر ہونے لگیں۔ درحقیقت یہ امور اس کے لئے فتنہ کا سبب تھے تاکہ وہ سلب کے بعد بھی یہ سمجھتا رہے کہ
کچھ ہے ہر جگہ کے لوگوں کو اس کی خبر ہوئی اور وہ بہت سا مال لے کر اس کے پاس آنے لگے وہ مال جمع کرنے میں بڑا حریص تھا۔ چنانچہ
ہ سال تک اس کی یہی حالت رہی اور اس عرصہ میں اس نے ستر ہزار دینار جمع کر لئے لیکن جب مرا تو اس کا کوئی وارث نہ تھا۔ اس لئے
م مال بیت المال میں داخل کر دیا گیا اور اس کا انجام خسران ہوا۔ نَسْأَلُ اللّٰہ السَّلَامة و العافية۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ی کو کسی کے جُنبی ہونے کا علم کیسے ہو جاتا ہے:

میں نے حضرت سے سوال کیا کہ اگر کسی شخص پر غسل کرنا فرض ہوگیا ہو، لیکن اس نے غسل نہ کیا ہو تو ولی کو اس کا علم کس طرح ہو جاتا ہے۔

فرمایا اولیاء اللہ کے نزدیک جنابت کی کئی ایک قسمیں ہیں، لیکن غسل ایک ہی میں واجب ہوتا ہے پھر اولیاء کے نزدیک جنابت کے
ئی ایک اسباب ہیں اور علماء کے نزدیک اس کا صرف ایک ہی سبب ہے چنانچہ اولیاء اللہ کے نزدیک ان تمام اسباب میں غسل واجب ہوتا
ہے، لیکن علماء کے نزدیک صرف ایک سبب سے واجب ہوتا ہے۔

اس پر میں نے سوال کیا کہ وہ کونسا امر ہے جس کا علماء کے نزدیک تو ایک ہی سبب ہے اور اولیاء اللہ کے نزدیک اس کے متعدد
باب ہیں۔

فرمایا: وہ یہ ہے کہ ذات اپنی نگاہ میں اللہ سے اس طرح منقطع ہو جائے کہ اس کی تمام نگاہیں اللہ کی طرف سے بند ہو جائیں اور اس
ہر رگ وریشہ غیر اللہ کے ساتھ سرور سے لبریز ہو اور اس کی اور اس کے تمام اجزاء وجواہر کی ساری توجہ اس کی طرف ہو بشرطیکہ یہ غیر اس
الت میں اللہ سے تعلق منقطع کرنے والا ہو لہٰذا جب ذات اس طرح سے کلی طور پر اللہ سے منقطع ہو جاتی ہے تو ملائکہ اور محافظ فرشتے اس
سے بھاگ جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے بندہ کے تعلق کے ٹوٹ جانے کو بہت بڑا گناہ سمجھتے ہیں۔ لہٰذا صوفیہ کے نزدیک ہر وہ بات جس سے
ات اللہ سے کلی طور پر منقطع ہو جائے اس سے غسل واجب ہو جاتا ہے لیکن علماء کے نزدیک جماع یا اس قسم کی کسی اور بات سے غسل
اجب ہو جاتا ہے پھر فرمایا کہ غسل کا راز یہ ہے کہ ذات کو اس انقطاع سے پاک کر دیا جائے کیونکہ یہ انقطاع بمنزلہ نجاست حسیہ کے ہوتا
ہے چنانچہ جب انسان غسل کرنے لگتا ہے تو فرشتے بھی واپس آنے لگ، جاتے ہیں۔ لہٰذا جب ولی فرشتوں کو اس ذات سے جو اللہ سے
نقطع ہو چکی ہے، بھاگتا ہوا دیکھتا ہے تو وہ سمجھ جاتا ہے، کہ بھاگنے کا سبب یہی اللہ سے انقطاع ہے جو جنابت کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔

میں نے عرض کیا آپ کے فرمان کے مطابق اگر کوئی شخص جماع کے وقت اللہ کی طرف دھیان رکھے تو اس پر غسل واجب نہیں ہونا چاہیے۔

فرمایا: ایسا شخص شاذ ونادر ہی کوئی ہوگا اور نادر پر کوئی حکم نہیں لگایا جاتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ولیٔ کامل انسان کو ایک لحظہ میں واصل باللہ بنا سکتا ہے:

میں نے حضرت کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ولی میں یہ قدرت ہوتی ہے کہ وہ اگر کسی کے کان میں کوئی بات کہہ دے اور جب کہہ کر اُٹھے

تو وہ شخص اور وہ ولی بغیر کسی قسم کے فرق کے معارف میں برابر ہو جائیں اور ان سے مراد یہ تھی کہ ولی کامل انسان کو ایک لحظہ کے اندر واصل باللہ بنا سکتا ہے۔

پھر فرمایا: لیکن اس کا سارا دارومدار اس گوند پر ہے جس سے یہ راز چسپاں کیا جاتا ہے لیکن ذات انسانی میں گوند ہی نہ پائی جاتی ہو تو سِرّ اپنی اصل کی طرف لوٹ آتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی ہوا پر قمیص، شلوار اور عمامہ پہنا دے۔ کیونکہ ظاہر ہے کہ یہ چیزیں ہوا پر قائم نہ رہ سکیں گی۔ میں نے حضرت سے اس کے متعلق مزید دریافت کرنا چاہا لیکن اس وقت نہ پوچھ سکا اور عشاء کے قریب مجلس برخاست ہوگئی جب رات کو سویا تو حضرت خواب میں آئے تو میں نے وہی سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ وہ گوند موت نفس ہے جب صبح کو آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے خواب والے جواب کا ذکر کیا تو فرمایا جواب درست ہے اس پر میں نے سوال کیا کہ موت نفس سے کیا مراد ہے؟ آپ نے اس کا جواب ایک بار تو یوں دیا کہ موت نفس کی یہ علامت ہے کہ بندہ کے تمام افعال خالص اللہ کے لئے ہوں اور اگر اعمال غیر اللہ کے لئے ہوں گے تو یہ نفس کے زندہ ہونے کی علامت ہے۔

پھر فرمایا: اس کی ایک اور علامت وہ یہ ہے کہ جب بندہ کے دل میں وسواس پیدا ہوں تو یہ نفس کے زندہ ہونے کی دلیل ہے اور جس قدر نفس زندہ ہوگا اسی قدر زیادہ وسواس ہوں گے۔ جس کے دل میں وسواس نہیں اس کا نفس بھی نہیں اور جس کے دل میں وسواس آئیں اور اس کا نفس زندہ ہے اور جس کا نفس زندہ ہوگا اس کے اعمال اللہ کے لئے نہ ہوں گے بلکہ اپنے نفس کے لئے ہوں گے اسی کے لئے اس کی ساری دوڑ دھوپ اور تدبیریں ہوں گی۔

اس پر میں نے عرض کیا پھر اس کا کیا تریاق ہے جسے اگر اس نفس پر ڈالا جائے تو نفس مر جائے اور اس طرح پگھل جائے جس طرح نمک پانی میں پگھل جاتا ہے۔ آپ ہمیں بتلائیں تا کہ ہم اس پر وہ تریاق ڈالیں اور اس نفس سے نجات حاصل ہو۔ فرمایا: اس کا کوئی علاج نہیں صرف ایک علاج ہے اور وہ یہ کہ اس پر بہت بڑا پہاڑ گرے۔ میں نے عرض کیا وہ بڑا پہاڑ کیا چیز ہے؟

فرمایا: وہ پہاڑ اللہ کی معرفت اور اس کا مشاہدہ ہے لہٰذا جب بندہ کا دل اللہ کی معرفت سے معمور ہوگا اور اسے یقین ہوگا کہ اللہ اس کی باتوں کو دیکھ اور سن رہا ہے اور یہ کہ اس کی ہر حرکت کا محرک اللہ تعالیٰ ہی ہے اور اللہ تعالیٰ ہی اس پر جو انعامات چاہتا ہے کرتا ہے اور یہ کہ آخرت میں اسے اپنے رب کے ہاں جانا ہے اور وہ اسے جہاں چاہے گا ڈال دے گا۔ جب وہ ان باتوں کو سوچے گا تو اسے یقینی طور پر اس بات کا علم ہو جائے گا کہ وہ نہ اپنے آپ کو اور نہ کسی اور کو نہ اس دنیا میں نہ آخرت میں کسی قسم کا فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ ہاں اگر اللہ تعالیٰ عنایت کرے تو اس وقت وہ اوروں کی طرف نظر اُٹھا کے نہیں دیکھتا اور اس کا نفس مر جاتا ہے خدا اپنے فضل و کرم سے ہمیں نفس کو مارنے کے اسباب عطا کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

میرا گزر کچھ لوگوں کے پاس سے ہوا جو ضامہ (ایک قسم کا کھیل) کھیل رہے تھے۔ اس پر میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ اس کھیل کے کھیلنے کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے؟

حضرت نے فرمایا: یہ کھیل کھیلنا حرام ہے۔

میں نے سوال کیا: کیوں حرام ہے؟

فرمایا: تمام محرمات کی وجہ تحریم ایک ہی امر ہے اور وہ انقطاع عن اللہ ہے۔ لہٰذا ہر وہ چیز جو اللہ سے تعلق توڑ دے اور شارع کی اس
ں کوئی غرض بھی نہیں پائی جاتی تو اسے اللہ تعالیٰ حرام قرار دے دیتے ہیں پھر فرمایا کہ اس کھیل میں سوائے اس کے کہ اللہ سے غافل
ردے کوئی اور فائدہ تو پایا نہیں جاتا کیونکہ اس کھیل کے کھیلنے والے جب یہ کھیل کھیل رہے ہوتے ہیں تو دل و جان سے اس میں اس طرح
شغول ہو جاتے ہیں کہ ان کی ذات کی تمام نگاہیں اس گھڑی میں اللہ کی طرف سے مسدود ہو جاتی ہیں۔

میں نے اعتراض کیا کہ تیراندازی سیکھنے اور گھوڑ دوڑ وغیرہ آلات حرب میں بھی تو انسان کی یہی کیفیت ہوتی ہے کہ وہ اس وقت اللہ
سے منقطع ہو جاتا ہے۔

فرمایا یہ چیزیں پہلی کھیل کی سی نہیں ہیں اس لئے کہ اس کھیل میں شارع کی کوئی غرض موجود نہ تھی اور ان میں بندہ کے لئے بھی کوئی
ئدہ نہیں پایا جاتا برخلاف تیراندازی اور گھوڑ دوڑ وغیرہ آلات حرب کے کہ ان کا سیکھنا اعداد قوت کے تحت میں آ جاتا ہے جس کا حکم اللہ
الیٰ نے آیت وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ مِّنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ (کافروں سے جنگ کرنے کے لئے جس قدر قوت تم تیار کر سکو
رجس قدر گھوڑے تیار رکھ سکو' رکھو) میں فرمایا ہے چنانچہ جو چیز بھی شارع کا مقصود ہو یا مقصود ہونے کی اس میں صلاحیت ہو وہ اللہ سے
طع نہیں ہو سکتی۔ پھر فرمایا یہی وجہ ہے کہ شطرنج کی حلت کے بارے میں آئمہ میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض (امام شافعی) نے تو اسے
ں لئے مباح قرار دے دیا کہ اس میں کیفیت جنگ وغیرہ کی تعلیم پائی جاتی ہے اور اس کا مقصود شارع ہونا صحیح ہو سکتا ہے اور بعض نے
سے اس خیال سے حرام قرار دیا ہے کہ کیفیت جنگ وغیرہ کے سیکھنے میں شارع کی غرض صرف اسی خاص طریقہ پر موقوف نہیں ہو سکتی بلکہ یہ
رض کسی اور طریقہ سے بھی حاصل ہو سکتی ہے جو اس سے زیادہ آسان اور زیادہ واضح ہو۔ اسی لئے شطرنج کی حرکت کا حکم ضامہ سے کم درجہ
ا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مومنین کی محبت توبہ نصوح کا سبب ہوتی ہے:

حضرت نے صالحین میں سے ایک شخص کا قول نقل کیا کہ مجھ میں رجوع الی اللہ کے راسخ ہونے' اس کی شاخوں کے پھیلنے اور اس کی
ڑوں کے مضبوط ہونے اور اس میں انتہا تک پہنچنے کا سبب بلا امتیاز تمام مومنین سے محبت اور بلا امتیاز تمام کافروں سے بغض رکھنا ہے۔

پھر فرمایا: جب بندے میں یہ محبت پائی جائے تو خواہ پسند کرے یا نہ اللہ کی طرف سے اس پر توجہ (توجہ الی اللہ) کا نزول ہوتا ہے اور
گر وہ اسے دور ہٹانے کا ارادہ کرے تب بھی اُتر کر رہے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان مومنین کی محبت میں امتیاز اس طرح کرے کہ بعض
سے محبت رکھے اور بعض سے بغض صرف اسی وقت رکھتا ہے جب اس کے دل میں حسد یا تکبر کی وجہ سے چھپا ہوا بغض پایا جائے لہٰذا اس کی
نیت بد ہو گی اور توبہ نصوح تو اسی شخص کو نصیب ہوتی ہے جس کی زمین طیب اور ارادہ پاک ہو اور جب وہ تمام مومنین سے محبت رکھے گا تو
تمام مکاریاں اس کے دل سے اٹھ جائیں گی اور اس وقت اس پر توبہ کا نزول ہو گا۔

حضرت نے ایک بار یوں فرمایا کہ اس قسم کے آدمی کو (جس کے دل میں عامۃ المسلمین کی محبت پائی جائے) توبہ کی ضرورت نہیں
رہتی کیونکہ یہ عام محبت تمام گناہوں کو مٹانے کے لئے کافی ہے اس لئے کہ یہ ان تمام مکاریوں کو جو گناہ کا موجب بنتی ہیں دل سے محو کر دیتی
ہے۔ نیز فرمایا ان میں سب سے بڑا فریب حسد ہے جو اس محبت کے ہوتے ہوئے نہیں رہ سکتا۔ ہم نے حسد کو سب سے بڑا فریب اس لئے

قرار دیا ہے کہ تمام معاصی اور مکر اسی سے نکلے ہیں اور یہ ان سب کا سبب ہے کیونکہ کسی شخص سے اس لئے بغض رکھنا کہ اس کا مال یا اولاد وغیرہ تم سے زیادہ ہے حسد کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح جب تو اس تکبر اور غرور کے ذریعہ سے اسے اس مرتبہ تک پہنچنے سے روکنا چاہے گا اور یہ اسی لئے ہوگا کہ تو یہ نہیں چاہتا کہ یہ مرتبہ اسے مل جائے اور اسی کا نام حسد ہے۔ اسی طرح تمام گناہوں کی اصل حسد نکل سکتی ہے۔

(مؤلف کہتا ہے) کہ حسد کی نحوست کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اور یہ بھی بیان ہو چکا ہے کہ حسد ابواب ظلام میں سے ایک باب ہے اور وہاں ہم نے اس بات کی طرف بھی اشارہ کیا تھا۔ خدا ہمیں اپنے نفس کے شر اور ہر شر انگیز بات کے شر سے بچائے۔

اگر تمام مومنین سے محبت کی جائے تو حبّ فی اللہ اور بغض للہ کہاں رہا!

اس پر میں نے حضرت سے سوال کیا جب یہ شخص بلا امتیاز تمام مومنین سے محبت کرے تو حب فی اللہ اور بغض فی اللہ جو ایمان کی شاخوں میں سے دو شاخیں ہیں، کہاں رہا۔ اس لئے کہ ہمیں معصیت کرنے والے سے بغض رکھنا چاہیے چنانچہ جب ہم اس سے فی اللہ محبت رکھیں گے تو مقتضائے مشیت کے خلاف کریں گے۔

بغض معصیت سے ہونا چاہیے نہ کہ مومن سے:

حضرت نے فرمایا ہمیں بغض [18] گناہگار کے افعال سے ہونا چاہیے نہ کہ اس کی مومن ذات اس کے طاہر دل اور ایمان دائم سے۔ جو امور اس کی محبت کو لازم قرار دیتے ہیں وہ تو دائمی ہیں برخلاف ان گناہوں کے جو اس سے بغض رکھنے کو لازم قرار دیتے ہیں وہ عارضی اور وقتی ہوتے ہیں لہٰذا ہمارے دلوں میں مومن کی محبت جاگزیں ہونی چاہیے اور امور عارضہ سے بغض ہونا چاہیے اور اپنے ذہن اور آنکھوں کے سامنے اس کے گناہوں کو یوں سمجھنا چاہیے جیسے اس کے کپڑوں سے پتھر بندھے ہوں۔ چنانچہ اس کے کپڑوں سے بندھے ہوئے پتھروں سے تو بغض ہوگا لیکن اس کی ذات سے محبت ہوگی۔ شریعت نے ہمیں معصیت کرنے والے سے اسی قدر بغض رکھنے کا حکم دیا ہے اس سے زیادہ کا نہیں۔ اکثر لوگ ذات سے خارج افعال کے بغض اور ذات کے بغض میں فرق نہیں کرتے۔ وہ چاہتے تو یہ ہیں کہ افعال سے بغض رکھیں، لیکن انہیں اس کا طریقہ نہیں آتا لہٰذا وہ ذات سے بغض کرنے لگ جاتے ہیں حالانکہ ہمیں صرف کافر کی ذات سے بغض رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اسی لئے ان کی ذات اور جو کچھ ان کی ذات سے صادر ہوتا ہے سب سے بغض رکھتے ہیں لیکن ہمیں معصیت کار مومن سے ایسا بغض رکھنے کا حکم نہیں دیا گیا جس سے اس کی ذات کی محبت اس کے ایمان باللہ ہونے کی محبت' ایمان بالرسول کی محبت' تمام رسولوں پر ایمان لانے کی محبت' تمام انبیاء پر ایمان لانے کی محبت' تمام آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کی محبت' یوم آخرت اور جو کچھ بھی آخرت میں ہوگا یعنی حشر ونشر' جنت و دوزخ اور صراط و میزان کی محبت اور اس کے ملائکہ پر ایمان رکھنے کی محبت اور خیر و شر کی تقدیر پر ایمان لانے کی محبت بجھ جائے اس طرح ہم ہر قابل تعریف وصف پر اس سے محبت رکھیں گے۔ لہٰذا جب ان پسندیدہ خصال کی وجہ سے اس کی محبت ہمارے دلوں میں سما چکی ہوگی تو اس کا بغض کبھی بھی ہمارے دلوں میں داخل نہ ہو سکے گا۔ ہم صرف اس کے افعال سے بغض رکھیں گے اور اس کے لئے دعائے خیر کریں گے بالخصوص جب ہم اس کی طرف حقیقت کی نگاہ سے دیکھیں۔ اکثر لوگوں کا یہ حال ہے کہ جب وہ معصیت کار سے بغض رکھنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے ان کی توجہ اس کی ذات سے بغض رکھنے کی طرف جاتی ہے اور وہ ان خصلتوں کو نظر

کردیتے ہیں جن کی وجہ سے اس سے محبت کرنا واجب ہو جاتا ہے اسی لئے ان کے دلوں میں اس کا بغض جگہ پکڑ لیتا ہے اور وہ ہوتے تے اس کی ذات سے بغض کرنے لگ جاتے ہیں۔ چنانچہ ان کی نظروں میں اس کی ذات مبغوض ہو جاتی ہے حالانکہ یہ بات جائز وروا ں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

وں کی توجہ اپنی طرف کرنے کی غرض سے عمدہ لباس پہننا یا خوراک کھانا وغیرہ بُری بات ہے:

میں نے حضرت کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جو شخص اپنی سواری' لباس' مکان اور خوراک وغیرہ میں لوگوں سے امتیاز رکھتا ہے وہ بُرا شخص ۔ میں نے عرض کیا یہ کیوں کر بُرا ہوا؟

فرمایا یہ لوگوں کے دلوں کو اپنی طرف متوجہ کر کے انہیں اللہ سے منقطع کر دیتا ہے۔ اسی لئے اس کا ممتاز ہونا اسے اللہ سے منقطع نے کا باعث بنا۔

اس پر میں نے عرض کیا کہ وہ لوگ جو اللہ سے پہلے ہی محجوب ہیں اور اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں وہ تو پہلے سے ہی اللہ سے منقطع چکے ہوتے ہیں۔ اس لئے انہیں اس کی طرف متوجہ ہونے سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

فرمایا (کیوں نہیں) بے تعلقی تو پہلے سے ہوتی ہے اس پر اور بے توجہی کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ نیز فرمایا کہ جو ذات اس امتیاز میں غول ہوتی ہے رُوح اس سے بھاگنے لگتی ہے۔

اس لئے کہ اس امتیاز سے رُوح کو ذلت وخواری لاحق ہوتی ہے لہٰذا وہ ذات کے فعل کو بُرا سمجھ کر اس سے نفرت کرنے لگتی ہے اور ے اپنے خالق کے ساتھ جو برتاؤ مناسب تھا اس کا راستہ نہیں دکھاتی اور یہ بات اس کی ہلاکت کا سبب بنتی ہے۔

(مولف کہتا ہے) اس صورت میں اس امتیازی شان دکھانے میں آفتیں پائی گئیں ایک اپنے لئے اور ایک اوروں کے لئے۔

حاضرین میں سے ایک صاحب نے جو بڑے سخی اور کریم تھے عرض کیا کہ حضرت اگر کوئی شخص اس امتیازی شان سے صدقہ وخیرات رے تو کیا وہ مضر ہے؟

فرمایا ہاں جہاں تک ہو سکے اسے صدقہ چھپا[19] کر کرنا چاہیے۔

نیز فرمایا میں ایک شخص کو جانتا ہوں کہ اس نے مغرب اور عشاء کے درمیان پچیس مثقال سونا فقیروں میں صدقہ کیا اور ان میں سے ب بھی اسے نہ جانتا تھا۔

اس سخی نے سوال کیا حضرت وہ صدقہ تو چھپا کر کرتا ہے، لیکن اگر اس کا دل اسی کی طرف لگا رہتا ہے اور اس سے خوش ہوتا ہے۔

فرمایا: اگر اس کے دل کا صدقہ کی طرف لگا رہنا صدقہ سے خوش ہونے کی وجہ سے اور اسے اپنے خیال میں بڑی بات سمجھنے کی وجہ سے ہے جس کی وجہ سے اس کا دل خوش ہوتا ہے تو یہ بات مانع صدقہ نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ صدقہ کرنے والا کبھی اس نظر سے غافل ہو جائے ور صدقہ عیب سے سالم نکلے اور حق تعالیٰ اسے قبول فرمالے۔

طول عمر میں حکمت:

حضرت نے فرمایا کہ ہماری عمریں لمبی کرنے میں یہی فائدہ ہے۔ ہم ساٹھ ستر سال تک بھی زندہ رہتے ہیں تا کہ شاید ہمیں اتنی لمبی

عمر میں کوئی قبولیت کی گھڑی ہاتھ آ جائے (اور ہم نجات پا جائیں) کیونکہ ہم پر شہوت اور نفس کا اتنا غلبہ وتسلط ہے کہ ہمارا کوئی عمل بھی پاک نہیں ہوتا اور نہ کوئی عمل (ریا ونمود سے) خالص ہوتا ہے۔ لہٰذا اس قسم کے اسباب نیک کام سے مانع نہیں ہو سکتے۔ لیکن اگر نفس کا صدقہ کو دیکھنا ریا ونمود کی غرض سے ہو یا اس شخص نے صدقہ محض لوگوں کی خاطر کیا ہو تو اس صورت میں یہ علت صدقہ سے مانع ہوگی اور اس فعل کو معصیت بنا دے گی۔ اگرچہ بظاہر دیکھنے میں ایک عبادت دکھائی دیتی ہے۔

(مؤلف کہتا ہے) اس تفصیل سے حضرت کا اشارہ آئمہ کے اس فرمان کی طرف ہے کہ غرور کے خوف سے کوئی کام نہیں چھوڑنا چاہیے' البتہ اگر ریاء پایا جائے تو اسے ترک کرنا چاہیے خدا حضرت سے راضی ہو آپ کے علم کا دائرہ کس قدر وسیع ہے اور مجھے اس سے اکثر تعجب ہوتا ہے۔ تعجب پہ تعجب کی بات یہ ہے کہ ایک عامی اور امی ہوتے ہوئے آپ سے ان علوم کا ظہور ہوتا جن کا نہ شمار ہو سکتا ہے اور نہ کوئی ان کے متحمل ہونے کی طاقت رکھ سکتا ہے اور نہ ہی آپ کو ان کے ذکر کرنے میں سوچنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ پاک ہے وہ خدا جس نے حضرت کو یہ علوم لدنی اور معارف ربانی عطا کئے۔

اس کے بعد اس سخی نے پھر سوال کیا کہ حضرت فرمائیں کہ ہمارے اعمال خواہ وہ صدقہ ہو یا کوئی اور عمل خالصتاً اللہ کے لیے کیسے ہو سکتے ہیں؟

حضرت نے فرمایا: جو کام بھی تم اجر یا نیکی کی نیت سے کرو وہ اللہ کے لئے نہیں ہے۔ کسی اور کے لئے ہے اور اس میں وسوسوں کا آنا بھی ضروری ہے۔ چنانچہ جب تو اس نیت سے صدقہ کرے گا تو تجھے دل میں خیال پیدا ہوگا، ہو سکتا ہے کہ جسے صدقہ دیا گیا وہ صدقہ کا اہل نہ ہو اور اگر اہل تھا تو ممکن ہے کہ کوئی اور شخص اس سے زیادہ حقدار اور اس کو دینے میں مقبولیت کا زیادہ امکان ہو اور میں نے اسے صدقہ نہیں دیا۔ حتیٰ کہ آخری وسوسہ یہ ہوگا کہ نہ معلوم میرا صدقہ اللہ نے قبول بھی کیا ہے یا نہیں اور جس عمل میں وسوسہ کا دخل ہو گیا اس میں اللہ کا کوئی حصہ نہیں کیونکہ وسوسہ شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اور جو کام اللہ کے لئے ہو شیطان اس کے قریب بھی نہیں پھٹک سکتا۔

سائل نے پھر سوال کیا اگر میں اجر اور نیکی کی نیت سے صدقہ کروں اور اللہ کے قرب حاصل کرنے کی نیت سے کروں تو کیا یہ بھی نقصان دہ ہے یا نہیں؟

فرمایا: ہاں یہ بھی مضر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے قرب کی نیت بھی ایک غرض ہے۔ لہٰذا اس غرض سے عمل کرنا اسی غرض کی خاطر ہے۔

فرمایا: خالص اللہ کے لئے عمل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ انسان اللہ کے اوصاف جلال وکمال اور اس کی کبریائی اور عظمت کو معلوم کرے اور دیکھے کہ اللہ تعالیٰ کی کس قدر ان گنت اور بے شمار نعمتیں اسے حاصل ہیں۔ چنانچہ وہ سمجھ لے کہ خدا ہی اس بات کا اہل ہے کہ اس کے سامنے سر جھکایا جائے اور اس کے سامنے عاجزی کی جائے اور اس کے دل میں حظوظ نفس میں سے قطعاً کسی حظ کا خیال نہیں آنا چاہیے چہ جائیکہ اس کا عمل ہی اس حظ کی خاطر ہو۔ بلکہ اس کے ذہن میں یہ خیال ہونا چاہیے کہ اگر وہ ابدالآباد تک بھی اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور جس قدر بھی بھاری اور تکلیف دہ عبادت ہو سکتی ہو، اللہ کی ہمیشہ کے لئے اطاعت کرتے رہیں اور ان کی عمر بھی لمبی اور وہ ان اعمال مداومت بھی کرتے رہیں تب بھی وہ اس حق کو ادا نہ کر سکیں گے جو اللہ کے بندوں پر واجب ہے۔ بندہ کو حظ نفس کے لئے عمل کرنے کا خیال تو اس وقت کرنا چاہیے جب وہ اپنے رب کے حقوق کی ادائیگی سے فارغ ہو چکا ہو لہٰذا جب وہ اللہ کے ایک حق کو بھی ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا تو اللہ کے تمام حقوق کی ادائیگی کا خیال اسے کیسے آ سکتا ہے یا وہ حظ نفس کی طرف متوجہ ہونے کا کیسے خیال کر سکتا ہے؟ نیز فر

ں جنت جنت میں داخل ہوچکیں گے اور انہیں اللہ تعالیٰ کی مزید معرفت حاصل ہوگی تو سب کے سب اللہ کی اطاعت میں کوتاہی
سے نادم ہوں گے۔

حضرت نے فرمایا جو کچھ میں نے کہا ہے، اگر تو اس پر غور کرے تو تجھے معلوم ہو جائے گا کہ اجر کی خاطر عمل کرنا اللہ سے بے تعلق اور
حقوق کی ادائیگی سے دور کر دیتا ہے اسی وجہ سے اس قسم کا عمل کرنے والا اللہ سے اور دور ہو جاتا ہے اور اگر تو اس نیت سے اللہ کی
کرے کہ وہی اس کا اہل ہے تو تمہاری عبادت میں کبھی بھی وسواس نہیں آئے گا۔

(مؤلف کہتا ہے) میں نے عرض کیا: حضرت اگر صدقہ دینے والا صدقہ دیتے وقت یہ خیال کرے کہ مال بھی اللہ کا ہے اور اس کی
ی اللہ ہی کے لئے ہے اور یہ مسکین بھی اللہ ہی کا ہے، چنانچہ اس کے ذہن میں یہی بات ہو کہ ہر چیز اللہ ہی کے لئے ہے اور اسی نیت
نکالے اور یہ سمجھے کہ اس میں میرا تو کچھ بھی نہیں ہے تو اس شخص کا صدقہ کیسا رہے گا؟

فرمایا: اس شخص کا صدقہ بہترین صدقہ ہوگا۔

اس تاخیر کی حکمت بتا ہی چکے ہیں کہ آنحضرت ﷺ جب تک چالیس سال کو نہ پہنچ گئے مبعوث نہیں فرمائے گئے اور ہم اسے پھر ذکر
گے۔

ت:

اس کے بعد حضرت نے ایک واقعہ بیان کیا جو ایک مجذوب سے آپ کو پیش آیا تھا جس کا ماحصل یہ ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
ب سے جو صالحین میں سے تھے میری جان پہچان تھی۔ جاڑے کے موسم میں سردی سے بچنے کے لئے ان کے پاس کوئی کپڑا نہ تھا۔
ن پر ترس آتا اور اکثر ان کا خیال رہتا۔ اکثر ایسا ہوا کہ کسی نے ان کو کپڑا دیا کہ سردی سے بچاؤ ہو مگر کوئی آیا جس کے دل میں اللہ کا
نہ ہوتا اور وہ کپڑا ان کے بدن سے اتار کر لے جاتا وہ ایک چکی میں جہاں آٹا پستا تھا رہا کرتے تھے میں وہاں پہنچا۔ وہ وہاں موجود
میں ان سے بات کرتا اور وہ جواب دیتے۔ اس کے بعد میں نے کہا کہ میں آپ کے پہننے کے لئے کپڑا لایا ہوں اور میں یہ کپڑا اس
سے لایا تھا کہ اللہ تعالیٰ اس صدقہ کے عوض میری فلاں حاجت روا کرے اور اس کا اللہ کے سوا کسی کو علم نہ تھا۔ کہنے لگے میں نہ قبول
ں گا نہ پہنوں گا جب میں نے انکار سنا تو دوبارہ سہ بارہ قبول فرمانے کی درخواست کی۔ اس پر فرمایا میں ایسا کپڑا نہ پہنوں گا جسے تو اس
سے دے رہا ہے کہ تمہاری فلاں حاجت برآئے اور بعینہٖ اس حاجت کا ذکر کر دیا۔ میں تو وہ کپڑا پہنوں گا جو خاص اللہ کے لئے ہوگا۔
ر میں اس کپڑے کو ان کے پاس چھوڑ کر چلا آیا اور چکی والوں کو کہہ آیا کہ وہ انہیں وہ کپڑا پہنا دیں مگر وہ کپڑا کئی دن تک وہیں پڑا رہا اور
انے اسے نہ پہنا۔ جب یہ مخلوق کا حال ہو کہ اس نے اس چیز کو جو غیر اللہ کے لئے ہے قبول کرنے سے انکار کر دیا تو کیا پوچھنا اللہ
نہ وتعالیٰ کا۔

ب عابد کا واقعہ جس نے اپنے اعمال پر اعتماد کیا:

حضرت نے فرمایا کہ ایک عابد کو عبادت میں فتح نصیب کی گئی اور وہ مرض استسقاء میں مبتلا ہو گئے۔ جب انہوں نے محسوس کیا کہ
ت کا وقت آ گیا ہے اور ان کے ہوش و حواس قائم تھے کیونکہ مرض استسقاء کے اکثر مریضوں کے ہوش قائم رہتے ہیں۔ چنانچہ جب

انہوں نے نزع کی تکلیف محسوس کی اور محسوس کیا کہ اتنا تکلیف دہ وقت ان پر عمر بھر نہیں آیا تو اس سے ان پر خدا کا خوف طاری ہو گیا اور ان پر اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہونے کا رعب چھا گیا۔ اس پر انہوں نے اپنی کثیر عبادت کا خیال کیا جو انہوں نے عمر بھر کی تھی اور انہیں خوش ہوئی اور دل گرما گیا اور اس عبادت کو اس خوف کے مقابلہ میں رکھا اس لئے اس نے اپنے دل میں امن و راحت محسوس کی جب اللہ تعالیٰ نے دیکھا کہ اس نے اپنی عبادت پر اعتماد کیا ہے تو اس کی ساری عبادت سلب کر لی گئی اور وہ اسی حالت میں مر گیا۔ خدا اس سے بچائے۔

حضرت نے فرمایا اس قسم کے کئی عابد اس لئے جہنم میں گئے کہ انہوں نے اپنے اعمال پر بھروسا کیا تھا پھر فرمایا کہ یہ بات تبھی ہے کہ اپنی عبادت پر وہی شخص اعتماد کرے گا جس نے اجر کی خاطر عبادت کی ہوگی اگر یہ عبادت محض اللہ کے لئے ہوگی تو ان کو اس بڑے دن کام آئے گی۔

پھر فرمایا: کہ عارفین کی عبادت محض اللہ تعالیٰ کی ذات کریم کے لئے ہوتی ہے۔ اسی لئے تو نہایت تعظیم و اکرام کے ساتھ ڈرتے ہوئے کرتے ہیں اور انہیں یقین ہے کہ اگر وہ عمر بھر بھی عمل کرتے رہیں اور اپنے ماتھوں کو پتھروں سے ٹکراتے رہیں، تب بھی اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا حق ادا نہیں کر سکیں گے۔ چہ جائیکہ اجر کا مطالبہ کریں۔ اس لئے کہ اجر کا مطالبہ تو وہی کرتا ہے جو جانتا ہو کہ اس نے ادا کر دیا اور عارفین کو تو یقین ہوتا ہے کہ انہوں نے عبادت کرنے میں کوتاہی کی ہے علاوہ بریں وہ یہ بھی دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ جو ان سے صادر ہوا ہے وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ ان کی اپنی طرف سے نہیں لہٰذا ایسے فعل پر جس کا فاعل کوئی اور ہو، وہ کس طرح اجر مطالبہ کر سکتے ہیں؟

میں نے عرض کیا کہ اس عابد کی کون سی چیز سلب کی گئی کیونکہ اگر کہیں کہ معرفت سلب کی گئی تو یہ تو اسے حاصل ہی نہیں ہوئی تھی۔ لئے کہ اگر اسے معرفت حاصل ہوتی تو اپنے اعمال پر بھروسہ نہ کرتا لہٰذا سلب شدہ چیز یا تو ایمان ہے یا نیکیاں؟

حضرت نے فرمایا: سلب شدہ چیز نیکیاں ہیں جو اس نے کی تھیں اس لئے کہ اس نے چونکہ انہی پر نظر لگا رکھی تھی اور انہی پر اعتماد بیٹھا تھا۔ اس لئے اللہ نے ان تمام رحمتوں کو جو ان اعمال پر مرتبت ہونے والی تھیں زائل کر دیا جس کی وجہ سے تمام نیکیاں معاصی گناہوں میں بدل گئیں جن کا عذاب جہنم میں اسے ہوگا۔

میں نے عرض کیا کہ اس کو سزا دینے کے لئے حبطِ اعمال ہی کافی تھا، پھر اس پر مزید یہ کہ ان اعمال کو گناہوں میں کیوں بدل دیا؟

فرمایا: چونکہ اس نے انہی پر امید لگا رکھی تھی اس لیے وہ اعمال گناہوں میں بدل دیئے گئے کیونکہ جب تو دیکھے کہ ایک نیزہ طرف آ رہا ہے اور لامحالہ وہ تیرے پہلو کو لگے گا اور اگر تو ڈھال سے بچنا چاہے تو تجھے پہلے یقین ہونا چاہیے کہ وہ ڈھال نیزہ کی چوٹ سکتی ہے لیکن اگر تجھے معلوم ہو کہ ڈھال نیزے کے وار کو روک نہیں سکتی تو تو اس ڈھال کو اپنا بچاؤ نہ بنائے گا بلکہ تو کسی اور نیزے وا پناہ میں جائے گا اور اس کی رضامندی طلب کرے گا تا کہ وہ تم پر رحم کھا کر اس کے نیزہ کو تم سے روکے۔ یہی حال اس عابد کا ہے کیونکہ نے اپنی عبادت کو اس خوف کے مقابلہ میں اسی لئے رکھا اور اس پر مطمئن اور بے خوف ہو بیٹھا کہ اس کے اعمال اللہ کے حقوق سے قوی ہیں اور وہ اس کے خوف وغیرہ کو رد کر سکتے ہیں اور یہی انتہا درجہ کی گمراہی ہے۔

نیز فرمایا کہ جملہ عبادات اور تمام کی تمام اطاعات اور کل شریعتیں محض اس لئے قائم کی گئی ہیں کہ دنیا میں توحید کو قائم کیا جا مخلوقات کو اپنے رب کی معرفت حاصل ہو، لہٰذا جب یہ معرفت حاصل ہو گئی تو اصل مقصود حاصل ہو گیا لیکن جب معرفت ہی حاصل نہ

وفوت ہو جائے تو پھر وسیلہ (یعنی عبادات) کا کیا اعتبار اور معصیت کو اس لئے حرام قرار دیا گیا کہ ان کی وجہ سے بندہ کا تعلق اللہ ہو جاتا ہے، لہٰذا جب اطاعت وعبادات سے بھی بندہ کا تعلق اللہ سے منقطع ہو جاتا ہو تو پھر ان کے معاصی ہونے میں کیا شبہ۔ اعلم۔

ں نے حضرت کو فرماتے سنا کہ پولیس والوں میں بھی بعض لوگ مومن ہوتے ہیں جن کا دل اللہ سبحانہ کی طرف لگا رہتا ہے اور ں اللہ سے منقطع ہوتے ہیں۔ اس کی علامت انقباض اور انبساط ہے جو ان میں سے منقبض اور اس کا رنگ بدلا ہوا ہوگا اسے معلوم اپنے رب کے حکم کی مخالفت کر رہا ہے اور کسی اور کے حکم کی اطاعت کر رہا ہے اس کا دل مغموم اور اس کی حالت بدلی ہوئی ہے تو یہ ں سے ہے اور آخرت میں یہ حساب عقاب' ملامت اور عتاب کے بعد نجات پانے والوں میں سے ہوگا۔ البتہ اگر خدا معاف و پھر حساب کے بغیر ہی جنت میں جائے گا اور ظلم کی حالت میں خوش ہو اور اسے کسی قسم کی فکر نہ ہو تو یہ شخص دوسری قسم میں سے ہے معصیت اور لوگوں پر ظلم کرنے میں مزہ پاتا ہے جس طرح گبریلا نجاست اور گندگی کھانے میں مزہ پاتا ہے۔

(مؤلف کہتا ہے کہ) قیامت کے دن اس شخص کو سب سے زیادہ عذاب ہوگا۔

حضرت نے یہ بات ایک شخص کے جواب میں فرمائی جس نے آپ سے پولیس والوں سے اختلاط رکھنے کے متعلق دریافت کیا تھا کہ سے میل جول نہیں رکھتا تو اسے اپنی جان کا خطرہ ہے۔ اس پر حضرت نے اسے نیکی کی راہ دکھائی اور اسے مسکینوں سے بھلائی کرنے یا اور پھر مذکورہ بالا کلمات فرمائے اس کے بعد فرمایا کہ مومن کی مثال اس پرندہ کی سی ہے جو ایک نجس زمین پر اترے گا تو وہ منقبض ہوگا پیروں کو سمیٹے گا اور اگر پاک زمین پر اترے گا تو منبسط ہوگا اور اپنے پیروں کو پھیلائے گا اور رزق کی تلاش میں سعی کرے گا۔

مزید برآں حضرت نے اس شخص کو فرمایا کہ جب وہ لوگ جو اللہ سے منقطع ہو چکے ہوتے ہیں (خدا ہمیں اپنی پناہ میں رکھے) جب ے چند درہم غصب کر لیتے ہیں اور انہیں اپنی جیب میں ڈال لیتے ہیں اور ان درہموں پر اللہ تعالیٰ کا نام بھی کندہ ہو پھر کوئی ایسا شخص س کا دل اللہ کی طرف لگا رہتا ہے اور وہ ان درہموں کو کسی تدبیر سے مثلاً مانگ کر یا کسی اور حیلہ سے اس کے قبضہ سے نکال لے تو اللہ کے محترم فرشتوں کو چھڑا لیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کے ہر حرف پر ایک فرشتہ ہوتا ہے اور ہر اسم الٰہی پر وہ فرشتہ ہوتا ہے جس میں ستر آدمیوں کی قوت پائی جاتی ہے لہٰذا جب تک یہ درہم اس منقطع عن اللہ کے پاس رہتے ہیں تو اس فرشتہ کی اس پرندہ کی سی ہوتی ہے جو گرفتار کر لیا گیا اور اس کے بازو باندھ دیئے گئے ہوں اور اس کا سر اور جوڑ اس کے پروں کے نیچے سے یئے گئے ہوں۔ چنانچہ جب کوئی ایسا بندہ آتا ہے جس کا دل اللہ سے لگا ہوتا ہے اور وہ اس درہم کو کسی نہ کسی حیلہ سے اس سے حاصل ہے تو اس فرشتہ کو خوشی ہوتی ہے اور اس کی تنگی دور ہو جاتی ہے اس لئے کہ فرشتے کو ان لوگوں سے جو اللہ سے بے تعلق ہو چکے ہوں ت ہوتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت نے فرمایا: اس کمزور بندہ کو گرفت صرف اس لئے ہوئی کہ اس نے خود اپنی چالوں سے اپنے آپ کو تباہ کیا اس طرح کہ اس پنی ذات کو اللہ سے بے تعلق کر لیا اور اپنی تدبیر پر نظر رکھی اور اپنے مطالب کے حصول کے لئے اس قدر تگ ودو کی کہ اس دوران میں اللہ سے غافل رہا، لہٰذا اللہ تعالیٰ نے بھی اسے اس کی ذات پر چھوڑ دیا اور جس طرح وہ غیر اللہ سے تعلق رکھنے لگا تھا اسی طرح وہ غیر اللہ وں کرنے لگا، چنانچہ اسے نہ دی اور گرمی سے تکلیف محسوس ہونے لگی اور زخم اور دیگر قسم کی اذیتوں سے اسے دکھ محسوس ہونے لگا۔ لیکن

اگر وہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ سے بے تعلق نہ کر لیتا اور اپنی باگ دوڑ اللہ پر چھوڑ دیتا اور غیر اللہ سے نظر ہٹا لیتا اور تمام اغیار کو دل سے نکا دیتا تو اسے خواہ وہ لوہے کے گوکھرو اور لوہے کی سلاخوں پر ہی کیوں نہ چلتا قطعاً کسی قسم کا درد محسوس نہ ہوتا۔

پھر فرمایا: اس غفلت ہی کی وجہ سے بندہ پر بھاری بوجھ ڈالا گیا اور اسے احکام کا مکلف بنایا گیا اور رسولوں کو شریعت دیگر انسانوں طرف بھیجا گیا تا کہ وہ اسے غفلت سے ہٹا کر اللہ کی طرف لوٹا دیں۔ اور اگر یہ اللہ تعالیٰ سے غفلت نہ ہوتی تو انسان فرشتوں کی طرح ہو اور ان کو سخت تکالیف برداشت کرنے کی ضرورت نہ ہوتی نیز اگر غفلت نہ ہوتی تو جہنم بھی نہ ہوتی اور جب غفلت نہ ہوتی تو بندہ اللہ تعالیٰ اپنے افعال کا خالق سمجھتا اور اس کا وہ نفس ہی نہ ہوتا جس کی نظر ان افعال پر جاتی چہ جائیکہ ان کو اپنی طرف منسوب کرتا اور جب اس کی حالت ہوتی تو وہ ہر وقت فانی ہوتا ایسے شخص کو پھر مکلف کیسے بنایا جاتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

نیز فرمایا: سب سے بڑا احمق وہ ہے جو چلے جانے والی چیز یعنی دنیائے فانی اور اس کے متعلقات کے لئے دوڑ دھوپ کرے سب سے عقلمند وہ ہے جو باقی یعنی حق سبحانہ کی خاطر دوڑ دھوپ کرے، کیونکہ جب فانی فانی کی خاطر مرا تو کسی کو بھی فائدہ نہ ہوگا لیکن فانی باقی کی خاطر مرا تو فانی باقی بن گیا۔

پھر فرمایا: لوگ کہتے ہیں کہ موت کی کوئی دوا نہیں حالانکہ اس کی دوا موجود ہے اور اس کی دوا یہی ہے جو ہم نے بیان کی۔ بج کے اس کی اور کوئی دوا نہیں ہے اس کے بعد قسم کھائی اور بار بار قسم کھا کر یہی فرماتے رہے اور فرمایا جب بندہ اللہ سبحانہ میں ظاہراً و باطناً دوڑ دھوپ کرتا ہے تو اس کو نہ فنا آتی ہے نہ وہ فنا آتی ہے جسے لوگ موت سمجھتے ہیں۔

اہل دیوان مرنے کے بعد اپنے آپ کو خود غسل دیتے ہیں:

حضرت نے فرمایا کہ اکثر اہل دیوان جب مر جاتے ہیں تو اپنے آپ کو خود غسل دیتے ہیں۔ چنانچہ دیکھنے میں میت تختہ پر نظر گی اور ایک غسال بھی نظر آئے گا، حالانکہ دونوں ایک ہی ہوں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ہم اس باب کو ایک عجیب حکایت پر جو ہم نے حضرت سے سنی ختم کرتے ہیں۔ قصہ یوں ہوا کہ ایک روز میں آپ سے باتیں تھا تو میں نے ذکر کیا کہ لوگ ان لوگوں کی جو غاروں یا سمندری جزیروں میں کنارہ کش ہو جاتے ہیں تعظیم کرتے ہیں اور میں نے بھی بہت تعریف کی اور کہا کہ یہ لوگ حق سبحانہ کی عبادت کرنے کی غرض سے لوگوں سے کنارہ کش ہو جاتے اور لوگوں سے علیحدگی اختیار ہیں اس پر حضرت نے فرمایا میں ایک قصہ بیان کرتا ہوں اسے سنو اور اگر میں اس میں ذرا بھی اپنی طرف سے اضافہ کروں تو اللہ مجھ پرس فرمائے۔ میں نے عرض کیا معاذ اللہ اس کا ہمیں وہم وگمان بھی نہیں ہو سکتا۔

ایک واقعہ:

فرمایا: ایک روز میں حضرت منصور قطب کے پاس باب الفتوح میں نماز گاہ میں بیٹھا تھا کہ یکا یک ہمیں خیال آیا کہ سمندر جزیرہ میں جائیں جس کے کنارے پر شہر سلا واقع ہے، چنانچہ ہم گئے اور دیکھا کہ تقریباً ایک میل رقبہ کا جزیرہ ہے جس میں میٹھے پانی چشمے جاری ہیں۔ وہاں ہمیں ایک شخص ملا جس کی عمر چالیس سال کے قریب ہوگی اور وہ اللہ کی عبادت کر رہا تھا اسی جزیرہ میں پتھر

ئے گئے تھے۔ان گھروں کے وسط میں ایسی چھوٹی چھوٹی کوٹھڑیاں تھیں جیسے حمام کے اندر ہوتی ہیں۔معلوم نہیں انہیں کس نے تراشا لئے کہ یہ جگہ آبادی سے بہت ہی دور ہے اور وہاں کوئی پہنچتا بھی نہیں۔البتہ کبھی کوئی کشتی وہاں پہنچ جاتی ہے۔وہاں دو قسم کے تھے ایک قسم کے درخت کو بادام کی شکل کا پھل لگتا ہے مگر یہ بادام سے مختلف ہوتا ہے اور دوسری قسم کا درخت ایسا ہے جیسے ہمارے تزار'' کا درخت مگر یہ درخت تعزار سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے پتے چوڑے مگر ہمیشہ سبز رہتے تھے۔انہی دونوں درختوں کے پھل ی خوراک تھی اور اس کے لباس کی طرف نگاہ ڈالی تو دیکھا کہ اس نے تعزار کی پتلی پتلی ٹہنیوں کو باہم گوندھ کر کمر بند سا بنالیا تھا اور کرلیا تھا اور باقی ماندہ بدن کا حصہ ننگا تھا۔پھر ہم نے اس سے باتیں شروع کردیں اور پوچھا کہ تم اس مقام میں کب سے ہو؟ اس ریباً چالیس برس سے۔ہم نے کہا تمہاری تو کل عمر ہی چالیس سال کے قریب معلوم ہوتی ہے۔پھر تم یہاں کب آئے؟ جواب دیا میں پانچ برس کا تھا کہ اپنے باپ کے ساتھ یہاں آیا تھا۔پھر قریب پچیس سال میں اپنے باپ کے ساتھ رہا۔آخر ان کا انتقال میں نے ان کو یہیں دفن کردیا۔ہم نے کہا کہ ان کی قبر ہمیں دکھاؤ کہ زیارت کریں چنانچہ اس نے قبر دکھائی اور ہم نے مرحوم کے ئے مغفرت کی۔ہم پھر اس سے باتیں کرنے لگے، چونکہ اس کا لوگوں سے کم میل جول ہوتا تھا اور پھر بچپن ہی سے یہاں آ گیا تھا اس کی زبان بہت بھاری تھی اور چونکہ وہ ان لوگوں میں سے تھا جو تونس کے قرب و جوار میں رہتے ہیں۔اس لئے عربی زبان بولتا م نے اس سے ایمان کے متعلق دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ وہ اللہ کو پہچانتا ہے مگر جہت کا معتقد ہے (کہ آسمان پر ہے) ہم نے خیال سے روکا اور صحیح عقیدہ بتادیا۔نیز ہم نے اس کو رسول اللہ ﷺ سے بھی واقف پایا اور اس سے بھی کہ آپ سید الاولین ن ہیں۔وہ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت فاطمہؓ بنت الرسول سے بھی واقف تھا۔ہم نے اس سے ان کے فرزند حضرت حسنؓ کی بابت تو معلوم ہوا، ان سے واقف نہیں ہے پھر ہم نے ماہ رمضان کے متعلق دریافت کیا تو اس سے بھی ناواقف پایا، لیکن اس نے بتایا کہ میں متفرق طور پر تیس دن کے روزے رکھتا ہے اس پر ہم نے اسے بتایا کہ رمضان کے روزے فرض ہیں اور سال میں ماہ رمضان کا متعین کر کے بتایا کہ فلاں مہینہ رمضان کا ہوتا ہے۔نیز ہم نے پوچھا کہ کیا کچھ قرآن مجید بھی یاد ہے تو اسے صرف اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ اَلَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ اور اسی طرح غلط یاد تھا ہم نے کہا عبادت کیسے کرتے ہو؟ کہنے لگا اللہ کے ع اور سجدہ کرلیتا ہوں۔ہم نے پوچھا کیا سوتے بھی ہو؟ جواب دیا کہ ہاں سورج ڈوبنے کے وقت سے سوتا ہوں یہاں تک کہ خوب ہوجائے اور باقی رات رکوع و سجود میں گزار دیتا ہوں۔پھر میں نے کہا کیا تم اسلامی ملک میں چلو گے تا کہ ان کے ساتھ رہو، کیونکہ تو ہے اور ان کے نبی پر تمہارا ایمان ہے کہنے لگا ہاں میں بھی مسلمانوں کی طرح ایک مسلماں ہوں، مگر اپنی جگہ سے نکلنا نہیں چاہتا حتیٰ موت آجائے اور چونکہ وہ انسانوں سے مانوس نہ تھا اس لئے جب ہم باتیں کرتے کرتے اس کے قریب آجاتے تھے تو وہ ہم سے جاتا تھا اور وہ ہماری غذا بھی کھا نہ سکتا تھا اور نہ ہی اس کا وجود اسے برداشت کرسکتا تھا اس لئے کہ عرصہ سے دوسری غذا کا عادی تھا۔ دیکھا کہ قریب ڈیڑھ پاؤ وزن ریال (چاندی کا ایک سکہ ہے جو تقریباً دو روپیہ دس آنے کے برابر ہوتا ہے) اس کے پاس ایک پڑے ہیں جن میں چند طلائی مثقال بھی تھے۔ہم نے پوچھا کہ یہ تمہارے پاس کہاں سے آئے؟ کہنے لگا بعض اوقات کشتی والے زیرہ میں آجاتے ہیں اور وہ مجھے دیکھ کر میری زیارت اور مجھ سے دعا کی غرض سے چند ریال یا دینار دے جاتے ہیں۔میں ان کے عا کرتا ہوں اور وہ چلے جاتے ہیں۔ہم نے کہا یہ دینار ہمیں دے دے کیونکہ تجھے تو ان دیناروں اور ریالوں کی نہ ضرورت ہے اور نہ

ہی تو نے مکان بنانا ہے نہ شادی کرنا اور نہ کپڑے بنانا ہے اور ہمیں ان کی ضرورت ہے لیکن اس نے وہ دینار دینے سے انکار کر دیا۔ غرض دیر تک اس کے پاس رہے اور اسے احکام شریعت سکھاتے رہے۔ اس کے بعد رخصت ہوئے اور چل دیئے۔ جب اس نے دیکھا کہ ہم آب پر پاؤں سے چل رہے ہیں نہ پانی ہم پر پڑتا ہے اور نہ ہم ڈوبتے ہیں تو ہمارے متعلق یہ خیال کرنے لگا کہ ہم شیاطین ہیں اور ہم اللہ کی پناہ مانگنے لگا۔

حضرت نے یہ بھی فرمایا کہ وہ اب تک اسی جزیرہ میں بقید حیات ہے اور اس روز ۲ ذوالحجہ ۱۱۲۹ھ کی تاریخ تھی۔

(مؤلف کہتا ہے) کہ اس حکایت میں کئی ایک مواعظ ہیں۔ اول اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کو جانتا جو ہمیں مسلمانوں کے ساتھ ملنے سے حاصل ہوتی ہے اس لئے کہ اس سے ہمیں اسلامی احکام آنحضرت ﷺ اور آپ کے صحابہ کی زندگی اور سیرت کے حالات معلوم ہیں اور یہ کہ آنحضرت ﷺ اور صحابہ کا زمانہ کیسا تھا وغیرہ امور جن سے ایمان بڑھتا ہے، چنانچہ مسلمانوں سے اختلاط نہ رکھنے کی وجہ شخص ان حالات سے واقف نہ ہو سکا یہاں تک کہ مجھے حضرت سے کہنا پڑا کہ اس کے باپ نے اسے بہت نقصان پہنچایا کہ اس جزیرہ اسے لے آیا اور اسے مسلمانوں سے منقطع کر دیا۔ اگر اسے وہیں رہنے دیتا تو اس کے لئے بہتر ہوتا۔ حضرت نے فرمایا تو ٹھیک کہتا ہے

یہاں سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کی خواہ وہ اللہ کے نافرمان ہی کیوں نہ ہوں، کیا قدر و قیمت ہے کیونکہ دین اور احکام شریعت معرفت کے برابر کوئی چیز نہیں ہو سکتی، لہٰذا اللہ کا شکر ہے کہ ہمارا اختلاط مسلمانوں سے ہے اور ہم بازاروں میں بھی انہی سے بالخصوص جبکہ ہم ان سے ایسے مقامات پر مل بیٹھیں جہاں نیک کام ہوتے ہوں۔ اسی لئے تو شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کے چہروں کو دیکھنے سے بھی ایمان زیادہ ہوتا ہے۔

دوم ان نعمتوں کی معرفت جو اللہ تعالیٰ نے ہم پر کھانے، پینے، پہننے، سونے، آرام کرنے، شادی کرنے اور نسل پیدا کرنے وغیرہ کی ہیں کہ یہ عابد جیسا کہ ان نعمتوں کی معرفت سے محروم تھا۔ اسی طرح ان نعمتوں سے بھی محروم تھا اگر وہ مسلمانوں میں رہتا تو ان سے حظ اٹھاتا اور ان پر اللہ کا شکر یہ ادا کرتا اور ان نعمتوں پر اس کا شکر کرنا اس جزیرہ میں اس کی عمر بھر کی عبادت کے برابر ہوتا۔

سوم: اکثر لوگوں کو بن باسی فقیروں اور گوشہ نشینوں کے متعلق دھوکہ ہوتا ہے اور وہ یہ سمجھ لیتے ہیں کہ یہ صاحب کمال لوگ ہیں کہ جس مرتبہ کو یہ پہنچے ہوئے ہیں، وہاں وہ اولیاء عارفین نہیں پہنچ سکتے جو لوگوں میں مل جل کر رہتے ہیں۔ حالانکہ میں نے اکثر فرماتے سنا کہ بعض اوقات ان انوار ایمان کو دیکھتا ہوں جو لوگوں کی ذات سے نکلتے ہیں تا آنکہ وہ انوار برزخ میں جا ملتے ہیں اور اپنی رقت اور غلظ کے اعتبار سے الگ الگ ہوتے ہیں، کیونکہ رقت ایمان کی کمزوری کی علامت ہے اور غلظ قوت ایمان کی۔ مزید ہم دیکھتے ہیں کہ جو لوگ غاروں یا جنگلوں میں چلے جاتے ہیں تو چند آدمیوں کے سوا ان کے نور ایمان رقیق دکھائی دیتے ہیں اور جو المومنین پر نظر دوڑاتے ہیں تو ان کے انوار ان بن باسیوں سے بہتر دکھائی دیتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عوام کا اعتماد اللہ سبحانہ کرم پر ہوتا ہے اور عبادت گزاروں کا اعتماد اکثر اپنی عبادت پر ہوتا ہے۔

پھر فرمایا عابد اپنی عبادت کے ذریعہ سے نجات نہیں پا سکتا جب تک کہ باطناً اس کو اپنے رب کی طرف سے نہ سمجھے اور اس کا فکر دائمی ہونا چاہیے لیکن اگر یہ خیال و فکر ذرا بھی ہٹ گیا تو وہ سلامتی کی نسبت ہلاکت کے زیادہ قریب ہوگا۔

(مولف کہتا ہے) جب میں نے یہ قصہ حضرت سے سُنا تو اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کو پہچان کر جو اللہ نے ہم پر کی ہیں مگر

یں، مجھ پر بہت رقت وخشوع طاری ہوا۔

اس کے بعد میں نے حضرت سے عرض کیا کہ آپ اس کا ہاتھ پکڑ کر وہاں سے اسے نکال لاتے اور کسی اسلامی شہر میں آباد کر دیتے

ہ آرام پاتا اور اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرماتا۔

حضرت نے فرمایا: یہ وہ مقام ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے مقرر رکھا ہے۔ پاک ہے وہ خدا جس کی قدرت میں یہ تمام کائنات ہے۔

حضرت نے فرمایا: جو شخص سطح زمین کی عجائبات پر نظر کرے تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت معلوم کرنے کے لئے یہی کافی

ی دوسری دلیل کی ضرورت نہیں، کیونکہ اسے سطح زمین پر کئی قسم کی مخلوقات اکٹھی نظر آئے گی چنانچہ ان میں بعض عاقل ہوں گے اور

یر عاقل' کوئی خوشحال اور کوئی بدنصیب' کوئی کسی کو قتل کر رہا ہے اور کوئی کسی پر ترس کھا رہا ہے، کوئی امور دنیا میں غور کر رہا ہے، کوئی

ارت میں اور کوئی پڑوسیوں کے معاملات میں' کوئی علمی بحثوں میں لگا ہوا ہے اور کوئی امور آخرت میں۔

حضرت نے فرمایا: میرے شیخ عمر بن محمد الھواری نے ذکر فرمایا کہ وہ جمعرات کو باب محروق میں بیٹھے ہوئے تھے اور دروازہ سے باہر

وں کے باطن پر نظر ڈال رہے تھے۔ چنانچہ ایک شخص نکلا اس کے باطن کو دیکھا تو اس کی تمام تر توجہ اپنی فلاں محبوبہ کی طرف تھی کہ اس

ل کرنے میں کیسے کامیاب ہو۔ یہ خیال اس پر اس طرح مسلط ہو چکا تھا کہ اس نے اسے باقی تمام چیزوں سے غافل کر رکھا تھا۔ پھر

کلا۔ دیکھا تو اس کا دل بھی پہلے شخص کی طرح تھا مگر اس کا تعلق لڑکے سے تھا۔ پھر تیسرا نکلا تو اس کا دل دنیا سے لگا ہوا تھا اور دنیا کی فکر

س طرح مسلط ہو چکی تھی کہ کسی اور بات کا خیال ہی نہ گزرتا تھا۔ پھر چوتھا نکلا تو اس کا باطن شراب نوشی کی محبت میں چور تھا' صرف

اسے آرزو تھی اور اس کے سوا کسی اور چیز کا اسے خیال نہ تھا۔ پھر پانچواں نکلا تو اس کے خیالات آخرت اور امور آخرت میں جولانی

ے تھے۔ یہ خیالات اس طرح اس پر غالب آ چکے تھے کہ ان کا اثر اس پر نمایاں تھا چھٹا نکلا تو اس کا دل علم اور تحصیل علم کی محبت سے

تھا۔ اس کے سوا کسی چیز کا اسے خیال بھی نہ آتا تھا۔ پھر ساتواں نکلا تو اس کا تمام تر فکر گھوڑے کی سواری کی محبت میں غرق تھا اور یہ

تنا غالب آ گیا تھا کہ باقی سب کچھ بھلا دیا تھا۔ آٹھواں نکلا تو اس کے خیالات کھیتی کی محبت میں لگے ہوئے تھے کہ اس کے لئے کس

دوڑ دھوپ کرے اور کسی اور بات کا خیال ہی نہ آتا تھا۔ پھر نواں نکلا تو اس کا دل سید الوجود ﷺ کی محبت میں معمور تھا اور اس کا اتنا

ا کہ احوالِ نبی ﷺ کے سوا کسی دوسری طرف اس کا خیال ہی نہ جاتا تھا۔ یہی سوچتا کہ بعثت سے پہلے آپ کے کیا حالات تھے اور

کے بعد کیا' پھر یہ سوچتا کہ وحی اُترنے کے بعد آپ کے کیا احوال تھے مکہ میں آپ کس طرح رہے اور مدینہ میں کس طرح رہے۔ پھر

ں نکلا تو اس کا دل اللہ رب العالمین کی محبت سے معمور تھا چنانچہ اس کے خیالات اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال اور تقدس میں اور اس کی

ت عالیہ میں دوڑتے تھے۔

حضرت عمر بن محمد فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے اس امر باطن پر نظر ڈالی جو ان سب میں حاکم اور اللہ تعالیٰ کے ارادہ سے ان

پیدا ہوا تھا تو میں نے ان کے باطن میں انہیں ایسا پایا کہ ایک رسی مشیت ایزدی کی طرف کھینچے لئے جا رہی ہے مگر وہ اس سے بے خبر ہیں

یال کرتے ہیں کہ وہ فعل ان کی اپنی طرف سے ہے اور اپنے اختیار سے ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ اس سے مجھے بہت عبرت حاصل ہوئی اور مجھے یقین ہو گیا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ کے ملک میں

ا اس کا شریک نہیں۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور جو چاہتا ہے فیصلہ کرتا ہے۔ اس کے فیصلہ کو کوئی رد نہیں کر سکتا اور وہ بہت جلد حساب

کرنے والا ہے۔ مخلوقات تو بہت بڑی غفلت اور حجاب میں پڑی ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس قسم کی فکر عارفین کو ہی ہوتی ہے اور میں نے حضرت سے سنا کہ فرمارہے تھے کہ دو شخص کسی ایک جگہ گزرتے ہیں اور ابھی تھوڑا ہی چلے ہوتے ہیں کہ ان میں سے ایک کو معرفت حاصل ہو جاتی ہے۔ میں نے عرض کیا یہ کیسے؟ فرمایا اس معرفت کی وجہ سے کہ وہ اللہ کی مخلوق میں کس طرح غور وفکر کرتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ چلنے والا غافل اور بے خبر ہوتا ہے۔

خدا تجھے توفیق دے اس باب کے متعلق حضرت کا جو فرمان ہمیں معلوم ہو سکا وہ ہم نے لکھ دیا۔ اگر اس کے ساتھ خواب کی تعبیر بیان میں جو ظلمتوں کے دس درجے بیان کئے ہیں۔ (۱) سہو مکروہ، (۲) سہو حرام (۳) عمد مکروہ (۴) عمد حرام (۵) عقیدہ خفیفہ میں (۷) بسیط، (۸) عقیدہ خفیفہ میں جہل مرکب' عقیدہ ثقیلہ میں جہل بسیط اور اس میں جہل مرکب' آنحضرت ﷺ کی ذات کے (۹) جہل بسیط اور اس میں (۱۰) جہل مرکب کے درجات کو بھی ملا دیا جائے اور دونوں میں جو کچھ ہم نے بیان کیا اس سے انسان واقف جائے تو اسے بہت بڑی معرفت حاصل ہو جائے گی۔ خدا ہر کسی کو حضرت کی برکت سے فائدہ پہنچائے۔ آمین والحمد للہ رب العالمین۔

حواشی

۱۔ قرانی: شہاب الدین ابو العباس احمد بن القرانی الشافعی متوفی ۶۸۴ھ ۱۲۸۵ء یہاں کتاب میں ان کی کتاب کا نام القواعد والفروق دیا ہے۔ القواعد فی فروع الشافعیہ ہے (ملاحظہ ہو کشف الظنون ۲۔۱۲۲)

۲۔ اکتوبر ۱۹۴۱ء کی بات ہے جبکہ میں ایمرسن کالج ملتان میں لیکچرار تھا اور وہاں رو بن واس نامی ایک عیسائی فلسفہ کا لیکچرار تھا۔ میرا اس سے اکثر مذا تھا۔ چنانچہ ایک دن اس نے سوال کیا کہ لوگ جو انبیاء پر درود بھیجتے ہیں کیوں بھیجتے ہیں کیا ان کے مراتب میں کوئی کمی ہے جسے ہم درود سے چاہتے ہیں اور کیا واقعی ان کو ہمارے درود سے فائدہ پہنچتا ہے؟ اس وقت تو میں اسے کوئی جواب نہ دے سکا مگر اس سوال پر غور کرتا رہا بلا آخر مج جواب سمجھ میں آ گیا۔

کسی محسن کے احسان کو بھول اور اس کا شکریہ ادا نہ کرنا انتہا درجہ کی ذلیل حرکت ہے۔ پھر احسان کا شکریہ بھی اس کے احسان کی مقدار کے مط چاہیے۔ آنحضرت ﷺ کا ایک یہی احسان کہ ہمارا نور ایمان آپ کی بدولت ہے نہایت ہی اہم اور عظیم احسان ہے جس کا شکریہ ادا کرنا ہمار ضروری ہے۔ آپ کے لئے کوئی دنیا کا تحفہ تو تحفہ نہیں ہو سکتا کیونکہ نور ایمان کا انعام جو آپ سے ہمیں حاصل ہوا ہے وہ غیر فانی اور لازوال چیز لئے ہم بھی شکریہ میں اخروی اور ابدی چیز کا تحفہ پیش کریں گے اور آپ کے مراتب کی بلندی اور رحمت کی دعا کریں گے مگر اس سے تو آپ میں فرق نہیں آ سکتا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بلند ترین مرتبہ عطا کر رکھا ہے اس کی مثال یوں سمجھو کہ ایک شخص شہنشاہ اعظم ہے کہ تمام دنیا بادشاہت ہو اور کوئی بے کس انسان جس پر بادشاہ کی عنایت ہوئی یہ دعا کرے کہ خدا تمہیں اور دولت اور سلطنت عطا کرے' یہی حال آنحضرت درود بھیجنے کا ہے۔ اب بندہ درود بھیجنے سے اپنے آپ کو شکر گزار بندہ ثابت کر چکا ہے اس لئے اس کی شکر گزاری اور اطاعت گزاری کا فائدہ اس لوٹ آئے گا کہ یہ ایک اطاعت شعار و شکر گزار بندہ ہے اور اس نے اپنے نور ایمان کا سلسلہ اپنی اصل سے منقطع کرنا نہیں چاہا ہے۔

اس کی ایک اور مثال یہ بھی ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں ہماری تسبیح سے اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی میں کوئی فرق نہیں آتا اور نہ ہے کہ نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کی ذات پہلے کم پاک تھی اور ہماری پاکیزگی بیان کرنے سے اس کی پاکیزگی بڑھ گئی بلکہ ہماری تسبیح کا فائدہ ہمیں ہوتا ہے۔ ذات خداوندی میں تسبیح بیان کرنے یا نہ کرنے سے کوئی فرق نہیں پیدا ہوتا۔ یہی حال ذات مصطفوی کا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بیکراں رح پہلے ہی سے نازل ہے۔ ہمارے درود بھیجنے یا نہ بھیجنے سے انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا بلکہ درود بھیجنے سے ہماری سعادت مندی ظاہر ہوتی ہے۔

یہ نوٹ لکھنے کے بعد فتح الباری ج ۱۱ صفحہ ۱۴۱ میں مجھے اپنی تائید میں کچھ بزرگوں کے اقوال مل گئے۔ چنانچہ حلیمی کہتے ہیں کہ درود بھیجنے کا مق اطاعت کرنا اور آنحضرت ﷺ کا جو حق ہم پر ہے اسے ادا کر کے اللہ کا قرب حاصل کرنا ہے۔ ابن عبد السلام حلیمی کی تائید میں کہتے ہیں کہ ہما

بھیجنے سے آنحضرت ﷺ کی سفارش مقصود نہیں اس لئے کہ ہم جیسا بھلا آنحضرت ﷺ جیسی ہستی کی کیا سفارش کرسکتا ہے مگر درحقیقت بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں محسن کے احسان کا بدلہ احسان سے دینے کا حکم دیا ہے اور اگر اس کے احسان کا بدلہ نہ دے سکیں تو کم از کم دعا سے ہی ان کی مکافات کردیں۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو چونکہ علم تھا کہ ہم آنحضرت ﷺ کے احسان کا بدلہ نہیں دے سکتے۔ اس نے ہمیں آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے کی ہدایت کی۔ ابن عربی کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے والے کو فائدہ ہی ہوتا ہے کیونکہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ درود بھیجنے والے کا عقیدہ اور نیت خالص ہے۔ اس میں محبت کا اظہار ہوتا ہے۔ اطاعت پر مداومت اور ذات مصطفوی کا احترام پایا جاتا ہے۔

عبدالقادر جیلانیؒ: سید عبدالقادر جیلانی بغدادی جو غوث اعظم کے نام سے مشہور ہیں۔ ۴۷۰ھ/۱۰۷۷ء میں پیدا ہوئے اور ۵۶۱ھ ۱۱۶۴ء میں وفات پائی۔

حضرت یعزیؒ: غالباً یعزی سے مراد ابو یعزی مغربی ہیں جو مغرب میں اولیاء اور صوفیا کے امام مانے جاتے تھے۔ ابتداء حال میں پندرہ سال جنگلوں میں شیروں اور درندوں میں گزارے۔

ابوالعباس سبتی: ابوالعباس احمد بن ہارون الرشید بن المہدی المعروف بالسبتی۔ انہیں سبتی اس لئے کہا گیا کہ یہ ہفتہ (سبت) کے دن اپنے ہاتھ سے اس قدر کما لیتے کہ ان کے لئے ہفتہ بھر کے لئے کافی ہو اور پھر یہ ہفتہ بھر عبادت میں مشغول رہتے۔ بہت صالح اور عابد تھے اور قدرت کے باوجود اپنے باپ کی زندگی میں ہی ترک دنیا کر بیٹھے تھے۔ ۱۸۴ھ میں اپنے باپ کی زندگی ہی میں وفات پائی۔

ابوبکرؓ: مدت خلافت ۱۱ھ، ۶۳۲ء تا ۱۳ھ، ۶۳۴ء

عمرؓ: مدت خلافت ۱۳ھ، ۶۳۴ء تا ۲۴ھ ۶۴۴ء

عثمانؓ: مدت خلافت ۲۴ھ، ۶۴۴ء تا ۳۶ھ ۶۵۶ء

علیؓ: مدت خلافت ۳۶ھ، ۶۵۶ء تا ۴۱ھ ۶۶۱ء

حضرت عبدالعزیز دباغؒ کے اس فرمان کی تائید کہ کبائر کا ارتکاب انسان اس وقت کرتا ہے جب اس کا تعلق اللہ سے منقطع ہو جاتا ہے۔ آنحضرت ﷺ کے اس فرمان سے ہوتی ہے۔ **لا یزنی الزانی حین یزنی وھو مومن.** زانی زنا کا ارتکاب مومن ہونے کی حالت میں نہیں کرتا۔ (مترجم)

ابو یزید بسطامیؒ: جنہیں بالعموم بایزید کہا جاتا ہے ان کا اصل نام طیفور بن عیسیٰ ہے۔ ان کے دادا پہلے مجوسی تھے پھر اسلام لائے۔ بایزید کا شمار کبار صوفیہ میں ہوتا ہے۔ ان کی وفات ۲۶۱ھ ۸۷۴ء میں ہوئی۔

حضرت جنید بغدادی سے کسی نے پوچھا کہ بعض لوگ وجد میں آکر جھومنے لگ جاتے ہیں ان کا کیا حکم ہے؟ حضرت نے فرمایا انہیں چھوڑو کہ اللہ کے ساتھ خوش ہولیں۔ تمہیں صرف ان باتوں کو برا سمجھنا چاہیے جن کے متعلق شریعت نے صراحتاً معصیت کا حکم لگایا ہے راہ طریقت نے تو ان لوگوں کے جگر کاٹ ڈالے ہیں اور تھکان اور کوفت سے ان کی انتڑیاں پھٹنے کو ہیں اور ان کے دل تنگ ہو چکے ہیں۔ لہٰذا اگر اپنی حالت کو درست کرنے کے لئے یہ لوگ سانس لیں تو کوئی حرج کی بات نہیں۔ بھائی اگر تو ان کی کیفیت کا مزہ چکھ لے تو تو انہیں کپڑے پھاڑنے اور چیخنے میں معذور سمجھے گا۔ (لواقح الانوار ج ۱۵۰۔۱۵۱)

شیخ زروق: شیخ شہاب الدین ابوالفضل احمد بن محمد البرنسی الفاسی المالکی جو شیخ زروق کے نام سے مشہور ہیں ان کی وفات ۸۹۹ھ ۱۴۹۳ء میں ہوئی۔ ان کی کتاب **قواعد الطریقته فی الجمع بین الشریعته والحقیقته** تصوف میں مشہور کتاب ہے۔ انہوں نے **المقصد الاسنیٰ فیما یتعلق بمقاصد الاسماء** (کشف الظنون ۳۲۳) اور **النصیحة الکافیه لمن خصّه الله بالعافیه** بھی لکھی ہے۔ (کشف الظنون ۲۔۳۹۳)

شیخ طلاب: عارف باللہ محمد بن محمد الحطاب الرعینی مالکی جنہوں نے شیخ خلیل بن اسحٰق جندی مالکی متوفی ۷۶۷ھ کی کتاب مختصر کی شرح کی ہے۔ مختصر مالکی فقہ کی کتاب ہے (کشف الظنون ۲۔۲۴۲)

شیخ مواق: امام حافظ عبداللہ بن المواق جنہوں نے بغیۃ النقاد فی اصول الحدیث لکھی۔

دلائل الخیرات: پورا نام دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے۔ ان کی ابتداء ان الفاظ سے ہوتی ہے۔ الحمد للہ الذی ھدانا للایمان۔ یہ شیخ ابوعبداللہ محمد بن سلیمان بن ابی بکر الجزولی السملالی اشریف الحسنی متوفی ۸۵۴ھ کی تالیف ہے۔ یہ ایک معجزہ نما کتاب ہے جس کا ورد مشرق ومغرب میں بالخصوص ممالک روم میں کیا جاتا ہے چونکہ دلائل الخیرات کی روایت بہت سے لوگوں نے کی ہے اس لئے اس کے نسخوں

میں اختلاف پیدا ہوگیا ہے مگر معتبر نسخہ وہی ہے جس کی روایت ابوعبداللہ محمد الصغیر السہیلی نے کی ہے یہ مؤلف کے قابل اعتماد مریدوں میں سے تھے اور اس کی تصحیح انہوں نے ۸۶۲ھ میں اپنی وفات سے آٹھ سال پہلے اپنے شیخ سے کرائی تھی۔ (کشف الظنون ۱۔۳۷۹)

۱۷۔ امیر خسرو نے اسی قسم کی ایک برہمن کی حکایت بیان کی ہے جو سومنات کو زمین پر رینگتا ہوا جا رہا تھا۔ راستہ میں ایک حاجی مل گیا اس نے برہمن سے کہا کہ اس طرح تو کب سومنات پہنچ سکتا ہے۔ برہمن نے جواب دیا کہ اگر میری جان بھی بت کی راہ میں چلی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں اس کے بعد امیر خسرو نتیجہ کے طور پر یہ شعر لکھتے ہیں

اے کہ زبت طعنہ نہند و بری ہم زدے آموز پرستش گری

۱۸۔ حضرت ابوالدرداء عویمر بن زید متوفی ۳۲ھ فرماتے ہیں "جب تمہارا مسلمان بھائی خدا کی نافرمانی کرے تو تجھے صرف اس کے عمل سے بغض رکھنا چاہئے کیونکہ جب وہ ترک معصیت کر دے گا تو پھر پہلے کی طرح بھائی ہوگا (لوامع الانوار ۱۔۲۱) پھر فرماتے ہیں اگر تمہارے (مومن) بھائی میں تغیر پیدا ہو جائے اور وہ کجرو ہو جائے تو تو اس کی کجروی کی وجہ سے اس کو ترک نہ کر دے۔ اس لئے کہ بھائی کبھی راہ راست پر اور کبھی کجراہ ہوتا ہے۔ پھر فرماتے ہیں حضرت عمر بن الخطابؓ امام نخعی اور دیگر بہت سے لوگوں کا یہی دستور تھا۔ لوامع الانوار ۱۔۲۱)

۱۹۔ تمام نوافل کا یہی حکم ہے یعنی اخفا مگر فرائض مثلاً زکوٰۃ میں اظہار ضروری ہے۔

ابا ب

دیوان صالحین

حضرت نے فرمایا کہ صالحین کا دیوان اسی غار حرا میں لگتا ہے جس میں آنحضرت ﷺ بعثت سے پہلے عبادت کیا کرتے تھے۔ غار کے باہر اس طرح بیٹھتا ہے کہ مکہ اس کے دائیں شانہ کے پیچھے ہوتا ہے اور مدینہ اس کے دائیں گھٹنے کے سامنے اور چار قطب دائیں جانب ہوتے ہیں اور یہ باقی تینوں مذاہب میں سے ایک ایک ہوتا ہے۔ وکیل غوث کے سامنے ہوتا ہے جسے قاضی دیوان یں۔ آج کل یہ بھی مالکی مذہب کا ہے اور بنی خالد میں سے ہے جو بصرہ کی ایک جانب سکونت پذیر ہیں ان کا نام محمد بن عبدالکریم دی ہے۔ غوث وکیل سے بات کرتا ہے اور اسے وکیل بھی اسی مناسبت سے کہا جاتا ہے کہ یہ تمام اصحاب دیوان کی ترجمانی اور وکالت ہے۔ پھر فرمایا کہ یہ ساتوں قطب غوث کے حکم سے تصرف کرتے ہیں اور ہر قطب کے ماتحت امدادی جماعت ہوتی ہے اور اس کے حکم رف کرتے ہیں اور وکیل کے پیچھے چھ صفیں ہوتی ہیں جن کا حلقہ چوتھے قطب سے شروع ہو کر اس قطب پر ختم ہوتا ہے جو تین قطبوں یں جانب ہے، چنانچہ یہ سات قطب حلقہ کی ایک طرف کا کام دیتے ہیں۔ یہ پہلی صف ہے اسی طرح اس کے پیچھے دوسری صف ہوتی لیٰ ہذا القیاس چھٹی صف تک۔ پھر فرمایا کہ کچھ عورتیں بھی اس دیوان میں حاضر ہوتی ہیں مگر ان کی تعداد کم ہوتی ہے اور ان کی تین صفیں جانب کے اقطاب ثلثہ کی جانب اور صف اول کے دائرہ سے اوپر غوث اور اقطاب ثلثہ کے درمیان خالی جگہ میں ہوتی ہیں۔

شتگان میں سے بعض کاملین بھی دیوان میں حاضر ہوتے ہیں:

حضرت نے فرمایا کہ گزشتہ لوگوں میں سے بعض کاملین بھی دیوان میں حاضر ہوتے ہیں۔ صرف تین باتوں سے ان کی شناخت ہوتی ۔ پہلی یہ کہ ان کا لباس اور ہیئت نہیں بدلتی برخلاف زندہ کے کہ اس کی ہیئت اور لباس بدلتا رہتا ہے۔ چنانچہ کبھی زندہ کے بال منڈے تے ہیں اور کبھی نئے کپڑے پہنے ہوتے ہیں وغیرہ وغیرہ مگر اموات اولیاء کی حالت نہیں بدلتی۔ چنانچہ اس مجلس میں جب ایسے شخص کو جس کی ہیئت بدلتی ہی نہیں مثلاً یہ کہ اس کے بال منڈے ہوں اور پھر اگیں ہی نہیں تو سمجھ لو کہ وہ اموات میں سے ہیں اور اسی حالت اس کی وفات ہوئی۔ اسی طرح اگر دیکھو کہ اس کے سر کے بال نہ گھٹتے ہیں اور نہ بڑھتے ہیں تو اس سے بھی سمجھ لو کہ وہ اموات میں سے اور اس کی موت اسی حالت میں ہوئی ہے۔

اموات اولیاء سے زندوں کے امور کے بارے میں مشورہ نہیں کیا جاتا:

دوسری علامت یہ ہے کہ زندہ لوگوں کے معاملات میں ان لوگوں سے مشورہ نہیں لیا جاتا۔[2] اس لئے کہ انہیں زندوں کے امور میں تصرف کرنے کا اختیار ہی نہیں ہے کیونکہ وہ تو منتقل ہو کر ایسے جہان میں جا چکے ہیں جو اس جہان سے بالکل مختلف ہے۔ صرف عالم اموات کے امور کے متعلق ان سے مشورہ کیا جاتا ہے۔

مُردوں کے لئے دعائے مغفرت کرتے وقت فوت شدہ اولیاء میں سے کسی کا وسیلہ لانا چاہیے:

حضرت نے فرمایا کہ زیارت قبور کے آداب میں سے ہے کہ جب کسی مردہ کے لئے دعا کرنا چاہیے اور قبولیت دعا کے لئے کسی و کا وسیلہ لائے تو فوت شدہ ولی کا وسیلہ لائے، کیونکہ اس طرح مراد پوری اور دعا قبول ہونے کا زیادہ امکان ہے۔

تیسری علامت یہ ہے کہ اموات کا سایہ نہیں ہوتا چنانچہ اگر میت تمہارے اور سورج کے درمیان کھڑا ہو تو اس کا سایہ نہ دیکھو گے ا اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی رُوح حاضر مجلس ہوتی ہے نہ کہ اس کی ترابی ذات فانیہ اور رُوح خفیف و شفاف ہوتی ہے اور اس میں ثقل کثافت نہیں ہوتی۔

آپ نے فرمایا: اکثر میں مجلس دیوان یا اولیاء کے کسی مجمع میں جاتا ہوں اور سورج نکل چکا ہوتا ہے اور وہ مجھے دور ہی سے دیکھ استقبال کرتے ہیں جو اموات آتے ہیں وہ برزخ سے اُتر کر رُوح کی پرواز اڑتے ہوئے آتے ہیں مگر جب دیوان کے قریب پہنچتے ہ زمین پر اُتر کر پاؤں سے چلتے ہوئے مجلس میں آتے ہیں۔ بوجہ احیاء کے ادب و احترام اور ان سے خوف و ہیبت کے اور یہی حال ر غیب کا ہے کہ جب ایک دوسرے سے ملنے کو آتے ہیں تو رُوح سے چل کر آتے ہیں مگر اس جگہ کے قریب پہنچتے ہیں تو ادب اور ڈر مارے اپنی ذات ثقیلہ سے چلتے ہیں۔ فرمایا دیوان میں فرشتے بھی حاضر ہوتے ہیں مگر وہ صفوف کے پیچھے ہوتے ہیں اور کاملین جنات آتے ہیں جن کا نام روحانیون ہے اور وہ سب کے پیچھے بیٹھتے ہیں مگر ان کی پوری ایک صف بھی نہیں ہوتی۔

دیوان میں جنّ و ملائکہ کے حاضر ہونے کا سبب:

حضرت نے فرمایا: کہ ملائکہ اور جنوں کے حاضر ہونے کا فائدہ یہ ہے کہ اولیاء اللہ کا تصرف ان امور میں بھی ہوتا ہے جو ا قدرت میں ہوتے ہیں اور ان امور میں بھی جو ان کی قدرت سے باہر ہوں لہٰذا جو امور ان کی قدرت سے باہر ہوتے ہیں ان میں وہ اور جنات سے مدد لیتے ہیں۔

آنحضرت ﷺ بھی کبھی کبھی دیوان میں تشریف فرما ہوتے ہیں:

فرمایا کہ کبھی کبھی[3] آنحضرت ﷺ بھی اس مجلس میں شرکت فرماتے ہیں اور جب آنحضرت ﷺ تشریف لاتے ہیں تو غو جگہ پر تشریف رکھتے ہیں اور غوث وکیل کی جگہ پر بیٹھتا ہے اور وکیل پیچھے ہٹ کر صف والوں سے جاملتا ہے۔ آنحضرت ﷺ جب تش لاتے ہیں تو آپ کے ساتھ وہ انوار آتے ہیں جن کے برداشت کرنے کی کسی میں طاقت نہیں اور یہ انوار جلا دینے والے، گھبرا دینے اور دم میں قتل کر دینے والے ہوتے ہیں اور یہ ہیبت و جلال و عظمت کے انوار ہیں یہاں تک کہ فرض کر لیا جائے کہ چالیس آدمی

ت کے انتہائی درجہ پر پہنچے ہوئے ہوں اور پھر یکا یک یہ انوار ان کے سامنے آ جائیں تو یقیناً وہ سب یکدم بیہوش ہو کر گر پڑیں گے مگر
الیٰ اپنے اولیاء کو ان انوار کو پا لینے کی طاقت عطا فرما دیتا ہے لیکن اس کے باوجود بہت ہی کم اہل مجلس ہوتے ہیں۔ جو ان امور کو محفوظ
تے ہیں جو کہ آنحضرت ﷺ کی موجودگی کے وقت طے پائے ،وں فرمایا آنحضرت ﷺ غوث سے گفتگو فرماتے ہیں۔

اسی طرح جب آنحضرت ﷺ اس دیوان میں تشریف فرما نہیں ہوتے تو غوث کے لئے خارقِ عادت انوار ہوتے ہیں کہ اہل مجلس
کے قریب بھی نہیں جا سکتے بلکہ دور بیٹھتے ہیں۔ پس جو امر اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوتا ہے۔ اس کی طاقت آنحضرت ﷺ کی
کے سوا کسی میں نہیں اور جب آنحضرت ﷺ سے وہ امر نکلتا ہے تو اس کی طاقت غوث کی ذات کے سوا کسی میں نہیں ہوتی اور پھر
کی طرف سے وہ امر ساتوں اقطاب پر پھیلتا ہے اور ساتوں اقطاب سے اہل مجلس پر۔

ن کا وقت:

جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا اس مجلس کا وقت وہی ساعت ہے جس میں آنحضرت ﷺ کی ولادت ہوئی اور رات کے آخری تیسرے
ں یہی وہ ساعت اجابت ہے جس کا احادیث میں ذکر آیا ہے کہ ہر رات اللہ تعالیٰ دنیا کے آسمان کی طرف نزول فرماتا ہے جبکہ رات کا
ی تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے اور فرماتا ہے کوئی ہے جو مجھ سے دعا مانگے پس میں قبول کروں۔ الحدیث

ت قبولیت پانے کا طریقہ:

مؤلف فرماتے ہیں کہ جو شخص اس نیک ساعت کو پانا چاہے تو وہ سوتے وقت سورہ کہف کی آخری آیت

نَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا o خَالِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا
حَوْلًا o قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّيْ وَ لَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ
مَدَدًا o قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ
عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا o

پڑھے اور دعا کرے کہ یا اللہ مجھے وقت مذکور میں بیدار کر دینا تو اس کی آنکھ عین اس وقت کھل جائے گی۔ یہ شیخ عبدالرحمٰن ثعالبی ؒ
ان ہے ہم نے بھی بارہا اسے آزمایا ہے اور اوروں نے بھی اس کا تجربہ کیا ہے حتیٰ کہ اکثر ایسا ہوا کہ متعدد آدمیوں نے یہ آیت پڑھ کر
وقت پر جاگنے کی دعا مانگی اور کسی ایک کو دوسرے کی نیت کا علم نہ تھا مگر جب بیدار ہوئے تو ایک ہی وقت میں۔

ت محمدیہ ﷺ سے پہلے اصحاب دیوان ملائکہ تھے:

میں نے حضرت سے سنا کہ قدیم زمانے میں اہل دیوان فرشتے ہوا کرتے تھے لیکن جب آنحضرت ﷺ مبعوث ہوئے تو دیوان
ا اُمت کے اولیاء سے معمور ہونے لگا اس سے یہ معلوم ہوا کہ یہ فرشتے اس اُمت شریفہ کے اولیاء کے نائب تھے۔ چنانچہ ہم نے دیکھا
ہ کہ جب کوئی ولی دنیا میں آیا اور اللہ تعالیٰ نے اسے فتح نصیب فرما کر اہل دیوان بنایا تو وہ اپنی مخصوص جگہ پر صف اول میں ہو یا کسی اور

جگہ پر آ کر بیٹھتا تو اس جگہ کا فرشتہ آسمان پر چڑھ جاتا پھر جب دوسرا ولی آیا اور اپنی جگہ پر آ بیٹھا تو اس جگہ کا فرشتہ آسمان پر چڑھ جاتا۔ اس طرح دیوان کی ابتداء ہوئی تا آنکہ وہ مکمل ہو گیا وللہ الحمد جب ولی ظاہر ہوا تو فرشتہ اٹھ گیا۔ اب رہے وہ فرشتے جو ابھی تک باقی ہیں اور چھیوں صفوں کے پیچھے بیٹھتے ہیں جیسا کہ ذکر ہوا وہ (اہل دیوان نہیں بلکہ) ذات محمدی کے وہ فرشتے ہیں جو دنیا میں ذات شریفہ کے محافظ تھے اور چونکہ ذات محمدی کا نور اہل دیوان میں پھیلا ہوا ہے اس لئے نور شریف کے ساتھ ذات شریفہ کے فرشتے موجود رہتے ہیں اور جب آنحضرت ﷺ دیوان میں تشریف لاتے ہیں اور آپ کے ساتھ ناقابل برداشت انوار آتے ہیں تو یہ فرشتے جو اہل دیوان کے ساتھ ہوتے ہیں بڑی تیزی سے نور محمدی میں سما جاتے ہیں اور جب تک آنحضرت ﷺ دیوان میں تشریف رکھتے ہیں ان میں سے کوئی فرشتہ نظر نہیں آتا مگر جب آنحضرت ﷺ تشریف لے جاتے ہیں تو وہ فرشتے اپنی اپنی جگہ پر لوٹ آتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

ہر شہر میں اولیاء کی مدد کے لئے فرشتوں کی ایک جماعت ہوتی ہے:

حضرت نے فرمایا کہ ہر شہر میں ان امور میں مدد کے لئے جو اہل تصرف اولیاء کی طاقت سے باہر ہوں فرشتوں کی ایک جماعت موجود رہتی ہے۔ کسی جگہ ستر اور کہیں اس سے کم اور کہیں زیادہ۔ یہ فرشتے انسانی شکل میں ہوتے ہیں چنانچہ کوئی خواجہ کی صورت میں ہوتا۔ اور کوئی فقیر کی صورت میں اور کوئی چھوٹے بچے کی صورت میں۔ غرض یہ ملے جلے رہتے ہیں مگر لوگوں کو ان کا پتہ نہیں چلتا۔ اس بارے میں حضرت نے کئی ایک حکایات بھی بیان فرمائیں جن کے اسرار کی نہ کیفیت بیان ہو سکتی ہے نہ کوئی انکو برداشت کر سکتا ہے ان کے بیان کرنے کا سبب یہ ہوا کہ حضرت نے مجھے ایک شخص سے یہ کہتے ہوئے سن لیا کہ بیان کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی شخص بخاری شریف کا ایک پارہ لے کر کسی ولی کے مزار پر جائے اور اسے کھول کر اس کے راویان حدیث اور اس ولی کے وسیلہ سے دعا مانگے تو اس کی مراد پوری ہوتی ہے خصوصاً بخاری شریف کا آخری پارہ۔ اس پر میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ کیا یہ صحیح ہے یا غلط؟ آپ نے فرمایا ہر شہر میں ملائکہ کی خاص تعداد ہوتی ہے۔ لہٰذا جب وہ کسی بندہ کو اللہ سے کوئی چیز مانگتے ہوئے دیکھتے ہیں اگر وہ دیکھیں کہ یہ چیز اس کی تقدیر میں لکھی جا چکی ہے اسے (دعا کرنے) میں صحیح طریقہ پر لے آتے ہیں اور (دعا کرنے میں) اس کا ساتھ دیتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ توفیق ایزدی اس کے شامل حال ہو جاتی ہے اور شیطان اس کے راستہ سے ہٹ جاتا ہے لیکن اگر دیکھیں کہ وہ چیز اس کی تقدیر میں نہیں لکھی ہوئی تو وہ اس کو اپنی حالت پر چھوڑ دیتے ہیں اور شیطان آ موجود ہوتا ہے لہٰذا جب وہ کسی کو دیکھتے ہیں کہ بخاری شریف کا پارہ لئے کسی مزار پر جا رہا ہے پھر دیکھتے ہیں کہ اس کی (اللہ کے ہاں) حاجت روائی ہونے والی ہے تو وہ اس کو سیدھے طریقے پر لے آتے ہیں اور اس کے دل میں کرنے میں عجز و انکساری ڈال دیتے ہیں اور مزار تک اس کے ساتھ ہو لیتے ہیں۔ وہ شخص تو صرف پارہ اٹھائے ہوتا ہے اور یہ اس کے اٹھائے ہوتے ہیں اور جب وہ دعا مانگتا ہے تو یہ آمین کہتے ہیں لہٰذا اس کی دعا قبول ہوتی ہے لیکن اگر دیکھتے ہیں کہ اس کی حاجت (اللہ کے ہاں) پوری ہونے والی نہیں تو یہ کتاب کے اسرار کو نکال لیتے ہیں لہٰذا سائل صرف جسم کتاب لے کر مزار پر جاتا ہے اور راستہ میں شیطان وسوسہ و تشویش لئے ہوئے آ ملتا ہے جس کی وجہ سے اس کی دعا میں حلاوت باقی نہیں رہتی۔

میں نے عرض کیا: وہ اسرار کیا ہیں جو جسمِ کتاب سے زائد ہوتے ہیں اور جنہیں فرشتے نکال لیتے ہیں؟

حضرت نے فرمایا: وہ کیا راز ہے جس کی وجہ سے شہد کا جسم رال کے جسم سے ممتاز ہوتا ہے؟

میں نے عرض کیا: مٹھاس۔ فرمایا پھر یہ جسم شہد کے علاوہ ایک صفت ہوئی۔

میں نے عرض کیا: ہاں فرمایا اسی طرح ہر کتاب میں ایک راز ہوتا ہے جو جسمِ کتاب کے علاوہ ہوتا ہے چنانچہ جب شہد کی حلاوت ہو جائے تو اس کا نفع جاتا رہتا ہے اسی طرح کتاب کا حال ہے جب اس کا سِرّ نکال لیا جائے۔

فرمایا کہ بہت سے کاغذ اور ورق زمین پر گرے پڑے پائے جاتے ہیں، جن پر اللہ تعالیٰ کے نام لکھے ہوتے ہیں اور لوگوں کے پاؤں کے نیچے آتے ہیں اگر فرشتے ان اسماء کے اسرار کو نہ نکال لیں تو اکثر لوگ ہلاک ہو جائیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى فَضْلِهٖ وَمَنِّهٖ.

تعالیٰ اعلم۔

انبیاء علیہم السلام بھی دیوان میں شرکت فرماتے ہیں:

میں نے حضرت سے پوچھا کہ مجلس دیوان میں سیدنا ابراہیم و سیدنا موسیٰ علیہما السلام و دیگر انبیاء بھی تشریف لاتے ہیں؟

فرمایا: سال بھر میں صرف ایک رات تشریف لاتے ہیں میں نے پوچھا وہ کون سی رات ہے؟ فرمایا شبِ قدر کیونکہ اس رات دیوان عام انبیاء و مرسلین اور مقرّب فرشتوں میں سے ملاءِ اعلیٰ وغیرہ بھی تشریف لاتے ہیں اور آنحضرت ﷺ مع ازواج مطہرات اور اکابر کے تشریف فرما ہوتے ہیں۔

رت خدیجہؓ اور حضرت عائشہؓ میں کون افضل ہے:

میں نے حضرت سے حضرت خدیجہؓ اور حضرت عائشہؓ کے متعلق ایک دوسرے پر فضیلت دینے کے بارہ میں جو اختلاف ہے، ت کیا۔

رت عائشہ کی افضلیت:

فرمایا میں نے شب قدر میں دونوں کو آنحضرت ﷺ کے ساتھ دیکھا تو حضرت عائشہؓ کا نور ۵ حضرت خدیجہؓ کے نور سے زیادہ تھا۔

نہ القدر کی اصل:

اس کے بعد حضرت نے شب قدر کا سبب بیان فرمایا کہ سورج کی ٹکیہ میں نور پیدا کئے جانے سے پہلے دنیا تاریک تھی اور تمام زمین، ن، غاروں، میدانوں، پہاڑوں اور وادیوں میں فرشتے آباد تھے۔ جب اللہ تعالیٰ نے سورج میں نور پیدا کیا اور دنیا کو اس سے روشن کر دیا سمان اور زمین کے فرشتوں میں شور بپا ہو گیا اور انہیں دنیا کے تباہ ہو جانے کا خطرہ لاحق ہو گیا اور یہ خیال کرنے لگے کہ شاید کوئی بڑی بت ان پر نازل ہونے والی ہے۔ چنانچہ آسمان کے فرشتے بھی زمین پر اُتر آئے اور زمین کے فرشتوں کے ساتھ مل کر روشنی کے سایہ کی ب بھاگنے لگے یعنی دن کی روشنی سے جس سے وہ ناواقف تھے رات کی تاریکی کی طرف جس سے وہ واقف تھے، ڈرتے، عاجزی کرتے سب مل کر اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑاتے اور زاری کرتے اور ڈرتے ہوئے اللہ کی خوشنودی چاہتے تھے اور دعا کرتے تھے کہ کہیں خدا ان پر ض نہ ہو جائے۔ انہیں یہی خیال تھا کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو لپیٹ دینے کا ارادہ کر لیا ہے لہٰذا وہ پھر پہلے کی طرح عاجزی کرنے اور اللہ کی

بارگاہ میں گڑگڑانے لگے۔ ہر لحظہ انہیں یہی خطرہ لاحق رہتا کہ ابھی دنیا تہ و بالا ہوئی اور جس قدر روشنی بڑھتی جاتی وہ اسی قدر اس سے سایہ کو بھاگتے۔ چنانچہ ان کی یہی حالت رہی کہ روشنی سایہ کو کم کرتی جاتی اور وہ اس سے بھاگتے حتیٰ کہ ساری زمین کا چکر لگالیا اور جہاں سے چلے تھے، پھر وہیں آ گئے، لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ جس بات کا خطرہ تھا وہ تو واقع ہوئی نہیں تو انہیں اطمینان ہوگیا اور زمین اور آسمان میں اپنی اپنی جگہ پر لوٹ آئے اس کے بعد وہ ہر سال ایک رات میں باہم جمع ہونے لگے یہی لیلۃ القدر کی اصل ہے۔

میں نے عرض کیا: اس سے تو یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ شبِ قدر حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے سے چلی آتی ہے حالانکہ حدیث کے الفاظ سے یوں مستفاد ہوتا ہے کہ یہ رات خاص اُمت محمدیہ ﷺ کے لئے بنائی گئی۔

فرمایا آنحضرت ﷺ کی برکت سے اس کا ثواب اور اس کی شناخت اس اُمت کے لئے مخصوص ہے کیونکہ گزشتہ امتوں کو اس کی واقفیت کی توفیق نہیں دی گئی جس طرح جمعہ کی ساعت قبولیت کہ وہ بھی آدم علیہ السلام کی پیدائش کے دن سے موجود تھی مگر اس کو پانے کی توفیق صرف اسی اُمت شریفہ کو عطا کی گئی اس لئے کہ یہود پر پیش ہوئی تو انہوں نے ہفتہ کو اختیار کرلیا اور عیسائیوں پر پیش ہوئی تو انہوں نے اتوار کو اختیار کرلیا۔ وَفَّقَنَا اللّٰہُ تَعَالیٰ لَھَا بِمَنِّہٖ وَجُوْدِہٖ (خدا اپنے فضل وکرم سے ہمیں یہ ساعت پانے کی توفیق دے) واللہ اعلم۔

ساعت جمعہ کی قبولیت کا سبب:

میں نے حضرت سے جمعہ کی ساعت کا سبب پوچھا۔ فرمایا اس کا سبب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اشیاء کو پیدا کر چکے اور اس وقت جمعہ کی آخری ساعت تھی تو تمام مخلوقات نے اللہ تعالیٰ سے دعا وگریہ وزاری کی کہ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی نعمتیں تمام کرے اور اپنی رضا کے ساتھ ساتھ وہ چیزیں عطا کرے جو ان کی بقاء اور بہبود کا سبب ہوں۔ پھر فرمایا کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ جمعہ کی ساعت پر مطلع فرمائے اور اسے توفیق بخشے اسے چاہیے کہ وہ اسی قسم کی دعا مانگے اور اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت کی بھلائی مانگے۔ کیونکہ اس دن مخلوقات کے دل سے یہی دعا نکلی تھی اور انہوں نے محض آخرت کے لئے دعا نہ کی تھی۔ لہٰذا جس کی دعا اس ساعت مقبولہ سے موافقت پا جائے گی اس کی مراد بر آئے گی نیز فرمایا کہ یہ ساعت[٦] بہت ہی تھوڑی ہے۔ اس قدر ہے جس قدر کہ کوئی شخص اطمینان سے رکوع کر کے ہر عضو اپنی جگہ پر لوٹ آئے اس کے عروق اور جوارح میں سکون آ جائے۔ نیز فرمایا کہ یہ ساعت منتقل ہوتی رہتی ہے لیکن ہوتی جمعہ کے دن ہی ہے چنانچہ کبھی زوال سے پہلے ہوتی ہے اور زوال سے پہلے کی گھڑیوں میں منتقل ہوتی رہتی ہے اور کبھی زوال کے وقت اور زوال کے بعد ہوتی ہے اور غروب شمس تک کی ساعات میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔ چھ ماہ تک قبل زوال ہوتی ہے اور چھ ماہ بعد از زوال۔ ایک مرتبہ یوں بھی فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کے عہد میں یہ گھڑی اس وقت ہوتی تھی جب آپ خطبہ فرمایا کرتے تھے۔ یعنی زوال کے وقت۔ حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں منتقل ہو کر گھڑی زوال کے بعد ہوتی تھی اور خطبہ کا وقت جبکہ لوگ نماز کے لئے جمع ہوتے تھے۔ اس ساعت سے خالی ہوگیا حالانکہ آنحضرت ﷺ نے خطبہ اور اجتماع کا حکم اسی ساعت کو پانے کے لئے دیا تھا لیکن چونکہ آنحضرت ﷺ کا کھڑا ہونا اور عجز وانکساری کے ساتھ خطبہ پڑھنا ایسا تھا جس کے برابر کوئی چیز نہیں ہوسکتی اس لئے آنحضرت ﷺ کے قیام کے وقت کو بہت بڑا شرف اور نور کثیر حاصل ہوا اور یہ وقت بمنزلہ ساعت جمعہ بلکہ اس سے بھی افضل ہوگیا لہٰذا جس سے ساعت جمعہ چھوٹ گئی مگر اس نے وہ ساعت پالی جس میں آنحضرت ﷺ خطبہ کے لئے کھڑے ہوا کرتے تھے تو اس کو کوئی نقصان نہیں ہوا۔ یہی وجہ تھی کہ آنحضرت ﷺ نے خطبہ کی ساعت کو جمعہ کی طرف

وہ منتقل ہوتی جائے منتقل کرنے کا حکم نہیں دیا اسی لئے کہ آپ کی ساعت تو منتقل نہیں ہوتی اسی لئے بہتر یہی ہے کہ جمعہ کی ساعت کے ر میں اسی کا لحاظ رکھا جائے کیونکہ اُمت کے لئے سہولت اسی میں ہے۔ مزید برآں ساعت جمعہ ایک امر غیب اور راز خداوندی ہے جس خواص کے سوا کسی کو نہیں ہوتا اور آنحضرت ﷺ کے خطبہ کا وقت ظاہر اور اس کی تعیین زوال کے وقت سے ہوتی ہے جو کہ کسی پر مخفی نہیں ی اس لئے کہ اسی کا اعتبار کیا جائے اس بنا پر اگر کوئی شخص زوال کے وقت جمعہ پڑھے اور جمعہ میں تاخیر کرنے کی اس کی عادت ہو تو سمجھ س نے بلاشبہ ساعت نبویہ کے پانے میں کوتاہی کی اور ساعت جمعہ پانے کا کسی کو یقین نہیں اس طرح وہ شک کی خاطر یقینی بات کو کر بیٹھتے ہیں اور یہ بڑی بھاری کوتاہی ہے۔ ہم خدا سے آنحضرت ﷺ کے طریقہ پر چلنے کی توفیق چاہتے ہیں۔

رق ومغرب کے اعتبار سے اس ساعت کو کس طرح پایا جائے:

میں نے عرض کیا ہم لوگ جو مغرب میں رہتے ہیں، اگر زوال کے وقت خطبہ پڑھیں اور ساعت نبویہ کو پانا چاہیں تو نہیں پا سکتے اس کہ ہمارے ہاں زوال کا وقت اہل مدینہ کے زوال کے وقت سے بہت بعد میں ہوتا ہے، لہٰذا اس ساعت کو پانے کے لئے زوال سے وقت میں تلاش کرنا پڑے گا جس سے یہ لازم آئے گا کہ نماز جمعہ زوال سے پہلے پڑھی جائے جو جائز نہیں۔ لہٰذا کیا چارہ کیا جائے؟

فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کی ساعت کا سرّ مطلق طور پر تمام زوال کے وقت میں جاری وساری ہے لہٰذا خاص زوال کا اعتبار نہیں ا کہ طلوع وغروب میں کسی خاص جگہ کا اعتبار نہیں بلکہ ہر علاقے اور ہر جگہ کے اپنے طلوع کا اعتبار کیا جاتا ہے۔ اسی لئے تو ہم صبح کی نماز فجر کے طلوع پر پڑھیں گے نہ کہ مدینہ کی فجر کے طلوع پر اور روزہ افطار کریں گے اپنے غروب پر نہ کہ مدینہ کے غروب پر۔ یہی حال ان م احکامات کا ہے جن میں وقت کا اعتبار کیا جاتا ہے اور منجملہ ان کے زوال بھی ہے۔

عت جمعہ اور شب قدر کے منتقل ہونے کا کیا سبب ہے:

پھر میں نے درخواست کی کہ ساعت جمعہ کے منتقل ہونے کی کیفیت بیان فرمائیں اور اس کے بتدریج منتقل ہونے کی کیا وجہ ہے اور ا وجہ ہے کہ پہلے تو جمعہ کی آخری ساعت میں تھی، پھر آہستہ آہستہ پیچھے ہٹتی گئی تا آنکہ زوال پر پہنچی، پھر آگے بڑھی تو قبل از زوال شروع ا پر جا پہنچی پھر یہ کیسے منتقل ہو کر اپنی پہلی حالت پر آخر دن پر آجاتی ہے حالانکہ جو سرّ تقدیر ایزدی میں لکھا جا چکا ہے اس کا تقاضا ہے کہ یہ ل نہ ہو جیسے کہ رات کے آخر کا تیسرا حصہ منتقل نہیں ہوتا اور یہی وقت آنحضرت ﷺ کی ولادت کا ہے۔

مزید برآں جمعہ کی ساعت تو بہت ہی چھوٹی ہے تو وہ غروب شمس سے لے کر زوال تک چھ ساعت کیسے پورے کر لیتی ہے اور سرے چھ ساعت میں زوال سے طلوع شمس تک یہ تو اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ وہ بڑی ہو۔

حضرت نے فرمایا جو بات تم نے پوچھی ہے اس کی تشریح سے ممانعت کر دی گئی ہے۔

حادیث سے حضرت کے بیان کی تائید:

مولف کہتا ہے کہ اب میں ان احادیث کا ذکر کرتا ہوں جن میں حضرت کے بیان کی تائید پائی جاتی ہے۔ حضرت کا فرمان کہ صرف اُمت محمدیہ کو ساعت جمعہ حاصل کرنے کی توفیق دی گئی اس کی دلیل مسلم شریف کی وہ حدیث ہے جس کے راوی ابو ہریرہؓ ہیں کہ رسول

اللہ ﷺ نے فرمایا: ہم وہ سب سے بعد میں آنے والے لوگ ہیں جو قیامت کے دن سب سے آگے ہوں گے۔ ہم تمام امتوں سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ انہیں ہم سے پہلے کتاب ملی اور ہمیں ان کے بعد، مگر انہوں نے اختلاف کیا اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس حق بات کی راہ بتا دی جس میں ان کا اختلاف تھا۔ چنانچہ اس دن کے بارے میں ان میں اختلاف ہوا۔ اللہ نے ہماری رہنمائی کی اور جمعہ کا دن بتا دیا۔ جمعہ ہمارا ہے اور ہفتہ یہود کا اتوار نصاریٰ کا۔

حضرت کا یہ فرمان کہ یہ ساعت منتقل ہوتی رہتی ہے اور یہ بہت ہی چھوٹی ہوتی ہے۔ اس کی دلیل ابوداؤد[8] کی وہ حدیث جس کے ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ بہترین دن جس میں سورج طلوع ہوا ہو جمعہ کا دن ہے۔ اسی دن آدم علیہ السلام کی پیدائش ہوئی۔ اسی دن جنت سے نکالے گئے اسی دن ان کی توبہ قبول ہوئی۔ اسی دن وفات پائی اور اسی دن قیامت ہوگی۔ جمعہ کے دن قیامت کے بپا ہونے کے ڈر سے جن وانس کے سوا تمام مخلوق چلا رہی ہوتی ہے۔ اس دن میں ایک ایسی ساعت ہے کہ جو مسلمان اس ساعت میں نماز پڑھ کر دعا مانگے اللہ اس کی دعا قبول فرماتا ہے۔

مسلم شریف میں یوں ہے اسی میں آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے اسی میں جنت میں داخل ہوئے اور اسی میں نکالے گئے۔ مسلم نے اس ساعت کے متعلق لکھا ہے کہ هِيَ سَاعَةٌ خَفِيْفَةٌ

مسلم بن حجاج[8] نے ابوموسیٰ کی روایت سے اس کے وقت کے متعلق لکھا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ یہ ساعت امام کے بیٹھنے سے لے کر نماز ختم ہونے تک ہوتی ہے۔

عبدالحق[9] لکھتے ہیں کہ اس حدیث کی روایت آنحضرت ﷺ تک صرف مخرمہ[10] بن بکیر عن ابیہ عن ابی[11] بردہ عن ابی موسیٰ الاشعری[12] کی سند سے ہوئی ہے لیکن اکثر لوگوں نے صرف اس طرح روایت کی ہے عن ابی بردہ عن ابی موسیٰ یعنی اسے ابوموسیٰ کا قول بتایا ہے نہ کہ آنحضرت ﷺ کا یعنی یہ حدیث مرفوع نہیں بلکہ موقوف ہے عبدالحق فرماتے ہیں کہ مخرفہ نے خود اپنے باپ سے حدیث نہیں سنی وہ تو اپنے باپ کی کتابوں سے احادیث روایت کیا کرتا تھا۔

ابوداؤد میں[13] جابرؓ بن عبداللہ نے آنحضرت ﷺ سے روایت کی ہے کہ جمعہ کی بارہ گھڑیاں ہیں اللہ کا جو مسلمان بندہ اس سے کچھ مانگے تو اللہ عطا فرماتا ہے لہٰذا تم عصر کے بعد آخری ساعت کو تلاش کیا کرو۔

عبدالحق لکھتے ہیں اس حدیث کی سند میں عبدالعزیز[14] بن مروان کا آزاد کردہ غلام بھی ہے اسی حدیث کو ابوعمر بن عبدالبر[15] نے عبدالسلام[16] بن حفص کی روایت سے نقل کیا ہے۔ عبدالسلام کو ابن معقب بھی کہتے ہیں علاء[17] بن عبدالرحمٰن اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ ابو ہریرہؓ نے کہا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جمعہ کے دن دعا کرنے کے لئے جس ساعت کی تلاش ہوتی ہے وہ جمعہ کی آخری ساعت ہے۔ ابن عبدالبر لکھتے ہیں کہ عبدالسلام ثقہ اور مدنی ہے۔ اس کے متعلق ابن معین[18] کی بھی یہی رائے ہے شاید ابوعمر بن عبدالبر نے اسی کا قول نقل کیا ہے۔ ملاحظہ ہو عبدالحق کی کتاب احکام الکبریٰ[19] اور ابن حجر کی فتح الباری جہاں انہوں نے اکتالیس اقوال نقل کئے ہیں معہ دلائل اور ان کے ردّ کے۔ چنانچہ انہوں نے طویل بحث کرتے ہوئے ہر قول کے قائل کا بھی ذکر کیا ہے اور وہ احادیث پیش کی ہیں جو اس قول کی تائید کرتی ہیں۔ پھر بتایا ہے کہ ان احادیث میں کون سی صحیح، کون سی ضعیف اور کون سی موقوف وغیرہ ہیں۔ چونکہ مجھے یہ تمام اقوال یاد تھے اور ان کے دلائل کا بھی مجھے علم تھا اس لئے میں نے حضرت سے اس ساعت کے متعلق گفتگو کی اور آپ سے وہ اسرار سنے جو

سے کچھ ذکر ہو چکے۔ خدا ان سے ہمیں فائدہ پہنچائے۔ آمین۔

اب میں پھر اس مضمون کی طرف آتا ہوں۔ حضرت نے فرمایا کہ اہل دیوان سریانی زبان میں گفتگو فرماتے ہیں اس لئے کہ یہ مختصر ن ہے اور کم الفاظ میں بہت سے معنی ادا ہوتے ہیں۔ نیز اس لئے بھی کہ دیوان میں ارواح اور فرشتے بھی شریک ہوتے ہیں اور ان کی ن سریانی ہے لیکن جب آنحضرت ﷺ تشریف فرما ہوتے ہیں تو آپ کا ادب ملحوظ رکھتے ہوئے عربی میں گفتگو کرتے ہیں۔

ں دیوان میں سے ہر کوئی لوح محفوظ کو نہیں دیکھ سکتا:

فرمایا ضروری نہیں کہ ہر وہ ولی جو دیوان میں آتا ہے، لوح محفوظ کو دیکھ سکے بلکہ بعض دیکھ سکتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو اپنی بصیرت ذریعہ سے اس کی طرف توجہ کرتے ہیں۔ لیکن جو کچھ اس میں لکھا ہے اسے معلوم نہیں کر سکتے اور بعض اس طرف اس لئے توجہ نہیں کرتے نہیں علم ہوتا ہے کہ وہ اہل نظر میں سے نہیں۔ فرمایا: اس کی مثال پہلی رات کے چاند کی سی ہے کہ اس کے دیکھنے والوں کی حالت مختلف) ہے۔

فرمایا جب اولیاء دیوان میں اکٹھے ہوتے ہیں تو ایک دوسرے کو روحانی مدد دیتے ہیں چنانچہ انوار ان میں تیروں کی طرح ایک سے ہیں اور دوسرے میں داخل ہوتے دکھائی دیتے ہیں لہٰذا جب مجلس برخاست ہوتی ہے تو پہلے سے زیادہ نورانیت کے ساتھ نکلتے ہیں۔

یاء کبار مختلف شکلیں اختیار کر سکتے ہیں:

فرمایا: چھوٹے ولی دیوان میں اپنی ذات سے حاضر ہوا کرتے ہیں مگر بڑے ولی پر کوئی پابندی نہیں۔ مطلب یہ کہ جب چھوٹا ولی ن میں آتا ہے تو اپنی جگہ اور گھر سے غائب ہو جاتا ہے اور وہ اپنے شہر میں موجود نہ ملے گا کیونکہ وہ اپنی ذات کے ساتھ دیوان میں جایا تا ہے برخلاف بڑے ولی کے کہ وہ دماغ وفکر سے کام لیتا ہے اور اپنے گھر سے غائب نہیں ہوتا کیونکہ بڑا ولی جو صورت چاہے اختیار کر ا ہے اور کمال رُوح کی وجہ سے تین سو چھیاسٹھ مختلف صورتیں اختیار کر سکتا ہے بلکہ میں نے ایک مرتبہ حضرت سے جب ہم فاس میں ب الحبشہ سے باہر تھے یہ بھی سنا ہے کہ دیوان اور اہل دیوان کیا ہیں؟ وہ سب میرے سینہ کے اندر ہیں۔

ایک مرتبہ فرمایا وہ مجلس میرے سینہ میں منعقد کی جاتی ہے۔

ایک اور بار فرمایا تمام آسمان اور زمینیں میرے سامنے ایسے ہیں جیسے ایک موزونہ (پیسہ) بیابان کے اندر۔

آپ اس قسم کی باتیں اس وقت کیا کرتے تھے جب آپ ترقی کر رہے ہوتے، نہیں بلکہ وہ تو ہر وقت ترقی پر تھے۔

ایک مرتبہ میں آپ کے ساتھ باب الفتوح سے باہر جا رہا تھا تو باوجود اُمّی ہونے کے آپ نے اکابر صالحین کا ذکر کیا۔ اس پر میں نے عرض کیا آپ کو ان لوگوں کا کیسے علم ہوا فرمایا جن لوگوں کو اللہ فتح کبیر عطا فرماتا ہے ان کی ارواح قبہ برزخ میں رہتی ہیں۔ لہٰذا جسے ہم سابقہ میں دیکھتے ہیں سمجھ لیتے ہیں کہ یہ اکابر میں سے ہے۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم [20] وسوتی کا تذکرہ ہونے لگا۔ آپ نے فرمایا وہ اکابر میں سے ہیں پھر میں ان کے مناقب اور ان عجیب وغریب کرامات کا ذکر کرنے لگا جو ان سے صادر ہوئیں تو فرمایا اگر حضرت ابراہیم سوتی اپنے زمانہ سے اس زمانہ تک بھی زندہ رہتے تو (اس عرصہ میں بھی) وہ مقامات اور ترقی نہ پا سکتے جو تمہارے بھائی عبدالعزیز نے کل

سے آج تک (یعنی صرف ایک دن میں) حاصل کر لی ہے۔ واللہ میں یہ فخریہ طور پر نہیں کہتا بلکہ صرف اظہار نعمت کی بناء پر کہہ رہا ہوں۔

ایک دن ہم باب الحبشہ سے شہر کے اندر آ رہے تھے تو میری طرف دیکھ کر فرمایا اس وقت مجھے تین خلعتیں عطا کی گئی ہیں ان میں سے اگر ایک بھی شہر فاس پر ڈال دی جائے تو تمام باشندے پگھل جائیں اور اس کی فصیل، مکانات اور تمام باشندے فنا ہو جائیں۔

ایک روز ہم باب الفتوح سے شہر کو آ رہے تھے تو میں نے آپ سے اسماء حسنیٰ اور ان کی تعداد کے متعلق دریافت کیا کیونکہ بعض علماء کا قول ہے وہ چار ہزار ہیں۔

فرمایا: میں ایک لحظہ میں یعنی آنکھ جھپکنے میں ایک لاکھ کے قریب اللہ تعالیٰ کے اسماء کا مشاہدہ کرتا ہوں۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ اور یہ حال متواتر رہتا ہے۔

اب ہم پھر اصل موضوع کی طرف آتے ہیں، کیونکہ وہ اتھاہ سمندر ہے اور ہم آرزو کے ساحل پر بیٹھے اپنے امکان کے مطابق حضرت کے سمندروں سے گھونٹ گھونٹ پی رہے ہیں۔

دیوان سے غوث کی غیر حاضری:

فرمایا کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ غوث دیوان میں تشریف نہیں لاتے تو ان کی غیر حاضری میں اہل دیوان میں اختلاف پیدا ہو جاتا ہے اور وہ اس طرح کا تصرف کرتے ہیں جو ایک دوسرے کو قتل کرنے کا سبب بن جاتا ہے اگر ان کی اکثریت کسی معاملہ میں ایک طرف ہو اور اولیاء کی مخالفت کریں تو ان میں تصرف سابق واقع ہوتا ہے اور وہ سب کے سب مر جاتے ہیں۔ ایک روز ایک معاملہ میں ان کا اختلاف ہو گیا، کم جماعت نے کہا اگر ہماری مرضی کے مطابق نہ ہوگا تو ہمیں مر جانا چاہیے۔ کثیر جماعت نے کہا اگر تمہاری یہی مرضی ہے تو مر جاؤ چنانچہ کم جماعت مر گئی۔ پھر فرمایا اگر دونوں جماعتیں برابر ہوں تو ان دونوں میں تصرف واقع ہوتا ہے۔

میں نے عرض کیا یہ لوگ تو صاحب بصیرت و کشف ہوتے ہیں، پھر ان میں جھگڑا کیوں پیدا ہوتا ہے، حالانکہ وہ اپنی بصیرت سے مر خداوندی کا مشاہدہ کر رہے ہوتے ہیں؟

فرمایا: اگر کم جماعت مخالف ہو تو انہیں مراد خداوندی سے محجوب کر دیا جاتا ہے تاکہ جو فیصلہ ان کے متعلق کیا جا چکا ہے پورا ہو جا اور اگر دونوں فریق برابر ہوں تو مراد حق دونوں سے مخفی رکھی جاتی ہے اس لئے کہ اولیاء و اصفیاء تقدیر خداوندی کے مظہر ہوتے ہیں، لیکن جب ان میں برابر کا اختلاف پیدا ہو گیا تو سب سے تقدیر کو مخفی رکھا گیا۔

میں نے دریافت کیا کہ غوث کی غیر حاضری کا کیا سبب ہوتا ہے؟

فرمایا اس کے صرف دو سبب ہوتے ہیں یا تو وہ اس لئے غیر حاضر ہوتا ہے کہ وہ حق سبحانہ کے مشاہدہ میں مستغرق ہوتا ہے اور تمام اس کی نظروں میں فنا ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے وہ دیوان میں نہیں آتا یا اس لئے کہ اس کا تقرر ابھی ابھی ہوا ہے مثلاً یوں کہ ابھی ابھی غوث وفات ہوئی اور انہیں اس جگہ مقرر کیا گیا لہٰذا ابتداء میں وہ دیوان میں نہیں آتا حتیٰ کہ آہستہ آہستہ اس کی ذات مانوس ہو جاتی ہے۔

فرمایا غوث کی غیر حاضری میں کبھی سید الوجود محمد ﷺ تشریف فرما ہوتے ہیں تو اہل دیوان پر اس قدر خوف و اضطراب طاری ہے کہ انہیں آپ کی موجودگی میں انجام کار ہی کا پتہ نہیں چلتا اور وہ اپنے حواس کھو بیٹھتے ہیں یہاں تک کہ اگر یہ کیفیت کئی دن تک ج

ے تو دنیا منہدم ہو جائے۔

فرمایا غوث کی عدم موجودگی میں جب آنحضرت ﷺ تشریف لاتے ہیں تو آپ کے ساتھ ابو بکرؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ حسنؓ حسینؓ ن کی والدہ فاطمۃ الزہرا بھی تشریف فرما ہوتے ہیں کبھی سب کے سب اور کبھی بعض ان میں سے اور حضرت فاطمۃ الزہرا ان عورتوں یٹھتی ہیں جو دیوان میں بائیں جانب بیٹھتی ہیں اور حضرت فاطمہؓ ان کی امام ہوتی ہیں

فرمایا میں نے حضرت فاطمہؓ کو ایک رات اپنے باپ پر اس طرح کا درود پڑھتے سنا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ رُّوْحُہٗ مِحْرَابُ الْاَرْوَاحِ وَالْمَلَائِکَۃِ وَالْکَوْنِ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ ھُوَ اِمَامُ الْاَنْبِیَاءَ وَالْمُرْسَلِیْنَ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ ھُوا اِمَامُ اَھْلِ الْجَنَّۃِ عِبَادِ اللّٰہ الْمُوْمِنِیْنَ.

آپ کے درود کے یہی الفاظ نہ تھے۔ میں نے ان کا مفہوم ادا کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ث کی موجودگی میں کسی کو مخالفت کی جرأت نہیں ہو سکتی:

میں نے پوچھا: کیا غوث کی موجودگی میں کوئی مخالفت نہیں کر سکتا ہے؟

فرمایا: غوث کی موجودگی میں کوئی اپنا نچلا ہونٹ تک نہیں ہلا سکتا چہ جائیکہ مخالفت کا لفظ منہ سے نکالے کیونکہ اور تو اور اس طرح اس ایمان کے سلب ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

فرمایا: جب اہل دیوان کا اجتماع ہوتا ہے تو اس وقت سے دوسرے دن کے اسی وقت تک جو کچھ ہونے والا ہوتا ہے اس پر اتفاق تے ہیں چنانچہ آئندہ دن اور آئندہ رات میں جو کچھ بقضائے الٰہی ہونے والا ہوتا ہے' اس پر بحث کرتے ہیں۔ ان کا تصرف تمام عوالم ہوتا ہے خواہ وہ عالم علوی ہو خواہ سفلی' نہیں بلکہ ستر حجابوں میں بلکہ عالم رقا میں بھی جو کہ ستر حجابوں سے بھی اوپر ہے۔ ان کا تصرف ہوتا ۔ان کا تصرف ان میں' ان کے رہنے والوں میں' ان کے دلوں میں اور ان کے مافی الضمیر میں ہوتا ہے۔ اہل تصرف کے اذن کے سوا کے دل میں بھی کوئی خیال پیدا نہیں ہو سکتا۔ جب عالم رقا کا جو ستر حجابوں سے بھی اوپر ہے وہ ستر حجاب جو عرش سے بھی اوپر ہیں ان کا یہ ں ہے تو ان عوالم کا کیا حال ہوگا۔

ب واقعہ:

مؤلف کہتا ہے کہ پولیس والوں نے میرے ایک دوست کا لڑکا گرفتار کر لیا۔ پولیس والے اس کی تلاش میں تھے اور وہ ان سے بہت تا تھا جب وہ پکڑا گیا تو اس کے باپ کو یقین ہو گیا کہ وہ اسے مار ڈالیں گے وہ میرے پاس آیا۔ میں حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا اور نا سے اس لڑکے کے بارے میں تذکرہ کیا۔ حضرت نے فرمایا کیا تمہارا خیال ہے کہ بلی میرے حکم کے بغیر چوہے کو کھا سکتی ہے اور چیزوں تو ذکر ہی کیا لہٰذا بچے کو کوئی خوف نہیں۔ اس کے باپ کو کہہ دو کہ مطمئن رہے اور ایسا ہی ہوا کیونکہ جب وہ کوتوالی پہنچا تو کوتوال نے بغیر کی وجہ کے اسے چھوڑ دیا۔

حضرت فرمایا کرتے تھے جب کوئی اپنی یا کسی اور کی حاجت ہو تو مجھ سے صرف اس کا ذکر کر دیا اور بس۔ آپ کی مراد یہ تھی کہ پھر اس

کے پورا ہونے پر اصرار نہ کرو اور نہ اس کا غم کرو کیونکہ یہی امر اس حاجت کے پورا نہ ہونے کا باعث ہوتا ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوتا کہ کوئی حاجت پیش آتی اور آپ سے اس کا ذکر کر کے خاموش ہو جاتے تو بہت کامیابی ہوتی لیکن اگر زیادہ اہتمام کرتے اور زیادہ زور دیتے تو ناکامی ہوتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

میں نے عرض کیا کہ غار حرا کے علاوہ کہیں اور بھی دیوان لگتا ہے؟

فرمایا ہاں مگر مذکورہ مقامات کے علاوہ کہیں بھی دس یا دس سے زائد اولیاء جمع نہیں ہوتے اس لئے کہ زمین ان کے انوار کو برداشت نہیں کر سکتی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا منشا یہی ہے کہ یہ لوگ زمین میں پھیلے رہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مجاذیب کا دیوان میں کوئی دخل نہیں ان کا دخل تباہی کی علامت ہے:

میں نے عرض کیا کیا مجاذیب کا دیوان میں کوئی دخل ہوتا ہے اور کیا اوروں کی طرح وہ بھی تصرف کر سکتے ہیں؟

فرمایا ان کا دیوان میں کوئی دخل نہیں اور نہ ہی ان کے اختیار میں کسی قسم کا تصرّف ہے۔ جب ان کے پاس تصرّف آ جائے گا تو د تباہ ہو جائے گی۔

خروج دَجّال کے وقت تصرف مجذوبوں کے ہاتھ میں ہوگا:

میں نے دریافت کیا ان کے ہاتھوں میں کب تصرف آئے گا؟ فرمایا خروج دَجّال کے وقت ان کے قبضہ میں تصرف ہوگا چنا دیوان کا رئیس انہی میں سے ہوگا اور چونکہ نہ اسے عقل ہوگی نہ تمیز اس لئے تصرّف میں خلل پیدا ہوگا اور یہی وجہ دجال کے نکلنے کی ہوگی۔

میں نے حضرت سے ایک قصہ سنا جس میں مجذوبوں اور ان کے احوال کا ذکر تھا اور اس قصہ میں دیگر فوائد بھی ہیں۔ اس لئے اس تمام قصہ کا یہاں ذکر کرتا ہوں۔ فرمایا اہل مغرب میں سے حضرت حماد ایک مجذوب بزرگ تھے مصر کے بازاروں میں کھانے کو ما پھرتے۔ یہ گراں سالی کا زمانہ تھا چنانچہ ایک مرتبہ وہ ایک شخص کی دوکان پر روٹی مانگنے کے لئے جا رہے تھے کہ انہوں نے اپنی باطن کی سے دیکھا کہ ایک ملکہ میں جو اس شخص کی دکان کے سامنے مدفون تھا۔ بہت سا سونا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ صاحب دکان عارفین سے تھا۔ اس نے دیکھا کہ حضرت حماد اس کی طرف آ رہے ہیں تو اس نے انہیں آزمانا چاہا جب حضرت حماد نے سوال کیا تو فرمایا معا کرو۔ حضرت حماد نے پھر سوال کیا۔ انہوں نے پھر کہا معاف کرو۔ پھر کہا اگر تم حماد ہو تو میں تمہیں آزمانا چاہتا ہوں۔ تم لوگوں سے کرتے پھرتے ہو حالانکہ جو کچھ تمہارے پاؤں کے نیچے ہے وہ تمہارے لئے کافی ہے۔ ان کی مراد اسی مدفون سونے سے تھی جس کے حضرت حماد کھڑے تھے۔ حضرت حماد نے جواب دیا میرے پاؤں کے نیچے تو سونا ہے۔ میں تو روٹی کے لئے چاندی کا نصف سکہ ہوں۔ اس سے اس شخص کو ان کا حال معلوم ہو گیا اور انہیں چاندی کے دس نصف سکے عطا کئے اور حماد چلے آئے۔

میں نے عرض کیا: حضرت حماد کو دیکھنے سے پہلے ہی وہ شخص ان کو کیسے پہچانتا تھا کہ اس نے انہیں آزمانا چاہا؟

فرمایا، دیکھنے سے پہلے ان کا حضرت حماد کو جاننا ایسا ہے جیسے ایک سویا ہوا شخص جاگنے والا ہی ہو اور وہ خواب میں کسی شخص کو دیکھ اس کے بعد جب اس کی آنکھ کھل جائے تو اس شخص کو اپنے سامنے کھڑا پائے تو اسے وہ غور سے دیکھے گا کہ آیا یہ وہی شخص ہے جسے اس

ں میں دیکھا یا کوئی اور ہے تا آنکہ شک رفع ہو جائے کہ یہ وہی شخص ہے جسے اس نے خواب میں دیکھا تھا۔ ایسا خواب جو بمنزلہ بیداری ہے۔

میں نے عرض کیا اس کی کیا وجہ ہے کہ اس شخص نے پہلے تو اسے کہا کہ معاف کرو لیکن جب معلوم ہوا کہ وہ ولی ہیں تو جو انہوں نے مانگا بلکہ اس سے زیادہ عطا کیا۔ کیونکہ اگر کسی کو اللہ کے لئے کچھ دیا جائے تو اس میں ولی یا غیر ولی کا لحاظ نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ دونوں کا تو ایک ہی ہے اور اگر وہ عطیہ بغیر اللہ ہو تو وہ عارفین کے حال کے مناسب نہیں۔ لہٰذا اگر پہلی بار دینے سے انکار اللہ کے لئے تھا تو ں بار بھی انکار ہی ہونا چاہئے تھا مگر جب دوسری بار انہیں دیا تو بہتر تھا کہ اللہ کی خاطر دینا تھا تو پہلی بار ہی دے دیتے۔

فرمایا مومن کا ایک حق ہوتا ہے یعنی ایمان کا حق اور ولی کے دو حق ہوتے ہیں ایک ایمان کا اور ایک اللہ کی معرفت کا۔ انہوں نے بار اسے کہا کہ معاف کرو تو اس بناء پر کہا کہ وہ ایک عام مسلمان سائل ہے۔ اس لئے اسے دینے سے انکار کیا کیونکہ اس وقت صرف حق ی کی وجہ سے اسے دینا ضروری نہ تھا لیکن آزمانے کے بعد جب معلوم ہو گیا کہ وہ عارفین میں سے ہیں تو ان کے سوال میں زور پیدا اور ان کا حق اور زیادہ ہو گیا اسی لئے اس کے مال میں سے انہیں حق پہنچتا تھا کیونکہ معرفت الٰہی میں دونوں مشترک ہیں اور معرفت ندی کی صفت ایسی ہے جیسے دو دینی بھائیوں کے درمیان عقد اخوت۔ لہٰذا پہلی مرتبہ دینے سے انکار بھی اللہ کے لئے تھا اور دوسری بار بھی اللہ کے لئے۔ اس کی مثال یوں سمجھو کہ کوئی شخص دروازے کے پیچھے سے سوال کرے اور وہ سائل کو کہہ دے کہ معاف کرو۔ پھر زہ کھولنے پر معلوم ہوا کہ وہ تو اس کا بھائی ہے لہٰذا مناسب ہوگا کہ جاننے کے بعد اس سے اجنبیوں کا سا برتاؤ نہ کرے کہ جاننے کے ی اسے انکار کر دے۔ کیونکہ یہ اخوت اور صلہ رحمی کے تقاضا کے منافی ہے۔

میں نے عرض کیا کہ مسئول عنہ کے مال میں سے معرفت الٰہی کی بناء پر کس قدر حصہ دینا ضروری ہوتا ہے۔ فرمایا اسی قدر جس قدر کہ بھائی کے لئے واجب ہوتا ہے لہٰذا اگر صرف ایک بھائی ہو تو نصف اور اگر نو بھائی ہوں تو ہر ایک کو مال کا دسواں حصہ۔

میں نے عرض کیا پھر انہوں نے کیوں چاندی کے صرف دس نصف سکے دیئے اور اپنا آدھا مال نہیں دیا؟

فرمایا صرف یہی ایک سائل عارف تو نہ تھا۔ ہو سکتا ہے کہ اس کے جانے کے بعد کوئی دوسرا عارف آ جاتا۔ پھر تیسرا پھر چوتھا علی ہذا یاس۔ انسان اپنے نفس کو خود سمجھ سکتا ہے کہ دینی بھائیوں کے حقوق کس طرح ادا کرے۔

میں نے دریافت کیا کہ حضرت حماد کیا تھے؟

فرمایا مجذوب تھے اور جن سے وہ مانگنے گئے تھے وہ حضرت ابراہیمؑ تھے جو سالک تھے اور یہ دونوں عارفین میں سے ہیں۔

سالک اور مجذوب میں فرق:

میں نے عرض کیا کہ سالک اور مجذوب میں کیا فرق ہے جبکہ معرفت میں دونوں شریک ہیں۔ فرمایا مجذوب وہ ہوتا ہے جو ان چیزوں سے جنہیں وہ دیکھتا ہے متاثر ہوتا ہے اور اپنے مشاہدہ سے خوش ہو کر اپنے بدن سے اس کی نقل اتارتا ہے اور اسی طرح کی حرکات کرنے لگتا ہے جب اللہ تعالیٰ کسی شخص پر رحم فرماتے ہیں اور اس کی چشم بصیرت کھول دیتے ہیں تو وہ ہر وقت ملاءِ اعلیٰ کی وہ عجیب و غریب باتیں مشاہدہ کرتا رہتا ہے جس کی نہ کیفیت بیان ہو سکتی ہے اور نہ انہیں کوئی برداشت کر سکتا ہے لہٰذا اگر عارف مجذوب ہے تو وہ اپنی بصیرت

سے جن اشیاء کا مشاہدہ کرتا ہے اسی طرح اپنے بدن سے کرنے لگتا ہے اور بصیرت کے مشاہدات لاتعداد ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ایک حالت پر قائم نہیں رہتا۔ چنانچہ اگر کوئی مجذوب خوشی کے مارے جھومتا دکھائی دے تو سمجھ لو کہ وہ حور عین کے مشاہدہ میں کھویا ہوا ہے کیونکہ ان کی حرکات اسی قسم کی ہوتی ہیں۔ لہٰذا اس کا ظاہر بدن انہی حرکات کی نقل اتارتا ہے جنہیں وہ کر رہا ہوتا ہے لیکن سالک کا بدن نہ اپنے مشاہدہ سے متاثر ہوتا ہے اور نہ ہی وہ ان حرکات کی نقل اتارتا ہے جنہیں وہ مشاہدہ کر رہا ہوتا ہے بلکہ اس کی مثال تو ساکن اتھاہ سمندر کی سی ہے جس پر کسی چیز کا اثر ظاہر نہیں ہوتا۔ سالک مجذوب کے مقابلہ میں زیادہ کامل ہوتا ہے اور اس کا اجر بھی مجذوب کے اجر کے مقابلہ میں تین گنا ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سالک آنحضرت ﷺ کے نقش قدم پر چلتا ہے اور آنحضرت ﷺ کا ظاہر کسی چیز سے متاثر نہ ہوتا تھا اسی لئے سالک کے ہوش وحواس قائم ہوتے ہیں اور اکثر مجذوبوں کے قائم نہیں ہوتے کیونکہ جب ان کا بدن دوسروں کے ظاہری حرکات کی نقل کرنے لگ گیا تو فتح سے پہلے ان کا بدن جس پیدائشی حالت پر تھا وہ جاتی رہتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی عقل بھی جاتی رہتی ہے۔

ایک عارف اور ان کے بیٹے کا قصہ:

فرمایا کہ اکابر میں سے ایک عارف دیوان میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ ان کا ایک لڑکا تھا، ان کو معلوم تھا کہ وہ لڑکا ان کا روحانی وارث بھی ہوگا لیکن یہ معلوم نہ تھا کہ مجذوب ہوگا یا سالک۔ چنانچہ وہ اسے ایک بار گردن پر اُٹھا کر مجلس دیوان میں لے آئے۔ اہل مجلس نے اعتراض کیا کہ تمہیں یہ معلوم ہونے کے باوجود کہ جو شخص اس مرتبہ کا نہیں اسے یہاں لانا جائز نہیں۔ پھر تم اسے یہاں کیوں لے آئے۔ انہوں نے کہا میں آپ حضرات سے معافی چاہتا ہوں اور چشم پوشی اور درگزر کی درخواست کرتا ہوں۔ اس کے بعد بچہ کو لے کر غوث کے سامنے آئے اور عرض کیا کہ حضرت میں اس مقدس مجلس میں ایک درخواست کرتا ہوں۔ آنحضرت ﷺ کا واسطہ اور اس مجلس کا واسطہ میرے اس بچے کے متعلق یہ ظاہر فرما دیجئے کہ آیا بچہ مجذوب ہوگا یا سالک؟ غوث نے فرمایا یہ تو ایسی بات ہے جس کا علم ہو نہیں سکتا کیونکہ جو نور ایمان سالک میں ہوتا ہے وہی مجذوب میں ہوتا ہے اور جو معرفت الٰہی اس میں ہوتی ہے وہی اس میں ہوتی ہے رہا نیکیوں اور درجات کا فرق اس کا ہمیں علم نہیں۔ اس کا علم آخرت ہی میں ہوگا پس کس طرح معلوم ہو کہ تیرا بیٹا مجذوب ہوگا یا سالک۔ یہ تو ہو نہیں سکتا۔ اس پر غوث سے عرض کی کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے غوث اسی لئے بنایا ہے کہ آپ کو اس کا اور اس سے بھی زیادہ کا علم دیا ہے پھر آنحضرت ﷺ کے جاہ کا واسطہ دے کر کہا آپ ضرور بتلائیں کہ یہ بچہ مجذوب ہوگا یا سالک۔ اس پر غوث نے کہا ایک لکڑی لاؤ۔ لکڑی لائی گئی۔ پھر چھری منگا اور بچے کو بلا کر اپنے سامنے بٹھالیا۔ پھر چھری سے لکڑی کو تراشا اور کاٹنا شروع کیا اور کبھی وہ اپنی زبان دانتوں میں لیتے تھے اور کبھی ہونٹ اور ساتھ ساتھ بچہ کو بھی تاڑتے جاتے تھے تو کیا دیکھتے ہیں کہ جب غوث زبان دانتوں میں لیتے تو وہ بھی زبان دانتوں میں لے لیتا اور جب وہ اپنے ہونٹوں کو دانتوں میں لیتے وہ بھی اپنے ہونٹ دانتوں میں لے لیتا۔ پھر فرمایا اپنے بچہ کو لے جاؤ۔ یہ مجذوب ہوگا اس نے عرض کیا حضرت یہ کیسے معلوم ہوا؟ تو فرمایا اس کا ظاہر بدن ان چیزوں سے متاثر ہوتا ہے جنہیں یہ دیکھتا اور مشاہدہ کرتا ہے۔

سالک چند باتوں میں مجذوب سے پرہیز کرتا ہے:

پھر فرمایا، سالک چند باتوں میں مجذوب سے پرہیز کرتا ہے ایک یہ کہ سالک مجذوب کے ساتھ کھانا نہیں کھاتا کیونکہ مجذوب کو

ہوتی کہ اس کی زبان سے گالی نکلتی ہے یا کچھ اور۔ اس لئے سالک کو اس سے پرہیز کرنا چاہیے۔ دوسرے یہ کہ اسی وجہ سے مجذوب کا نہیں ہوتا۔ تیسرے یہ کہ سالک مجذوب کا لباس نہیں پہنتا کیونکہ مجذوب نجاست سے بچتا نہیں۔ چوتھے یہ کہ سالک کے لئے مجذوب ت سے نکاح کرنا بھی درست نہیں اور نہ ہی مجذوب کو سالکہ سے نکاح کرنا صحیح ہے۔ رہی تربیت سو کبھی سالک پیر کا تربیت یافتہ مجذوب ہے جیسا مذکورہ بالا بچہ کا قصہ کیونکہ وہ مجذوب تھا اور اس کا باپ سالک اور کبھی مجذوب پیر کا تربیت یافتہ سالک ہوتا ہے۔ جیسے حضرت فاسی کا قصہ ہے وہ سالک تھے اور ان کے پیر عبدالرحمٰن مجذوب تھے۔

میں نے عرض کیا: یہ کیسے ہوتا ہے حالانکہ مجذوب کو تو اپنی خبر نہیں ہوتی، پھر دوسروں کی کیا تربیت کرے گا؟

فرمایا: قوت اور ضعف کے اعتبار سے جذب کی مختلف حالتیں ہوتی ہیں چنانچہ بعض کا جذب کم ہوتا ہے اور بعض کا اس قدر زیادہ کہ وقت بھی ہوش نہیں آتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ءاللہ کے لئے اشیاء کا مسخر ہونا اور ان کا حیرت انگیز امور کا کرنا:

فرمایا: اولیاء اللہ بڑے بڑے کام جن پر اللہ نے ان کو مسلط کیا ہوتا ہے کر جاتے ہیں کہ دیکھنے والوں کو ان پر تعجب ہوتا ہے اگر ت کی آنکھ سے دیکھا جائے تو ان کا کرنے والا خود اللہ تعالیٰ ہوتا ہے اور یہ لوگ اوروں کی طرح محض آلہ کار ہوتے ہیں۔

میں نے عرض کیا کہ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اولیاء اللہ حق سبحانہ کے افعال کا مشاہدہ کر رہے ہوتے ہیں اور جب حقیقت یہ ہے تو پھر ں افعال کو اپنی ذات کی طرف سے کیسے دیکھتے ہیں یا یہ کہ انہیں اپنی ذات کی طرف کیسے منسوب کرتے ہیں؟

فرمایا: اولیاء اللہ اور جن لوگوں پر اللہ کا لطف و کرم ہوتا ہے۔ وہ افعال الٰہیہ کو دوسروں کی وساطت سے دیکھتے ہیں۔ مخلوقات میں سے کو بھی طاقت نہیں کہ افعال باری تعالیٰ کا مشاہدہ خود اس کی ذات میں کر سکے اور اگر وہ اس کا مشاہدہ خود ذات باری میں کرے تو فنا ہو ئے۔ مخلوقات افعالِ حق کا مشاہدہ اوروں کی وساطت سے کر سکتی ہے اسی لئے تو واسطہ پیدا کیا اور فرشتوں کو اپنے افعال کا مظہر بنایا تا کہ ات فنا نہ ہو جائے۔ فرشتوں کو اس کے حامل ہونے کی طاقت اس لئے ہے کہ ان کی ذات صاف نور سے بنی ہے جسم ترابی سے نہیں۔ یاد رکھو کہ ملائکہ کو ان افعال کا واسطہ بننے میں دیگر مخلوقات سے ممتاز کیا گیا ہے چنانچہ اگر تجھے اللہ تعالیٰ فتح نصیب کرے تو تو دیکھے گا کہ ات کی کوئی جگہ بھی ان سے خالی نہیں تو انہیں حجب میں، ان کے نیچے، عرش میں اور اس کے نیچے، جنت میں، دوزخ میں، آسمان میں، ں میں، پہاڑوں میں، وادیوں میں اور تمام سمندروں میں دیکھے گا۔

فرمایا: مخلوقات اور خالق کے درمیان ان کے واسطہ بننے سے جو فائدہ حاصل ہوتا ہے، اسی کی وجہ سے دیگر بڑی مخلوقات مثلاً حجب رہ کو چھوڑ کر ان پر ایمان لانا ضروری ہے۔

ت محمدیہ ﷺ کے اولیاء کی فضیلت:

ایک روز گفتگو کے دوران میں نے حضرت سلیمان علیہ السلام کا ذکر کیا کہ اللہ تعالیٰ نے جنوں، انسانوں، شیطانوں اور ہوا کو کس طرح ں کے لئے مسخر کیا اور پھر حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اللہ نے انہیں لوہے کی صنعت عطا کی اور لوہے کو ان کے ہاتھوں

میں اس طرح نرم کر دیا جیسے گوندھا ہوا آٹا اور ان معجزات کا ذکر کیا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو عطا ہوئے مثلاً مادر زاد اندھوں اور کوڑھیوں کو شفا دینا اور مردوں کو زندہ کرنا وغیرہ معجزات انبیاء کا ذکر کیا اور آپ سمجھ گئے کہ میری مراد یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ سب سے افضل ہیں مگر اس قسم کے معجزات آپ سے صادر نہیں ہوئے اور جو معجزات آپ سے صادر ہوئے ہیں وہ اور طرح کے ہیں۔

فرمایا حضرت سلیمان علیہ السلام کو اپنے ملک میں جو کچھ عطا ہوا اور جو کچھ بھی حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے مسخر کیا گیا اور جو عزت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دی گئی ہے' اُمت محمدیہ ﷺ کے اہل تصرف اولیاء اللہ کو یہ تمام بلکہ اس سے بھی زیادہ طاقت دی گئی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جن' انس' شیاطین' ہوا اور فرشتے تمام کو ان کے لئے مسخر کر دیا ہے بلکہ دنیا و مافیہا کی تمام اشیاء ان کی مسخر ہیں۔ انہیں مادر زاد اندھوں اور کوڑھیوں کو تندرست کرنے اور مردوں کو زندہ کرنے کی قدرت دی گئی ہے لیکن چونکہ یہ ایک پوشیدہ امر ہے اس لئے یہ امور ان پر ظاہر نہیں ہوتے تا کہ کہیں لوگ ان کی طرف لگ کر اللہ کو بھول نہ جائیں۔ یہ سب کچھ آنحضرت ﷺ کی برکت سے اہل تصرف کو حاصل ہوا ہے لہٰذا یہ سب کچھ آنحضرت ﷺ کے معجزات میں شمار ہوگا۔ اس کے بعد ایسے اسرار کا ذکر فرمایا جو انسانی عقلوں کی سمجھ سے باہر ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اہل تصرّف اولیاء کفار کو ہلاک کیوں نہیں کر دیتے:

ایک دن میں نے حضرت سے پوچھا کہ اہل تصرّف اولیاء کو کفار کو ہلاک کرنے کی قدرت ہوتی ہے جہاں کہیں بھی وہ ہوں۔ پھر کیو
وجہ کہ ان کے کفر اور غیر اللہ کی عبادت کے باوجود انہیں زندہ چھوڑ دیا جاتا ہے حالانکہ اس قسم کے لوگوں کا ہلاک کرنا واجب ہے۔

پیچھے کی طرف مڑ کر دیکھا پھر چہرہ سیدھا کر کے کہا کہ ولی ایک لحظہ کے اندر تمام روئے زمین کے لوگوں کو فنا کر دینے کی طاقت رکھ
ہے لیکن اس کے باوجود جب مسلمانوں اور کافروں کے درمیان جنگ میں شریک ہوگا تو اسے اپنے سرّ کے ذریعہ سے کافروں میں تصرف
کرنا منع ہے۔ آنحضرت ﷺ کی اقتداء کرتے ہوئے اسے جنگ کے دستور کے مطابق تلوار اور نیزہ سے لڑنا ہوگا۔

ایک واقعہ:

مسلمانوں کی ایک کشتی کا جس میں دو ولی تھے۔ کافروں کی ایک کشتی سے مقابلہ ہوگیا۔ جب ان کی جنگ تیز ہوگئی تو ان میں سے
ایک ولی جو مرتبہ میں چھوٹا تھا اُٹھا اور اپنے سر کے ذریعہ سے کافروں کی کشتی میں تصرف کیا اور ان کے دیکھتے دیکھتے کافروں کی کشتی میں
آگ لگ گئی اور اس سے کوئی ظاہری سبب صادر نہ ہوا جس سے وہ اپنے تصرف کو چھپا سکے بلکہ کشتی خود بخود بغیر کسی سبب کے جل گئی۔ جب
اس ولی نے یہ کام کیا تو دوسرے ولی نے جو اس سے بڑا تھا اس فعل کی سزا میں اس تصرف کو سلب کر لیا۔ فرمایا کافروں میں اس سرّ باطنی کے
ذریعہ سے تصرف کرنا اس لئے ناجائز ہے کہ صاحب تصرف اس حالت میں درحقیقت عالم بشر سے خارج اور دوسرے عالم سے جاملتا ہے
اور جیسے (مثلاً) عام ملائکہ کو جائز نہیں کہ اپنی قوت اصلیہ کے مطابق کافروں میں تصرف کریں۔

کافروں سے جنگ کرنے میں اہل تصرّف تصرّف باطن کو استعمال نہیں کر سکتے:

اسی طرح صاحب سرّ کو جائز نہیں کہ ان میں اپنے تصرّف کی طاقت کو عمل میں لائے بلکہ صاحب تصرّف کے ہاتھوں وہی ا

اری ہونگے جوان کی بقاء وزندگی اور دوام عیش کا سبب ہونگے جیسا کہ نگہبان فرشتے ان کی پیدائش سے لے کر مرتے دم تک ان کے تمام سور کا انتظام کرتے ہیں۔ الحاصل چونکہ کفار عالم بشر میں سے ہیں اس لئے ان سے جنگ کرنے اور ان کو ہلاک کرنے کے لئے صرف وہی ریقے اختیار کئے جائیں گے جو عالم بشر میں عادتاً اختیار کئے جاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

یک عیسائی بچی کا قصہ:

حضرت نے فرمایا: ایک چھوٹی عیسائی بچی نے ایک دن چاند کو دیکھ کر باپ سے کہا کہ اس چاند کو کس نے پیدا کیا؟ اس کے باپ نے زمین میں گڑی ہوئی صلیب کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ اس نے۔ اس پر بچی نے صلیب کو اٹھایا اور سر کے برابر لے جا کر ہوا میں چھوڑ دیا ور وہ زمین پر آ گری اور کہا ابا جو چیز اتنی قریب جگہ میں اپنے آپ کو خود نہ تھام سکی اس کو کس نے تھاما کہ اس قدر بلندی پر پہنچ کر وہ چاند کو پیدا کر آئی۔ اس پر اس کے باپ نے اسے برا بھلا کہا۔

میں نے حضرت سے پوچھا کیا وہ لڑکی مسلمان تھی؟ فرمایا نہیں۔ میں نے پھر پوچھا کیا وہ بعد میں اسلام لائی؟ فرمایا نہیں میں نے کہا پھر اس نے ایسا صحیح اعتراض کیسے کیا اور ایسا واضح نور اسے کہاں سے عطا ہوا۔ فرمایا ایک اہل حق وہاں موجود تھا۔ اس نے لڑکی کی طرف دیکھا تھا جس کی وجہ سے اس نے یہ گفتگو کی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس اہل حق سے جو وہاں موجود تھا مراد خود حضرت شیخ ہیں اور جو نظر اس لڑکی پر پڑی تھی وہ باطن کی نظر تھی جو لوگوں کی نگاہوں سے مخفی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اگر ولی اپنے جسم کے سوا کسی اور جسم میں قتل ہو تو تکلیف کسے ہوگی:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ جب ولی اپنی صورت چھوڑ کر کسی اور شکل میں ہو اور وہ اسی شکل میں قتل ہو جائے تو اس وقت تکلیف کسے ہوگی؟ اس کی رُوح کو یا اس کے اصلی جسم کو جس کی شکل اس نے اختیار کی ہے؟

فرمایا: ہمیں یہی عقیدہ رکھنا چاہیے کہ دونوں جہانوں میں تکلیف ایک ہی طرح کی ہے مگر لوگوں کو اس کا علم نہیں اس لئے کہ وہ یہی سمجھتے ہیں کہ تکلیف جسم کو ہوتی ہے حالانکہ درحقیقت ایسا نہیں رُوح کو تکلیف پہنچانا مقصود ہے۔ پھر کچھ اسرار کی باتیں بیان کر کے اس کی وضاحت کی۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی ولی کو کسی ایسی جگہ پر متعین فرماتے ہیں جسے اس کی ذات ترابی سخت گرمی یا سخت سردی وغیرہ کی وجہ سے برداشت نہیں کر سکتی۔ اس لئے اس کی رُوح اپنی ذات سے نکل کر اس دوسرے جسم میں داخل ہو جاتی ہے جو اس کی برداشت کی طاقت رکھتا ہو اور اس طرح جس کام پر وہ ولی مامور ہوتا ہے۔ اسے پورا کرتا ہے اور اس نئے جسم میں اگر اسے کوئی تکلیف ہوگی تو بعینہ اسی طرح اسے درد محسوس ہوگا جس طرح اپنی ذات میں۔

میں نے پوچھا: جن اجسام میں رُوح داخل ہوتی اور منتقل ہوتی ہے وہ کون سے ہیں؟

فرمایا: پہاڑ اور بیل وغیرہ جو ان موانع کو برداشت کر سکیں۔

میں نے عرض کیا: جب ان کی اپنی رُوح اپنی ذات میں موجود ہوتی ہے تو پھر ولی کی رُوح ان میں کیسے داخل ہو جاتی ہے؟

فرمایا ان کی رُوح اگر چہ ان کی ذات میں موجود ہوتی ہے مگر وہ انسانوں کی رُوح کی طرح نہیں ہوتی کیونکہ بہائم کی رُوح ان کی عقل کی طرح (کمزور) ہوتی ہے اور ان کی عقل ان کی رُوح کی طرح ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی روحیں ان کی ذات پر اس طرح حکم نہیں چلا سکتیں جس طرح بنی آدم کی روحیں ان کی ذات پر حکم چلا سکتی ہیں اسی لئے تو ولی جب اسے امر مقدر کو (اللہ کے حکم سے) نافذ کرنا چاہتا ہے جو تبدیل جسم پر موقوف ہو تو چوپایوں کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور انسانوں کی شکل اختیار نہیں کرتا کہ ان میں ان کی رُوح موجود ہوتی ہے۔

میں نے کہا بعض اوقات ہم دیکھتے ہیں کہ ایک روشنی غیر متحرک ہوتی ہے مگر پھر کوئی بات پیش آ جاتی ہے جس سے وہ اپنی جگہ سے اکھڑ کر کسی شخص کی طرف حرکت کرتی دکھائی دیتی ہے حتیٰ کہ اسے قتل کر دیتی ہے ہو سکتا ہے کہ ولی نے اس امر مقدر کو پورا کرنے کے لئے آگ کی شکل اختیار کی ہو۔

فرمایا: ممکن ہے ایسا ہی ہو بشرطیکہ مقتول کافر ہو۔ اس لئے کہ نور کے لشکر اور ظلمت کے لشکر میں سخت جنگ رہتی ہے۔

میں نے کہا: بلی اور کتوں کی شکل میں جو شیاطین متشکل ہوتے ہیں، ممکن ہے کہ اس کی بھی یہی نوعیت ہو؟

فرمایا: ہاں شیاطین میں ظلمت اور باطل (کی قوت) ہے اور اولیاء اللہ میں حق اور نور کی اور ظلمت اور نور دو لشکر ہیں۔ تقدیر الٰہی کو نافذ کرنے کی غرض سے کبھی یہ لشکر چوپایوں کی صورت اختیار کر لیتا ہے اور کبھی وہ۔

میں نے کہا: کیا ولی سانپ کی صورت بھی لے لیتا ہے؟

فرمایا: ہاں اگر اللہ کا حکم ہو کہ زید کو زہر سے قتل کیا جائے تو اس وقت اس کی رُوح سانپ کی شکل اختیار کر لیتی ہے تا کہ تقدیر الٰہی نافذ ہو سکے۔

میں نے عرض کیا کہ ولی کی رُوح میں تو زہر نہیں ہوتا۔

فرمایا: زہر کیا ہے؟ ولی کی ہمت اور عزیمت سے تمام اشیاء اثر پذیر ہوتی ہیں۔ ولی جس بات کا ارادہ کرتا ہے ہو جاتی ہے۔

اس کے بعد جب ولی کی رُوح اس کی ذات سے نکل (کر کسی اور ذات میں منتقل ہو) جاتی ہے تو اس کی ذات کی کیا حالت رہ جاتی ہے؟

فرمایا: وہ رُوح کے بغیر رہ جاتی ہے۔ اگر وہ چھوٹا ولی ہو تو اس کی ذات مبہوت اور بے ہوش رہ جاتی ہے اور وہ کوئی بات نہیں کر سکتا اور اگر بولے بھی تو اس کی بات سمجھ نہیں آ سکتی، لیکن اگر وہ کبار اولیاء میں سے ہو تو اس کی ذات اسی حالت میں رہتی ہے، چنانچہ وہ اس طرح باتیں بھی کرتا ہے اور ہنستا بھی ہے۔

میں نے عرض کیا جب ذات رُوح کے بغیر رہ گئی تو وہ مر گیا۔ پھر پہلے شخص کا مبہوت و مدہوش کی صورت میں رہنے کا کیا مطلب؟ اور دوسرے کے اپنی حالت میں رہنے سے کیا مراد ہے جبکہ رُوح دونوں کی نکل چکی ہے؟

فرمایا: جب رُوح نکل جاتی ہے تو اس کے آثار مثلاً حرارت وغیرہ باقی رہتے ہیں اور جب تک آثار باقی ہوں ذات زندہ رہتی ہے اور یہ آثار چوبیس گھنٹوں کے بعد کہیں زائل ہوتے ہیں۔ چنانچہ جس کی رُوح چوبیس گھنٹے گزرنے سے پہلے ذات میں لوٹ آتی ہے وہ بدستور زندہ رہتا ہے اور جس پر چوبیس گھنٹے گزر جائیں اور رُوح واپس نہ آئے تو پھر وہ کبھی بھی بدن کی طرف لوٹ نہیں سکتی اور اس کا شمار مردوں میں ہوتا ہے۔ بہت سے ولیوں کی رُوح اسی حالت میں قبض ہو گئی اور جن لوگوں کی رُوح اس حالت میں قبض ہو جائے ان پر اللہ کی بڑی عنایت ہوتی ہے۔

اس پر میں نے سوال کیا کہ میں نے سنا ہے کہ بعض اولیاء کی رُوح اپنی ذات سے تین تین دن غائب رہتی ہے اور پھر واپس آ جاتی ہے اس سے تو مذکورہ بالا تقریر کی تردید ہوتی ہے۔

فرمایا: تم نے جو کچھ سنا ہے سچ ہے۔ رُوح سترہ دن بلکہ اس سے بھی زیادہ روز تک غائب رہتی ہے۔ مگر اس حالت میں ذات کی طرف رُوح کی توجہ کا رہنا ضروری ہے۔ اسی توجہ کی بدولت تو ذات زندہ رہتی ہے۔ پھر اس کی مثال یوں بیان کی کہ کوئی شخص ایسی جگہ پہنچے جہاں چوری وغیرہ کا خطرہ ہو پھر وہ اپنے کپڑے اتار کر ندی میں تیرنے لگے۔ وہ خود تو پانی میں ہوگا لیکن اسے اپنے کپڑوں کا ڈر ہوگا چنانچہ تو دیکھے گا کہ کبھی تو وہ غوطہ لگاتا ہے اور کبھی وہ سر اُٹھا کر کپڑوں کو دیکھتا ہے کہ کہیں شخص چرا نہ لے جائے یہی حال رُوح کا ہے جب یہ ذات سے نکل کر جاتی ہے تو اسی طرح اپنی ذات کی خبر گیری کرتی ہے جس طرح کہ یہ تیرنے والا اپنے کپڑوں کی کرتا ہے فرق اتنا ہے کہ تیرنے والا صرف نگاہ سے اپنے کپڑوں کا خیال رکھتا ہے اور رُوح خفیف ہونے کی وجہ سے ذات میں داخل ہو کر اس کی نگرانی کرتی ہے چنانچہ ذات کی طرف محض توجہ سے ہی رُوح کا اس میں دخول ہوتا ہے اس کے بعد جو کام اللہ نے اس کے سپرد کیا ہوتا ہے اسے پورا کرنے کے لئے نکل جاتی ہے پھر توجہ کرتی ہے اور داخل ہو جاتی ہے اور یہ معاملہ اسی طرح جاری رہتا ہے تا آنکہ وہ کام پورا ہو جاتا ہے خواہ اس میں تین یا اس سے بھی زیادہ دن گزر جائیں۔ لہٰذا ان دونوں بیانوں میں کوئی تضاد نہیں پایا جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

صاحب تصرّف ولی جس کی جیب میں سے چاہے بدون اس کے کہ اسے پتہ چلے ہاتھ ڈال کر پیسے نکال سکتا ہے:

فرمایا کہ صاحب تصرف جس کی جیب میں سے چاہے ہاتھ ڈال کر اسے پتہ چلنے کے بغیر جتنے پیسے چاہے نکال سکتا ہے۔ مولف کہتا ہے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس ہاتھ سے ولی پیسے نکالتا ہے وہ باطن کا ہاتھ ہوتا ہے ظاہر کا نہیں۔

اس کے بعد آپ نے ایک ولی کا ایک واقعہ ذکر کیا جو اسے پڑوسی کے ساتھ پیش آیا تھا۔ اس پڑوسی کی بیوی کے پاس کسی شخص نے پانچ مثقال (سونے کا سکہ) بطور امانت رکھے اور خود فجیج کی طرف مسافرت میں چلا گیا اور کہہ گیا کہ زندہ رہا تو پانچ مثقال خود لوں گا اور اگر مر گیا تو میری اولاد کو دے دینا۔ اس شخص کے چلے جانے کے بعد عورت کی موت کا وقت آ گیا۔ اس نے اپنے خاوند سے وصیت کی کہ اگر ان مثقالوں کا مالک آ گیا تو یہ اسے دے دینا۔ خاوند نے اس وقت تو اس سے ہاں کر لی مگر اسے دفن کرنے کے بعد اس کا دل بے ایمان ہو گیا اور ان مثقالوں کو ہضم کر گیا۔ پھر جب ان کا مالک آیا تو اس نے دینے سے انکار کر دیا۔ اس کے بعد اس نے پیسہ جمع کرنا شروع کر دیا یہاں تک کہ اس نے اسی قدر رقم یعنی پانچ مثقال جمع کر لئے اور اس پر بہت خوش ہو کر گھر سے نکلا اور اس وقت اس کا پڑوسی ولی اپنے دروازہ پر تھا۔ یہ دونوں فاس میں رأس الجنان کے محلہ میں رہتے تھے اس نے شمع فروش سے ایک شمع خریدی تا کہ حضرت عبدالقادر فاسی کے مزار پر جا کر جلائے جب وہ اس تنور کے پاس پہنچا جو سبع لویات میں ہے تو ولی نے رأس الجنان سے (جہاں وہ اب تک کھڑا تھا) اس کی جیب میں ہاتھ ڈال کر امانت میں خیانت کرنے کی سزا میں پانچ مثقال نکال لئے اور اسے کسی بات کا علم بھی نہ ہوا۔ یہاں تک کہ وہ اس مزار پر پہنچا اور وہاں شمع روشن کی۔ پھر رأس الجنان کی طرف جھانک کر دیکھا۔ جب اس کی نگاہ اس ولی پر پڑی تو اس کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اپنی جیب تو دیکھ لوں۔ ہاتھ ڈالا تو جیب میں کچھ بھی نہ تھا۔ اس سے وہ بہت برہم ہوا اور ولی سے بات کرنے لگا مگر اسے اس کی

ولایت کا علم نہ تھا کہنے لگا خدا کی قسم اللہ کا کوئی ولی نہیں رہا نہ زندہ اور نہ مردہ۔ ولی کو اس قدر ہنسی آئی کہ ہنسی کے مارے گرنے کو تھا۔ پھر ولی نے پوچھا چچا عبدالرحمٰن کیا بات ہے؟ کہنے لگا جب گھر سے نکلا تھا تو پانچ مثقال جیب میں تھے ان کی خوشی میں میں نے ارادہ کیا کہ حضرت عبدالقادر فاسی کے مزار پر شمع جلانے کو لے جاؤں مگر اُچکّوں نے جیب تراش لی۔ اس سے ولی کو اور بھی ہنسی آئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مؤلف کہتا ہے ولی مذکور خود حضرت شیخ تھے۔ اسی قسم کا واقعہ آپ کو فقیہ محمد بن علی مَجّاوی (میم پر زبر اور جیم پر شد۔ مجادہ کی طرف نسبت ہے جو تازی کے رہنے والے ایک قبیلہ کا نام ہے) کے مریدوں کی ایک جماعت کی موجودگی میں پیش آیا کہ محمد بن علی مجاوی اپنے وطن سے حضرت کی زیارت کے لئے آئے حضرت گھر سے نکل آئے۔ اپنے گھر کے دروازہ کے قریب دیوار سے تکیہ لگا کر بیٹھ گئے اور محمد بن علی مجاوی بالمقابل کے گھر کی دیوار کے ساتھ بیٹھ گئے۔ دونوں کے درمیان راستہ تھا جہاں سے لوگوں کی آمد و رفت رہتی تھی۔ حضرت نے فقیہہ سے کہا (اور حضرت کو ان سے بڑی الفت تھی) آپ کے پاس کچھ درہم ہیں۔ جواب دیا کہ میرے پاس تو کچھ بھی نہیں۔ حضرت نے یہی سوال تین بار دہرایا اور فقیہ نے تینوں مرتبہ یہی جواب دیا۔ حضرت نے فرمایا ذرا دیکھو تو سہی۔ فقیہ کے پاس ایک کپڑے میں بندھے ہوئے اٹھارہ موزونے تھے۔ لہٰذا انہیں اقرار کرنے کے سوا کچھ بن نہ پڑا اور کہا ہاں اٹھارہ موزونے ہیں۔ حضرت نے فرمایا لاؤ تو فقیہ نے اپنی جیب میں ہاتھ ڈال کر ٹٹولا تو کچھ بھی نہ تھا اور وہ حیران رہ گئے۔ شیخ ہنسے اور اپنے نیچے سے کپڑے میں بندھے بندھائے نکال دیئے اور فرمایا اے محمد بن علی جس شخص کو اتنی قدرت ہو تو اس سے کیسے انہیں چھپا سکتا ہے۔

ہم نے اسی فقیہ کے ساتھ حضرت کی ایک اور کرامت دیکھی۔ اس طرح کہ فقیہ مذکور بڑا حریص تھا اور اسے دنیا سے بہت محبت تھی اور اس نے دنیا کا بہت سا مال جمع کر رکھا تھا مگر اس کے کوئی اولاد نہ تھی۔ جب حضرت سے اس کی ملاقات ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے حضرت کی محبت اس کے دل میں ڈال دی تو حضرت اسے اللہ کے لئے مال خرچ کرنے کو کہا کرتے اور فقیہ بھی بے دریغ خرچ کیا کرتا اور وہ خود بھی اس سے تعجب کرتا تھا کیونکہ اس سے پہلے اس قسم کی اس کی عادت نہ تھی۔ اس کے بعد حضرت نے صدقہ و خیرات میں اس کا روپیہ نکالنے میں اور بھی سختی شروع کر دی یہاں تک کہ ہمیں اس پر رحم آتا تھا اور ہم کہا کرتے کہ حضرت نے اس پر بہت بوجھ ڈال دیا ہے مگر فقیہ مذکور اس سے بہت خوش تھا ہمیں تو اس کے انجام کا علم نہ تھا مگر شیخ کو اس کا پتہ تھا۔ اس لئے کہ فقیہ کی موت کا وقت قریب آ چکا تھا اس لئے حضرت اس کے لئے جنت میں محل تیار کروا رہے تھے اور اس کے مال کو اس کے لئے پہلے سے ہی وہاں پہنچا رہے تھے جس کا ہمیں علم نہ تھا۔ جب فقیہ کا مال ختم ہونے کو آیا اور صرف اس قدر باقی رہ گیا جس سے اس کی بیوی وارث ہو سکے اور اپنا مہر لے سکے تو فقیہ مذکور نے وفات پائی۔

حضرت نے اپنے ایک بزرگ دوست علی بن عبداللہ صباغی سے بھی جن کا ذکر ابتداء کتاب میں ہو چکا یہی کیا تھا۔ کیونکہ حضرت نے ان سے پہچان ہونے کے دن سے ہی اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے پر اصرار کیا تھا اور مال ختم ہو جانے پر ان کی وفات ہوئی اور وہ جوار رحمت میں جا بسے۔

خدا تمہیں توفیق دے۔ ذرا غور کرو کہ حضرت جیسے بزرگوں کی معرفت سے لوگوں کو کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

مال لینے میں ولی اور چور میں فرق:

فرمایا: صاحب تصرّف ولی کے لوگوں کا مال نکالنے میں اور چور کے مال نکالنے میں فرق صرف حجاب اور عدم حجاب کا ہے کہ ولی کو

شاہدہ حق نصیب ہوتا ہے اور اسی کی طرف سے وہ مال لینے پر مامور ہوتا ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہوا کہ مَا فَعَلْتُهُ عَنْ اَمْرِیْ (میں نے یہ کام اپنی مرضی سے نہیں کیا)

فرمایا: حضرت منصور قطب ایک مرتبہ مولانا ادریس کے مزار پر آئے وہاں حضرت ابولعیزی بن ابوزیان بکاری بھی زیارت کو آئے ہوئے تھے۔ حضرت منصوران کا زادراہ لے کر چل دیئے۔ میں نے حضرت سے اس کے متعلق عرض کیا (کہ یہ تو چوری ہے)

فرمایا: چور اور ولی کے لینے میں فرق حجاب اور عدم حجاب کا ہے حضرت منصور چونکہ قطب تھے انہیں وہ زادراہ اپنا دکھائی دیتا تھا اور لوح محفوظ میں انہیں وہ اپنی قسمت میں دکھائی دیتا تھا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے لینے کا حکم بھی سن لیا تھا اس لئے ان کے لئے اس کا لینا جائز تھا خواہ وہ کسی طریقہ میں ہو اور چور جو ہوتا ہے وہ محجوب اور رب سے غافل ہوتا ہے۔ پھر آپ نے حضرت عبدالرحمٰن مجذوب کا قصہ بیان کیا کہ ان کے مریدوں نے ایک بیل پکڑ لیا۔ حضرت عبدالرحمٰن نے انہیں اسے ذبح کرنے اور کھا لینے کا حکم دیا مگر حضرت یوسف فاسی نے جو بعد میں ان کے جانشین بنے ہاتھ کھینچ لیا۔ آخر کار بیل کا مالک آیا اور اس نے بتایا کہ وہ بیل حضرت عبدالرحمٰن اور ان کے مریدوں کے لئے صدقہ ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہ ایک مشہور واقعہ ہے۔ اسی طرح حضرت ابولعیزی مذکور کا حال ہے کہ ان کے لئے اگر یہ ممکن ہوتا کہ اپنا گوشت حضرت منصور کو کھانے کو دے سکیں تو وہ ضرور کر گزرتے۔ خدا ہمیں کاملین کے متعلق بُرے عقیدے رکھنے سے بچائے۔ اس باب میں ہمارا ارادہ صرف اتنا ہی لکھنے کا تھا۔ خدا اس سے لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔ آمین۔

حواشی

۔ لطف کی بات ہے کہ جو چیز صوفیا کے ہاں تواتر کی حد تک پہنچی ہوئی ہے اور جو ایک حقیقت ہے اس کے خلاف بھی کتاب لکھی گئی۔ چنانچہ شیخ عزالدین بن عبدالعزیز بن عبدالسلام الدمشقی متوفی ۶۶۰ھ نے ایک رسالہ لکھا جس کا نام رسالۃ فی القطب والغوث والابدال الاربعین وغیرھم۔ اس رسالہ میں انہوں نے قطب وغیرہ کے وجود کو باطل قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ان کے وجود کا کوئی جواز ہی نہیں پایا جاتا۔ (کشف الظنون ۱۔۴۲۸)

میں یہاں اس کتاب کی تردید کے متعلق صرف ایک حدیث کی طرف اشارہ کر دیتا ہوں۔ جہاں آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے انا القاسم واللہ یعطی دینے والا تو خدا ہے مگر میں تقسیم کرتا ہوں۔

یاد رہے کہ عز بن عبدالسلام کو باہمہ علم وفضل ابتداء میں صوفیا سے کد تھی چنانچہ انہوں نے محض اللہ اللہ کا ورد کرنے کو بدعت قرار دیا ہے جس کی وجہ سے صوفیاء کو اس کے رد میں رسالہ لکھنے پڑے چنانچہ قطب قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ عارف باللہ مرصفی متوفی ۹۲۲ھ اور شیخ عبدالکریم خلوتی نے اس کے رد میں رسالے لکھے (خفاجی ۲۔۳۷، ۳۸) خفاجی کہتے ہیں کہ احادیث میں صراحتاً ان کے وجود کا ذکر آیا ہے چنانچہ سیوطی نے اس پر ایک مستقل رسالہ لکھا ہے (خفاجی ۲۔۲۳۳ قسطلانی کی کتاب کا نام کتب الانوار الادعیۃ والاذکار ہے (کشف الظنون ۲۔۱۴۱) اور امام ابوالسعادات عبداللہ بن اسعد یافعی نے الارشاد والتطریز فی فضل ذکر اللہ سبحانہ وتعالیٰ وتلاوۃ کتاب العزیز لکھی۔

مترجم کہتا ہے کہ علامہ جلال الدین السیوطی کے رسالہ کا نام الخبر الدال علی وجود القطب والاوتار والنجباء والابدال ہے۔ اس رسالہ کی ابتداء یوں ہوتی ہے۔ الحمد للہ الذی فاوت بین خلقہ فی المراتب (کشف الظنون ۱۔۳۵۲) مصطفیٰ بن احمد العالی شاعر متوفی ۱۰۰۹ھ نے ترکی زبان میں ایک کتاب لکھی جس کا نام حلیۃ الرجال فی الاقطاب والنجباء والابدال رکھا (کشف الظنون ۱۔۲۴۷) شیخ سالم بن السید احمد التونی ۸۶۴ھ نے بھی رجال الغیب کے متعلق ایک رسالہ لکھا جس کا نام شق الجیب فی معرفۃ اھل الشھادۃ والغیب ہے (کشف الظنون ۱۔۵۰۲) شیخ ابوعبداللہ محمد بن احمد العجیسی التلمسانی متوفی ۲ھ نے نور الیقین فی شرح حدیث اولیاء اللہ المتقین لکھی جس میں نقباء، نجباء اور بدلاء رجال المقامات کا ذکر کیا ہے (کشف الظنون ۲۔۱۴۰۵ اور شیخ عبدالغفار بن

عبدالمجید قوصی نے اپنی کتاب وحیدفی سلوک اھل التوحید میں بھی ہراقلیت کے اقطاب واوتار کا ذکر کیا ہے یہ کتاب انہوں نے ۷۰۸ھ میں اسکندریہ میں لکھی (کشف الظنون ۲۔۴۱۴) عز بن عبدالسلام نے بعد میں توبہ کرلی تھی۔

۲۔ اس کی تائید شمس الدین حنفی متوفی ۸۴۷ھ/۱۴۴۳ء کے اس قول سے ہوتی ہے جب ولی وفات پا جاتا ہے تو دنیا سے اس کا تصرّف مثلاً کسی کی مدد کرنا وغیرہ ختم ہو جاتا ہے لہٰذا اگر کسی زیارت کنندہ کو فیضان حاصل ہو یا اس کی کوئی حاجت پوری ہو تو یہ صاحب وقت قطب کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔ جو زائر کو فوت شدہ ولی کے مرتبہ کے مطابق مدد پہنچاتا ہے۔ (طبقات ج ۹۲)

۳۔ شیخ ابوالفضل عبدالقادر بن حسین بن علی شاذلی نے ۸۹۴ھ میں ایک کتاب لکھی جس کا نام الکواکب الزاھرۃ فی اجتماع الاولیاء بسید الدنیا والآخرۃ رکھا (کشف الظنون ۲۔۱۹۴)

۴۔ شیخ عبدالرحمٰن ثعالبی: عبدالرحمٰن بن محمد الثعالبی الجزائری متوفی ۸۷۶ھ۔ انہوں نے العلوم الفاخرۃ فی النظر فی امور الاخرۃ لکھی ہے۔

۵۔ مشکوٰۃ (طبع مجتبائی ۵۰۹) میں ابوموسیٰ اشعری کی متفق علیہ حدیث مروی ہے جس میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ **فضل عائشہ علی النساء کفضل الثرید علیٰ سائر الطعام**۔ حضرت عائشہؓ کو دیگر عورتوں پر فضیلت اسی طرح ہے جس طرح ثرید باقی کھانوں سے افضل ہے۔

۶۔ علامہ جلال الدین سیوطی (تنویر الحوالک ج ایک صفحہ ۹۸۔۱۰۰) فرماتے ہیں صحابہ اور تابعین کا اس کے متعلق اختلاف ہے اور اس کے متعلق تیس سے زائد اقوال پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ ابن عبدالبر نے ایک یہ قول نقل کیا ہے کہ یہ ساعت اٹھالی گئی ہے مگر ابن عبدالبر نے اسے غلط قرار دیا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سال بھر میں ایک جمعہ میں ہوتی ہے تیسرا قول یہ ساعت مخفی ہے اور جمعہ کے دن کوئی ساعت ہوتی ہے جس طرح کہ لیلۃ القدر آخری عشرے میں مخفی رکھی گئی۔ اسی طرح اسماء حسنیٰ میں اسم اعظم کو مخفی رکھا گیا۔ رافعی وغیرہ کے کلام کا یہی مقتضا ہے اس میں حکمت یہ ہے کہ لوگوں کو اس کی تلاش میں کوشش کرنے کی ترغیب دی جائے تاکہ وہ تمام وقت عبادت میں گزار دیں چوتھا قول یہ جمعہ کے دن منتقل ہوتی رہتی ہے اور ہر جمعہ میں ایک ہی ساعت نہیں ہوتی۔ غزالی اور محب طبری نے اس کو اختیار کیا۔ پانچواں قول صبح کی نماز کے لئے اذان کے وقت یہ ساعت ہوتی ہے۔ چھٹا قول طلوع فجر سے طلوع شمس تک ہوتی ہے۔ ساتواں قول طلوع شمس کے وقت ہوتی ہے۔ آٹھواں قول طلوع شمس کے فوراً بعد ہوتی ہے نواں قول دن کے تسیرے پہر کی آدھی ساعت۔ دسواں قول زوال کا وقت' گیارھواں قول جب موذن جمعہ کی اذان دے۔ بارھواں قول زوال سے لے کر اس وقت تک کہ سایہ ایک ہاتھ بھر ہو جائے۔ تیرھواں قول اذان سے لے کر امام کے نکلنے تک۔ چودھواں قول اذان سے لے کر نماز شروع ہونے تک' پندرھواں قول زوال سے غروب شمس تک' سولھواں قول امام کے نکلنے سے نماز شروع ہونے تک۔ سترھواں قول امام کے نکلنے کے وقت اٹھارواں قول امام کے نکلنے سے نماز سے فارغ ہونے تک۔ انیسواں قول بیع کے حرام ہونے کے وقت سے بیع جائز ہونے کے وقت تک۔ بیسواں قول اذان سے نماز ختم ہونے تک۔ اکیسواں قول امام کے منبر پر بیٹھنے سے نماز ختم ہونے تک' بائیسواں قول جب تک امام خطبہ پڑھتا رہے تیسواں قول دونوں خطبوں کے درمیان' چوبیسواں قول جب امام منبر سے اترتا ہے۔ پچیسواں قول جب امام نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے۔ چھبیسواں قول اقامت سے نماز ختم ہونے تک۔ ستائیسواں قول عصر کی نماز سے غروب شمس تک۔ اٹھائیسواں قول عصر کی نماز میں۔ انتیسواں قول عصر کی نماز کے بعد سے لے کر جب تک نماز پڑھی جاسکے۔ تیسواں قول سورج کے زرد ہونے سے غروب ہونے تک۔ اکتیسواں قول عصر کے بعد آخری ساعت' بتیسواں قول جب آدھا سورج غروب ہو جائے۔ میں نے یہ تمام اقوال اس لئے دیئے ہیں کہ حضرت دباغ رحمتہ اللہ کے علم لدنی کا پتہ چل جائے۔ باقی بحث کے لئے دیکھیں تنویر الحوالک حوالہ مذکور۔

شمس الدین محمد بن طولون دمشقی نے جمعہ کی ساعت اجابت کے متعلق ایک رسالہ لکھا ہے جس کا نام ارسال الدمعہ فی بیان ساعتہ الاجابتہ یوم الجمعہ ہے (کشف الظنون ۱:۱۔۶۶)

۷۔ ابوداؤد: سلیمان بن اشعث ابوداؤد سجستانی مشہور محدث ہیں ان کی سنن ابی داؤد صحاح ستہ میں شمار کی جاتی ہے ان کی وفات ۲۷۶ھ ۸۸۹ء میں ہوئی انہوں نے پانچ لاکھ احادیث میں سے منتخب کر کے چار ہزار آٹھ احادیث اپنی سنن میں دی ہیں۔

۸۔ مسلم بن حجاج مشہور محدث ہیں۔ ان کی کتاب صحیح مسلم کا شمار صحاح ستہ میں ہوتا ہے۔ ان کی وفات ۲۶۱ھ ۸۷۴ء میں ہوئی۔

۹۔ عبدالحق: عبدالحق بن عبدالرحمٰن اشبیلی ابن الخراط کہا جاتا ہے ان کی متعدد تصانیف ہیں جن میں الجمع بین الصحیحین اور ایک بڑی تصنیف ہے جس میں انہوں نے صحاح ستہ کو جمع کر دیا ہے۔ یہ ۵۱۰ھ ۱۱۱۶ء میں پیدا ہوئے اور ۵۸۱ھ ۱۱۸۵ء میں وفات پائی۔

مخرمہ بن بکیر: مخرمہ بن بکیر قرشی۔ انہوں نے اپنے باپ بکیر اور دوسروں سے حدیث کی روایت کی ہے۔ انہیں ثقہ مانا جاتا ہے۔ انہوں نے اپنے باپ سے صرف ایک ہی حدیث سنی۔ باقی احادیث ان کی کتاب سے روایت کی ہیں۔ اس لئے انہیں بعض نے مدلس شمار کیا ہے ان کی وفات ۱۵۹ھ/۷۷۵ء میں ہوئی۔

ابو بردہ: ابوموسیٰؓ اشعری کے بیٹے ہیں۔ اپنے باپ سے حدیث کی روایت کی۔ یہ تابعی کوئی اور ثقہ تھے۔ شریح کے بعد کوفہ کے قاضی بنے مگر بعد میں حجاج نے انہیں معزول کر دیا تھا۔ ان کی ولادت اس زمانہ میں ہوئی جب ان کے باپ ابوموسیٰؓ کوفہ کے گورنر تھے۔ اسی برس سے اوپر عمر پا کر ۱۰۴ھ/۷۲۲ء میں وفات پائی۔

ابوموسیٰ اشعری: ابوموسیٰ عبداللہ بن قیس بن سلیم الاشعری۔ نبی ﷺ نے اسے زبید، عدن اور ساحل یمن کا حاکم مقرر کیا تھا اور حضرت عمرؓ نے کوفہ کا۔ ان کی وفات ۴۴ھ/۶۶۴ء میں ہوئی۔ ۶۳ سال سے اوپر عمر پائی۔

جابرؓ بن عبداللہ: صحابی ہیں۔ انہوں نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ نو جنگوں میں شرکت کی۔ بدر اور احد میں شرکت نہ کر سکے ان کے باپ نے انہیں روک دیا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے لیلۃ العبیر میں پچیس بار دعائے مغفرت کی۔ مسجد نبوی میں ان کا حلقہ درد ہوتا تھا۔ ان کی وفات ۷۸ھ/۶۹۷ء میں ہوئی۔

عبدالعزیزؒ بن مروان: عبدالعزیز بن مروان بن حکم بن ابی العاص۔ عبدالملک بن مروان کے بھائی اور عمر ثانی کے باپ تھے۔ یہ مصر کے گورنر تھے۔ اپنے باپ ابو ہریرہ اور دوسروں سے حدیث کی روایت کی ہے۔ ثقہ اور قلیل الحدیث ہیں۔ ۸۶ھ/۷۰۵ء میں وفات پائی۔

ابوعمرؒ بن عبدالبر: یوسف بن عمیر بن عبدالبر مصنف کتاب التمہید والاستذکار بمذاہب علماء الامصار فیما تضمنہ الموطا من معانی الآثار انہوں نے اس کتاب میں موطا امام مالک کے طرز و ابواب کے موافق اس کی شرح کی اور فقہ میں کتاب الکافی وغیرہ لکھی جو ان کی مہارت پر دلالت کرتی ہے۔ ۳۶۸ھ/۹۷۸ء میں پیدا ہوئے اور پچانوے سال کی عمر میں ۴۶۳ھ/۱۰۷۰ء میں وفات پائی۔

عبدالسلام بن حفص: ابن معینؒ انہیں ثقہ قرار دیتے ہیں۔ انہیں ابی معصب بھی کہا جاتا ہے کتاب میں ابن معقب دیا ہے جو غلط ہے (ملاحظہ) تہذیب التہذیب ج ۷ ۳۱۷۔۳۱۸)

علاء بن عبدالرحمٰن: ان کا پتہ نہ چل سکا۔

ابن معینؒ: ابوزکریا یحییٰ بن معین، انہیں سید الحفاظ کہا جاتا ہے ۱۵۸ھ ۷۷۴ء میں پیدا ہوئے اور ۲۳۳ھ/۸۴۷ء میں مدینہ میں غریب الوطنی میں وفات پائی۔ فرماتے ہیں کہ میں نے دس لاکھ حدیث اپنے ہاتھ سے لکھی ہے انہیں احمد بن حنبل کا ہم پلہ شمار کیا جاتا تھا۔

الاحکام الکبریٰ: کشف الظنون میں عبدالحق بن عبدالرحمٰن ابن خراط اشبیلی متوفی ۵۸۲ء کی ایک کتاب الاحکام الکبریٰ فی الحدیث کا ذکر کیا ہے۔ یہ تین ضخیم جلدوں میں ہے۔ ان کی ایک کتاب الاحکام الصغریٰ بھی ہے۔

ابراہیم دسوقی: ابراہیم بن ابی المجد القرشی الہاشمی مشہور صوفی اور عالم ہوئے ہیں۔ کتاب الجواہر جو ایک ضخیم کتاب ہے ان کی تالیفات میں سے ہے۔ انہوں نے تینتالیس سال کی عمر میں ۶۷۶ھ/۱۲۷۷ء میں وفات پائی۔

اگر یہی بات ہوتی تو آنحضرت ﷺ کو جنگیں لڑنے کی کیا ضرورت تھی۔ محض سرّ سے ہی تمام کفار کو ہلاک کر دیتے اور بس پھر اس قدر انبیاء جو قتل ہوئے ہیں نہ ہوتے لہٰذا مومن و منافق میں تمیز بھی نہ ہو سکتی اور نہ مرتبہ شہادت رہتا۔ اسی طرح اگر ان اسرار خداوندی پر غور کیا جائے تو بات واضح ہو جاتی ہے کہ کفار کو ہلاک کرنے میں سرّ کا استعمال درست نہیں۔

پانچواں باب

پیر پکڑنے اور مرید بننے کے بارے میں اور اس کے متعلق جو کچھ حضرت سے سننے میں آیا

پہلا سوال: کیا تربیت منقطع ہوگئی ہے؟

ایک فقیہ نے حضرت سے دریافت کیا یہ جو کسی نے کہا ہے کہ تربیت منقطع ہو چکی کیا یہ درست ہے؟ اصل سوال کی عبارت اس
ہے اے حضرت امام جن پر اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء کی سی فتوحات عنایت کیں اور انہیں خاندان نبوت کی نسبت سے سرفراز کیا۔ خد
صاحب نبوت پر بہترین درود اور پاکیزہ ترین سلام بھیجے۔ خدا آپ کو اپنے علوم لدنیہ عطا کرے۔ ہمیں اس طرح واضح طور پر بتلائیں ک
شبہات زائل ہو جائیں اور عقلوں سے ہر قسم کا اشکال دور ہو کر علوم روحانیہ حاصل کر سکیں اور ساتھ ساتھ عبارت کی تشریح کر کے مثالیں
دیں کیونکہ آنحضرت ﷺ سے وارد ہے کہ تمام مخلوق اللہ کا عیال ہے اور مخلوقات میں سے اللہ کو وہ لوگ زیادہ پیارے ہیں جو اس کے
کو زیادہ نفع پہنچائیں۔ جناب عالی ان شبہات میں سے ایک شبہ یہ ہے کہ حضرت زروق نے فرمایا ہے کہ اصطلاح صوفیہ میں جسے
کہتے ہیں وہ ختم ہوگئی۔ اب صرف ہمت اور حال کے ذریعہ سے ہی تربیت رہ گئی ہے۔ لہٰذا تم بغیر کم و کاست کے کتاب و سنت پر
کرو۔ کیا یہ انقطاع تربیت خاص آپ کے زمانہ کے لئے ہے یا نزول عیسیٰ علیہ السلام تک منقطع رہے گی۔ اگر واقعی منقطع ہو چکی ہے
کیا سبب ہے؟ اور اگر باقی ہے تو وہ شیخ کون ہے جسے مرید کی رُوح دے دی جائے تا کہ علیحدگی میں جیسا چاہے وہ اس میں تصرف ک
ہمیں بتلائیں وہ شیخ کس ملک اور کس شہر میں ہے جس کے ہاتھوں مخلوق کامیاب ہوئی ہو یہ فقیہ وہی ہیں جن کا ذکر ق کی تفسیر میں او
کتابوں والی حدیث کی تشریح میں آچکا ہے جن میں اہل جنت و اہل نار کے نام ہیں۔

خیر القرون میں پیری مریدی کیوں نہ تھی:

حضرت نے جواب دیا تربیت کا مقصد ذات کی صفائی اور رعونت سے اسے پاک کرنا ہے تا کہ سرّ خداوندی کی متحمل ہو سکے
اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب اس کی ظلمتیں دور ہو جائیں اور باطل سے اس کے تمام تعلقات منقطع ہو جائیں۔ پھر باطل سے ا

ں اس طرح ہوتا ہے کہ اصل خلقت میں اسے پاک وصاف کیا جاتا ہے کہ حق تعالیٰ بلاواسطہ اس کو پاک بنا دیتا ہے۔ یہ حالت تو ۃ کی تھی جنہیں خیرالقرون کہا جاتا ہے کہ اس زمانہ کے لوگ بالطبع حق کے ساتھ متعلق اور اس کی تلاش میں لگے ہوئے تھے۔ سوتے ی اسی حال میں اور جاگتے تھے تب بھی اسی میں اور حرکت کرتے تھے تب بھی اسی طلب وتلاش میں۔ یہاں تک کہ جنہیں اللہ نے ی ہے اور وہ ان کے باطن کی طرف دیکھے تو شاذ ونادر ہی ایسا شخص ملے گا جس کی عقل اللہ اور رسول کے ساتھ نہ لگی ہو اور وہ اللہ او رضا تک پہنچنے کی کوشش میں نہ لگا ہو۔ یہی وجہ تھی کہ ان میں کثرت سے بھلائی پائی جاتی تھی اور ان میں نور حق چمکتا تھا اور ان میں م کا ظہور ہوا اور اس حد تک درجہ اجتہاد کو پہنچے جس کی نہ کیفیت بیان ہوسکتی ہے اور نہ کسی کی وہاں تک پہنچنے کی طاقت ہے۔ اسی لئے یں تربیت کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ صرف اتنا ہوتا کہ پیر کی ملاقات اپنے اس مرید سے ہوتی جو بعد میں اس کا صاحب سِرّ اور نور کا تا۔ پیر مرید کے کان میں کوئی بات کہہ دیتا اور صرف اسی سے مرید کو فتح نصیب ہوجاتی اس لئے کہ ان کی ذات پاک ہوتی۔ ان کی اف ہوتیں اور وہ راہ ہدایت کی تاک میں لگی رہتی تھیں۔

بھی تربیت شیخ کے ذریعہ سے ہوتی ہے کہ پیر کو مرید کی ذات سے تاریکی دور کرنی پڑتی ہے۔ یہ اس زمانہ کی بات ہے جو قرون ثلثہ زمانہ ہے۔ جب نیتیں فاسد ہوگئیں۔ ارادوں میں کھوٹ آ گیا اور لوگوں کی عقلیں دنیا کی طرف لگ گئیں اور شہوات نفسانی تک ذات کو حاصل کرنے کی کوشش میں ہر وقت لگی رہتیں۔ پھر یہ ہوتا کہ صاحب بصیرت پیر کی ملاقات اپنے مرید سے ہوتی۔ وہ اسے دیکھتا کہ اس کی عقل باطل اور شہوات کے حصول کی طرف لگی ہوئی ہے اور اس کی ذات بھی عقل کی تقلید کر رہی ہے چنانچہ وہ بھی لہو نے والوں اور باطل لوگوں کی طرف مائل ہوجاتی ہے اس کے اعضاء کی حرکت بھی غیر محمود ہے۔ اس سب کا سبب یہ ہوتا ہے کہ عقل ی مالک ہے وہ خود باطل میں جکڑی ہوتی ہے۔ لہٰذا جب پیر مرید کو اس حالت میں دیکھتا ہے تو وہ اسے خلوت ذکر اور کم کھانے کا ہے۔ خلوت کی وجہ سے وہ ان باطل لوگوں سے منقطع ہوجاتا ہے جن کا شمار مردوں میں ہے۔ ذکر سے کلام باطل اور لغو باتیں دور ہو جو اس کی زبان پر چڑھی ہوئی ہوتی ہیں اور کم کھانے سے وہ بخارات جو خون میں ہوتے ہیں کم ہوجاتے ہیں لہٰذا شہوات نفسانی جاتی ہیں اور عقل کا تعلق پھر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ ہوجاتا ہے جب مرید اس حد تک پاک وصاف ہوجاتا ہے تو اس سِرّ کو برداشت کرنے کے قابل ہوجاتی ہے۔ شیخ کا اسے تربیت دینے اور خلوت میں لے جانے کا مقصد بھی یہی ہوتا ہے۔ پھر ت یہ طریقہ جاری رہا یہاں تک کہ حق باطل سے اور نور ظلمت سے مخلوط ہوگیا چنانچہ اہل باطل ان لوگوں کی جو ان کے پاس آتے یت کرتے کہ انہیں بُری نیت اور باطل اغراض سے خلوت میں جانے کو کہتے اور اسماء الٰہیہ کی تلقین کرتے۔ پھر ان کے ساتھ ت اور عملیات کا اضافہ کردیتے جس کا انجام مکر اللہ اور استدراج ہوتا۔ حضرت زروق اور ان کے شیوخ کے زمانہ میں چونکہ یہ رنگ ا گیا تھا اس لئے انہوں نے دینی خیر خواہی کی غرض سے یہ مشورہ دیا کہ اس طریق تربیت کو جس میں اہل باطل کی کثرت ہوگئی ہے دیں اور وہ امن کا راستہ اختیار کریں جس میں نہ کوئی خطرہ ہے نہ پریشانی یعنی کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ کا اتباع اور جس نے ل سے ہدایت پائی وہ پھر گمراہ نہیں ہوسکتا لہٰذا انہوں نے جو کچھ کہا ہے وہ از روئے نصیحت واحتیاط کہا ہے۔ ان کا مقصد یہ ہرگز نہیں ا تربیت بالکل ہی منقطع ہوچکی ہے اور وہ ایسا کیسے کہہ سکتے ہیں جبکہ نور نبوی ﷺ باقی ہے اور اس کی خیر وبرکت اُمت کے شامل حال یہ قیامت تک باقی رہے گی۔

اس بات کا جواب کہ کون سا شخص ہے جو پیر تربیت بن سکے اور جس کے حوالے مرید اپنے آپ کو کردے یہ ہے کہ وہ شیخ جس حوالے مرید اپنے آپ کو کردے وہ شخص ہوسکتا ہے جو احوال نبی ﷺ کے قدم بقدم چلتا ہو اور اللہ تعالیٰ نے اسے ایمان کامل اور معرفت عطا کی ہو، پس ایسا شخص اس قابل ہے جس کے حوالے انسان اپنا آپ کودے اور جو محبت کے لائق اور جس کی دوستی نفع رساں ہے کیونکہ ایسا شخص بندے کو رب سے ملا دیتا ہے اور جو وساوس اللہ کی معرفت میں رکاوٹ پیدا کرتے ہیں، ان کو دور کرتا ہے آنحضرت ﷺ کی محبت میں ترقی دلاتا ہے۔

اب یہ سوال کہ اس کی تعیین کی جائے کہ وہ کس ملک اور شہر میں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مذکورہ بالا صفات کی مالک ہستیاں ہیں اور بحمد اللہ شہروں اور ملکوں میں پھیلی ہوئی ہیں مگر اہل السنت والجماعت سے باہر نہیں۔ ان کی تلاش میں رہو تمہیں مل گے۔ فَاِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ (اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو گناہ سے بچتے اور نیک کام کرتے ہیں)

دوسرا سوال: بیداری میں دیدار مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم:

فقیہہ نے اس شخص کے متعلق بھی سوال کیا جو آنحضرت ﷺ کے دیدار کا دعویٰ کرتا ہو۔ سوال یوں کیا گیا کہ حضرت ایک سوال کہ جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہو کہ وہ آنحضرت ﷺ کو بیداری میں دیکھتا ہے اس کے متعلق عارفین کا قول ہے کہ اس کے دعویٰ کو دلیل قبول نہ کیا جائے اور وہ دلیل یہ ہے کہ وہ ایک کم تین ہزار مقام طے کر چکا ہو اور مدعی کو ان مقامات کے بیان کرنے کو کہا جائے۔ آ ہماری یہ درخواست ہے کہ آپ ان مقامات کو گنیں خواہ رمز و اختصار کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو یا جس قدر بھی آپ بسہولت بیان کرسکیں

حضرت نے جواب دیا ہر شخص کے اندر تین سو چھیاسٹھ رگیں ہیں۔ ہر رگ ایک نہ ایک خاصیت کی حامل ہے جس کے لئے کیا گیا ہے۔ صاحب بصیرت عارف ان رگوں کو اپنی خاصیتوں میں روشن و مشتعل دیکھتا ہے چنانچہ ایک رگ جھوٹ کی ہے جو اس سے چمک رہی ہوتی ہے۔ ایک رگ حسد کی ہے جس سے وہ روشن ہے، ایک رگ ریا کی ہے اسی طرح ایک رگ غدر کی، ایک غرور کی تکبر کی علی ہذا القیاس باقی تمام رگیں بھی اپنی اپنی خاصیت سے روشن ہوتی ہیں۔ عارف جب ذات انسانی کو دیکھتا ہے تو وہ ہر ذا ایک جھاڑ کے دیکھتا ہے جس میں تین سو چھیاسٹھ قمقمے لٹکا دیئے گئے ہوں اور ہر قمقمے کا جدا جدا رنگ ہو، پھر ان خواص میں سے مزید تفصیل و اقسام ہیں۔ چنانچہ مثال کے طور پر خاصیت شہوت کی کئی قسمیں ہیں۔ فرج کی طرف شہوت کو نسبت دی جائے تو ایک قسم بن جائے گی اسی طرح شہوت جاہ ایک قسم ہے، شہوت مال ایک قسم ہے اور طول امل ایک قسم ہے۔ اسی طرح کذاب ہے لہٰذا اگر کوئی شخص خود جھوٹ نہ بولتا ہو تو یہ ایک قسم ہوگی اور اگر کوئی دوسرے کے متعلق یہ خیال رکھتا ہو کہ وہ سچ نہیں بولتا اور باتوں میں شک گزرتا ہو اور اس کی تصدیق نہ کرتا ہو تو یہ ایک الگ قسم ہوگی۔ جب تک بندہ ان تمام مقامات کو طے نہ کرلے اسے نہیں ہوتی۔ لہٰذا جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے لئے نیکی کا ارادہ کرتا ہے اور اسے فتح کا اہل بناتا ہے تو اسے ان خواص سے بچ کرتا ہے۔ مثلاً جب کذب کی خاصیت منقطع ہوگئی تو مقام زہد میں پہنچ جاتا ہے اور شہوت معاصی قطع ہوگی تو مقام توبہ میں پہنچ طول الامل جاتی رہی تو اس دھوکے کی دنیا سے بے تعلقی کے مقام پر پہنچ جاتا ہے۔ یہی باقی مقامات کا حال ہے۔

اس کے بعد جب اللہ تعالیٰ اسے فتح نصیب کرتا ہے اور اس کی ذات میں سِرّ رکھ دیا جاتا ہے تو بتدریج عوالم کے مشاہدہ

ہے سب سے پہلے اسے اجرام ترابیہ کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ پھر اجرام علویہ کا پھر اجرام نورانیہ کا پھر وہ اس بات کا مشاہدہ کرتا ہے کہ اللہ
فعال مخلوقات میں کس طرح جاری وساری ہیں۔ اجرام ترابیہ کا مشاہدہ بھی بتدریج ہوتا ہے۔ پہلے اپنی زمین کا مشاہدہ ہوتا ہے پھر
سمندروں کا پھر اس علاقہ کا جو اس کی زمین اور دوسری زمین کے درمیان واقع ہے اس طرح کہ اس کی نظر سرحدوں کو پھاڑ کر
ن پر چلی جاتی ہے۔ اسی طرح دوسری زمین میں پھر تیسری یہاں تک کہ وہ ساتوں زمینوں کا مشاہدہ کر لیتی ہے۔ پھر وہ اس خلا کا
ہے جو اس کے اور پہلے آسمان کے درمیان ہے۔ پھر پہلے آسمان کا حتیٰ کہ ساتوں آسمانوں کا مشاہدہ ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد
رواح برزخ کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ پھر ملائکہ کا' محافظ فرشتوں اور آخرت کے امور کا مشاہدہ کرتا ہے ان تمام مشاہدات میں سے ہر
بندہ پر اللہ تعالیٰ کا ایک حق ہے اور بندگی کے آداب میں سے ایک ادب (جن کا لحاظ رکھنا ضروری ہے) ان مشاہدات کے
اسے ایسے امور پیش آتے ہیں جو اللہ سے منقطع کر دینے والے ہوتے ہیں اور بہت سی رکاوٹیں پیش آتی ہیں اور اسے بہت
ہلاک کرنے والے امور دکھائی دیتے ہیں۔ اگر بندہ ضعیف پر اللہ تعالیٰ کا فضل' اس کی رحمت اور توفیق شامل نہ ہو تو اس کا کم از
نکلے کہ وہ عقل و ہوش کھو بیٹھے۔ پھر مقامات مشاہدہ اور اس احوال کا قطع کرنا نفس کی خاصیتوں کے مقامات کو طے کرنے سے بھی
ہے اس لئے کہ مقامات خواص کا قطع کرنا باطنی امر ہے جس کا شعور صرف فتح کے بعد ہوتا ہے اور مقامات مشاہدہ کا قطع کرنا
ہے جس کا معائنہ کرتا ہے اور دیکھتا ہے کیونکہ وہ فتح کے بعد اس میں مشغول ہوتا ہے لہٰذا جب اس کی نظر صاف ہو جاتی ہے اور
ت کا نور مکمل ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس پر ایسی رحمت فرماتا ہے جس کے بعد کسی قسم کی بدبختی کا خطرہ نہیں رہتا تو اللہ تعالیٰ اسے
والا آخرین ﷺ کا دیدار عطا کرتے ہیں چنانچہ وہ آپ کو آنکھوں سے دیکھتا اور بیداری میں آپ کا مشاہدہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ
ت سے مالا مال فرماتے ہیں جسے نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کان نے سنا اور نہ کسی بشر کے دل پر اس کا خیال بھی گزرا ہو۔ تب جا کر
سرور کا مقام حاصل ہوتا ہے۔ خدا اسے یہ سعادت مبارک کرے۔ خواص نفوس کے اعداد اور ان کے اقسام کا اگر اعتبار کیا جائے
ت کا بھی جو سابقہ مشاہدات سے حاصل ہوتے ہیں تو ان کی تعداد مذکورہ بالا تعداد (یعنی تین ہزار) سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔
آنحضرت ﷺ کے پاک شمائل اُمت سے مخفی نہیں ہیں۔ کیونکہ علماء نے آپ کے ظاہری اور باطنی اوصافِ مخصوصہ کو کتابوں میں
ہے لہٰذا جو شخص بیداری میں آپ کے دیدار کا دعویٰ کرے اس سے آنحضرت ﷺ کے پاکیزہ حالات کے متعلق دریافت کرنا چاہیے
اب سننا چاہیے کہ آنکھوں سے دیکھ کر جواب دینے والا چھپ نہیں سکتا اور وہ نہ دیکھنے والے کے ساتھ مشتبہ نہیں ہو سکتا۔ والسلام۔
اس جواب سے آپ کی تسلی ہو گئی ہو' فبہا اور اگر مزید تشریح چاہتے ہیں تو یاد رکھو کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو فتح نصیب کرتے
مدد انوار حق کے ساتھ فرماتے ہیں جو اس کی ذات میں تمام جہات سے داخل ہو جاتا ہے اور اس کے گوشت اور ہڈیوں کے اندر
تا ہے اور وہ اس کی ٹھنڈک اور جسم میں اس کے داخل ہونے کی اس قدر تکلیف محسوس کرتا ہے جس قدر کہ سکرات موت کی تکلیف
پھر اس نور کی شان یہ ہے کہ جس مخلوق کا اس بندہ کو حق تعالیٰ مشاہدہ کرانا چاہتا ہے اسی کے اسرار اس پر وارد کرتا ہے کہ ذاتِ عبد
قات مذکورہ کے الوان سے متلون ہو کر داخل ہوتا ہے مثلاً جب حق تعالیٰ اس زمین کی مخلوقات کا مشاہدہ کرانا چاہتا ہے تو یہ نور ایک
ہے اور وہ اسرار جن سے بنی آدم کی تخلیق ہوئی ہے ساتھ لے کر اس ذات میں گھس جاتا ہے پھر دوسری بار آتا ہے اور وہ اسرار ساتھ
تا ہے جن سے بہائم کی تخلیق ہوئی ہے اور کبھی ان اسرار کے ساتھ آتا ہے جن سے جمادات کی تکوین ہوئی ہے مثلاً پھل اور میوہ

جات وغیرہ۔ چنانچہ جب تک ان کے اسرار میں سرایت نہ کر جائیں ان میں سے کسی کا بھی اسے مشاہدہ نہیں کرایا جاتا اس کے باوجود ا
وہی پہلے کی طرح جان کنی کی سی تکلیف ہوتی ہے۔ سید الوجود اور علم الشہود حضرت محمد ﷺ بھی جملہ مخلوقات میں سے ہیں لہٰذا جب اللہ تو
اپنے بندہ کو آنحضرت ﷺ کی ذات مبارک کا مشاہدہ کرانے کا وعدہ فرماتا ہے تو یہ مشاہدہ اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک وہ آپ
ذات مبارک کے اسرار سے سرشار نہ ہو جائے۔ فرض کرو کہ صاحب[2] فتح کی ذات فتح سے پہلے ایک تاریک و معظم شے کی طرح تھی
آنحضرت ﷺ کی ذات شریف بمنزلہ ایک نور کے ہو جس کے متعدد شعبے ہوں، جن کی تعداد لاکھ یا لاکھ سے بھی زائد ہو۔ پس جب
تعالیٰ اس تاریک ذات پر رحم فرمانا چاہتے ہیں تو یہ نور محمدی اس کی مدد فرمائے گا اور اسے سیراب کرے گا۔ چنانچہ ایک مرتبہ آ کر ان نور
شعبوں کے ذریعے سے ایک ایک کر کے اس میں گھسے گا مثلاً شعبہ صبر کے داخل ہونے سے اس کی ضد یعنی اضطراب و بے صبری کی
زائل ہو جائے گی۔ پھر یہ ایک اور شعبہ (شاخ) کو لے کر داخل ہوگا مثلاً رحمت تو اس سے بھی اس کی ضد یعنی عدم رحمت کی ظلمت زا
جائے گی۔ پھر ایک اور شعبہ کو لائے گا مثلاً حلم تو اس سے بھی ضد کی ظلمت زائل ہو جائے گی۔ چنانچہ اسی طرح ذات مطہرہ کے نور
شعبے ایک ایک کر کے اس میں سرایت کریں گے اور ایک ایک کر کے اس تاریک ذات میں سے تاریکی کے تمام اوصاف زائل
جائیں گے تب جا کر بندہ ذات شریفہ کا مشاہدہ کرنے کے قابل ہوتا ہے کیونکہ جب تک اس میں ذرہ بھر بھی سیاہی باقی رہے گی یہ
ذات کے لئے تاریکی کا باعث ہوگی اور جب تک اس کی ذات میں سے تمام کی تمام سیاہی نکل نہ آئے اس وقت تک وہ ذات
مشاہدہ کرنے کے قابل نہیں ہوسکتی اس سے ہمارا یہ مطلب نہیں ہے کہ جب ذات شریفہ کے اسرار اس میں سرایت کر جاتے ہ
پورے کے پورے اسی کمال سے اس میں داخل ہوتے ہیں جو کمال کہ یہ ذات ان اسرار سے اپنی ذات اور خلقت کی طاقت کے
سیراب ہوتی ہے نہ ہی ہماری مراد یہ ہے کہ جب یہ ان شعبوں سے سیراب ہو جاتی ہے تو ذات شریفہ میں کوئی کمی پیدا ہو جاتی ہے یا
کی جگہ ان اسرار سے خالی رہ جاتی ہے کیونکہ انوار سے اخذ کرنے سے وہ اپنی جگہ سے زائل نہیں ہو جاتے اس سے یہ واضح ہو گیا
تک اسرار شریفہ اور انوار لطیفہ کے وارد ہونے سے بندہ کے اپنے تمام اوصاف محو نہیں ہو جاتے اس وقت تک وہ آنحضرت ﷺ
نہیں کر سکتا اور اس منزل تک پہنچنے کے لئے بے شمار مقامات[3] طے کرنے پڑتے ہیں۔

فان فضل رسول الله ليس له حد فيعرب عنه ناطق بفم

کیونکہ آنحضرت ﷺ کے فضل و کمال کی کوئی حد نہیں کہ کوئی انسان زبان سے ان کی تشریح کر سکے۔

جن لوگوں نے ان مقامات کی تعداد دو ہزار یا اس سے زیادہ بتائی ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنی حالت کا ذکر
قدر فتح اسے عطا ہوئی ہے مگر ابھی بہت کچھ باقی ہے (جس کا مشاہدہ اور جن مقامات کو اس نے طے نہیں کیا) ہم نے جو یہ کہا کہ جو
تمام شعبوں سے سیراب نہ ہو وہ ذات شریفہ کا مشاہدہ نہیں کر سکتی اس سے ہماری مراد کامل مشاہدہ سے ہے کیونکہ اگر کسی کا کوئی
گیا ہو اور اس کے باوجود اسے مشاہدہ حاصل ہو جائے تو مشاہدہ تو ہو جائے گا مگر کامل نہ ہوگا۔ واللہ اعلم۔

تیسرا سوال: پیر کی موجودگی اور عدم موجودگی کی وجہ سے مرید کی تربیت میں کمی و زیادتی کیوں ہو

فقیہ مذکور نے آپ سے سوال کیا کہ کوئی مرید تربیت حاصل کرنے کی غرض سے شیخ کامل کی صحبت اختیار کرتا ہے اور شیخ

اپنی ہمت سے اس کی تربیت کرتا ہے۔ پھر جب شیخ موت یا سفر کی وجہ سے موجود نہیں ہوتا تو مرید اپنے نفس میں حال، علم اور عمل میں ضعف پاتا ہے۔ سو باوجود اس کے کہ اسے پیر کی عدم موجودگی کی وجہ سے نفع میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ حال اور ہمت سے تربیت مطلب ہوا۔ فرمایا: شیخ کامل کی ہمت اس کا نور ایمان ہے اور اسی کے ذریعہ سے وہ مرید کی تربیت کرتا ہے اور ایک حالت سے دوسری تک ترقی دیتا ہے لہٰذا اگر مرید کو شیخ کے ساتھ محض نور ایمان کی وجہ سے محبت ہو تو شیخ اس کو ہر حالت میں مدد پہنچاتا ہے خواہ شیخ موجود بلکہ شیخ کی وفات کے بعد بھی ہزاروں برس کیوں نہ گزر جائیں تب بھی فیض جاری رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر زمانہ کے اولیاء ت ﷺ کے نور ایمان سے فیض حاصل کرتے رہے ہیں اور آنحضرت ﷺ ان کو ترقی دے رہے ہیں اور ان کی تربیت کرتے یں اس لئے کہ ان اولیاء کی محبت محض ان کے نور ایمان کی وجہ سے ہوتی تھی اور اگر مرید کو شیخ کی محبت صرف اس کی ذات کی طرف اور نور ایمان سے نہ ہو تو اسے پیر کی حاضری میں تو فیض پہنچے گا مگر غیر حاضری میں فیضان منقطع ہو جائے گا۔ ذات کی محبت کی علامت لہ محبت دنیوی یا اخروی نفع حاصل کرنے یا ضرر سے بچنے کی غرض سے ہو اور ایمان کی محبت کی علامت یہ ہے کہ محبت محض اللہ کی ی کے لئے ہو اس میں کسی قسم کی غرض نہ ہو لہٰذا جب مرید شیخ کی غیر حاضری کی وجہ سے اپنے اندر کمی محسوس کرے تو قصور خود اس ہے نہ کہ شیخ کا۔ واللہ اعلم۔

سوال: کیا طریق شکر افضل ہے یا طریق مجاہدہ:

فقیہ نے ایک سوال یہ کیا کہ ولی عارف حضرت شاذلی اور ان کے متبعین کے طریقے اور امام غزالی اور ان کے متبعین کے طریقہ میں تا ہے۔ پہلے گروہ کا مدار منعم جل جلالہ کے ساتھ فرح و شکر پر ہے اور دوسرے گروہ کا مدار ریاضت، مشقت، بیداری اور بھوک وغیرہ دونوں بزرگ ریاضت پر متفق ہیں۔ کیا حضرت شاذلی واصل باللہ ہونے کے بعد یا اس کے قریب شکر کا حکم کرتے ہیں یا یہ کہ وہ ی سے شکر کا حکم کرتے ہیں اور کیا ایک شخص کے لئے دونوں طریقوں پر چلنا ممکن ہے یا جب تک دوسرے سے یکسو نہ ہو جائے، نفع ہیں کر سکتا۔

فرمایا: اصل طریق تو شکر کا ہی طریقہ ہے اور انبیاء علیہم السلام اور صحابہ وغیرہ میں سے جس قدر اصفیاء گزرے ہیں ان کے دل اسی شکر پر کاربند تھے۔ طریق شکر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت خالص عبودیت سے ہو، انسان تمام حظوظ نفسانی سے مبرا ہو اور یہ اعتراف ے کہ میں اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا حق ادا کرنے سے عاجز و قاصر ہوں اور یہ کیفیت ہر وقت دل پر طاری رہے خواہ اس پر کس قدر زمانہ جائے۔ جب حق تعالیٰ نے ان کو اس بات میں سچا پایا تو اپنے کرم کے مقتضا کے مطابق انہیں فتح اور اسرار ایمان عطا کئے۔ مگر جب اہل ت نے دیکھا کہ انہیں تو فتح نصیب ہو گئی تو انہوں نے بھی اسی کو اپنا مطلوب و مرغوب قرار دیا۔ لہٰذا وہ روزے رکھ کر، نمازیں پڑھ کر، کو جاگ کر اور مدتوں خلوت میں رہ کر اس کی طلب میں لگ گئے یہاں تک کہ انہوں نے بھی جو کچھ حاصل کرنا تھا حاصل کر لیا چنانچہ شکر میں تو ہجرت شروع سے ہی اللہ اور رسول ﷺ کی طرف ہوتی ہے نہ کہ فتح اور کشف حاصل کرنے کی طرف اور طریق ریاضت نرت فتح اور مراتب حاصل کرنے کے لئے ہوتی ہے۔ پہلے طریقے میں دل کی سیر ہوتی ہے (کہ دل اللہ کی طرف کھنچے آتے ہیں) اور ے میں بدن کی سیر ہوتی ہے (کہ جسم مولیٰ کی اطاعت میں جھکتا ہے) پہلے طریقہ میں فتح دفعتاً حاصل ہوتی ہے بندہ اس کا منتظر نہیں

ہوتا (اس لئے کہ وہ فتح کی غرض سے کوئی عمل کر ہی نہیں رہا ہوتا محض للہ کرتا ہے) ابھی وہ توبہ طلب کرنے اور گناہوں کی معافی مانگنے کے مقام پر ہی ہوتا ہے کہ اچانک اسے فتح نصیب ہو جاتی ہے۔ دونوں طریقے صحیح ہیں' لیکن شکر کا طریقہ بہتر اور زیادہ اخلاص کا حامل ہے۔

دونوں طریقے ریاضت پر متفق ہیں' لیکن پہلے طریقے میں دل کی ریاضت ہوتی ہے۔ اس لئے کہ دل حق سبحانہ کے ساتھ لگے اور اسی کے آستانہ پر پڑے ہوتے ہیں۔ حرکات وسکنات میں اسی کی پناہ لیتے ہیں پروردگار کی حضوری کے وقت کسی قسم کی غفلت ان کے پاس نہیں آتی۔ مختصر یہ کہ طریق شکر میں یہی ریاضت ہے کہ دل اللہ تعالیٰ سے لگا رہے اور اس پر مداومت کرے' خواہ ظاہر میں وہ کوئی بڑی عبادت نہ کرتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ طریق شکر اختیار کرنے والا روزہ رکھتا بھی ہے اور کبھی نہیں بھی رکھتا۔ رات کو نماز کے لئے اٹھتا بھی ہے اور سوتا بھی ہے۔ اپنی عورت کے پاس بھی جاتا ہے اور تمام شرعی وظائف کو ادا کرتا ہے جو ریاضت بدن کے منافی ہیں۔

ایک مرتبہ حضرت نے یہ فرمانے کے بعد کہ طریق ریاضت میں ہجرت فتح اور نیلِ مراتب کی غرض سے ہوتی ہے۔ فرمایا فتح حاصل ہو جانے کے بعد ان میں سے بعض اپنی پہلی نیت پر قائم رہتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کا دل انہی امور میں پھنس جاتا ہے جن کا مشاہدہ کرتا ہے اور کشف پانی پر چلنا اور زمین کا طے ہو جانا وغیرہ جب دیکھتے ہیں تو اس پر خوش ہوتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ یہی مطلوب ہے۔ یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جن کے دل ابتداء سے لے کر آخر تک اللہ سے خالی ہوتے ہیں لہٰذا وہ ان لوگوں میں سے ہوتے ہیں جن کے متعلق باری تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے

اَلَاخْسَرِیْنَ اَعْمَالاً اَلَّذِیْنَ ضَلَّ سَعْیُھُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَھُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّھُمْ یُحْسِنُوْنَ صُنْعًا

(سورہ کہف آیت ۱۰۳،۱۰۴)

(جن کے اعمال بہت خسارہ میں ہیں جن کی کوشش دنیا کی زندگی میں ہی رائیگاں گئی مگر وہ یہی سمجھتے رہے کہ وہ نیک کام کرتے ہیں)

اور بعض ایسے ہوتے ہیں جن کی نیت فتح کے بعد بدل جاتی ہے اور ان پر اللہ رحم فرماتا ہے اور ان کا ہاتھ پکڑ لیتا ہے چنانچہ ان کا حق سبحانہٗ کی طرف لگ جاتا ہے اور غیر اللہ سے منقطع ہو جاتا ہے اس شخص کو جو حالتِ فتح کے بعد نصیب ہوتی ہے طریق شکر میں اس کی ابتداء ہوتی ہے لہٰذا سمجھ لو کہ دونوں طریقوں میں کس قدر بُعد ہے اور دونوں مقاصد میں کس قدر تفاوت ہے۔ الحاصل پہلے طریقہ میں قلوب ہے اور دوسرے میں سیرِ ابدان۔ پہلے میں نیت میں خلوص پایا جاتا ہے اور دوسرے میں اغراض کی آمیزش ہوتی ہے۔ پہلے میں کی طرف سے کسی انتظار اور توقع کے بغیر یکا یک فتح نصیب ہوتی ہے۔ لہٰذا وہ فتح ربانی ہوتی ہے اور دوسرے میں حیلہ وسبب سے حاصل ہوتی ہے لہٰذا اس کی دو قسمیں ہوئیں۔ پہلی حالت میں فتح صرف مومن عارف اور حبیب حاصل کر سکتا ہے برخلاف دوسری حالت کیونکہ تو نے سنا ہوگا کہ راہب اور یہودیوں کے پادریوں نے ریاضت کی جس کے ذریعہ سے وہ استدراج تک پہنچ جاتے ہیں (کیونکہ ان سے خارقِ عادت امور ظہور میں آنے لگ جاتے ہیں۔)

فرمایا: میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ مطلق ریاضت کے متعلق کہہ رہا ہوں خواہ وہ اہل حق کی ہو یا اہل باطل کی۔ خاص ابو حامد الغزالی کے طریقِ ریاضت کی بحث نہیں کر رہا۔ وہ تو امام حق اور سچے ولی تھے۔

اب رہا یہ سوال کہ آیا ایک ہی شخص کے لئے دونوں طریقوں پر چلنا ممکن ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہاں ممکن ہے اس لئے

ں طریقے ایک دوسرے کے منافی نہیں ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ ایک شخص کا دل تمام حرکات وسکنات میں اللہ کی طرف بھی لگا ہوا ہو اور ظاہر ھی وہ مجاہدہ وریاضت میں مشغول ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

واں سوال: انسان کے لئے کیا یہ ممکن ہے کہ وہ یہ معلوم کر سکے کہ آیا وہ مرید بننے کے قابل ہے یا نہیں:

حضرت کیا یہ ہوسکتا ہے کہ انسان یہ معلوم کر سکے کہ آیا وہ ارادت (مرید بننے) کے قابل ہے یا نہیں؟ اس سے ہماری مراد خاص ت سے ہے یا اسے اس کا پتہ اوروں کی مدد کے بغیر نہیں ہوسکتا مثلاً شیخ صالح یا خیر خواہ برادر؟

فرمایا: انسان اس بات کی اہلیت خود معلوم کرسکتا ہے اس طرح کہ دیکھے کہ اس کے خیالات بالعموم کس قسم کے ہوتے ہیں، لہٰذا جس کے خیالات بالعموم اس کے دل میں آئیں گے اسی کے لئے اس کی ذات پیدا کی گئی ہوگی۔ ذات کے لئے اپنے تخیلات کی تابعداری لاابدی ہے خواہ وہ اس میں ابتداء سے قائم ہوں یا نہ۔ چنانچہ جس کے خیال میں اللہ کی محبت اور اس کی بارگاہ کی طرف میلان غالب ہو سے اللہ کی عظمت وجلال کا ہر وقت خیال رہتا ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ اس کے لئے خیر کا ہے خواہ اس کی اپنے تخیلات کے موافق عمل کر رہی ہو خواہ مخالف۔ اس لئے کہ وہ مخالف اعمال میں پھنسا ہوا ہی کیوں نہ ہو پھر بھی اللہ تعالیٰ اسے ئی۔ نجات اور ہدایت کی طرف لے آئیں گے۔

پھر قوت وضعف کے اعتبار سے مذکور قابلیت کے مختلف مراتب ہیں جس طرح چستی اور شجاعت کے مراتب مختلف ہیں۔ چنانچہ اگر ں کو کھیلتے ہوئے دیکھیں تو معلوم ہو جائے گا کہ ان میں کون چست رفتار، کون سست رفتار اور کون متوسط رفتار والا ہے۔ یہی حال ارادت اہلیت رکھنے والوں کا ہے۔ چنانچہ بعض اعلیٰ درجہ کی اہلیت کے مالک ہوتے ہیں کہ خداوندی جلال کا خیال ہر وقت انہیں لگا رہتا ہے اور ں ایسے ہیں جنہیں یہ خیال کبھی کبھی آتا ہے اور بعض کی حالت متوسط درجہ کی ہوتی ہے۔ اس میں راز یہ ہے کہ انسان کے باطن میں فکر و ں عقل کا ایک نور ہے جس کا فیضان تقدیر الٰہی اور قسمت ازلی کے مطابق ذات انسانی پر ہوتا ہے۔ پس اگر ذات کے ساتھ بھلائی کا ارادہ گیا ہو تو عقل اس میں اس کی فکر اور اس کے اسباب کا خیال دل میں ڈال دیتی ہے حتیٰ کہ وہ اسے پالیتی ہے۔ پھر خیر وشر دونوں میں تب فکر کے تینوں مذکورہ بالا درجے پائے جاتے ہیں۔ پھر قابلیت کا اصول خیر وشر کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ یہ ہر اس امر سے تعلق رکھتا جس کے متعلق تقدیر میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ ذات اسے پالے گی کیونکہ ان تمام امور میں قابلیت واہلیت ظاہر ہو جاتی ہے لہٰذا اگر بچوں کی ں جماعت کی طرف دیکھیں تو مثلاً اگر تقدیر میں یہ لکھا ہو کہ ایک منشی ہوگا دوسرا حجام ہوگا اور تیسرا سپاہی تو پہلے کی پہچان اس طرح کی ئے گی کہ وہ قلم پکڑتا ہے اور اسے معمولی سی تنبیہ سے لکھنا آجائے گا لیکن اسے استرہ پکڑنا نہیں آئے گا اور نہ ہی اسے تلوار لٹکانا آئے گا اہ اسے تنبیہ کیوں نہ کی جائے۔ دوسرا بچہ استرہ پکڑنا جانتا ہوگا اور اسے قلم پکڑنا اور تلوار لٹکانا نہ آتا ہوگا اور تیسرے کو تلوار لٹکانا آتا ہوگا مگر م اور استرہ پکڑنا نہ آتا ہوگا۔ وکل میسر لما خلق له ہر شخص کے لئے وہ کام جس کے لئے اسے پیدا کیا گیا ہوتا ہے آسان کر دیا جاتا ہے۔ یہی حال اس بچے کا ہے جس کا خیال ہر وقت کپڑے کی تجارت میں لگا ہو اور اس کا باپ اسے زراعت میں لگانا چاہے تو اسے کامیابی ہوگی اور اگر اسے تجارت میں لگائے گا تو اس سے بہت فائدہ ہوگا اسی سے معلوم ہوگیا کہ ہر چیز کی قابلیت کا مدار اس کی فکر پر ہے اور ہر شخص کو معلوم ہے کہ اس کے خیالات کس طرف لگے رہتے ہیں۔ توفیق عطا کرنے والا تو اللہ ہی ہے۔

ایک عورت کا قصہ:

حضرت نے فرمایا کہ قدیم زمانہ میں ایک عورت کے دو لڑکے اور ایک لڑکی تھی جب اس کے مرنے کا وقت آ گیا تو کہا کہ میرا فلاں بیٹا تو صالحین میں سے ہوگا دوسرا ظالم ہوگا اور بیٹی بڑی مالدار اور دنیادار ہوگی لوگوں نے کہا کیا تجھے غیب کا علم ہے؟ کہنے لگی میں غیب تو نہیں جانتی، لیکن میں نے پہلے کو دیکھا تو اسے اللہ سے بہت ڈرنے والا پایا۔ وہ کسی بچہ پر ظلم نہیں کرتا۔ اس کا دل ہر وقت اللہ کی یاد میں رہتا ہے۔ اس سے میں سمجھ گئی کہ وہ نیکی کی طرف جائے گا۔ دوسرے کو دیکھا تو اس کے برعکس پایا تو سمجھ گئی وہ شر کی طرف جائے گا۔ بچی کو دیکھا حالانکہ وہ ابھی چھوٹی ہے۔ اسے بلند پایہ کے صنعت بناتے دیکھا کہ وہ پازیب' ہار' بازو بند اور دیگر زیورات بناتی ہے جو عورتوں کے پہننے اور زینت کے کام آتے ہیں اور وہ ہر وقت اسی میں لگی رہتی ہے یہاں سے سمجھ لیا کہ اسے بہت سی دنیا حاصل ہوگی۔

مؤلف کہتا ہے کہ کسی نے مجھے بتایا کہ وہ یتیم رہ گیا تھا اور اس کی والدہ نے اسے ریشم کے کام میں لگا دیا۔ میں نے اس پیشہ کو اختیار کر لیا مگر مجھے یہ سخت بوجھل اور مشکل معلوم ہوتا۔ حتیٰ کہ میں ایک دن کچھ لوگوں کے پاس سے گزرا جو چونہ کے پلستر میں گلکاری اور بیل بوٹے بنایا کرتے تھے۔ انہیں دیکھ کر میرا دل اسی طرف لگ گیا۔ میں نے اسی دن سے ریشم کا کام چھوڑ دیا اور ان کے ساتھ کام کرنا شروع کر دیا اور اس کام کو میں بڑی چستی اور تیزی سے کرتا۔ میرے دل میں نشاط پیدا ہو گیا یوں معلوم ہوتا تھا کہ میں قید سے چھوٹ کر آیا ہوں۔ چونہ کاری کا کام میں نے بہت آسانی سے سیکھ لیا اور پھر ریشم کا کام کرنے کا نام بھی نہ لیا۔

ایک اور شخص نے بتایا کہ اس کا ایک کمزور سا گدھا تھا اور وہ جنگل میں کچھ لوگوں کے پاس سکونت پذیر تھا۔ ان کا ایک چھوٹا یتیم بچہ تھ جس کا ہر وقت یہی کام تھا کہ میرے گدھے پر سواری کرتا رہے۔ سوار ہوتا تو اس طرح جس طرح گھوڑے پر سوار ہوتے ہیں۔ چنانچہ و اپنے پاؤں میں کانٹوں کی مہمیز بنا کر لگا لیتا اور گوگل کے پٹھوں کی لگام بنا لیتا اور کھجور کے درخت سے کاٹ کر نیزہ بنا لیتا اور اس طرح گدھ دوڑاتا رہتا۔ میں اسے بھگا دیتا مگر جونہی ذرا سا غافل ہوا پھر گدھے پر آ جاتا چنانچہ وہ بچہ بڑا ہو کر سلطانی گھوڑ سواروں کی فوج کا سپ سالار بنا۔ وَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ (جو شخص جس کام کے لئے پیدا کیا گیا ہے وہ اس کے لئے آسان کر دیا جاتا ہے)

ایک معلّم کا واقعہ:

ایک معلّم نے بچوں کا امتحان کرنا چاہا۔ ہر ایک کو ایک پرندہ دیا اور کہا کہ اسے ایسی جگہ جا کر ذبح کر لاؤ جہاں تجھے کوئی نہ دیکھ رہا ہو ایک کے سوا سب ذبح کر لائے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ بچہ حضرت ابوالعباس سبتی تھے۔ وہ پرندہ کو زندہ ہاتھ میں لئے واپس آ گیا اور کہا کہ جہا کہیں میں اسے ذبح کرنا چاہتا اللہ کو اپنے ساتھ پاتا۔ اس سے استاد کو معلوم ہو گیا کہ وہ مقام معرفت حاصل کرے گا چنانچہ وہ اس کے ا اس کا خاص خیال رکھتا رہا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت نے فرمایا: جب کسی میں ولایت کی رگ ہوتی ہے اور کچھ عرصہ تک بدکاروں میں رہتا ہے لیکن جب اس کے پاس سے ک ولی گزرتا ہے حالانکہ وہ انہی لوگوں میں ہوتا ہے پھر بھی اس کی ولایت کی رگ زندہ ہو جاتی ہے اور اسے خوشی حاصل ہوتی ہے اور اس کا جاری ہو جاتا ہے۔ یہ اثر محض ولی کے گزرنے کا ہوتا ہے خواہ وہ شخص اس ولی کو جانتا بھی نہ ہو اور نہ ہی ولی اس سے گفتگو کرے' لیکن اگر میں میل جول ہو جائے اور آپس میں جان پہچان ہو جائے تو پھر اس رگ کی زندگی کا کیا پوچھنا کہ ہر لحظہ خیر میں اسے کس قدر ترقی ہوگی۔

اور اگر کسی آدمی میں شر کی رگ ہو مثلاً چوری اور وہ مدت تک ولیوں میں رہے۔ ان کی خدمت کرتا رہے پھر جب کبھی کوئی چور ان کے پاس سے گزرے تو جس شخص میں چوری کی رگ ہوگی وہ زندہ ہو جائے گی اور بدی کے لئے اس کا سینہ کھل جائے گا۔ محض چور کے پاس سے گزرنے سے اس کا یہ حال ہوگا بغیر اس کے کہ ان میں جان پہچان یا اختلاط ہو لیکن اگر جان پہچان ہو جائے تو شر اپنے کمال کو پہنچ جائے۔ خدا بچائے "وکل میسر لما خلق له"۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہ ایک بہت وسیع باب ہے اور مفید طریقہ ہے جس کا ان لوگوں کو علم ہے جو درس و تدریس میں لگے رہتے ہیں کیونکہ ان کے سامنے قابلیت کی بحث کو پیش کیا جائے تو انہیں یوں معلوم ہوگا کہ یہ سب کچھ ان کے زمانہ تدریس کے تجربات کی نقل ہے۔ میں نے بحمد للہ ستائیس سال درس و تدریس میں گزارے ہیں لہٰذا حضرت سے اہلیت کی بحث اور ان خیالات کی بحث کو سنا جن پر ذات کا مدار ہوتا ہے تو میں نے اس کا مقابلہ ان واقعات سے کیا جو ہمیں بہت سے طلبہ سے پیش آئے اور میں نے اسے جامع اور مانع ضابطہ پایا جس کی وجہ سے بہت سا بوجھ اُتر گیا جو میں ان کو تعلیم دینے میں برداشت کیا کرتا تھا میں ان کی خیر خواہی اور مسائل کی تشریح میں بہت کوشش کرتا۔ دلیلوں سے انہیں سمجھاتا۔ ان کو فائدہ پہنچانے کی آرزو رکھتا حتیٰ کہ اس غرض سے ان کے ساتھ کھاتا اور پیتا لیکن بعد میں دیکھتا کہ ان اس سے کوئی نفع نہیں پہنچا۔ جس چیز کی بنیاد سالہا سال سے رکھتا تھا وہ محض ایک اہل باطل کے میل جول سے منہدم ہو جاتی بلکہ صرف میری غفلت اور تنبیہ نہ کرنے سے جاتی رہتی۔ جیسے کہ جب تک چوپایہ کو مارتے رہو وہ چلتا رہے گا اور جونہی کہ مارنا چھوڑ دیا ٹھہر جاتا ہے۔ اور بہت سے لوگوں میں اس کے برعکس بھی واقع ہوا ہے کہ محض ہم سے مخالفت کرنے اور میل جول رکھنے سے جو کچھ ہم سے سنتے تھے وہ سب یاد ہو جاتا اس کے بعد جس مجلس میں ہمارے ساتھ بیٹھتے ان کا علم بڑھتا جاتا حالانکہ میں انہیں تعلیم دینے میں اس قدر کوشش نہ کرتا تھا جس قدر کہ پہلی قسم کے لوگوں کو تعلیم دینے میں کرتا تھا۔ میں اس میں ہمیشہ سوچتا رہا اور اس کا سبب تلاش کرتا رہا تا آنکہ میں نے حضرت سے اہلیت کی بحث سنی اور جو معاملہ مجھے پہلی قسم کے لوگوں سے پیش آتا تھا میں نے حضرت سے ذکر کیا۔ فرمانے لگے اس قسم کے لوگوں کو تعلیم دینے کا خیال دل سے نکال دو کیونکہ اس کی مثال تو ٹھنڈے لوہے کو کوٹنے کی ہے (کہ بے کار ہوتا ہے) والناس میسرون لما خلقوا له۔ ابتداء سے انتہا کا پتہ چل جاتا ہے۔ ابتداء سے دیکھ کر ہر ایک کو اپنے اپنے مقام پر اتارا کرو۔ اس دن سے میں نے آرام محسوس کیا اور مجھے بحمد للہ ہر چیز میں لوگوں کی اہلیت کے متعلق بہت سی معلومات بہم پہنچ گئیں۔ والحمد اللہ۔ لہٰذا اگر تو سمجھ دار اور عقلمند ہے تو اس کلام کو ہمیشہ اپنے ہاتھ رکھ۔ اس سے مختلف قسم کے لوگوں سے باوجود اس کے کہ ان کی طبائع مختلف ہوتی ہیں میل جول رکھنے میں بہت سہولت ہوگی۔

چھٹا سوال:

فقیہ مذکور نے ایک سوال یہ بھی کیا کہا ابلیس لعین نے سہل بن عبداللہ تستری سے کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ورحمتی وسعت کل شئی (میری رحمت ہر چیز پر شامل ہے) اور میں بھی ایک چیز ہوں۔ لہٰذا رحمت خداوندی سے باہر نہیں رہ سکتا اس کے جواب میں حضرت سہلؒ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ساتھ ہی فرمایا ہے فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ میں نے اس رحمت کو متقیوں کے لئے لکھ رکھا ہے اور تو متقی نہیں رحمت کے نازل ہونے کی شرط تقویٰ ہے لہٰذا یہ آیت مطلق نہیں مقید ہے۔ ابلیس نے جواباً کہا کہ اس آیت کو تو نے مقید بنا دیا ہے ورنہ اللہ نے تو اسے مطلق ہی رکھا ہے لہٰذا تقویٰ کی قید تمہاری طرف سے ہوئی نہ کہ اللہ کی طرف سے۔ بندے کی کیا مجال کہ مقید بنا دے

حالانکہ آیت میں قید موجود ہے مگر شیخ عارف محی الدین حاتمی فرماتے ہیں اس مسئلہ میں ابلیس لعین سہل کا استاذ ہوگیا۔ لہٰذا گزارش ہے کہ اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں۔ اس حکایت کا ذکر امام شعرانی ؒ نے بھی کیا ہے مگر سکوت اختیار کیا ہے ان کے سکوت سے سائل کو خیال ہوا کہ ابلیس لعین کی بات درست ہے۔ مسئلہ میں اشکال یہ ہے کہ تقید تو خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے نہ سہلؒ کی طرف سے۔

حضرت نے فرمایا: تقید اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ سہلؒ کی طرف سے نہیں۔ شیطان کا استدلال باطل ہے۔ حضرت سہلؒ حق پر ہیں نہ کہ ابلیس۔ ابلیس کے کلام کی مدح کرنے کی وجہ یہ ہے کہ حضرت حاتمیؒ اور حضرت سہلؒ نے اس سے وہ مفہوم لیا ہے جو نہ شیطان کے وہم گمان میں آیا نہ اس نے اسے سمجھا جس سے سہلؒ کی خوابیدہ صفات بیدار ہوگئیں اور ان میں حرکت پیدا ہوگئی اور جن امور کو وہ خدا کی طرف سے جانتے تھے ان کا مشاہدہ کرنے لگے کیونکہ صوفیا فتح نصیب ہو جانے اور اللہ تعالیٰ کو جیسا کہ وہ درحقیقت ہے پہچان لینے کے بعد جب وہ اپنی پہلی حالت پر نظر دوڑاتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ انہوں نے حق تعالیٰ کی صفات کو بے شمار قیود میں مقید کر رکھا تھا اور اس کی معرفت سے بے خبر تھے۔ چنانچہ جب ابلیس نے کہا کہ یہ قید تو تمہاری طرف سے لگائی گئی نہ اللہ کی طرف سے تو ان الفاظ کو سن کر سہلؒ کی توجہ اپنی دونوں حالتوں کی طرف ہوئی تو ان پر تحیر وسکوت طاری ہوگیا۔ حالانکہ جس مفہوم کی طرف سہلؒ کا خیال گیا وہ ابلیس نے مراد نہ لیا تھا اور نہ ہی اس کے دل پر اس کا خیال گزرا تھا۔ یہ بات صوفیہ کے سماع سے تعلق رکھتی ہے۔

ایک پیر اپنے مرید کے گھر آیا۔ دروازہ پر دستک دی۔ گھر میں مرید کے سوا کوئی نہ تھا۔ مرید نے جواب دیا کون دستک دے رہا ہے۔ یہاں کوئی نہیں ہے (چلے آؤ) پیر نے جب یہ لفظ سنے کہ یہاں میرے سوا کوئی اور نہیں ہے تو بیہوش ہوکر گر پڑے (انہیں مافی قلبہ غیر اللہ کا مفہوم ذہن میں آ گیا) لیکن مرید کو اس کا علم بھی نہ ہوا۔ لہٰذا اگر کوئی یہ کہہ دے کہ یہاں مرید اپنے پیر کا استاد بن گیا تو کوئی حرج نہیں ہے۔

ایک بچی نے اپنے باپ سے کوئی کام کہا کہ بازار سے فلاں چیز لادو۔ باپ لانے کے لئے نکلا والدہ نے بچی کو کہا تو نے اسے (بوڑھے) باپ کو کیوں تکلیف دی۔ بچی نے کہا ابّا کے سوا میرا کوئی اور بھی ہے۔ یہ الفاظ کسی صوفی نے سن لئے تو غش کھا کر گر پڑے۔

یہاں سے ابلیس کی بات کا بطلان اور صوفیہ کے اشارات وکنایات کا صحیح ہونا ثابت ہوجاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ساتواں سوال:

فقیہ نے ایک اور سوال کیا جس کا اس باب سے کوئی تعلق نہیں۔ سوال یہ ہے کہ بعض عارفین کا قول ہے کہ مخالفت یعنی معصیت ایک سورحمتیں پائی جاتی ہیں جن کا نفع مومن کو ہوتا ہے۔ یہ کونسی سورحمتیں ہیں جن کی اصل اللہ کا غضب ہے اور اس غضب کے رحمت اور فضل میں بدل جانے کی کیا حقیقت ہے؟

حضرت نے جواب دیا کہ اس معصیت سے مراد اس مومن کی معصیت ہے جو اپنے رب کے جلال وعظمت کا عارف ہو کیونکہ اس معرفت والے انسان سے معصیت کا صدور بحکم غلبہ تقدیر ہوگا۔ اس عارف سے ہماری مراد صاحب فتح نہیں ہے بلکہ وہ شخص ہے جس کے ایمان میں خلوص اور اس کا یقین صاف ہو کیونکہ جب اس کی یہ حالت ہوگی تو بحالت طاعت بھی ہر وقت خوف حق تعالیٰ اس کے دل میں رہے گا۔ معصیت کی حالت کا ذکر ہی کیا۔ کیونکہ اس کے دل میں خوف طاری رہنے کا سبب اللہ تعالیٰ کی سطوت کا جاننا ہے۔ جب ہم

فرض کیا کہ یہ معرفت ہر وقت رہتی ہے اور اس کے منافی امور، مثلاً غفلت وغیرہ معدوم ہوتے ہیں تو خوف بھی ہر وقت رہے گا اور کسی حالت میں بھی اس سے جدا نہ ہوگا حتیٰ کہ طاعت کی حالت میں بھی اسے یہ خوف لگا رہے گا کہ کہیں میں نے اطاعت ایسے طریقہ پر نہ کی ہو جو مجھے اللہ سے بُعد کا سبب بنے لہٰذا تو دیکھے گا کہ وہ اس احتمال کے خیال سے اس قدر لرز رہا ہوگا کہ اس کا لرزہ تھمنے میں نہیں آتا۔ یہ خوف اسے عمل سے پہلے، عمل کے دوران میں اور عمل کے بعد بھی طاری رہتا ہے کہ کہیں مجھ پر عذاب نہ نازل ہو جائے۔ جب اطاعت میں اس کی یہ حالت ہے تو معصیت کی حالت میں اس کا کیا حال ہوگا۔

ایک مومن معصیت کا مرتکب ہونے کے بعد چوبیس سال تک زندہ رہا۔ اس طویل عرصہ میں ایک لحظہ بھی اس پر ایسا نہیں گزرتا تھا کہ اس معصیت کے ڈر سے اس کے آنسو نہ بہتے ہوں۔ اس معصیت کی وجہ سے جو خوف پیدا ہوا اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اسے اس طویل مدت میں گناہ کا مرتکب ہونے سے بچا لیا اور اس عرصہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف لگے رہنے سے اس پر اپنا فضل و کرم کیا اور اس پر صدہا رحمتیں نازل ہوئیں۔ الحاصل رحمت الٰہیہ کا مدار اس خوف پر ہے جو ہر وقت دل میں قائم ہو اور اس کا سبب خداوندی سطوت کی معرفت ہے جو رُوح کی طرف سے حاصل ہوتی ہے۔ رُوح عالم بالا کی چیز ہے جسے اوروں کی نسبت اللہ کی معرفت زیادہ حاصل ہے لہٰذا جب ذات پاک ہوگی تو رُوح ہر حالت میں خواہ اطاعت کی حالت ہو خواہ معصیت کی۔ اپنے معارف سے اسے مدد پہنچاتی رہتی ہے جس سے ذات کو فائدہ پہنچتا ہے اور جب ذات پاک نہ ہو تو رُوح اپنے معارف روک لیتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ذات شہوات ولذات نفسانیہ میں لگ جاتی ہے اور یہ باتیں اس کے اندر گھر کر لیتی ہیں اور حالت محمودہ اس کے لئے خواب وخیال بن جاتی ہے جو چیزیں اس کے اندر گھر کر چکی ہوتی ہیں انہی کا غلبہ ہوتا ہے اور انہی کا حکم چلتا ہے لہٰذا اس کے تمام اعمال وافعال تحصیل شہوات کی غرض سے ہوتے ہیں اور اگر اطاعت بھی کرتا ہے تو اس لئے نہیں کہ عبودیت اس بات کی مقتضی ہے کہ حق ربوبیت ادا کیا جائے بلکہ کسی ذاتی نفع کی غرض سے کرتا ہے اور اپنی لذات کو پورا کرنے کے لئے بے پرواہ ہو کر نافرمانی کرتا ہے اس سے معلوم ہو گیا کہ رحمت کا مدار طاعت ومعصیت پر نہیں بلکہ خوف وعدم خوف پر ہے (اور اس پر بھی نہیں ہے) درحقیقت سارا مدار معرفت الٰہیہ اور عدم معرفت پر ہے۔ رحمت کے ساتھ سو کی بھی تخصیص نہیں اصل مقصد وہی ہے جو ہم نے بیان کر دیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

آٹھواں سوال:

عارفین کا قول ہے۔ مجھے ہر چیز میں خدا نظر آتا ہے۔ خدا قدیم ہے اور اشیاء حادث پھر قدیم حادث میں کیسے نظر آ سکتا ہے؟ پھر یہ کہنا کہ ہم اللہ کے نہ عین ہیں نہ غیر۔ یہ تو ارتفاع نقیضین ہوا جو محال ہے۔

فرمایا عارف کا یہ کہنا کہ مجھے ہر چیز میں خدا نظر آتا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ ہر چیز میں مجھے افعال خداوندی نظر آتے ہیں اس لئے کہ عارف لوگ اپنی قوت عرفان کی وجہ سے تمام کائنات میں افعال باری تعالیٰ کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ ہر مخلوق میں لامحالہ اللہ کے افعال پائے جاتے ہیں لہٰذا حلول واتحاد کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس قول میں دیگر اسرار بھی پائے جاتے ہیں جن کا فاش کرنا مناسب نہیں الحاصل اس کا جواب تحقیقی طور پر بیان نہیں کیا جا سکتا۔

دوسرا قول غیر واضح ہے اس لئے کہ قدیم یقیناً حادث سے مباین ہے اور مباین قطعی طور پر عین شے نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا بلا شک وشبہ غیر ہوگا۔ لہٰذا جب عینیت نہ ہوئی تو غیریت پائی گئی۔ واللہ الموافق

نواں سوال:

کیا آنحضرت ﷺ کی صورت شریفہ کا ذہن میں استحضار و تشخص عالم ارواح سے ہے یا عالم مثال سے یا عالم خیال سے؟ اور کیا وہ صورت ذہنیہ جس میں آنحضرت ﷺ سے مکالمہ و باتیں بھی ہوتی ہیں۔ آنحضرت ﷺ کے فرمان کے مطابق کہ' جس نے مجھے دیکھا اس نے مجھ ہی کو دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت نہیں لے سکتا۔ خواب کی طرح شیطانی اثر سے محفوظ ہے یا نہیں۔

فرمایا یہ استحضار اس شخص کی رُوح اور عقل کا فعل ہے۔ جس شخص نے اپنی توجہ آنحضرت ﷺ کی طرف کی اس کے ذہن میں آپ کی صورت شریفہ آجائے گی۔ اگر یہ شخص ان لوگوں میں سے ہوگا جو آپ کی صورت سے واقف ہیں مثلاً صحابی یا عالم جس نے آنحضرت ﷺ کے حلیہ مبارک کو تحقیق کرنے کے بعد حاصل کیا ہے تو یہ صورت واقعہ کے مطابق آپ کی اصل صورت ہوگی اور اگر کوئی اور ہوگا تو اسے ایک ایسے انسان کی صورت ذہن میں آئے گی جو خلق اور خُلق دونوں اعتبار سے کامل ہوگا۔ چنانچہ کبھی یہ صورت حقیقی صورت کے مطابق ہوتی ہے اور کبھی مخالف۔ مگر یہ ذہنی صورت آپ کی ذات مبارک کی صورت ہوتی ہے رُوح کی نہیں۔ کیونکہ جسے صحابہ نے دیکھا اور علماء نے بیان کیا وہ آپ کی ذات تھی نہ رُوح اور انسان کے خیالات معلوم چیز کا ہی تصور کر سکتے ہیں۔ رہا یہ سوال کہ کیا یہ عالم ارواح سے ہے اگر اس سے تمہاری مراد استحضار ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس کا تعلق عالم ارواح سے ہے۔ یعنی یہ فکر کنندہ کی رُوح کا فعل ہے اور اگر مراد صورت حاضرہ ہے کہ ہماری فکر میں جو صورت آئی ہے وہ عالم ارواح سے ہے یا نہیں۔ اس کا جواب ہو چکا کہ نہیں ہے۔ اب رہا یہ سوال کہ وہ گفتگو شیطانی اثر سے محفوظ ہے یا نہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر اس فکر کنندہ کی ذات طاہر ہے اور اس کی رُوح کو بھی اس سے محبت ہے کہ اپنے اسرار سے اسے نوازتی رہتی ہے اور ذات کے ساتھ اس کا ایسا تعلق ہے جیسا دوست کا دوست سے تو یہ گفتگو شیطانی اثر سے محفوظ اور سچ (حق) ہوگی ورنہ غیر محفوظ اور باطل ہوگی۔ واللہ الموفق۔ فقیہ کے نو سوالوں کے جواب ختم ہوئے۔

ایک دن میں نے حضرت سے ذکر کیا کہ کوئی بزرگ اپنے مریدوں کے ساتھ بیٹھے ذکر میں مشغول تھے کہ ان میں سے ایک شخص کا رنگ بدل گیا اور حالت دگرگوں ہوگئی اور اس نے اپنی نشست کو بھی بدل لیا۔ کسی نے اس سے اس کا سبب پوچھا تو کہا ''خبردار ہو جاؤ رسول اللہ ﷺ یہاں موجود ہیں۔'' اس کی مراد یہ تھی کہ آنحضرت ﷺ اس وقت وہاں موجود تھے اور اس نے اس کا مشاہدہ کیا ہے۔ میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ کیا یہ مشاہدہ جو اس شخص کو حاصل ہوا مشاہدہ فتح تھا یا مشاہدہ فکر' حضرت نے فرمایا یہ مشاہدہ فتح نہ تھا بلکہ مشاہدہ فکر تھا اور اگرچہ مشاہدہ فکر کا درجہ مشاہدہ فتح سے کم ہے لیکن اسی شخص کو نصیب ہوتا ہے جس کا ایمان خالص' پاک محبت اور سچی نیت ہو۔ مختصر یہ کہ مشاہدہ بھی انہی لوگوں کو حاصل ہوتا ہے جن کا تعلق آنحضرت ﷺ سے کمال کو پہنچا ہوتا ہے۔ بہت سے لوگ اس مشاہدہ کو مشاہدہ فتح سمجھ بیٹھتے ہیں حالانکہ یہ مشاہدہ فکر ہوتا ہے۔ اس قسم کے لوگ جو صاحب فتح نہ ہونے کے باوجود مشاہدہ کرتے ہیں اگر عامتہ المومنین کا ان سے مقابلہ کیا جائے تو وہ کالعدم ہوں گے اور ان کا ایمان اس کے ایمان کے مقابلہ میں لاشئ ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس امر کی تائید کہ مشاہدہ فکر یہ ان لوگوں کے لئے بھی ہو جاتا ہے جو صاحب فتح نہیں ہوتے اس بات سے ہوتی ہے کہ یہ مشاہدہ فکر یہ ان لوگوں کو بھی ہو جاتا ہے جنہیں کسی شخص سے خواہ وہ کوئی بھی ہو کامل محبت ہو جائے۔ ایک قصاب نے مجھے بتایا کہ اس کا ایک بیٹا جس سے اسے بہت ہی محبت تھی مر گیا اور اس کی ذات ہر وقت اس کے ذہن میں رہتی حتیٰ کہ اس کی عقل و اعضا بھی اسی میں

کی طرف لگے رہتے۔ دن رات اس کا یہی حال رہتا کہ ایک دن شہر فاس کے باب الفتوح کی طرف قصابوں کی عادت کے مطابق بکریاں زیدنے گیا۔ اس وقت بھی اس کے ذہن میں وہی مردہ بیٹا تھا چنانچہ جب اس کی فکر میں تھا اس نے اسے اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا ہاں تک کہ وہ اس کے پاس آ کر کھڑا ہوگیا۔ قصاب کہتا ہے کہ میں نے اس سے باتیں کیں اور کہا بیٹا یہ بکری جو میں نے خریدی ہے اسے پکڑے رکھوتا کہ میں دوسری خرید لاؤں۔ اس وقت مجھ پر بے حسی کی سی کیفیت تھی۔ جب پاس کے لوگوں نے مجھے بیٹے سے باتیں کرتے وئے سنا تو کہنے لگے کس سے باتیں کر رہے ہو اس وقت میں ہوش میں آیا اور بیٹا میری آنکھوں سے غائب ہوگیا۔ اس پر جو غم کی کیفیت ھ پر طاری ہوئی اس کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں ہوسکتا۔

حضرت نے فرمایا: شیخ اور مرید کے درمیان اسی قسم کی محبت ہونی چاہیے کہ اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

نیز فرمایا اس قسم کی محبت والے نفع ونقصان بھی پہنچا سکتے ہیں جس طرح کہ اہل تصرف کر سکتے ہیں۔ جب محبت کی آگ مشتعل ہو باتی ہے تو اسے کوئی چیز رد نہیں کر سکتی۔

نیز فرمایا: ایک شیخ کا ایک مرید تھا جسے شیخ سے بہت محبت تھی یہاں تک کہ اس مرید کے ذہن وفکر میں ہر وقت شیخ کا خیال رہتا' چنانچہ جب شیخ اپنے گھر میں بیٹھا کوئی کام کرتا تو مرید اپنے گھر میں اس کی نقل اتارتا۔ جب شیخ اپنے گھر اپنی بیٹی فاطمہ کو بلاتا تو مرید بھی فاطمہ کہہ کر پکارتا۔ جب شیخ کہتا کہ یوں کرو تو مرید بھی اپنے گھر میں یہی کہتا۔ جب شیخ اپنی پگڑی سر پر لپیٹتا تو مرید بھی کوئی چیز لے کر سر پر لپیٹنے لگ جاتا۔ اپنے شیخ کے حالات کے ساتھ اس کا ہر وقت یہی حال تھا۔ اسی کمال محبت سے مرید شیخ کا وارث ہوتا ہے۔

فرمایا: ایک شخص کو ایک خوبصورت لڑکی سے عشق تھا۔ اس کا عشق اس حد تک پہنچ گیا تھا کہ اگر کوئی شخص اس کا نام لے کر پکارتا کہ فاطمہ تو عاشق بے اختیار کہتا جی ہاں۔ فرمایا یہ قصہ تم میری طرف سے لوگوں کو سنا سکتے ہو کیونکہ میں نے خود اسے دیکھا ہے کہ جب اس کا نام پکارا جاتا تو وہ ''جی'' کہہ کر جواب دیتا۔ جب امور ہزلیہ میں محبت کا یہ حال ہو تو اہل جد وحقیقت لوگوں کی محبت کا کیا حال ہوگا۔

ایک عیسائی کی محبت کا واقعہ:

حضرت نے فرمایا کہ میرے شیخ منصور فرمایا کرتے تھے کہ جو لوگ محبت الٰہیہ کے مدعی ہیں ان کے لئے ایک عیسائی کا قصہ تازیانہ کا کام دے گا۔ اسے ایک پادری کی لڑکی سے عشق ہوگیا۔ جب دونوں اکٹھے ہوئے اور ایک ہی بستر پر لیٹے تو اس کی محبت میں اسے محبت کا عالم طاری ہوگیا اس لڑکی کی نظر اس کے چہرے پر پڑی تو اس میں ایک مَسّہ تھا۔ اس کے ہاتھ میں ایک زہریلی چھری تھی لیکن اسے اس کے زہر آلود ہونے کا علم نہ تھا اس نے وہ مَسّہ چھری سے کاٹ ڈالا اور زہر اس کے جسم میں سرایت کر گیا اور اسی محویت کے عالم میں اس کی رُوح پرواز کر گئی۔ یہ ایک کافر کا حال ہے جو اپنی شیطانی محبت میں اس حد تک پہنچ گیا تھا کہ اس کی رُوح بھی نکل گئی مگر اسے پتہ نہ چلا تو اپنے رب کی محبت میں ایک مومن کا کیا حال ہونا چاہیے؟

جب تک مرید کو شیخ سے محبت نہ ہو محض شیخ کی محبت سے مرید کو فائدہ نہیں پہنچتا:

فرمایا: بڑے کی محبت سے خواہ وہ نبی ہی کیوں نہ ہو چھوٹے کو فائدہ نہیں پہنچتا جب تک کہ خود چھوٹے کو بڑے سے محبت نہ ہو۔ تب

جا کر اسے فائدہ ہوتا ہے۔ البتہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتے ہیں تو اسے فائدہ ہوتا ہے خواہ بندہ کتنا ہی کیوں نہ اعراض کرتا ہو۔ کیونکہ جب چھوٹے کو بڑے سے محبت ہوتی ہے تو وہ بڑے کے اندر جو کچھ ہوتا ہے' سب کچھ کھینچ لیتا ہے مگر بڑا کسی چھوٹے سے محبت کرے تو وہ جاذب نہیں ہوتا۔ اس وقت حضرت کے سامنے ایک آلوچہ رکھا تھا۔ فرمایا مثلاً اگر اللہ تعالیٰ اس کے دل میں ترش سیب کی محبت ڈال دے اور اس محبت کا اس پر غلبہ ہو جائے تو یہ سیب کے اندر سے سب کچھ جذب کر لے گا۔ چنانچہ اگر ہم آلوچہ کو چیریں تو اس میں سیب کی سی ترشی پائیں گے مگر سیب کے اندر آلوچہ کا ذائقہ قطعاً نہ ہوگا مگر حق تعالیٰ (کا معاملہ کچھ اور ہے) کہ اگر بندہ اس سے محبت کرے تو جب تک اللہ تعالیٰ بھی اس سے محبت نہ کریں وہ اپنے اندر اسرار الٰہیہ کو جذب نہیں کر سکتا۔ اس فرق کا راز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بھی اس وقت تک کسی بندہ سے محبت نہیں کرتے جب تک کہ اسے اپنی معرفت عطا نہ کر دیں۔ اسی معرفت سے وہ اسرار الٰہیہ سے واقف ہو جاتا ہے اور وہ اللہ کی طرف کھنچا چلا آتا ہے لیکن اگر بندہ کو معرفت الٰہیہ کے بغیر ہی اللہ سے محبت ہو تو اس سے کچھ نہیں ہوتا۔

میں نے عرض کیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ شیخ اپنے مرید کے ساتھ اس کی ذات کے اندر سکونت پذیر ہوتا ہے۔

فرمایا: یہ صحیح ہے مگر یہ محبت مرید کی طرف سے ہوتی ہے کہ جب محبت قوی ہوتی ہے تو شیخ کو اس کی طرف اس قدر کشش ہوتی ہے کہ اس کی حالت وہی ہو جاتی ہے جس کا ہم نے ذکر کیا۔ اس طرح مرید کی ذات شیخ کا مسکن بن جاتی ہے اور ہر شخص اپنے مسکن کو خوبصورت بناتا ہے۔ ان الفاظ سے حضرت کا اشارہ مرید کی ذات میں شیخ کی تاثیر کی طرف تھا جب وہ اس میں متمکن ہو جائے۔

حضرت کو میں نے یہ بھی فرماتے سنا کہ جب کسی مرید کو شیخ سے کامل محبت ہو جاتی ہے تو شیخ اس مرید کی ذات میں اس طرح سکونت پذیر ہوتا ہے جس طرح حاملہ کے پیٹ میں بچہ۔ چنانچہ کبھی حاملہ کا حمل پورے طور پر ٹھیک حالت پر رہتا ہے تا آنکہ وضع حمل ہوتا ہے اور کبھی اسقاط حمل ہو کر کچھ بھی نہیں رہتا۔ کبھی بچہ سو جاتا ہے اور پھر بیدار ہوتا ہے۔ افاقہ کی بھی مختلف حالتیں ہیں کہ کبھی ایک ماہ بعد افاقہ ہوتا ہے کبھی سال بعد اور کبھی اس سے بھی زیادہ عرصہ کے بعد۔ یہی حال مرید کا ہوتا ہے جب وہ شیخ کا حامل ہو۔

چنانچہ کبھی اس کی محبت کامل اور دائمی ہوتی ہے جس سے شیخ کے کمالات متواتر اس میں ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ حتیٰ کہ اسے ر نصیب ہو جاتی ہے اور کبھی مرید کی محبت صادق ہونے کے بعد کسی مانع کے پیش آنے کی وجہ سے منقطع ہو جاتی ہے جس سے شیخ کے بار میں مرید کی نیت بدل جاتی ہے اور شیخ کے اسرار اپنی شعاعیں دینے کے بعد اس کی ذات سے منقطع ہو جاتے ہیں اور جب محبت لوٹ آتی ہے تو اسرار بھی لوٹ آتے ہیں۔ مرید کو چاہیے کہ اپنی حالت کا امتحان کر لے کہ وہ ان تینوں قسموں میں سے کسی قسم کا مرید ہے۔ اللہ تعالیٰ سے عفو' عافیت اور توفیق ہدایت مانگنی چاہیے۔ انه سمیع قریب۔

مؤلف کہتا ہے کہ تینوں قسمیں مریدوں میں موجود ہیں۔ مریدوں کو یہ کلام یاد رکھنا چاہیے اس لئے کہ یہ بہت عمدہ بحث ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

نیز فرمایا: اگر مرید کو شیخ سے اس کی ولایت' سِرّ اور کرم وغیرہ کی وجہ سے محبت ہو تو اس کو اس محبت سے کچھ فائدہ نہیں پہنچتا جب تک کہ یہ محبت بغیر کسی غرض کے ذات شیخ سے نہ ہو جس طرح بچوں کو ایک دوسرے سے محبت ہوتی ہے کہ اس میں کوئی غرض نہیں ہوتی بلکہ محض الفت ہوتی ہے لہٰذا اسی قسم کی محبت مرید اور شیخ کے درمیان ہونی چاہیے تا کہ یہ محبت مرید کو اغراض کی طرف نہ لے جائے کہ اغراض

ے سے شیطانی وساوس پیدا ہو جاتے ہیں' جس سے کبھی تو محبت منقطع ہو جاتی ہے اور کبھی رک جاتی ہے جیسا مذکورہ بالا آخری دو قسموں
کر ہو چکا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

کی ولایت اور سِرّ کی خاطر محبت کیوں فائدہ مند نہیں ہوتی؟

میں نے شیخ سے دریافت کیا کہ ولایت اور سِرّ کی خاطر مرید کو شیخ سے جو محبت ہوتی ہے اس سے مرید کو فائدہ کیوں نہیں پہنچتا؟

فرمایا: یہ محبت اس لئے فائدہ نہیں پہنچاتی کہ اسرار اور معارف وغیرہ سب اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور اللہ سے ہر ایک کو محبت ہے لہٰذا اس نے ابھی شیخ سے محبت نہیں کی۔ صحیح طور پر شیخ کی محبت اسی صورت میں ہو سکتی ہے جب وہ محض اس کی ذات کی خاطر اس بت کرے نہ کہ اس کے اسرار کی خاطر۔

میں نے عرض کیا کہ شیخ کی ذات بھی تو اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے اور ہر چیز اللہ ہی کی طرف سے ہے لہٰذا کیا وجہ ہے کہ ایک کی تو مفید ہے اور دوسرے کی نہیں؟

فرمایا: تو ٹھیک کہتا ہے' لیکن ذات کی محبت سے ہماری غرض یہ ہے کہ محبت خالص اللہ کے لئے ہو کیونکہ صرف ذات سے نہ نفع ہو سکتا نقصان۔ چنانچہ جب ذات کے ساتھ ہوگی تو یہ بات اس کی علامت ہوگی کہ محبت آلائش سے پاک ہے۔

میں نے عرض کیا کہ انسان کے لئے اغراض کے بغیر چارہ ہی نہیں۔ لہٰذا جو شخص فصل حاصل کرنے کے ارادہ سے کھیتی باڑی کرے گا ے کھیتی باڑی سے محبت فصل کی خاطر ہوگی نہ کہ کھیتی باڑی سے؟

فرمایا: ہاں! لیکن جب اس نے ابتداء ہی سے فصل کا ارادہ کیا' پھر اپنا خیال دوسری طرف ہٹا لیا کہ اسے فصل کا خیال ہی نہ رہا تو اس کو بہت فصل حاصل ہوگی اور بہت کچھ پائے گا' لیکن اگر اس کا خیال دن رات فصل کی طرف لگا رہے گا اور دل میں سوچتا اور اندازہ ہے کہ فصل کیسی ہوگی اور ہونے کے بعد وہ اسے کیا کرے گا تو اس شخص کو فصل حاصل نہ ہوگی بلکہ اس پر فصل حاصل ہونے سے پہلے سواس کا غلبہ ہو جائے گا اور ہر وقت دل میں کہتا رہے گا کیا فصل پک گئی ہے؟ کہیں اس پر فلاں آفت نہ آ جائے یا فلاں لوگ اسے ب نہ کر دیں اور اسی قسم کے وسوسے دل میں پیدا ہوتے رہیں گے برخلاف پہلے شخص کے اسے فصل اور وسوسوں کی طرف سے اطمینان یہی حال ہے اس شخص کا جسے شیخ کی ذات کی خاطر محبت ہے اور اس شخص کا جو شیخ سے کسی غرض کی وجہ سے محبت رکھے۔

ت شریک نہیں چاہتی:

ایک روز میں آپ سے شہر فاس میں ابن عامر کے محلّہ میں گفتگو کر رہا تھا کہ حضرت نے فرمایا: اس وقت حضرت منصور رأس الدّرب ہیں کیا ان سے ملنا چاہتے ہو میں نے عرض کیا بسر و چشم کیسے ہو سکتا ہے کہ میں قطب سے نہ ملوں؟

فرمایا: لیکن جہاں تک میرا تعلق ہے اگر فرض کر لیا جائے کہ تمہارے والدین کے ہاں تمہاری شکل تمہارے جیسی صفت' تمہارے علم اور تمہارے جیسے تمام ظاہری اور باطنی اوصاف والے سوا اور بھی ہوں تو میں ان میں سے کسی ایک کی طرف بھی نہ دیکھوں گا۔ میرے تم ہی ہو گے اور وہ میرے لئے عام لوگوں کی طرح ہونگے۔ یہ الفاظ سن کر میں غفلت سے بیدار ہوا اور گویا میری آنکھ کھل گئی اور سمجھ گیا

کہ میں نے ٹھیک بات نہیں کی اس لئے کہ محبت شریک کو قبول نہیں کرتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت کو میں نے یہ بھی فرماتے ہوئے سُنا کہ طالبِ اسرار مرید کی ذات ترابیہ ہوتی ہے اور اسرار دینے والی بھی شیخ کی ترابی ذات ہی ہوتی ہے۔ پس جب مرید کی ذات ترابی صرف شیخ کی ذات ترابیہ ہی سے محبت رکھتی ہے تو وہ ذات اپنے اسرار و معارف سے اسے نوازتی ہے لیکن اگر مرید کی ذات شیخ کی ذات کے اسرار سے محبت رکھتی ہو اور یہ محبت ذات کو چھوڑ کر اس کے اسرار و معارف کے ساتھ جائے تب ذات ترابیہ اپنے اسرار و معارف کو روک لیتی ہے۔ پھر نہ رُوح اور نہ کوئی اور چیز ان اسرار کو جاری رکھنے کی طاقت رکھتی ہے۔ لہٰ مرید کو چاہیے کہ ہر قسم کے منافع سے قطع نظر کرتے ہوئے اپنی پوری کوشش شیخ کی محبت میں صرف کر دے۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم. واللہ اعلم۔

کیا محبت کی کوئی علامت ہو سکتی ہے؟

میں نے حضرت سے سوال کیا: کیا محبت کی کوئی علامت و نشانی ہوتی ہے۔

فرمایا: محبت کی دو علامتیں ہیں: ایک یہ کہ مرید کی راحت ذات شیخ میں ہو کہ اسی کی فکر ہو۔ اسی کے لے ءزندہ ہو' اسی پر فریفتہ اسی سے خوش ہو اور اسی کا غم ہو' حتیٰ کہ ظاہر و باطن میں موجودگی اور عدم موجودگی میں اس کے تمام حرکات و سکنات ذات شیخ اور اس متعلقات کی خاطر ہوں اور وہ اپنی ذات اور اس کی بہبود کی پرواہ نہ کرے۔

دوسری علامت شیخ کا ادب و تعظیم کرنا ہے یہاں تک کہ اگر فرض کر لیا جائے کہ شیخ کنویں میں ہے اور مرید پہاڑ کی چوٹی پر تو اس دل پر شیخ کی تعظیم کے کثرت غلبہ کی وجہ سے اسے یوں معلوم ہو کہ وہ خود کنوئیں میں ہے اور شیخ پہاڑ کی چوٹی پر۔

فرمایا: لوگوں کا خیال ہے کہ شیخ کا مرید پر احسان ہوتا ہے حالانکہ درحقیقت شیخ پر مرید کا احسان ہوتا ہے اس لئے کہ پہلے بیان ہے کہ بڑے کی محبت سود مند نہیں ہوتی۔ کشش مرید کی محبت میں ہی ہوتی ہے لہٰذا اگر مرید کی ذات طاہر اور اس کی عقل صاف اور اس نفس میں بھلائی کی اہلیت اور جاذب محبت نہ ہو تو شیخ کچھ بھی نہ کر سکے اور اگر شیخ کی محبت ہی نفع رساں ہوتی تو ان کا ہر مرید واصل باللہ کامل بن جایا کرتا۔

شیخ سے سچی محبت کی علامات:

فرمایا: اس بات کی علامت کہ مرید کو شیخ سے سچی اور سود مند محبت ہے۔ یہ ہے کہ فرض کر لیا جائے کہ وہ تمام اسرار اور خوبیاں ذات شیخ میں پائی جاتی تھیں زائل ہو گئی ہیں اور شیخ کی ذات ان سے کلیتاً خالی ہو کر عامتہ الناس کی طرح ہو گئی ہے پس اگر اب بھی مرید سے وہی پہلی سی محبت ہو تو یہ سچی محبت ہے لیکن اگر یہ محبت ان اسرار کے زائل ہو جانے سے دور اور زائل ہو جائے تو یہ محبت جھوٹی ہو گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

یہ بھی فرمایا کہ پاک اور خاص محبت کی علامت یہ ہے کہ مرید شیخ کو تولنا چھوڑ دے تا کہ مرید کی نگاہ میں شیخ کے تمام افعال اور احوال درست اور ٹھیک ہوں۔ اگر اسے ان افعال و اقوال کی وجہ سمجھ میں آ جائے فبہا ورنہ اگر اسے ان کا کوئی راز سمجھ میں نہ آئے

ے سپرد کردے' لیکن ساتھ ہی اسے یقین ہو کہ شیخ جو کچھ کر رہا ہے ٹھیک ہے اور اگر ان اعمال میں جو بظاہر ٹھیک نظر آ رہے ہیں' یہ سمجھ ہوسکتا ہے کہ شیخ غلطی پر ہو تو وہ سر کے بل گرا اور اس کا شمار کاذبین میں سے ہوگا۔

فرمایا: شیخ مرید سے نہ کوئی ظاہری خدمت چاہتا ہے اور نہ روپیہ پیسہ کہ مرید اس پر خرچ کرے اور نہ ہی کوئی بدنی عبادت چاہتا ہے۔ تا ہے تو صرف اتنا کہ وہ یہ عقیدہ رکھے کہ اس کا شیخ کامل اور موافق من اللہ ہے۔ اسے معرفت بصیرت اور اللہ کا قرب حاصل ہے اور قاد پر خواہ دن گزریں' مہینے گزریں' سال پر سال گزریں' قائم رہے' اگر اس میں یہ اعتقاد پایا گیا تو مرید کو اس سے اور ہر قسم کی خدمت ندہ ہوگا اور اگر اس میں یہ اعتقاد نہ ہوگا یا اگر ہو بھی تو پائیدار نہ ہو' پس اگر اس میں وسوسے پیدا ہونے لگیں تو مرید کچھ بھی نہیں۔

ایک روز میں آپ کے ساتھ باب الجدید کے پاس جو فاس کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے بیٹھا ہوا تھا اور ہمارے ساتھ سا آدمی تھا جو حضرت کی بہت خدمت کیا کرتا تھا اور ہر بات میں آپ کا حکم مانتا تھا یہاں تک کہ کوئی اور مرید اس حد تک آپ کی نہ کرتا تھا۔ حضرت نے اس سے پوچھا کیا تو مجھ سے خالص اللہ کے لئے محبت رکھتا ہے؟ اس نے جواب دیا ''جی ہاں'' ایسی محبت ں کہ خالص اللہ کے لئے ہے جس میں نہ ریا ہے نہ شہرت طلبی۔ اس کے یہ الفاظ سن کر مجھے غیرت آ گئی۔ حضرت نے کہا: اچھا اگر تو یہ مجھ سے سب کچھ سلب ہو گیا اور میری ذات کے تمام اسرار زائل ہو گئے ہیں کیا تو پھر بھی اس محبت پر قائم رہے گا؟ جواب دیا ہاں۔ رت نے کہا کہ اگر لوگ کہیں کہ میں بھنگی یا اسی طرح کا کچھ اور بن گیا ہوں تو کیا تو پھر بھی اپنی محبت پر قائم رہے گا۔ جواب دیا: ہاں یا: اگر لوگ کہیں کہ میں خدا کا نافرمان اور بدکار ہو گیا ہوں پھر بھی تو مجھ سے محبت کرے گا۔ کہنے لگا ہاں۔ فرمایا: خواہ مجھے اسی حالت پر وسال اور بیس سال تک کیوں نہ گزر جائیں تب بھی؟ کہا جی ہاں مجھے کسی قسم کا شک وشبہ نہ ہوگا۔

مؤلف کہتا ہے کہ میں نے اسے کہا بھائی تو یہ نہ کر سکے گا۔

اس پر حضرت نے فرمایا: میں تمہارا امتحان کروں گا۔

(مؤلف کہتا ہے) میں نے اسے کہا' مجھے تو تمہارے حق میں ڈر لگنے لگا ہے۔ ایک اندھا ایک عقلمند وبصیر کے امتحان پر کیسے پورا اُتر ہے۔ لہٰذا تو حضرت سے معافی مانگ اور اپنے عجز وکوتاہی کا اعتراف کر لے اور میں تمہارا ساتھ دوں گا۔ چنانچہ ہم نے عجز وانکساری اتھ معافی کی درخواست کی' لیکن جو بات ہونی تھی' وہ ہو چکی تھی اس لئے حضرت نے اسے کام کہا جس میں اس کی بہتری تھی' لیکن س کی ظاہری وجہ سمجھ میں نہ آئی اور وہ کام نہ کیا اور حضرت کے متعلق اس کی نیت بدل گئی۔

مؤلف کہتا ہے کہ اسرار خداوندی کا وہی شخص متحمل ہوسکتا ہے جس کی مٹی صحیح ہو' پختہ عقیدے اور نافذ عزم کا مالک ہو۔ شیخ کے سوا کسی ت پر کان نہ لگائے اور شیخ کے سوا سب کو مردہ وکالعدم سمجھے۔

اب میں یہاں اس کے متعلق چند حکایات نقل کروں گا تا کہ جو لوگ نفس کی بہتری چاہتے ہیں ان سے عبرت حاصل کریں۔ ت بیان کرنے سے پہلے تمہید کے طور پر حضرت کے چند فرمودے نقل کرتا ہوں۔

حضرت نے فرمایا: فتح حاصل ہونے سے پہلے مجھے اونٹ کی شکل کی ایک سیاہ لمبی اور ڈراؤنی صورت دکھائی دیا کرتی تھی۔ صرف بار ایسا ہوا لیکن جب حق تعالیٰ نے مجھے فتح نصیب کی اور جس قدر عوالم میری قسمت میں تھے میں نے دیکھ لئے تو میں نے اس خوفناک ت کی تلاش کی کہ کیا اور کس دنیا کی ہے لیکن مجھے اس کا پتہ نہ چل سکا۔ اس پر میں نے اس کا تذکرہ حضرت محمد بن عبدالکریم رحمتہ اللہ

سے کیا تو فرمایا اس صورت کی جنس کا کہیں وجود نہیں ہے۔ میں نے پوچھا پھر میں نے کونسی چیز دیکھی ہے؟ فرمایا یہ صرف تمہاری رُوح کا فعل تھا۔ میں نے پھر پوچھا وہ کیسے؟ فرمایا: جب ذات کسی چیز کو اپنی آنکھوں کے سامنے لاتی ہے اور اسے اس کا یقین ہو جاتا ہے تو رُوح اس کی صورت موجود کرنے میں اس کی مدد کرتی ہے۔ خواہ اس میں ذات کا نقصان ہی کیوں نہ ہو۔ ذات کے یقین کے سامنے کوئی چیز نہیں ٹھہر سکتی نہ خیر کی جانب' میں نہ شر کی جانب میں۔

حضرت محمد بن عبدالکریم کا پانی پر چلنا:

حضرت محمد بن عبدالکریم فرماتے ہیں کہ فتح سے پہلے ایک جگہ سے گزرا تو راستہ میں سمندر آ گیا جسے کشتی کے بغیر عبور نہیں کیا جا تھا اور یہ سمندر اسی دنیا کا سمندر تھا۔ میرے دل میں پختہ یقین ہو گیا کہ میں اس سمندر پر ڈوبنے اور کپڑے بھیگنے کے بغیر ہی چل سکوں اس پر میں نے پانی کی سطح پر پاؤں رکھ کر چلنا شروع کیا اور میرا جزم بڑھتا گیا حتیٰ کہ میں اسے عبور کر کے دوسرے کنارے پر جا پہنچا۔ میں پھر اسی طرف آیا لیکن وہ جزم جاتا رہا تھا۔ مجھے پانی پر چلنے میں شک ہونے لگا لہٰذا میں نے آزمانے کے لئے پاؤں ڈالا تو وہ ڈوبـ لہٰذا میں نے پاؤں نکال لیا اور سمجھ گیا کہ میں اس پر چل نہیں سکوں گا۔

حضرت نے فرمایا: جب تک ذات کو کسی بات کا جزم حاصل ہوتا ہے تو شیطان اس کے قریب نہیں آ سکتا شیطان اسی وقت قـ آتا ہے جب جزم جاتا رہتا ہے اور شیطان کو اس کے جانے کا علم ہوتا ہے اس لئے کہ شیطان خون کی طرح انسان کی رگوں میں پھرتا چنانچہ جب وہ دیکھتا ہے کہ جزم جاتا رہا تو وہ آ کر وسوسے ڈالنے شروع کر دیتا ہے حتیٰ کہ اس کے ہاتھ سے نیکی نکل جاتی ہے۔ فرمایا: جـ مثال شہر کی مضبوط فصیل کی ہے۔ چنانچہ جب تک شہر کی فصیل موجود ہوتی ہے دشمن کو اس کے اندر داخل ہونے کی امید نہیں ہوتی' لیکن اس میں رخنے پڑ جائیں اور دروازے اور کشادہ جگہیں ظاہر ہو جائیں تو دشمن فوراً اندر آ جاتا ہے اسی لئے شیطان کا عیب اور وسوسہ ذا فصیل یعنی جزم کے عیب کا تابع ہے لہٰذا ہر عقلمند کو چاہیے کہ وہ اپنی ذات کی فصیل کی اصلاح کرنے میں جلدی کرے تا کہ نہ شیطان آ سکے اور نہ کوئی انسان بہکا سکے۔

اس قسم کی بات میں نے ایک اور بار حضرت سے سُنی کہ کوئی سچا آدمی کسی سے دنیا یا آخرت کی کسی بات کا وعدہ کرے تو اگر اس کو وعدہ سننے کے وقت وعدہ کے سچا ہونے کے متعلق اطمینان اور پختہ یقین ہو گا تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ یہ چیز اسے یقیناً مل گی' لیکن اگر وعدہ سنتے وقت وعدہ کی سچائی کے متعلق اسے شک و شبہ ہو گا تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ اسے حاصل نہیں کرے جزم اہل صدق و تحقیق کی نشانی ہے۔ خدا ہمیں اپنے فضل و کرم سے جزم کی حلاوت اور اسرار عطا کرے۔

شیخ عبدالعلی کا قصّہ:

فرمایا: گزشتہ لوگوں میں سے ایک شخص کو جس پر اللہ نے اپنا کرم کرنا چاہا، صالحین سے محبت تھی۔ اللہ نے اس کے دل میں خیال ڈال دیا کہ اس نے اپنا مال بیچا اور روپیہ لے کر ایک ایسے شخص کے پاس گیا جو لوگوں میں بزرگ مشہور تھا۔ اطراف و اکناف اس کے پاس آتے۔ یہ اللہ کی رحمت پانے والا شخص بھی اپنا سارا مال لے کر اس کی طرف چلا اور اس کے شہر میں آ پہنچا۔ اس کے گھ

ے دروازہ پر دستک دی تو نوکر نکلا۔ اس نے نام پوچھا تو اس نے اپنا نام عبدالعلی بتایا۔ یہ بزرگ جو لوگوں میں ولی مشہور تھے دراصل
ں فاسق و فاجر تھا اس کا ایک ہم پیالہ و ہم نوالہ تھا جس کا نام بھی عبدالعلی تھا۔ نوکر نے جا کر نام بتلایا تو اس نے اسے اپنا ہم پیالہ و ہم
ھا اور نوکر کو کہا کہ اسے آنے دو۔ جب یہ اندر گیا تو سامنے شراب دیکھی اور پاس ایک بدکار عورت بھی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے ان
توں سے غفلت عطا فرمائی اور اس نے (ان کی طرف توجہ کرنے کی بجائے) آگے بڑھ کر عرض کی کہ حضرت میں اپنے وطن سے
ی شہرت سن کر حاضر ہوا ہوں کہ آپ مجھے اللہ کی راہ بتائیں اور یہ میرا مال ہے جو خالصتاً للہ آپ کو نذر کرنے کے لئے لایا ہوں۔ شیخ
ال لے لیا اور کہا خدا تمہاری خدمت قبول کرے۔ پھر خادمہ کو کہا کہ اسے ایک روٹی دیدو۔ اس نے لی اور ایک کلہاڑی دے کر حکم دیا
ں باغ میں جا کر کام کرتے رہو۔ یہ شخص اسی وقت گیا اس کا دل مطمئن اور خوش تھا کہ شیخ نے خدمت میں قبول فرمالیا۔ چنانچہ وہ خوشی
م کرنے کے لئے روانہ ہوگیا حالانکہ اس سفر سے وہ چور ہو چکا تھا۔ اس کے باوجود اس نے باغ میں پہنچ کر ہی دم لیا اور وہاں بڑی
رچستی سے کام کرنے لگا۔ اللہ کی تقدیر اور احسان اس شخص پر ایسا ہوا کہ عین اس وقت جب یہ اس مکار و بدکار بزرگ کے پاس پہنچا'
ان میں سے ایک بڑے عارف کے انتقال کا وقت آ گیا اور اس وقت اس کے پاس غوث اور باقی ساتوں قطب موجود تھے۔ انہوں
کہ ہم نے کئی بار تم سے کہا ہے کہ کسی اسلامی شہر میں جا کر اپنا وارث تلاش کرو لیکن تم نے ہماری بات نہیں مانی۔ اب تمہاری وفات کا
گیا ہے اور تمہارے اسرار ضائع چلے جائیں گے اور تمہارا کوئی وارث نہ ہوگا۔ کہنے لگا بزرگو! اللہ نے میرا وارث یہیں بھیج دیا ہے۔
نے دریافت کیا کہ وہ کون شخص ہے؟ کہا وہ شخص عبدالعلی جو فلاں بددین کے پاس آیا ہے۔ ذرا اللہ کے ساتھ حسن باطن' کمال صدق'
یال' پختہ ارادہ اور ٹھوس یقین کو تو دیکھو کہ اس نے سب کچھ دیکھا مگر اس کا ارادہ متزلزل نہیں ہوا اور نہ ہی اسے کوئی وسوسہ پیش آیا۔ کیا
اس قسم کی صفائی کبھی سنی بھی ہے؟ کیا تمہیں اتفاق ہے کہ اسے وارث بنا دیا جائے۔ سب نے اس پر اتفاق کیا۔ اس کے بعد ولی کی
کل گئی اور حضرت عبدالعلی کو سرِّ الٰہی حاصل ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے اس کی نیک نیتی کی وجہ سے بڑے انعامات سے نوازا اور اسے
کی۔ اسے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ یہ اللہ کی رحمت کدھر سے آئی اور یہ کہ جس بزرگ کے پاس وہ گیا تھا وہ مکار و بدکار تھا۔ اللہ تعالیٰ نے
س کی نیک نیت کی وجہ سے اس پر رحم فرمایا۔ واللہ الموفق۔

اور مرید کا امتحان:

فرمایا ایک بزرگ کا ایک سچا مرید تھا۔ بزرگ نے ایک دن اس کے صدق کا امتحان کرنا چاہا پوچھا کیا تمہیں مجھ سے محبت ہے؟ اس
رض کیا ہاں ہے۔ پھر پوچھا تمہیں کس سے زیادہ محبت ہے۔ مجھ سے یا اپنے باپ سے؟ عرض کیا کہ آپ سے زیادہ محبت ہے۔ بزرگ
ر کہا بھلا بتاؤ کہ اگر میں تمہیں کہوں اپنے باپ کا سر لاؤ تو کیا تعمیل کرو گے عرض کیا کہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آپ کا حکم نہ مانوں۔ اسی وقت
یں چنانچہ وہ اسی وقت گیا۔ اس وقت لوگ سو چکے تھے وہ گھر کی دیوار پھاند کر چھت پر چڑھا۔ پھر نیچے اُتر کر اس کمرے میں آیا جہاں
کے والدین رہا کرتے تھے۔ دیکھا کہ باپ اس کی ماں سے ہم بستری کر رہا ہے اس نے اتنی مہلت بھی نہ دی کہ وہ فارغ ہو جائے لیکن
حالت میں اس نے اس کے اوپر گھٹنا رکھ کر اس کا سر کاٹ لیا اور لا کر شیخ کے آگے پھینک دیا۔ شیخ نے کہا: ارے اپنے باپ کا سر لے آیا
؟ عرض کیا ہاں کیا یہ اسی کا سر نہیں ہے؟ شیخ نے کہا میں تو ہنسی کر رہا تھا۔ مرید نے عرض کیا لیکن میرے نزدیک تو آپ کی کسی بات میں

ہنسی نہیں ہے۔اس پر شیخ نے فرمایا ذرا دیکھو تو سہی کیا یہ تمہارے والد کا سر ہے؟ مرید نے جو دیکھا تو یہ اس کا سر نہ تھا۔شیخ نے پوچھا تو پھر یہ کس کا سر ہے؟ عرض کیا فلاں عجمی کا سر ہے حضرت نے فرمایا کہ اس شہر کے لوگ بالعموم سوڈانی غلاموں کی بجائے عجمی کافروں کو گھروں میں خدمت کے لئے رکھتے تھے اور اس مرید کا باپ اس رات گھر میں نہ تھا اور اس کی بیوی نے خاوند سے خیانت کرتے ہوئے اس کافر سے وعدہ کیا تھا اور اپنا نفس اس کے حوالے کر دیا تھا۔شیخ کو کشف کے ذریعہ سے معلوم ہو گیا تو اس نے مرید کا امتحان کرنے کی غرض سے اسے اسی حالت میں قتل کرنے کو بھیجا تو اسے چٹان کی طرح راسخ القدم پایا چنانچہ یہی مرید اس شیخ کے سرّ کا وارث بنا اور ان کے بعد فتح پر قابض ہوا۔واللہ الموفق۔

ایک اور سچے مرید کا واقعہ:

فرمایا: ایک مرید ایک شیخ عارف کے پاس آیا اور عرض کیا: حضرت مجھے اپنی خدمت میں اللہ واسطے قبول فرما لیجئے۔فرمایا اچھا اسے اپنے پاس رہنے اور خدمت کرنے کو کہا۔پھر اسے ایک کدال دیا جس کے سرے پر ایک فالتو لوہے کا خول لگا ہوا تھا جس کا کوئی فائدہ نہ تھا۔یہی مرید شیخ کا وارث بننے والا تھا بشرطیکہ مذکورہ بالا خول کا اسے خیال نہ آئے۔اگر خیال آ جائے اور کہنے لگے کہ اس کا کیا فائدہ اور یہ کس کام کے لئے ہے اور سوائے بوجھ کے اس کی کیا غرض ہے؟ تو یہ شیخ کا وارث نہ بنے گا۔حضرت فرماتے ہیں یہ مرید سات تک اس کدال سے شیخ کی خدمت کرتا رہا لیکن نہ تو اس کی وسواس کی رگ حرکت میں آئی اور نہ ہی شیطانوں کی تیز ہواؤں نے اسے حرکت دی اور اس کے نزدیک وہ خول بمنزلہ قیام کے تھا کہ نہ اس کی طرف وہ دیکھتا نہ کسی کی بات سنتا۔یہ ان سچے لوگوں کی حالت ہوتی توفیق الٰہی جن کا ہاتھ پکڑتی ہے۔واللہ الموفق۔

فرمایا: ایک عارف کا ایک سچا مرید تھا اور وہی اس کے سرّ کا وارث بننے والا تھا۔اللہ تعالیٰ نے اُس کے شیخ کی کئی ایک باتیں دکھائیں مگر اس کے باوجود اس کے دل میں کوئی وسوسہ پیدا نہ ہوا جب شیخ کی وفات ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے اسے فتح نصیب کی تو اس انہی امور کا مشاہدہ کیا اور اسے معلوم ہو گیا کہ شیخ نے جو کچھ کیا تھا درست تھا اور ان میں کوئی غیر شرعی بات نہ تھی۔اسے صرف شبہ ہوا امور میں ایک یہ بات تھی کہ شیخ کے پڑوس میں ایک بدکار عورت رہتی تھی۔مرید اس عورت کو جانتا تھا۔شیخ کی بیوی کی بھی وہی شکل مرید اسے نہیں جانتا تھا۔شیخ کی ایک خلوت گاہ تھی جو گھر کے دروازہ اور کمروں کے درمیان تھی۔مرید وہاں تک نہ جایا کرتا تھا۔دروازے پر کھڑا رہتا۔اتفاق ایسا ہوا کہ بدکار عورت جبکہ مرید دروازہ پر تھا۔مرید کے پاس سے ہوتی ہوئی شیخ کے گھر سے گزر گئی وقت اتفاق ایسا ہوا کہ شیخ کی بیوی اپنے کمرہ سے نکل کر شیخ کے پاس اس کی خلوت گاہ میں چلی گئی۔شیخ نے اسے ہمبستری کے لئے شیخ اس کے پاس گئے مرید نے جو خلوت میں نظر ڈالی تو شیخ کو اس سے ہمبستر پایا۔اسے یقین تھا کہ یہ عورت وہی بدکار عورت تعالیٰ نے اس کے دل کو مضبوط رکھا اور وہ شیطان کے نرغے میں نہ آیا۔اس کے بعد عورت نکل کر چلی گئی۔جب نماز کا وقت آ گ نے نکل کر تیمم کیا کیونکہ وہ بیماری کی وجہ سے غسل نہ کر سکتے تھے تو مرید کو یقین ہو گیا کہ شیخ نے کسی شرعی عذر کے بغیر تیمم کیا ہے مگر پھ نے مرید کے دل کو مضبوط رکھا۔پھر ایک مرتبہ شیخ کو سوءِ ہضم کا مرض ہو گیا تو آپ کے لئے فلفیس[6] کا پانی نچوڑ کر لایا گیا۔عین ا وہی مرید آ گیا اور آپ کو وہ پانی پیتا دیکھا اور سمجھا کہ شراب کا پانی پی رہے ہیں مگر اس پر بھی اللہ نے اس کے دل کو مضبوط رکھا اور

پیدا نہ ہوا مگر بعد میں جب اللہ تعالیٰ نے اسے فتح نصیب کی تو معلوم ہوا کہ شیخ بدکار عورت سے ہمبستر نہیں ہوئے تھے بلکہ اپنی بیوی
وئے تھے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ شیخ نے جو تیمم کیا تھا وہ کسی جسمانی بیماری کی وجہ سے کیا تھا۔ نیز یہ کہ جو پانی شیخ نے پیا تھا وہ شراب کا
تھا بلکہ فلیس کا پانی تھا۔ واللہ الموفق۔

فرمایا ایک مرید کا پیر بھائی تھا۔ اس کا انتقال ہوگیا اور مرید اکیلا رہ گیا اس کا دستور تھا کہ جو کچھ کماتا اس کے دو حصے کرتا۔ ایک حصہ
لاد کے لئے رکھتا اور دوسرا پیر بھائی کی اولاد کے لئے۔ اس مرید کی اپنے بھائیوں کے ساتھ مشترکہ زمین تھی جسے حکومت نے ظلماً
ت کر ڈالا۔ جب انہیں اس کی قیمت ادا کی گئی تو مرید کے حصے میں چالیس مثقال آئے۔ بھائیوں نے کہا تو ان پیسوں کو لے کر کیا
ے گا اس نے جواب دیا کہ میں انہیں اپنے اور اپنے پیر بھائی کی اولاد کے درمیان تقسیم کروں گا۔ انہوں نے اسے احمق کہا کہ تیرے
اقص العقل شخص ہم نے نہیں دیکھا۔ ان درہموں سے کوئی ذریعہ معاش بناؤ۔ فلاں چیز خرید لو یا فلاں فلاں کام کرلو اور اس حماقت کو
یں تو لگا ہوا ہے چھوڑ دے اس کے نفس نے ان کی باتوں کی طرف مائل ہونا چاہا تو اس نے نفس سے کہا کل قیامت کو جب تو اللہ
ں کے سامنے کھڑا ہوگا تو کیا کہے گا۔ اللہ تجھے کہے گا میں نے تجھے چالیس مثقال عطا کئے مگر تو نے اپنے آپ کو ترجیح دیتے ہوئے حق
کو کھو دیا لہٰذا جیسا تو نے حق اخوت کو ضائع کیا تھا میں تجھے ضائع کروں گا۔ اس پر اللہ نے اسے توفیق دی تو اس نے ان پیسوں کو اپنی
پنے پیر بھائی کی اولاد میں تقسیم کر دیا۔ یہ مرید جب اپنے بھائیوں کے پاس سے چلا آیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے فتح نصیب کی اور اسے وہ
عطا کیں جنہیں نہ کسی کی آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سنا اور نہ کسی کے دل پر ان کا خیال آیا اور اس کی سچی نیت پکے عزم اور نافذ
ا بدولت اسے عارفین میں سے بنایا۔ واللہ الموفق۔

(مولف کہتا ہے کہ) میں نے کسی اور سے سنا کہ ایک بزرگ کے چند مرید تھے اور وہ ان میں سے صرف ایک میں شرافت کے آثار
ا ایک دن اس بزرگ نے ان کا امتحان کرنا چاہا۔ امتحان کرنے پر اسی ایک کے سوا باقی سب بھاگ گئے۔ امتحان یہ تھا کہ مرید آتے
ہاں تک کہ وہ اس کے خلوت خانہ کے دروازہ پر سب اکٹھے ہوگئے۔ پھر اس نے ان کو ایک اور عورت کی صورت دکھائی جو آ کر شیخ کے
ت خانہ میں داخل ہوگئی۔ شیخ اُٹھ کر اس عورت کے پاس چلا گیا۔ سب کو یہی خیال ہوا کہ شیخ نے اس سے بدکاری کی ہے۔ اس لئے اس
کے سوا باقی سب بھاگ گئے اور ان کی نیت بدل گئی۔ وہ مرید گیا۔ پانی لایا اور اس خیال سے کہ شیخ غسل کریں گے پانی کو گرم کرنے
شیخ نے باہر آ کر پوچھا یہ کیا کر رہے ہو؟ عرض کیا: میں نے عورت کو اندر جاتے دیکھا تھا اس لئے خیال آیا کہ شاید آپ کو غسل کرنے کی
رت ہو اس لئے آپ کے لئے پانی گرم کر رہا ہوں۔ شیخ نے کہا: مجھے بدکاری کرتے ہوئے دیکھنے کے باوجود تو میری تابعداری کر رہا
؟ عرض کیا کیسے تابعداری نہ کروں گا جبکہ آپ سے گناہ کا ارتکاب ناممکن نہیں ہے گناہ کا ارتکاب نبیوں سے ناممکن ہے اور میں نے آپ
تابعداری اس لئے تو نہ کی تھی کہ آپ نبی ہیں جس سے گناہ کا ارتکاب نہ ہوگا۔ آپ سے ملاپ تو میں نے اسی خیال سے کیا تھا کہ آپ
ہیں اور طریق حق کو مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔ طریق حق کی معرفت تو اب بھی آپ میں پائی جاتی ہے اور وہ وصف جس سے میں نے
پ کو پہچانا تھا۔ آپ میں بدستور موجود ہے اس لئے میری نیت کیوں بدلے گی اور دل میں وسوسہ کیوں پیدا ہوگا۔ شیخ نے کہا: بیٹا! یہ دُنیا
ا جو عورت کی شکل میں آئی تھی اور میں نے عمداً ایسا کیا تھا تاکہ یہ لوگ مجھے چھوڑ کر چلے جائیں۔ بیٹا اب میرے ساتھ خلوت خانہ میں چلو
دیکھو کوئی عورت نظر آتی ہے۔ چنانچہ اس نے اندر جا کر دیکھا تو کوئی عورت نہ تھی۔ اس کی محبت میں اور اضافہ ہوگیا۔ واللہ الموفق۔

(مولف کہتا ہے کہ) میں نے تاج الدین ؒ ذاکر مصری کے شاگرد محی الدین کی کتاب میں پڑھا ہے کہ ایک شخص ایک بزرگ کے پاس آیا اور کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے وہ سِرّ عطا کریں جس کے ساتھ اللہ نے آپ کو نوازا ہے۔ شیخ نے کہا تجھ میں اس کی طاقت نہیں۔ مرید نے کہا: مجھ میں طاقت اور قدرت ہے شیخ نے ایسا امتحان کیا کہ سر کے بل گرا۔ خدا ہمیں بچائے۔ امتحان یہ تھا کہ مرید کے پاس ایک نوجوان لڑکا تھا جس کا باپ اکابر شیوخ میں سے تھا۔ جب اس مرید نے دعویٰ کیا کہ میں سِرّ کا متحمل ہونے کی قدرت رکھتا ہوں شیخ نے کہا اگر اللہ نے چاہا تو تجھے سِرّ عطا کروں گا۔ اس پر اسے اپنے پاس ٹھہرنے کا حکم دیا اور نوجوان کو ایسی جگہ چھپ جانے کو کہا جہاں سے کسی کو دکھائی نہ دے سکے۔ اس کے بعد اس نے اپنی خلوت گاہ میں ایک مینڈھا لاکر ذبح کیا اور اس کا خون اپنے کپڑوں پر لگالیا۔ اس حالت میں جبکہ چھری اس کے ہاتھ میں تھی اور خون ہاتھوں پر بہہ رہا تھا وہ نکل کر مرید کے پاس آیا۔ اس کے چہرہ سے معلوم ہو رہا تھا کہ غصہ میں ہے۔ مرید نے پوچھا: حضرت کیا بات ہے؟ شیخ نے کہا اس نوجوان نے مجھے غصہ دلایا جس سے میں آپے سے باہر ہو گیا اور اس ذبح کر ڈالا اور اپنی خلوت گاہ کی طرف جہاں مینڈھا ذبح کیا تھا۔ اشارہ کر کے کہا کہ وہ یہاں ذبح کیا ہوا پڑا ہے بیٹا اگر تم سِرّ چاہتے ہو اسے چھپائے رکھنا اور کسی سے اس کا ذکر نہ کرنا۔ اگر اس کا باپ مجھ سے پوچھے گا تو میں اسے کہہ دوں گا کہ تمہارا بیٹا بیمار ہو کر مر گیا اور میری بات پر یقین کر لے گا۔ بیٹا اس معاملہ میں میری مدد کرنا اور اس پر پردہ ڈالنا۔ اگر تو نے ایسا ہی کیا تو میں تجھے انشاء اللہ سِرّ دوں گا مرید جس کا رنگ اڑ گیا تھا اور اس نے خیال کیا کہ اب شیخ اس کے قبضے میں ہے اس لئے اظہار غصہ کرتے ہوئے کہا کہ میں کروں گا اس کے طرز گفتگو سے اس کا جھوٹ ظاہر ہو رہا تھا۔ شیخ سے الگ ہوتے ہی وہ شخص سیدھا نوجوان کے باپ کے پاس گیا اور سارا قصہ اور کہا کہ وہ جھوٹا شیخ جسے آپ نیک سمجھتے ہیں اس نے آپ کے بیٹے کو ابھی قتل کیا ہے اور اس نے مجھے اس پر پردہ ڈالنے کو کہا ہے۔ اگر آ کو اس میں شک ہو تو ابھی میرے ساتھ چلو۔ آپ کا بیٹا خون میں تڑپتا ہوا ملے گا۔ لوگوں نے کہا تمہارا برا ہو۔ حضرت سے ایسا فعل سرزد ہو سکتا۔ شاید تمہیں غلطی لگی ہے اس نے کہا۔ ابھی میرے ساتھ چلو تمہیں میرا جھوٹ اور سچ ظاہر ہو جائے گا۔ لوگوں میں یہ بات پھیل گئی ارباب حکومت نے بھی یہ قصہ سنا، اس پر لوگ دوڑتے ہوئے شیخ کی طرف آئے۔ وہ مرید ان کے آگے آگے آ رہا تھا۔ حتیٰ کہ وہ آ کی خلوت گاہ کے پاس کھڑے ہو گئے انہوں نے دستک دی تو شیخ نکل آئے۔ پوچھنے لگے کہ کیا بات ہے؟ تم لوگ کس لئے آئے انہوں نے مرید کی طرف اشارہ کر کے کہا جو کچھ یہ کہہ رہا ہے کیا آپ سُن نہیں رہے ہیں؟ شیخ نے مرید سے کہا کیا بات ہوئی ہے؟ مر جواب دیا۔ وہی بات ہوئی ہے جس کے چھپانے کو آپ مجھے کہہ رہے تھے اور جس کا لالچ مجھے دے رہے تھے۔ شیخ نے کہا: میرے تمہا درمیان تو کوئی بات نہیں ہوئی۔ اور میں نے تو تم سے کوئی بات ہی نہیں کی۔ پھر مرید نے کہا جھوٹ بولنے سے تو بچ نہیں سکتا تو لوگوں کا بچہ قتل کیا ہے اب ہم تجھے قتل کر ڈالیں گے۔ اے دشمن خدا تو لوگوں کو اپنی عبادت اور خلوت کے ساتھ فریب دیتا ہے؟ شیخ آپ اس سے پوچھیں کہ اسے کیسے معلوم ہوا کہ میں نے بچہ کو قتل کر دیا ہے؟ مرید نے کہا جب آپ باہر نکلے تھے تو کیا خون کے نشان کے ہاتھوں اور کپڑوں پر نہ تھے شیخ نے کہا: تھے مگر میں نے تو بکری ذبح کی تھی۔ مرید نے کہا: اگر آپ سچے ہیں تو ہمیں خلوت جانے دیں۔ چنانچہ جب وہ داخل ہوئے تو ایک بکری کو ذبح کیا ہوا پایا۔ مرید نے کہا: آپ نے مقتول کو چھپا کر اس کی جگہ بکری رکھ تا کہ اس کے قصاص میں آپ کو نہ قتل کر دیا جائے۔ شیخ نے کہا: اگر نوجوان صحیح وسلامت نکل آئے تو پھر تو اقرار کر لے گا کہ تو ان جھوٹو سے ہے جنہیں نجات حاصل نہ ہوگی۔ مرید نے کہا: اگر آپ سچے ہیں تو اسے نکالیں۔ شیخ نے نوجوان کو بلا بھیجا وہ آیا اور اسے وا

علق کچھ علم نہ تھا۔ جب لوگوں نے نوجوان کو دیکھا تو انہوں نے شیخ کے سامنے عاجزی کی اور اس جھوٹے مرید کو بُرا کہنے لگے۔ اس وقت نے اسے کہا: اے جھوٹے کیا تجھے اس بات کا دعویٰ نہ تھا کہ تُو سر کے متحمل ہونے کی قابلیت رکھتا ہے۔ جاؤ جو سر تمہارے جیسے لوگوں کے سب ہے وہ ہم نے تمہیں دے دیا۔ اس دن سے جو مرید کی حالت ہوئی وہ عبرتناک تھی اور وہ مدعی کاذب کے لئے ایک عذاب تھی۔

سَئَالُ اللّٰہُ بِمَنِّہِ التَّوْفِیْقَ۔

ایک اور شخص سے عجیب واقعہ پیش آیا۔ یہ شخص حاجیوں کے قافلہ کا سردار اور بلادِ عرب کا باشندہ تھا اور صالحین سے ملنے کی کوشش میں رہتا اور اس کوشش میں رہتا کہ کوئی شخص مل جائے جس کے ہاتھوں پر بیعت کرنے سے فائدہ ہو۔ چنانچہ اس کا مشرقی ممالک میں آنا جانا تا۔ وہ اسی طلب وجستجو میں رہتا۔ آخر مصر میں اس کی ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی اور انہوں نے ایک امانت دے کر فرمایا کہ جو شخص تم سے یہ امانت مانگے بس اسی شخص سے تمہارا مطلب حاصل ہوگا۔ چنانچہ جتنے صالحین کو وہ جانتا تھا ایک ایک کر کے وہ ان کے پاس گیا۔ خر اپنے شہر میں آ کر گھر پہنچ گیا۔ کچھ دن گزرنے کے بعد اس کا پڑوسی اسے ملا اور کہا فلاں شخص نے مصر میں جو امانت تجھے دی تھی وہ ہاں ہے؟ اس وقت اس شخص کو علم ہوا کہ ہمسایہ ہی صاحب وقت ہے اس لئے ان کے پاؤں پر گر پڑا اور چومنے لگا اور کہا حضرت آپ نے اپنے آپ کو کتنا چھپائے رکھا' میں نے تو مشرق ومغرب کا کوئی بزرگ نہیں چھوڑا جس کے پاس میں نہیں پہنچا اور آپ میرے پڑوسی سب سے قریب ہیں (مگر مجھے پتہ نہ چلا) اس کے بعد ان سے سرّ الٰہی طلب کیا۔ شیخ نے کہا: اس کی تم میں طاقت نہیں ہے۔ اس نے کہا حضرت میں اس کی طاقت رکھتا ہوں۔ پڑوسی نے کہا: اگر تم اس کی طاقت رکھتے ہو تو ایک شرط ہے اور وہ بھی معمولی سی کہ اس میں تمہارا کوئی زیادہ نقصان بھی نہیں ہے۔ وہ یہ کہ اپنی اس لمبی داڑھی کو منڈوا ڈالو۔ اس نے کہا حضرت بھلا یہ کیسے ہوسکتا ہے اسی کی وجہ سے تو لوگ بلادِ شرق میں مجھ سے ڈرتے اور میری تعظیم کرتے ہیں۔ شیخ نے کہا اگر سرّ چاہتا ہے تو تجھے جو میں کہتا ہوں کرنا پڑے گا۔ کہنے لگا حضرت میں نہیں کرسکتا۔ حضرت نے کہا اب میرا کوئی قصور نہیں ہے کیونکہ تو میری شرط قبول ہی نہیں کرتا اور وہ اسے چھوڑ کر چلے گئے۔ شیخ کے مرنے پر جب اس نے دیکھا کہ میں کس قدر بڑی چیز کھو بیٹھا ہوں تو اسے ندامت ہوئی اور کہنے لگا اگر جیسے مجھے آج عقل آئی ہے اسی طرح شیخ کی زندگی میں آتی تو جو کچھ انہوں نے کہا تھا اس پر عمل کرتا بلکہ اس سے بھی زیادہ کرتا۔

میں نے ایک معتبر آدمی سے سنا جو آنحضرت ﷺ کا دیدار بیداری میں کیا کرتا تھا اور فاس میں بیٹھے ہوئے مدینہ منورہ کی خوشبو سونگھا کرتا تھا کہ انہوں نے شہر فاس میں جامع اندلس میں ایک ولی کے ساتھ رات گزاری۔ جب وہ جمعہ کی نماز پڑھ چکے اور مسجد سے باہر آئے تو دیکھا کہ ایک شخص ولی کے ہاتھ چوم رہا ہے اور کہہ رہا ہے کہ حضرت مجھے آپ سے اللہ واسطے کی محبت ہے اس ولی نے اسے بُری طرح سے دیکھا اور کہا کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ راز بلکہ اس سے بھی زیادہ چھپی ہوئی باتیں جانتا ہے۔ ان کا مطلب یہ تھا کہ تو نے اللہ کے علم اور اس کے حسن جزاء پر اس معاملہ کو کیوں نہ چھوڑا۔ اس کے بعد ولی چلا گیا اور اس شخص نے ولی کے الفاظ سن کر رونا شروع کر دیا۔ انہوں نے آگے بڑھ کر اسے کہا تو نے تو ایک بہت بڑی چیز کا دعویٰ کیا ہے اب شیخ ضرور تمہارا امتحان کریں گے لہٰذا مرد بننا ورنہ ہمیشہ کے لئے جدائی ہو جائے گی۔ فرمانے لگے کہ وہ شخص ولی کے باغ کے پاس ہی رہتا تھا۔ شیخ کے باغ کی حد کے اندر ایک انجیر کا درخت تھا جس کا پھل ہر سال یہ شخص توڑ لیا کرتا تھا مگر شیخ پڑوس کا لحاظ رکھتے ہوئے صبر کرتے اور اس سے درگزر کرتے۔ لیکن جب اس نے محبت کا دعویٰ کیا تو شیخ نے صبر وتحمل کو ترک کر کے کہا کہ یہ درخت تو میرا ہے اس میں تمہارا کوئی حق نہیں ہے۔ مدعی محبت نے انکار کیا اور کہا کہ درخت تو میرا

ہے۔اس پر شیخ نے سنجیدگی سے اس سے جھگڑنا شروع کر دیا یہاں تک کہ اس مدعی نے ان کو گالیاں بھی دیں۔

اسی بزرگ کو میں نے یہ کہتے سنا کہ ہم حج کے لئے گئے اور زیارتِ قبرِ نبی ﷺ کے لئے پہنچے تو مجھ پر ایک حالت طاری ہوگئی اور میں نے کہا یارسول اللہ ﷺ میرا گمان نہ تھا کہ آپ کے شہر میں پہنچ کر پھر فاس واپس چلا جاؤں گا۔اس پر قبر شریف سے آواز آئی کہ اگر میں قبر کے اندر بند ہوں تب تو جو آئے وہ یہیں رہ پڑے اور اگر میں اپنی اُمت کے ساتھ ہوں جہاں کہیں بھی وہ ہوں تو تمہیں اپنے وطن واپس چلا جانا چاہیے یہ سن کر میں اپنے وطن کو لوٹ آیا۔ واللہ تعالیٰ الموفق۔

ایک مجذوب کا قِصّہ:

حضرت کو میں نے کہتے سنا کہ ایک مجذوب تھے جو قصداً مخالف شرع کام کیا کرتے تا کہ لوگ ان سے بھاگ جائیں چنانچہ انہوں نے ایک دن اپنے کپڑوں پر شراب ڈال لی۔لوگ شراب کی بو سونگھ کر ان سے بھاگ جاتے اور سوائے ایک شخص کے جو ان کے برّ کا وارث بنا سب بھاگ گئے۔مجذوب نے کہا: میں نے قصداً ایسا کیا تھا تا کہ یہ چیونٹیاں بھاگ جائیں۔چیونٹیوں سے آپ کی مراد وہی لوگ تھے جو آپ کے پیچھے پیچھے آیا کرتے تھے مجھے ان لوگوں کی ضرورت نہیں ہے۔مجھے تو صرف تمہاری ضرورت ہے۔واللہ الموفق۔

حضرت نے فرمایا ایک شخص ایک ولی کے پاس آیا اور اس نے انہیں سر سے پاؤں تک خوب غور سے دیکھنا شروع کیا۔ولی نے کہا تمہارا اس سے کیا مطلب ہے؟ عرض کیا: حضرت مجھے بس یہی غنیمت ہے۔میرا مطلب یہ تھا کہ آپ کو اچھی طرح سے دیکھ لوں تا کہ کل کو اللہ کے دربار میں آپ میری سفارش فرمائیں پھر حضرت نے فرمایا کہ اس شخص کو اس سے بہت بڑا فائدہ ہوا۔حضرت جب کبھی اس حکایت کا ذکر فرماتے تو کہا کرتے بحمدللہ ابھی اس اُمت میں لوگ باقی ہیں۔واللہ الموفق۔

فرمایا: ایک سچا طالب ایک بزرگ کے پاس آیا اور کہا مجھے آپ سے للہ محبت ہے اس وقت صبح کی نماز کا وقت تھا۔بزرگ نے کہا: اگر تو کچھ حاصل کرنا چاہتا ہے تو گھر واپس نہ جاؤ۔مشرقی ممالک کو چلے جاؤ۔اس شخص نے بزرگ کے کہنے پر عمل کیا اور دنیا و آخرت کا نفع پایا۔واللہ الموفق۔

اولیاء اللہ کے سوانح نگاروں نے بہت نقصان پہنچایا ہے:

حضرت نے فرمایا کہ جن لوگوں نے کرامات اولیاء کے متعلق کتابیں تالیف کی ہیں اگرچہ انہوں نے لوگوں کو اولیاء کی پہچان بتا دینے سے ان کو فائدہ پہنچایا ہے مگر انہوں نے بہت سا نقصان بھی پہنچایا ہے اس لئے کہ انہوں نے ان کی صرف کرامات ہی کا ذکر کیا ہے اور ان امور فانیہ کا ذکر نہیں کیا جو ان سے واقع ہوتے ہیں۔چنانچہ ان کی کتابوں کا مطالعہ کرنے والا جب کرامات در کرامات' تصرف در تصرف اور کشف دیکھتا ہے تو خیال کر لیتا ہے کہ ولی جس چیز کا بھی اس سے مطالبہ کیا جائے اسے پورا کرنے سے عاجز نہیں ہوتا اور اس سے کوئی بھی مخالف شرع بات خواہ بظاہر ہی کیوں نہ ہو واقع نہیں ہوتی۔اس لئے وہ بڑی جہالت میں پڑ جاتا ہے اس لئے وہ یہ گمان کرنے لگ جاتا ہے کہ ولی میں ایک خداوندی وصف پایا جاتا ہے کہ وہ کسی چیز کے کرنے سے عاجز نہیں جو چاہے کرتا ہے اور ایک وصف نبوت کا پایا جاتا ہے یعنی معصوم ہونے کا۔حالانکہ پہلا وصف محض خدا کا وصف ہے جو اولیاء کا تو ذکر ہی کیا بڑے بڑے نبیوں کو بھی عطا نہیں کیا گیا۔چنانچہ اللہ نے اپنے نبی ﷺ سے فرمایا

لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْئٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْھِمْ اَوْ یُعَذِّبَھُمْ فَاِنَّھُمْ ظَالِمُوْنَo

(سورہ آل عمران آیت ۱۲۸)

اے محمد ﷺ! تمہارا اس میں کچھ اختیار نہیں۔ یا خدا انہیں معاف کردے یا عذاب دے اس لئے کہ وہ ظالم ہیں۔

پھر فرمایا

اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَاءُ

(سورہ قصص آیت ۵۶)

(آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں کر سکتے مگر اللہ جسے چاہے ہدایت کرے)

مزید برآں آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں: میں نے اللہ تعالیٰ سے دو چیزیں مانگیں جو مجھے عطا کردی گئی۔ دو اور مانگیں مگر نہ دی ئیں۔ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

قُلْ ھُوَ الْقَادِرُ عَلٰی اَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْکُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِکُمْ (سورہ انعام آیت ۶۵) اے نبی انہیں کہہ دیں کہ اللہ تمہارے اوپر ے تم پر عذاب بھیجنے پر قادر ہے) میں نے کہا: اے اللہ میں تمہاری ذات کریمی سے پناہ کا طالب ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں نے پناہ ے دی۔ پھر فرمایا:

اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِکُمْ (یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے)

میں نے پھر کہا اللہ میں تمہاری ذات کے ساتھ پناہ لیتا ہوں۔ اللہ نے فرمایا: میں نے دیدی پھر ارشاد ہوا

اَوْ یَلْبِسَکُمْ شِیَعًا (یا تمہیں فرقہ فرقہ کردے)

میں نے عرض کیا: خدایا تمہاری ذات کی پناہ چاہتا ہوں۔ فرمایا پہلے مقدر ہو چکا اور فرمایا وَیُذِیْقَ بَعْضَکُمْ بَاْسَ بَعْضٍ [۸] (تم کو یک دوسرے کی لڑائی کا مزہ چکھائے) میں نے کہا: خدا تمہاری ذات کی پناہ چاہتا ہوں۔ فرمایا: پہلے مقدر ہو چکا۔

جب نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو بچانے کی دعا کی تو حق تعالیٰ نے فرمایا یَا نُوْحُ اِنَّہٗ لَیْسَ مِنْ اَھْلِکَ ج اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ ق فَلَا تَسْاَلْنِ مَا لَیْسَ لَکَ بِہٖ عِلْمٌ ط اِنِّیْٓ اَعِظُکَ اَنْ تَکُوْنَ مِنَ الْجَاھِلِیْنَ (سورہ ہود آیت ۴۶) (اے نوح وہ تمہارے ل میں شامل نہیں ہے اس لئے کہ اس کے اعمال اچھے نہیں ہیں لہٰذا جس بات کا تمہیں علم نہیں اس کے متعلق درخواست نہ کرو۔ میں نصیحت کرتا ہوں کہ تم جاہلوں میں سے نہ بنو)

نیز فرمایا۔ وَضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا لِّلَّذِیْنَ کَفَرُوا امْرَاَۃَ نُوْحٍ وَّامْرَاَۃَ لُوْطٍ ط کَانَتَا تَحْتَ عَبْدَیْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَیْنِ فَخَانَتٰھُمَا فَلَمْ یُغْنِیَا عَنْھُمَا مِنَ اللّٰہِ شَیْئًا (سورہ تحریم آیت ۱۰) اور اللہ تعالیٰ نے کافرین کے لئے نوح علیہ السلام اور لوط علیہ السلام کی بیویوں کی مثال بیان کی۔ یہ دونوں ہمارے دو نیک بندوں کی بیویاں تھیں مگر انہوں نے ان سے خیانت کی اور وہ دونوں نبی ان بیویوں کو اللہ کے عذاب سے نہ بچا سکے' لیکن آج لوگوں کا یہ حال ہے کہ اگر دیکھیں کہ کسی ولی کی دعا قبول نہیں ہوئی یا دیکھیں کہ اس کا لڑکا کسی اور طریق پر ہے یا اس کی بیوی متقی نہیں ہے تو کہتے ہیں کہ یہ ولی نہیں ہے کیونکہ اگر ولی ہوتا تو اللہ اس کی دعا قبول کرتا یا یہ کہ اگر ولی ہوتا تو اپنے

گھر والوں کی اصلاح کرتا۔ ان لوگوں کا خیال ہے کہ ولی اوروں کی اصلاح کرسکتا ہے حالانکہ وہ تو اپنی بھی اصلاح نہیں کرسکتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاءُ ط (سورہ نور آیت ۲۱)

(اور اگر تم پر اللہ کا فضل و رحمت نہ ہوتو تم میں سے کوئی ایک بھی کبھی بھی پاک نہیں ہوسکتا۔ لیکن اللہ جس کو چاہے پاک بنادے)

ولی معصوم نہیں ہوتا:

دوسری[9] بات معصوم ہونا ہے اور یہ وصف انبیاء کے ساتھ مخصوص ہے۔ ولایت کبھی نبوت کے برابر نہیں ہوسکتی۔ ولی کے ہاتھ پر جو خیر و برکت ظاہر ہوتی ہے وہ آنحضرت ﷺ کی برکت ہی کی بدولت ہوتی ہے اس لئے کہ ایمان جو اس خیر و برکت کا سبب ہے وہ آنحضرت ﷺ کے واسطہ سے ہی اس تک پہنچا ہے ولی کی ذات تو عام لوگوں کی طرح ہوتی ہے برخلاف انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ذات کے کہ وہ پیدائشی معصوم اور معرفت الٰہیہ اور تقویٰ پر پیدا کئے گئے ہوتے ہیں۔ چنانچہ وہ نہ تو کسی شریعت اور نہ ہی کسی استاد کے محتاج ہوتے ہیں کہ اس سے استفادہ کریں جو حق ان کی ذات میں سرایت کر چکا ہوتا ہے یعنی حرف نبوت جس پر ان کی تخلیق ہوئی ہوتی ہے انہیں سیدھے راستہ پر چلائے رکھتا ہے اور اگر جن لوگوں نے کرامات اولیاء میں کتابیں تالیف کی ہیں اس ولی کی حالت کی بھی تشریح کر دیتے جن کے متعلق وہ کتاب لکھی گئی ہے اور اس میں ان امور باقیہ صالحہ اور امور فانیہ کا بھی ذکر کر دیتے جو انہیں فتح کے بعد پیش آئے تو لوگ ان اولیاء کی حقیقت سمجھ جاتے اور ان کو معلوم ہو جاتا کہ کبھی ولی کی دعا مستجاب ہوتی ہے اور کبھی مستجاب نہیں ہوتی کبھی کسی بات کا ارادہ کرتا ہے تو وہ پوری ہو جاتی ہے اور کبھی نہیں ہوتی جیسا کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ پیش آیا۔ ولی میں ایک اور بات بھی ہوتی ہے کہ کبھی اس کے ظاہری اعضاء سے اطاعت کا ظہور ہوتا ہے اور کبھی مخالفت کا جس طرح کہ عام لوگوں کا حال ہے۔ البتہ ولی عوام سے ایک بات میں ممتاز ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے معرفت عطا کی ہوتی ہے اور فتوحات نصیب فرمائے ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان امور کے ہوتے ہوئے اگر اس سے مخالفت کا ظہور ہوتا ہے تو یہ محض ظاہری صورت میں ہوتا ہے۔ درحقیقت مخالفت نہیں ہوتی اس لئے کہ جو مشاہدہ اسے حاصل ہوتا ہے وہ مخالفت نہیں ہونے دیتا اور گناہ سے ایک حد تک روکتا ہے کہ یہ ولی معصومیت کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتا ورنہ نبوت اور ولایت یکساں ہو جائیں۔ اس لئے کہ معصیت سے رکنا انبیاء کا ذاتی وصف ہے مگر اولیاء میں عارضی اور خارجی وصف ہے چنانچہ اولیاء میں اس کا زائل ہو جانا ممکن ہے اور انبیاء میں ممکن نہیں۔ اس کا راز وہی ہے جسے ہم بیان کر چکے کہ انبیاء کی خیر و خوبی ان کی اپنی ذات سے ہوتی ہے اور ولیوں کی خیر و خوبی ان کی اپنی ذات کی طرف سے نہیں ہوتی۔ اس لئے انبیاء کی عصمت ذاتی ہوئی اور اولیاء کی عصمت عرضی۔ لہٰذا اگر عارف کامل سے مخالفت ہوگی تو ظاہری صورت میں ہوگی۔ درحقیقت نہیں۔ اس کا مقصد مشاہدہ کرنے والوں کا امتحان ہوگا۔ ان ظاہری مخالفتوں میں بھی راز ہوتا ہے ہماری اللہ کی بارگاہ میں درخواست ہے کہ ہمیں اپنے ولیوں پر ایمان رکھنے کی توفیق دے جس طرح اپنے نبیوں پر ایمان رکھنے کی دی ہے۔

نیز فرمایا: جس شخص کو آنحضرت ﷺ کے کھانے پینے، سونے بیدار ہونے اور گھر کے تمام حالات کی خبر ہو اور اسے جنگوں اور غزوات میں آپ کی حالت کا بھی علم ہو کہ کبھی آپ کی فتح ہوتی تھی تو کبھی دوسرے فریق کی اور اسے یہ بھی معلوم ہو کہ کس طرح کافر لوگ آپ کے

س یہ درخواست لے کر آئے کہ صحابہ کو ان کے ساتھ بھیجا جائے پھر کافر انہیں لے جا کر ان سے بدعہدی کرتے ہیں جیسے غزوہ ذات الرجیع رغزوہ برمعونہ میں واقع ہوا اور پھر اسے یہ بھی معلوم ہو کہ واقعہ حدیبیہ میں کیا پیش آیا وغیرہ وغیرہ۔ ان تمام امور میں خداوندی راز ہیں جن کی لاع اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو دے دی تھی تو اس کے لئے اولیاء اللہ کی معرفت آسان ہو جائے گی اور جو امور فانیہ اور بشری اوصاف ن سے صادر ہوتے ہیں انہیں دیکھ کر اسے تعجب نہ ہوگا لہٰذا جو عقلمند نیکی اور نیک لوگوں سے محبت رکھتا ہے اسے آنحضرت ﷺ کی سیرت کا طالعہ کرنا چاہیے کیونکہ اس سے اسے اولیاءؒ کی معرفت حاصل ہوگی اور ان کی کسی بات کا سمجھنا اس کے لئے مشکل نہ ہوگا۔ قلم کی اسی قدر طاقت ہی کہ بیان کر سکے۔ اس سے زائد احاطہ تحریر سے باہر ہے۔ سمجھدار اور عقلمند کے لئے اشارہ ہی کافی ہے۔ واللہ الموفق۔

حضرت نے فرمایا: ایک شخص دور دراز علاقہ میں کسی ولی کے متعلق سنتا ہے اور اپنے دل میں اس کی ایسی تصویر بنالیتا ہے جو ان کرامات کے مطابق ہو جنہیں لوگ نقل کرتے ہیں لیکن جب اس ذہنی تصویر کے مطابق اسے نہیں پاتا تو اسے شک گزرتا ہے کہ آیا یہ وہی ولی ہے یا کوئی اور۔ اس کے بعد حضرت نے بیان کیا کہ الجزائر کے ایک شخص نے سنا کہ فاس میں ایک ولی ہے۔ لوگوں نے اس کی بہت سی کرامات بیان کیں۔ اس نے اپنے ذہن میں سمجھا کہ وہ ایک بڑا شیخ ہوگا جس کی بڑی ہیبت اور رعب ہوگا۔ اس سے فیضان حاصل کرنے کی غرض سے وہ گھر سے نکلا۔ فاس پہنچ کر اس نے اس ولی کا گھر دریافت کیا۔ لوگوں نے بتا دیا، اس کا خیال تھا کہ ولی کے دروازے پر دربان کھڑے ہوں گے اس نے دستک دی تو خود ولی نکل کر آیا۔ اس آنے والے نے یہ سمجھ کر کہ یہ دربان ہوگا اسے کہا کہ جناب میری التجا ہے کہ آپ حضرت سے میرے متعلق مشورہ کریں کہ میں حاضر ہو جاؤں یا نہ۔ ولی نے کہا: میں ہی وہ شخص ہوں جس کے ارادے سے تو گھر سے نکلا ہے اور جس کے پاس تو ایک ماہ یا اس سے بھی زیادہ کی مسافت طے کر کے آیا ہے لیکن جب اس نے ولی کو دیکھا اور اس میں ظاہری بزرگی کی کوئی علامت نہ پائی تو کہا۔ جناب میں ایک اجنبی شخص ہوں اور حضرت کے پاس بہت شوق لے کر آیا ہوں۔ آپ پر اللہ کی رحمت ہو مجھے حضرت تک پہنچا دو۔ اس پر ولی نے کہا میں ہی تو ہوں جسے تو چاہتا ہے۔ طالب نے پھر کہا کہ میں آپ سے کہہ رہا ہوں کہ میں ایک اجنبی ہوں اور آپ سے درخواست کی ہے کہ آپ مجھ حضرت تک پہنچا دیں مگر آپ مجھ سے مذاق کئے جاتے ہیں۔ ولی نے کہا اگر میں تم سے مذاق کروں تو مجھے اللہ ہی سمجھے۔ طالب نے کہا اللہ تجھے سمجھے اور چونکہ اس نے اس شکل میں نہ پایا تھا جو اس کے ذہن میں تھی اس لئے وہ واپس چلا آیا۔

مؤلف کہتا ہے: بہت سے لوگ اسی سبب سے گر گئے کیونکہ جب وہ ان کتابوں کا مطالعہ کرتے ہیں جو اولیاء کی کرامات کے متعلق لکھی گئیں تو اپنے ذہن میں ولی کی وہ تصویر بنالیتے ہیں جو انہوں نے کتابوں میں پڑھی ہوتی ہے، مگر جب اس صورت کا اپنے زمانہ کے اولیاء کے ساتھ موازنہ کرتا ہے اور ان میں وہ اوصاف پاتا ہے جن کا ذکر کتابوں میں نہیں کیا جاتا تو اسے ان سب کے متعلق شک گزرتا ہے۔ جن اولیاء کے متعلق یہ کتابیں لکھی گئیں اگر یہ انہیں ان کتابوں کی تدوین سے پہلے دیکھ لیتا تو ان میں بھی وہی اوصاف پاتا جنہیں اس نے اپنے زمانہ کے اولیاء میں ناپسند کیا ہے۔ بعض لوگوں میں جہالت اس حد تک پہنچ جاتی ہے کہ وہ اس بات کا ہی انکار کر دیتے ہیں کہ اب کوئی ولی موجود ہی نہیں۔ اس لئے کہ وہ اپنے دل میں یہ بات بٹھائے ہوتے ہیں کہ ولایت کے لئے چند شرائط وضوابط ہیں جس میں وہ نہ پائے جائیں وہ ولی ہی نہیں۔ لہٰذا جب وہ ان ضوابط کو اپنے زمانہ کے ولی پر منطبق کرتے ہیں تو اسے ان کے مطابق نہیں پاتے اور وہ اسے ولی نہیں سمجھتے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ ایک ایسے کلی ولی پر ایمان رکھتے ہیں جس کا خارج میں کوئی وجود نہیں ہوتا۔ حالانکہ انہیں معلوم ہونا

چاہیے کہ ولایت کا مطلب صرف یہ ہے کہ فلاں بندے کو اللہ تعالیٰ نے منتخب کرلیا اور اس انتخاب خداوندی کے لئے کوئی انسان ضابطہ مقرر نہیں کرسکتا۔ (اسی لئے تو ولایت بھی کسبی نہیں۔ وہبی چیز ہے۔ اللہ نے جس پہ چاہا اپنی عنایت کردی)

مؤلف کتاب کا ایک فقیہہ کے ساتھ مناظرہ:

مجھے اپنے ایک ہمعصر فقیہہ کے ساتھ اسی قسم کا ایک واقعہ پیش آیا۔ اس طرح کہ وہ کسی کی ایک کتاب لے کر میرے پاس آیا جس میں مصنف نے ولایت کی شرائط اور ضوابط لکھے تھے اور یہ بھی لکھا تھا کہ جو ولی لوگوں کا پیر بنے اسے کیسے ہونا چاہیے۔ اس فقیہ نے مجھ سے کہا میں چاہتا ہوں کہ جو کچھ اس کتاب میں ولایت اور ولی کی شرائط کے متعلق لکھا ہے آپ مجھ سے سنیں۔ میں اس کا اشارہ سمجھ گیا تھا کہ اس کا مقصد ان لوگوں کی ولایت سے انکار کرنا تھا جنہیں لوگ ولی کہتے ہیں۔ لہٰذا اس نے مجھے کتاب کا مضمون پڑھ کر سنانا چاہا اور اس کے دل میں یہ خیال تھا کہ اگر میں ان شرائط کو تسلیم کرلوں تب وہ مجھ سے بات منوائے کہ اب کوئی ولی نہیں رہا۔ میں نے اسے کہا کہ کتاب پڑھ کر سنانے سے پہلے مجھے اس کا جواب دو۔ جواب دینے کے بعد جو تمہارا دل چاہے سنانا۔ کیا اس کتاب کے مؤلف نے تمام خزانوں' عنایات اور اللہ کے بڑے ملک کا احاطہ کرلیا ہے یا مولف کا یہی حال ہے جیسا کہ حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا کہ میرے اور تمہارے علم نے اللہ کے علم میں سے صرف اتنا کم کیا ہے جس قدر چڑیا نے سمندر میں سے گھونٹ بھرنے سے۔ اگر آپ کہیں کہ مؤلف نے اللہ کے ملک اور خزانوں کا احاطہ کرلیا ہے تو پھر پڑھیں میں' سنوں گا۔

فقیہ نے کہا: معاذ اللہ میں یہ کیسے کہہ سکتا ہوں؟

اور اگر آپ کہیں کہ مؤلف کا علم اتنا ہی ہے جس کا ذکر خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام سے کیا تھا تو اس کے لئے خاموش رہنا ہی بہتر ہے کیونکہ اس کی مثال ایک چیونٹی کی ہے جو ایک چھوٹے سے غار میں رہتی ہو اور جب باہر نکلے تو اسے گندم کا ایک دانہ مل جائے جس سے اسے بہت خوشی ہو اور اسے اُٹھا کر وہ اپنے گھر لے جائے پھر خوشی کے مارے وہ شور مچانا شروع کردے کہ پناہ ہے تو میرے پاس ہے اور میری حالت سے اچھی کوئی اور حالت نہیں ہوسکتی۔ پھر میں نے کہا۔ یہ چیونٹی تو اپنے حلق کو تھکائے گی اور اپنے دماغ کو بے فائدہ تکلیف دے گی۔ کیونکہ جس کا علم اللہ کے علم کے مقابلہ میں سمندر سے چیونٹی کے گھونٹ بھرنے جتنا ہو اس کے لئے کیونکہ مناسب ہوسکتا ہے کہ مولیٰ کریم پر قطعی حکم لگادے اور کہے کہ وہ فلاں پر رحم نہیں کرے گا اور فلاں کو فتح نصیب نہیں کرے گا اور فلاں ولی نہیں اور فلاں ولایت کے ضوابط پر پورا نہیں اترتا۔ جب اللہ تعالیٰ ایک کافر پر رحم فرما کر اسے ایمان عطا کرسکتے اور پھر ایک لحظہ میں فتح نصیب کرسکتے ہیں پھر بتاؤ کہ ولایت کا کونسا ضابطہ رہ گیا؟ (کیونکہ اس کافر نے جو ابھی ایمان لایا ہو نہ ریاضت کی ہے اور نہ عبادت) اور کوئی شخص تجھے دنیوی بادشاہ کے متعلق جو لوگوں کا مولیٰ بنا ہوا ہے کہے کہ اس نے اپنے فلاں غلام کو مالا مال کردیا اور فلاں شریف زادے کو کچھ نہیں دیا اور فلاں یہودی کو فلاں فلاں خلعت عطا کی تو تو اسے بعید از قیاس نہ سمجھے گا کیونکہ تو جانتا ہے کہ اس کے ملک میں اس پر کوئی اعتراض کرنے والا نہیں ہے۔ جب دنیاوی بادشاہ کے متعلق تمہارا یہ عقیدہ ہے تو پھر تو اپنے بنائے ہوئے قواعد وضوابط سے خدائے قدیم کو کیسے روک سکتا ہے جبکہ تمہارا یہ عقیدہ بھی ہے کہ وہ فَعَالٌ لِّمَا یُرِیْد (جو چاہتا ہے کرتا ہے) وَاِنَّهٗ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِهٖ (اسے اپنے امور پر پوری قدرت ہے)

یہ سن کر فقیہ نے جواب دیا جو کچھ آپ نے فرمایا درست ہے۔ خدا کی قسم یہ سچ ہے اور اپنی کتاب کو بند کردیا اور کہا اگر ہم کہیں کہ ان

ولفین کو اللہ کے علم پر پورا عبور ہے تو یہ ایک بہت ہی بُرا عقیدہ ہوگا اور اگر کہیں کہ انہیں بہت ہی کم باتوں کا علم ہے تو ہمارے لئے مناسب یں کہ ان مولفین کے بنائے ہوئے قواعد کی رُو سے اللہ پر پابندی لگا دیں۔ لہٰذا اگر یہ لوگ خاموش رہتے تو ان کے لئے بہتر تھا۔ ہدایت فقہ وہی شخص ہے جسے خدا ہدایت کردے۔ ان قواعد وضوابط کے بننے سے پہلے بہت سے لوگ ہدایت پا چکے ہیں۔ واللہ الموفق۔

ایک اور درویش کے ساتھ جو اپنے آپ کو صالحین کا خادم کہا کرتا تھا میرا مناظرہ ہوا۔ ہم دونوں ایک ولی کے پاس اکثر آتے جاتے تھے۔ ان کی وفات پر میں ایک دوسرے ولی کے پاس جانے لگ گیا مگر وہ پہلے ولی کی خانقاہ پر ہی رہا۔ ایک دن مجھے ملا اور کہنے لگا میں تجھے ایک نصیحت کرنا چاہتا ہوں۔

میں نے کہا بسر وچشم اور میں اس کا مطلب سمجھ گیا۔ کہنے لگا: پہلے تو فلاں بزرگ کے پاس تھا جن کی ولایت میں کسی کو شک وشبہ نہیں راب تو کسی اور کے پاس چلا گیا ہے۔ تیری مثال تو ایسی ہے جیسے کوئی جواہر دیوا قیت چھوڑ کر ان کے بدلے پتھر لے لے۔

میں نے کہا کیا تم یہ بات بصیرت سے کہہ رہے ہو یا بغیر بصیرت کے؟ اگر تم یہ بات بصیرت سے کہہ رہے ہو تو بیان کرو تا کہ میں اپنی صیرت دکھاؤں اور اگر تم بغیر بصیرت کے کہہ رہے ہو تو اس کی دلیل دو۔

اس نے جواب دیا یہ بات تو سورج کی طرح روشن اور ظاہر ہے۔

میں نے کہا کہ اگر کوئی تجھے کہے کہ تمہاری باتیں تجھے اللہ سے دور اور شیطان سے قریب کر رہی ہیں اور تو اس سے دلیل مانگے اور وہ تجھے کہے کہ یہ تو اظہر من الشمس ہے تو تُو اسے کیا جواب دے گا۔ اس پر وہ خاموش ہوگیا اور اسے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اس کے بعد میں نے کہا: میں نے تمہاری دلیل میں غور کیا ہے اور تمہاری دلیل میں اپنا ذہن دوڑایا ہے تو مجھے صرف ایک دلیل ملی ہے اور وہ یہ ہے کہ تمہارا خیال ہے کہ تو اللہ کا اس ملک میں شریک ہے اس لئے تمہاری اجازت کے بغیر وہ نہ مجھے کچھ عطا کرے گا اور نہ فتح نصیب کرے گا جس شخص کی ولایت کا تو انکار کر رہا ہے اسے تمہاری اجازت سے فتح نصیب نہیں ہوئی اور نہ ہی اللہ تمہاری اجازت کے بغیر اسے فتح عطا کر سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تو اللہ کے نیک بندوں کا انکار کر رہا ہے اور اگر تمہارا یہ عقیدہ ہوتا کہ اللہ کی حکومت میں کوئی اس کا شریک نہیں اور اس کی عنایات پر کوئی اعتراض نہیں کر سکتا تو تو اللہ کے بندوں کی بزرگی کو تسلیم کر لیتا اور ان نوازشوں کو بھی تسلیم کر لیتا جو اللہ نے ان پر کی ہیں اس پر فقیہ نے کہا میں توبہ کرتا ہوں، میں توبہ کرتا ہوں، میں توبہ کرتا ہوں، حق بات وہی ہے جو تو کہتا ہے۔ واللہ ہم تو فضول ہیں اور ہمارا بزرگوں کی ولایت سے انکار غلط تھا۔ واللہ الموفق۔

صاحب فتح ولی حق بات کو جانتا ہے اور وہ مذاہب اربعہ میں سے کسی کا مقیّد نہیں ہوتا:

یاد رکھیں کہ وہ ولی جسے خدا نے فتح عطا کی ہو حق وصواب کو جانتا ہوتا ہے اور اس کے لئے (مذاہب اربعہ) میں سے کسی ایک کا پابند رہنا ضروری نہیں [1] اور اگر تمام مذاہب معطل ہو جائیں تب بھی وہ شریعت کو زندہ کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو جب کہ آنحضرت ﷺ ہر وقت اس کی آنکھوں کے سامنے ہوتے ہیں اور وہ ایک لحظہ کے لئے بھی حق جل جلالہ کے مشاہدہ سے خالی نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ تمام احکام تکلیفیہ وغیرہ میں وہ نبی ﷺ اور اللہ تعالیٰ کی مراد سے واقف ہوتا ہے اسی وجہ سے وہ اوروں کے لئے حجت ہے اور دوسرے لوگ اس کے لئے حجت نہیں بن سکتے اس لئے کہ اس شخص کے مقابلہ میں جسے حق سبحانہ نے فتح نصیب نہیں کی وہ اللہ کے زیادہ

قریب ہوتا ہے جس کی یہ صفت ہو اس کی بات کا انکار کیسے جائز ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات لوگ کہتے ہیں کہ اس ولی نے فلاں بات فلاں مذہب کے خلاف کی ہے۔ جب یہ بات سنو تو سمجھ لو کہ مفتوح علیہ ولی کا منکر دو حالتوں سے باہر نہیں ہو سکتا یا تو وہ منکر شریعت سے ناواقف ہے جیسا کہ اکثر منکرین کا حال ہے حالانکہ ایسے آدمی کے لئے انکار کرنا مناسب ہی نہیں کیونکہ اندھا بینا کی باتوں کا کیسے انکار کر سکتا ہے اس لئے اس شخص کے لئے بہتر یہی ہے کہ اپنی جہالت کو دور کرنے کی طرف توجہ دے یا وہ مذاہب اربعہ میں سے کسی ایک مذہب سے واقف ہوگا اور دیگر مذاہب سے ناواقف۔ اس حالت میں بھی اسی وقت اس کے لئے انکار کرنا درست ہوگا جب وہ سمجھتا ہو کہ حق بات اس مذہب کے سوا دوسرے مذاہب میں پائی ہی نہیں جاتی حالانکہ یہ اعتقاد مصوبہ اور مخطہ دونوں کے عقیدہ میں نہیں پایا جاتا۔ کیونکہ مصوبہ کا عقیدہ تو یہ ہے کہ (مذاہب اربعہ میں سے) ہر مذہب حق پر ہے اور ان کے نزدیک اللہ کا حکم مجتہد کے ظن کے مطابق متعدد ہوتا ہے چنانچہ کسی نازل شدہ حکم میں اگر کوئی مجتہد حرمت کا حکم سمجھے تو اس کے حق میں اللہ کے حکم سے حرمت ہی مراد ہوگی اور اگر کوئی حلت (حلال و جائز ہونے) کا حکم سمجھے تو اس کے حق میں یہی اللہ کا حکم ہوگا اور مخطہ کے نزدیک اللہ کا مقصد (کسی حکم کے نازل کرنے سے) صرف ایک ہوتا ہے اور اس کو درست اور صحیح سمجھنے والا بھی ایک مذہب ہی ہو سکتا ہے' لیکن وہ بھی حق کو ایک مذہب کے اندر بند نہیں کر دیتے بلکہ ایک حکم شرعی میں ایک مذہب کا قول حق ہوگا اور دوسرے حکم میں دوسرے کا۔ لہٰذا اس منکر کے لئے بہتر ہے کہ وہ اس باطل اعتقاد کو دور کرنے میں مشغول ہو یا وہ منکر مذاہب اربعہ سے واقف ہو مگر ایسا شخص انکار نہیں کر سکتا۔ انکار تو اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب وہ یہ عقیدہ رکھے کہ دیگر علماء کے مذاہب حق پر نہیں مثلاً ثوری[11]، اوزاعی[12]، عطا[13]، ابن جریج[14]، عکرمہ[15]، مجاہد[16]، معمر[17]، عبدالرزاق[18]، بخاری، مسلم، ابن جریر، ابن خزیمہ[19]، ابن المنذر[20]، طاؤس[21]، نخعی[22] اور قتادہ[23] اور دیگر تبع تابعین یہاں تک کہ صحابہؓ کے مذاہب۔ یہ اعتقاد بھی باطل ہے لہٰذا اس شخص کے لئے بھی مفتوح علیہ اولیاء اللہ کے منکر ہونے سے بہتر یہی ہے کہ وہ اپنا علاج کرنے میں دھیان دے۔ ان سب باتوں کو جاننے کے بعد تجھے معلوم ہو گیا ہوگا کہ صاحب فتح ولی کا وہی شخص انکار کر سکتا ہے جو تمام احکام شریعت سے واقف ہو اور تمام احکام شریعت سے آنحضرت ﷺ اور ہر زمانہ میں آپ کے وارثین میں سے کامل لوگوں مثلاً اغواث کے سوا کوئی شخص واقف نہیں ہو سکتا اوروں کے لئے اگر انہیں سمجھ ہو تو سکوت ہی بہتر ہے ولیوں سے انکار کے متعلق جو کچھ ہم نے کہا ہے وہ صرف اہل حق لوگوں میں سے صاحب فتح کے متعلق کہا ہے۔ البتہ ظلمت والے اور گمراہ لوگوں کے اقوال تجربہ کار لوگوں سے مخفی نہیں۔

ایک شخص نے اپنے پیر سے اہل حق میں سے صاحب فتح ولی کے اقوال کا انکار کرنے کی اجازت مانگی اور کہا حضرت میں شریعت کی ترازو سے پرکھ کر ہی ان کا انکار کروں گا۔ جسے درست پاؤں گا اسے تسلیم کر لوں گا اور جسے کجرو پاؤں اس کی بات رد کر دوں گا۔ اس کے پیر نے کہا: مجھے خدشہ ہے کہ وہ تمام اوزان جن سے وزن کیا جاتا ہے تمہارے پاس نہ ہوں گے۔ لہٰذا جب بعض اوزان تمہارے پاس ہوئے اور بعض نہ ہوئے تو تم انہیں کیسے صحیح طور پر وزن کر سکتے ہو۔ آپ کی مراد وہی تھی جس کا ہم نے اوپر ذکر کر دیا کہ وہ باوجود جاہل ہونے کے منکر ہو رہا ہے۔

میں ایک سمجھدار اور عقلمند آدمی کے پاس تھا کہ اس نے ایک شخص کو ایک مفتوح علیہ ولی سے یہ سوال کرتے ہوئے سنا کہ اگر کوئی شخص نماز میں سورہ فاتحہ کے بعد سورت پڑھنا بھول جائے اور اس پر سجدہ واجب ہو جائے مگر وہ سجدہ کرنا بھی بھول جائے یہاں تک کہ وہ سلام پھیر دے۔ اب سجدہ سہو نہ کرنے کی وجہ سے اس کی نماز اس بناء پر کہ سورہ پڑھنے میں تین سنتیں ہیں طل ہوگی یا نہیں ہوگی۔ اس بناء پر کہ

ں تین سنتیں نہیں ہیں؟ شیخ طاب [۲۳] اور دیگر مجتہدین اس طرف گئے ہیں کہ اس کی نماز باطل ہو جائے گی اور شارحین [۲۴] رسالہ اس گئے ہیں کہ یہ نماز باطل نہ ہوگی۔ اسی سائل نے صاحب فتح ولی سے درخواست کی کہ بتائیں کہ اللہ کے نزدیک حق بات کیا ہے؟

ولی نے فوراً جواب دیا کہ اللہ کے ہاں حق بات یہی ہے کہ بھول کر سورۃ کے نہ پڑھنے سے سجدہ سہو ہرگز لازم نہیں آتا اور اگر کوئی اس میں سجدہ کرے گا تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔ سائل کو معلوم تھا کہ ولی ایک عامی اور ان پڑھ شخص ہے اور ولایت میں اس کے ہونے کا بھی اسے علم تھا۔ جواب سن کر اسے یقین ہو گیا کہ یہی بات حق ہے جس میں کسی قسم کا شک نہیں ہونا چاہیے مگر اس عقلمند آدمی میں شک وشبہ پیدا ہو گیا اور اس نے وہاں سے اٹھ جانے کے بعد سوال کرنے والے سے کہا کہ یہ ولی تو جاہل ہے۔ اسے کسی بات کا ۔ دیکھو اس صاف مسئلہ کا بھی اسے پتہ نہیں اور کہتا ہے کہ سورۃ کے ترک کرنے والے پر سجدہ سہو کرنا لازم نہیں۔ حالانکہ ابن رشد [۲۵] ہ پڑھنے کو جہر اور سرّ کی طرح سنن مؤکدہ میں سے شمار کیا ہے۔

سائل نے جواب دیا: صاحب فتح کے لئے کسی مذہب کی قید نہیں ہوتی بلکہ وہ تو حق کے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں وہ ہو۔

عقلمند نے کہا اور وہ ایک طالب علم تھا۔ ہم تو اپنے امام مالک کے قول کے سوا کسی اور کا قول تسلیم نہیں کرتے۔

سائل نے پھر جواب دیا ولی نے جو بیان کیا ہے اسے امام مالکؒ سے اشعب [۲۶] نے روایت کیا ہے جیسا کہ التوضیح [۲۷] میں دیا ہے س نے امام مالکؒ سے روایت کیا ہے کہ سورۃ کا پڑھنا مستحب ہے سنت نہیں۔ پھر امام شافعیؒ کا بھی یہی مذہب ہے۔ ان کے نزدیک یک ہیئت تحسینیہ ہے اور سنتوں میں سے نہیں ہے لہٰذا جو اس کے ترک کرنے کی وجہ سے سجدہ کرے گا اس کی نماز باطل ہو جائیگی۔ مزید میں نے تو ولی سے صرف اتنا سوال کیا تھا کہ بغیر کسی قید کے وہ حق بات کو متعین کر دیں ہمارا سوال بالخصوص امام مالکؒ کے مشہور کے متعلق نہ تھا۔ آپ نے ہمارے سوال کرنے پر اس کی تعیین کر دی ہے اور اتفاق سے یہ جواب امام مالکؒ کی ایک روایت سے ت رکھتا ہے اور امام شافعیؒ کا بھی یہی مذہب تھا۔ اب ولی کے جواب میں کونسی بات قابل گرفت ہے جب سائل کا یہ جواب عقلمند نے سنا ہو گیا اور کچھ جواب نہ دے سکا۔

مؤلف کہتا ہے: منکرین کا یہی طریقہ اور یہی عادت چلی آئی ہے۔ ان کے پاس تو مکمل کوتاہی ملے گی اسی سلسلہ میں میرے ایک نے جو بہت بڑے فقیہ ہیں مجھ سے بات کی اور ایک روز مجھے کہنے لگے کہ اس محبت کی بناء پر جو مجھے تم سے ہے میں تمہیں ایک نصیحت چاہتا ہوں' میں نے کہا: بسر وچشم انہوں نے فرمایا: دیکھو ایک شخص کے بارے میں جسے تم ولی اور صاحب کشف جانتے ہو سب لوگ طرف ہیں اور تم ایک طرف ہو۔ لوگ تو اس پر نکتہ چینی کرتے ہیں اور تمہیں ان میں اعتقاد ہے یہ تو ہو نہیں سکتا کہ تم اکیلے حق پر ہو۔ اسی ی اور باتیں کہیں جن کا خلاصہ میں نے ذکر کر دیا ہے۔

میں نے عرض کیا: جناب آپ کی نصیحت تب مکمل ہوگی اگر میری بات کا جواب دیں۔ اگر آپ نے جواب دے دیا تو نصیحت مکمل ا اور خدا آپ کو اس کا اجر دے گا۔

فرمایا: پوچھو کیا پوچھتے ہو؟

میں نے عرض کیا: کیا آپ کی ان سے ملاقات ہوئی ہے اور آپ نے ان کی باتیں سنی ہیں؟ اور کیا آپ نے کبھی کسی بات میں ش کی ہے کہ آپ کو لوگوں کی تنقید صحیح معلوم ہوتی ہے؟

فرمایا: میں نہ کبھی ان سے ملا ہوں نہ کبھی انہیں دیکھا ہے۔

میں نے حیا اور الفت ومحبت کے احترام کو بالائے طاق رکھتے ہوئے کہا: مجھے تو یہ معلوم ہو رہا ہے کہ آپ نے معاملہ کو بالکل الٹ ہی دیا ہے اور ظن جس میں یقین کا ہونا ناممکن ہے اسی میں آپ یقین کو تلاش کر رہے ہیں اور جہاں یقین ہے وہاں آپ نے شک بلکہ بہتان وخرافات پر اکتفا کر لی ہے۔

اس پر انہوں نے کہا آپ وضاحت سے بیان کریں کہ آپ کی کیا مراد ہے؟

میں نے عرض کیا جب آپ فقہ کا درس دیتے ہیں اور کوئی شخص مدوّنہ [28] یا تبصرہ لخمی یا ابن رشد [29] کی بیان یا ابن شاس [30] کی جوا وغیرہ فقہ کی کتابوں کا حوالہ دے اور آپ ان کتابوں کی طرف مراجعت کر سکتے ہوں تو آپ نقل کرنے والے کی بات اس وقت تک مانیں گے جب تک خود آپ نہ دیکھ لیں خواہ واسطہ ابن مرزوق [31]، خطاب اور توضیح [32] وغیرہ کا ہی کیوں نہ ہو۔ یہاں تک تو ظن ہوتا ہے آپ حد یقین تک پہنچنا چاہتے ہیں اسی لئے تو آپ عدول وثقات لوگوں کی بھی نقل پر اکتفا نہیں کرتے جب تک کہ خود اس کی تحقیق کر لیں۔ حالانکہ اس میں کبھی یقین حاصل نہیں ہوسکتا کیونکہ آپ نے ظن قوی کا مقابلہ اس سے بھی کمزور ظن کے ساتھ کیا ہے اس لئے پہلے واسطہ کی روایت اقرب الی الصواب ہے۔

اس لئے کہ ان کا زمانہ سابقہ کتب کے مؤلفین کے زیادہ قریب ہے کیونکہ وہ لوگ ہمارے مقابلہ میں بلاشبہ زیادہ قریب ہیں اور ا لحاظ سے بھی کہ ان کتابوں کے جو نسخے واسطہ کے پاس ہیں وہ کسی نہ کسی طریق روایت سے مروی ہیں اور ہم ہیں کہ ہمارے پاس ان متعلق نہ کوئی روایت ہے اور نہ کوئی صحیح نسخہ ہوسکتا ہے کہ جو نسخہ آپ کے پاس ہے اس میں کمی یا بیشی کی گئی ہو' لہٰذا اس میں ان دو احتمالوں کے باوجود حطابؒ کی نقل کو کیسے وثوق سے رد کر سکتے ہیں۔ یا یہ ہوسکتا ہے کہ آپ اس بات کے متعلق جس کا یقینی ہونے کا ا ہے' ظن پر ہی اکتفا کر لیں اس لئے کہ یہ شخص جس کے متعلق جو کچھ لوگوں نے آپ کو کہا ہے' زندہ ہے اور آپ کے اسی شہر میں موجود ہے اس کے اور آپ کے درمیان کوئی مسافت بھی زیادہ نہیں ہے اگر اللہ ان کی محبت اور ان کی اطاعت کرنے کی توفیق دے تو ان کے جان پہچان ہی سعادت مندی ہے۔ آپ ان تک پہنچ سکتے ہیں اور ان کی عقیدت حاصل کر کے سعادت مند ہو سکتے ہیں یا ان پر تنقید کر واپس آ سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کو ایک بات کا تو یقین ہوسکتا ہے اور آپ کے دل سے شک کی ظلمت دور ہوسکتی ہے اس پر طرہ یہ اس سودمند بات اور نیکی کے متعلق جس کا سودمند ایک امر مخفی ہے بدکاروں اور کذاب لوگوں کی باتوں پر لگ گئے ہیں' حالانکہ آپ کی عا تو یہ تھی کہ غیر محقق امر کے متعلق آپ معتبر اور ثقہ لوگوں کی بات بھی اس وقت تک نہ مانتے تھے جب تک کہ خود اس کی تحقیق نہ کر لیتے معاملہ میں بھی جو کہ ایک یقینی امر ہے اور جس کا نفع باعث سعادت ہے۔ آپ نے یہی طریقہ کیوں نہ اختیار کیا۔ جناب والا یہ صحیح بات متعلق الٹی سمجھ نہیں ہے تو اور کیا ہے؟

انہوں نے فرمایا کہ تو نے دلائل سے مجھے خاموش کر دیا ہے۔ خدا کی قسم میں ان کا ہرگز جواب نہیں دے سکتا تو گواہ رہنا کہ میں باتوں سے توبہ کرتا ہوں۔

اس کے بعد میں نے استاد سے عرض کیا کہ اگر آپ لوگوں کی تقلید ہی کرنا چاہتے ہیں تو دو باتوں کی وجہ سے میری تقلید کریں اس لئے کہ آپ جانتے ہیں کہ مجھے امور شریعت میں بصیرت حاصل ہے' دوسرے اس لئے کہ آپ کو معلوم ہے کہ کئی سالوں سے میں

ں آنا جانا ہے اور جتنا ان کے متعلق مجھے علم ہے کسی اور کو نہیں۔ ان بدکار اور کذاب لوگوں میں سے آپ کی طرح کسی ایک کی بھی سے ملاقات نہیں ہوئی۔ ان کی باتوں کا تمام تر مدار سنی سنائی باتیں ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں اور جو درحقیقت محرومیت اور رسوائی کا ں۔ ہم اللہ کے فضل وکرم سے توفیق کے خواہاں ہیں۔

اس پر حضرت نے فرمایا: اب کوئی اور بات تو باقی نہیں رہی؟

اس کے بعد ایک اور فقیہ سے جو فقیہ مذکور کا استاد تھا میری ملاقات ہوئی کہنے لگے میرے فلاں شاگرد نے مجھ سے آپ کے قاطع ذکر کیا تھا پھر پہلے فقیہ کی طرف متوجہ ہو کر کہا تم ہی نے تو مجھ سے ذکر کیا تھا کہ اس نے یہ دلائل دیئے ہیں۔ اس نے کہا: جی ہاں اس نے یک زبان ہو کر کہا تم نے ہماری کمر توڑ دی ہے۔

مؤلف کہتا ہے: یہ ان دونوں فقیہوں کا حال ہے جو اپنے زمانہ کے فقہاء کے سردار سمجھے جاتے ہیں اور جو اپنے وقت کے یکتا عالم شمار تے ہیں۔ ان کے علاوہ جتنے بھی منکر ہیں ان میں سے اکثر لوگ جیسا کہ مذکور ہو چکا سنی سنائی باتوں پر جن کی کوئی حقیقت نہیں' لگ ں اور جو سمجھ دار ہیں ان کے انکار کی یہ دلیل ہے کہ ہم فلاں بزرگ کو جانتے ہیں مگر وہ تو ایسے نہ تھے اس سے ان کی مراد یہ ہوتی ہے ت ان بزرگ جیسے نہیں ہیں حالانکہ انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ پھول مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں اور کھجور کے درخت ایک ہی جڑ سے تے ہیں اور بعض الگ جڑوں سے۔ یہ سیراب تو ایک ہی پانی سے ہوتے ہیں مگر ذائقہ میں ہم ایک کو دوسرے پر فضیلت دیتے ہیں۔ قلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ (سورہ رعد آیت چار)

میں ایک مرتبہ حضرت کے ساتھ بہار کے موسم میں ایک باغ میں گیا۔ آپ کچھ دیر تک ان پھولوں اور کلیوں کے مختلف رنگوں کو ہے پھر سر اُٹھا کر میری طرف دیکھا اور کہا جو شخص باوجود اس کے کہ اولیاء سب کے سب ہدایت اور حق پر ہوتے ہیں اور لوگوں کے ں ان کی محبت ہوتی ہے پھر بھی مقامات اور احوال میں ان کے اختلاف کو دیکھنا چاہے تو وہ ان کلیوں اور پھولوں کے مختلف رنگوں کو ہ سب ہی لوگوں کے دل پسند ہیں۔

چنانچہ جو شخص یہ کہتا ہے کہ فلاں بزرگ جسے ہم جانتے ہیں وہ تو ایسے نہ تھے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس شخص نے اللہ کی رحمت کو اسی تنگ محدود کر کے ایک وسیع چیز کو تنگ کر دیا ہے چنانچہ جب اس بدوی نے جس نے مسجد میں پیشاب کیا تھا یہ الفاظ

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ وَ اَرْحَمْ مُحَمَّدً وَّلَا تَرْحَمْ مَّعَنَا أَحَدًا

(یا اللہ صرف مجھ پر اور محمد ﷺ پر رحم کرنا۔ کسی اور پر نہ کرنا)

تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا لَقَدْ حَجَرْتَ وَاسِعًا یَا اَعْرَابِیُّ (اے بدوی تو نے ایک وسیع چیز کو تنگ کر دیا) اور اگر اس کا قول خیال سے ہو کہ صاحب فتح اسی ولی کا سا ہونا چاہیے جسے یہ جانتا ہے تو اس کے متعلق ہم بیان کر چکے ہیں کہ ان کی مختلف قسمیں ہیں۔ برآں اس پر بھی یہی اعتراض واقع ہے' کیونکہ وہ بزرگ بھی تو اپنے سے پہلے بزرگ جیسا نہ ہوگا۔

میں نے یہ بحث اس لئے لمبی کر دی اور ان مناظروں کا ذکر جو فقہا سے ہوئے اس لئے کر دیا ہے کہ یہ خیر فقہاء کی جماعت اور طالب کو بھی حاصل ہو جائے یہ سب ان کی محبت اور خیر خواہی کی بناء پر کیا گیا ہے اس لئے کہ لوگ ہر وادی' ہر بستی اور شہر میں اور ہر زمانہ میں

نیک لوگوں کے انکار کرنے میں مبتلا رہے ہیں' ان کے انکار کی وجہ صرف وہی ہوتی ہے جو ہم نے بیان کردی۔ اگر یہ لوگ انصاف سے ہمارے بیان کا مطالعہ کریں تو یہ انکار سے باز آئیں اور ان پر حق بات واضح ہو جائے۔ اکثر ایسا ہوا کہ میں نے ان فقہاء سے اس خیال سے مناظرہ کیا کہ یہ لوگ محض ظن کی بناء پر انکار کر رہے تھے

وَاللّٰهُ الْهَادِیُ اِلَی الصَّوَابِ لَا رَبَّ غَیْرُهٗ وَلَا خَیْرَ اِلَّا خَیْرُهٗ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَ اِلَیْهِ اُنِیْبُ

حضرت نے فرمایا: ولی کے ظاہر کی طرف دیکھ کر اس کے مطابق اس کا وزن نہیں کرنا چاہیے ورنہ وزن کرنے والا دنیا اور آخرت خسارہ پانے والا ہوگا۔ کیونکہ ولی کے باطن میں عجائب وغرائب پائے جاتے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہوتی ہے جیسے گاڑھا کپڑا جس کے ا ریشم لگا ہوا ہو جس کا ظہور آخرت ہی میں ہوگا اور جو ولی نہ ہو اس کا حال اس کے برعکس ہوتا ہے کہ ریشم کے کپڑے کے اندر گاڑھا کپڑ ہوا ہو۔ والعیاذ باللہ۔

ولی سے ظاہر کی مخالفت کے اسباب:

ولی سے ظاہر کی مخالفت کے بہت سے اسباب ہم یہاں بیان کرتے ہیں۔ ہم نے انہیں حضرت سے مختلف مواقع پر سنا تھا لیکن ان کو یہاں اکٹھا کر دیتے ہیں۔

فرمایا: ایک ولی صدیق کا ایک سچا مرید تھا جسے اپنے پیر سے محبت تھی اور جب حق تعالیٰ نے اسے اس پیر کے اسرار پر مطلع فرما تو اس کی محبت حد سے بڑھ گئی اور قریب تھا کہ وہ اپنے پیر کو مقام نبوت سے بھی آگے بڑھا دے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے مرید پر لطف کی غرض سے معصیت زنا کی صورت کا اظہار کیا۔ (یعنی درحقیقت وہ زنا نہ تھا مگر مرید کو یوں معلوم ہوا کہ پیر زنا کا مرتکب ہوا ہے) ج دیکھا تو غلو عقیدت سے باز آ گیا اور پیر کو اپنے مرتبہ پر لا اُتارا۔ اسی وقت اللہ تعالیٰ نے اسے فتح نصیب کی۔ فرمایا: اگر وہ اپنے پہلے عق قائم رہتا تو کافر ہوتا۔ نسال اللہ السلامتہ۔

تابیر نخل کا واقعہ:

جو امور آنحضرت ﷺ کے دست مبارک پر ظاہر ہوا کرتے تھے ان میں منجملہ اور اسرار کے ایک راز یہی ہے مثلاً کھجور کو پیوند لگا قصہ میں آپ کا فرمانا۔ اگر تم ایسا نہ بھی کرو تب بھی اچھی کھجوریں لگیں۔ پھر جب صحابہؓ نے کھجور کو پیوند لگانا ترک کر دیا تو ناقص کھجوریں آئیں

یا آنحضرت ﷺ کا یہ فرمانا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ ہم مسجد حرام میں امن وامان سے داخل ہوئے اور پھر کوئی سر ہے اور کوئی بال کتروا رہا ہے۔ اس کے بعد آپ اپنے صحابہ کے ساتھ نکلے تو مشرکوں نے انہیں روک دیا اور دوسرے سال جا کر م میں داخل ہوئے۔ اسی قسم کے اور واقعات اللہ تعالیٰ نے یہ معاملہ اپنے نبی ﷺ سے اس لئے کیا کہ کہیں صحابہ آپ میں الوہیت کا ا کرلیں۔ اسی لئے یہ بھی فرمایا: اَنَّکَ لَاتَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَاءُ (آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں کر سکتے جسے چاہے ہدایت کر دے) اور فرمایا لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ (آپ کو اس معاملہ میں کوئی اختیار نہیں) وغیرہ دوسری آیات۔ کہ ان سب امور کا مقصد لوگوں کو توحید پر جمع کرنا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فرمایا ولی کامل ان لوگوں کے لئے جوان کے پاس آتے ہیں۔ان کی نیتوں کے مطابق رنگ بدلتا رہتا ہے۔ چنانچہ جس طالب کی
ف ہوگی وہ ولی کو عین کمال میں دیکھے گا اور اسے ولی سے غارق عادت اور ایسی باتیں ظہور میں آئیں گی جن سے اسے خوشی ہوگی
ی نیت بد ہوگی اس کا حال اس کے برعکس ہوگا۔ درحقیقت ہر شخص کو وہی نظر آتا ہے جو اس کے اپنے باطن میں ہو اور ولی بمنزلہ ایک
ے ہے جس میں اچھی اور بُری صورتیں سب دکھائی دیتی ہیں۔ لہٰذا جس شخص کو ولی کا کمال اور اللہ کی طرف رہنمائی دکھائی دے اسے
یہ ادا کرنا چاہیے اور جسے کچھ اور دکھائی دے اسے اپنے نفس کا محاسبہ کرنا چاہیے۔

فرمایا: جب اللہ تعالیٰ ارادہ فرماتے ہیں کہ فلاں لوگ بد بخت ہوں اور وہ ولی سے فائدہ حاصل نہ کرسکیں تو اللہ تعالیٰ ان کو جس برائی
ت میں وہ پڑے ہوتے ہیں پختہ کر دیتا ہے لہٰذا وہ سمجھنے لگ جاتے ہیں کہ ولی بھی انہی کی طرز کا آدمی ہے۔ حالانکہ درحقیقت ایسا
تا۔ یہاں تک کہ وہ ولی کے متعلق اپنے تصور میں خیال کرتا ہے کہ ولی شرابیوں کے ساتھ بیٹھا شراب پی رہا ہے۔ حالانکہ یہ اس کی
ح ہوتی ہے جس نے یہ صورت اختیار کی ہوتی ہے اور حقیقت میں کچھ بھی نہیں تھا یہ اس کی اپنی ذات کا سایہ تھا جس نے اسی طرح کی
یں جس طرح کہ شرابیوں نے کیں۔ بعینہٖ اسی طرح جس طرح آئینہ میں اپنی ہی شکل دکھائی دیتی ہے۔ چنانچہ آئینہ کے سامنے
ہوکر کلام کرو تو آئینہ کی صورت بھی کلام کرے گی۔ کھاؤ تو وہ بھی کھائے گی۔ پیو تو پیے گی' ہنسو تو ہنسے گی' حرکت کرو تو حرکت کرے
ں جو کام بھی کرو وہ اسی طرح کرے گی حالانکہ اس میں نہ کھانا ہے نہ کچھ اور اس لئے کہ وہ تو تمہاری ذات کا سایہ ہے اصل ذات
ے۔ لہٰذا جب اللہ تعالیٰ کسی کو بد بخت بنانے کا ارادہ کرتا ہے تو ولی کی ذات کا سایہ ان کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے اور وہ ظل ان ہی امور کا
ہوتا ہے جس کے وہ خود مرتکب ہوتے ہیں۔ واللہ الموفق۔

نیز فرمایا: جو لوگ ولی کے پاس آتے ہیں وہ صرف ان کے باطن کو دیکھتا ہے۔ اس کے نزدیک ان کے ظاہر کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا۔
الوں کی چار قسمیں ہیں۔ پہلی قسم تو وہ ہے جن کا ظاہر و باطن ولی میں اعتقاد رکھنے میں ایک جیسا ہوتا ہے۔ یہ سب سے زیادہ خوش
تے ہیں۔ دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جن کا ظاہر و باطن ولی پر تنقید کے لحاظ سے ایک جیسا ہوتا ہے۔ تیسری قسم وہ ہے جو ظاہر میں تو
وتے ہیں مگر باطن میں معترض۔ چوتھی قسم یہ لوگ ولی کے لئے سب سے زیادہ نقصان دہ ہوتے ہیں۔ جس طرح آنحضرت ﷺ
ے منافق تھے اس لئے کہ جب ولی ان کے ظاہر کو دیکھ کر انہیں فائدہ پہنچانا چاہتا ہے تو ان کا باطن اسے اس بات سے روک دیتا ہے اور
کے باطن کو دیکھ کر ان سے دور رہنا چاہے تو ظاہر ان کی طرف راغب کرتا ہے۔

پھر فرمایا کہ ولی جس طرح ظاہر کا کلام سنتا ہے اسی طرح باطن کا کلام بھی سنتا ہے چنانچہ اس کے نزدیک یہ شخص ایسا ہوتا ہے جیسے ولی
ں دو شخص اس طرح بیٹھے ہوں کہ ایک دوسرے کے پیٹ میں ہو۔ باہر والا آدمی تو یہ کہہ رہا ہو کہ آپ میرے آقا ہیں اور میں آپ کا
فرمانبردار ہوں لیکن اندر والا شخص کہے تو ولی نہیں ہے اور لوگوں کا جو خیال تمہارے متعلق ہے غلط ہے اور مجھے آپ کے بارے میں اور
لوگ کہتے ہیں اس میں بھی شک ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ لہٰذا جس شخص کو باطن کا علم نہیں وہ اس قسم کو اور پہلی قسم کو ایک جیسا سمجھے گا۔ لہٰذا
وہ پہلی قسم کو دیکھتا ہے کہ اسے ولی سے بہت برکت حاصل ہوئی ہے اور اسے بہت فائدہ ہوا ہے تو اپنے دل میں کہتا ہے کہ تیسری قسم کو
کیوں نہیں ہوا۔ حالانکہ وہ بھی تو پہلے کی طرح ولی کا بہت ادب کرتا ہے۔ اس کی خدمت کرتا ہے اور ان کے حکم کو مانتا ہے لہٰذا دل میں
ا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ کمی ولی کی طرف سے ہو جس سے ولیوں پر نکتہ چینی اور وسوسہ پیدا ہونے کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ اب رہی چوتھی قسم

جو باطن میں تو معتقد ہوتے ہیں مگر ظاہر میں معترض۔اس کا سبب محض حسد ہوتا ہے۔نَسْئَالُ اللّٰہ السَّلَامَۃَ وَالْعَافِیَۃَ بِمَنِّہٖ وَ کَرَمِہٖ۔آمین۔

ایک روز میں نے حضرت سے عرض کیا کہ یہ معارف جن کا ظہور آپ سے ہوتا ہے اور جن کے متعلق آپ گفتگو فرماتے ہیں کیا ان میں آپ کو قصد وارادہ سے کام لینا پڑتا ہے یا نہیں؟

فرمایا: ولی کامل ہر لحظہ مشاہدہ حق سبحانہ میں مستغرق ہوتا ہے مگر اس کا ظاہر مخلوقات کے ساتھ ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر کو آنے والے کی قسمت کے مطابق ان کی طرف لگا دیتا ہے چنانچہ جس کی قسمت میں رحمت لکھی ہو اللہ تعالیٰ ولی کے ظاہر کو اس کیلئے چھوڑ دیتا ہے اس کی زبان سے علوم نکلنے لگتے ہیں اور اس سے وہ نیکیاں ظہور میں آتی ہیں جن کی کیفیت بیان نہیں ہو سکتی اور جس کی قسمت میں اس کے ہاتھوں کچھ ملنا نہیں لکھا ہوتا تو خدا ولی کو روک لیتا ہے اور معارف بیان کرنے سے وہ حجاب میں ہو جاتا ہے۔

پھر فرمایا کہ ولی کی مثال آنے والوں کے لئے بنی اسرائیل کے پتھر کی طرح ہے۔جب وہ پتھر اولیاء اللہ کے سامنے ہوا تو اس کے بارہ چشمے پھوٹ پڑے اور دشمنوں کے سامنے آیا تو اس سے ایک قطرہ بھی نہ نکلا۔

مؤلف کتاب کہتا ہے کہ واقعی میں نے بارہا اس بات کا مشاہدہ کیا ہے کہ جب آپ کے سامنے غیر معتقد شخص ہوتا تو آپ سے مفید بات بھی نہ نکلتی تھی اور نہ ہی آپ علوم لدنیہ اور معارف ربانیہ کی کوئی بات منہ سے نکالتے یہاں تک کہ وہ شخص اُٹھ جاتا اور ہمیں یہ فرماتے کہ جب اس قسم کا آدمی آئے تو جب تک وہ موجود رہے مجھ سے کچھ نہ پوچھا کرو۔اس حکم سے پہلے ہم اس بات سے ناواقف تھے حضرت سے سوال کیا کرتے تھے اور ہمارا مقصد یہ ہوتا کہ آپ کے ذہن سے نفائس اور اسرار ربانیہ نکلیں تا کہ آنے والا ان کو سن کر تائب جائے اور جب سوال کرتے تو آپ کو کوئی اور ہی شخص پاتے جسے نہ ہم جانتے ہیں اور نہ وہ ہمیں جانتے ہیں اور گویا وہ علوم جن کا ظہور آپ ہوا کرتا تھا آپ کو کبھی آتے ہی نہ تھے۔یہاں تک کہ آپ نے اس کا سبب بیان کیا اور ہم اس راز کو سمجھ گئے۔وَالْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن

نیز فرمایا کہ ولی کبیر ظاہر میں لوگوں کو معصیت کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے مگر دراصل وہ عاصی نہیں ہوتا صرف اتنا ہوتا ہے کہ رُوح اس کی ذات کو مجبوب کر دیتی ہے تو وہ اپنی اصل صورت میں ظاہر ہو جاتی ہے چنانچہ اگر وہ معصیت کا کام کرے تو وہ درحقیقت نہیں ہوتی مثلاً حرام چیز کو کھائے تو صرف اتنا ہوتا ہے کہ وہ اس نے منہ میں ڈال لی ہوتی ہے ورنہ وہ جہاں چاہے اسے پھینک دیتا ہے۔اس معصیت کا سبب حاضرین کی بدبختی ہوتی ہے۔خدا اپنی پناہ میں رکھے اور جب تو دیکھے کہ ولی کبیر سے کرامت کا ظہور ہوا ہے تو سمجھ لو کہ تعالیٰ نے حاضرین کے لئے خیر کا ارادہ کیا ہے اور معصیت کا ظہور ہو تو بدبختی کا اور جیسے ان لوگوں کی ارواح کرامت کی والی ہوتی ہیں اسی طرح اس ظاہری معاصی کی بھی والی ہوتی ہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ کبھی ولی پر شہود کا غلبہ ہوتا ہے تو اسے خطرہ لاحق ہو جاتا ہے کہ کہیں اس کی ترابی ذات فنا نہ ہو جائے اس لئے ایسے امور کو عمل میں لاتا ہے جو اسے حس وشعور کی طرف لوٹا دیں۔اگرچہ وہ کام معیوب ہی کیوں نہ ہوں۔یہ اس اصول پر عمل کرتے ہوگا کہ جب وہ نقصان دہ امر پیش آجائیں تو ان میں سے کم نقصان دہ کو اختیار کرلو۔(یا بفحوای اذا بلیت ببلیّتین فَاختر (الحدیث) لہٰذا جب کوئی شخص اسے یہ کام کرتے دیکھتا ہے اور اسے اس کام کے مرتکب ہونے کی وجہ معلوم نہیں ہوتی تو وہ فوراً اعتراض کرنے لگ جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ اس ولی کی برکت سے محروم ہو جاتا ہے۔حالانکہ شریعت میں یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ کسی عضو کو مرض آکلہ لاحق ہو جائے جس سے ہلاکت کا خطرہ ہو تو ذات کو بچانے کی غرض سے اس عضو کو کاٹ دینا جائز ہے۔حالانکہ

ہے۔اسی طرح جب کسی شخص کو بھوک کی وجہ سے جان کا خطرہ ہوتو اسے مردار پیٹ بھر کر کھانا جائز ہے۔اسی طرح کے دیگر مسائل
سی قاعدہ کے ماتحت آتے ہیں۔ یہ امور جو ولی کو اپنے حس وشعور کی طرف واپس لے آتے ہیں وہی امور ہوتے ہیں جن کی فتح سے
ے عادت پڑی ہوتی ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ لوگوں میں مشہور ہے **العادۃ فی الموت**۔بس اتنے اشارہ کو سمجھ جاؤ۔تفصیل اور
س خطرہ [۳۳] ہے۔واللہ اعلم۔

نیز فرمایا کہ جب غیر ولی کی شرمگاہ کھل جائے تو اس سے فرشتے بھاگ جاتے ہیں کیونکہ ملائکہ پر حیا کا غلبہ ہے۔ یہ حکم حسی شرمگاہ کا
ں اگر ولی کی شرمگاہ کھل جائے تو اس سے فرشتے نہیں بھاگتے اس لئے کہ وہ اگر شرمگاہ کو کھولتا ہے تو کسی صحیح اور جائز مقصد کے لئے
ہے۔لہٰذا اس کو کشف عورت پر بھی ستر عورت کا ثواب ملتا ہے کیونکہ اس نے واجب پر عمل کیا ہے' اگر وہ اقویٰ مصلحت نہ ہوتی تو کبھی
لتا۔

میں نے پوچھا: وہ اقویٰ مصلحت کیا ہے جس کی بناء پر اس نے ستر عورت چھوڑ دیا یا کوئی ناشائستہ لفظ زبان سے نکلا ہے؟
فرمایا: ہر وہ چیز جو ذات کو اس کے حسّی عالم کی طرف لائے اور اس پر اس کے ہوش وحواس کو واپس کرے۔ پس اگر کسی ایک شخص
کشف عورت اس کو واپس لانے کا موجب ہوگا تو یہ اس کا ارتکاب کرے گا اور اگر کسی اور شخص کے لئے بیہودہ گوئی اس کی موجب
ھی اس کا ارتکاب کرے گا اور اگر کوئی امر دنیوی کسی تیسرے شخص کے لئے اس کا موجب ہوتو بھی اس کا مرتکب ہوگا۔علیٰ ہذا القیاس
میں نے سوال کیا کہ ذات کو ان امور کی جو اسے عالم حواس کی طرف لے آئیں' کیوں ضرورت پڑتی ہے؟ اور کیا یہ ذات عالم حس
ب ہو جاتی ہے۔

حضرت نے فرمایا: ہاں غائب ہو جاتی ہے۔ پھر اس کی ایک مثال بیان فرمائی کہ جس طرح ایک آدمی کے پاس چھ سو قطار ہوں (چھ
ں) اور وہ بوڑھا ہو چکا ہو' اس کی بینائی جاتی رہی ہو اور اپنے مال کا قطعاً انتظام نہ کر سکتا ہو۔اس پر طرّہ یہ کہ اس کی بہت سی اولاد ہو
ں بھی سب کے سب چھوٹی عمر کے کہ کوئی کام کرنے کے قابل نہ ہو۔ پھر اس شخص نے اپنا مال تجارت کی غرض سے ایسے لوگوں کو دیا ہو
ر کے سفر پر ایسے وقت میں نکلیں کہ ہلاکت کا خطرہ اور بچاؤ کی امید کم ہو اور اس نے اپنے اور اپنی اولاد کے لئے ایک پیسہ بھی نہ
س مت پوچھو کہ اس کی عقل کا کیا حال ہوگا اس لئے کہ اس کی عقل تو کشتی والوں کے ساتھ ہوگی اور ذات سے اس کا تعلق بالکل منقطع
ئے گا۔اس وقت اسے دو آفتوں کا سامنا ہوگا۔ایک یہ کہ اس کی ان رگوں کا منہ بند ہو جائے گا جن سے جسم کو غذا پہنچتی ہے۔اس لئے
ب فکر کی توجہ کشتی کی طرف ہوگی تو اس سے حرارت میں جو جوش پیدا ہوگا اس سے رگیں جل جائیں گی۔

(مؤلف کہتا ہے) کہ میں نے ایک حافظ قرآن اور عالم کو دیکھا ہے کہ اس کی عقل میں فتور آ گیا تھا وہ تدبیر' کیمیا اور خزانوں کی
میں تھا۔یہی حال اس کی عقل وفکر میں گھر چکا تھا۔اس نے لوگوں سے ملنا جلنا کم کر دیا اور اس کا رنگ زرد ہوتا جاتا تھا اور کھانا بھی
م کھاتا تھا اس کی حالت دن بدن خراب ہوتی گئی اور بالآخر وہ مر گیا۔نَسْأَلُ اللّٰهُ السَّلَامَةَ ۔

اس کی وجہ وہی ہے جس کا ذکر حضرت نے کیا ہے کہ جسم کی غذا والی رگوں کے منہ بند ہو جاتے ہیں جس سے جسم کو تکلیف پہنچتی ہے
سا کی تروتازگی اور نزاکت زائل ہو جاتی ہے جس سے رنگ زرد پڑ جاتا ہے اور چہرہ مرجھا جاتا ہے۔حتیٰ کہ فنا و ہلاک ہو جاتا ہے۔
ی آفت یہ ہوتی ہے کہ جب عقل کشتی والوں کے ساتھ چلی جاتی ہے اور ذات سے منقطع ہو جاتی ہے اور پھر دیر تک ذات سے غائب

رہتی ہے تو رُوح بھی ذات سے نکل جاتی ہے اور واپس نہیں آتی کیونکہ ابتداء میں فتح کے وقت وہ اپنی مرضی سے نہیں بلکہ مجبور ہو کر داخل ہوں ں ہدا جب اسے سے کا موقع ملا اور نکل گئی تو پھر ہرگز واپس نہیں آتی۔ پس اگر ذات سے اللہ تعالیٰ کا وعدہ اس کی مدت عمر ختم کرنے ہے تو یہ اس کے مرض کی اور بیماریوں کے ظاہر ہونے کی ابتداء ہوگی یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ پورا ہو جائے گا اور اگر اللہ کا وعدہ یہ ہو کہ اسے کچھ مدت اور زندہ رہنے دیا جائے تو رُوح اس عقل کے ساتھ ہی نکل جائے گی جو ذات کا راز ہوتی ہے اور ذات کا انتظام کرتی ہے اور پاگل پنے کی ابتداء ہوتی ہے اور اگر اس شخص کو کوئی ایسا سبب مل جائے جو اسے پہلی حالت پر لے آئے اور کشتی والوں کو اس کی عقل نکال دے (کہ ان کا خیال بالکل ذہن سے نکل جائے) تو وہ ان دونوں آفتوں سے سلامت رہ سکتا ہے۔ فرمایا: یہی اولیاء اللہ کا حال کہ ان پر غیبوبت اور محویت کا عالم طاری ہوتا ہے لہٰذا اگر تم انہیں دیکھو کہ وہ ہنسی اور بیہودہ باتیں کر رہے ہیں جن سے ان کی عقل وا آجائے اور ان کی ذات بچ جائے تو ان پر اعتراض کرنے میں جلدی نہ کرنا اس لئے کہ وہ اس بیہودہ گوئی وغیرہ کو ایک صحیح غرض کیلئے انجا کر رہے ہیں۔ چنانچہ جب تک ان کی ذات کا بقاء ہوتا ہے' لوگ ان سے فیضان حاصل کرتے ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ بسا اوقات ایسا ہوا کہ ہم حضرت کے پاس ہوتے تو فرماتے' خوب شور مچاؤ کیونکہ اس سے تمہیں بہت فائدہ ہو حتیٰ کہ ایک مرتبہ فرمایا کہ صاحب مشاہدہ کی مثال ایک گدھ کی سی ہے جو ہوا میں اڑ رہا ہو اور بہت اونچا چلا گیا ہو۔ فرض کرلو کہ اس وقت تمام فضا میں تیز ہوا چل رہی ہو اور ایک شخص کے ہاتھ میں پتلی سی ڈور ہو جس سے یہ گدھ بندھا ہوا ہو چنانچہ جب یہ شخص دیکھتا ہے کہ بہت اونچا چلا گیا ہے اور اسے ڈر ہو جائے کہ کہیں ہوا اسے اتنی دور نہ لے جائے کہ یہ واپس ہی نہ اس کے تو یہ شخص ڈور کو آہستہ آہستہ مگر اس کے ساتھ ہی اسے ڈور کے ٹوٹنے کا بھی ڈر ہوتا ہے۔ گدھ بھی آہستہ آہستہ نیچے اترتا چلا آ رہا ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ مالک ہاتھ میں واپس آ جاتا ہے۔ اسی طرح جن امور فانیہ کی ذات ترابی کو عادت ہوتی ہے۔ اسے عالم حواس کی طرف واپس لے آتے ہیں۔

(مؤلف کہتا ہے کہ) اس قسم کے جو واقعات عارفین سے پیش آتے ہیں اگر ہم ان کا ذکر کرنے لگیں تو اصل مقصد سے نکل جائیں گے

ولی سے بیعت کا مقصد:

حضرت نے فرمایا کہ ولی سے بیعت کرنے کا مقصد اللہ کی طرف رہنمائی' ماسوا سے رغبت ہٹا لینا ہے لہٰذا جب طالب ولی سے بات کا مطالبہ کرے گا تو اسے بہت فائدہ ہوگا' لیکن اگر دنیوی حاجات اور اغراض کو چاہے اور رب کے متعلق کوئی سوال ہی نہ کرے اور پوچھے کہ اللہ کی معرفت کیسے حاصل ہو تو ولی اس سے ناراض ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں اگر کسی مصیبت کے نازل ہونے سے بچ (تو غنیمت سمجھے) اس کی کئی وجوہ ہیں۔ اول یہ کہ ولی سے اس کو محبت اللہ کے لئے نہیں ہوتی محض اوپر اوپر سے ہوتی ہے اور اوپر اوپر کی واضح خسارہ کی بات ہے۔ ایسے شخص پر نور حق نازل نہیں ہو سکتا۔ دوسرے یہ کہ جب ولی اس کا تعلق ماسوا سے دیکھتا ہے تو اسے اللہ تعلق پا کر اس سے نجات دلانا چاہتا ہے مگر طالب اس کے برعکس یہی چاہتا ہے کہ اس بے تعلقی کو بڑھائے۔ ولی یہ دیکھ رہا ہوتا ہے نے کھجور کو چھوڑ کر انگار کو منہ میں لے لیا ہے۔ کھجور کیا ہے۔ اللہ کی معرفت اور اسی کا ہو لینا اور اس سے بے تعلقی اور ماسوا سے تعلق' رغبت اور اس کی زیب و زینت کی طرف میلان انگار ہے۔ تیسرے یہ ہے کہ جب ولی اس کی بعض حاجات کو پورا کرنے میں موافقت کرتا ہے اور کشف کا ظہور ہوتا ہے تو بالعموم ایسا ہوتا ہے کہ طالب یہ سمجھنے لگتا ہے کہ اسی کا نام معرفت ہے اور اسی کی لوگوں کو رغ

تی ہے۔اس کے سوا ان کی کوئی اور غرض نہیں ہوتی۔ یہ تمام باتیں گمراہی اور ولی کی ناراضگی کا سبب ہوتی ہیں۔

(مؤلف کہتا ہے کہ) ناراضگی کا ایک طرز یہ ہوتا ہے کہ ولی اپنی ذات میں اسے کوئی معصیت کی بات دکھا دیتا ہے یا کسی بات کے ق کہہ دیتا ہے کہ یوں ہوگی' حالانکہ وہ ہونے والی نہیں ہوتی تا کہ وہ شخص اس کے پاس سے چلا جائے۔ واللہ اعلم۔

نیز فرمایا کہ عارفوں کے سماع کی بناء مشاہدہ حق پر ہوتی ہے اور جو بول وہ سنتے ہیں' وہ ان کے لئے بمنزلہ ایک کشتی کے ہوتے ہیں ی کے ذریعہ سے وہ مشاہدہ کے سمندروں کو عبور کرتے ہیں۔ لہٰذا وہ ان امور پر اعتماد کر کے اس قسم کا مشاہدہ حاصل کرتے ہیں جس کی یت بیان نہیں ہوسکتی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جس کا مشاہدہ ہوتا ہے وہ ذات حی و قیوم ہے جس کی نہ کوئی مثال اور نہ نظیر۔ اس لئے اس کی ت ترابی کے لئے بجز حادث الفاظ کے اور ہے کیا۔ جس کا سہارا پکڑے کہ ذات ترابی اسی کی عادی ہے اور اسی پر پیدا کی گئی ہے۔ پھر یا: جب ان کا مشاہدہ وسیع ہو جاتا ہے اور وہ کبار اولیاء میں سے ہو جاتا تو ان کا عشق ظاہری صورت میں مجازی عشق کے قریب آ جاتا ہے ی کی وجہ سرور اور طرب ہے جو انہیں مخلوقات میں حق تعالیٰ کے فعل کے مشاہدہ کے وقت حاصل ہوتا ہے۔ چنانچہ جب وہ مشاہدہ کرتے تو ان کی رُوح کو اس قدر سرور حاصل ہوتا ہے جس کی کیفیت بیان نہیں ہوسکتی۔ یہاں تک کہ ایک ولی نے بلی کو دیکھا کہ اپنے پنجہ سے گردن کھجا رہی ہے تو ولی پر گریہ طاری ہوگیا اور آنسو بہنے لگے اور اس نے بلی کے سامنے سجدہ کرنا شروع کر دیا۔ حتیٰ کہ اس کے سامنے کی ن تر ہوگئی۔

میں نے عرض کیا: اس میں کیا راز ہے؟

فرمایا: رُوح نے اس بات کا مشاہدہ کیا کہ حق سبحانہٗ اس حرکت کے فاعل ہیں۔ اس لئے اس نے اللہ کے سامنے سجدہ کرنا اور رونا وع کر دیا اور ذات نے بھی رُوح کی موافقت کی اور اسی کی طرح تمام حرکات کرنے لگی۔ لوگوں کو تو یہی دکھائی دیتا ہے کہ وہ ولی کو سجدہ کر ہے حالانکہ ولی روتے اور سجدہ کرتے وقت سوائے حق سبحانہ کے کسی چیز کا مش ہدہ نہیں کر رہا ہوتا لہٰذا اس کا رونا گریہ وزاری اور انکساری ی سبحانہ کے لئے ہی ہوتی ہے۔

نیز فرمایا: کہ یہ کیفیت اولیاء کو حاصل تو ہر وقت ہوتی ہے مگر اتنا فرق ہے کہ ذات جب اپنی عقل سے غائب ہو تو وہ اپنی رُوح کی وافقت کرتی ہے اور جب عقل سے غائب نہیں ہوتی تو عقل اسے اس سے روکتی ہے تا کہ ظاہر محفوظ رہے۔ چنانچہ تو ولی کو دیکھے گا کہ وہ خت کی ٹہنی کو جھومتے دیکھ کر خود بھی جھومنے لگ جاتا ہے۔ اسی لئے تو یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر مولیٰ پتھر بھی مارے تو وہ ہمارے لئے پھولوں سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ اس لئے کہ انہیں اللہ عزوجل کے فعل کے مشاہدہ سے سرور حاصل ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔

نیز فرمایا: کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ کو فتح نصیب فرماتا ہے تو اس وقت جس حالت میں بھی وہ ہوتا ہے' اسی پر قائم رہتا ہے خواہ وہ کسی قسم کی حالت میں ہو۔ اچھی ہو یا بری۔ مثلاً قصاب وغیرہ کا پیشہ ہو' وہ اسی پر قائم رہے گا اور اس سے منتقل نہ ہوگا۔ اس لئے کہ اس میں منع پایا جاتا ہے اور صاحب فتح آدمی کے نزدیک تصنع کرنا شراب پینے اور اسی قسم کے دیگر گناہوں سے بھی بدتر ہے۔

نیز فرمایا: کہ شام کے علاقہ میں رملہ کے آدمی کو جانتا ہوں کہ جب اللہ تعالیٰ نے اسے فتح نصیب کی تو اس وقت لوگ اس کی ہنسی اُڑا رہے تھے جس طرح کہ فاس میں معیز و نامی شخص کی اڑاتے ہیں اور فتح کے بعد بھی وہ اسی حالت میں رہا۔

(مؤلف کہتا ہے) معیز و مذکور کا یہ حال تھا کہ بچے وغیرہ دن بھر اس کے پیچھے لگے رہتے اور اس کی ہنسی اڑاتے تھے۔

نیز فرمایا: میں ایک اور شخص کو جانتا ہوں جسے اللہ نے فتح نصیب کی ہے اور فتح نصیب ہونے سے پہلے ڈھول بجایا کرتا تھا۔ فتح کے بعد بھی اس نے یہ پیشہ نہیں چھوڑا۔

(مؤلف کہتا ہے کہ) اس باب میں میں نے حضرت سے بہت سے اسرار سنے جن کا کتاب میں درج کرنا مناسب نہیں۔ واللہ اعلم۔

حواشی

۱۔ میں نے آگے چل کر چند اولیاء اللہ کے نام دیئے ہیں جنہیں آنحضرت ﷺ کا دیدار بحالت بیداری ہوتا تھا مثلاً ابوالمواہب' ابراہیم دسوتی' محمد بن ابی حمرۃ' عبداللہ بن ابی جمرہ وغیرہم۔ ان کے حالات لواقح الانوار فی طبقات الاغیار للشعرانی میں دیکھ لیں (نیز ملاحظہ ہو ۶۲۵)

۲۔ اصحابِ فتح کے لئے بیداری میں مشاہدہ ذات نبوی اختیاری بات نہیں رہتی بلکہ اگر وہ اس سے غافل نہ ہونا چاہیں تو نہیں ہو سکتے۔ چنانچہ امام احمد ابو العباس مرسی فرماتے ہیں کہ چالیس سال گزر گئے ہیں مگر اس عرصہ میں کبھی آنحضرت ﷺ سے حجاب میں نہیں ہوا اور اگر ایک لحظہ کے لئے میں حجاب میں آجاؤں اور آنحضرت ﷺ کو نہ دیکھوں تو میں اپنے آپ کو مسلمان ہی نہ خیال کروں گا۔ مگر اہل ظاہر اصحاب مشاہدہ پر اعتراض کرتے ہی رہتے ہیں چنانچہ جب شیخ محمد بن ابی جمرہ (یہ وہ عبداللہ بن ابی جمرہ نہیں ہیں جو امام احمد بن حنبل کے زمانہ میں تھے) نے بیداری میں آنحضرت ﷺ کے دیدار کا دعویٰ کیا تو لوگوں نے اس کا انکار کیا اور ان سے جھگڑنے کی غرض سے مجلس قائم کی جس کی وجہ سے انہیں گوشہ نشینی اختیار کرنی پڑی (طبقات ا۔ ۱۳۸) امام شعرانی نے متعدد لوگوں کا ذکر کیا ہے جنہیں یہ سعادت نصیب تھی۔ (ملاحظہ ہو ۶۲۰)

۳۔ امام غزالی رحمتہ اللہ تعالیٰ کا کوئی خاص فرقہ نہیں جو ان کی طرف منسوب ہوتا ہو۔ یہ طوس کے رہنے والے تھے مگر کچھ عرصہ بغداد میں بھی رہے۔ اہل مشرق میں انہی کا طریقہ زیادہ مقبول تھا مگر شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ مغرب کے رہنے والے تھے اور انہوں نے اسکندریہ میں رہائش اختیار کر لی تھی۔ ان کے متبعین کو شاذلیہ کہا جاتا ہے۔ شاذلیہ فرقہ مغرب میں کافی مشہور ہے۔ شاذلہ قدیم افریقہ میں ایک شہر کا نام ہے۔ حضرت عبدالعزیز دباغ بھی مغرب کے رہنے والے تھے۔ اس لئے انہیں بھی شاذلی رحمتہ اللہ کا طریقہ پسند تھا۔ چنانچہ شاذلی فرماتے ہیں (رسالتہ الانوار القدسیتہ فی بیان آداب العبودیۃ برحاشیہ لواقح الانوار فی طبقات الاخیار ج ۲ صفحہ ۱۲۷)

بعض اہل اللہ کے نزدیک بدترین گناہ یہ ہے کہ وہ اللہ کا قرب وغیرہ حاصل کرنے کے لئے عبادات اوراد اور ادراد کے ذریعہ سے چاپلوسی کرے۔ تقدیر کا قلم ہر ہونے والی بات لکھ کر خشک ہو چکا ہے لہٰذا نہ کسی متقی کا تقویٰ اس لکھت میں اضافہ کر سکتا ہے نہ کسی بدکار کی بدکاری تقدیر میں کچھ اضافہ کر سکتی ہے۔ لہٰذا اللہ کی عبادت خالص اس کی اطاعت کی غرض سے کرو۔ یاد رکھو کہ اطاعت صرف اللہ کی ہے اور بس شیخ عبدالوہاب شعرانی بھی چونکہ اہل مغرب میں سے ہیں۔ اس لئے ان کا میلان بھی شاذلی طریقہ کی طرف ہے۔ چنانچہ وہ مذکورہ بالا کتاب ج ایک صفحہ ۱۶۵ پر لکھتے ہیں یاد رکھیں کہ خلوت اور ریاضت کے ذریعہ سے طریق سلوک پر چلنا بعض مشائخ کا طریقہ ہے مگر ہمارے بزرگوں اور ساتھیوں کا یہ طریقہ نہیں ہے اس لئے کہ وہ ہر اس حالت پر راضی اور قانع ہیں جسے اللہ ان کے لئے پسند کرے۔ ان کی نگاہ اور توقع نہ کسی مرتبہ اور نہ دنیا نہ آخرت میں کسی حالت کی طرف لگی ہوتی ہے کہ وہ اس کے منتظر رہیں۔

۴۔ ابو محمد سہلؒ بن عبداللہ تستری کبار صوفیاء میں سے تھے اور یکتائے روزگار تھے۔ ان کی کرامات مشہور ہیں جب حج کے لئے تشریف لے گئے تو ذوالنونؒ مصری سے ان کی ملاقات ہوئی۔ ۲۸۳ھ ۸۹۶ء میں ان کی وفات ہوئی۔ ان کے اپنے بیان کے مطابق انہوں نے چھ یا سات برس کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا۔ ابھی تین برس کی عمر تھی کہ اپنے خالو محمد بن سوار سے ذکر کی تعلیم لی اور آخر عمر تک کاربند رہے۔

۵۔ مؤلف نے کتاب کا حوالہ نہیں دیا۔ مجھے حوالے کی تلاش میں امام عبدالوہاب شعرانی کی تصنیفات کی طرف رجوع کرنا پڑا اور بہت تلاش کے بعد اس مناظرہ کا تذکرہ ان کی تصنیف الانوار القدسیہ فی بیان آداب العبودیہ میں مل گیا۔ امام شعرانی لکھتے ہیں۔

''میں چاہتا ہوں کہ یہاں پر حجتہ اللہ اور ولی کامل سہل بن عبداللہ تستری کے اس مناظرہ کا ذکر کروں جو ابلیس کے ساتھ ہوا تا کہ تجھے معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے مخلوقات پر تسلط کی کس قدر قدرت عطا کی ہے اگر ایسی بات نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے نہ ڈراتا۔ سہل فرماتے ہیں مجھے شیطان ملا اور میں نے اسے پہچان لیا۔ اور شیطان کو بھی معلوم ہو گیا کہ میں نیا سے پہچان لیا ہے۔ اس کے بعد ہمارے درمیان مناظرہ ہوا۔ شیطان نے مجھے کہا اور میں نے اسے کہا چنانچہ بات بڑھ گئی اور بحث طول پکڑ گئی یہاں تک کہ وہ بھی ٹھہر گیا اور میں بھی ٹھہر گیا وہ بھی پریشان تھا اور میں بھی پریشان۔ بالآخر شیطان

نے کہا اے سہل اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ورحمتی وسعت کل شی (میری رحمت ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے) اللہ تعالیٰ کا یہ حکم عام ہے (یعنی خاص نہیں کہ خاص لوگوں کے لئے ہی رحمت ہو) اور تجھ سے مخفی نہیں کہ میں بھی بیشک ایک چیز ہوں۔ اس لئے کہ کل کا لفظ بتاتا ہے کہ یہ رحمت عام اور سب پر محیط ہے اور شی کا لفظ نکرہ ہے (جس میں تمام اشیاء آجاتی ہیں) لہٰذا رحمت خداوندی میں بھی آ گیا۔

سہل فرماتے ہیں اللہ کی قسم اس نے تو مجھے گونگا کر دیا اور یہ آیت پڑھ کر اس نے مجھ پر غلبہ پالیا اور مجھے حیران کر دیا۔ اس لئے کہ اس آیت سے جو کچھ وہ سمجھ سکا تھا میں نہ سمجھ سکا اور جو بات اس کے علم میں آئی تھی میرے علم میں نہ آئی لہٰذا میں حیران اور متفکر ہو کر دل ہی دل میں اس آیت کو پڑھنے لگا حتیٰ کہ ان الفاظ پر پہنچا **فسا کتبھا للذین یتقون ویؤتون الزکوٰۃ والذین ھم بایاتنا یومنون** (میں اپنی رحمت کو ان لوگوں کے لئے لکھوں گا جو متقی ہیں زکوٰۃ دیتے ہیں اور ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں) تو میں خوش ہوا کہ مجھے ایک دلیل مل گئی اور میں اب اس پر غالب آ گیا چنانچہ میں نے کہا اے ملعون اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے لئے خاص قید لگا رکھی ہے جس کی وجہ سے یہ عام حکم سے خارج ہو جاتی ہے۔ چنانچہ میں نے آیت کا باقی حصہ پڑھا۔ اس پر ابلیس ہنسا اور کہا اے سہلؒ میرا خیال نہ تھا کہ تو اس حد تک جاہل ہے۔ اے سہل یہ قید لگانا تو تمہاری صفت ہے۔ نہ اللہ کی سہل کہتے ہیں کہ میں سخت پریشان تھا مجھے کوئی جواب نہ سوجھا یہاں تک کہ میرے حلق میں تھوک بھی خشک ہو گیا اور میں سمجھ گیا کہ وہ مجھے پھسلانے آیا ہے اس لئے میں بھی چلا آیا اور وہ بھی چلا گیا۔ سہل کہتے ہیں کہ اس پر میں نے اس سے معرفت کا طریقہ معلوم کرنا چاہا اگرچہ وہ خود اس سے نفع نہ حاصل کر سکتا تھا۔ کیونکہ بزرگوں کا قول ہے **انظر ما قال ولا تنظر الی من قال** (یہ دیکھو کہ کسی نے کیا کہا۔ یہ نہ دیکھو کہ کس نے کہا)

مجھے اس کے معنی نہ معلوم ہو سکے۔

تاج الدین ذاکر: ان کا چہرہ نور قلب سے روشن تھا۔ ان کے ہر رگ و پے سے معلوم ہوتا تھا کہ یہ ولی ہیں۔ ان کے شاگرد بھی بہت صاحب جمال و کمال ہوئے ہیں۔ انہوں نے پچیس سال تک زمین سے اپنی پیٹھ نہیں لگائی۔ وفات کے وقت دس شاگردوں کا نام دیا جنہیں خلافت دی گئی۔ شعرانی نے ان میں سے صرف تین کے نام دیئے ہیں اشہاب الدین دفائی، شیخ ابراہیم اور شیخ عبدالباسط۔ ہوسکتا ہے کہ محی الدین جن کا ذکر کتاب میں کیا گیا ہے بھی خلفاء میں سے ہوں۔ ان کی وفات ۹۲۰ھ سے کچھ سال بعد ہوئی۔

۸۔ سورہ انعام پارہ ۷ آیت ۶۵) نیز ملاحظہ ہو تفسیر معالم التنزیل اور خازن تحت آیت مذکورہ جلد دو صفحہ ۱۱۹ مگر وہاں یہ آیا ہے کہ وہ چیزیں دیں اور ایک نہ دی۔

۹۔ امام عبدالکریم قشیری نے اپنے رسالہ (الرسالۃ القشیر یہ ۱۷۵) میں لکھا ہے اگر کوئی یہ سوال کرے کہ آیا ولی معصوم ہوتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر ان کا معصوم ہونا اسی طرح کا ہو جس طرح انبیاء کا معصوم ہونا تو اس صورت میں ولی معصوم نہیں۔ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ولی کو محفوظ رکھے تا کہ وہ گناہ پر مصر نہ رہے۔

۱۰۔ امام شعرانیؒ نے الانوار القدسیہ میں بھی اسی خیال کا اظہار کیا ہے۔ (الانوار القدسیہ ۱۔۸۵) چنانچہ فرماتے ہیں۔

واعلم ان جمیع مذاھب المجتھدین کلھا عند اھل الحق مذھب واحد لایشھدون فیھا تفرقۃ لاتساع نظرھم لانھم یشھدون العین التی استمدمنھا المجتھدون کا نھا واحدۃ فی شریعۃ واحدۃ فھم کلھم داخلون فی السیاج وقد ذقنا ذلک والحمد للہ. فلا یؤمر اھل الحق بالتقیّد بمذھب معین من المذاھب المشھودۃ لان جمیع المذاھب من باطنھم وھذا مریذوقہ الفقراء فیصیر ذوقھم یعادل ذوق جمیع المجتھدین من غیر تحصیل آلات الاجتھاد.

ترجمہ: یاد رہے کہ اہل حق کے نزدیک تمام مجتہدین کے مذاہب ایک جیسے ہیں اور وہ اپنی وسعت نظر کے باعث ان میں کوئی فرق نہیں پاتے اس لئے کہ وہ سرچشمہ ان کی نظروں میں ہوتا ہے جس سے تمام مجتہدین نے فیض حاصل کیا ہے لہٰذا ان کے لئے ایک ہی چشمہ اور ایک ہی گھاٹ ہے لہٰذا وہ سب کے سب ایک باڑ کے اندر محفوظ ہیں الحمدللہ ہم نے اس کا مزہ چکھا ہے لہٰذا کسی اہل حق کو ایک خاص مذہب کا مقید نہیں کیا جا سکتا کیونکہ تمام مذاہب تو ان کے باطن میں پائے جاتے ہیں اور اس کا مزہ صرف فقراء ہی چکھ سکتے ہیں اور اس طرح ان کا ذوق آلات اجتہاد کے حاصل کیے بغیر تمام مجتہدین کے ذوق کے برابر ہوتا ہے۔

۱۱۔ اوزاعی: عبدالرحمٰن بن عمرو الاوزاعی۔ اوزاع یمنی قبیلہ ذی الکلاع کی ایک شاخ ہے بعلبک میں ۸۸ھ/۷۰۶ء میں پیدا ہوئے۔ بڑے پایہ کے محدث تھے۔ عطا بن ابی رباح اور زہریؒ اور ان کے طبقہ کے لوگوں سے روایت کی ۱۵۷ھ/۷۷۳ء میں وفات پائی۔

۱۲۔ عطاءؒ: عطاء بن ابی رباح مولیٰ قریش: حضرت عمرؓ کے عہد خلافت میں مکہ میں پیدا ہوئے حضرت عائشہؓ حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابن عباسؓ وغیرہ سے حدیث سنی' یہ حبشی غلام تھے۔ مگر اپنے زمانہ کے بڑے بڑے لوگوں کو علم سکھایا ایک سو سال کی عمر میں ۱۱۵ھ/۷۳۳ء میں وفات پائی۔

۱۳۔ ابن جریج: عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج المکی: کبار تابعین میں سے تھے۔ انہوں نے ابن ابی ملیکہ اور عطا سے روایت کی۔ ابن عینیہ کہتے ہیں کہ میں نے یہ کہتے ہوئے سنا کہ مجھ جیسی کسی نے علم کی تدوین نہیں کی۔ ۱۵۰ھ/۷۶۷ء میں وفات پائی۔

۱۴۔ عکرمہؒ: مولیٰ ابن عباسؓ حضرت ابن عباسؓ سے فقہ کی تعلیم پائی۔ امام شعبیؒ فرماتے ہیں کہ عکرمہ سے زیادہ کتاب اللہ کا عالم کوئی نہیں رہا۔ ان پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ وہ خارجیوں کے ہمراہ تھے۔ یہی وجہ ہے کہ امام مالک اور مسلم نے ان سے روایت حدیث نہیں کی۔ ان کی وفات ۱۰۷ھ/۷۲۵ء میں ہوئی۔

۱۵۔ مجاہدؒ: مجاہد بن حنینؓ حضرت ابن عباسؓ کی خدمت میں مدت تک رہے اور ان سے قرآن پڑھا۔ وہ علم کے ظروف میں سے ایک ظرف ہیں۔ خود ان کا قول ہے کہ میں نے ابن عباسؓ کو تین بار قرآن سنایا اور ان کے سامنے ہر آیت پر ٹھہرتا تھا اور پوچھتا تھا کہ وہ کس بارے میں نازل ہوئی اور اس کا کیا واقعہ ہے۔ قتادہؒ کا قول ہے کہ جو علماء رہ گئے ہیں ان میں تفسیر کے سب سے بڑے عالم مجاہد ہیں۔ ۱۰۲ھ/۷۲۰ء میں تراسی برس کی عمر میں وفات پائی۔

۱۶۔ معمرؒ: ابو عروۃ معمرؒ نے ان سے روایت کی۔ عبدالرزاق کہتے ہیں کہ میں نے ان سے دس ہزار حدیث سنی' اٹھاون برس کی عمر میں ۱۵۳ھ/۷۷۰ء میں وفات پائی۔

۱۷۔ عبدالرزاق بن ہمامؒ: ابوبکر کنیت۔ کبار تابعین میں سے ہیں۔ ابن جریجؒ اور معمرؒ وغیرہ سے روایت کی پچاسی برس کی عمر میں ۲۱۱ھ/۸۲۶ء میں وفات پائی۔

۱۸۔ ابن خزیمہ: محمد بن خزیمہ شیخ الاسلام ابوبکر محمد بن اسحٰق بن خزیمہ نیشاپوری ۲۲۳ھ/۸۴۷ء میں پیدا ہوئے۔ حافظ حدیث تھے۔ نہایت عابد و زاہد تھے۔ ان کی وفات ۳۱۱ھ/۹۲۳ء میں ہوئی (مزید تفصیل کے لئے دیکھیں تذکرۃ الحفاظ ۲۵۹۔۲۶۸)

۱۹۔ ابن المنذرؒ: حافظ ابوبکر محمد بن ابراہیم بن المنذر نیشاپوری۔ یہ کثیر التصانیف ہیں مثلاً مبسوط' کتاب الاشراف وغیرہ یہ خود مجتہد تھے کسی کی تقلید نہ کرتے تھے۔ انہیں شیخ الحرم کہا جاتا ہے۔ ۲۱۰ھ/۹۲۲ء میں مکہ میں وفات پائی۔

۲۰۔ طاؤس: طاؤس بن کیسان الیمانی۔ وہ جنگ میں گرفتار شدہ لوگوں کے لڑکے تھے۔ حضرت زیدؓ بن ثابت' حضرت عائشہؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ وغیرہ سے حدیث سنی۔ علم و عمل میں منتخب روزگار تھے۔ عمرو بن دینار کہتے ہیں کہ میں نے کسی کو طاؤس کے مثل نہیں دیکھا۔ انہوں نے چالیس حج کئے اور ۱۰۵ھ/۷۲۳ء میں وفات پائی۔

۲۱۔ نخعی: ابراہیم بن یزید النخعی۔ علقمہؒ مسروقؒ وغیرہ سے روایت کی۔ مخلص علماء میں سے تھے۔ شہرت سے بچتے تھے۔ حضرت سعیدؒ بن جبیر کے پاس کوئی شخص فتویٰ لینے آتا تو کہتے تم لوگ مجھ سے فتویٰ لیتے ہو حالانکہ تم میں نخعیؒ موجود ہیں۔ ۹۵ھ/۷۱۳ء میں وفات پائی۔

۲۲۔ قتادہؒ: قتادہ بن دعامہ السدوسی۔ حضرت انسؓ اور حضرت سعیدؒ بن المسیب وغیرہ سے روایت کی وہ اندھے اور قوی الحافظہ تھے۔ ابن سیرینؒ کہتے ہیں کہ قتادہ اپنے زمانہ کے بہت بڑے حافظ تھے اس حفظ کے ساتھ وہ عربیت' لغت' ایام العرب اور انساب کے بھی بہت بڑے عالم تھے۔ ۱۱۸ھ/۷۳۶ء میں وفات پائی۔

۲۳۔ شیخ حطابؒ: عارف باللہ محمد بن محمد الحطاب الرعینی مالکی جنہوں نے شیخ خلیل بن اسحٰق جندی مالکی متوفی ۷۶۷ھ کی کتاب کی مختصر شرح کی ہے۔ مختصر مالکی فقہ کی کتاب ہے۔ (کشف الظنون: ۲: ۲۴۲)

۲۴۔ شیخ نورالدین علی بن عبداللہ السمہودی التوفی ۹۱۱ء نے ایک رسالہ لکھا ہے جس کا نام مواہب الکریم للفتاح فی المبسوق المشتغل بالاستفتاح ہے۔ اس کے بعد خود انہوں نے ایک رسالہ لکھا ہے جس کا نام ''اکمال المواہب'' رکھا۔ اس میں انہوں نے صرف اسی مسئلہ پر بحث کی ہے۔ یہ رسالہ انہوں نے اس وقت لکھا جب ایک مرتبہ عشاء کی نماز میں خود ان سے یہ واقعہ پیش آیا۔ (کشف الظنون ۲۔۳۶۴۔۳۶۵)

یہاں جس رسالہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے مجھے معلوم نہ ہو سکا کہ وہ کون سا رسالہ ہے۔ ابومحمد عبداللہ ابن ابی زید مالکی قیروانی متوفی ۳۷۹ھ نے فقہ مالکیہ میں ایک رسالہ لکھا جو مالکیہ میں بہت مشہور ہے۔ شاید یہی رسالہ مراد ہو (کشف ۱۔۴۱۱) اس رسالہ پر بہت سی شرحیں بھی لکھی گئیں۔

۲۵۔ ابن رشدؒ: ابن الولید محمد بن احمد بن محمد بن رشد القرطبی۔ اندلس اور مغرب میں اپنے وقت کے فقہاء کے سردار تھے اور صحت نظر جودت تالیف اور وقت فقہ

میں ان کا اعتراف کیا جاتا تھا۔ان پر روایت سے زیادہ درایت غالب تھی کتاب البیان والتحصیل لمافی المستخرجۃ من التوجیہ والتعلیل اور کتاب المقدمات لاوائل کتب المدونہ لکھی۔انہوں نے ۵۳۰ھ/۱۱۲۶ء میں وفات پائی۔

۲۔ اشعب: ان کا حال نہ معلوم ہوسکا۔

۲۔ التوضیح: یہ کتاب تنقیح الاصول مصنفہ قاضی علامہ صدر الشریعۃ عبیداللہ بن مسعود المحبوبی البخاری حنفی متوفی ۷۴۷ھ/۱۳۴۶ء کی شرح ہے۔شرح کا پورا نام التوضیح فی حل غوامض التنقیح ہے۔متن اور شرح دونوں ایک ہی مصنف کی ہیں۔

۲۔ مدونہ: فقہ مالکی کی کتاب ہے پورا نام مدونہ فی فروع المالکیہ ہے۔ابوعبداللہ عبدالرحمٰن بن قاسم مالکی کی تصنیف ہے۔انہوں نے ۱۹۱ھ/۸۰۶ء میں وفات پائی۔

۱۔ ابن رشد: ابوالولید محمد بن محمد بن رشد قرطبی: اندلس اور مغرب کے فقہاء کے سردار تھے اور صحت نظر جودت تالیف اور وقت فقہ میں ان کا اعتراف کیا جاتا تھا۔ان پر روایت سے زیادہ درایت غالب تھی۔ان کی کتاب کا پورا نام کتاب البیان والتحصیل لمافی المستخرجہ من التوجیہ ہے۔

۲۔ ابن شاسؒ: ابومحمد عبداللہ بن نجم بن شاس الجذامی السعدی۔انہوں نے امام غزالی کی وجیز کی ترتیب پر امام مالک کے مذہب میں ایک عمدہ کتاب لکھی جس کا نام انہوں نے الجواہر الثمینہ فی مذہب عالم المدنیہ رکھا۔اس کی خوبی اور کثرت فوائد کی بنا پر مصر میں تمام مالکی اس کی طرف سخت مائل تھے۔انہوں نے ۶۱۰ھ/۱۲۱۳ء میں وفات پائی۔

۱۔ ابن مرزوقؒ: حافظ ابوالحسین عبداللہ بن مرزوق ہردی مولی شیخ الاسلام ابواسماعیل انصاری۔ان کی پیدائش ۴۴۱ھ/۱۰۴۹ء میں ہوئی۔حافظہ اور حسن سیرت کے لحاظ سے مشہور تھے۔کچھ اونچا سنتے تھے اور آخر عمر میں بہرا پن زیادہ ہوگیا۔ان کی وفات ۵۵۷ھ/۱۱۶۱ء میں ہوئی۔

۳۔ علامہ صدر الشریعہ عبیداللہ بن مسعود المحبوبی البخاری الحنفی المتوفی ۷۴۷ھ کی کتاب کا نام ہے۔انہوں نے پہلے تنقیح الاصول پھر خود ہی اس کی شرح ''توضیح'' لکھی۔

۳۱۔ امام شعرانی نے ابوالمواہبؒ شاذلی سے اسی قسم کی تشریح نقل کی ہے چنانچہ فرماتے ہیں کہ بعض بزرگوں کے متعلق جو یہ سننے میں آیا ہے کہ لوگوں سے چھپنے کی غرض سے وہ محرمات کے مرتکب ہوئے تو اس کا قیاس اس شخص سے کرنا چاہیے جس کے حلق میں لقمہ اٹک گیا ہو اور شراب کے بغیر وہ اسے نگل نہ سکتا ہو۔یہی امام غزالیؒ کا قول ہے۔پھر فرمایا کہ جب دنیوی زندگی بچانے کی خاطر یہ جائز قرار دیا گیا تو اخروی زندگی بچانے کی خاطر تو اور بھی بہتر ہوگا۔
(لواقح الانوار ۲۔۶۴)

چھٹا باب

شیخ تربیت کا بیان

اس میں ضمناً ان شیوخ کا بھی ذکر کیا گیا ہے جن کے حضرت وارث ہوئے۔ تلقین ذکر، اسماء حسنیٰ اور حلقہ درویشاں۔

مؤلف کہتا ہے کہ قصیدہ رائیہ کے مصنف نے شیخ تربیت کی بحث کی ہے اور حضرت نے ان کے کچھ کلام کی تشریح فرمائی ہے اور چونکہ کتاب کا موضوع حضرت کے کلام کو جمع کرنا ہے اس لئے میں نے چاہا کہ وہ شرح یہاں لکھ دوں۔ چنانچہ مصنف رائیہ لکھتا ہے۔

۱. وَلِشَيْخِ اٰيَاتٌ اِذَا لَمْ تَكُنْ لَّهٗ فَمَاهُوَ اِلَّا فِيْ لَيَالِي الْهَوٰى يَيْسرِيْ

ترجمہ: (شیخ کی چند علامات ہیں اگر وہ علامات اس میں پائی نہ جائیں تو (سمجھ لو کہ) وہ خواہشات نفسانی میں بہکے پھر رہا ہے)

حضرت نے فرمایا: کہ شیخ تربیت کی علامات واضح ہیں اور وہ یہ ہیں کہ لوگوں کی طرف سے وہ سلیم الصدر ہو اور وہ سمجھتا ہو کہ اُمت محمدیہ ﷺ میں کوئی بھی اس کا دشمن نہیں ہے۔ سخی ہو۔ اگر اس سے کوئی چیز مانگی جائے تو دینے میں بخل نہ کرے اور اگر اس سے کوئی برائی کرے تو یہ اس سے محبت کرے اور مریدوں کی غلطیوں سے تغافل برتے۔ جس میں یہ علامات نہ پائی جائیں۔ وہ شیخ تربیت نہیں ہوسکتا۔

۲. اِذَا لَمْ يَكُنْ عِلْمٌ لَدَيْهِ بِظَاهِرٍ وَلَا بَاطِنٍ فَاضْرِبْ بِهٖ لُجَجَ الْبَحْرِ

ترجمہ: (اگر اسے ظاہری اور باطنی علم نہ ہو تو اسے سمندر کی موجوں میں پھینک دو۔)

حضرت نے فرمایا: علم ظاہر سے مراد علم فقہ اور علم توحید ہے یعنی اسے ان دونوں کا اس قدر علم ہو جس قدر کہ ایک مکلف کو ہونا چاہیے اور علم باطن سے مراد معرفت حق ہے۔

۳. وَاِنْ كَانَ اِلَّا اِنَّهٗ غَيْرُ جَامِعٍ لِوَصْفَيْهِمَا جَمْعًا عَلٰى اَكْمَلِ الْاَمْرِ

۴. فَاَثْوَبُ اَحْوَالِ الْعَلِيْلِ الى الرَّدٰى اِذَا لَمْ يَكُنْ مِنْهُ الطبيبُ عَلٰى خُبْرِ

ترجمہ: (اور اگر شیخ کو ملے مگر وہ ان دونوں علموں کا بطریق کمال جامع نہ ہو تو (سمجھ لو کہ اس سے بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا اس لئے کہ) جب طبیب کو مریض کے مرض کا علم نہ ہو تو مریض کی حالت ہلاکت کے زیادہ قریب ہوتی ہے۔)

حضرت نے فرمایا: اگر پیر تو ہو مگر اس میں کامل طور پر علم ظاہر اور علم باطن نہ ہو تو مرید کی حالت اس کے ساتھ ہوتے ہوئے بھی

اکت سے زیادہ قریب ہوگی۔ مطلب یہ ہے کہ یہ پیر جو اپنے علم کے ناقص ہونے کی وجہ سے یہ نہیں جانتا کہ مرید کے لئے کونسی بات
نصان دہ ہوگی تو اس بات کا زیادہ احتمال ہے کہ مرید ہلاکت سے زیادہ قریب ہو جائے۔

حضرت منصورؒ قطب فرمایا کرتے تھے جب تجھے پیر کامل کی صحبت نصیب ہو جائے تو تجھے اپنی مرضی کو اس کی مرضی میں فنا کر دینا
ہیے اور تمہاری یہی خواہش ہو کہ ان کی زندگی ہی میں مر جاؤں۔ دوسرے کے ساتھ تندرست رہنا ہی عجیب بات ہے اور تمہارا وصل سب
سے زیادہ عجیب وغریب ہے۔

۵. وَمَنْ لَمْ يَكُنْ اِلَّاالْوُجُوْدُ أَقَامَهٗ وَاَظْهَرَهٗ مَنْشُوْرُ أَلْوِيَةِ النَّصْرِ
۶. فَأَقْبَلَ اَرْبَابُ الْاِرَادَةِ نَحْوَهٗ بِصِدْقٍ يَحُلُّ الْعُسْرَ فِى جَلْمَدِ الصُّخْرِ
۷. وَاٰيَتُهٗ اَنْ لَايَمِيْلَ اِلَى الْهَوٰى فَدُنْيَاهُ فِىْ طَيِّ وَاُخْرَاهُ فِىْ نَشْرِ

ترجمہ: اور جسے صرف اس کے اپنے وجود نے منصب پیری پر کھڑا کر دیا ہو اور تائید ایزدی کے پھیلے ہوئے جھنڈوں نے اسے ظاہر کر دیا ہو جس کی وجہ
سے مرید بننے والے اس کے پاس ایسے صدق دل سے آتے جاویں کہ سخت سے سخت پتھر بھی پھٹ جائے اور اس کی علامت یہ ہے کہ وہ خواہشات
نفس کی طرف مائل نہ ہو اور دنیا کے بجائے اسے آخرت سے رغبت ہو۔

حضرت نے فرمایا: جس شخص کو کسی پیر نے اجازت دے کر منصب پیری پر کھڑا نہ کیا ہو کیونکہ اس کے کمال کو پہنچنے سے پہلے ہی اس کی
فات ہوگئی ہو، مگر لوگوں نے اسے لا کھڑا کیا ہو اور اسے اس طرح ظاہر کر دیا ہو جس طرح فتح ونصرت کی جھنڈیاں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے
مریدوں کے نفوس وخواہشات اور شیاطین کے خلاف فتح کی جھنڈیاں پھیلا دی ہوں جس کی وجہ سے وہ مرید جنہیں قرب الٰہی کی خواہش ہوتی
ہے ایسی صدق دلی سے اس کے پاس آنے لگیں کہ پتھر بھی پھٹ جائیں تو ایسا پیر بھی اللہ کے ہاں مقبول ہوگا ان کا مطلب یہ ہے کہ ہوسکتا ہے
کہ اس نے رجال الغیب کے ہاتھوں تکمیل کر لی ہو یا یہ کہ حضرت احمد حضرؒ کے ہاتھوں پر بیعت ہوا ہو تو اس کی ظاہری علامت کہ وہ پیر ہونے
کا اہل ہے یہ ہے کہ وہ تربیت کرنے میں خواہشات نفسانیہ کی طرف مائل نہ ہو۔ اسے دنیا سے اعراض ہو اور آخرت کی طرف توجہ۔

۸. وَاِنْ كَانَ ذَا جَمْعٍ لِأَكْلِ طَعَامِهٖ مُرِيْدٌ فَلَا تَصْحَبْهُ يَوْمًا مِنَ الدَّهْرِ

ترجمہ: اے مرید اگر یہ لوگوں کو اپنے پاس کھانا کھلانے کی غرض سے جمع کرتا ہے تو ایک دن بھی اس کی صحبت اختیار نہ کرو۔

فرمایا اگر شیخ تربیت لوگوں کو اپنے پاس کھانا کھلانے کی نیت سے جمع کرتا ہو تو تُو نہ اس کے پیچھے لگ اور نہ اس کی صحبت اختیار کر۔
مطلب یہ ہے کہ اگر وہ لوگوں کو اپنے کھانے پر جمع کرتا ہے مگر ان میں یہاں تک فتح کا کوئی اثر نہیں ہوتا تو لوگوں کا یہ اجتماع محض کھانے کے
لئے ہوگا اللہ کے لئے نہیں۔ البتہ اگر وہ لوگوں کو اللہ کی طرف لانے کی غرض سے جمع کرتا ہے اور کھانا بھی کھلاتا ہے تو اس شخص کے پیر ہونے
میں کوئی حرج نہیں۔

۹. وَلَا تَسْأَلَنْ عَنْهُ سِوٰى ذِىْ بَصِيْرَةٍ خَلِّىً مِنَ الْاَهْوَاءِ لَيْسَ بِمُغْتَرِ

ترجمہ: شیخ کا اگر پتہ پوچھنا ہو (کہ کہاں ملے گا) تو صاحب بصیرت، تعصب سے پاک اور اس شخص کے سوا جو دھوکہ نہ کھائے ہوئے ہو کسی اور سے نہ پوچھو۔

حضرت نے فرمایا کہ شیخ تربیت کی نسبت صرف اس شخص سے دریافت کرو جس میں تین شرطیں پائی جائیں۔ (اوّل یہ کہ) صاحب

بصیرت ہو (دوسرے یہ کہ) خواہش نفس سے خالی ہو (اور تیسرے یہ کہ) دھوکے میں نہ ہو۔ صاحب بصیرت کی شرط اس لئے لگائی تاکہ پیر سالک محض نہ ہو کہ اسے دلوں کے معاملہ کا پتہ نہیں ہوتا اس لئے اگر اس سے شیخ تربیت کے متعلق دریافت کیا جائے گا تو وہ ایسے شیخ کا پتہ بتائے گا جو اس سے زیادہ مجاہدہ کرنے والا' زیادہ اوراد پڑھنے والا اور جسے وظائف زیادہ یاد ہوں گے۔ اس لئے کہ اس کے نزدیک یہی سلوک کا انتہائی مقصد ہے اور سالکوں میں فرق کا مدار اوراد کی کمی اور بیشی پر ہے سالک محض پیر بننے کا اہل نہیں ہے اور نہ اس درجہ تک پہنچ سکتا ہے۔ متعصب نہ ہونے کی شرط اس لئے لگائی کہ خواہ وہ صاحب بصیرت ہی کیوں نہ ہو' اگر اس میں کسی شیخ کی طرف میلان پایا جاتا ہے تو اسی کا پتہ دے گا اور دھوکہ میں پڑا نہ ہو اس لئے کہا کہ وہ ایسا شخص نہ ہو جسے شیخ تربیت کے اوصاف کا علم ہی نہ ہو لہٰذا اگر ایسے شخص سے شیخ تربیت کی نسبت پوچھا جائے تو وہ مجذوب محض کا پتہ دے گا اس لئے کہ اس کے نزدیک معرفت الٰہیہ میں قوت اور فنائیت اسی کو حاصل ہے اور درحقیقت مجذوب محض نہ پیر ہونے کا اہل ہے اور نہ اس درجہ تک پہنچ سکتا ہے۔

۱۰. فَمَنْ [۳] صَدِئَتْ مَرْاٰةُ فَهْمِهٖ نَاظِرٍ اَرَتْهُ بِوَجْهِ الشَّمْسِ مَنْ كَلَفَ الْبَدْرِ

۱۱. وَمَنْ لَمْ يَكُنْ يَدْرِى الْعَرُوْضَ فَرُبَّمَا يَرَى الْقَبْضَ فِى الطَّوِيْلِ مِنْ اَتْبَعِ الْكَسْرِ

ترجمہ: جس کی فہم کا آئینہ زنگ آلود ہو جائے تو اسے سورج کے چہرہ پر بھی چاند جیسی چھائیاں دکھائی دیں گی اور جسے علم عروض نہ آتا ہو وہ بحر طویل [۴] میں قبض پڑنے سے پانچویں حرف کے گرنے کو بہت ہی قبیح سمجھے گا۔

حضرت نے فرمایا جس کی فہم کا آئینہ زنگ آلود ہو جائے تو اسے سورج کے چہرہ پر بھی اسی قسم کی سیاہی دکھائی دے گی۔ جس قسم کی چاند کے چہرہ پر ہوتی ہے اس لئے کہ اس کو حقائق بالکل معکوس دکھائی دیں گے۔ ان کی مراد یہ ہے کہ جو شخص اہل بصیرت نہ ہوگا اسے شیخ کامل میں بھی عیب نظر آئیں گے۔ لہٰذا وہ اس سے دور بھاگے گا اور اسے سالک محض میں کمال دکھائی دے گا۔ اس لئے اس کا ہی پتہ دے گا اور جو ان اشعار سے ناواقف ہوگا وہ یہی سمجھے گا کہ بحر طویل میں پانچویں حرف کا گرنا بہت ہی قبیح عیب ہے۔ اسی طرح جسے اوصاف شیخ تربیت کے متعلق صوفیاء کی اصطلاح کا علم نہ ہو وہ شیخ کامل کو بھی مبتدی سمجھے گا اس لئے اس سے بھاگ کر مجذوب کا پتہ دے گا حالانکہ وہ شیخ ہونے کا اہل ہی نہیں ہے۔

(مولف کہتا ہے کہ) شاعر کا مقصد یہ ہے کہ جب شیخ علم ظاہر اور علم باطن سے عاری ہو یا اگر جانتا ہو مگر ان میں کامل نہ ہو تو اس کی صحبت اختیار کرنے میں کوئی فائدہ نہیں۔ لیکن اگر ان علوم کو بدرجہ کمال جانتا ہو اور اس میں مذکورہ بالا علامات بھی پائی جاتی ہوں تو وہ شیخ بن سکتا ہے۔ یہ اس صورت میں کہ اس کا پیر اُسے اپنی زندگی ہی میں اس کام کے لئے اجازت دے جائے لیکن اگر پیر اس سے پہلے ہی وفات پا جائے اور وہ اپنے پیر کی زندگی ہی میں کامل نہ ہو تو پھر اگر اس پر فتح کی علامات اور لوگوں کو فیض رسانی کے آثار ظاہر ہوں۔ دنیا سے اسے نفرت اور آخرت کی طرف توجہ ہو اور اس کے ہاتھوں مریدوں کو بھی فتح نصیب ہو تو یہ شخص بھی شیخ بن سکتا ہے ورنہ اگر اس کے کھانے پر محض لوگوں کا اجتماع ہوتا ہو تو اس قسم کے شخص سے واقفیت سے کوئی فائدہ نہیں۔ اگر کوئی شخص شیخ تربیت کے متعلق دریافت کرنا چاہے تو اسے صرف انہی لوگوں سے دریافت کرنا چاہیے۔ جن میں مذکورہ بالا تین صفات موجود ہوں۔ اس لئے کہ دوسرا شخص الٹ بات بتائے گا۔

اس کے بعد مصنف قصیدہ ان آداب کا ذکر کرتا ہے جن کا مرید کو پیر کی صحبت میں خیال رکھنا چاہیے۔

۱۲. وَلَا تَقْدُ مَنْ قَبْلَ اِعْتِقَادِکَ أَنَّهٗ مُرَبٍّ وَلَا اَوْلٰی بِهَا مِنْهُ فِی الْعَصْرِ

۱۳. فَاِنَّ رَقِیْبَ الالْتِفَاتِ لِغَیْرِهٖ یَقُوْلُ لِمَحْبُوْبِ السَّرَایَةِ لَا تَسْرِ

ترجمہ: جب تک تمہارا یہ اعتقاد نہ ہو کہ پیر مربیّ ہے اور یہ کہ زمانہ بھر میں اس سے بہتر تربیت کرنے والا موجود نہیں۔ اس وقت تک تو پیر کی طرف قدم نہ بڑھا کیونکہ جب پیر اوروں کی طرف مرید کی توجہ دیکھتا ہے تو اس شخص کو جس کا (راہ طریقت پر) چلنا اسے محبوب ہوتا ہے۔ اسے بھی وہ یہی کہہ دیتا ہے کہ نہ چل۔

حضرت نے فرمایا: شیخ کی صحبت میں آنے کی غرض سے اس وقت تک آگے نہ بڑھ جب تک تیرا یہ عقیدہ نہ ہو کہ وہ تربیت کرنے کا ہے اور اس زمانہ میں اس سے بہتر تربیت کرنے والا نہیں پایا جاتا۔ اس لئے کہ اگر شیخ کو معلوم ہو جائے کہ مرید کی توجہ کسی اور کی طرف تو وہ مادہ کو اس سے منقطع کر لیتا ہے اور وہ مرید جو شیخ کی صحبت میں داخل ہونے کے بعد بھی یہ خیال رکھے کہ دنیا میں کوئی ایسا اور پیر موجود ہے جو اس کے پیر سے زیادہ کامل ہے تو اس کی نگاہ اسی کی طرف لگی رہے گی جس کو وہ زیادہ کامل سمجھتا ہے لہٰذا اس کا پیر مادہ کو اس سے منقطع کر دے گا۔ اس طرح مرید نہ پہلے سے فیض یاب ہو سکے گا' نہ دوسرے سے۔ فرمایا: ہم نے اپنے زمانہ میں اکثر ایسا ہوتے دیکھا ہے۔ خدا ہمارا والی اور مددگار ہو۔

۱۴. وَمِنْ بَعْدِهِ الشَّیْخُ الَّذِی هُوَ قُدْوَةٌ یُلَقِّی مُرَادَ الْحَقِّ فِی السِّرِ وَالْجَهْرِ

ترجمہ: اس کے بعد وہ شیخ آتا ہے جو پیشوا ہے اور ظاہر اور باطن میں مراد حق کی تلقین کرتا ہے۔

حضرت نے فرمایا: مقام تربیت حاصل کرنے کے بعد ایسے شیخ کی تلاش کر جو مربی ہو اس لئے کہ وہ طریق احوال میں نفس کی اصلاح کی طرف متوجہ ہوگا اور اس کا فائدہ یہ ہے کہ وہ ظاہر اور باطن میں بندے کو مراد حق بتائے گا۔ پھر فرمایا ایسے شخص کا ہونا ضروری ہے جو تجھے شیخ کا پتہ دے گا اور تجھے بتائے گا کہ تو شیخ سے کس طرح ملے اور کس طرح اس کے پاس بیٹھے اور اگر وہ ایسا نہ ہوگا تو جان لو کہ تو ایسا مریض ہے جس کے لئے کوئی طبیب نہیں خواہ تو جو چاہے کر لے۔

۱۵. فَقُمْ وَ اجْتَنِبْ مَاذَمَّدُ الْعِلْمُ وَاجْتَلِبْ لِمَا خَصَّهٗ بِالْمَدْحِ فَهُوَ حَنَی الدُّرِ

ترجمہ: پس اٹھو اور ان امور سے پرہیز کرو جن کی علم مذمت کرے اور جس کی علم مدح کرے اسے طلب کرو کیونکہ یہی چننے کے قابل ہوتی ہے۔

فرمایا جب تجھے اللہ تعالیٰ ایسا شیخ عطا کر دے جو تمہاری تربیت کرے تو اس کی خدمت کے لئے اُٹھ کھڑا ہو اور اس کی صحبت کا قدر پہچان اور اسے اللہ کی معرفت حاصل کرنے کا وسیلہ بنا' ہو سکتا ہے کہ تو بھی معرفت الٰہی حاصل کر لے لیکن اس کے ساتھ ساتھ جن افعال مذمومہ کو شرع عیوب قرار دے انہیں چھوڑ دے اور جن کی شریعت نے تعریف کی انہیں حاصل کر اور یہی معنی موتی چننے کا ہے۔ مطلب یہ کہ شرعاً مذموم امور سے پرہیز کرنے اور ممدوح امور کو حاصل کرنے کا نام تقویٰ ہے اور اسی پر تمہارے تمام احوال و مقامات کی بنیاد رکھی جائے گی۔

۱۶. وَاِنْ تَسْمُ نَحْوَالْفَقْرِ نَفْسُکَ فَاطَّرِحْ هَوَا هَاوَجَانِبْهُ مُجَانَبَةَ الشَّرِّ

ترجمہ: اگر فقر کی طرف تمہارا نفس اُٹھے تو نفس کی خواہشات کو پھینک دے اور ان سے اس طرح پرہیز کر جس طرح شر سے پرہیز کیا جاتا ہے۔

فرمایا اگر تمہاری ہمت طریق فقر یعنی تصوف کی طرف بلند ہو تو ان عبادات اور قربت کے اُمور کو جنہیں نفس نے شیخ کے حکم کے بغیر اختیار کر رکھا ہے ترک کر دے اور اس بارے میں ہوائے نفس سے اس طرح دور رہ جس طرح شر سے رہا جاتا ہے (کیونکہ نفس تو اسے بظاہر عبادت سمجھتا ہے اور چھوڑنا نہیں چاہتا مگر چونکہ یہ شیخ کے حکم کے بغیر کی گئی ہے اس لئے اسے چھوڑ دینا چاہیے) مقصد یہ ہے کہ مرید کی فلاح انہی اعمال میں ہے جنہیں شیخ کرنے کو کہے نہ کہ ان امور میں جنہیں وہ خود اپنے لئے اختیار کر لے اور اگر اختیار کر لے گا تو تباہ ہو جائے گا۔

(مؤلف کتاب کہتا ہے) کئی ایک مرید اسی وجہ سے تباہ ہو گئے کیونکہ مرید نور بصیرت حاصل ہونے سے پہلے اگر خود بخود نوافل پڑھنے اور روزے رکھنے لگ جائے تو ایسا بھی ہوتا ہے کہ یہ شہرت اور ریا کی خاطر کیا گیا ہوتا ہے تو یہ عمل ماسوا کے لئے ہو جاتا ہے لیکن اگر مرید کو شیخ مربی مل جائے تو وہ پہچان جاتا ہے کہ یہی اس کا مرض ہے اس لئے وہ ان امور سے اسے ہٹانا چاہتا ہے اگر مرید مان جائے اور اللہ کی عنایت بھی شامل حال ہو تو پیر وہ اعمال کرنے کو کہتا ہے جو اس کے مناسب ہوتے ہیں اور اس کی ایسی حالت کر دیتا ہے جو اللہ کے ہاں پسندیدہ ہو لیکن اگر مرید نہ مانے اور کہے دیکھو ہم تو شیخ کے پاس اس لئے آئے تھے کہ ہمیں شیخ اور عبادت کرنے کو کہیں گے اور یہ کرنے کی اور اس کی نیت شیخ مربی کے متعلق فاسد ہو جاتی ہے یہ وہ شخص ہے جس پر شیطان کا قبضہ ہو چکا ہوتا ہے اور ریا کی بیماری اس میں جڑ پکڑ چکی ہوتی ہے۔ نَسْاَلُ اللّٰہ السلامۃ والعافیہِ بِمَنِّہٖ وکرمِہٖ اَجْمعین۔

یہاں ہم صحابہ رضوان اللہ علیہم کی ایک جماعت کا قصہ نقل کرتے ہیں۔ یہ آنحضرت ﷺ کے گھر آئے اور آنحضرت ﷺ کی عبادت، شب بیداری اور روزوں کے متعلق ازواج مطہرات سے دریافت کیا۔ انہوں نے آنحضرت ﷺ کی عبادت کا ذکر کیا تو انہوں نے اسے بہت کم خیال کیا اور کہنے لگے ہم نبی ﷺ جیسے نہیں ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے ہیں۔ ایک نے کہا کہ میں تو ہمیشہ روزے رکھا کروں گا اور دوسرے نے کہا کہ میں تو رات بھر عبادت کرتا رہوں گا اور ہرگز نہ سوؤں گا اور تیسرے نے کہا میں عورت کے پاس نہ جاؤں گا۔ ان کے جانے کے بعد آنحضرت ﷺ تشریف لائے تو حضرت عائشہؓ نے بتلا دیا جو کچھ ان تینوں نے کہا تھا اس پر آنحضرت ﷺ نے انہیں بلایا اور فرمایا کہ میں تم سب سے زیادہ خدا سے ڈرنے والا ہوں۔ زیادہ پرہیزگار ہوں اور تم سے زیادہ اللہ کو جانتا ہوں۔ میں روزہ رکھتا بھی ہوں اور نہیں بھی رکھتا۔ شب بیداری بھی کرتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور عورت کے پاس بھی جاتا ہوں۔ لہٰذا جس نے میری سنت سے اعراض کیا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں اور یہ آیت نازل ہوئی

یَاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَیِّبَاتِ مَآاَحَلَّ اللّٰہُ لَکُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ط اِنَّ اللّٰہَ لَایُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ (سورہ مائدہ آیت ۸۷) مسلمانو! اللہ نے جو پاک چیزیں تمہارے لئے حلال قرار دی ہیں، انہیں حرام نہ بناؤ اور نہ ہی حد سے تجاوز کرو کیونکہ اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

راویوں میں اختلاف ہے کہ یہ لوگ کون تھے۔ بعض نے حضرت عثمان[5] بن مظعون، عبداللہ[6] بن مسعود اور ابو ہریرہؓ کو کہا ہے۔ بعض نے سعد[7] بن ابی وقاص کو ان میں شمار کیا ہے۔ بعض نے علی بن ابی طالب اور عبداللہ بن عمرو[8] بن العاص کو اور بعض نے ابوبکر صدیقؓ کو۔

خدا تجھے توفیق دے۔ دیکھو آنحضرت ﷺ نے انہیں نوافل زیادہ پڑھنے میں ہوائے نفس سے ہٹا کر کیسے اس عمل پر لوٹا دیا جو

ں محبوب ہے اور متوسط طریقہ کو ان کے لئے کیسے اختیار کیا۔ شیوخ اپنے توفیق یافتہ مریدوں کے ساتھ جو کچھ کیا کرتے ہیں یہ اس کی بڑی دلیل ہے۔ اوروں کے متعلق ہم بحث نہیں کر رہے۔

میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ ایک شیخ کے پاس بغرض بیعت آیا۔ یہ شخص بہت ہی عبادت کیا کرتا تھا۔ یہاں تک کہ ایک رات میں قرآن ختم کیا کرتا اور دن میں کئی بار دلائل الخیرات کا ورد کرتا اور ہمیشہ روزے رکھتا چنانچہ اس کا رنگ زرد پڑ گیا اور اس کی حالت مردوں کی ہوگئی۔ شیخ نے اسے آہستہ آہستہ نیچے اتارنا اور ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل کرنا شروع کیا۔ یہاں تک کہ وہ اسے اس پر لے آئے اس کے بعد حضرت نے اسے ایک دن کہا ارے تجھے اللہ نے کس قدر تھکان سے آرام وراحت بخشا ہے۔ مرید کہنے لگا کہ اللہ آپ کو جزا خیر دے۔ ہمارے اعمال تو محض ریاء کی غرض سے تھے اور ہم غیر اللہ کے لئے عبادت کیا کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی برکت سے اس سے راحت بخش دی۔

ایک مرتبہ مجھ سے حضرت نے کہا: اگر کوئی انسان نوافل نہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر آخرت میں گرفت نہ کرے گا لیکن اگر اس نیت سے نوافل پڑھے کہ لوگ اسے دیکھ کر اس کی تعریف کریں تو اس پر اسے قیامت میں سزا ملے گی کیونکہ ریاء معصیت ہے۔

نیز فرمایا: جو شخص اللہ سے محجوب ہوتا ہے وہ ریا اور شہرت طلبی سے خالی نہیں ہوتا۔ البتہ اگر ہر لحظہ اسے یہ نظر آ رہا ہو کہ اس کے تمام کاموں کا خالق اللہ ہے اور یہ تصور ہر کام کے کرتے وقت اس کی آنکھوں کے سامنے ہو (پھر کوئی حرج نہیں) لیکن جونہی کہ یہ صورت آنکھوں سے غائب ہوتی ہے خواہ ایک لمحہ کے لئے کیوں نہ ہو تو وہ ریا شہرت طلبی اور غرور میں مبتلا ہو جائے گا۔

١٧. وَضَعْهَا بِعِجْرِ الشَّيْخِ طِفلاً فَمَا لَهَا خُرُوْجٌ بِلَا فَطْمٍ عَنِ الحِجْرِوا الحَجْرِ

ترجمہ: اس نفس کو شیخ کی گود میں بچہ کی طرح رکھ دے لہٰذا یہ نفس شیخ کی گود اور روک ٹوک سے دودھ چھڑانے کے بغیر نہیں نکل سکتا۔

حضرت نے فرمایا: اپنے نفس کو شیخ کی گود میں رکھ تا کہ وہ اس کی اس طرح تربیت کرے جس طرح بچہ اپنی ماں کی گود میں تربیت پاتا چنانچہ جس طرح بچہ چھڑانے سے پہلے ماں کی گود سے نہیں نکلتا اسی طرح شیخ بھی اس کی تربیت مکمل ہونے سے پہلے اسے اپنی گود اور روک ٹوک سے الگ نہیں کرے گا یعنی شیخ ایک طرف تو اس کی پرورش کرے گا اور دوسری طرف اسے نامناسب کاموں سے روکے گا۔

١٨. وَمَنْ لَمْ يَكُنْ سَلْبَ الْإِرَادَةِ وَصْفُهُ فَلَا يَطْمَعَنْ فِيْ شَمِّ رَائِحَةِ الْفَقْرِ

ترجمہ: جس مرید میں سلب ارادہ کا وصف نہ پایا جائے اسے فقر کی بو سونگھنے کی امید نہ رکھنی چاہیے۔

حضرت نے فرمایا: جو مرید اپنے شیخ کے سامنے اس طرح رہے کہ اس نے اپنے ارادہ کو سلب کر دیا ہو تو اسے فقر کی بو سونگھنے کی خواہش رکھنی چاہیے۔

١٩. وَ هٰذَا وَاِنْ كَانَ الْعَزِيْزُ وُجُوْدَهُ وَلٰكِنَّهُ فِي الْعَزْمِ خَالٍ مِّنَ الْعُسْرِ

ترجمہ: اگر چہ یہ وصف کمیاب ہے لیکن پختہ ارادہ کے ہوتے ہوئے یہ کوئی مشکل بات نہیں ہوتی۔

فرمایا فقر کی بُو سونگھنے کی شرط یہ ہے کہ مرید مسلوب الارادہ ہو اور یہ وصف بہت کم پایا جاتا ہے لیکن اگر کوئی اس پر عزم کر لے تو پھر مشکل نہیں ہوتا۔

۲۰. وَلَا تَعْتَرِضْ يَوْمًا عَلَيْهِ فَإِنَّهٗ كَفِيْلٌ بِتَشْتِيْتِ الْمُرِيْدِ عَلٰى هَجْرِ

ترجمہ: اپنے شیخ پر کبھی بھی اعتراض نہ کرو کیونکہ یہ مرید کی پریشانی کے علاوہ پیر سے جدائی کا سبب بنتا ہے۔

حضرت نے فرمایا: کہ اپنے شیخ پر ہرگز اعتراض نہ کرنا کیونکہ شیخ پر اعتراض مرید کو اپنے رب سے الگ ہونے کے علاوہ پیر سے بھی جدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہاں تک تو حضرت کے اپنے دست مبارک سے لکھی ہوئی تشریح نقل کی ہے میری خواہش تھی کہ تمام کا تمام قصیدہ حضرت سے پڑھتا تاکہ حضرت کی عادت کے مطابق ہم ان سے اسرار و معارف ربانیہ حاصل کرتے۔ بقیہ اشعار کی شرح حضرت نے نہیں فرمائی۔ پہلے خیال آیا کہ بغیر شرح کے ہی لکھ دوں مگر پھر خیال کیا کہ شرح کو زیادہ طول دینے کے بغیر اس کی شرح کردوں۔

۲۱. وَمَنْ يَعْتَرِضْ وَ الْعِلْمُ عَنْهُ بِمَعْزِلٍ يَرَى النَّقْصَ فِيْ عَيْنِ الْكَمَالِ وَلَا يَدْرِيْ

ترجمہ: اور جو شخص باوجود اس کے کہ اسے کوئی سروکار نہیں شیخ پر اعتراض کرتا ہے وہ کمال کو ناقص سمجھتا ہے حالانکہ وہ خود کچھ نہیں جانتا۔

یعنی جو شخص اپنے شیخ یا کسی اور اہل طریقت پر اعتراض کرے گا' حالانکہ وہ خود جاہل ہے تو وہ کمال کو ناقص سمجھے گا اور معاملات کو سمجھتے ہوئے الٹ دے گا۔ اس شعر کا مضمون دراصل شیخ شہاب[9] الدین سہروردی کی کتاب عوارف المعارف سے لیا گیا ہے جہاں فرماتے ہیں کہ جب مرید کو شیخ کی کوئی حالت سمجھ میں نہ آئے تو موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کے قصہ کو یاد کرے کہ خضر علیہ السلام کس طرح کوئی کام کرتے تھے اور موسیٰ علیہ السلام اس پر اعتراض کرتے تھے اور جب خضر علیہ السلام اس کا راز بتادیتے تھے تو موسیٰ علیہ السلام اپنے اعتراض واپس لے لیتے تھے۔ ان اُمور کی حقیقت کو جو شیخ سے سرزد ہوتے ہیں' نہ جانتے ہوئے مرید جب اعتراض کرتا ہے تو پیر کے علم و حکمت زبان اس کا عذر پیش کردیتی ہے۔ یہ رائیہ نظم عوارف کا اختصار ہے۔ چنانچہ عوارف رائیہ کی اصل ہے۔

شیخ کی باتوں پر اعتراض نہیں کرنا چاہیے:

ابوالحسن شستری[10] فرماتے ہیں مشائخ کی باتوں پر اعتراض نہیں کرنا چاہیے اس لئے کہ وہ جو تصرف کرتے ہیں وہ بصیرت اور کے حکم سے کرتے ہیں اور وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں جو عالم حجاب کے تحت میں آسکیں اور جو عالم ملکوت کی طرف نگاہ لگائے رکھتے اور ان کی عقلیں صرف ظاہر پر فریفتہ ہوتی ہیں بلکہ وہ تو ان میں سے ہوتے ہوئے بھی ان سے الگ ہوتے ہیں۔ حرکات' سکنات' اقوال' زبان اور جو حرف وہ بولتے ہیں وہ ان تمام امور میں عام لوگوں کے ہم جنس ہوتے ہیں۔ یہ لوگ ایک اور لحاظ سے بھی ان سے مختلف ہوتے ہیں اس لئے ان لوگوں کے سوا جو انہی میں سے ہوتے ہیں کوئی شخص ان کی حالت کو معلوم نہیں کرسکتا۔ واللہ اعلم۔

۲۲. وَمَنْ لَمْ يُوَافِقْ شَيْخَهٗ فِيْ اِعْتِقَادِهٖ يَظَلُّ مِنَ الْاِنْكَارِ فِيْ لَهَبِ الْجَمْرِ

ترجمہ: جو شخص اپنے اعتقاد میں اپنے شیخ کی موافقت نہ کرے گا تو اپنے انکار کی وجہ سے وہ انگاروں کے شعلوں میں جھلسے گا۔

مطلب یہ ہے کہ شیخ جو کام کرتا ہے درست کرتا ہے لہٰذا مرید کو بھی یہی اعتقاد رکھنا چاہیے لہٰذا اگر مرید کا یہی اعتقاد ہوگا تو اُٹھائے گا لیکن اگر اپنے شیخ کے اعتقاد کی مخالفت کرے گا اور یہ عقیدہ رکھے گا کہ شیخ نے فلاں کام کرنے میں غلطی کی تو شیخ اسے اپنے

ے گا اور یہ جدائی اس کے لئے انگاروں کی طرح ہوگی۔

محی الدین[11] بن العربی فرماتے ہیں کہ مرید بننے کی ایک شرط یہ ہے کہ اس کا یہ عقیدہ ہو کہ شیخ اپنے رب کی شریعت اور ہدایت پر ہے اور وہ شیخ کے احوال کو اپنے ترازو میں نہ تولے کیونکہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ شیخ سے کوئی ایسا فعل سرزد ہوتا ہے جو بظاہر مذموم ہوتا ہے یقت محمود ہوتا ہے اس لئے مرید کے لئے تسلیم ورضا ہی ضروری ہے کئی ایک شیخ ہم نے دیکھے جن کے ہاتھ میں شراب تھی جسے انہوں کی طرف اٹھایا مگر اللہ تعالیٰ نے اسے شہد میں بدل دیا اور دیکھنے والوں کو یہی خیال ہوتا ہے کہ اس نے شراب پی ہے۔ حالانکہ اس پیا ہوتا ہے۔ اسی قسم کے بہت سے واقعات ہیں ہم نے ایسے لوگوں کو بھی دیکھا ہے جو اپنی روحانیت کو ایک صورت میں پاتے ہیں ی صورت میں اسے ایک کام پر لگاتے ہیں۔ حاضرین اسے وہ کام کرتے ہوئے دیکھتے ہیں اور کہتے ہیں ہم نے خود فلاں شیخ کو فلاں تے ہوئے دیکھا ہے حالانکہ ان کا اس کام میں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ ابوعبداللہ المصلی[12] جو قضیب البان کے نام سے مشہور تھے۔ ان کا تھا اور ہم نے خود یہ بات کئی ایک لوگوں میں مشاہدہ کی ہے۔

۲۳. فَذُوالْعَقْلِ لَایَرْضٰی سِوَاهُ وَاِنْ نَأٰی عَنِ الْحِقَ نَأٰی الَّلیْلَ عَنْ وَاضِحِ الْفَجْرِ

مہ: عقلمند مرید اپنے شیخ کے سوا کسی پر راضی نہ ہوگا خواہ شیخ بظاہر حق سے اتنا ہی دور کیوں نہ ہو جائے جتنی کہ تاریک رات روز روشن سے۔

یعنی جس شخص کی عقل سلیم اور طبع مستقیم ہوگی، اپنے شیخ کے سوا کسی اور سے خوش نہ ہوگا اور وہ اسی کے ساتھ رہے گا خواہ وہ حق سے قدر دور کیوں نہ ہو جائے جس قدر رات اور دن کا بعد ہے۔ چنانچہ وہ دل میں کہے گا کہ ہوسکتا ہے کہ اس کی کوئی وجہ ہو جس کی ضرت مجھے دے دیں گے۔

یں نے حضرت سے سنا کہ جب مرید کو شیخ کے کسی ایسے فعل کی اطلاع ہو جو اس سے سرزد ہوا ہو اور وہ فعل بظاہر شریعت کے مخالف وہ اپنے شیخ کے متعلق حسن ظن رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ جب اسے فتح نصیب کرے گا تو ان کے اسرار بھی بتا دے گا۔

۲۴. وَلَا تَعْرِفَنْ فِی حَضْرَةِ الشَّیْخِ غَیْرَهٗ وَلَا تَمْلَأَنْ عَلَیْنَا مِنَ النَّظَرِ الشَّزْرِ

ترجمہ: شیخ کے آستانہ پر آ کسی اور سے جان پہچان نہ رکھ اور نہ ہی اپنے شیخ کی طرف ترچھی نگاہ سے دیکھ۔

اس قسم کے ادب کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مرید کو شیخ کے ساتھ استغراق حاصل ہو جائے گا اور مرید اسی کا ہو لے گا اور شیخ کے اسرار حاصل کے لئے وہ اپنی ذات سے غائب ہو جائے گا۔ لہٰذا اس کے ادب بجالانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ کے ہاں بھی اسے اس کا اچھا پھل

یاد رکھیں کہ اس قسم کا ادب مرید اسی وقت کر سکتا ہے جب کہ شیخ کی طرف سے بھی باطنی کشش پائی جائے کیونکہ جب شیخ کی محبت کی مرید پر پڑتی ہیں تو اسے گھیر کر شیخ کی طرف لے آتی ہیں اور اسے ہر ایسی بات سے بچا لیتی ہیں جس سے قطع تعلق پیدا ہو جائے۔ یہ قائم رہیں گی اتصال بھی قائم رہے گا اور اگر منقطع ہو گئیں تو تعلق بھی منقطع ہو جائے گا۔

ایک شیخ کا ایک مرید تھا جو ہر وقت ان کے ساتھ رہتا تھا۔ پانچوں نمازیں ان کے ساتھ پڑھتا تھا اور کسی وقت بھی غائب نہ ہوتا تھا نھ ہی اس کا خیال یہ تھا کہ یہ اس کی اپنی محبت کی وجہ سے ہے جو اسے شیخ سے ہے نہ کہ شیخ کی اس سے محبت کی وجہ سے۔ چنانچہ ایک

مرتبہ شیخ نے کہا: کیا تجھے مجھ سے محبت ہے؟ مرید نے جواب دیا: حضرت میری محبت کی وجہ سے ہی تو یہ اتصال ہوا ہے۔ شیخ نے فرمایا: تجھے معلوم ہو جائے گا۔ اس دن سے وہ شیخ کے پاس نہ جا سکا' یہاں تک کہ پورا ایک سال گزر گیا اور شیخ کی خدمت میں رہنا تو درکنار وہ ان دیکھ بھی نہ سکا۔ تا آنکہ شیخ نے اسے معاف کر دیا۔

ایک پیر نے اپنے مریدوں سے کہا: کیا تم کو مجھ سے محبت ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا حضرت آپ سے بڑھ کر ہمیں کون عزیز سکتا ہے۔ پھر فرمایا: کیا میں تم سے محبت کرتا ہوں؟ مریدوں نے جواب دیا: ہمیں معلوم نہیں۔ فرمایا: تم نے کوئی کام کی بات نہیں کی پہلے مجھے ہی تم سے محبت ہوئی اور جب اس کے انوار کی روشنی تم پر پڑی تو تمہیں بھی مجھ سے محبت ہو گئی۔

حضرت عبدالعزیز دباغ کے مریدوں نے جب سے آپ کو دیکھا ہے۔ ان کے دل اوروں سے جان پہچان کرنے اور ان زیارت کرنے سے ٹھنڈے پڑ گئے اور بعض تو ایسا محسوس کرتے ہیں کہ انہیں اوروں کے پاس جانا منع ہے۔

ایک شخص نے بیان کیا کہ وہ حضرت کی زیارت کے لئے آ رہا تھا کہ راستہ میں کچھ لوگ اسے مل گئے اور اسے ولی صالح حضرت ابوعبریہ جو ایک مشہور ولی گزرے ہیں کے مزار کی زیارت کے لئے جانے کو کہا۔ میں حیا کے سبب انہیں انکار نہ کر سکا اور ان کے ساتھ حالانکہ مجھے وہاں جانے کی خواہش نہ تھی لیکن جب مزار پر پہنچا تو پیٹ میں درد ہونے لگا اور رات بھر ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ میں زیارت نہ کر سکا۔ جب دن کے وقت وہاں سے باہر آئے تو درد جاتا رہا گویا کبھی تھا ہی نہیں۔ اسی شخص نے بتایا کہ مجھ سے بھی اسی قسم کا واقعہ پیش تو میں سمجھ گیا کہ یہ حضرت کی طرف سے توجہ کی وجہ سے ہے۔

(مؤلف کہتا ہے کہ) حضرت کی عادت تھی کہ جب آپ کے مرید آپ کے پاس آتے تو جو کچھ بھی ان سے راستہ میں پیش تھا ان سے بیان کر دیتے یہاں تک وہ باتیں بھی بیان فرما دیتے جو ان کی آپس میں ہوئی ہوتیں اور جو کچھ ان کے دل میں ہوتا وہ بھی دیتے۔ ایک شخص سے تو اس سے بھی زیادہ عجیب واقعہ پیش آیا اس طرح کہ حضرت کے پاس آنے سے تقریباً سات سال پہلے سے یوں محسوس ہو رہا تھا کہ اسے صالحین کی زیارت سے روک دیا گیا ہے۔ اس سے وہ بڑا مایوس ہو گیا اور سمجھنے لگا یہ بدبختی اور شقاوت کی علامت ہے چنانچہ وہ ایک شخص کے پاس گیا اور عرض کیا کہ صالحین کی زیارت مجھے بوجھل معلوم ہوتی ہے۔ اس شخص نے جواب دیا انہیں بوجھل معلوم ہوتا ہے۔ یہ جواب سن کر وہ اور بھی مایوس ہوا پھر ایک اور نیک آدمی کے پاس گیا اور اپنی اس حالت کا تذکرہ کیا نے جواب دیا: کبھی وہ رُوح بارگاہ خداوندی میں نہیں ہوتی تو اس وقت قبر میں موجود ہوتی ہے' ہو سکتا ہے کہ جب تو مزار پر جا وقت اس کی رُوح بارگاہ ایزدی میں ہوتی ہو اور قبر میں نہ ہوتی ہو جس کی وجہ سے تجھے انس حاصل نہ ہوتا ہو اور وحشت سی ہو جاتی سن کر اسے قدرے تسلی ہوئی مگر پھر بھی کہنے لگا کہ جب بھی زیارت کے لئے آؤں ولی قبر میں نہ ہو تو یہ بھی تو ایک قسم کی بدبختی جب وہ حضرت کی خدمت میں آیا تو سب سے اہم وضروری سوال اس نے یہی کیا کہ حضرت صالحین کی زیارت مجھے بوجھل م ہے۔ میں نے فلاں بزرگ سے بھی اس کی شکایت کی اور انہوں نے یہ جواب دیا۔ پھر فلاں سے شکایت کی تو انہوں نے یوں آپ کیا فرماتے ہیں؟ حضرت نے ایک دکان میں گلاب کا پھول لٹکتا ہوا دیکھ کر فرمایا: اگر یہ دکاندار ہر ایک کو اس پھول کو پکڑنے ہاتھ لگانے دے تو یہ کمہلا کر خشک ہو جائے لہٰذا مناسب یہی ہے کہ وہ اسے ہر ایک کے ہاتھوں سے بچائے۔ اس سے میں سمجھ گیا سے ملاقات کرنے کی خاطر کئی سال پہلے سے ہی مجھے اوروں کی زیارت سے روک دیا گیا ہے۔

ں اور مرید کا واقعہ:

حضرت کے مریدوں میں سے ایک شخص کو ایک بزرگ میں بہت اعتقاد اور محبت تھی اور وہ اکثر ان کی زیارت کو جایا کرتا اس طرح ان بت میں اپنے سات سال گزر گئے یہاں تک کہ ان کی محبت اس کی رگ و پے میں سرایت کر گئی اور اس نے عہد کر رکھا تھا کہ ان کی وفات ندہ وہ کسی اور سے ملاقات نہ کرے گا اس لئے کہ اس کا خیال یہی تھا کہ کوئی اور ان جیسا ہو ہی نہیں سکتا۔ لیکن جب وہ حضرت کی خدمت یا اور ابھی تھوڑی دیر ہی آپ کے پاس بیٹھا تھا کہ وہ اس ولی کی زیارت کے لئے ہی نہ جا سکا۔ اس نے حضرت سے کہا میں نے عجیب یکھی ہے۔ مجھے فلاں بزرگ سے بے حد محبت تھی اور مجھے یقین تھا کہ کوئی اور ان کی جگہ نہیں لے سکتا لیکن آپ کے پاس ابھی ایک ں بیٹھا ہوں کہ یہ سب کچھ زائل ہو گیا حالانکہ نہ ان کا ذکر ہوا اور نہ کوئی ایسی بات ہوئی جس کی وجہ سے ان کی محبت جاتی رہے۔

حضرت نے فرمایا: بزرگ ولی تھا اور تیری محبت بھی سچی تھی، لیکن اس محبت کی کوئی حقیقت نہ تھی۔ اس کے بعد حضرت نے داستان رمائی کہ ایک چھوٹا بچہ ہو جو اپنے باپ سے جدا ہو گیا ہو اسے ایک شخص نے اپنی تربیت میں لے لیا ہو چنانچہ یہ بچہ اسے بھی ابا کہہ کر ہو اور اس سے اپنے باپ کی طرح محبت کرتا ہو تا آنکہ بچہ بڑا ہو جائے اور اس پر تقریباً سات سال کا عرصہ گزر جائے۔ اس کے بعد حقیقی باپ آ جائے اور اپنے بیٹے کو اس پالنے والے باپ کے گھر کے صحن میں بیٹھا دیکھے اور کچھ دیر سامنے کھڑا رہنے کے بعد گزر تو صرف اتنی بات سے ہی بچے کا تمام میلان اپنے حقیقی باپ کی طرف ہو جائے گا اور اپنے تربیت کرنے والے باپ سے اسے قطعاً نہ رہے گی۔ لہٰذا کوئی شخص اس کے دل میں اس کے حقیقی باپ کی جگہ نہ لے سکے گا۔ حالانکہ اس سے پہلے اسے یہی خیال تھا کہ اس کی ت کرنے والا شخص ہی اس کا باپ ہے۔

وہ شخص کہتا ہے کہ حضرت کی اس مثال سے اس محبت میں سے جو کچھ تھوڑا سا اثر بھی باقی رہا تھا، وہ بھی جاتا رہا۔

بزرگوں کا یہی حال ہے یہاں تک کہ کہتے ہیں کہ مرید تو حمام کے کوزوں کی طرح ہیں جن کے ہاتھ آ گئے اسی کے ہو گئے۔ لہٰذا وہ واپنے مریدوں پر اس لئے ناراض ہوتا ہے کہ مرید اسے چھوڑ کر کسی اور کے پاس چلا گیا ہے یا تو کمزور ہے یا بے فیض۔ اس کی کمزوری بے فیض ہونے کی وجہ سے تو مرید کسی اور کے پاس چلا گیا ہے۔

کئی بار ایسا ہوا کہ حضرت کسی بزرگ کے مزار پر زیارت کے لئے تشریف لے گئے اور آپ کے ساتھ آپ کے مریدوں کی ایک ت بھی ہوتی جو کہتی کہ حضرت ہم تو آپ ہی کی زیارت کے لئے آئے ہیں اور آپ ہی ہمارا مقصود ہیں خواہ آپ کہیں تشریف لے ا۔ چنانچہ جب آپ مزار پر پہنچتے تو آپ یا تو اکیلے اندر جاتے یا کسی ایک کو اپنے ساتھ لے لیتے اور باقی باہر رہتے اس اعتقاد پر کہ کوئی ان کے مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتا نہ زندوں میں سے نہ مردوں میں سے۔ صرف صحابہ رضوان اللہ علیہم کو ان پر فضیلت دیتے اس لئے حضرت سوا ان کی زندگی میں اور بعد بھی۔ ان کی موجودگی اور ان کی غیر حاضری میں کسی اور کو نہ جانتے۔

جب حضرت کی وفات ہو گئی تو میں اکثر ان کی زیارت کے لئے جاتا۔ ایک مرتبہ مجھے خواب میں آئے اور فرمایا کہ قبر میں بھی میری ت حجاب میں نہیں ہے بلکہ تمام دنیا میں چلتی پھرتی رہتی ہے جس جگہ بھی تو مجھے تلاش کرے تو مجھے وہیں پالے گا۔ مگر خبردار کہیں یہ خیال مارے دل میں آ جائے کہ میں تیرا رب ہوں۔ اس لئے کہ پروردگار دنیا کے اندر محصور نہیں ہے اور میں تو محصور ہوں۔ حضرت نے یہ

الفاظ خواب میں فرمائے۔ اسی طرح زندگی میں بھی فرمایا کرتے تھے کہ بعض اوقات تمام جہاں میرے پیٹ کے اندر ہوتا ہے ایک اور مرتبہ فرمایا کہ مومن بندہ کی نگاہ میں ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں اس حلقہ کی مانند ہوتی ہیں جو جنگل میں پڑا ہو۔ لہٰذا اس شعر میں

لَا تَعْرِفَنْ فِی حَضْرَةِ الشَّیْخِ غَیْرَہ

حضرت سے مراد اپنے اپنے مراتب کے اعتبار سے مختلف ہوگی چنانچہ ہمارے پیر کی بارگاہ تمام جہاں ہے۔ واللہ اعلم

۲۵. وَلَا تَنْطِقَنْ یَوْمًا لَدَیْهِ فَاِنْ دَعَا اِلَیْهِ فَلَا تَعْدِلْ عَلٰی[۱۳] الکلم النَّزْرِ

ترجمہ: شیخ کی موجودگی میں خاموش رہو اور اگر وہ کوئی بات پوچھیں تو مختصر جواب دو

اپنے شیخ کے سامنے خاموش رہو اور اگر وہ کوئی بات پوچھیں تو زیادہ باتیں نہ کرو کیونکہ اس طرح پیر کے رعب میں فرق آتا ہے ہاں البتہ خود شیخ بات لمبی کہنے کو فرمائیں تو ان کے حکم کی رعایت رکھتے ہوئے لمبی بات کردی جائے' مگر جب ان کی تسلی ہو جائے تو پھر ا ادب کا لحاظ رکھتے ہوئے خاموشی اختیار کرنی چاہیے۔ چنانچہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ جب حضرت مشاہدہ میں غائب ہوتے تھے تو فر کرتے خوب شور مچاؤ۔ اللہ تمہیں اس کا اجر دے گا۔ اس لئے کہ حضرت اس شور مچانے سے اپنے حواس کی طرف لوٹ آتے تھے۔

اس شعر کا مضمون عوارف المعارف (سہروردی کی کتاب) سے لیا گیا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فرمان لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ کی تاویلات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ بعض کا قول ہے کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں اتری جو آنحضرت ﷺ کی مجلس میں آیا کرتے تھے۔ جب آنحضرت ﷺ کوئی بات پوچھتے تو اس پر بحث کرنے لگ جاتے اور آپ ﷺ کے فرمانے سے پہلے اپنا فیصلہ دے دیتے اس لئے اس آیت میں انہیں اس بات سے منع کر دیا گیا۔ شیخ کی مجلس میں مرید کی بھی یہی حالت ہونی چاہیے۔ ا خاموش رہنا چاہیے اور اس کی موجودگی میں کوئی اچھی بات بھی نہیں کہنی چاہیے۔ البتہ شیخ پوچھیں تو کہیں۔ شیخ کی حاضری میں مرید کی م ایسی ہے جیسے کوئی ساحل پر بیٹھا اس رزق کا منتظر ہو جو اس کی طرف لایا جا رہا ہے لہٰذا شوق سے شیخ کا کلام سننا اور شیخ کے کلام سے جو کچھ ا فیضان حاصل ہوگا اس کے مقام ارادت' طلب اور اللہ کے فضل کا زیادہ ہونا اس کے لئے محقق ہو جائے گا مگر خود باتیں کرنا اسے مقام ط سے لوٹا کر ایسے مقام پر لا کھڑا کرے گا جہاں وہ اپنے نفس کے لئے کسی بات کا ثبوت دے رہا ہو اور مرید کے لئے یہ گناہ کے برابر ہے۔

ایک سچے مرید کو شیخ کے دربار میں زبان سے سوال کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ شیخ خود ہی اس کی خواہش کے مطابق شروع کر دیں گے۔ اس لئے کہ شیخ خدا سے باتیں سن کر بات کرتا ہے اور وہ صدیقین کی موجودگی میں اپنے دل کو اللہ کی طرف بلند کر اور ان کے لئے بارش و سیرابی کی درخواست کرتا ہے۔ اس طرح اس کا دل و زبان قول و نطق میں ان طالبوں کے حالات کو سمجھنے میں لگ ہے جو اس کی فتوح کے محتاج ہوتے ہیں۔ پھر فرماتے ہیں کہ ان باتوں میں جو حق سبحانہ اس کی ذات پر جاری کرتے ہیں وہ بھی اور د طرح کا ایک سننے والا ہے۔

شیخ ابوالسعود[۱۴] رحمتہ اللہ جو باتیں انہیں القاء ہوتیں اپنے مریدوں سے ذکر کرتے اور فرماتے میں بھی تمہاری طرح ان باتوں کا والا ہوں۔ حاضرین میں سے ایک صاحب اس کا مطلب نہ سمجھ سکے اور کہنے لگے کہ جب کہنے والا جانتے ہوئے کوئی بات کر رہا ہو والے کی طرح کیسے ہو سکتا ہے۔ گھر پہنچے تو خواب میں دیکھا کہ کوئی اسے کہہ رہا ہے غوطہ زن سمندر میں موتیوں کی تلاش میں غوطہ لگا

تھیلے میں سیپ بھر کر لاتا ہے اور موتی اس کے پاس ہوتے ہیں مگر ان موتیوں کو تب ہی دیکھ سکتا ہے جب سمندر سے نکلتا ہے اور ساحل ے لوگ ان موتیوں کو دیکھنے میں اس کے برابر کے شریک ہوتے ہیں اس طرح وہ خواب میں شیخ کا اشارہ سمجھا۔ لہٰذا شیخ کی موجودگی میں ید کے لئے یہی بہتر ہے کہ جب تک شیخ خود نہ بات شروع کریں وہ خاموشی رہیں۔

۲۶. وَلَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِهٖ وَلَا تَجْهَرُوْا جَهْرَ الَّذِیْ هُوَ فِیْ قَفْرٍ

ترجمہ: شیخ کی آواز سے اپنی آواز کو زیادہ بلند نہ کرو اور نہ ہی اس طرح بات کرو جس طرح گنوار لوگ کیا کرتے ہیں۔

فرمایا: مریدو! شیخ کی آواز سے اپنی آواز اُونچی نہ ہونے دو کیونکہ یہ سوءادب ہے اور نہ ہی اس طرح بات کرو جس طرح بادیہ نشین اُجڈ لوگ باتیں کرتے ہیں، لیکن ان کی تعظیم کیا کرو اور یا سیدی یا استاذی، یا ولی اللہ وغیرہ الفاظ استعمال کرو۔ اس شعر کا مضمون

یَاایُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَاتَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَ اَنْتُمْ لَاتَشْعُرُوْنَ (سورۃ الحجرات آیت ۲)

مسلمانو اپنی آواز نبی ﷺ کی آواز سے بلند نہ کیا کرو اور نہ ہی انہیں اس طرح پکارا کرو جس طرح تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو تا کہ کہیں تمہارے اعمال ضائع نہ ہو جائیں اور تمہیں محسوس ہی نہ ہو) سے لیا گیا ہے۔

حضرت ثابتؓ کا واقعہ:

سہروردی عوارف معارف میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے صحابہ کو یہ فرما کر کہ اپنی آواز کو نبی ﷺ کی آواز سے زیادہ بلند نہ کیا کرو۔ انہیں ادب سکھایا ہے۔ ثابت[15] بن قیسؓ بن شماس اُونچا سنتے تھے اور ان کی آواز بھی بلند تھی۔ جب بولتے تو بلند آواز سے۔ بعض اوقات آنحضرت ﷺ سے بات کرتے تو آپ ﷺ کو اس سے تکلیف ہوتی۔ اس پر یہ آیت اتری اور انہیں اور دوسروں کو ادب سکھایا گیا۔ اس آیت کا شان نزول بیان کرنے کے بعد سہروردی فرماتے ہیں کہ یہ آیت اس جھگڑے کے بارے میں نازل ہوئی جو آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں ابوبکرؓ اور عمرؓ کے درمیان ہوا۔ چنانچہ اس آیت کے اُترنے کے بعد حضرت عمرؓ جب بھی آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں بات کرتے تو اس قدر آہستہ بولتے کہ بات سنی بھی نہ جاتی تھی۔ یہاں تک کہ دوبارہ پوچھنا پڑتا۔ کہتے ہیں کہ جب یہ آیت اُتری تو ابوبکرؓ نے قسم کھالی کہ آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں نہایت ہی آہستہ بات کیا کریں گے۔ لہٰذا شیخ کی بارگاہ میں مرید کو بھی ایسا ہی ہونا چاہیے کہ نہ آواز بلند کرے اور نہ زیادہ ہنسے نہ زیادہ باتیں کرے۔ ہاں اگر شیخ اس سے کھل جائے تو آواز بلند کر سکتا ہے کیونکہ جب وقار دل میں گھر کر لیتا ہے تو زبان کو باندھ دیتا ہے۔ بعض اوقات مرید کے دل میں شیخ کا اس قدر احترام و وقار پیدا ہو جاتا ہے کہ وہ شیخ کی طرف آنکھ بھر کر نہیں دیکھ سکتا۔

ابن عطا[16] کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان لَاتَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ میں تھوڑی بات پر ڈانٹ دی گئی ہے تا کہ کوئی اس سے آگے نہ جا سکے۔

سہلؒ کہتے ہیں کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ نبی ﷺ سے خطاب صرف اس وقت کیا کرو جب تمہیں کوئی بات پوچھنی ہو۔

ابوبکرؒ[18] بن طاہر کہتے ہیں کہ آپ سے خطاب کرنے میں پہل نہ کرو اور جواب دو تو احترام کا لحاظ رکھتے ہوئے اور ان سے اس طرح آواز بلند کر کے نہ بولو جس طرح تم ایک دوسرے سے کلام کیا کرتے ہو۔ یعنی ان سے سخت لہجہ میں بات نہ کرو اور نہ ہی ان کا نام لے کر پکارو جیسا کہ تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو بلکہ ان کی تعظیم و تکریم کرو اور یا نبی اللہ اور یا رسول اللہ ﷺ کہہ کر پکارا کرو۔

شیخ سے مرید کا طرز تخاطب بھی اسی طرح کا ہونا چاہیے کیونکہ جب کسی کا وقار دل میں گھر کر جائے تو کیفیت خطاب زبان پر ظاہر ہو جاتی ہے۔ چنانچہ جب لوگوں کے دلوں میں اولاد اور ازواج کی محبت ہوتی ہے اور یہ نفس کی خواہشات اور طبیعت پر غالب آ جاتی ہے تو زبان سے ایسے ایسے عجیب الفاظ نکلتے ہیں جنہیں محبت و کلفت اسی وقت گھڑ لیتی ہے۔ اسی طرح جب دل میں کسی کا وقار و احترام آ جائے تو زبان اسی قسم کی عبارت سیکھ لیتی ہے۔

پھر ثابتؒ بن قیس کا فعل ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں جب اس کے اپنے آپ کو قید کرنے کے بارے میں آیت نازل ہوئی اور آنحضرت ﷺ نے اس کی سعادت مند زندگی' شہادت کی موت اور جنت میں جانے کی گواہی دی اور بالآخر اس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی

اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی ط لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ (سورہ حجرات آیت ۳)

جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے سامنے آواز کو پست رکھتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں۔ جن کے دلوں کو اللہ نے تقویٰ کے لئے آزما لیا ہے ان کے لئے مغفرت اور اجر عظیم ہے۔

اور موت کے بعد وصیت کرنا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کا اسے جائز قرار دینا یہ سب حضرت ثابتؓ کی کرامات تھیں جو ان کے تقویٰ اور رسول اللہ ﷺ کے احترام کرنے کی وجہ سے انہیں عطا ہوئیں۔ لہٰذا مرید کو ان سے عبرت حاصل کرنی چاہیے اور اسے جاننا چاہیے کہ شیخ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی یاد دلانے والا ہوتا ہے اور شیخ کے ساتھ جن امور کا اسے خیال رکھنا چاہیے بعینہ وہی امور ہیں کہ اگر آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہوتا تو اسے ان کا خیال رکھنا پڑتا لہٰذا جب لوگوں نے ادب کا حق ادا کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے بھی ان کے حال کی خبر لوگوں کو دیدی اور ان کی تعریف کی۔ چنانچہ فرمایا

اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی (یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لئے خالص کر دیا ہے جس طرح سونا آگ میں ڈالنے سے خالص ہو جاتا ہے)

اب چونکہ زبان دل کی ترجمان ہوتی ہے اس لئے جب دل خالص ہو گیا تو الفاظ میں بھی شائستگی آ گئی۔ مرید کو شیخ کے سامنے ایسا ہونا چاہیے۔

ابوعثمان[19] کہتے ہیں بزرگوں سے ادب سے پیش آنا اور بڑے بڑے اولیاء کی مجلس میں ادب کا لحاظ رکھنا انسان کو بلند درجوں تک پہنچاتا اور دنیا اور آخرت میں بہت فائدہ پہنچاتا ہے چنانچہ آپ دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے فرمایا

لَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰی تَخْرُجَ اِلَیْهِمْ لَکَانَ خَیْرًا لَّهُم (سورہ الحجرات ۵)

(اگر یہ لوگ آپ کے خود باہر آنے تک صبر کرتے تو ان کے لیے بہتر تھا)

پھر اس کے بعد فرمایا:

اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَکَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَکْثَرُهُمْ لاَ یَعْقِلُوْنَ (سورۃ حجرات آیت نمبر ۴)

اس آیت میں مرید کو شیخ کے پاس آنے اور شیخ کے خود بخود نکلنے تک مرید کے صبر کرنے کا ادب سکھایا گیا ہے۔

۲۷. وَلاَ تَرْفَعَنْ بِالضِّحْکِ صَوْتَکَ عِنْدَهٗ فَلَا قُبْحَ اِلَّا دُوْنَ ذٰلِکَ فَاسْتَقِرْ

ترجمہ: شیخ کے پاس بیٹھ کر قہقہہ لگا کر مت ہنسو۔ یہ تمام برائیوں سے بڑھ کر برائی ہے۔ تلاش کر کے دیکھ لو (کہ آیا یہ بہت بڑی برائی ہے یا نہیں)

کثرت سے ہنسنے سے دل مردہ ہو جاتا ہے اور شیخ کی موجودگی میں قہقہہ لگا کر ہنسنا بہت ہی سخت بے ادبی ہے اور بہت ہنسنا رعونت کی علامت سمجھا گیا ہے جبھی تو امام ابوحنیفہؒ نے قہقہہ کو گناہ شمار کیا ہے اور اس سے وضو ٹوٹ جانے کا حکم لگایا ہے۔

۲۸. وَلَا تَقْعُدُوْا قُدَّامَهٗ مُتَرَبِّعًا وَلَا بَادِیًا رِجْلاً فَبَادِرْ اِلَی السَّتْرِ

ترجمہ: شیخ کے سامنے پلوتھی مار کر یا پاؤں پھیلا کر مت بیٹھو (اگر پاؤں پھیل جائے تو) فوراً سمیٹ لو۔

ابو طالب مکیؒ فرماتے ہیں علماء کے بیٹھنے کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں گھٹنوں کو کھڑے کر کے بیٹھے اور بعض پاؤں کے بل بیٹھتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ گوٹھ مار کر بیٹھا کرتے تھے۔

۲۹. وَلَا بَاسِطًا سَجَّادَةً بِحُضُوْرِهٖ فَلَا قَصْدَ اِلَّا السَّعْیُ لِلْخَادِمِ الْبَرِّ

۳۰. وَسَجَّادَةُ الصُّوْفِیِّ بَیْتُ سُکُوْنِهٖ وَلَا وَکْرَ اِلَّا اَنْ یَطِیْرَ عَنِ الْوَکْرِ

ترجمہ: شیخ کی موجودگی میں سجادہ بچھا کر نہ بیٹھ اس لئے کہ نیک خادم کا کام خدمت گزاری میں دوڑ دھوپ کرنا ہی ہے اور صوفی کا سجادہ تو اپنی رہائش کی جگہ میں ہونا چاہیے۔ تمہارا اپنا گھونسلا تو اسی وقت بنے گا جب تو اس شیخ کے گھونسلے سے اڑ کر چلا جائے گا۔

فرماتے ہیں کہ اپنے شیخ کی موجودگی میں سجادہ پھیلا کر اس پر نہ بیٹھ اس لئے کہ یہ اصل مقصد کے منافی ہے۔ اصل مقصد شیخ کی خدمت' اس کے احکام کی پابندی اور ان کی ضروریات اور مہمات میں اپنی جان تک دے دینا ہے اور سجادہ پر بیٹھے رہنا آرام و راحت کا مقتضی ہونے کے علاوہ شیخ سے برابری کرنے کا شک گزرتا ہے۔ حالانکہ صوفی کے سجادہ کی اصلی جگہ اس کا اپنا گھر ہے نہ کہ شیخ کی مجلس بلکہ شیخ کی مجلس میں تواضع' انکساری اور خدمت گزاری کرنی چاہیے اس لئے کہ شیخ کی موجودگی اور اس کے آستانہ پر تمہارا اپنا آستانہ نہیں بن سکتا کہ لوگ تمہاری طرف رجوع کرنے لگیں اس لئے کہ یہ شیخ کا سوء ادب ہے۔ البتہ جب تمہاری تربیت مکمل ہو چکی ہو تجھے شیخ کی طرف سے اوروں کی تربیت کرنے کی اجازت مل گئی ہو اور تم تربیت کرنے والے امام بن چکے ہو تو اس وقت تم اپنی مجلس قائم کر سکتے ہو اور وہ بھی شیخ کی مجلس سے الگ ہو کر۔

۳۱. وَمَادُمْتَ لَمْ تُفْطَمْ فَلاَ فَرْجِیَّةٌ [۲۲] عَلَیْکَ وَلاَ تُلْفٰی عَلَیْهَا بِمُسْتَجْرِ

ترجمہ: جب تک شیخ تمہارا دودھ نہیں چھڑا دیتا یعنی تمہاری تربیت مکمل نہیں ہو جاتی اس وقت تک نہ تمہیں فرجیہ پہننا چاہیے اور نہ اس کی جرات کرنی چاہیے۔

ابوعبدالرحمٰن [۲۳] محمد بن الحسن السلمی فرماتے ہیں کہ مشائخ کے سوااوروں کے لئے فرجیہ کا پہننا مناسب نہیں۔
یعنی فرجیہ مشائخ کا لباس ہے۔اسی قسم کااورلباس جوشیخ سے مخصوص ہواس کا بھی یہی حکم ہے۔

۳۲. وَلاَ تَرَيَنَ فِي الْاَرْضِ دُوْنَکَ مُؤْمِنًا وَلاَ کَافِرًا حَتّٰی تُغَيَّبَ فِي الْقَبْرِ

ترجمہ: جب تک تو زندہ ہے دنیا میں کسی مومن یا کافر کواپنے سے کم نہ سمجھو۔

فرماتے ہیں کہ اے مرید کسی مومن یا کافر کواللہ کے نزدیک اپنے سے کم مرتبہ نہ سمجھو بلکہ اس کے برعکس سمجھ لواوراپنے آپ کو ہرایک سے کم درجہ سمجھواورمرتے دم تک اس بات پر قائم رہو۔

ابویزید [۲۴] بسطامی فرماتے ہیں وہ شخص متکبر ہے جوکسی ایک شخص کوبھی اپنے سے بدتر سمجھتا ہو۔کسی نے پوچھا کہ انسان متواضع کب ہوتا ہے۔فرمایاجب وہ اپنے آپ کوکسی مقام یاحال پرخیال نہ کرتا ہواورجس قدراسے اپنے رب اوراپنے نفس کی معرفت حاصل ہے۔اسی قدرہرکسی سے تواضع سے پیش آتا ہو۔

سہروردی عوارف میں تحریرفرماتے ہیں: کسی نے یوسف بن اسباط [۲۵] سے پوچھا کہ تواضع کی غایت کیا ہے؟ فرمایاجب گھر سے نکلے تو جسے بھی دیکھواسے اپنے سے بہتر سمجھواور میں نے اپنے شیخ ضیاءالدین [۲۶] ابوالنجیب کودیکھااور میں شام کے سفر میں ان کے ساتھ تھا کہ ایک دنیادار نے فرنگی قیدیوں کے سروں پرخوان رکھ کرآپ کے لئے کھانا بھیجا۔قیدیوں کے پاؤں میں بیڑیاں پڑی ہوئی تھیں۔جب دسترخوان بچھادیا گیااورقیدی برتنوں کے خالی ہونے کے منتظر تھےتو آپ نے خادم سے کہا کہ قیدیوں کو بلاؤ کہ وہ بھی ہم فقیروں کے ساتھ دسترخوان پر بیٹھ جائیں ان کولایا گیااوردسترخوان پرایک ہی صف میں ان کوبھی بٹھادیا گیا۔شیخ اپنے سجادہ سے اُٹھےاوران کے پاس جاکر ان کے درمیان بیٹھ گئے گویا کہ آپ بھی ان میں ایک ہیں اورسب نے مل کرکھانا کھایا۔اس وقت آپ کے باطن سے جوتواضع آپ کے چہرہ پرظاہرہورہی تھی وہ ہم محسوس کررہے تھے۔

شیخ ابوالحسن علی بن عتیق بن مومن القرظی رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے شیخ ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن مقید کوایک روز جبکہ سخت سردی، بارش اورکیچڑتھی پیدل جاتے ہوئے دیکھاراستہ میں انہیں اسی سڑک پرایک کتا جاتے ہوئے ملا۔آپ خوددیوار کے ساتھ لگ گئے اورکتے کے لئے راستہ چھوڑکراس کے گزرجانے کے منتظررہے۔جب کتا قریب آیاتو جس جگہ پرآپ تھےاسے چھوڑکرنچلی جگہ پرآگئے اورکتے کے لئے اوپروالی جگہ چھوڑدی۔جب کتا گزرگیاتو میں نے دیکھا کہ آپ کے چہرہ پرغم کے آثارتھے۔میں نے عرض کیامیں نے ابھی ایک عجیب بات آپ سے دیکھی ہے کہ آپ نے خودتو کیچڑ میں چلنا شروع کردیااورکتے کے لئے صاف جگہ چھوڑدی۔فرمایاجب میں نے اس کتے کے لئے نچلا حصہ چھوڑاتو میں نے دل میں سوچا کہ میں نے تو کتے سے اپنے نفس کو بڑا سمجھا ہے اسی لئے تو میں نے کتے سے اونچی جگہ لے لی ہے بلکہ وہ مجھ سے بہتر وبلند ہےاور عزت کا حقدار ہے اس لئے کہ میں نے کئی بار اللہ کی نافرمانی کی اورمجھ میں بہت زیادہ گناہ ہیں اورکتے میں تو کوئی گناہ نہیں۔اس لئے میں نے اپنی جگہ اس کے لئے چھوڑدی۔اب مجھے اللہ کی ناراضگی کا ڈر ہے ہاں اگرمعاف کردے تو بچ سکتا ہوں۔اس لئے کہ میں نے اپنے سے بہتر چیز سے اپنے کو بلندرکھا ہے۔

ذوالنون [۲۷] فرماتے ہیں: جوشخص تواضع کرنا چاہےاسے اللہ تعالیٰ کی عظمت کی طرف دھیان کرنا چاہیے کیونکہ اس طرح اس کا اپنا نفس اسے حقیر دکھائی دے گااورجوشخص اللہ کی عظمت ودبدبہ کی طرف دیکھے گااس کا اپنا دبدبہ مٹ جائے گااس لئے کہ اللہ کی ہیبت کودیکھ کر

تمام نفوس حقیر و ذلیل ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا جب کوئی انسان تواضع کے اس مفہوم کو سمجھ جائے تو وہ مخلوقات کے سامنے یقیناً تواضع کرے گا۔ کیونکہ وہ دیکھ رہا ہوتا ہے کہ مخلوقات کی اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیا نسبت ہے اسی لیے تو سہروردی نے عوارف میں کہا ہے: جب تک صوفی بساطِ قرب پر بیٹھ کر خاص طور پر متواضع نہ ہوگا اس وقت تک وہ پورے طور پر مخلوقِ خدا کے سامنے تواضع نہیں کر سکتا۔

۳۳۔ فَاِنَّ خِشَامَ الْاَمْرِ عَنْکَ مُغَرَّبٌ وَمَنْ لَیْسَ ذَاخُسْر یَخَافُ مِنَ الْمَکْرِ

ترجمہ: کیونکہ تمہیں اپنے خاتمہ کا علم نہیں۔ خوش بخت آدمی وہی ہے جو فکرِ خداوندی سے ہر وقت ڈرتا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ جب خاتمہ کا علم نہیں ہے تو اس کا تقاضا یہی ہے کہ انسان کسی کو بھی اپنے سے کم درجہ کا خیال نہ کرے۔ اللہ کے مکر سے بے خوف ہونا بدبختوں کا کام ہے۔ نیک آدمی اللہ کے مکر سے بے خوف نہیں ہوتے۔

ابن العربیؒ حاتمی فرماتے ہیں کہ ایک صوفی کے لیے خدا کا ادب کرنے میں یہی حال ہونا چاہیے البتہ اس قسم کا ادب کرنے والے بہت کم لوگ ہیں کہ انسان یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ تعالیٰ ہر لحظہ اپنے بندوں کے دلوں پر نگاہ رکھتے ہیں اور انہیں جس قدر چاہیں اپنے معارف اور لطف عنایت فرماتے رہتے ہیں لہٰذا اگر کوئی شخص اگر صوفی کے پاس تھوڑا عرصہ بیٹھ کر اُٹھ جائے اور پھر واپس آ جائے تو صوفی اس کی خدمت اور تعظیم کے لیے تیار ہو جاتا ہے کیونکہ وہ سمجھ سکتا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ اس شخص پر اللہ تعالیٰ کی نظرِ کرم ہوگئی ہو جس سے یہ مالا مال ہو گیا ہو چنانچہ اگر معاملہ ایسا ہی ہو تو اس صورت میں اس نے ادب کا حق ادا کر دیا لیکن اگر اس پر نظرِ کرم نہ بھی ہوئی ہو تو اس صورت میں بھی اس نے درحقیقت اللہ تعالیس کا ادب کیا ہوگا کیونکہ اس نے اس سے مرتبہ الٰہیہ کے مطابق برتاؤ کیا ہے اور یہ بہت ہی کمیاب منزل ہے جس کے صاحبِ ذوق شاذ و نادر ہی ملیں گے۔ اسی طرح جب صوفی لوگ کسی کو معصیت کرتے ہوئے دیکھ لیتے ہیں اور پھر وہ معصیت چھوڑ دیتا ہے تو وہ اسے معصیت پر اصرار نہیں خیال کرتے اور دل میں کہتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ اس شخص نے پوشیدہ طور پر توبہ کر لی ہو یا یہ ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ انجام کار اس پر مہربانی فرما دیں اور اسے اس معصیت سے کوئی نقصان نہ پہنچے اور جو شخص اپنے آپ کو دوسرے سے بہتر سمجھے حالانکہ نہ اسے اپنا انجام معلوم ہے نہ اس کا تو یہ شخص خدا سے جاہل ہے۔ دھوکہ میں پڑا ہے اور وہ کچھ بھی نہیں ہے۔ مراد اسے کس قدر معارف ہی کیوں نہ حاصل ہوں۔

ابوطالبؒ مکی [۲۸] فرماتے ہیں: عارفین کے خوف کی ایک وجہ یہ ہوتی ہے کہ انہیں علم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے ڈراتا رہتا ہے اس طرح کہ بڑے اہلِ مرتبہ لوگوں کو عذاب و سزا دے کر ادنیس مرتبہ کے لوگوں کے لیے باعثِ عبرت بنا دیتا ہے اور اپنے خاص بندوں کو کسی خاص حکمت کی بنا پر سزا دے کر عام مخلوق کو ڈراتا رہتا ہے لہٰذا ان ڈرنے والوں کو علم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صالحین کی جماعت میں سے کچھ لوگوں کو سزا کے طور پر نکال دیا اور اس طرح مومنین کو خوف زدہ کر دیا اور بعض شہداء کو سزا دے کر صالحین کو خوفزدہ کر دیا۔ اسی طرح صدیقین کی ایک جماعت کو صدیقین میں سے نکال کر شہداء کو خوفزدہ کر دیا۔ اللہ ہی جانتا ہے کہ اس کی تہ میں کیا راز ہوتا ہے۔ اسی طرح ہر مقام والے اپنے سے کم درجہ لوگوں کے لیے عبرت کا باعث بنتے ہیں اور اُوپر والوں کے لیے نصیحت کا اور اپنے ساتھیوں کے لیے ڈر اور دھمکی کا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا ایک وصف ہے کہ وہ لوگوں کے ظاہری علوم و اعمال کی پروا نہیں کرتا لہٰذا صاحبِ مقام لوگوں کو کسی ایک مقام پر سکون و اطمینان نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی صاحبِ حال اپنی حالت کی طرف دیکھتا ہے اور جن لوگوں کو اللہ کی معرفت حاصل ہے وہ کسی حالت میں بھی اللہ کے مکر سے بے خوف نہیں ہوتے۔

ابو حامدؒ غزالی فرماتے ہیں۔ اللہ کی مشیت کے ساتھ تمام امور کا تعلق اس حد تک ہے کہ کوئی بھی اس کو سمجھ نہیں سکتا اور یقینی اور تحقیقی طور پر اس کا جاننا تو درکنار قیاس اور گمان سے بھی اس کا علم نہیں ہوسکتا۔ اسی بات نے تو عارفین کے ٹکڑے کر دیئے ہیں کیونکہ سب سے بڑی مصیبت تو یہی ہے کہ تمہارے معاملات اس ذاتِ پاک کی مرضی پر منحصر ہیں جسے تمہاری قطعاً پروا نہیں ہے۔

پھر بڑی لمبی بحث کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ ایک عارف کا قول ہے کہ اگر کسی شخص کو میں پچاس سال سے جانتا ہوں کہ وہ توحید پر قائم ہے اور پھر میرے اور اس کے درمیان ایک ستون حائل ہو جائے اور اسی حالت میں اس کی موت واقع ہو جائے تو میں یقینی طور پر اس کی توحید کی شہادت نہیں دے سکتا اس لیے کہ مجھے معلوم ہی نہیں کہ اس میں کیا تغیر واقع ہوا۔

ایک اور عارف فرماتے ہیں کہ اگر درجہء شہادت میرے گھر کے دروازہ پر ہو اور اسلام پر مرنا میرے حجرہ کے در پر تو میں اسلام پر مرنا پسند کروں گا کیونکہ مجھے معلوم نہیں کہ حجرے کے دروازے سے لے کر گھر کے دروازے تک میرے دل کو کیا پیش آئے گا۔

حضرت سہلؒ[29] فرمایا کرتے تھے۔ صدیقین کو ہر خیال اور ہر حرکت پر سوء خاتمہ کا ڈر لگا رہتا ہے۔ ان ہی لوگوں کے متعلق تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ وَقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ ان کے دل خوفزدہ رہتے ہیں نیز فرمایا کرتے تھے کہ مرید کو معصیت کا ڈر ہوتا ہے مگر عارف کو تو اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ کہیں وہ کفر میں مبتلا نہ ہو جائے۔

ابو یزیدؒ فرمایا کرتے تھے: جب مسجد کی طرف جاتا ہوں تو میری کمر پر زنار ہوتا ہے اور مجھے ڈر ہوتا ہے کہ کہیں مجھے یہ گرجا یا آتش کدہ کو نہ لے جائے حتیٰ کہ جب مسجد میں پہنچ جاتا ہوں تو یہ زنار ٹوٹ جاتا ہے۔ ہر روز پانچ مرتبہ میرا یہی حال ہوتا ہے۔

ابوالحسن ہندی کی حالت:

اسی سلسلہ میں میں نے حضرت سے ایک عجیب حکایت سنی۔ فرماتے تھے کہ مکہ میں میری ملاقات ابوالحسن علی الصدغاء[30] الہندی سے ہوئی تو میں نے انہیں عجیب حالت میں پایا۔ اس طرح کہ وہ جب بھی چلنے کے لئے قدم اٹھاتے تو وہ لرزتا تھا پھر واپس لوٹاتے تو بھی لرزتا تھا۔ پھر قدم بڑھانے کے لئے اٹھاتے تو بھی لرزتا تھا۔ چنانچہ دیکھنے والا یہی خیال کرتا کہ یہ دیوانہ ہے۔ ہر قدم پر ان کا یہی حال ہوتا تھا کھانا کھاتے وقت بھی ان کا یہی حال تھا کہ لقمہ منہ کی طرف لے جاتے تو ہاتھ لرزتا تھا۔ لیٹنے لگتے تب بھی یہی حال ہوتا اور ان کی یہ حالت ہوگئی کہ ہر حرکت ارادیہ پر ان پر یہی کیفیت طاری ہو جاتی یہاں تک کہ آنکھ کھولنے اور بند کرنے پر بھی یہی حال ہوتا تھا۔ میں نے جب ان کی یہ حالت دیکھی تو مجھے سخت رنج ہوا اور ان پر رحم آ گیا۔ میں نے پوچھا ابوالحسن یہ تمہاری کیا حالت ہے؟ حالانکہ تم تو اللہ کے خاص اور برگزیدہ اولیاء عارفین اور اہل دیوان میں سے ہو اور تمہارا جسم بھی صحیح وسلامت ہے اور تمہیں کوئی بیماری نہیں۔ کہنے لگا آپ کے سوا میں نے اپنی اس حالت کا کسی سے ذکر نہیں کیا۔ آپ سے ذکر کرتا ہوں۔ الحمد اللہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوقات میں مجھے اپنے افعال کا مشاہدہ عطا فرمایا ہے چنانچہ میں اللہ کے فضل کو تمام مخلوقات میں جاری وساری دیکھتا ہوں۔ ایک چیز بھی مجھ پر پوشیدہ نہیں ہے۔ مزید برآں بحمد اللہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے فعل اور قضا وقدر کے اسرار پر بھی مطلع فرمایا ہے چنانچہ میں افعال الٰہیہ کا مشاہدہ کرتا ہوں اور جانتا ہوں کہ یہ فعل کیوں ہوا اور اس کی تقدیر کے اسرار کو اس طرح سمجھتا ہوں کہ ان کا سِرّ بھی مجھ سے مخفی نہیں رہتا۔ اس کے بعد میں نے اپنی ذات میں اللہ کے فعل کو دیکھا تو اپنے آپ کو ان افعال اور اسرار کے مشاہدہ سے محجوب پایا لہٰذا مجھے خیال ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے فعل کے مشاہدہ سے محروم کیا

ہے ہوسکتا ہے یہ مجھے سزا دینے کے لئے ہو کہ اللہ تعالیٰ میرے کسی فعل سے ناراض ہو گئے ہوں اس لئے مجھے اس تمام مشاہدے سے محروم ردیا گیا ہے تا کہ جس کام میں میری ہلاکت مضمر ہے اسے دیکھ کر اس سے بچنے کی کوشش نہ کروں۔ یہی وجہ ہے کہ میں اپنے ہر اختیاری فعل سے ڈرتا ہوں اور اپنے ہر اختیاری فعل میں اپنی ہلاکت، سمجھتا ہوں۔ لہٰذا میں اپنے ہر فعل سے خائف ہوں۔ اسی لئے تو میں ظاہر و باطن میں ہ کی طرف عاجزی کرتا ہوں اور جس فعل کی طرف قدم اٹھاتا ہوں تو خوف کو سامنے لے آتا ہوں اور اللہ سے درخواست کرتا ہوں کہ یہ ل میری ہلاکت کا سبب نہ بنے چونکہ قدم اٹھانا یہ بھی ایک فعل اختیاری ہے لہٰذا میں کانپ اٹھتا ہوں اور قدم واپس کرنا بھی ایک اختیاری ل ہے اس لئے پھر لرز جاتا ہوں۔ اسی طرح ہر فعل میں ہوتا ہے۔

حضرت فرماتے ہیں کہ میں اس سے اللہ کی دست رحمت کا ذکر کرتا رہا اور اس حدیث قدسی کا بھی ذکر کیا۔

اَنَا[۳۱] عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ فَلْیَضُنَّ بِی مَاشَاءَ فَاِنْ ظَنَّ بِیْ خَیْرًا اَعْطَیْتُهٗ خَیْرًا

میں ویسا ہی ہوں جیسا میرا بندہ میرے متعلق ظن رکھے۔ لہٰذا اب جیسا ظن چاہے رکھے لے اگر وہ خیر کا ظن رکھے گا تو میں اسے خیر ہی دوں گا۔

وہ میری باتوں کو سنتا رہا یہاں تک کہ مجھے خیال آیا کہ اب وہ اپنی اس حالت سے اصلی حالت کی طرف لوٹ آئے گا لیکن اس کا ظن ھر لوٹ آیا اور وہ اپنی اسی حالت پر رہا جو شخص بھی اسے دیکھتا اس پر رحم کھاتا اور دعا کرتا کہ اللہ تعالیٰ اسے جلدی آرام دے ادھر یا ادھر۔ حضرت فرماتے ہیں کہ میری تمنا یہ تھی کہ اہل حجاب اسے دیکھ لیں اور اس کی حالت کے سر کو معلوم کر لیں کہ اسے کس قدر اللہ کا خوف ہے اور ہر حرکت و سکون میں اسے کس طرح اللہ کا دھیان رہتا ہے تا کہ انہیں اپنے شہوات نفسانی میں انہماک اور اللہ سے منقطع ہونے کا پتہ چل جائے۔ حضرت فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فعل کو اس سے کسی رحمت کے ارادہ پر مخفی رکھا تھا۔ اگر وہ اس پر مطلع ہو جاتا اور اس فعل کا مشاہدہ کرنے لگ جاتا تو اس کی ذات پگھل کر فنا ہو جاتی اور چونکہ اللہ کا ارادہ اسے ابھی زندہ رکھنے اور ایک مدت مقررہ تک اس کو جاری رکھنے کا تھا اس لئے اپنے فعل کو پوشیدہ رکھا۔ رب سبحانہ کے افعال کا مشاہدہ جیسا اسے حاصل ہوا دیگر اولیاء کو بھی ہوا بلکہ تمام انبیاء کو حاصل ہوا اور حادث خواہ کوئی ہو اپنی ذات کے متعلق فعل رب کے مشاہدہ کی طاقت نہیں رکھ سکتا ورنہ اگر مشاہدہ کرے تو پگھل جائے۔ حادث اور لوگوں میں فعل حق کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔ واللہ اعلم۔

۳۴. وَلَا تَنْظُرَنَّ یَوْمًا اِلَی الْخَلْقِ اِنَّهٗ یُخَاِیْ طَلِیْقَ الصَّفْوِ فِیْ کَدَرِ الْاَسْرِ

ترجمہ: مخلوق کی طرف ہرگز نگاہ نہ کر کیونکہ یہ صاف اور آزاد کو مکدر و مقید بنا چھوڑے گی۔

پہلے شعر میں مرید کو مخلوق سے تکبر سے پیش آنے اور ان کو حقارت سے دیکھنے سے منع کیا گیا تھا۔ اب انہیں اس کے دوسرے پہلو یعنی افراط کے پہلو سے اجتناب کرنے کو کہا گیا ہے تا کہ کہیں انہیں قبلہ نہ بنا لے اور اپنے افعال احوال اور اقوال میں انہی کا خیال نہ رکھے اس لئے فرمایا لَا تَنْظُرَنَّ یَوْمًا کہ ایک لحظہ کے لئے بھی ان کی طرف نہ دیکھ تا کہ تو اپنے احوال، اقوال اور افعال میں خواہ وہ عبادات ہوں یا عادات ان کا خیال نہ رکھے اس لئے کہ ان کی طرف نگاہ رکھنے میں اپنے صاف اعمال کو مکدر کرنا ہے اس لئے کہ جب اپنے افعال و اقوال میں تمہاری نگاہ ہر مخلوق پر پڑے گی تو تم میں ریاء و تصنع پیدا ہو جائے گا۔ اسی لئے شیخ ابو عبداللہ[۳۲] القرشی فرماتے ہیں کہ جس شخص نے اپنے

اقوال وافعال میں اللہ تعالیٰ کے سننے اور دیکھنے پر اکتفانہ کی تو اس شخص میں لامحالہ ریا پایا جائے گا۔

بشر[۳۳] حافی فرماتے ہیں: جس شخص نے یہ چاہا کہ وہ لوگوں میں مشہور ومعروف ہو جائے وہ رسوا ہوا۔ نیز فرمایا جس شخص نے یہ خواہش کی کہ وہ لوگوں میں معروف ہو وہ آخرت کی حلاوت نہ پا سکے گا۔

کسی عارف کا قول ہے اگر تم اللہ کے ہاں منزلت چاہتے ہو تو لوگوں میں منزلت کا خیال ترک کر دو۔

مصنف عوارف فرماتے ہیں کہ یہ ایک ایسا اصول ہے کہ جس نے اسے ملحوظ نہ رکھا اس کے اکثر اعمال فاسد ہو گئے اور جس نے اس کو ملحوظ رکھا اس کے بہت سے احوال کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ صاحب قصیدہ کے اس شعر کا ماخذ سہروردی کی یہی عبارت ہے۔

ایک روز میں حضرت کے ساتھ باب الحدید میں تھا کہ حضرت نے میری طرف دیکھا اور فرمایا کہ جس شخص کو رسول اللہ ﷺ کی معرفت حاصل نہ ہو وہ اللہ کی معرفت حاصل نہیں کر سکتا اور جسے اپنے شیخ کی معرفت حاصل نہ ہو وہ رسول اللہ ﷺ کی معرفت حاصل نہیں کر سکتا اور جس شخص نے لوگوں پر نماز جنازہ نہ پڑھی ہو وہ شیخ کی معرفت حاصل نہیں کر سکتا۔ لہٰذا جب لوگ اس کی نظروں سے اُتر جائیں اور وہ اپنے تمام اقوال' افعال اور حالات میں ان کی پرواہ نہ کرتا ہوا سے اللہ کی رحمت ایسے آئے گی کہ اسے پتہ بھی نہ چلے کہ کہاں سے آئی ہے۔ شیخ کو بھی وہی شخص پسند ہے جو لوگوں کی نظروں کی پرواہ نہ کرے۔ اس سلسلہ میں بہت سے نفیس اسرار نقل کئے گئے ہیں۔ واللہ اعلم۔

۳۵. وَاِنْ نَظَمَ الْحَقُّ الْكَرَامَاتِ أَسْطُرًا فَلَا تُبْدِيَنْ حَرْفًا لِغَيْرِكَ مِنْ سَطْرِ

۳۶. سِوَى الشَّيْخِ لَا تَكْتُمْهُ سِرًّا فَاِنَّهُ بِسَاحَةِ كَشْفِ السِّرِّ يَجْرِيْ عَلَى بَحْرِ

ترجمہ: اگر حق تعالیٰ کرامات کی سطریں نظم کر دے تو اپنے شیخ کے سوا ان سطروں کا ایک حرف بھی غیر سے ذکر نہ کر مگر شیخ سے کوئی راز کی بات بھی چھپائے نہ رکھ اس لئے کہ وہ کشف سر کے میدان میں ایسا ہے جیسے وہ سمندر کے اوپر چل رہا ہے۔

پہلے بیان ہو چکا ہے کہ جب مرید لوگوں پر نماز جنازہ پڑھ چکے گا اور وہ اس کی نظروں سے نکل جائیں گے تو اللہ کی رحمت اس پر وہاں سے آئے گی جہاں سے اسے اس کے آنے کا گمان بھی نہ ہوگا۔ لہٰذا کہا وَاِنْ نَظَمَ الْحَقُّ الْكَرَامَاتِ یعنی جب تمہاری نگاہ خدا کے سوا کسی اور پر نہیں جاتی تو اگر اللہ تم پر رحم فرمائے اور تم سے کثرت سے کرامات ظاہر ہونے لگیں تو تمہیں ادب کا لحاظ رکھتے ہوئے اس کا شیخ کے سوا کسی سے اظہار نہیں کرنا چاہیے اور شیخ سے کوئی بات پوشیدہ بھی نہیں رکھنی چاہیے۔ کیونکہ وہ تمہارا طبیب ہے جسے ان بیماریوں کا علم ہے جو تجھے اللہ سے منقطع کر دیں۔ لہٰذا جس شیخ کا یہ حال ہو اس سے اسرار کو کیوں چھپایا جائے۔

سہروردی عوارف میں فرماتے ہیں: یہ بھی آداب میں شامل ہے کہ مرید شیخ سے اپنی حالت اور اللہ تعالیٰ کی عنایات کی کوئی بات چھپائے رکھے اور نہ اپنی کرامات اور اجابت دعا کو چھپائے اور جن باتوں کے اظہار سے شرم آتی ہو انہیں اشاروں اور کنایوں میں کہہ دے کیونکہ اگر مرید کسی بات کو اپنے دل میں چھپائے رکھے گا اور شیخ سے تصریحاً یا تعریضاً اس کا ذکر نہیں کرے گا تو وہ اس کے باطن پر طریقت میں مشکل بن جائے گی اور شیخ سے ذکر کر دینے سے گرہ حل اور زائل ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد فرماتے ہیں ایک ضروری ادب بھی ہے کہ شیخ مریدوں کے کشف اور اللہ کے انعامات جن کا ذکر وہ شیخ سے کرتے ہیں راز ہی میں رکھے اس لئے کہ مرید کے راز کا علم اللہ اور شیخ کے سوا کسی اور کو نہیں ہونا چاہیے۔ اس کے بعد شیخ ان تمام امور کو جنہیں مرید اپنی خلوت میں پاتا ہے مثلاً کشف' مخاطبہ اور کرامات

ضر کر کے اسے سمجھائے کہ یہ امور اللہ سے غافل کر دینے کا سبب ہوتے ہیں۔

(مولف کہتا ہے) ایک روز حضرت سے آیت اَلَسْتَ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلیٰ کا تذکرہ کر رہا تھا۔ حضرت نے بہت اچھی باتیں ائیں جن کی میں نے تاویل کر لی۔ اس کے بعد نماز میں آپ میرے سامنے حاضر ہو جاتے مجھے اس سے بڑی خوشی ہوئی۔ حضرت سے ی کا تذکرہ کیا تو شروع شروع میں آپ نے میری موافقت کی پھر چند دنوں کے بعد فرمایا اسے چھوڑ دو۔ میں اس کا راز نہ سمجھ سکا۔ آپ ے برابر منع کرتے رہے تا آنکہ یہ بات مجھ پر واضح ہوگئی کہ اگر یہ بات دیر تک جاری رہتی تو مجھے بُرے امور کی طرف لے جاتی۔ اس پر ں نے اللہ کا شکر کیا اور سمجھ گیا کہ یہ آپ ہی کی بدولت ہے۔

ایک مرتبہ میں نے حضرت سے کسی بات کی شکایت کی تو فرمایا آئندہ کبھی ایسا نہ ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا یوں معلوم ہوتا تھا کہ حضرت ے میرے اور اس کے درمیان ایک دیوار حائل کر دی ہے۔

ایک اور مرتبہ میں نے حضرت سے ایک ایسے معاملہ کی شکایت کی جو دین و دنیا دونوں کے لئے نقصان دہ تھا اور جس کی آفت سے مشکل تھا۔ فرمایا دنیا میں تو اس سے ہرگز نہ ڈر۔ اس سے تجھے قطعاً کوئی ضرر نہ پہنچے گا اب رہا آخرت کا معاملہ تو میں اس بات کا ذمہ لیتا ں کہ اللہ تعالیٰ تجھ سے اس کا نہ سوال کریں گے نہ حساب پوچھیں گے۔ چنانچہ دنیا میں تو جیسا حضرت نے فرمایا تھا' ویسا ہی ہوا اور امید ے کہ آخرت میں بھی ویسا ہی ہوگا جیسا کہ حضرت نے فرمایا۔

حضرت ہمیں فرمایا کرتے تھے: دنیا یا دین کا کوئی معاملہ بھی پیش آئے مجھ سے چھپایا نہ کرو بلکہ مجھ سے ذکر کر دیا کرو۔ یہاں تک کہ ناہ بھی تم سے سرزد ہو جائے اس کا بھی ذکر کر دیا کرو اور اگر تم مجھ سے اس کا ذکر نہ کرو گے تو میں اس کا تم سے ذکر کر دوں گا۔ اس لئے کہ ی مصاحبت کا کیا فائدہ جس میں مصاحبوں کی کوئی بات بھی پوشیدہ رہ جائے۔ نیز فرماتے تھے میں تو اپنی کوئی بات تم سے نہیں چھپاتا۔ پھر پ نے اس وقت تک کے اپنے حالات بیان کئے اور اپنی عادتوں کا بھی ذکر فرما دیا۔ پھر کہا:، اگر میں تمہیں اپنے حالات کی اطلاع نہ ں تو اللہ مجھے سزا دے گا اس لئے کہ تم مجھ سے حسن ظن رکھتے ہو۔ ذرا ٹھہرو ہیں تمہیں باطن کا وہ حال بتاؤں جس کی تمہیں خبر نہیں۔ اس کے بعد جس کا دل چاہے میرے ساتھ رہے۔ وہ رہ جائے تب جا کر میرے لئے اس کا کھانا اور اس کا ہدیہ قبول کرنا جائز ہوگا اور جو جانا اہے چلا جائے کیونکہ ان امور سے میری خاموشی تم سے بے وفائی ہوگی۔ حالانکہ حضرت اپنے مریدوں کے لئے خاص رحمت تھے۔ ان کی زشوں پر سفارش کرتے اور مصیبت میں ان کے ضامن ہوتے اور جس چیز کا انہیں ڈر ہوتا اس کا خود ذمہ لیتے اور ان کے امور کا اس قدر ہتمام کرتے جتنا اپنے امور کا نہ کرتے تھے۔

ایک مرتبہ مجھے فرمایا: جو شخص برائیوں میں اپنے ساتھیوں کا شریک نہیں ہوتا وہ ساتھی نہیں کہلا سکتا۔ نیز فرمایا اگر مصاحبت نیکیوں تک ی محدود ہو تو وہ مصاحبت نہیں کہلا سکتی۔ حاصل یہ کہ آپ اپنے مریدوں کے لئے اللہ کی طرف سے بھیجی ہوئی رحمت تھے۔ ایسے ہی بزرگوں پر لوگ روتے ہیں اگر ہم ان تمام جزئیات کی تفصیل دینا چاہیں تو بات بہت لمبی ہو جائے۔

اس تمام بحث سے سہروردی کے اس قول کا مطلب کہ شیخ کی معیت میں عقدے حل ہو جاتے ہیں۔ واضح ہو گیا واللہ اعلم۔

۳۷. وَفِی الْکَشْفِ اِنْ کُوْشِفْتَ رَاجِعْهُ اِنَّهٗ لِتَوْضِیْحِ مَا کُوْ شِفْتَ مُبْتَسِمُ الشَّفْرِ

اور اگر تجھے کشف ہو تو اس میں بھی شیخ کی طرف رجوع کر اس لئے کہ وہ بخوشی تمہارے کشف کی وضاحت کر دے گا۔

سہروردی فرماتے ہیں ذاکر کے لئے بعض اوقات حقائق بغیر صور مثالیہ کے ظاہر ہو جاتے ہیں جسے کشف کہتے ہیں کبھی یہ چیز آنکھوں سے دکھائی جاتی ہے اور کبھی سماع کے ذریعہ سے اور کبھی اپنے باطن سے سن لیتا ہے اور کبھی باطن سے نہیں بلکہ ہوا سے اسے آواز سنائی دیتی ہے' جیسے ہواتف' جن سے وہ سمجھ جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے یا کسی اور سے کیا معاملہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ یہ اللہ کی طرف سے اطلاع ہوتی ہے تا کہ اس کا یقین پختہ ہو جائے۔ اس سے بھی بڑھ کر وہ شخص ہے جسے خالص یقین کا مکاشفہ ہو برخلاف مذکورہ بالا کشف کے (کہ اس میں کشف یقین کا سبب ہوتا ہے) کیونکہ کشف تو برہمنوں' فلاسفہ اور دہریہ اور راہبوں وغیرہ کو بھی حاصل ہو سکتا ہے' حالانکہ یہ رسوائی اور ہلاکت کا طریقہ ہے۔ یہ کشف ان لوگوں کے لئے مکر و استدراج کا سبب ہوتا ہے تا کہ یہ لوگ اپنی حالت کو اچھا سمجھ کر گمراہی اور ہلاکت کی راہ پر ہی قائم رہیں اور سالک اس سے دھوکہ نہیں کھاتا اور وہ جانتا ہے کہ خواہ وہ ہوا اور پانی پر بھی کیوں نہ چلنے لگ جائے تب بھی اسے یہ کچھ فائدہ نہیں دے سکتا جب تک کہ وہ زہد و تقویٰ کا حق ادا نہ کرے۔ اسی لئے کشف میں شیخ کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت ہوئی کیونکہ اس کے خطرات سے بچنا مشکل ہے۔

۳۸. وَلَا[۳۴] تَنْفَرِدْ عَنْهُ بِوَاقِعَةٍ جَرَتْ فَفِیْ غَشَاءِ عَیْنَاکَ وَالسَّمْعُ فِی وَقْرِ

سہروردی فرماتے ہیں کہ صورت مثالی میں حقائق کے ظاہر ہونے کو واقعہ کہتے ہیں اور غیر صورت مثالی میں حقائق کے ظاہر ہونے کا نام کشف ہے مثلاً یہ کہ کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ دشمن پر غالب آ گیا ہے پھر اس کے بعد اگر وہ دشمن پر غالب آ گیا تو اس خواب کی تعبیر کی ضرورت نہیں اور کبھی دشمن پر غلبہ مثالی صورت میں دکھایا جاتا ہے مثلاً یہ خواب میں دیکھا کہ ایک سانپ کو مارا ہے پھر بیدار ہونے پر دشمن پر غلبہ پایا۔ اس صورت میں غلبہ کی حقیقت مثال کی صورت میں دکھائی گئی ہے۔ اس لئے خواب کی تعبیر کرنے کی ضرورت ہوگی۔ پہلی قسم میں یہ حقیقت اسے صورت کے بغیر ظاہر ہوئی۔ لہٰذا انسان کو جو مکاشفہ بحالت بیداری غیر صورت مثالی میں ہوا سے کشف کہیں گے اور جو صورت مثالی میں ہوگا اسے واقعہ کہیں گے۔ بعض اوقات صورت مثالی بھی فائدہ سے خالی ہوتی ہے۔ نہ اس کا کوئی مطلب ہوتا ہے اور نہ کوئی نتیجہ بعینہ اسی طرح جس طرح کہ پریشان خواب ہوتے ہیں اس لئے اسے واقعہ نہ کہیں گے کیونکہ واقعہ کے درست ہونے کی شرط یہ ہے کہ ذکر میں پہلے اخلاص پایا جائے پھر استغراق اور استغراق کی علامت دنیا سے بے رخی اور تقویٰ کی پابندی ہے۔ لہٰذا اب شعر کے معنی یوں ہوں کہ جو واقعہ تم سے پیش آئے اس میں شیخ سے علیحدہ مت رہو اس لئے کہ تمہارے کان اور آنکھیں کمزور ہیں اور شیخ ان کا پرکھنے والا اور نقد کرنے والا ہے۔

سہروردی عوارف میں فرماتے ہیں۔ آداب مرید میں سے یہ بھی ہے کہ شیخ سے رجوع کئے بغیر مرید کسی واقعہ یا کشف میں اپنے آپ کو مستقل نہ سمجھے۔ اس لئے کہ شیخ کا عمل وسیع اور اس کا دروازہ جو اللہ کی طرف ہر وقت کھلا رہتا ہے بہت بڑا ہے۔ چنانچہ اگر "وا صحیح ہوگا تو شیخ اسے نافذ کر دے گا اور اگر اس میں کوئی شبہ ہوگا تو شیخ اسے زائل کر دے گا۔ اس کے بعد سہروردی نے لمبی بحث کی ہے فرماتے ہیں' ان عجیب و غریب واقعات سے جو میں نے اپنے شیخ کے مریدوں سے سنے ہیں یہ بھی ہے کہ انہوں نے ایک دن ا

وں سے فرمایا۔ ہمیں کس قدر علم کی ضرورت ہے لہٰذا تم اپنی اپنی خلوت گاہ میں چلے جاؤ اور جو فتح تمہیں نصیب ہو اسے میرے پاس
انہوں نے ایسا کیا اس کے بعد ان میں سے ایک شخص جس کا نام اسماعیل بطائحی تھا آیا اور اس کے ہاتھ میں ایک کاغذ تھا جس پر تیس
ے کھنچے ہوئے تھے۔ اس نے کہا حضرت مجھے تو ''واقعہ'' میں یہی چیز حاصل ہوئی ہے۔ شیخ نے کاغذ لیا اور ابھی ایک گھڑی نہ گزری تھی
یک شخص آیا جس کے پاس سونا تھا اور اسے شیخ کے سامنے رکھ دیا۔ شیخ نے کاغذ کھولا تو ٹھیک تیس تھے اور ہر ایک اپنے اپنے دائرہ پر
ت آیا۔ اس پر حضرت نے فرمایا کہ یہ شیخ اسماعیل کی فتوح ہے یا اسی قسم کے اور الفاظ کہے۔

نیز فرماتے ہیں (یعنی سہروردیؒ) کہ کبھی حقائق خیالی لباس میں یا مثالی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں جس طرح سوئے ہوئے شخص
لئے حقائق خیالی لباس میں آتے ہیں۔ مثلاً کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے سانپ مارا تو تعبیر کنندہ کہے گا کہ تو دشمن پر غالب
ے گا۔ اس کے بعد طویل بحث کی ہے اور ''واقعہ'' اور ''کشف'' اور ''واقعہ ''صحیحہ'' اور ''خیال محض'' میں فرق بیان کیا ہے اور یہ بحث ایک
قطیع کے ورق پر آئی ہے۔ میں نے اس شعر اور پہلے شعر کی تشریح میں اس کا ماحصل بیان کر دیا ہے۔ واللہ اعلم۔

۳۹. وَفِرَّ اِلَیۡہِ فِی الۡمُہِمَّاتِ کُلِّھَا فَاِنَّکَ تَلۡقَی النَّصۡرَ فِی ذٰلِکَ الۡفَرِّ

ترجمہ: تمام مہمات میں اسی کی طرف بھاگ کر جا کیونکہ تجھے اسی بھاگنے میں کامیابی حاصل ہوگی۔

سہروردی فرماتے ہیں مرید کو یہ عقیدہ رکھنا چاہیے کہ شیخ ایک ایسا دروازہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی بارگاہ کریمی کی طرف کھول رکھا
۔ اسی دروازہ سے اللہ کی بارگاہ کریمی میں داخل ہو سکتے ہیں۔ اسی سے نکل سکتے ہیں اور اسی دروازہ کی طرف ہم رجوع کرتے ہیں اور
ید کو چاہیے کہ اپنی دینی اور دنیاوی ضروریات شیخ کے سامنے پیش کرے۔ شیخ انہیں اللہ کے حضور میں پیش کرے گا اور جس طرح مرید شیخ
طرف رجوع کرتا ہے اسی طرح مرید کی خاطر شیخ اللہ کی طرف رجوع کرے گا۔ شیخ کے لئے بیداری اور خواب میں مکالمہ اور محادثہ کا
ازہ کھلا رہتا ہے۔ اسی لئے شیخ مرید میں اپنی مرضی کے مطابق تصرف نہیں کرتا۔ کیونکہ مرید اس کے پاس اللہ کی امانت ہے شیخ مرید کی
توں کے لئے اللہ کی بارگاہ میں اسی طرح فریاد کرتا ہے جس طرح اپنی ذاتی ضروریات اور دنیاوی اور اخروی مہمات کے لئے کرتا ہے۔
تعالیٰ فرماتے ہیں وَمَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنۡ یُّکَلِّمَہُ اللّٰہُ اِلَّا وَحۡیًا اَوۡ مِنۡ وَّرَآیِٔ حِجَابٍ اَوۡ یُرۡسِلَ رَسُوۡلًا (سورہ شوریٰ آیت
) کسی انسان کی طاقت نہیں کہ اللہ اس سے باتیں کرے مگر بذریعہ وحی یا پس پردہ یا اس طرح کہ اس کے پاس فرشتہ بھیج دے۔ چنانچہ
شتہ کا آنا اور وحی تو انبیاء کے ساتھ مخصوص ہے اور پس پردہ کلام بذریعہ الہام یا بذریعہ ہواتف یا خواب وغیرہ میں یہ شیخ کے لئے ہے۔

نیز سہروردی فرماتے ہیں: شیخ کے آداب میں سے ایک بات یہ بھی ہے کہ جب مرید شیخ سے کوئی بات دنیا یا دین کے متعلق کرنا
ہے تو جب تک اسے معلوم نہ ہو جائے کہ شیخ اس کی بات سننے کے لئے آمادہ ہیں شیخ سے گفتگو کرنے میں جلدی نہ کرنا چاہیے۔ چنانچہ جس
رح دعا کے آداب اور شرائط ہیں اس لئے کہ دعا میں اللہ سے ہم کلامی ہوتی ہے اسی طرح شیخ سے بات کرنے کے بھی آداب و شرائط ہیں
ں لئے کہ یہ اللہ سے معاملہ کرنا ہوتا ہے۔ مرید کو شیخ سے کلام کرنے سے پہلے اللہ سے دعا کرنی چاہیے کہ اسے پیر کا مناسب ادب بجالانے
کی توفیق دے۔

میں نے حضرت سے سنا کہ شیخ کا مرید کے لئے وہی درجہ ہوتا ہے جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ہے۔ چنانچہ مرید کے ایمان

کا تعلق شیخ سے ہوتا ہے۔ اسی طرح اس کے تمام دینی اور دنیوی امور کا بھی۔ ارباب بصیرت اپنی آنکھوں سے اس کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

جب مجھے حضرت کے مرتبہ کا علم نہ تھا میں اکثر حضرت کے ساتھ باہر جاتا تھا تو اکثر فرماتے کہ تمہاری مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص بلند فصیل پر چل رہا ہو کہ چلنے کی جگہ تو بہت تنگ ہے اور گرے تو دور جا گرے۔ میں اس کلام کا مطلب کچھ مدت کے بعد سمجھا۔ لہٰذا اس کے بعد جب حضرت کے الفاظ میرے ذہن میں آتے تو مجھ پر سخت خوف طاری ہو جاتا۔

ایک دن میں نے عرض کیا کہ مجھے اپنے چند اعمال کی وجہ سے اللہ سے ڈر لگتا ہے۔ آپ نے پوچھا وہ کیا ہیں؟ میں نے جتنے یاد آ کہہ دیئے۔ فرمانے لگے: ان باتوں سے مت ڈرو، لیکن تمہارے لئے سب سے بڑا گناہ تو یہ ہے کہ ایک گھڑی گزر جائے اور میرا ذ تمہارے ذہن میں نہ آئے۔ یہی وہ معصیت ہے جو دین و دنیا میں نقصان دے گی۔

ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ حضرت میں نیکی سے بہت دور ہوں۔ فرمایا: یہ خیال ذہن سے نکال دو۔ میرے نزدیک جو تمہ قدر و منزلت ہے اسے دیکھو۔ اسی پر تمہیں محمول کیا جائے گا۔ ہمارے حضرت سے ایسے مراسم تھے کہ شاذ و نادر ہی ایسے سننے میں آئیں جو معاملہ بھی ہمیں پیش آتا خواہ چھوٹا ہوتا خواہ بڑا ہم اس کا ذکر آپ سے کر دیتے تھے۔ ہمارے دیکھتے دیکھتے آپ اس کا ذمہ لیتے اور ذکر کرنے سے ہی ہمیں اس سے بے فکر کر دیتے۔ آپ ہم سے ہنسی و مزاح بھی کرتے تھے۔ حیاء کا پردہ اُٹھا دیتے اور ہمارے سوال کر سے پیشتر ہی بات شروع کر دیتے اور فرماتے مجھے شیخ کے مقام پر مت رکھا کرو۔ میں تو تمہارے بھائی کی طرح ہوں۔ تم میں مقام ش آداب بجالانے کی طاقت نہیں۔ لہٰذا میں تم سے مصالحت کرتا ہوں اور تمہیں اجازت دیتا ہوں کہ تم مجھے بمنزلہ بھائی کے سمجھو تا کہ ہمار تمہاری صحبت دائمی ہو۔ خدا حضرت کو جزاء خیر دے۔ واللہ اعلم۔

۴۰. وَلَا تَكُ مِمَّنْ يَحْسُنُ الْفِعْلُ عِنْدَهٗ فَيَفْسُدُ اِلَّا اَنْ يَفِرَّ اِلَى الْكَسْرِ

ترجمہ: تو ان لوگوں میں سے نہ بن جنہیں اپنے اعمال اچھے معلوم دیتے ہیں تا کہ کہیں یہ اعمال فاسد نہ ہو جائیں۔ ہاں البتہ اگر کسر نفسی کی طرف کر پناہ لے تو عمل فاسد نہیں ہوتے۔

اس شعر میں اپنے اعمال پر گھمنڈ کرنے سے پرہیز کرنے کو کہا گیا ہے کیونکہ گھمنڈ سے اعمال کو نقصان پہنچتا ہے اور دوسرے مص مطلب یہ ہے کہ جب تو اس غرور سے بھاگ کر اللہ کی طرف رجوع کرے تو تمہارے اعمال فاسد نہ ہوں گے اس لئے کہ جب تو کی طرف رجوع کیا تو تو اسی کو تصرف کرنے والا اور ان اعمال کا جاری کرنے والا پائے گا اور یہ سمجھے گا کہ تُو تو ایک ظرف عمل ہے تجھ دوسروں میں کوئی فرق نہیں اور جو نیک اعمال تجھ سے صادر ہوں گے ان میں اپنے آپ کو ایسا پائے گا جیسے کوئی دوسرے کے فعل پر ہو۔ اس طرح تیرا گھمنڈ، اللہ سے حیا و شرم اس کی ناراضگی سے ڈر اور اس کے انعامات پر شکر کرنے میں تبدیل ہو جائے گا۔ گھمنڈ ا کی علامت ہے کہ تیرا عمل قبول نہیں ہوا چنانچہ ایک عارف کا قول ہے کہ تیرے عمل کی مقبولیت کی علامت یہ ہے کہ تو اسے بھول جا اپنی نگاہ کو اس طرف سے کلی طور پر ہٹا لے، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ اللہ تعالیٰ عمل صالح کو اوپر اُٹھ چنانچہ اس بات کی علامت کو حق تعالیٰ نے اس عمل کو اٹھا لیا ہے یہ ہے کہ اس میں کچھ بھی تمہارے پاس باقی نہ رہے لہٰذا اگر تمہاری کچھ بھی باقی نہ رہے تو سمجھ لو کہ یہ عمل اللہ کی طرف نہیں اٹھا۔

زین العابدین [۳۵] علی بن الحسینؒ فرماتے ہیں اگر تمہارے کسی ایک فعل کی طرف نگاہ لگی رہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ مقبول ہوا کیونکہ جو عمل مقبول ہوتا ہے وہ اٹھالیا جاتا ہے اور انسان سے غائب ہو جاتا ہے اور جس سے تمہاری نگاہ منقطع ہوگئی۔ وہی قبولیت کی ہے۔

۴۱. وَمَنْ حَلَّ مِنْ صِدْقِ الْإِنَابَةِ مَنْزِلاً يَرَى الْعَيْبَ فِيْ اَفْعَالِهٖ وَهُوَ مُسْتَبْرِئ

ہ: جو شخص اللہ کی طرف صدق دل سے رجوع کرنے میں کسی مرتبہ کو پہنچ جائے وہ اپنے افعال میں عیب ہی عیب دیکھتا ہے۔ حالانکہ وہ بے عیب و بے گناہ ہوتا ہے

یعنی جو شخص اللہ کی طرف کلی طور پر رجوع کر چکا ہو تو باوجود اس کے کہ اس نے افعال ظاہر و باطن میں شریعت اور حقیقت کے مطابق ے ہوں، پھر بھی وہ ان میں عیب ہی دیکھتا ہے اور ڈرتا رہتا ہے کہ کہیں کوئی بات اس سے مخفی نہ رہ گئی ہو۔

ابو یعقوب [۳۶] اسحٰق بن محمد نہر جوری فرماتے ہیں: جس کے تمام احوال کا والی خدا ہو اس کی علامت یہ ہوتی ہے کہ وہ یہ سمجھتا ہے کہ ے اخلاص میں کوتاہی، میرے افکار میں غفلت، میرے صدق میں کمی، میرے مشاہدہ میں سستی اور میرے فقر میں بداحتیاطی پائی جاتی چنانچہ وہ اپنے تمام احوال کو ناپسندیدہ خیال کرتا ہے اور اپنے ارادہ اور سیرت میں اللہ کی طرف اس کا احتیاج اور بڑھ جاتی ہے۔

ابو عمر اسماعیل [۳۷] بن نجید فرماتے ہیں۔ عبودیت میں تم میں سے کسی کا قدم صاف و پاک نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کے نزدیک کے تمام افعال ریاکاری اور تمام احوال محض دعویٰ ہی دعویٰ نہ ہوں کیونکہ نفس تو خیر کی مخالفت پر ہی مجبول معلوم ہوتا ہے اگر اللہ کا فضل و نہ ہو چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَازَكٰى مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اَبَدًا (سورہ نور) اگر تم پر اللہ کا فضل و رحمت نہ ہو تو تم میں کوئی بھی پاک وصاف نہیں ہو سکتا۔ نیز فرمایا مَا اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ ۢ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ (سورہ یوسف پارہ تیرہ کی) میں اپنے نفس کو بری قرار نہیں دیتا۔ نفس تو برائی کا حکم دیتا ہے مگر اللہ رحم کر دے تو۔

ایک بزرگ کا قول ہے: وہاں تو اللہ کے فضل کے سوا کچھ نہیں ہے اور ہم تو اسی کی پردہ پوشی پر زندہ ہیں اور اگر پردہ اٹھ جائے تو انہایت بری حالت ظاہر ہو جائے۔ یہی وجہ ہے کہ بڑے بڑے بزرگ اپنے صحیح اعمال سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔ دوسرے کا کہنا ہی کیا۔ یہاں تک کہ ابو یزیدؒ فرماتے ہیں: اگر ایک بار بھی کلمہ طیبہ پاک وصاف طور پر ادا ہو جائے تو میں پھر کسی بات کی بھی نہ کروں۔ ابو سلیمانی دارانی [۳۸] فرماتے ہیں۔ میں نے اپنے کسی عمل کو بنظر استحسان نہیں دیکھا کہ میں اس کو اعمال میں شمار کر سکوں۔

م قصیدہ:

اس قصیدہ کے ناظم امام ابو العباس احمد بن محمد بن احمد بن محمد بن احمد بن خلف القرشی البکری الصدیقی ہیں۔ شہر سلا میں ۵۸۱/۱۱۸۵ء میں پیدا ہوئے۔ مراکش میں نشو ونما پائی اور مصر میں الفیوم میں رہائش اختیار کی اور وہیں ۶۴۱ھ/۱۲۴۳ء میں وفات ا۔ وہاں لوگ انہیں تاج الدین کہتے تھے۔ یہ علم ادب اور بیان کے عالم تھے۔ شاعر تھے اور علم فقہ کے ماہر تھے۔ تصوف میں ان کا بڑا پایہ ہے۔ چنانچہ ان کی تصنیفات اور نظمیں تصوف کے متعلق ہیں۔ چنانچہ جو نظم یہاں دی گئی ہے اس کا نام انوار السرائر وسرائر الانوار ہے اور

چار دانگ عالم میں مشہور ہے۔ مصنف اشد العینین اسے اہل طریقت کے نزدیک حجت قرار دیتے ہیں۔ مشائخ اپنے مریدوں کو اس قصید
کے پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی ترغیب دیتے رہے ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شیخ ابوعبداللہ محمد الھز میری اپنے مریدوں اور شاگردوں
بالعموم اس کی ترغیب دلاتے رہتے اور فرماتے کہ جو شخص اسے ہمیشہ پڑھتا رہے اسے یقیناً فیض حاصل ہوگا اور اس کے بعض مقامات کی خ
تشریح فرماتے تھے۔

ناظم نے پہلے مراکش میں تحصیل علم کی۔ پھر طلب علم میں نکلا اور فاس میں اپنے زمانہ کے امام' اصولی عابد و زاہد ابوعبداللہ محمد بن
بن عبدالکریم جو ابن الکتانی العبدلاوی کے نام سے مشہور ہیں۔ شیخ امام نحوی ابوذر بن الامام النحوی ابی عبداللہ محمد بن مسعود بن ابی رکب ا
الاشبیلی' ابوالعباس ابن ابوالقاسم بن القفال سے علم حاصل کیا۔ الخشنی مذکور مشہور صحابی ابوثعلبہ [39] الخشنیؓ کی اولاد میں سے تھے۔ پھر اند
گئے اور وہاں کے اہل علم سے تحقیق کی۔ اس کے بعد بلاد مشرق کو گئے اور حج کیا اور بغداد پہنچ کر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے بیٹے ام
محمد [40] عبدالرزاق' محدث ابوالحسن محمد بن احمد بن عمران القطیعی اور شیخ ابومحمد فمیض بن فیروز بن عبداللہ الحنبلی سے اخذ علم کیا۔ امام تقی ال
ابوالعز مظفر بن عبداللہ بن علی بن الحسین الازدی الشافعی سے جو المنشرح کے نام سے مشہور ہیں علم پڑھا۔ علم فقہ اسکندریہ میں ام
الدین ابوالحسن علی بن اسماعیل بن حسن بن عطیہ الابیاری المالکی سے پڑھا۔ علم تصوف شہاب الدین سہروری مصنف عوارف المعار
حاصل کیا۔ ناظم کے قصیدہ کی اصل بھی یہی عوارف المعارف ہی ہے۔ علم طب ابو بیان سے پڑھا ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم السلاوی
سے روایت علوم کی ہے۔

حضرت عبدالعزیز دبّاغ کے مشائخ

حضرت فرمایا کرتے تھے کہ مجھے دس ولیوں کی وراثت ملی ہے جن کے نام یہ ہیں۔

(۱) عمر بن محمد الھواری جو علی بن حرزہم کے مزار کے متولی و سجادہ نشین تھے۔

(۲) عبداللہ برناوی جو اقطاب میں سے تھے۔ شیخ سے ان کی ملاقات کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ حضرت کو میں نے یہ فرما
حضرت عبداللہ برناوی اسمائے حسنیٰ میں سے ستر سے زائد اسماء کے انوار سے سیراب کئے گئے تھے۔

(۳) حضرت یحییٰ صاحب الجرید۔ یہ بھی اقطاب میں سے تھے اور ظاہر و باطن میں شریعت محمدیہ کے بڑی سختی سے پابند
لوگ صالحین کے مزاروں پر آتے ہیں' ان کی حاجات ان کے تصرف میں ہیں۔ یہ ان حاجتوں پر غور کرتے ہیں اور جن حاجتوں
تقدیر میں لکھا ہوتا ہے انہیں پورا کرتے ہیں۔ یہ حضرت نے اس وقت فرمایا جب میں نے ان سے ذکر کیا کہ لوگ اولیاء اموات کے
پر آتے ہیں اور ان کو فائدہ ہوتا ہے۔ نیز فرمایا کہ اُمت محمدیہ کے ولیوں کی اللہ کے ہاں عجیب شان ہے۔ اگر لوگوں کا اجتماع کسی ا
ہو جائے جہاں کوئی شخص بھی مدفون نہ ہو اور وہ یہ دعا کرنے لگ جائیں کہ یہاں کوئی ولی مدفون ہے پھر اس جگہ پر آ کر اللہ تعالیٰ
رجوع کریں تو اللہ تعالیٰ فوراً ان کی دعا قبول کر لیتا ہے اور آج کل حضرت یحییٰ اس تصرف پر مامور ہیں۔ یہ قبولیت دعاء زندہ
بارے میں بھی ہو جاتی ہے۔ چنانچہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک شخص لوگوں میں ولی مشہور ہوتا ہے اور اس کے توسل سے لوگوں کی حا
ہوتی ہیں۔ حالانکہ درحقیقت اس شخص کا ولایت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے اور متوسلین کی دعائیں تو دراصل اہل تصرف کے ہا

وتی ہیں۔ اور انہی نے اس شخص کو ولی کی صورت میں لا کھڑا کیا ہوتا ہے تا کہ اس جیسے اہل ظلمت لوگ اس کے پاس آیا کریں۔ مگر اہل
صرف بھی تقدیر کے مطابق تصرف کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک یہ ولی بمنزلہ اس ڈھانچے کے ہوتا ہے جسے کسان اپنے کھیت میں پرندوں کو
ور رکھنے کی غرض سے کھڑا کر دیتا ہے۔ پرندے اس صورت کو انسان سمجھ کر اس سے بھاگ جاتے ہیں حالانکہ انہیں بھگانا درحقیقت کھیت
کے مالک کا کام ہوتا ہے۔ ڈھانچے کا نہیں۔ اسی طرح اہل تصرف اس آدمی کو کھڑا کر کے اس جیسے اہل ظلمت لوگوں کو اس کے پاس جمع
کر دیتے ہیں اور تصرف کرنے والا ان سے چھپا ہوتا ہے اس لئے کہ وہ اہل حق ہوتا ہے اور لوگوں میں اہل حق کے سمجھنے کی طاقت نہیں۔

حضرت نے فرمایا: ایک شخص کسی خطرناک راستہ پر مغرب کے بعد گیا جہاں دو آدمی اس کے لئے گھات میں بیٹھے ہوئے تھے۔ پہلا
گھاٹی کے شروع میں اور دوسرا درمیان میں۔ جب وہ گھاٹی میں داخل ہونے لگا اور وہ ایک ایسے شخص کا مرید تھا جس کے پاس درحقیقت
کچھ بھی نہ تھا۔ کہنے لگا اے میرے فلاں پیر میں حضرت محمد ﷺ کی جاہ کا واسطہ دے کر درخواست کرتا ہوں کہ مجھے اس گھاٹی سے نجات
دلائیں اور میں نذرانہ کا وعدہ کرتا ہوں۔ ایک اہل تصرف نے یہ دعا سن لی اور آنحضرت ﷺ کے اسم مبارک کی تعظیم کی خاطر اس کی دعا کو
پورا کرنا پڑا۔ لہٰذا وہ اس مسافر کے ساتھ ہو لئے۔ اس کے دل کو تسلی دی یہاں تک کہ اس نے گھاٹی کو عبور کر لیا۔ مگر مسافر اس صاحب تصرف
کو دیکھ نہ سکتا تھا اور اللہ تعالیٰ نے ان ڈاکوؤں کی نگاہوں پر پردہ ڈال دیا اور وہ اسے کچھ بھی نہ کہہ سکے۔ اس مرید کو یقین ہو گیا کہ اس کے
پیر نے اس کی حاجت پوری کی ہے۔ چنانچہ وہ پیر کے پاس پہنچا تو اسے اپنے وعدہ کے مطابق چار مثقال دیئے۔ واللہ اعلم۔

۴۔ منصور بن احمد:

چوتھے حضرت منصور بن احمد ہیں۔ یہ جبل حبیب کے رہنے والے تھے۔ یہ بھی قطب تھے امور بحران کے تصرف میں تھے۔ حضرت
نے ایک بار فرمایا: تو نے دیکھا ہوگا کہ جب گوشت کو گوشت سے کاٹا جائے تو بعض اوقات گوشت پھڑکا کرتا ہے۔ میں نے عرض کیا: جی
ہاں دیکھا ہے فرمایا جب حضرت منصور کو فتح نصیب ہوئی تو انکا بھی یہی حال تھا۔ اللہ کے جلال و ہیبت کی وجہ سے ان کے تمام اعضاء لرزتے
تھے اور ایک مدت تک ان کا یہی حال رہا۔ نیز فرمایا کہ میں نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو دیکھا کہ حضرت منصور سے دعائے خیر
کے طلبگار تھے۔ حضرت نے ان دونوں قطبوں کے متعلق بہت سے علمی اور عرفانی فوائد بیان فرمائے۔

۵۔ محمد سراجؒ:

پانچویں حضرت محمد سراج ہیں جو فھص کے ضلع میں انجرا کے رہنے والے تھے۔ یہ بھی قطب تھے۔ ان سے حضرت کی ملاقات کا واقعہ
ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ حضرت نے ان کے زیادہ واقعات بیان نہیں فرمائے۔ صرف تین بتائے ہیں جن کا ذکر ہو چکا ہے۔

۶۔ احمدؒ بن عبداللہ مصری:

چھٹے حضرت احمد بن عبداللہ مصری ہیں۔ یہ غوث وقت تھے۔ ابتداءِ کتاب میں ان کی اس حکایت کا ذکر ہو چکا ہے جس میں انہوں
نے حضرت کو نصیحت فرمائی تھی۔

۷۔علی بن عیسیٰ مغربی

ساتویں علی بن عیسیٰ مغربی ہیں۔ یہ بھی قطب تھے۔ان کا مسکن شام کے علاقہ میں دروز کے پہاڑ میں تھا۔حضرت نے ان کی لمبی کہانی بیان فرمائی جس میں بیان کیا ہے کہ یہ کس طرح مغرب سے شام کی طرف چلے گئے۔

۸۔محمدؒ بن علی الکیمونی۔۹۔محمد مغربیؒ۔۱۰۔عبداللہ جراز:

آٹھویں محمد بن علی الکیمونی۔نویں محمد مغربی اور دسویں عبداللہ جراز ہیں۔حضرت جراز دیر مراکش کے رہنے والے تھے۔

۱۲۲۸ھ کے آخر میں حضرت نے ابراہیم لمُلَزّ کی وراثت حاصل کر لی تھی۔حضرت نے مجھ سے ان کا نام ذکر کیا تھا اور فرمایا: سمجھ لو۔ پھر تھوڑے عرصہ کے بعد مجھ سے پوچھا تو میں ان کا نام بھول گیا تھا۔آپ نے پھر ذکر کیا اور پھر نصیحت کی مگر میں پھر بھول گیا۔تیسری مرتبہ پھر ذکر کیا اور مجھے ڈانٹا تو میں نے یہ نام لکھ لیا اور یاد بھی رکھا۔حضرت نے فرمایا یہ الجزائر کے رہنے والے ہیں۔اس کے بعد ہم نے ڈر کے مارے پوچھا ہی نہیں کہ ان کے علاوہ آپ نے کن کی وراثت حاصل کی۔

پھر میں نے حضرت سے عرض کیا کہ ان بزرگوں سے جو وراثت آپ نے حاصل کی ہے وہ مختلف قسم کی ہے؟

فرمایا: نو بزرگوں سے معرفت حق سبحانہ کی وراثت پائی اور پہلے سے بھی یہی معرفت حاصل کی۔اس کے بعد آپ نے ایک گھ سوار کی مثال دی کہ کسی نے چاہا کہ اس سوار کی تعریف کی جائے تو ایک شخص نے گھوڑے کی ٹانگوں، رنگ، رفتار، گردن کی لمبائی غرضیکہ گھوڑے کے تمام اوصاف بیان کر دیئے اور یہ بھی بتایا کہ سوار اسے کیسے چلا رہا ہے، مگر اس نے سوار کا قطعاً ذکر نہ کیا ہو۔یہ بھی فرض کر جائے کہ جو تعریف اس نے گھوڑے کی کی ہے، وہ محض تعریف ہی نہیں بلکہ بیان کرنے والے کی تعریف ایسی ہو کہ گویا کہ ہم اپنی آنکھو سے گھوڑے کو دیکھتے اور مشاہدہ کر رہے ہیں۔اس کے بعد کوئی اور شخص آئے اور وہ سوار کی ایسی تعریف کرے کہ وہ ہماری آنکھوں سامنے آ جائے اور ہر قسم کا حجاب اٹھ جائے۔

ایک اور بار حضرت نے اس طرح مثال دی اور فرمایا جو کچھ مجھے حضرت عمر سے حاصل ہوا اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص کسی کہے میرے ساتھ اس راستہ پر چلو تو تمہیں اس راستہ پر پانی مل جائے گا، لیکن یہ نہ بتائے کہ پانی کہاں ہے چنانچہ وہ شخص بغیر جانے کہ کہاں ہے روانہ ہو جائے یہاں تک کہ کوئی شخص آ کر انہیں پانی کی جگہ متعین کر کے بتا دے کہ یہاں پانی ہے۔

ایک اور مرتبہ فرمایا کہ میرا اور حضرت عمر کا معاملہ ایسا ہے جیسے کوئی شخص دوسرے کے لئے شکار کر کے اس کے سامنے شکار کو چھو چلا جائے مگر اس شخص کو معلوم نہ ہو کہ اس شکار کو کس طرح استعمال میں لاؤں۔پھر ایک اور شخص آ کر آگ اور ایندھن لا کر جلائے۔چھ لائے اور کہے یہ چھری لے اور اس سے جس قدر چاہو گوشت کاٹو اور کھاؤ۔

میں نے پوچھا۔کیا حضرت عمر دوسری قسم کے مفتوح علیہ تھے۔

فرمایا: ہاں لیکن ان کی فتح کمزور تھی۔

میں نے پوچھا: کیا وہ دیوان میں بھی حاضر ہوتے ہیں؟

فرمایا: ہاں مگر ہر شخص جو دیوان میں آتا ہے، اسے دیوان کی باتوں کا علم نہیں ہوتا کہ کیا داخل ہوا اور کیا نکلا اور کیا کم ہوا اور کیا زیادہ

میں نے کہا دیوان بھی مجالس علم کی طرح ہوا کہ ہر شخص جو اس مجلس میں آئے اسے مجلس کی باتوں کا علم ہونا ضروری نہیں۔

اس کے بعد میں نے حضرت سے پوچھا کہ آپ کی ملاقات حضرت عمر سے کیسے ہوئی؟

فرمایا کہ میں نے بہت سے ایسے لوگوں کو اپنا شیخ بنایا جن کے پاس کوئی سرّ نہ تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے میرے دل کو حضرت عمر کی طرف ل کر دیا۔ ہم دونوں حضرت علی بن حرزہم کے مزار پر اکٹھے ہوتے تھے۔ عمرؒ وہاں کے سجادہ نشین تھے اور ہم وہاں کا تبرک لیا کرتے تھے۔ ں نے غور سے انہیں دیکھا تو مجھے آپ کی حالت بہت پسند آئی۔ میں آپ کے ورد کے متعلق پوچھتا مگر آپ مجھ سے تغافل سے پیش تے۔ اس سے میرا شوق اور بڑھ جاتا۔ بالآخر ہم ایک رات علی بن حرزہم کے روضہ پر سوئے تھے کہ تلقین ورد اور خضر سے ان کی ملاقات کا قعہ جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے، پیش آیا۔

ایک مرتبہ میں آپ کے پاس بیٹھا تھا کہ کسی نے آپ سے اس ورد کے بارے میں سوال کیا جو شیخ مرید کو عطا کرتا ہے۔

آپ نے فرمایا: صادقین کے متعلق دریافت کر رہے ہو یا کاذبین کے متعلق؟

سائل نے جواب دیا: صادقین کے متعلق؟

فرمایا: اللہ تعالیٰ اس اُمت کے دین کی حفاظت اسی پاک شریعت کے ذریعے سے فرماتے ہیں کہ اگر اس پر ظاہر میں عمل کیا جائے تو باطن میں ایمان کی حفاظت کرتی ہے اور صحیح شیخ کا باطن حق سبحانہ کے مشاہدہ سے معمور ہوتا ہے چنانچہ شیخ کامل کی ملاقات سے پہلے جب رید لا الہ الا اللہ کہتا ہے تو صرف زبان سے کہتا ہے۔ اس کا دل اس سے غافل ہوتا ہے مگر شیخ اپنے مشاہدہ کی بدولت دل سے لا الہ الا اللہ ہتا ہے لہٰذا جب وہ مرید کو اس کی تلقین کرتا ہے تو اس کی حالت مرید میں بھی سرایت کر جاتی ہے اس کے بعد وہ ترقی کرتا رہتا ہے اور اگر للہ تعالیٰ نے اس کی قسمت میں لکھا ہو تو شیخ کے مرتبہ تک بھی پہنچ جاتا ہے۔ اس کے بعد حضرت نے مثال کے طور پر ایک مشہور حکایت بیان ی کہ ایک بادشاہ کا ایک بیٹا تھا جس سے اسے بہت محبت تھی۔ بیٹا سخت بیمار ہو گیا۔ بادشاہ نے علاج کے لئے طبیبوں کو بلایا اور کہا کہ اگر یہ چہ صحت یاب نہ ہوا تو تمہیں سخت سزا دی جائے گی۔ سب طبیب اس بات پر متفق تھے کہ اگر بچہ گوشت کھانا چھوڑ دے تو تندرست ہو جائے گا۔ بیٹے کو جب یہ کہا گیا تو اس نے نہ مانا اور کہا خواہ ابھی جان نکل جائے مگر گوشت کھانا نہ چھوڑوں گا۔ طبیبوں کو بڑی پریشانی ہوئی اور سخت مصیبت میں مبتلا تھے کیونکہ بیٹے نے ان کی بات ماننے سے انکار کر دیا تھا۔ یہ جس قدر اسے کہتے اسی قدر اسے نفرت ہوتی۔ پھر ان میں سے ایک نے اٹھ کر غسل کیا بارگاہ خداوندی میں گریہ وزاری کی اور نیت کر لی کہ جب تک مریض گوشت نہ کھائے گا وہ بھی نہ کھائے گا۔ اس کے بعد مریض کے پاس آ کر کہا گوشت نہ کھانا۔ چنانچہ اس نے اس کی بات مان لی اور اسی وقت اسے آرام آ گیا۔ اس پر جب باقی تمام طبیبوں کو حیرت ہوئی تو اس نے اس کی وجہ بتا دی۔

نیز فرمایا کہ جن اولیاء اللہ کو معرفت خداوندی حاصل ہوتی ہے وہ جب محجوبین کو دیکھتے ہیں کہ ان میں ایک شخص کا وجود پاک ہے اور اس میں سرّ کے متحمل ہونے کی صلاحیت اور طاقت ہے تو وہ اس شخص کو تلقین ذکر وغیرہ کرتے رہتے ہیں۔ یہی شخص جسے سرّ کے برداشت کرنے کی طاقت ہوتی ہے، ان کا مقصود ہوتا ہے۔ اگر شیخ کے پاس دوسرے لوگ آئیں جو سرّ کو برداشت کرنے کے قابل نہیں ہوتے تو شیخ انہیں بھی ذکر کی تلقین کر دیتا ہے اس لئے کہ وہ تلقین ذکر سے کسی کو محروم کرنا نہیں چاہتا خواہ وہ اہل ہو یا نہ ہو۔ اس کا ایک اور فائدہ ہوتا ہے جو قیامت کے دن ظاہر ہوگا کیونکہ قیامت کے دن آنحضرت ﷺ کے ہاتھوں میں لواء حمد ہوگا اور یہ نور ایمان ہوگا۔ دیگر تمام مخلوقات خواہ

آپ کی اُمت میں سے ہوں یا دیگر انبیاء کی مع اپنے انبیاء کے سب آپ کے پیچھے ہوں گے۔ ہر اُمت اپنے نبی کے جھنڈے تلے ہوگی اور انہیں آنحضرت ﷺ کے جھنڈے سے امداد حاصل ہوگی۔ تمام انبیاء مع اپنی امتوں کے آنحضرت ﷺ کے ایک کندھے کی اُمت مطہرہ ہوگی جس میں اولیاء کی تعداد انبیاء جتنی ہوگی اور وہ انبیاء کی طرح ہاتھوں میں جھنڈے لئے ہوں گے۔ انبیاء کی طرح ان کے متبعین ہوں گے۔ انبیاء کی طرح انہیں بھی آنحضرت ﷺ سے مدد پہنچے گی اور ان کے متبعین کو ان سے۔ لہٰذا جس مرید میں سرّ کے متحمل ہونے کی طاقت نہ ہوگی اسے اس شیخ سے جس نے اسے تلقین ذکر کی ہوگی، نفع ہوگا۔

حضرت نے فرمایا کہ محض تلقین اور ذکر کے کلمات منہ سے نکالنے سے کوئی فائدہ نہیں جب تک کہ اسے یہ تعلیم نہ دی جائے کہ اللہ ملائکہ الہامی کتابوں اور رسولوں پر ایمان لانے کی کیا حقیقت ہے اور اسے کچھ نہ کچھ باطنی فائدہ بھی ہو۔

میں نے کسی اور سے طبیبوں کے قصہ کی طرح ایسے قصے بھی سُنے ہیں۔ مثلاً یہ کہ ایک غلام نے ایک بزرگ سے درخواست کی کہ و اس کے آقا کے پاس اسے رہا کر دینے کی سفارش کریں۔ ایک سال تک اس بزرگ نے اس کی بات نہ مانی۔ پھر وہ اسے لے کر اس کے آقا کے پاس گئے اور اسے اس کو آزاد کرنے کو کہا۔ اس کے آقا نے بات مان لی اور اسے آزاد کر دیا۔ غلام اس سے بہت خوش ہوا او بزرگ سے کہا اگر آپ پہلے دن ہی سفارش کر دیتے تو مجھے اتنی مدت غلامی میں نہ رہنا پڑتا اور اس مدت کا اجر بھی آپ کی نیکیوں میں لک جاتا۔ آپ نے اس قدر تاخیر کیوں کی۔ بزرگ نے جواب دیا میں کسی کو اس وقت تک کسی کام کے کرنے کا حکم نہیں کر دیتا جب تک کہ مے خود نہ کرلوں اور جب تو نے مجھے کہا تھا کہ میں تمہارے آقا کو تمہیں آزاد کرنے کو کہوں اس وقت میرے پاس کوئی غلام نہ تھا جسے میں آز کرتا اس لئے اس سال کے عرصہ میں میں روپیہ کماتا رہا یہاں تک کہ ایک غلام کی قیمت میرے پاس جمع ہوگئی۔ پھر جب میں نے ا خرید کر آزاد کر دیا تب جا کر تمہارے آقا سے بات کی اور اس نے میری بات مان لی اور اگر میں غلام آزاد کرنے سے پہلے اس سے با کرتا تو میرا خیال نہیں کہ میری بات مان لیتا۔ واللہ اعلم۔

اسمِ اعظم:

حضرت نے فرمایا کہ اسم اعظم ننانوے ناموں میں سے نہیں ہے بلکہ وہ سوواں نام ہے مگر اسم اعظم کے بیشتر معانی ننانوے اسماء ح میں پائے جاتے ہیں۔ اور وہ ذات کا ذکر ہے زبان کا ذکر نہیں ہے لہٰذا جب یہ ذکر ذات سے نکلتا ہے تو اس سے اس طرح آواز نکلتی جس طرح پیتل کی آواز ہوتی ہے۔ یہ ذکر ذات کے لئے بڑا ثقیل معلوم ہوتا ہے چنانچہ ذات دن بھر میں ایک یا دو بار سے زیادہ اس کا نہیں کر سکتی۔

میں نے عرض کیا: یہ کیوں؟

فرمایا: اس لئے کہ یہ ذکر بغیر مشاہدہ تامہ کے نہیں ہو سکتا اور یہ اس ذات کے لئے ثقیل ہوتا ہے۔ چنانچہ جب ذات اس کا ذکر ہے تو اس کے لئے ہیبت اور خوف کے مارے تمام عالم مفقود ہو جاتا ہے۔

نیز فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں اس اسم اعظم کا ورد کرنے کی طاقت تھی۔ چنانچہ وہ دن میں چودہ مرتبہ اس کا ذکر کیا ک تھے۔ واللہ اعلم۔

سماء حسنیٰ:

حضرت نے فرمایا کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مشاہدات کے ذریعہ سے اسماء حسنیٰ کے معانی حاصل ہوئے تھے۔ چنانچہ جس قسم کے معانی کا وہ مشاہدہ فرماتے اس کے مطابق ایک نام وضع کر لیتے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ مشاہدات کے مطابق ان پر یہ معانی ظاہر کرتے تھے اور ی کے مطابق ان سے اسماء کا ظہور ہوتا' چنانچہ تمام اسماء حسنیٰ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے وضع کئے ہوئے ہیں۔ حضرت ادریس علیہ السلام ہلے نبی ہیں جنہوں نے علیم' قوی' عظیم اور منان کے اسماء وضع کئے۔ اسی طرح ہر نبی نے کوئی نہ کوئی نام وضع کیا ہے مگر انہوں نے یہ نام اپنی نی زبان میں وضع کئے تھے۔ قرآن کی خصوصیت ہے کہ اس نے ان تمام اسماء کو جمع کر دیا ہے اور انہیں متقدمین کی زبان میں نہیں عربی بان میں دیا ہے۔

نیز فرمایا کہ سب سے پہلے اسم جلالت (اللہ) حضرت آدم علیہ السلام نے خود وضع فرمایا اس طرح کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان میں روح پھونکی تو آپ فوراً اٹھ کر ایک ٹانگ پر کھڑے ہوئے اور دوسری ٹانگ کے گھٹنے کے بل بیٹھ گئے۔ اسی حالت میں انہیں حق سبحانہ کا شاہدہ عظیم ہوا۔ چنانچہ ان کی زبان سے ایسا لفظ نکلا جو ان اسرار کا مفہوم ادا کر رہا تھا جن کا انہوں نے ذات خداوندی سے مشاہدہ کیا چنانچہ کہا ''اللہ' خدا کے علم ازلی میں یہ بات تھی کہ اس کے یہ نام رکھے جائیں گے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ان ناموں کو انبیاء واصفیاء کی زبان پر جاری کیا۔

حضرت نے فرمایا: اگر سید الوجود ﷺ ان معانی کے لئے اسماء وضع فرماتے جو آپ کو اس مشاہدہ میں حاصل ہوتے جس کے متحمل ہونے کی کسی میں طاقت نہیں تو تمام سننے والے فنا ہو جاتے مگر اللہ سبحانہ اپنے بندوں پر بہت لطف وکرم فرماتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

ایک اعتراض اور اس کا جواب:

مولف کہتے ہیں کہ کوئی یہ خیال نہ کر بیٹھے کہ مذکورہ بالا بیان اہلسنت کے عقیدہ کے خلاف ہے اس لئے کہ ان کے ہاں تو اسماء حسنیٰ قدیم ہیں (اور مذکورہ بالا بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ اسماء حادث ہیں) اسلئے کہ ان کے قدیم ہونے سے مراد ان کے معانی وصفات کا قدیم ہونا ہے نہ کہ الفاظ کا۔ کیونکہ ہر لفظ عرض ہے اور ہر عرض حادث ہوتی ہے خاص طور جب وہ الفاظ اور اصوات کی طرح سیال ہو۔ واللہ اعلم۔

فرمایا: اسم جلالت (اللہ) میں تین اسرار ہیں۔ اول یہ کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات کی کوئی حد نہیں اور مخلوق تین قسموں پر منقسم ہے۔ انس' جن' حیوان وغیرہ جن کا علم اکثر لوگوں کو نہیں ہے۔ اس کثرت کے باوجود اللہ تعالیٰ اپنے ملک میں اکیلے ہیں نہ آپ کے ساتھ کوئی مدبر ہے نہ کوئی وزیر۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ تنہا ان تمام میں تصرف کرتے ہیں کوئی ایک چیز بھی اس تصرف سے باہر نہیں رہ سکتی۔ اللہ تعالیٰ سب پر غالب اور سب کو گھیرے ہوئے ہیں۔ جیسا کہ فرمایا وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَائِهِمْ مُحِيطٌ۔

دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ مخلوقات میں جسے چاہتے ہیں تصرف فرماتے ہیں جسے چاہیں غنی کر دیں جسے چاہیں فقیر کر دیں۔ جسے چاہیں عزت دیں جسے چاہیں ذلت دیں۔ ایک کو سفید اور دوسرے کو کالا بنا دیتے ہیں۔ ایک کی دعا قبول فرماتے ہیں اور دوسرے کی ردّ فرماتے ہیں اور دونوں میں زمان اور مکان کا اختلاف پیدا کر دیتے ہیں۔ ہر روز اس کی نرالی شان ہوتی ہے اور ایک حالت دوسری سے مانع نہیں ہو سکتی۔ اختیار اسی ذات کا ہے نہ مخلوقات کا جیسا چاہتا ہے کرتا ہے۔ وہ پاک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

تیسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ مقدس ومنزہ ہیں۔ نہ اس کی کیفیت بیان کی جاسکتی ہے نہ کسی مخلوق سے تشبیہ دی جاسکتی ہے اس کے باوجود دبدبہ کا غلبہ اسی کا ہے۔ حتیٰ کہ اگر مخلوقات اور اس کے درمیان حجاب حائل نہ ہوتا' تو اللہ تعالیٰ کی تجلی سے سب ریزہ ریزہ ہو جاتے بلکہ ان کا کوئی نشان تک باقی نہ رہتا۔ حتیٰ کہ کہا جاتا ہے کہ اس دنیا میں کبھی کسی مخلوق کا وجود ہی نہ تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے سابق قضاوقدر کی بناء پر محض اپنی رحمت وحکمت سے طے فرمایا تھا کہ دو مقام بنائے جائیں اور ہر ایک کے اہل کو اس کے مقام پر پہنچایا جائے۔ اس لئے جب کسی مخلوق کے پیدا کرنے کا ارادہ کیا تو اس کے پیدا کرنے سے پہلے پردہ وحجاب پیدا کر دیا۔

فرمایا ارباب بصیرت بغیر اس کے کہ انہیں کسی مخلوق کے مشاہدہ کی ضرورت ہو محض اسم جلالت کے بولنے سے ہی ان اسرار کو جان لیتے ہیں۔

میں نے عرض کیا یہ کیسے؟

اس پر حضرت نے ایک مثال بیان فرمائی جس کے مفہوم سے ہم سمجھ گئے کہ یہ لفظ جلالت (اللہ) کے تمام اسماء کو جامع ہونے کی وجہ سے ہے۔

نیز فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مقدس ومنزہ ہے کسی مخلوق سے اس کی مشابہت نہیں ہوسکتی۔ بہرصورت جس کا ہم تصور کریں اللہ تعالیٰ کچھ اور ہی ہے اس لئے کہ ہر صورت جو ہمارے فکر میں آئے گی وہ اللہ سبحانہ کی مخلوقات میں موجود ہوگی کیونکہ فکر میں صرف مخلوق اشیاء ہی آسکتی ہیں۔ لہٰذا ہر چیز جو فکر میں آئے گی اس کی مثال ہوگی اور اللہ کی کوئی مثال نہیں۔

میں نے عرض کیا کہ کیا انسانی فکر میں ایک ایسے انسان کا تصور آسکتا ہے جو سر کے بل چلتا ہے؟

حضرت نے فرمایا: قسم ہے خدا کی میں نے ایسے انسان کو اسی طرح چلتے دیکھا ہے جس طرح فکر نے اس کا تصور کیا۔ وہ ہاتھ سے اپنی شرمگاہ کو چھپا رہا تھا۔ یہ ہاتھ ہی پردہ کا کام دے رہا تھا۔ اسے صرف اسی وقت ہٹاتا تھا جب اسے قضاء حاجت یا جماع کی خواہش ہوتی۔

حضرت نے بتلایا کہ ایک مرتبہ وہ اپنے شیخ محمد بن عبدالکریم بصراوی کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے تو انہوں نے فرمایا کہ آؤ ہم اپنے فکر وتخیل میں عجیب ترین صورت کا تصور کریں۔ پھر دیکھیں کہ آیا یہ صورت اللہ کی مخلوقات میں موجود بھی ہے یا نہیں۔ میں نے کہا بہت اچھا۔ صورت آپ کا دل چاہے وہ گھڑ لیجئے۔ فرمایا: اچھا ہم ایک چوپایہ کی صورت لیتے ہیں جس کی شکل اونٹ کی سی ہو' پیٹھ عکروشہ کی طرح تمام منہ ہی منہ ہوں۔ پیٹھ پر پہاڑ ہو جس کا رنگ اس کے اپنے رنگ سے مختلف ہو اور اوپر کو بلند ہو پھر اس کی چوٹی پر کنگرے بنے ہوئے ہوں جن میں سے ایک میں سے وہ پیشاب پاخانہ کرتا ہو' ایک سے پانی پیتا ہو' ان کنگروں کے درمیان انسان کی سی شکل ہو' جس کا سر چہرہ اعضاء تمام انسان سے ہوں۔ ابھی آپ اپنے ذہن میں اس کا تصور ہی کر رہے تھے کہ ہم نے اس قسم کی کثیر التعداد مخلوق دیکھی۔ پھر دیکھا کہ اس کا نر مادہ سے جفتی کر رہا ہے اور وہ حاملہ ہو جاتی ہے' لیکن دوسرے سال مادہ نر بن جاتی ہے اور نر جو مادہ بن جاتا ہے اس سے جفتی کرتا ہے۔ فرمایا! یہ عجیب ترین بات ہے جو ہم نے سنی۔ واللہ اعلم۔

حضرت ایک مرتبہ مشاہدہ کا ذکر فرما رہے تھے اور کہتے تھے کہ ایک بہت بڑی چیز ہے جسے اکثر مخلوق حاصل نہیں کر سکتی۔ آپ نے اس کا سبب بھی بیان فرماتے ہوئے اپنا قصہ بیان کیا کہ ۱۱۲۷ء کے آخر میں میری ملاقات ایک ولی سے ہوئی جن سے میں نے درخواست

ی کہ میرے لئے دعا کریں کہ خدا مجھے مشاہدہ عطا فرمائے۔ اس ولی نے فرمایا کہ اس کا خیال چھوڑ دو اور اللہ تعالیٰ سے اس کی درخواست نہ کرو حتیٰ کہ وہ خود تمہیں بغیر درخواست کے مشاہدہ عطا کرے کیونکہ جب تمہاری درخواست کے بغیر تمہیں مشاہدہ عطا کیا جائے گا تو تمہاری للہ تعالیٰ مدد فرما کر اس کے تم پر نازل ہونے سے پہلے اس کے برداشت کی قوت بھی عطا فرمائیں گے لیکن اگر تو اس کی درخواست کرتا رہے ور کثرت سے دعا کرتے رہے گا تو اللہ تعالیٰ تمہیں مایوس تو کرنے کے نہیں مگر ڈر اس بات کا ہے کہ اللہ تمہیں تمہاری ذات پر نہ چھوڑ دیں اور اسے برداشت نہ کر سکے۔ میں نے پھر کہا میرے لئے درخواست کریں کیونکہ میں اس کی طاقت رکھتا ہوں اس پر انہوں نے فرمایا انسانی نیا کی طرف دیکھو اور ان سب کو اپنی آنکھوں کے سامنے جمع کرو یہاں تک کہ وہ انگوٹھی کے حلقہ کی مانند ہو جائے۔ میں نے کہا میں نے کر لیا ہے۔ پھر فرمایا جنوں کی دنیا کی طرف دیکھو اور ان سے بھی یہی کرو۔ میں نے کہا کہ میں نے کر لیا ہے اس طرح ایک ایک کر کے آپ نے ئی عالم گنا دیئے چنانچہ جنتوں و مافیہا کی دنیا اور دوزخوں و مافیہا کی دنیا کا بھی ذکر کیا اور انہیں اپنی آنکھوں کے سامنے جمع کرنے کو کہتے گئے اور میں ایسا کرتا گیا اور کہتا گیا کہ میں نے کر لیا ہے۔ پھر فرمایا ان تمام کے مجموعہ کی طرف ایک ہی نگاہ سے دیکھو اور کوشش کر کے دیکھو کہ آیا تم ان تمام کو اس ایک نظر میں آنکھوں کے سامنے حاضر کر سکتے ہو۔ میں نے کوشش کی مگر نہ کر سکا۔ اس پر فرمایا کہ تم اس مخلوقات کا شاہدہ تو کر نہیں سکتے اور ان کو اپنی نظر میں حاضر کرنے سے عاجز ہو گئے پھر خالق سبحانہ کا مشاہدہ کیسے کر سکتے ہو۔ یہ سن کر میں حق بات کو سمجھ گیا اور دل کے آنسوؤں سے رویا کہ میں نے ایسی چیز کی خواہش کی جس کی مجھ میں طاقت نہیں۔

حضرت نے فرمایا: کہ تمام مخلوقات کو ایک نگاہ میں اپنی آنکھوں کے سامنے لانے کی کسی بشر میں طاقت نہیں۔

نیز فرمایا: یہی حال ان اولیاء اللہ کا ہے جو بیداری میں آنحضرت ﷺ کو دیکھتے ہیں کیونکہ جب تک وہ ان تمام عوالم کو نہ دیکھ لیں نحضرت ﷺ کو نہیں دیکھ سکتے۔ مگر پھر بھی ایک نظر میں نہیں دیکھ سکتے۔

رُوح کا احاطہ نہیں ہو سکتا:

جب حضرت سے میری پہلی ملاقات ہوئی اور میں نے آپ سے رُوح کے متعلق گفتگو کی تو فرمایا کہ کوئی عاقل اس کا احاطہ نہیں کر سکتا ور اس کے جاننے سے پہلے جب تک اس پر تمام عوالم کا مکاشفہ نہ ہو جائے وہ اس حقیقت کو نہیں سمجھ سکتا' لیکن اگر کچھ عوالم کا تو اس پر مکاشفہ ہو جائے اور کچھ کا ابھی باقی رہتا ہو اور رُوح کا مکاشفہ ہو جائے تو وہ شخص فتنہ میں مبتلا ہو جائے گا۔

رُوح کا سمجھنا مشکل امر ہے:

نیز فرمایا کہ خواہ کس قدر بڑا عالم کیوں نہ ہو اور وہ مجھ سے رُوح کے متعلق گفتگو کرنے لگے اور میں جواب دیتا جاؤں تو چار سال تک بھی گزر جائیں پھر بھی اس کے اعتراضات ختم نہ ہوں گے۔ اس لئے کہ اس کا سمجھنا بہت مشکل اور اس کا معاملہ بہت ہی پوشیدہ ہے۔ واللہ اعلم۔

انسان حق سبحانہٗ کی معرفت کی طاقت نہیں رکھتا:

اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنا باہمہ کبریائی و عظمت کے کسی بندے کی طاقت میں نہیں ہے۔ اس کی مثال آپ نے یوں دی کہ فرض کرو کمہار کے کسی برتن کو اللہ تعالیٰ عقل عطا فرما دے اور کوئی شخص اس برتن سے اس کے بنانے والے کی کیفیت' لمبائی' رنگ' اس کی عقل' اس

کی ادراک' اس کے کان اس کی آنکھوں' دنیا میں اس کی مدت حیات اور ان تمام برتنوں کے متعلق سوال کرے۔ جو اس کے بنانے والے نے بنائے ہوں تو وہ برتن یہ تمام باتیں معلوم نہیں کر سکتا اور نہ ہی ان کی ذات ان معارف کے متحمل ہونے کی طاقت رکھتی ہے اور درحقیقت کوئی مصنوع چیز اپنے صانع کی حقیقت کو معلوم نہیں کر سکتی۔

پھر فرمایا کہ جب ایک حادث دوسرے حادث کی معرفت حاصل کرنے میں اس قدر عاجز ہو تو پھر صانع قدیم سبحانہ وتعالیٰ کی معرفت کیسے حاصل ہو سکتی ہے۔[41] لہٰذا مخلوق خواہ وہ کوئی بھی نہ ہو اس دنیا میں اور نہ آخرت میں اس کی معرفت ہرگز حاصل نہیں کر سکتی۔

ذکر عبادت سے زیادہ بھاری ہے:

فرمایا کہ ذکر ذات[42] انسانی پر عبادت سے زیادہ بوجھل ہوتا ہے اور یہاں پر ذات خبیثہ ہے جو ظلمت سے سیراب ہوتی ہے اور ذکر اسے نور سے سیراب کرنا چاہتا ہے مگر یہ ذات اپنی ظلمت کی وجہ سے اسے قبول نہیں کر سکتی۔ ذکر کرنے والا اس کی حقیقت بدلنا چاہتا ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی عورت میں مرد کی یا مرد میں عورت کی طبیعت ڈالنا چاہے۔ یا جیسے کوئی یہ چاہے کہ گندم کا ذائقہ اور مٹھاس دوسری قسم کے غلہ میں ڈال دے۔ بس سمجھ لو کہ اسے اس میں کس قدر حیرت و ناکامی ہوگی۔ برخلاف عبادت کے کہ یہ ظاہری جسم کا کام ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی کلہاڑی سے کام کرتا رہے تو اس کام کا بوجھ صرف اسی لئے ہوگا کہ اس میں بدنی تھکان پایا جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔

قَرِیْبٌ:

حضرت نے فرمایا کہ اسماء حسنیٰ میں ایک ایسا اسم ہے کہ اگر کوئی بندہ اس کے نور سے سیراب ہو جائے تو ہر وقت روتا رہے۔ میں نے دریافت کیا وہ کونسا اسم ہے۔ فرمایا قَرِیْبٌ۔ میں نے کہا شاید اس کا رونا اس لئے ہے کہ اس کا اپنے رب کی طرف اپنی غفلت سے رجوع کرنا ایسا ہے جیسے کوئی سفر سے اپنی والدہ کے پاس واپس آئے۔ فرمایا: اپنی والدہ کے پاس پہنچ کر اس کا رونا محض خوشی کی وجہ سے ہوتا ہے مگر اپنے رب کے سرور کے ساتھ وہ شرم وحیا بھی پایا جاتا ہے جو اسے غفلت اور رب کے احکام کی مخالفت کے زمانہ کی یاد دلاتے ہیں۔

اَلْمُتَعَالِیْ:

فرمایا: اسمائے حسنیٰ میں سے ایک اسم ایسا ہے کہ اگر کوئی بندہ اس کے نور سے سیراب ہو جائے تو ہمیشہ ہنستا رہے اس کی یوں مثال سمجھو کہ ایک شخص کے پاس ساٹھ آدمی آ کر اس کے کپڑے اتار دیں اور اسے اس کے جسم کے ایسے حصوں پر گدگدی کرنا شروع کر دیں جہاں گدگدی کرنے سے ہنسی آتی ہے اور ان سے خلاصی نہ پا سکتا ہو۔ میں نے دریافت کیا کہ وہ کونسا اسم ہے فرمایا اَلْمُتَعَالِیْ۔ میرا ارادہ تھا کہ حضرت سے تمام اسماء حسنیٰ کے انوار کے متعلق سوال کروں مگر مجھ پر ہیبت طاری ہوگئی جس کی وجہ سے میں رک گیا۔

فرمایا: ولی کے لئے اس زمانے سے بڑھ کر کوئی سخت زمانہ نہیں ہوتا جبکہ وہ اسماء حسنیٰ کے انوار سے سیراب ہو رہا ہو اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اسماء کے مقتضیات مختلف ہیں کہ ایک کا اقتضا کچھ ہے اور دوسرے نام کا کچھ اور۔

فرمایا: بعض اولیاء صرف ایک ہی نام سے سیراب ہوتے اور اسی کا اثر ان پر ہمیشہ رہتا ہے۔ مثلاً یہ کہ وہ ہمیشہ ہنستا رہتا ہے یا ہمیشہ روتا رہتا ہے۔ بعض دو سے اور بعض زیادہ سے سیراب ہوتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت آپ کتنے اسماء کے انوار سے سیراب ہیں؟

فرمایا: ستانوے اسماء کے انوار سے۔

میں نے عرض کیا کہ اسماء حسنیٰ تو ننانوے ہیں۔

فرمایا: سواں نام ان میں شمار نہیں کیا گیا اسی لئے کہ لوگوں میں اس کے برداشت کرنے کی طاقت نہیں ہے اور وہ سواں نام اسم اعظم ہے جس سے دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

نیز فرمایا کہ اتنے اسماء کے انوار سے صرف ایک ولی سیراب ہوتا ہے اور آپ کی اس سے مراد غوث سے ہے۔ آپ کا یہ فرمان کہ آپ ستانوے اسماء کے انوار سے سیراب ہیں۔ یہ ابتداء میں تھا لیکن آخر کار جیسا کہ آپ نے خود بتا دیا تھا آپ تمام اسماء حسنیٰ یعنی سو کے سو اسماء کے انوار سے سیراب ہو گئے تھے۔

پھر یہ سیرابی دو طرح سے ہوتی ہے۔ ایک سیرابی مرتبہء رُوح میں ہوتی ہے چنانچہ کسی ولی کو ایک نام کی نصیب ہوتی ہے۔ کسی کو دو کی کسی کو اس سے زیادہ کی اور پورے سو اسماء کی سیرابی بجز غوث کے کسی کو نصیب نہیں ہوتی اور دوسری سیرابی ہے مقام سر و باطن کی۔ چنانچہ اس سیرابی میں سوائے سید الوجود ﷺ کے کوئی بھی مکمل سو کی سیرابی حاصل نہیں کر سکتا۔ اس کلام کے تحت بہت سے اسرار و انوار ہیں جنہیں اسرار والے لوگ ہی سمجھ سکتے ہیں۔ خدا ہمیں ان کی خوشنودی عطا فرمائے۔ واللہ اعلم۔

اسماء حسنیٰ کے وِرد کے لئے کسی عارف سے تلقین لینا ضروری ہے:

فرمایا جو لوگ اسماء حسنیٰ کا ورد کرتے ہیں' اگر انہوں نے کسی عارف سے لیا ہے تو کسی قسم کی مُضِرّت نہ ہوگی اور اگر غیر عارف سے لیا ہوگا تو نقصان اٹھائیں گے۔

میں نے عرض کیا: اس کی کیا وجہ ہے؟

فرمایا: اسما حسنیٰ میں حق سبحانہ کے انوار پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا جب تو کسی نام کا ذکر کرنے لگے اور اس کا نور اس کے ساتھ ہو تو تجھے کسی قسم کی مضرت نہ پہنچے گی اور اس کے ساتھ اس کا وہ نور نہ ہوگا جو بندے کو شیطان سے بچائے رکھتا ہے تو شیطان حاضر ہو کر بندے کو ضرر پہنچانے کا سبب بنتا ہے' لیکن جب شیخ عارف ہوگا جو کہ ہر دم بارگاہ رب العزت میں حاضر ہوتا ہے اور وہ اپنے مرید کو اسماء حسنیٰ میں سے کوئی نام دینا چاہے تو اسے وہ نام مع اس کے نور کے عطا کرے گا جو اسے شیطان سے بچائے رکھے گا۔ لہٰذا جب مرید اس کا ورد کرے گا تو اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ پھر اس کا نفع اس نیت کے مطابق ہوگا جس نیت سے شیخ نے اسے دیا ہے۔ اگر دنیا کے حصول کے لئے دیا ہوگا تو دنیا مل جائے گی اور اگر آخرت کے لیے دیا ہے تو آخرت مل جائے گی یا معرفت خداوندی کے لیے دیا ہوگا تو معرفت خداوندی مل جائے گی۔ لیکن اسم کی تلقین کرنے والا شیخ ہی اگر مجوب و غیر عارف ہے تو وہ مرید کو محض نام دے گا جس کے ساتھ حفاظت کرنے والا نور نہ ہوگا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مرید ہلاک ہو جائے گا۔ نَسْأَلُ اللّٰہ السَّلَامَۃَ .

میں نے دریافت کیا کہ قرآن عزیز میں اسماء حسنیٰ موجود ہیں اور حافظ قرآن اسے پڑھتے ہیں اور اس کے ساتھ اسماء حسنیٰ کی بھی تلاوت کرتے رہتے ہیں لیکن انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچتا حالانکہ کسی عارف نے انہیں اس کی تلقین نہیں کی ہوتی۔ اس کا سبب کیا ہے؟

فرمایا: سیدنا و نبینا و مولانا محمد ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے ان تمام لوگوں کے لئے جو آپ کے زمانہ سے لے کر قیامت تک ہوں گے

قرآن دے کر بھیجا لہٰذا جو شخص بھی تلاوت قرآن مجید فرماتا ہے اس کا شیخ خود آنحضرت ﷺ ہوتے ہیں۔ یہی سبب حاملین قرآن کے بچاؤ کا ہوتا ہے۔ مزید برآں آنحضرت ﷺ نے اپنی اُمت کو قرآن شریف کا اسی قدر حصہ عطا فرمایا ہے جس کی ان میں طاقت ہے یا جس قدر کہ وہ قرآن مجید کے ظاہری احکام کو سمجھ سکتے ہیں۔ آپ نے قرآن مجید کو مع تمام اسرار و انوار کے نہیں دیا۔ اگر آپ اُمت کو مع انوار کے قرآن عطا فرماتے تو اُمت شریفہ میں سے کوئی شخص بھی نافرمان نہ ہوتا اور سب کے سب قطب ہوتے اور کسی کو اسماء حسنیٰ سے ضرر نہ پہنچتا۔

اَلَا یَعْلَمُ مِنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرِ کا وردٗ فقر و مصیبت کے لئے مفید ہے:

فرمایا سورہ ملک میں اَلَا یَعْلَمُ مِنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرِ آیا ہے اور اس کا ورد ان لوگوں کے لئے مفید ہے جو محتاج ہوں یا مصیبت میں مبتلا ہوں۔ جو شخص اس کا کثرت سے ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مشکل حل کر دے گا۔

مؤلف کہتا ہے کہ ایک شخص کو بیش کے دانے نکل آئے اور یہ ایک لاعلاج مرض ہوتا ہے وہ حضرت کے پاس آیا اور آپ سے اس کی شکایت کی۔ وہ اس مرض سے ڈر رہا تھا۔ حضرت نے اسے یہ آیت پڑھنے کو کہا تو یہ بیماری اس طرح جاتی رہی کہ پتہ بھی نہ چلا۔

حضرت ایک مرتبہ بیان فرما رہے تھے کہ حضرۃ ۴۳ کا رواج نہ قرن اولیٰ میں یعنی عہد صحابہ میں تھا نہ قرن ثانی یعنی عہد تابعین میں اور نہ ہی تیسرے قرن یعنی عہد تبع تابعین میں۔ یہی تینوں عہد بہترین کہلاتے ہیں جس کی شہادت حدیث سے ملتی ہے آپ کے اس بیان کا سبب یہ تھا کہ ایک شخص نے آپ سے حضرۃ کے متعلق سوال کیا۔ حضرت فرماتے ہیں کہ میں نے صاف اور حق بات کہنا پسند نہ کیا اس خیال سے کہ میں ایک عامی ہوں اور وہ میری بات قبول نہ کرے گا اس لئے میں نے اسے کہا کہ اس مسئلہ کے متعلق تو علماء سے پوچھنا چاہیے کہ آیا آنحضرت ﷺ نے ایسا کیا تھا یا نہیں۔ اگر وہ جواب دیں کہ آنحضرت ﷺ نے ایسا نہیں کیا تو پوچھیں کیا حضرت ابوبکرؓ صدیق نے ایسا کیا تھا یا نہیں۔ اگر کہیں کہ ابوبکرؓ نے ایسا نہیں کیا تو پوچھیں کیا عمرؓ نے ایسا کیا تھا یا نہیں اگر کہیں کہ عمرؓ نے بھی نہیں کیا تو پوچھیں کیا عثمانؓ نے ایسا کیا تھا یا نہیں۔ اگر کہیں نہیں تو پوچھیں کیا علیؓ نے ایسا کیا تھا یا نہیں اگر کہیں کہ نہیں کیا تو پوچھیں کیا صحابہ میں سے کسی نے ایسا کیا تھا یا نہیں اگر کہیں نہیں تو پوچھیں کیا تابعین میں سے کسی نے ایسا کیا تھا یا نہیں۔ اگر کہیں نہیں تو پوچھیں کیا تابع تابعین میں سے کسی نے ایسا کیا تھا یا نہیں۔ اگر کہیں نہیں تو معلوم ہو گیا کہ جس بات کو ان تینوں عہدوں کے بزرگوں نے نہیں کیا اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

حضرۃ کب سے شروع ہوا:

پھر فرمایا کہ حضرۃ کا رواج چوتھی صدی میں ہوا۔ اس طرح کہ چار یا پانچ صاحب فتح اولیاء تھے اور ان کے چند مرید تھے بعض اوقات یہ لوگ ملائکہ وغیرہ کو اللہ کا ذکر کرتے ہوئے مشاہدہ کرتے۔ حضرت نے فرمایا کہ بعض ملائکہ اللہ کا ذکر زبان سے کرتے ہیں اور بعض تمام جسم سے۔ چنانچہ ان کے اجسام دائیں بائیں آگے اور پیچھے جھومتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ چنانچہ ان پانچوں میں سے جب کوئی ولی کسی فرشتہ کو اس حالت میں دیکھتا تو اسے یہ حالت بہت پسند آتی اور وہ اس سے اثر پذیر ہو کر اسی طرح جھومنے لگ جاتا اور مشاہدہ حق میں غائب ہونے کی وجہ سے اسے پتہ ہی نہ ہوتا کہ وہ کیا کر رہا ہے اور جس شخص کی ایسی حالت ہو اس کے ضعف اور عدم قوت کے متعلق کوئی شک نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا جب اس کے مرید اسے اس طرح حرکت کرتے دیکھتے تو وہ بھی اسی طرح کرنے لگ جاتے۔ شیخ تو فرشتہ کی حرکت کی وجہ

سے متحرک ہوتے اور مرید شیخ کی حرکت کی وجہ سے اور وہ اپنے شیخ کی سی ظاہری صورت بنالیتے اس کے بعد وہ پانچوں شیخ جو اہل باطن اور
ل صدق تھے وفات پا گئے اور ان کے اہل ظاہر مرید حضرۃ میں مشغول ہو گئے اور انہوں نے دیگر حرکات کا اس میں اضافہ کر دیا اور اس کے
لئے آلات بنالئے اور پھر نسلوں تک یہ بات جاری رہی۔ حالانکہ اس کا سبب ان اشیاخ کی کمزوری تھی جو اپنے وجود ظاہری پر قابو نہ پانے
ی وجہ سے پیدا ہوئی اور یہ بات قرون ثلاثہ میں نہ تھی نہ کہیں سننے میں آئی ہے۔ واللہ اعلم۔

فرمایا کہ نظر بصیرت کے تین لاکھ چھیاسٹھ ہزار اجزاء ہیں۔ ان میں سے ایک جزو آنکھ کی نگاہ میں آیا ہے اور باقی تمام اجزاء وارث
ل عارف کی ذات میں ہیں۔ چنانچہ وہ اپنی ذات سے اسی طرح دیکھتا ہے جس طرح ہم اپنی آنکھ سے دیکھتے ہیں مگر اس کی نظر تمام اجزاء
ئی ہے اور یہ مرتبہ صرف ایک شخص کو یعنی غوث کو حاصل ہوتا ہے جس کے ماتحت اقطاب سبعہ ہوتے ہیں۔

اس وقت ہم شہر تطاون میں حضرت کے گھر بیٹھے ہوئے تھے کہ حاضرین میں سے ایک شخص نے جسے آپ کے مرتبہ کا علم تھا کہا کہ
م عبدالوہاب شعرانی نے لکھا ہے کہ سید عبدالقادر جیلانیؒ اور حضرت احمد بن حسینؒ رفاعی [۴۴] اور حضرت ابراہیم دسوتی [۴۵] کا عالم ملکوت میں
تماع ہوا اور وہاں ان سے ایک عجیب وغریب واقعہ پیش آیا جس کا ذکر حضرت ابراہیم نے اپنے چند مریدوں سے کر دیا۔ مریدوں نے کہا:
س بات کا کون گواہ ہے۔ حضرت دسوتیؒ اس وقت اپنے مزیدوں کے ساتھ مصر میں تھے اور دیگر دونوں بزرگ عراق میں تھے۔ ان دونوں
زرگوں کی طرف اشارہ کر کے کہنے لگے یہی لوگ گواہی دیں گے۔ چنانچہ وہ دونوں اسی وقت آموجود ہوئے اور انہوں نے گواہی دی۔ پھر
ں شخص نے کہا کہ تینوں شخص ایک جیسے ہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ اس قسم کی بات تو معمولی ولی بھی کر سکتا ہے۔ میں نے ایک ایسے ولی کو دیکھا جو بہت بڑے مرتبہ تک پہنچا ہوا تھا
نانچہ اسے تمام مخلوقات جاندار و بے جان، وحوش وحشرات، آسمان، ستارے، زمینیں اور جو کچھ زمینوں میں ہے۔ سب کا مشاہدہ حاصل تھا اور
تمام کرہ عالم اس سے مدد لیتا تھا اور وہ ایک ہی لحظہ میں تمام کرہ عالم کی آواز اور کلام کو سن لیتا تھا اور ہر ایک کو اس کی ضرورت اور مصلحت کی
یز عطا کرتا۔ بدون اس کے کہ کوئی ایک اسے دوسرے سے روک رکھے بلکہ جہان کا اوپر کا حصہ اور نچلا اس کے لئے ایک جیسے تھے۔ پھر اللہ
عالیٰ اس ولی پر رحم فرماتے اور جب وہ دیکھتے تو اسے معلوم ہوتا کہ یہ تمام مدد اسے کسی اور کی طرف سے حاصل ہوئی ہے۔ یعنی اس کی اپنی
اتی نہیں اور وہ غیر آنحضرت ﷺ ہیں اور وہ دیکھتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو یہ مدد حق سبحانہ کی طرف سے آ رہی ہے۔ چنانچہ وہ دیکھتا کہ
یہ سب کچھ اللہ ہی کی جانب سے ہے۔

پھر فرمایا کہ میں نے اس ولی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ جب میں اس مدد کو کسی اور کی طرف سے دیکھتا ہوں تو میں اپنے آپ کو ایک
مینڈک کی طرح پاتا ہوں اور یہ کہ تمام مخلوق مجھ سے زیادہ طاقت ور اور زیادہ قدرت والی ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہ صفات خود حضرت میں جو کہ غوث وقت تھے اور ان کے ماتحت ساتوں قطبوں میں پائی جاتی تھیں۔

ایک مرتبہ یوں فرمایا کہ میں ساتوں آسمانوں، ساتوں زمینوں اور عرش کو اپنی ذات میں دیکھتا ہوں۔ اسی طرح عرش کے اوپر جو ستر
حجاب ہیں اور ہر حجاب میں ستر ہزار عالم ہے اور ہر دو حجابوں کے درمیان ساٹھ ہزار سال کا عرصہ ہے جو تمام کا تمام ملائکہ کرام سے معمور ہے
اور اسی طرح ستر پردوں سے اوپر جو عالم رَقًا ہے اس تمام مخلوقات کے ذہن میں جو ارح کا تو ذکر ہی کیا ایک آدمی کی اجازت کے بغیر کوئی

چیز نہیں آ سکتی۔

مؤلف کہتا ہے کہ ان تمام باتوں کی تشریح اولیاء اللہ ہی سمجھ سکتے ہیں۔

حضرت کا یہ فرمانا کہ ایک معمولی ولی بھی ایسا کر سکتا ہے۔ سچ ہے کیونکہ میں نے ایسے لوگوں کو اس طرح کرتا دیکھا جو ابھی ابتداء فتح و کشف میں ہی تھے۔ حالانکہ انہیں ابھی تک صوفیاء کا ایمان نصیب نہ ہوا تھا۔ میں نے ایک مرتبہ آپ سے دریافت کیا کہ آنحضرت ﷺ کی روحانی میراث ایک لاکھ چوبیس ہزار میں منقسم ہے پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ یہ تمام ورثہ غوث کو نہیں ملا؟

فرمایا کہ آنحضرت ﷺ میں جتنی طاقت تھی وہ کسی شخص میں بھی نہیں ہے۔ غوث کے وارث ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص آنحضرت ﷺ کی ذات سے غوث جتنا سیر نہیں ہوتا۔ واللہ اعلم۔

حواشی

۱۔ مصنف رائیہ کا حال مؤلف کتاب نے خود قصیدہ کے اختتام پر دیا ہے۔

۲۔ احمد خضرؒ: ان کے نام میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے۔ صوفیاء میں ان کی کنیت ابوالعباس اور احمد نام مشہور ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے ایک صحیح حدیث میں ہے کہ ان کو خضر اس لئے کہا گیا ہے کہ یہ بنجر زمین پر بیٹھے تو وہ ہری بھری ہوگئی اس لئے ان کا نام خضر پڑ گیا۔ علامہ ابن حجر نے (فتح الباری ج ۳۳۵۔۳۳۸) ان کے نام اور زمانہ کے متعلق مختلف اقوال نقل کئے ہیں۔ پھر ان کے نبی یا ولی ہونے کے متعلق علماء کا اختلاف نقل کیا ہے اور فرمایا ہے کہ اکثر اہل علم کا یہی خیال ہے کہ وہ نبی تھے اور ایک ضعیف حدیث میں خضر کی آنحضرت ﷺ سے ملاقات کا ذکر بھی ہے۔ صوفیا کے ہاں اولیاء اللہ کی خضر سے ملاقات کے بہت سے واقعات پائے جاتے ہیں۔ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ مجھے اچھی سند کی ایک ہی اثر ملی ہے جس کی روایت یعقوب بن سفیان نے اپنی تاریخ میں کی ہے کہ ریاح بن عبیدہ نے ایک شخص کو عمرؒ بن عبدالعزیز کے ساتھ ساتھ چلتے دیکھا جب عمرؒ واپس آئے تو لوگوں نے پوچھا یہ کون شخص تھا۔ حضرت عمرؒ نے کہا کیا تو نے اسے دیکھ لیا ہے میں نے عرض کیا ہاں فرمایا تو مجھے نیک آدمی معلوم ہوتا ہے۔ (اس لئے میں تمہیں بتا دیتا ہوں) یہ شخص خضر تھے اس نے مجھے اس بات کی خوش خبری دی ہے کہ میں عنقریب خلیفہ بنوں گا اور عدل کروں۔ شیخ کمال الدین محمد بن محمد المعروف بامام الکاملیہ متوفی ۸۷۴ھ/۱۴۶۹ء نے ایک رسالہ فی الخضر علیہ السلام دھیوتہ لکھا ہے۔ کشف الظنون ج ۴۲۰) ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن الجوزی متوفی ۸۹۷ھ نے عجالتہ المنظر بشرح حال الخضر لکھی جس میں انہوں نے خضر کے زندہ ہونے کی تردید کی ہے۔ (خفاجی ۲۔۳۲۳) اور کشف الظنون ۲۔۱۸) نیز امام محمد بن محمد بن الخضر می متوفی ۸۹۴ھ نے "الروض النظر فی احوال الخضر لکھی (خفاجی ۴۔۶۸) اور کشف الظنون ج ۱۔۴۴۴) اس پر یمنی کو غصہ آیا تو اس نے اس کے رد میں الاعتراض فی وضع الاعتراض لکھی (کشف الظنون ج ۱۔۴۴۰) شعرانی ں الانوار القدسیہ ج ۱۔۴) کہتے ہیں خ زندہ ہیں۔ مرنے نہیں۔ شیخ حسن عراقی کی ان سے ملاقات ہوئی۔

۳۔ دسویں شعر کا پہلا مصرع وزن سے خارج ہے۔ میں نے ہر چند کوشش کی کہ اسے موزوں کر دیا جائے مگر نہ ہو سکا۔

۴۔ قبض پانچویں ساکن کو گرانے کو قبض کہتے ہیں۔ جیسے مفاعلن سے پانچواں حرف ہی گرا کر مفاعلن رہ گیا اور یہ بحر طویل میں اکثر ہوتا ہے مگر جسے عروض علم نہ ہوگا وہ اسے بہت بڑا عیب سمجھے گا۔

۵۔ عثمانؓ بن مظعون: مشہور صحابی ہیں۔ آنحضرت ﷺ پر ایمان لانے والوں میں یہ چودھویں ایمان لانے والے تھے۔ پہلے حبشہ کی طرف ہجرت کی مدینہ کی طرف۔ انہوں نے اجاہلیت میں ہی اپنے اوپر شراب حرام کر رکھی تھی۔ ہجرت کے بعد مسلمانوں میں یہ پہلے شخص ہیں جو فوت ہوئے اس وقت ہجرت کو اڑھائی سال گزر چکے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے موت کے بعد ان کے چہرہ کو بوسہ دیا۔

۶۔ عبداللہؓ بن مسعود: ابھی آنحضرت ﷺ ارقم کے گھر نہیں گئے تھے کہ یہ ایمان لائے۔ بعض کا خیال ہے کہ ایمان لانے والوں میں یہ چھٹے تھے آنحضرت ﷺ کے خاص صحابہ میں سے تھے۔ حضرت کی نعلین، مسواک اور وضو کے پانی کا انتظام انہی کے سپرد تھا۔ ۳۲ھ/۶۵۲ء میں وفات پائی۔

۷۔ سعدؓ بن ابی وقاص: ابواسحٰق سعد بن ابی وقاص مشہور صحابی ہیں اور عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اللہ کی راہ میں تیر چلایا۔ اصح

شوریٰ کے چھ آدمیوں میں سے تھے نیز ان چھ صحابیوں میں سے تھے جن پر آنحضرت ﷺ وفات تک راضی رہے۔ ان کی دعا مقبول ہوتی تھی۔ مدینہ سے دس میل کے فاصلہ پر عقیق میں تراسی برس کی عمر میں ۵۵ھ/۶۷۴ء میں وفات پائی۔

عبداللہؓ بن عمرو بن العاص: ان کا ذکر پہلے آچکا ہے۔

شیخ شہاب الدین سہروردیؒ: شہاب الدین ابوحفص عمر السہر وردی مشہور صوفی ہوئے ہیں۔ جن کی طرف سہروردیہ فرقہ کو نسبت ہے۔ یہ ابوالنجیب عبدالقادر سہروردی جن کی وفات ۵۶۳ھ/۱۱۶۷ء میں ہوئی کے مرید تھے۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں جن میں سے عوارف المعارف زیادہ مشہور ہے یہاں پر اسی کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ابوحفص شہاب الدین سہروردی ایک اور بزرگ بھی ہوئے ہیں وہ بھی صوفی تھے اور ان کی بھی بہت سی تصانیف ہیں۔ انہیں ۵۸۶ھ/۱۱۹۰ء میں قتل کر دیا گیا تھا اس لیے انہیں المقتول کے نام سے پکارا جاتا ہے مگر یہاں سہروردی سے مراد مصنف عوارف المعارف ہے جن کی وفات ۶۳۲ھ/۱۲۳۴ء میں ہوئی۔

محی الدین العربی: محی الدین محمد بن علی بن العربی مرسیہ میں ۵۶۰ھ/۱۱۶۵ء میں پیدا ہوئے ۵۶۹ھ/۱۱۷۳ء تا ۵۹۹ھ/۱۲۰۲ء وہ اشبیلیہ میں رہے مگر پھر انہوں نے مصر، شام اور حجاز کا طویل سفر کیا اور بالآخر دمشق میں رہائش اختیار کر لی۔ اس کی وفات دمشق میں ۶۳۸ھ/۱۲۴۰ء میں ہوئی۔ امام شعرانی نے ان کے حالات کے لئے ایک الگ کتاب لکھی ہے جس کا نام تنبیہ الاغبیاء علیٰ قطرۃ من بحر علوم الاولیاء ہے۔

ابوعبداللہ قضیب البان: شیخ ابوعبداللہ عبدالقادر بن محمد المصلی المعروف بہ قضیب البان ۱۰۴۰ھ میں ان کی وفات ہوئی۔ انہوں نے اسماء اللہ الحسنیٰ کی شرح کی ہے۔ عبداللہ نے ۱۰۹۶ھ/۱۶۸۴ء میں وفات پائی۔ اس نے مدح نبیؐ میں ایک قصیدہ لکھا جس کا مطلع یہ ہے۔

اهلا بنشر من مهب زرود　　احییٰ فواد العاشق المنجود

اس قصیدہ کی شرح شیخ عثمان العریانی الکلیبی بن عبداللہ نے کی جو مدینہ میں آباد ہو گئے تھے خود قضیب البان نے حدیث الاربعین کی بھی شرح کی ہے جس کا نام کواکب الضوء رکھا ہے (کشف الظنون ۱۔۴۹۲) قضیب البان نے ۱۰۱۹ھ میں الکواکب الضویۃ فی شرح ''الاحادیث النبویہ'' لکھی (کشف الظنون ۲۔۱۹۴) مقاصد القصائد البائیہ بھی انہی کی تالیف ہے (کشف الظنون ۲۔۳۱۱)

۔ اصل کتاب میں اسی طرح علی ہی دیا ہے مگر میرے خیال میں یہاں علی کے بجائے عن ہونا چاہیے تھا۔

۱۔ ابوالسعودؒ جارحی: شیخ شہاب الدین المرحومی کے خلیفہ تھے۔ مصر میں ان کے بہت سے شاگرد اور بہت سی کرامات مشہور ہیں۔ انہوں نے اپنے مریدوں کی بہت سخت آزمائشیں کیں۔ اکثر گوشہ نشین رہتے اور مخلوقات سے بھاگتے تھے۔ اکثر کہتے کہ کسی کو نہ مرید بناؤ نہ کتاب لکھو، نہ کوئی تکیہ بلکہ لوگوں سے بھاگو کیونکہ یہ بھاگنے کا زمانہ ہے ان کی وفات ۹۳۰ھ/۱۵۲۳ء کے کچھ سال بعد ہوئی۔

۱۔ ثابت بن قیس بن شماس انصاری خزرجی صحابی ہیں۔ انہیں خطیب انصار کہا جاتا تھا۔ احد اور بعد کی جنگوں میں شریک ہوئے۔ آنحضرت ﷺ نے ان کے جنتی ہونے کی گواہی دی ہے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں جنگ یمامہ میں ۱۲ھ/۶۳۳ء میں شہید ہوئے۔

۱۔ ابن عطاء: ایک ابن عطا ابوالعباس احمد بن محمد بن سہل بن عطا الآدمی ہوئے ہیں جنہیں فہم قرآن میں خاص مہارت تھی۔ علماء صوفیہ میں سے تھے۔ حضرت جنید بغدادی ان کے پیر تھے۔ ان کی وفات ۳۰۹ھ/۹۲۱ء میں ہوئی یہاں غالباً یہی ابن عطا مراد ہیں۔

دوسرے ابن عطاء ابوعبداللہ احمد بن عطاء بن احمد الرودباری ہیں یہ ابوعلی الرودباری کے بھانجے تھے اور اپنے وقت میں شام کے شیخ مانے جاتے تھے۔ یہ بھی علوم شریعت اور قرآن میں مشہور تھے۔ ان کی وفات ۳۶۹ھ/۹۷۹ء میں ہوئی۔

۱۶۔ سہلؒ: شاید یہ سہل بن عبداللہ تستری ہیں جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۱۷۔ ابوبکر بن طاہر: ابوبکر عبداللہ بن طاہر الجبل کے کبار صوفیہ میں سے تھے اور شبلی کے ساتھیوں میں سے تھے ان کی وفات ۳۳۰ھ ۹۴۱ میں ہوئی۔

۱۸۔ ابوعثمان: ابوعثمان الحیری: یہ دراصل ری کے رہنے والے تھے۔ پہلے یحییٰ بن معاذ رازی اور شاہ بن شجاع کرمانی کی صحبت میں رہے پھر کوچ کر کے نیشاپور چلے گئے اور باوحفص بن حدرد کی صحبت اختیار کی۔ یہیں ان کی شادی ابوحفص کی بیٹی سے ہوئی۔ ان کی وفات ۲۹۰ھ/۹۱۰ء میں ہوئی۔

۱۹۔ ابوطالبؒ مکی: محمد بن علی بن عطیہ العجمی ثم المکی مشہور صوفی ہوئے ہیں۔ ان کی کتاب قوت القلوب صوفیہ کے ہاں بڑی مقبول ہے۔ ان کی وفات ۳۷۶ھ/۹۹۶ء میں ہوئی۔

۲۰۔ اس حدیث میں جس میں جبرئیلؑ نے آ کر ایمان کے متعلق سوال کیا تھا جبرئیل کے بیٹھنے کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے۔ ایک سائل اور مرید کو شیخ کے سامنے یہی طریقہ اختیار کرنا چاہیے چنانچہ بزرگوں کے سامنے دوزانو ہو کر بیٹھنا ہی باادب سمجھا گیا ہے۔

۲۱۔ اس جگہ سکتہ پڑتا ہے مگر میں اسے درست نہ کر سکا۔

۲۲۔ ابوعبدالرحمٰن محمدؒ بن الحسن السلمی: ابوعبدالرحمٰن محمد بن الحسین بن موسیٰ الازدی النیشاپوری جنہوں نے تصوف پر بہت سی کتابیں لکھیں۔ ۳۳۰ھ/۹۴۱ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام کتاب میں الحسن لکھا ہے مگر انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں الحسین دیا ہے۔ اپنے نانا ابن نجید سے تعلیم پائی اور ابوالقاسم نصر آبادی سے خرقہ حاصل کیا۔ ان کی وفات ۴۱۰ھ/۱۰۲۰ء میں ہوئی۔ انہوں نے قرآن مجید کی ایک تفسیر بھی لکھی جس کا نام حقائق التفسیر رکھا۔ حاجی خلیفہ نے عبدالرحمٰن حسین بن محمد السلیمی النیشاپوری لکھا ہے (کشف الظنون ۱۔۵۶) ان کی دیگر تصانیف آداب الصوفیہ' آداب الصحبتہ' آداب التفاذی' اربعین' زلل' الفقر بن الصوفیہ' کتاب الآداب کتاب' الفتوۃ' طبقات الصوفیہ اور مقامات الاولیاء ہیں۔

۲۳۔ ابویزیدؒ بسطامی' ابویزید طیفور بن عیسیٰ البسطامی مشہور صوفی گزرے ہیں۔ ان کی وفات ۲۶۱ھ/۸۷۴ء میں ہوئی۔ ان کا جو قول یہاں دیا ہے وہ شعرانی کی طبقات کبریٰ ج ایک صفحہ ۶۵ پر دیا ہے۔

۲۴۔ یوسف بن اسباط: کبار صوفیہ میں سے تھے کسی نے حضرت عبداللہ بن مبارک کے پاس ان کی عبادت کا ذکر کیا تو کہنے لگے تم تو ایسے لوگوں کا ذکر کر رہے ہو جن کے ذکر سے لوگوں کو شفا حاصل ہوتی ہے۔ ان کا جو قول یہاں نقل کیا گیا ہے شعرانی نے اپنی طبقات کبریٰ میں دیا ہے۔ ان کی وفات ۱۹۰ھ/۸۰۵ء کے چند سال بعد ہوئی۔

۲۵۔ شیخ ضیاء الدین ابوالنجیب: ابوالنجیب عبدالقادر بن عبداللہ سہروردی' ضیاء الدین اور نجیب الدین ان کے لقب تھے۔ یہ ابوبکر الصدیقؓ کی اولاد میں سے تھے اور شیخ شہاب الدین سہروردی مصنف حوارف المعارف کے پیر تھے' ان کی وفات ۵۶۳ھ/۱۱۶۷ء میں بغداد میں ہوئی۔ آداب المریدین ان کی تصنیف ہے۔

۲۶۔ ذوالنون مصری: ابوالفیض ذوالنون مصری۔ ان کا اصلی نام ثوبان بن ابراہیم ہے۔ دراصل نوبی تھے ۲۴۵ھ/۸۵۹ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۲۷۔ ابوطالب محمد بن علی بن عطیہ العجمی ثم المکی المتوفی ۳۸۶ھ۔ ان کی کتاب کا نام قوت القلوب فی معاملۃ المحبوب ووصف طریق المرید الی مقام التو

۲۸۔ ابومحمد سہل بن عبداللہ تستریؒ: جس سال ان کی ملاقات ذوالنون مصری سے مکہ میں ہوئی۔ ۲۸۳ھ میں ان کی وفات ہوئی۔

۲۹۔ ابوالحسن رحلی الصدغاء الہندی۔ ان کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔

۳۰۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ ۱۹۶ باب ذکر اللہ والتقرب الیہ۔

۳۱۔ ابوعبداللہ قرشیؒ: ابوعبداللہ محمد بن احمد بن ابراہیم قرشی۔ ابوعبداللہ قرشی جلیل القدر صوفیاء میں سے گزرے ہیں۔ خضر علیہ السلام سے ان کی اکثر ملاقات ہوتی رہتی تھی۔ یہ اندھے اور کوڑھی تھے۔ زخموں سے پیپ ہر وقت بہتی رہتی تھی۔ صاحب کرامات کثیرہ ہیں۔ (شعرانی ج ۱۔۱۳۸) ان کی وفات شام میں پچپن برس کی عمر میں ۵۹۹ء میں ہوئی۔ ان کی نماز جنازہ مسجد اقصیٰ میں پڑھی گئی۔ (ابن خلکان ج ۲۔۴۲۳)

۳۲۔ بشر حافی: ابونصر بشر بن الحراث اصل میں مرو کے تھے مگر بغداد میں رہائش اختیار کر لی تھی اور وہیں وفات پائی۔ علی بن خشرم کے بھانجے تھے۔ ۲۲۷ھ/۸۴۱ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۳۳۔ اس قصیدہ میں ادبی لحاظ سے کئی ایک سقم پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ شعر نمبر ۱ خارج از وزن ہے۔ قصیدہ بحر طویل میں سے ہے مگر اس شعر کا پہلا مصرع غیر موزوں ہے۔ پھر پندرھویں شعر میں صبنی الدر کہا ہے حالانکہ صبنی کا لفظ پھل یا شہد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ صبنی الدر کی ترکیب شاعر کے اپنے ذہن کی اختراع ہے اس کے بعد اکتیسواں شعر پھر خارج از وزن ہے۔ پہلے مصرع میں نرجیہ کی را کو اگر مشدد پڑھا جائے تب جا کر وزن پورا ہوتا ہے۔ حالانکہ فرجیہ کی راہ مخفف ہے۔ غالباً شاعر نے یہ شعر سن رکھا ہے۔

چو تشدید در شعر ضرورت افتد تشدید صحیح چرا نباشد

اور اس پر عمل کیا ہے پھر اسی شعر میں مستجرء کی ہمزہ کو وزن اور قافیہ کی خاطر حذف کیا ہے اور اس قسم کا حذف نہایت قبیح ہوتا ہے۔ اسی طرح اس شعر کے دوسرے مصرع میں اصل لفظ نشاء ہے جو ممدود ہے شاعر کو وزن نے مجبور کیا اور بجائے غشاء کے غشا پڑھا۔ ضرورت شعری کے لئے ممدود کو مقصود پڑھنا جائز ہے مگر یہاں تو شاعر نے مقصود نہیں کیا بلکہ ہمزہ کو جزو کلمہ سمجھ کر اسے مہموز بنا دیا ہے حالانکہ یہ لفظ ناقص ہے۔

۳۱۔ زین العابدین علی بن الحسین رضی اللہ عنہ: علی اصغر یہی ہیں کیونکہ علی اکبر امام حسین علیہ السلام کے ساتھ شہید ہوئے تھے۔ تمام حسینی ان ہی کی اولاد میں سے ہیں۔ ان کی وفات اٹھاون برس کی عمر میں ۹۹ھ/ ۷۱۷ء میں ہوئی۔

۳۲۔ ابو یعقوب اسحٰق بن محمد نہر جوری: یہ ابوعمرو مکی' ابو یعقوب سوسی اور جنید رحمتہ اللہ کی صحبت میں رہے ان کی وفات مکہ میں ۳۳۰ھ/ ۹۴۱ء میں ہوئی۔

۳۳۔ ابوعمرؒ و اسماعیل بن نجید: ابوعمرو اسماعیل بن نجید بن احمد بن یوسف السلمی یہ ابوعثمان مکہ کے مرید تھے۔ حضرت جنید بغدادی سے بھی ان کی ملاقات ہوئی اور اپنے وقت کے بڑے مشائخ میں تھے۔ ان کی وفات ۳۶۰ھ/ ۹۵۰ء میں ہوئی ان کا قول جو یہاں دیا ہے شعرانی کی طبقات الکبریٰ ج ا صفحہ ۱۰۳ پر دیا ہے۔

۳۴۔ ابوسلیمانی دارانی: ابوسلیمان عبدالرحمٰن بن عطیہ دارانی۔ داران دمشق کی بستیوں میں سے ایک بستی ہے ان کی وفات ۲۱۵ھ/ ۸۳۰ء میں ہوئی۔

۳۵۔ ابوثعلبہ خشنی: ابوثعلبہ جرثوم بن ناشر الخشنی صحابی ہیں۔ یہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں اس وقت آئے جب آنحضرت ﷺ غزوہ حنین کی تیاری میں لگے ہوئے تھے اور یہ اسلام لے آئے۔ آپ نے انہیں مال غنیمت میں سے حصہ دیا۔ ۷۵ھ/ ۶۹۴ء میں وفات پائی۔

۳۶۔ ابومحمد عبدالرزاق: ۵۲۸ھ/ ۱۱۳۳ء میں پیدا ہوئے۔ اپنے باپ سے تلقین کی محدث' حافظ' عابد' زاہد اور ثقہ تھے انہوں نے ۶۰۳ھ/ ۱۲۰۶ء میں وفات پائی۔ (تذکرۃ الحفاظ ج ۴۔ ۱۷۲)

۳۷۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں۔ سبحانک ما عبدناک حق عبادتک۔ سبحانک ما عرفناک حق معرفتک لانحصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک۔ ہم تیری ثنا نہیں کر سکتے تو تو ایسا ہی ہے جیسے تو نے خود اپنی ثناء کی ہے۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے ولذکر اللہ اکبر۔

۳۸۔ حضرہ یہ لفظ کتاب میں اسی طرح دیا ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ سماع کی قسم کی کوئی چیز ہے۔

۳۹۔ سید احمد بکیر نام۔ ابوالعباس کنیت اور محی الدین لقب تھا۔ آپ ۱۵ رجب المرجب ۵۱۲ھ۔ ۱۱۱۸ء کو مقام حسن میں پیدا ہوئے۔ آپ نسباً حسینی سید ہیں۔ ابومحمد ضیاء الدین احمد وتری نے کتاب روضۃ الناظرین میں آپ کا سلسلہ نسب دیا ہے۔ آپ کی روحانی و جسمانی تربیت آپ کے ماموں منصور بطائحی نے کی اور اپنے انتقال سے ایک سال پہلے ۵۳۹ھ۔ ۱۱۴۴ء خلافت عطا کر کے خرقہ پہنایا۔ شیخ منصور کا انتقال ۵۴۰ھ۔ ۱۱۴۵ء میں ہوا۔ آپ کے مناقب و حالات میں بہت سی کتابیں تصنیف کی گئیں جیسے رہن العاشقین، تریاق المحسنین، نفحۃ المسکیہ، ام البر، شفاء الاسقام اور روضہ الناظرین وغیرہ۔ آپ کے ملفوظات اور موافظ کو ان کے مریدوں نے جمع کیا ہے مثلاً مجالس الاحمدیہ، کتاب الحکم، آثار النافعہ، الحکم الساطعہ اور البرہان المؤید۔ آپ کی مشہور ترین کرامت یہ ہے کہ ۵۵۵ھ۔ ۱۱۶۰ء میں حج بیت اللہ سے فارغ ہو کر روضہ مقدس کی زیارت کے لیے گئے۔ گنبدِ خضرا کے قریب پہنچ کر آپ نے بآواز بلند کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا جَدِّی۔ نانا جان السلام علیکم۔ فوراً روضہ اطہر سے ندا آئی۔ وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا وَلَدِی اس ندا کو سن کر آپ پر وجد طاری ہو گیا۔ آپ کے علاوہ جتنے آدمی وہاں موجود تھے سب نے آواز کو سنا۔ تھوڑی دیر کے بعد بحالتِ گریہ آپ نے یہ دو شعر پڑھے۔

فی حالۃ البُعْدِ رُوْحِیْ کُنْتُ اُرْسِلُھا ۔۔۔ تُقَبِّلُ الْاَرْضَ عَنِّیْ وَھِیَ نَائِبَتِی

وھٰذہ دولۃ الاشباح قد حَضَرَت ۔۔۔ فَامْدُدْ یَمِیْنَکَ کَیْ تَحْظٰی بِھَا شَفَتِی

اسی وقت روضہ مطہر سے دستِ مبارک نکلا اور آپ نے اس کو بوسہ دیا۔ اس وقت روضہ مقدس پر تقریباً نوے ہزار عاشقانِ جمالِ نبوی کا مجموع تھا۔ انہیں میں حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی، شیخ عدی بن مسافر اموی اور شیخ عبدالرزاق حسینی واسطی بھی تھے۔ آپ نے ۶۶ برس کی عمر میں ۵۷۸ھ۔ ۱۱۸۲ء میں وفات پائی۔ شعرانی نے ان کی تاریخ وفات ۵۷۰ھ دی ہے۔

۴۲۔ ابراہیم وسوتی قرشی: بہت جلیل القدر صوفیہ میں سے تھے ان کی کرامات مشہور ہیں۔ تینتالیس برس کی عمر میں ۶۷۶ھ/ ۱۲۷۷ء میں وفات پائی۔

ساتواں باب

وہ تشریح جو حضرت نے اولیاء اللہ کے مشکل کلام کی فرمائی

۱۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ مِنْہُ اِنْشَقَّتِ الْاَسْرَارِ کی تشریح:

حضرت نے قطب کامل عبدالسلام بن مشیش کے درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ مِنْہُ اِنْشَقَّتِ الْاَسْرَارِ کی تشریح محمد بن عبدالکریم بصرادی[1] سے نقل کرتے ہوئے یوں فرمائی کہ جب اللہ تعالیٰ نے زمین کی برکات واسرار کو ظاہر کرنے کا ارادہ فرمایا مثلاً چشمے، کنویں، دریا، درخت، پھل اور پھول تو ستر ہزار فرشتے بھیجے۔ پھر ستر ہزار فرشتے بھیجے۔ پھر ستر ہزار فرشتے بھیجے۔ زمین پر اُتر کر انہوں نے طواف کرنا شروع کیا۔ ستر ہزار کی پہلی جماعت نبی ﷺ کے اسم مبارک کا ذکر کرنے لگی اور یہاں اسم سے مراد اسم عالی ہے جیسا کہ وتنزلت علوم آدم کی شرح میں آئے گا۔ دوسری جماعت اللہ سے آنحضرت ﷺ کے قرب ومرتبہ کا ذکر کرنے لگی اور تیسری جماعت آنحضرت ﷺ کے ناموں کے ذکر کی برکت ہے اور آپ کی ان کے درمیان موجودگی اور ملائکہ کے اس مشاہدہ کی برکت سے آنحضرت ﷺ کو اللہ سے کس قدر قرب حاصل ہے تمام کائنات وجود میں آئی۔ فرماتے ہیں: پھر فرشتوں نے آپ کے اسم مبارک کا زمین پر کیا اور زمین کو قرار آ گیا۔ آسمانوں پر کیا تو وہ بلند ہو گئے۔ ابناء آدم کے جوڑوں پر کیا تو وہ اللہ کے حکم سے نرم ہو گئے۔ انسان آنکھوں کی جگہ پر کیا تو وہ مع اپنے انوار کے کھل گئیں۔ اِنْشَقَّتِ الْاَسْرَارُ کے یہی معنی ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ کیا دلائل الخیرات[2] کی اس عبارت کا بھی یہی مطلب ہے؟

وَبِالْاِسمِ الَّذِیْ وَ ضَعْتَہٗ عَلَی اللَّیْلِ فَأَظْلَمَ وَ عَلَی النَّھَارِ فَاسْتَنَارَ وَ عَلَی السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَ عَلَی الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَ عَلَی الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَ عَلَی الْبِحَارِ انْفَجَرَتْ وَ عَلَی الْعُیُوْنِ فَنَبَعَتْ وَ عَلَی السَّمٰوٰتِ فَامْطَرَتْ

اے خدا اس نام کا واسطہ جسے تم نے رات پر رکھا تو وہ تاریک ہو گئی۔ دن پر رکھا تو وہ روشن ہو گیا۔ زمین پر رکھا تو اسے قرار آ گیا۔ پہاڑوں پر رکھا تو وہ گڑ گئے سمندروں پر ڈالا تو وہ بہنے لگے، چشموں پر ڈالا تو وہ پھوٹ پڑے اور آسمانوں پر ڈالا تو وہ برسنے لگے۔

حضرت نے فرمایا: ہاں اور یہ نام ہمارے نبی اور آقا محمد ﷺ کا نام ہے۔ آپ ہی کی برکت سے تمام کائنات پیدا ہوئی۔ واللہ

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت احمد بن عبداللہ غوث وقت کا قول جوانہوں نے اپنے مرید کو کہا پہلے گزر چکا ہے جہاں وہ فرماتے ہیں بیٹا اگر رمحمدی ﷺ نہ ہوتا تو زمین کا کوئی راز ظاہر نہ ہوتا اور اگر آپ نہ ہوتے تو نہ کوئی چشمہ پھوٹتا اور نہ کوئی دریا چلتا۔ بیٹا آنحضرت ﷺ کا نور رج کے مہینہ میں تین بار تمام بیجوں پر اپنی خوشبو چھوڑتا ہے تو آپ کی برکت سے ان میں پھل آتا ہے۔ اگر آپ کا نور نہ ہوتا تو ان میں پھل آتا۔ بیٹا سب سے کم ایمان والا شخص بھی اپنی ذات پر ایمان پہاڑ جتنا بلکہ اس سے بھی بڑا دیکھتا ہے۔ زیادہ ایمان والوں کی بات ہی چھوڑو۔ ض اوقات ذات اس ایمان کے اُٹھانے سے بوجھ محسوس کرتی ہے تو اسے پھینک دینے کا ارادہ کرتی ہے۔ اس وقت نور محمدی ﷺ اس پر مہکتا ہے اور اسے ایمان کے اُٹھانے میں مدد دیتا ہے تو وہ شخص ایمان کی حلاوت اور مزہ محسوس کرتا ہے۔ اس قول کو کتاب کی ابتداء میں دیکھ لیں۔

وسری تشریح:

حضرت نے ایک بار مَنْ مِنْهُ اِنْشَقَّتِ الْاَسْرَار کی تشریح یوں کی کہ اگر آنحضرت ﷺ کا وجود نہ ہوتا تو دوزخ و جنت میں لوگوں تفاوت معلوم ہی نہ ہوتا اور لوگ جنت و دوزخ میں ایک ہی مرتبہ کے ہوتے اس طرح کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کا نور پیدا کیا اور تقدیر ی میں یہ پہلے لکھا جا چکا تھا کہ آنحضرت ﷺ کو قبول کرنے اور ان کی طرف مائل ہونے اور نہ ہونے میں لوگوں کی حالت مختلف ہوگی۔ ذا جب آپ کا نور پیدا ہوا تو یہ تفاوت مخلوقات میں ظاہر ہوگیا۔ لہٰذا وہاں سے معلوم ہوگیا کہ ان میں بعض لوگ اس درجہ تک خشوع کرنے لے ہوں گے اور بعض معرفت میں اس درجہ کے ہوں گے اور بعض خوف میں اور فلاں رنگ فلاں قسم کا ہے اور فلاں نے اس سے ایک قسم ا ہے۔ یہ سب کچھ ان کے ظاہر ہونے سے پہلے ہوا جبکہ وہ ابھی عدم العدم میں ہی تھے۔ فرمایا کہ آنحضرت ﷺ سے اسرار کے نکلنے سے راد یہی مخلوق ہے۔ مراتب کا اختلاف ہے۔ واللہ اعلم۔

تیسری تشریح:

ایک اور مرتبہ حضرت نے اس کی تشریح یوں فرمائی کہ تمام انبیاء، اولیاء وغیرہ کے اسرار آنحضرت ﷺ کے سِرّ سے لئے گئے ہیں۔ اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کے دو سِرّ ہیں۔ ایک مشاہدہ میں جو وہبی چیز ہے اور دوسرا سِرّ اسی سِرّ سے حاصل ہوتا ہے اور وہ کسبی یا اکتسابی ہے۔ فرض کرلو مشاہدہ ایک کپڑا ہے۔ ہر پیشہ ور نے اپنے پیشہ اور کاریگری کے مطابق اس میں اپنی صنعت دکھائی ہو اور صاحب مشاہدہ کو یوں فرض کرلیں کہ اس نے اس کپڑے کو تمام کا تمام پی لیا ہو لہٰذا جب وہ اس دھاگے کو پی لے گا جسے ریشم باف نے تیار کیا ہے تو اللہ تعالیٰ سے اسے ریشم کی صنعت اور ان تمام چیزوں کا علم حاصل ہو جائے گا جن کی اس صنعت میں ضرورت ہوتی ہے اور اگر بافندے کے ساختہ دھاگے کو پیئے گا تو اسے بافندگی کے تمام متعلقات کا علم حاصل ہو جائے گا۔ اسی طرح ان تمام دیگر صنائع کو جان لے گا جن کا علم ہمیں ہے اور جن کا علم نہیں بھی ہے۔ یہی حال آنحضرت ﷺ کے مشاہدہ کا ہے کہ ہم فرض کر لیتے ہیں کہ یہ مشاہدہ ان تمام معارف پر مشتمل ہے جو حق سبحانہ کے ارادہ میں پہلے سے ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ مشاہدہ اور مذکورہ بالا کپڑے میں وجہ شبہ صرف اختلاف امور ہے۔ کپڑے میں صنائع اور پیشے مختلف تھے اور آنحضرت ﷺ کے مشاہدہ میں مختلف قسم کے اسماء حسنیٰ ہیں اور اس اسماء کے انوار و اسرار بھی ہیں۔ اس کی ایک وجہ شبہ یہ بھی ہے کہ مذکورہ بالا

کپڑے میں مختلف صنائع اکٹھے ہوگئے ہیں اسی طرح آنحضرت ﷺ کے مشاہدہ میں تمام اسماء حسنٰی کے انوار جمع ہوگئے ہیں۔ تیسری وجہ شبہ یہ ہے کہ جس قدر ان مختلف صنائع کا علم ہوگا اسی قدر کپڑوں کی ساخت میں تصرف پایا جائے گا۔ یہی حال اسماء حسنٰی کا ہے کہ ان کے انوار سے سیراب ہوکر اس عالم میں تصرف ہوتا ہے لہٰذا وجہ شبہ ان تینوں چیزوں سے مرکب ہوئی یعنی کسی چیز میں امور کا تبین مع استیفاء کے اور اس کے ساتھ تصرف کا اضافہ بھی ہو۔

اس کے بعد حضرت نے فرمایا: اس طرح آنحضرت ﷺ کی ذات ان تمام امور پر مشتمل ہو جاتی ہے جو اس مشاہدہ کے لئے لازم ہیں اور آپ کی ذات کو اس کے تمام اسرار سے مدد حاصل ہوتی ہے جیسے رحمت خلق اور ان کی محبت' انہیں معاف و درگزر کرنا۔ ان سے حلم سے پیش آنا اور ان کے لئے نیک دعا کرنا کہ شاید اللہ تعالیٰ انہیں اللہ عزوجل پر ایمان رکھنے میں تقویت دے۔ پھر فرمایا آنحضرت ﷺ ابو بکر صدیقؓ کے لئے یہی دعا فرمایا کرتے تھے مگر آج لوگوں کو اس دعا کی قدر معلوم نہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ جب ہم فرض کرلیں کہ مشاہدہ تمام اسماء حسنٰی پر مشتمل ہے اور یہ بھی فرض کرلیں کہ یہ مشاہدہ کرنے والے آنحضرت ﷺ مذکورہ بالا کپڑے کے پہننے والے ہیں تو اس سے یہ قطعی طور پر لازم آئے گا کہ آنحضرت ﷺ کی ذات مطہرہ تمام اسماء حسنٰی کے انوار سے سیراب ہوا اور ان کے اسرار سے مستفیض ہو چکی ہو لہٰذا آپ کی ذات میں نور صبر' نور رحمت' نور حلم' نور عفو' نور مغفرت' نور علم' نور قدرت' نور سمع' نور بصر' نور کلام الغرض تمام اسماء حسنٰی کے انوار ہوں گے اور یہ انوار آپ کی ذات میں بدرجہ کمال ہوں گے پھر فرمایا اس کے بعد ہم دیگر انبیاء ملائکہ اور اولیاء کی طرف دیکھتے ہیں تو باوجود اس کے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے انوار سے سیراب ہوتے ہیں پھر بھی آنحضرت ﷺ کی ذات کے چند اسرار ہم ان سب میں پھیلے ہوئے پاتے ہیں۔ لہٰذا جو اسرار ان کی باتوں میں پائے جاتے ہیں وہ سب کے سب آنحضرت ﷺ کی ذات سے منشعب ہوئے ہیں یہاں تک کہ فرمایا کہ اگر ذات کے اندر خون گوشت اور رگیں نہ ہوتیں جو حقائق امور کی معرفت سے مانع آتی ہیں تو تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی پیدائش سے لے کر آنحضرت ﷺ کے ظہور تک آنحضرت ﷺ کے حکم کے بغیر کلام تک نہ کر سکتے۔ چنانچہ ان انبیاء کا اشارہ اور لوگوں کی رہنمائی آنحضرت ﷺ کی طرف ہی ہوتی یہاں تک کہ وہ امتیوں کو صراحتاً کہتے کہ انہیں جو مدد اور فیض بھی پہنچا ہے وہ آنحضرت ﷺ کی ذات سے پہنچا ہے اور وہ درحقیقت مستقل نہیں آنحضرت ﷺ کے نائب ہیں۔ وہ بمنزلہ آنحضرت ﷺ کی اولاد کے ہیں اور آپ ان کے باپ۔ چنانچہ تمام مخلوق اس میں برابر ہوتی ہے سب کی دعوت متحدہ طور پر آپ کی طرف ہوتی۔ کیونکہ دراصل یہی واقع ہونے والا ہے اور گزشتہ امتیں جوں ہی کہ انہیں موت آتی ہے اس دنیا سے چلی جاتی ہیں اسے یقینی طور پر جان لیتی ہیں اور آخرت میں تو وہ اسے آنکھوں سے دیکھ لیں گے اور جنت میں داخل ہونے وقت ان میں اور جنتیوں میں امتیاز پیدا ہو جائے گا کیونکہ وہ ان سے متنفر و منقبض ہوگی اور کہے گی میں تمہیں نہیں پہچانتی کیونکہ تم نور محمدی میں سے نہیں ہو۔ لہٰذا یہ امتیاز اس طرح ہوگا' اگرچہ یہ امتیں آپ سے پہلے گزر چکی ہوں گی انہیں مدد اپنے انبیاء سے حاصل ہوگی انبیاء کو آنحضرت ﷺ سے اس طرح سب امتوں کو آنحضرت سے مدد ملی۔ فرمایا اگر خون اور ارادہ ازلی کا پہلے سے فیصلہ نہ ہو چکا ہوتا تو یہ دنیا میں ہی واقع ہو جاتا۔

میں نے عرض کیا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ خون معرفت حق سے مانع آتا ہے؟

فرمایا اس لئے کہ خون ذات کو اپنی ترابی حقیقت کی طرف کھینچتا ہے اور اسے فانی امور کی طرف مائل کرتا ہے۔ چنانچہ ذات عمارتوں باغات اور مال جمع کرنے کی طرف لگ جاتی ہے اور ہر لحظہ انہی کی طرف مائل رکھتی ہے۔ حالانکہ درحقیقت یہ میلان غفلت اور اللہ تعالیٰ سے حجاب میں رہنے کا سبب ہے لیکن اگر خون نہ ہوتا تو ذات ان امور فانیہ میں سے کسی چیز کی طرف متوجہ نہ ہوتی۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہ حجاب بھی مختلف قسم کا ہے۔ عوام کے حق میں کثیف اور خواص کے حق میں کمزور ہے اور انبیاء کے حق میں تقریباً فی کے برابر ہوتا ہے اور آنحضرت ﷺ کے حق میں بالکل ہی نہیں ہوتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ور محمدی ﷺ کی آفرینش:

نیز فرمایا کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے نور محمدی ﷺ کو پیدا کیا۔ پھر اس نور سے قلم، ستر حجاب اور ان کے فرشتے پیدا کئے۔ پھر وح کو پیدا کیا۔ پھر اس کے کمال اور انعقاد سے پہلے ہی عرش، ارواح، جنت اور برزخ کو پیدا کیا۔ عرش کو نور سے پیدا کیا اور اس نور کو نور مکرم یعنی نور محمدی ﷺ سے پیدا کیا۔ اس کی خلقت ایک نہایت ہی عظیم یاقوت کی شکل میں بنائی جس کے وسط میں ایک گوہر ہے۔ چنانچہ یاقوت اور گوہر دونوں مل کر ایک انڈے کی مانند ہیں کہ جس کی سفیدی یاقوت ہے اور زردی گوہر کی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اس گوہر کو مدد دی تو سے آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب کیا۔ چنانچہ یہ نور یاقوت کو پھاڑ کر گوہر کو سیراب کرنے لگا یہاں تک کہ ایک مرتبہ نہیں بلکہ اسے سات مرتبہ سیراب کیا۔ جس سے گوہر سیال بن کر یاقوت کی تہ میں بیٹھ گیا اور یہی عرش ہے۔ پھر یہی نور جس نے گوہر کو پھاڑ کر اسے سیال بنا دیا تھا۔ اس سے اللہ نے آٹھ فرشتے پیدا کئے جو حاملین عرش کہلاتے ہیں۔ پھر اس کے پھوک سے ہوا پیدا کی گئی اور اسے بہت قوت وزور دیا گیا اور اسے پانی کے نیچے چلی جانے کا حکم دیا۔ چنانچہ ہوا نے پانی کے نیچے جا کر اسے اٹھالیا اور اپنی خدمت بجالانی شروع کر دی۔ سردی کے زور پکڑنے سے پانی اپنی اصلیت کی طرف لوٹ کر پھر جمنے لگا مگر ہواؤں نے اس کے جمے ہوئے ٹکڑوں کو توڑ کر اسے ایسا نہ ہونے دیا۔ ان ٹکڑوں میں تعفن و بدبو پیدا ہونے لگی اور ٹکڑے بڑھتے گئے۔ پھر بڑے ہو کر ساتوں جہتوں میں پھیل گئے اور ان سے اللہ تعالیٰ نے سات زمینوں کو پیدا کیا۔ ان زمینوں اور سمندروں کے درمیان پانی داخل ہو گیا اور ہوا کی شدت کی وجہ سے پانی دھند بن کر اُٹھا اور تر بتر ہو گیا اس طرح ساتوں آسمان پیدا ہوئے اس کے بعد ہوا اپنی عادت کے مطابق بڑی خدمت کرنے لگی اور چونکہ ہوا پانی اور فضا کو بڑی شدت سے پھاڑ رہی تھی اس لئے ہوا میں آگ بڑھتی گئی۔ جس قدر آگے بھڑکتی جاتی۔ فرشتے اسے لے جا کر وہاں رکھ دیتے جہاں اب دوزخ ہے۔ یہی دوزخ کی اصلیت ہے جن ٹکڑوں سے زمین بنی تھی انہیں اپنی حالت پر ہی چھوڑ دیا گیا اور جس کہر سے آسمان بنا تھا اسے بھی ویسا ہی چھوڑ دیا گیا اور جو آگ رگڑ سے پیدا ہوئی تھی اسے منتقل کر کے کہیں اور لے جایا گیا اس لئے کہ اگر اسے وہیں چھوڑ دیا جاتا تو یہ ان ٹکڑوں کو جن سے ساتوں زمینیں بنی ہیں نیز اس کہر کو جس سے ساتوں آسمان بنے ہیں۔ سب کو کھا جاتی بلکہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے پانی کو بھی کلیتاً ہضم کر جاتی۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے نور سے زمین کے فرشتے پیدا کئے اور انہیں زمین پر اللہ کی عبادت کرنے کو کہا۔ اس طرح آسمانوں کے فرشتوں کو بھی آنحضرت ﷺ کے نور سے پیدا کیا اور انہیں بھی آسمان پر اللہ کی عبادت کرنے کو کہا۔

ارواح اور جنت بھی ماسوا چند جگہوں کے نور سے پیدا ہوئے اور یہ نور نور محمدی ﷺ سے پیدا ہوا برزخ کا نصف اوپر کا حصہ بھی

آنحضرت ﷺ کے نور سے پیدا ہوا۔ یہاں سے معلوم ہوگیا کہ قلم' لوح' نصف برزخ' ستر حجاب اور ان کے فرشتے اور آسمانوں اور زمینوں کے تمام فرشتے سب آنحضرت ﷺ کے نور سے بلاواسطہ پیدا ہوئے اور عرش' پانی' جنت اور ارواح اس نور سے پیدا ہوئے جو آنحضرت ﷺ کے نور سے پیدا کیا گیا۔ یہ مخلوقات اس کے بعد بھی آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب ہوئی۔ قلم سات بار اس نور سے خوب اچھی طرح سیراب ہوا اور یہ تمام مخلوقات سے بڑا ہے۔ چنانچہ اگر نور کریم جرم زمین پر پڑے تو اسے ریزہ ریزہ کردے۔ اسی طرح پانی بھی سات بار سیراب ہوا لیکن قلم سے کم۔ حجاب تو ہر وقت سیراب ہوتے رہتے ہیں۔ عرش دو بار سیراب ہوا۔ ایک ابتداء آفرینش کے وقت اور دوسرا تمام آفرینش کے وقت تاکہ اپنی ذات کو قابو میں رکھ سکے۔ اسی طرح جنت بھی دو مرتبہ سیراب ہوئی ایک ابتداء میں اور دوسرے تکمیل خلقت کے وقت تاکہ اپنی ذات پر قابو رہے۔ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور تمام مومن خواہ وہ گزشتہ امتوں میں سے ہوں خواہ اس اُمت میں سے آٹھ بار سیراب ہوئے۔ پہلی بار عالم ارواح میں جب اللہ نے تمام ارواح کا نور پیدا کیا اور دوسری مرتبہ جب اس سے ارواح کو صورت وشکل دی گئی۔ چنانچہ ہر رُوح کو صورت وشکل دیتے وقت اسے آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب کیا گیا۔ تیسری بار اس دن جب اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کہا گیا تھا کیونکہ مومنین اور انبیاء کی تمام وہ روحیں جنہوں نے اللہ کے اس سوال کا جواب دیا انہیں آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب کیا گیا لیکن کسی کو زیادہ اور کسی کو کم۔ اسی لئے مومنین میں تفاوت پیدا ہوا کہ کوئی عامی رہا اور کوئی ولی بن گیا۔

کفار کی روحوں نے اس نور سے سیراب نہ ہونا چاہا لہٰذا نہ ہوئے لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ جو روحیں اس نور سے سیراب ہوئی ہیں' ان کو کیا کیا ابدی سعادتیں اور ارتقاء حاصل ہوا ہے تو انہیں ندامت ہوئی اور سیر ہونے کی درخواست کی مگر اب انہیں ظلمتوں سے سیراب کیا گیا۔ خدا محفوظ رکھے۔ چوتھی سیرابی اس وقت ہوتی ہے جب ماں کے پیٹ میں بچے کی شکل بنتی ہے۔ اس کے اعضاء کو ترکیب دی جاتی ہے اور آنکھیں کھولی جاتی ہیں۔ اس وقت بھی اس کی ذات کو آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب کیا جاتا ہے تاکہ اس کے جوڑ نرم اور کان اور آنکھیں کھل جائیں اور اگر انہیں اس نور سے سیراب نہ کیا جاتا تو ان کے جوڑ نرم نہ ہوتے۔ پانچواں جب ماں کے پیٹ سے نکلتا ہے اس وقت اسے نور کریم سے سیراب کیا جاتا ہے تاکہ منہ کے ذریعہ سے کھانا کھانا اس کے ذہن میں ڈال دیا جائے' اگر ایسا نہ ہوتا تو وہ منہ کے ذریعہ سے کبھی نہ کھاتا۔ چھٹا جب ماں کا دودھ پہلی بار پیتا ہے۔ ساتواں جب اس میں رُوح پھونکی جاتی ہے کیونکہ اگر نور کریم سے سیراب نہ ہوتا تو اس میں رُوح کبھی داخل نہ ہوتی مگر اس کے باوجود رُوح جسم کے اندر بہت مشقت اور تکلیف سے داخل ہوتی ہے اور اگر رُوح کو اللہ کا حکم نہ ہوتا تو فرشتہ اس کو جسم میں کبھی داخل نہ کرسکتا۔

ایک بار حضرت نے فرمایا کہ جو فرشتے رُوح کو جسم میں داخل کرنا چاہتے ہیں۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی بادشاہ اپنے ادنیٰ غلاموں کو ایک بہت بڑے عہدیدار کو قید خانہ میں ڈالنے کا حکم دے۔ جب ہم ان ادنیٰ غلاموں اور اس بڑے عہدیدار کی طرف دیکھتے ہیں خیال کرتے ہیں کہ وہ اس عہدیدار سے نمٹ نہ سکیں گے۔ مگر جب ہم اس بادشاہ کی طرف نظر کرتے ہیں جس نے ان غلاموں کو بھیجا ہے خیال کرتے ہیں کہ بادشاہ کا حکم سب میں جاری وساری ہے تو ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ وہ عہدیدار ان کے سامنے عاجزی کرے گا جب وہ رُوح کو جسم میں داخل کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو رُوح سخت بے چین ہوتی ہے اور زور کی آواز نکالتی ہے اور جو اس پر گزرتی اس کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں ہوسکتا۔ واللہ اعلم۔

آٹھویں قیامت کے دن جب قبر سے اُٹھا کر اس کو شکل دی جائے گی۔ اس وقت بھی اسے آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب کیا
ئے گا تا کہ اپنی ذات کو پکڑ سکے۔

فرمایا: اس آٹھ بار کی سیرابی میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور مومنین خواہ پہلی امتوں کے ہوں خواہ اس اُمت کے سب شریک ہیں
ان میں فرق موجود ہے کیونکہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو جس قدر سیرابی ہوتی دوسرے لوگوں کو اس کی برداشت نہیں ہوسکتی یہی وجہ ہے
انہیں تو درجہ نبوت ورسالت مل گیا اور دوسروں کو ان کی طاقت کے مطابق سیراب کیا گیا۔ اُمت محمدیہ ﷺ اور دوسری امتوں کی اس نور
سیرابی میں فرق یہ ہے کہ اُمت محمدیہ ﷺ آنحضرت ﷺ کی ذات میں اس نور کے دخال ہونے کے بعد اس سے سیراب ہوئی ہے
لئے تو اس نور کو اس قدر کمال حاصل ہوا جس کی نہ کسی میں طاقت ہے اور نہ اس کی کیفیت بیان کی جاسکتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس
نے آنحضرت ﷺ کی رُوح پاک اور ذات پاک دونوں کا سِرّ حاصل کیا ہے۔ برخلاف دیگر امم کے کہ اس وقت وہ نور آنحضرت ﷺ
رُوح پاک کا سِرّ لئے ہوئے تھا۔ اسی وجہ سے تو اس اُمت کے مومنین کامل' عادل اور افضل ہیں اور یہ اُمت ان تمام امتوں سے افضل
جو لوگوں کے لئے بھیجی گئیں۔ الحمد والشکر۔

حضرت نے فرمایا: اس طرح باقی تمام مخلوق بھی آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب ہوئی اور اگر اس میں یہ نور نہ ہوتا تو کوئی شخص
کی کسی چیز سے فائدہ نہ اُٹھا سکتا۔

فرمایا: جب حضرت آدم علیہ السلام زمین پر اترے اس وقت درختوں کے پھل شروع ہی میں گر جاتے تھے۔ چنانچہ جب اللہ نے چاہا
انہیں پھل لگیں تو انہیں آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب کیا تب جا کر پھل لگنے لگے اور اگر کافروں میں آپ کا وہ نور جس سے انہیں ان
پیٹ میں شکل بننے' پھر رُوح پھونکنے' پھر پیٹ سے نکلنے اور رضاع کے وقت سیراب کیا گیا تھا' نہ ہوتا تو دوزخ نکل کر ان کی طرف آتی اور
ں کھالیتی۔ آخرت میں جب تک یہ نور ان کی ذات سے نکال نہ لیا جائے گا اس وقت تک دوزخ انہیں نہ کھائے گی۔ واللہ اعلم۔

نیز فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے نور مکرم کو پیدا اور اس کے بعد قلم' عرش' لوح' برزخ' جنت اور عرش جنت اور حجب کے فرشتوں کو پیدا
یا تو عرش نے عرض کیا اے اللہ تو نے مجھے کیوں پیدا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جواب دیا کہ تجھے میں نے تمہارے اوپر کے جو سات حجاب
ان کے نور سے اپنے محبوبوں کو حجاب میں رکھنے کے لئے پیدا کیا ہے کیونکہ وہ ان انوار کی طاقت نہیں رکھتے اس لئے کہ انہیں مٹی سے
دا کیا جائے گا۔ اس وقت نہ اعداء تھے نہ اعداء کا گھر۔ یعنی جہنم اس لئے ملائکہ کو خیال ہوا کہ اللہ کے وہ محبوب جنہیں مٹی سے پیدا کرلے گا
نت میں پیدا کئے جائیں گے اور وہیں رہیں گے اور عرش کی وجہ سے وہ حجاب میں ہوں گے۔ اس کے بعد اللہ نے تمام ارواح کا نور پیدا کیا
راسے نور مکرم سے سیراب کیا اور پھر اس کے ایک ایک ٹکڑے میں امتیاز پیدا کیا اور ہر ٹکڑے سے ایک رُوح نکالی اور اس کو بھی شکل دیتے
قت نور مکرم سے سیراب کیا۔ اس کے بعد ارواح ایک مدت سی حالت میں رہیں۔ بعض کو اس سیرابی سے مزہ آیا اور بعض کو نہیں آیا۔
چنانچہ جب اللہ تعالیٰ نے دوست اور دشمن میں امتیاز کرنا چاہا اور دشمنوں کیلئے دوزخ بنانی چاہی تو تمام ارواح کو جمع کر کے کہا اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ
(کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں) تو جن روحوں نے اس نور سے مزہ حاصل کیا تھا انہیں اس نور کی طرف میل ومحبت تھی' انہوں نے محبت وخوشی
سے جواب دیا اور جنہوں نے اس سے کچھ مزہ حاصل نہ کیا تھا انہوں نے بجبر وخوف جواب دیا۔ اس طرح وہ ظلمتیں جو جہنم کی اصل ہیں
ظاہر ہوئیں۔ پھر ہر لحظہ ظلمتیں اور نور دونوں بڑھتے گئے۔ انہیں نور مکرم کی قدر اس وقت معلوم ہوئی۔ جب انہوں نے دیکھا کہ جنہوں نے

نور مکرم سے مزہ حاصل نہ کیا تھا وہ غضب خداوندی کے مستوجب ہوئے اور ان کے لئے جہنم پیدا کی گئی۔ واللہ اعلم

ایک اور بار یوں فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام اگرچہ آنحضرت ﷺ کے نور سے سیراب کئے گئے ہیں مگر یہ پورے طور پر اس سے سیر نہیں ہوئے۔ ہر نبی اس نور سے اسی قدر مستفیض ہوا ہے جس قدر کہ اس کے لئے مناسب اور لکھا گیا تھا۔ اس لئے کہ نور مکرم کے مختلف رنگ اور احوال ہیں اور اس کی کئی ایک قسمیں ہیں۔ ہر نبی نے اس نور میں سے ایک خاص رنگ اور خاص قسم پی ہے۔

پھر فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس نور میں سے کچھ حصہ پیا تو انہیں غریب الوطن ہونے کا مقام حاصل ہوا۔ یہ ایک ایسا مقام ہے جو صاحب مقام کو ایک جگہ پر قرار نہیں لینے دیتا اور اسے سیاحت پر مجبور کرتا ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی اس نور مکرم میں سے کچھ نور پیا تو آپ کو بمع مشاہدہ کاملہ کے مقام رحمت اور مقام تواضع ملا۔ چنانچہ اگر آپ کو کسی سے نرمی اور تواضع سے باتیں کرتے دیکھیں تو متکلم یوں سمجھے گا کہ آپ اس سے تواضع کر رہے ہیں۔ حالانکہ آپ اپنے قوت مشاہدہ کے سبب سے اللہ کے سامنے تواضع کر رہے ہوتے ہیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی اسی نور مکرم میں سے کچھ نور پیا تو انہیں اپنی تمام نعمتوں، عطیوں اور نیکیوں کے ساتھ مقام مشاہدہ حق حاصل ہوا۔ یہی حال باقی تمام انبیاء علیہم السلام اور ملائکہ کرام کا ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت نے فرمایا کہ اہل خیر میں خیر آنحضرت ﷺ کی برکت سے ظاہر ہوئی اور اہل خیر ملائکہ، انبیاء، اولیاء اور عامتہ المومنین ہیں۔

میں نے عرض کیا کہ ان میں فرق کیسے معلوم ہو؟

فرمایا فرشتوں کا وجود تو نور کی مٹی سے ہے اور ان کی ارواح نور سے ہیں اور انبیاء علیہم السلام کی ذات تو مٹی سے ہے اور رُوح نور سے اور رُوح اور ذات کے درمیان ایک اور نور ہے جس سے ان کی ذات سیراب ہوتی ہے۔ یہی حال اولیاء اللہ کا ہے مگر انبیاء درجہ نبوت وجہ سے ان پر فوقیت رکھتے ہیں۔ اولیاء درجہ نبوت کی طاقت نہیں رکھ سکتے۔ عام مومنین کی ذات تو مٹی سے بنی ہے اور ان کی ارواح نور ہیں اور ان کی ذات کو اس نور سے جو انبیاء و اولیاء کو حاصل ہوا کچھ حصہ ملا ہے۔

میں نے عرض کیا کہ ان انوار کی آنحضرت ﷺ کے نور سے کیا نسبت ہے اور یہ اس نور سے کیسے مستفیض ہوتے ہیں؟

اس پر حضرت نے ایک عام فہم مثال بیان کی اور فرمایا جیسے کوئی بہت سی بلیوں کو کچھ مدت تک بھوکا رکھے یہاں تک کہ انہیں کھانے کی سخت خواہش پیدا ہو جائے۔ اس کے بعد وہ شخص ان کے سامنے ایک روٹی ڈال دے اور وہ اسے جلدی جلدی کھانے لگ جائیں روٹی میں سے ذرّہ بھر بھی کمی واقع نہ ہو۔ یہی حال آنحضرت ﷺ کے نور کا ہے۔ تمام جہان اس سے مستفیض ہوتا ہے مگر اس میں کوئی نہیں ہوتی۔ حق سبحانہ اسے ہر دم زیادہ کرتے رہتے ہیں۔ اس نور میں یہ زیادتی اس طرح نہیں ہوتی کہ یہ اور پھیل جائے بلکہ یہ زیادتی ہی باطن میں ہوتی ہے ظاہر میں نہیں ہوتی جیسے کہ نقص بھی ظاہر نہیں ہوتا۔ اسی نور سے ملائکہ انبیاء، اولیاء اور عامتہ المومنین مستفیض ہوتے اور جیسا کہ بیان کیا گیا، ہر ایک کا فیضان مختلف ہوتا ہے۔

پھر فرمایا کہ سورج، چاند اور ستاروں کا نور نور برزخ سے لیا گیا ہے اور نور برزخ نور مکرم اور ان ارواح کے نور سے لیا گیا جو اس ہیں اور نور ارواح آنحضرت ﷺ کے نور سے لیا گیا ہے۔

تہ القدر کی اصل:

فرمایا کہ ان میں نور کا ظہور حضرت آدمؑ کی پیدائش کے قریب اور زمینوں اور پہاڑوں کی پیدائش کے بعد ہوا۔ چنانچہ فرشتے اور
ں اللہ کی عبادت کیا کرتی تھیں کہ اچانک سورج' چاند اور ستاروں میں روشنی ظاہر ہوگئی تو زمین کے فرشتے سورج کی روشنی سے بھاگ کر
ت کے سایہ میں چلے گئے۔ سورج رات کی تاریکی کو منسوخ کرتا گیا اور فرشتے سایہ کے ساتھ چلتے گئے۔ یہاں تک کہ پھر اسی مقام پر
نچے جہاں سے چلے تھے۔ اس پر انہیں سخت خوف طاری ہوا اور انہیں خیال پیدا ہوا کہ یہ کسی بڑے معاملہ کے لئے واقع ہوا ہے۔ تب تمام
وں کے فرشتے اکٹھے ہوئے اور انہوں نے پھر پہلے کی طرح کیا' لیکن آسمانوں کے فرشتوں اور برزخ کی روحوں نے جب زمین کے
توں کو اس طرح کرتے دیکھا تو وہ بھی زمین پر اُتر آئے' مگر بنی آدم کی روحیں زمین کے فرشتوں کی پہلی جماعت کے ساتھ ٹھہری رہیں
اس رات زمین اور آسمان کے تمام فرشتے اور روحیں سب کی سب اکٹھی ہوئیں' لیکن جب سورج اپنی اصلی جگہ کو لوٹ آیا اور کوئی حادثہ
ع نہ ہوا تو ان فرشتوں کو اطمینان ہوگیا اور اپنی اپنی جگہ پر واپس چلے گئے۔ پھر ہر سال فرشتے اسی طرح کرنے لگ گئے۔ لیلۃ القدر کا یہی
ب ہے۔ واللہ اعلم۔

یہِ اِرْتَقَتِ الْحَقَائِقَ کی تشریح:

حضرت نے شیخ عبدالسلام بن مشیش کے فرمان وَفِیہِ اِرْتَقَتِ الْحَقَائِقَ کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ یہاں حقائق سے مراد وہ
ارِ حق ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوقات میں پھیلائے رکھا ہے۔ ان اسرار کی تعداد ۳۶۶ ہے۔ اور حیوانات و جمادات میں ان کا ظہور
کی مرضی کے مطابق ہوتا ہے اور اسی طرح باقی مخلوقات میں بھی۔ مثال کے طور پر نباتات میں بھی سرّ پایا جاتا ہے اور یہ نفع ہے جو ہم ان
ے حاصل کرتے ہیں اور نفع بھی ایک حقیقت ہے جس کا تعلق حق سبحانہ کے ساتھ ہے اس لئے کہ ہر حقیقت کا تعلق اللہ کے ساتھ ہے جیسا
ہ آگے چل کر بیان کیا جائے گا پھر یہ نفع رسانی کا مادہ آنحضرت ﷺ میں اس قدر بلند تھا کہ کوئی اور اس حد تک پہنچ ہی نہیں سکتا۔ چنانچہ
م دیکھ چکے ہیں کہ تمام کائنات آنحضرت ﷺ کے نور سے کس طرح فیضیاب ہوئی اور یہ مرتبہ کسی مخلوق کو حاصل نہیں ہوا۔

پھر فرمایا کہ زمین میں بھی سرّ ہے اور وہ یہ ہے کہ زمین ان تمام چیزوں کو اُٹھائے ہوئے ہے جو اس میں پائی جاتی ہیں اور یہ بھی
قائق الٰہیہ میں سے ایک حقیقت ہے۔ یہ بھی آنحضرت ﷺ میں حد سے زیادہ پائی جاتی تھی یہاں تک اگر آنحضرت ﷺ کے اسرار و
عارف تمام مخلوقات پر ڈال دیئے جائیں تو اس کی طاقت نہ رکھتے ہوئے ایک دوسرے پر گر پڑیں۔ اہل مشاہدہ میں بھی ایک سرّ پایا جاتا
ہے یعنی یہ کہ وہ ایک لحظہ کے لئے بھی اللہ سے غافل نہیں رہتے۔ اس میں آنحضرت ﷺ اس حد تک بلند تھے کہ کسی اور میں اس کی طاقت
برداشت نہیں پائی جاتی جیسا کہ مشاہدہ شریفہ میں اس کا بیان ہو چکا۔

صدیقین میں بھی اسرارِ حق میں سے صدق کا راز ہے۔ اس میں بھی آنحضرت ﷺ حد کمال کو پہنچے ہوئے تھے۔ اہل کشف میں جو
رازِ حق ہے وہ معرفت الٰہیہ ہے اور اس میں بھی آنحضرت ﷺ کو اس قدر کمال حاصل تھا کہ کوئی اس کی تہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ لہٰذا معلوم ہوا
کہ حقائق کا ارتقاء اس حد تک ہوتا ہے جس حد تک کوئی نورِ حق سے فیض یاب ہو اور چونکہ آنحضرت ﷺ میں آپ کے نور کے مطابق ہوا اور
آپ کے نور کی طاقت کسی میں نہیں۔ لہٰذا جہاں تک حقائق کا ارتقاء آپ ﷺ میں ہوا کسی اور میں وہاں پہنچنے کی طاقت نہیں۔ واللہ اعلم۔

وَتَنَزَّلَتْ عُلُوْمُ اٰدَمَ کی تشریح:

حضرت نے عبدالسلام بن مشیش کے فرمان وَتَنَزَّلَتْ عُلُوْمُ اٰدَمَ کی تشریح فرماتے ہوئے کہا کہ علوم آدم سے مراد ان اسماء کا علم ہے جو حضرت آدم علیہ السلام کو دیا گیا اور جن کی طرف آیۃ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَاءِ کُلَّهَا (سورہ بقرہ آیت ۳۱) میں اشارہ کیا گیا ہے اور اسماء سے اسماء عالیہ مراد ہیں نہ کہ اسماء نازلہ کیونکہ ہر مخلوق کے دو نام ہیں۔ ایک اسم عالی اور ایک اسم نازل۔ اسم نازل تو مسمی کا پتہ بتاتا ہے اور اسم عالی مسمی کی اصل کا پتہ بتاتا ہے اور یہ کہ وہ کس چیز سے ہے اور اس کا کیا فائدہ ہے اور یہ کہ کلہاڑی کس کام آتی ہے۔ لوہار اسے کیسے بناتا ہے چنانچہ اس اسم عالی کے محض سننے سے وہ تمام علوم و معارف سمجھ میں آجاتے ہیں جن کا تعلق کلہاڑی سے ہے۔ اسی طرح ہر مخلوق میں اور الاسماء کلها سے مراد وہ اسماء ہیں جن کی حضرت آدمؑ میں طاقت تھی اور تمام انسانوں کو ان کی احتیاج ہے انہیں ان سے تعلق ہے اور یہ عرش کے نیچے سے لے کر زمین کے نیچے تک کی ہر مخلوق کے نام ہیں۔ چنانچہ اس میں جنت' دوزخ' سات آسمان اور جو کچھ ان کے اندر یا ان کے درمیان ہے اور جو کچھ آسمان اور زمین کے درمیان ہے اور جو کچھ زمین کے اندر ہے مثلاً جنگل چٹیل میدان' وادیاں' سمندر' درخت سب اس میں شامل ہیں۔ چنانچہ ہر مخلوق خواہ وہ ناطق ہو خواہ جامد حضرت آدم ان کے اسماء ہی سے ان کی اصل' ان کے فائدہ' ان کی کیفیت' ترتیب اور شکل کی وضع کو جان جاتے تھے۔ چنانچہ وہ جنت کا نام سن کر ہی معلوم کر لیتے کہ اس کی پیدائش کہاں سے ہوئی کیوں ہوئی اس کے مراتب کی ترتیب کیا تھی اور اس کے اندر کتنی حوریں ہیں اور حشر ونشر کے بعد اس میں کتنے لوگ بسیں گے۔ اسی طرح دوزخ کے لفظ سے بھی سمجھ جاتے اور اسی طرح آسمان کے لفظ سے۔ نیز یہ کہ پہلا آسمان اپنی جگہ پر کیوں ہے اسی طرح دوسرا اور باقی آسمان اپنی اپنی جگہ پر کیوں ہیں۔ فرشتوں کے لفظ سے بھی سمجھ جاتے کہ وہ کس چیز سے پیدا کئے گئے اور کیوں پیدا کئے گئے ہیں۔ ان کی پیدائش کی کیفیت کیا ہے۔ ان کے مراتب کی ترتیب کیا ہے اور یہ کہ فلاں فرشتہ فلاں مقام کا کیوں مستحق ہوا دوسرے کا دوسرا مقام کیوں تھا۔ اسی طرح عرش سے لے کر زمین کے نیچے تک کے ہر فرشتے کے مقام کا پتہ تھا۔ آدم علیہ السلام اور ان اولاد میں سے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور کاملین اولیاء کے یہی علوم تھے۔ آدم علیہ السلام کا خاص طور پر اس لئے ذکر کیا گیا ہے کہ انہیں سب سے پہلے یہ علوم حاصل ہوئے اور ان کی اولاد میں سے جنہیں یہ علوم حاصل ہوئے ہیں وہ ان کے بعد ہوئے ہیں۔ علوم آدم سے قطعاً مراد نہیں کہ آدم کے سوا ان علوم کا کسی کو علم نہ تھا اور ہم نے علوم آدمؑ کے ساتھ جو یہ تخصیص کر دی ہے کہ ان سے مراد صرف وہ ہیں جن کی آدمؑ اور ان کی اولاد کو ضرورت تھی اور جن کے برداشت کرنے کی ان میں طاقت تھی وہ اس لئے ہے کہ کہیں کوئی یہ نہ سمجھ کہ اس سے مراد تمام معلومات خداوندی کا علم ہے اور تَنَزَّلَتْ کا لفظ اس لئے استعمال کیا تا کہ ان علوم کے متعلق آنحضرت ﷺ اور حضرت آدمؑ اور دیگر انبیاء کے علم میں فرق معلوم ہو جائے کیونکہ جب انبیاء علیہم السلام ان علوم کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو آ مشاہدہ تامہ حاصل ہوتا ہے مگر ساتھ ہی ان علوم وغیرہ کا بھی مشاہدہ ہوتا ہے جن کی اوروں کو طاقت نہیں ہو سکتی اور جب ان علوم کی ط توجہ فرماتے ہیں تو یہ علوم حق سبحانہ کے مشاہدہ کے ساتھ ساتھ حاصل ہوتے ہیں۔ اس طرح نہ مشاہدہ حق مشاہدہ خلق سے مانع آتا ہے نہ مشاہدہ خلق مشاہدہ حق سے۔ چنانچہ ان علوم کا نزول ورسوخ صرف آنحضرت ﷺ میں ہوا ہے اوروں میں نہیں اس لئے کہ دیگر جب حق سبحانہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو یہ علوم زائل ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے تو تمام مخلوقات آنحضرت ﷺ کے مرتبہ تک نہیں پہنچ

اوران کی عقلیں آپ کے مرتبہ کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ چنانچہ نہ گزشتہ انبیاء میں سے کوئی آپ کی گرد تک پہنچ سکا ہے اور نہ آئندہ آنے والے اولیاء اللہ میں سے پہنچ سکے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح آنحضرت ﷺ کی رُوح مطہر کمالات باطنیہ میں کامل ہے اسی طرح آپ کی ذات بھی کمالات ذاتیہ میں کامل ہے کہ ملکوت کے باغات آپ ہی کے جمال کی بدولت خوشنما معلوم ہوتے ہیں اور عالم جبروت کے حوض آپ ہی کے نور کے فیض سے چھلک رہے ہیں۔

عالمِ ملکوت و جبروت:

یاد رکھیں کہ عالم علوی کو مختلف اعتبار سے عالم الملک و عالم الملکوت و عالم جبروت کہا جاتا ہے اسے عالم الملکوت یہاں کے باشندگان خواہ ناطق ہوں' خواہ صامت' خواہ جامد ہوں' خواہ عاقل' سب کے اتفاق کے اعتبار سے کہا جاتا ہے اس لئے کہ ان کا اتفاق ایک ہی نگاہ' ایک ہی توجہ اور ایک ہی معبود یعنی حق سبحانہ پر ہے۔ چنانچہ وہ اللہ کی معرفت اور مشاہدہ پر متفق ہیں اور اس میں ان کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ برخلاف عالم سفلی میں سے زمین کے باشندوں کے کہ ان میں سورج پرست' چاند پرست' کواکب پرست' صلیب پرست اور بت پرست وغیرہ سبھی قسم کے گمراہ لوگ پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا عالم علوی کے برعکس ان کی نگاہ میں اختلاف ہے۔ حاصل یہ کہ ہر وہ عالم جہاں کے لوگ حق بات پر متفق ہوں عالم الملک کہلاتا ہے اور اسی کو عالم علوی کہتے ہیں اور عالم ملکوت اسے یہاں کے باشندوں کے نور کے اختلافات اور ان کے مقامات اور احوال کے تباین کی وجہ سے کیا جاتا ہے اور اسے عالم جبروت ان انوار کے اعتبار سے کہا جاتا ہے جو ان پر اس طرح چلتے ہیں جس طرح ہم پر ہوا چلتی ہے۔ لہٰذا ان کی ذات' ان کی ارواح اور معارف کو سیراب کرنے اور ان کے مقامات کو برقرار رکھنے کے لئے یہ نوران پر چلتے ہیں۔ چنانچہ یہ انوار ان کے مذکورہ بالا تمام حالات کے محافظ ہوتے ہیں۔

عالم الملک کی ایک اور تعریف:

مؤلف کتاب کہتا ہے کہ حضرت نے بہت خوب بیان فرمایا ہے مگر بعض لوگوں کا خیال ہے کہ عالم الملک وہ عالم ہے جس کا ادراک حواس سے ہو سکے اور عالم ملکوت وہ ہے جس کا ادراک عقل سے ہو سکے اور عالم جبروت وہ ہے جس کا ادراک مواہب الٰہیہ سے ہو۔

دوسری تعریف:

بعض کا قول ہے کہ عالم ظاہر اور محسوس کو عالم ملک کہتے ہیں اور جو عالم باطن اور عقل میں ہے وہ عالم ملکوت ہے اور عالم جبروت ان دونوں کے درمیان ہے یعنی ہر دو عالموں میں سے کچھ کچھ لئے ہوئے ہے محسوس بھی اور معقول بھی۔

تیسری تعریف:

ایک اور قول ہے کہ عالم جبروت میں اسماء ہیں اور عالم ملکوت میں صفات کیونکہ صفات اسماء اور افعال میں تصرف کرنے کا ذریعہ ہیں جیسے لطف اور قہر جو لطیف اور ملطوف اور قہار اور مقہور کے درمیان واسطہ ہیں۔ واللہ اعلم۔

ایک اور تشریح:

نیز فرمایا کہ ''ریاض الملکوت'' میں ریاض کا لفظ وہی معنی دیتا ہے جو محاسن کا لفظ محاسن الملکوت میں دیتا ہے اور ملکوت عالم علوی کو کہتے ہیں مگر یہاں اس سے مراد لوح محفوظ مع قلم' برزخ اور عرش کے لئے ہے اس لئے کہ لوح محفوظ میں آنحضرت ﷺ' انبیاء' اولیاء' صلحاء اور تمام مومنین کے نام درج ہیں اور لوح محفوظ کے الفاظ سے نور چمکتا ہے۔ یہ نور ان ناموں والوں کے اپنے اپنے مرتبہ کے مطابق نکلتا ہے۔ لوح محفوظ میں حروف اسماء سے متعلق جو انوار ہیں ان میں بہت ہی اختلاف پایا جاتا ہے اسی طرح ان انوار میں بھی بہت سخت اختلاف پایا جاتا ہے جو قلم سے نکلتے ہیں۔ رہا برزخ سو جو انوار اس سے نکلتے ہیں ان کے رنگوں کا کوئی شمار ہی نہیں کرسکتا۔ یہ انوار انبیاء' اولیاء' صلحاء اور مومنین کی روحوں کے انوار ہیں یہی حال عرش کے انوار کا ہے کہ اس میں سے بھی اہل جنت کے اختلاف مراتب کے مطابق مختلف قسم کے نور نکلتے ہیں۔ چنانچہ ہر منزل کا ایک خاص نور ہے۔ لہٰذا جب ان تمام اشیاء کے انوار مختلف ٹھہرے تو باغات کے ساتھ ان کو تشبیہ دینا جہاں مختلف قسم کے پھول ہوتے ہیں' ایک عمدہ تشبیہ ہے۔ اسی لئے ''ریاض الملکوت'' فرمایا ہے۔

مزید برآں چونکہ آنحضرت ﷺ کا نور مذکورہ بالا اشیاء میں پایا جاتا ہے اس لئے کہ آپ کا اسم مبارک لوحِ محفوظ میں لکھا ہوا ہے۔ نیز آپ کے نور کی چمک اسرار قلم میں بھی پائی جاتی ہے اور برزخ میں آپ کی رُوح مطہرہ کا ایک خاص مقام ہے اور جنت میں آپ کے مقام سے بالا کوئی مقام نہیں ہے۔ لہٰذا لازم آیا کہ آنحضرت ﷺ کا نور ان تمام مذکورہ بالا اشیاء میں موجود ہے اور آپ کے نور کی بدولت انہیں حسن وخوبی اور عجیب قسم کی رونق حاصل ہوئی ہے جس کی وجہ سے زَہرِ جمالہ (آپ کے جمال کے پھول) کا لفظ استعمال کیا۔

اَللّٰھُمَّ الْحِقْنِیْ بِنَسَبِہٖ وَ حَقِّقْنِیْ بِحَسَبِہٖ کی تشریح:

حضرت عبدالسلام بن مشیش کے قول اَللّٰھُمَّ الْحِقْنِیْ بِنَسَبِہٖ وَ حَقِّقْنِیْ بِحَسَبِہٖ کی تشریح فرماتے ہوئے حضرت نے فرمایا کہ نسب سے مراد آنحضرت ﷺ کے باطن کا وہ مشاہدہ ہے جسے حاصل کرنے کی کسی اور میں طاقت نہیں ہے۔ حضرت عبدالسلام ایک جامع قطب تھے اور آنحضرت ﷺ کے کامل وارث تھے اور آنحضرت ﷺ کے مشاہدہ سے فیض یاب ہوئے تھے۔

نیز فرمایا کہ حَسَب سے مراد آنحضرت ﷺ کی صفات ہیں مثلاً رحمت' علم' حلم اور آنحضرت ﷺ کے دیگر اخلاق پاک اور چونکہ آنحضرت ﷺ کا مشاہدہ حاصل کرنے کی کسی میں طاقت نہیں اس لئے وہاں اَلْحِقْنِیْ کا لفظ کہا (یعنی مجھے اس کے قریب پہنچادے) اور صفات کے لئے حَقِّقْنِیْ کہا کہ صفات کا حاصل کرنا کس قدر ممکن ہے۔

اس کے بعد حضرت نے فرمایا خبردار یہ ہرگز خیال نہ کرنا کہ پیر کی حریتِ نظر اس کا ارادہ اور انتہائی عزم آنحضرت ﷺ کی ذات شریفہ کو چھوڑ کر کسی اور چیز کی طرف ہوتا ہے مثلاً کشف یا تصرف یا ولایت بلکہ شیخ کی توجہ محض ذات نبوی کی طرف ہوتی ہے۔

دوسری تشریح:

ایک اور بار فرمایا کہ نسب سے مراد جہد وقوت ہے اور حسب سے مراد وہ بارگراں ہے جس کے آنحضرت ﷺ متحمل ہوئے۔ کی آپ نے یوں مثال دی کہ ایک شخص کے لاتعداد اونٹ ہوں اور کچھ مدت تک ان کی نسل بڑھتی رہے اور وہ شخص نہایت عمدہ

بصورت لباس بناتا رہے۔ پھر دیکھے کہ ان اونٹوں میں سے ان تمام کے اُٹھانے کی کسی اونٹ میں طاقت ہے یا نہیں تو ان میں سے صرف
ک اونٹ ایسا نظر آیا جس پر وہ تمام بار لاد دیا جائے اور وہ اسے بغیر مشقت اُٹھالے۔ واللہ اعلم۔

سَ مِنَ الْکَرَمِ اَنْ لَّا تُحْسِنَ اِلَّا لِمَنْ اَحْسَنَ اِلَیْکَ:

حضرت نے شیخ ابوالحسن شاذلی کے قول لَیْسَ مِنَ الْکَرَمِ اَنْ لَّا تُحْسِنَ اِلَّا لِمَنْ اَحْسَنَ اِلَیْکَ (یہ بھی کوئی کرم ہے کہ صرف
سان کرنے والوں سے احسان کیا جائے) کی تشریح یوں فرمائی کہ شیخ ابوالحسن شاذلی نے یہ الفاظ اس وقت فرمائے جب آپ نے اللہ
لی کی وسیع رحمت کا مشاہدہ کیا۔ لہٰذا جب رُوح نے یہ مشاہدہ کیا تو ذات کی کمزوری کی وجہ سے اس سے بے ساختہ یہ الفاظ نکل گئے اور
ں نے جیسا کہ ادب ملحوظ رکھنا چاہئے تھا نہیں رکھا۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی جانتا ہو کہ نوحہ وواویلا کرنا منع ہے مگر پھر اس کی حرمت کو
نتے ہوئے اپنی کمزوری کی وجہ سے جب کوئی مصیبت نازل ہو جائے تو اس کا مرتکب ہو۔

شیخ شاذلیؒ کے یہ الفاظ حزب کبیر[3] میں پائے جاتے ہیں اور لوگوں کو ان کے سمجھنے میں مشکل پیش آتی ہے یہاں تک کہ شیخ ابن عبادؒ[4]
نے الفاظ کو ساقط کر دینے کا حکم دیا ہے مگر شاذلیؒ کے الفاظ بدلنے کی کسی کو اجازت نہیں اس لئے کہ وہ تو نور ولایت سے ان اُمور کا مشاہدہ
رتے ہیں جن کا دوسرے مشاہدہ نہیں کر سکتے۔

ن فارض کے شعر کی تشریح:

ہم نے حضرت سے ابن فارض[5] کے اس شعر کی تشریح پوچھی۔

شَرِبْنَا عَلٰی ذِکْرِ الْحَبِیْبِ مُدَامَةً سُکِرْنَا بِهَا مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّخْلَقَ الْکَرْم

ترجمہ: ہم نے محبوب کے ذکر کی شراب پی اور ہم اس وقت سے مست ہو چکے ہیں کہ ابھی انگور کی بیل پیدا ہی نہ ہوئی تھی۔

حضرت نے فرمایا یہ عالم ارواح کی طرف اشارہ ہے اور حبیب سے مراد آنحضرت ﷺ ہیں۔ اس دنیا میں آپ کا ذکر مشاہدہ تامہ
حاصل کرنے کا سبب ہے لہٰذا رُوح اس مشاہدہ کی بدولت ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہو جاتی ہے اور ایسی حالت میں اس کی
تمام عادات اور معارف میں تبدیلی واقع ہو جاتی ہے جس سے اسے انوار کے اندر گھس جانے اور اغیار سے منقطع ہو جانے کی بہت بڑی
طاقت ہو جاتی ہے اور پہلی حالت سے اس کا تعلق اس طرح منقطع ہو جاتا ہے جیسے کہ وہ اسے کبھی جانتا بھی نہ تھا۔ اسی لئے اس مشاہدہ کی
"مدامۃ" (شراب) سے تشبیہ تین وجہ سے اچھی معلوم ہوتی ہے اول اس لئے کہ شراب ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونے
کا سبب بنتی ہے۔ یہی حال مشاہدہ کا ہے۔ دوسری یہ کہ شراب پہلی حالت سے منقطع ہونے کا سبب بنتی ہے اور مشاہدہ میں بھی یہی بات پائی
جاتی ہے۔ تیسری یہ کہ شراب کی وجہ سے انسان شجاع اور دلیر بن جاتا ہے اس لئے کہ جب کسی کے سر میں شراب چڑھ جاتی ہے تو اس کی نگاہ
میں ہر چیز حقیر معلوم ہونے لگ جاتی ہے۔ اسی طرح مشاہدہ میں بھی صاحب مشاہدہ تمام انوار کی طرف قدم اٹھانے ان میں داخل ہونے
اور اغیار کو ترک کرنے کی جرات کرتا ہے۔

شَرِبْنَا عَلیٰ ذِکْرِ الْحَبِیْبِ مُدَامَۃً

کا یہی مطلب ہے کہ حق سبحانہ کے مشاہدہ میں ہم نے آنحضرت ﷺ کے ذکر کی جرأت کی اور مُسْکِرُنَابِھَا کا مطلب یہ ہے کہ غیر اللہ سے منقطع ہو کر اللہ ہی کے ہو لئے ہیں اور مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّخْلُقَ الْکَرْم کا مطلب یہ ہے کہ یہ تو عالم ارواح کی بات ہے اور کرم عالم اشباح میں پیدا ہوئی۔ پھر مشاہدہ جس سے رُوح آنحضرت ﷺ کے ذکر کی وجہ سے سیراب ہوتی ہے قائم رہتا ہے یہاں تک کہ ذات کے اندر گھس جاتا ہے اور ذات کے شبہات میں لگے رہنے کی وجہ سے اسے غفلت حاصل ہوتی ہے۔ پس جب کوئی شخص حبیب کا ذکر کرنے لگتا ہے اور دوسروں کو بھی اس کا ذکر کرتے ہوئے سنتا ہے تو وہ مشاہدہ جو رُوح کے اندر ہوتا ہے ذات کے اندر آہستہ آہستہ گھسنا شروع ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ذات کو وہی تین امور حاصل ہو جاتے ہیں جو رُوح کو حاصل ہوئے تھے اور وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہو کر پہلی حالت سے منقطع ہو جاتی ہے۔ پھر اس کا غیر اللہ سے تعلق کٹ جاتا ہے اور حق سبحانہ سے تعلق ہو جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت نے فرمایا: مجھے اس ولی پر تعجب آتا ہے جو یہ کہتا ہے کہ میں کون و مکاں میں سمایا ہوں اس لئے کہ کون و مکاں میں دخول ایک دروازہ کے ذریعہ سے ہوتا ہے اور وہ دروازہ آنحضرت ﷺ ہیں اور کسی مخلوق میں آنحضرت ﷺ کا نور برداشت کرنے کی طاقت نہیں اور جب باب ہی کی طاقت نہیں تو آگے کی بات ہی کیا۔ البتہ اگر دروازہ سے داخل نہ ہوا ہو یعنی اس کی فتح شیطانی ہو تو ایسا شخص تو ایک کمرہ کو پر نہیں کر سکتا چہ جائیکہ گھر یا کسی اور چیز کو۔

یاد رکھیں کہ تمام کائنات کا نور مثلاً عرش، فرش، سموٰت، ارضین، جنات، حجب وغیرہ سب مل کر آنحضرت ﷺ کے نور کا ایک جزو حاصل کر سکے ہیں اور اگر آنحضرت ﷺ کا سارا نور عرش پر رکھا جائے تو وہ ریزہ ریزہ ہو جائیں اور اگر تمام مخلوقات بھی اکٹھی ہو جائے اور اس پر یہ نور رکھا جائے تو وہ بھی ریزہ ریزہ ہو جائے۔ جب آنحضرت ﷺ کے نور کی یہ شان ٹھہری تو کوئی یہ کیسے کہہ سکتا ہے کہ وہ کون کو پُر کر سکتا ہے۔ مدینہ منورہ اور قبر شریف کے قریب پہنچ کر اس شخص کی ذات کہاں ہوگی یا برزخ کی طرف چڑھ کر جب اس جگہ کے قریب پہنچے گی جہاں آنحضرت ﷺ کی رُوح کا نور ہے تو اس وقت اس کی کیا حالت ہوگی۔ کیا اس کی ذات، اس نور کی حامل ہوگی حالانکہ تمام مخلوق اس کے حامل ہونے سے عاجز ہے یا اس جگہ کو چھوڑ کر آگے نکل جائے گی اور کون کو پر نہ کر سکے گی۔ ہو سکتا ہے کہ کون سے اس شخص کی مراد آسمان و زمین کے درمیان کی تمام فضا ہو ماسوا برزخ کی جگہ کے جہاں نور معظم ہے۔

میں نے عرض کیا کہ ہو سکتا ہے کہ وہ کون کو اپنی ذات سے نہیں بلکہ اپنے نور سے بھر سکتا ہو جیسے کہ سورج، آسمان اور زمین پہ اپنی روشنی پھیلاتا ہے۔

حضرت نے فرمایا: اس کی مراد تو یہی ہے کہ وہ اسے اپنے نور سے بھرتا ہے۔ یہ نہیں کہ وہ اسے اپنی ذات سے بھرتا ہے مگر کجا اس کا نور اور کجا نور مصطفویٰ ﷺ۔ اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کے نور کے مقابلہ میں اس کا نور ایسا ہے جیسے دوپہر کے وقت ایک بتی۔ کیا یہ کہنا درست ہوگا کہ اس بتی نے نور شمس کو ماند کر دیا ہے؟

میں نے عرض کیا کہ آنحضرت ﷺ کے نور کے مقابلہ میں نور شمس ایسا ہے جیسے ایک بتی مگر پھر بھی وہ دنیا پر پھیلا ہوتا ہے۔

حضرت نے فرمایا: سورج کے نور کا کون کو بھرنے سے یہ مراد نہیں کہ نور مکرم اس کی وجہ سے غائب یا ماند پڑ گیا ہے اور یہ ہو بھی کیسے

سکتا ہے جبکہ نور شمس ارواح مومنین کے نور سے اخذ کیا گیا اور ارواح مومنین کا نور آنحضرت ﷺ کے نور کے مقابلہ میں ایسا ہی ہوگا جیسے دوپہر کے وقت بتی اور سورج وغیرہ کا نور بھی اس بتی کی طرح معلوم ہوگا جو دوپہر کو جل رہی ہو۔

حضرت نے فرمایا کہ میں نے صبح کی نماز سے لے کر چاشت تک انتہائی کوشش کی کہ دیکھوں کہ کیا ''باب'' کو برداشت کرنے کی طاقت رکھ سکتا ہوں مگر نہ رکھ سکا اور اسے اپنے لئے نہایت مشکل پایا۔ واللہ الموفق

میں نے حضرت[6] سے اس حکایت کے متعلق دریافت کیا کہ ایک شخص سمندر میں اترا اور پھر ایک گھنٹے کے بعد نکل آیا۔ اس کا ساتھی جو کنارے پر اس کا انتظار کر رہا تھا۔ اسے کہنے لگا تو نے اس قدر دیر کر دی کہ مجھے ڈر ہوا کہ کہیں جمعہ کی نماز نہ جاتی رہے۔ غوطہ زن نے جواب دیا کہ میں تو مصر سے آیا ہوں اور وہاں اتنے مہینے رہا ہوں میں نے وہاں شادی کی اور میرا بیٹا بھی وہاں ہے۔ میں نے عرض کیا کہ یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کیونکہ ان دونوں پر درحقیقت ایک ہی وقت گزرا تھا لہٰذا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک کے لئے تو وہ ایک گھڑی ہو اور دوسرے کے لئے کئی مہینے۔ کیونکہ سورج سے تو گھنٹے اور مہینے ایک ہی طرح کے بنتے ہیں۔ اگر یہ غوطہ زن کے لئے کئی ماہ کا وقت ہو تو اہل مصر کے لئے کیسا ہوگا۔ اگر وہاں بھی کئی ماہ کا وقت ہو یہاں تک کہ اس نے وہاں شادی بھی کی اور اس کے ہاں اولاد بھی ہوئی تو یہ ایک محال بات ہوگی کیونکہ اہل مصر اور دجلہ کے طلوع وغروب میں اس حد تک اختلاف نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا جب یہ وقت اہل مصر کے لئے بھی ایک گھڑی ہو تو کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ اس نے اس قلیل مدت کے اندر شادی بھی کر لی ہو اور اس کے ہاں بچہ بھی پیدا ہو گیا ہو اولیاء اللہ کی اس کرامت کا حل ہمیں سمجھ میں نہیں آتا۔ مزید برآں طی زمان طی مکان کی طرح نہیں ہے۔ طی زمان میں تو مذکورہ بالا محال لازم آتا ہے مگر طی مکان کی کرامت میں کوئی محال بات نہیں ہوتی۔ حالانکہ اس حکایت کو کئی ایک لوگوں نے نقل کیا ہے۔ بعض لوگوں نے اس کا استدلال روز قیامت سے کیا ہے کہ اس کی مقدار ہزار سال ہوگی مگر مومنین کے لئے روز قیامت ایک گھڑی کے برابر ہوگا لیکن یہ استدلال درست نہیں۔ اس لئے کہ روز قیامت کی لمبائی کے متعلق کہا جاتا ہے کہ لمبائی اس روز کی سختی کی وجہ سے معلوم دے گی نہ کہ درحقیقت وہ دن اتنا لمبا ہوگا اور میرا غالب گمان ہے کہ ابن حجرؒ نے فتح باری میں بھی اسی پر اکتفا کیا ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو کوئی چیز عاجز نہیں کر سکتی۔ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ وہ صاحب حکایت کے لئے جبکہ وہ سمندر میں ہو ایک اور زمانہ اور ایک قوم بنا دے اور وہ سمندر کو باوجود اس کے اندر ہونے کے نہ دیکھ سکے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو باوجود اس کے کہ وہ ہمیشہ فرشتوں کے پاس ہوتے ہیں' ان کا مشاہدہ کرنے سے روک رکھا ہے لہٰذا جب وہ سمندر کے مشاہدہ سے حجاب میں آ گیا تو اسے اس زمانہ اور اس قوم کا مشاہدہ ہو گیا پھر اس قوم کو اہل مصر وغیرہ کی صورت میں پیش کر دیا تا کہ اس حکایت کا مقصد پورا ہو جائے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ اس قوم اور اس زمانہ دونوں کو فنا کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس قسم کا واقعہ کسی حکمت کی بناء پر صاحب حکایت کے درپیش کیا ہے۔

میں نے عرض کیا: جناب نے سچ فرمایا۔ اس لئے کہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص باوجود اس کے کہ اس کی نشست و برخاست کثرت سے درویشوں کے ساتھ تھی' پھر بھی ان کی کرامات کا انکار کیا کرتا تھا۔

حضرت نے فرمایا میں نے اس سے بھی عجیب تر واقعہ دیکھا ہے کہ میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ چاشت کے وقت وہ ناکتخدا تھا لیکن

جب ظہر کے وقت واپس آیا تو دیکھا کہ وہ شخص مر چکا ہے اور اس کے بیٹے نے اس کے پیشہ میں اس کی جگہ لے لی ہے۔ مزید برآں بیٹا بالغ بھی ہو چکا ہے۔ حالانکہ چاشت کے وقت تک اس کے باپ کی شادی بھی نہ ہوئی تھی' پھر شادی ہوئی' اولاد ہوئی اور ظہر سے پہلے پہلے بالغ بھی ہوگئی۔

میں نے دریافت کیا، کیا یہ لوگ جنوں میں سے ہیں یا انسانوں میں سے۔

فرمایا نہ جنوں میں سے ہیں نہ انسانوں میں سے اللہ کی مخلوق کا شمار نہیں ہوسکتا۔ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّکَ اِلَّا هُوَ اور تیرے رب کی فوج کا سوائے خود اس کے کسی کو علم نہیں۔

پھر فرمایا کہ ۱۱۱۱ھ میں میری والدہ کی وفات کے بعد ایک عجیب واقعہ مجھ سے پیش آیا کہ میرے والد نے ایک اور عورت سے شادی کر لی اور ایک لونڈی بھی رکھ لی۔ اس لونڈی نے مجھے مارا۔ میں نے کہا کون کون سا غم برداشت کروں۔ لونڈی کا یا اس عورت کا۔ اس پر وہ اور بھی بگڑ گئی اس کے بعد ایک سال گزر گیا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے میری وفات تک جو واقعات مجھ سے پیش آنے والے تھے سب دکھا دیئے۔ چنانچہ میں نے ان اولیاء کو دیکھا جن سے میری ملاقات ہونے والی تھی۔ اس عورت کو دیکھا جس سے میری شادی ہونے والی تھی۔ پھر کچھ مدت گزرنے کے بعد بیٹے عمر کی ولادت کو دیکھا جس کا میں نے عقیقہ کیا۔ پھر عمر کی ولادت کے بعد بیٹے ادریس کی ولادت تک جو کچھ ہونے والا تھا اس کا عقیقہ کرنا پھر وہ واقعات دیکھے جو بیٹی فاطمہ کی ولادت تک ہونے والے تھے۔ اس کے بعد وہ فتح بھی دیکھی جو مجھے فاطمہ کی ولادت کے بعد عطا ہوئی' اسی طرح تمام وہ امور دیکھے جنہیں میں نے بعد میں حاصل کیا ان میں سے کوئی ایک چیز بھی مجھ سے غائب نہ تھی اور یہ سب کچھ ایک گھنٹہ کے اندر اندر ہوا اور میں سویا ہوا بھی نہ تھا کہ اسے خواب کہا جائے۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہ مشاہدہ رُوح کو حاصل ہوا تھا جیسا کہ خود حضرت نے ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ جب بچہ ماں کے پیٹ سے نکلتا ہے' عارف کامل اس وقت کی حالت سے لے کر اس کی آخری عمر تک کی حالت کے تمام واقعات کو دیکھ لیتا ہے۔ چنانچہ اگر کوئی اس مشاہدہ کو تحریر میں لے آئے اور اس تحریر کو اپنے پاس رکھ چھوڑے پھر جو کچھ اس کو پیش آتا جائے اس سے مقابلہ کرے تو اس میں قطعاً کوئی فرق نہ پائے گا۔ واللہ اعلم۔

اس قسم کی مخلوقات کی پیدائش کے متعلق حضرت نے فرمایا کہ ایک عارف ایک مقام سے گزرا' اس کے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ یہاں شہر ہو جس میں اللہ کی عبادت ہوتی ہو۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا چنانچہ وہ انسانی صورت میں وہاں اترے۔ شہر کو حکم دیا تو وہ موجود ہوگیا۔ اس کے بعد عارف کا ادھر سے گزر ہوا تو اس نے شہر اور شہر والوں کو اللہ کی عبادت کرتے ہوئے پایا۔ عارف نے اللہ کی تعریف کی۔ اس عارف کی وفات تک وہ شہر قائم رہا اور وہاں کے باشندے اللہ کی عبادت کرتے رہے' مگر جب وہ مر گیا تو ہر چیز اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی۔ فرشتے اپنے اپنے مرکز کو لوٹے اور شہر ایسا معدوم ہوا گویا کہ وہاں کبھی کوئی آباد نہ تھا۔

کسی شخص نے حضرت حاتمی کا کلام حضرت سے ذکر کیا تو آپ نے اسی قسم کا جواب دیا کہ حاتمی نے اپنے کسی مشاہدہ کے متعلق فرمایا ہے کہ انہوں نے جنت کو فلاں مقام میں دیکھا ہے یعنی جنت کی اپنی جگہ پر نہیں' کسی اور جگہ پر۔

حضرت نے جواب دیا کہ عارف کے نزدیک جس مقام میں اسے مشاہدہ حاصل ہوتا ہے۔ اس سے اعلیٰ و افضل کوئی اور مکان

زمان نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ اس مشاہدہ کو برقرار رکھنے کے لئے اس جہت میں جنت پیدا کر دیتے ہیں تو وہ یہ سمجھ لیتا ہے کہ اس نے جنت کو دیکھا ہے حالانکہ یہ کوئی اور ہی چیز ہوتی ہے جو اس کے ثواب کی خاطر پیدا کر دی گئی ہوتی ہے۔ جس شخص نے حضرت سے ابن عربیؒ کا کلام بیان کیا تھا اس نے جب یہ جواب سنا تو خوشی سے اچھلنے لگا۔ واللہ اعلم۔

حضرت نے اس شخص کی نگاہ میں اس تمام مخلوق کی پیدائش کو یوں بیان فرماتے ہوئے کہا کہ یہ ہوا جو میرے اور تمہارے درمیان ہے' اسے دیکھو۔ میں نے عرض کیا کہ میں نے دیکھ لیا۔ پھر اس میں سے ایک انگلی کے برابر کی جگہ کی طرف اشارہ فرمایا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ اس مقدار کو حکم کر کے اس قدر وسیع بنا سکتا ہے کہ یہ میرے اور تمہارے درمیان کی تمام ہوا کی برابر ہو جائے' پھر اللہ اس میں مختلف رنگ پیدا کر دے۔ مثلاً زرد' سرخ' سبز اور سیاہ اور پہلی ہوا کو اس دوسری ہوا سے حجاب میں ڈال دے پھر پہلی ہوا کا ایک جزو لے کر اسے بھی پہلی ہوا سے محجوب کر کے دوسری ہوا کے اندر داخل کر دے اور اسے اس کے تمام عجائب اور رنگ وغیرہ دکھائے۔ پھر اس جزو کو دوبارہ پہلی ہوا میں لوٹا کر پہلی ہوا کو ناپید کر دے۔ پھر فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ اس پر بلکہ اس سے بھی زیادہ قادر نہیں؟

میں نے عرض کیا کیوں نہیں وہ تو ہر شے پر قادر ہے۔ واللہ اعلم۔

امام غزالی کے ایک قول پر بحث:

میں نے دریافت کیا کہ امام غزالی جو الاحیاء کے مصنف ہیں' کتاب التفکر میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت جبرئیل آنحضرت ﷺ سے زیادہ عالم تھے۔

جبرئیل علیہ السلام آنحضرت ﷺ سے زیادہ عالم نہ تھے:

حضرت نے فرمایا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ایک لاکھ سال' پھر ایک لاکھ سال' یہاں تک کہ لا انتہا سال تک زندہ رہیں تب بھی آنحضرت ﷺ کی چوتھائی برابر معرفت نہیں حاصل کر سکتے اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے متعلق ان کے علم کے برابر ان کا علم ہو سکتا ہے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام آنحضرت ﷺ سے زیادہ علم والے کیسے ہو سکتے ہیں جبکہ ان کی پیدائش ہی آنحضرت ﷺ کے نور سے ہوئی ہے اور وہ اور تمام ملائکہ آنحضرت ﷺ کے نور کا ایک جزو ہیں اور تمام ملائکہ اور مخلوقات کو معرفت کا فیضان آنحضرت ﷺ سے حاصل ہوتا ہے۔ پھر آنحضرت ﷺ کے محبوب ہوتے ہوئے اپنے حبیب اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس مقام پر تھے جہاں نہ جبرئیل علیہ السلام تھے نہ کوئی اور اس وقت آنحضرت ﷺ نے اپنے رب سے وہ انعامات حاصل کئے جو صاحب عظمت وجلال والے رب کی طرف سے آنحضرت ﷺ جیسے حبیب کے لائق ومناسب ہو سکتے تھے اس کے بہت ہی عرصے بعد اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے نور سے جبرئیل ودیگر ملائکہ کو پیدا کیا۔

حضرت نے فرمایا کہ خود جبرئیل تمام علیہ السلام ملائکہ اور تمام صاحب فتح اولیاء اللہ یہاں تک کہ جنوں کو بھی معلوم ہے کہ جبرئیل علیہ السلام کو معرفت وغیرہ میں جو مقامات حاصل ہوئے وہ تمام آنحضرت ﷺ کی برکت سے حاصل ہوئے۔ چنانچہ جبرئیل آنحضرت ﷺ کی صحبت حاصل کئے بغیر اگر عمر بھر ان مقامات کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہتے تو ان میں سے ایک مقام بھی حاصل نہ کر سکتے لہٰذا جو نفع جبرئیل علیہ السلام کو پہنچا ہے اس کا علم یا خود جبرئیل علیہ السلام کو ہے یا صاحب فتح اولیاء اللہ کو ہے۔

پھر فرمایا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تو صرف آنحضرت ﷺ کی خدمت کے لئے پیدا کئے گئے تھے تا کہ وہ آپ کی ذات کے محافظین میں سے ہوں اس لئے کہ آنحضرت ﷺ تمام موجودات میں سے سِرّ اللہ ہیں اور تمام موجودات آپ کی ذات میں سے مستفیض ہوتی ہیں۔ اس لئے آپ کو ان کے مشاہدہ کی ضرورت پڑتی ہے اور آنحضرت ﷺ کا جسم دیگر اجسام کی طرح مٹی سے پیدا ہوا ہے اور یہ اپنے ہم شکلوں کے سوا دوسروں سے مانوس نہیں ہوتا لہٰذا جب آنحضرت ﷺ غیر جنس کی اشیاء کا مشاہدہ فرماتے ہیں تو جبرئیل علیہ السلام آپ کو اس سے مانوس کر دیتے ہیں۔

پھر فرمایا کہ فرشتوں کی صورتوں کو دیکھ کر ان اجسام کو دہشت طاری ہو جاتی ہے کیونکہ ان کی شکل غیر معروف اور ان کے کئی ہاتھ پاؤں اور کئی چہرے ہوتے ہیں۔ مزید برآں ان کا پھیلاؤ اس قدر ہوتا ہے کہ تمام دنیا کو پُر کئے ہوتا ہے۔

پھر فرمایا کہ اس کا علم صرف صاحب فتح کو ہوتا ہے اور جبرئیل بھی صرف آپ کی ذات ترابیہ کے محافظ تھے لیکن آپ کی رُوح کو چونکہ ان تمام صور کا علم ہے اس لئے وہ کسی سے نہیں ڈرتی۔

میں نے عرض کیا کہ آنحضرت ﷺ کی رُوح مبارک محافظ کا کام کیوں نہیں کر لیتی؟

فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے کہ ذات رُوح کو اپنے سے جدا نہیں سمجھتی اور وحدانیت اللہ کی ذات کے سوا کہیں بھی برقرار نہیں رہ سکتی۔ اللہ کے سوا ہر چیز کا جوڑا ہے اپنے جوڑے کو پسند کرتی ہے اور اسی کی طرف مائل ہوئی ہے۔

نیز فرمایا کہ جبرئیل آنحضرت ﷺ کے محافظ صرف انہی امور میں ہیں جو ان کی قدرت کے اندر ہیں اور سدرۃ المنتہیٰ کے نیچے کے ان امور میں جن کا علم انہیں ہے مگر سدرۃ المنتہیٰ کے اوپر جو ستر حجاب اور ملائکہ ہیں ان میں جبرئیل آنحضرت ﷺ کا انیس نہیں ہو سکتا اس لئے کہ سدرہ کے اوپر کے احوال کا مشاہدہ ان کے انوار کی قوت کے سبب جبرئیل کی طاقت سے باہر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے (شب معراج) حجابوں کو اکیلے طے کیا اور جبرئیل ساتھ نہ گئے۔ آنحضرت ﷺ نے جبرئیل کو ساتھ چلنے کو کہا بھی مگر جبرئیل نے کہا کہ مجھ میں طاقت نہیں۔ آپ کو چونکہ اللہ نے اس کی قوت عطا کی ہے اس لئے آپ یہ کر سکتے ہیں۔

اس کے بعد میں نے حضرت سے وحی کے بارے میں اور اس بات کے متعلق کہ آنحضرت ﷺ نے وحی کیسے حاصل کی، سوال کیا: آپ نے جبرئیل کی وساطت سے وحی حاصل کی جیسا کہ بہت سی آیتوں سے ظاہر ہے۔ یا بغیر واسطہ کے اس پر آپ نے ایسا جواب دیا جو احاطہ عقل سے باہر ہے۔ اس لئے اس کا تحریر کرنا مناسب نہیں۔ واللہ اعلم۔

نماز عید میں پہلی رکعت میں سات بار اور دوسری میں چھ بار کیوں تکبیر کہی جاتی ہے:

میں نے حضرت ؒ سے دریافت کیا کہ نماز عید میں پہلی رکعت میں کیوں سات بار اور دوسری رکعت میں چھ بار تکبیر کہتے ہیں اور میں نے اس کے متعلق فقہاء کے اقوال بھی بیان کر ۔

حضرت نے جواب دیا کہ تکبیر کہنے والا بالخصوص آنحضرت ﷺ پہلی رکعت میں پہلی زمین پہلے آسمان کی تمام موجودات اور ا تمام کے پیدا کرنے والے کا مشاہدہ کر لیتا ہے۔ اسی طرح ساتوں تکبیروں سے وہ ساتوں زمینوں اور ساتوں آسمانوں اور حق تعالیٰ جوا کا پیدا کرنے والا ہے' کے افعال کا مشاہدہ کر لیتا ہے۔ اس کے بعد دوسری رکعت میں پہلی تکبیر میں پہلے دن یعنی اتوار کو جو مخلوق پیدا ہو

ں کا اور اس کے پیدا کرنے والے کا مشاہدہ کرتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس باقی پانچ تکبیروں میں باقی پانچ دنوں کی مخلوقات اور ان کے خالق کا شاہدہ ہوتا ہے۔

میں نے عرض کیا کہ یہ مخلوقات جو ان چھ دنوں میں پیدا ہوئی کیا وہی مخلوقات ہے جو سات آسمانوں اور سات زمینوں میں پائی جاتی ہے؟

فرمایا کہ جب بندہ ایام کو دیکھتا ہے تو اسے وہ اصل مخلوقات دکھائی دیتی ہے جو ابتداء آفرینش کے وقت پیدا ہوئی تھی، لیکن جب اس ی نظر آسمانوں اور زمینوں کی طرف جاتی ہے تو اسے وہ مخلوقات دکھائی دیتی ہے جو روئے زمین اور روئے آسمان پر پائی جاتی ہے۔

میں نے عرض کیا: یہ سات تکبیریں تو ہر مکلف پر فرض ہیں مگر ہر مکلف کو یہ مشاہدہ کہاں نصیب ہوسکتا ہے؟

فرمایا: ارباب فتح کے مشاہدہ میں تو کلام نہیں، اوروں کو چاہیے کہ وہ اسے اپنی آنکھوں کے سامنے حاضر کریں خواہ اجمالی طور پر ہی یوں نہ ہو اور اللہ تعالیٰ تو سخی اور کریم ہے لہٰذا اگر کوئی بندہ اس عید میں اور اس سے اگلی عید میں، پھر اس سے اگلی میں ان امور کو مستحضر کرے را اپنے رب سے خوش ہو اور اس پر قائم رہے تو اللہ تعالیٰ اسے کبھی ناکام نہ کرے گا اور جب تک اللہ تعالیٰ ان تمام امور کا اسے مشاہدہ نہ رالے گا اس کی رُوح جسم سے نہ نکلے گی۔ اس لئے کہ اللہ ہر بات پر قادر ہے اور یہ انقطاع بندہ کی طرف سے ہوتا ہے۔ اللہ سبحانہ کی رف سے نہیں ہوتا چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِ يَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ (سورہ عنکبوت آیت ٦٩)

جو لوگ ہماری طرف (آنے کی) کوشش کرتے ہیں ہم انہیں ضرور اپنی راہ دکھا دیں گے اور اللہ اچھے کام کرنے والوں کے ساتھ ہیں۔

میں نے عرض کیا حضرت یوم نحر (قربانی کے دن) سے لے کر چوتھے دن تک پندرہ فرائض کے بعد جو تین تکبیریں کہی جاتی ہیں، ان ی تشریح فرمائیں۔

فرمایا پہلی تکبیر میں انسانی وجود کا مشاہدہ ہوتا ہے، پہلے نطفہ کی صورت میں پھر علقہ (جما ہوا خون) اور پھر مضغہ (گوشت کا لوتھڑا) ی صورت میں۔ دوسری تکبیر میں انسانی شکل کی تکمیل، حس خلق، اس میں رُوح کا پھونکا جانا اور اس کا ایک اور خلق بن جانا دکھایا جاتا ہے۔ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ اور تیسری تکبیر میں صورت کا خراب ہونا اور قبر میں اس کا دوبارہ مٹی بن جانا دکھایا جاتا ہے۔ یہ ور اس لئے دکھائے جاتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی عجیب قدرت کے نمونے ہیں۔ صوفیاء کے نزدیک یہ تکبیر محض انہی مواقع کے لئے مخصوص یں جیسا کہ فقہاء نے بیان کیا ہے بلکہ صوفیا ہر نماز کے بعد مگر سلام سے پہلے یہ تکبیریں استعمال کرتے ہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ جسے اللہ نے فتح نصیب کی ہو وہ ان احوال کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتا ہے چنانچہ وہ اللہ کی ظاہر قدرت کے وہ ناظر دیکھتا ہے جن کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں اللہ کی قدرت کے عجیب وغریب کرشمے پائے جاتے ہیں۔ جب کسی صاحب فتح انسان کو ایسے امور پیش آتے ہیں جن سے فتح میں تغیر یا قبض وغیرہ پیدا ہو جاتی ہے تو ان عجائب قدرت کو دیکھ کر اسے وہ عبرت حاصل ہوتی ہے جس کا بیان نہیں ہوسکتا۔

نیز فرمایا کہ روئے زمین پر اس قدر عجائبات پائے جاتے ہیں کہ اگر دلائل و براہین کے طالب انہیں دیکھ لیں تو انہیں دلائل کی ضرورت ہی نہ رہے۔ پھر ان عجائب میں بعض امور ایسے ہیں کہ اگر بندہ ان کا مشاہدہ کرلے تو بغیر دلیل کے وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو سمجھ

جائے۔اس کے لئے یہ مشاہدہ ہی کافی ہوگا اور بعض ایسے امور ہیں کہ ان کے مشاہدہ سے بغیر کسی دلیل پیش کرنے کے اسے ان کے وجود کا علم ہو جائے گا۔اسی طرح بعض ایسے امور ہیں کہ ان کے مشاہدہ سے بندہ کو جہنم کے وجود کا علم ہو جائے گا اور کسی دلیل کی ضرورت نہ ہوگی۔ واللہ اعلم۔

خُضْنَا بُحُوْرًا وَقَفَتِ الْاَنْبِیَاءُ بِسَوَا حِلِهَا کی تشریح:

میں نے حضرت سے بایزیدؒ بسطامی کے اس قول کی تشریح پوچھی خُضْنَا بُحُوْرًا [8] وَقَفَتِ الْاَنْبِیَاءُ بِسَوَاحِلِهَا (ہم تو ایسے سمندروں میں گھسے کہ انبیاء ان کے ساحلوں پر ہی کھڑے رہے) حضرت نے فرمایا کہ نبوت کا بڑا مرتبہ اور بڑی قدر و منزلت ہے اور صاحب نبوت کریم' بلند مرتبہ والا ہوتا ہے کوئی اور اس حد کو نہیں پہنچ سکتا۔کسی ولی کے لئے وہاں تک پہنچنا ممکن نہیں۔مگر بایزیدؒ بسطامی کو معلوم تھا کہ آنحضرت ﷺ سید الانبیاء والمرسلین اور تمام مخلوقات میں سے برگزیدہ انسان ہیں اور کبھی آنحضرت ﷺ اپنا لباس اپنی اُمت کے کسی کامل انسان کو بطور رعایت دے دیتے ہیں جسے پہن کر اس کی وہی کیفیت ہو جاتی ہے جیسا کہ بایزید بسطامیؒ نے ذکر کیا ہے مگر درحقیقت یہ کیفیت آنحضرت ﷺ کی طرف منسوب ہے اور وہی ان بحور میں گھسنے والے اور تمام انبیاء کے سردار ہیں۔

کوئی ولی مقام نبوت تک نہیں پہنچ سکتا:

فرمایا بعض اولیاء غلطی سے یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ عارف کبیر ولی کبھی معرفت میں مقام نبوت تک پہنچ جاتا ہے۔اگرچہ مرتبہ کے لحاظ سے وہاں تک نہیں پہنچ سکتا۔فرمایا ان کا یہ خیال بالکل غلط ہے اور نفس الامر کے مخالف ہے۔درست بات یہی ہے کہ ولی خواہ معرفت میں کسی درجہ تک کیوں نہ پہنچ جائے۔مقام نبوت تک پہنچنا تو درکنار اس کے قریب بھی نہیں پہنچ سکتا۔

لَیْسَ فِی الْاِمْکَانَ اَبْدَعَ مِمَّا کَانَ

میں نے حضرت سے امام غزالی [1] کے قول لَیْسَ فِی الْاِمْکَانَ اَبْدَعَ مِمَّا کَانَ (جو کچھ ہو چکا ہے اس سے زیادہ عجیب و غریب امور کا ہونا ناممکن ہے) کے متعلق دریافت کیا۔

حضرت نے فرمایا: کوئی شخص قدرت الٰہی کو محصور نہیں کر سکتا اور نہ حق سبحانہٗ کسی کام کے کرنے سے عاجز ہیں۔

(مولف کہتا ہے کہ) حضرت کا کلام معرفت سے بھرا ہوا ہے۔میں نے کئی بار استخارہ کیا ہے کہ اس مسئلہ میں کچھ لکھوں تا کہ اور کو نصیحت حاصل ہو اول تو اس لئے کہ یہ عقیدہ کی بات۔ اور اس کے علاوہ یہ ضروریات دین میں سے ہے' لیکن چونکہ اس مسئلہ میں بحث ہو چکی ہے اور لوگوں نے اس کے مختلف جواب دیئے ہیں اس لئے یہ ایک بہت ہی ادق نظریہ سمجھا جانے لگا ہے۔

چنانچہ میں اللہ کی مدد سے کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

۱. عَسٰی رَبُّهٗۤ اِنۡ طَلَّقَكُنَّ اَنۡ يُّبۡدِلَهٗۤ اَزۡوَاجًا خَيۡرًا مِّنۡكُنَّ مُسۡلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّ اَبۡكَارًا ۝ (سورہ تحریم آیت ۵)

ہوسکتا ہے کہ اگر نبی ﷺ تمہیں طلاق دے دیں تو آنحضرت ﷺ کا رب تمہارے بدلے میں انہیں تم سے بہتر بیویاں دے دے جو مسلمان مومن، مطیع، توبہ کرنے والی، عبادت گزار، روزہ گزار خاوند دیکھی یا کنواریاں ہوں۔

۲۔ نیز فرمایا

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَلَا تُبۡطِلُوۡۤا اَعۡمَالَكُمۡ ۝ (سورہ محمد آیت ۳۳)

مسلمانو! اللہ اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال کو ضائع نہ کرو۔

پھر آخر میں فرمایا

وَاِنۡ تَتَوَلَّوۡا يَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوۡنُوۡۤا اَمۡثَالَكُمۡ ۝ (سورہ محمد آیت ۳۸)

اور اگر تم پیٹھ دے جاؤ تو اللہ تمہاری بجائے اور لوگوں کو لے آئے گا۔ جو پھر تمہارے جیسے نہ ہوں گے۔

۳. فَلَاۤ اُقۡسِمُ بِرَبِّ الۡمَشَارِقِ وَالۡمَغَارِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوۡنَ ۝ عَلٰۤى اَنۡ نُّبَدِّلَ خَيۡرًا مِّنۡهُمۡ وَمَا نَحۡنُ بِمَسۡبُوۡقِيۡنَ (سورہ معارج آیت ۴۱۔۴۰)

(ایسا ہرگز نہیں) قسم ہے مشرقوں اور مغربوں کے رب کی کہ ہم اس بات پر قادر ہیں کہ ان کے بدلے ان سے بہتر لوگوں کو لے آئیں اور ہم سے بچ کر کوئی نکل نہیں سکتا۔

۴. وَرَبُّكَ الۡغَنِىُّ ذُو الرَّحۡمَةِ ؕ اِنۡ يَّشَاۡ يُذۡهِبۡكُمۡ وَيَسۡتَخۡلِفۡ مِنۡۢ بَعۡدِكُمۡ مَّا يَشَآءُ كَمَاۤ اَنۡشَاَكُمۡ مِّنۡ ذُرِّيَّةِ قَوۡمٍ اٰخَرِيۡنَ ۝ (سورہ انعام آیت ۱۳۳)

اور تمہارا رب غنی اور رحمت والا ہے۔ اگر چاہے تو تمہیں فنا کر دے اور جس طرح تمہیں اور لوگوں کی اولاد میں سے پیدا کیا ہے۔ اسی طرح جنہیں چاہے تمہارے بعد تمہارا جانشین بنا دے۔

۵. لَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمۡ عَلَى الۡهُدٰى (سورہ انعام آیت ۱۳۵)

اور اگر اللہ چاہتا تو ان سب کو ہدایت پر اکٹھا کر دیتا۔

۶. قُلۡ فَلِلّٰهِ الۡحُجَّةُ الۡبَالِغَةُ ۚ فَلَوۡ شَآءَ لَهَدٰىكُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ (سورہ انعام آیت ۱۴۹)

آپ کہہ دیں کہ اللہ کے پاس واضح دلائل ہیں اگر چاہتا تو تم سب کو ہدایت کر دیتا۔

۷. وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِیْ کُلِّ قَرْیَةٍ نَّذِیْرًا ○ (سورہ فرقان آیت ۵۱)

اگر ہم چاہیں تو ہر بستی میں نذیر بھیج دیں۔

۸. اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِیْنَ ○ (سورہ شعراء آیت ۴)

اگر چاہیں تو ہم ان پر آسمان سے ایک نشانی بھیج دیں جس کے سامنے ان کی گردنیں جھک جائیں۔

۹. وَلَوْ شَآءَ رَبُّکَ لَاٰمَنَ فِی الْاَرْضِ کُلُّهُمْ جَمِیْعًا (سورہ یونس آیت ۹۹)

اور اگر تمہارا رب چاہتا تو روئے زمین کے سب لوگ ایمان لے آتے۔

۱۰. یَا اَیُّهَاالنَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَاءَ اِلَی اللّٰهِ وَ اللّٰهُ هُوَا الْغَنِیُّ الْحَمِیْدِ ○ اِنْ یَشَاْ یُذْهِبْکُمْ وَیَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ ○
وَمَا ذَالِکَ عَلَی اللّٰهُ بِعَزِیْزٍ. (سورہ فاطر آیت ۱۷-۱۵)

لوگو تم اللہ کے محتاج ہو۔ اللہ تم سے مستغنی ہے اور قابل تعریف ہے۔ اگر چاہے تمہیں فنا کر دے اور ایک نئی مخلوق لے آئے اور یہ اللہ کے لئے مشکل کام نہیں ہے۔

۱۱. وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَیْنَا کُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا (سورہ سجدہ آیت ۱۳)

اگر ہم چاہیں تو ہر نفس کو ہدایت دے دیں۔

۱۲. یَخْلُقُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (سورہ نور آیت ۴۵)

اللہ جو چاہتا ہے، پیدا کرتا ہے اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۱۳. یَخْلُقُ مَالَا تَعْلَمُوْنَ (سورہ نحل آیت ۴۵)

اللہ ایسی ایسی مخلوق کا خالق ہے جن کا تمہیں علم نہیں ہے۔

آنحضرت ﷺ سے صحیح حدیث میں روایت ہے کہ آپ ﷺ نے مرض موت میں فرمایا آؤ میں تمہیں کچھ لکھ دوں جس کے لکھنے کے بعد تم گمراہ نہ ہو گے مگر حضرت عمرؓ نے کہا ہمیں کتاب اللہ کافی ہے۔

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ بڑی مصیبت تو یہ تھی کہ لوگ آنحضرت ﷺ کے چٹھی لکھنے میں حائل ہو گئے ایک اور صحیح حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ صحابہؓ کو لیلۃ القدر کے متعلق بتانے کو نکلے مگر جب وہ شخص آپس میں جھگڑ پڑے تو اس رات کا علم اٹھا لیا گیا۔ یہ دونوں حدیثیں صحیح بخاری میں ہیں۔

امام سیوطی اپنی کتاب **الباھر فی حکم النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالباطن والظاھر** میں لکھتے ہیں چوتھی حدیث۔ ابوبکر

ن ابی [13] شیبہ نے اپنی مسند میں حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ ہم میں ایک نوجوان بڑا عابد وزاہد تھا۔ ہم نے آنحضرت ﷺ سے اس
ا ذکر کیا مگر آپ ﷺ اسے نہ جانتے تھے۔ ہم نے اس کا حلیہ بیان کیا پھر بھی آپ ﷺ اسے نہ پہچان سکے۔ ابھی ہم اس کا ذکر ہی کر
ہے تھے کہ وہ آ گیا اور ہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ یہی وہ نوجوان ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا مجھے تو اس کے چہرے پر شیطان
کے سیاہ داغ دکھائی دیتے ہیں۔ چنانچہ وہ آیا اور اس نے سلام کیا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کیا تم دل میں یہ خیال جمائے ہوئے ہو کہ قوم
ں تم سے بہتر کوئی شخص نہیں ہے۔

جواب دیا: ہاں، پھر وہ واپس چلا گیا اور مسجد میں داخل ہوا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اسے کون قتل کرے گا۔ ابوبکرؓ کہنے لگے میں
تل کروں گا۔ جب ابوبکرؓ مسجد میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ وہ نماز پڑھ رہا ہے۔ کہا کسی شخص کو نماز پڑھتے ہوئے کیسے قتل کروں اور
نحضرت ﷺ نے بھی ہمیں نمازی کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے پھر فرمایا اس شخص کو کون قتل کرے گا۔ عمرؓ نے کہا
ں یارسول اللہ ﷺ چنانچہ وہ جب مسجد میں گئے تو دیکھا کہ وہ سجدے میں پڑا ہے اور انہوں نے بھی وہی الفاظ کہے جو ابوبکرؓ نے کہے
تھے۔ نیز کہا کہ میں واپس چلا جاتا ہوں کیونکہ مجھ سے بہتر شخص واپس جا چکا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا عمرؓ کیا بات ہے؟ عمرؓ نے بات
رض کر دی۔ آنحضرت ﷺ نے پھر فرمایا اسے کون قتل کرے گا۔ حضرت علیؓ نے عرض کیا۔ میں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اگر تجھے مل گیا
تو اسے قتل کر لے گا۔ حضرت علیؓ جب مسجد میں داخل ہوئے تو وہ جا چکا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ اللہ کی قسم اگر تو اسے قتل کر دیتا تو یہ
س قسم کے لوگوں میں سے پہلا اور آخری شخص ہوتا اور (اگر یہ قتل ہو جاتا تو) میری اُمت میں کبھی اختلاف پیدا نہ ہوتا۔

سیوطیؒ [14] نے اس حدیث کی روایت چھ مختلف طریقوں سے پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعدد طرق سے حدیث کا صحیح ہونا ثابت ہوتا ہے۔

جو آیات واحادیث ہم نے پیش کی ہیں ان سے حق اور صحیح بات واضح ہو جاتی ہے۔ میں نے عام لوگوں سے جن کے دل شک وشبہ
سے خالی ہوتے ہیں اور حق بات کو جلدی قبول کر لیتے ہیں' پوچھا کہ کیا اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ اسی قسم کا ایک اور جہان پیدا کر دے تو
کہنے لگے اس میں توقف کیسے ہو سکتا ہے جبکہ ہمارا رب ہر چیز پر قادر ہے اور اس کی قدرت ہر چیز میں جاری ہے کوئی چیز اسے عاجز نہیں کر
سکتی میں نے ایک مرتبہ ایک شخص سے کہا کہ کیا اللہ تعالیٰ اس جہان سے بہتر جہان پیدا کر سکتا ہے تو اس نے جواب دیا کیا تو نے یہ آیت
نہیں پڑھی۔ اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَیَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ (اگر اللہ چاہے تو تمہیں فنا کر دے اور نئی مخلوق کو لے آوے) اللہ تعالیٰ نے لفظ
جدید میں اس بات کی قید نہیں لگائی کہ وہ ہم سے کم درجہ کے ہوں گے ہو سکتا ہے کہ وہ ہم سے افضل یا ہمارے برابر ہوں۔ مجھے اس کی یہ
بات بہت پسند آئی۔ اس کے برخلاف میں نے ایک فقیہ سے کہا کہ ابوحامد غزالی کے اس قول کے متعلق کہ لَیْسَ فِی الْاِمْكَانِ اَبْدَعَ مِمَّا
كَانَ تمہارا کیا خیال ہے۔ اس نے جواب دیا کہ شیخ شعرانی اور دوسرے لوگوں نے اس پر بحث کی ہے۔ میں نے کہا میں تو تمہاری رائے
پوچھ رہا ہوں۔ جواب دیا کہ میری رائے کیا ہو سکتی ہے؟ میں نے کہا بہت افسوس ہے یہ تو عقیدہ کی بات ہے۔ بھلا اگر کوئی شخص تجھ سے یہ
پوچھے کہ آیا ہمارا پروردگار اس جہان سے بہتر جہان پیدا کر سکتا ہے تو کیا کہو گے۔ کہنے لگا میں کہوں گا کہ اللہ کی قدرت کا کوئی شمار نہیں۔ لہٰذا
وہ اس جہان سے ہزار درجہ بہتر بلکہ اس سے بھی زیادہ بہتر جہان پیدا کر سکتا ہے۔ اس پر میں نے کہا امام غزالیؒ کا قول کہ لَیْسَ فِی الْاِمْكَانِ
اَبْدَعَ مِمَّا كَانَ اس کے منافی ہے تب جا کر وہ ابوحامد کے قول کا مطلب سمجھا۔ اس طرح کئی اور فقہاء سے مجھے واسطہ پڑا۔ جب ان سے
ابوحامد کی عبارت کے متعلق سوال کرتا تو امام کی قدر ومنزلت کو مدنظر رکھتے ہوئے توقف کرتے' لیکن جب میں عبارت بدل کر سوال کرتا تو
وہ اللہ کی قدرت کا اقرار کرتے اور کہتے کہ اللہ کی قدرت کا کوئی شمار نہیں۔ واللہ اعلم۔

فصل

میں مسئلہ امکان کے متعلق جو کچھ امام غزالی نے لکھا ہے اسے پہلے یہاں درج کرتا ہوں اس کے بعد جو کچھ اور لوگوں نے اس بارے میں لکھا ہے' اسے لکھوں گا تا کہ لوگ اس سے مستفید ہوں۔ چنانچہ الغزالی احیاء میں ان امور کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جن سے توکل پیدا ہو' لکھتے ہیں۔

توکل یہ ہے کہ انسان ایسے یقین کے ساتھ تصدیق کرے کہ اس میں کسی قسم کی کمزوری نہ پائی جائے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کو عقلمند ترین انسان کی سی عقل اور بہترین عالم کا سا علم دے دے اور انہیں اس قدر علم عطا کر دے کہ ان کے نفس اسے برداشت نہ کر سکیں اور انہیں اتنی حکمت عطا کرے کہ خارج از بیان ہو۔ اس کے بعد تمام امور کے انجام ان پر کھول دے اور انہیں اسرار ملکوت پر مطلع کر دے اور انہیں بہت دقیق باتیں اور چھپے ہوئے انجام کا علم دے چنانچہ انہیں ہر قسم کی خیر اور شر کا نفع اور نقصان کا علم ہو جائے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ انہیں حکم دے کہ اللہ کے عطا کئے ہوئے علم اور حکمت سے دنیا کی حکومت چلائیں تو باوجود ان کے باہمی تعاون کے جو کچھ اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت میں تدبیر کر رکھی ہے اس میں نہ مچھر کے پر کے برابر اضافہ کر سکیں گے اور نہ کم کر سکیں گے اور نہ ہی کسی مرض یا عیب یا نقص یا کسی کے دکھ کو دور کر سکیں گے اور نہ صاحب صحت کی صحت میں۔ نہ صاحب مال کے مال میں اور نہ صاحب کمال کے کمال میں اضافہ کر سکیں گے بلکہ اگر وہ ہر اس چیز میں غور کریں جسے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے مثلاً آسمان و زمین تو اس میں نہ انہیں کوئی فرق اور نہ کوئی رخنہ دکھائی دے گا اور تمام وہ امور جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں میں تقسیم کر رکھا ہے۔ مثلاً رزق، موت' خوشی و غمی' کمزوری و طاقت' ایمان و کفر اور اطاعت و نافرمانی تمام کے تمام عدل ہیں۔ ان میں کوئی راہ حق سے عدول نہیں پایا جاتا اور خالص حق ہیں جن میں ظلم نہیں پایا جاتا بلکہ یہ سب حق و واجبی ترتیب پر جیسا کہ انہیں ہونا چاہیے تھا اور جس انداز سے ہونا چاہیے تھا' ہیں۔ ان سے زیادہ تام کے زیادہ بہتر اور زیادہ کامل ہونے کا امکان ہی نہیں۔ اگر ایسا ممکن ہوتا اور قدرت رکھنے کے باوجود اللہ تعالیٰ ایسا نہ کرتا تو یہ بخل ہوتا جو سخاوت کے منافی ہے اور ظلم ہوتا جو عدل کے خلاف ہے اور اگر ایسا کرنے پر قادر نہ ہوتا تو عاجز ہوتا اور عجز الٰہیت کے منافی ہے بلکہ دنیا کی ہر محتاجی اور دکھ دنیا میں نقص کا باعث ہے مگر آخرت میں زیادتی کا اور آخرت کا ہر نقص جو ایک شخص کے متعلق ہو کسی دوسرے شخص کے لئے نعمت ہوگا کیونکہ اگر رات نہ ہوتی تو دن کی قدر معلوم نہ ہوتی اور اگر مرض نہ ہوتا تو تندرست لوگ تندرستی سے بہرہ اندوز نہیں ہو سکتے۔ اگر دوزخ نہ ہوتی تو اہل جنت کو اللہ کی نعمتوں کی قدر معلوم نہ ہوتی۔ جیسا کہ چوپاؤں کی روحوں کو انسانی پر فدا کر دیا جاتا ہے اور انسانوں کو انہیں ذبح کرنے پر مسلط کر دیا جاتا ہے مگر اسے ظلم نہیں کہا جاتا بلکہ کامل کو ناقص پر مقدم رکھنا عین عدل ہے۔ اسی طرح دوزخیوں کو زیادہ سزا دے کر اہل جنت کی نعمت میں اضافہ ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر ناقص نہ ہوتا تو کامل کی پہچان نہ ہو سکتی اور اگر حیوان نہ پیدا ہوتے تو انسان کا شرف ظاہر نہ ہوتا اس لئے کہ کمال اور نقص مقابلہ سے ہی ظاہر ہوتے ہیں۔ لہٰذا جود و حکمت کا یہی تقاضا ہے کہ کامل اور ناقص دونوں کو پیدا کیا جائے۔ چنانچہ جب ہاتھ میں ناسور ہو جانے سے انسان کو بچانے کی غرض سے ہاتھ کاٹ دینا عین عدل ہے کیونکہ اس میں ناقص کو کامل پر فدا کر دینے کا اصول پایا جاتا ہے۔ یہی حال اس تفاوت کا ہے جو دنیا و آخرت میں مخلوقات کے درمیان تقسیم میں پایا جاتا ہے۔ یہ سب کچھ عدل ہے جس میں کوئی ظلم و جور نہیں۔ حق ہے جس میں کوئی لہو و لعب نہیں اور اب یہ مسئلہ بہت مشکل مسئلہ بن چکا ہے جسے

اکثر لوگ نہیں سمجھ سکتے۔اس میں تقدیر کا وہ راز ہے جس میں اکثر لوگ متحیر ہو چکے ہیں اور جنہیں اس کا علم ہے وہ اس کا افشاء نہیں کرنے دیتے۔مختصر یہ کہ خیر ہو یا شر سب کا فیصلہ ہو چکا ہے۔مشیت ایزدی کا حکم چل جانے کے بعد جس چیز کا بھی فیصلہ ہو گیا وہ پہنچ کر رہے گی۔نہ تو کوئی اس کے فیصلہ پر اعتراض کر سکتا ہے بلکہ ہر چھوٹی بڑی چیز تحریر میں آ چکی ہے اور تقدیرِ الٰہی سے اس کے حصول کا انتظار ہے۔جو چیز پہنچنے والی ہے وہ پہنچ کر رہے گی اور جو نہیں پہنچے گی اسے تو کسی صورت میں حاصل نہیں کر سکتا۔

مذکورہ بالا عبارت احیاء کی عبارت ہے جسے سمہودی[15] نے اسی مسئلہ کے بارے میں اپنی تالیف اِیضَاحُ الْبَیَانِ لِمَنْ اَرَادَا لْحُجَّة مِنْ لَیْسَ فِی الْاِمکَانِ اَبْدَعَ مِمَّا کَانَ میں نقل کیا ہے۔برہان الدین[16] بقاعی نے بھی اسی مسئلہ کے متعلق اپنی تالیف دلالتہ البرھان علی ان لیس فی الامکان ابدع مما کان میں اسی طرح نقل کیا ہے۔سمہودی کہتا ہے کہ ابو حامدؒ نے اسی قسم کی عبارت جواھر القرآن اور الاجوبة[17] المسکتة میں دی ہے۔الغزالی نے الاجوتبه المسکتة ان اعتراضات کے جوابات میں لکھی جو انکی حیات میں الاحیاء پر کئے گئے۔مولف کہتا ہے کہ الغزالی نے اسی قسم کی عبارت مقاصد الفلاسفہ میں بھی لکھی ہے۔

اس مسئلہ کے بارے میں جو امام غزالی کی طرف منسوب کیا جاتا ہے علماء تین گروہوں میں منقسم ہو گئے ہیں۔چنانچہ پہلے گروہ نے اس مسئلہ کو قبول نہ کرتے ہوئے اس کا رد کیا ہے۔دوسرے گروہ نے اس کی تاویل کرنے کی کوشش کی ہے اور تیسرے نے اس مسئلہ کو الغزالی کی طرف منسوب کرنے سے انکار کر دیا ہے اور الغزالی کو اس قسم کے اعتقاد سے بری قرار دیا ہے۔

پہلا گروہ معترضین:

پہلا گروہ ان لوگوں کا ہے جنہوں نے الغزالی کا رد کیا ہے یہ وہ لوگ ہیں جو امام غزالی کے یا تو ہمعصر تھے یا ان کے بعد آنے والے محققین تھے۔امام ابوبکر ابن العربی کہتے ہیں جیسا کہ ابوعبداللہ[18] قرطبی نے شرح اسماء اللہ الحسنٰی میں نقل کیا ہے کہ ابو حامد الغزالی نے ایک بہت بڑی بات کہہ دی ہے جس پر اہل عراق نے خوب جرح کی ہے اور اللہ گواہ ہے کہ یہ بات جرح ہی کے قابل تھی۔کیونکہ الغزالی کہتے ہیں کہ اللہ کی قدرت میں یہ بات نہیں کہ مضبوطی اور حکمت کے لحاظ سے اس سے بہتر جہان پیدا کر سکے اور اگر اس سے بہتر جہان ممکن ہوتا اور پھر اللہ نے اسے نہ بنایا ہوتا تو یہ جود کے منافی ہے۔اس کے بعد ابن عربی نے اس کا رد کرنا شروع کیا ہے چنانچہ کہتے ہیں کہ ہم اگرچہ الغزالی کے مقابلہ میں ایسے ہیں جیسے سمندر کے مقابلہ میں قطرہ پھر بھی ہم خود الغزالی کے اقوال سے ہی اس کا رد کریں گے۔تعجب اس بات پر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس قدر بلند صفات عطا کئے پھر وہ کس طرح اس قدر واضح مسئلہ میں راہ راست سے بھٹک گئے۔ابو العباس ناصر الدینؒ بن المنیر الاسکندری المالکی نے بھی یہی طریقہ اختیار کیا ہے۔چنانچہ اس نے ایک رسالہ لکھا ہے جس کا نام الفیاء المتلالی فی تعقب الاحیاء للغزالی نے مذکورہ بالا رسالہ اسی رسالہ کے رد میں لکھا ہے جس میں الغزالی کی حمایت اور ابن المنیر پر اعتراض کیا ہے۔آگے چل کر ہم اس کے متعلق اور لکھیں گے۔

کمال الدین[19] بن ابی الشریف شرح مسایرہ میں یہ لکھنے کے بعد کہ اللہ کو قدرت ہے کہ وہ اس جہان سے بھی بہتر جہان پیدا کر دے لکھتے ہیں کہ الاحیاء کے ایک باب میں مثلاً کتاب التوکل میں اس کے خلاف لکھا ہے اور یہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امام غزالیؒ سے غفلت ہو گئی اور فلاسفہ کے طرز میں یہ بات کہہ گئے امام غزالی کے زمانہ اور بعد میں بھی علماء نے اس کا رد کیا ہے۔حافظ ذہبی[20] نے بھی

تاریخ الاسلام میں علماء کے اس رد کا ذکر کیا ہے۔

بدرالدینؒ الزرکشی [21] کہتے ہیں کہ اس جہان کی صورت سے بہتر جہان نہیں ہوسکتا اور اگر ممکن ہوتا اور اللہ نے نہ بنایا ہوتا تو یہ بخل ہے جو جود کے منافی ہے یا عجز ہے جو قدرت کے منافی ہے۔ بدرالدین کہتے ہیں کہ یہ وہ مہمل الفاظ ہیں جن کا حق تعالیٰ کے لئے استعمال کرنا مناسب نہیں ہوسکتا ہے کہ غزالی کی مراد اللہ تعالیٰ کی صنعت کی عظمت بیان کرنا ہو۔ اس لئے کہ حق تعالیٰ سبحانہ قادر مطلق ہیں جن کے حق میں ظلم یا بخل یا عجز کا اطلاق نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا امام غزالی کا یہ کہنا کہ اگر اس عالم سے بہتر عالم ممکن ہوتا' پھر اللہ نے باوجود قدرت کے اسے عدم میں رکھ چھوڑا ہوتا تو یہ بخل ہے اور ظلم ہے۔ قدرت مطلقہ کے مخالف ہے چنانچہ امام غزالیؒ نے خود اپنی کتاب **الاقتصاد فی الاعتقاد** میں بیان کیا ہے کہ حق تعالیٰ کے بارے میں ایسے حقائق محال ہیں۔ لہٰذا اگر اس عالم سے بھی بہتر کوئی عالم ہوتا مگر اللہ نے اسے پیدا نہیں کیا تو یہ اللہ کے کمال اختیار اور اللہ تعالیٰ کی عظمت وسطوت کی دلیل ہے نہ اس بات کی جیسا کہ امام غزالی نے وہاں لکھا ہے کہ یہ بخل' عجز اور ظلم کی دلیل ہے خدا اس قسم کی باتوں سے بلند و بالا ہے۔

خدا ابن عربی پر رحمت کرے' وہ کہتے ہیں کہ ہم اگرچہ ان کے سمندر کے مقابلہ میں ایک قطرہ ہیں مگر ہم ان کے قول کی تردید انہی کے قول سے کرتے ہیں۔ لہٰذا اگر تو خود غزالی کے قول سے اس کی تردید چاہتا ہے تو کتاب الاقتضاد جس کا ذکر ہو چکا دیکھیں۔ نیز دیکھیں اسی کی کتاب القسطاس المستقیم اور الاحیاء کے بہت سے مقامات جہاں اس نے صراحتاً بیان کیا ہے کہ حق تعالیٰ کے متعلق کیا عقیدہ رکھنا چاہیے۔

دوسرا گروہ:

دوسرا گروہ ان لوگوں کا ہے جو ابو حامد الغزالی کی حمایت کرتے ہیں اور اس کے کلام کی صحیح تاویل کرتے ہیں۔ ان میں سے پہلا شخص خود الغزالیؒ ہے کیونکہ انہیں ان کے زمانہ میں ہی اس کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے اس کا جواب **الاجوبة المسكة** میں دیا۔ چنانچہ وہاں پہلے مذکورہ بالا قابل اعتراض عبارت کو نقل کیا ہے پھر خود ہی سوال کیا ہے کہ اس عبارت کا کیا مطلب ہے پھر اس کا جواب دیتے ہیں کہ دنیا کو عدم سے وجود میں لانے میں جو تاخیر ہوئی وہ سب اختیار کلی کے تحت میں آتی ہے اس لئے کہ اللہ مختار کل ہوتے ہوئے چاہے کسی بات کو کریں چاہے نہ کریں اور جب نہ کریں گے تو ممکن نہیں کہ ایسا کریں جو حکمت کے انتہائی تقاضا کے مطابق نہ ہو' وغیرہ۔ مگر یہ جواب قطعاً غیر تسلی بخش ہے۔

مولف کہتا ہے کہ جب یہ ثابت ہو چکا کہ اللہ تعالیٰ فعل سے پہلے فعل کے دوران میں اور فعل کے بعد مختار کل ہیں۔ لہٰذا ہم پوچھتے ہیں کہ کیا یہی اختیار وجود عالم کی تاخیر کا باعث بنا۔ اگر ایسا ہے تو اس سے بہتر جہان کے وجود کی تاخیر کا سبب بھی یہی اختیار ہوگا۔ لہٰذا یہ کہنا کہ جب اللہ کرے گا تو ممکن نہیں کہ وہ فعل حکمت کے انتہائی تقاضا کے مطابق نہ ہو۔ اس بات کا مقتضی ہے کہ فعل کے وقت اسے اختیار نہ تھا۔ حالانکہ اللہ اس سے بالا و بلند ہے۔

شعرانی کا بیان:

شعرانی اپنی کتاب **الاجوبة المرضية عن ساداتنا الفقهاء والصوفيه** میں کہتے ہیں کہ علماء نے غزالی کے اس قول کو کہ

جہان وجود میں آچکا ہے اس سے بہتر کا ہونا ممکن نہیں۔ بُرا مانا ہے۔ ان کا اعتراض یہ ہے کہ اس سے جناب باری تعالیٰ کا عجز ظاہر ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے جیسا کہ محی الدینؒ ابن العربی نے فتوحات میں دیا ہے کہ غزالیؒ کا کلام نہایت محققانہ کلام ہے' جسے برا ماننا درست نہیں کیونکہ مرتبے صرف دو ہیں۔ مرتبہ قدم اور مرتبہ حدوث پہلا مرتبہ صرف اللہ کے لئے ہے اور دوسرا مخلوق کے لئے۔ چنانچہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اگر اسے (روز اوّل) سے ہی پیدا کر دیا ہوتا پھر بھی یہ جہان حادث کا حادث ہی رہتا۔ (اسے قدیم نہ کہا جا سکتا) لہٰذا یہ کہنا کہ کیا حق سبحانہ ایسا قدیم پیدا کرنے کی قدرت رکھتے ہیں جو قدیم ہونے میں اللہ کے مساوی ہو درست نہ ہوگا کیونکہ یہ تو انتہائی مہمل سوال ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہ جواب بھی کچھ نہیں اور مسئلہ سے اسے کوئی تعلق ہی نہیں۔ یہ جواب تو اس وقت صحیح ہو سکتا تھا اگر غزالیؒ نے یہ کہا ہوتا کہ قدیم سے بہتر کا امکان نہیں اور معترضین کا یہ دعویٰ ہوتا کہ قدیم سے بہتر کا امکان ہے۔ اس صورت میں جواب میں ہم کہہ سکتے تھے کہ حادث قدیم کے مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتا مگر چونکہ غزالی کا دعویٰ مرتبہ حدوث میں ہے کہ موجودہ حادث اشیاء سے بہتر چیز نہیں ہو سکتی اور معترضین کا دعویٰ یہ ہے کہ اس سے بہتر چیز ہو سکتی ہے ورنہ یہ لازم آئے گا کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت محدود ہے اور قدرت کا محدود ہونا عجز کو ثابت کرتا ہے۔ لہٰذا ان کا یہ جواب درست نہیں ہے۔

اس کے بعد شعرانی [۲۲] نے عبدالکریمؒ [۲۳] جیلی کا ایک اور جواب نقل کیا ہے کہ ہر موجود چیز پہلے سے ہی اللہ تعالیٰ کے علم میں تھی۔ لہٰذا یہ نہیں ہو سکتا کہ موجودات اس وجہ سے جو علم قدیم میں تھا، زیادہ یا کم ہو جائے۔ لہٰذا امام غزالی کا قول درست ہوا۔

مؤلف کہتا ہے یہ جواب بھی درست نہیں اس لئے کہ ہم یہ تسلیم ہی نہیں کرتے کہ ہر وجود میں آنے والی چیز علم الٰہی کے مرتبہ سے نہ کم ہو سکتی ہے نہ زیادہ اور اس سے یہ بھی لازم نہیں آتا کہ اس سے بہتر ممکن ہی نہ ہو یہ جواب اس صورت میں درست ہو سکتا ہے کہ اگر امام غزالیؒ نے یوں کہا ہو کہ یہ ممکن نہیں کہ حادث علم الٰہی کے مرتبہ سے زیادہ یا کم ہو۔

اس کے بعد شعرانی ایک اور جواب نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں جلال الدین سیوطی کے پیر طریقت شیخ محمد مغربی [۲۴] شاذلی نے اس کا جواب اس طرح دیا ہے کہ غزالی کے کلام کا مفہوم یہ ہے کہ جہاں تک ہماری عقل کام کر سکتی ہے' اس جہان سے بہتر جہان نہیں ہو سکتا ہاں البتہ اللہ کے علم اور ادراک میں اس سے بہتر جہان ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اگر اس جہان میں نقص ہوتا تو اس سے خالق کا ناقص ہونا لازم آتا حالانکہ تمام مذاہب اس پر متفق ہیں کہ کامل جو بات کرتا ہے کامل ہی ہوتی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنَاهَا بِاَيْدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝ وَالْاَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ (سورہ ذاریات آیت ۴۸۔۴۷) ہم نے آسمان کو قوت سے بنایا اور ہم ہی اسے وسیع کرنے والے ہیں اور زمین کو بچھایا اور اچھے بچھانے والے ہیں اور یہ بات سب کو معلوم ہے کہ احسان جتانا اور اپنی تعریف کرنا اسی بات میں ہو سکتا ہے جس کے اوصاف کمال تک پہنچ چکے ہوں لہٰذا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ احسان جتائے اور مخلوق کے سامنے ایسی بات کی تعریف کرے جس سے بہتر اور چیز ہو۔

مؤلف کہتا ہے اس جواب میں تصحیف نہیں تو یہ کوئی جواب نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں تناقص پایا ہے کیونکہ اس کا پہلا حصہ تو اس بات کا مقتضی ہے کہ صرف ہماری عقل کے مطابق اس جہان سے بہتر جہان کا کوئی امکان نہیں مگر اللہ کے علم کے مطابق امکان ہو سکتا ہے اور جواب کا آخری حصہ مطلق امکان کی نفی کرتا ہے' کیونکہ اگر بہتر جہان کا امکان ثابت ہو جائے تو موجودہ جہان اس کے مقابلہ میں ناقص قرار پائے گا اور مخلوق کے نقص سے خالق کا ناقص ہونا لازم آتا ہے اس صورت میں جواب کے پہلے حصہ کے مقتضا کو اختیار کر لیں

گے اور آخری حصہ کے مقتضا کو قبول نہ کرتے ہوئے یہ تسلیم نہ کریں گے کہ اس سے حق سبحانہ کا ناقص ہونا لازم آتا ہے' اس لئے کہ مفعول کے نقص سے فاعل کا ناقص ہونا لازم نہیں آتا جیسا کہ واضح ہے ورنہ ہم دیکھتے ہیں کہ ہر حادث چونکہ اپنے خالق کا محتاج ہے اس لئے ناقص ہے۔ لہٰذا اگر فعل کا نقص فاعل تک سرایت کرتا ہو تو بہتر جہان کا وجود بھی محال ہوتا اس لئے کہ حادث ہونے کی وجہ سے وہ بھی ناقص ہوتا۔ دوسرے یہ کہ جس اجماع کا اس نے سہارا لیا ہے ان مسائل میں اس کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ یہاں پر مسئلہ کا تعلق اس قدرت الٰہیہ کے ساتھ ہے جو مُصححاتِ فعل میں سے ہونے کی وجہ سے اجماع سے ثابت نہیں کی جا سکتی۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ جس اجماع کو حجت مانا جاتا ہے اور جس کا سہارا لیا جاتا ہے وہ خاص طور پر اس اُمت کریمہ کا اجماع ہے۔ دیگر امتوں کے اجماع کا اعتبار نہیں۔ اسی اُمت نے اپنے رب کے لئے اختیار کو ثابت کیا ہے کہ اپنے ملک میں جو چاہے کرے۔ سُبْحَانَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔

(مولف کہتا ہے) خدا جانتا ہے کہ میرا یہ مقصد نہیں کہ علماء پر اعتراض کروں۔ میری غرض صرف اظہار حق ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

امام ابوالبقا[۲۵] محمد البکری الشافعی نے اس کا یوں جواب دیا ہے کہ اس جہان سے بہتر جان کا وجود ناممکن ہے اس لئے کہ نہ تو اس کا ذکر کتاب اللہ میں ہے اور نہ سنت میں۔ اگر جائز ہوتا تو اس کا ذکر قرآن میں ہوتا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں مَافَرَّطْنَا فِی الْکِتَابِ مِنْ شَیْءٍ (ہم نے قرآن میں کسی چیز کی کمی نہیں رکھی) اور نہ ہی سنت میں اس کا ذکر ہے' کیونکہ ذکر آیا ہوتا تو علماء نے اس کا ذکر کیا ہوتا لہٰذا معلوم ہو گیا کہ یہ ناممکن ہے اور قدرت الٰہیہ میں کوئی نقص بھی لازم نہیں آتا۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس میں کئی اعتراض وارد ہوتے ہیں ایک یہ کتاب وسنت میں اس کا ذکر آ چکا ہے جیسا کہ ہم شروع میں بیان کر چکے ہیں۔ دوسرے یہ کہ کتاب وسنت سے صرف ان امور نقلیہ کے بارے میں استدلال کیا جا سکتا ہے جن میں عقل کا کوئی دخل نہیں۔ رہے خالص عقل کے احکام جنہیں نفس عقل کہا جاتا ہے اور جو واجب امور کے وجوب' جائز امور کے جواز اور ناممکن امور کے عدم امکان کا علم ہے۔ سو یہ وہ ضروری امور ہیں جن کے لئے نقلی دلیل کی کوئی ضرورت نہیں۔ تیسرے یہ کہ ہم اس کا ردّ ہر علم بدیہی سے کر سکتے ہیں مثلاً یہ کہ چار جفت عدد ہے اور آٹھ کا نصف ہے اور یہ کہ ایک دو کا نصف ہے۔ چنانچہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کا ذکر قرآن وحدیث میں نہیں آیا۔ لہٰذا یہ بھی ناممکن ہونا چاہیے اس لئے کہ آپ کے اصول کے مطابق تو ہر وہ بات جو کتاب وسنت میں نہیں ناممکن ہے۔ واللہ اعلم۔

زرکشیؒ کا جواب:

بدرالدین زرکشی کہتے ہیں کہ غزالی کا یہ کہنا کہ موجودہ عالم سے بہتر عالم کا امکان نہیں۔ یہ صرف ہماری روشن عقلوں کے اعتبار سے کہا ہے نہ کہ اس پوشیدہ اور کامل عالم کے اعتبار سے جس کے نہ تو احکام کی کوئی انتہا ہے اور نہ عجائب وغرائب کا کوئی شمار۔ لہٰذا غزالی کے قول کا یہ مطلب ہوا کہ بہتر عالم کا وجود ہماری عقلوں کے اعتبار سے ممکن نہیں نہ کہ اللہ کے علم غیب کے اعتبار سے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَیَخْلُقُ مَالَا تَعْلَمُوْنَ۔ خدا وہ وہ چیزیں پیدا کرتا ہے جن کا تمہیں علم نہیں۔ لہٰذا عارف کا کسی بات کے متعلق حکم لگانا اس کے اپنے ادراک کے مطابق ہوتا ہے نہ کہ حق سبحانہ کے احکام کے مطابق۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تو ہر چیز سے باخبر ہیں اور کسی کو بھی کسی ایک کے نوع کے متعلق پورا علم نہیں۔ اس لئے کہ ہر نوع کے بے شمار احکام ہیں جن میں سے بعض کی اطلاع تو اپنے بعض بندوں کو کر دی ہے اور بعض کا علم

خاص اپنے لئے رکھا۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس پر بھی اعتراض وارد ہوتا ہے کیونکہ عقول نیرہ ابتداء نظر ہی میں بہتر جہان کے وجود کے جواز کو سمجھ جاتی ہیں اور اس کے لئے فکر یا سوچ بچار کی ضرورت نہیں ہوتی اور ہم یہ بیان کر چکے ہیں کہ اس کا تعلق امور ضروریہ کے ساتھ ہے۔

ان کا یہ کہنا کہ عارف کا حکم اپنے ادراک کے مطابق ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ صرف ان امور میں ہوسکتا ہے جو دقیق اور عام لوگوں کی عقل سے مخفی ہوں مگر جہاں تک ظاہر اور ضروری امور کا تعلق ہے اس میں عارف اور غیر عارف میں کوئی فرق نہیں۔ چنانچہ میں نے ایک عامی شخص سے اسی مسئلہ کے متعلق پوچھا تو اس نے کہا کیا قدرت الٰہی ہر ممکن چیز کو کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ میں نے کہا کیوں نہیں؟ اس نے پھر کہا اگر یوں کہا جائے کہ قدرت خداوندی بعض ممکنات کو کرسکتی ہے اور بعض کو نہیں تو کیا یہ خدا میں نقص اور عجز کا اقرار نہ ہوگا؟ میں نے کہا کیوں نہیں؟ اس کے بعد کہا کیا اللہ تعالیٰ کے لئے عاجز ہونا محال ہے؟ میں نے کہا کیوں نہیں۔ پھر کہنے لگا اب مسئلہ ظاہر ہے۔ کون سی بات مخفی رہ گئی۔

احمد زروقؒ کا جواب:

احمد زروقؒ امام[۲۶] غزالی کی کتاب قواعد العقائد کی شرح میں غزالی کا یہ قول نقل کر کے کہ اللہ کے سوا جو کچھ بھی موجود ہے وہ اللہ کے فعل سے پیدا ہوا ہے اور اس کا فیضان اللہ کے عدل سے خوبصورت اور کامل ترین طریقے پر ہوا ہے۔ کہتے ہیں کہ ہر وہ چیز جس کا ظہور قدرت الٰہیہ سے ہوا ہو اور علم الٰہی کے مطابق اسے عمدگی سے بنایا گیا ہو۔ اس کا وجود ناقص نہیں ہوسکتا ہے اس لئے کہ جن اوصاف سے وہ چیز وجود میں آئی ہے وہ کامل ہیں اور یہ چیز انہی اوصاف کا نتیجہ ہے لہٰذا اس چیز کو ناقص کہنے سے لازم آئے گا کہ جن اوصاف نے اسے پیدا کیا ہے وہ بھی ناقص ہوں۔ مزید برآں کسی چیز کو عقلی طور پر یا عادتاً یا شرعی طور پر اچھا یا بُرا کہنا ہر ایک اپنی اپنی جگہ پر ہے اس لئے کہ جو کچھ ذکر کیا گیا وہ حکمت کے اعتبار سے ہے اور نسبت کا ظہور ہمارے اعتبار سے ہے اور امام غزالی نے لَیْسَ فِی الْاِمْکَانِ اَبْدَعَ مِمَّا کَانَ (موجودہ جہان سے بہتر جہان کا امکان نہیں) جو کہا ہے وہ اللہ کے اعتبار سے کہا ہے۔ امام غزالی کی مراد یہ ہے کہ جو کچھ بھی موجود یا ابد تک موجود ہونے والا ہے جب وہ وجود میں آ گیا تو پھر اس سے بہتر کوئی اور چیز نہیں ہوسکتی۔ اس لئے کہ اسے علم' ارادہ اور قدرت الٰہیہ نے عمدگی سے بنایا ہے جن میں کوئی نقص نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا اس کا ظہور بہترین اور کامل ترین صورت میں ہوا۔ غزالی کے اس قول کا یہی مطلب سمجھنا چاہیے۔ اگر یہ مفہوم نہ لیا گیا تو اس سے اللہ کی قدرت کو ناقص ماننا پڑے گا جو باطل ہے۔ عقلمند تو عقلمند رہے احمق کا بھی یہ اعتقاد نہیں ہوسکتا۔ وباللہ التوفیق۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس جواب کی خامی بھی واضح ہے کیونکہ اگر اثر کے ناقص ہونے سے موثر اور اس کے اوصاف کا ناقص ہونا لازم آئے تو غیر ابدع کا وجود محال ہوگا اور ابدع کا وجود ضروری ہوگا جس سے اللہ تعالیٰ کے اختیار کی نفی ہو جاتی ہے۔ لہٰذا صحیح بات یہی ہے کہ یہ لزوم ممنوع ہے اور ''ابدع'' اور ''غیر ابدع'' کا وجود جائز ہے جو اللہ کے اختیار اور قدرت کے اندر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

برہان الدین بن ابی الشریف کا بیان:

کمال الدین جن کا ذکر پہلے گروہ میں کیا جا چکا ہے ان کے چھوٹے بھائی برہان الدین[۲۷] بن ابی الشریف جو کمال الدین کی وفات

کے بعد مدت تک زندہ رہے' کہتے ہیں کہ امام غزالی کے بیان میں نہ کسی بات کا ثبوت ہے نہ اللہ کی قدرت کو محدود کیا ہے اور نہ ہی خدا کے اس جہان سے بہتر جہان بنانے پر قادر ہونے کی نفی ہے بلکہ اللہ تو لاتعداد جہانوں کو پیدا کرنے پر قادر ہے' لیکن چونکہ علم قدیم کا تعلق اور اس جہان کو پیدا کرنے کے لئے اللہ کا اختیار اور ارادہ واقع ہوا ہے لہٰذا اسے ابدع کے نام سے موصوف کیا گیا اس لئے کہ یہ جہان ان اوصاف پر دلالت کرتا ہے جو صفات حق سبحانہ کے مقتضا کے مطابق تھیں۔ لہٰذا امام غزالی کا کہنا کہ موجودہ جہان سے بہتر جہان ممکن نہیں۔ اس سے یہی مراد ہے کہ جہاں تک قدرت الٰہیہ کا تعلق ہے اور جن ممکنات کے متعلق علم وارادہ الٰہی پہلے ہو چکا ہے' ان میں سے کوئی بھی موجودہ چیزوں سے بہتر نہیں ہو سکتی۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس پر بھی دو اعتراض وارد ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ یہاں اللہ کے علم وارادہ سابق کو اس بات کی دلیل قرار دیا ہے کہ جو کچھ دینا میں موجود ہے یہی بہتر ہے' حالانکہ یہ اس بات کی دلیل نہیں۔ اس سے تو صرف اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ بھی وجود میں آیا ہے اللہ کے علم اور ارادہ سے آیا ہے۔ بہتر ہونے یا نہ ہونے کا کوئی ثبوت نہیں۔ دوسرے یہ کہ تجھے معلوم ہے کہ بہتر اشیاء کے افراد لاتعداد ہیں اس لئے کہ یہ مقدور الٰہی کے تحت آتا ہے اور مقدور الٰہی کی کوئی انتہا نہیں۔ لہٰذا جب ابدع کی کوئی انتہا نہ رہی تو یہ جان کر کہ اللہ تعالیٰ کے اوصاف قدیمہ کا تعلق اس کے ایک فرد کے وجود کے ساتھ ہے اس کے لاانتہا افراد دائرہ امکان میں رہ جاتے ہیں مگر جواب دینے والے کا خیال ہے کہ ''ابدع'' ایک شخص جزئی ہے جو فرد واحد میں منحصر ہوتی ہے لہٰذا اگر فرض کر لیں کہ علم ومشیت کا تعلق اسی فرد کے ساتھ ہے تو کسی اور کا وجود محال ہوگا، ورنہ علم جہل ہوگا اور اگر ''ابدع'' ایسی کلی فرض کر لیں گے جس کے لاتعداد افراد ہوں تو اس کے ایک فرد کے وجود سے دوسروں کا دائرہ امکان سے خارج ہونا لازم نہ آئے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ابوالمواہب رح تونسی کا جواب:

ابوالواہب [۲۸] تونسی نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ یہاں امکان سے مراد حکمت الٰہیہ کا امکان ہے۔ قدرت الٰہیہ کا امکان مراد نہیں۔ حجۃ الاسلام کے کلام کا یہی مفہوم لینا مناسب ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ ہم یہ تسلیم ہی نہیں کرتے کہ حکمت الٰہیہ میں اس جہان سے بہتر جہان کا ہونا ممکن نہیں' کیونکہ جن امور سے قدرت الٰہیہ کا تعلق ہے ان کی انتہا نہیں تو حکمت الٰہیہ کی بھی انتہا نہیں اس لئے کہ حکمت متعلقات علم کے تابع ہے اور متعلقات علم لانہایت ہیں۔ لہٰذا حکمت الٰہیہ کا قطعی طور پر لاانتہا ہونا لازم آیا۔ کس کو جرأت ہو سکتی ہے کہ کہے کہ حکمت الٰہیہ محدود ومحصور ہے آگے چل کر ہم بیان کریں گے کہ خود غزالی کے نزدیک حکمت کا اطلاق کس پر ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

شیخ الاسلام زکریا الانصاری الشافعی کا جواب:

شیخ الاسلام زکریا [۲۹] انصاری شافعی اس کے جواب میں یہ فرماتے ہیں کہ کسی کے لئے روا نہیں کہ وہ امام غزالی کی طرف یہ بات منسوب کرے کہ اللہ تعالیٰ اس جہان سے بہتر جہان پیدا کرنے سے عاجز ہیں کیونکہ یہ مفہوم صرف اسی صورت میں نکلتا ہے اگر ہم غزالی کی عبارت میں امکان سے قدرت مراد لیں اور معنی یہ ہو جائیں کہ اللہ کی قدرت میں نہیں کہ اس سے بہتر جہان پیدا کر سکیں حالانکہ یہ

مراد نہیں ہیں وہاں امکان اپنے مشہور معنوں میں استعمال ہوا ہے جو محال اور ضروری کے مقابلہ میں آتا ہے' لیکن حذف مضاف کے ساتھ یا ہم امکان کو ممکن کے معنوں میں لیں۔ اس طرح غزالی کی عبارت کا مفہوم یہ ہوگا کہ جن امور سے اللہ کی قدرت کا تعلق ہے ان سے بہتر کا ہونا جانب امکان میں نہیں یا یہ کہ ممکن نہیں ہے اور یہ مفہوم ٹھیک ہے اس لئے کہ وجود عدم سے بہتر ہوتا ہے اور معتزلہ کی عبارت کا مفہوم جسے انہوں نے صراحتاً بیان کیا ہے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے افعال سے بہتر کو پیدا کرنے پر قادر نہیں ہیں اور یہ مفہوم جیسا کہ تمام اہل سنت کے نزدیک باطل ہے۔ غزالی کے نزدیک بھی باطل ہے اس لئے کہ یہ مفہوم اس بناء پر لیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پر بہتر کام کا کرنا واجب ہے جو ایک باطل اصل ہے۔ لہٰذا معلوم ہوگیا کہ غزالیؒ نے امکان سے قدرت مراد نہیں لی اس لئے کہ اس صورت میں اس کا مفہوم وہی ہو جاتا ہے جو معتزلہ کا عقیدہ ہے۔ لہٰذا معلوم ہوگیا کہ اس لفظ کو کسی اور معنوں پر محمول نہیں کر سکتے اور نہ ہی اسے غزالی کی لغزش قرار دے سکتے ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس پر جو اشکال وارد ہوتا ہے وہ بھی مخفی نہیں۔ اس نے امکان سے وجوب اور امتناع کا بالمقابل مراد لے کر غزالیؒ کا اعتراض دور کرنے کی بے سود کوشش کی ہے اس لئے کہ اعتراض تو اب بھی اسی طرح قائم ہے کیونکہ اس صورت میں معنی ہوں گے کہ جو کچھ وجود میں آچکا۔ اس سے بہتر جانب امکان میں نہیں یا یہ کہ ممکن نہیں۔ اس سے یہ لازم آتا ہے کہ جس ''ابدع'' کو ہم نے فرض کیا ہے وہ جانب امتناع میں ہو اور یہ باطل ہے کیوں کہ ممکن چیز محال نہیں ہوسکتی اور جب محال ہوگی تو اس پر قدرت نہیں ہوسکتی۔ لہٰذا یہی مطلب ہوا کہ اللہ ''ابدع'' کے پیدا کرنے پر قادر نہیں اور اعتراض قائم رہا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سیوطی کا جواب:

حافظ جلال الدین سیوطی [30] غزالی کے حامیوں میں سے ہیں انہوں نے اسی مسئلہ پر ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام تَشیدُ [31] اَلاَرکَانَ مُسنَلَةِ لَیسَ فِی الاِمکَانِ اَبدَعَ مِمَّا کَانَ رکھا ہے۔ اس میں وہ لکھتے ہیں کہ لوگوں نے اس بارے میں توقف اختیار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ الفاظ اہل سنت کے اصول کے مناسب نہیں ہیں۔ یہ تو معتزلہ کے اصول کے مطابق ہے اہل سنت کے نزدیک یہ عدل کے کیسے منافی ہوسکتا ہے' حالانکہ ان کے ہاں اللہ کی طرف سے بہتر کام کا کرنا اللہ کے فضل میں سے ہے اور معتزلہ اللہ پر یہ واجب قرار دیتے ہیں کہ وہ بہتر کام کرے اور ان کی بنا حسن و قبح عقلی ہے۔ پھر سیوطی فرماتے ہیں کہ بے شک اس معاملہ میں اشکال پایا جاتا ہے۔ میں خود کچھ دنوں تک اس میں توقف کرتا رہا تا آنکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے مجھے یہ بات سمجھا دی کہ اس قول میں امام غزالیؒ نے اپنے دعوے کے ثبوت میں اہل سنت اور معتزلہ دونوں مذہبوں کے مطابق دلیل پیش کرنا چاہی ہے بالفاظ دیگر انہوں نے یوں کہا ہے کہ دونوں مذہبوں کے نزدیک یہ محال ہے اہل سنت کے ہاں تو اس لئے کہ بہتر جہان کا نہ پیدا کرنا فضل اور مہربانی کے منافی ہے جسے جود خداوندی سے تعبیر کیا ہے اور معتزلہ کے نزدیک اس لئے کہ یہ ظلم ہے جو عدل کے منافی ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ اگر امام غزالیؒ نے اسی طرح عبارت کو ادا کیا ہوتا تو بات آسان ہو جاتی' مگر غزالی تو کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے باوجود قدرت کے بہتر جہان پیدا نہ کیا ہوتا تو یہ بخل ہوتا جو سخاوت کے منافی ہے اور اہل سنت اللہ تعالیٰ کو بخل کے وصف سے منزہ سمجھتے ہیں۔ لہٰذا پہلی عبارت اہلسنت کے مذہب پر پوری نہیں اُترتی۔

شرف الدین تلمسانی کا بیان:

شرف الدین [۳۲] تلمسانی شرح اللمع [۳۳] میں رعایت اصلح کے واجب ہونے کے متعلق بغداد کے معتزلہ کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ ان لوگوں کے مذہب کا ماخذ فلاسفہ ہیں جن کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سخی ہے اور جو چیز وجود میں آئی ہے وہ انتہائی ممکن چیز ہے اور اگر ایسا نہ ہوتا تو خدا سخی نہ کہلاتا۔

ابن ہمامؒ [۳۴] کا بیان:

مسایرہ میں لکھتے ہیں کہ معتزلہ کا عقیدہ ہے کہ اصلح کی رعایت نہ کرنا بخل ہے جس سے اللہ کو منزہ سمجھنا چاہیے لہٰذا غیر اصلح کے وجود کا محال ہونا واجب آیا۔ لہٰذا جیسے دوسری شق معتزلہ کے اصول پر ہے۔ اسی طرح شق اول بھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سید سمہودیؒ کا جواب:

محدث اعظم شریف سید سمہودیؒ نے بھی مذکورہ بالا رسالہ میں اس کا جواب دیا ہے۔ انہوں نے تینتیس ورقوں میں بہت طویل بحث کرتے ہوئے غزالی کی حمایت کی ہے اور ناصر الدین بن المنیر کے مذکورہ بالا رسالہ کی تردید کی ہے۔ سید سمہودیؒ کا بیان تین باتوں پر مبنی ہے۔ پہلا یہ کہ اس نے اصل موضوع سے گریز کیا ہے۔ دوسرے یہ کہ اسے قبح عقلی اور حسن عقلی کے سمجھنے میں غلطی لگی ہے اور تیسرے یہ کہ اس نے ابن منیر کے کلام کو صحیح طور پر سمجھا ہی نہیں۔

تیسرا گروہ:

تیسرا گروہ ان لوگوں کا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ الغزالی نے یہ بات کہی ہی نہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ ہم نے اس کلام کا مقابلہ الغزالیؒ کی دوسری کتابوں کے بیانات سے کیا اور اس کلام کو ان کے بالکل مخالف پایا ہے اور متضاد باتوں پر کوئی عقلمند انسان اعتقاد نہیں رکھ سکتا چہ جائیکہ غزالیؒ اسی لئے ہم کہتے ہیں کہ یہ ہو نہیں سکتا کہ غزالی نے ایسے الفاظ کہے ہوں۔ چنانچہ غزالیؒ نے کئی ایک مقام پر اس کے خلاف لکھا ہے۔

پہلی عبارت:

پہلی عبارت مستصفی کی عبارت ہے۔ جہاں غزالیؒ کہتے ہیں کہ فلاسفہ کا یہ کہنا کہ اللہ نے انہیں چھوڑ رکھا ہے تاکہ وہ خود بخود آ جائیں اور ثواب کے مستحق ہوں، محض خام خیالی ہے۔ اس لئے کہ اللہ کو معلوم ہے کہ یہ لوگ خود باز نہ آئیں گے لہٰذا انہیں جبراً لانا چاہیے۔ چنانچہ بہت سے لوگ اپنے عجز کے سبب فواحش سے باز رہتے ہیں اور یہ بہتر ہے بہ نسبت اس کے کہ انہیں فواحش کے کرنے کی قدرت دی جائے۔ باوجود اس کے کہ اللہ کو علم ہے کہ یہ باز نہ آئیں گے۔ یہاں پر غزالیؒ نے ''احسن'' کا لفظ استعمال کیا جو ''ابدع'' مترادف ہے لہٰذا اس بیان کے مطابق موجود جہان سے بہتر جہان ممکن ہوا۔ یہ مستصفی کی عبارت ہے جو غزالیؒ نے سیاحت و گوشہ نشینی

آخر عمر میں لکھی اور احیاء اس سے پہلے لکھی گئی تھی جیسا کہ مستصفی کے خطبہ میں خود غزالیؒ نے لکھا ہے۔ امام غزالیؒ نے درس و تدریس
وع کر دیا تھا۔ ان کی گوشہ نشینی گیارہ سال تک رہی۔ غزالیؒ نے خود اپنی گوشہ نشینی کا سبب اور علم کی طرف رجوع وغیرہ تمام پر طویل بحث کی
اور اس کا ذکر المقذ من الضلال میں کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سری عبارت:

امام غزالی الاقتصاد میں فرماتے ہیں۔ جہاں تک موجودہ مخلوق کا تعلق ہے تمام عقلمندوں نے اس کے عدم کی تمنا کی ہے۔ چنانچہ کسی نے
ایَالَیْتَنِیْ [35] کُنْتُ نَسْیًا مَّنْسِیًّا (کاش میں ایک بھولی ہوئی چیز ہوتا) دوسرے نے کہا یَالَیْتَنِیْ لَمْ اَکُ شَیْئًا (کاش میں کچھ بھی نہ
) اور تیسرے نے کہا یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ تِبْنَةً رُقِعَتْ مِنَ الْاَرْضِ (کاش کہ میں زمین سے اٹھایا ہوا تنکا ہوتا) یہ تو انبیاء واولیاء کے اقوال
جو عقلمند ہوتے ہیں۔ چنانچہ ایک کی یہ تمنا تھی کہ وہ پیدا ہی نہ ہوتا اور دوسرے کی یہ تمنا تھی کہ وہ جمادات ہوتا اور مکلف نہ قرار دیا جاتا۔ مجھے تو
ت سمجھ میں نہیں آتی کہ عقلمند یہ کہنا کیسے روا سمجھ سکتا ہے کہ مخلوقات کو مکلف ہونے میں فائدہ ہے' حالانکہ فائدہ تو کلفت کی نفی میں ہے اور
ثواب جو اس کلفت کا فائدہ ہے کی طرف دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ تو بغیر تکلیف کے ہی مخلوق کو ثواب پہنچانے پر قادر ہے۔

اگر کوئی کہے کہ ثواب اگر استحقاق سے حاصل کیا جائے تو اس میں زیادہ لذت اور بلندی پائی جاتی ہے۔ بہ نسبت اس کے کہ یہ بطور
ان حاصل ہو۔

اس کا جواب یہ ہے کہ جو شخص اللہ کے ساتھ تکبر کرتا ہو اور اللہ کے احسانات اٹھانے سے اپنے آپ کو بلند سمجھتا ہو اور جو اللہ کے
ان سے باہر رہنے کو لذت سمجھتا ہو اس کی عقل سے اللہ کے ساتھ پناہ لینا' شیطان سے پناہ مانگنے سے بدرجہا بہتر ہے۔ یہ بات ہماری
ھ میں نہیں آتی کہ وہ شخص کیسے عقلمند سمجھا جا سکتا ہے جس کے دل میں اس قسم کے وسوسے پیدا ہوتے ہوں اور جو شخص تھکان اور تکلیف
اشت کئے بغیر جنت میں ابدالاباد رہنے کو بار خاطر سمجھتا ہو۔ اس سے کلام بھی کیا جائے۔

سری عبارت:

غزالیؒ احیاء کے باب قواعد العقائد میں کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے مخلوق اور ان کے اعمال کو پیدا کیا۔ ان کے رزق اور عمر کو مقرر کیا۔
ا کی قدرت سے کوئی چیز بھی باہر نہیں رہ سکتی اور نہ ہی اس کے علم سے امور کا تصرف مخفی رہ سکتا ہے نہ اللہ کے مقدورات کا کچھ شمار ہے' نہ
ں کے معلومات کی انتہا۔ اس کے بعد فرماتے ہیں۔ اسی کا فضل واحسان ہے اور اسی کی نعمتیں اور انعامات ہیں وہ مخلوق پر مختلف قسم کے
اب' نازل کرنے پر انہیں قسم قسم کے آلام وامراض میں مبتلا کرنے پر قادر ہے۔ چنانچہ جب اللہ تعالیٰ ایسا کرتے ہیں تو یہ ان کی طرف
ے عدل ہے نہ اس میں کسی قسم کی قباحت ہے نہ ظلم۔ اس لئے کہ اللہ پر کوئی فعل واجب نہیں نہ اس سے ظلم کا تصور بھی ہو سکتا ہے اور نہ اس
ی کا حق لازم آتا ہے۔

اس کے بعد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی کہے کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی اصلاح کرنے پر قادر ہے مگر اس نے پھر بھی ان پر عذاب
کے اسباب مسلط کر رکھے ہیں تو یہ ایک قبیح بات ٹھہری جو حکمت کے شایان نہیں ہے۔

اس کے جواب کے دوران میں غزالیؒ فرماتے ہیں' جیسے اللہ سے ظلم کا تصور نہیں ہوسکتا کیونکہ وہاں تو ملک غیر میں تصرف کا تصور ہی نہیں آ سکتا۔ پھر آگے چل کر فرماتے ہیں کہ حکیم کا مطلب یہ ہے کہ وہ حقائق اشیاء سے واقف اور اپنے ارادہ کے مطابق انہیں اچھی طرح سے کرسکتا ہو۔ اس عبارت سے ''رعایت اصلح'' کے معنی کہاں سے نکلتے ہیں۔ یا یہ معنی کیسے نکلتے ہیں کہ حکیم وہ ہے جو اپنی ذات کو مدنظر رکھتے ہوئے اصلح کا خیال رکھے تا کہ اس سے دنیا میں تعریف اور آخرت میں ثواب حاصل کر سکے یا اپنے نفس سے ضرر یا عذاب کو دور رکھ سکے۔ حالانکہ یہ تمام چیزیں اللہ پر محال ہیں۔ اسی قسم کی کئی ایک اور عبارتیں احیاء میں موجود ہیں جن کا مطالعہ احیاء سے کر لینا چاہیے۔ برہان الدین بقاعی نے ان تمام عبارتوں کو اپنے مذکورہ بالا رسالہ میں جمع کر دیا ہے۔ ان عبارتوں کا باہم مقابلہ کرنے سے معلوم ہو جائے گا کہ دونوں عبارتوں میں تضاد پایا جاتا ہے اس لئے یہ عبارت غزالیؒ کی نہیں ہوسکتی۔

اگر کہیں کہ یہ غزالیؒ پر اتہام کیسے ہوسکتا ہے کہ اس نے ایسی بات کہی ہے' حالانکہ اس کی متعدد کتابوں میں یہ عبارت موجود ہے بالخصوص الاجوبة المسكة میں جس کا ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں کیونکہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ غزالیؒ کو جب اس عبارت کا اشکال معلوم ہوا تو اس کے جواب کی طرف توجہ کی اور اگر یہ محض اتہام ہوتا تو غزالیؒ فوراً اس کا انکار کر دیتے اور اس قسم کے قول سے بیزاری کا اظہار کرتے۔

اس کے جواب میں ہم کہتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ غزالیؒ پر دوبارا اتہام لگایا گیا ہو۔ ایک بار اس مسئلہ کو اس کی طرف منسوب کرنے میں اور دوسری بار جواب کو اس کی طرف منسوب کرنے میں۔ چنانچہ قاضی ابو بکرؒ الباقلانی کتاب الانتصار میں کہتے ہیں کہ کسی مسئلہ کا ایک : ار ایسی کتابوں میں جو کسی امام کی طرف منسوب ہوں پایا جانا اس بات کی دلیل نہیں ہوسکتی کہ اس نے وہ بات کہی ہے جب تک کہ وہ مسئلہ تواتر سے اس سے منقول نہ ہو اور جس کے طرفین اور واسطہ دونوں ایک جیسے نہ ہوں اور یہ بات اس مسئلہ میں مفقود ہے اسی لئے ہم نے فیصلہ دے دیا ہے کہ غزالیؒ نے یہ بات کہی ہی نہیں ہے کیونکہ ہم اسے اہلسنت کے عقیدہ اور خود دیگر کتابوں میں غزالیؒ کے عقیدہ کے مخالف پاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مولف کہتا ہے کہ میں نے اس بحث کو اس قدر لمبا اس لئے کر دیا اور اس کے رد کرنے کی طرف اس لئے توجہ دی ہے کہ میں نے اکثر لوگوں کو اس سے جاہل پایا اور وہ اس عقیدہ کو اس لئے صحیح سمجھتے ہیں کہ اس کا قائل غزالیؒ ہے۔ چنانچہ غزالی خود المنقذ من الضلال میں کہتے ہیں کہ بے وقوف لوگوں کا یہی حال ہوتا ہے۔ وہ لوگوں کے اعتبار سے حق بات کی شناخت کرتے ہیں اور بات سے حق لوگوں کو نہیں پہچانتے' مگر عقلمند امیر المومنین علیؓ بن ابی طالب کے فرمان کی پیروی کرتا ہے چنانچہ وہ فرماتے ہیں۔ لوگوں کے اعتبار سے حق بات کی شناخت نہ کرو بلکہ حق بات کو پہچانو' اہل حق تمہیں خود بخود معلوم ہو جائیں گے۔ لہٰذا عقلمند پہلے حق کی شناخت کرتا ہے۔ پھر نفس قول میں غور کرتا ہے، اگر حق ہو تو قبول کر لیتا ہے۔ خواہ کہنے والا اہل حق میں سے ہو خواہ اہل باطل میں سے۔ چنانچہ آگے چل کر فرماتے ہیں اکثر لوگوں کی یہی حالت ہے کہ اگر تو کسی کلام کو کسی ایسے شخص سے منسوب کرے جس کے متعلق ان کا اعتقاد اچھا ہو تو وہ اس کلام کو قبول کر لیتے ہیں خواہ وہ باطل ہی کیوں نہ ہو اور اگر تو کسی کلام کو ایسے شخص سے منسوب کرے جس میں ان کا اعتقاد اچھا نہ ہو تو وہ اسے رد کر دیں گے خواہ بات حق ہی کیوں نہ ہو۔ وہ ہمیشہ حق بات کو آدمیوں کے ذریعہ سے پہچانتے ہیں اور یہ انتہا درجہ کی گمراہی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے مجھے ابو حامد الغزالیؒ کے بارے میں گستاخی کرنے سے بچالیا۔ اس طرح کہ جب میں نے اس مسئلہ کا رد کرنا چاہا حضرت کو اس بات کی اطلاع ہوگئی۔ چنانچہ انہوں نے میرے دل میں الغزالیؒ کی تعظیم ڈال دی۔ چنانچہ میرے رد کی تمام تر توجہ مسئلہ

رف رہی اور الغزالیؒ کے متعلق میں نے ایک کلمہ تک بھی نہ کہا بلکہ سوائے ان کی تعظیم کے ان کا ذکر نہیں کیا۔ یہ سب حضرت کی برکت تھی۔

حضرت کی توجہ وفات کے بعد بھی ہماری طرف رہی۔ چنانچہ وفات کے بعد نیم خوابی کے عالم میں تھا کہ میں نے انہیں دیکھا اور حضرت مجھ سے دیر تک باتیں کرتے رہے یہاں تک کہ آپ مجھے لے کر الغزالیؒ کے پاس پہنچے اور فرمایا یہ قطب ہیں۔ ان کی بہت تعظیم کرو۔ نیز فرمایا اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسا لباس پہنایا ہے کہ میں اسے دیکھ کر اپنے آپ کو حقیر سمجھنے لگ جاتا ہوں۔ حالانکہ میں اولیاء کبار میں سے ہوں۔ پھر اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کر کے فرمایا کہ یہ نبی ﷺ کا عہد ہے۔ یاد رکھو کہ غزالیؒ ولی کبیر ہیں اور وہ میرے ساتھ ہوتے ہیں اور مجھ سے اکثر علوم کے متعلق جن کی انہیں آخرت میں ضرورت ہے دریافت کرتے رہتے ہیں۔

یہ سب کچھ خواب میں تھا۔ جب اُٹھا تو میرے دل میں غزالیؒ کی محبت گھر چکی تھی اسی وجہ سے میں نے ان کے حق میں کوئی کرخت عبارت استعمال نہیں کی۔ بلکہ حضرت کی برکت سے میں نے ان کا ادب ملحوظ رکھا ہے۔ خدا کرے کہ میرے یہ کلمات خاص اللہ کی نیکنامندی کے لئے ہوں۔

لاحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم. وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ هَدَا نَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِىَ لَوْلَا اَنْ هٰدَانَا اللّٰهُ وَ صَلَّ اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْراً۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَo

اشی

محمد عبدالکریم بصراوی۔ ان کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔ یہ حضرت دباغ کے شیوخ میں سے تھے۔

دلائل الخیرات: کتاب کا پورا نام دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے۔ اس کا مصنف شیخ ابوعبداللہ محمد بن سلیمان بن ابی بکر الجزولی السملالی الشریف الحسنی متوفی ۸۵۴ھ/۱۴۵۶ء ہے۔ صاحب کشف الظنون کہتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے میں یہ کتاب معجزہ کا کام کرتی ہے۔ اور اس کی برکت کو اکثر لوگوں نے مشرق ومغرب میں آزمایا ہے۔

حزب کبیر: مختلف بزرگوں نے حزب لکھی ہے چنانچہ ابوالحسنؒ شاذلی کی ایک حزب کا نام حزب کبیر ہے جس میں مناجات دعا وغیرہ ہے۔ ان کی ایک حزب حزب البحر کے نام سے مشہور ہے جسے حزب صغیر بھی کہتے ہیں۔ اس کا اکثر لوگ ورد کرتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ اس میں اسم اعظم ہے (کشف الظنون ج ۳۳۳)

ابن عباد: محمد بن ابراہیم بن عباد النصری الرندی الشاذلی انہوں نے شیخ تاج الدین ابوالفضل احمد بن محمد بن عبدالکریم المعروف عطاء اللہ الاسکندرانی شاذلی متوفی ۷۰۹ھ کی الحکم العطائیہ کی شرح کی اور اس کا نام غیث المواہب العلیہ رکھا۔ (کشف الظنون ج ۱ ص ۳۳۳)

ابن الفارضؒ: شرف الدین عمر بن الفارض عربی زبان کے واحد صوفی شاعر ہیں۔ ان کی پیدائش قاہرہ میں ۵۷۷ھ/ ۱۱۸۱ء میں ہوئی اور وہیں ۶۳۳ھ/۱۲۲۵ء میں وفات پائی۔ ان کے دیوان کو ان کے پوتے علی نے شائع کیا۔ ان کے اشعار ان کے صوفیانہ خیالات سے لبریز ہونے کی وجہ سے بہت دقیق ہیں۔

امام شعرانی نے لواقح الانوار ج ۲ صفحہ ۷۷ ابراہیم متبولی کے حالات میں جمال الدین یوسف کا اسی قسم کا واقعہ دیا ہے۔ پھر لکھا ہے کہ قصہ ذوالنون مصری کے مسائل میں ہے اور یہ قصہ بعینہ اسی قسم کا ہے جو جوہری کے ساتھ پیش آیا تھا اور پھر مختصر طور پر یہی قصہ بیان کیا ہے جو کتاب میں دیا ہے۔

امام مالک رحمتہ اللہ کے نزدیک عیدین کی نماز میں پہلی رکعت میں سات تکبیریں اور دوسری میں چھ تکبیریں کہی جاتی ہیں۔ امام شافعی کے نزدیک پہلی میں

سات اور دوسری میں پانچ مگر احناف کے ہاں چھ تکبیریں زائد ہیں۔ تین پہلی رکعت میں اور تین دوسری رکعت میں۔

۸۔ بایزیدؒ کے اسی قول کے متعلق استاذ علی دلدہ ۷۶۱ھ تا ۸۰۱ھ سے بھی سوال کیا گیا تو فرمایا انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام مکلف ہونے کے سمندر کو عبور کر کے سلامتی کے ساحل پر جا چکے ہیں اور وہاں پہنچ کر اس لئے ٹھہر گئے تا کہ جو کوئی بھی بچ کر وہاں پہنچ جائے اسے سنبھال لیں۔ انہیں اللہ کی طرف سے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور اسی لئے بھیجا بھی گیا ہے کیونکہ کشتی تو اسی روز غرق ہوگئی تھی جب آدم علیہ السلام نے شجر ممنوعہ کا پھل کھایا تھا۔ (لوامع الانوار ۲۔۳۶)
اس تشریح کے مطابق معنی یہ ہوئے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ان بحور کو عبور کر چکے ہیں اور پار جا کر سمندر کو تیراکوں کو حوصلہ دینے اور انہیں اپنی طرف بلانے کیلئے ان کی آمد کے منتظر ہو کر ساحل پر کھڑے ہیں۔

۹۔ اس مسئلہ میں امام غزالی رحمتہ اللہ نے ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں جن سے شرعی گرفت ہوتی ہے اس لئے کہ اس طرح تو اللہ تعالیٰ کے قادر مطلق ہونے سے انکار لازم آتا ہے اسی لئے لوگوں نے اس پر گرفت کی ہے چنانچہ امام عبدالوہاب شعرانی کتاب الانوار القدسیہ فی بیان آداب العبودیہ ج ۲ صفحہ ۹۸ پر فرماتے ہیں۔ ''یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں غور کرنے سے کوئی بھی بچ نہیں سکا۔ چنانچہ اس بارے میں جو کچھ امام غزالیؒ نے کہا یہ لوگوں نے اسے غلط قرار دیا ہے لہٰذا امام غزالی سے اس کی باز پرس ہوگی۔ اس لئے کہ انہوں نے اپنی عقل کو اپنے ایمان پر ترجیح دی ہے اور اپنی نظر کو اپنے رب کے علم پر حاکم بنایا ہے حالانکہ عارفین بھی ذات باری تعالیٰ میں غور کرنے سے حیرت زدہ ہیں۔ اسی طرح علماء نے امام غزالی کا یہ قول بھی غلط قرار دیا ہے ان اللہ یعرف من غیر نظر نی العالم۔ دنیا میں غور کرنے کے بغیر بھی اللہ کو پہچانا جا سکتا ہے۔

۱۰۔ مولف نے اب جو بحث چھیڑی ہے وہ نہایت بے ربط ہے۔ مولف اپنے مافی الضمیر کو وضاحت سے بیان نہیں کر سکا۔ جو آیات اس نے پیش کی ہیں ان کا اصل مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں۔ اس طرح بحث کو اتنا طول دیا ہے کہ پڑھنے والا اکتا جائے۔ یہی بات چند صفحوں میں ادا ہو سکتی تھی۔

۱۱۔ اس حدیث اور اس کے بعد کی دی ہوئی احادیث کا زیر بحث مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ مولف ان سے کیا استدلال کرنا چاہتا ہے۔

۱۲۔ ابوبکرؒ بن ابی شیبہ: ابوبکر عبداللہ بن محمد بن القاضی ابی شیبہ۔ متوفی ۲۳۵ھ/۹۴۶ء ان کی مسند مستور ہے۔

۱۳۔ چونکہ مولف نے اسی ایک حدیث کو بار بار مختلف راویوں سے نقل کیا ہے اس لئے میں نے صرف ایک ہی روایت کو کتاب میں رہنے دیا ہے باقیوں کا ذکر نہیں کیا۔

۱۴۔ سید سمہودیؒ: نور الدین علی بن احمد السمہودی متوفی ۹۱۱ھ ان کی متعدد تالیفات ہیں۔ مثلاً کتاب المفکرات تاریخ المدینہ الکبیریہ مسمی بالوفاء الم المصطفیٰ الوفاء بما یجب بحضرۃ المصطفیٰ (کشف الظنون۔ ج ۲ ص ۴۱۹) اور آنحضرت ﷺ پر سلام بھیجنے کے متعلق ایک تالیف ہے۔ (خفاجی ۲۔۴۹۴)

۱۵۔ برہان الدینؒ بقاعی: برہان الدین ابراہیم بن عمر البقاعی متوفی ۸۸۵ھ/۱۴۸۰ء انہوں نے یہ رسالہ دمشق میں ۸۸۴ھ میں لکھا تھا۔ اس مسئلہ میں ان کا ایک اور رسالہ ہے جس کا نام تہدیم الارکان من لیس فی الامکان ابدع مما کان۔ انہوں نے یہ رسالہ ۸۸۳ھ میں لکھا ہے۔ قرآن مجید کی آیات کے تناسب کے بارے میں بھی ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام انہوں نے نظم الدرر فی تناسب آلای والسور رکھا ہے۔

۱۶۔ اس کتاب کا پورا نام الاجوبتہ المسکتتہ عن الاسلتہ المبہتہ ہے اسی کتاب کا دوسرا نام الاعلاء علی مشکل الاحیاء بھی ہے۔

۱۷۔ ابوعبداللہ قرطبی: ابوعبداللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی الاندلسی متوفی ۶۷۱ھ/۱۲۷۲ء۔ اس کتاب کا نام الاسنیٰ فی شرح اسماء اللہ الحسنیٰ ہے۔ یہ ایک ضخیم کتاب ہے جس میں مجسمہ اور اصحاب تشبیہ کا رد کیا ہے (کشف الظنون ج ایک۔۴۶۰)

۱۸۔ کمال الدین بن ابی الشریف: کمال الدین محمد بن محمد المعروف بابن ابی الشریف القدسی الشافعی۔ شرح کا نام المسامرۃ فی شرح المسایرۃ ہے۔ ان کی وفات ۹۰۵ھ/۱۴۹۹ء میں ہوئی۔ انہوں نے تاج الدین سبکی کی جمع الجوامع کی شرح بھی لکھی ہے جس کا نام الدرر اعلوامع فی تحریر جمع الجوامع ہے۔
مسایرۃ: اس کتاب کا پورا نام مسایرۃ فی العقائد المجبیۃ فی الآخرہ ہے۔ کمال الدین محمد بن عبدالواحد المعروف بابن الہمام کی تصنیف ہے۔

۱۹۔ حافظ ذہبیؒ: شمس الدین ابوعبداللہ ذہبی۔ حافظ سہ یث ان کی متعدد تصانیف ہیں۔ مثلاً تاریخ اسلام تذکرۃ الحفاظ وغیرہ۔ ان کی وفات ۷۴۸ھ/۳۴۷ میں ہوئی۔

۲۰۔ بدرالدین زرکشی: بدرالدین محمد بن بہادر بن عبداللہ الزرکشی شافعی متوفی ۷۹۴ھ/۱۳۹۱ء انہوں نے متعدد کتابیں لکھیں مثلاً التنقیح فی شرح الجامع الصحیح للبخاری اور شرح جمع الجوامع جس کا نام انہوں نے تشنیف المسامع رکھا۔ ان کی ایک اور کتاب فتاویٰ زرکشی بھی ہے ملاحظہ ہو کشف الظنون۔ ج 1 ص ۲۸۱۔۲۰۵) القواعد فی الفروع (کشف ج ۲۔۱۲۲)

۲۰۔ ابن الوہاب شعرانی متوفیٰ ۹۶۰ھ

۲۱۔ عبدالکریمؒ جیلی: قطب الدین عبدالکریم بن ابراہیم سبط الشیخ عبدالقادر جیلانی یہ شیخ شرف الدین اسماعیل بن ابراہیم الجبرتی کے مرید تھے ان سے ان کی ملاقات ان کی مسجد میں ۷۹۹ء میں ہوئی اور اپنے پیر بھائی عمادالدین یحییٰ بن ابی القاسم التونسی المغربی سبط الحسین بن علی کی درخواست پر الکھف والرقیم فی شرح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھی (کشف الظنون ۲۔۱۹۵) انہوں نے الدرۃ العینیۃ فی الشواھد الغیبۃ بھی لکھی ہے (کشف الظنون ۱۔۳۷۱) ان کا بیٹا صاین الدین عبدالعزیز المعروف بالمعیہ ہے جنہوں نے شیخ ابواسحٰق ابراہیم بن علی الفقیہہ الشیرازی الشافعی متوفیٰ ۴۷۶ھ کی تنبیہ فی فروع الشافعیہ کی شرح لکھی ہے (کشف الظنون ۱۔۲۵۵) ایک اور کتاب لوامع البرق المرھن فی معنی ماوسعنی ارضی ولاسماءی ورسعنی قلب عبدای المومن (کشف الظنون ۲۔۲۱۵) عبدالکریم نے الناموس الاعظم والقاموس الاقدم چالیس جلدوں میں لکھی (کشف الظنون ۲۔۳۷۷)

۲۲۔ شیخ مغربی شاذلی: یہ راسخین فی العلم میں سے تھے۔ محمد الحنفی کے شاگرد اور شیخ ابوالعباس السرسی سے تلقین طریقت لی۔ اصل میں ترکی تھے لیکن چونکہ ان کی والدہ کی شادی ایک مغربی سے ہوئی اس لئے مغربی کہلائے۔ ان کی وفات قرافہ میں ۹۱۰ھ/۱۵۰۴ء کے چند سال بعد ہوئی۔ امام شعرانی نے بھی ان کی تاویل لواقح الانوار فی طبقات الاخیار میں جو طبقات کبریٰ کے نام سے مشہور ہے درج کی ہے (ج ۲ صفحہ ۶۰۵)

۲۳۔ ابوالبقاء محمد البکریؒ الشافعی: شیخ محمد البکری کی وفات ۹۹۴ھ میں ہوئی۔ ان کی تالیف تنبیہ الاواہ بفضل لا الہ الا اللہ ہے (کشف الظنون ۱۔۲۵۴) کشف الظنون میں ایک اور ابوالبقاء محمد بن احمد الضیاء المکی متوفیٰ ۸۵۴ء کا ذکر کیا ہے اور ان کی ایک تالیف سافی فی اختیار الکافی بتائی ہے مجھے معلوم نہیں ہوسکا کہ یہاں کون سے ابوالبقاء مراد ہیں۔

۲۴۔ احمد زروقؒ: شیخ شہاب الدین ابی الفضل احمد بن محمد البرنسی الفاسی المالکی الشہر بالشیخ زروق متوفیٰ ۸۹۹ھ ۱۴۹۳ء انہوں نے شاذلی کی حزب البحر جسے حزب صغیر بھی کہتے ہیں کی شرح بھی کی ہے (کشف الظنون ج ۱ صفحہ ۳۳۳) ان کی ایک اور کتاب قواعد الطریقہ فی الجمع بین الشریعۃ والحقیقہ ہے اور تاج الدین ابن عطاء اللہ سکندری الشاذلی کی الحکم العطائیہ کی شرح بھی کی ہے۔

۲۵۔ برہان الدین ابراہیم بن ابی الشریف القدسی المتوفیٰ ۹۲۳ھ انہوں نے عقیدہ ابن دقیق العید کی شرح لکھی ہے جس کا نام العقد النضید رکھا ہے۔

۲۶۔ محمد ابوالمواہبؒ: علماء راسخین اور ابرار میں سے تھے۔ انہیں آنحضرت ﷺ کا بکثرت مشاہدہ ہوتا تھا۔ نعتیہ موشحات لکھ کر پڑھتے رہتے اور یہ موشحات لوگوں میں خوب مقبول ہوئے ان کی کتاب القانون تصوف میں بڑے پایہ کی کتاب سمجھی جاتی ہے۔

۲۸۔ شیخ الاسلام زکریا الانصاری: کبار صوفیہ اور فقہاء میں سے تھے۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں۔ ان کی وفات ۹۲۶ھ/ ۱۵۱۹ء میں ہوئی اور امام شافعی کے پڑوس میں دفن کئے گئے۔

۲۹۔ جلال الدین سیوطی: مصر میں ۸۴۹ھ/ ۱۴۴۵ء میں پیدا ہوئے۔ آٹھ برس کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا۔ ۹۱۱ھ/ ۱۵۰۵ء میں روضہ میں جو نیل میں ایک جزیرہ ہے۔ ان کی وفات ہوئی۔ انہیں خاتمۃ الحفاظ کہا جاتا ہے۔ انہوں نے پانچ سو کے قریب کتابیں اور رسالے لکھے۔

۳۰۔ کتاب میں اسی طرح دیا ہے مگر کشف الظنون (ج ۱۔۲۱۹) میں ایک جگہ تشید اور دوسری جگہ تشدید دیا ہے اور میرے خیال میں کتاب میں دیا ہوا نام بہتر معلوم ہوتا ہے۔

۳۱۔ شرف الدینؒ بن تلمسانی: شرف الدین عبداللہ بن محمد الفہری التلمسانی۔ انہوں نے مختصر ابن شرح لکھائی تھی۔ انہوں نے تنبیہ فی فروع الشافعیۃ کی بھی شرح لکھی ہے (کشف الظنون ۱۔۲۵۵)

۳۲۔ اللمع: اللمع کا پورا نام لمع الادلۃ ہے جو امام عبدالملک بن عبداللہ جوینی المعروف امام الحرمین کی تالیف ہے۔ امام الحرمین نے ۴۷۸ھ میں وفات پائی۔

۳۳۔ ابن ہمامؒ: کمال الدین محمد بن ہمام الدین عبدالواحد المعروف بابن الہمام۔ کتاب کا پورا نام مسایرۃ فی العقاید المنجیۃ فی الآخرۃ پہلے انہوں نے امام غزالی کے رسالہ قدسیہ کی شرح کی مگر بعد میں دل میں اس میں اضافہ کرنے کا خیال پیدا ہوگیا اور اضافہ کرتے کرتے یہ ایک ضخیم کتاب بن گئی۔

۳۴۔ یہ حضرت مریم کا قول ہے۔ قرآن مجید۔ سورہ مریم آیت ۲۳

۳۵۔ یہ قول حضرت عمرؓ کا ہے۔ ملاحظہ ہو لواقح الانوار فی طبقات الاخیار ج ۱۔۱۷

آٹھواں باب

حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش اور ان کا مختلف مدارج میں سے گزرنا اور اس بات کا بیان کہ انسانی شکل وصورت افضل ترین شکل وصورت ہے

حضرت نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کرنا چاہا تو دس دن میں ان کی مٹی کو جمع کیا اور بیس دن تک اسے پانی میں چھوڑے رکھا۔ چالیس دن میں ان کی صورت بنائی اور اس کے بعد بیس دن تک اسے چھوڑے رکھا۔ یہاں تک کہ وہ مٹی سے منتقل ہو کر جسمیت کی طرف آ گئے۔ یہ تمام تین ماہ ہوتے ہیں۔ یعنی رجب' شعبان ورمضان اس کے بعد اللہ نے انہیں جنت کی طرف اُٹھالیا اور جنت ہی میں ان کی رُوح پھونکی گئی اور جنت ہی میں مائی حوا ان سے پیدا کی گئیں۔ جب مائی حوا کی عمر دو ماہ کی ہوئی تو دونوں میں شہوانی مادہ پیدا کیا گیا چنانچہ آدم علیہ السلام نے مجامعت کی اور وہ حاملہ ہو گئیں اور حمل کے تین ماہ بعد زمین پر اُتر کر ان کا وضع حمل ہوا پھر اس دنیا میں جو حمل ہوا اس سے نو ماہ بعد وضع حمل ہوا اور یہی عادت آج تک قائم رہی۔

میں نے دریافت کیا کہ وہ کونسی مٹی تھی جس سے آدمؑ کی پیدائش ہوئی؟

فرمایا یہ تمام کانوں کی مٹی تھی۔ سونے کی کان کی' چاندی کی کان کی' تانبے کی کان کی اور دیگر معدنیات کی چنانچہ ان سب میں سے آپ کی مٹی لی گئی اور اسے ایک جگہ اکٹھا کر کے آدمؑ کو پیدا کیا گیا۔

میں نے دریافت کیا کہ اس مٹی کو کس نے جمع کیا؟

فرمایا فرشتوں نے اور جن سے اکھٹا کرانا اللہ نے چاہا مگر سب سے زیادہ مٹی جبرئیل علیہ السلام نے اٹھائی۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے وعدہ فرمایا تھا کہ مٹی کی ایک مخلوق ہوگی جس سے بڑھ کر اللہ کے ہاں کوئی مخلوق نہ ہوگی اور جبرئیل اس کے ساتھی اور رفیق ہوں گے اور اس سے جبرئیل کو بہت برکت ہوگی اور وہ مخلوق سید الوجود محمد ﷺ ہیں۔ لہٰذا جبرئیل اس امید پر کہ یہ مٹی اس مخلوق کے لئے جمع کی جارہی ہے جس کا انہیں وعدہ دیا گیا ہے مٹی جمع کرتے تھے۔ میں نے دریافت کیا: اس مٹی کی مقدار کتنی تھی؟

فرمایا: اتنی تھی کہ ایک میل یا کچھ کم زمین آباد ہو جائے۔ یعنی اس قدر کثیر مقدار میں مٹی جمع کی گئی۔ میں نے عرض کیا کہ اسے جمع کرنے میں دس دن کی کیوں ضرورت ہوئی حالانکہ اللہ تعالیٰ اسے ایک لحظہ میں جمع کر سکتے ہیں؟

فرمایا اللہ تعالیٰ آسمان اور زمین کو بھی تو ایک لحظہ میں پیدا کر سکتے تھے۔ انہیں پیدا کرنے میں چھ دن کیوں لگائے اور آدمؑ کو مٹی کے
وا بھی پیدا کر سکتے تھے۔ مٹی سے کیوں بنایا' لیکن بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بعض اشیاء کو پیدا کرتے ہیں اور ان کی پیدائش کو چند دنوں میں
ترتیب دیتے ہیں اور اسے تھوڑا تھوڑا کر کے چلاتے ہیں جس سے ملا اعلیٰ کو توحید عظیم حاصل ہوتی ہے اس لئے کہ اس مخلوق کے ایک حالت
سے دوسری حالت ہیں منتقل ہونے اور اس کے آہستہ آہستہ ظاہر ہونے میں ملاء اعلیٰ کی توجہ اس حادث مخلوق میں امر الٰہی پر تعجب کے ساتھ
ہوتی رہتی ہے اور اس بارے میں غور وفکر رہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے کیسے پیدا کر رہا ہے اور اس سے کیا نتیجہ برآمد ہوگا اور اس کا انجام کیا ہوگا۔
لہٰذا جس حالت پر اس مخلوق کا خروج ہونا ہے اسے ملاء اعلیٰ دیکھتے رہتے ہیں اور اس سے انہیں بے حد توحید حاصل ہوتی ہے لہٰذا اس زمانہ
میں جبکہ وہ اس کی پیدائش کو دیکھتے رہتے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی معرفت اور اس کی قدرت کاملہ کا علم اور اشیاء مخلوقہ میں اس کے
حریان وجریان کا بہت بڑا علم حاصل ہو جاتا ہے اس لئے اس مخلوق کے پیدا کرنے کا کوئی راز ان سے مخفی نہیں رہتا۔ اور انہیں مکمل فہم حاصل
ہو جاتی ہے لہٰذا یہ تدریجی تخلیق اسی حکمت کے لئے ہے۔ اس تدریجی تخلیق میں ایک اور حکمت بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ اس تدریجی اور حادث
کے نکلنے کے انتظار اور شوق میں دیگر مخلوقات وجود میں آتی ہیں جو اسی مرتبہ کی یا اس سے بھی بڑھ کر ہوتی ہیں۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کی ہر چیز میں
اسرار وحکمتیں پائی جاتی ہیں۔

میں نے دریافت کیا کہ وہ پانی کونسا پانی تھا جس میں یہ مٹی ڈالی گئی اور بیس دن اسی میں پڑی رہی؟

فرمایا یہ ایک خاص پانی تھا جس میں آدم اور اس کی ذریت کا نفع تھا' کیونکہ یہ پانی اسی زمین کا پانی تھا جس کی طرف درحقیقت آدم
کو نسبت دی جاتی تھی' لہٰذا یہ ذات آدم کے مناسب وموافق تھا۔

میں نے دریافت کیا: کیا یہ پانی زمین کی جڑ سے تھا یا کوئی اور؟

فرمایا: یہ زمین کی جڑ میں سے تھا مگر اس کا گزرا اکثر اجزاء ارض پر ہو چکا تھا اس کی صورت یوں ہے کہ زمین پر سے گزرنے والے
بعض پانی زمین کے کچھ حصہ پر سے گزرتے ہیں لہٰذا وہ اتنے ہی حصہ کا سِرّ حاصل کر سکتے ہیں اور بعض اکثر یا کل اجزاء سے گزرتے ہیں۔
اور ان کا سرّ حاصل کر لیتے ہیں اور یہ پانی ان چشموں میں سے ایک چشمے کا پانی ہے جو شام کی زمین میں سے نکلتا ہے اور وہیں حضرت آدمؑ
کی مٹی ایک پست زمین میں جمع کی گئی جس کی مسافت کا ذکر ہو چکا ہے اور اس پانی سے اس مٹی کو تر کیا گیا کیونکہ اسے اطراف زمین کے
پانیوں سے مدد پہنچتی ہے چنانچہ یہ پانی تہ زمین کے اجزاء کو پھاڑتا ہوا نکل جاتا ہے یہاں تک کہ اس چشمہ تک پہنچ جاتا ہے اور یہ چشمہ اب
تک موجود ہے جس کا پانی رُوئے زمین کے دیگر پانیوں کے مقابلہ میں ذات انسانی کے زیادہ موافق ہے یہ مٹی پانی میں بیس دن تک پڑی
رہی تب جا کر آدمؑ کی شکل بننے لگی جبکہ ابھی تک وہ مٹی میں تھے۔ ان کی یہ شکل آہستہ آہستہ بنتی رہی تا آنکہ چالیس دن میں مٹی کے اندر ہی
شکل مکمل ہوگئی مگر کوئی چیز نظر نہیں آتی تھی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اسے مٹی سے جسم کی طرف منتقل کرنے کا ارادہ کیا تو آدم کی انگلیوں
میں پھنسی سی ظاہر ہوئی جو بھر کر پھٹ گئی اور اس کا مادہ انگلی پر جم کر ایسا سفید ہو گیا جیسے درخت کھجور کی چھال اتارنے کے بعد اندر کا گودا ہوتا
ہے جسے فحم النخلہ کہتے ہیں۔ اس کے بعد ایک ایک عضو اور ہر ہر جزو میں سرایت کرتا رہا حتیٰ کہ تمام کا تمام صفائی اور رطوبت کے اعتبار سے
فحم النخلہ بن گیا۔ یا ایسا جیسے خالص گیہوں کے آٹے کا گندھا ہوا صاف پیڑا ہوتا ہے۔ پس اس سے آدمؑ کی شکل بنی پھر اس میں تھوڑا تھوڑا
خونی مادہ پیدا ہوا۔ گارہ پھٹ کر جدا ہو گیا اور اس میں خشکی نمودار ہوگئی۔ اس کے بعد اس پر ہوائیں چلتی رہیں اور اجزاء خشک ہوتے رہے اور

اللہ کے حکم سے ہڈیاں بن گئیں۔ جب بیس دن میں آدم کی تخلیق مکمل ہوگئی اور اللہ نے اس میں رُوح پھونکنے کا ارادہ کیا تو انہیں اُٹھا کر جنت میں منتقل کر دیا۔

میں نے پوچھا کہ یہ جنت کون سی تھی؟

فرمایا: پہلی جنت۔ جب وہاں آ گئے تو اس میں رُوح داخل ہوئی اور ساتھ ہی ساتھ عقل وعلم کا دخول ہوا اور ان کو خدا کی معرفت حاصل ہوئی۔ اس وقت حضرت آدم نے کھڑا ہونا چاہا' مگر انہیں لرزہ آیا اور گر پڑے۔ پھر کھڑا ہونا چاہا مگر پھر گر پڑے۔ جس طرح کہ بچے اٹھنے لگتے ہیں تو گر پڑتے ہیں۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے انہیں وہ مشاہدہ عطا کیا جس کا ذکر اسماء حسنیٰ میں کیا جاچکا ہے۔ یہ مشاہدہ انہیں اس حالت میں نصیب ہوا جبکہ آپ ایک پاؤں زمین پر رکھے اور دوسرے پاؤں کا گھٹنا زمین پر ٹیکے ہوئے تھے۔ جب آپ کو یہ مشاہدہ حاصل ہوا تو آپ کی زبان سے اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ نکلا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے آپ کو قوت عطا فرمائی جس سے آپ سیدھے کھڑے ہو کر جنت میں چلنے لگے۔ جہاں چاہتے جاتے اس کے بعد آپ کی پسلی میں درد ہوا جس سے آدمی کے سر جتنا ایک بڑا پھوڑا بن گیا جس میں پھٹ کر ایک چھوٹا سا ڈھانچہ نکلا اور زمین پر گر گیا۔ حضرت آدم نے اسے دیکھا تو اسے اپنی شکل کا پایا اور اسے ویسا ہی چھوڑ دیا۔ جنت کی ہوا اور جھونکے اس ڈھانچے کو لگتے رہے جس سے اس میں بہت جلد نشوونما ہوا۔ حضرت آدمؑ بھی اس کی دیکھ بھال کرتے رہتے اور دیکھتے کہ یہ ڈھانچہ بہت جلد بڑا ہو رہا ہے لہٰذا آپ اس سے مانوس ہونے لگ گئے اور اس کے پاس بیٹھتے۔ اللہ نے اس ڈھانچے میں عقل ڈال دی اور اس نے حضرت آدمؑ سے کلام کرنا شروع کر دیا۔ ابھی دونوں کو جنت میں دو ماہ ہی گزرے تھے کہ ان میں مادہ شہوت ڈالا گیا۔ حضرت آدمؑ نے اس ڈھانچہ (حوا) سے مباشرت کی چنانچہ وہ حاملہ ہوگئیں اور مذکورہ بالا مدت میں وضع حمل ہوا۔

فرمایا کہ حضرت آدم کو جنت کے انوار سے سیراب کرنے کی غرض سے جنت کی طرف اٹھایا گیا تھا تاکہ آپ کی اولاد روز الست کے عہد کو بھول نہ جائے۔ نیز محمد ﷺ کی تعظیم کی خاطر اور اس کو اہل بصیرت خوب جانتے ہیں۔

میں نے عرض کیا جس درخت کے کھانے سے حضرت آدم کو منع کیا گیا تھا وہ کونسا درخت تھا؟

فرمایا بلاشک وشبہ وہ انجیر کا درخت تھا اور اس کے کھانے کی ممانعت صرف اس لئے فرمائی تھی کہ یہ درخت اور اس کے علاوہ دیگر انواع اشجار جنت اسہال لاتی ہیں لہٰذا اس کے کھانے سے ممانعت فرما دی کہ دست آنے لگیں گے تو پھر جنت میں نہ رہ سکیں گے۔

میں نے عرض کیا کہ جنت کا کھانا جنت کے پھل اور نعمتیں اگرچہ ان کا جسم ہے مگر خالص انوار ہیں۔ جن میں ثقل نام کو بھی نہیں جیسا کہ بہت سی حدیثوں میں آیا ہے اور جس میں ثقل نہ ہوگا۔ اس کے کھانے سے دست نہ آئیں گے؟

حضرت نے فرمایا: تم صحیح کہہ رہے ہو مگر اہل جنت جب قیامت کے دن جنت میں جائیں گے تو ان کی بنیاد درست ہوگی اور ان میں اس قدر قدرت ہوگی کہ کسی پر مخفی نہیں مگر جب حضرت آدم جنت میں داخل ہوئے تھے تو ان کی ذات ایسی نہ تھی چنانچہ جب اہل جنت کے پیٹ میں نعمتیں اتریں گی تو وہ اپنی ذات کی قوت کے سبب انہیں برداشت کر لیں گے۔ نیز اس لئے بھی کہ ان کی ذوات اس وقت نعمتوں کی طرح انوار ہی انوار ہونگی اور انوار انوار میں مل جائیں گے۔ برخلاف اس وقت کے جب آدم جنت میں داخل ہوئے تھے۔ اس وقت ان کی ذات ترابی اور کمزور تھی اس لئے اس درخت کے کھانے کو برداشت نہ کر سکی۔

میں نے عرض کیا کہ اس کا مطلب تو یہ ہے کہ اس وقت آدم کی ذات نہ اس درخت اور نہ کسی اور درخت کے کھانے کی طاقت رکھتی تھی۔ (پھر کھاتے کیا تھے؟)

فرمایا: جنت کے درخت اور جنت کی نعمتیں دو قسم کی ہیں۔ ایک تو وہ قسم ہے جو خالص انوار ہیں اور دنیا کی کسی نعمت کے مشابہ نہیں اور نہ ان میں ثقل ہے اور اسی کی وہاں کثرت ہے۔ حضرت آدم کی ذات اس کے کھانے کی طاقت رکھتی تھی اور اسی کے کھانے کا اللہ نے حکم بھی فرمایا تھا اور دوسری قسم جو کم ہے وہ ہے جو دنیاوی نعمتوں کی ہم شکل ہے اور ان میں ثقل بھی پایا جاتا ہے۔ حضرت آدمؑ جب جنت میں تھے تو اس کے کھانے کی طاقت نہ رکھتے تھے اسی لئے اللہ نے اس کے کھانے سے ممانعت کر دی تا کہ انہیں جنت سے نکلنا نہ پڑے اور جنت کی نعمتوں کے دو قسم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ کے علم قدیم میں یہ بات تھی کہ اہل جنت کی دو حالتیں ہوں گی۔ ایک حالت جو کہ غالب اور کثیر ہوگی وہ یہ ہوگی کہ جنت میں دنیائے فانی کا خیال تک اہل جنت کو نہ آئے گا۔ لہٰذا دنیا' امور دنیا اور دنیا کی تمام نعمتیں ان کے ذہن و عقل سے غائب ہوں گی۔ اس حالت میں حق تعالیٰ انہیں پہلی قسم کی نعمتیں عطا فرمائے گا اور وہ انہیں کھائیں گے اور دوسری حالت جو شاذ و نادر اور کبھی کبھی ہوگی وہ یہ ہوگی کہ دنیائے فانی کا ان کو خیال آئے گا اور جن حالات میں یہاں تھے وہ ان کے سامنے آجائیں گے۔ لہٰذا ان کی تمنا کریں گے اور اسی وقت انہیں موجود پائیں گے۔ یہ دوسری قسم کی اشیاء ہوں گی۔ پہلی حالت بلحاظ فکر کے بہر صورت اکمل ہے کیونکہ اس حالت میں جنتیوں کی مثال ایسی ہوگی جیسے کوئی اپنے رب کے ساتھ ہو اور غیر کا اسے احساس بھی نہ ہو اور بلحاظ نعمتوں کے بھی اکمل ہیں' کیونکہ دراصل یہی نعمتیں ان کے لئے مخصوص کی گئی ہیں۔ اور یہ اہل جنت کے تقاضا کے مطابق بھی ہیں اور بلحاظ دوام کے بھی اکمل ہیں۔ کیونکہ اہل جنت کی اکثر اور غالب حالت یہی ہوگی اور دوسری حالت ان تمام اعتبارات سے اس سے کمتر ہے' فکر کے اعتبار سے تو اس لئے کہ یہ ان لوگوں کی طرح ہیں جو مشاہدہ حق سے غائب ہیں اسی لئے انہیں اپنی ذات کا احساس پیدا ہوا اور اسی احساس کی وجہ سے انہیں امور دنیا کی فکر ہوئی اور انہوں نے اس کی نعمتوں کی خواہش کی۔

فرمایا چونکہ اللہ تعالیٰ کو علم تھا کہ بعض اوقات اہل جنت کی توجہ دار دنیا کی طرف ہوگی اس لئے بعض چیزوں کو تو اہل جنت کی طبیعت کے مطابق پیدا کیا ان میں قطعاً کوئی ثقل نہیں اور اس توجہ کی خاطر کچھ نعمتیں ایسی پیدا کیں کہ اہل جنت کی طبیعت کے مطابق نہیں ہیں اور ان میں ثقل اور اہل دنیا کی نعمتوں سے مشابہت پائی جاتی ہے لیکن چونکہ جنت میں ان کی ذات و طبائع جسم انوار قوی ترین ہونگے اس لئے انہیں ثقل معلوم نہ ہوگا' مگر جب حضرت آدمؑ کی ذات جنت میں گئی تھی تو چونکہ اہل جنت کی ذات کے مقابلہ میں کمزور تھی اس لئے ان ثقیل نعمتوں میں انہیں ثقل محسوس ہوا۔ اسی لئے قسم ثانی کا ثقل صرف کمزور اجسام میں ظاہر ہوتا ہے اور اس وقت یہ کمزور جسم حضرت آدمؑ کے سوا کوئی اور نہ تھا۔

فرمایا: کہ اس درخت کو کھانے سے پہلے حضرت آدمؑ کی عقل کا تعلق اپنے رب کے ساتھ تھا اور وہ اپنے ذاتی مصالح سے بالکل غافل تھے' لیکن اس درخت کا پھل کھانے کے بعد معاملہ برعکس ہو گیا اور ان کی عقل اپنے ذاتی مصالح کی طرف لگ گئی۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ اس درخت کا پھل کھانے سے پہلے ان کا کھانا پینا محض تنعم و تفکر کے درجہ میں تھا۔ انہیں اس سے نہ بھوک لگتی تھی نہ پیاس۔ اس لئے انہیں بھوک اور تدبیر معاش کی فکر ہی نہ تھی اور ان کی عقل اپنے رب کی طرف لگی رہتی تھی' مگر جب انہوں نے درخت کا پھل کھایا اور اس کے بعد اسہال ہوا اور بھوک لگی تو عقل ذات کی طرف لگ گئی اور خیال کرنے لگے کہ جب پیٹ خالی ہو تو اسے کس چیز سے بھرا جائے اور

انہیں تدبیر معاش کی فکر ہوئی۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں مشقت ومعصیت کے گھر میں اتار دیا اور چونکہ یہ بات پہلے ہی سے علم الٰہی میں تھی کہ آدم کا نزول زمین کی طرف ہوگا اس لئے حق سبحانہٗ نے ان کے لئے اسباب معاش مرتب کر دیئے اور جنت سے اترنے سے پہلے ہی ذرائع معاش مہیا فرما دیئے تھے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے مٹی سے آدم کی صورت بنائی اور پہلے بیان ہو چکا ہے کہ یہ مٹی بہت مقدار میں تھی اس لئے اس مٹی سے حق تعالیٰ نے وہ حیوانات پیدا فرما دیئے جن کی حضرت آدمؑ کو اپنی معاش کے لئے ضرورت پیش آنے والی تھی۔ ان تمام کی پیدائش بھی اسی مذکورہ بالا مٹی سے ہوئی۔ چنانچہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو جنت کی طرف اٹھالیا تو عام حیوانات اس مٹی میں کیڑوں کی شکل میں ظاہر ہوئے اور ہر نوع میں سے دس دس یعنی پانچ نر اور پانچ مادہ پیدا کئے۔ شیر' چیتا' تیندوا وغیرہ ایک قسم ہوئی۔ حضرت آدم کے جنت میں اٹھائے جانے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس قدر زور کی بارش برسائی جس کی مثال کبھی سننے میں نہ آئی ہو۔ چنانچہ ہر جانب سے سیلاب آیا جو اپنے ساتھ بہت سا دلدل بہالایا جو اس مٹی کے ساتھ آ کر مل گیا۔ اس سے حیوانات کو بہت مدد وتقویت حاصل ہوئی جیسے کسی کو فارغ البالی اور سرسبزی حاصل ہو جائے اور اس کو اس سے بہت نفع حاصل ہو۔ جب نو ماہ کے بعد آدم علیہ السلام زمین پر اترے تو حیوانوں کو زمین پر چلتے پھرتے پایا اور وہ بتدریج بڑھ رہے تھے۔ آدم ان سے مانوس ہو گئے اور اللہ نے انہیں بتا دیا کہ یہ قیامت تک آپ کی اور آپ کی اولاد کی معاش کا ذریعہ[1] ہے۔

حضرت نے فرمایا جس جگہ مٹی میں حضرت آدمؑ کا سر تھا وہاں اللہ تعالیٰ نے نخلستان' انگور' انجیر اور زیتون اُگا دیئے۔ جب حضرت آدمؑ نو ماہ بعد جنت سے اُترے اور اُن کا پیٹ خالی ہوا تو انہوں نے کھانے کی ضرورت محسوس کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان درختوں اور نخلستان میں ذائقہ پیدا کر دیا چنانچہ حضرت آدمؑ کا یہ پہلا رزق تھا جو انہوں نے کھایا اور ان درختوں میں اللہ کے حکم سے اس قدر کم مدت کے اندر پھل لگ گیا۔

اَکْرِمُوْا عَمَّتُکُمُ النَّخْلَة حدیث نہیں ہے:

اس پر میں نے سوال کیا کہ یہ جو لوگوں میں مشہور ہے کہ **اَکْرِمُوْا عَمَّتُکُم النخلة فانّھَا خُلِقَتْ مِنْ طِیْنِ آدَمَ** (اپنی پھوپھی کھجور کی عزت کیا کرو کیونکہ اسے آدم کی مٹی سے پیدا کیا گیا ہے) کیا یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں۔

فرمایا: یہ آنحضرت ﷺ کا فرمودہ نہیں ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ حفاظ حدیث مثلاً ابن حجر' زرکشی اور سیوطی وغیرہ نے یہی کہا ہے۔

میں نے پوچھا کیا اللہ تعالیٰ نے ان چار درختوں کے علاوہ حضرت آدم کے لئے اور درخت بھی پیدا کئے۔

فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس مٹی سے ہر وہ درخت پیدا کیا جس کا ذکر قرآن میں آیا ہے مثلاً کھجور' انگور' انجیر' زیتون اور انار۔ واللہ اعلم۔

حضرت کو میں نے یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ بنی آدم سے زیادہ خوبصورت کوئی مخلوق نہیں۔ لہٰذا ان کے اجسام تمام مخلوقات کے اجسام سے زیادہ خوبصورت' افضل' ارفع اور اقوم ہیں۔ اگر عقلمند انسان آدمی کی ذات کی تفصیل اس کے اجزاء کی ترکیب' اس کے جوڑوں اور رگوں کی ترتیب اور ان ظاہری اور باطنی خوبیوں میں غور کرے جن پر اس کی ساخت مشتمل ہے تو حیران ہو جائے اور اسے حق سبحانہٗ جو اس کا خالق ومصور ہے' کی عظمت معلوم ہو جائے۔

ذاتِ آدم ذاتِ ملائکہ سے افضل ہے:

میں نے دریافت کیا کہ ذات آدم کو ذات ملائکہ پر کس وجہ سے فضیلت ہے؟

فرمایا: اس لئے کہ جس قدر اشیاء اللہ تعالیٰ نے آدم میں پیدا کی ہیں اس قدر ملائکہ میں پیدا نہیں کی گئیں۔ اس کے برعکس جو کچھ بھی فرشتہ کی ذات میں ہے وہ سب کچھ آدمی کی ذات میں موجود ہے مع زیادتی کے فرشتہ کی ذات نور سے ہے اور اس نور میں عقل رکھ دی گئی۔ بس اسی قدر فرشتہ کی ذات میں ہے، مگر آدمی کی ذات میں یہ نور بھی ہے اور اس میں عقل بھی ہے اور رُوح بھی ہے اور اس میں مختلف قسم کی مٹی بھی ہے، آگ بھی ہے، ہوا بھی ہے، پانی بھی ہے اور ان میں سے ہر چیز کے اندر قوت الٰہیہ کے اسرار پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا ایک ذات میں ان سب چیزوں کا جمع ہو جانا ان اسرار کو اس ذات میں قوی کر دیتا ہے۔ الحاصل ذات آدمی مختلف مخلوقات کا مجموعہ ہے اور دوسری کوئی ذات اس جیسی نہیں لہٰذا آدمی کی ذات تمامی ذوات میں قوی تر ہوئی۔ اسی لئے جس قدر اسرار کی یہ متحمل ہو سکتی ہے فرشتہ کی ذات نہیں ہو سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ سیدنا و مولانا محمد ﷺ کو یہی صورت و شکل عطا فرمائی گئی کہ آپ کی ذات مبارکہ اسرار ربانی کی متحمل ہونے میں تمام مخلوقات سے قوی ترین تھی۔ اگر آدمی کی ذات سے بڑھ کر کوئی اور صورت زیادہ قوی ہوتی تو آنحضرت ﷺ اسی شکل و صورت میں پیدا کیے جاتے۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت نے جو یہ فرمایا ہے کہ آدمی کی ذات تمامی ذوات سے قوی تر اور خوبصورت تر ہے اس کی طرف امام قشیری[2] نے اسماء حسنیٰ کی شرح تحبیر میں اشارہ کیا ہے۔ وہاں دیکھ لیں۔ مگر حضرت نے زیادہ تفصیل سے بیان فرمایا تھا اور میں اس میں سے بہت کم تحریر کر سکا ہوں اور بہت سی باتیں تو حضرت کی زبان پر ہی رہیں۔

پھر فرمایا باوجود اس کے کہ آدمی کی ذات تمامی ذوات سے زیادہ خوبصورت ہے۔ اللہ کے علم میں یہ بات تھی کہ ایک گروہ جنت میں جائے گا اور ایک دوزخ میں۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی بصیرت اللہ تعالیٰ سے محجوب ہوگی اس لئے کہ اللہ نے پہلے تو اس ذات میں رُوح اور عقل ڈالی جو اس کا سِرّ ہے اور اس معرفت الٰہی اور نور ایمان مع مشاہدہ کے اسی عقل کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے اور اس ذات کے درمیان سے حجاب اٹھا لیا تو اسے کامل طور پر اپنے خالق کی معرفت حاصل ہوگی، مگر جب اللہ نے اپنے وعید کو نافذ کرنا چاہا تو اس ذات پر پردہ ڈال دیا جس سے وہ مشاہدہ جو اسے حاصل ہونا تھا جاتا رہا اور اس کا تعلق اللہ سے منقطع ہو گیا۔ کاش کہ جب اللہ تعالیٰ سے یہ بے تعلقی ہوئی تھی کسی اور سے اس کا تعلق قائم نہ ہوتا۔ یہ اس کے لئے اس حالت سے بدرجہا بہتر ہوتا جس میں وہ پڑ گیا۔ مگر اس نے اس نور عقل کے تار کی طرف نگاہ لگا دی جو اس میں باقی تھا اور اس سے تعلق جوڑ لیا اور اسی کو ہر بات میں اپنا تکیہ اور سہارا بنایا جس کی وجہ سے اللہ سے اس کی بے تعلقی اور بڑھ گئی۔ کیونکہ اس نے عقل کو اس نگاہ سے دیکھا کہ یہ میری ہے اور مجھ ہی سے ہے اور ہر بات میں ذات ہی کی طرف رجوع کرتی ہے اس سے اپنے نفس کے ساتھ استقلال اور اللہ تعالیٰ سے انقطاع اور بڑھ گیا۔ اگر ذات اس نگاہ سے دیکھتی کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے اور ہر لحظہ اللہ ہی اس کا محرک ہے تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کر لیتی اور زائل شدہ مشاہدہ دوبارہ حاصل ہو جاتا۔ الحاصل یہ کہ ذات نے ذات قدیم سے تعلق قطع کیا اور حادث سے تعلق قائم کیا۔ بہتر ہوتا اگر یہ کسی چیز سے بھی تعلق قائم نہ کرتی۔

حضرت نے فرمایا: جب ذات نے تدبیر امور میں اپنا تعلق عقل سے قائم کر لیا اور اپنے معاش اور لوگوں سے میل جول رکھنے میں اسی پر سہارا کر لیا اور اللہ کو معلوم تھا کہ ذات راہ راست سے یقیناً بھٹک جائے گی اس لئے اللہ نے رسول بھیجے تا کہ اسے معرفت الٰہی کی طرف لوٹا دیں۔ چنانچہ جیسا ازل میں فیصلہ ہو چکا تھا، ویسا ہی ظاہر ہوا اور کچھ لوگوں نے رسولوں کی بات مان لی اور کچھ نے نہ مانی۔ پہلا

گروہ کسی حد تک عقل کے پیچھے لگنے سے باز آ گیا مگر دوسرا گروہ پورے طور پر عقل سے چمٹا رہا اور اس کی پوری پوری تابعداری کرتا رہا۔

میں نے سوال کیا وہ کونسا حجاب ڈالا جاتا ہے جس سے مشاہدہ زائل ہو جاتا ہے؟ کیا یہ خون ہے جو غفلت کا سبب ہے یا کوئی اور چیز ہے۔

فرمایا اور چیز ہے۔ یہ جہنم کی تاریکی ہے جو ذات کو ڈھانپ لیتی ہے اور اسے حق سبحانہٗ اور اس کی معرفت سے روک دیتی ہے۔

میں نے عرض کیا: اس تاریکی اور خون میں کیا نسبت ہے؟

فرمایا: نسبت تو کوئی نہیں مگر خون اللہ سے دوری بڑھاتا ہے اور تاریکی اللہ سے حجاب زیادہ کرتی ہے۔ اس کے بعد آپ نے ایک مثال بیان فرمائی کہ مثلاً ایک شخص کا صغیر سن بیٹا ہو جو اسے بہت عزیز ہو اور محبت و پیار میں آنکھوں کا تارہ بنا ہوا ہو اسے چیچک نکل آئے۔ یہاں تک کہ اس کے چہرے اور تمام بدن پر چھا جائے تو باپ کو اس پر ترس آئے گا۔ اس کا اہتمام کرے گا اور بیٹے کی مصیبت اس پر شاق گزرے گی۔ مگر بھاگے گا نہیں بلکہ بیٹے کی محبت اس پر غالب رہے گی چنانچہ وہ اس مرض سے نفرت نہ کرے گا اور اس مرض کے باوجود اسے چومے گا اور سونگھے گا۔ باپ یہ سب کچھ اس لئے کرتا ہے کہ اس کے اور بیٹے کے درمیان تعلق قائم ہوتا ہے۔ اگر فرض کر لیں کہ بچہ اور کا اور اجنبی ہو اور ان کے درمیان کوئی تعلق نہ ہو تو وہ شخص اس سے نفرت کرے گا اور اس سے دور بھاگے گا اور اس سے پرہیز کرے گا۔ فرمایا مومن اور کافر کے خون کی یہی مثال ہے۔

اس کے بعد حضرت نے ان لوگوں کے متعلق فرمایا جنہوں نے رسولوں کی دعوت کو قبول کیا کہ ان کے بھی دو گروہ ہیں ایک گروہ تو دعوت قبول کر کے ایمان بالغیب پر ٹھہر گئے اور فتح حاصل نہ کی۔ یہ عامۃ المسلمین ہیں اور ایک گروہ نے دعوت قبول کی اور ترقی کر کے فتح تک جا پہنچے۔ چنانچہ ان میں سے بعض لوگ فتح پر برقرار رہے اور بعض فتح پر آ کر ٹھہر گئے۔ جنہیں فتح دائمی رہی وہ ہر دم ترقی پر ہیں اور جو فتح پر ٹھہر گئے وہ ہر دم تنزل میں ہیں۔ پھر آپ نے اس کی مثال بیان فرمائی کہ مثلاً دو فقیر ایک مالدار کے پاس بھیک مانگنے کو آئیں جب مانگنے کو ہاتھ بڑھائیں اور ہر ایک ایک درہم مانگے۔ ایک تو ایک درہم لے کر اسی پر قانع رہے اور دوسرا ایک درہم لے کر اور مانگے اور مالدار اسے اور دیدے۔ جب ہم اس مالدار کو سخی فرض کر لیں اور یہ بھی مان لیں کہ اس کے خزانے نہ کم ہونے والے ہیں نہ ختم اور پھر فرض کر لیں کہ یہ سائل ہمیشہ اور مانگتا رہے تو مالدار کے عطیے کبھی بند نہ ہوں گے۔ یہی حال ان اولیاء کا ہے جنہیں دائمی فتح نصیب ہوتی ہے کہ یہ ہمیشہ اور ہر لحظہ ترقی پر ہیں یہاں تک کہ موت کے نازل ہونے کے وقت بھی وہ ترقی پر ہوتے ہیں کیونکہ انہیں موت محسوس ہی نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ ان کی عقلیں، ان کی روحیں اور ان کی ذوات غیر اللہ سے قطع تعلق کر چکی ہوتی ہیں اور موت بھی غیر اللہ ہے اس لئے انہیں قطعاً موت کا احساس نہیں ہوتا۔

مولف کہتا ہے کہ یہ کلام اس کے قریب قریب ہے جو پہلے مذکور ہو چکا۔ کیونکہ ذات باقی کے لئے جس کی رُوح قبض ہوگی اس کو یہ عرفی موت نہیں آتی اور یہی موت کی دوا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حواشی

۱۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ خلق لکم مافی الارض جمیعا نے زمین کی تمام اشیاء تمہارے ہی لئے پیدا کیں۔

۲۔ امام قشیریؒ: ابو القاسم عبدالکریم بن ہوازن بن عبدالملک بن طلحہ القشیر ی النیشاپوری الشافعی۔ بمشہور شافعی عالم اور زاہد گزرے ہیں۔ ان کی کتاب الرسالۃ القشیر یہ صوفیہ کے حالات اور مقامات و مقالات میں بڑی پایہ کی کتاب سمجھی جاتی ہے۔ اگرچہ شعرانی نے ان پر اعتراضات کئے ہیں۔ ۴۷۶ھ/۹۸۶ء میں پیدا ہوئے اور ۴۶۵ھ/۱۰۵۳ء میں وفات پائی۔

نواں باب

فتح ظلمانی اور فتح نورانی میں فرق۔ فتح نورانی کی قسمیں۔ مجذوب اور احمق میں فرق۔ باوجودیکہ دونوں عقل کو کھو بیٹھے ہوتے ہیں وغیرہ!!

اس کتاب میں متفرق طور پر فتح کے متعلق بہت سی باتیں بیان ہو چکی ہیں۔ اس لئے یہاں ان کے دہرانے کی ضرورت نہیں۔ ان مقامات سے دیکھ لیں بالخصوص آیت وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰئِکَۃُ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفَاکِ وَ طَھَّرَکِ عَلٰی نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ کے تحت میں امور ظلمہ وفانیہ وظلما کا مشاہدہ اور امور ثابتہ وباقیہ ونورانیہ کا مشاہدہ تفصیل کے ساتھ مذکور ہو چکا۔ وہاں سے دیکھ لیں۔ اسی طرح جو شخص بیداری میں آنحضرت ﷺ کے دیدار کا دعویٰ کرے اس مسئلہ کے ضمن میں بھی جو کچھ ہم پانچویں باب کے شروع میں سوال ثانی کے تحت لکھ آئے ہیں اسے بھی پڑھ لیا جائے۔ نیز جو کچھ اِنَّ ھٰذَا الْقُرْاٰن اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ کے تحت لکھ آئے ہیں اس پر بھی غور کر لیا جائے کیونکہ اس کا تعلق اہل کمال کی فتح سے ہے۔ یہاں صرف وہ باتیں بیان کی جائیں گی جن کا پہلے ذکر نہیں آیا اور اس کا تعلق اس باب سے ہے۔

حکماء ومنجمین کو یہ علم کہاں سے حاصل ہوا:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ سقراط وبقراط وافلاطون وجالینوس وغیرہ حکماء اور فلاسفہ کفر نے عالم علوی کے متعلق جو کچھ بیان کیا ہے نجوم اور ستاروں کی گردش اور ان کے افلاک کی جگہ کہ قمر فلک اول میں ہے عطارد فلک دوم میں زہرہ فلک سوم میں، شمس فلک چہارم میں اور مریخ فلک پنجم میں اور مشتری فلک ششم میں اور زحل فلک ہفتم میں وغیرہ۔ نیز ان کا یہ کہنا کہ قرآن سے یہ احکام نکلتے ہیں یا تعدیل فلک کے امور۔ یہ علم ان کو کہاں سے حاصل ہوا حالانکہ یہ محض غیب ہے۔ اس لئے کہ ان باتوں کا ادراک نہ حواس خمسہ کے ذریعہ سے ہو سکتا ہے اور نہ عقلی دلائل سے اور وہ اس بارے میں یہ سند پیش کرتے ہیں کہ اللہ نے یہ علم بذریعہ وحی اپنے کسی نبی کو عطا کیا اور اس سلسلہ میں جو کچھ سیدنا ادریس کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اس تفصیل کے لئے کافی نہیں۔ علاوہ ازیں سیدنا ادریسؑ کا زمانہ بہت بعید ہو چکا ہے اور اس علم کی سند کا تواتر یقیناً منتفی ہے اور خبر واحد اس جگہ مفید وکافی نہیں اس لئے کہ یہ خبر دہندہ اگر فلاسفہ میں سے ہے تو وہ اہل کفر میں سے ہے۔ حالانکہ خبر واحد صرف ثقہ راوی سے قبول کی جاتی ہے اور اگر مخبر فلسفی نہیں کوئی اور ہے تو اس کے مسلمان یا غیر مسلم ہونے کا پتہ نہیں۔

فرمایا حق تعالیٰ نے حق اور نور پیدا کیا اور اہل حق اور اہل نور بھی پیدا کئے۔ اسی طرح ظلمت اور باطل کو پیدا کیا اور ان کے لئے بھی اہل ظلمت اور اہل باطل کو پیدا کیا۔ چنانچہ اہل ظلام کو ظلمتوں، ظلمتوں کی معرفت اور ان تمام امور کی جن سے ظلمتوں کا تعلق ہے فتح عطا کی جاتی ہے اور اہل حق کو حق کی فتح اور اس کے متعلقہ امور کی معرفت عطا کی جاتی ہے۔ حق بات یہ ہے اللہ پر ایمان لانا' اس کی ربوبیت کا اقرار کرنا' اس بات کی تصدیق کرنا کہ اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے منتخب کر لیتا ہے۔ نیز ایمان لانا انبیاء و رسل پر اور اللہ کے فرشتوں پر اور ان تمام اشیاء پر جن کو اللہ کی رضا و خوشنودی سے تعلق ہے اور ظلام نام ہے کفر کا اور ہر اس چیز کا جو اللہ سے قطع تعلق کرنے والی ہے اور منجملہ ان کے خود دنیا اور فانی امور اور دنیوی حوادث اور واقعات ہیں۔ اس کے لئے یہی کافی دلیل ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس پر لعنت کی ہے چنانچہ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں۔

اَلدُّنْیَا مَلْعُوْنَۃٌ مَلْعُوْنٌ مَافِیْھَا اِلَّا ذِکْرُ اللّٰہ وَمَا والَاہُ (دنیا ملعون ہے اور جو کچھ دنیا میں ہے وہ بھی ملعون ہے سوائے ذکر اللہ کے اور ان چیزوں کے جو ذکر کے تحت میں آتی ہیں) اور حق تعالیٰ سبحانہٗ کے انوار میں سے ایک نور ہے جس سے اہل حق کی ذوات کو سیراب ہوتی ہیں جس سے معارف کے انوار ان کی ذوات میں چمک اٹھتے ہیں اور باطل ظلمت ہے جس سے اہل باطل کی ذوات سیراب ہوتی ہیں جس سے ان کی عقلیں سیاہ' حق کے دیکھنے سے ان کی آنکھیں اندھی اور حق کے سننے سے ان کے کان بہرے ہو جاتے ہیں' بلکہ حق کا خیال نہ ان کی عقلوں میں اور نہ ذہنوں میں آتا ہے۔ ان کے نزدیک تو حق ایک معدوم شے کا نام ہے جو کبھی سننے میں نہ آئی ہو لہٰذا حق سے ان کی غفلت ایسی ہوتی ہے جیسے ذوی العقول معدوم اشیاء سے غافل ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اہل باطل کو اس دنیا کے آسمان اور زمین کے مشاہدہ کی فتح نصیب ہوتی ہے مگر انہیں صرف ان امور فانیہ کا مشاہدہ ہوتا ہے جو اجرام حادثہ اور ان کی ہیئت سے تعلق رکھتے ہیں جیسے کہ احکام نجوم میں ذکر کئے جاتے ہیں مثلاً فلاں ستارہ کا مقام فلاں فلک میں ہے اور یہ کہ جب اس کا قِران فلاں ستارہ سے ہوتا ہے تو ایسا ہوتا ہے یا مثلاً یہ کہ عربی زبان برج عقرب کی طرف منسوب ہے اور فارسی زبان مریخ کی طرف وغیرہ وغیرہ۔

لیکن انہیں قبر نبی ﷺ اور وہ نور جو وہاں سے پھیل کر قبہ برزخ تک جا پہنچتا ہے یا مثلاً اولیاء عارفین کی ذوات مبارکہ یا ارواح مومنین جو صحنہائی قبور میں ہیں یا مثلاً ملائکہ' محافظین کرام کاتبین اور وہ فرشتے جو اپنی باری پر آتے رہتے ہیں اور اس کے علاوہ وہ اسرار حق جو وصول الی اللہ کا سبب و ذریعہ ہیں اور ان کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں رکھ دیا ہے۔ یہ تمام چیزیں ان پر نہیں کھلتیں اور نہ یہ چیزیں کبھی ان کی عقل میں آتی ہیں۔ اس کا سبب یہی ہے کہ حق تعالیٰ نے انہیں ظلمتوں سے سیراب کیا ہے اور حق کی معرفت سے انہیں بالکل بے تعلق بنا رکھا ہے ایسا یہاں تک کہ اگر کوئی اہل باطل کسی تختی کو دیکھے جس میں کلام اللہ لکھی ہوئی ہو ایسی کلام جو نور اور سینوں کے امراض کی شفا ہے تو یہ شخص اپنی تاریک بصیرت سے صرف تختی کا جرم ہی دیکھ سکے گا۔ کلام پاک کے لکھے ہوئے حروف اسے دکھائی نہ دیں گے۔ اسی طرح اہل ظلام حق سبحانہٗ کے وہ اسرار دکھائی نہ دیں گے جو اللہ تعالیٰ نے آسمان میں وضع کر رکھے ہیں اور نہ ہی کسی فرشتہ کو دیکھ سکیں گے اور نہ ہی ان کی تسبیح کو سن سکیں گے اور نہ ہی جنت' قلم' لوح اور نہ ان انوار کا مشاہدہ کر سکیں گے۔

جو قلم سے خارج ہوتے ہیں اور نہ ہی حق سبحانہ کو پہچان سکیں گے جو ان کے خالق ہیں۔ مختصر یہ کہ حق سبحانہٗ نے انہیں اپنی ذات اور ہر چیز سے محجوب کر رکھا ہے جو اللہ تک پہنچانے کا سبب ہو اور ان پر وہ تمام امور کھول دیئے جاتے ہیں جو ان کے لئے مضر اور غیر مفید ہوں لہٰذا عالم علوی کے متعلق فلاسفہ کی اطلاع اسی قسم کی ہے اور اس سلسلہ میں وہ جو کچھ بھی حکم لگاتے ہیں سب خطا ہے اس لئے کہ وہ ان احکام

نجوم کی طرف منسوب کرتے ہیں حالانکہ ان کا فاعل اللہ تعالیٰ ہے جو نجوم کا خالق ہے اسی لئے آنحضرت ﷺ اپنے رب کی طرف سے فرماتے ہیں بعض میرے بندے مجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور بعض کافر ہیں۔ چنانچہ جو یہ کہتا ہے کہ ہم پر اللہ کے فضل ورحمت سے بارش نازل ہوئی تو یہ شخص مجھ پر ایمان رکھنے والا اور کواکب پر ایمان لانے سے انکار کرنے والا ہے مگر جو یہ کہے کہ ہمیں فلاں ستارہ کے گرنے کی وجہ سے بارش ہوئی تو یہ شخص مجھ سے کفر کرنے والا اور ستاروں پر ایمان رکھنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فلاسفہ کو اپنی معرفت سے حجاب میں ڈال رکھا ہے اور ان کی عقلوں کو کواکب کی طرف لگا رکھا ہے تا کہ اسی میں لگے رہیں۔ تا کہ اللہ تعالیٰ کا وعید ازلی ان پر جاری ہو۔ علاوہ ازیں احکام نجوم کا جو ربط یہ لوگ بیان کرتے ہیں' اگر چہ یہ درحقیقت اللہ کے فعل سے ہی ہوتا ہے پھر بھی اس کا صرف ایک حصہ درست نکلتا ہے اور اکثر و بیشتر حصہ غلط نکلتا ہے۔

مگر اہل حق کو دونوں طرح کی فتح نصیب ہوتی ہے۔ پہلی قسم کی فتح تو ان تمام امور کی فتح ہے جو اہل ظلام کو اس دنیا کے آسمان وزمین کے متعلق حاصل ہوتی ہے چنانچہ ولی کو اس فتح سے ساتوں آسمان اور ساتوں زمینوں کا اور ان تمام چیزوں کا مشاہدہ نصیب ہوتا ہے جو آسمانوں اور زمینوں میں پائی جاتی ہیں اور وہ ان تمام افعال کا بھی مشاہدہ کرتا ہے جو لوگ اپنے گھروں اور محلوں میں کرتے ہیں۔ صاحب فتح ان کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھتا بلکہ اپنی چشم بصیرت سے دیکھتا ہے جس کے سامنے نہ کوئی پردہ حائل ہوسکتا ہے اور نہ کوئی دیوار اسے روک سکتی ہے۔ اسی طرح صاحب فتح آئندہ آنے والے واقعات کو دیکھ لیتا ہے۔ مثلاً یہ کہ فلاں ماہ یا فلاں سال میں یوں واقع ہوگا۔ اسی قسم کی فتح میں اہل ظلام کسی حد تک برابر ہوتے ہیں اسی لئے کہتے ہیں کہ کشف ولایت کا کمزور ترین مرتبہ ہے' کیونکہ کشف اہل حق اور اہل ظلمت دونوں کے ہاں پایا جاتا ہے اور اس قسم کی فتح والے کے لئے جب تک کہ وہ اس مرحلہ سے نکل کر اگلے مرتبے اور مقام تک نہ پہنچ جائے ہر وقت خطرہ رہتا ہے کہ کہیں حق سبحانہٗ سے تعلق منقطع ہو کر وہ اہل ظلمت سے نہ جا ملے۔

دوسری قسم کی فتح یہ ہے کہ اسے اسرار حق کا مشاہدہ حاصل ہو جن سے اہل ظلمت کو حجاب میں رکھا گیا ہے۔ چنانچہ صاحب فتح اولیاء عارفین کا مشاہدہ کرتا ہے ان سے باوجود بُعد مسافت کے اس طرح باتیں کرتا ہے جس طرح ایک ہمنشین دوسرے ہمنشین سے۔ اسی طرح وہ قبروں کے اوپر ارواح مومنین کا مشاہدہ کرتا ہے۔ نیز کرام کاتبین' ملائکہ' برزخ اور برزخ کی میت ارواح کا مشاہدہ کرتا ہے اور اسے قبر نبی ﷺ اور نور کے اس عمود کا مشاہدہ حاصل ہوتا ہے جو مزار مبارک سے نکل کر قبہ برزخ تک جاتا ہے چنانچہ جب اسے بیداری[1] میں ذات نبی ﷺ کا مشاہدہ حاصل ہو جاتا تو شیطان کے تلاعب سے محفوظ ہو جاتا ہے کیونکہ اسے رحمت الٰہی میں اجتماع حاصل ہو گیا ہے یعنی سیدنا و مولانا محمد ﷺ سے پھر آنحضرت ﷺ کے ساتھ اس کا اجتماع حق سبحانہٗ کی معرفت اور اس کی ذات ازلی کے مشاہدہ کا سبب بنتا ہے۔ اس لئے کہ ولی دیکھتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی ذات شریفہ حق سبحانہٗ میں مستغرق اور اس کے مشاہدہ کے لئے فریفتہ ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ کی ذات شریف کی برکت سے ولی کا تعلق ہمیشہ حق سبحانہٗ سے رہتا ہے اور وہ بتدریج ترقی کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اسے مشاہدہ حق' اسرار معرفت اور انوار محبت حاصل ہو جاتے ہیں۔ یہی دوسری قسم کی فتح اہل باطل کے درمیان امتیازی علامت ہے کیونکہ پہلی قسم کی فتح تو جس طرح اہل حق کو حاصل ہوتی ہے' اہل باطل کو بھی حاصل ہوتی ہے چنانچہ اہل باطل کو امور فانیہ کا مشاہدہ حاصل ہوتا ہے اور وہ ان میں تصرف کرنے پر قادر ہو جاتے ہیں لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ وہ پانی پر چل سکتا ہے اور ہوا میں اڑ سکتا ہے اور غیب سے اسے رزق بھی آتا ہے' حالانکہ وہ اللہ کا منکر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نور کو پیدا کیا ہے اور نور سے فرشتوں کو پیدا کیا اور اہل نور کے لئے کچھ مددگار

ومعاون بھی مقرر کر دیئے جو توفیق' سیدھی راہ چلنے اور کرامات کرنے میں ان کی مدد کرتے ہیں۔ اسی طرح اللہ نے ظلمتیں پیدا کیں اور ان سے شیاطین کو پیدا کیا اور شیاطین کو اہل باطل کا مددگار بنا دیا تا کہ وہ ان کے لئے استدراج اور مزید خسارہ کے باعث بنیں اور خوارق عادت کرنے میں ان کی مدد کریں۔

ابراہیم خواص' ۲۹۱ھ اور یہودی کا قصہ:

حضرت نے فرمایا کہ اس یہودی کی حکایت جو ابراہیم خواص[2] کے ساتھ تھا' اسی پر متفرع ہوتی ہے۔ اس طرح کہ ان کا کشتی میں ساتھ ہو گیا اور ایک دوسرے سے تعارف ہونے کے بعد وہ ایک دوسرے کے رفیق بن گئے۔ چنانچہ یہودی نے کہا اگر تیرا دین سچا ہے تو سمندر پر چل کر دکھا اور میں بھی چل کر دکھاتا ہوں۔ چنانچہ یہودی نے پانی پر چلنا شروع کر دیا۔ ابراہیم خواص نے دل میں کہا اگر مجھ پر یہودی غالب آ گیا تو آج ذلت ہوگئی۔ یہ کہہ کر سمندر میں کود پڑا اور یہودی کی طرح پانی پر چلنے لگا۔ اس کے بعد وہ سمندر سے نکل آئے تو یہودی نے ابراہیم خواص سے کہا میں اس سفر میں آپ کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں۔ ابراہیم نے کہا کہ تمہاری مرضی۔ یہودی نے کہا اس شرط پر کہ نہ تو ہم مسجد میں داخل ہوں' کیونکہ مجھے مسجد پسند نہیں اور نہ گرجے میں اس لئے کہ وہ تجھے پسند نہیں اور نہ شہر میں جائیں تا کہ لوگ یہ نہ کہیں دیکھو ایک مسلمان اور ایک یہودی کا باہم ساتھ ہے۔ لیکن ہم جنگلوں اور چٹیل میدانوں میں سفر کریں گے اور اپنے ساتھ کوئی زادراہ بھی نہ لیں گے۔ ابراہیم نے کہا: ایسا ہی کرلو۔ چنانچہ دونوں جنگلوں میں نکل گئے اور تین دن تک انہوں نے کچھ نہ کھایا۔ چنانچہ وہ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک کتا چل کر یہودی کی طرف آیا اور اس کے منہ میں تین روٹیاں تھیں جو اس نے یہودی کے سامنے ڈال دیں اور چلا گیا۔ ابراہیم کہتے ہیں کہ اس یہودی نے مجھے کھانا پیش کیا' مگر میں نے نہ کھایا اور میں بھوکا رہا۔ اس کے بعد میرے پاس ایک نہایت ہی خوبصورت اور خوشبو سے مہکتا ہوا نوجوان آیا جس کے پاس اس قسم کا کھانا تھا کہ کبھی دیکھنے میں نہ آیا ہوگا۔ اس نے وہ کھانا میرے سامنے رکھ دیا اور چلا گیا۔ میں نے یہودی کو کھانے کی دعوت دی مگر اس نے انکار کر دیا۔ میں نے کھانا کھالیا۔ یہودی نے کہا میرا اور تیرا دین دونوں حق ہیں۔ دونوں اللہ تک پہنچاتے ہیں اور دونوں کا ثمر بھی ہے' مگر تمہارا دین زیادہ رقیق ہے' زیادہ لطیف اور خوشنما ہے۔ لہٰذا مجھے اجازت ہو تو میں اس میں داخل ہو جاؤں۔ چنانچہ وہ یہودی مسلمان ہو گیا اور محققین صوفیہ میں سے ہوا۔ ابو نعیم[3] نے حلیہ میں یہ حکایت ابراہیم خواص کے تذکرہ میں اسی طرح دی ہے۔

میں نے حضرت سے اس یہودی کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا کہ ان کے پاس کچھ بھی نہیں۔ ان سے تو شیاطین کھیل کر ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان کی عبادت کا ثمرہ ہے۔ اس کے بعد حضرت نے وہی پہلی بات دہرائی کہ اہل حق کا کیا حال ہے اور اہل باطل کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فلسفہ اور نجوم کی اصل:

حضرت نے فرمایا کہ فلسفہ اور عالم علوی کے احکام کی اصل یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں ایک آدمی ان پر ایمان لایا اور آپ کو جو مشاہدے ملکوت سمٰوٰت وارض کے ہوا کرتے اور ان کے متعلق جو باتیں آپ ذکر فرمایا کرتے ان کو وہ سنا کرتا تھا۔ چنانچہ

ہوتے ہوتے اسے بھی فتح نصیب ہوگئی اور جو کچھ اس نے دنیا کا مشاہدہ کیا وہیں ٹھہر گیا اور حق سبحانہٗ سے تعلق منقطع کرلیا اور خَسِرَ الدُّنیَا وَالْآخِرَۃَ کا مصداق بن گیا۔ عالمِ علوی کا مشاہدہ کر کے وہ اس پر بہت اِتراتا۔ ستاروں کے منازل کا ذکر کر کے ان پر احکام کا ربط قائم کرتا اور وہ دین ابراہیم سے پھر گیا جن لوگوں کو اللہ نے رُسوا کرنا چاہا انہوں نے یہ علم اس شخص سے سیکھ لیا اور ہوتے ہوتے فلاسفہ ملعون تک پہنچا حضرت نے فرمایا کہ وہ شخص سخت عذاب میں مبتلا ہوا اس لئے کہ اس نے لوگوں کو غیر اللہ کی راہ دکھائی اور جو غیر اللہ کی راہ دکھائے گا وہ لوگوں کا تعلق اللہ سے توڑ دے گا۔

حضرت نے فرمایا کہ رسالت اور نبوت کا ایک ہی خاصہ و فائدہ ہے اور وہ اللہ کی راہ بتانا اور لوگوں کو اللہ پر جمع کرنا ہے۔ فرض کرو کسی کو نبوت و رسالت دی جائے اور وہ بفرض محال غیر اللہ کا راستہ دکھانے یا لوگوں کو اپنا گرویدہ بنانے اور اللہ سے لوگوں کا تعلق توڑنے لگے تو اس کا حکم بھی اسی مذکورہ شخص کا سا ہوگا۔ حالانکہ نبی سے ایسا ہونا قطعاً ناممکن اور محال ہے مگر ہم نے اس امر محال کو فرض کے درجے میں محض غیر اللہ کی طرف راہ دکھانے سے نفرت دلانے کے لئے اس قدر مبالغہ سے بیان کیا ہے۔

اس کے بعد ہم فاس کے دروازے باب الحدید کے پل پر چل رہے تھے کہ حضرت نے فرمایا اس پل کا کیا فائدہ ہے؟ میں نے عرض کیا تا کہ اس پر چل کر دریا کی گہرائیوں سے نجات پائیں اور چلنے والے دوسری طرف کی زمین تک جا پہنچیں۔

پھر فرمایا: فرض کرلو اگر پل کا یہ فائدہ نہ رہے تو پھر یہ پل محض نقصان دہ ہوگا۔ میں نے عرض کیا: جی ہاں۔

حضرت نے فرمایا: انبیاء و مرسلین، ملائکہ مقربین اور عباد اللہ الصالحین کا بھی یہی حال ہے کہ ان سے فائدہ اللہ کی طرف راہبری کرنا اور لوگوں کو اللہ پر لا جمع کرنا ہے اور اگر یہ فائدہ اٹھ جائے تو ان کا حال بھی پل کا سا ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ولی آئندہ آنے والے واقعات کے متعلق بہت کم بات کرتے ہیں:

حضرت نے فرمایا کہ کاملین اہل حق سے اگر آئندہ آنے والے حوادث کے متعلق سوال کیا جائے تو اس کے متعلق بہت کم بات کریں گے اس لئے کہ یہ ان کا پہلا مشاہدہ ہوتا ہے اور حق سبحانہٗ کا مشاہدہ اس کے بعد انہیں حاصل ہوتا ہے۔ لہٰذا پہلے مشاہدہ کو وہ باطل سمجھتے ہیں اس لئے وہ نہ اسے پسند کرتے ہیں اور نہ اس کے متعلق گفتگو کرنا پسند کرتے ہیں۔ نیز اس لئے بھی کہ دنیا اور دنیوی واقعات اللہ کے ہاں ناپسند کئے جاتے ہیں۔ لہٰذا جسے اللہ ناپسند کرے اسے یہ لوگ بھی ناپسند کرتے ہیں اور جب ان واقعات کے متعلق زبان کھولتے ہیں تو اپنے مقام سے نیچے اُتر کر کھولتے ہیں۔ ایسے سمجھ لو جیسے کوئی ثریا سے اُتر کر ثریٰ میں آ پہنچا ہو کہ حوادث دنیا کا درجہ تو اہل غلام کا درجہ ہے۔

نیز اس لئے کہ کاملین کو مشاہدہ حق سبحانہٗ کے انوار کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے اور نور حق میں زمان و مکاں اُٹھ جاتا ہے اسی لئے وہاں نہ ماضی ہوتا ہے نہ حال اور نہ مستقبل۔ لہٰذا ولی کو نور حق کے ذریعہ سے زیادہ سے زیادہ اتنا معلوم ہوتا ہے کہ فلاں حادثہ یقیناً واقع ہوگا۔ اس بات کی فتح کہ وہ حادثہ فلاں دن واقع ہوگا، انہیں اسی صورت میں حاصل ہوتی ہے جب وہ اُتر کر اس مقام تک پہنچ جائیں جہاں زمانہ اور زمانہ کی ترتیب کا اعتبار کیا جائے اور یہ نور حق کے مقابلہ میں ان کے نزدیک حکمت ہے۔ ایسا کرنے والے کی مثال سورج کی سی ہے جب وہ اپنے آسمان سے اُتر کر زمین پر آ جائے اور اپنی آنکھوں کے سامنے آئینہ کو رکھ کر اس میں دیکھنے لگے۔

میں نے عرض کیا حق سبحانہ کو آئندہ آنے والے واقعات اور ان کی ترتیب کا علم ہے اسے ماضی حال اور آئندہ جو کچھ ہونے والا ہے

سب کا علم ہے اور ولی چونکہ نور حق سے دیکھتا ہے اس لئے اسے بھی درجہ ظلمت تک اترنے کے بغیر ان امور کا علم ہونا چاہیے۔

حضرت نے فرمایا چونکہ حق سبحانہ کا علم ہر چیز پر محیط ہے اس لئے انہیں ان تمام امور کا علم ہوتا ہے اور حق تعالیٰ قوی ہیں اور بندہ ضعیف ہے۔ مختصر یہ کہ اللہ پر بندہ کا قیاس نہیں ہوسکتا اسی لئے حضرت خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا میرے اور تمہارے علم کی وجہ سے اللہ کے علم میں اس قدر کمی واقع ہوئی ہے جس قدر کہ سمندر میں سے چڑیا کے چونچ بھرنے سے واقع ہو۔

فرمایا: بعض اوقات ولی آئندہ آنے والے حوادث کا ذکر کرتا ہے تو اپنے درجہ سے اُتر کر ان کا ذکر کرتا ہے لیکن یہ معصیت نہیں البتہ اس میں کم ہمتی اور بلند مقام سے تنزل ضرور پایا جاتا ہے اور اگر آنحضرت ﷺ کی خدمت میں ہوتے ہوئے حوادث دہر کی خبر دینا شروع کردے تو بے ادبی بھی ہے اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کا یہ دستور نہ تھا (کہ واقعات وحوادث کے متعلق پیش گوئی کرتے رہیں) اس کے باوجود بہت سے اولیاء کامل جب ان امور کا ذکر کرتے ہیں تو اس لئے کرتے ہیں کہ تقدیر کے حکم کا ان پر غلبہ ہوتا ہے اور یہ کہ حق تعالیٰ جو کام کرنا چاہتے ہیں اس میں انہیں تصرف عطا کرتے ہیں' کیونکہ اولیاء اللہ حق کے مظاہر ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہی وجہ ہے کہ اکثر لوگوں کو اولیاء کی معرفت اور صحبت سے ضرر پہنچتا ہے۔ معرفت سے تو اس لئے کہ اکثر لوگ فتح رحمانی اور فتح شیطانی میں فرق نہیں کرتے اور خیال کرتے ہیں کہ ہر وہ کشف جو ان کے علم سے باہر ہو اور وہ خارق عادت جو ان کی طاقت سے باہر ہو وہ اس شخص کے کامل' اہل حق اور ولی ہونے پر دلالت کرتا ہے جس کے ہاتھوں وہ خارق عادت ظاہر ہو۔ چنانچہ ایک فریق صاحب کشف لوگوں کی ولایت کا معتقد ہے اور اسی کو انتہا سمجھتا ہے جو بظاہر نماز روزہ کے پابند ہوں خواہ ان کا باطن حق سے خالی اور غیر اللہ کی طرف ہی لگا ہو۔

ولی کی صحبت سے ضرر اس لئے ہوتا ہے کہ بعد ازاں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک انسان کو ایک ولی کامل کی صحبت عطا کی ہے وہ اس ولی سے اصل مطلب کو برعکس کر دینا چاہتا ہے' کیونکہ ولی کی صحبت کا اصل مقصد تو معرفت الٰہی ہے اور یہ کہ ولی اسے ان تمام امور سے بچائے جو اللہ سے قطع تعلق کرا دیتے ہیں اور جب دنیا اور اس کی زیب وزینت کی طرف میلان اللہ سے قطع تعلق کرنے کا سب سے بڑا سبب ہے لہٰذا جب کوئی انسان ولی سے حاجات کے پورا کرنے کا مطالبہ کرے اور دنوں تک بلکہ سالہا سال تک ایسا کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کی معرفت کے متعلق قطعاً سوال نہ کرے تو وہ ولی اس سے ناراض ہو جاتا ہے لہٰذا اگر یہ شخص کسی مصیبت کے نازل ہونے سے بچ جائے تو غنیمت سمجھو۔ اس کی کئی وجوہ ہیں۔ پہلے تو یہ کہ ولی کے ساتھ اس کی محبت اللہ کے لئے نہیں بلکہ اوپری سی محبت ہے جو خسران مبین کا سبب ہے جس کے ساتھ ساتھ وسوسے ہوتے ہیں اور شیاطین حاضر ہوتے ہیں اور اس محبت پر نور حق کبھی نازل نہیں ہوتا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ دنیا سے اس کے تعلق کی وجہ سے ولی دیکھتا ہے کہ اس کا تعلق اللہ سے کٹ چکا ہے لہٰذا وہ اسے اس بے تعلقی سے نجات دلانا چاہتا ہے مگر انسان اس بے تعلقی کو بڑھانا چاہتا ہے۔ تیسرے یہ کہ جب ولی اس کی حاجت براری میں اس کی موافقت کرتا ہے اور اس کے لئے کچھ کشف کی باتیں بیان کرتا ہے تو انسان کو دھوکہ لگ جاتا ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ ولی سے یہی مانگنا چاہیے حالانکہ یہ تمام گمراہی اور وبال کی باتیں ہیں۔

حضرت نے فرمایا: ولی کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی کمہار ہو اور وہ برتن بنانے میں ہاتھوں اور اعضاء کو حرکت دیتا رہے اور اس کے باوجود اس کے پاس وہ خزانے ہوں جن کی لوگوں کو ضرورت ہے۔ مثلاً رزق وغیرہ اور ان خزانوں کے ہونے کے باوجود اس کا دل ان سے متنفر ہے نہ اسے کبھی ان کا خیال آتا ہے اور نہ انہیں کوڑی کے برابر بھی سمجھتا ہے۔ اس کی یہی خواہش ہو کہ وہ اپنے ظروف اور ظروف سازی

ے متعلق باتیں کرتا رہے اور جو شخص اس سے کسی اور بات کے متعلق گفتگو کرے وہ اس سے بہت ہی نفرت بلکہ بغض رکھے یہاں تک کہ
کرہ ہو کہ کہیں اس متکلم کو اس شخص سے نقصان نہ ہو جائے پس اگر اس کے پاس دو شخص آئیں جنہیں اس کی حالت کا علم ہو اور یہ بھی معلوم
کہ وہ ظروف سازی کے سوا کسی اور بات میں گفتگو کرنے کو ناپسند سمجھتا ہے اور دونوں اس سے کچھ خزانہ حاصل کرنا چاہیں تو دونوں میں
ے عقلمند وہ ہوگا جو اس سے ظروف سازی کے متعلق گفتگو کرے گا کہ برتن کیسے بنائے جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ وہ شخص اس سے محبت کرنے لگ
ئے۔ اب اس کے بعد اگر یہ شخص اس سے کچھ خزانہ مانگے تو وہ آسانی سے اسے دے دے گا اور اسے کوئی ضرر نہ پہنچے گا اور غیر موفق وہ
ں ہوگا جو آتے ہی اس سے خزانے مانگنے لگ جائے اور انہی کے متعلق باتیں کرے تو یہ شخص اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھے گا اگر وہ شخص
ی مار کر اس کا سر نہیں پھوڑ دیتا۔ اسے جان بچانے کی ہی غنیمت سمجھنا چاہیے۔

یہی حال ولی کا ہے۔ اللہ کی معرفت اور ان چیزوں کی معرفت کے سوا جو اللہ تک پہنچائیں نہ کوئی اس کا پیشہ ہے اور نہ کوئی صنعت۔
سی اور بات میں نہ کلام کرنا چاہتا ہے نہ کوئی اور صحبت اور مجلس اس کو بھاتی ہے' خدا تک پہنچنے کے سوا کوئی اور اس کا مقصد نہیں اور نہ کسی اور
قرب حاصل کرنا اس کی خواہش ہے۔ لہٰذا جس شخص نے ان باتوں کے لئے ولی سے معرفت حاصل کی اس نے دنیا و آخرت کا فائدہ
صل کر لیا اور جس نے کسی اور غرض سے ولی سے معرفت حاصل کی وہ اس کے برعکس ہوگا۔

ادث دنیا کیوں باطل ہیں؟

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ حوادث دنیا کیوں باطل قرار دیئے گئے ہیں حالانکہ یہ امور واقعی ہیں جن کا ہم مشاہدہ کرتے ہیں
حواس کے ذریعہ سے ان کا ادراک بھی ہوتا ہے اور باطل تو وہ ہے جس کی اصل وحقیقت نہ ہو۔

حضرت نے دیوار کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کیا ہم اس دیوار کا مشاہدہ نہیں کر رہے حالانکہ یہ دیوار فانی ہے اور زائل ہونے والی
اور ہم اس کے رب کو نہیں دیکھ سکتے جو اس کا پیدا کرنے والا اور اسے اپنی قدرت سے کھڑا رکھنے والا ہے۔ حالانکہ وہ دائمی زندہ اور اسے
تا ہے اور نہ موت اور وہ ہم سے شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے اور وہ ہمارا خالق بھی ہے اور جیسا چاہے ہم میں تصرف بھی کر سکتا ہے۔
اسی قسم کی دیوار کا مشاہدہ جو نہ سود مند ہے نہ ضرر رساں حق سبحانہٗ کے عدم مشاہدہ کے مقابلہ میں ایک باطل مشاہدہ ہے اور یہ بطلان
انی امر ہے یعنی جس چیز کا ہم مشاہدہ کر رہے ہیں وہ اس چیز کے مقابلہ میں جس کا ہم مشاہدہ نہیں کر رہے کالعدم ہے۔ ہم پہلے بیان کر
ے ہیں کہ حروف دیکھنے کے بغیر لوح کا مشاہدہ باطل مشاہدہ ہے لہٰذا جس پر اللہ کی رحمت ہو جائے اسے اللہ تعالیٰ اپنی ذات بلند اور صفات
حال پاک کا مشاہدہ کرا دیتے ہیں اور اس کا تعلق اللہ سے ہو جاتا ہے اور اسے ایسی زندگی عطا ہو جاتی ہے جس کے بعد نہ کوئی بدبختی ہے
نہ کوئی موت اس لئے کہ جب فانی کا باقی سے تعلق ہو جاتا ہے تو اس کی بقاء کی وجہ سے اسے بھی بقا نصیب ہو جاتی ہے۔ حضرت نے اسی
م کی اور باتیں بیان فرمائیں جن کی طرف پہلے اشارہ ہو چکا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ح اول میں اہل حق اور اہل باطل میں فرق:

حضرت نے فرمایا کہ اگرچہ پہلی قسم کی فتح میں اہل باطل اور اہل حق مشترک ہوتے ہیں مگر ان کا مقصد الگ الگ ہوتا ہے کیونکہ اہل

باطل کو فتح عطا کرنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ انہیں اللہ تعالیٰ کے دروازے سے دھکیل دیا جائے اور اس کے دروازہ سے روک دیا جائے کیونکہ ان پر اللہ کا غضب ہے اور اللہ نے انہیں اپنے سے کاٹ کر غیر سے تعلق قائم کر دیا ہے اور ڈھیل دینے اور استدراج کی غرض سے اللہ تعالیٰ خوارق عادت سے ان کی مدد فرماتے ہیں تا کہ وہ سمجھیں کہ وہ بھی کچھ ہیں۔

اور اہل حق کو یہ فتح عطا کرنے کا مقصد یہ ہے کہ تا کہ انہیں اللہ سے اور محبت ہو اور انہیں ایک مرتبہ سے دوسرے مرتبہ تک ترقی دے۔ اس طرح کہ اللہ نے ان کے لئے دروازہ کھول دیا ہوتا ہے۔ حجاب کو دور کر دیا ہوتا ہے اور ان کے دلوں کو اپنی ذات کی طرف لگا رکھا ہوتا ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ ان کی ان خوارق سے مدد فرماتے ہیں تا کہ ان کی بصیرت قوی اور معرفت مضبوط ہو جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

فَاَمَّاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِیْمَانًا وَّهُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ وَ اَمَّا الَّذِیْنَ فِی قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰی رِجْسِهِمْ وَمَا تُوْاوَهُمْ كَافِرُوْنَo

پس جو لوگ ایمان لاتے ہیں آیات قرآنیہ نے ان کا ایمان بڑھا دیا اور وہ خوش ہیں مگر جن کے دلوں میں شکوک کا مرض ہے تو آیتوں نے ان کی پلیدی پر پلیدی بڑھا دی (اور وہ اسی پر جمے رہے) تا آنکہ کفر کی حالت میں مرے۔

بعض اوقات چھوٹے ولی کو بڑے ولی سے زیادہ مکاشفہ ہوتا ہے:

حضرت نے فرمایا کہ بعض اوقات چھوٹے ولی کو حوادث کا مکاشفہ بہ نسبت بڑے ولی کے زیادہ ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ بڑا ولی ان حوادث سے غافل ہو کر اس سے زیادہ قوی چیز یعنی مشاہدہ حق میں مشغول ہوتا ہے۔ برخلاف چھوٹے ولی کے کہ اس کا ارادہ ہی انہی کا ہوتا ہے کیونکہ اس کے مشاہدہ کا محل وہی ہے اور اگر چہ اسے بھی مشاہدہ حق میں حاصل ہوتا ہے مگر وہ بڑے ولی جیسا نہیں ہوتا۔ حاصل یہ کہ بڑے ولی کا مشاہدہ حق زیادہ قوی اور مشاہدہ خلق کمزور ہوتا ہے' برعکس چھوٹے ولی کے کہ اس کا مشاہدہ حق قوی اور مشاہدہ حق کمزور ہوتا ہے۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے قصے کی یہی توجیہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے اور وہاں کشتی' بچے اور دیوار کا ذکر کیا ہے کیونکہ ان امور کا علم حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس لئے نہ تھا کہ وہ اس سے زیادہ قوی یعنی حق سبحانہٗ کے مشاہدہ میں مشغول تھے لہٰذا موسیٰ علیہ السلام کو ان امور کا علم نہ ہونا بھی انتہا درجہ کا کمال ہے۔ پھر فرمایا کہ خضرؑ کے ساتھ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی بادشاہ کے دو غلام ہوں ایک کو بادشاہ نے اپنے پاس رکھا ہو اور اسے اپنا ہمنشین بنا لیا ہو اور اس کا یہی کام ہو کہ وہ بادشاہ کے سامنے کھڑا رہے اور اس کے چہرے کی طرف دیکھتا رہے جب بادشاہ نکلے یہ بھی ساتھ نکلے اور جب داخل ہو تو یہ بھی داخل ہو' کھائے تو اس کے ساتھ اور پیئے تو اس کے ساتھ اور اسی کے ساتھ باتیں کرے اور دوسرے غلام کو بادشاہ نے اپنی رعیت کے معاملات میں تصرف کرنے کا اختیار دے رکھا ہو۔ چنانچہ وہ رعیت کے پاس جا کر بادشاہ کے احکامات جاری کرے گا اور ان کے ساتھ ان کے معاملات اور ان کی مصلحتوں کے متعلق گفتگو کرے گا اور بعض احکام جاری کرنے کی غرض سے وہ مدت تک بادشاہ سے غائب بھی رہے گا۔ اب اس بات میں شک نہیں کہ پہلا غلام دوسرے غلام کے مقابلہ میں بادشاہ کا زیادہ مقرب اور اس کی ذات کے اسرار سے زیادہ واقف ہوگا مگر اس کے باوجود اگر اس سے رعیت کے کسی معاملہ متعلق دریافت کیا جائے کہ آمد و خرچ کیا ہے بالخصوص جب کہ رعایا پایہ تخت سے دور ہو تو اسے ان کے متعلق پہلے کے مقابلہ میں کچھ علم

ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام کا یہی حال تھا کہ موسیٰ علیہ السلام پہلے غلام کی طرح ہیں اور سیدنا خضرؑ دوسرے غلام کی طرح' اس لئے کہ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کا مرتبہ خضر سے بڑا ہے اس لئے کہ وہ اللہ کے رسول' کلیم اور صفی ہیں۔

خضر علیہ السلام نبی نہ تھے:

میں نے سوال کیا کیا خضر علیہ السلام نبی تھے؟ جیسا کہ بعض علماء کا خیال ہے۔ یہاں تک کہ حافظ ابن حجرؒ نے بخاری کی شرح میں فرمایا ہے ہمیں یہی اعتقاد رکھنا چاہیے کہ خضرؑ نبی تھے تا کہ غیر نبی کا نبی سے زیادہ عالم ہونا لازم نہ آئے۔

حضرت نے فرمایا خضرؑ نبی نہ تھے وہ تو ایک بندہ تھے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی معرفت سے سرفراز کیا تھا اور مخلوق میں تصرف کرنے کا اختیار دیا تھا اور اسے اللہ تعالیٰ نے تمام وہ تصرف اور کمال عطا کیا تھا جو اُمت محمدیہ ﷺ میں غوث کو عطا ہوتا ہے۔ خضر کو یہ بات بغیر کسی پیر اور بغیر راہ طریقت پر چلنے کے حاصل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں براہ راست سب کچھ عطا کیا تھا۔ یہی ان کا مرتبہ تھا جو نبوت اور رسالت کے مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتا اور مذکورہ بالا قصے میں خضرؑ کا واقف اور موسیٰ کا ناواقف ہونا اس شبہ کا موجب نہیں ہوسکتا کہ غیر نبی کا علم نبی کے علم سے زیادہ تھا۔ اس لئے کہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام مشاہدہ حق میں مشغول تھے اور مشاہدہ حق کا نہ کوئی بدل ہوسکتا ہے اور نہ کوئی مثال۔ اس لئے خضرؑ کو نبی ماننے کی ضرورت نہیں۔

میں نے عرض کیا جو علماء ان کی نبوت کے قائل ہیں انہوں نے اس آیت سے استدلال کیا ہے وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ اَمْرِی ذَالِکَ تَاوِیْلُ مَالَمْ تَسْتَطِعْ عَلَیْهِ صَبْرًا (میں نے یہ کام اپنی مرضی سے نہیں کیا (بلکہ بحکم خدا کیا ہے) جن امور پر تو صبر نہیں کر سکا ان کی یہی تاویل ہے) (قرآن مجید: سورہ کہف آیت ۸۶)

فرمایا: ہر غوث وقطب وغیرہ جو اصحاب تصرف ہیں جو کام یا تصرف بھی کرتے ہیں وہ اللہ ہی کے حکم سے کرتے ہیں مگر پھر بھی اسے رسالت یا نبوت نہیں کہا جاتا' مگر اکثر لوگ یہ بات نہیں سمجھتے۔

اس کے بعد حضرت نے بہت ہی نفیس بحث کی اور چونکہ یہ اسرار مکنونہ میں ہے اس لئے میں نے اسے تحریر نہیں کیا۔ خدا حضرت سے راضی ہو انہیں اللہ کی کس قدر معرفت حاصل تھی۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت نے جو یہ جواب دیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو ان امور کا علم نہ تھا اور جو راز اس کا بیان کیا ہے یہ ان اسرار الٰہیہ میں سے ہے جن کی معرفت پر لوگ شک کرتے ہیں وہ حکایات جو بعض پیروں کو اپنے مریدوں سے پیش آتی ہیں۔ ان کا بھی یہی حال ہے کیونکہ بعض اوقات پیر کامل اپنے مرید سے دنیا کے واقعات کا استفادہ کرتا ہے چنانچہ ایک شخص نے اپنے مرید کے متعلق کہا کہ جب سے فلاں شخص فوت ہوگیا ہے آسمان کی خبریں ہم سے جاتی رہیں یہاں تک کہ دوسرے مرید نے اس کی جگہ لے لی اور وہ بھی پہلے کی طرح خبریں دینے لگا تو پیر نے کہا جو بات گم ہوگئی تھی پھر آ گئی ہے۔ میں نے اس کامل اور اس کے دونوں مریدوں کا نام اس لئے نہیں لیا کہ اصل غرض کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مشاہدۂ نبوی ﷺ کی علامت:

حضرت نے فرمایا ہر چیز کی علامت ہوتی ہے اور اس بات کی علامت کہ کسی انسان کو بیداری میں آنحضرت ﷺ کا مشاہدہ حاصل

ہوا ہے یہ ہے کہ اس کی فکر ہر لحظہ اور ہر وقت آنحضرت ﷺ کی طرف لگی ہوئی ہو چنانچہ اس کی فکر نہ آنحضرت ﷺ سے کبھی غایب ہو اور نہ کوئی امر اس کی توجہ کو آنحضرت ﷺ سے ہٹا سکے اور نہ کسی اور بات میں وہ مشغول ہو چنانچہ کھائے تو اس کی فکر آنحضرت ﷺ سے لگی ہو۔ پیئے تو یہی حال ہو' جاگے تو بھی یہی حال ہو اور سوئے بھی تو یہی حال ہو۔

میں نے عرض کیا: کیا انسان کو حیلہ اور کسب سے یہ بات حاصل ہو سکتی ہے؟

حضرت نے فرمایا: نہیں کیونکہ اگر یہ انسان کے حیلہ اور کسب سے ہوتی تو جب کوئی امر صارف یا کوئی اور کام پیش آ جاتا تو اس پر آنحضرت ﷺ سے غفلت طاری ہو جاتی' لیکن یہ امر اللہ کی طرف سے ہوتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو لگائے رکھتا ہے اور اس کام میں اسے استعمال کرتا ہے اور بندے کو اس میں کوئی اختیار حاصل نہیں حتیٰ کہ اگر بندہ اس مشاہدہ کو دور کرنا چاہے تو نہیں کر سکتا۔ اسی لئے کوئی امر یا صارف اسے آپ سے نہیں ہٹا سکتے چنانچہ انسان کا باطن آنحضرت ﷺ کے ساتھ ہوتا ہے اور ظاہر لوگوں کے ساتھ۔ ان کے ساتھ باتیں کرتا ہے تو بغیر ارادہ کے اور کھاتا ہے تو بغیر قصد کے اور ظاہر میں جن امور کا مشاہدہ کرتا ہے انہیں بھی بلا قصد کرتا ہے۔ اس لئے کہ اعتبار زول پر ہے جو ان چیزوں کے ساتھ نہیں ہوتا۔ پس اگر کسی انسان کی مدت تک یہی حالت رہے تو اللہ تعالیٰ اسے بیداری میں آنحضرت ﷺ کا مشاہدہ عطا کرتے ہیں۔ مختلف لوگوں میں یہ مدت فکر مختلف ہوتی ہے۔ بعض لوگوں کو ایک ماہ لگتا ہے اور بعضوں کو کم اور بعض کو زیادہ۔

حضرت نے فرمایا: مشاہدہ نبی ﷺ ایک بہت بڑی بات ہے اور اس کا بہت بڑا مرتبہ ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ مدد نہ فرمائیں تو انسان اسے برداشت نہ کر سکے۔ اگر ہم فرض کر لیں کہ ایک شخص بہت طاقتور ہے کہ اس میں ایسے چالیس آدمیوں کی طاقت جمع ہو جو اپنی بہادری اور شجاعت کی وجہ سے شیر کو کان سے پکڑ سکتے ہوں پھر ہم فرض کریں کہ آنحضرت ﷺ اس شخص کی طرف نکل آئیں تو آنحضرت ﷺ کے دبدبہ اور رعب کی وجہ سے اس شخص کا جگر پھٹ جائے' اس کی ذات پگھل جائے اور رُوح نکل جائے اس قدر دبدبے اور رعب کے باوجود اس مشاہدہ میں وہ لذت پائی جاتی ہے کہ اس کی نہ کیفیت بیان ہو سکتی ہے اور نہ اس کا احاطہ ہو سکتا ہے حتیٰ کہ اہل مشاہدہ کے نزدیک یہ جنت میں جانے سے بھی افضل ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جو لوگ جنت میں جائیں گے انہیں جنت کی تمام نعمتیں عطا نہ ہوں گی بلکہ ہر شخص کے لئے مخصوص نعمتیں ہوں گی۔ برخلاف مشاہدہ نبی ﷺ کے کہ جب انسان کو مشاہدہ نبی حاصل ہو جاتا ہے تو اس کی ذات کو جنت کی تمام نعمتوں سے سیراب کیا جاتا ہے۔ چنانچہ بعینہٖ اسی طرح جس طرح جنت میں اہل جنت کو حاصل ہوگی اسے بھی ہر قسم اور ہر رنگ کی چیزوں کی لذت حاصل ہوگی اور جس ذات کے نور سے جنت ہی کی تخلیق ہوئی ہو اس کے حق میں تو یہ لذت ہیچ ہے۔

پھر فرمایا: ہر مشاہدہ میں صاحب مشاہدہ کو سیرابی حاصل ہوتی ہے اور جسے ہر دم ولحظہ یہ مشاہدہ حاصل رہے اس کے لئے سیرابی بھی دائمی ہوتی ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ میں شمائل ترمذی اور اس کی شروح کا مطالعہ کیا کرتا تھا۔ چنانچہ جب میں شارحین آنحضرت ﷺ کے رنگ' طول ذات' طول شعر' آپ کی چال اور آپ کے دیگر احوال کے متعلق اختلاف پاتا تو حضرت کی خدمت میں حاضر ہوتا اور ان سے حقیقت دریافت کرتا تو آپ اس طرح جواب دیتے جس طرح کوئی آنکھوں سے دیکھ رہا ہو اور مشاہدہ کر رہا ہو۔ اس قسم کی چند باتیں ہم باب اول کے آخر میں بیان کر آئے ہیں۔

حضرت کا ایک عجیب واقعہ یہ ہے کہ میں آپ سے اس قسم کے سوالات کر رہا تھا اور آپ درختوں کی صفائی کرنے اور ان چیزوں کو
ور کرنے میں لگے تھے جن کا رہنا درختوں میں مناسب نہیں اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میرے سوال کی طرف دھیان نہیں دے رہے تھے۔
بھی میں نے سوال ختم نہیں کیا ہوتا تھا کہ آپ فوراً اور بغیر سوچے جواب دیتے۔ اس میں حضرت کے مذکورہ بالا فرمان کی تائید ہوتی ہے کہ
عتبار باطن کا ہے اور ظاہراً جو کچھ بھی ہو وہ بلا قصد وارادہ ہے۔ لہٰذا درختوں کا صاف کرنا بھی آپ کے قصد وارادہ سے نہ تھا اور آپ کا باطن
للہ سبحانہٗ کی طرف لگا ہوا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کو جواب سوچنے کی ضرورت نہ پڑتی تھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مشاہدۂ الٰہی حاصل ہونے کی علامت:

حضرت نے فرمایا: کہ اس بات کی علامت کہ بندہ کو اللہ عزوجل کا مشاہدہ حاصل ہو چکا ہے یہ ہے کہ مشاہدہ نبی ﷺ کے بعد اس
کے دل میں اللہ سے تعلق کا خیال پیدا ہو اس طرح اس کے تمام خیالات اس میں اس طرح لگ جائیں جس طرح کہ نبی ﷺ میں لگے تھے
پھر اس کی یہ حالت جاری رہے تا آنکہ اسے مشاہدہ حق کی فتح حاصل ہو اور اسے مقصود حقیقی اور نتیجہ اصلی نصیب ہو۔ جب صاحب فتح مشاہدہ
نبی ﷺ کے وقت اہل جنت کی تمام نعمتوں سے سیراب ہوتا ہو تو اللہ تعالیٰ کے مشاہدہ کے وقت جو آنحضرت ﷺ ' جنت اور ہر چیز کا خالق
ہے' اس کی کیا حالت ہوگی۔

فرمایا مشاہدہ حق میں فتح حاصل کرنے کے بعد اہل فتح کی دو قسمیں ہو جاتی ہیں۔ ایک قسم تو ایسی ہے جو ہر چیز کو چھوڑ کر مشاہدہ حق
میں غائب ہو جاتے ہیں اور دوسری قسم اور یہ لوگ زیادہ کامل ہوتے ہیں' ان لوگوں کی ہے جن کی روحیں تو مشاہدہ حق میں مستغرق ہوتی ہیں
مگر ان کی ذات مشاہدہ نبی ﷺ میں لگی رہتی ہے۔ چنانچہ نہ تو رُوح کا مشاہدہ ذات کے مشاہدہ پر غالب آتا ہے اور نہ ذات کا مشاہدہ رُوح
کے مشاہدہ پر۔ پھر فرمایا یہ قسم زیادہ کامل اس لئے ہوتی ہے کہ حق سبحانہٗ کا مشاہدہ جو انہیں حاصل ہوتا ہے وہ پہلی قسم والوں کے مشاہدہ سے
زیادہ کامل ہے اور ان کا مشاہدہ اکمل اس لئے ہوتا ہے کہ وہ مشاہدہ نبی ﷺ سے جو مشاہدہ حق تک ترقی کرنے کا سبب ہے منقطع نہیں
ہوتے۔ لہٰذا جسے جس قدر آنحضرت ﷺ کا مشاہدہ زیادہ ہوگا' اسی قدر اسے حق سبحانہٗ کا مشاہدہ زیادہ ہوگا۔ اور جس کا کم ہوگا اسے مشاہدہ
حق بھی کم ہوگا۔ اگر بندے کو اختیار حاصل ہوتا اور اسے نوے سال کی عمر ملتی تو اس مدت میں سوائے مشاہدہ نبی ﷺ کے کسی چیز کو اختیار نہ
کرتا اور موت سے ایک دن پہلے اسے مشاہدہ حق کی فتح نصیب ہوتی کیونکہ مشاہدہ نبی ﷺ میں راسخ قدم ہونے کی وجہ سے اسے اس دن
مشاہدہ حق کی فتح اس شخص سے بھی زیادہ حاصل ہوگی جسے اس تمام مدت میں اول سے آخر تک دونوں فتح حاصل رہی ہوں۔

اس کے بعد آپ نے آنکھوں پر عینک لگالی اور حروف کو دیکھنا شروع کیا اور فرمایا کیا ان حروف کا دیکھنا عینک کے شیشوں کی صفائی و
رونق کے تابع نہیں ہے؟

میں نے عرض کیا: ضرور ہے۔

حضرت نے فرمایا: مشاہدہ نبی ﷺ بھی بمنزلہ عینک کے ہے اور مشاہدہ حق بمنزلہ حروف کے ہے۔ لہٰذا مشاہدہ نبی ﷺ کی صفائی
کے مطابق ہی حق سبحانہٗ کے مشاہدہ میں صفائی حاصل ہوگی اور بادل دور ہوں گے یہ بات آپ نے اس وقت فرمائی جب ایک فقیہ نے
آپ سے یہ سوال کیا کہ کیا ولی کے لئے ممکن ہے کہ وہ نماز ترک کر دے تو حضرت نے فرمایا۔

کیا ولی کے لئے ترک نماز ممکن ہے؟

ولی کے لئے نماز کا ترک کرنا ممکن نہیں اور یہ کیسے[1] ممکن ہوسکتا ہے جبکہ اسے ہر وقت دو شعلوں سے داغ دیا جارہا ہے چنانچہ اس کی ذات کو مشاہدہ نبی ﷺ سے داغ دیا جاتا ہے اور اس کی رُوح مشاہدہ حق سے اور یہ دونوں مشاہدے اسے نماز پڑھنے اور دیگر اسرار شریعت کا حکم دیتے ہیں۔

ایک اور بار حضرت نے فرمایا: ولی کیسے نماز ترک کرسکتا ہے جبکہ دونوں مشاہدوں میں جو بھلائی بھی اسے حاصل ہوتی ہے وہ اس وقت حاصل ہوتی ہے جبکہ اس کی ذات اسرار ذات نبی ﷺ سے سیراب ہو چکی ہوتی ہے اور یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ایک ذات آنحضرت ﷺ کی ذات کے اسرار سے سیراب ہو بھی اور پھر وہ کام نہ کرے جسے آنحضرت ﷺ کی ذات کرتی ہے یہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔

اس کے بعد حضرت نے مشاہدہ حق' اللہ کے نور سے دیکھنے اور اس کی نظر میں زمان کے اُٹھ جانے کہ نہ ماضی ہو نہ حال اور نہ مستقبل کا ذکر کیا اور فرمایا کہ حق سبحانہٗ کی ذات بلند کا مشاہدہ کیسا ہے اور یہ کہ اسماء الٰہیہ کے انوار سے کوئی ذات کس طرح سیراب ہوتی ہے۔ اسماء کی تعداد کے مطابق مراتب کی تقسیم رُوح کی فتح وغیر دیگر اسرار کا ذکر کیا جن کا نہ عبارت احاطہ کرسکتی ہے اور نہ اشارے اس میں مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر رحم فرمانا چاہتے ہیں اور اسے حجاب کی حالت سے منتقل کر کے فتح ومشاہدہ کی حالت میں لے جاتے ہیں تو اولیاء اللہ کو اس کے متعلق ڈر لگنے لگتا ہے۔ اس لئے کہ معلوم نہیں کہ اس فتح کو برداشت نہ کرنے کی وجہ سے وہ مرجائے گا یا زندہ رہے گا اور اگر نہیں مرے گا تو کیا اس کی عقل سلب ہو جائے گی یا نہیں بلکہ قائم رہے گی اور یہاں پر سلب عقل سے مراد یہ ہے کہ اس کی عقل ان بڑے بڑے امور کے ساتھ رہے گی جن کا وہ مشاہدہ کرتا ہے اور ذات سے بالکل منقطع ہو جائے گی کہ اس کی طرف پھر لوٹ نہ سکے گی اور عدم سلب سے مراد یہ ہے کہ اس کی عقل کا نور تو اس کے مشاہدہ کے ساتھ ہو اور کچھ حصہ ذات کے ساتھ رہے تا کہ اس کے کھانے اور پینے کا انتظام کر سکے اور جان سکے کہ کس طرح کپڑا پہنے اور اپنی مصلحتوں میں کس طرح غور کر سکے۔

حضرت نے فرمایا: یہ شخص جس پر اللہ نے رحمت کرنا چاہی ہے سو اس کے پیر کے کوئی شخص نہیں جان سکتا کہ اس کا کیا انجام ہوگا۔

مؤلف کہتا ہے کہ جو صاحب فتح اپنے مرکز سے نکلتا ہے وہ یا تو مرجاتا ہے یا اس کی عقل جاتی رہتی ہے۔

حضرت نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو فتح نصیب کرتے ہیں تو وہ عالم ملائکہ' عالم جن اور عالم شیاطین کی ان باتوں کا مشاہدہ کرتا ہے جس کی اس میں طاقت نہیں ہوتی اور اسے بہت سی ڈراؤنی صورتیں دکھائی دیتی ہیں اور اس قدر خوفناک آوازیں سنائی دیتی ہیں جن سے جگر پھٹ جائیں۔ پھر فرمایا کہ بعض اوقات ایک آدمی دکان پر بیٹھا سودا بیچ رہا ہوتا ہے کہ اسے فتح نصیب ہو جاتی ہے اور وہ ایسی باتوں کا مشاہدہ کرتا ہے جن کو وہ برداشت نہیں کرسکتا لہٰذا وہ اسی وقت مرجاتا ہے لوگ سمجھتے ہیں کہ اس کی بغیر سبب کے اچانک موت واقع ہوئی۔ حالانکہ اس کی موت اس فتح کی وجہ سے واقع ہوئی ہوتی ہے۔

ایک بار حضرت نے ذکر فرمایا کہ ایک مرتبہ وہ فاس میں عطاروں کے بازار میں سے گزر رہے تھے تو دیکھا کہ ایک شخص دکان پر بیٹھا مہندی بیچ رہا ہے۔ یکا یک اسے فتح نصیب ہوئی اور وہ غش کھا کر گرا اور مرگیا' لوگوں نے سمجھا کہ وہ اچانک مرگیا حالانکہ وہ ولایت پر مرا تھا۔

میں نے پوچھا: جس شخص کی عقل فتح کی وجہ سے سلب ہو جائے اور جس کی عقل کسی اور وجہ سے سلب ہو دونوں میں کیسے فرق ہوگا؟

فرمایا: جس شخص کی عقل فتح کی وجہ سے سلب ہوئی ہو دراصل اس کی عقل سلب نہیں ہوتی وہ تو حق سبحانہٗ کے مشاہدہ میں غائب ہوا ہے لہٰذا وہ ہر وقت اسی مشاہدہ کے سمندر میں تیر رہا ہوتا ہے مگر اللہ کسی حکمت کی بناء پر اس کی عقل کو اس کی ذات سے علیحدہ کر دیتا ہے مگر جس کی عقل کسی اور سبب سے زائل ہوتی ہو تو اس کا سبب یہ ہوتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کو ہلاک کرنا اور اس کی عقل کو زائل کرنا چاہتے ہیں۔ خدا ہمیں اس سے بچائے' تو اس کی رُوح کو اپنی ذات علیہ کے مشاہدہ سے ایک یا دو گھڑی کے لئے منقطع کر دیتا ہے اور رُوح جس ذات کے اندر ہوتی ہے اسی کے افعال کا مشاہدہ کرنے لگ جاتی ہے اور رُوح کو اس گنہگار بندے کے قبیح افعال کے مشاہدہ میں ابھی پوری ایک گھڑی گزری ہوتی ہے کہ اسے قبض لاحق ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے عقل زائل ہو جاتی ہے۔ خدا اس سے بچائے۔ لہٰذا جب قبض متواتر رہے تو عقل بھی بدستور زائل رہتی ہے اور اگر قبض متواتر نہ رہے اور رُوح کو بسط و جمال حاصل ہو جائے تو اسے پہلے کی طرح پھر سے ذات علیہ کا مشاہدہ حاصل ہو جاتا ہے اور عقل بھی لوٹ آتی ہے۔

میں نے عرض کیا: بعض اوقات تو چھوٹے بچے کی بھی عقل زائل ہو جاتی ہے۔ اس کے افعال کیسے قبیح ہو سکتے ہیں یا وہ کیسے گنہگار ہو سکتا ہے؟

فرمایا: رُوح کے نزدیک بندے کے تمام احوال گناہ ہیں اس لئے کہ اس کا مشاہدہ اور حق بات کی معرفت اس بات کے مقتضی ہیں کہ وہ ہر وقت سجدے میں رہے اور کبھی بھی سجدہ سے سر نہ اٹھائے اس میں اس کے نزدیک چھوٹے اور بڑے سب برابر ہیں۔

حضرت نے فرمایا: جب مفتوح کے پاس دو ایسے شخص آ کر بیٹھ جائیں جن کی عقل زائل ہو چکی ہو اور ان میں سے ایک ولی ہو اور دوسرا غیر ولی اور وہ دونوں گفتگو شروع کر دیں تو مفتوح ولی کو اس کے کلام سے ہی پہچان لے گا اس لئے کہ اگرچہ اسے معلوم نہیں کہ وہ کیا کہہ رہا ہے پھر بھی اس سے کچھ نہ کچھ اسرار الٰہیہ ظاہر ہو جاتے ہیں۔ جنہیں سن کر اصحاب اسرار سمجھ جاتے ہیں۔ برخلاف غیر ولی کے کہ اس سے اسرار الٰہیہ قطعاً ظاہر نہیں ہوتے۔ ولی کی ایک اور پہچان بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ اس کی رُوح ہمیشہ خوش خوش دکھائی دیتی ہے اور غیر ولی کی رُوح ایسی معلوم ہوتی ہے جیسے کوئی شخص سر جھکائے مغموم بیٹھا ہو اور اپنے غموں کے متعلق سوچ رہا ہو۔

فرمایا جن لوگوں کی عقل فتح کے بغیر زائل ہو جاتی ہے وہ چوپایوں کی مانند ہیں' مگر اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائیں گے اور انہیں جنت میں داخل فرمائیں گے اس لئے کہ ان کی انسانی شکل ان کی شفیع ہوگی۔ یوں سمجھو کہ یہ ہیں تو چوپائے مگر انسانی شکل میں اس لئے اللہ تعالیٰ ان کی قابل احترام صورت کی وجہ سے جس پر اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء اور رسولوں کو پیدا کیا ہے ان پر رحم فرمائیں گے تاکہ وہ چوپایوں کی طرح مٹی نہ بن جائیں۔

مجذوب صاحب تصرف نہیں ہوتا:

پھر فرمایا: جن لوگوں کی عقل فتح کی وجہ سے زائل ہوتی ہے وہ قابل احترام ولی ہوتے ہیں مگر انہیں اولیاء کے ساتھ تصرف کا اختیار نہیں دیا جاتا اور نہ ہی یہ غوث یا قطب بن سکتے ہیں تا آنکہ اللہ تعالیٰ دجال کو نکالنے کا ارادہ فرمائیں۔ اس وقت ان لوگوں کے ہاتھوں میں تصرف دیا جائے گا اور پھر ان میں سے غوث بھی ہوں گے جس سے حالات میں فساد اور نظام میں خلل پیدا ہو جائے گا۔ انہی لوگوں کے

تصرف کے زمانہ میں دجال کا خروج ہوگا جب دجال کا معاملہ ختم ہو جائے گا تو ان لوگوں کی حکومت بھی ختم ہو جائے گی اور پھر دوبارہ نہیں ملے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت نے فرمایا کہ مجھ سے حضرت عبداللہ برناوی نے پوچھا کیا تو دنیا میں کسی ایسی چیز کو جانتا ہے جو جنت میں جانے سے بھی بہتر ہو اور دوسری ایسی چیز کو جو جہنم میں جانے سے بھی بدتر ہو؟

میں نے عرض کیا ہاں جانتا ہوں۔ جو چیز جنت میں داخل ہونے سے بھی بہتر ہے وہ بیداری میں سید الوجود ﷺ کا دیدار ہے۔ چنانچہ آج بھی ولی آنحضرت ﷺ کو اس طرح دیکھ سکتا ہے جس طرح صحابہ رضوان اللہ علیہم آپ کو دیکھا کرتے تھے اور یہ دیدار جنت سے بھی افضل ہے اور جو چیز جہنم سے بھی بدتر ہے وہ فتح حاصل ہونے کے بعد اس کا سلب ہو جانا ہے۔

حضرت فرماتے ہیں یہ سن کر شیخ عبداللہ میرے پاؤں پر گر پڑے اور انہیں بار بار بوسہ دیتے گئے میں نے عرض کیا جناب آپ کیوں بوسہ دے رہے ہیں؟ تو فرمایا میں نے تقریباً اسی بزرگوں سے یہی سوال کیا تو ان میں سے کسی ایک نے بھی تمہاری طرح کا جواب نہیں دیا۔

(مؤلف کہتا ہے) میں نے پوچھا تو پھر سید عبداللہ کو اصلی جواب معلوم تھا اور وہ آپ کی عقل کا امتحان کرنا چاہتے تھے؟

فرمایا: ہاں جانتے تھے اور وہ مجھے آزمانا چاہتے تھے جیسا کہ تو نے بیان کیا۔

مولف کہتا ہے کہ سید الوجود ﷺ کے دیدار کے جنت سے افضل ہونے کی وجہ بیان کی جا چکی ہے۔

پھر میں نے دریافت کیا کہ سلب جہنم سے بدتر کیوں ہے؟

فرمایا: اس کا مقابلہ اس شخص سے کرو جسے ہمیشہ فتح حاصل ہو جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس سلب کو جو اس کی فتح کو زائل کر رہی ہے جہنم سے بدتر سمجھتا ہے۔ یہ حکم سلب ہونے کے بعد مسلوب شدہ امر کے اعتبار سے نہیں ہے۔ خدا اپنی پناہ میں رکھے اس لئے کہ سلب کے بعد تو اس کا دل پتھر کی مانند ہو جاتا ہے کہ پہلی فتح میں سے اسے اب نہ کوئی چیز دکھائی دیتی ہے اور نہ کچھ سمجھتا ہے۔ جیسے اس نے کبھی بھی کسی چیز کا مشاہدہ کیا ہی نہیں اور اس کی ذات خبثیہ فتح کے بوجھ سے اپنے آپ کو ہلکی سمجھتی ہے اور اس میں راحت پاتی ہے۔

فرمایا: دنیا کے امراء کی اگر امارت سلب ہو جائے تو ان کی حالت اس شخص سے بہت بہتر ہوتی ہے۔ خدا اپنی پناہ میں رکھے۔ اس لئے کہ امیر کے خیال میں اپنی تمام نعمتیں اور لذتیں جو اس نے دنیا میں حاصل کی ہوتی ہیں، آتی ہیں اور وہ ان کے ذکر سے ہی کچھ لذت حاصل کر لیتا ہے برخلاف اس شخص کے جس سے فتح سلب کر لی گئی ہو، کیونکہ اس کا دل مٹ چکا اور اس کی بصیرت کا سورج سیاہ پڑ چکا ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضرت نے فرمایا: حضرت محمد ؒ بناطر ابلسی چودہ سال تک اس تلاش میں رہے کہ کوئی انہیں اللہ کی راہ پر لگا دے اور اس تلاش میں وہ ہر جگہ پھرے چنانچہ مصر، شام، عراق، قسطنطنیہ اور ہندوستان تک پھر آئے جس ولی کے متعلق سنتے اس کے پاس جاتے چنانچہ ان لوگوں کے پاس بھی گئے جو ولایت کی وجہ سے لوگوں میں مشہور تھے مگر انہیں کہیں کوئی چیز نظر نہ آتی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے والد عارفین میں سے تھے اور انہوں نے اپنے والد سے امر حق سنا تھا مگر جب ان کے ہاتھوں اسے فتح نصیب نہ ہوئی تو پھر کسی عارف کو ڈھونڈنے لگے جو انہیں اللہ تک پہنچا دے۔ آپ کی تلاش نگاہ باطن سے تھی اس لئے آپ کسی کی شہرت وغیرہ کی پرواہ نہ کرتے تھے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ کی ملاقات عراق میں ایک شخص سے ہوئی جس کے پاس لاتعداد لوگ جمع تھے اور اس نے آنے جانے والوں کے لئے مہمان خانہ تیار کر رکھا

تھا جہاں ہر روز تقریباً چار من کھانا پکتا تھا۔ اور اس نے مہمان خانہ کے اندر عبادت کے لئے ایک خلوت گاہ بنا رکھی تھی جہاں سے وہ صرف مہینے کے آخری تین دنوں کے لئے نکلتا۔ باقی تمام ستائیس دن وہ رکوع وسجود میں لگا رہتا۔ خلوت گاہ میں ایک طاق تھی جس میں سے خادم شیخ کا کھانا دے دیا کرتا۔ قضا' حاجت اور طہارت کے لئے بھی اسی خلوت گاہ کے اندر ایک الگ جگہ بنا رکھی تھی چنانچہ خادموں نے ان کی خلوت کے لئے ہر طرح کا انتظام کر رکھا تھا تا کہ انہیں باہر نکلنے کی زحمت نہ ہو۔ لہٰذا وہ ستائیس دن خلوت میں رہتا اور جب یہ دن گزر جاتے تو تین دن کے لئے نکلتا اور آنے والوں کے ساتھ ساتھ باری باری ان کی حاجتوں کے متعلق بات کرتا یہاں تک کہ سب بات کر چکتے۔ جب تین دن گزر جاتے اور نیا مہینہ شروع ہو جاتا وہ پھر خلوت میں چلا جاتا اور پھر وہیں ستائیس دن رہتا۔ عمر بھر سے اس کی یہی عادت تھی۔ جب میں نے اس شخص کے متعلق سنا تو وہاں پہنچا اور انتظار میں رہا۔ یہاں تک کہ وہ خلوت گاہ سے نکل کر آیا اور لوگوں سے بات شروع کی جو مجھ سے پہلے آئے ہوئے تھے۔ جب میری باری آئی تو مجھ سے پوچھا کیا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کیا: میں دو باتیں پوچھنا چاہتا ہوں۔ ایک آنحضرت ﷺ کے متعلق اور دوسری اللہ تعالیٰ کے متعلق۔ کہنے لگا۔ پوچھو میں نے کہا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ (سورہ فتح آیت ۱)

ہم نے آپ کو فتح مبین عطا کی تا کہ آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں)

لہٰذا آیت میں تو آنحضرت ﷺ کے اگلے اور پچھلے گناہ ثابت کر دیئے گئے اور یہ تصریح کر دی گئی کہ مغفرت دونوں پر مشتمل ہے حالانکہ نبی ﷺ نبوت سے پہلے اور نبوت کے بعد بھی معصوم تھے۔ آپ کا قطعاً کوئی گناہ نہ تھا۔ لہٰذا اس آیت شریفہ کے ہوتے ہوئے کیا مفہوم سمجھا جائے؟

اس نے جواب دیا گناہ کی دو قسمیں ہیں۔ ثقیل اور خفیف۔ ثقیل جیسے زنا اور شراب پینا اور اس قسم کے گناہ نبی ﷺ سے صادر نہیں ہوتے اور خفیف جیسے اپنی بیویوں میں سے کسی ایک کی طرف رغبت اور تقسیم ایام میں کسی کو فضیلت دینا وغیرہ خفیف گناہ اور اس قسم کے گناہ نبی سے صادر ہو سکتے ہیں۔ آیت میں اگلے اور پچھلے گناہوں سے یہی مراد ہے اور یہی معاف کئے گئے ہیں۔

یہ جواب سن کر میں سمجھ گیا کہ یہ شخص آنحضرت ﷺ کے مقام سے بے خبر ہے اور عارف آنحضرت ﷺ کے مرتبہ اور صغائر اور کبائر سے آپ کے معصوم ہونے سے بے خبر نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ گناہ تو صرف ان لوگوں سے صادر ہوتے ہیں جو اللہ سے حجاب میں ہوتے ہیں جو غفلت اور ظلمت والے لوگ ہوتے ہیں اور یہ گناہ تو ان عارفین سے بھی صادر نہیں ہوتے جو اہل قرب اور اہل مشاہدہ ہوتے ہیں۔ چہ جائیکہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے پھر سید الوجود ﷺ کا تو کیا ہی کہنا۔

پھر کہا دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ (جہاں کہیں بھی تم ہو وہ تمہارے ساتھ ہے) اس معیت کا کیا مطلب ہے؟

جواب دیا اس سے مراد مومنین ہیں اللہ تعالیٰ مومنوں کے دلوں میں ہوتے ہیں جو ہمیشہ اس کا ذکر کرتے ہیں اور اس کی طرف گڑگڑاتے ہیں۔

اس پر میں سمجھ گیا کہ وہ اللہ سے بھی ناواقف ہے اور اہل باطل میں سے ہے۔

حضرت نے فرمایا: مجھے بتایا گیا کہ ہندوستان میں ایک شخص ہے جو حد سے زیادہ عبادت گزار ہے۔ میں اس کے پاس گیا۔ جب اس کے پاس پہنچا تو عبادت اور زہد میں جیسا لوگ بیان کرتے تھے میں نے اسے ویسا ہی پایا۔ اس کے زہد کا یہ حال تھا کہ ان کے ہاں ہمارے ہاں کے بلوط کی طرح ایک کھانا ہوتا ہے وہ دن اور رات بھر میں صرف ایک بلوط کھالیتا تھا اور بس۔ میں نے اسے اللہ عزوجل کے متعلق پوچھا تو اسے انتہا درجہ کا جاہل پایا اور میں سمجھ گیا کہ اس کی عبادت کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔

پھر فرمایا: ایک دن میں کسی سمندر کے ساحل پر تھا اور یہ سمندر ایک شہر کے قریب تھا۔ کشتیاں سامان لے کر آئیں اور مزدور سامان اپنی پیٹھوں پر اُٹھا کر شہر میں لے جاتے اور اجرت لینے کے لئے آ گئے۔ میں ان کو دیکھ رہا تھا کہ وہ معمول سے بہت زیادہ بوجھ کمر پر اُٹھا لیتے تھے جیسے مصر میں کسانوں کی اور فاس میں زرزایہ لوگوں کی حالت ہے اور مجھے انہیں دیکھ کر بہت تعجب ہوا۔ اچانک ایک شخص میرے پاس آیا اور وہ عارفین میں سے تھا مگر مجھے اس کا پتہ نہ تھا۔ اس نے کشف کے ذریعہ میرے مافی الضمیر کو معلوم کر کے کہا۔ اس پر تعجب نہ کرو۔ اللہ کی اس قدرت پر تعجب کرو جو ابھی ظاہر ہوگی۔ چنانچہ وہ اپنا بوجھ لے کر گیا اور تھوڑی دیر بعد واپس آ گیا پھر ہاتھ اور پاؤں پھیلا کر لیٹ گیا اور اس کی رُوح نکل گئی۔ اللہ اس سے راضی ہو۔ اس کا اس سے اشارہ اس طرف تھا کہ درحقیقت قوی تو خدا ہے جو مالک قویٰ اور قدرت ہے جسے چاہے قدرت دے اور جس سے چاہے چھین لے۔ لہٰذا تعجب اس کی قدرت پر ہونا چاہیے اور اسی کے رعب و دبدبے کو بڑا سمجھا چاہیے۔ فَتَبَارَکَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ.

فرمایا: مجھے عارفین کی ایک جماعت ملی۔ ان میں سے ہر ایک مجھے یہی کہتا کہ میں اپنے ملک کو واپس چلا جاؤں کہ میرا مقصد وہیں حل ہوگا۔ چنانچہ میں اپنے ملک کو واپس چلا آیا اور وہاں مجھے ایک شخص ملا جس نے بتلایا کہ تمہاری آرزو فاس میں پوری ہوگی۔ چنانچہ میں سفر کر کے وہاں آ گیا اور وہاں مجھے وہ شخص مل گیا جس کے ہاتھوں اللہ نے مجھے فتح نصیب کی اور میں فاس مین چھ ماہ تک رہا اور عارفین اور اہل دیوان میں سے ہوگیا۔

میں نے حضرت سے عرض کیا: کیا آپ کی زندگی ہی میں اسے فتح نصیب ہوگئی تھی' حالانکہ ولی کو اس کے (روحانی) باپ کی زندگی میں فتح نصیب نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ فتح تو سرّ ذات پر ہی نازل ہوتی ہے اور جب ذات کا سرّ اولاد کی طرف منتقل ہو جاتا ہے تو فتح واقع ہوتی ہے اور جب تک شیخ زندہ ہو اس کی ذات کا سرّ کسی کی طرف منتقل نہیں ہوتا۔ لہٰذا فتح بھی اسے نصیب نہیں ہوتی اور اگر بالفرض فتح ہو بھی جائے تو قائم و دائم نہیں رہتی بلکہ بہت جلد زائل ہو جاتی ہے اور اس شخص کو آپ کی زندگی میں ہی فتح نصیب ہوگئی اور فتح قائم بھی ہو رہی؟

حضرت نے فرمایا: وہ میرا (روحانی) بیٹا نہیں ہے وہ تو لوگوں کا مال تھا۔

میں نے دریافت کیا: وہ کن لوگوں کا مال تھا؟

حضرت نے فرمایا: جس شخص کے پاس اللہ تعالیٰ نے پہل ذات کا سرّ بطور امانت رکھا تھا میرے پاس پڑا رہا اور جب یہ شخص آیا تو میں نے اپنی قمیض اتار کر اسے دے دی اور یہ راز بھی اسے دے دیا۔

میں نے عرض کیا کہ سرّ مذکور تو اس شخص کے لئے اس وقت تک قائم نہیں رہ سکتا' جب تک پہلے شخص کی ذات کا سرّ اس کی طرف

منتقل نہ ہوا اور اس شخص نے اسے دیکھا بھی نہیں لہٰذا اس کی فتح کیسے قائم رہی؟

حضرت نے فرمایا: جس شخص کے پاس اللہ تعالیٰ نے پہلی ذات کا سِرّ بطور امانت رکھا ہوا تھا اس نے اس بات کی قدرت دی تھی کہ وہ دوسرے کو دے دے اور پھر سِرّ اور فتح بھی عطا کر دے مگر اس کے باوجود وہ شخص میرا (روحانی) بیٹا نہیں کہلا سکتا۔ وہ تو اسی کا بیٹا کہلائے گا جس کے مرنے کے بعد اس نے اس کی ذات کا سِرّ لیا۔

میں نے عرض کیا کہ موروث تو مراکش کا ہے اور وارث طرابلس کا رہنے والا۔ کیا اہل مغرب میں سے خیر منقطع ہوگئی ہے کہ یہ شخص آ کر راز لے جائے۔

حضرت نے فرمایا: جب تک ایک ذات دوسری ذات کی عقل، طبع اور خون میں ایک جیسی نہ ہو اس کی وارث نہیں بن سکتی۔ میرے حضرت فلاں فرمایا کرتے تھے اگر وراثت قرب[9] کے اعتبار سے ملتی تو میرے بیٹے کو ملتی اور اگر قوت سے ملتی تو سلطان کو ملتی اور اگر خدمت کی وجہ سے ملتی تو میرے فلاں خادم کو ملتی، مگر یہ تو عقل کی عقل سے، طبع کی طبع سے اور خون کی خون سے موافقت کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے کسب اور عمل سے حاصل نہیں ہوتی اور یہ شخص ان تمام باتوں میں اس کا ہم شکل تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ولی کے وارث کا کسی کو علم نہیں ہوتا:

حضرت نے فرمایا کہ جب تم کسی عارف کو سنو کہ اکثر کہتا ہے کہ فلاں شخص میرا وارث ہے اور وہی میرے سِرّ کا مالک ہے۔ میرے بعد اسے پکڑے رہنا تو اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایسا نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ یہ اسرار الٰہیہ تو وہاں سے آتے ہیں جہاں سے کسی کو وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ بزرگوں نے اسے پایا حالانکہ لوگ انہیں اس کا اہل ہی نہ سمجھتے تھے اور اسی طرح ان سے نکل کر جائے گا۔

اس کے بعد حضرت نے ان آٹھ آدمیوں کا قصہ بیان فرمایا جو اپنے شیخ کی خدمت کیا کرتے تھے۔ ان میں سے سات تو خدمت پر قائم رہے اور آٹھواں تھک کر رہ گیا اور اس کی یہ حالت ہوگئی کہ وہ کوئی بات نہ کر سکتا اور جہاں بھیجو بے کار ثابت ہوتا پھر ان میں سے تین خدمت پر برقرار رہے اور باقی چاروں کے مقابلہ میں انہوں نے مزید بات یہ کی کہ ہر ایک نے اپنی بیٹی شیخ کو دے دی اور ان میں سے ایک بیٹی حسن و جمال میں سب پر فائق تھی اور شیخ اسے ہر بات میں سب پر مقدم رکھتے، اسی سے باتیں کرتے جس سے لوگوں کو یقین ہوگیا کہ وہی شیخ کا وارث ہوگا لیکن جب شیخ کی وفات کا وقت قریب آیا اور ان کے مرید آ موجود ہوئے تو شیخ کے تمام منسوبین نے اس عاجز شخص کو بلایا اور کہا تم ہی صاحب سِرّ ہو اور شیخ کی رُوح پرواز کر گئی اور وہ دنیا سے رخصت ہو گئے۔

حضرت نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس شخص پر جسے لوگ بنظر حقارت دیکھتے ہیں، بہ نسبت اس شخص کے جسے لوگ بنظر تعظیم دیکھتے ہیں۔ زیادہ رحم و کرم کی نظر رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اہل احتقار لوگ اسرار ربانیہ کے زیادہ مستحق ہوتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

نیز فرمایا کہ کسی ولی کے دو مرید تھے ایک عامی تھا اور دوسرا سید، مگر دونوں کو فتح نصیب نہ ہوئی تھی۔ ولی نے عامی کو کہا: جا اس سید کو جا کر کہہ کہ تمہارے پاس سِرّ اور فتح کو بیچ دے چنانچہ عامی نے اس کے پاس جا کر کہا کہ ایک سو دینار کے بدلے سِرّ اور فتح اس کے پاس بیچ دے۔ سید نے کہا میں نہیں بیچتا۔ عامی نے کہا ایک سو دینار اور لے لو مگر سید نے پھر کہا نہیں۔ عامی نے کہا اپنی نوکرانی بھی تمہیں دیتا ہوں۔ سید اب بھی نہ مانا۔ عامی نے کہا میں اپنی بیٹی بھی تمہارے نکاح میں دے دوں گا مگر سید اس پر بھی راضی نہ ہوا۔ عامی نے کہا میرا گھر

بھی لے لو۔ اس پر سید راضی ہو گیا اور کہا مجھے منظور ہے اور عامی نے بھی کہا کہ مجھے منظور ہے۔ حالانکہ دونوں مجوب تھے۔ انہیں اسرار فتح کا علم بھی نہ تھا۔ عامی نے تو صرف شیخ کی بات پر یقین کر کے یہ کام کیا تھا۔ اس کے بعد عامی نے سید سے کہا اب ہم گواہ لے آتے ہیں۔ سید نے کہا ٹھیک ہے چنانچہ عامی گواہ لے آیا اور ان سے تمام بات کہہ دی کہ میں نے یہ چیزیں سید کو دے دی ہیں۔ اب تم گواہ رہنا اور سید نے بھی کہا کہ تم گواہ رہنا کہ میں نے اسے سرّ اور فتح دیدی ہے۔ چنانچہ بیٹی سید کے پاس چلی گئی وہ گھر اور خادمہ کا بھی مالک بن گیا اور اس نے دوسو دینار بھی لے لئے اس پر تو رات ایسی پر لطف اور مزہ کی گزری کہ عمر بھر کوئی رات ایسی مزہ دار نہ گزری اور عامی بے چارے پر ایسی پریشانی کی رات گزری کہ ساری عمر ایسی تاریک و تنگ کوئی رات بھی نہ گزری تھی کہ تمام شب شیخ کی طرف سے بدگمان بنانے والے قسم قسم کے وسوسے آتے رہے اور یہ ان کو دفع کرتا رہا۔ جب پو پھٹی تو پہلے فتح اور سرسید کے پاس آیا اور اس نے مشاہدہ کر لیا اور اس نے اس میں وہ کیفیت دیکھی جو نہ کبھی آنکھوں نے دیکھی نہ کانوں نے سنی اور نہ کسی کے خیال میں بھی گزری ہو۔ جب اس نے اسے نظر بھر کر دیکھ لیا اور خوب اچھی طرح سے غور کر لیا تو یہ سب کچھ سلب ہو گیا۔ خدا اپنی پناہ میں رکھے۔ اس کے بعد فتح اس عامی کے پاس گئی اور وہ اولیاء اللہ میں سے ہو گیا۔ جس سیّد نے فتح بیچی تھی اس نے ان چیزوں سے جو اس نے لی تھیں کوئی فائدہ نہ اٹھایا اس لئے کہ جونہی اس سے فتح سلب ہوئی تو اس کی عقل بھی جاتی رہی اور اب اس کی زبان پر ہر وقت یہی الفاظ تھے تو کہاں ہے' اپنا گھر لے لے' خادم لے لے' دینار لے لے' اپنی بیٹی لے لے بلکہ میری والدہ بھی لے لے گویا کہ وہ اس عامی کو مخاطب کر کے کہہ رہا ہے کہ تو کہاں چلا گیا ہے میں نے جو کچھ تم سے لیا ہے تمہیں واپس کرتا ہوں بلکہ اپنی والدہ بھی ساتھ دیتا ہوں۔ اس واقعہ کے بعد وہ ساٹھ سال تک زندہ رہا اور اس کی عقل اسی طرح مسلوب رہی۔ ہم اللہ سے سلامتی چاہتے ہیں۔

حضرت نے فرمایا: اس میں کسی کا کیا بس۔ اس سے تو سرّ اور ایک اور چیز جاتی رہی جسے میں کہنا نہیں چاہتا۔

نیز فرمایا کہ میں ایک شخص کو جانتا ہوں جس کی عقل سلب ہو چکی تھی اور اب اس کا ہر وقت یہی کام تھا کہ وہ ہوا میں پتھر پھینکتا اور پھر اپنا سر آگے کر دیتا اور اس کا سر کچلا جاتا۔ میں نے ایک عرصہ تک اسے اسی حالت میں دیکھا ہے اور مجھے معلوم نہیں کہ وہ اس طرح کیوں کرتا ہے۔ یہاں تک کہ مجھے اس کا سبب معلوم ہو گیا کہ یہ شخص پرانے جوتے مرمت کیا کرتا تھا اور اس کی دکان رصیف کی گھاٹی پر تھی کہ اس کی ملاقات ایک ولی سے ہوئی۔ ولی نے اسے کہا بیٹا میرے لئے ایک نئی ٹوپی خرید لا۔ یہ درہم لے جا کر خرید لا۔ ان کی آپس میں کوئی جان پہچان نہ تھی۔ چنانچہ وہ درہم لے کر گیا اور ولی اس کا انتظار کرتا رہا' اس آدمی نے ٹوپی خرید لی اور لے کر ولی کی طرف آ رہا تھا کہ راستہ میں اس کا دل بے ایمان ہو گیا اور کہنے لگا یہ شخص جس نے تجھے ٹوپی خریدنے کے لئے درہم دیئے ہیں' احمق ہے۔ اس نے تجھے جاننے کے بغیر تجھ پر اعتماد کر لیا۔ چنانچہ یہ ٹوپی تو خود ہی پہن لے اور اس کے پاس نہ جا۔ چنانچہ وہ ٹوپی اس نے خود پہن لی اور پرانی ٹوپی اتار کر دہ موزونوں سے بیچ ڈالی اور پھر اپنی دکان پر کام کرنے کے لئے چلا گیا۔ جب ولی کو معلوم ہوا کہ اس نے خیانت اور بے ایمانی کی ہے وہ اس دن تو خاموش رہا' مگر دوسرے دن اس کی دکان پر آ کر یکا یک ٹوپی اس کے سر سے اتار لی اور کہا ذرا دیکھو کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کونسی عنایت تم کھو بیٹھے ہو۔ یہ کہہ کر وہ ولی بھاگ گیا۔ اس شخص نے اِدھر اُدھر دیکھا تو اسے فتح حاصل ہوئی اور اس نے ایسی باتوں کا مشاہدہ کیا جو نہ کبھی کسی آنکھ نے دیکھیں نہ کسی کان نے سنیں اور نہ کسی کے خیال پر گزریں مگر جب اپنی نگاہ دکان کی طرف لوٹائی تو فتح سلب ہو گئی خدا اپنی

پناہ میں رکھے۔ اس پر وہ سمجھ گیا کہ یہ آفت اسے سر کی وجہ سے آئی ہے اس لئے اس نے یہ عمل اپنے سر سے کرنا شروع کیا اور اس کی عقل جاتی رہی ہے اور آج تک یہ عمل کر رہا ہے۔ یعنی وہ اب بھی زندہ ہے حضرت نے مجھے ایک بار اسے دکھایا بھی ہے کہ یہ شخص ہے جس کا قصہ میں نے تمہیں سنایا تھا۔ میں نے اسے ویسا ہی پایا۔ واللہ اعلم۔

میں نے حضرت سے اس سِرّ کے متعلق پوچھا جس کی طرف صوفیا اشارہ کیا کرتے ہیں۔

حضرت نے ایک مثال دے کر بیان فرمایا کہ فرض کرو کہ بادشاہ کے پاس سونا ہے اور وہ اسے ہر شخص کو نہیں دے گا۔ صرف اپنی رعایا کے خاص لوگوں کو دے گا۔ یہی حال سِرّ کا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے صرف چند منتخب لوگوں کو عطا فرماتے ہیں۔

میں نے عرض کیا: کیا فتح اور سِرّ ایک ہی بات ہے؟

فرمایا فتح اس سے بڑھ کر ہے مگر سِرّ فتح کے ہوتے ہوئے قوی ہو جاتا ہے اس لئے کہ مفتوح علیہ کی بینائی کھول دی جاتی ہے جس سے وہ آسمانوں اور زمینوں کو دیکھ سکتا ہے اور اس کے کان کھول دیئے جاتے ہیں اور آسمانی فضاء میں پرندے کے پر ہلانے کی آواز سن لیتا ہے اور ایک سال کی مسافت پر چیونٹی کے چلنے کی آواز سن سکتا ہے۔ اس کی قوت شامہ کو کھول دیا جاتا ہے چنانچہ وہ مٹی کی بو سونگھ لیتا ہے اور ہر مٹی کی خاص بو ہوتی ہے۔ اسی طرح ذوات کی بو' روحوں کی بو' زندہ ذاتوں کی بو اور تمام اشیاء کی بو سونگھ لیتا ہے۔ اسی طرح اس کی قوت ذائقہ کو کھول دیا جاتا ہے۔ چنانچہ وہ بغیر چکھنے کے قدیم اشیاء کا ذائقہ چکھ لیتا ہے۔ اسی طرح اس کی قوت لامسہ کھول دی جاتی ہے اور اس کے کان بھی کھول دیئے جاتے ہیں جس سے اسے آوازوں میں اشتباہ نہیں پڑتا اور نہ ایک آواز اسے دوسری آواز سے روک سکتی ہے چنانچہ ایک لحظہ کے اندر وہ ہزاروں انسانوں کی باتیں سن اور سمجھ سکتا ہے۔ لہٰذا اگر سِرّ مذکور فتح کے ساتھ ہو تو دو قوتیں اکٹھی ہو جاتی ہیں لیکن اگر صرف سِرّ ہی ہو اور اس کے ساتھ حجاب ہو تو سِرّ تو بہر حال سِرّ ہے' مگر اس صاحب سِرّ کو مفتوح علیہ کی سی طاقت حاصل نہیں ہوتی۔

میں نے عرض کیا جب سِرّ ذات میں فتح کے بغیر داخل ہو تو کونسی چیز حاصل ہوتی ہے؟

فرمایا: ذات میں حق سبحانہٗ کے اوصاف کی سی چیزیں حاصل ہوتی ہیں جس سے حق ذات کی طبیعت بن جاتا ہے۔ حق کے سوا نہ کسی بات کا علم ہوتا ہے اور نہ حق کے سوا کوئی بات کرتا ہے اور اس کے ساتھ بلند صفات اور مکارم اخلاق بھی اس میں پائے جاتے ہیں مثلاً عفو' حلم' تجاوز' حیا' کرم وغیرہ لیکن جب فتح کا اس پر اضافہ ہو جائے تو جیسا کہ بیان ہو چکا دو قوتیں حاصل ہو جاتی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فرمایا جب نورِ قوت سے پہلے فتح کسی ذات پر نازل ہوتی ہے تو ذات میں خلل وضعف پیدا ہو جاتا ہے جس سے یا تو موت واقع ہو جاتی ہے یا عقل زائل ہو جاتی ہے جیسا کہ بیان ہو چکا' لیکن جب پہلے نورِ قوت ذات پر نازل ہوا اور اس کے بعد نور فتح نازل ہو تو ذات کو فتح سے کوئی ضرر نہیں پہنچتا۔

میں نے عرض کیا: یہ قوت کیا چیز ہے؟

حضرت نے ایک کمزور تنکے کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ جس قوت کا میں ذکر کر رہا ہوں اگر اس کمزور تنکے کو عطا کر دی جائے تو آپ نے سامنے کے ایک پہاڑ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ اس پہاڑ کو اٹھانے کے قابل ہو جائے۔ لہٰذا توفیق ایزادی جس کے شامل حال ہوتی ہے وہ اللہ تعالیٰ سے فتح کے نازل ہونے سے پہلے نور قوت کی درخواست کرتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

نیز فرمایا: شروع شروع میں میں سیدی منصور کے پاس گیا اور آپ بافندہ تھے یعنی کتان کا کپڑا بنا کرتے تھے۔ میں نے آپ کو

روتے ہوئے پایا۔ میں نے عرض کیا: آپ کیوں رورہے ہیں؟

جواب دیا کہ ہم کس قابل ہیں؟ میں اس وقت کپڑا بنتے ہوئے اللہ کے فعل کا مشاہدہ کررہا ہوں اور خیال کرتا تھا کہ میں کچھ کررہا ہوں مگر درحقیقت کوئی اور اس کام کو کررہا ہے۔

حضرت فرماتے ہیں کہ میں نہ سمجھ سکا کہ انہیں کیا کہوں۔ اگر آج یہ بات ہوتی تو اس کا جواب دے سکتا۔ میں نے عرض کیا: آپ کیا جواب دیتے؟

فرمایا: میں انہیں کہتا کہ آؤ اور مجھ سے اور طلب کرو اس لئے کہ ابھی تک آپ کو محض حوادث کا مشاہدہ نصیب ہوا ہے کیونکہ افعال خداوندی منجملہ مخلوقات حادثہ کے ہیں۔

میں نے سوال کیا کیا حضرت منصور نے اس حالت سے ترقی بھی کی یا نہیں؟

فرمایا نہیں، اسی حالت پر وفات پائی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

نیز فرمایا اگر لوگوں کو سیدی عمر یعنی حضرت کے شیخ کے اوصاف کا پتہ چل جائے تو پھر وہ زندوں میں سے کسی اور کی زیارت کے لئے کبھی نہ جائیں مثلاً فلاں یا فلاں کے پاس نہ جائیں کیونکہ سیدی عمر میں چار اوصاف ایسے پائے جاتے تھے جو کسی اور میں نہ تھے۔

پہلے یہ کہ وہ کسی کے بارے میں کچھ نہ کہتے تھے۔ لہٰذا کسی کا ذکر برائی سے نہ کرتے تھے نہ چھپ کر نہ ظاہر میں۔

دوسرے، گوشہ نشینی۔ کیونکہ وہ عمر بھر علی بن حزرہم کے مزار پر گوشہ نشین رہے اور ہر وقت دلائل الخیرات اور تسبیح پڑھتے رہتے اور ایک لحظہ کے لئے بھی آرام نہ کرتے۔ صرف مغرب کے قریب گھر جاتے اور جب زائرین کا ہجوم ہو جاتا تو علی بن حزرہم کے روضہ سے نکل کر اس سدرہ محررہ کے پاس آ بیٹھتے جو مزار کے سامنے ہے۔ اس کے بعد مخلوق سے الگ ہو کر اپنے کام میں لگ جاتے۔

سوم: بے کار باتوں کو ترک کرنا۔ اپنی طرف کسی بات کو بھی خواہ چھوٹی ہو یا بڑی منسوب نہ کرتے تھے یہاں تک کہ جو لوگ علی بن حرزہم کے مزار کی زیارت کو آتے بالخصوص وہ لوگ جو جمعہ کی رات وہاں گزارتے تھے۔ ان کا یہی خیال ہوتا کہ اس کے پاس برز وغیرہ کچھ نہیں ہے لہٰذا جب وہ سیدی علی کی زیارت کو آتے اور وہ خود موجود ہوتے اور وہ جب دعا کرتے تو سیدی سے کرتے اور سیدی عمر بھی ان کی موافقت کرتے اس طرح لوگ ان سے کسی قسم کی دعا کی درخواست نہ کرتے۔

چہارم: دنیا سے زہد کیونکہ جب سے میرا ان سے میل جول ہوا ہے میں نے انہیں دیکھا ہے کہ صبح کے وقت سیدی علی کے پاس آتے ہیں اور ساتھ کوئی چیز لے کر نہیں آتے یہاں تک کہ روٹی کا ٹکڑا بھی پاس نہیں ہوتا۔ اگر سیدی علی کے پاس کوئی چیز آ گئی تو اس میں سے جتنا مل گیا، کھالیا۔ ورنہ دن بھر بھوکے گزار دیا اور میں نے انہیں دیکھا ہے کہ جب انہیں روٹی کا ٹکڑا مل جاتا تو سیدی علی تھوڑا سا تیل لے کر اس پر قدرے نمک ڈال لیتے اور اگر تیل نہ ملتا تو نمک پانی میں گھول کر اسی سے روٹی کھالیتے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

نیز فرمایا: اولیاء اللہ میں ایک خصلت پائی جاتی ہے۔ اگر لوگوں کو اس کا علم ہو جائے اور یہ بھی معلوم ہو جائے کہ اس میں کس قدر راحت ہے تو اپنا سب کچھ دے دیں اور وہ خصلت یہ ہے کہ جب تک ولی پر کوئی مصیبت حقیقتاً نہ اُتر آئے وہ اس کا غم ہی نہیں کرتا اور نہ ہی اس آنے والی مصیبت کی وجہ سے اپنے حال کو مکدر بناتا ہے اور اگر وہ خیال کرے یا اسے یقین بھی ہو جائے کہ ابھی ایک گھڑی کے اندر یا اس سے بھی کم وقت میں مصیبت اترنے والی ہے۔ اس وقت بھی وہ اس کی نگاہ میں کالعدم ہوگی اور وہ اس کا قطعاً احساس نہ کرے گا۔

چنانچہ تو دیکھے گا کہ آئندہ جو اس پر نازل ہونے والا ہے وہ اسے مشاہدہ کر رہا ہے مگر پھر بھی وہ کھاتا ہے پیتا ہے' ہنستا ہے اور بیوی کے پاس جاتا ہے ایسے جیسے کہ ایک جاہل ہو اور اسے کوئی خبر ہی نہ ہو اور آئندہ آنے والی مصیبت کا اسے قطعاً علم نہ ہو اس کی وجہ یہ ہے کہ انہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تصرف کا کوئی شخص احاطہ نہیں کر سکتا چنانچہ اللہ تعالیٰ اپنے تصرف میں وہ کام کر جاتا ہے جن کے متعلق ان کا خیال ہی نہیں ہوتا کہ وہ ہو بھی سکتا ہے اور جن امور کو لوگ واقع ہونے والا سمجھتے ہیں وہ نہیں ہوتے۔ لہٰذا ولی اللہ کے مطلق تصرف کا مشاہدہ کرتے ہوتے ہیں جسے کسی وجہ سے بھی مقید نہیں کیا جا سکتا اور اس خصلت میں اس قدر راحت ہے جس کی کیفیت بیان نہیں ہو سکتی۔ جب یہ اس ولی کا حال ہے جسے فتح نصیب ہے اور جو امور اور ان کے واقع ہونے کا مشاہدہ کر رہا ہوتا ہے تو خیال کر لو محجوب کا کیا حال ہونا چاہیے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے آپ کو ولی کی راہ پر چلائے اور اپنے غموں کو دور پھینک دے اور تدبیر کی فکر اور غلط اندازے سے باوجود اس کے کہ اس کی تدبیر میں کوئی فائدہ نہیں، وہ بچ جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

میں نے حضرت سے اس ولی کے متعلق دریافت کیا جس کی تین سو چھیاسٹھ ذاتیں ہوتی ہیں وہ کون ہے؟

فرمایا: وہ صرف وارث کامل یعنی غوث ہوتا ہے۔

میں نے عرض کیا کہ آنحضرت ﷺ جن سے اسے یہ ورثہ ملا ہوتا ہے ان کی تو ایک لاکھ چوبیس ہزار ذات ہے کیا وجہ ہے کہ وہ ان تمام کا وارث نہیں بنا؟

فرمایا: جن امور کی آنحضرت ﷺ میں قدرت ہے ان پر کوئی اور قدرت نہیں رکھ سکتا۔

پھر فرمایا: کہ غوث کے وارث ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے فیضان سے کوئی اور شخص اس قدر فیضیاب نہیں ہوا جس قدر کہ غوث ہوا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

صلوٰۃ العارفین:

میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ عارفین کی نماز کیسی ہوتی ہے؟

فرمایا: جب عارف اللہ اکبر کہتا ہے اور اپنی اس ظاہری ذات سے نماز پڑھتا ہے تو اس کی ذات کے اندر رُوح بھی نماز پڑھتی ہے' ذات کے ساتھ وہ بھی رکوع اور سجود کرتی ہے۔

حضرت نے فرمایا: یہ کہہ کر میں ذات رُوح اور ظاہری ذات کو دیکھنے لگ گیا کہ ان میں سے کون زمین سے زیادہ قریب ہے۔ میں یہ تحقیق کرنا چاہتا تھا کہ ان دونوں میں سے کون زمین کے زیادہ قریب ہے مگر حافظ (فرشتے) نے مجھے روک دیا اور رُوح کی نماز تو ہر حالت میں مقبول ہوتی ہے۔

میں نے عرض کیا شاید اس لئے کہ رُوح حق ہے' حق کی طرف سے ہے اور حق کی طرف ہی اس کا رجوع ہے اور ظاہر کی نماز کا اس لئے حکم دیا گیا کہ اکثر لوگ رُوح کی نماز ادا کرنے سے قاصر ہیں اور عارفین اگرچہ اپنی رُوح سے نماز پڑھتے ہیں' وہ اپنے جسم سے بھی نماز پڑھتے ہیں' اس لئے کہ دستور یہی چلا آ رہا ہے اور اسی میں شریعت کے ظاہری احکام کی حفاظت ہے۔ اس کے بعد آپ نے اس کی مثال یوں بیان فرمائی کہ ایک شخص درزی کا پیشہ اس نیت سے اختیار کرتا ہے کہ اس کے ذریعہ سے اسے ریشم کی صنعت آ جائے گی مگر اللہ تعالیٰ

اسے استاد کی مدد کے بغیر ہی ریشم کی صنعت سکھا دے اور یہ بدستور درزیوں میں چھپا پڑا رہے۔ پھر فرض کرو کہ درزیوں کا خاص لباس، عادات، رسومات میں جوان کا امتیازی نشان ہوں جوان کے ظاہر وجود پر پائے جاتے ہوں اور یہ شخص پہلا لباس چھوڑ کر ریشم کا کام کرنے والوں کا لباس پہن لے اور لوگ اس سے اس کا سبب پوچھیں اور یہ کہے کہ میں اب ریشم کی صنعت کا کاریگر بن گیا ہوں۔ حالانکہ علم الٰہی میں یہ طے پا چکا تھا کہ درزی کے پیشہ ہی میں اس کو ریشم کی صنعت نصیب کی جائے اور اس کی شناخت کا ظہور صرف قیامت کے دن ہو۔ لہٰذا اس کو یہی زیبا ہے کہ یہ بدستور درزیوں کی عادت پر چلے اور ان کا ہی لباس پہنے اور اپنی پہلی عادت پر رہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

میں نے حضرت سے دسویں صدی کے کسی مشہور شخص کے متعلق دریافت کیا۔

فرمایا: اس کو فتح نصیب ہوئی تھی مگر اس کی وہیں حالت رک گئی اور وہ جادوگر بن گیا۔

میں نے عرض کیا: یہ کیسے؟

فرمایا: سب سے پہلے بندہ کو جو فتح حاصل ہوتی ہے تو وہ لوگوں کے گناہ اور ان کے اسباب کو دیکھتا ہے اور یہ کہ وہ کس طرح ان گناہوں میں پڑتے ہیں اور اسے ظلمانی کہر دکھائی دیتی ہے جس سے اہل ظلام مدد حاصل کرتے ہیں خدا پناہ میں رکھے اور اسی قسم کے اور امور ظاہر ہوتے ہیں۔ لہٰذا جب اللہ تعالیٰ صاحب فتح سے شر کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کی عقل ان کی طرف مائل ہو جاتی ہے اور اسی میں اپنی فکر لگا لیتا ہے لہٰذا اگر اس کی فکر ایک گھڑی کے لئے بھی ان میں ٹھہر جائے تو وہ اللہ سے منقطع ہو جاتا ہے۔ خدا اپنی پناہ میں رکھے۔ اس لئے اس کی نگاہ میں وہی امور رہتے ہیں جن کا ذکر فتح میں ہو چکا ہے اور یہ شیطان کی خیمہ گاہ اور بنی آدم کو فتنہ میں مبتلا کرنے کا مقام ہے۔ لہٰذا جو چیزیں اس کو دکھائی دیتی ہیں وہی شیاطین کو دکھائی دیتی ہیں اور وہ اس کے ساتھ ہاتھ میں ہاتھ ڈالے چلتے ہیں۔ چنانچہ جادو اس کی تسخیر میں آجاتا ہے اور وہ جادوگر بن جاتا ہے، مگر جب اللہ تعالیٰ صاحب فتح انسان سے بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس پر وہ امور کھول دیئے جاتے ہیں، جن سے گزشتہ امور سے اس کا خیال پھر جاتا ہے اور پھر اللہ تعالیٰ اسے ہر لحظہ ترقی دیتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

نیز فرمایا: فتح کی عجیب شان ہے اور اس کی ہر بات نرالی ہے۔ بہت سے محجوب بندے ایسے ہیں جنہیں فتح سے روک دیا جاتا ہے اور اسی میں اللہ کی رحمت پوشیدہ ہوتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فتح میں ایسے امور ہوتے ہیں جن کا صاحب فتح ذات کے پاک ہونے میں اور واصل ہونے سے پہلے جب مشاہدہ کرتا ہے تو وہ خدا محفوظ رکھے فوراً عیسائی ہو جاتا ہے اور فتح میں بعض ایسے امور ہیں کہ ان کے مشاہدہ سے صاحب فتح یہودی ہو جاتا ہے۔ بہت سے لوگوں کو فتح اس وقت نصیب ہوتی ہے جب ان کی رُوح کے نکلنے کا وقت آجاتا ہے اور بہت سے لوگ بغیر فتح حاصل کئے مر جاتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ انہیں قیامت کے دن صاحب فتح لوگوں سے زیادہ اکمل اور بہتر حالت میں اٹھائیں گے۔

ایک مرتبہ اپنے ایک مرید سے کہا کہ یہی وہ بہت بڑا بوجھ ہے جسے صوفیاء نے اس تابوت کے اندر جمع کر رکھا ہے۔

میں نے حضرت کو اس حبیب کو کہتے سنا کہ تم میں بہت سی نیکیاں ہیں۔ جب میں انہیں دیکھتا ہوں تو مجھے تم پر رشک آتا ہے۔ ایک اور بار اسے کہا کیا تو اپنی نیکیاں میرے ساتھ بانٹ لے گا کیونکہ مجھے ان سے اور ان کی عظمت سے تعجب آتا رہتا ہے۔

حضرت فرمایا کرتے تھے کہ فتح کے وقت مفتوح عا ۔ سے ایک قسم کی سیاہ کھال کو جو دراصل وہ ظلمت ہے جو تمام ذات کو گھیرے ہوتی ہے دور کیا جاتا ہے۔ چنانچہ جب یہ کھال دور ہو جاتی ہے تو اس کی ذات پر نور فتح ڈالا جاتا ہے اور یہ بہت بڑا ہجوم ہوتا ہے جنہیں فرشتے اور دوسرے لوگ لے کر آتے ہیں اور وہ کھال کو دور کرنے لگ جاتے ہیں اور فرشتے سر کو اُٹھائے ہوتے ہیں اور جونہی کہ کھال دور ہو جاتی ہے ملائکہ نور کو اس کی ذات میں رکھ دیتے ہیں اور جس وقت یہ کھال دور ہو جاتی ہے مخلوقات کو اس مفتوح کے متعلق خطرہ ہوتا ہے اس لئے کہ

نہیں اس کے انجام کا پتہ نہیں ہوتا کہ آیا وہ اس فتح سے مرجائے گا یا اس کی عقل زائل ہو جائے گی یا سلامت رہے گی اور وہ متواتر اللہ سے عاجزی سے دعا کرتے رہتے ہیں جو سرّ اس کے اوپر ڈالا گیا ہے۔ خدا اسے اس کے برداشت کرنے کی توفیق و طاقت دے۔

حضرت فرمایا کرتے تھے کہ نور فتح ذات شیخ میں رہتا ہے چنانچہ جب اس کا وارث شیخ کی زندگی کے آخری ایام میں اس پر قدرت رکھتا ہے تو شیخ کے وصال کے بعد نور فتح لے لیتا ہے اور اگر اسے اس کی قدرت نہ ہو تو وہ نور جبرئیل علیہ السلام کے پاس بطور امانت پڑا رہتا ہے تا آنکہ مرید کو اس کی طاقت حاصل ہو جاتی ہے تو وہ کھال اس سے دور کی جاتی ہے اور وہ سرّ لے لیتا ہے۔

حضرت یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام فتح سے پہلے تین دن مفتوح علیہ سے دوستی کر لیتے ہیں اور اسے آنحضرت ﷺ کی محبت سے مانوس کرتے ہیں اور اسے سیدھی راہ پر لے آتے ہیں اور فتح کے بارے میں اس قسم کے دیگر اسرار کا حضرت نے ذکر فرمایا۔ خبردار یہ نہ سمجھ لینا کہ یہاں جبرئیل علیہ السلام کے ذکر سے وحشت پیدا ہوتی ہے جیسا کہ فقہا فرماتے ہیں اور جو شخص یہ کہے کہ وہ فرشتوں کو دیکھتا ہے، سختی سے انکار کرتے ہیں اس لیے کہ فقہاء کی دوسری جماعت نے ان کا رد کیا ہے اور کہا ہے کہ اس میں کون سی محال بات پائی جاتی ہے نیز اس میں کوئی ایسی بات نہیں جو آنحضرت ﷺ کی ذات علیہ کے مزاحم ہو اور اس کی تائید میں فقہاء نے ایک جلیل القدر اور مشہور صحابی عمران بن حصین الخزاعیؓ کی حکایت بیان کی ہے کہ وہ فرمایا کرتے تھے کہ وہ فرشتوں کو دیکھا کرتے تھے اور وہ انہیں سلام کیا کرتے تھے مگر جب انہوں نے (کسی بیماری کی وجہ سے) بدن کو داغ دیا تو پھر ان کا دکھائی دینا بند ہو گیا۔ اور امام شعرانی نے تو اپنی کتاب المنن[11] میں اسے ایک بہت بڑا احسان شمار کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے ایسے لوگوں سے ملایا جو جبرئیل کا مشاہدہ کرتے اور اس سے ہمکلام ہوتے ہیں اگر وہ لوگ جنہیں کلام کرنے کا سلیقہ نہیں خاموش رہتے تو لوگوں کے لئے بہت علم ظاہر ہوتا اور انہیں بہت بڑی بھلائی حاصل ہوتی۔ جو لوگ ان باتوں سے انکار کرتے ہیں وہ ان صحیح احادیث کے متعلق کیا کہیں گے جن پر محدثین کا اتفاق ہے اور جن کی روایت بخاری وغیرہ نے کی ہے جن میں صراحتاً بیان کیا گیا کہ یہ بات دوسری امتوں میں واقع ہوئی تو پھر اس اُمت میں اس کے واقع ہونے سے کیسے انکار کیا جا سکتا ہے صحیح بخاری وغیرہ میں بنی اسرائیل کے متعلق احادیث کو دیکھ لیں۔ واللہ اعلم۔

اب ہم نورانی امور جو باقی رہ گئے ہیں اور جن کا مشاہدہ صاحب فتح کبیر کو ہوتا ہے مثلاً برزخ، جنت، دوزخ، صراط، حوض، ارواح، ملائکہ حفظہ، اولیاء وغیرہ کا ذکر کرتے ہیں۔

حواشی

۱۔ امام شعرانیؒ نے کئی ایک اولیاء کا ذکر کیا ہے جنہیں آنحضرت ﷺ کا مشاہدہ بیداری کے عالم میں ہوتا تھا اور انہوں نے خود اس کا ذکر بھی کیا مثلاً شیخ محمد بن ابی جمرہ (ج ۱، صفحہ ۱۳۸) شیخ عبداللہ بن ابی جمرۃ (ج ۱، صفحہ ۱۷۶) شیخ ابو العباس المرسی (ج ۲، صفحہ ۱۳) اور شیخ ابو المواہب شاذلی (ج ۲، صفحہ ۶۲۔۷۴) بزرگوں نے اس کے متعلق کتابیں بھی لکھی ہیں چنانچہ محمد بن ابراہیم المعروف بجبلی زادہ الحنفی متوفی ۹۷۱ھ نے حور الخیام وعذراء ذوی الھیام فی ردیۃ خیر الانام فی الیقظۃ کما فی المنام لکھی ہیں (کشف الظنون ج ۱۔۳۴۹) اور شیخ یوسف بن یعقوب الخلوتی شیخ الحرم النبوی نے ترکی زبان میں آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھنے کے متعلق تنبیہ الغمی فی ردیۃ النبی ﷺ لکھی (کشف الظنون ۱۔۲۵۵) اور شیخ عبدالرحمٰن بن محمد بسطامی نے درۃ العقاد فی رویۃ النبی ﷺ فی خیال الرقاد لکھی ہے (کشف الظنون ۱۔۳۷۳)

۲۔ ابو اسحٰق ابراہیم بن اسماعیل الخواص: اولیاء کبار میں سے تھے اور جنید اور ثوری کے پایہ کے آدمی تھے۔ توکل ان کا خاص وصف تھا۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ خضر علیہ السلام ملے اور مجھے ساتھ رہنے کو کہا مگر میں ڈر سے ان کے ساتھ نہ رہا کہ کہیں ان سے مانوس ہو کر میں توکل ہی نہ چھوڑ بیٹھوں۔ ان کی

وفات ۲۹۱ھ/۹۰۲ء میں ہوئی۔

۳۔ ابو نعیم: ابو نعیمؒ اصفہانی: ان کا تذکرہ اولیاء جس کا نام حلیۃ الاولیاء ہے صوفیہ میں بہت مقبول ہے۔ ۲۳۶ھ/۹۴۷ء میں پیدا ہوئے اور ان کی وفات ۴۳۰ھ/۱۰۳۸ء میں ہوئی۔ اصفہان کے لوگوں نے انہیں اصفہان سے نکال دیا اور جامع مسجد میں بھی بیٹھنے سے روک دیا تھا۔ انہوں نے حلیۃ تمام کی تمام زبانی لکھائی جبکہ ان کی عمر اسی برس سے متجاوز ہو چکی تھی۔ یہ دراصل حدیث کی کتاب ہے۔

۴۔ امام شعرانیؒ نے (لواقح الانوار ج ۱۔۸۴) ابو اسحٰق ابراہیم بن اسماعیل خواص کی خضر علیہ السلام سے ملاقات کا واقعہ نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حجاز کے راستہ میں ایک جنگل میں مجھے پیاس لگی تو ایک خوبصورت انسان بھورے رنگ کے جانور پر سوار نے آ کر مجھے پانی بھی پلایا اور پیچھے سوار بھی کر لیا۔ پھر کہا دیکھو یہ مدینہ کا نخلستان ہے۔ اب اُتر جاؤ اور صاحب مدینہ یعنی آنحضرت ﷺ کو میرا اسلام دینا اور کہنا **اخوک الخضر یقراء علیک السلام** کہ آپ کا بھائی خضر سلام عرض کرتا ہے) یہاں پر خود خضرؑ نے بھائی کا لفظ استعمال کیا ہے۔ جو انبیاء انبیاء کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں (بروایت ابی ہریرہؓ مشکوٰۃ باب بدء الخلق وذکر الانبیاء ۵۰۹ طبع مجتبائی) **الانبیاء اخوۃ من علات و امھاتھم شتی ودینھم واحد۔**

امام عبدالکریم قشیری نے بھی حضرت خضرؑ کو ولی قرار دیا ہے۔ نبی نہیں کہا (رسالہ قشیریہ ۱۷۶) شیخ عبدالحق محدث دہلوی لمعات میں فرماتے ہیں کہ وہ معمر نبی محجوب ہیں۔ کمال الدین محمد بن محمد المعروف بامام الکاملیۃ متوفی ۸۷۴ھ نے خضرؑ اور ان کے زندہ ہونے کے متعلق ایک رسالہ لکھا ہے (کشف الظنون ج ۱۔۴۲) اور خاتم الحفاظ جلال الدین سیوطی نے خضر کے نبی ہونے کے متعلق رسالہ لکھا ہے جس کا نام وجہ النظر فی ترجیح نبوۃ الخضر رکھا ہے۔ (کشف الظنون ج ۲۔۴۱۲) (نیز ملاحظہ ہو صفحہ ۴۶۵)

۵۔ چنانچہ اماما حمدؒ ابو العباس المرسی فرماتے ہیں کہ مجھے چالیس سال گزر گئے ہیں کہ اس عرصہ میں کبھی بھی آنحضرت ﷺ سے حجاب میں نہیں رہا اور اگر ایک لحظہ کے لئے بھی آنحضرت ﷺ سے حجاب میں ہو جاؤں تو میں اپنے آپ کو مسلمان شمار نہ کروں (لواقح الانوار فی طبقات الاخیار ج ۱۲)

۶۔ سید عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ فرماتے ہیں ایک بار مجھیبہت بڑا نور دکھائی دیا جس سے تمام فضا روشن ہو گئی پھر اس میں ایک صورت اتری جس نے مجھے پکار کر کہا اے عبدالقادر میں تمہارا رب ہوں اور تمہارے لئے میں نے تمام محرمات کو حلال کر دیا ہے۔ اس پر میں نے کہا اے لعین دور ہو جا۔ تو فوراً تمام نور اندھیرے میں بدل گیا اور وہ صورت دھواں بن گئی۔ پھر اس نے مجھے مخاطب کر کے کہا اے عبدالقادر چونکہ تجھے اپنے رب کے معاملات کا پتہ تھا اور تجھے اپنی منزلوں کے احوال کی خبر تھی اس لئے تو مجھ سے بچ نکلا۔ میں تو اس طریقہ سے ستر اہل طریقت کو گمراہ کر چکا ہوں۔ میں نے جواب دیا یہ اللہ کی عنایت ہے۔ حضرت سے کسی نے دریافت کیا کہ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ یہ شیطان ہے۔ فرمایا اس کے ان الفاظ سے کہ میں نے تمہارے لئیم حرمات حلال کر دیئے (لواقح الانوار۔ ج ۱۔۱۹)

کسی نے محمد ابو المواہبؒ شاذلی سے سال کیا کہ یہ جو کسی صوفی کا قول ہے کہ ایک مقام پر پہنچ کر ولی سے تکلیف ساقط ہو جاتی ہے اس سے کیا مراد ہے۔ شاذلی نے فرمایا کہ یہ اسی قسم کا قول ہے جس طرح آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا۔ ارحنا یا بلال (لواقح الانوار ج ۲ صفحہ ۶۲)

۷۔ حضرت جنید فرماتے ہیں العفلۃ عن اللہ اشد من دخول النار۔ اللہ سے غفلت دوزخ سے بھی زیادہ سخت ہے۔ (لواقح الانوار ج ۲، صفحہ ۷۲)

۸۔ محمد بناطر ابلسی: شیخ علاؤ الدولہ احمد بن محمد بن احمد البنا المالکی (کشف الظنون ۱۔۴۹۳)

۹۔ امام عبدالوہابؒ شعرانی نے علی الخواص برلسی کا اسی قسم کا ایک قول نقل کیا (لواقح الانوار ج ۲۔۱۴۸) فرماتے ہیں کہ جب عارف اپنے کسی مرید کی تربیت کرتا ہے تو ضروری نہیں کہ وہی اس عارف کا وارث بھی بنے اس لئے کہ حقیقی تربیت تو اللہ کی طرف سے ہوتی ہے۔ جسے چاہتا ہے وارث بنا دیتا ہے۔

۱۰۔ عمرانؓ بن حصین خزاعی: ابو نجید کنیت غزوہ خیبر کے سال میں ایمان لائے انہوں نے بصرہ میں رہائش اختیار کر لی تھی اور وہیں ۵۲ھ/۶۷۲ء میں وفات پائی۔ فضلا و فقہاء صحابہ میں سے تھے۔ یہ اور ان کے والد دونوں اکٹھے ایمان لائے تھے۔ ابن سیرین کہتے ہیں کہ بصرہ میں عمرانؓ سے زیادہ قدیم اور افضل کوئی صحابی نہیں آئے۔ انہیں ملائکہ سلام کیا کرتے تھے۔

۱۱۔ کتاب کا پورا نام لطائف المنن و اخلاق فی بیان وجوب التحدث بنعمۃ اللہ سبحانہ وتعالیٰ علی الاطلاق ہے یہ امام شعرانی متوفی ۹۷۳ھ کی تالیف ہے (کشف الظنون ۲۔۲۰۹)

دسواں باب

برزخ اوراس میں روحوں کے اُترنے کی کیفیت

حضرت نے فرمایا کہ برزخ کی صورت ایسی ہے جیسے کوئی مقام نیچے سے تنگ اور جس قدر اوپر کو جائیں تو وسیع ہوتا جائے حتیٰ کہ منتہیٰ پر پہنچ کر اس کے سر پر ایک گنبد بنادیا جائے جیسا کہ منارہ کا گنبد ہوتا ہے۔ پس اسے لکڑی کی ایک بہت بڑی اوکھلی کی طرح سمجھو جس کا نچلا حصہ تنگ ہوتا ہے پھر اوپر تک بتدریج فراخ ہوتا جاتا ہے اور جب منارہ کا گنبد اس کے سر پر رکھ دیا جائے تو اس کی شکل برزخ کی سی ہو جائے گی، لیکن وسعت اور عظمت کے لحاظ سے برزخ کی جڑ تو دنیا کے آسمان میں ہے اور ہماری جانب میں اس سے باہر نہیں نکلا۔ پھر اوپر کو چڑھتا گیا یہاں تک کہ دوسرے آسمان کو پھاڑا۔ پھر چڑھا یہاں تک کہ تیسرے آسمان کو پھاڑا۔ پھر چڑھا یہاں تک کہ چوتھے آسمان کو پھاڑا۔ پھر چڑھا یہاں تک کہ پانچویں آسمان کو پھاڑا۔ پھر چڑھا یہاں تک کہ چھٹے آسمان کو پھاڑا پھر چڑھا یہاں تک کہ ساتویں آسمان کو پھاڑا پھر اتنا چڑھا کہ اس کا اندازہ نہیں کیا اور اس کے اوپر گنبد بنایا گیا۔ یہ اس کا طول ہے۔

بیت معمور:

فرمایا: یہی بیت معمور ہے۔

میں نے عرض کیا کہ بیت معمور تو ساتویں آسمان میں ہے اور برزخ کی ابتداء پہلے آسمان سے لے کر ساتویں آسمان سے بھی اوپر تک ہے کہ اس کا اندازہ نہیں۔ لہٰذا یہ ہر آسمان میں ہے۔

حضرت نے فرمایا: ساتویں آسمان سے اوپر اس لئے اکتفا کی گئی کہ اسی میں گنبد مذکور ہے اور یہ مقام برزخ کا اشرف ترین مقام ہے، کیونکہ اس میں سید الاولین و الآخرین علیہ افضل الصلاۃ و ازکی التسلیم کی رُوح اور ان لوگوں کی روحیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کی برکت سے عزت بخشی ہے۔ مثلاً ازواج مطہراتؓ اور آپ کی بیٹیاںؓ اور آپ کی ذرّیت جو آپ کے زمانہ میں تھی اور وہ ذرّیت بھی جنہوں نے آپ ﷺ کے بعد قیامت تک حق پر عمل کیا ہے اور اسی میں خلفاء اربعہ کی ارواح بھی ہیں اور ان شہداء کی بھی روحیں ہیں جو آپ کے سامنے فوت ہوئے اور جنہوں نے آنحضرت ﷺ کی خاطر اپنی جانیں دیں اور اور ان کے حسن عمل کے صلہ میں اللہ نے ان ارواح کو وہ طاقت اور قوت دی ہے جو دوسروں میں نہیں پائی جاتی۔ اسی گنبد میں ان اولیاء اللہ کی روحیں بھی ہیں جو آنحضرت ﷺ کے

وارث کامل ہیں مثلاً اغواث اور اقطاب لہٰذا یہی گنبد برزخ کا اشرف ترین حصہ ہے اسی لئے جنہوں نے ساتویں آسمان سے اوپر بیت معمور کو قرار دیا ہے انہوں نے اسی پر اکتفا کی ہے۔

پھر میں نے دیکھا ہے کہ حافظ ابن حجر نے بخاری میں لکھا ہے کہ ہر آسمان میں بیت معمور ہے کتاب الصلوٰۃ میں معراج والی حدیث کی شرح میں دیکھ لیں وہاں انہوں نے بعض محدثین سے یہ بات نقل کی ہے مگر یہ فتح الباری کے تمام نسخوں میں موجود نہیں بعض میں ہے اور بعض میں نہیں۔ اس طرح کوئی اشکال نہیں رہتا۔

اب رہا برزخ کا عرض تو اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ سورج جو چوتھے آسمان میں ہے' اسی کے گرد چکر لگاتا ہے جیسے کہ کوئی طواف کر رہا ہو اور اس کا یہ چکر ایک سال میں مکمل ہوتا ہے اور تمام برزخ میں سوارخ ہیں جیسا کہ جنت کے بیان میں آئے گا۔ انہی سوراخوں میں روحیں ہیں۔

آنحضرت ﷺ کی رُوح مبارک اور ان لوگوں کی روحیں بھی جنہیں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کی بدولت عزت بخشی ہے' گنبد میں ہیں۔

فرمایا: اس گنبد کے سات حصے ہیں جنت کی تعداد کے مطابق۔ ہر حصہ ساتویں جنتوں میں سے ایک جنت کے مشابہ ہے۔

فرمایا: اگرچہ آنحضرت ﷺ کی رُوح کا مقام گنبد میں ہے مگر یہ یہاں ہمیشہ نہیں رہتی اس لئے کہ یہ گنبد یا کوئی اور مخلوق آنحضرت ﷺ کی رُوح کے کثرت اسرار کی وجہ سے متحمل نہیں ہو سکتی اس کی متحمل تو صرف آپ کی ذات شریف ہی ہو سکتی ہے یہی وجہ ہے کہ برزخ میں آپ کی رُوح مبارک ایک معین جگہ پر مقیم نہیں رہتی اس لئے کہ کسی چیز میں اس کے برداشت کی قدرت نہیں۔

وہ روحیں جو برزخ میں چوتھے آسمان اور اس کے اوپر کے آسمانوں میں ہیں ان کے نور بہت روشن ہیں اور جو روحیں تیسرے آسمان اور اس سے نیچے ہیں ان میں سے اکثر تاریک اور بے نور ہیں اور یہ سوراخ جو برزخ میں ہیں حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے سے ارواح سے معمور تھے اور ان ارواح میں نور تھا مگر یہ نور وجود سے جدا ہونے کے بعد کے نور سے کم تھا۔

فرمایا: جب آدم علیہ السلام کی رُوح ان کی ذات میں جا اُتری تو اس کی جگہ خالی رہ گئی۔ اسی طرح ہر رُوح کے اُترنے سے اس کا سوراخ خالی رہتا گیا۔ موت کے بعد جب رُوح لوٹتی ہے تو اس مقام پر نہیں لوٹتی جہاں وہ پہلے تھی بلکہ وہ کسی اور مقام کی مستحق ہوتی ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت کی مراد یہ ہے کہ اگر وہ رُوح مومن ہو تو پہلے سے زیادہ بلند مقام کی مستحق ہوتی ہے اور اگر کافر ہو تو پہلے سے کم تر مقام کی مستحق ہوگی۔

پھر فرمایا کہ خالی سوراخوں کو اللہ تعالیٰ کی مخلوقات سے آباد کیا جاتا ہے اور وعدہ الست سے پہلے ارواح کو انجام کا علم نہ تھا اور نہ ہی یہ معلوم تھا کہ ان کے متعلق اللہ تعالیٰ کا کیا ارادہ ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنی قضاء ازلی کو ظاہر کرنا چاہا تو اسرافیل کو صور پھونکنے کا حکم دیا چنانچہ انہوں نے پھونکا اور تمام روحیں جمع ہو گئیں، اور ان پر وہ کیفیت پیدا ہو گئی جو قیامت کے دن مردوں کو اٹھانے کے لئے صور پھونکنے سے پیدا ہو گی بلکہ اس سے بھی بڑھ کر جب روحیں جمع ہو چکیں تو اللہ تعالیٰ نے اپنا بلا کیف خطاب سنایا اور کہا اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں) اہل سعادت نے تو خوشی خوشی اپنے رب کے حکم کا جواب دیا کہ (ہاں تو ہمارا رب ہے) اس وقت سے جواب دینے میں ان کا فرق ظاہر ہو گیا اور مشاہدہ میں ان کے مراتب کا فرق معلوم ہو گیا اور شیخ و مرید میں امتیاز ہو گیا اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ فلاں کا تعلق فلاں سے ہو گا اور فلاں کا تعلق فلاں سے کٹ جائے گا اور انبیاء اور ان کی امتوں کا فرق بھی ظاہر ہو گیا۔

بد بخت لوگوں نے جب اللہ کا خطاب سنا تو وہ کبیدہ خاطر ہوئے اور بادل ناخواستہ جواب دیا اور پر اس طرح بھاگ گئے جس طرح شہد کی مکھی کو دھونی دی جائے تو بھاگتی ہے۔ اس لئے انہیں ذلت وخواری حاصل ہوئی اور ان کے نور تاریک ہوگئے اسی وقت سے مومن اور کافر میں امتیاز ہوگیا۔ تب جا کر برزخ میں ہر جگہ رُوح کی جگہ مقرر کردی گئی۔ اس سے پہلے روحیں جہاں چاہتی تھیں قیام کر لیتی تھیں۔ پھر اگر اللہ کا ارادہ ہوتا تو وہ وہاں سے منتقل ہو کر کہیں چلی جاتیں۔

حضرت نے فرمایا اگر کوئی اہل مشاہدہ اب برزخ کی طرف دیکھتا ہے تو اسے وہ روحیں الگ دکھائی دیتی ہیں جو اپنے انوار کی قوت کے ساتھ اجسام سے جدا ہو کر آئی ہیں اور وہ بھی جو کثرت ظلمت کے ساتھ آئی ہیں اور وہ روحیں بھی نظر آئیں گی جو اپنے نور یا ظلمت کی کمی کے باعث نکل کر نہیں گئیں۔

نیز فرمایا: جو روحیں نکل کر دنیا میں نہیں گئیں جب تک وہ تمام کی تمام نکل کر نہ چلی جائیں یہاں تک کہ ایک رُوح بھی باقی نہ رہے اس وقت تک قیامت واقع نہ ہوگی۔

میں نے عرض کیا اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ ارباب کشف کو قیامت اور اس کے واقع ہونے کے وقت کا علم ہے۔ حالانکہ اللہ فرماتے ہیں:

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ الايته قیامت کا علم اللہ کے پاس ہے اور وہی بارش برساتا ہے۔ نیز نبی ﷺ نے فرمایا ہے فِیْ خَمْسٍ[1] لَا يَعْلَمُوْنَ اِلَّا اللّٰه ۔ پانچ چیزیں ہیں جن کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں۔

اصحابِ فتح کبیر کو قیامت کا علم ہوتا ہے:

حضرت نے جواب دیا کہ آنحضرت ﷺ نے کسی مصلحت وقت کی بنا پر فرمایا تھا' ورنہ آیت میں ذکر کی گئی ان پانچوں چیزوں سے کوئی چیز بھی آپ ﷺ سے مخفی نہ تھی اور آپ پر کیسے مخفی رہ سکتی ہے جبکہ اس اُمت کے ساتوں قطبوں کو ان کا علم ہے حالانکہ وہ غوث سے کم مرتبہ میں تو پھر غوث کو کیونکر ان کا علم نہ ہوگا اور پھر سید الاولین والآخرین کو ان کا کیونکر علم نہ ہوگا کہ جو ہر چیز کے وجود کا سبب ہیں اور انہی سے ہر چیز کا وجود ہے۔

پھر فرمایا پیشتر اس کے کہ جسموں سے روحیں لوٹ کر برزخ میں آئیں اس میں کم نور تھا اور یہ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے کی بات ہے اور آدم کے زمانہ میں بھی اس کا نور کم تھا مگر جب آدمؑ اور ان کی اولاد سے دیگر انبیاء اور اولیاء کی روحیں یہاں چڑھ کر گئیں تو برزخ کا نور بتدریج بڑھتا گیا اس لئے کہ ارواح کا صعود بھی بتدریج ہوا تھا۔

میں نے سوال کیا کہ کفار کی روحیں جسم سے نکلنے کے بعد برزخ میں کہاں ہوتی ہیں؟

فرمایا برزخ کی تہ میں اگر برزخ میں ان روحوں کے مقام کو تو دیکھے تو تجھے یہ کوئلے کی طرح سیاہ دکھائی دے! سے اس کے کافر ساکنین کے حال نے سیاہ کر رکھا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے آخرت کا معاملہ دنیا سے بالکل برعکس ہے کیونکہ دنیا میں اگر کوئی شخص سفید فاخرہ لباس پہنے تو جب تک اسے کسی خارجی امر کے سبب میل کچیل نہ لگ جائے اس وقت تک وہ لباس اپنی حالت پر رہے گا لیکن آخرت میں کپڑوں کی گندگی کا دارومدار ذات پر ہے لہٰذا اگر ہم فرض کرلیں کہ کافر نہایت سفید اور خوبصورت کپڑے پہنے ہوئے ہے تو ایک لحظہ کے اندر

یہ کپڑے کوئلے سے بھی زیادہ سیاہ ہو جائیں گے۔

پھر فرمایا: یہ ہوا جو ہمیں گھیرے ہوئے ہے اس کا معاملہ بھی دونوں جہانوں میں ایک دوسرے کے برعکس ہے چنانچہ دنیا میں اگر محیط ہوا روشن ہوگی تو یہ ان اجسام کو بھی روشن کرے گی جو اس کے اندر ہیں خواہ وہ مومنین کے ہوں خواہ کفار کے لیکن آخرت میں ذات ماحول پر غالب ہے۔ چنانچہ مومنین کی ذات ماحول کو روشن کردے گی اور اس پر مومنین کا اس قدر نور چھائے گا کہ عقل دنگ رہ جائے گی اس کے برعکس کفار کی ذوات اسے کوئلے کی طرح سیاہ کردیں گی۔ حاصل یہ کہ آخرت میں امور باطنہ کے احکام جاری ہوتے ہیں' کیونکہ اصل وہی ہے اور آخرت حقیقت کا گھر ہے۔

حضرت نے مجھے آخرت کے پسینہ کے متعلق بھی اسی قسم کا جواب دیا جو بعض کے منہ تک پہنچ کر بطور لگام بنا ہوگا۔ بعض کی کمر تک ہوگا اور بعض کے گھٹنوں تک حالانکہ وہ زمین جہاں یہ لوگ ہوں گے ہموار ہوگی۔ چنانچہ اگر دنیا میں تین آدمی ہموار زمین کے پانی میں کھڑے ہوں تو وہاں یہ اختلافات ممکن نہیں۔ فرمایا: چونکہ دنیا میں ان لوگوں کے باطن میں اختلاف تھا اس لئے آخرت میں اس کا معاملہ ظاہر ہوگیا کہ حقیقت کا گھر یہی ہے۔

پھر فرمایا: کہ برزخ کے اس حصہ میں جہاں کافر ہیں باہر کو نکلے ہوئے ٹھنٹھے ہیں جس طرح ایک مستطیل عمود ہوتا ہے پھر یہ ٹھنٹھے جہنم کی جہت میں پھیلے ہوئے ہیں اور دوزخ کا عذاب اور بُو ان ٹھنٹھوں والوں کو اس حد تک پہنچتی ہے کہ گویا وہ جہنم ہی میں ہیں۔ ان ٹھنٹھوں منافق اور وہ کافر رہتے ہیں جن پر اللہ کا غضب نازل ہو چکا ہے یہ ٹھنٹھے اس برزخ میں بھی پائے جاتے ہیں۔ جہاں سعادتمند لوگوں روحیں ہیں اور وہاں سے باہر کو جھک کر جنت کی جانب پھیلی ہوئی ہیں۔ چنانچہ یہاں کے رہنے والوں کو جنت کی نعمتیں بھلائی اور اس قد خوشبو حاصل ہوتی ہے جس سے ان کی کیفیت ایسی ہو جاتی ہے کہ گویا وہ درحقیقت جنت میں ہی ہیں۔ یہاں شہدا اور ان لوگوں کا مسکن جن پر اللہ کی رحمت ہو اور یہ ٹھنٹھے جن کا ذکر مذکورہ بالا دونوں فریقوں کے برزخ میں آیا ہے۔ یہ برزخ ہی کا حصہ ہیں' مگر ان کی شکل ایسی ہے جیسے کوئی زائد اور باہر کو نکلی ہوئی چیز برزخ کی جہت کے سوا کسی اور جہت میں جارہی ہو۔

میں نے عرض کیا کہ برزخ کا نچلا حصہ تو آسمان دنیا میں ہے اور جب کافروں کی روحیں اس میں ٹھہریں تو یہ برزخ میں اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے جائیں حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَ

(سورہ اعراف آیت ۴۰)

''ان کے لئے آسمان کے دروازے کھولے نہ جائیں گے۔'' مزیں برآں علماء نے بیان کیا ہے کہ مومنین کے لئے برزخ قبر لے کر اعلیٰ علیین تک ہے اور کافرین کے لئے قبر سے لے کر سجین تک اسفل سافلین میں ہے۔

حضرت نے ایک بار تو اس کا جواب یہ دیا کہ کافر کی رُوح جب برزخ کے بائیں حصہ میں کے آسمان میں ہے اور اسے حجاب ڈال دیا گیا ہے گویا کہ اس کی آنکھیں کان اور دل اور تمام حواس سی دیئے گئے ہیں۔ بطور مثال کے ہے لہٰذا ایسا ہوا جیسا کہ کسی کے آسمان کے دروازے نہ کھولے گئے ہوں۔

دوسری بار یوں فرمایا کہ برزخ میں کافروں کی روحوں کی دو قسمیں ہیں ایک قسم تو ظلمت اور بدحالی کے غلبہ کی وجہ سے محجوب یہاں تک کہ اسے نہ رُوح دکھائی دیتی ہے نہ کوئی اور چھوٹی یا بڑی چیز اور یہ خدا کی ناراضگی کا حجاب ہے۔ خدا اپنی پناہ میں رکھے اور دو

م ان روحوں کی ہے جو محجوب نہیں ہیں بلکہ انہیں مشاہدہ ہوتا ہے اور یہ مشاہدہ صرف اسی عذاب کا ہوتا ہے جو ان کے لئے تیار کر رکھا ہے۔
راہر دو قسمیں اللہ کی ناراضگی میں ہیں لہٰذا ان کی یہی حالت ہوئی جیسے کسی کے لئے آسمان کے دروازہ نے کھولے جائیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت کے اس بیان کی تائید اس اختلاف سے ہوتی ہے جو علماء میں لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ کی تفسیر میں یا جاتا ہے۔ چنانچہ بعض کہتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ آسمان کے دروازے ان کی دعاؤں کے لئے نہیں کھولے جائیں گے یعنی ان ں دعائیں مقبول نہ ہوں گی۔ بعض کہتے ہیں کہ ان کی روحوں کے لئے نہیں کھولے جائیں گے یعنی جس طرح مومنوں کی روحوں کے لئے سمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں ان کی روحوں کے لئے نہیں کھولے جائیں گے چنانچہ ملاحظہ ہو بیضاوی۔ اسی طرح کا اختلاف علماء ں اس حدیث کے متعلق پایا جاتا ہے جس میں آسمان میں حضرت آدمؑ کے بائیں طرف کی اشباح کا ذکر آتا ہے اور حدیث میں نحضرت ﷺ کا یہ فرمانا کہ یہ حضرت آدمؑ کی اولاد میں سے کفار کی روحیں ہیں چنانچہ بعض علماء نے اسے ظاہر پر محمول کیا ہے اور دوسروں نے اس کی تاویل کی ہے۔

ایک اور بار حضرت نے فرمایا کہ برزخ کے متعلق میں نے ذکر کیا ہے کہ اس کی ابتداء مذکورہ بالا صفت پر آسمان دنیا سے ہے تو اس سے ہماری مراد یہ نہیں کہ یہ لازمی طور پر ہمارے سر کی جانب ہے بلکہ ہوسکتا ہے کہ ہمارے پاؤں کے نیچے ہو اس لئے کہ آسمان زمین کو گھیرے ئے ہے جو اس کے اندر ہیں اور عرش ان تمام کو گھیرے ہوئے ہے اور برزخ ایک بہت بڑی مخلوق ہے اور اس کی تہ کی چوڑائی جہاں سے نگ تر ہے سات جہاں کے برابر ہے لہٰذا جب ہم یہ کہتے ہیں یہ ہمارے سر کے اوپر ہے تو اس کا ایک حصہ تو ہمارے پاؤں کے نیچے ہوگا۔ لہٰذا ن علماء نے کہا ہے کہ ان کی روحیں اسفل سافلین میں ہوں گی تو ان کی مراد ہمارے نیچے کی جانب برزخ کا بائیں حصہ ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ شاید حضرت یہ فرمانا چاہتے ہیں کہ (اوپر کی جانب) برزخ ساتوں آسمانوں کو چیر کر اعلیٰ علیین تک چلا گیا ہے اور (نیچے کی طرف) ساتوں زمینوں کو پھاڑ کر اسفل سافلین تک چلا گیا ہے لہٰذا اس کا بائیں حصہ ساتویں زمین میں سجین میں ہے اور بالائی حصہ ساتوں آسمانوں سے اوپر علیین میں ہے۔ حضرت نے یہی بات کئی بار صراحتاً فرمائی اور اسی طرح اس قول کی موافقت ہوتی ہے کہ جنت آسمانوں کے اوپر ہے اور جہنم زمینوں کے نیچے۔ لہٰذا (برزخ کا) بائیں حصہ جہنم کی جہت میں ہے اور یہیں کفار اشقیاء اور فاجروں کی روحیں ہیں اور بالائی حصہ جنت کی جہت میں ہے اور یہیں مومنین' سعادت مند اور نیک لوگوں کی روحیں ہیں اس قول سے آسمان کے دروازوں کے کھلنے کے بارے میں گزشتہ اختلاف کی مخالفت نہیں ہوتی کیونکہ اگر برزخ اس طرح ہو تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ کفار کی ارواح کے لئے آسمان کے دروازے نہ کھلیں۔

ایک اور بار فرمایا: بعض کفار ایسے ہیں کہ جن کے مرنے کے بعد ان کی رُوح کو برزخ کی طرف چڑھنے سے روک دیا جاتا ہے اور اس پر شیطانوں اور ابلیسوں کو جو اس دنیا میں اس کی ذات میں داخل ہو کر اسے وسوسے ڈالتے تھے' مسلط کر دیا جاتا ہے لہٰذا جونہی کہ رُوح ذات سے نکلتی ہے یہ شیاطین فوراً اسے لے لیتے اور اس سے اس طرح کھیلتے ہیں جس طرح بچے گیند سے کھیلتے ہیں۔ خدا اپنی پناہ میں رکھے۔ چنانچہ ایک شیطان اسے دوسرے شیطان کی طرف پھینکتا ہے اور اسے وہ پتھر پر مارتا ہے اور اسے ناقابل برداشت عذاب الٰہی میں مبتلا کرتے ہیں۔ تا آنکہ اس کی ذات قبر میں فنا ہو جاتی ہے اور مٹی بن جاتی ہے۔ تب جا کر یہ رُوح پائیں برزخ میں اپنے مقام پر چلی جاتی ہے۔ لہٰذا جنہوں نے آسمانوں کے دروازوں کے کھلنے کو اس پر محمول کیا ہے تو ان کا کہنا صحیح ہے۔

مؤلف کہتا ہے حضرت کی ان تمام تقاریر میں کوئی منافات نہیں پائی جاتی بلکہ ان کا مفہوم ایک ہی ہے لہٰذا ایک کا دوسرے سے ربط پایا جاتا ہے۔ میں نے انہیں الگ الگ اس لئے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت سے اسی طرح سنا تھا۔

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ ان تمام تقاریر کا مفہوم یہ نکلتا ہے کہ برزخ کا پائیں حصہ آسمان دنیا میں ہے اور یہاں صراحتاً بیان کیا گیا ہے کہ برزخ کا پائیں حصہ اسفل سافلین میں ہے لہٰذا یہ تو یقیناً پہلی تقریر کے منافی ہوا۔ اس لئے کہ اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ برزخ کا پائیں حصہ ساتویں زمین کے نیچے ہے اور پہلی تقریر اس بات کی مقتضی ہے کہ یہ آسمان دنیا میں ہے۔

اس کے جواب میں مولف کہتا ہے کہ اگر پہلی تقریر میں پائیں حصہ سے مراد وہ نچلا حصہ لیا جائے جو سعادت مندوں کے اعتبار سے ہے اور یہاں اشقیاء کے اعتبار سے نچلا حصہ مراد لیا جائے تو پھر دونوں تقریروں میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا جیسا کہ ظاہر ہے۔

اگر اس پر پھر اعتراض کیا جائے کہ یہ صحیح ہے، لیکن پہلی تقریر کا تقاضا ہے کہ کفار کی ارواح اس میں پائیں حصہ میں ہوں جو آسمان دنیا میں ہے اور اس تقریر کا تقاضا یہ ہے کہ یہ روحیں اس پائیں حصہ میں نہیں ہیں بلکہ اس سے بھی نچلے حصہ میں ہیں لہٰذا دونوں تقریروں میں منافات ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ کفار کی روحیں مختلف ہیں جیسا کہ بیان ہو چکا۔ لہٰذا بعض اس پائین حصہ میں ہیں اور بعض ان ٹھنٹھوں میں اور بعض دونوں حصوں کے درمیانی حصہ میں اور بعض تیسری زمین میں چنانچہ حضرت نے فرمایا کہ انہوں نے تیسری زمین میں کچھ لوگوں کو دیکھا ہے جو تنگ گھروں میں جھلنے والی آگ میں گہرے کنوؤں میں اور دائمی عذاب میں ہیں۔ ان میں جو کلام کرنا چاہتا ہے تو اسے جہنم نیچے دھکیل دیتا ہے چنانچہ وہ ہر وقت اوپر چڑھتا ہے اور نیچے اترتا رہتا ہے۔

حضرت نے فرمایا: ایک بار میں انہیں دیکھ رہا تھا کہ مجھے ایک شخص دکھائی دیا جس کے نام اور شکل سے مجھے عالم دنیا سے واقفیت تھی۔ میں نے اس کا نام لے کر اسے پکارا اور کہا وائے تو یہاں کس پاداش میں آ پڑا ہے، ابھی وہ جواب دینا ہی چاہتا تھا کہ وہ نیچے چلا گیا۔

جامع کتاب کہتا ہے کہ میرا غالب گمان ہے کہ میں نے حضرت سے عرض کیا کہ یہ جگہ بھی برزخ ہی کی جگہ ہوگی۔ اس لئے کہ برزخ ساتوں زمینوں کو چیرتا ہوا اسفل سافلین تک چلا گیا ہے۔

حضرت نے فرمایا: تم سچ کہتے ہو۔ واللہ اعلم۔

اس کتاب میں جو کچھ میں نے لکھا ہے اس میں سوائے ان الفاظ کہ مجھے کہیں بھی شک نہیں ہوا۔ (کہ آیا حضرت نے یہی فرمایا تھا یا کچھ اور) اس لئے میں نے گمان غالب کا لفظ کہہ کر اس پر تنبیہ کر دی ہے۔ واللہ اعلم۔

اور یہ شخص جسے حضرت نے اس مقام میں دیکھا تھا دنیا میں منجملہ مومنین میں سے تھا۔

پھر فرمایا: مشیت خداوندی کی عجیب بات یہ ہے کہ کفار کی ارواح کو مومنین کی ارواح سے نفع حاصل کرنے سے روک رکھا ہے حالانکہ وہاں کوئی حجاب و پردہ نہیں۔ یہ انوار اس قدر تیزی سے چمکتے ہیں کہ چاند اور سورج بھی ان کی روشنی تک نہیں پہنچ سکتے بلکہ چاند اور سورج کا نور بھی انہی انوار سے لیا گیا ہے جیسا کہ آئندہ بیان ہوگا۔ اس کے باوجود کافر کی رُوح اس نور سے نہ فائدہ حاصل کر سکے گی اور نہ روشنی حاصل کرے گی۔ نہ تھوڑی نہ زیادہ بلکہ یہ اپنی اس ظلمت میں ہی ہوگی جس کی کیفیت بیان نہیں ہو سکتی لہٰذا یہ ان انوار کی نسبت حجاب میں ہیں اس کی مثال اس طرح سمجھو جیسے ان روحوں کو ڈبہ میں رکھا ہو جس کے اوپر رانگ کا قفل لگا دیا گیا ہو حالانکہ وہاں نہ ڈبہ ہے نہ رانگ

صرف مشیت ایزدی ہے جو کافر کی رُوح تک نفع پہنچنے سے مانع ہے۔

فرمایا: مومنین کی ارواح ایک دوسرے سے مستفید ہوں گی اور ایک دوسرے کو سیراب کریں گی اور ایک دوسرے کی سفارش کریں گی یہاں تک کہ تجھے بعض ارواح میں ان گناہوں کے آثار دکھائی دیں گے جو ذات نے کیے ہوں گے اور یہ آثار رُوح پر نمایاں ہوں گے مگر اس کے بعد یہ آثار کسی ایسی رُوح کی بدولت جو اللہ کے ہاں عزیز ہوگی اور ان گناہوں والی رُوح کے قریب ہوگی' زائل ہو جائیں گے۔

فرمایا برزخ کے مکانات اور جنت کے درمیان نور کے ڈورے ہیں جو روحوں کے اجسام سے جدا ہو کر برزخ میں جانے کے بعد پیدا ہوتے ہیں اور یہ نور نور ایمان ہے۔ چنانچہ یہ نور مثلاً زید کی رُوح سے نکل کر برزخ کو قطع کرتا ہوا جنت تک چلا گیا ہے اور اس نور کے ذریعہ سے اس کو جنت سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح کفار کے برزخی مکانات اور دوزخ کے درمیان ڈورے ہیں جو ان ارواح کے اجسام سے جدا ہونے کے بعد ہی پیدا ہوتے ہیں اور یہ ظلمت' ظلمت کفر ہے۔ خدا اس سے بچائے چنانچہ یہ ظلمت کا ڈورا کافر کی رُوح سے نکل کر جہنم تک چلا جاتا ہے جس کی وجہ سے کافر کی رُوح کو جہنم کی لو اور عذاب پہنچتا ہے۔

نیز فرمایا: اسی طرح برزخ اور دنیا میں اجسام مومنین کے درمیان بھی ان کے نور ایمان کے ڈورے ہیں۔ چنانچہ صاحب بصیرت کو یہ ایمان کا ڈورا بالکل صاف اور سفید نظر آتا ہے جیسے دھوپ کسی بند دروازہ پر پڑ رہی ہو اور سورج کی شعاعیں باریک سوراخ کے ذریعہ سے اندر آ رہی ہوں کہ اس طرح سورج کی شعاعیں دروازہ سے گزر کر تاروں اور ڈوروں کی طرح دکھائی دیں گی۔ اسی طرح صاحب بصیرت کو بھی زندہ مومنین میں ہر ایک کے سر سے نکلتا ہوا ڈورا دکھائی دیتا ہے۔ یہ ڈورا جب تک اس کے سر سے ایک بالشت اونچا نہ ہو لے دکھائی نہیں دیتا اور اس کے بعد یہ لمبا ہو کر برزخ میں اپنے مقام تک چلا جاتا ہے۔ یہ ڈورا بھی ہر ایک کی قسمت ازلی کے مطابق مختلف ہوتا ہے چنانچہ بعض میں یہ ایک ڈورے کی شکل میں دکھائی دیتا ہے جیسا کہ بیان ہو چکا اور بعض میں یہ ڈورا اس سے زیادہ موٹا ہوتا ہے اتنا موٹا جتنا کہ نے ہوتی ہے اور بعض میں اس سے بھی موٹا کھجور کی مانند دکھائی دیتا ہے اور یہ لوگ اکابر اولیاء میں سے ہوتے ہیں۔

یہ ڈورے اسی طرح کفار کے اجسام اور ان کے برزخی مقر کے درمیان دکھائی دیتے ہیں مگر کفار کے ڈوروں کا رنگ نیلا سیاہی مائل ہوتا ہے جس طرح کہ گندھک کی آگ ہوتی ہے۔ جس کسی میں اس قسم کے ڈورے دکھائی دیں یہ اس کی بدبختی کی علامت ہے۔ خدا بچائے۔ یہ ڈورے بھی مختلف ہوتے ہیں۔ کفر میں ان کے اختلاف کے مطابق بعض کے باریک اور بعض کے کھجور جتنے موٹے ہوتے ہیں۔ نسئال اللہ السلامتہ

حضرت نے فرمایا: ایک بار میں نے یہودی ملاحوں کی طرف نگاہ کی تو ان کے سروں سے ڈورے نکلتے ہوئے دیکھے جو عین اُفق میں جا کر آپس میں مل جاتے ہیں اور ایک سیاہ کہر کی مانند ہو جاتے اور مجھے ان میں کچھ صاف سفید اور چمکتے ہوئے ڈورے بھی دکھائی دیتے تو میں سمجھ جاتا کہ یہ ڈوروں والے عنقریب مسلمان ہو جائیں گے۔ اسی طرح میں مسلمانوں کی بستی کو دیکھتا تو ان کے سروں سے صاف چمکدار ڈورے برزخ کی طرف چڑھتے ہوئے دیکھتا۔ ان میں بعض نیلے ڈورے بھی دکھائی دیتے جو ان ڈوروں والوں کی بدبختی کی علامت ہے۔

مولف کہتا ہے اس حدیث میں

اِنَّ الرَّجُلَ[2] لِیَعْمَلُ بِعَمَلِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ فِیْھَا یَظْھَرُ لِلنَّاسِ ثُمَّ یَسْبَقُ عَلَیْہِ الْکِتَابُ فَیَعْمَلُ بِعَمْلِ اَھْلِ النَّار فَیَدْخُلُھَا

ایک آدمی بظاہر اہل جنت کے سے عمل کرتا ہے مگر پھر ازلی لکھت اس پر غالب آجاتی ہے تو وہ دوزخیوں کے سے کام کرنے لگ جاتا ہے۔

انہی لوگوں کی طرف اشارہ ہے۔ اسی طرح وہ جو یہودیوں میں دکھائی دیتے ہیں مگر ان میں سفید ڈورے پائے جاتے ہیں وہ مسلمانوں میں شامل ہو جاتے ہیں۔ انہی لوگوں کی طرف اشارہ ہے فرمان نبوی میں کہ

اِنَّ الرَّجُلَ[3] لِیَعْمَلُ بِعَمْلِ اَھْلِ النَّارِ مَا یَبْقٰی بَیْنَہٗ وَ بَیْنَھَا اِلَّا شِبْراً ثُمَّ یَسْبِقُ عَلَیْہِ الْکِتَابُ فَیَعْمَلُ بِعَمْلِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ فَیَدْخُلُھَا

(ایک آدمی دوزخیوں کے سے کام کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ جب دوزخ اور اس کے درمیان صرف ایک بالشت کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو ازل لکھت غالب آجاتی ہے اور وہ اہل جنت کے سے کام کرنے لگ جاتا ہے اور جنت میں داخل ہو جاتا ہے)

نیز فرمایا جواز لی لکھت کا مشاہدہ کرنا چاہتا ہے اور (حدیث قدسی میں) اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا نظارہ کرنا چاہے کہ ھٰؤُلَاءِ[1] اِلَی الْجَنَّۃِ وَلَا بَالِی وَ ھٰؤُلَاءِ الی النَّار ولا اُبَالِی (یہ لوگ جنت میں جائیں گے اور مجھے ان کی پرواہ نہیں اور یہ دوزخ کو جائیں گے مجھے ان کی پرواہ نہیں۔

تو اسے چاہیے کہ وہ بچوں کو دیکھے۔ آپ کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ اصحاب کشف ہیں وہ ان بچوں میں چمکدار ڈوروں والوں اور نیلے ڈوروں والوں کو دیکھ لیتے ہیں حالانکہ یہ بچے ابھی مکلف نہیں بنے (یعنی ابھی ان پر احکام شرعی جاری نہیں ہوتے) لیکن ازلی لکھت ہی ہے۔

ایک بار ہم دو چھوٹے بچوں کے پاس سے گزرے جو کھیل رہے تھے تو حضرت نے فرمایا جو اس زمانہ کے بچوں کو دیکھے گا انہیں آئندہ آنے والے زمانہ کے بچوں کے مقابلہ میں زیادہ حسین پائے گا اس لئے کہ اس زمانہ کے اکثر بچوں کا نور بڑا حسین اور ملیح ہے۔

ایک بار ہم ایک جگہ سے گزرے۔ وہاں سے ایک بچہ نکلا۔ آپ نے فرمایا: تمہارا کیا نام ہے؟ بچہ نے جواب دیا۔ مقدار۔ حضرت نے فرمایا: اس میں سے ایک ولی کبیر نکلے گا جو اللہ کو بہت عزیز ہوگا۔

ایک اور بار حضرت نے ایک اور بچہ کو دیکھا تو مجھے کہا نور ولایت کی طرف دیکھو۔ اس کے چہرے پر ولایت کی حلاوت کو دیکھو۔ خود ولایت کی طرف دیکھو کہ وہ کسی پر مخفی نہیں رہتی۔ اس کے بعد مجھے فرمایا تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا۔

مولف کہتا ہے کہ اب وہ بچہ بڑا ہو چکا ہے اور آج وہ ایک بہت بڑی شخصیت ہے۔ الحمدللہ۔ اس نے حج بھی کر لیا ہے۔ اسے بڑے بڑے مناظر نظر آتے ہیں، عملی حالت بھی اچھی ہے۔ اللہ نے اسے استقامت بخشی ہے اور اس کے چہرہ پر ملاحت کی شعاعیں دمک رہی ہیں۔

پھر فرمایا کہ بچہ کے ماں کے پیٹ سے نکلتے ہی اور زمین پر آتے ہی صاحب کشف کو معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کا انجام کیا ہوگا۔ ایک

جو ہڑ کی طرح نباتات کے اُگنے سے پہلے کچھ پتہ نہیں چلتا کہ اس میں کچھ اُگے گا بھی یا نہیں۔ لیکن جب اس میں بیل جم کر اوپر نظروں کے سامنے آ جاتی ہے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ تربوز کا پتہ ہے اور یہ دوسرا پتہ یا جیسے غنچہ کہ اگر زرد رنگ کا ہے تو سبز نہیں بن سکتا اور جو سرخ ہے وہ زرد نہیں بن سکتا۔

اس کے بعد میں نے عرض کیا: منافقوں کو بدترین کفار کیوں سمجھا گیا اور انہیں جہنم کے سب سے نچلے درجہ میں کیوں رکھا گیا؟ حالانکہ ظاہری طور پر یہ نماز بھی پڑھتے' روزے رکھتے' حج کرتے اور جہاد کرتے تھے۔ اگر یہ سب کچھ نہ بھی ہو تو کم از کم انہوں نے مسلمانوں کو اذیت تو نہیں پہنچائی۔

اس پر حضرت نے فرمایا: سبحان اللہ! ارے کفر اور اس کی خباثت وشدت کا امتداد ازلی لکھت کے اعتبار سے ہوتا ہے نہ کہ اعمال کی طرف سے۔ بارہا ایسا ہوا کہ ہم نے برزخ کی طرف دیکھا تو ایک ظلمانی ستون نیلا' خبیث' دراز ہوتا ہوا وہاں سے اترتا ہوا کافروں کے کسی شہر کی طرف جاتا ہوا دیکھا۔ میں نے دل میں خیال کیا کہ ضرور یہ ان کے حاکم پر نازل ہوگا یا کسی سرکش انسان پر گرے گا۔ چنانچہ میں اپنی نگاہ اس کے پیچھے لگاتا تو کیا دیکھتا کہ وہ ایک ضعیف پھوہڑ شخص پر آ کر گرتا جو اپنی دکان پر بیٹھا ہوا چندھی آنکھوں سے تک رہا ہوتا۔ یہ دیکھ کر میں کلمہ طیبہ پڑھتا اور اللہ کی نعمتوں پر اس کا شکریہ ادا کرتا۔

ایک بار حضرت نے مجھے فرمایا کہ نیلا ڈورا اگرچہ بدبختی کی علامت ہے' مگر اللہ کے حکم سے کبھی یہ تبدیل بھی ہو جاتا ہے۔ اگر اس ڈورے والے کا میل جول اہل سعادت لوگوں سے ہو جائے اور ان سے اس کی دوستی ہو جائے تو یہ ڈورا بتدریج صاف ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ یہ اہل سعادت لوگوں کے ڈوروں کی طرح ہو جاتا ہے۔ والحمدللہ

ایک اور بار فرمایا: نیلا ڈورا اگرچہ نیلا ہوتا ہے اور اس میں چمک نہیں ہوتی مگر ہم نے اسے تبدیل ہوتے دیکھا ہے اور اگر نیلے پن کے ساتھ یہ چمک دار بھی ہو تو ہم نے اسے تبدیل ہوتے نہیں دیکھا۔

ایک مرتبہ فرمایا: حضرات انبیاء علیہم السلام کے مبعوث ہونے میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ وہ لوگوں کو ایک کلمہ توحید پر جمع کرتے ہیں تاکہ وہ سب ایک ملت پر آ جائیں اور ایک دوسرے کو نصیحت اور ایک دوسرے کی مدد کریں اور ظاہر ہے کہ ان میں بعض اہل سعادت ہوں گے اور بعض وہ ہوں گے جن کا ڈورا نیلا ہوگا۔ لہٰذا اگر نیلے ڈورے والے کو کچھ مدت تک اہل سعادت کی صحبت نصیب رہی ہو تو اہل سعادت سے اجتماع کی بدولت وہ بھی سعادت مند ہو جائے گا۔ پس بعثت انبیاء کی بدولت اجتماع نصیب ہوا اور اجتماع سے حالت پلٹی۔ بعثت کا یہی فائدہ ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہی راز ہے کہ آنحضرت ﷺ نے جماعت کا ساتھ دینے کا حکم فرمایا ہے کہ بالشت برابر بھی جماعت سے باہر نہ نکلا جائے۔ چنانچہ اگر کسی نے جماعت کو چھوڑا تو جاہلیت کی موت مرا۔

ایک بار میں حضرت کے ساتھ کسی بازار میں جا رہا تھا اور آپ کا دست مبارک میرے ہاتھ میں تھا اور ہم ساتھ ساتھ چل رہے تھے اور میں حضرت سے ان علومِ کشفیہ کے متعلق سوال کرنے میں محو تھا کہ ایک شخص ہمیں ملا جو لوگوں میں صالح مشہور تھا اور پیر بنا ہوا تھا۔ اس نے ہم سے ایک بات کہی جس میں بظاہر تو نصیحت تھی مگر قرائن سے ظاہر ہو رہا تھا کہ اس کا مقصد کچھ اور ہے۔ اس لئے ہم خاموش رہے' مگر بعد میں حضرت نے مجھے بتایا کہ اس کا ڈورا نیلا ہے۔ اللہ پناہ میں رکھے اور بارہا اس پر قسم کھائی اور فرمایا مجھے معلوم نہیں کہ اس کا ڈورا بدلے گا یا نہیں۔

نیز فرمایا جب آدمی مر جاتا ہے (اور ذات فنا ہو جاتی ہے) تو رُوح برزخ میں چلی جاتی ہے اور جب ذات پھولنے اور سڑنے لگتی ہے تو اس کا سرّ ذات سے منقطع ہو جاتا ہے۔ ہاں بعض اولیاء میں رُوح کے سرّ کا تعلق قبر سے قائم رہتا ہے جس کی وجہ سے اس کے نور ایمان کا عمود قبر پر قائم رہتا ہے اور وہاں سے اوپر کو چڑھتا ہوا برزخ میں رُوح سے جا ملتا ہے بعینہٖ اسی طرح جس طرح کہ اس ولی کی زندگی میں وہ نور ذات کے ساتھ قائم تھا۔

فرمایا: کئی بار میں فاس کی قبروں اور گورستانوں کی طرف نگاہ کرتا ہوں تو کیا دیکھتا ہوں کہ زمین سے نور نکل کر برزخ کی طرف اس طرح جاتے ہیں جس طرح سرکنڈے زمین سے نکل کر برزخ تک چلے گئے ہوں یاد رکھو کہ ان انوار کے مالک نیک اولیاء ہیں۔ کئی باریوں فرماتے کہ یہاں ایک ولی کبیر (مدفون) ہے یہ دیکھو اس کا نور برزخ تک چلا گیا ہے۔ آنحضرت ﷺ کی قبر کا بھی یہی حال ہے۔ آنحضرت ﷺ کے نور ایمان کا عمود قبر شریف سے ممتد ہو کر اس قبہ برزخ تک چلا گیا ہے۔ وہاں آپ کی رُوح مطہر ہے فرشتے گروہ در گروہ آ کر اس نور شریف کا طواف کرتے ہیں وہ تبرکاً نور شریف کو مَس کرتے ہیں اور اس پر اس طرح گرتے ہیں جس طرح شہد کی مکھیاں اپنے یعسوب (مکھیوں کے بادشاہ) پر گرا کرتی ہیں۔ چنانچہ اگر کوئی فرشتہ سرّ الٰہی یا کسی امر کی برداشت سے عاجز آتا یا اس کو کسی قسم کی تھکان محسوس ہوتی یا کسی مقام پر وہ ٹھہر جاتا تو وہ فوراً نور شریف کی طرف آ کر اس کا طوف کرتا ہے اور ایسا کرنے سے اسے آنحضرت ﷺ کے نور سے قوت کاملہ اور بہت بڑی ہمت حاصل ہو جاتی ہے اور وہ پہلے سے زیادہ قوی ہو کر اپنی جگہ پر چلا جاتا ہے۔ ابھی ۵ ایک گروہ طواف سے فارغ نہیں ہوتا کہ دوسرا گروہ آ جاتا ہے اور ہر ایک طواف میں عجلت کرتا ہے۔

مجھے ایک بار فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے مجھے فتح عطا کرنی چاہی اور چاہا کہ مجھے اپنی رحمت میں لے لے تو میں فاس میں تھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ قبر شریف میرے سامنے ہے۔ پھر میں نے نور شریف کو دیکھا جو میرے دیکھتے میرے قریب آتا گیا۔ جب بالکل قریب آ گیا تو اس میں سے ایک آدمی نکلا۔ دیکھا تو وہ خود آنحضرت ﷺ تھے۔ تب مجھے حضرت عبداللہ برنادی نے کہا: اے عبدالعزیز اللہ تعالیٰ تجھے اپنی رحمت کے ساتھ جمع کر دیا ہے اور یہ رحمت سید الوجود ﷺ ہیں۔ اب مجھے اس بات کا ڈر نہیں رہا کہ شیطان تجھ سے کھیل سکے گا۔

نیز فرمایا کہ برزخ کی شان عجیب ہے اور وہ مومنین کا اس قدر نور اپنے اوپر لے لیتا ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے یہاں تک کہ نورِ شمس بھی ان مومنین کی ارواح کے نور سے ہے، لیکن ستاروں کا اور چاند کا نور شمس سے لیا گیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ برزخ کا نچلا حصہ جیسا کہ بیان ہو چکا سیاہ اور تاریک ہے لہٰذا جو نیّرات اس کے بالمقابل ہیں انہیں نور نہیں پہنچ سکتا لہٰذا جس نور سے سورج منور ہوا ہے اس سے روشنی حاصل کرنے میں یہی چیز حائل ہے کیونکہ اگر اس سے روشنی حاصل ہوتی تو برزخ کا نچلا حصہ بھی روشن ہوتا اور کفار کی ارواح اس سے فائدہ اُٹھا سکتیں مگر اللہ کا ارادہ یہ نہ تھا۔ یہ نیّرات (یعنی چاند اور ستارے) سورج سے روشنی حاصل کرتے ہیں اس لیے کہ سورج برزخ سے باہر ہے اور یہ نیّرات اس کے بالمقابل واقع ہیں لہٰذا انہیں سورج کی روشنی پہنچتی ہے اور چاند اس جہت میں جو ہمارے قریب ہے دنیا کے آسمان پر ہے۔

میں نے عرض کیا: منجمین کا خیال ہے کہ ستارے فلک الثوابت میں ہیں جو کہ آٹھواں آسمان ہے۔

حضرت نے فرمایا: نہیں یہ کہاں سے معلوم ہوا؟

میں نے عرض کیا: ان کا یہ خیال اس لیے ہے کہ ان کی رفتار اور سبع سیاروں کی رفتار میں بہت فرق ہے۔

فرمایا: جیسا ان کا خیال ہے ایسا نہیں ہے۔ ستارے تمام کے تمام دنیا کے آسمان پر ہیں۔ اس کے بعد آپ نے ہر آسمان کی کیفیت بیان کی اور ان چیزوں اور لوگوں کا ذکر کیا جو اسی میں ہیں مگر اس کا لکھنا مناسب نہیں۔ اس کتاب کا مطالعہ کرنے والے یہ خیال نہ کریں کہ میں نے جو کچھ حضرت سے سنا وہ تمام کا تمام اس کتاب میں لکھ دیا ہے۔ میں نے تو بہت تھوڑا حصہ لکھا ہے۔ برزخ کے متعلق جو کچھ میں نے حضرت سے سنا اسی قدر ہے خدا ہمیں اس سے مستفید ہونے کی توفیق دے۔ آمین۔

حواشی

۱۔ اس مقام پر مولوی عاشق الٰہی نے بڑا لمبا چوڑا نوٹ لکھا ہے۔ مگر افسوس کہ یہ تمام کتاب پڑھ جانے کے بعد بھی انہیں کشف اور مشاہدہ کاملہ میں فرق سمجھ میں نہ آیا۔ مشاہدۂ کاملہ تواتر سے کہیں بڑھ کر ہوتا ہے۔

۲۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ باب الایمان بالقدر ۲۰

۳۔ مشکوٰۃ باب الایمان بالقدر ۲۰ یہ حدیث متفق علیہ ہے اور ابن مسعود کی روایت ہے۔

۴۔ مشکوٰۃ باب الایمان بالقدر ۲۲۔۲۴ امام احمد کی حدیث جسے انہوں نے ابوالدرداءؓ سے روایت کیا ہے۔

۵۔ اس مقام پر پھر مولوی عاشق الٰہی صاحب نے پورا ایک صفحہ سیاہ کر ڈالا ہے۔ بھائی صاحبِ نظر لوگ جانیں کہ حقیقت کیا ہے۔ آپ خواہ مخواہ ناراض ہو رہے ہیں۔ اگر آپ میں دیدہ بینا نہیں تو یہ کس کا قصور ہے۔ عاشقانِ آستانۂ محمدی اور والہانِ ذاتِ مصطفویؐ سے پوچھو کہ فرشتوں پر بھی زیادہ جوش و محبت کے ساتھ روضہ اطہر اور نور مطہر کے طواف کرنے کے لئے بے تاب ہیں۔ **وھل یستوی الاعمیٰ والبصیر** ۔ ابن المبارک اور ابن ابیؒ نے کعبؒ الاحبار سے روایت کی ہے کہ ہر روز ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں اور اپنے پروں سے قبر نبی ﷺ کا مس کرتے ہیں۔ اس کے گرد پھرتے ہیں۔ آنحضرتؐ کے لئے استغفار کرتے اور آپ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ رات ہونے پر یہ فرشتے چلے جاتے ہیں اور دوسرے ستر ہزار اترتے ہیں۔ ہر روز یہی سلسلہ جاری رہتا ہے یہاں تک کہ قیامت ہوگی تو قیامت کے دن آنحضرت ﷺ ستر ہزار فرشتوں کے درمیان قبر سے نکلیں گے۔ (البدور السافرہ فی امور الآخرہ طبع لاہور صفحہ ۲۷)

گیارھواں باب

جنت' اس کی ترتیب' تعداد اور ان چیزوں کا ذکر جن کا تعلق جنت سے ہے

میں نے حضرت کو فرماتے سنا کہ دنیا میں جو نعمتیں سننے میں آتی ہیں اور جو سننے میں نہیں آتیں سب کی سب جنت الفردوس میں موجود ہیں اور اسی میں جنت کی نہریں جاری ہوتی ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ بخاری وغیرہ کی حدیث میں بھی اسی طرح آیا ہے۔

فرمایا: نہروں کے جاری ہونے کی کیفیت یہ ہے کہ ایک ہی نہر کے اندر چار قسم کی پینے کی چیزیں بہہ رہی ہوں گی۔ یعنی پانی' شہد' دودھ اور شراب یہ سب بہہ رہی ہوں گی مگر ایک ہی نہر کے اندر نہ ملیں گی۔ بعینہٖ جس طرح کہ کہکشاں کے رنگ کہ اس میں مختلف رنگ سرخ 'زرد' نیلا اور سبز الگ الگ دکھائی دیتے ہیں۔ اسی طرح یہ پینے کی چیزیں ایک نہر میں ساتھ ساتھ چلتی دکھائی دیں گی مگر ایک دوسرے میں نہ ملیں گی۔ پھر یہ مومن کی خواہش کے مطابق جاری ہوں گی۔ اگر چاروں کی خواہش کرے گا تو چاروں بہتی ہوں گی اور اگر ساتھ والا انسان صرف دو کی خواہش کرے گا تو دو ہی بہتی ہوں گی اور دو اللہ کے حکم سے بند ہو جائیں گی۔ پھر ان کا تیسرا ساتھی اگر ایک ہی چاہے گا تو تین بند ہو جائیں گی اور ایک بہے گی اور اگر کوئی اور چار سے بھی زیادہ کی خواہش کرے گا تو اللہ کے حکم سے اسی قدر جاری ہو جائیں گی لہٰذا اگر تو ابتداء سے انتہا تک ان کے جاری ہونے کو دیکھے گا تو تجھے اس میں چاروں قسمیں بہتی ہوئی دکھائی دیں گی۔ ایک جگہ پر چاروں' دوسری جگہ صرف دو' تیسری جگہ صرف ایک اور کسی جگہ پر پانچ نہ ان کے درمیان کوئی حاجز اور نہ کوئی فاصلہ ہوگا۔ فَسُبْحَانَ الْمَلِكِ الْخَلَّاقِ

پھر فرمایا یہ نہریں کھدی ہوئی زمین میں نہ بہہ رہی ہوں گی۔

مؤلف کہتا ہے کہ حدیث میں بھی اسی طرح آیا ہے کہ یہ نہریں کھدی ہوئی زمین میں نہ بہتی ہونگی۔ ایک بار میں حضرت کے ساتھ باب الفتوح میں تھا کہ میں نے عرض کیا کہ میں نے فلاں بزرگ سے سنا ہے کہ جنت کے انگور کی لمبائی ایک ہاتھ کے برابر ہے۔ حضرت نے فرمایا: میں نے اسے دیوار کے برابر دیکھا یعنی اس دیوار کے برابر باب الفتوح کی مسجد میں قبلہ کی جانب ہے۔ ایک اور بار فرمایا کہ اس کی لمبائی اس دیوار کے برابر یا کم یا زیادہ ہے۔

پھر فرمایا: لوگوں کا خیال ہے کہ جنت الفردوس تمام جنتوں سے افضل اور اعلیٰ ہے اور کوئی جنت اس کے برابر نہیں حالانکہ حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ بلکہ ایک اور جنت ہے جو جنت الفردوس سے بھی اعلیٰ و افضل ہے اور اس میں کسی قسم کی نعمت نہیں پائی جاتی اور یہاں صرف وہ انبیاء اور اولیاء رہیں گے جنہیں اللہ تعالیٰ کا مشاہدہ حاصل ہے۔

فرمایا: ان لوگوں کے نزدیک مشاہدہ الٰہی ہر اس نعمت سے زیادہ عزیز' زیادہ خوش نما' زیادہ میٹھا اور اعلیٰ و افضل ہے جو تصور میں آ سکے اور اس جنت میں رہنے والے جنت سے نکل کر کسی اور جنت میں جانا پسند نہ کریں گے جس طرح کہ اہل جنت' جنت سے نکل کر دنیا میں جانا پسند نہ کریں گے۔

فرمایا: جو لوگ جنت الفردوس میں رہیں گے ان میں اکثریت اُمت محمدیہ ﷺ کی ہوگی اور اُمت محمدیہ ﷺ میں سے صرف بیس کے قریب اہل ظلم و اہل کبائر اور وہ لوگ جنہیں اللہ تعالیٰ جنت الفردوس میں بسانا پسند نہ کریں گے۔ اس میں سے نکال دیئے جائیں گے۔ ہم اللہ سے اس کی عفو اور فضل چاہتے ہیں۔

فرمایا آنحضرت ﷺ کو اپنی اُمت سے بہت الفت ہے۔ لہٰذا آپ چاہتے ہیں ان کا دیدار کریں اور ان سے اس طرح اچھا برتاؤ کریں جس طرح ایک رشتہ دار دوسرے رشتہ دار سے کرتا ہے۔ اس لئے حق تعالیٰ نے مشاہد والی جنت عالیہ اور ہر قسم کی نعمتوں والی جنت الفردوس دونوں کو آپ کے لئے جمع فرمایا اور دونوں کے وسط کا مجموعہ آپ کا مسکن تجویز کیا۔ یہ بات کسی اور کو حاصل نہیں۔ لہٰذا آنحضرت ﷺ تمام اُمت کو خواہ وہ اہل مشاہدہ میں سے ہوں یا نہ ہوں اپنا فیضان پہنچائیں گے۔ خدا ہمیں آپ کی اُمت میں رکھے اور ہمیں آپ کی سنت اور طریقہ سے منحرف نہ کرے۔

جنت عالیہ:

مولف کہتا ہے کہ یہ جنت عالیہ جس کی طرف حضرت نے اشارہ کیا ہے جنت علیین ہے۔ واللہ اعلم۔ چنانچہ ابن عساکر[1] نے ابوسعید حذریؓ[2] سے روایت کی ہے کہ علیین کے لوگ جنت والوں پر اوپر سے جھانکیں گے تو ان کا چہرہ اہل جنت کے لئے اس طرح چمکتا ہوگا جس طرح چودھویں رات کا چاند دنیا والوں پر چمکتا ہے اور ابوبکرؓ اور عمرؓ انہی میں سے ہیں۔ نیز احمد[3] ترمذی[4] اور ابن حبانؒ[5] نے ابوسعیدؓ سے طبرانی[6] نے جابرؓ بن سمرہ اور ابن عساکر نے ابن عمرؓ اور ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ بلند روحوں والوں کی طرف نچلے درجہ کے لوگ اس طرح دیکھیں گے جس طرح تم آسمان کے افق میں ستاروں کو دیکھتے ہو اور ابوبکرؓ و عمرؓ انہی لوگوں میں سے ہیں۔ ملاحظہ ہو الجامع الصغیر' البدور السافرہ میں احادیث الرویت کے باب کے مطالعہ سے بھی اس کی صحت کا علم ہوتا ہے اور احادیث رویت پر ہی (سیوطیؒ نے) کتاب کو ختم کیا ہے اور (سیوطیؒ نے) جنت عالیہ کے نام بھی نکالے ہیں۔ مثلاً دارالمزید جیسا کہ حذیفہ[8] وغیرہ کی حدیث میں ہے اور ابونعیمؒ نے ابویزید البسطامی سے روایت کی ہے کہ اللہ کے خاص بندے ہیں' جنہیں اگر جنت میں، اللہ کے دیدار سے روک دیا جائے تو وہ اسی طرح فریاد کریں گے جس طرح دوزخی فریاد کریں گے۔ واللہ اعلم۔

میں نے حضرت سے جنت عالیہ جس کا ذکر ہو چکا ہے کے نام کے متعلق دریافت کیا کہ آیا یہی جنت علیین ہے؟ فرمایا کہ وہ دوسری جنت ہے۔ میں نے عرض کیا کہ حدیث میں تو اسی طرح آیا ہے اور میں نے ابوسعیدؓ حذری کی مذکورہ بالا حدیث کا حوالہ دیا تو فرمایا۔ ہاں،

میں سمجھ گیا کہ حضرت میری دلجوئی کرنا چاہتے ہیں۔اس لئے میں نے عرض کیا کہ جو آپ کے نزدیک صحیح ہو بیان فرمائیں۔

حضرت نے فرمایا: جنت علیین جنت الفردوس سے اُوپر اور اس کی جہت سے خارج ہے اور اس کی ہی سمت میں نہیں ہے اور یہ جنت عالیہ ایک دوسری جنت ہے۔

میں نے عرض کیا کیا اسی کو دارالمزید کہتے ہیں؟

فرمایا: ہاں یہی اس کا نام ہے مگر اس میں حق سبحانہ کے مشاہدہ کے سوا کوئی نعمت نہیں ہے اور اوپر بیان کیا جاچکا ہے کہ یہاں کے لوگوں کے لئے مشاہدہ الٰہی ہر قسم کی نعمتوں سے زیادہ عزیز ہے۔اس لئے کہ مشاہدالٰہی میں جنت کی تمام نعمتوں کی لذت پائی جاتی ہے اس میں تمام وہ نعمتیں پائی جاتی ہیں جو جنت میں ہیں اور اس کے علاوہ اور چیز بھی ہے اور یہاں کے لوگوں کی لذت روحانی لذت ہوگی۔ برخلاف اور جنت والوں کے کہ ان کی لذت ان کے باقی اجسام کی لذت ہوگی۔

فرمایا: جسے ان دونوں قسموں میں سے ایک قسم کی لذت حاصل ہوگی، وہ دوسری قسم کی لذت کی طاقت نہ رکھ سکے گا اور ان دونوں قسم کی لذتوں کو آنحضرت ﷺ کے کوئی شخص جمع نہیں کرسکتا۔ چنانچہ آپ کو لذت مشاہدہ اور اس کے اسرار کی اس قدر قوت حاصل ہوگی کہ کسی اور کو نہ ہوگی اور آپ اپنے جسم کے ذریعہ سے جنت کی نعمتوں سے اس قدر لذت حاصل کریں گے کہ کوئی اور نہ کرسکے اور ان میں سے کوئی ایک لذت دوسری لذت سے آپ کو مانع نہ آسکے گی۔ پاک ہے وہ خدا جس نے آپ کو اس کی قوت دی اور اس پر قادر کیا۔

نیز فرمایا کہ یہ جنت' جنت الفردوس سے اوپر ہے اور اسی کی جہت میں ہے مگر یہاں کے ساکنین کی تعداد بمقابلہ دیگر جنتوں کے ساکنین کے کم ہوگی۔ جنت علیین میں لاتعداد نعمتیں ہوں گی اور جنت الفردوس میں نعمتوں کی انواع اس سے بھی زیادہ ہوں گی مگر جنت کی نعمتیں زیادہ لطیف اور دقیق ہیں۔آپ یہ کہنا چاہتے تھے کہ دارالمزید کے قرب کی وجہ سے جہاں کی نعمتیں حسی نہیں بلکہ معنوی ہیں۔ یہاں کی نعمتیں بھی معنوی ہوں گی۔لہٰذا جنت علیین زیادہ بلند اور زیادہ حلاوت والی ہے اور جنت الفردوس کی نعمتیں تعداد میں زیادہ ہوں گی اور جنت علیین میں انبیاء کی جماعت سکونت پذیر ہوگی۔انہی میں حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔

میں نے عرض کیا کہ ان احادیث کا کیا جواب ہوگا جن میں آیا ہے کہ سب میں اعلیٰ جنت' جنت الفردوس ہے' چنانچہ بخاری میں ہے کہ جب تم دعا مانگو تو اللہ سے جنت الفردوس مانگا کرو کہ وہ وسط جنت ہے اور اعلیٰ جنت ہے۔بعض علماء نے وسط سے مراد عمدہ اور جید لیا ہے اور اعلیٰ سے مراد حقیقی مفہوم بلند تر اور افضل ترین اور بعض علماء مثلاً حافظ سیوطی نے بدور سافرہ میں کہا ہے وسط شے اس چیز کا اعلیٰ و بلند ترین حصہ ہوتا ہے جیسے ٹیلے کا درمیانی حصہ کہ اس کا بلند ترین حصہ ہے اس کے علاوہ اور احادیث بھی ہیں۔

فرمایا: اگر کوئی ان تینوں جنتوں کا ایک ہی نام رکھنا چاہے تو رکھ سکتا ہے اور سب کا نام جنت الفردوس رکھ سکتا ہے۔اس اعتبار سے کہ آنحضرت ﷺ کا قبہ دارالمزید' جنت العلیین اور جنت الفردوس تینوں سے لیا گیا ہے لہٰذا جو جنت الفردوس میں ہوگا وہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ ہوگا اور جو جنت العلیین میں ہوگا وہ بھی آپ لے ساتھ ہوگا۔علیٰ ہذا القیاس جو دارالمزید میں ہوگا وہ بھی آپ کے ساتھ ہوگا۔لہٰذا جو آنحضرت ﷺ کے مقام کی طرف نظر کر کے کہہ دے کہ تینوں جنت ایک ہی ہیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔

پھر فرمایا قبہ مطہرہ نے جنت الفردوس کے وسط کو اپنے اندر لے لیا ہے اور پھر علیین کی طرف ہوتے ہوئے دارالمزید تک جا پہنچا ہے اور اس کے وسط کو اپنے اندر لے لیا ہے۔

مولف کہتا ہے کہ اس قول سے تمام احادیث کا اختلاف اٹھ جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔

میں نے سوال کیا کیا باقی جنتیں میں بھی نعمتیں ہیں؟

فرمایا: ہاں وہاں کے لوگوں کے اعمال کے مطابق لیکن جنت الفردوس اس اُمت محمدیہ ﷺ اور ان لوگوں کے لئے جنہوں نے بغیر بعثت نبی کے خدا کی طرف سے ہدایت پا کر خدا کو ایک جانا۔

مؤلف کہتا ہے جیسے قس[9] بن ساعدہ اور زید بن[10] عمرو بن نفیل۔

حضرت نے فرمایا: کیا آنحضرت ﷺ نے ان کے لئے اس بات کی گواہی دی ہے؟

اس وقت تو مجھے اس کا جواب یاد نہ آیا مگر اس کے بعد میں نے ابن خلیل[11] السبکی کی منظومتہ القبور کی شرح میں دیکھا کہ اس نے صراحتاً بیان کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ان دونوں کے لئے شہادت دی ہے کہ یہ دونوں قیامت کے دن ایک الگ اُمت کے طور پر اٹھائے جائیں گے۔ شرح کی عبارت یہ ہے کہ بعض علماء کا قول ہے کہ اہل فترۃ تین قسم کے ہیں۔ اوّل وہ لوگ جنہوں نے اپنی بصیرت سے توحید کو پالیا۔ پھر ان میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو کسی شریعت میں داخل نہیں ہوئے جیسے قس بن ساعدہ اور زید بن عمرو بن نفیل۔ ان دونوں قسموں کے ذکر کرنے کے بعد کہتے ہیں پہلی قسم میں سے قس بن ساعدہ اور زید بن عمرو بن نفیل ہر ایک کے لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ وہ قیامت کے دن ایک اُمت کے طور پر اٹھیں گے۔

مؤلف کہتا ہے کہ ابن خلیل السبکی کی بعض علماء سے مراد اُبی[12] ہے جس طرح مسلم کی شرح میں ہے حافظ سیوطی نے مسالک[13] الحنفاء میں شارح منظومہ سے زیادہ تفصیل سے اُبی کا یہ قول نقل کیا ہے۔

اس کے بعد حضرت سے میری ملاقات ہوئی تو میں نے یہ مذکورہ کلام پیش کیا تو فرمایا میں بھی یہی کہنا چاہتا تھا مگر مجھے اس بات کا ڈر ہوا کہ کہیں لوگ میری طرف سے یہ نقل نہ کرنے لگ جائیں کہ میں کہتا ہوں کہ آنحضرت ﷺ نے اہل جاہلیت کے بارے میں جنت میں جانے کی گواہی دی ہے۔ لہٰذا میں دیکھنا چاہتا تھا کہ کیا اس بارے میں علماء نے کچھ لکھا ہے۔ سو خدا کا شکر ہے کہ ان کا کلام اس کے مطابق ہے۔

پھر فرمایا: کہ یہ اور اس قسم کے لوگ اس لئے جنت الفردوس میں جائیں گے کہ کفار کے درمیان رہ کر ان کا اللہ پر ایمان تھا اور یہ اللہ کی طرف سے ان پر بہت بڑی عنایت تھی جس کی وجہ سے ضروری تھا کہ ان کا بہت بڑا نور ہو جو کفر کی ظلمتوں کو پھاڑ ڈالے اور اپنی جنس کے ہادی کے بغیر ہی وہ توحید کو پالیں۔

جنتوں کی تعداد

میں نے سوال کیا کہ جنتیں کتنی ہیں۔

حضرت نے فرمایا: آٹھ ہیں۔

میں نے سوال کیا: پہلی جنت کون سی ہے؟

فرمایا: (۱) پہلی جنت دارالسلام ہے۔ پھر (۲) جنت النعیم، (۳) پھر (۳) جنت الماویٰ، پھر (۴) دارالخلد، پھر (۵) جنت عدن، پھر (۶) جنت الفردوس، پھر (۷) جنت علیین، پھر (۸) دارالمزید۔

مؤلف کہتا ہے کہ علماء کی کسی تحریر میں جنتوں کی تحقیقی تعداد نہیں دی گئی جیسا کہ سیوطی کی البدور السافرہ[14] سے معلوم ہوتا ہے کیونکہ سیوطی نے بعض علماء کا قول نقل کیا ہے کہ جنتوں کی تعداد چار ہے اور بعض نے سات کہا ہے اور بعض نے ایک ہی کہا ہے اور ان کا آٹھ ہونا جنت کے آٹھ دروازوں کے عین مطابق ہے جیسا کہ بہت سی حدیثوں میں آیا ہے کہ ان کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ ملاحظہ ہو البدور السافرہ۔

جنتوں کی ترتیب:

پھر فرمایا کہ جنتوں کی ترتیب ایسی نہیں جیسا کہ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ ایک دوسرے کے اوپر کو ہی ہوسکتی ہیں بلکہ ایسا نہیں ہے ہر چھ جانب سے آٹھ ہی نظر آتی ہیں۔ لہٰذا جو پائین جانب آئے گا تو اتنی ہی جنتیں پائے گا۔ دائیں طرف سے آئے گا تب بھی اتنی ہی ہوں گی یہی حال باقی جہتوں کا ہے اور آخرت کی بات دنیا کی سی نہیں۔ واللہ اعلم۔

جنتوں کی کیفیت و وضع:

پھر ایک بار میں نے حضرت سے جنتوں کی ترتیب اور کیفیت و وضع کے متعلق سوال کیا۔

فرمایا: نہ روئے زمین پر اور نہ ہی اللہ کی مخلوقات میں کوئی ایسی چیز پائی جاتی ہے جس میں جنت سے مشابہت پائی جاتی ہو۔ ہاں البتہ برزخ اور جنت میں کچھ مشابہت ہے مگر برزخ کو تو لوگوں نے دیکھا نہیں اس لئے اس کی مثال دینا کیسے صحیح ہوگا۔

میں نے عرض کیا۔ اس بناء پر کہ برزخ سنکھ ہے۔ ہم نے حدیثوں میں سنا ہے کہ یہ ایک سینگ کی شکل کی بہت بڑی مخلوق ہے جس کا ایک حلقہ آسمان اور زمین کے درمیانی فاصلے کے برابر ہے۔

حضرت نے فرمایا: ہاں اور اس میں اسفنج کی طرح سوراخ ہوتے ہیں اور انہی سوراخوں میں روحیں ہوتی ہیں۔ پھر یہ سوراخ صرف بالائی سطح تک نہیں ہوتے ہیں اور انہی سوراخوں میں روحیں ہوتی ہیں۔ پھر یہ سوراخ صرف بالائی سطح تک نہیں ہوتے بلکہ بہت گہرے چلے گئے ہیں۔ فرض کرلو کہ یہ سوراخ شہد کے چھتے کی طرح ہیں۔ پھر مثال کو اور آسان کرنے کی خاطر ہم اور چھتوں کو اس سے ملاتے جائیں یہاں تک کہ ان کی تعداد بیس ہو جائے اور ان کو ایک دوسرے سے اس طرح ملایا جائے کہ سب ایک بن جائیں۔ چنانچہ مجموعہ کا بیرونی اور اندرونی حصہ تمام کا تمام سوراخ ہی سوراخ ہوں اور پھر فرض کرلیں کہ چھتہ ایک پردہ سے ڈھنکا ہوا ہے کہ سوراخوں کے اندر کا شہد بالکل دکھائی نہیں دیتا۔ پس یہی مثال سمجھ لو۔

فرمایا: فرض کرو کہ جنت اس تمام مجموعہ کے برابر ہے۔ یہ محض سمجھانے کی غرض سے ہے ورنہ حقیقت میں اللہ کی رحمت اس قدر وسیع ہے کہ اس کی کوئی انتہا نہیں۔ پھر اس مجموعہ کے سات حصے کئے جائیں تو پہلے حصے کا ایک ٹکڑا دنیا بلکہ اس جیسی دس دنیا کے برابر ہوگا اور دوسرا حصہ اس سے کئی گنا زیادہ ہوگا۔ تیسرا حصہ اس سے بھی اس قدر زیادہ ہوگا کہ کوئی اس کا اندازہ نہیں کرسکتا اور چوتھے حصہ کے متعلق کسی کو علم نہیں کہ یہاں کے لوگوں کے لئے کس قدر فرحت و خوشی مخفی کر رکھی ہے چنانچہ یہاں ایسی چیزیں ہوں گی جو نہ کسی کے دیکھنے اور سننے میں کبھی آئیں اور نہ کسی کے خیال میں آئیں۔ پانچواں حصہ تیسرے حصہ جتنا ہے، چھٹا دوسرے جتنا اور ساتواں پہلے جتنا۔

پھر فرمایا: کہیں یہ خیال نہ کرنا کہ پہلے حصّے کے رہنے والے دوسرے حصہ کے رہنے والوں سے کم درجہ کے ہیں یا دوسرے حصّہ والے تیسرے حصّہ والوں سے کم درجہ ہیں وغیرہ وغیرہ۔ بلکہ پہلے حصہ کے بعض لوگ دوسرے حصہ والوں سے افضل ہیں۔

ایک بار یوں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مومن کو جنت کا اس قدر حصہ عطا فرمائیں گے جتنا دنیا میں اُوپر کے رُخ اس کے سر سے لے کر عرش تک ہے اور نیچے کے رُخ پاؤں سے لے کر عرش تک ہے اور بسمت راست تا عرش اور بسمت چپ تا عرش اور یہ شخص (جسے اس قدر حصہ ملے گا) جنت میں سب سے ادنیٰ مرتبہ کا ہوگا۔

پھر فرمایا کہیں یہ نہ خیال کر لینا کہ مذکورہ بالا مثال میں جنت کی صحیح اور پوری وضع بیان کی گئی ہے یا یہ کہ یہ مثال کسی حد تک اس کے قریب ہے بلکہ ان دونوں کے درمیان قطعاً کوئی مناسبت نہیں۔ میں نے تو یہ مثال اس لئے بیان کی ہے کہ لوگ اس سے مانوس ہو جائیں اس لئے کہ خاموش رہنے سے اس قدر بیان کر دینا بہتر تھا۔

پھر فرمایا کہ جنت میں ایک ہی تخت مختلف رنگوں کا دکھائی دے گا۔ چنانچہ کچھ رنگ چاندی کا سا ہوگا۔ کچھ سونے کا سا' کچھ سبز زمرد کا' کچھ مخمل کا سا' کچھ یاقوت احمر کا سا وغیرہ' دیگر رنگ جن کی کیفیت بیان نہیں ہو سکتی' مگر سب کی اصل ایک ہوگی نہ متعدد ہوگی اور نہ مختلف' چنانچہ تخت پر بیٹھا ہوا انسان اگر سیر کرنا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا چاہے گا تو اگر اس کی خواہش ہوگی تو تخت اسے لے جائے گا یا وہ خود جہات ستہ میں سے جس جہت میں چاہے گا چلا جائے گا۔ دنیا کے برخلاف کہ یہاں تو ہم صرف سامنے کی جہت میں چل سکتے ہیں مگر جنت میں اوپر' نیچے' دائیں' بائیں' پیچھے اور آگے جدھر چاہے گا چل سکے گا اور ہر شش جہات میں اس کے ہمسائے ہوں گے برخلاف دنیا کے یہاں نہ ہمارے اوپر کی جانب کوئی گھر ہے اور نہ نیچے کی جانب۔

پھر فرمایا: جنت میں جس قدر نعمتیں اور پھل اور میوے ہیں۔ دنیا میں کوئی چیز بھی ان کے مشابہ نہیں پائی جاتی اور اگر جنت کی نعمتوں' وہاں کے میووں اور پھلوں کے نام ان کے انوار اور حقیقت کے مطابق رکھے جائیں تو لوگ ان کا مفہوم قطعاً نہ سمجھ سکیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے کہ اصل حقیقت سے نیچے اُتر کر ان چیزوں کے وہ نام رکھے ہیں جن سے لوگ دنیا میں مانوس اور اپنی گفتگو میں ان سے واقف تھے لہٰذا جنت کے میوہ جات اور پھلوں کے متعلق انہی ناموں سے انہیں مخاطب کیا گیا تا کہ وہ انہیں کسی حد تک سمجھ سکیں اگرچہ ان کی حقیقت مختلف ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ہم اپنے بچوں سے ان کی عقل وفہم اور ان کی صغر سنی وکمسنی کا لحاظ رکھ کر ان سے باتیں کیا کرتے اور روٹی کو ''بب'' اور گوشت کو ''شنی'' کہا کرتے ہیں لہٰذا جب ہم سنتے ہیں کہ جنت میں انگور ہوں گے تو ہم سمجھتے ہیں کہ وہ دنیا کے انگور کی طرح ہونگے اگر جنت الفردوس کے انگور کا ایک دانہ نکل کر ساتھ والی جنت میں آ جائے تو اس کا نور اس قدر ہو کہ اس جنت والے اپنی جنت کی اشیاء سے غافل ہو جائیں اور اسی طرح اگر ساتھ والی جنت کا ایک انگور کا دانہ نکل کر تیسری جنت میں آ جائے تو وہاں کے لوگوں کی بھی یہی حالت ہو۔ علیٰ ہذا القیاس یہاں تک کہ اگر آخری جنت کا ایک انگور کا دانہ نکال کر اہل دنیا یعنی ساتوں آسمان اور ساتوں زمینوں میں لایا جائے تو اس کے نور سے سورج' چاند اور تمام ستاروں کا نور ماند پڑ جائے گا اور صرف اسی کا نور اور روشنی باقی رہے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

نیز فرمایا کہ جنت کے دروازے بھی جنت کی تعداد کی طرح آٹھ ہیں اور یہ دروازے لوگوں کے جنت میں داخل ہونے سے پہلے موجود ہوں گے اور بعد میں معدوم ہو جائیں گے۔

میں نے عرض کیا شاید اس لئے کہ دروازے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ لوگ اس سے اندر آ سکیں اور باہر نکل سکیں' لیکن وہاں سے نکلنا ہی نہ ہوگا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَمَا هُمْ عَنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ (جنتی جنت سے نکالیں نہ جائیں گے) (سورہ حجر آیت ۴۸)۔ تو پھر

دروازے کا کوئی فائدہ نہ رہا۔ مگر آپ نے کچھ جواب نہ دیا۔ اس سے میں سمجھ گیا کہ اس میں کوئی اور راز ہے جسے آپ ذکر کرنا نہیں چاہتے۔

پھر فرمایا: جنت کے ہر دروازہ کے بالمقابل حاملینِ عرش کے آٹھ فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کھڑا ہے۔

میں نے سوال کیا: اس میں کیا راز ہے؟

فرمایا: اس کا راز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے نور سے ان آٹھوں فرشتوں اور آٹھوں جنتوں کو پیدا کیا ہے۔ پھر آٹھ قسموں میں تقسیم ہونے اور ہر قسم کو خاص اسرار سے مخصوص کرنے کے بعد ہر قسم میں سے ایک فرشتہ اور ایک جنت بنائی گئی۔ اس طرح اصل اور سِرّ کے اعتبار سے دونوں میں مناسبت پائی گئی۔ اسی طرح دوسری قسم سے بھی ایک فرشتہ اور ایک جنت بنائی گئی اور ان میں بھی اصل اور سِرّ کے اعتبار سے دونوں میں مناسبت پائی گئی۔ اسی طرح باقی چھ قسموں کا حال ہے یہی وجہ ہے کہ جنت کے ہر دروازہ کے سامنے ایک فرشتہ ہے جسے اس کے ساتھ مناسبت ہے۔ چنانچہ اس فرشتہ کو اس جنت کے نور سے سیراب کیا جاتا ہے۔

توبہ کا دروازہ:

میں نے دریافت کیا: کیا توبہ کا وہ دروازہ جو سورج کے مغرب سے طلوع ہونے تک کھلا ہے جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے جیسا کہ بعض احادیث کے ظاہری الفاظ سے معلوم ہوتا ہے چنانچہ ابویعلیٰؒ طبرانی [15] ابن ابی الدنیا [16] نے ابن مسعودؓ سے روایت کی ہے کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں۔ ان میں سے سات بند ہیں، مگر ایک دروزہ توبہ کے لئے کھلا ہے حتیٰ کہ سورج اسی سے طلوع کرے گا۔ البدور السافرہ میں سیوطی نے یہ حدیث دی ہے۔

حضرت نے اس کی تاویل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا، نور ایمان بھی جنتوں میں سے ایک جنت ہے بلکہ یہ جنت میں ہر قسم کی نعمتوں کا سبب ہے بلکہ خود جنت کا سبب بھی ہے لہٰذا یہ نور ایمان ہر قسم کی خیر وسعادت کا سبب ہوا اور چونکہ توبہ بھی ایمان میں (داخل ہونے) کا دروازہ ہے تو اس اعتبار سے توبہ بھی جنت کے دروازوں کا ایک دروازہ ہوئی۔ نیز یہ کہ جو شخص جنت میں جائے گا وہ ادنیٰ حالت سے اعلیٰ حالت کی طرف منتقل ہوگا اسی طرح توبہ میں داخل ہونے والا بھی ادنیٰ حالت یعنی معاصی کی ظلمت سے منتقل ہو کر بلند حالت یعنی نور توبہ اور اطاعت کی بلند حالت میں منتقل ہوتا ہے لہٰذا اس اعتبار سے توبہ کو جنت کا ایک دروازہ کہا گیا۔

توبہ کے دروازے کے بند ہونے سے کیا مراد ہے:

فرمایا: مغرب سے سورج طلوع ہونے کے وقت اس دروازے کے بند ہونے سے مراد دنیا اور دنیا کی مخلوق سے نور حق کا اٹھ جانا ہے۔ حدیث میں ہے جو اَمرُ اللہ کا لفظ آیا ہے اس سے مراد بھی اسی نور حق کا اٹھ جانا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے

لَاتَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِیْ لَاهِرِیْنَ عَلَی الحَقِّ حَتّٰی یَاْتِیَ اَمْرُ اللّٰهِ (میری اُمّت کی ایک جماعت حق پر غالب رہے گی یہاں تک کہ امر الٰہی آئے گا) اور یہ جماعت اہل دائرہ اور تعداد والوں کی ہے اور ہر وہ شخص جس نے اس نور سے اپنا حصہ لیا وہ اس کا حامل ہے اور انہی کی بدولت یہ نور روئے زمین پر قائم ہے۔ جب اللہ تعالیٰ اس کو زمین سے اُٹھانا چاہیں گے تو ان میں سے ایک شخص بھی باقی نہ رہے گا۔ اس لئے جب نور کا اٹھانے والا کوئی نہ ہوگا تو نور بھی اُٹھ جائے گا۔ حضرت نے اس کے علاوہ اور بھی فرمایا مگر (چونکہ) وہ اسرار الٰہیہ میں سے ہے (اس لئے اسے نہیں لکھا جاتا)

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت نے اس حدیث کی تاویل میں جو کچھ فرمایا ہے اسی قسم کی تاویل شیخ عبدالرؤف [17]مناوی نے جامع الصغیر کی شرح میں ناصرالدین بیضاوی [18] سے نقل کی ہے اور اسی کو اس نے پسند کیا ہے۔ اگر اس تاویل کا حضرت کی تاویل سے موازنہ کیا جائے تو حضرت کی تاویل زیادہ صحیح اور زیادہ واضح معلوم دے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

درود شریف کے پڑھنے سے جنت میں وسعت پیدا ہوتی ہے:

میں نے حضرت سے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے کہ درود شریف کے پڑھنے سے تو جنت میں وسعت پیدا ہوتی ہے مگر تسبیح وغیرہ اذکار سے ایسا نہیں ہوتا۔ حضرت نے فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے کہ جنت اس کی اصل نور محمدی ﷺ ہے لہٰذا یہ اس نور کی اس قدر مشتاق ہے جس قدر کہ بچہ کو باپ کی طرف اشتیاق ہوتا ہے۔ اسی لئے جب جنت آپ کا ذکر سنتی ہے تو خوش ہو کر اس کی طرف لپکتی ہے اس لئے کہ جنت آنحضرت ﷺ ہی سے سیراب ہوتی ہے۔ اس کے بعد آپ نے مثال دی کہ ایک جانور ہو جسے خوراک چارے اور جو کی خواہش ہو اور اس کے پاس اس وقت جو لائے جائیں جب اسے سخت بھوک لگی ہو لہٰذا جونہی کہ وہ جانور جو کی بُو سونگھے گا تو اس کے قریب آئے گا اور اگر اس سے دور ہوگا تو اس کا پیچھا کرے گا تا آنکہ اسے حاصل کر لے گا۔ یہی حال ان فرشتوں کا ہے جو جنت کے اطراف اور اس کے دروازوں پر مقرر ہیں۔ وہ ہر وقت نبی ﷺ کے ذکر اور آپ پر درود بھیجنے میں مشغول رہتے ہیں۔ اس سے جنت ان کی مشتاق ہو کر ان کی طرف جاتی ہے اور فرشتے تمام جنت کے اطراف میں ہوتے ہیں اور اس طرح جنت تمام جہات میں پھیل جاتی ہے۔

فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کا ارادہ نہ ہوتا اور اس نے جنت کو روکے نہ رکھا ہوتا تو جنت آنحضرت ﷺ کی دنیوی زندگی میں نکل کر آ جاتی۔ آپ جہاں جاتے وہاں وہ بھی جاتی اور جہاں آپ رات گزارتے وہاں وہ بھی رات گزارتی مگر اللہ تعالیٰ نے اسے آنحضرت ﷺ کی طرف نکل کر جانے سے روک دیا تا کہ آنحضرت ﷺ پر ایمان بالغیب حاصل ہو۔

فرمایا: جب آنحضرت ﷺ اور آپ کی اُمت جنت میں چلی جائے گی تو جنت کو اس سے بہت خوشی حاصل ہوگی اور یہ ان کے لئے وسیع ہو جائے گی اور اسے انتہائی خوشی حاصل ہوگی لیکن جب دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور ان کی امتیں جنت میں داخل ہوں گی تو جنت سکڑ جائے گی اور اسے انقباض لاحق ہوگا چنانچہ وہ اس سے اس کا سبب پوچھیں گے تو جنت کہے گی میرا تم سے کوئی سروکار نہیں آخر کار فیصلہ اس پر ہوگا کہ ان کے انبیاء آنحضرت ﷺ سے مدد طلب کریں گے تب جا کر جنت ان کے لئے بھی وسیع ہوگی۔

کیا ہر درود پڑھنے والے کا درود مقبول ہوتا ہے:

علماء کے اس قول کے بارے میں کہ آنحضرت ﷺ پر درود یقیناً مقبول ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ بے شک آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنا سب سے افضل عمل ہے اور یہی ان فرشتوں کا ذکر ہے جو جنت کے اطراف میں ہیں اور آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے کی برکت یہ ہے کہ جس قدر درود کا ذکر کرتے ہیں اسی قدر جنت بھی وسیع ہوتی جاتی ہے اور فرشتے اس ذکر سے کبھی [illegible] لیتے اس لئے جنت بھی وسیع ہوتی چلی جاتی ہے۔ فرشتے چلتے ہیں تو جنت بھی ان کے پیچھے چلتی ہے اور جنت اس وقت وسیع ہونے سے رک جاتی ہے۔ جب مذکورہ فرشتے تسبیح پڑھنا شروع کرتے ہیں اور تسبیح پڑھنا بھی اسی وقت شروع کرتے ہیں جب جنت میں حق سبحانہٗ اہل جنت کو اپنی تجلی دکھائیں گے۔ چنانچہ جب تجلی ہوگی اور مذکورہ فرشتے اس کا مشاہدہ کر لیں گے تو وہ تسبیح پڑھنا شروع کرتے ہی جنت وسیع ہونے سے رک جائے گی

اور ہر شخص اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ جائے گا۔ اگر فرشتے پیدا ہوتے ہی تسبیح میں لگ جاتے تو جنت بھی قطعاً وسیع نہ ہوتی۔ یہ محض آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے کی برکت ہے لیکن درود کا مقبول ہونا صرف ان لوگوں کے لئے یقینی ہے جن کی ذات طاہر اور دل پاک ہو۔ اس لئے کہ جب درود پاک ذات سے نکلتا ہے تو ہر قسم کے نقائص سے پاک نکلتا ہے مثلاً ریا' غرور اور نقائص بہت ہیں اور پاک ذات اور پاک دل کے اندر یہ عیوب و نقائص نہیں پائے جاتے دیگر احادیث میں جو آیا ہے کہ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه دَخَلَ الْجَنَّةَ اور پاک دل یہ کلمہ پڑھے گا تو خالص اللہ کے لئے پڑھے گا۔

پھر فرمایا کہ اس کے باوجود جب اللہ تعالیٰ کے سطوت اور غلبہ قہر پر نظر جاتی ہے تو اس بات کی طرف نظر جاتی ہے کہ بندے کا دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان ہے اسے جیسا چاہتا ہے پلٹ دیتا ہے اور جس جہت میں اللہ اسے پلٹتا ہے تو اس کے اعمال بد کو اس کے لئے مزین کر دیتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ یہ سمجھتا ہے کہ وہ پہلی حالت سے بہتر حال میں ہے۔ والعیاذ باللہ تو سمجھ جاتا ہوں کہ اللہ کے مکر سے صرف وہی لوگ بے خواہ ہوتے ہیں جن کی دنیا اور آخرت دونوں خسارہ میں ہوتی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت نے مقبولیت درود کے متعلق جو کچھ کہا ہے یہی یقینی امر ہے۔ یہی سوال ولی صالح محمد بن [19]یوسف السوسی سے بھی کیا گیا تھا اور سائل نے کہا تھا کہ اس نے ایک فقیہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ آنحضرت ﷺ پر درود ہر حالت میں مقبول ہے اس پر شیخ محمد بن یوسف السنوسی نے جواب دیا تھا کہ یہی واقعہ ابو اسحٰق [1]شاطبی شارح شاطبیہ [20] کو بھی پیش آیا۔ شیخ سنوسی کو اس میں شک گزرا کہ اگر آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے والے کے متعلق یہ قطعی طور پر کہہ دیا جائے کہ اس کا درود مقبول ہے تو پھر یہ بھی یقینی طور پر کہنا پڑے گا کہ اس کا خاتمہ اچھا ہوگا' حالانکہ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ کسی کے خاتمے کا حال کسی کو معلوم نہیں۔ اس کے بعد شیخ سنوسی نے اس شبہ کے دو جواب دیئے ہیں جو دراصل دونوں عقلی احتمال ہیں ان پر کوئی شرعی دلیل نہیں پیش کی جاسکتی اور کسی بات کا مقبول ہونا صرف شرع ہی سے معلوم ہو سکتا ہے' لہٰذا یہ دونوں جواب مقبول نہیں ہو سکتے۔

پہلا جواب: درود کا یقینی طور پر مقبول ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے درود بھیجنے کے متعلق فیصلہ کر دیا کہ اس کا خاتمہ اچھا ہوگا تو وہ اللہ کے فضل سے یقینی طور پر آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے کی نیکی کو مقبول پائے گا۔ برخلاف اور نیکیوں کے کہ ان کے مقبول ہونے پر کوئی اعتماد نہیں کیا جاسکتا خواہ ان کے کرنے والے کا خاتمہ ایمان پر ہی کیوں نہ ہو۔

اس جواب پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ یہ امتیاز ایک امر توقیفی ہے جس کا علم شریعت کے بغیر نہیں ہو سکتا لہٰذا ضروری تھا کہ اس بات کی کوشش کی جائے کہ صاحب شریعت کی طرف سے اس امتیاز کے لئے نقص شرعی متعین کر دی جائے۔ اگر نقص شرعی پائی جاتی تو بہتر ورنہ شریعت کے معاملات میں عقلیات کا کوئی دخل نہیں۔

دوسرا جواب: درود کے قطعی طور پر مقبول ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی مومن آنحضرت ﷺ سے محبت رکھتے ہوئے درود بھیجے تو یہ درود یقیناً مقبول ہوگا اور درود بھیجنے والے کو آخرت میں اس سے فائدہ ہوگا۔ خواہ عذاب میں تخفیف کی صورت میں ہی کیوں نہ ہو۔ خواہ اللہ نے اسے ہمیشہ کے لئے عذاب دینے کا فیصلہ ہی کیوں نہ کیا ہو' اس کے بعد اس نے اس کا قیاس اس بات سے کیا ہے کہ ابولہب [22] کو آنحضرت ﷺ کی محبت سے فائدہ ہوتا ہے اس طرح کہ ان کو انگوٹھے کے گڑھے سے پانی پلایا جاتا ہے اور پیر وار کے دن ان کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے اس لئے کہ اس نے اس لونڈی کو آزاد کر دیا تھا جس نے اس کو آنحضرت ﷺ کی بشارت دی تھی۔ نیز اس بات پر بھی قیاس کیا ہے کہ نبی ﷺ سے محبت رکھنے کی وجہ سے ابوطالب [23] کو فائدہ ہوگا، چنانچہ آخرت میں انہیں سب سے کم عذاب ہوگا

اور اگر آنحضرت ﷺ کی ذات نہ ہوتی تو وہ دوزخ کے پائیں حصہ میں ہوتے لہٰذا جب طبعی محبت کی وجہ سے جو کہ اللہ کی خاطر نہ تھی فائدہ ہوتا ہے تو پھر آنحضرت ﷺ کے ساتھ ایک مومن کی محبت اور درود کا کیا حال ہوگا۔ اس پر قیاس یہی تقاضا کرتا ہے کہ فائدہ ہو۔

اس میں بھی غور کا مقام ہے اس لئے کہ کتاب اور سنت میں بہت سی نصوص پائی جاتی ہیں کہ کافر کے اعمال ضائع جائیں گے کیونکہ قبولیت کے لئے ایمان کا ہونا شرط ہے۔ لہٰذا اس نقص سے ابو طالب اور ابولہب دونوں خارج ہو گئے لہٰذا ان دونوں پر قیاس نہیں ہوسکتا۔ اس لئے کہ مقیس علیہ کی شرط یہ ہے کہ قیاس کے طریقہ سے غدول نہ کیا جائے۔ جیسا کہ اصول کی کتابوں میں طے پا چکا ہے۔ چنانچہ حافظ سیوطی اَلدُرَرُ الْمُنْتَشِرَةُ فِی الْاَحَادِیْثِ الْمُتَشْهِرَة میں حدیث عُرِضَتْ عَلَیَّ اَعْمَالُ اُمَّتِی فَوَجَدْتُ مِنْهَا الْمَقْبُوْلَ وَالْمَرْدُوْدَ اِلَّا الصَّلٰوةَ عَلَیَّ فَاِنَّهَا مَقْبُوْلَةٌ غَیْرُ مَرْدُوْدَةٍ

(مجھ پر میری اُمت کے اعمال پیش کئے گئے تو میں نے ان میں بعض اعمال کو مقبول پایا اور بعض کو نامقبول بجز مجھ پر درود پڑھنے کے کہ وہ مقبول ہی ہے نامقبول نہیں۔)

تَمِیْزُ الطَّیِّبِ مِنَ الْخَبِیْثِ فِیْمَا یَدُوْرُ عَلَی الْاَلْسِنَةِ مِنَ الْحَدِیْثِ [۲۴] کے مصنف کہتے ہیں کہ حدیث کُلُّ الْاَعْمَالِ فِیْمَا الْمَقْبُوْلُ وَ الْمَرْدُوْدَ اِلَّا عَلَیَّ فَاِنَّهَا مَقْبُوْلَةٌ غَیْرُ مَرْدُوْدَةٍ کے متعلق ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ ضعیف حدیث ہے۔ سید سمہودی [۲۵] اپنی کتاب الغماز علی اللماز میں اس حدیث پر بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ حدیث کُلُّ الْاَعْمَالِ فِیْهَا الْمَقْبُوْلُ وَ الْمَرْدُوْدُ اِلَّا الصَّلٰوةَ عَلَیَّ فَاِنَّهَا مَقْبُوْلَةٌ غَیْرَ مَرْدُوْدَةٍ کے متعلق ابن حجر کہتے ہیں کہ یہ ضعیف حدیث ہے۔ تمییز کے مصنف بھی یہی کہتے ہیں کہ الصلوٰة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم لَا تُرَدُّ (آنحضرت ﷺ پر جو درود بھیجا جائے وہ رد نہیں ہوتا)

یہ دراصل ابو سلیمان دارانی [۲۶] کا کلام ہے۔ غزالی نے احیاء میں اسے مرفوع حدیث کے طور پر بیان کیا ہے مگر ہمارے شیخ فرماتے ہیں کہ مجھے اس حدیث کا پتہ نہیں چلا۔ یہ صرف ابو الدرداؓ [۲۷] کا قول ہے چنانچہ وہ کہتے ہیں جب تم اللہ سے کوئی دعا مانگو تو پہلے آنحضرت ﷺ پر درود بھیجو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ کریم ہے کہ اس سے دو حاجتیں طلب کی جائیں ایک کو تو پورا کر دے اور دوسرے کو رد کر دے۔ انہوں نے اپنے جس شیخ کی طرف اشارہ کیا ہے وہ ابو الخیر شمس الدین [۲۸] محمد بن عبد الرحمٰن بن محمد السخاوی ہیں جو اَلْمَقَاصِدُ الْحَسَنَةُ فِی بَیَانِ کَثِیْرٍ مِنَ الْاَحَادِیْثِ الدَّائِرَةِ عَلَی الْاَلْسِنَة کے مصنف ہیں۔

جب تو یہ بات سمجھ جائے تو تجھے معلوم ہو جائے گا کہ آنحضرت ﷺ پر درود پڑھے جانے کے قطعی طور پر مقبول ہونے کی کوئی دلیل نہیں، ہاں البتہ اس کے مقبول ہونے کی زیادہ امید کی جاسکتی ہے اور جن اعمال کی قبولیت پر ظن غالب کیا جاسکتا ہے ان میں درود شریف سب سے پہلے آتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اہلِ جنت کا لباس:

میں نے حضرت کو اہل جنت کے لباس کے متعلق فرماتے سنا کہ یہ نہ تو فنا ہوگا اور نہ اسے اتار کر پھینکا جائے گا اور ایک ہی گھڑی کے اندر ایک شخص ستر ہزار لباس پہن لے گا۔ میں نے سوال کیا کہ جب انہیں پھینکے گا نہیں تو پھر وہ اپنے لباسوں کا بوجھ کیسے برداشت کرے گا۔ فرمایا کہ یہ لباس نور کے لباس ہوں گے لہٰذا نور ہی آئیں گے اور نور ہی جائیں گے۔ فرمایا: ذات کی نظر جنت میں محدود نہ ہوگی اس لئے کہ جنت میں اللہ کی نعمتیں غیر محدود ہوں گی لہٰذا جب ذات ایک نعمت کی طرف دیکھے گی تو محض اس کے دیکھنے سے دوسری پھر تیسری پھر چوتھی

وغیرہ نعمتیں حاصل ہو جائیں گی اور ذات ہر نگاہ سے حظ حاصل کرے گی' اس لئے کہ نعمتیں مختلف ہیں۔ پھر آپ نے ایک بہت بڑے آئینہ کی مثال دی کہ فرض کرو کہ ہمارے سامنے ایک بڑا آئینہ پڑا ہو اور ہم اس میں دیکھیں تو ہمیں تعجب ہوگا اس لئے کہ وہ بہت بڑا ہے کہ انسان کھڑا ہو جائے تو اس کا تمام جسم دکھائی دے۔ اسی لئے ہمیں زیادہ تعجب ہوگا۔ پھر اگر اسی قسم کا دوسرا آئینہ دیکھیں تو تعجب نہ ہوگا مگر کوئی اور آئینہ پہلے سے مختلف دیکھیں تو اس پر بھی ہمیں تعجب ہوگا جس طرح کہ پہلے کو دیکھ کر تعجب ہوا تھا اور جنت میں ہر چیز ایک دوسرے سے مختلف دکھائی دے گی۔

مگر اولیاء اللہ کا اس میں اختلاف ہے کہ اگر ہم پہلی نعمت کی طرف دوبارہ دیکھیں گے تو کیا وہ پہلی ہی حالت پر دکھائی دے گی یا نہیں۔

ایک مرتبہ حضرت نے گفتگو فرماتے ہوئے کہا کہ جنت میں بعض اہل جنت کو حزن وغم اور افسوس بھی لاحق ہوگا۔ اس وقت ایک عالم بھی وہاں بیٹھے تھے اور انہوں نے اس کا انکار کرتے ہوئے کہا کہ جنت میں افسوس وحسرت نہ ہوگی اس پر میں نے اس عالم سے کہا کہ آپ انکار نہ کریں کیونکہ حضرت نے جب کبھی بھی کوئی بات کہی ہے تو میں نے اس کے متعلق نص شرعی ضرور پالی ہے خواہ خاص اس بات کے متعلق ہو خواہ عام یا اس کی نظیر اور میں حضرت کو پانچ سال آزما چکا ہوں۔ پھر میں نے اس عالم سے کہا کہ جس بات کا آپ انکار کر رہے ہیں اس کے متعلق نص شرعی موجود ہے اور الحمد للہ مجھے وہ نص بھی یاد آ گئی۔ حالانکہ ہم سفر کر رہے تھے لہٰذا میں پہلے جو کچھ حضرت نے فرمایا وہ بیان کرتا ہوں پھر اس کی شرعی دلیل پیش کروں گا۔ حضرت نے فرمایا: یہ فقیہ صاحب کیوں انکار کر رہے ہیں۔ اہل جنت جب جنت میں جائیں گے تو حمد وثناء کا نور ان کی زبانوں پر چمکتا ہوگا اور یہ نور اسی قدر ہوگا جس قدر دنیا میں انہیں اپنے رب کی معرفت حاصل ہوگی لہٰذا جب وہ جنت میں داخل ہوں گے اور انہیں جس قدر دنیا میں اللہ کی معرفت حاصل تھی اس سے بدرجہا زیادہ اللہ کی معرفت حاصل ہوگی تو سب کے سب اس بات پر نادم ہوں گے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی خدمت اور عبادت میں کوتاہی کی۔ حضرت نے فرمایا یہ بات قیامت میں ہوگی اور سچ ہے اس میں کسی قسم کا شک وشبہ نہیں۔

پھر فرمایا: بالخصوص زانیوں کے ساتھ ایک اور بات پیش آئے گی کہ جب وہ جنت میں جائیں گے اور حق سبحانہٗ اپنی تجلی دکھائیں گے اس وقت جب ان کو علم ہوگا کہ ہم کس رذیل حالت میں اللہ سے ناواقف تھے اور ذات حق کس درجہ جلالت وعظمت وکبریائی وسطوت والی ہے تو نادم ہوں گے اور شرمسار ہوں گے یہاں تک کہ محدث تک وہ بے ہوش رہیں گے۔ اس وقت جن کو اللہ تعالیٰ نے معصیت زنا سے محفوظ رکھا تھا وہ ایک دوسرے سے کہیں گے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی تمام نعمتوں سے نوازا ہے پھر جب بے ہوش ہوش میں آئیں گے تو حق تعالیٰ کی طرف سے ان کو ایسی قوت اور کمال معرفت عطا کی جائے گی جس کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی۔ اس سے حضرت نے جنت میں حسرت کے پائے جانے پر استدلال فرمایا۔

مؤلف کہتا ہے کہ اس کی نص شرعی بھی پائی جاتی ہے چنانچہ حافظ سیوطی نے **البدور السافرہ باب تحسر اھل الجنت علی ترک الذکر** (ترک ذکر پر اہل جنت کا حسرت کرنا) کا الگ باب باندھ کر لکھا ہے کہ طبرانی[29] اور بیہقی نے عمدہ اسناد سے معاذ[30] بن جبل سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اہل جنت کو اگر افسوس ہوگا تو صرف اس گھڑی پر ہوگا جو دنیا میں بغیر ذکر الٰہی سے گزری ہوگی۔ احمد' ترمذی' ابن حبان اور حاکم نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے اور اسے صحیح قرار دیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس مجلس میں نہ اللہ کا ذکر ہوا اور نہ نبی ﷺ پر درود پڑھا جائے وہ مجلس قیامت کے دن ان لوگوں کے لئے حسرت کا سبب ہوگی۔ اگرچہ وہ اپنے اعمال کے ثواب میں جنت میں داخل ہوں گے۔ نیز بیہقی اور ابن ابی الدنیا نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

فرمایا کہ ہر وہ گھڑی جس میں انسان اللہ کا ذکر نہیں کرتا وہ گھڑی اس کے لئے قیامت کے دن حسرت کا سبب بنے گی۔ ان تمام احادیث کا ذکر حافظ سیوطی نے اس باب میں کیا ہے۔

نیز سیوطی نے اہل جنت کے لباس کے باب میں ذکر کیا ہے کہ طیالسی نے صحیح اسناد سے اور نسائی' ابن حبان اور حاکم نے ابوسعیدؓ خدری سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے دنیا میں ریشم پہنا آخرت میں اسے نہ پہنے گا اور اگر وہ جنت میں داخل ہوگا تو دوسرے اہل جنت ریشم پہنے ہوں گے مگر یہ اس کے بغیر ہوگا۔ ایک اور جگہ سیوطی نے کہا ہے کہ شیخین نے ابن عمرؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے دنیا میں شراب پی اور اس کے بعد اس نے توبہ نہ کی تو قیامت میں اسے اس سے محروم کر دیا جائے گا۔ اس باب میں احادیث بہت ہیں ہم اتنے پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔ اس لئے کہ اصل غرض تو حضرت کا کلام جمع کرنا ہے۔ خدا اس سے راضی ہو اور ہمیں ان سے فیضیاب کرے۔

حضرت نے فرمایا کہ مومن اپنے ذہنوں میں نعمتوں کا خیال کریں گے اور ان کے دلوں پر ان کا ذکر جاری ہوگا تو جنت سے خوش ہوں گے مگر ولی کے خیالات غیر اللہ سے منقطع ہوں گے۔ اس سے یہ مراد نہیں کہ اس کا ذہن غیر اللہ کی طرف جائے گا مگر وہ اسے ادھر سے ہٹالے گا بلکہ مراد یہ ہے اللہ تعالیٰ نے ان کی عقلوں میں غیر اللہ کا خیال نہ پیدا کیا ہے اور نہ پیدا کرے گا اسی وجہ سے تو انہیں اللہ کا ولی کہا جاتا ہے کہ وہ غیر اللہ سے تعلقات منقطع کر چکے ہوتے ہیں۔ حضرت کے ان الفاظ کا مقصد لوگوں کو اللہ پر جمع کرنا اور اللہ کی طرف رہنمائی کرنا ہے اور بندے کی ہمت کو بلند کرنا ہے تاکہ وہ نعمتوں میں مشغول ہو کر انعام کرنے والے کو نہ بھول جائے بلکہ بندے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے منعم کی طرف دھیان دے اور اس کے سامنے گریہ وزاری اور عاجزی کرے۔ مومن بندہ کا یہی حال ہونا چاہیے اور اگر اس کی نظر نعمت کی طرف جائے تو اس غرض سے جائے کہ یہ اس کی اللہ سے محبت پیدا کر دے گی اور وہ اقرار کرے گا کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے۔ لہٰذا وہ اس نعمت کو اسی نظر سے دیکھے اور اس سے قبل وہ اپنے آقا اور خالق کے ساتھ رہے گا حتیٰ کہ فرض کرو کہ یہ نعمت مفقود ہو جائے یا اس کا اصل وجود ہی نہ ہوتا تو پھر بھی دل کی توجہ اپنے آقا ہی کی طرف لگی رہتی اور وہ اس کی توحید کے سمندروں اور الوہیت کے اسرار میں مستغرق رہتا لہٰذا نعمت کا وجود اور عدم وجود خالق سے اس کی توجہ کو نہ ہٹا سکتا۔ اسی لئے حضرت فرمایا کرتے تھے جب ولی کو اپنے مولیٰ سے مراد مل جاتی ہے تو پھر اسے پرواہ نہیں ہوتی کہ اللہ تعالیٰ اسے کہاں رکھتا ہے اور اس کے بعد مثال بیان فرمائی کہ جیسے شہد کا کیڑا جو اپنے تمام اجزاء اور رگوں سے شہد کھانے کی طرف لگا ہوا ہو اگر اسے شہد کے مٹکے میں ڈال دیا جائے کہ اس کو اپنے مطلوب سے اتصال نصیب ہو جائے اور وہ دن رات اسے کھانے میں لگا رہے تو پھر اس شہد کے مٹکے کو جس میں کیڑا پڑا ہے چاہے اس سے بڑے مٹکے میں بھی ڈال دو جو رال سے بھرا ہوا ہو تو اس کیڑے کو اس کی کچھ پرواہ نہ ہوگی اور اس کے دل پر شہد کے سوا نہ کوئی خیال گزرے گا اور نہ رال کی بو یا کسی اور چیز سے اس کا شہد مکدر ہوگا کیونکہ اس کی ذات ہمہ تن شہد کی طرف لگی ہوئی ہوگی اور تمام دیگر اشیاء سے بے تعلق ہوگی۔ اس لئے رال کی طرف اس کا دھیان بھی نہ جائے گا، چہ جائیکہ اس سے تکدر پیش آئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حواشی

ا۔ ابن عساکرؒ: حافظ کبیر محدث شام الآئمۃ ثقۃ الدین ابو القاسم علی بن الحسن دمشقی شافعی معروف بابن عساکر۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں۔ ۴۹۹ھ/۱۱۰۵ء میں پیدا ہوئے اور ۵۸۱ھ/۱۱۷۵ء میں وفات پائی۔ ذہبی نے ان کی تصانیف کی طویل فہرست دی ہے۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تذکرۃ

الحفاظ ج ۴۔۱۱۴

۲۔ ابو سعیدؓ حذری: سعید بن مالک الانصاری۔ ان کا شمار علماء صحابہ میں ہے سب سے پہلی جنگ جس میں انہوں نے شرکت کی غزوہ خندق ہے اور آنحضت ﷺ کے ساتھ بارہ جنگوں میں شریک ہوئے۔ انہوں نے آنحضرت ﷺ سے بہت سی احادیث اور بہت سا علم حاصل کیا تھا۔ ان کی وفات ۷۴ھ/۶۹۳ء میں ہوئی اور ستر سال سے اوپر عمر پائی۔

۳۔ احمد: چوتھے امام احمد بن حنبل بن ہلال الذہلی الشیبانی ۱۶۴ھ/۷۸۰ء میں پیدا ہوئے اور ہشیم اور سفیان بن عینیہ کے طبقہ میں اکابر محدثین سے حدیث سنی۔ امام شافعیؒ جب بغداد میں آئے تو امام احمد نے ان سے فقہ کی تعلیم حاصل کی اور وہ ان کے بغدادی شاگردوں میں سب سے بڑے ہیں۔ اس کے بعد خود اجتہاد کیا۔ ان کی وفات ۲۴۱ھ/۸۵۵ء

۴۔ ترمذی: ابوعیسیٰ محمد الترمذی ان کی جامع ترمذی کا شمار صحاح ستہ میں ہوتا ہے۔ مشہور محدث ہیں۔ ان کی وفات ۲۷۹ھ/۸۹۲ء میں ہوئی۔

۵۔ ابن حبانؒ: ابو حاتم محمد بن حبان البستی متوفی ۳۵۴ھ/۹۶۵ء

۶۔ طبرانیؒ: ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب الشامی اللخمی الطبرانی حجت حدیث ہیں۔ ۲۶۰ھ/۹۷۳ء میں پیدا ہوئے اور ۳۶۰ھ/۹۷۰ء میں وفات پائی۔ ان کا ذکر پہلے آچکا ہے۔

۷۔ ابوعبداللہ جابر بن سمرہ العامری: صحابی ہیں۔ حضرت سعد بن ابی وقاص کے بھانجے تھے انہوں نے کوفہ میں سکونت اختیار کر لی تھی اور وہیں ۷۴ھ/۶۹۳ء میں وفات پائی۔

۸۔ حذیفہ: غالباً یہاں مراد حذیفہ بن یمان صحابی سے ہے ان کی وفات ۳۶ھ/۶۵۴ء میں ہوئی۔ یہ باپ بیٹے دونوں مسلمان ہوئے اور بدر کی جنگ کے لئے آرہے تھے کہ مشرکوں نے انہیں پکڑ لیا اور اس وعدہ پر چھوڑا کہ یہ جنگ بدر میں حصہ نہ لیں گے۔ آنحضرت ﷺ نے اس عہد کی وجہ سے انہیں جنگ بدر میں شریک نہیں کیا۔

۹۔ قس بن ساعدہ ایادی: یہ زمانہ جاہلیت میں نجران کا پادری اور عربوں کا خطیب تھا۔ اس کا اللہ پر ایمان تھا اور لوگوں کو حکمت اور مواعظ حسنہ سے اللہ پر ایمان لانے کی دعوت دیا کرتا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے اسے بعثت سے پہلے سوق عکاظ میں خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ اس کی بڑی لمبی عمر ہوئی اور ۶۰۰ء میں وفات پائی۔ ابومحمد عبداللہ بن جعفر بن درستویہ نحوی متوفی ۳۴۷ھ نے اس کے حالات میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام خبر قس بن ساعدہ ایادی رکھا۔ (کشف الظنون ۱۔۲۵۲)

۱۰۔ زید بن عمرو بن نفیل: قبیلہ قریش میں سے تھے۔ انہوں نے جاہلیت میں بتوں کی پرستش کرنا' مردار کھانا' لڑکیوں کو زندہ دفن کرنا۔ بتوں کے لئے قربانی کرنا وغیرہ ترک کر رکھا تھا اور کہا کرتے تھے کہ میں ابراہیمؑ کے خدا کی پرستش کرتا ہوں اور حضرت اسماعیلؑ کی اولاد میں سے ایک نبی کی آمد کا منتظر ہوں مگر خیال نہیں کہ انہیں پا سکوں۔ ابن حجر (فتح الباری ج ۷۔۱۱۲) فرماتے ہیں کہ انہوں نے عدی بن کعب کو کہا کہ اگر تو آنے والے نبی کا زمانہ پالے تو انہیں میرا اسلام عرض کرنا چنانچہ عدی نے ان کا سلام آنحضرت ﷺ کو پہنچایا اور آنحضرت ﷺ نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا کہ میں نے اسے جنت میں دامن گھسیٹ کر چلتے دیکھا ہے۔

۱۱۔ ابن خلیل السبکی: ان کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔

۱۲۔ ابیؓ ابن کعب: سید القراء صحابی ہیں۔ ان سے حضرت عمرؓ نے روایت کی ہے۔ عقبہ ثانیہ اور بدر میں شرکت کی انہوں نے ۱۹ھ/۶۴۰ء میں وفات پائی۔

۱۳۔ پورا نام مسالک الحنفانی والدی المصطفیٰ ہے۔ اس رسالہ کو سیوطی نے اپنی کتاب الحادی للفتاوی میں نقل کیا ہے۔ حادی میں سیوطی نے اپنے بیاسی رسلاے جمع کر دیئے ہیں جو انہوں نے اہم مسائل پر لکھے۔ (کشف الظنون ج ۱۔۳۲۱)

۱۴۔ مکمل نام البدور السافرہ فی امور الآخرہ ہے۔

۱۵۔ ابویعلیٰ: احمد بن علی الموصلی مصنف مسند انہوں نے ۳۰۷ھ/۹۱۹ء میں وفات پائی۔

۱۶۔ ابن ابیؒ الدنیا: محدث عالم صدوق ابوبکر عبداللہ بن عبید بن صفیان بن ابی الدنیا القرشی الاموی صاحب تصانیف ہیں۔ ۲۰۸ھ/۸۲۳ء میں پیدا ہوئے۔ خلفاء کی اولاد کو ادب سکھایا۔ انہوں نے ۲۸۱ھ/۸۹۴ء میں وفات پائی۔

۱۷۔ عبدالرؤف مناوی: شیخ شمس الدین محمد معروف بعبد الرؤف مناوی الشافعی المتوفی ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۰ء۔ انہوں نے سیوطی کی الجامع الصغیر کی شرح کی ہے۔

پھرانہوں نے جامع الصغیر کی ایک اور ضخیم شرح لکھی جس کا نام فیض القدیر رکا۔ ادغام اولیاء الشیطان بذکر اولیاء الرحمٰن بھی انہی کی تصنیف ہے۔

۱۸۔ ناصر الدینؒ بیضاوی: مشہور مفسر قرآن جن کی تفسیر بیضاوی اب تک عربی مدارس میں پڑھائی جاتی ہے ان کی وفات ۶۸۵ھ/۱۲۸۶ء میں ہوئی۔

۱۹۔ محمد بن یوسفؒ السوسی: ابوعبداللہ محمد بن یوسف بن عمر بن شعیب تلمسان کے رہنے والے ایک اشعری فقیہ ہیں۔ ان کی وفات تریسٹھ برس کی عمر میں ۸۹۵ھ/۱۴۹۰ء میں تلمسان میں واقع ہوئی۔ ان کی تصانیف میں العقیدہ الکبریٰ السوسۃ جسے عقیدہ اہل التوحید بھی کہتے ہیں اور ام البراہین میں انہوں نے خود عقیدہ اھل التوحید کی شرح لکھی جس کا نام عمدۃ اھل التوفیق والتسدید فی شرح عقیدۃ اھل التوحید رکھا۔ انہوں نے ابوالعباس احمد بن عبداللہ الجزائری متوفی ۸۹۹ھ کی کفایۃ المرید کی بھی شرح لکھی ہے جس کا نام المنھاج السدید رکھا ہے۔ پھر لامیۃ فی الکلام کی شرح کی (کشف الظنون ۲۔۲۰۳)

۲۰۔ ابواسحٰقؒ شاطبیؒ: مجھے کشف الظنون میں جہاں شاطبیہ کے شارحین کے نام دیئے ہیں ابواسحٰق شاطبی کا نام نہیں ملا شاطبیہ کی بہترین شرح برہان الدینؒ ابراہیم بن عمر جعفری متوفی ۷۴۲ کی ہے۔ (کشف الظنون ۱۔۳۲۸)

۲۱۔ شاطبیہ کا اصلی نام حرز الامانی ووجہ التہانی ہے۔ یہ سات قرأتوں کے متعلق ایک نظم ہے جو شاطبیہ کے نام سے مشہور ہے۔ اس کے ناظم ابومحمد قاسم بن خیرہ شاطبی ہیں۔ شاطبی نابینا تھے۔ انہوں نے قاہرہ میں ۵۹۰ھ/۱۱۹۳ء میں وفت پائی۔ دراصل یہ تیسیر فی القرآت السبع ہی ہے جسے شاطبی نے نظم کر دیا ہے۔ تیسیر کے مصنف امام ابوعمرو عثمان بن سعید بن عثمان الدانی متوفی ۴۴۴ھ/۱۰۵۲ء ہیں اور بعد میں امام شمس الدین محمد بن محمد بن الجزاری شافعی متوفی ۸۳۳ھ/۱۴۲۹ء نے اس میں تین اور قرأتوں کا اضافہ کر کے اس کا نام تحبیر التیسیر رکھا۔ (کشف الظنون ج ۱۔۲۷۱) شاطبی مذکور نے قرآن مجید کے رسم الخط کے بارے میں ابوعمرو الدانی کی المقنع کو بھی نظم کیا ہے اور اس کا نام عقیلۃ اتراب القصائد فی اسنی المقاصد رکھا ہے۔

۲۲۔ ابولہب: آنحضرت ﷺ کے ایک چچا تھے انہوں نے آنحضرت ﷺ کی ولادت پر اس لونڈی کو جو آپ کی ولادت کی بشارت لے کر آئی تھی۔ آزاد کر دیا تھا۔ یہ تخفیف عذاب اسی وجہ سے ہے یہ ایمان نہ لائے تھے بلکہ آنحضرت ﷺ کو ایذا دیا کرتے۔

۲۳۔ ابی طالب: یہ بھی آنحضرت ﷺ کے چچا تھے۔

۲۴۔ اس کتاب کے مصنف شیخ عبدالرحمٰن بن علی شیبانی شافعی ہیں جو ربیع زبیدی کے نام سے مشہور ہیں۔ انہوں نے ۹۴۴ھ/۱۵۳۷ء میں وفات پائی۔ یہ کتاب دراصل مقاصد حسنہ مولفہ سخاوی کی تحریر ہے جس کا ذکر آگے آتا ہے (کشف الظنون ۲۔۳۶)

۲۵۔ سید سمہودیؒ: نورالدین علی بن عبداللہ سمہودی متوفی ۹۱۱ھ ان کی کتاب الغماز علی اللماز موضوع حدیثوں کے متعلق ہے اور دیگر تصانیف بھی ہیں۔

۲۶۔ ابوسلیمانؒ دارانی: ابوسلیمان عبدالرحمٰن بن عطیہ دارانی متوفی ۲۱۵ھ ان کا ذکر پہلے آچکا ہے۔

۲۷۔ ابوالدرداؓ: عویمر بن زید اصلی نام تھا۔ مشہور صحابی ہیں۔ درداء ان کی بیٹی کا نام تھا یہ کچھ دیر میں ایمان لائے اور اپنے کعبہ یں آخری ایمان لانے والے ہیں۔ لیکن ان کا اسلام اچھا تھا۔ دمشق میں ۳۲ھ/۶۵۲ء میں وفات ہوئی۔

۲۸۔ ابوالخیر شمس الدین بن محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد السخاوی: مصنف کشف الظنون نے انہیں ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی لکھا ہے۔ انہوں نے ۹۰۲ھ/۱۴۹۶ء میں وفات پائی۔

۲۹۔ بیہقی: ابوبکر احمد بن الحسین البیہقی علم حدیث میں یکتائے روزگار تھے اور ابوعبداللہ حاکم کے بڑے شاگردوں میں تھے۔ نیشاپور میں ۳۸۴ھ/۹۹۳ء میں پیدا ہوئے اور ۴۵۸ھ/۱۰۶۴ء میں چھہتر برس کی عمر میں وفات پائی۔

۳۰۔ معاذؓ بن جبل: ابوعبداللہ معاذ بن جبل انصاری صحابی ہیں۔ عقبہ ثانیہ میں موجود تھے۔ آنحضرت ﷺ نے انہیں قاضی اور معلم بنا کر یمن بھیجا تھا۔ ایک قول کے مطابق یہ اٹھارہ برس کی عمر میں ایمان لائے تھے ابوعبیدہؓ بن الجراح کے بعد حضرت عمرؓ نے انہیں شام کا حاکم مقرر کیا تھا اور اسی سال عمواس کی طاعون میں ۱۸ھ/۸۳۹ء میں ان کی وفات ہوئی۔

بارھواں باب

جہنم کا بیان

فرمایا دوزخیوں کو وہ درخت اور نہریں جو ان کے قریب ہوں گی دکھائی نہ دیں گی، بلکہ ان کو صرف وہی درخت اور نہریں دکھائی دیں گی جو ان سے اس قدر بعید مسافت پر ہوں گی جس قدر ساتوں زمینوں کی مسافت ہے تا کہ ان کے لئے عذاب پر عذاب ہو۔ لہٰذا جہنم میں اس قدر بعید مسافت کے باوجود انہیں درختوں کی سی صورت دکھائی دیگی جن کو ہرے بھرے پتے اور پھل لگے ہوں گے لہٰذا وہ ان کی طرف دوڑ کر جائیں گے تا کہ ان کا پھل کھا کر اور ان سے قریب ہو کر عذاب کو دور کر سکیں چنانچہ وہ اس قدر مسافت کو جلدی سے تین قدموں میں طے کر لیں گے اور اس درخت کے پھل اور پتوں کو لے کر منہ میں ڈالیں گے۔

فرمایا: جنت یا جہنم میں جو چیز منہ میں ڈالی جائے گی بندہ اسے منہ سے نہ نکال سکے گا جیسا کہ ہم دنیا میں کر سکتے ہیں۔ لہٰذا جب پھل یا پتا ان کے منہ میں جائے گا تو یہ ان کے لئے پہلے عذاب سے بھی زیادہ سخت ہوگا اور پچھلے پاؤں واپس لوٹیں گے اور مذکورہ بالا مسافت کو ڈیڑھ قدم میں طے کر لیں گے اس جلن کی وجہ سے جو وہ محسوس کر رہے ہوں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

نیز فرمایا کہ جہنم کی آگ دنیا کی آگ کی طرح شعلوں والی نہ ہوگی اس لئے کہ کچھ مدت کے بعد جسم شعلہ زن آگ سے مانوس ہو جاتا ہے اور وہ آگ سے تکلیف محسوس نہیں کرتا اس لئے وہ اس کے لئے عذاب نہیں رہتا مگر جہنم کی حالت ہمہ تن ظلمت ہے اور اگر جہنم میں سے ایک کھجور کے تنکے کے برابر تاریکی نکال لی جائے اور اسے ہوا میں پھیلا دیا جائے یہاں تک کہ اس طرح پھیلنے سے دھوئیں کی طرح ہو جائے تو اس میں سے روشنی اور شعلے ظاہر ہو جائیں گے۔

پھر فرمایا: اگر ہم دنیا کو آگ سے بھر دیں پھر یہ فرض کر لیں کہ اسے بھینچ دیا جائے اور اس قدر بھینچا جائے کہ صندوق جتنی رہ جائے تو اس وقت یہ خالص سیاہی اور تاریکی بن جائے گی۔

پھر فرمایا: کہ جہنم میں کئی وادیاں ہوں گی۔ ایک جہنمی عورت شدید پیاس کی وجہ سے اپنے بیٹے کو پیٹھ پر اٹھائے اس وادی کی طرف جائے گی جس کی مسافت کا ذکر ہو چکا ہے، لیکن جب وادی میں پہنچ کر اس کا گھونٹ پئے گی تو وہ اسے اس کے بچے سمیت جھلسا ڈالے گا۔

مؤلف کہتا ہے کہ حضرت نے اس بچے کے متعلق یہی فرمایا تھا مگر میں نے ان سے بچہ کے متعلق دریافت نہیں کیا کہ آیا اس کی ولادت جہنم میں ہوگی۔ کیا وہاں بھی تناسل کا سلسلہ جاری ہوگا یا وہ دنیا کی اولاد میں سے ہوگا۔ اگر یہ بچہ دنیا کی اولاد میں سے ہوگا تو آپ

جانتے ہیں کہ کفار کی اولاد کے بارے میں علماء میں اختلاف پایا جاتا ہے چنانچہ حدیث میں آنحضرت ﷺ سے وارد ہوا ہے کہ آپ نے ایک سوال کے جواب میں فرمایا اللہ بہتر جانتا ہے کہ (اگر یہ زندہ رہتے تو) کیا کرتے اور امام مالک رحمتہ اللہ نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ اس بناء پر جس بچہ کے متعلق اللہ کو علم ہوگا کہ اگر بڑا ہوتا تو آنحضرت ﷺ پر ایمان لاتا وہ جنت میں جائے گا اور اسی پر حضرت جابرؓ بن سمرہ کی وہ حدیث محمول کی جائے گی جس میں آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے خواب میں بعض کافروں کے بچوں کو جنت میں دیکھا اور جس بچہ کے متعلق علم الٰہی میں یہ ہوگا کہ اگر بڑا ہوتا تو آنحضرت ﷺ کی نبوت کا انکار کرتا تو وہ دوزخ میں جائے گا۔ اس حدیث کو اسی پر محمول کیا جائے گا۔ خضرؑ نے جس بچہ کو صغرسنی میں قتل کیا تھا اس قصہ کو بھی اسی پر مرتب کیا جائے گا۔ اسی لئے علماء نے کہا ہے کہ باوجود بچہ ہونے کے اس کی سرشت ہی کفر پر واقع ہوئی تھی۔ خدا اپنی پناہ میں رکھے۔

میں نے حضرت سے اس مسئلہ کے متعلق سوال کیا تو فرمایا کہ صحیح بات تو وہی ہے جس پر یہ حدیث دلالت کرتی ہے اور پھر کہا کہ بہت سے بچے کم سنی میں مرجاتے ہیں مگر قیامت کے دن ان کا حشر قرآن کے حافظوں میں ہوگا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ اگر یہ بچہ زندہ رہتا تو کتاب اللہ کا قاری ہوتا اس لئے قاریوں میں اسے اٹھایا جائے گا۔ اور بہت سے بچے کم سنی میں مرجاتے ہیں اور ان کو علماء اور اولیاء کے زمرہ میں اُٹھایا جائے گا۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ اگر یہ بچہ بڑا ہوتا تو انہی میں سے ہوتا۔

مولف کہتا ہے کہ ہمارے ایک ساتھی سے قصہ پیش آیا۔ وہ سن بلوغ کے قریب پہنچ چکا تھا اور قانون[1] یا ابن کثیر[2] کی روایت کے مطابق قرآن مجید پڑھا کرتا تھا۔ پھر وہ ولی صالح ابویعزی[3] کے پاس اس نیت سے گیا کہ قرآن مجید ساتوں قرأتوں سے پڑھنا سیکھے اور اس میں اس کی نیت نیک اور پختہ ارادہ تھا۔ چنانچہ اس نے حضرت ابویعزی سے بڑے الحاح کے ساتھ درخواست کی اور عرض کیا حضرت میں تین دن کی مسافت طے کر کے آیا ہوں اور میری صرف یہی ایک درخواست ہے لہٰذا آپ مجھے مایوس نہ کریں۔ ابھی وہ بات کر ہی رہا تھا کہ اس کی آنکھ لگ گئی اور کیا دیکھتا ہے کہ ابویعزی پاس کھڑے ہیں اور ان کے ہاتھ میں ایک اجازت نامہ کی تحریر ہے جیسی سات قرأتوں کے پڑھنے پڑھانے والے بلاد مغرب میں لکھا کرتے ہیں اور اس پر دیگر علماء اور قراء کی شہادت بھی تھی کہ یہ زیارت کنندہ سات قرأتوں سے قرآن پڑھنے والوں میں سے ہے اور سات قرأتوں کا حافظ ہے۔ پھر شیخ ابویعزی نے کہا یہ لے اجازت نامہ اور اب تو سات قرأتوں کے حافظوں میں سے ہے ابھی زیارت کر کے واپس ہی آیا تھا کہ بیمار ہوا اور مر گیا اور اپنی قرأت میں کچھ اضافہ نہ کر سکا۔ اس کے باپ نے مجھ سے خواب کی تعبیر پوچھی تو میں نے جواب دیا کہ قیامت کے دن سات قرأتوں کے حفاظ کے زمرہ میں اٹھایا جائے گا۔ یہ سن کر اس کا باپ بہت خوش ہوا اور اس کا غم جاتا رہا۔ واللہ اعلم۔

ملاحظہ ہو حافظ ابن حجر کی فتح الباری کی کتاب الجنائز اور حافظ سیوطی البدور السافرہ تا کہ تجھے کافروں کی اولاد کے متعلق محدثین اور علماء کی رائے معلوم ہو جائے۔ واللہ اعلم۔

پھر فرمایا: ہر شخص جو دوزخ کے پاس سے گزرے گا خواہ مومن ہو خواہ کافر' دوزخ کے داروغہ مالک کو دیکھ سکے گا مگر مومن جب اسے دیکھے گا تو اسے علم ہوگا کہ وہ مومنین کے سِرّ ایمان سے پیدا کیا گیا ہے اس لئے اس سے نہیں ڈرے گا' لیکن کافر رعب سے ہی مرے گا۔ واللہ اعلم۔

نیز فرمایا کہ ادنیٰ ترین کافر کے لئے بھی جہنم اس قدر وسیع ہوگا جس قدر تمام دنیا اور اس جیسی دس اور دنیائیں۔

میں نے عرض کیا: پھر اس کی تنگی کیسے ہوگی؟

فرمایا: انہیں تنگی اس عذاب کی وجہ سے ہوگی جو انہیں گھیرے میں لئے ہوگا۔

میں نے عرض کیا: کسی شخص کو اپنے گھر میں دن رات پیٹا جائے پھر بھی اس کو وسعت کا علم ہو کر ایک گونہ راحت ملے گی اور اس کا قلق واضطراب اس شخص جیسا نہ ہوگا جسے نیزے کی نوک جتنے مکان میں دن رات زدوکوب کیا جائے۔

فرمایا: یہ اس لئے ہے کہ یہ ہوا اس کے لئے عذاب ہی نہیں ہے برعکس اس کے جہنم کی آگ خالص آگ ہے جس سے وہ ظاہر میں بھی عذاب میں مبتلا ہوگا اور باطن سے بھی۔ اس میں اس کے تڑپنے کی یہ حالت ہوگی جیسے مرغی کو ذبح کر کے چھوڑ دیا جائے اور تڑپتی پھرے۔ غرض وہ کبھی فریاد کریں گے اور چیخیں گے اور اگر کوئی مومن اس حالت میں ان کے پاس سے گزر جائے اور جب وہ فریاد کر رہے اور چلا رہے ہوں' ان کی آواز سن لے تو اس کے تمام حواس معطل ہو جائیں مگر انہیں اس سے دوری اور عذاب میں اضافہ ہی ہوگا اس لئے کہ آگ کی قوت اور شعلوں میں اضافہ ہوگا بعینہٖ اس طرح جس طرح کوئی انگیٹھی میں سے جلتی ہوئی لکڑی لے کر اس کے انگاروں اور راکھ کو جھاڑ دے تو اس سے ان لکڑیوں کی آگ اور شعلہ زن ہوگی۔ واللہ اعلم۔

پھر فرمایا کہ جہنم میں بھی مکانات' محلات' دروازے' درخت' باغات اور وادیاں ہوں گی جس طرح کہ دنیا کے شہروں میں ہوتا ہے۔ صرف اتنا فرق ہے کہ جہنم کا کوئی ٹکڑا یا اس کے گھروں اور محلوں وغیرہ کا کوئی جزو بھی لیا جائے تو یہ خالص آگ اور عذاب ہوگا۔ چنانچہ یہ گھر' محل' درخت اور وادیاں تمام کی تمام خالص آگ کی ہیں۔ اگر ان کا ایک جزو بھی دنیا میں آ جائے تو تمام دنیا کو جلا دے۔

پھر فرمایا دنیا میں کوئی انسان اعمال (بد) کرتا ہے جن کی وجہ سے اس کے لئے جہنم میں محل بنا دیئے جاتے ہیں مگر جب ان اعمال سے دل سے توبہ کرتا ہے اور اللہ اسے قبول کر لیتا ہے تو یہ محل جو اس کے لئے جہنم میں بنائے گئے تھے مٹا دیئے جاتے ہیں اور ان کے عوض جنت میں محل بنا دیئے جاتے ہیں۔

حکایت:

حضرت نے ایک حکایت بیان فرمائی کہ ایک مومن عورت حاملہ تھی اور اس کے پیٹ میں جو بچہ تھا وہ غوث زمان ہونے والا تھا اور اس کے پڑوس میں شادی کی تقریب تھی اور وہ عورت تفریح کے طور پر ان کے ہاں چلی گئی۔ اتفاق سے دلہن کا کوئی قیمتی کپڑا کسی نے چرا لیا اور اس مومنہ پر اس کے چرانے کی تہمت لگا دی گئی اور گھر والوں نے اسے گھر واپس جانے سے روک دیا اس عورت کا خاوند سید زادہ تھا۔ وہ اتنا بھی پسند نہ کرتا تھا کہ وہ گھر کے دروازے سے باہر قدم رکھے۔

چہ جائیکہ پڑوسیوں کے ہاں جائے۔ پھر وہ شخص غیرت مند بھی تھا۔ اس لئے عورت کو ڈر ہوا کہ جب خاوند کو خبر ہوگی کہ میں گھر سے باہر نکلی تھی تو میری کیا شامت آئے گی۔ چہ جائیکہ میری طرف چوری کو منسوب کیا جائے۔ پھر اس پر مزید یہ کہ اسے گھر میں قید بھی کر دیا گیا ہو۔ اس سے اسے اس قدر خوف لاحق ہوا کہ اس کا علم خدا کے سوا کسی کو نہیں۔ جس کی وجہ سے حمل کو بھی نقصان پہنچا۔ اس لئے یہ جھوٹا الزام لگانے والی عورت کے لئے جہنم میں محل تعمیر کر دیئے گئے اور وہ ایک عرصہ تک قائم رہے حتیٰ کہ وضع حمل ہوا اور بچہ بڑا ہو گیا اور بچہ کے ماں باپ کا انتقال ہو گیا۔ اب (چونکہ بچہ بڑا ہو چکا تھا اس لئے) اس نے شادی کا ارادہ کیا (مگر پاس کچھ نہ تھا) چنانچہ اسی عورت نے اسے اتنی رقم دی

جواس نے اپنی بیوی کو بطور مہر کے ادا کی۔ اس وقت حق تعالیٰ نے ان محلوں کو جو جہنم میں اس کے لئے تعمیر کئے گئے تھے معدوم کر دیئے اور جو مروّت اس نے اس بچہ سے کی تھی اسے اللہ نے اپنے فضل اور رحمت سے قبول فرمالیا۔ پاک ہے وہ خدا جس کی یہ تمام حکومت ہے۔

حضرت نے فرمایا: ہر حرکت جو بندہ اپنے پاؤں کو دیتا ہے خواہ اسے آگے بڑھائے خواہ پیچھے ہٹائے اس کی جزاء وثواب میں یا تو جہنم میں اس کے لئے محل بن جاتا ہے یا جنت میں۔ نیز نیند کی حالت میں بھی جب کبھی اس کے باطن کی رگ پھڑکتی ہے تو اس وقت بھی اس کے لئے جہنم یا جنت میں محل بن جاتا ہے لہٰذا جب یہ ان افعال کا حال ہے تو جو بندہ قصد وارادہ سے کرتا ہے اور شریعت نے یا تو اس سے منع کیا ہو یا اس کے کرنے کا حکم دیا ہو۔ ان کا کیا پوچھنا؟

میں نے سوال کیا کہ جن افعال میں قصد واختیار نہیں پایا جاتا ان کی اجزاء میں محل کیسے تعمیر کئے جاتے ہیں۔ بالخصوص ایک خوابیدہ انسان کے افعال (کہ ان میں تو قصد کا قطعاً دخل نہیں ہوتا۔)

فرمایا: ان محلوں کی تعمیر کا دارومدار اس حالت پر ہے جس کی طرف انسان قصد کے وقت رجوع کرتا ہے۔ لہٰذا محلوں کی تعمیر کا سبب یہی ہے خواہ اس میں قصد پایا جائے یا نہ پایا جائے۔ لہٰذا ظاہر ہے کہ کافر قصد کی حالت میں جس حالت کی طرف رجوع کرے گا وہ اس کے کفر اور سرکشی کی حالت ہی ہوگی لہٰذا جہنم میں اس کے لئے محل تعمیر کرنے میں اسی حالت کا اعتبار کیا جائے گا خواہ یہ افعال کسی بھی حالت میں اس سے صادر ہوئے ہوں' خواہ قصد واختیار سے ہوئے ہوں' خواہ غفلت اور نیند کی حالت میں اور مومن قصد وارادہ کے وقت جس حالت کی طرف رجوع کرے گا وہ اس کے ایمان اور نبی ﷺ سے محبت کی حالت ہوگی اور یہی حالت جنت میں اس کے محل بنانے کا سبب ہے خواہ اس سے اس کے افعال قصداً صادر ہوئے ہوں۔ خواہ غفلت اور نیند کی حالت میں۔ خدا ہمیں مومن رکھے اور ہمیں ان کے زمرے سے خارج نہ کرے۔

مؤلف کہتا ہے کہ یہ ایک بڑا بھاری مسئلہ ہے جس میں مدت سے علماء اُمت میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ فروغ شریعت میں بھی کفار مخاطب ہیں۔ پھر اختلاف اس بات میں پیدا ہوا کہ آیا کفار کے مباح افعال مثلاً کھانا پینا وغیرہ ان کے لئے بھی مباح قرار دیئے جائیں گے یا نہیں چنانچہ ایک گروہ کا قول ہے کہ کفار کے لئے کوئی چیز بھی مباح نہیں' اس لئے کہ کسی چیز کا مباح قرار دینا آنحضرت ﷺ کی طرف سے ایک شرعی حکم ہے اس لئے کہ آپ کی شرع سے دیگر شریعتیں تو منسوخ ہو چکیں اور کفار آپ پر ایمان بھی نہیں لائے اور وہ کہتے ہیں کہ وہ آنحضرت ﷺ کی شرع میں داخل نہیں ہیں لہٰذا وہ شرعی اباحت میں بھی داخل نہیں ہو سکتے۔ مثلاً تقی الدین سبکیؒ کا یہی خیال ہے اور ہمیں بھی یہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔ لہٰذا کفار کے تمام اعمال معاصی اور گناہ ٹھہرے۔ حضرت نے بھی یہی فرمایا ہے۔

نیز فرمایا جب تو جنت یا جہنم کی طرف دیکھے اور وہاں کے محلوں اور باغوں کو دیکھے تو تجھے بندوں کے اعمال کا آخرت کی ان نعمتوں یا کلفتوں سے ربط دکھائی دے گا۔ اس کے بعد حضرت نے ایک حکایت بیان فرمائی کہ کسی ولی نے جنت میں کسی ایسے مومن کے محل کو دیکھا جو ابھی بقید حیات تھا۔

حکایت:

پھر اس محل میں نعمتوں کو دیکھا کہ ان میں بڑھوتری کے لئے حرکت پیدا ہو رہی تھی اور ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل

ہونے کا ارادہ کر رہی تھی جیسے کہ انگور کا دانہ جب اس حالت میں آتا ہے کہ اس میں رس اور مٹھاس پیدا ہو پھر اس ولی نے اس مومن کی طرف دیکھا جس کے لئے یہ محل تیار ہوا تھا کہ وہ اپنی دکان پر بیٹھا کپڑے بیچ رہا تھا۔ پھر یکا یک اس کی طبیعت میں حرکت پیدا ہوئی اور وہ گھبرا کر فوراً اٹھ کھڑا ہوا اور دکان بند کر کے گھر چلا گیا اور گھر والوں سے کہنے لگا کہ آج کھانے پینے کا دن ہے اور ہمارے پڑوسیوں کے پاس کھانے کو نہیں۔ فرمایا: اس کے پڑوس میں ایک محتاج عورت رہتی تھی جس کی بیٹیاں تھیں۔ ماں نے بیٹیوں کو کہا خوب محنت سے سوت کاتو تا کہ سویرے ہی کام ختم کرلیں اور اسے بیچ کر خوراک خرید سکیں تا کہ ان کی نظر لوگوں کے کھانے کی طرف نہ جائے۔ چنانچہ اس شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ ہمارے اور ہمارے پڑوسیوں کے لئے کھانا تیار کرو۔ بیوی نے خاوند کی رائے کو پسند کیا۔ خاوند اس کو یہ کہہ کر کہ جلد پکاؤ اور خوب اچھا کھانا پکاؤ اور زیادہ پکاؤ خود دو پیالے لے کر بازار گیا اور ان کو دودھ سے بھر لایا۔ جب بیوی نے کھانا تیار کر دیا تو شوہر نے اس کے دو برابر حصے کئے۔ ایک حصہ اپنے لئے رکھا اور دوسرا حصہ ایک برتن میں رکھ کر خود اٹھالیا اور ساتھ ہی دودھ کا ایک پیالہ لے کر پڑوسن کے گھر آیا۔ لڑکیاں بڑی محنت سے سوت کاتنے میں لگی ہوئی تھیں اور سب بھوکی تھیں۔ اچانک اس پڑوسی نے جو کھانا لے کر آیا تھا ان کے دروازے پر دستک دی اور کہا مجھے معلوم ہے کہ آج کھانے پینے کا دن ہے (اور تمہارا کوئی رشتہ دار نہیں) جو تمہارے ہاں آتا جاتا ہو۔ یہ کھانا تمہارے لئے کافی ہوگا لہٰذا یہ لے لو اور یہ دودھ بھی لے لو۔ لڑکیاں اس سے بہت خوش ہوئیں اور وہ شخص چلا آیا۔ لڑکیوں نے وہ کھانا کھایا اور خدا سے دعا کی کہ اس کے صدقہ کو قبول فرمائے۔ پھر اس ولی نے اس نعمت کی طرف نظر کی جو بڑھوتری کے لئے حرکت میں آئی تھی تو دیکھا کہ وہ بڑھ چکی تھی اور اس کی حالت ایسی ہوگئی ہے کہ اس کی کیفیت بیان نہیں ہو سکتی اور اس تمام قصہ کا صاحب طعام کو کچھ علم نہیں اللہ سبحانہ اپنے بندوں کو اس ثواب کے لئے حرکت میں لے آتا ہے جو انہیں آخرت میں حاصل ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ میں نے ایک دن حضرت سے ایک ظالم شخص کی نسبت سوال کیا جس کی سرکشی حد سے بڑھ چکی تھی اور سب لوگ اسے برا سمجھتے تھے اور اس سے سخت بیزار تھے۔ میں نے عرض کیا کہ اس کے لئے بددعا کیجئے۔ فرمایا کہ جتنے محل اس کے لئے جہنم میں بننے والے ہیں وہ ابھی تک مکمل نہیں ہو چکے اور ابھی بہت سے محل بننے باقی ہیں۔ جب تک وہ مکمل نہ ہو جائیں گے یہ شخص نہیں مرے گا۔ حضرت تو وفات پا چکے ہیں مگر یہ شخص ابھی زندہ ہے۔ خدا سے ہم سلامتی چاہتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

میں نے حضرت سے ایک ظالم اور سرکش آدمی کے متعلق دریافت کیا جسے اپنے منصب سے معزول کر دیا گیا تھا اور لوگوں کو اس سے بڑی خوشی ہوئی تھی۔

فرمایا: واہ میاں ابھی اس کا نصاب کہاں پورا ہوا ہے چنانچہ اسے اپنے منصب پر بحال کر دیا گیا اور اس نے پہلے کی طرح ظلم کرنا شروع کر دیا اور آج رمضان ۱۱۳۶ھ کی آخری تاریخ ہے مگر وہ ابھی زندہ ہے۔

حضرت نے ان حیوانات کی ارواح کے بارے میں جنہیں نہ ثواب ہوگا نہ عذاب فرمایا کہ ان میں بعض ایسے ہونگے جو جہنم میں اہل جہنم کے لئے عذاب کا باعث بنیں گے اور بعض جنت میں جنتیوں کے لئے جنت بنیں گے۔ چنانچہ کتوں، درندوں، بھیڑیوں اور جن جانوروں کو قبیح سمجھا جاتا ہے اگر یہ دنیا میں کافروں کے ساتھ رہتے ہونگے تو جہنم میں جائیں گے ورنہ نہیں۔ واللہ اعلم۔

ایک مرتبہ بڑی عید کا دن تھا کہ حضرت نے فرمایا کہ آج قربانی کے جانوروں کی رُوح قبض کرنے کے لئے فرشتے نازل ہوں گے چنانچہ ہر شہر اور گاؤں یا ہر جگہ جہاں عید کے دن قربانی دی جائے گی فرشتے گھومتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ یہ فرشتے اس دن کے سوا زمین

پر نہیں اُترتے لہٰذا جب جانور ذبح کیا جاتا ہے تو یہ اس کی رُوح کو لے کر یا تو جنت کو لے جاتے ہیں یا دوزخ کو۔ اگر قربانی کرنے والے کی نیت اس کے ذبح کرنے میں نیک ہو اور اس نے اسے محض اللہ کی خوشنودی کے لئے ذبح کیا ہو فخر یا دکھاوے کی نیت نہ ہو تو وہ جانور کی رُوح کو جنت میں اس کے محلوں میں لے جاتے ہیں اور یہی جانور اس کے لئے منجملہ جنت کی نعمتوں کے ایک نعمت بن جاتا ہے لیکن اگر ذبح کرنے والے کی نیت اس کے برعکس ہو یعنی اس کی نیت فاسد اور اس کا عمل غیر اللہ کے لئے ہو تو وہ اس کی رُوح کو جہنم میں لے جاتے ہیں اور وہ جانور اس کے لئے جہنم میں منجملہ دیگر کلفتوں کے ایک کلفت بن جاتا ہے۔ لہٰذا اگر تو اس رُوح کی طرف دیکھے تو تجھے بالکل ایک مینڈھا اپنی صورت' اپنے سینگ اور پشم کے ساتھ دکھائی دے گا مگر یہ سب کچھ جھلتی آگ ہوگی چنانچہ اس کی پشم کے بال اور سینگ سب آگ ہوں گے۔ نَسْأَلُ اللّٰہ السَّلامَۃ۔

نیز فرمایا: یہ بات لوگوں سے کہہ دو کیونکہ اس بات کی اطلاع دینا اشد ضروری ہے۔ چنانچہ کچھ لوگوں سے میں نے اس کا ذکر کر دیا۔ خدا مجھے انہیں اور تمام مسلمانوں کو نیک نیت بننے کی توفیق دے۔ واللہ اعلم۔

فرمایا: جہنم میں جنات کو آگ کا عذاب نہ دیا جائے گا اس لئے کہ یہی تو اس کی طبع اور سرشت ہے لہٰذا اس سے اسے کوئی دکھ نہ پہنچے گا۔ انہیں زمہریر اور سردی سے عذاب دیا جائے گا دنیا کے اندر بھی جنات سردی سے سخت ڈرتے ہیں۔ چنانچہ موسم گرما میں بھی وہ ٹھنڈی ہوا کے چلنے سے ڈرتے رہتے ہیں اور اگر ٹھنڈی ہوا چلے تو یہ جنگلی گدھوں کی طرح بھاگتے ہیں۔ جن اور شیاطین پانی میں کبھی داخل نہیں ہوتے۔ اگر کسی کو پانی میں ڈال دیا جائے تو وہ پانی کی سطح پر آ جائے گا اور اس طرح فنا ہو جائے گا جیسے ہم میں سے کوئی آگ میں پڑنے سے فنا ہو جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔

فرمایا: اگر تو یہ معلوم کرنا چاہے کہ جنوں کا جسم کیسا ہوتا ہے تو نہایت تاریک آگ کو دیکھے جس کے ساتھ بہت سخت دھواں بھی ہو جیسا کہ کمہاروں کے آوہ کا ہوتا ہے اور اس دھوئیں میں اپنے ذہن میں ان کی صورت کو لا لہٰذا اس قسم کے دھوئیں میں لپٹی ہوئی جو صورت بنے گی وہ جن کی صورت ہوگی۔ واللہ اعلم۔

فرمایا: قاتلین کا عذاب دوسرے دوزخیوں جیسا نہ ہوگا۔ میں نے عرض کیا: یہ کیسے؟

اس پر حضرت نے مثال دے کر بیان فرمایا کہ فرض کرو ایک بادشاہ جس کی حکومت میں یہودی بھی ہوں اور مسلمان بھی اور اس نے دو دیواریں بنا رکھی ہوں۔ ایک پر تو یہودیوں کو سولی دیا جاتا ہو اور دوسری پر مسلمانوں کو۔ پھر اگر کوئی مسلمان نافرمانی کرے اور وہ اسے یہودیوں کی دیوار پر لٹکا دے تو اس سے یہ معلوم ہوگا کہ بادشاہ نے اسے یہودیوں کے ساتھ ملا کر اس کی سخت تذلیل کی ہے۔

میں نے عرض کیا اسے ذرا واضح کر دیں۔

تو فرمایا: جہنم میں ایک گرم آگ ہوگی جس سے بنی آدم کو عذاب دیا جائے گا اور دوسری ٹھنڈی آگ ہوگی جس سے جیسا کہ بیان کیا جا چکا شیاطین کو عذاب دیا جائے گا اور قاتلین کو اسی آگ سے شیاطین کے ساتھ عذاب دیا جائے گا۔

پھر فرمایا: یہ عذاب قاتلین کے ساتھ خاص نہیں' بلکہ بعض نافرمانوں کو بھی یہی عذاب ہوگا۔ اس کے بعد آپ ان نافرمانوں کو متعین کرنا چاہتے تھے اور اس کی حکمت بیان کرنا چاہتے تھے کہ انہیں سرد آگ سے کیوں عذاب دیا جائے گا کہ کسی نے آ کر کلام قطع کر دیا۔ واللہ اعلم۔

ایک بار مجھ سے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو قیامت کے دن سخت عذاب کسے ہوگا؟

میں نے عرض کیا: وہ کون شخص ہوگا؟ (جسے سخت ترین عذاب ہوگا)

فرمایا: وہ بندہ جسے اللہ تعالیٰ نے جسم کامل، عقل کامل اور صحت کاملہ عطا کی ہو اور اس کے لئے ہر طرح آرام وعیش اور اسباب رزق مہیا کئے ہوں پھر اس شخص پر ایک یا دو یا اس سے بھی زیادہ دن گزر جائیں اور اس کے دل میں اپنے پیدا کرنے والے کا خیال بھی نہ گزرے (اور اس کے برخلاف) جب معصیت پر اسے قدرت ہو تو اس کی طرف تمام جسم اور تمام عقل کے ساتھ متوجہ ہو، اسے سمجھے اور لذت اُٹھائے مگر اللہ کی طرف ذرہ برابر بھی خیال نہ آئے جو اسے تشویش میں ڈال دے۔ چنانچہ تو دیکھے گا کہ معصیت سے تو اس کا پورا اتصال ہو چکا ہے اور اللہ سے پورا تعلق کٹ چکا ہے وہ ہمہ تن معصیت میں مبتلا ہے اور اس میں خوب مزہ لیتا ہے۔ لہٰذا قیامت کے دن اس کی سزا بھی یہی ہوگی کہ اس کے تمام اجزاء کو جہنم میں جھونک دیا جائے اور اسے ایک ہی بار اس میں ڈال دیا جائے۔

فرمایا: حق سبحانہ کی طرف سے غفلت بالخصوص معصیت کی حالت میں بہت بُری چیز ہے اور اس کا معاملہ سخت ہوگا لہٰذا مومن کو چاہیے کہ کوئی گناہ کرے تو خیال رکھے کہ اس کا ایک رب ہے جو اس پر قادر ہے۔ اس سے اسے خوف اور ڈر پیدا ہوگا اور اگر یہ فرض کرلو بالکل ہی معاف نہ بھی ہوگا تو اس کی شدت میں کمی ضرور پیدا ہوگی۔

یہ آخری الفاظ ہیں جو فقیہ اور علامہ شیخ احمد بن مبارک سلجماسی نے اپنے شیخ اور غوث زمان حضرت عبدالعزیز بن مولانا مسعود دباغ الادریسی الحسینی سے سن کر لکھے۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ .وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

حواشی

۱۔ قالونؒ: ان سے نافع نے قرأت کی روایت کی ہے ان کا طریق روایت ابی نشیط ہے۔

۲۔ ابن کثیر: ان کا ذکر شروع کتاب میں آچکا ہے۔

۳۔ ابویعزمی: یہاں پر مصنف کے کوئی ہمعصر بزرگ مراد ہیں۔ قدماء میں ایک بزرگ ابویعزی مغربی چھٹی صدی ہجری کے بڑے ولی ہوئے ہیں۔

۴۔ تقی الدین سبکی: علامہ فخر الحفاظ تقی الدین علی بن عبدالکافی سبکی شافعی۔ صاحب تصانیف کثیرہ ان کی ولادت ۶۸۳ھ/۱۲۸۴ء میں ہوئی اور ۷۵۶ھ/۱۳۵۵ء میں وفات پائی۔ یہ ذہبی کے استاد تھے اور بہت سے فضائل کے حامل تھے۔ بڑے ذکی اور تیز حافظہ تھے۔ تقی الدین نے نووی کی منہاج الدین کی شرح لکھی ہے۔ یہ کتاب شافعی فقہ کی کتاب ہے مگر تقی الدین اسے مکمل نہیں کر سکے۔ ابھی باب الطلاق تک پہنچے تھے کہ ان کی وفات ہوگئی۔ اس شرح کا نام انہوں نے الابتھاج رکھا اس کے بعد ان کے بیٹے بہاء الدین احمد نے اس شرح کو مکمل کیا۔ بہاؤ الدین نے ۷۷۳ھ/۱۳۷۱ء میں وفات پائی۔

سٹاکسٹ

احمد بُک کارپوریشن

عالم بزنس سنٹر نزد کمیٹی چوک

اقبال روڈ راولپنڈی

Ph/051-5558320